
ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya
https://novelskidunya.com/
عُسْرِ یُسْرًا
حسنی حسین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہماری ویب سائٹ پر ناول پبلش کروانے کے لیے ہمیں انسٹا یا ای میل کریں۔۔

Instagram Id : Novelskiduniya77

user name: NKD ZT

Email Id: Novelskiduniya77@gmail.com

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

عُسرِ یُسراً

حسنیٰ حسین

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دُنیا
Novels Ki Duniya

نوٹ:۔

اس ناول کے جملہ حقوق بنام مصنفہ حسنیٰ حسین محفوظ ہیں۔ مصنفہ نے یہ ناول خصوصی طور پر کتاب گھر (http://kitaabghar.com) کو آن لائن پبلشنگ کی اجازت دی ہے۔ لہٰذا اس تحریر کی کسی بھی اور آن لائن میگزین، ویب سائٹ، سیل فون ایپ یا انٹرنیٹ پر کسی بھی شکل میں کاپی کرنا خلاف قانون ہے۔ خلاف ورزی کرنے والے کو قانونی کارروائی کا سامنا اور بھاری جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

قسط نمبر 1

نس

"جنت! خدا کے لیے......"

ڈریسنگ ٹیبل کا سامان بکھر گیا۔ دیوار گیر الماری کے شیشے چھناکے سے ٹوٹ گئے۔ کانچ کا گل دان جو شدید نفرت اور انتقام سے فرش پر پھینکا گیا تھا، اس کے ٹکڑے یہاں وہاں بکھر گئے تھے۔

"جنت......! جنت ایسے نہ کرو......! جنت نہیں......! جنت میرا بچہ......! جنت! خدا کے لیے......"

اک تڑپ......اک پکار......اک التجا......

اس نے پلکیں جھپکا کر دیکھا۔ منظر ایک لمحے کے لیے دھندلا ہوا تھا۔ شاید آنکھوں کی نمی بڑھی تھی۔ شاید روشنی مدھم پڑی تھی۔

"برہان......! برہان......! مجھے بچا لیں۔" دل خراش چیخ کے ساتھ ہی اس کی آنکھ ایک جھٹکے سے کھل گئی تھی۔

بیڈ کراؤن کے ساتھ لگا اپنا سر اٹھاتے ہوئے وہ ہڑبڑا کر سیدھی ہو بیٹھی تھی۔ داہنا ہاتھ بے ساختہ مقام قلب پر آن ٹھہرا تھا۔

مقام قلب......مقام "الم" تھا۔

مقام الم......مقام "ابتلاء"......

تنفس بھاری، حلق خشک اور خوف کے آہنی شکنجے میں جکڑا دماغ ماؤف......!

نائٹ اسٹینڈ کی زرکار روشنی میں، کام دار عروسی جوڑے کے دامن پر نظر پڑتے ہی وہ اپنے خواب کے اثر سے باہر آ گئی۔ بے ساختہ سر اٹھا کر اس نے متوحش نگاہوں سے اطراف میں دیکھا۔

سفید اور سیاہ رنگ کی تھیم میں خوب صورتی اور نفاست سے سجے، ایک وسیع و عریض بیڈ روم میں وہ جہازی

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya ناول کی دُنیا

سائز بیڈ پر گولڈن برائیڈل ڈریس میں ملبوس بیٹھی تھی۔

یہ گھر اس کا نہیں تھا...... یہ کمرہ بھی اس کا نہیں تھا۔

سیکنڈ کے ہزارویں حصہ میں چند گھنٹے پہلے نکاح اور پھر رخصتی کا منظر اس کی آنکھوں کے سامنے لہرا گیا۔

خشک لبوں کو تر کرتے ہوئے عروسی جوڑے کا دامن اپنے ہاتھوں میں سنبھال کر وہ بیڈ سے اتر گئی۔

چوڑیاں کھنک اٹھیں، بندیا متحرک ہوئی۔ سونے کے نفیس آویزے اس کی صراحی نما گردن پر آگے پیچھے جھول جھول گئے۔

وہ انسان ہو کر ساکت تھی۔ لاکھوں کی جیولری بے جان ہو کر متحرک......

کپکپاتی انگلیوں سے دروازہ کھول کر وہ کچھ خوف، کچھ گھبراہٹ کے ساتھ باہر آ گئی۔ ماسٹر بیڈروم کی دائیں سمت، عین سامنے گول زینہ تھا جو نیچے کی طرف جاتا تھا۔ اسی زینے کی ابتدائی سیڑھیوں پر وہ اسے بیٹھا دکھائی دے گیا تھا۔

جنت کی دھڑکن ایک لمحے کے لیے جیسے تھم سی گئی تھی۔

سر گرا ہوا، کندھے جھکے ہوئے، اور مٹھیاں اس سختی سے بھینچی ہوئیں جیسے وہ ضبط کے آخری مراحل سے گزر رہا ہو۔

دورانِ سفر اس کا موڈ خوش گوار نہیں تھا، وہ جانتی تھی۔ نکاح کے وقت بھی اس کے تیور ٹھیک نہیں تھے، وہ یہ بھی جانتی تھی۔

''بڑے عجیب ہیں یہ فارس بھائی۔'' سدرہ نے خاص طور پر نوٹس کیا تھا۔ ''نکاح کے پیپر پر ایسے سائن کر رہے تھے جیسے......'' کچھ کہتے کہتے وہ یکا یک خاموش ہو گئی تھی۔

''جیسے......؟'' اس نے گھنیری پلکوں کی جھالر اٹھا کر اسے دیکھا تھا۔

''جیسے...... کچھ نہیں۔'' لبوں پر مسکراہٹ سجا کر اس نے بات ادھوری چھوڑ دی تھی۔

اور وہ ادھوری بات جیسے اب مکمل ہونے کو تھی......

خود پر طاری اس جمود کو توڑتے ہوئے وہ ایک جھٹکے سے اٹھ کر اس کی طرف مڑا تھا۔ اس کی تیکھی گہری آنکھوں میں غیض و غضب کا بڑھتا ہوا تاثر جنت بنتِ کمال کی ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ دوڑا گیا۔

''تم نے ابھی تک چینج نہیں کیا؟'' بھاری گمبھیر آواز، پتھریلا سخت لہجہ......

لہنگے کا فال سنبھالے جنت کی مخروطی انگلیوں کی گرفت اتنی مضبوط ہوئی کہ موتی اور نگینے ہتھیلیوں میں چبھنے لگے۔

''یہ ایک کاغذی رشتہ ہے جنت کمال......! یہ صرف کاغذ تک محدود رہے گا۔'' ایک ایک لفظ نفرت سے ادا کرتے ہوئے اس کے اور اپنے مابین چند قدموں کے فاصلے کو اس نے ایک ہی لمحے میں پاٹ لیا تھا۔

''کاغذی رشتہ......!'' وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے اسے دیکھ کر رہ گئی تھی۔

''ممی کو ایک بہو چاہیے تھی...... صرف ایک بہو......!'' بازو سے پکڑ کر خاصے جارحانہ انداز میں اسے راستے سے ہٹایا گیا۔ ''یہاں صرف بہو بن کر رہو، بیوی بن کر میرے سر پر مسلط ہونے کی کوشش بھولے سے بھی مت کرنا! ورنہ بہت برا کروں گا میں......'' آنکھوں میں سختی سے دیکھتے ہوئے اس نے انگلی اٹھا کر دھمکی دی تھی، پھر اسی سرعت سے وہ کمرے میں چلا گیا تھا۔

صدمے سے ماؤف ہوتے دماغ کے ساتھ جنت نے مڑ کر اسے بے یقینی سے دیکھا تھا۔

وہ جو بہت عزت اور مان سے اسے رخصت کر کے اپنے گھر لایا تھا، وہ اب کچھ نفرت اور حقارت سے بیڈ پر بکھری گلاب کی پتیوں کو ہٹا رہا تھا۔ پھول بیلوں کو نوچ کھسوٹ کر پھینک رہا تھا۔ تازہ گلاب کے بکے تو اس نے فرش پر دے مارے تھے۔

وہ مشتعل تھا۔ اس کا بس نہیں چل رہا تھا، وہ کمرے کی ایک ایک چیز تہس نہس کر دے۔ آگ لگا دے۔ سب تباہ کر دے۔

جنت کی شہد آنکھوں میں ارمانوں کا خون رچ گیا۔ کپکپاتے لبوں پر سکوت ٹھہر گیا۔ وہ سراپا حزن بنی آنکھوں میں حیرت، صدمہ اور بے یقینی لیے اسے دیکھ کر رہ گئی تھی۔

مغربی دیوار پر وکٹورین طرز کا اک آئینہ ایستادہ تھا۔ جو اس کا عکس خود میں سمائے پوشیدہ حقیقت کو اس کے چہرے پر لے آیا تھا۔ حقیقت...... سچائی کا روپ دھارے ایک بد دعا تھی جو اس کے پیچھے پیچھے یہاں تک چلی آئی تھی۔ یہاں تک......

گھر چھوڑنے سے، شہر بدلنے سے، نئے رشتے بنانے سے اس کا نصیب نہیں بدلا تھا۔ نفرت اور دھتکار اب بھی اس کا مقدر رہی تھی۔ لعنت، پھٹکار اب بھی اس کا نصیب ٹھہری تھی۔

''گیٹ لاسٹ......!'' دانت پیس کر، مٹھیاں بھینچ کر اس نے حکم دیا تھا۔ مگر وہ پتھر ہوئی کھڑی تھی۔

ذرا سا ارتعاش بھی اس کے وجود میں پیدا نہیں ہوا تھا۔

''آئی سیڈ......گیٹ لاسٹ......ڈیم اٹ......!'' اب کی بار وہ حلق کے بل دھاڑا تھا۔

بھاری کامدار لباس کا پھیلا ہوا گھیرا دودھیائی ہتھیلیوں میں سنبھالے وہ بے اختیار پیچھے ہٹ گئی تھی۔ دروازہ عین اس کے منہ پر بند ہوا تھا۔ کھٹاک کی آواز کے ساتھ مقفل بھی ہوا۔

ایک ایک کر کے خوش گمانی کے تمام دیے بجھ گئے۔ ایک ایک کر کے ساری امیدیں خاک ہو گئیں۔

''ہمیشہ اچھا سوچنا......! سب اچھا ہوگا۔''

اس نے اچھا سوچا تھا، مگر اچھا نہ ہوا تھا۔

''ہر ''عسر'' کے ساتھ ''یسرا'' ہے۔''

اور اس کے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں، اوپر نیچے......ہر طرف عسر ہی عسر تھا۔

مشکل ہی مشکل......آزمائش ہی آزمائش......محرومی ہی محرومی......سزا ہی سزا......

وہ الٹے قدم پیچھے ہوتی گئی یہاں تک کہ دیوار سے جا لگی۔

راہداری کے ایک سرے پر سیڑھیاں تھیں تو دوسرے سرے پر چھوٹا سا لاؤنج......جس کی دیوار گیر کھڑکیوں سے پورا چاند نظر آ رہا تھا۔

''تم نے ماہین کے ساتھ جو کیا ہے جنت......! خدا تمہیں اس کی وہ سزا دے گا جو تم ساری عمر یاد رکھو گی۔''

سسکیاں سینے میں مچل گئیں۔ آنسو پلکوں پر لرز گئے۔

''ساری زندگی تم نے امی کو دکھ دیے ہیں۔ ساری عمر تم ان کے لیے عذاب بنی رہی ہو۔''

سینے میں درد اٹھا۔ تنفس بھاری ہونے لگا۔ نگاہ بند دروازے پر ٹھہر گئی۔

''ایسی بیٹیوں کو پیدا ہوتے ہی مر جانا چاہیے۔'' لفظ نشتر تھے، روح گھائل ہوئی تھی۔

بمشکل قدم اٹھاتے اس نے لاؤنج کا رخ کیا تھا۔ پوری تاریخوں کے منور چاند کے سامنے وہ بے نور کرسٹل فانوس کے نیچے صوفے پر بیٹھ گئی۔ اب وہ ایک ایک کر کے پنیں نکال رہی تھی۔ شور اب بھی تھا، آوازیں اب بھی گونج رہی تھیں۔

وہ سر سے دوپٹہ اتار کر اپنے ہیئر اسٹائل کے بل کھولنے لگی۔ ہیئر اسپرے سے بال اکڑے ہوئے تھے۔ بمشکل سیدھے ہو پائے۔ اس نے پھر کانوں کے آویزے اتارے۔ گلے کو نیکلس کی گرفت سے آزاد کیا۔ بندیا اتار کر میز پر رکھی۔

''انہیں مت اتارو جنت! ابھی جی بھر کر دیکھنے دو مجھے۔''

حلق میں ابھرتی گلٹی کو بمشکل نیچے اتارتے اس نے لب بھینچ کر خیالات کو جھٹکنا چاہا۔ افکار کو بھٹکانا چاہا..... مگر ناکام رہی۔ آج کی رات کچھ بھی اس کے ذہن سے محو ہونے والا نہیں تھا۔ رہ رہ کر ایک ایک پل، ایک ایک لمحہ، ایک ایک ساعت یاد آ رہی تھی اسے.....

''خدا تمہیں اس کی وہ سزا دے گا جو تم ساری عمر یاد رکھو گی۔''

''سزا.....!'' پلکوں کی دیواروں میں شگاف ڈالتے چند آنسو اس کے گالوں پر لڑھک گئے۔

''یہ بھی برہان کا احسان ہے کہ اس نے تم پر کیس نہیں کیا ورنہ سوچو، وہ کیا نہیں کر سکتا تھا۔''

ہاں تم سوچو.....!

اب تم سوچو.....!

آج تم سوچو.....!

کمرے کی ہر اک شے آواز بن گئی۔ قلب و جان کو آزار کر گئی۔

''بددعا..... ! بددعا..... !'' کھڑکیوں سے سرد ہوائیں سرسرا کر گزری تھیں۔

''سزا..... جزا..... !'' لان میں آسٹرا اور آرکڈز کے بے شمار پھولوں سے ہوتی ہوئی صدا بیرونی دیواروں

https://novelkidunya.com/

کے اس پار، سڑک پر جھکے املتاس کے درختوں پر ٹھہر گئی تھی۔

حلق میں ابھرتی گلٹی کو بمشکل نیچے اتارے جنت نے گھٹنوں پر سر رکھ دیا۔

آج کی رات ایک مشکل رات تھی اس کے لیے...... اور اس کے لیے بھی جو بند کمرے میں اپنا سر تھامے خاموش بیٹھا تھا۔

☆......☆......☆

دیوار گیر کھڑکیوں سے جھانکتے سورج کی کرنیں اس کے چہرے پر پڑیں تو اس نے کسمسا کر آنکھوں کھول دی تھیں۔آفتاب کا نور...... اس کے اندر نہیں گیا تھا۔غاروں کی طرح کچھ تاریکیاں اس کے وجود کا بھی حصہ تھیں۔

اٹھ کر بیٹھتے ہوئے اس نے شانوں پر آگے پیچھے بکھرے شہد رنگ کے بالوں کو سمیٹ کر داہنے کندھے پر ڈال دیا تھا۔ چہرہ ستا ہوا تھا۔بے خوابی کا شکار سرخ متورم آنکھوں میں نمی ٹھہری تھی۔فرش پر قدم جماتے ہوئے اس نے بے خیالی میں سر اٹھایا تھا اور اگلے ہی لمحے اپنی جگہ تھم کر رہ گئی تھی۔

سیاہ جینز پر آسمانی رنگ کی شرٹ میں ملبوس وہ سنگل صوفے پر ٹانگ پر ٹانگ جمائے خاصے شاہانہ انداز میں بیٹھا تھا۔دھوپ میں لائٹ براؤن سا شیڈ دیتے گھنے سیاہ بال پیشانی پر بکھرے ہوئے تھے۔رگیں تنی ہوئیں، جبڑے بھینچے ہوئے اور گہری ہیزل آنکھوں میں تو جیسے خون اترا ہوا تھا۔اس نے داہنے ہاتھ میں ایک کتاب اٹھا رکھی تھی۔ سرد نگاہوں سے مطالعہ جاری تھا۔

جنت کی ہارٹ بیٹ مس ہوئی۔سانس تو پہلے سے رکا ہوا تھا۔اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ اس طرح، اتنے سویرے وہ اس کے سامنے بیٹھا ہوگا۔وہ تاخیر سے بیدار ہونے پر از خود شرمندہ ہوگئی۔

''کل رات جو کچھ ہوا، اس کی بھنک ممی کو نہیں پڑنی چاہیے۔'' کتاب بند ہو چکی تھی۔بالکل دروازے کی طرح......

اب وہ اٹھ کھڑا ہوا تھا۔بے پروائی سے جیبوں میں ہاتھ ڈالے جانے کے لیے مڑ گیا تھا۔

جنت نے بے ساختہ نگاہ اٹھائی تھی۔

فارس وجدان شیرازی......! شیرازی انٹرپرائزر کا سی ای او......!

دراز قامت، چوڑے شانے اور ورزشی جسامت کا مالک ایک خوب صورت نوجوان...... جو گول زینہ اترتا اب نظروں سے اوجھل ہو چکا تھا، مگر اس کے قدموں کی آہٹ تھی کہ راہداری میں ہی ٹھہر گئی تھی۔ بند دروازے کی آواز بھی وہیں کہیں بھٹک رہی تھی۔

تلخ رویہ، سخت لہجہ اور نکاح کی حیثیت کی وضاحت کرتے بے رحم الفاظ متحرک ہوئے تھے۔ پلٹ پلٹ کر اس پر وار کرنے لگے تھے۔ اور وہ ساکت وصامت اپنے ٹوٹے بکھرے وجود سے لاپروا کچھ خوف، کچھ بے چارگی اور کچھ الجھن سے نصیب اور قسمت کی ان بھول بھلیوں کو دیکھنے لگی تھی جو ہر بار، ہمیشہ اسے ایک ہی مقام پر لے آتی تھیں۔

وہ مقام جس کا تعین کئی برس پہلے تپتی ہوئی ایک دوپہر میں ہوا تھا۔ وہ مقام جو آگ کی طرح تھا۔ سلگا سلگا کر راکھ کرتا تھا۔ پھر خاک کر دیتا تھا۔

وہ پیروں تلے روندی جانے والی اسی مٹی سے ایک بار پھر جنم لیتی تھی۔ ہر بار اس امید کے ساتھ کہ اب کچھ مختلف ہوگا، ہر بار اس یقین کے ساتھ کہ اب وہ قبولی جائے گی، مگر ہر بار وہی ہوتا جس کی توقع نہ ہوتی۔ ہر بار وہی ملتا جس کی چاہت نہ ہوتی۔

ایک مدھم سی مسکان اس کے سختی سے بھنچے لبوں کو نرم کر گئی۔ پھر وہ ہنس دی۔ یونہی اچانک...... بلا وجہ...... بلا سبب......!

وجدان ہاؤس کے در و دیوار میں اس کی ہنسی کی جھنکاریوں گونجی جیسے کوئی ضبط کرتے کرتے اچانک رو پڑا ہو۔

☆......☆......☆

نکاح اور رخصتی جتنی سادگی سے ہوئی تھی، ولیمہ کی تقریب اتنے ہی شاندار طریقے سے منعقد کی گئی تھی۔

دولہا کے ہمراہ جب وہ اسٹیج پر آئی تو ہر ایک کی نگاہ میں ستائش ٹھہر گئی تھی۔ فارس وجدان اگر اپنی وجاہتوں میں بے مثال تھا تو جنت بنت کمال بھی اپنی پُر اعتماد شخصیت اور پُرکشش نقوش کے باعث باکمال نظر آ رہی تھی۔ اس کی شہد رنگ آنکھیں روشن اور کومل چہرہ منور تھا۔ گلاب کی نرم پنکھڑیوں جیسے لبوں پر مدھم سا تبسم ٹھہرا تھا۔ اس کے تاثرات مصنوعی نہ لگتے تھے نہ ہی انداز میں بناوٹ نظر آتی تھی۔ یوں لگتا تھا جیسے اسے واقعتاً محبت کرنے والا رفیق

حیات مل گیا ہو۔

رفیق حیات بھی ایسا جو اپنی آن بان میں شہزادوں جیسا ہو۔نام کی طرح میدان حیات کا کوئی شہ سوار نظر آتا ہو۔

''مگر وہ شہ سوار.....شریک حیات بن کر زبان کی دو دھاری تلوار سے احساسات اور جذبات کو قتل کرنے والا بھی ہو تو......''

اس کا ذہن پھر سے بھٹکا تھا۔سوچ اور خیالات پھر سے منتشر ہوئے تھے۔اور اس نے ایک بار پھر وائٹ کلچ پر گرفت مضبوط کرتے ہوئے اپنی کیفیت پر قابو پالیا تھا۔

سفید اور سرخ پھولوں سے ڈیکوریٹ کیے گئے خوب صورت ہال میں یہاں وہاں دیکھتے، پہلو میں بیٹھے فارس وجدان کے بلیک تھری پیس سوٹ سے اٹھتی مردانہ کلون کی خوشبو محسوس کرتے، وہ پلکیں جھپکا جھپکا کر آنکھوں میں ابھرتی نمی کو دبانے کی سعی کر رہی تھی۔

''تم خوش تو ہو نا جنت......؟'' برابر میں بیٹھی سائرہ خالہ نے بہت محبت اور مان سے پوچھا تھا۔جنت نے گردن موڑ کر انہیں دیکھا، وہ جس احساس کے بارے میں استفسار کر رہی تھیں، وہ اس کے آس پاس، اس کے اندر، اس کے دل میں کہیں بھی نہ تھا۔مگر وہ اس بار صحیح معنوں میں ان کے لیے مبہم رہنا چاہتی تھی۔راز ہونا چاہتی تھی۔وہ انہیں اور ان کی فیملی کے ایک ایک فرد کو یہ تاثر دینا چاہتی تھی کہ اسے اپنی ''جنت'' مل چکی ہے، سزائیں ختم ہوئیں، وہ جہنم سے باہر آ گئی۔

''بہت......!'' اس نے کہا تھا۔اس کی آواز کھوکھلی تھی مگر لبوں پر ابھرتی خوب صورت مسکراہٹ ہر اذیت چھپا گئی تھی۔

آنکھیں بھی کمال کی اداکاری کرتی تھیں، تکلیف دہ تبسم میں ڈھل کر اس کے چہرے کو پرکشش بنا گئیں۔

سائرہ خالہ نے اس کے کندھوں پر بازو ڈالتے ہوئے اپنے قریب کر کے پیشانی کا بوسہ لے ڈالا۔وہ اب بہت خوش اور مطمئن نظر آ رہی تھیں۔شیرازی خاندان کے ساتھ یہ رشتہ ان کی توسط سے سرانجام پایا تھا۔یہ شادی بھی ان کی وجہ سے ممکن ہو پائی تھی۔یہی وجہ تھی کہ جنت انہیں سکون بھری اس کیفیت سے محروم نہیں کرنا چاہتی تھی۔

لب بھینچ کر اور پلکیں جھپکا کر آنسوؤں کو روکتے ہوئے اس نے سر اٹھایا تو نگاہیں مسز شیرازی سے ٹکرا گئیں۔

کامدار میرون ساڑھی میں ملبوس، لائٹ سا میک اپ کیے وہ الیکٹرانک وہیل چیئر پر براجمان تھیں۔ چہرہ نکھرا نکھرا سا تر و تازہ لگ رہا تھا۔ سیاہ آنکھوں میں خوشی کی چمک لہرا رہی تھی۔ لبوں پر زندگی سے بھرپور مسکراہٹ سجی تھی۔

گو کہ ہارٹ پیشنٹ تھیں، فالج کے باعث ٹانگوں سے بھی معذور مگر اپنے بیٹے کی شادی پر وہ بہت صحت مند، ہشاش بشاش اور خوش نظر آ رہی تھیں۔

وہ اسے دیکھتے ہوئے مسکرائیں تو جنت بھی مسکرا دی اور کوئی بھی دیکھ کر بتا سکتا تھا کہ وہ اس عورت کے لیے کتنے دل سے مسکرائی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

راحت جبیں کا بہت خوبصورت نیا ناول
زندگی ہم تجھے گزاریں گے
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

ندا حسنین کا بہت خوبصورت نیا ناول
قربت ہجر میں محبت
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

Novels Ki Duniya

شام کا اندھیرا دھرتی پر پھیل چکا تھا۔ دیوار گیر کھڑکیوں کے پردے ڈوریوں میں بندھے ہوئے تھے۔ پندرہویں کا پورا چاند اس کے عقب میں تھا۔

وہ کچھ دیر پہلے مسز شیرازی کے ہمراہ گھر پہنچی تھی اور اب ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی کچھ بے دردی اور جھنجھلاہٹ سے اپنی جیولری اتار رہی تھی۔ آنکھوں میں نمی تھی، چہرہ شدت جذبات سے سرخ ہو رہا تھا۔

ولیمہ ریسپشن کے دوران وہ کتنی پراعتماد رہی تھی اور اب جب تنہائی میسر ہوئی تھی تو کیسے ٹکڑے ٹکڑے ہو رہی تھی۔

''زندگی پھولوں کی سیج کسی کے لیے بھی نہیں ہوتی جنت......!''مسز شیرازی نے کچھ دیر پہلے اسے پاس بٹھا کر کہا تھا۔'' نئے ماحول، نئے رشتوں میں ایڈجسٹ ہونے میں کچھ وقت لگتا ہے۔ وہ وقت تحمل مزاجی کی طلب رکھتا ہے، صبر چاہتا ہے۔''

پھر اس کا ہاتھ تھام کر اپنے ہاتھوں میں لے کر، محبت سے اس کی آنکھوں میں دیکھا تھا۔

''دنیا کا سب سے حسین اور شفاف جذبہ محبت کا ہے۔ اس جذبے میں صلاحیت ہے نفرت کی ہر چٹان کو پاش پاش کر دینے کی۔''

جنت کی آنکھوں میں ایک کرب ٹھہرا تھا۔ وہ اس کی مسکراہٹ سے الجھا تھا۔ اس کے چہرے پر بکھرا تھا۔ گویا مسز شیرازی جانتی تھیں اپنے بیٹے کو...... اچھی طرح سے سمجھتی تھیں اسے......

''تمہاری فارس سے شادی میری وجہ سے نہیں ہوئی ہے، نہ ہی تمہاری خالہ کی وجہ سے...... یہ تمہارا نصیب ہے جو تمہیں یہاں لایا ہے۔''

بات گھوم پھر کر ایک بار پھر اس کے نصیب تک آ گئی تھی۔ ہر بار یہ لفظ اسے ڈرا دیتا تھا۔ ہر بار یہ سچائی اسے تڑپا دیتی تھی۔

اگر اب بھی نصیب ہی یہاں لایا تھا تو......

وحشت کا سانپ گردن سے لپٹا تھا۔ ذات کے آئینے پر پتھر برسے تھے۔ وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر بکھر گئی تھی۔

نصیب......!

الجھے، منتشر خیالات کے ساتھ اس نے سر اٹھا کر آئینے میں اس جنت کو تلاشا جو دلہن تھی، مگر اس کے سامنے جو کھڑی تھی، وہ تو کچھ بھی نہ تھی۔

قدموں کی آہٹ کے ساتھ کمرے کا دروازہ کھل گیا تھا۔ اس کی جھمکے اتارتی انگلیاں ساکت ہوئی تھیں۔

بے ساختہ نظر اٹھا کر اس نے آئینے میں فارس کو ہی دیکھا تھا۔

ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کرتا، کوٹ اتار کر اسٹینڈ پر لٹکاتا اب وہ بیڈ پر بیٹھ کر اپنے جوتے اتار رہا تھا۔

رسٹ واچ، کف لنکس اس نے سائیڈ ٹیبل پر رکھ دیے تھے۔ وہ عجلت میں اپنے کام کر رہا تھا اور جنت ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے پتھر ہوئی، اپنے جھمکوں میں ہی اٹکی کھڑی تھی۔ وہ فارس وجدان کو دیکھ رہی تھی اور فارس وجدان نے بھولے سے بھی ایک غلط نگاہ اس پر نہیں ڈالی تھی۔

بے ساختہ ہی کوئی منظر ذہن کے پردوں پر لہرایا تھا۔ یکایک اس کی اذیت بڑھ گئی تھی۔ حال آئینہ بن کر ماضی کا عکس دکھلائے تو اذیت بڑھ ہی جاتی ہے۔

''یہ احساس کتنا اذیت ناک ہوتا ہے کہ آپ موجود ہوں اور کوئی آپ کو ''عدم'' کر دے۔ آپ ماورائی ہو جائیں......نظر ہی نہ آئیں۔'' کوئی خیال چوٹ بن کر ذہن میں اترا تھا۔ آنکھیں جل اٹھی تھیں۔

کپڑے بدل کر وہ اٹیچڈ باتھ روم سے باہر آ گیا تھا۔ سیاہ ٹراؤزر پر سفید رنگ کی ڈھیلی ڈھالی سی شرٹ میں ملبوس وہ اپنے عام سے حلیے میں بہت جاذب نظر آ رہا تھا۔

اپنے اطراف سے یکسر بے نیاز اس نے کمرے کی لائٹس آف کر دی تھیں۔ اب صرف نیلگوں بلب ہی تھا جو اندھیرے میں مدھم سی روشنی کا تاثر دے رہا تھا۔

موبائل چارجنگ پر لگائے وہ سونے کے لیے لیٹ چکا تو خود پر طاری اس جمود کو توڑتے ہوئے جنت نے مڑ کر براہ راست اسے دیکھا۔ اب آئینے کا سہارا درکار نہ تھا۔

''یہ تمہارا نصیب ہے جو تمہیں یہاں لایا ہے۔''

حلق میں ابھرتی گلٹی کو بمشکل نیچے اتارتے اس نے اٹیچڈ باتھ روم کا رخ کیا۔ کپڑے تبدیل کر کے وہ کافی تاخیر سے باہر آئی تھی۔ صوفے پر بیٹھ کر، روئی روئی سی سرخ متورم آنکھوں کے ساتھ کچھ دیر تک وہ اسے ہی دیکھتی رہی تھی۔

"نصیب..........!"

سفید شال خود پر پھیلائے وہ سسکتے ہوئے صوفے پر نیم دراز ہو گئی۔ کچھ تھکاوٹ کا اثر تھا اور کچھ گزشتہ شب کی بے خوابی تھی کہ آنکھیں بند کرتے ہی اسے نیند نے آ لیا تھا۔ اور ایک بار پھر وہ اس بے رحم رات کے آہنی شکنجوں میں جکڑی گئی تھی جو باوجود کوشش کے بھی اس کے ذہن سے نکلتی نہیں تھی۔

☆......☆......☆

گھر میں داخل ہوتے ہی سائرہ نے سر اٹھا کر اپنے بیٹے کو دیکھا جو نڈھال قدم اٹھاتا ان کے سامنے آ کر رک گیا تھا۔ آنکھیں سرخ و متورم سی تھیں۔ چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔ سدرہ ایک نظر بھائی پر ڈالتی تیز تیز قدم اٹھاتی اندر چلی گئی تھی مگر سائرہ ایسا نہیں کر سکی تھیں۔

"میں سمجھ رہا تھا اسے سزا مل چکی ہے، مگر اس کی سزا تو جیسے اب شروع ہوئی ہے مما......!"

"عمار......!" سائرہ کا لہجہ کاٹ دار ہوا تھا۔ آنکھیں غم و غصہ سے پھیلی تھیں۔ جنت کا ولیمہ اٹینڈ کر کے ابھی وہ کچھ دیر پہلے ہی لاہور پہنچی تھیں اور ابھی سے عمار کا یہ رویہ اور باتیں انہیں اشتعال دلا گئے تھے۔

"فارس وجدان کی بیوی ہے اب وہ......! شیرازی خاندان کی بہو......" ان کا لہجہ دوٹوک تھا۔

"اسی فارس وجدان کو سدرہ کا رشتہ کیوں نہیں دیا آپ نے......؟"

سدرہ نے بے ساختہ مڑ کر اپنے بھائی کو دیکھا۔

دیوانہ تھا وہ جنت کے لیے...... اب اس کی دیوانگی نے جیسے ہر حد پار کر لی تھی۔ اپنے بھی اسے اب دشمن نظر آنے لگے تھے۔

"مسز شیرازی نے فارس کے لیے صرف جنت کا ہاتھ مانگا تھا" سائرہ نے تحمل سے ایک بار پھر اپنے بیٹے

کی غلط فہمی دور کرنے کی کوشش کی تھی۔ وہ اسے سمجھا سمجھا کر تھک گئی تھیں، اور وہ تھا کہ کچھ سمجھنے کو تیار ہی نہ تھا۔

''اگر وہ سدرہ کا ہاتھ بھی مانگتیں تو میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ آپ انکار کر دیتیں۔''

سائرہ نے لب بھینچ کر اپنے بیٹے کو دیکھا۔

''شاید آپ بھول رہی ہیں کہ اس کے متعلق کس طرح کی خبریں گردش کرتی رہی ہیں۔''

''وہ صرف افواہیں تھیں...... فارس ایسا نہیں ہے۔''

عمار ہنس دیا۔ اس کی ہنسی بھی طنزیہ تھی۔ پیشانی مسلتے ہوئے...... الجھے بکھرے بالوں میں ہاتھ چلاتے ہوئے وہ جیسے ضبط کے مراحل پر تھا۔ ''شیرازی خاندان کو دھوکا دے کر آپ کیسے مطمئن ہیں مما، میری سمجھ سے باہر ہے۔''

''عمار......!'' اب کے انہوں نے سخت پتھریلی نگاہوں سے دیکھا تھا۔ ''تمہیں میری بھانجی کے معاملے میں پڑنے کی ضرورت نہیں ہے، وہ اب شادی شدہ ہے، بٹھا لو یہ بات اپنے دماغ میں کہ وہ اب کسی کی عزت ہے۔ اس نے جو کچھ بھی کیا ہے، اسے زیر بحث لانے کی ضرورت نہیں ہے، وہ اس کا ماضی تھا، میں اس کی پرسنل لائف مسز شیرازی کے سامنے کھولنے کا کوئی حق نہیں رکھتی تھی اور نہ ہی انہوں نے مجھ سے اس حوالے سے کوئی سوال پوچھا تھا۔'' انہوں نے ایک لمحے کا توقف کرتے ہوئے دوبارہ اس کی آنکھوں میں دیکھا۔

''میں نے جو بھی فیصلہ کیا ہے، سوچ سمجھ کر کیا ہے۔ تمہارے دماغ میں یہ جو محبت کا چند روزہ بھوت سوار ہے، یہ اترے گا تو تمہیں سب سمجھ میں آ جائے گا۔''

''ہاں! میں تو جیسے بچہ ہوں، پاگل ہوں، نا سمجھ ہوں۔'' زیر لب بڑبڑاتے ہوئے وہ شدید غصے کے عالم میں میز کو ٹھوکر مارتا گھر سے نکل گیا تھا۔

سائرہ بے بسی سے اسے جاتا دیکھ کر رہ گئی تھیں۔

☆......☆......☆

صبح جتنی روشن، صاف اور چمک دار تھی، اس کے اندر کی دنیا اتنی ہی تاریک، ویران اور سنسان سی تھی۔ سرخ رنگ کا قدرے ہلکے کام والا نفیس جوڑا زیب تن کیے وہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی کچھ بے دلی سے اپنے

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

بال بنا رہی تھی جب دروازے پر دستک ہوئی تھی۔

"کم اِن......!" اس نے ہمت مجتمع کر کے کہا تھا۔

دروازہ کھل گیا۔ ملازمہ سامنے کھڑی تھی۔

"بیگم صاحبہ آپ کا ناشتے پر انتظار کر رہی ہیں۔"

"میں آ رہی ہوں۔" فریش نظر آنے کے لیے لائٹ سا میک اپ کیے، دوپٹہ سلیقے سے سیٹ کر کے وہ نیچے آ گئی تھی۔

ڈائننگ ہال میں مسز شیرازی وہیل چیئر پر فارس وجدان کے ہمراہ موجود تھیں۔ انہوں نے براؤن رنگ کا سادہ سا لباس زیب تن کر رکھا تھا۔

سفید رنگ کی بڑی سی شال کندھوں پر تھی۔ میک اپ اور جیولری سے عاری وہ اس روپ میں بھی بہت اچھی لگ رہی تھیں۔ ان کی آنکھیں بہت نرم سا تاثر دیتی تھیں اور لبوں پر بکھری شفیق اور مہربان سی مسکراہٹ سیدھا دل میں اترتی تھی۔

"السلام علیکم......!"

مشترکہ سلام کر کے وہ بھرپور اعتماد کے ساتھ مسز شیرازی کے پاس آ گئی تھی۔ انہیں سلام کیا تھا، اس نے دعا بھی لی تھی، اور جب جھکی تھی تو انہوں نے بہت پیار سے اس کی پیشانی کا بوسہ بھی لیا تھا۔ پھر انہوں نے ہاتھ پکڑ کر اسے اپنے برابر میں ہی بٹھا لیا تھا۔

فارس وجدان اس کے عین سامنے جھکے سر کے ساتھ اپنے ٹیبلٹ کی اسکرین پر ہیڈ لائنز دیکھ رہا تھا۔

ناشتا شروع کر دیا گیا۔ دیسی اور بدیسی ناشتے کے لوازمات سے سجی ٹیبل سے مختلف ڈشز اٹھا اٹھا کر مسز شیرازی اس کے سامنے رکھنے لگیں۔

جنت نے نظریں اٹھا کر فارس کو دیکھا۔ اس کا چہرہ سپاٹ ضرور تھا مگر تاثرات سخت پتھریلے نہ تھے۔

مسز شیرازی جب جب اس سے مخاطب ہوتیں، وہ بہت آرام اور تسلی سے مختصر جواب دے کر اپنی نگاہیں ٹیب پر جما لیتا تھا۔

ناشتا کرتے ہوئے اس کے انداز میں عجلت نمایاں تھی جیسے وہ جلد از جلد یہاں سے اٹھ جانا چاہتا ہو، مگر مسز شیرازی اسے ایسا کرنے نہیں دے رہی تھیں۔ وہ اسے باتوں میں الجھا رہی تھیں، خبروں سے اس کا ذہن بھٹکا رہی تھیں۔

''تو پھر ہنی مون کے لیے کیا پلان کیا ہے تم دونوں نے......؟'' انہوں نے باتوں کے دوران اتنا اچانک پوچھا کہ ٹوسٹ پر جیم لگاتے فارس کے ہاتھ یک دم رک گئے۔ جنت نے سر اٹھایا تو نگاہیں فارس سے دوچار ہوئیں۔ بس ایک لمحے کے لیے...... پھر وہ نظریں جھکا گئی۔

''ابھی کچھ سوچا نہیں اس بارے میں......'' توقع کے برعکس اس نے بہت محتاط انداز میں جواب دیا تھا۔

''تو پھر سوچ لو! ایک مہینے کا بریک لو اور......''

فارس نے اپنی ماں کے ہنستے مسکراتے چہرے کو دیکھا۔ اس کی شادی سے وہ کتنی فریش اور صحت مند لگ رہی تھیں۔ جیسے سارے بوجھ ان کے کندھوں سے اتر گئے ہوں۔ جیسے سارے قرض ادا کر دیے گئے ہوں۔

''ہاں کچھ پلان کرتا ہوں۔'' اس نے جواب دے کر انہیں بھی حیران کر دیا۔ اندر ہی اندر شاید وہ یہ توقع کر رہی تھیں کہ وہ ٹال مٹول سے کام لے گا۔

''خوش رہو......!'' انہوں نے دعا دی۔

''اب میں چلتا ہوں، اپنا خیال رکھیے گا۔'' کرسی دھکیل کر اٹھتے ہوئے اس نے مسز شیرازی کی طرف جھک کر ان کی پیشانی کا بوسہ لیا۔

''تم بھی اپنا خیال رکھنا۔''

وہ جانے لگا تو مسز شیرازی کے ساتھ ساتھ جنت کی نگاہوں نے بھی اس کا تعاقب کیا تھا۔

''شادی کے بعد آج اس کا آفس کا پہلا دن ہے، تمہیں اسے سی آف کرنا چاہیے۔''

جنت نے کچھ گھبرا کر ان کی طرف دیکھا۔

انہوں نے مسکراتے ہوئے چائے کا کپ اٹھا لیا۔

وہ اٹھ کر باہر آ گئی۔

سامنے ہی وہ سفید پتھروں کی روش پر کھڑا تھا۔

رک کر، مڑ کر اسے دیکھنے لگا۔ وہ نروس ہو کر رک گئی۔

آنکھوں میں اضطراب ٹھہر گیا۔

وہ فارس سے تین چار اسٹیپس کی بلندی پر تھی مگر اس کی آنکھوں کے حقارت آمیز تاثر سے جیسے زمین کی تہوں میں اتر کر رہ گئی۔

نفرت، تحقیر، دھتکار! نظروں کے مفہوم جانتی تھی وہ...... نفرتوں کی پہچان تھی اسے...... تب ہی اس کا دل کٹا تھا۔ تب ہی آنکھیں نم ہوئی تھیں۔ وہ ایک ایسے انسان کے سامنے کھڑی تھی جس کی آنکھوں میں انسیت تو دور کی بات، اس کے لیے عزت بھی نہ تھی۔

''آنٹی نے کہا تھا کہ......'' انگلیاں مسلتے ہوئے اس نے اپنی موجودگی کی وضاحت دینا چاہی۔

''کہ کیا......؟'' اس نے سوالیہ ابرو اٹھائی، لہجہ حتی الامکان سخت ہی رہا۔ ''کیا میں نے تم سے یہ نہیں کہا بیوی بن کر میرے سر پر مسلط ہونے کی کوشش مت کرنا؟'' وہ پھنکارا۔

وہ چپ رہی۔ اعتراض اور شکوے کا اس کے پاس کوئی حق نہیں تھا۔

اسے تندہی سے دیکھتے فارس نے انگلی اٹھائی۔

لفظ ادا کیے بغیر آنکھوں کے تاثر سے ہی وہ اس پر واضح کر گیا تھا کہ آئندہ وہ اسے اپنے پیچھے صدر دروازے میں نظر نہ آئے۔

جنت نچلا لب دانتوں تلے کچلتی، اپنی گیلی آنکھوں کے ساتھ یہاں وہاں دیکھنے لگی۔ اسے بہت رونا آ رہا تھا۔ حالانکہ...... یہ رویہ...... یہ دھتکار اور نفرت...... یہ کچھ نیا تو نہ تھا۔

سیاہ شیڈز آنکھوں پر لگائے وہ اسی وقت جانے کے لیے مڑ گیا تھا۔ ضبط کر کے اس نے آنسو دبا لیے تھے۔

نئی زندگی کا آغاز، بھیانک انجام سے جڑا ہوا تھا، خوف کے آہنی شکنجے میں جکڑی وہ اسے بے بسی سے دیکھ کر رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

مسز شیرازی اسے وجدان ہاؤس سے متعارف کرواتے ہوئے نچلی منزل پر ہی ہال نما ایک ایسے کمرے میں لے آئی تھیں جو دیکھنے میں کسی آرٹسٹ کا اسٹوڈیو لگتا تھا۔ واٹر کلر، آئل پینٹ، اکریلک، ہر طرح کی پنسلز، مختلف برشز، کینوس پیپرز، ہیوی کارڈ اسٹاک...... غرض کے ہر وہ مٹیریل موجود تھا، جو ایک آرٹسٹ کو اپنی تخلیق کے لیے درکار ہو سکتا تھا۔ اس نے گھوم کر چاروں طرف دیکھا۔

قدرتی مناظر کی بے پناہ خوب صورت پینٹنگز دیواروں پر لگی تھیں اور کچھ پیک شدہ حالت میں دیواروں کے پاس ہی رکھی گئی تھیں۔ بیش قیمت پینٹنگز، آرائشی اشیا، کرسٹل، لکڑی اور مٹی سے بنی منفرد اور مختلف ڈیکوریشن پیس...... جنت ایک ایک چیز اشتیاق کے عالم میں دیکھ رہی تھی۔

''جب ہم یہاں شفٹ ہوئے تو میرے منع کرنے کے باوجود فارس شیرازی ہاؤس سے یہ سب لے آیا تھا۔ وہ چاہتا تھا میں اس گھر کو اپنی پینٹنگز سے سجادوں۔''

جنت نے چونک کر ان کی طرف دیکھا۔

الیکٹرانک وہیل چیئر پر براجمان وہ اس کے پاس آ کر رک گئی تھیں۔ میک اپ سے عاری چہرہ نکھرا نکھرا سا لگ رہا تھا۔

''آپ...... آپ آرٹسٹ ہیں؟ یہ سب پینٹنگز......'' وہ حیران ہوئی تھی۔

''بس شوقیہ رنگوں سے کھیل لیا کرتی تھی۔'' ان کے لبوں پر مدھم سی مسکراہٹ ٹھہر گئی۔

''شوقیہ اور کھیل؟ یہ کسی پروفیشنل آرٹسٹ کا کام ہے آنٹی......'' جنت سراہے بنا نہ رہ سکی۔ کمال کی آرٹسٹ تھیں مسز شیرازی...... قدرتی مناظر کو دیکھ کر اصلی تصویروں کا گمان ہو رہا تھا۔

مسز شیرازی نے اس کی آنکھوں میں ابھرتے حیرت، تجسس اور اشتیاق کے ملے جلے تاثرات کو بہت غور سے دیکھا تھا۔

''ایک وقت تھا جب مجھے لگتا تھا اگر میں پینٹنگ چھوڑ دوں گی تو زندہ نہیں رہوں گی۔''

دیوار پر ہنزہ کی بلند و بالا پہاڑیوں کی تصویر پر متحرک جنت کی انگلیاں ساکت ہو گئیں۔

''میں نے پینٹنگ چھوڑ بھی دی اور زندہ بھی رہی۔'' انہوں نے کہا۔ جنت نے مڑ کر ان کی طرف دیکھا۔ وہ اپنے بائیں ہاتھ کو اب بھی ذرا مشکل سے حرکت دے پاتی تھیں۔

''جن سے متعلق ہم یہ گمان کر لیتے ہیں کہ ان کے بغیر نہیں رہ پائیں گے، تو وقت اپنے طور پر ثابت کر دیتا ہے کہ ان کے بنا بھی رہا جا سکتا ہے۔''

وہ سن ہوئی تھی اپنی جگہ...... بھالا جیسے دل پر لگا تھا۔ وجود ماضی اور حال کے درمیان پینڈولم کی طرح جھولنے لگا تھا۔ اس نے اذیت بھرے احساس کے ساتھ مسز شیرازی کو دیکھا۔ ان کی آنکھوں میں بھی کرب کی نمی تھی مگر لبوں پر ایک زندہ مسکان ٹھہری تھی۔

الیکٹرونک چیئر کو متحرک کرتے ہوئے انہوں نے میز پر رکھا آرائشی قلم اٹھا لیا، پاس ہی پتھر پر نصب گھڑی رکھی تھی، لکڑی کا باکس بھی جس کے تختوں پر انتہائی خوب صورتی اور نفاست سے پھول تراشے گئے تھے۔

''وقت بہترین استاد ہے، ''محرومیوں'' کے ساتھ جینا سکھا دیتا ہے۔''

حلق میں ابھرتی گلٹی کو بمشکل نیچے اتارتے ہوئے اس نے گال پر پھسلتی لٹ کو کان کے پیچھے اڑس کر اطراف میں نگاہ دوڑائی تھی۔ وہ اپنا ذہن بھٹکانا چاہ رہی تھی مگر ذہن تھا کہ اس ایک لفظ میں الجھ کر رہ گیا تھا۔

پینٹنگز کے ساتھ ہی سامان سے بھرے کارٹن پڑے تھے۔ وہ پنجوں کے بل بیٹھ کر کرسٹل کے گل دانوں کو دیکھنے لگی جن کی چمک آنکھوں کو خیرہ کر رہی تھی۔ پاس ہی ایک اور باکس پڑا تھا۔ ادھ کھلا ہوا...... وہ جھک کر اس کارڈ کو دیکھنے لگی جس پر تیسری کلاس کے فارس وجدان کی پہلی پوزیشن اسٹارز اور اسٹیکرز کے درمیان جگمگا رہی تھی۔

''یہ فارس کا سامان ہے، بچپن سے اس کی عادت ہے اپنی ہر چیز کو سنبھال کر رکھنے کی...... تم یقین نہیں کرو گی، اس کے کھلونے بھی نیچے کہیں پڑے ہوں گے، صحیح اور سلامت......'' اپنے بیٹے کے لیے مسز شیرازی کے لہجے میں محبت ہی محبت تھی۔

جنت نے رزلٹ کارڈ واپس رکھ دیا۔ نیچے ہی پلاسٹک شیٹ میں مرجھائے ہوئے پھولوں کا ڈھیر نظر آ رہا تھا۔ ایک ڈرائنگ پیپر بھی تھا۔ فولڈ کیا ہوا...... اس نے کھول کر دیکھا۔

''گیٹ ویل سون......!'' بچے کی لکھائی میں بڑا بڑا لکھا تھا۔
مسز شیرازی نے ڈور کھینچ کر دیوار گیر کھڑکیوں پر سے پردے ہٹا دیے تھے، کمرہ مزید روشن ہوا تو دیوار کے پاس گول میز پر سیدھی رکھی فریمڈ پینٹنگز اسے اپنی جانب متوجہ کر گئیں۔
''پرفیکٹ......!'' اس کے لبوں سے بے اختیار نکلا تھا۔ مسز شیرازی نے اسے مسکرا کر دیکھا۔
سب سے آخر میں زرکار فریم والی بڑی پینٹنگ رکھی تھی۔ بے حد احتیاط سے اسے سیدھا کیے وہ کچھ مبہوت ہو کر دیکھنے لگی تھی۔

https://novelskidunya.com/

وہ قرآن کی ایک آیت تھی جسے سیاہ پینٹنگ پیپر پر، قدرتی مناظر کی جھلکیوں میں انتہائی خوب صورتی اور مہارت سے لکھا گیا تھا۔



''ان مع العسر یسرا''
تمام حروف مختلف مناظر خود میں سموئے ہوئے تھے۔
پھول، آسمان، خزاں رسیدہ درخت، خاردار جھاڑیاں اور ہرے بھرے درختوں کے جھنڈ، وسیع سبزہ زار......
العسر لفظ میں خزاں کا منظر تھا۔ نوکیلے سیاہ درخت، کانٹے دار خار جھاڑیاں......اور اس سے آگے یسرا......سرسبز پھولوں، ہرے بھرے درختوں اور وسیع سبزہ زار کی جھلک دکھلاتا ہوا۔ مگر یسرا کا الف مختلف تھا۔ حجم میں بھی، لکھائی میں بھی......

Novels Ki Duniya

حرف ''الف'' آسمانی رنگ کا، آسمان کی ہی طرف اٹھا، لہلہاتے بادلوں کی خوب صورت جھلک دکھلا رہا تھا۔
پوری آیت ایک ہی لکھائی، ایک ہی انداز میں تھی......آؤٹ لائن بھی ایک ہی رنگ......مگر الف......جو آسمان کی جھلک دکھلاتا تھا، وہ سب سے الگ، سب سے نمایاں، سب سے منفرد تھا۔
جنت کافی دیر تک رئیلسٹک انداز میں بنائے گئے ان مناظر کو حروف کے اتار چڑھاؤ اور سیاہ بیک گراؤنڈ پر سنہری روشنی کی طرح ابھرتی اس آیت کو دیکھتی رہی۔
''میں بھی یہی چاہتی تھی کوئی اسے دیکھے، پھر دوبارہ دیکھے، اور تب تک دیکھتا رہے جب تک اس کا راز نہ پالے۔''

''راز......!''اس نے چونک کر مسز شیرازی کو دیکھا تھا۔''کیا آرٹسٹ بھی اپنی پینٹنگز میں راز چھپاتے ہیں؟''

مسز شیرازی مسکرا دیں۔''وہ راز میرا نہیں، اس آیت کا ہے! اس آیت میں ہی چھپا ہے۔''

جنت کی آنکھوں میں ایک غیر مبہم سا تاثر آ کر ٹھہر گیا۔

''قرآن کی ہر آیت ایک ''جواب'' ہے، اس ''سوال'' کا، جو انسان کے اندر اٹھتا ہے..... جواب اس وقت تک سمجھ میں نہیں آ سکتا جب تک سوال سمجھ میں نہ آئے۔''مسز شیرازی کہہ رہی تھیں۔''اب اس آیت کو دیکھ لو...... یہ بھی ایک سوال کا جواب ہے۔ وہ سوال جو ایک وقت میں میرے اندر اٹھا تھا اور جواب کسی وجہ سے تمہارے اندر بھی ہوگا۔ کچھ سوال مختلف ہو سکتے ہیں، مگر ان کا جواب ایک ہی ہوتا ہے۔''

ناسمجھی کے عالم میں مسز شیرازی کو دیکھتے جنت کی مضطرب نگاہیں ''عسر'' پر آ کر ٹھہر گئیں۔ اس کی تمام تر توجہ اب وہیں تھی۔ خزاں سے مرجھائے ہوئے درختوں اور پتوں پر......

''آزمائش کی وادیوں میں بھٹکتے ہر انسان کو اس آیت پر غور کرنا چاہیے۔ ہر مریض کو، ہر سقیم کو، ہر علیل کو......''وہ کہہ رہی تھیں۔ فریم پر جنت کی مخروطی انگلیوں کی گرفت یکا یک مضبوط ہوئی تھی۔

''اس آیت کا صرف وہی مطلب نہیں ہے جو ہم اکثر پڑھ یا سمجھ لیتے ہیں، اس کا ایک اور مطلب اس کے حروف میں کہیں چھپا ہے۔''ان کا لہجہ پراسراریت میں ڈھلا تھا۔

''دوسرا مطلب......؟''جنت کے لب ہلے۔

مسز شیرازی لبوں پر مدھم سی مسکراہٹ لیے اسے چند لمحوں تک دیکھتی رہیں۔''چلو میں تمہیں ایک ہنٹ دیتی ہوں۔ میں نے جان بوجھ کر یسرا کے الف کو نمایاں کیا ہے۔ تاکہ میری طرح کسی کو دقت کا سامنا نہ ہو، اور اسے آغاز پکڑنے میں کچھ آسانی ہو۔''اپنی بات کے اختتام پر دھیرے سے مسکراتے ہوئے انہوں نے الیکٹرانک چیئر کا رخ دروازے کی جانب موڑ دیا تھا۔

اور جنت کمال پینٹنگ ہاتھوں میں لیے اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskiduniya.com/ Novels Ki Duniya

''جنت! خدا کے لیے......! جنت......! جنت......میرا بچہ......!'' شور ایک دم سے بڑھا تھا۔ آوازیں تیز ہوئی تھیں۔ ایک زناٹے دار تھپڑ اس کے گال پر پڑا اور وہ لہرا کر کانچ کے ٹکڑوں پر آن گری۔

''امی......!'' وہ روتے ہوئے دبی آواز میں چیخی تھی۔ ''امی......! امی......!'' یکا یک ہی اس کی آنکھ کھل گئی۔ وہ ہڑبڑا کر ایک جھٹکے سے اٹھ بیٹھی تھی۔

''امی......!'' لبوں میں ہلکی سی جنبش ہوئی تھی۔ کپکپاتے ہاتھوں میں شال بھینچتے ہوئے اس نے کسی احساس کے تحت سر اٹھایا تھا۔ اگلے ہی لمحے فارس وجدان کی شعلہ بار نگاہوں کی زد میں آتے ہی برف ہوگئی۔ اس کا دل رک گیا۔ آنسو تھم گئے۔ وہ جس طرح سے اسے دیکھ رہا تھا، اسے لگا وہ سانس بھی نہ لے پائے گی۔

ایک بار پھر وہ اس کے آرام میں مخل ہوئی تھی۔ ایک بار پھر وہ اس کی آواز سے بیدار ہوا تھا۔ گزشتہ کئی راتوں سے یہی ہو رہا تھا۔ وہ سوتے میں اکثر ڈر جاتی تھی۔ رو پڑتی تھی، چیخنے لگتی تھی۔

مجرموں کی طرح شرم ساری سے سر جھکا کر اس نے پیشانی پر پھسلتی لٹ کو کان کے پیچھے اڑسا، بلینکٹ اور تکیہ اٹھایا اور کمرے سے نکل گئی۔

لاؤنج میں ڈبل صوفے پر بیٹھتے ہی اس کا ضبط ختم ہوگیا۔ آنکھیں چھلک پڑیں۔

سرخ اینٹوں پر پھیلتا خون، کریم ٹائلز پر ڈھیر ہوتا وجود......اس کی آنکھیں دھندلانے لگیں، وجود کپکپانے لگا۔ ماضی ایک بار پھر اس کے حواسوں پر سوار ہو چکا تھا۔

''خدا تمہیں اس کی وہ سزا دے گا جو تم ساری عمر یاد رکھو گی۔''

شور ایک بار پھر اٹھا تھا۔ آواز سماعتوں میں ہتھوڑے کی طرح لگی تھی۔ پیشانی گھٹنوں پر ٹکائے وہ ہچکیاں لے کر رونے لگی۔

آہٹ کے ساتھ کمرے کا دروازہ جھٹکے سے کھل گیا تھا۔ عجلت میں آنسو پونچھتے اس نے بے اختیار سر اٹھایا تھا۔

راہداری میں بیڈ روم کے دروازے میں کھڑا وہ قہر بار نظروں سے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

''ٹینشن سیکر......!'' اس کی بڑبڑاہٹ واضح تھی۔ ایک نفرت بھری نگاہ جنت پر ڈالتے وہ جھٹکے سے پلٹ گیا تھا۔

ہچکیوں کا گلا گھونٹتے، سسکیاں لبوں تلے دبائے وہ اسے گیلی آنکھوں سے دیکھ کر رہ گئی تھی۔

ذہن کی اسکرین پر اب کوئی منظر نہ تھا، نہ سماعتوں سے کوئی آواز ٹکرا رہی تھی۔ایک جامد سناٹا تھا، جو ہر طرف چھا گیا تھا۔

نفرت بھری ایک نگاہ ہی کافی تھی اسے دردناک ماضی سے کربناک حال میں پٹخنے کے لیے.....

''یہ تمہارا نصیب ہے جو تمہیں یہاں لایا ہے۔'' تاریکی میں عکس روشن ہوا، آئینے پر دراڑیں پڑ گئی تھیں۔

موازنہ شروع ہو چکا تھا۔دو چہرے ایک ہو گئے تھے۔اذیت پھن پھیلائے وجود سے لپٹ گئی تھی۔

''دنیا کا سب سے حسین اور شفاف جذبہ محبت کا ہے، اس جذبے میں صلاحیت ہے نفرت کی ہر چٹان کو پاش پاش کر دینے کی۔''

''محبت......!''

بہت بھاری اور مشکل تھا یہ لفظ اس کے لیے..... جو لبوں سے ادا ہوتا تھا، نہ خوشی کا احساس دلاتا تھا۔جو امید جگاتا تھا، نہ یقین دلاتا تھا۔

''محبت!''

آئینہ سامنے تھا۔آئینہ واضح تھا۔جنت نے آنکھیں میچ لیں۔لب بھینچ لیے۔گزشتہ کئی راتوں کی طرح وہ رات بھی اس نے آنکھوں میں ہی کاٹی تھی۔

اور دل ماضی کے اژدھوں سے لپٹا ساری رات روتا رہا تھا۔

☆......☆......☆

وہ فارس وجدان کے لیے عدم تھی، ماورائی، نہ نظر آنے والی ایک ایسی تخلیق جس کے ہونے نہ ہونے سے اسے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا۔فرق پڑتا بھی تو کیوں.....؟ کیا وہ اس کی مرضی و منشا سے اس گھر میں لائی گئی تھی؟ نہیں..... ہرگز نہیں۔تو فرق پڑتا بھی تو کیوں.....؟

کمرے میں تو جیسے تیسے وہ اسے برداشت کر چکا تھا مگر اپنی ذاتیات میں نہ وہ کسی قسم کی مداخلت برداشت

کرتا تھا اور نہ ہی اسے اپنی زندگی میں کوئی مقام دینے کو تیار تھا۔ غصے کا انتہائی تیز...... مشتعل...... یہی وجہ تھی کہ وہ خود بھی محتاط ہوگئی تھی اور اس گھر میں اس طرح سے رہنے لگی تھی جیسے وہ چاہتا تھا رہے۔ اجنبیوں کی طرح...... مسافروں کی طرح...... جنہیں چند روز یہاں ٹھہرنا ہے اور پھر چلے جانا ہے۔ مگر وہ مسافر نہیں ہونا چاہتی تھی۔ اجنبی نہیں رہنا چاہتی تھی۔ لیکن اس کے بس میں تھا ہی کیا......؟ وہ خود کو اتنا کمزور، اتنا لاچار محسوس کرتی تھی کہ حق کے لیے آواز تک نہ اٹھا سکتی تھی۔

فارس نے حدود کا تعین کیا تھا تو وہ بھی اپنے خول میں بند ہوگئی تھی۔ اس نے خاموشی کو پسند کیا تھا تو وہ بھی صامت (Mute) ہوگئی تھی۔ مگر یہ خاموشی اب اسے اندر ہی اندر مٹانے لگی تھی۔ اس کی الجھن بڑھانے لگی تھی۔

ایک معین مدت تک وہ نکاح کا پابند تھا۔ ایک معین مدت تک ہی وہ اسے اپنے گھر میں رکھے ہوئے تھا۔

جب وہ مدت تمام ہوگی، جب وہ وجہ اختتام ہوگی، اس کے بعد؟ اس سے آگے کیا......؟

طلاق کا تصور اس کی روح کھینچنے لگتا تھا۔ کانٹریکٹ کا خیال اذیت بڑھانے لگتا تھا۔ مگر وہ کرتی بھی تو کیا؟ نفرت کی اس دیوار کو ڈھاتی بھی تو کیسے......؟ وہ تو خود خالی دامن تھی۔ حالات سے لڑنے کے لیے تو اب اس کے پاس ایک موہوم سی امید بھی نہ رہی تھی۔

☆......☆......☆

''ایکسکیوزمی......؟''

پارک سے واپسی پر وجدان ہاؤس کے بیرونی گیٹ سے اندر داخل ہوتے وہ چونک کر رک گئی تھی۔

مڑ کر دیکھا تو سامنے یزدانی ہاؤس کے مین گیٹ پر جینز اور سفید ٹاپ میں ملبوس لڑکی اسے ہاتھ سے رکنے کا اشارہ کر کے عجلت میں قدم اٹھاتی اس کے پاس ہی آ گئی تھی۔

بھنویں سکیڑ کر پہلے اس نے جنت کو دیکھا، سر سے پاؤں تک...... پھر وجدان ہاؤس پر یوں نظر ڈالی جیسے تسلی چاہ رہی ہو کہ اس کی آنکھوں نے ہرگز دھوکا نہیں کھایا۔ اس کے بعد پیشانی پر بل اور آنکھوں میں شک لیے وہ سینے پر بازو باندھے اس کے قریب ہوئی۔ ''آپ کی تعریف......؟''

جنت نے بھنویں اچکا کر اس لڑکی کو حیرت سے دیکھا۔

''تمہیں کیا لگتا ہے؟'' اس نے کہا تو لہجے سے ناگواری جھلک رہی تھی۔

''فارس بھائی کے آگے پیچھے پروانوں کی طرح پھرنے والی لڑکیوں میں سے ایک......'' اس نے تمسخر اڑایا۔

''تو کیا تم بھی ان میں سے ہو؟'' جنت نے سوال اٹھایا۔

وہ جل سی گئی۔ تپ سی گئی لیکن آگے سے کچھ نہ بولی۔

''کون ہو؟ یہاں کیا کر رہی ہو؟'' وہی تفتیشی انداز!

''تم کون ہو؟ اور مجھ سے کیا پوچھ رہی ہو؟'' جنت نے اب کے ٹھیک ٹھاک اس کی کلاس لینے کی ٹھانی۔

''آئمہ ظہیر ہوں میں۔ فارس وجدان میرے ڈیڈ کا بزنس پارٹنر ہے، شیرازی خاندان کے ساتھ ہمارے فیملی ٹرمز ہیں۔'' گردن اکڑا اکڑا کر اس نے تعارف کروایا۔ ''اور تم......؟'' رک کر ایک بار پھر سرتاپیر جنت کا جائزہ لیا گیا۔ ''تم کون ہو؟''

جنت نے چند لمحوں تک اسے بے تاثر نگاہوں سے دیکھا، پھر اندر داخل ہوگئی۔ آئمہ ظہیر چونکی، پھر ٹھٹکی۔ اس طرح وہ پہلی بار نظرانداز ہوئی تھی۔ صدمہ گہرا تھا۔ نکلنے میں چند لمحے لگے۔ پھر وہ سرپٹ اس کے پیچھے بھاگی، سفید روش پر اس کا راستہ روک کر کھڑی ہوگئی۔

''آئم انگیجڈ......!'' اس نے ہاتھ لہرا کر اپنی انگوٹھی جنت کو دکھائی۔

''گڈ ٹو نو......!'' ایک بار پھر جنت اسے مکمل نظرانداز کرتی مرکزی دروازے کی جانب بڑھی۔ آئمہ ظہیر اس کے برابر قدم اٹھانے لگی۔ کچھ دیر پہلے تک جو خفگی کے تاثرات تھے وہ اب ختم ہو چکے تھے۔ ''ویسے کیا چل رہا ہے؟ گھر تک آگئی ہو۔ کہاں تک بات بنی؟'' لہجے میں اشتیاق تھا، تجسس تھا، ایکسائٹمنٹ تھی۔

جنت اسے دیکھ کر رہ گئی۔

''ویسے میں تم پر واضح کر دینا چاہتی ہوں، یہ کوششیں ان پر نہیں چلتیں۔'' وہ اس کے برابر قدم اٹھانے لگی۔

"کسی اور سیارے کی فضائی مخلوق ہیں۔ لڑکیوں سے یہ دس بیس تیس قدموں کی دوری پر رہتے ہیں۔ کھڑے کھڑے منہ پر بے عزتی کردیتے ہیں۔ انتہا کے مغرور...... لیکن میرے ساتھ وہ اچھے ہیں، کیونکہ میں ان کی بہن ہوں، مطلب اصلی والی نہیں۔ لیکن وہ عذیر بھائی کے دوست ہیں، اس لیے وہ میرے بھی بھائیوں جیسے ہی ہیں اور سچ پوچھو تو مجھے بھی بڑا ارمان ہے ان کی شادی کا۔" وہ جنت کے ساتھ اندر آ گئی تھی۔

"میں نے تو سوچ رکھا ہے کہ ان کی شادی پر خوب ہلا گلا کروں گی، آخر اتنا انتظار کروا رہے ہیں وہ، آنٹی تو بس ان کی نہ نہ سے عاجز آ چکی ہیں۔ ایک بار میں نے ان سے کہا تھا، یہ ایسے نہیں مانیں گے، گن پوائنٹ پر نکاح کروائیں۔ یا جذباتی بلیک میل کریں انہیں۔ یا پھر ایجنسی والوں سے بات کر کے پہلے انہیں اغوا کروائیں پھر رہائی کی شرط نکاح رکھیں۔ اور آنٹی اتنی معصوم ہیں، وہ میرے مشوروں سے ہی ڈر جاتی ہیں۔"

جنت کے پیچھے وہ امریکن طرز کے شاندار کچن میں آ گئی۔ زبان ابھی بھی چل رہی تھی۔ "اصل میں وہ خاصے مغرور واقع ہوئے ہیں، انہیں کوئی لڑکی پسند ہی نہیں آتی۔ نہ وہ اپنی پسند بتاتے ہیں۔ بس یہی کہتے رہتے ہیں میں نے شادی نہیں کرنی۔ بھئی یہ ڈائیلاگ تو ہم لڑکیوں کے ہیں۔ فارس بھائی نے چرا لیے...... اب بندہ پوچھے کیوں نہیں کرنی۔ تو کہتے ہیں بس...... نہیں کرنی...... یہ لائن بھی ہماری ہی ہے۔"

کیبنٹ کھول کر جنت نے دو گلاس نکالے، پھر ان میں لائم جوس انڈیلا۔ پشت آئمہ ظہیر کی طرف تھی، جو کاؤنٹر ٹیبل کے اس پار کھڑی ہاتھ ہلا ہلا کر کہہ رہی تھی۔ "ایسی ایسی لڑکیوں کے رشتے انہوں نے ٹھکرائے ہیں۔ ایسی ایسی لڑکیوں کے، کہ میں کیا بتاؤں۔" جنت نے اسے لائم جوس کیک اور پیسٹری کے ساتھ پیش کیا۔

"تو...... تم یہاں کام کرتی ہو؟" پوچھتے ہوئے اس نے یہاں وہاں بھی دیکھا کہ شاید وہ ہیڈ سرونٹ ہو یا گھر کی منتظمہ...... یا پھر مسز شیرازی کی کوئی اسٹوڈنٹ......

جنت نے نفی میں سر ہلایا۔

"تو پھر......؟"

"میں جنت کمال ہوں...... فارس وجدان کی بیوی......!"

https://www.novelskidunya.com/

جوس پیتے ہوئے آئمہ کو زور کا اچھو لگا۔گلاس رکھ کر بری طرح سے کھانستے ہوئے اس نے جنت کو دیکھا۔ کچھ حیرت، صدمے اور بے یقینی سے ......پھر ہنسی اور بے ساختہ ہنستی چلی گئی۔''نائس جوک......! آئی لائک اٹ......!'' ہنستے ہنستے بے حال ہی ہو گئی۔ پھر ہنسی ضبط کر کے بڑے ہی پروفیشنل انداز میں کاؤنٹر پر کہنیاں جما کر آگے ہوئی۔

''دیکھو! اگر تم ان میں انٹرسٹڈ ہو تو میں تمہاری ہیلپ کر سکتی ہوں، فارس بھائی کو اس شادی پر آمادہ کرنے کے لیے باقاعدہ ایک پلاننگ کی ضرورت ہے، ہمیں ایک جال بچھانا ہوگا۔ایسا جال جو ان کے دل کو قابو کر لے۔''

سر جھکائے بڑے ہی پراسرار انداز میں بات کرتی وہ جنت کے لبوں پر مسکراہٹ بکھیر گئی۔

''ارے......ارے......! تم تو ابھی سے شرما رہی ہو۔''

آئمہ کے عقب میں سیڑھیوں پر نظر پڑتے ہی جنت کی مسکراہٹ سمٹ گئی۔

''فکر نہ کرو، میں تمہارے ساتھ ہوں، مل کر گیم کھیلتے ہیں فارس بھائی کے ساتھ......کوئی چال چلتے ہیں۔ دیکھنا خود سے ہاں کریں گے وہ شادی کے لیے۔''

سر پر چپت رسید ہوئی تو اسے یکا یک خطرے کا ادراک ہوا۔لفظ گم ہو گئے......یقیناً وہ اس کی خفیہ گفتگو سن چکا تھا۔

''اللہ، فارس بھائی! ایک تو آپ بھی نا......پورے تین ماہ بعد واپس آئی ہوں، مگر مجال ہے جو آپ میرا ابھی اچھے سے استقبال کر لیں۔''

''کس کے ساتھ گیم کھیلنا ہے۔اور کس کے لیے چال چلنی ہے؟'' اس کے تاثرات سخت نہ تھے۔

آنکھوں میں جنت نے پہلی بار نرمی دیکھی۔

''وہ......میں......اصل میں......'' آئمہ ہکلائی۔

''ہوں......وہ کیا میں......اصل میں......؟'' ذرا سے سخت تاثرات کے ساتھ پوچھا گیا۔

''وہ میں ان سے ایک ناول ڈسکس کر رہی تھی۔'' اس نے جنت کی طرف اشارہ کر کے کہا۔

فارس نے نظر اٹھا کر جنت کو دیکھا۔ وہ ہنوز انہی تاثرات کے ساتھ خاموش کھڑی تھی۔ مزید کچھ بھی کہے بغیر وہ سر جھٹک کر چلا گیا۔

''ڈیوسی دیٹ......؟'' آئمہ نے بڑی اماؤں کی طرح فارس کی طرف اشارہ کر کے اپنی پیشانی کو چھوا۔

''ایسے ہیں یہ...... یہ نہیں کہ بہن تین ماہ بعد آئی ہے تو ٹھیک سے سلام دعا کر لیں...... نہیں! بس ایسے ہی غصے میں ہی رہنا ہے۔'' ایک بار پھر ساری ہمدردیاں سمیٹ کر وہ جنت کی طرف مڑی جو گھونٹ گھونٹ جوس پی رہی تھی۔

''ایک بار پھر سوچ لو...... چڑیا سی تو ہو، گزارا کر لو گی اس طوفان کے ساتھ؟''

''آئمہ......!'' لاؤنج سے فارس کی آواز آئی تھی۔

''اب کیا کر دیا میں نے......؟'' وہ وہیں سے چلائی۔ پھر لائم جوس ایک ہی سانس میں چڑھا کر اسٹول سے اتری۔ ''ابھی چلتی ہوں، پھر آؤں گی، پھر مل کر ڈسکس کریں گے کہ اس دیو کو کیسے قابو کرنا ہے، اینڈ پلیز......! اگر تم فارس بھائی کی کوئی ایپلائی ہو تو اس کے رعب میں آنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جسٹ ریلیکس......! ٹھیک ہے نا......؟ اور مسز شیرازی کہاں ہوں گی؟''

''وہ اس وقت سو رہی ہوں گی۔''

''انہیں بتا دینا آئمہ آئی تھی۔ ان سے پھر ملنے آؤں گی۔''

فلائنگ کس دے کر وہ فارس کے ساتھ مدافعانہ انداز میں لڑتی الجھتی باہر چلی گئی تھی۔ جنت کی خاموش نگاہوں نے گلاس وال کے اس پار فارس کا دور تک تعاقب کیا تھا۔

☆......☆......☆

''خوش ہو......؟'' ہینڈ ریلنگ پکڑ کر سیڑھیاں چڑھتے اس کے قدموں کی حرکت تھم گئی تھی۔ نگاہیں اسکرین پر ابھرتے میسج پر یوں ٹھہریں کہ آس پاس سے غافل ہو گئی۔ کچھ دیر پہلے ہی اس کی سائرہ خالہ اور سدرہ کے ساتھ ویڈیو کال ہوئی تھی۔ اور اب عمار کا میسج آ گیا تھا۔ نہ سلام نہ دعا...... ڈائریکٹ سوال۔ وہ سوال جو سائرہ خالہ نے بھی اس سے نہیں پوچھا تھا۔

"ماما سے تو کافی ہنس ہنس کر باتیں کر رہی تھیں تم......" دوسرا میسج۔

حلق میں ابھرتی گلٹی کو اس نے بمشکل نیچے اتارا۔

"یہ اتنا ہنسنا مسکرانا کب سیکھا تم نے؟" تیسرا میسج۔

"ایکٹنگ تو کمال کی ہے، بہت ایمپریس ہوا ہوں میں۔" ساتھ ہی ہنسی ایموجی۔

موبائل ہاتھ میں لیے وہ اپنی جگہ ختم کر رہ گئی۔

نہ نکاح میں شرکت کی تھی اس نے اور نہ ولیمہ اٹینڈ کیا تھا۔ اجنبیت تو نہ تھی کہ خالہ کا بیٹا تھا۔ مگر اس طرح کے چبھتے سوال، جو سوال کم، جواب زیادہ لگ رہے تھے۔

وہ اس کے لیے بھائیوں جیسا تھا...... شفیق...... مہربان...... احساس کرنے والا...... ذرا ذرا سی بات پر اس کے لیے آپے سے باہر ہو جانے والا...... سائرہ خالہ کی فیملی کا ہر ممبر اس کے لیے ایسا ہی تھا۔ مگر اس کے یہ چبھتے سوال......! وہ اسے اتنا کیسے جان سکتا ہے؟ اس طرح سے کیسے جان سکتا ہے؟ اس کا ذہن الجھن کا شکار ہوا تھا۔

"کیسے وہ عمار......؟" اس نے سنبھل کر میسج ٹائپ کیا تھا۔

"کیا میں اسے اپنے سوالات کا جواب سمجھوں......؟" جواب آیا۔

وہ کچھ حیرت سے اسکرین کو دیکھ کر رہ گئی۔ اپنے پیچھے ڈھیر سارے سوالات چھوڑے اگلے ہی لمحے وہ آف لائن ہو گیا تھا اور جنت کمال تشویش میں مبتلا اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

"تم دعا نہیں مانگتیں جنت......؟"

نماز مغرب کے بعد وہ مسز شیرازی کے برابر بیٹھی خاموشی سے قالین کے ریشوں کو چھیڑ رہی تھی، جب انہوں نے سوال پوچھ کر اسے چونکا دیا تھا۔

"دعا......!"

ایک پکار......!

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

ایک امید......!

ایک یقین......!

ایک صدا......!

''معافی تو مانگتی ہوں۔'' وہ کارپٹ پر انگلی سے لکیر کھینچتی جھکے سر کے ساتھ آہستگی سے بولی تھی۔

''اور دعا......؟'' اب کے جنت نے سر اٹھا کر انہیں دیکھا تھا۔ کچھ حیرت، کچھ الجھن، کچھ گھبراہٹ سے......

https://novelskidunya.com/

مسز شیرازی کی معیت میں رہتے ہوئے ایسا کبھی نہیں ہوا تھا کہ اسے اجنبیت یا کسی خوف کا احساس ہوا ہو۔ وہ ایسی ہی تھیں۔ اتنی ہی شفیق......اتنی ہی مہربان......نرم مزاج، اخلاق حسنہ کی مالک......

مگر اب وہ اس سے ایک ایسے راستے کی بابت استفسار کر رہی تھیں جس کے بارے میں خود وہ بھی ٹھیک سے کچھ جانتی نہ تھی۔ بھول گئی تھی وہ......چھوڑ دیا تھا سب اس نے......

عسر یسرا کی پینٹنگ اب سامنے دیوار پر لگی نظر آ رہی تھی۔ اس کی نگاہیں وہیں کہیں تھی۔ عسر پر پھسلتی......یسرا پر بھٹکتی......مگر ذہن کہیں اور تھا۔ توجہ کہیں اور تھی۔

ناول کی دنیا Novels Ki Duniya

''جنت......!'' اسے سوچوں میں غلطاں دیکھ کر انہوں نے پکارا تھا۔

''کیا مانگوں......؟'' اسے اپنی آواز بہت دور سے آتی ہوئی محسوس ہوئی تھی۔

کتنی ہی دیر تک مسز شیرازی اس کی خالی آنکھوں میں دیکھتی رہیں۔ کوئی امید، کوئی یقین یا پھر زندگی کا ہی کوئی رنگ......کچھ تو نظر آئے......مگر وہاں کیا تھا۔ ایک مہیب تاریکی......ایک مہیب سناٹا......

''جو تمہارا دل چاہے۔'' انہوں نے نرمی سے کہا تھا۔

''جو میرا دل چاہے۔'' کوئی شے پھانس کی طرح اس کے حلق میں اٹکی تھی۔ نگاہیں عسر پر جا ٹھہری تھیں۔

''اگر جو اللہ نہ چاہے......؟'' اس کے لب کپکپائے تھے۔

''ایسا نہیں ہوتا کہ وہ نہ دے۔''

"کچھ دعائیں قبول نہیں ہوتیں آنٹی......!" شکایت بے ساختہ ہی لبوں پر آئی تھی۔ "کچھ چیزیں نہیں ملتیں، کچھ لوگ نہیں ملتے، کچھ خواب ادھورے ہی رہ جاتے ہیں۔ کچھ نقصان پورے نہیں ہوتے۔"

دیوار گیر کھڑکیوں کے اس پار شام کا منظر اس کی تاریکیوں سے الجھ گیا تھا۔

"دعائیں رد نہیں ہوتیں جنت......! محفوظ کر لی جاتی ہیں۔ جو آپ مانگ رہے ہوں، وہ نہ ملے تب بھی آپ کے ہاتھ خالی نہیں لوٹائے جاتے۔ اللہ ہمیشہ بڑھ کر عطا کرتا ہے، وہ آپ کو حیران کر دیتا ہے۔"

آنکھوں میں ابھرتی نمی کو دباتے ہوئے جنت نے سر جھکا لیا۔

"کیا مانگے......؟" ذہن شاید اب بھی یہیں اٹک جاتا تھا۔ جس کی طلب تھی یا چاہ رکھتی تھی، وہ اسے مل نہیں سکتا تھا، جو محرومیاں اس کا مقدر ٹھہری تھیں وہ "عطا" میں نہیں بدل سکتی تھیں۔ کچھ کام بس تخیل تھے۔ ناممکن......اور کچھ معاملات میں وہ بے بس تھی...... قطعی بے بس......!

"آپ کی دعائیں قبول ہوتی ہیں؟" یونہی سر اٹھا کر اس نے پوچھا تھا۔ آواز رندھی ہوئی تھی۔

"ہاں ہوتی ہیں، اور ایک خوب صورت دعا تو حال ہی میں قبول ہوئی ہے۔" وہ مسکرائیں۔

"کون سی دعا......؟" اک اشتیاق، تجسس سا ابھرا تھا اس کی آنکھوں میں......

"یہی کہ مجھے فارس کے لیے ایک اچھی سی نیک سیرت لڑکی مل جائے۔"

جنت کی آنکھوں سے اشتیاق گم ہو گیا۔ تجسس کی جگہ اذیت نے لے لی۔ سر جھکا کر ایک بار پھر اپنے خول میں بند ہوئی اور قالین پر لکیریں کھینچنے لگی۔

مسز شیرازی گہرا سانس لے کر رہ گئیں۔

"دعا مانگتے رہنا چاہیے، قبول ہو جائے تب بھی، نہ قبول ہو تب بھی، کہ دعائیں رد نہیں ہوتیں۔ جواب ضرور آتا ہے۔ جھولی خالی نہیں رہتی۔ اس میں کچھ نہ کچھ ضرور گرتا ہے۔"

وہ جنت کو دیکھ رہی تھیں اور جنت سر جھکائے بالکل خاموش بیٹھی تھی۔

☆......☆......☆

افق سے زمین پر اترتی شام کے رنگوں میں آج ستاروں کا راج تھا۔ جو امید کا روپ دھارے اس کی آنکھوں میں جگمگا رہے تھے۔

ڈائننگ ٹیبل کو مختلف ڈشز سے سجانے کے بعد جب وہ پانی کا جگ لیے واپس آئی تھی تو فارس وجدان صدر کرسی سنبھال چکا تھا۔ سیاہ ٹراؤزر پر، سفید شرٹ میں ملبوس وہ عام سے حلیے میں تھا۔ فراخ پیشانی پر بال بکھرے تھے۔ آنکھوں میں سختی تھی نہ ہی خفگی کا کوئی تاثر......

مگر وہ جانتی تھی اگلے چند لمحوں میں اس کے چہرے کے تاثرات کیسے ہونے والے تھے۔

وہ کرسی کھینچ کر بیٹھی تو فارس کی بھنویں سکڑ گئیں۔ غالباً وہ شام کے کھانے پر اس کی موجودگی کی توقع ہرگز نہیں کر رہا تھا۔

عموماً وہ بھی مسز شیرازی کے ساتھ جلد ہی کھانا کھا لیا کرتی تھی، کیونکہ فارس کچھ تاخیر سے گھر آتا تھا اور انہیں وقت پر میڈیسن لینا ہوتی تھی۔ مگر آج اس نے ایسا نہیں کیا تھا۔ آج وہ فارس وجدان کی منتظر رہی تھی۔

''ممی کہاں ہیں؟'' اپنی پلیٹ میں پلاؤ ڈالتے ہوئے وہ ملازمہ سے پوچھ رہا تھا۔ آنکھوں میں اب بے نام سی خفگی لہرا رہی تھی۔

''صاحب! وہ اپنے کمرے میں ہیں۔''

''کھانا گل خان نے بنایا ہے؟'' اس نے پہلے چمچے کے ساتھ ہی اچانک پوچھا تھا۔

اس کے انداز، رویے اور لہجے سے کچھ خائف ہو کر جنت نے حلق میں ابھرتی گلٹی کو بمشکل نیچے اتارا تھا۔

ملازمہ نے ایک نظر جنت پر ڈالی تھی، پھر اس نے نفی میں سر ہلایا۔ ''آج کا کھانا جنت میم......'' جملہ مکمل ہونے سے پہلے ہی وہ پلیٹ میں چمچہ پٹخ کر اٹھ گیا تھا۔ جنت کے چہرے پر سایہ سا لہرا گیا۔

''گل خان کہاں ہے؟'' اب وہ انتہائی غصے کے عالم میں ملازمہ سے پوچھ رہا تھا۔

''وہ آٹھ بجے اپنے کوارٹر چلا گیا تھا۔'' ملازمہ بھی ایک لمحے کے لیے جیسے اس کے غصے سے خائف ہوئی تھی۔

زیرِ لب کچھ بڑبڑاتے ہوئے وہ پاؤں پٹخ کر باہر نکل گیا۔

اب گل خان کی خیر نہیں۔ ملازمہ کے چہرے پر بھی ہوائیاں اڑی ہوئی تھیں۔

جنت کمال اپنی جگہ پتھر ہوئی بیٹھی تھی۔ اتنی نفرت......! اس کا سانس رکا تھا۔ نگاہیں میز پر سجی انواع واقسام کی ڈشز پر ٹھہر گئی تھیں۔

نفرت سے لڑنے کے لیے ''محبت'' اس کے پاس نہیں تھی، لیکن ایک کوشش...... کہ شاید رویے سے کام چل جائے۔ اخلاق اور خدمت سے فرق پڑ جائے۔ لیکن اس سے فرق نہیں پڑتا تھا۔ بالکل فرق نہیں پڑتا تھا۔

کپکپاتی انگلیوں سے گال پر پھسلتی لٹ کو پیچھے ہٹاتے وہ کرسی دھکیل کر اٹھ گئی تھی۔ مارے خفت، شرمندگی اور بے عزتی کے احساس کے تحت اس کا چہرہ سرخ پڑ گیا تھا۔ عجلت میں سیڑھیاں چڑھتی وہ کمرے میں بند ہو گئی۔ کچھ وقت اس نے بالکنی میں گزارا تھا، کھلی فضا میں بھی اسے سانس لینے میں دشواری ہو رہی تھی۔

''یہ ایک کاغذی رشتہ ہے جنت کمال! یہ صرف کاغذ تک محدود رہے گا۔''

''ممی کو ایک بہو چاہیے تھی۔ صرف ایک بہو! یہاں صرف بہو بن کر رہو، بیوی بن کر میرے سر پہ مسلط ہونے کی کوشش بھولے سے بھی مت کرنا ورنہ بہت برا کروں گا میں......''

واش بیسن پر جھک کر اس نے ٹھنڈے پانی کے چھینٹے اپنے چہرے پر مارے تھے۔ پھر اس نے سر اٹھا کر خود کو آئینے میں دیکھا تھا۔ پانی آنسوؤں کی تمیز مٹا رہا تھا۔ روئی روئی سی آنکھیں گلابی ہو رہی تھیں۔

''وہ اس رشتے سے راضی نہیں ہے۔'' واش بیسن پر ہاتھ جمائے وہ روتے ہوئے جھک گئی تھی۔

''بالکل بھی راضی نہیں ہے۔''

''کیا تمہیں ایسا نہیں لگتا کہ وہ سرے سے شادی کے لیے تیار نہیں تھا۔'' جنت نے بے ساختہ نگاہ اٹھائی تھی۔ کچھ حیرت سے اپنا عکس دیکھا تھا۔

''خالہ بھی یہ بات جانتی تھیں۔'' اس کے لبوں میں جنبش ہوئی۔ ''انہوں نے پھر بھی......''

''تم ہر بار یہ کیوں بھول جاتی ہو کہ اس وقت تمہارے پاس اور کوئی آپشن نہیں تھا، تمہارے چچا تمہارا رشتہ زمان سے طے کر رہے تھے، کیا وہ تمہیں منظور تھا؟'' کاٹ دار لہجہ اسے چھلنی کر گیا۔ وہ کرب سے لب بھینچ کر رہ گئی

تھی۔ایک لمحے کے لیے سکوت چھایا تھا۔

''میں اس گھر میں صرف اس کی ماں کی وجہ سے ہوں، آنٹی ہارٹ پیشنٹ ہیں۔ خدانخواستہ اگران کو کچھ ہو گیا تو وہ مجھے اس گھر سے نکالنے میں ایک لمحہ بھی نہیں لگائے گا۔'' اس کی آواز غم سے بوجھل ہو رہی تھی۔

''تو اس کی اس سوچ اور فیصلے کو بدلنا تمہارا کام ہے جنت......!''

''کیا سوچ اور فیصلے بدلنا آسان ہے؟'' وہ زیرِ لب بڑبڑائی تھی۔

''محبت ہر کام آسان کر دیتی ہے۔'' یہ اس کی آواز تھی جو ماضی کا سفر طے کر آئی تھی۔

''محبت......!'' وہ تلخی سے مسکرائی۔

''محبت ہی تو سب مشکل کرتی ہے۔''

''تم نے اپنی غلطیوں سے کچھ بھی نہیں سیکھا......! تم اب بھی وہیں ہو، اسی مقام پر......'' تضحیک اڑاتا ہوا لہجہ اس کی دھجیاں بکھیر گیا۔ کچھ تکلیف، بے بسی اور آزردگی سے وہ خود کو دیکھ کر رہ گئی تھی۔

''وہی غلطی......وہی منزل......وہی راستہ......'' اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اسے لرزا دیا گیا۔

''تم نہیں سمجھ سکتیں۔'' نفی میں سر ہلاتے ہوئے وہ واش بیسن پر جھک کر رونے لگی۔ ''تم بھی نہیں سمجھ سکتی۔''

''کیا تم نے فارس کو سمجھنے کی کوشش کی ہے؟''

وہ ایک لمحے کے لیے چونکی، ٹھٹکی پھر سسک پڑی۔ ''بس کرو......!''

''برہان ابھی تک تمہارے حواسوں پر سوار ہے۔'' اتنے اچانک سے کہا گیا وہ گنگ ہو گئی......ساکت ہو گئی......صامت ہو گئی۔

''ایسا......ایسا نہیں ہے......'' کچھ دیر بعد جب وہ بولنے کے قابل ہوئی تو لفظ بمشکل ادا ہوئے۔

''ایسا ہی ہے......''

بیڈروم کا دروازہ بند ہوا تھا۔ قدموں کی چاپ اٹیچڈ باتھ روم کے دروازے تک آ کر تھم گئی تھی۔

''برہان آج بھی تمہارے حواسوں پر سوار ہے، اور تم اس کی ہی وجہ سے اپنے نئے گھر میں کوئی ایفرٹ نہیں

https://novelskidunya.com/

کر رہی ہو! تم ایک بار پھر خود کو حالات کے دھارے پر چھوڑ رہی ہو! پچھلی بار خالہ آئی تھیں اور تمہیں وہاں سے نکال لائی تھیں......اس بار......اس بار کون آئے گا؟ اللہ بھی انہی کی مدد کرتا ہے، جو اپنی مدد کرنا چاہتے ہیں اور تم......؟ تم نے ان پندرہ بیس دنوں میں کیا ہی کیا ہے؟"

جنت کا حلق خشک ہونے لگا۔ نچلا لب بے دردی سے رگڑتے ہوئے اس نے رونے پر قابو پانے کی سعی کی۔

"وہ اپنا ہر دروازہ بند کر رہا ہے اور تم اسے ایسا کرنے دے رہی ہو؟ وہ تمہیں عدم کر رہا ہے اور تم ہو رہی ہو؟ وہی غلطی......وہی خطا......!" اندر کا شور بڑھ گیا۔ شور ہمیشہ بڑھ ہی جایا کرتا تھا۔ وہ ٹھنڈے پانی کے چھینٹے چہرے پر مارنے لگی۔ پھر اس نے کانوں پر ہاتھ رکھ لیے تھے۔

وہی غلطی......!

وہی خطا......!

آواز بدستور گونج رہی تھی۔

☆......☆......☆

دوپہر کے وقت دیوار گیر کھڑکیوں کے سامنے صوفے پر نیم دراز میگزین کی ورق گردانی کرتے اس کی آنکھ لگ گئی تھی اور کھلی تب تھی، جب سماعت سے دل دوز چیخ ٹکرائی تھی۔ ہڑبڑا کر اٹھتے ہوئے اس کی پہلی نظر آئمہ پر پڑی، جو صدمے سے گال پر ہاتھ رکھے اسے ہی دیکھے جا رہی تھی۔

"یہ ابھی ابھی میرے کانوں نے کیا سنا ہے؟ تم واقعی میں......اوہ گاڈ......! تم واقعی ان کی وائف......اوہ گاڈ......" اس نے چہرے کے آگے ہاتھ جھلایا گویا سانس لینے میں دشواری ہو رہی ہو۔

جنت گھبراہٹ کے عالم میں اٹھ کر بیٹھ گئی۔ کندھے سے پھسلتے دوپٹے کو واپس جماتے اٹھنے ہی والی تھی کہ آئمہ اس کے برابر میں ٹک گئی۔

"مجھے ابھی ابھی آنٹی نے بتایا۔ بھائی اور بھابھی کو بھی علم تھا لیکن انہوں نے مجھ سے چھپائے رکھا۔ کہتے ہیں تمہیں سرپرائز دینا تھا۔ یہ سرپرائز ہے یا گولی......! سیدھا دل سے گزر گئی۔ مجھے اتنا دکھ ہو رہا ہے میں نے ان کی

شادی مس کر دی۔'' ساتھ ہی اس نے اپنی ہتھیلی مسلی۔''آئی کانٹ بلیواٹ......!انہوں نے شادی کر لی۔'' گردن موڑ کر اس نے جنت کو دیکھا۔''آخر سب نے میرے ساتھ ایسا کیوں کیا؟'' کندھے سے لگ کر اس نے رونا چاہا۔ پھر سر اٹھائے اسے ایک بار پھر دیکھا۔''کیا واقعی تمہاری شادی آنا فانا ہوئی......؟ایک ہی دن میں رشتہ طے ہوا، شام میں نکاح اور پھر رخصتی......؟ کیا واقعی ایسا ہی ہوا......؟''

جنت نے پزل ہو کر اثبات میں گردن ہلائی۔

آئمہ نے ایک بار پھر اپنا ہاتھ سینے پر رکھا۔

آنکھوں میں بڑوں کی سی شفقت اتر آئی۔''یعنی تم چند گھنٹے ان کی منگیتر رہیں، پھر منکوحہ ہوئیں، پھر بیوی......''

اب کے جنت چپ رہی۔

''سچ کہتے ہیں۔ اللہ کے فیصلوں کے آگے انسانوں کی نہیں چلتی۔ فارس بھائی جیسے بندے کی شادی ایسے ہی ہو سکتی تھی۔ آنا فانا...... نکاح کی تصویریں تو ہوں گی، ذرا وہی دکھا دو مجھے......'' سائیڈ ٹیبل سے موبائل اٹھا کر اس نے تصویریں دکھائیں۔

''اللہ......! ماشاءاللہ......! کتنی پیاری لگ رہی ہو، واقعی فارس بھائی کے ساتھ تم ہی جچ سکتی ہو، اور یہ فارس بھائی......!'' اب کے فارس کی تصویروں کو زوم ان کر کے دیکھا گیا۔''یہ ایسے کیوں بیٹھے ہیں جیسے مرچیں چبائے ہوئے ہوں۔ ہیں پورے طوفان ہی...... ذرا سا مسکرا دیتے تو کون سا جان نکل جانی تھی۔''

تصویریں بدل بدل کر وہ تبصرے کر رہی تھی اور جنت اسے خاموش نگاہوں سے تکتی بالکل چپ بیٹھی تھی۔

''جوڑی تو ویسے کمال کی ہے۔'' اشتیاق کے عالم میں ایک ایک تصویر کو دیکھتے وہ سراہ رہی تھی۔

''میں بھائی اور بھابھی سے سخت خفا ہوں، آنٹی سے بھی میری بول چال بند ہے، اور فارس بھائی آج سے میرے بھائی نہیں ہیں۔ ایسے کیسے کر سکتے ہیں یہ سب میرے ساتھ۔'' اس کا صدمہ، دکھ جا ہی نہیں رہا تھا۔''مجھے پتا ہوتا وہ میرے دبئی جانے کے بعد شادی کر لیں گے تو میں کبھی نہ جاتی۔''

''تم کب آئیں......؟'' بالوں کو سمیٹ کر جوڑا بناتے ہوئے جنت نے پوچھا۔

''ابھی کچھ دیر پہلے! بھائی بھابھی کے ساتھ آئی ہوں۔ سب نیچے ہیں۔ آنٹی نے مجھے تمہیں بلانے کے لیے بھیجا ہے۔''

''مہمان آئے ہوئے ہیں۔'' جنت کے ہوش اڑے۔ وہ بوکھلا کر اٹھی۔

''ارے کہاں مہمان......'' آئمہ نے گویا ناک سے مکھی اڑائی۔ ''ہمیں تم اپنا ہی سمجھو......ویسے تم صوفے پر کیوں سو رہی تھیں؟''

الماری سے اپنا سوٹ نکالتے جنت چونک کر مڑی۔ آئمہ ٹانگ پر ٹانگ جمائے اسے ہی دیکھ رہی تھی۔

''میگزین پڑھتے پڑھتے آنکھ لگ گئی تھی۔ تم جاؤ میں تیار ہو کر آتی ہوں۔''

''یہ درست ہے فارس بھائی اب میرے بھائی نہیں رہے، لیکن تم میری بھابھی ہی ہو، جلدی سے کپڑے بدل کر آؤ، تاکہ میں تمہارا اچھا سا میک اپ کر سکوں......''

جنت نے کچھ کہنے کے لیے منہ کھولا، پھر سر جھٹک کر اٹیچڈ باتھ روم میں چلی گئی۔ مونگیا رنگ کے سنہرے کامدار اے لائن فراک میں ملبوس جب وہ باہر آئی تو آئمہ نے میگزین سے نگاہ ہٹا کر اسے ہی دیکھا۔

''تمہارے بال بہت پیارے ہیں جنت......'' وہ اس کے پیچھے آ کھڑی ہوئی۔ ''اب تم بیٹھو، میں تمہارا میک اپ......''

''نہیں آئمہ......! پہلے ہی کافی دیر ہو چکی ہے۔''

مگر اس نے ایک نہ سنی۔ اسے زبردستی کرسی پر بٹھا کر ڈریسنگ ٹیبل پر نگاہ دوڑائی مگر وہاں فارس کی کریمز اور پرفیومز کے سوا کچھ نہ تھا۔ پھر اس نے عجلت میں دراز کھینچے مگر میک اپ تو کہیں بھی نہ تھا۔

''وہ......ابھی میں نے اپنا سامان سیٹ نہیں کیا ہے۔'' اپنی شرمندگی پر قابو پاتی وہ تیزی سے اٹھی اور وارڈروب کے نچلے خانے سے میک اپ باکس نکال لائی۔

آئمہ نے پھرتی سے اس کا لائٹ میک اپ کیا۔ بال بنائے......پھر اپنی بھی کچھ نوک پلک سنواری۔

اس کے بعد وہ دونوں نیچے آ گئیں۔

لاؤنج میں تو گویا ایک محفل کا سماں تھا۔ آئمہ کے بھائی اور بھابھی اپنے تین بیٹوں کے ہمراہ موجود تھے۔ وہ ان سب سے خوش اخلاقی سے ملی۔ پھر مسز شیرازی کے ساتھ سنگل صوفے پر بیٹھ گئی۔

''اصولاً تمہیں فارس بھائی کے ساتھ بیٹھنا چاہیے تھا۔'' آئمہ نے صوفے کے ہتھے پر ٹک کر سرگوشی کی۔ اس نے مسکرانے پر اکتفا کیا۔

آئمہ کی بھابھی آمنہ بہت ہی ملنسار اور خوش اخلاق تھیں۔ تین بیٹے تھے۔ ایک چھ سال کا تھا، دوسرا چار سال کا..... جب کہ سب سے چھوٹا والا ابھی گود میں تھا۔ گھر میں تو یقیناً بچے طوفان اٹھائے رکھتے ہوں گے مگر اس وقت وہ دونوں بہت مؤدب سے اپنے باپ کے ساتھ بیٹھے تھے۔

بڑا والا ذرا صحت مند تھا۔ سر اٹھائے جنت کو ہی دیکھتا رہا۔ اس نے ایک لمحے کے لیے بھی نظروں کا زاویہ نہ بدلا۔ جب سلام کرنے آیا تب بھی ذرا شرمایا شرمایا سا لگا۔ جنت نے نام پوچھا تو نام بتا کر اپنی ماما کے پہلو میں منہ چھپا لیا۔

''لو جی..... اسد کا تو کام ہو گیا، عذیر بھائی..... ! آپ کے بیٹے کو ایک اور لڑکی پسند آ گئی۔'' آئمہ نے باقاعدہ اعلان کیا۔ سب کھلکھلا کر ہنس پڑے۔

ڈنر باہر لان میں کیا گیا جہاں باربی کیو کا انتظام کیا گیا تھا۔ رات گئے تک خوب محفل جمی رہی تھی۔

مسز شیرازی اپنی میڈیسن لے کر سو گئی تھیں مگر فارس اور جنت نے مہمانوں کا پورا پورا ساتھ دیا تھا۔

آئمہ کی جنت کے ساتھ ان چند گھنٹوں میں صدیوں پرانی دوستی ہو چکی تھی۔ جاتے وقت دونوں کے درمیان فون نمبرز کا تبادلہ بھی ہو چکا تھا۔ آمنہ بھابھی نے تو خاص طور پر اسے اپنی طرف آنے کا کہا تھا۔

مہمان جا چکے تو گھر میں ایک بار پھر خاموشیاں راج کرنے لگیں۔ وہ کمرے میں آئی تو فارس کی موجودگی میں بھی تنہائی ایک بار پھر اسے ڈسنے لگی۔

واش روم کے آئینے میں اس نے خود کو دیکھا۔

https://novelskidunya.com/ ناول کی دنیا Novels Ki Duniya

آئمہ نے اسے بہت اچھے سے تیار کیا تھا، مگر جس کے لیے اسے تیار کیا گیا تھا، اس نے تو نظر بھر کر بھی اسے نہیں دیکھا تھا۔ جیولری اتارتے، چہرہ دھوتے اس کی آنکھیں پھر سے نم ہونے لگیں۔

دروازے پر دستک ہوئی، قدموں کی آہٹ کے ساتھ ہی ملازمہ کی آواز ابھری۔ ''صاحب! بیگم صاحبہ آپ کو بلا رہی ہیں۔''

فارس کی مدھم آواز کے ساتھ قدموں کی چاپ ابھری۔ وہ واش روم سے باہر آئی تو کمرہ خالی تھا۔ رات کے بارہ بج رہے تھے، صرف اس خیال کے تحت کہ مسز شیرازی کی طبیعت خراب نہ ہو، وہ عجلت میں قدم اٹھاتی نیچے آگئی تھی۔

''جو مر چکا ہے، اس کے ساتھ مرنا چاہتی ہیں، جو زندہ ہے، اس کے ساتھ جینا نہیں چاہتیں۔'' بھاری گمبھیر آواز...... کسی پوشیدہ درد کی عکاسی کرتی ہوئی...... مسز شیرازی کے بیڈ روم کے سامنے جنت ٹھٹک کر رک گئی تھی۔ دستک کے لیے اٹھا ہاتھ فضا میں ہی معلق رہ گیا تھا۔

''وہ تمہارا خون ہے۔'' مسز شیرازی کی آواز آنسوؤں سے بوجھل ہو رہی تھی۔

''وہ میرا کچھ نہیں ہے۔'' فارس کا انداز قطعیت بھرا تھا۔

اس نے ادھ کھلے دروازے سے اندر دیکھا۔

سامنے ہی بیڈ پر وہ مسز شیرازی کے پاس سر جھکائے بیٹھا تھا۔

''اس کا تو کوئی قصور نہیں ہے فارس!'' مسز شیرازی نے منت بھرے لہجے میں کہتے ہوئے اس کا ہاتھ تھاما تھا۔

''آپ مجھ سے میری جان کیوں نہیں مانگ لیتیں ممی......؟'' فارس کے لہجے میں بے بسی تھی۔ آواز میں درد...... آنکھوں میں نمی لیے مسز شیرازی اسے دیکھ کر رہ گئیں۔ اگلے کئی لمحوں تک ان کے مابین سکوت حائل رہا۔

''جب تک اس کی نانی زندہ تھیں، میں کچھ مطمئن تھی۔'' وہ نم آنکھوں کے ساتھ بولیں...... ''مگر اب......''

فارس خاموش رہا۔

''چھوٹا سا یتیم بچہ ہے وہ......! تم اسے آخر کس بات کی سزا دے رہے ہو فارس......! کیا تمہیں رحم نہیں آتا اس پر......؟''

فارس نے جن نگاہوں سے انہیں دیکھا وہ اندر تک کٹ کر رہ گئیں۔

"مت کریں میرے ساتھ ایسے...... پلیز......!" وہ بے بسی سے کہہ اٹھا تھا۔ "آپ نے کہا، واپس آ جاؤ، میں آ گیا۔ آپ نے کہا، شادی کر لو، میں نے کر لی...... مگر یہ نہیں...... اللہ کے لیے...... یہ نہیں!"

"وہ تمہارا بھتیجا ہے فارس! تم اس کے لیگل گارجین ہو۔"

"کچھ نہیں ہے وہ میرا......" اس کی آواز یکایک بلند ہو گئی تھی۔

مسز شیرازی کرب سے اسے دیکھ کر رہ گئیں۔ اپنا ہاتھ چھڑا کر وہ تیزی سے اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ جنت عجلت میں دروازے سے ہٹ کر پلر کی اوٹ میں ہو گئی تھی۔

کمرے سے باہر آ کر وہ ایک لمحے کے لیے رکا تھا۔ اس کا تنفس بھاری تھا، آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں۔ اپنی پیشانی مسلتے ہوئے وہ سیڑھیوں کی جانب بڑھ گیا تھا۔ اور جنت کمال دم سادھے اگلے کئی لمحوں تک اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔

اپنے بے جان کھلونوں کو سنبھال کر رکھنے والا جیتے جاگتے انسانوں کے معاملے میں اتنا بے رحم...... اتنا سفاک......!

سگا یتیم بھتیجا جسے وہ اپنی کسٹڈی میں لینے کو تیار نہیں؟

اس نے سر اٹھا کر بند دروازے کو دیکھا۔ مسز شیرازی کا چہرہ آنکھوں میں سما گیا۔ کتنی تکلیف میں لگ رہی تھیں وہ......

گہرا تنفس لے کر وہ الجھے ذہن کے ساتھ کمرے میں آ گئی تھی۔

فارس بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے موبائل اٹھائے بیٹھا تھا۔ تیزی سے کچھ ٹائپ کرتا ہوا...... جنت کی آمد سے اس کے اعصاب تناؤ کا شکار ہوئے تھے۔ ایک سرسری سی نگاہ اس پر ڈالتی وہ وارڈروب کی طرف بڑھ گئی۔ اپنا بلینکٹ اور تکیہ نکال کر جب سیدھی ہوئی تو موبائل سائیڈ ٹیبل پر پٹخ کر وہ سر سے پیر تک لحاف تانے سونے کے لیے لیٹ چکا تھا۔

آنکھوں میں تفکرات کی پرچھائیاں لیے وہ اب اسے ہی دیکھ رہی تھی۔

فارس کا بھائی......! یتیم بھتیجا؟ جسے وہ اپنی کسٹڈی میں لینے کو تیار نہیں؟

مسز شیرازی اپنے پوتے سے ملنا چاہتی تھیں، مگر فارس انہیں ملنے نہیں دے رہا تھا۔ وہ اسے اپنے پاس رکھنا چاہتی تھیں مگر فارس انہیں ایسا کرنے نہیں دے رہا تھا۔ ماں سے شدید محبت کے باوجود وہ انہیں کتنی بڑی اذیت سے دوچار کیے ہوئے تھا۔

ایسی بھی کیا بے بسی......ایسی بھی کیا بے حسی......

کیسا انسان ہے یہ......؟ دل نام کی چیز اس کے سینے میں ہے بھی یا نہیں؟

''تم بھی اس سے مختلف نہیں ہو جنت......!''

اس کی سوچ کو یک دم ہی بریک لگی تھی۔ خیال جامد ہوئے تھے۔ وہ جہاں کی تہاں کھڑی رہ گئی تھی۔

ڈریسنگ ٹیبل کے آئینے میں اس کا عکس یکا یک ہی اس کی کیفیت پر مسکرانے لگا تھا۔ آواز اندر سے آئی تھی۔ آواز ہمیشہ اندر سے آتی تھی۔ کبھی ماضی کی شہ پر......کبھی ضمیر کی صدا پر......اور وہ کتنی ہی دیر تک ساکت و جامد کھڑی رہ جاتی تھی۔

☆......☆......☆

دستک دے کر اس نے ادھ کھلے دروازے کو اندر کی جانب دھکیل دیا تھا۔ مسز شیرازی کھڑکی کے سامنے قرآن ہاتھوں میں لیے بیٹھی تھیں۔ ملازمہ ان کے لیے سیب کاٹ رہی تھی۔ اسے بھیج کر وہ خود ہی ان کے پاس بیٹھ کر سیب کاٹنے لگی۔ گاہے بگاہے ان کی آنکھوں میں بھی دیکھ لیتی۔ گزشتہ شب فارس کے ساتھ ہونے والی تلخ کلامی کا کوئی تاثر ان کے چہرے پر نہیں تھا۔ ناشتے پر بھی دونوں ماں بیٹا معمول کی طرح بات چیت کرتے رہے تھے جیسے ان کے مابین کوئی اختلاف رہا تھا نہ کوئی مسئلہ چل رہا تھا۔

گلاسز اتار کر سائیڈ ٹیبل پر رکھتے ہوئے انہوں نے قرآن بند کر دیا۔ چند لمحوں تک وہ محبت پاش نظروں سے اسے دیکھتی رہیں۔

''تمہیں راز ملا جنت......؟'' کچھ یاد آ جانے پر انہوں نے نرمی سے پوچھا تھا۔

''کون سا راز......؟'' بے ساختہ ہی سوال لبوں پر آیا تھا۔

''عسر یسرا کا راز......''

ایک لمحے کو رک کر اس نے مسز شیرازی کو دیکھا پھر آہستگی سے گردن نفی میں ہلا دی۔

''راز اتنی آسانی سے منکشف نہیں ہوتے آنٹی......! ہم جیسے گناہ گاروں پر تو شاید......شاید بالکل بھی نہیں۔''

''اگر راز منکشف نہ ہوتے تو کوئی گناہ گار تائب نہ ہوتا، کافر مسلمان نہ ہوتا، بھٹکے ہوئے راہ نہ پاتے، مومنین کا خطاب نہ پاتے......''

https://novelskidunya.com/

کافی ٹیبل پر پلیٹ رکھ کر وہ سیدھی ہو بیٹھی تھی۔

گال پر پھسلتی لٹ کو کان کے پیچھے اڑستے ہوئے اس نے مسز شیرازی کو دیکھا۔ لبوں پر مدھم سی مسکراہٹ سجائے وہ اسے ہی دیکھ رہی تھیں۔

''غور کرنے کے لیے، تدبر پانے کے لیے، چھپے ہوئے معانی کو واضح کرنے کے لیے وقت چاہیے، ہمت چاہیے، یقین چاہیے، طلب چاہیے۔ اپنے اندر کے سوال کو سمجھو جنت! یو وونٹ ریگریٹ اٹ......'' انہوں نے سیب کی قاش اٹھالی تھی۔

Novels Ki Duniya

جنت خاموش رہی۔ سر جھکا رہا۔ انگلیاں مسلتے ہوئے اب وہ کچھ مضطرب نظر آ رہی تھی۔

''تم نے دعائیں کیوں چھوڑ دیں......؟'' کئی لمحوں کی خاموشی کے بعد انہوں نے بہت نرمی سے پوچھا تھا۔

اور جنت نے بھی جواب دینے میں کچھ وقت لیا تھا۔

''میں جو مانگتی رہی ہوں، اللہ نے وہ مجھے نہیں دیا۔'' اس کی آواز غم سے بوجھل تھی۔

''کب تک مانگتی رہی ہو؟''

جنت کو ان کا سوال سمجھ میں نہ آیا۔ سر اٹھا کر اس نے سوالیہ نگاہوں سے انہیں دیکھا۔

''کب تک؟ سال......دو سال......تین سال......چار سال......دس سال......بیس سال......سو سال......؟''

وہ دم سادھے انہیں دیکھ کر رہ گئی۔

''زکریا علیہ السلام نے تو ہمت نہیں ہاری تھی جنت! بوڑھے ہو گئے تھے۔ بیوی بانجھ تھی، تب بھی انہوں نے اولاد کی دعا مانگنا ترک نہیں کی تھی۔''

جنت سن ہوئی تھی۔ کون سی بات کہاں آ کر واضح ہوئی تھی۔ کون سا پیغام کہاں آ کر ملا تھا۔

''انبیاء کی ایک خاصیت یہ بھی تھی۔ وہ دعائیں ترک نہیں کرتے تھے، صبر کرتے تھے اور مانگتے رہتے تھے۔''

جنت نے کچھ نہ کہا......وہ کچھ کہنے کے قابل بھی نہ رہی تھی۔

''سوال تمہیں اس آیت تک لائے گا جنت......! سوال ہی تمہیں اس کے معانی سمجھائے گا۔''

کون کہہ سکتا تھا وہ اس کی ساس تھیں۔ ایک معلمہ تھیں جو اس کے اندر کی گتھیاں سلجھانے میں جت گئی تھیں۔

☆......☆......☆

https://novelskiduniya.com/

Novels Ki Duniya

اُم ایمان قاضی کا بہت خوبصورت نیا ناول

سانسوں کے اس سفر میں

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

سعدیہ رئیس کا بہت خوبصورت نیا ناول

میں انمول

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

خواب بھیانک تھا......آوازیں تکلیف دہ......

"امی......!امی......!امی......!" وہ چیختے ہوئے ایک جھٹکے سے اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔ سر سے پیر تک پسینے میں شرابور، لرزتا، کانپتا وجود اور بھاری تنفس......

"یہ روز روز کا کیا تماشا لگا رکھا ہے تم نے......؟" اگلے ہی لمحے وہ اس کے سر پر دھاڑا تھا۔ کچھ خواب کی وحشت تھی اور کچھ فارس کی دہشت......وہ سہم کر رہ گئی۔

جانے وہ اب کیا کہہ رہا تھا، کس بات پر چلا رہا تھا۔ اسے پتا نہیں تھا۔ یاد تھا تو بس یہی کہ بازو سے پکڑ کر اس نے اسے کمرے سے باہر کیا تھا۔

ہاں یاد تھی تو دروازہ بند ہونے کی وہ آواز جو کافی دیر تک اس کے کانوں میں گونجتی رہی تھی۔

وہ ابھی تک اپنے خواب کے اثر میں تھی۔ لرز رہی تھی۔ کپکپا رہی تھی۔ وحشت و بے سکونی کی دلدل میں اترتی جا رہی تھی۔

وہ رات......!وہ اس کی زندگی سے نکل کیوں نہیں جاتی......؟

ننگے پیر، ٹھنڈے فرش پر بیٹھتے ہوئے اس نے اپنے گرد بازو باندھ لیے۔ سر گھٹنوں پر رکھ لیا۔

"جنت نہیں......!جنت پلیز......!جنت میرا بچہ!"

"مجھے بخش دو اللہ کے لیے......!" اپنے کانوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔ اس کی ساری برداشت اسی آواز پر ختم ہو جاتی تھی۔ یہی چیخ......یہی پکار اس کی دھجیاں بکھیر دیتی تھی۔ جی چاہتا تھا وہ خود کو نوچ کھسوٹ ڈالے، زخمی اور لہولہان کر لے۔

"ساری زندگی تم نے امی کو دکھ دیے ہیں......ساری زندگی تم ان کے لیے مصیبت بنی رہی ہو جنت......اور اب یہ......" آوازوں کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔

"امی......!امی......!امی......!دروازہ کھولیں۔"

وہ حواس باختہ ہو کر دروازہ بجانے لگی۔

"فارس! دروازہ کھولو پلیز......!"

راہداری کا ملگجا اندھیرا روشنی میں بدل گیا تھا۔

مارچ کی وہ شب اپنی تمام تاریکیوں کے ساتھ اس کے دماغ میں حلول کر گئی تھی۔

"پلیز دروازہ کھولو فارس......! خدا کے لیے......" وہ گڑگڑائی۔

"بی بی جی! ماہین بی بی کی طبیعت خراب ہو گئی ہے۔" گاڑی کا ہارن کہیں دور سے بجا تھا۔

"فارس......!" اس کی ہچکیاں بندھ گئیں۔ وہ دروازے پر زور زور سے ہاتھ مارنے لگی۔ مگر دروازہ نہیں کھلا تھا۔ اس رات بھی نہیں کھلا تھا۔

"ماہین......! برہان واصف کی دوسری بیوی......"

وہ دروازے سے گھسٹ کر نیچے بیٹھ گئی۔ اس نے اپنے منہ پر ہاتھ رکھ لیا تھا۔ اپنی چیخوں کا گلا بس وہ ایسے ہی گھونٹ سکتی تھی۔

تمام مناظر فلم کی طرح دماغ کی اسکرین پر چلنے لگے۔ وہ ہانپتی، کانپتی، شدت سے روتی اسٹڈی روم میں بند ہو گئی۔

ٹھنڈے فرش پر ٹانگوں کو سینے سے لگائے وہ ساری رات ایک ہی پوزیشن میں بیٹھی رہی تھی۔

☆......☆......☆

اور بند دروازہ صبح کے سات بجے کھلا تھا۔

ہمیشہ کی طرح نک سک سے تیار وہ آفس ٹیبل کی جانب بڑھا تھا۔ جنت دروازے کی بائیں طرف فرش پر گھٹنے سینے سے لگائے بیٹھی تھی۔ سر اٹھائے سرخ و متورم آنکھوں سے اب اسے دیکھنے لگی تھی۔

"یہ کاغذی رشتہ ہے، کاغذ تک محدود رہے گا۔"

اطراف سے یکسر بے نیازی برتتے ہوئے اس نے لیپ ٹاپ کیس میں لیپ ٹاپ رکھا، اپنی فائل اٹھائی۔ کچھ ضروری ڈاکومنٹس اور پرنٹ آؤٹس کا سرسری جائزہ لیا اور پھر اسے مکمل طور پر نظر انداز کرتا اسٹڈی سے چلا گیا۔

''یہ احساس کتنا اذیت ناک ہوتا ہے کہ آپ موجود ہوں اور کوئی آپ کو 'عدم' کر دے۔ آپ ماورائی ہو جائیں، نظر ہی نہ آئیں۔'' آنسو بہت پہلے خشک ہو چکے تھے۔ وہ اب رو نہیں رہی تھی۔ عادتاً اپنے داہنے ہاتھ کی کلائی بائیں ہاتھ میں مضبوطی سے تھامے پتھر ہوئی بیٹھی تھی۔

''ٹوٹا ہوا انسان یا تو سانس کی طرح ساکن ہو جاتا ہے یا پھر سمندری لہروں کی طرح سرکش......''

کس قدر کوشش سے وہ اٹھ کر کھڑی ہوئی۔ الجھے بکھرے بالوں کو سمیٹ کر اسٹڈی سے باہر آ گئی۔

اس کا رخ بیڈ روم کی طرف تھا۔ کچھ ہی دیر میں وہ واش بیسن پر جھکی ہوئی تھی۔ پھر وہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی اپنے بال بنا رہی تھی۔ فریش ہو کر نیچے آئی تو ڈائننگ ہال میں مسز شیرازی اور فارس موجود تھے۔

اس کی روئی روئی سی آنکھیں سوجی ہوئی اور متورم لگ رہی تھیں مگر چہرے پر بشاشت تھی......لبوں پر مسکراہٹ......

ایک ایکٹنگ فارس کر رہا تھا۔ ایک وہ کر رہی تھی۔ دونوں کمال کے اداکار تھے۔

''وہ تمہیں عدم کر رہا ہے، اور تم اسے ایسا کرنے دے رہی ہو؟''

اس نے فارس کو دیکھا۔ اس کا چہرہ ہر طرح کے تاثر سے عاری تھا۔

کوئی انسان اتنا بے حس، اتنا بے رحم کیسے ہو سکتا ہے؟

''جب کوئی اپنے لیے خود بے رحم اور سفاک ہو جائے تو اسے دوسروں کی سفاکیت پر سوال نہیں اٹھانا چاہیے۔'' وہی آواز......

حلق میں ابھرتے آنسوؤں کے پھندے کو نیچے اتارتے ہوئے وہ پلیٹ پر جھک گئی۔ چھری کانٹے کی مدد سے چیز آملیٹ کھاتے ہوئے اس کی انگلیاں کپکپا رہی تھیں۔ وہ فارس کو دیکھنا نہیں چاہتی تھی مگر نگاہیں تھیں کہ بار بار اس کے پرسکون اور مطمئن چہرے کی طرف اٹھ جاتی تھیں۔

وہ اپنے یتیم بھتیجے کو اپنی سرپرستی میں لینے کو تیار نہ تھا۔ وہ اسے اپنی زندگی میں کوئی مقام دینے کو آمادہ نہ تھا۔ ایسے انسان سے محبت تو دور کی بات......رحم کی امید بھی نہیں رکھی جا سکتی تھی اور وہ توقع کر رہی تھی کہ اس کا دل نرم ہو

https://novelskidunya.com/
ناول کی دنیا Novels Ki Duniya

جائے گا؟ وہ اسے صرف اور صرف برداشت کر رہا تھا، اور جنت اس کی برداشت میں گنجائش دیکھ رہی تھی؟

''پچھلی بار خالہ آئی تھیں، اس بار کوئی نہیں آئے گا، اس بار تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکے گا۔''

اس نے چائے کے گھونٹ کے ساتھ کئی آنسو اپنے اندر اتار لیے تھے۔

ناشتے کے بعد وہ مسز شیرازی کے ساتھ لان میں آ گئی تھی۔ لان چیئرز پر ان کے سامنے وہ دھوپ میں بیٹھی تو وہ اسے بغور دیکھنے لگیں۔

''تم ساری رات روتی رہی ہو؟'' انہوں نے اتنے اچانک سے پوچھا کہ لمحے بھر کے لیے وہ کمزور پڑ گئی۔ آنکھوں کے کنارے نم ہوئے، ہونٹ کپکپا کر رہ گئے، دل چاہا سب کچھ ان کے گوش گزار کر دے مگر......

''نہیں، اصل میں سر درد کی وجہ سے میں ٹھیک سے سو نہیں پائی! نیند پوری نہ ہو تو میری آنکھیں ایسی ہو جاتی ہیں۔''

مسز شیرازی نے اس کے وضاحتی جواب کو خاموشی سے سنا، پھر وہ سامنے املتاس کے ان درختوں کو دیکھنے لگیں، جو بیرونی دیواروں پر جھکے ہوئے تھے۔ معمول کے برعکس وہ کچھ خاموش سی تھیں۔

''فارس تمہارے ساتھ کیسا ہے؟''

چند روز قبل انہوں نے پوچھا تھا۔ آج دوبارہ پوچھ رہی تھیں۔ چند روز قبل آنکھوں میں جھانک کر پوچھا تھا، آج آنکھیں چرا کر پوچھ رہی تھیں۔

''بہت اچھا ہے۔'' ہمیشہ کی طرح اس کی مسکراہٹ آنکھوں تک نہیں پہنچی تھی۔ اس نے ابھی تک فارس کے جارحانہ رویے کی بھنک انہیں نہیں پڑنے دی تھی۔ وہ ہارٹ پیشنٹ تھیں، بیمار رہتی تھیں۔ اسے احساس تھا۔ یہی وجہ تھی کہ ان کے سامنے فارس بھی کسی قدر محتاط ہو جاتا تھا اور کوئی بھی ایسی حرکت نہیں کرتا تھا جس سے یہ ظاہر ہو کہ ان کا تعلق کس نوعیت کا ہے۔

''آپ کی طبیعت ٹھیک ہے؟'' جنت کو تشویش ہوئی تھی۔

انہوں نے اس کی طرف دیکھا، پھر ہنس دیں۔ جانے انہیں ہنسی کس بات پر آئی تھی، مگر اس ہنسی میں بھی ایک بے بسی تھی۔

''ہاں، میں ٹھیک ہوں۔'' وہ جنت کے گال پر ہاتھ رکھ کر محبت سے بولیں۔ ''تمہاری طرح میں بھی ٹھیک سے سو نہیں پائی۔''

جنت نم آنکھوں سے انہیں دیکھ کر رہ گئی۔ دونوں کا اپنا ایک درد تھا، اور دونوں ہی ایک دوسرے سے چھپانا چاہ رہی تھیں۔

جنت نے گہرا سانس لے کر ہیرمان ہیسے کی کتاب کھول لی تھی۔ خالی الذہنی کی کیفیت میں وہ اب مطلوبہ صفحہ تلاش کر رہی تھی۔

جو انسان اپنے یتیم بھتیجے کے لیے بے رحم ہو، وہ اس کے لیے رحم دل کیسے ہو سکتا ہے؟ جو نکاح جیسے مضبوط رشتے کا مذاق بنا دے، اس انسان سے وہ کسی اچھائی کی امید رکھ بھی کیسے سکتی ہے؟ اس نے سر اٹھا کر مسز شیرازی کو دیکھا، وہ کھوئی کھوئی سی بیٹھی تھیں۔ نگاہیں دور کہیں بھٹک رہی تھیں۔ چہرہ کسی پوشیدہ درد کی عکاسی کر رہا تھا۔

''تم ایک بار پھر خود کو حالات کے دھارے پر چھوڑ رہی ہو جنت! تم ایک بار پھر وہی غلطی دہرا رہی ہو۔''

کتاب پر اس کی انگلیوں کی گرفت یکایک مضبوط ہوئی تھی۔

''ٹوٹا ہوا انسان یا تو سانس کی طرح ساکن ہوتا ہے یا پھر سمندری لہروں کی طرح سرکش...... '' نانا اکثر کہا کرتے تھے۔

مگر جو ساکن ہوتا ہے، اسے سرکش ہونے میں دیر بھی نہیں لگتی۔ یہ بات اب وہ فارس وجدان کو بتانے والی تھی۔

☆......☆......☆

آفس سے واپسی پر کمرے میں داخل ہوتے ہی وہ ٹھٹک کر رکا تھا۔ ایک لمحے کے لیے جیسے اسے اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آیا تھا۔

کھڑکیوں کے پردے، بیڈ شیٹ، دیواروں کی پینٹنگز، ڈیکوریشن پیس، حتیٰ کہ وہ صوفہ تک بدل چکا تھا جو اس کے بیڈ روم کی مشرقی دیوار کے ساتھ رکھا تھا۔ ڈریسنگ ٹیبل کاسمیٹک کے سامان سے سجی تھی۔ بیڈ سائیڈ اور کافی ٹیبلز پر تازہ پھولوں کے گلدان رکھے تھے۔ زندگی سے بھرپور فضا معطر سی تھی، مگر یہی معطر فضا اس کے تنفس پر کتنی

بھاری پڑ رہی تھی، یہ صرف وہی جانتا تھا۔

سامنے ہی جنت وارڈ روب کھولے، اس کی کچھ شرٹس ہاتھوں میں لیے اپنے کام میں مگن کھڑی تھی۔

لیپ ٹاپ کیس بیڈ پر پٹختے ہوئے وہ انتہائی غصے کے عالم میں اس کی جانب بڑھا تھا۔ بازو سے پکڑ کر اپنے کپڑے اس کے ہاتھوں سے جھپٹ کر درشتی سے اس کا رخ اپنی طرف موڑا تھا۔

''یہ کیا کرنے کی کوشش کر رہی ہو تم۔'' اس کی آنکھوں میں خون اترا ہوا تھا۔

''اپنا کام......!'' فارس وجدان کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے جب وہ بولی تو لہجہ ہموار تھا۔

''میری چیزوں کو ہاتھ لگانے کی تمہاری ہمت کیسے ہوئی؟''

''ایسے ہی......! سوچا شوہر کو اپنے حقوق و فرائض کا خیال نہیں ہے تو میں ہی کر لوں۔'' اس نے ایک جھٹکے سے اپنا بازو چھڑا لیا تھا۔ اب وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے کھڑی تھی۔

نہ خوف کا تاثر تھا، نہ وحشت تھی آنکھوں میں اور نہ گھبراہٹ......!

''میرے معاملات میں دخل اندازی بند کر دو ورنہ......'' فارس نے وارڈ روب سلائیڈ کر کے زور سے بند کر دی تھی۔

''ورنہ کیا......؟'' سوالیہ ابرو اٹھا کر اس نے پوچھا۔

فارس کے چہرے کے تاثرات ایک لمحے کے لیے بدلے تھے۔ اس کی آنکھوں میں جھانک کر پورے اعتماد کے ساتھ اپنا سوال دہرانے والی یہ وہ لڑکی تھی جو سر اٹھا کر اس سے بات تک کرنے کی اہلیت نہیں رکھتی تھی۔

''میں نے تمہارے جوتوں کا سٹاک بھی سیٹ کر دیا ہے۔ تمہاری ٹائیز اس ڈرار میں ہیں، تھری پیس سوٹ یہاں لٹکا دیے ہیں۔ کف لنکس اور رسٹ واچ......''

اگلے ہی لمحے اس کی گردن فارس کے آہنی شکنجے میں تھی اور چوڑیوں سے بھری داہنی کلائی اس کے بائیں ہاتھ میں...... جنت کا دماغ بھک سے اڑا۔ وہ اس حملے کے لیے ہرگز ہرگز تیار نہیں تھی۔

''ہاں تو کیا کہہ رہی تھیں آپ......؟'' اس کی سخت پتھریلی آواز اور آنکھوں کا تاثر جنت کی ریڑھ کی ہڈی

میں سنسناہٹ دوڑا گیا۔

''چھ......چھوڑو...... مجھے......'' اس کا دم گھٹنے لگا۔ سانس رکنے لگا۔

''ذرا دوبارہ کہیے......میں نے سنا نہیں۔'' فارس کی گرفت بڑھتی گئی۔ کلائی پر بھی، گردن پر بھی......اسے لگا وہ بس مرنے کو ہے۔

''ہو کون تم......؟ اوقات کیا ہے تمہاری؟''

جنت کا چہرہ تکلیف کی شدت سے سرخ ہو گیا۔ آنکھیں بھر آئیں اور سانس......سانس تو جیسے اسے آ ہی نہیں رہا تھا۔

''آخری بار......'' اس کی خوف سے پھیلی آنکھوں کو اپنی آنکھوں کے فوکس میں لیتے ہوئے وہ غرایا۔

''آخری بار تمہاری اس غلطی کو نظر انداز کر رہا ہوں، اگلی بار تم نے ایسا کچھ بھی کرنے کی کوشش کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہوگا۔''

ایک جھٹکے سے اسے چھوڑتے ہوئے وہ پیچھے ہٹ گیا۔ جنت کھانستے ہوئے نیچے گر گئی تھی۔

غصے میں بڑبڑاتے ہوئے اس نے پھولوں کے گل دان فرش پر دے مارے تھے۔ پھر وہ اسی طیش کے عالم میں کمرے سے نکل گیا تھا۔ جنت کا تنفس پھولا ہوا تھا۔ داہنا ہاتھ گردن پر ٹھہرا تھا، چہرے کا رنگ اڑا ہوا، آنکھیں وحشت سے پھیلی ہوئی تھیں۔

کچھ ہی دیر میں ملازمہ اندر آئی تھی۔ ذرا گھبرائی ہوئی سی عجلت میں صفائی کرنے لگی تھی۔ اس نے بھولے سے بھی جنت کی طرف نہیں دیکھا تھا۔ نہ ہی بات کرنے کی کوشش کی تھی۔ آرڈر سخت تھا۔ فارس کے ملازم صرف فارس کی ہی سنتے تھے۔

انتہائی کوشش سے اٹھ کر وہ سیدھا ٹیرس پر چلی آئی تھی۔ بادلوں بھری شام......کچھ اداس......کچھ ویران سی تھی۔ دور کہیں بجلی چمکی تھی۔ بادل بھی گرجے تھے۔ ریلنگ پر جھک کر اس نے خود پر قابو پانے کی سعی کی تھی۔ آنکھوں میں ابھرتی نمی کو پلکیں جھپکا کر روکا تھا۔

وہ آج رونا نہیں چاہتی تھی۔ تنہائی میں بھی نہیں۔ اگر وہ پہلی چوٹ پر ہی خود کو زمین بوس ہونے سے نہ بچا پائی تو پھر کبھی نہیں اٹھ پائے گی۔ اگر آج بھی وہ خوف میں آ گئی تو کچھ بھی بدل نہیں پائے گی۔

اسے ہمت نہیں ہارنی تھی۔ حوصلہ نہیں چھوڑنا تھا۔ ایک بار پھر اپنے جذبات پر قابو پاتے ہوئے اس نے سرخ پڑتی آنکھوں کو بے دردی سے رگڑ ڈالا تھا۔ سسکیوں کو دبا لیا تھا۔ اذیت کو چھپا لیا تھا اور تب ہی کسی احساس کے تحت اس نے اپنی چوڑیوں بھری کلائی کو چھوا تھا۔

تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کی پہلی بوند اس کی پیشانی پر گری۔ اس نے سر اٹھا کر آسمان کو دیکھا۔

طلوعِ آفتاب سے پہلے رات کتنی تاریک ہوتی ہے۔

اور طوفان سے پہلے خاموشی کتنی مہیب لگتی ہے۔

”کچھ لوگ اپنی کشتیاں خود جلاتے ہیں۔ کچھ کی جلا دی جاتی ہیں۔“

”جن کی جلا دی جائیں، انہیں کیا کرنا چاہیے؟“

”انہیں زیادہ ہمت، زیادہ صبر، زیادہ قوت دکھانی چاہیے۔“

بارش شروع ہو چکی تھی۔

زیادہ ہمت، زیادہ صبر، زیادہ **قوت**......!

وہ ٹیرس کی سیڑھیاں اتر کر اپنے کمرے کی طرف جانے لگی۔ اپنی اسٹڈی سے باہر نکلتا فارس بھی اسی طرف آ رہا تھا۔

بیڈ روم کے سامنے ایک لمحے کے لیے رک کر اس نے فارس کو دیکھا پھر اندر داخل ہوتے ہی دروازہ زور سے بند کر دیا۔ عین اس کے منہ پر......

فارس کا دماغ بھک سے اڑا۔ وہ اس کی جرأت پر ششدر رہ گیا تھا۔

شدت سے دھڑکتے دل اور پھولے تنفس کے ساتھ وہ دبے قدم پیچھے ہٹ گئی تھی، مٹھیاں سختی سے بھینچے اب سر اٹھائے کھڑی تھی۔

فارس نے شدید غصے کے عالم میں دروازہ دھڑ دھڑایا، مگر وہ اپنی جگہ سے ایک انچ نہ ہلی تھی۔

اب وہ اپنے کسی ملازم پر برس رہا تھا۔

جنت تکیہ اور بلینکٹ اٹھائے صوفے کی جانب بڑھ گئی۔ کچھ ہی دیر میں دروازہ کھل گیا تھا۔

''یہ کیا بدتمیزی ہے؟'' آندھی طوفان کی طرح وہ اس کے سر پر پہنچ کر دھاڑا تھا۔

''تم کرو تو حق ہے تمہارا...... میں کروں تو بدتمیزی......'' وہ مڑ کر اسے دیکھنے لگی۔ فارس شعلہ بار نگاہیں اس پر جمائے کھڑا رہا۔

https://novelskidunya.com/

بادل کچھ شدت سے گرجے تھے۔ بجلی بھی چمکی تھی۔ دیوار گیر کھڑکیوں پر بارش کے قطرے اب کچھ زیادہ ہی روانی سے گرنے لگے تھے۔

''خیر کلی ہو تم، چابی ہے تمہارے پاس......! جن کے پاس نہیں ہوتی، انہیں پھر کسی دھتکارے ہوئے انسان کی طرح کسی تاریک کمرے کے ٹھنڈے فرش پر رات گزارنی پڑتی ہے۔''

سر اٹھائے، اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے وہ جس انداز اور لہجے میں اس سے بات کر رہی تھی، وہ کچھ بھی تھا مگر نرم نہیں تھا۔ لفظ جیسے مشتعل تھے۔ آگ پکڑے ہوئے...... ضبط کے مراحل سے گزر کر تحمل سے ادا کیے ہوئے......

''میں تمہیں وارن کر رہا ہوں......!''

''وارن میں تمہیں کر رہی ہوں۔'' انگلی اٹھا کر اس نے فارس کی بات درشتی سے کاٹ دی تھی۔

مٹھیاں سختی سے بھینچے، لب باہم پیوست کیے فارس برداشت کی انتہا پر کھڑا تھا۔

''آخری بار میں تمہاری اس غلطی کو نظر انداز کر رہی ہوں۔ اگلی بار تم نے ایسا کوئی بھی سین کری ایٹ کیا، یا مجھے اپنے معاملات سے دور رکھنے کی کوشش کی تو میں خاموش نہیں رہوں گی۔ میں آنٹی کو سچ سچ میں اس نکاح کی حیثیت سے آگاہ کر دوں گی جو تمہارے نزدیک فقط ایک کانٹریکٹ ہے۔'' اس نے سخت لہجے اور صاف لفظوں میں اس پر اپنے ارادے واضح کر دیے تھے۔ ''میں انہیں بتا دوں گی تم ان کی موت کا انتظار کر رہے ہو تا کہ مجھ سے جان چھڑا سکو۔''

''جسٹ شٹ اپ......!'' وہ حلق کے بل دھاڑا۔

"کیوں......؟ کیا تم ایسا نہیں چاہتے؟ میں اس گھر میں آنٹی کی وجہ سے ہوں، کیا تم نے مجھ سے یہ نہیں کہا؟" وہ چلائی۔

فارس ضبط کر گیا۔

"کیا تم نے مجھ سے یہ نہیں کہا یہ نکاح صرف کاغذ تک محدود رہے گا؟ ہاں......؟"

دوسری طرف خاموشی تھی۔

"یہ آخری وارننگ ہے، میں بتا رہی ہوں، میں خاموش نہیں رہوں گی۔"

صوفے پر دراز ہوتے اس نے بلینکٹ اپنے وجود پر پھیلا لیا۔ دوبارہ اس نے فارس وجدان کو دیکھنے کی کوشش نہیں کی تھی۔

☆......☆......☆

جنت کمال اپنے ارادوں میں کتنی سنجیدہ ہے، اس کا اندازہ فارس وجدان کو اگلے دن ہی ہو گیا تھا جب مسز شیرازی نے اسے جنت کو شاپنگ پر لے جانے کا کہا تھا۔ کتنی ہی دیر تک تو وہ صدمے کی کیفیت میں کھڑا رہا تھا۔

میٹنگ، کاروبار، اور کمپنی سے متعلق حیلے بہانے اس کے کسی کام نہیں آ سکتے تھے کہ آج چھٹی کا دن تھا۔ اور چھٹی کا دن وہ زیادہ تر مسز شیرازی کے ہمراہ گھر پر گزارتا تھا۔

اس نے خونخوار نگاہوں سے جنت کو دیکھا، جو رائل بلیو ڈریس میں اس کے ساتھ شاپنگ پر جانے کے لیے مکمل تیار کھڑی تھی۔

مسکراہٹ تو مسز شیرازی کے سامنے وہ ہمیشہ لبوں پر سجائے رکھتی تھی مگر آج فارس وجدان کو اس کے لبوں کا تبسم اپنا مذاق اڑاتا ہوا محسوس ہوا تھا۔

آنکھوں میں تضحیک نظر آئی۔ انداز طنزیہ لگا۔ مگر وہ ضبط کر گیا۔ اسے اب ضبط ہی کرنا تھا۔ مزید کوئی بدمزگی وہ نہیں چاہتا تھا۔ نہ ہی وہ چاہتا تھا کہ وہ مزید باغیانہ انداز اپنا لے۔

گاڑی کی چابی اور موبائل سنبھالتے ہوئے وہ اٹھا تو جنت بھی مسز شیرازی سے مل کر اس کے پیچھے باہر آ گئی۔

https://novelskidunya.com/

پیسنجر سیٹ پر بیٹھتے ہی اس نے ہینڈ بیگ گود میں رکھ لیا تھا اور اس کے چہرے کے طوفانی تاثرات کو نظر انداز کرتی کھڑکی سے باہر دیکھتی رہی تھی۔

دوڑتے بھاگتے مناظر کے ساتھ، وہ بھی کسی دوڑ میں شامل ہو گئی تھی۔

لب بھینچے، دانت پیستے اور اسٹیرنگ وہیل پر خطرناک حد تک گرفت مضبوط کیے وہ خود پر قابو پانے کی کوشش کرر ہا تھا ورنہ اس کا جی چاہ رہا تھا وہ رفتار بڑھائے اور گاڑی کسی ٹرک میں دے مارے.....خود بھی مر جائے اور اس جنت کو بھی مار ڈالے۔

https://novelskidunya.com/

پندرہ بیس منٹ کی ڈرائیو کے بعد وہ شہر کے بہترین مال کی پارکنگ میں گاڑی روک چکا تھا۔

جنت فوراً سے باہر نکل گئی تھی مگر وہ گاڑی میں ہی بیٹھا رہا تھا۔

"میرے خیال سے تم مجھے یہاں شاپنگ کے لیے لائے ہو؟"

اس نے جذبات کی شدت سے سرخ ہوتی آنکھوں سے جنت کو دیکھا۔ وہ کھڑکی میں کہنیاں جمائے بھرپور مسکراہٹ کے ساتھ اسے دیکھ رہی تھی۔

ناول نگری دُنیا
Novels Ki Duniya

"یا پھر چاہتے ہو کہ میں آنٹی کو فون کر کے کہوں کہ تم میرے ساتھ مال کے اندر جانے کو تیار نہیں ہو؟"

وہ کچھ دیر تک اس کی طرف دیکھتا رہا۔ وہ بھی اسے دیکھتی رہی۔ فرق صرف اتنا تھا کہ وہ مسکرا رہی تھی اور وہ دانت کچکچا رہا تھا۔

"تو یہ تمہارا اصلی رنگ ہے۔"

اور جنت ہنس دی۔ پھر کافی دیر تک ہنستی رہی۔ وہ مٹھیاں بھینچے اسے سرد نظروں سے دیکھتا رہا۔

"تم اپنی ماں کے حوالے سے جانے کتنی بار مجھے اس رشتے کی نوعیت جتا چکے ہو، اور جب میں جتانے پر آئی ہوں تو بات میرے روپ پر آ گئی ہے۔" وہ ایک بار پھر ہنسی.....جیسے فارس کے سوال نے اسے کافی محظوظ کیا ہو۔

ناچار اسے گاڑی سے باہر آنا پڑا۔ پھر بگڑے تیوروں کے ساتھ وہ لیدر جیکٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے مختلف شاپس میں اس کے پیچھے پیچھے پھرتا رہا۔ وہ اس کا صبر آزما رہی تھی۔ گھوم رہی تھی اور کچھ خرید بھی نہ رہی تھی۔

وہ بار بار کلائی موڑ کر وقت دیکھتا تھا۔ موبائل نکال کر اسکرولنگ کرتا تھا اور جب سر اٹھا کر اسے دیکھتا تھا تو وہ تب بھی اسے خالی ہاتھ ہی نظر آتی تھی۔

اسے غصہ تو بہت چڑھا ہوا تھا، مگر وہ ضبط کیے رہا۔

پارہ تو اس کا اس وقت ہائی ہوا جب وہ بچوں کی شاپ میں داخل ہوگئی تھی۔ اور اب اس کے سامنے چھوٹے چھوٹے بچوں کی منی منی سی اشیا اٹھا اٹھا کر دیکھنے لگی۔ بچیوں کے پورشن میں کچھ رش تھا۔ وہ بچوں کے پورشن میں کھڑی تھی۔ اور چیزیں پسند کر کے اب ٹرالی میں رکھ رہی تھی۔

فارس کی رگیں پھول گئیں...... وہ ضبط کے آخری مراحل سے گزر رہا تھا۔

موزے، کپڑے، فیڈر، کھلونے اور جانے کیا کچھ خرید کر وہ کاؤنٹر پر آگئی۔

پے منٹ کے لیے اس نے فارس کو دیکھا جس نے تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے والٹ سے کریڈٹ کارڈ نکال کر سیلز بوائے کو دیا۔

''بس ہوگئی میری شاپنگ......!'' پے منٹ ادا کر کے جب وہ باہر نکلے تو وہ بہت خوش نظر آرہی تھی۔

فارس اس لمحے کیسا نظر آرہا تھا، یہ دیکھنے کی اس نے کوئی کوشش نہیں کی تھی۔

اب وہ تیز تیز قدم اٹھاتا آگے تھا، اور وہ اس کے پیچھے......

لبوں پر تبسم تھا، آنکھوں میں شرارت......

اس کی توقع کے عین مطابق وہ سامنے لیڈیز گارمنٹس کی شاپ میں داخل ہو چکا تھا۔ اسٹینڈ پر لٹکے چند ریڈی میڈ برانڈ کے جوڑوں کا آرڈر دے کر اس نے کریڈٹ کارڈ نکالا تھا۔

جنت گلاس وال کے اس پار کھڑی تھی اور اپنے لبوں پر ابھرتی مسکراہٹ کو بار بار دبانے کی سعی کر رہی تھی۔

سیلز بوائے نے ڈریسز پیک کر کے دیے تو وہ بگڑے تیوروں کے ساتھ باہر آگیا۔

''پکڑو انہیں......'' انداز منہ پر مارنے والا تھا۔ جنت بروقت نہ پکڑتی تو شاپنگ بیگز فرش پر ڈھیر ہو جاتے۔

''اس کی کیا ضرورت تھی فارس......!'' اس نے بہت لاڈ سے پوچھا۔

"ضرورت تو تھی......" فارس نے دانت کچکچائے۔ (ظاہر ہے گھر پہنچتے ہی اس کی می نے شاپنگ سے متعلق پوچھنا تھا اور جنت نے بچوں کے کپڑے دکھانے تھے!)

اور تب ہی...... ہاں شاید تب ہی جیولری شاپ سے نکلتی جینز اور ٹاپ میں ملبوس ایک اسٹائلش سی لڑکی ٹھٹک کر رک گئی تھی۔ شاپنگ بیگ پر اس کی گرفت ایک دم مضبوط ہوئی تھی۔ آنکھوں میں بے یقینی کا تاثر ابھر آیا تھا۔

اس نے پہلے فارس کو دیکھا تھا۔ اب وہ جنت کو دیکھ رہی تھی۔

صدمہ...... حیرت...... بے یقینی...... شاک!

فارس جانے کے لیے مڑ گیا تھا۔ لبوں پر شرارتی مسکراہٹ سجائے جنت بھی عجلت میں قدم اٹھاتی اس کے پیچھے لپکی تھی۔ اور تب ہی اسے اپنے وجود پر بے نام سی تپش کا احساس ہوا تھا۔

فارس کے قدموں کے ساتھ قدم ملا کر چلتے ہوئے اس نے یونہی مڑ کر پیچھے دیکھا تھا۔ جینز اور اورنج رنگ کی ٹاپ شرٹ میں ملبوس لڑکی نے فوراً سے رخ بدل لیا تھا۔

سر جھٹک کر جنت فارس کے ہمراہ ایلیویٹر کی جانب بڑھ گئی۔

واپسی کا سفر بہت خاموشی سے کٹا تھا۔ اتنی خاموشی سے کہ جنت کو لگا فارس سانس بھی نہیں لے رہا۔

"می کو یہ سب دکھانے کی ضرورت نہیں ہے۔" پورچ میں گاڑی کھڑی کرتے ہوئے اس نے خاموشی کا قفل توڑا تھا۔ تیور زیادہ بگڑے ہوئے تھے، مگر وہ متحمل لگ رہا تھا۔

"اور جب وہ پوچھیں کہ شاپنگ دکھاؤ تب کیا کروں؟" اس نے بڑی سنجیدگی سے مشورہ مانگا۔

"کچھ بھی دکھا دینا، مگر یہ نہیں۔" فارس نے جیسے وارن کیا تھا۔

کتنی عجیب بات تھی کہ ان کے درمیان جملوں کا تبادلہ ہو رہا تھا۔ پورے ایک ماہ بعد خاموشی ٹوٹی بھی تھی تو کیسے......!

"کیوں......؟ یہ کیوں نہ دکھاؤں......؟ میری طرح وہ یہ سب دیکھ کر بہت خوش ہوں گی۔"

"آئی سوئیر، اگر تم نے ایسی کوئی بھی حرکت کی تو میں......" وہ ہتھے سے اکھڑ گیا تھا۔

''اوکے اوکے......فائن......!'' جنت نے جیسے اسے ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی۔ ''وہی شاپنگ دکھادوں نا جو تم نے اپنی پسند کی کروائی ہے۔'' ایک ادا سے گاڑی کا دروازہ کھول کر وہ باہر آئی تھی اور اندر ٹھنڈا ہوتا فارس مزید شعلوں کی لپیٹ میں آیا تھا۔

''آج شام کا کھانا ہم باہر کھائیں گے۔'' قدم بڑھاتے ہوئے وہ کہنا نہیں بھولی تھی۔

فارس وجدان نے شدید غصے کے عالم میں اپنا داہنا ہاتھ اسٹیرنگ پر دے مارا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

اگلے دن آفس سے واپسی پر صدر دروازہ کھلتے ہی اسے جو پہلا چہرہ نظر آیا تھا، وہ جنت کمال کا چہرہ تھا۔ نک سک سے تیار، فریش اور نکھرے وجود کے ساتھ وہ اس کے انتظار میں کھڑی تھی۔ فارس کی پیشانی پر بل آ گئے۔

مسز شیرازی لاؤنج میں ہی موجود تھیں تبھی اپنے تاثرات نرم رکھتا وہ دل ہی دل میں کڑھتے ہوئے اندر داخل ہوا تھا۔ وہ صوفے پر بیٹھا تو ملازمہ کو ڈائننگ ہال میں کھانا لگانے کا حکم دیتے ہوئے جنت کمال بھی اس کے پاس آ کر بیٹھ گئی تھی۔ ضبط کر کے وہ مسز شیرازی کی طرف متوجہ ہو گیا۔ ان سے بات چیت کرنے لگا۔ اس دوران جنت زبردستی ہی گفتگو میں اپنا حصہ ڈالتی رہی۔

ڈائننگ ٹیبل پر تو اس نے انتہا کر دی۔

''فارس! یہ فش کباب ٹرائے کرو، میں نے خاص تمہارے لیے بنائے ہیں۔'' اس کے برابر میں بیٹھ کر، اس کی پلیٹ میں خود سے کھانا نکالتے ہوئے وہ اسے یوں مخاطب ہو رہی تھی جیسے ان کے مابین اس طرح کی بات چیت ہوتی رہتی ہو، فارس کا پارہ آسمان کو چھو رہا تھا۔ سامنے مسز شیرازی موجود تھیں۔ اب نہ تو وہ غصہ دکھا سکتا تھا، نہ ہی اس کے ہاتھ جھٹک سکتا تھا۔

''بریانی کیسی لگی؟''

چمچے کو سختی سے دباتے ہوئے اس نے دانت پیسے...... ''ٹھیک ہے۔''

''صرف ٹھیک ہے؟ میں نے اتنی محنت سے بنائی ہے۔''

مسز شیرازی نے مسکرا کر دونوں کو دیکھا۔

''اور یہ پاستا بھی لو نا......!''

''نہیں، بس کافی ہے۔''اس نے ضبط سے جنت کو روکا، لیکن وہ نہیں رکی۔اپنی من پسند ڈشز اس کی پلیٹ میں زبردستی ڈالتی رہی۔

شام کے کھانے کے بعد وہ مشتعل اعصاب کے ساتھ لان میں کافی دیر ٹہلتا رہا تھا۔گہری سانسیں لیتے ہوئے خود پر، اپنے غصے پر کنٹرول پانے کی ہر کوشش کرتا رہا تھا۔رات گئے تک جب وہ کچھ حد تک اپنے اعصاب پر قابو پا چکا تو اس نے کمرے کا رخ کیا تھا۔اور ایک بار پھر اس کا پارہ چڑھ گیا تھا۔

بیڈ پر درمیان میں کشن رکھ کر حد بندی کیے بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے جنت کمال آرام سے بیٹھی تھی۔کمفرٹر ٹانگوں پر پھیلا رکھا تھا۔موبائل ہاتھوں میں تھا۔

''یہاں کیا کر رہی ہو تم......؟''وہ دبی آواز میں غرا اٹھا۔

جنت نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔وہ مشتعل نظر آ رہا تھا۔حالانکہ لان میں ٹہلتے وقت اس کے تاثرات اتنے خوف ناک تو ہرگز نہ تھے۔

''مجھے صوفے پر ٹھیک سے نیند نہیں آتی۔''

''یہ میرا مسئلہ نہیں۔''درشتی سے بازو سے پکڑ کر فارس نے اسے بیڈ سے اٹھا دیا تھا۔

پھر انگلی دکھا کر اسے وارن کرتے ہوئے پہلے صوفے کی طرف اشارہ کیا، پھر دروازے کا راستہ دکھا دیا۔

کہ سونا ہے تو وہاں سو جاؤ، ورنہ اس کمرے سے دفع ہو جاؤ۔

جنت لب بھینچے اپنی جگہ کھڑی رہی۔

وہ بیڈ سے کشن ہٹا کر یہاں وہاں پھینکنے لگا۔

وہ کچھ دیر تک اندھیرے میں کھڑی اسے دیکھتی رہی۔پھر اس نے آنکھوں میں ابھرتی نمی کو دباتے ہوئے یوں کندھے اچکائے جیسے کہہ رہی ہو کوئی بات نہیں۔پھر کشن وغیرہ اٹھائے، اپنے صوفے پر جا سوئی۔

☆......☆......☆

''مجھے تمہارا فون نمبر چاہیے۔'' صبح سویرے وہ ایک اور مطالبے کے ساتھ حاضر تھی۔

کف لنکس لگاتے ہوئے فارس وجدان نے لب بھینچ کر اسے دیکھا۔ سفید پرنٹڈ قمیص پر زرد رنگ کے ٹراؤزر میں ملبوس وہ نکھری نکھری سی بہت فریش لگ رہی تھی۔ بالوں کا اوپر سے پف بنا کر کھلے چھوڑ رکھے تھے۔ چہرہ میک اپ سے عاری تھا۔ ہونٹوں پر لپ گلوز کی گلابی چمک......

نظر ہٹا کر اس نے رخ بدلا اور ٹائی کی ناٹ باندھنے لگا۔ وہ گھوم کر سامنے آ گئی۔ ''کچھ کہا ہے میں نے......''

وہ سنی ان سنی کیے رسٹ واچ کلائی پر چڑھانے لگا۔

''اب کیا میں آنٹی سے تمہارا فون نمبر مانگتی اچھی لگوں گی؟ کیا سوچیں گی وہ تمہارے بارے میں؟''

فارس کی آنکھوں کی سرخی گہری ہوئی۔ موبائل اس کے ہاتھوں سے کچھ سختی سے جھپٹ کر تیزی سے نمبر ٹائپ کر کے اس نے موبائل بیڈ پر پھینک دیا۔

''شکریہ! ویسے میں پہلی بیوی ہوں جسے اپنے شوہر کا نمبر شادی کے پورے ایک ماہ بعد ملا ہے۔'' اس نے ہنستے ہوئے یوں کہا جیسے یہ بڑے اعزاز کی بات ہو۔

ٹائی کی ناٹ لگا تا وہ بگڑے تیوروں کے ساتھ کمرے سے نکل گیا۔

زیرِ لب مسکراتے ہوئے وہ بھی نیچے آ گئی تھی۔

ناشتے کی میز پر وہ مسلسل بولتی رہی۔ مسز شیرازی کے سامنے اسے بھی مجبوراً جواب دینا پڑ رہا تھا۔ تاثرات کچھ بہتر تھے مگر اس کی آنکھوں میں غصہ تھا، نفرت تھی، حقارت تھی۔

وہ آفس کے لیے اٹھا تو جنت بھی اس کے پیچھے باہر آ گئی۔ اب کی بار وہ سیڑھیوں پر نہیں رکی تھی، بلکہ اس کی گاڑی کے پاس جا کر کھڑی ہو گئی تھی۔ وہ بیٹھ رہا تھا تو غصہ ناک پر ہی دھرا تھا۔ مگر جانے کیوں...... وہ اپنے ان تاثرات کے ساتھ بھی اسے ہرگز برا نہ لگا۔

''اپنا بہت خیال رکھنا۔'' اس نے کہا۔ سنی ان سنی کیے وہ گاڑی ریورس کرنے لگا۔ جنت تب تک وہاں کھڑی رہی جب تک وہ گاڑی نکال کر وہاں سے چلا نہیں گیا تھا۔

اس دن پہلی بار اس نے فارس کو واٹس ایپ پر میسج کیا تھا۔

''کیسے ہو؟''

''کیا کر رہے ہو؟''

''کیا خیال ہے آج شام کا ڈنر کہیں باہر کریں؟''

''تمہاری پسندیدہ ڈش کون سی ہے؟''

''تم کافی زیادہ پسند کرتے ہو یا چائے؟''

''پسندیدہ کلر کون سا ہے تمہارا؟''

''تم اپنی بیوی میں کس طرح کی خوبیاں دیکھنا چاہتے ہو؟''

شام تک وہ فارس وجدان کے واٹس ایپ پر بلاک ہو چکی تھی۔

وہ گھر آیا تو ایک بار پھر وہ اسے اپنے انتظار میں صدر دروازے پر کھڑی ہوئی ملی تھی۔

''اب کیا میں آنٹی کو یہ بتاتی اچھی لگوں گی کہ تم نے مجھے واٹس ایپ پر بلاک کیا ہوا ہے؟'' مصنوعی خفگی کے ساتھ اس نے تیوری چڑھا کر اس سے پوچھا تھا۔

فارس ایک بازو پر کوٹ ڈالے، دوسرے ہاتھ میں ٹشو کا پیک پکڑے پیشانی پر بل ڈالے کھڑا تھا۔ سفید شرٹ شکن لیے ہوئے تھی۔ ٹائی کی ناٹ ڈھیلی...... آج اس کی کچھ فارنرز کے ساتھ میٹنگ تھی تبھی وہ تاخیر سے گھر پہنچا تھا۔ کچھ تھکا ہوا بھی لگ رہا تھا۔

جنت کو محسوس ہوا جیسے اسے زکام کی شکایت ہو رہی ہو، تبھی ٹشوز کا پیک بھی ہاتھوں میں ہی تھا۔

وہ اسے کوئی بھی جواب دیے بغیر سیڑھیوں کی جانب بڑھ گیا۔ ڈنر وہ باہر سے ہی کر کے آیا تھا۔ وہ کمرے میں آئی تو کپڑے بدلے وہ بیڈ پر آڑا ترچھا لیٹا ہوا تھا۔ چھینکوں سے کچھ عاجز ہو کر کروٹ پر کروٹ بدل رہا تھا۔

پانی کا گلاس اور ٹیبلیٹس ٹیبل پر دھرے تھے۔

''تم ٹھیک ہو؟'' فکرمندی سے پوچھتے ہوئے اس نے ہاتھ بڑھا کر سائیڈ ٹیبل سے ٹیبلٹس کی شیشی اٹھائی

چاہی مگر فارس نے کہنی کے بل اوپر ہوتے ہوئے اس کا ہاتھ جھٹک دیا۔ ''اپنے کام سے کام رکھو۔'' اس کی آواز نزلہ سے متاثر لگ رہی تھی۔

جنت نے اس کی سرخ پڑتی آنکھوں میں دیکھا، جن میں نمی تیر رہی تھی۔ پپوٹے بھاری اور سوجے ہوئے لگ رہے تھے۔

''تمہارے لیے چائے یا قہوہ لاؤں......؟''

''اب مجھے تمہاری آواز نہ آئے......'' اس نے انگلی اٹھا کر متنبہ کیا، پھر کمفرٹر کھینچتے ہوئے اپنا سر تکیے میں گاڑ لیا۔

کچھ دیر تک تو وہ چھینکوں سے الجھا رہا لیکن پھر اس کی آنکھ لگ گئی۔ وہ پرسکون نیند سو رہا تھا اور ادھر صوفے پر جنت کمال بے سکون بیٹھی تھی۔

اس نے خاموشی کا قفل توڑ دیا تھا مگر فارس وجدان کی سرد مہری، نفرت اور حقارت تھی کہ کم ہونے میں نہیں آ رہی تھی۔ کتنا مشکل تھا وہ...... سمجھ سے قطعی باہر...... نہ نفرت کی وجہ بتلاتا تھا، نہ اپنا کوئی نرم رخ دکھلاتا تھا۔

گہری سانس لیتے ہوئے اس نے کمبل اور تکیہ اٹھایا اور سیٹنگ ایریا میں جا سوئی۔ وہ ہرگز نہیں چاہتی تھی اس کی وجہ سے آج فارس کی نیند خراب ہو۔

☆......☆......☆

''آئمہ کی کال تھی، اس کی فرینڈ کی انگیجمنٹ ہے، مجھے بھی انوائٹ کیا ہے۔'' اپنی بات کے اختتام پر اس نے فارس کے تاثرات جانچے۔ شاید وہ کچھ دیر تک اپنا کام موقوف کر کے اس کی ذات کو اپنی توجہ اور عنایت کے حصار میں لے لے۔

شاید وہ انکار کر دے تو اور اس کا یہ انکار اس کے خیالات کی نفی کر دے...... یا پھر کھلے دل سے اجازت دے کر اپنی زندگی میں اس کی موجودگی کو اہم کر دے۔ مگر دوسری طرف ایک مکمل خاموشی تھی۔ نہ انکار، نہ اقرار...... اس نے جیسے کچھ سنا ہی نہیں۔ وہ آفس ٹیبل کے سامنے کھڑی رہی۔ منتظر نگاہوں سے اسے دیکھتی رہی۔ مگر دوسری طرف خاموشی تھی۔ خاموشی ہی رہی۔

https://novelskidunya.com/

پھر وہ بھاری دل کے ساتھ اسٹڈی سے باہر آ گئی۔ مسز شیرازی کو اپنے پروگرام سے آگاہ کر کے آئمہ کو ڈن کا میسج بھیج دیا۔ تیاری کرتے وقت بار بار اس کی آنکھیں بھیگ رہی تھیں۔ ایسا کب تک چلے گا؟ آخر کب تک! کب تک وہ اپنی "عزت" کو "ذلت" کی نگاہ سے دیکھے گا؟

سیاہ اور گولڈن کنٹراسٹ میں نفیس کام والا فینسی ڈریس...... جس کے گھیر، بازو اور گلے پر گولڈن کام ہوا تھا۔ میچنگ جیولری...... سیاہ ہیلز......

شہد بالوں کی پونی ٹیل بنائی۔ اطراف میں کچھ لٹوں کو نکالا۔ خود کو مضبوط کیے، خیالات جھٹلا کر اس نے مکمل تیاری کی۔ نو بجے اسے آئمہ لینے آ گئی تھی۔ جاتے وقت لمحے بھر کے لیے وہ اس کی اسٹڈی کے سامنے رکی تھی۔ پھر سر جھٹک کر باہر چلی گئی۔

شادی کے بعد وہ پہلی بار کوئی فنکشن اٹینڈ کر رہی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ وہ کچھ نروس تھی۔ نہ تو اس طرح کے آزادانہ ماحول کی عادی تھی، اور نہ ہی اس طرح کے ملبوسات پہنے تھے جن میں بیشتر خواتین اس کے سامنے گھوم رہی تھیں۔

یہ جگہ...... ماحول...... اور لوگ سب اس کے لیے نئے تھے۔

آئمہ نے اپنی دوستوں سے اس کا تعارف کروایا تو سب کی آنکھوں میں حیرت اُمڈ آئی۔

"تو یہ ہے وہ لڑکی جس سے فارس نے شادی کی ہے؟" جنت کو فارس کی وجہ سے گفتگو کا مرکز بننا کچھ زیادہ اچھا نہیں لگا تھا۔

دلہن کی بہن نیشا نے اس کا ہاتھ پکڑا اور آئمہ سے معذرت کرتی اسے تقریباً کھینچتے ہوئے اپنے ساتھ لے گئی۔

سیڑھیاں چڑھ کر وہ اسے ڈریسنگ روم میں لے آئی تھی جہاں دیوار گیر آئینے کے سامنے لڑکیوں کا ٹولا موجود تھا۔ کوئی لائنر لگا رہی تھی تو کسی کو اپنی لپ اسٹک سے مسئلہ تھا۔ کسی کو گہرے گلے نے تنگ کر رکھا تھا تو کوئی اپنے بالوں کو نئے سرے سے سیٹ کر رہی تھی۔

"گیس واٹ...... یہ میرے ساتھ کون ہے؟" نیشا نے کھڑے کھڑے اعلان کیا۔ لڑکیوں کی گردنیں گھومیں۔ سب نے سرتا پیر اس کا جائزہ لیا۔ کچھ نروس ہو کر جنت نے اپنا ہاتھ چھڑا لیا۔

''فارس کی بیوی...... جنت!''

وہاں ایک دم سناٹا چھا گیا۔ جو جہاں کھڑی تھی، وہیں کھڑی رہ گئی۔

ان سب کے چہروں پر ایک سے تاثرات تھے۔ رشک اور حسد کے ملے جلے تاثرات...... وہ سب کی سب ایلیٹ کلاس سے تعلق رکھتی تھیں۔ ان کا لباس، زیبائش، اطوار سب مختلف تھا۔ جنت کو یکدم اپنا آپ عجیب لگا۔ وہ ان میں مس فٹ تھی۔

''اوہ...... تو یہ ہے وہ!'' سماعت سے کھنکتی ہوئی خوب صورت آواز ٹکرائی۔ جنت نے بے ساختہ سر اٹھایا۔ وہ اس کے دائیں طرف بالکل سامنے صوفے پر ٹانگ جمائے بیٹھی تھی۔

سرخ رنگ کا میکسی نما سلیولیس لباس، سنہرے براؤن بال ہلکا سا کرل لیے اطراف میں بکھرے، دمکتی ہوئی سفید رنگت، نیلی کانچ سی آنکھیں...... متناسب سراپا...... وہ اتنی خوب صورت اور اسٹائلش تھی کہ ایک لمحے کے لیے جنت بھی اس کے چہرے پر سے نگاہ نہ ہٹا سکی۔

وہ اٹھ کھڑی ہوئی۔ تمسخر اڑاتی نگاہوں سے جنت کا جائزہ لیتی آگے بڑھی۔ ''تو اس پینڈو سے شادی کی ہے فارس وجدان نے۔''

لفظ ''پینڈو'' نے ان ماڈرن لڑکیوں کو بڑا محظوظ کیا۔ مسکراہٹ سب کے ہونٹوں پر رینگ گئی۔

''اور لڑکیوں کو تو ایسے ریجیکٹ کرتا تھا جیسے کوئی حور بیاہ لائے گا۔''

دبے دبے قہقہے چہار سو گونج اٹھے۔ گویا اس تبصرے کو بھی خوب انجوائے کیا گیا۔

جنت کی آنکھوں میں اضطراب آٹھہرا۔ رنگت سرخ پڑ گئی۔ وہ نروس تھی۔ گھبراہٹ کا شکار بھی ہو گئی۔ فارس کے حوالے سے آج پہلی بار اس کا اعتماد متزلزل ہوا تھا۔ وہ سر اٹھا کر جواب دینے کے بجائے اپنے آپ میں ہی سمٹ گئی تھی۔ کندھے پر اس کا ہاتھ جو نہ تھا۔ پہلو میں وہ اس کے ساتھ جو نہ تھا۔ نہ محبت ہمراہ تھی، نہ عزت کا احساس تھا۔ اعتماد آتا بھی تو کیسے...... وہ مقابلہ کرتی بھی تو کیسے......

''فائنلی تمہیں بھی دیکھ لیا۔'' سج سج قدم اٹھاتی وہ اس کے سامنے آ کھڑی ہوئی۔ ''ویسے ابھی بھی یہ سمجھ میں

نہیں آ رہا فارس وجدان کو تم میں کیا نظر آیا؟ تم بتا دو گی تو ہمیں آسانی ہو گی۔"

ایک بار پھر سب ہنسے تھے۔ اس پر، اس کے لباس پر، اس کی شکل و صورت پر......

"وہی جو اسے تم سب میں نظر نہیں آیا۔"

سب کی ہنسی تھم گئی۔ دوٹوک اور کٹیلے لہجے میں جواب دے کر وہ اسی وقت ان کے چنگل سے نکل کر باہر آ گئی تھی۔ اس دن کے بعد سے اس نے آئمہ ظہیر کے ساتھ کوئی بھی فنکشن اٹینڈ کرنے سے توبہ کر لی تھی۔ وہ فارس کی وجہ سے نظروں میں نہیں رہنا چاہتی تھی۔ جج نہیں ہونا چاہتی تھی۔ نہ اپنی شکل و صورت کے اعتبار سے، نہ کلاس اور لباس کے حساب سے......

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

ماورا طلحہ کا بہت خوبصورت نیا ناول

مرگ تمنا

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

تنزیلہ ریاض کا بہت خوبصورت نیا ناول

نورالقلوب

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

''تم آخر اتنے جتن کس لیے کر رہی ہو؟'' وہ آفس ٹیبل پر کافی کا مگ رکھ کر پلٹ رہی تھی جب فارس نے لیپ ٹاپ کی اسکرین سے نگاہ ہٹا کر کہا تھا۔ وہ رک کر، کچھ حیرت سے اسے دیکھنے لگی تھی۔

وہ خود سے مخاطب ہو جائے، ایسا شاذ و نادر ہی ہوتا تھا اور ان ڈیڑھ ماہ میں تو شاید دو تین بار ہی ہوا ہوگا۔

''اس رشتے کو قائم رکھنے کے لیے......'' اس نے بلا کسی تمہید کے، بلا کسی کنفیوژن یا گھبراہٹ کے فارس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا تھا۔

''کس رشتے کو قائم کرنے کے لیے......؟ جسے میں سرے سے تسلیم ہی نہیں کرتا؟''

''تسلیم نہ کرتے تو نکاح بھی نہ کرتے۔'' اب کے وہ مسکرائی۔ وہ بھی مسکرایا۔ بخدا اس کی مسکراہٹ......اگر طنزیہ نہ ہوتی تو کتنی خوب صورت ہوتی۔

''تسلیم کرنا کچھ اور ہے......نکاح کرنا کچھ اور......''

''خدا کی مقرر کردہ حدود کی درجہ بندی کرنے والے تم کون ہوتے ہو؟'' وہ سوالیہ نشان بن گئی۔

کس چیز نے اسے اتنا نڈر اور بہادر بنا دیا تھا؟ فارس بھی سوچتا ہوگا، کس چیز نے اسے اتنا قوی کر دیا ہے۔ وہ بھی سوچا کرتی تھی۔

''تم اس گھر میں میری ماں کی وجہ سے ہو۔'' فارس نے یاد دلایا تھا۔

''غلط......! میں اس گھر میں تمہاری وجہ سے ہوں۔ میرا نکاح تم سے ہوا ہے۔''

فارس کی آنکھوں میں شعلوں کی لپک دیکھ کر اسے اندازہ ہوا وہ اس کے خراب موڈ کا ٹریگر دبا چکی ہے۔

''ممی کو بہو چاہیے تھی......وہ اپنی مرضی اور پسند سے تمہیں یہاں لے بھی آئیں......'' ایک لمحے کو رک کر اس نے سر اٹھایا۔ ''مجھے لائف پارٹنر چاہیے ہوتا تو میں کم از کم تمہارا انتخاب نہ کرتا۔''

''کیوں، مجھ میں کیا کمی ہے؟'' اس نے سوالیہ ابرو اٹھائی۔

''میں جواب دینے کا پابند نہیں۔'' لیپ ٹاپ بند کر کے وہ فرصت سے اس کی طرف متوجہ ہوا تھا۔

''جب تمہیں اچھی طرح اندازہ ہو چکا ہے کہ میں اس رشتے میں سیریس ہوں اور نہ ہی کبھی ہو سکتا ہوں تو

پھر یہ سب کس لیے؟ کون بے وقوف تمہیں پٹیاں پڑھا رہا ہے کہ تم اس طرح میرے آگے پیچھے پھرو گی تو مجھے تمہاری عادت ہو جائے گی، اس کے بعد میں اس رشتے کو ختم کرنے کا یہ فضول سا آئیڈیا اپنے ذہن سے نکال دوں گا اور ہم دونوں ہنسی خوشی رہنے لگ جائیں گے۔"

وہ اس کی ذات کی دھجیاں بکھیر کر تمسخرانہ نگاہوں سے اب اسے دیکھ رہا تھا اور جنت لبوں پر ہلکا سا تبسم لیے بمشکل ہی اپنے جذبات پر قابو رکھ پائی تھی۔

"ویسے تمہاری یہ ادائیں تمہارے پہلے شوہر کے کام نہیں آئیں؟ میرا مطلب ہے تم اس کے ساتھ پانچ سال رہی ہو...... پانچ سال کا عرصہ کوئی مذاق نہیں ہے۔ اس کے باوجود تمہیں طلاق ہوئی۔"

روح پہلے سے گھائل تھی۔ وجود کے پرخچے اب اڑے تھے۔ وہ حیران تھی۔ وہ اس کے سامنے اب تک کیسے کھڑی تھی۔ اپنے قدموں پر...... اس استحقاق کے ساتھ...... کیسے ڈٹی ہوئی تھی۔ کیسے سن رہی تھی وہ اس کے زہر میں بجھے ان لفظوں کو جو اندر ہی اندر اسے چھلنی کرتے جا رہے تھے۔

"تمہاری ایک مشکل آسان کر دیتا ہوں۔" میز پر کہنیاں جما کر وہ آگے ہوا۔ "جس دن میں تمہیں اس گھر سے باہر کا راستہ دکھاؤں گا، اس دن تمہارے بینک اکاؤنٹ میں اتنی رقم ہو گی کہ تم اگلے دس پندرہ سالوں تک گھر میں بیٹھ کر بھی اڑاؤ گی تو ختم نہیں ہو گی۔ سو یہ سوچنا چھوڑ دو کہ طلاق کے بعد تمہارا کیا بنے گا! دولت ملے گی تو تم بھول جاؤ گی برہان کون تھا...... فارس کون ہے۔"

لفظ تھے یا برچھی...... اسے کاٹ کر گزر گئے تھے۔

اس کے لب کپکپا اٹھے۔ آنکھیں بے اختیار نم ہو گئیں۔ مگر اس نے فارس سے مزید کچھ نہ کہا تھا۔ بے حد خاموشی سے جانے کے لیے اٹھ گئی تھی۔

ایک آسودہ سی مسکراہٹ فارس وجدان کے لبوں پر آ کر ٹھہر گئی۔ یہ احساس ہی تسلی بخش تھا کہ جو لڑکی اس کا سکون برباد کرنے کی کوشش کر رہی تھی، وہ اسے بے سکون کرنے میں کامیاب ہو گیا ہے۔

☆......☆......☆

مگر یہ سکون بھی اس کی خوشیوں کی طرح وقتی ہی تھا کہ اگلے روز جب وہ جاگنگ کے لیے اپنے گارڈ کی معیت میں گھر سے نکلا تھا تو ہشاش بشاش چہرے کے ساتھ وہ بھی اس کے پیچھے پیچھے آرہی تھی۔

فارس نے مڑ کر اسے تب دیکھا جب گارڈ نے توجہ اس کی طرف دلوائی تھی۔

''سر! آپ کی مسز......''

سیاہ ٹراؤزر پر سفید کاٹن کی قمیص پر گلابی رنگ کا لمبا سا سویٹر زیب تن کیے، گلے میں دوپٹے کو مفلر کی طرح بل دے کر ڈالے، بالوں کی اونچی پونی ٹیل بنائے وہ چمکتی ہوئی روشن آنکھوں کے ساتھ اس کے پاس آکر مسکرائی۔

''گڈ مارننگ......!''

''واٹ نان سینس......!'' اس نے دبی آواز میں جھاڑا۔

''حیران کر دیا نا میں نے تمہیں......؟ کہتے ہیں انسان ناراض بھی صرف ان سے ہوتا ہے جن سے کوئی تعلق ہو...... بھلا میں کیوں تمہاری باتوں کو مائنڈ کرنے لگی؟''

وہ لب بھینچے سختی سے اس کی طرف دیکھتا رہا۔ گزشتہ شب کی تلخ کلامی کے بعد بھی اس لڑکی میں اتنی سکت تھی کہ وہ اگلے روز ہی یوں مخاطب ہوگی جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔ وہ تو یہ توقع کیے ہوئے تھا کہ اگلے چند دنوں تک تو وہ بات بھی نہیں کرے گی اور یہاں......

''نفرت بھی ایک تعلق ہوتا ہے۔ نظر انداز کرنے کے لیے کسی کو محسوس کرنا ضروری ہے۔ میں حیران ہوں تم پچھلے ڈیڑھ ماہ سے مجھے نظر انداز کر رہے ہو! یعنی تم پچھلے ڈیڑھ ماہ سے مجھے محسوس کر رہے ہو۔''

''کسی روز تمہیں تمہاری یہ خوش فہمیاں لے ڈوبیں گی۔'' اس نے دانت پیس کر کہا۔

''میں بہت اچھی تیراک ہوں فارس!''

''بہترین تیراک بھی شارک کی خوراک بن جایا کرتے ہیں۔''

''شاید اس لیے کہ وہ بروقت ساحل پر نہیں پہنچ پاتے۔''

''تم پہنچ جاؤ گی ساحل پر؟''

https://novelkidunya.com/

"ساحل پر ہی تو کھڑی ہوں میں۔"

ماتھے پر تیوری چڑھائے وہ جاگنگ ٹریک پر تیز تیز قدم اٹھانے لگا۔

"کیا تمہیں اس بات کی فکر ہے کہیں مجھے میری خوش فہمیاں نہ لے ڈوبیں؟" وہ بھی اس کے پیچھے آنے لگی۔

"تمہاری فکر اور مجھے ہوگی؟" سوالیہ ابرو اٹھا کر اس نے جن نگاہوں سے جنت کو دیکھا، وہ کڑھ کر رہ گئی۔

"ویسے سیلف ریسپکٹ کیا اپنے ایکس ہسبنڈ کے گھر بیچ کھائی ہے تم نے؟" فارس کے قدموں کے ساتھ قدم ملاتی، اپنا تنفس قابو میں کرتی جنت کے قدموں کی حرکت مدھم پڑ گئی......نہ چاہتے ہوئے بھی وہ رک گئی تھی۔

وہ بھی رک گیا تھا۔محض ایک لمحے کے لیے......

"تمہیں عجیب نہیں لگتا؟ مجھے بہت عجیب لگتا ہے۔اس طرح اپنی سیلف ریسپکٹ کی بھینٹ چڑھا کر، میری توجہ حاصل کرنے کے لیے میرے آگے پیچھے پھرنا۔"

تمسخر اڑاتا ہوا زم لہجہ تھا اس کا......

مگر جنت کے گال پر جیسے کسی نے طمانچہ دے مارا تھا۔وہ بل کر رہ گئی تھی۔

❁ ❁

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

https://novelskiduniya.com/ Novels Ki Duniya

قسط نمبر 2

نس

''جن کی کشتیاں جلا دی جائیں، انہیں زیادہ تحمل، زیادہ صبر کا مظاہرہ کرنا ہوتا ہے۔'' مدھم سی سرسراہٹیں پیدا کرتی خنک ہوائیں اس کے وجود پر کپکپی سی طاری کر گئیں۔

فارس بہت آگے نکل چکا تھا۔ اس نے ایک بار بھی مڑ کر جنت کی طرف دیکھنے کی کوشش نہیں کی تھی۔

☆......☆......☆

جاگنگ کے بعد اس نے شاور لیا تھا اور کپڑے بدل کر جب نیچے آیا تھا تو جنت کمال گلاس وال کے اس پار اسے مالی سے الجھتی اور پھولوں کو توڑتی نظر آئی تھی۔ اس کی آنکھوں میں ناگواری ابھر آئی۔

ایک معمول سا بنا لیا تھا اس لڑکی نے کہ ہر روز کمرے کو تازہ پھولوں سے معطر کرنا ہے۔

سر جھٹک کر رسٹ واچ پہنتے ہوئے وہ مسز شیرازی کے کمرے میں آ گیا تھا۔

''آپ تیار ہیں ممی؟''

''ہاں بیٹا!'' مکمل تیاری کے ساتھ وہ وہیل چیئر پر تھیں۔ بس ہیڈ اسکارف لے رہی تھیں۔ آج ان کی ڈاکٹر کے یہاں اپائنمنٹ تھی۔ ویکلی چیک اپ کے لیے جانا تھا انہیں۔ پٹھانی بھی ان کے ساتھ ہی جایا کرتی تھی۔

موبائل پر کسی کا نمبر ڈائل کرتے ہوئے اس کی نگاہ بے ساختہ ہی دیوار گیر کھڑکیوں کے سامنے رکھی گلاس ٹیبل پر جا پڑی۔ وہ ٹھٹک کر رک گیا۔

میز کے کناروں کے ساتھ گول دائرے کی صورت میں ترتیب سے رکھے گلاب کے پھولوں پر اس کی نظر یوں ٹھہری کہ وہ ہٹا ہی نہ سکا۔ مسلی ہوئی پنکھڑیاں، ٹوٹے ہوئے پتوں کی لہر......اور سلامت پھولوں کا گھیراؤ......

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

یادداشت کے کسی کونے میں کوئی بھولا بسرا منظر تازہ ہوا تھا۔ کوئی آواز گونجی تھی۔ پردہ لہرایا تھا اور پھر ایک ایک کر کے سفید پھول کھڑکی سے اندر گرتے چلے گئے تھے۔

''گیٹ ویل سون......!'' مارکرز سے لکھا پیغام کھڑکی کے شیشے پر ابھر آیا تھا۔

''فارس!'' مسز شیرازی کی آواز پر اس نے چونک کر اپنے خیالات سے سر نکالا، پھر مڑ کر انہیں دیکھا۔

''آئی ایم ریڈی بیٹا......!''

سر ہلا کر وہ ان کی جانب بڑھ گیا۔

مگر وہ پھولوں کی اس ترتیب سے، لہروں میں رکھے ان پتوں سے، اور وسط میں رکھی کچھ بکھری، کچھ ٹوٹی اور کچھ مسلی ہوئی ان پنکھڑیوں سے پیچھا نہ چھڑا سکا جنہوں نے کچھ دیر کے لیے ہی سہی، اسے ماضی کے حوالے کر دیا تھا۔

☆......☆......☆

''ہماری اس کاغذی شادی کو پورے دو ماہ ہونے کو ہیں۔'' وہ بیڈ پر نیم دراز لیپ ٹاپ پر کام کر رہا تھا جب ہاتھوں پر لوشن لگاتے ہوئے وہ اس سے مخاطب ہوئی تھی۔

فارس نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا۔ صوفے پر وہ خاصے شاہانہ انداز میں بیٹھی تھی۔ فکر اور اندیشوں سے پرے......

''کیا تمہارا نہیں خیال اب ہمیں دوستی کر لینی چاہیے؟'' جاگنگ ٹریک پر ہونے والی گفتگو کے بعد اس نے اب خاموشی کا قفل توڑا تھا۔

یعنی پورے پندرہ گھنٹوں کے بعد۔

''ٹھیک ہے مان لیا یہ کاغذی رشتہ ہے، ایک مخصوص مدت تک رہے گا، اس کے بعد سب ختم ہو جائے گا، لیکن اس مخصوص مدت تک کیا تم آنکھوں سے تیر، نیزے، تلواریں مارنا بند نہیں کر سکتے؟''

وہ اسے نظر انداز کیے اپنا کام کرتا رہا۔

''اگر ہماری دوستی ہو جائے گی تو مجھے ذرا ذرا سی فرمائش کے لیے آنٹی کے پاس نہیں جانا پڑے گا، یعنی کہ میں ڈائریکٹ تم سے بات کر سکوں گی اور اس طرح بہت سہولت رہے گی مجھے......اور تمہیں بھی......! کیا خیال ہے؟''

https://novelskiduniya.com/ Novels Ki Duniya

وہ خاموش رہا۔

وہ اب خاموش ہی رہتا تھا۔

"ویسے فارس! کیا تم جانتے ہو ان لڑکیوں کی کہانیوں میں کیا ہوتا ہے جن کے شوہر حضرات تمہارے جیسا رویہ رکھتے ہیں؟" کچھ دیر تک خاموش رہ کر، کچھ سوچ کر اس نے استفسار کیا تھا۔

وہ نہیں جانتا تھا اور نہ ہی جاننا چاہتا تھا۔

جنت جانتی تھی اور اسے بھی بتانا چاہتی تھی۔

"یعنی کہ شادی کی پہلی رات نئی نویلی دلہن کو کمرے سے باہر نکال دینا۔ پھر اسے دھمکانا...... اس پر رعب جمانا اور اپنے معاملات سے دور رہنے کی سختی سے تلقین کرنا اور یہ بھی باور کروانا کہ شادی سراسر مرضی کے خلاف کی گئی ہے یا پھر انتقام لینے کے لیے شادی کرنا پڑی ہے وغیرہ وغیرہ...... پہلے مجھے لگتا تھا ایسا صرف کہانیوں میں ہوتا ہے۔ اب مجھے لگتا ہے حقیقی زندگی میں بھی ایسا ہو سکتا ہے۔" ایک لمحے کو رک کر اس نے کچھ سوچا، پھر اپنے ٹریک پر واپس آ گئی۔

"اس کے بعد ہوتا یہ ہے کہ بے چاری سی، معصوم سی روتی سسکتی ہیروئین اپنے سڑے ہوئے کھڑوس شوہر کی خدمت داریوں میں جُت جاتی ہے۔ وہ خود کو حالات کے حوالے کر کے اس کی سختیاں جھیلتی رہتی ہے یہاں تک کہ شوہر کا ایکسیڈنٹ ہو جاتا ہے۔"

فارس نے اسکرین سے نگاہیں ہٹا کر سوالیہ نگاہوں سے اسے دیکھا۔

"اوہ شکر! وہ سن رہا ہے۔" لبوں پر ابھرتی مسکراہٹ کو جنت نے بمشکل روکا۔

"ہلکا پھلکا سا ایکسیڈنٹ ہوتا ہے فارس! کچھ زیادہ سیریس نہیں۔" انداز تسلی دینے والا تھا۔

"شوہر چند ایک ہڈیاں تڑوا کر بستر سے لگ جاتا ہے۔ اس کے دوست احباب، سوکھی سڑی گرل فرینڈز وغیرہ وغیرہ سب اسے چھوڑ دیتی ہیں مگر ظلموں کی ماری وہ دکھی، بے چاری اور معصوم سی ہیروئین اسے نہیں چھوڑتی۔ آخر وہ اس کا شوہر ہے بھئی، کوئی مذاق تھوڑی ہے۔ حالانکہ ہیروئن کو چاہیے وہ اس بندے کی چند ہڈیاں مزید توڑ دے، کچھ اور نہ سہی، ایک عدد تھپڑ ہی جڑ دے مگر نہیں۔ خیر، یہ ہمارا مسئلہ نہیں۔ اب ہماری ہیروئن کرتی یہ ہے کہ اس

کی خدمت میں لگ جاتی ہے۔اس کا خیال رکھتی ہے۔اپنے ہاتھوں سے کھانا کھلاتی ہے۔شوہر اس کا ظرف دیکھ کر شرمندہ ہو جاتا ہے۔پچھتاؤں میں گھر جاتا ہے۔افسوس کرتا رہتا ہے کہ اتنی اچھی لڑکی کی وہ اتنا عرصہ بے قدری کرتا رہا......اسے رلاتا رہا۔" اس نے رک کر فارس کو دیکھا۔

وہ اب اسے نہیں دیکھ رہا تھا۔کی بورڈ پر اس کی انگلیاں تیزی سے متحرک تھیں۔

"پچھتاوا انسیت کو جگہ دیتا ہے۔انسیت رحم دل بنا دیتی ہے۔اور شاید رحم سے ہی محبت جنم لیتی ہے۔پھر وہ اپنے رویے کی معافی مانگتا ہے۔اور ہماری پیاری،دکھی،معصوم اور نرم دل،فرشتہ صفت ہیروئن اسے فوراً سے معاف کر دیتی ہے اور دونوں ہنسی خوشی رہنے لگتے ہیں......"

https://novelskidunya.com/

فارس نے لیپ ٹاپ زور سے بند کر دیا۔اس کا غارت شدہ موڈ مزید غارت ہو چکا تھا۔

غالباً اسے ہپی اینڈنگ نہیں،طلاق چاہیے تھی۔

"اب مجھے سمجھ میں نہیں آ رہا کہ تمہارے دل اور ارادوں کو بدلنے کے لیے مجھے کیا کرنا چاہیے؟ان ہیروئنز کی طرح تمہاری چند ایک ہڈیاں ٹوٹنے کا انتظار کرنا چاہیے یا پھر مجھے اپنی زندگی کی کہانی کو کسی اور رخ ڈال دینا چاہیے؟ کیونکہ یہ تو کنفرم ہے خدمت داریوں سے تمہارا دل پگھلنے والا نہیں......سو......" اس نے پر سوچ نگاہوں سے فارس کو دیکھا۔

Novel Ki Duniya

"تم کیا مشورہ دو گے،مجھے کیا کرنا چاہیے؟" خاصی سوچ بچار کے بعد اس نے پوچھا تھا۔

"زہر کھا کر مر جانا چاہیے۔"

"ہے نا......!میں نے بھی یہی سوچا تھا کہ شاید اس طرح تمہارے ارادوں پر کوئی فرق آئے مگر اس طرح ہو گا یہ کہ تمہاری دلی مراد پوری ہو جائے گی اور میں خالی خولی قبر میں اُتر جاؤں گی۔جبکہ مجھے اپنی لائف اسٹوری میں کچھ مختلف چاہیے۔کچھ ایسا جس سے ہم دونوں کی خواہش پوری ہو جائے۔یعنی تم مجھے چھوڑنا چاہتے ہو......اور میں تمہارے ساتھ رہنا چاہتی ہوں!دونوں کی خواہش......ایک ہی وقت میں......ایک ساتھ پوری ہو جائے۔"

فارس نے اچنبھے سے اس لڑکی کو دیکھا۔ہوش وحواس میں تو تھی وہ......!

بھلا ایک ہی وقت میں دونوں کی متضاد خواہشات کیسے پوری ہو سکتی تھیں؟

''بتاؤ بھی......''

''مر جاؤ۔'' اس کی برداشت اب ختم ہو رہی تھی۔

''پھر بدروح بن کر تمہارے آگے پیچھے پھروں یہی؟'' وہ پرجوش سی ہوئی۔

''اب اگر دوبارہ تمہاری آواز آئی تو میں تمہیں کمرے سے نکال دوں گا۔'' اسے وارننگ دے کر وہ لحاف تانے سونے کے لیے لیٹ گیا تھا۔

''جانور کے ساتھ بھی انسان کچھ وقت بتائے تو اس سے انسیت ہو جاتی ہے، میں تو پھر انسان ہوں۔ میرے ساتھ رہ کر تمہارا دل بھی نرم ہو جائے گا۔''

''بھول ہے تمہاری۔''

''بھول میری نہیں، تمہاری ہے فارس وجدان!''

اس نے اٹھ کر لائٹس آف کر دیں۔ مگر جب صوفے پر بیٹھی تو کسی خیال کے تحت اس کی آنکھیں چمک رہی تھیں۔ وہ آنے والے کل کو سوچ رہی تھی اور کل اس نے کیا کرنا تھا، وہ پروگرام ترتیب دے چکی تھی۔

☆......☆......☆

اگلے دن ٹھیک گیارہ بجے وہ شیرازی انٹرپرائزز میں اس کے آفس کے باہر کھڑی تھی۔

شاندار عمارت کی بارھویں منزل تک پہنچنے سے پہلے وہ مختلف فلورز پر، مختلف اسٹاف ممبرز سے اپنا تعارف کرواتی ہوئی آئی تھی۔

وہ جنت بنت کمال تھی۔ شیرازی انٹرپرائزز کے نوجوان چیئر مین اور سی ای او کی زوجہ محترمہ!

جو بھی اس سے ملا...... حیران ہو کر ملا۔ خاص کر خواتین اسٹاف تو کچھ زیادہ ہی صدمے میں تھیں۔

''آپ نے فارس کو بتایا تو نہیں کہ میں یہاں آئی ہوں۔'' اس نے صدیقی صاحب سے کہا تھا۔

''نہیں، فی الحال انہیں علم نہیں، اس وقت وہ میٹنگ میں مصروف ہیں۔'' فنانس منیجر صدیقی صاحب اسے

جانتے تھے، انہوں نے نکاح اور ولیمہ میں شرکت کی تھی۔ اس وقت بھی وہی اس کے ہمراہ تھے۔

''اچھی بات ہے، میں انہیں سرپرائز دینا چاہتی ہوں۔''

صدیقی صاحب بدقت مسکرائے۔ جانتے تھے ان کے باس کو سرپرائز کتنے برے لگتے تھے۔

چوتھے فلور پر وہ یونہی ٹہلنے لگی...... اس نے صدیقی صاحب سے بھی کہہ دیا کہ وہ فارس کے آفس تک خود ہی چلی جائے گی۔

دیوار گیر کھڑکیوں سے شہر کا خوب صورت نظارا کرتی وہ آگے بڑھتی گئی۔ پندرہ بیس منٹ تک ٹہلتی رہی اور جب صدیقی صاحب کی طرف سے اسے میٹنگ ختم ہونے کا میسج ملا تو وہ چند لڑکیوں کے ساتھ لفٹ پر سوار ہو گئی۔

''سنا ہے فارس وجدان کی مسز آئی ہوئی ہیں۔''

''میں نے بھی یہی سنا ہے۔''

''کمپنی کی فی میل اسٹاف کے ساتھ ہمارے باس اتنے روڈ ہیں! خدا جانے بیوی کے ساتھ کیسا رویہ ہوگا۔''

''بیوی پر تو جان چھڑکتے ہوں گے۔'' دوسری نے لقمہ دیا۔

اس کے عقب میں کھڑی جنت بے ساختہ ہنس دی۔

تینوں نے مڑ کر اسے دیکھا۔

غلطی کا احساس ہوتے ہی وہ مصروفیت بھرے انداز میں موبائل اسکرین پر جھک گئی۔

کچھ ہی دیر میں وہ بارہویں منزل پر فارس وجدان کے آفس کے سامنے کھڑی تھی۔ سیکرٹری نے فون پر اطلاع پہنچا دی تھی اور اس کی توقع کے برعکس اسے فوراً ہی طلب کر لیا گیا تھا۔

اجازت ملتے ہی وہ دروازہ کھول کر اس کے آفس میں داخل ہوئی اور حیران رہ گئی۔

سفید رنگ کی تھیم میں سجا اس کا آفس انتہائی شاندار تھا۔ مگر آفس سے بھی شاندار تو اس کے شوہر کا غصہ تھا۔

شرٹس کی آستین کہنیوں تک موڑے، پیشانی پر ڈھیر سارے بل ڈالے وہ غصے میں تھا۔ آنکھوں میں سرخی تھی، جبڑے بھینچے ہوئے تھے۔ تاثرات پتھر کی طرح سخت پتھریلے سے......

''تم کیا کر رہی ہو یہاں......؟'' سر پر پہنچ کر وہ دبی آواز میں دھاڑا تھا۔

''اپنے کاغذی شوہر کا آفس دیکھنے آئی تھی۔ اس میں کوئی گناہ ہے کیا؟'' فارس کو جواب دے کر اس نے اشتیاق کے عالم میں چاروں اور نگاہ دوڑائی۔

فارس نے مٹھیاں بھینچ لیں۔

آفس ٹیبل پر دھرے کچھ ڈیکوریشن پیسز کو چھیڑتے ہوئے اس نے نیم پلیٹ کو بغور دیکھا۔ وال پر لگی سفید براق گھوڑے کی پینٹنگ کو سراہا۔ شیلف میں ترتیب سے رکھی فائلز کا جائزہ لیا۔ پھر آرام سے ٹانگ پر ٹانگ جمائے کاؤچ پر بیٹھ گئی۔

''کہتے ہیں سفید رنگ امن اور محبت کی علامت ہوتا ہے۔ تمہیں کیا لگتا ہے؟''

وہ سرد نظروں سے اسے دیکھتا رہا۔

''اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جو لوگ اس رنگ کو پسند کرتے ہیں، ان کے مزاج میں دھیما پن ہوتا ہے، وہ صلح جو اور بردبار ہوتے ہیں۔ کیا ایسا ہی ہے؟''

''کیوں آئی ہو یہاں......؟'' فارس نے اس کے سوالات نظرانداز کر دیے۔

''چائے یا کافی کا نہیں پوچھو گے تم؟'' جنت نے پلکیں جھپکائیں۔

''نہیں......!''

''حالانکہ آنٹی کہہ رہی تھیں تم خاصے مہمان نواز ہو۔''

''ابھی اور اسی وقت دفع ہو جاؤ یہاں سے۔''

''اب دفع تو میں تمہارے ساتھ ہی ہو سکتی ہوں، ڈرائیور مجھے ڈراپ کر کے جا چکا ہے، آنٹی سے میں کہہ آئی ہوں کہ تم نے ہی مجھے اپنے آفس کال کر کے بلایا ہے اور آج ہم دونوں کسی اچھے ریسٹورنٹ میں لنچ کریں گے۔''

فارس نے خود پر بمشکل ضبط کے پہرے بٹھائے تھے۔

''کتنی رقم چاہیے تمہیں؟'' آفس کی کرسی پر بیٹھ کر اس نے بے حد تحمل سے پوچھا تھا۔

''کس لیے؟'' وہ حیران ہوئی تھی۔

''اس ڈراما کو ختم کرنے کے لیے۔''

''تمہیں لگ رہا ہے میں ایکٹنگ کر رہی ہوں؟'' جنت کو برا لگا۔

''تم یہ جو کچھ بھی کر رہی ہو، اسے ختم کرنے کے لیے کیا لوگی؟''

''ایک کپ چائے...... اٹالین ریسٹورنٹ میں...... تمہارے ساتھ لنچ......!''

فارس نے بمشکل خود پر قابو پایا۔

''ویسے تم نے ابھی تک کسی کو بتایا نہیں کہ تم میریڈ ہو؟ سب یوں حیران ہوتے ہیں جیسے کسی بھوت کو دیکھ لیا ہو۔''

فارس نے اپنی کرسی چھوڑ دی تھی۔ ''اٹھو اب......!''

''مگر میں نے تو ابھی چائے نہیں پی......'' وہ سختی سے بازو میں انگلیاں گاڑے، اسے کھینچ کر اٹھاتے ہوئے دروازے پر لے آیا۔

''ہاؤ روڈ......'' جنت نے اپنا آپ چھڑا کر اسے تندہی سے دیکھا۔

''میں بہت مصروف ہوں، تمہاری ان جھوٹ موٹ کی اداکاری اور دو نمبری فرمائشوں کی تکمیل کے لیے وقت نہیں ہے میرے پاس! ڈرائیور کو کال کرو اور یہاں سے چلتی بنو۔'' دبی آواز میں جھاڑ کر اس نے دروازہ کھول دیا۔

سیکرٹری نے بے اختیار سر اٹھایا تھا۔

''ڈارلنگ......!'' سیکرٹری کے سامنے جنت کا رویہ خاصا رومانٹک ہو گیا۔ ''میں یہیں بیٹھ کر آپ کا انتظار کروں گی، بھلے سے سارا دن بیٹھی رہوں، مجھے کوئی مسئلہ نہیں۔''

اور فارس کا بس نہیں چل رہا تھا وہ اس لڑکی کو شیرازی انٹرپرائزز کی بارھویں منزل سے نیچے پھینک دے۔

لب بھینچ کر اس نے آفس کا دروازہ بند کر دیا تھا...... کچھ زیادہ ہی قوت سے۔

''میں دیکھتی ہوں کب تک مجھے باہر بٹھاتا ہے۔'' سینے پر بازو باندھے وہ سیکرٹری کے آفس میں بیٹھ گئی تھی۔

اب سیکرٹری اور وہ...... دونوں ہی ایک دوسرے کا جائزہ لے رہی تھیں۔

اور تب ہی کال موصول ہوئی تھی۔ کچھ سن کر سیکرٹری نے فارس وجدان سے رابطہ کیا تھا۔

"سر! شاہ گروپ کے لائیر برہان لغاری کی کال آئی ہے، ایک گھنٹے بعد آپ کی ان کے ساتھ میٹنگ ہے۔"

جنت کے چہرے کے تاثرات بدل گئے۔ اس کی سوچ، اس کے خیال جامد ہوئے۔ وہ یہاں کیوں کس لیے آئی ہے، سب بھول بھال گئی۔

حلق میں ابھرتی گلٹی کو بمشکل نیچے اتارتے ہوئے اس نے گال پر پھسلتی لٹ کو کان کے پیچھے اڑسا۔ سیکنڈ کے ہزارویں حصے میں اس کا سکون درہم برہم ہوا تھا۔

"میم! آپ چائے لیں گی یا کافی......؟" سیکرٹری اب اس سے پوچھ رہی تھی۔ شدت سے دھڑکتے دل کے ساتھ اس نے اسے دیکھا اور اٹھ کھڑی ہوئی۔

"کچھ نہیں۔" وہ جو شام تک فارس کے آفس میں بیٹھنے کے ارادے سے آئی تھی، بیگ کی اسٹریپس پر ہاتھ جمائے اسی وقت وہاں سے چلی گئی تھی۔

☆......☆......☆

وہ نام جسے وہ لبوں پر لانے سے گھبراتی تھی، جب سماعت میں پڑا تھا تو کتنی دہشت ہوئی تھی اسے......اور یہی دہشت آج پھر اس کی نیند حرام کرنے میں کامیاب ہوگئی تھی۔ اول تو اسے نیند آ ہی نہیں رہی تھی اور جب آئی تھی تو حقیقت نے خواب کا روپ دھار کر اسے فوراً سے جگا دیا تھا۔

پسینے سے شرابور وجود کے ساتھ وہ سر تھامے کتنی ہی دیر تک بیٹھی رہی تھی۔

ایسا نہیں تھا کہ وہ خوابوں سے پیچھا چھڑانے میں کامیاب ہوگئی تھی مگر جب سے اس نے فارس کے معاملات میں دلچسپی لینا شروع کی تھی، تب سے خواب کسی حد تک کم ہوگئے تھے۔

مگر آج پھر......

ہتھیلی کی پشت سے آنسو صاف کرتے ہوئے اس نے بے ساختہ سر اٹھا کر فارس کو دیکھا تھا۔ صد شکر کہ وہ گہری نیند میں تھا۔ صد شکر کہ وہ اس کی وجہ سے بے آرام نہیں ہوا تھا۔

گہری سانس لے کر، خود کو کمپوز کر کے وہ نیچے آ گئی تھی۔

پورے گھر میں خاموشی کا راج تھا۔ لائٹس آن کر کے وہ نماز والے کمرے میں داخل ہوئی تھی۔

زرکار روشنیوں میں کمرہ خاموشی میں ڈوبا تھا۔ آواز اس کے پھولے سانس کی تھی یا اس دھڑکن کی جو اسے کان میں گونجتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔

دن بھر خود کو مضبوط ظاہر کر کے..... تنہائی میں وہ ہر نقاب چہرے سے اتار دیا کرتی تھی۔

جو وقت اس آیت کے ساتھ گزرتا تھا، وہ حقیقتاً اسے اندر اور باہر سے ایک ہی کر دیتا تھا۔

وہ اب ذہن کو ماضی سے بھٹکانے کے لیے..... اپنا فوکس اس آیت پر جما رہی تھی اور غور کر رہی تھی ان سوالوں پر جو اس کے اندر سر اٹھا رہے تھے۔

پچھلے ایک ماہ سے اس کی یہی روٹین تھی۔

پچھلے ایک ماہ سے وہ اپنے اندر بڑھتے ہوئے اس شور سے پیچھا چھڑانے کے لیے یہی کر رہی تھی۔ پہلے وہ نصیب، قسمت، زندگی، مصائب، آزمائش اور محرومیوں کی بھول بھلیوں میں گم رہا کرتی تھی۔

اب سکون کی تلاش میں، وہ خود کو ان نشانیوں کے سپرد کرنے لگی تھی جو کچھ دیر کے لیے ہی سہی، اسے دکھ و آلام کا دوسرا رخ دکھانے لگتے تھے۔

وہ راز جو حروف میں چھپا تھا، وہ ابھی اس پر عیاں نہیں ہوا تھا۔ وہ معانی جو سمندر کی طرح گہرے تھے، ان میں وہ غرق نہ ہوئی تھی۔

سب کچھ مبہم تھا..... غیر واضح..... چھپا ہوا.....

مگر اس رات ایک سوال اس پر عیاں ہوا تھا۔

بغیر جواب کے بھی وہ دن کے اجالے کی طرح یوں واضح ہوا تھا کہ کتنی ہی دیر تک وہ اپنی جگہ بیٹھی رہ گئی تھی۔

”سوال تمہیں اس آیت تک لائے گا جنت! سوال ہی تمہیں اس کے معانی سمجھائے گا۔“

الف پر نظر جمائے وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

''آزمائش کی وادیوں میں بھٹکتے ہر انسان کو اس آیت پر غور کرنا چاہیے۔ ہر مریض کو، ہر سقیم کو، ہر علیل کو، ہر اثیم کو......''

مسز شیرازی کی آواز جیسے پلٹ کر آنے لگی۔

''اس آیت کا صرف وہ مطلب نہیں ہے جو ہم اکثر پڑھتے یا سمجھتے ہیں، اس کا ایک اور مطلب اس کے حروف میں کہیں چھپا ہے۔''

اور وہ حروف پر نظر جمائے کھڑی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

''بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔''

کمرے کی دیوار گیر کھڑکیوں پر سے پردے ہٹا کر اس نے مسز شیرازی کو دیکھا جو سامنے ہی وہیل چیئر پر براجمان کوئی کتاب ہاتھ میں لیے بیٹھی تھیں۔ سر اٹھائے اب وہ جنت کو دیکھنے لگیں جو سنگل صوفہ پر ان کے سامنے بیٹھ گئی تھی۔

''میں نے کل بہت سوچا اس بارے میں......'' وہ کپ میں چائے انڈیلنے لگی۔ ''اور کل رات ہی میرے ذہن میں خیال آیا۔ حالانکہ میں نے اس آیت کو بارہا سنا ہے۔ بارہا پڑھا ہے اور اس کے ذریعے اپنے ناتواں دل کو بارہا تسلی بھی دی ہے، مگر میں کل پہلی بار اس پر حیران ہوئی ہوں۔'' اس نے چائے کا کپ مسز شیرازی کو پیش کیا تھا۔

وہ بہت توجہ اور یکسوئی سے سنتے ہوئے اس کی آنکھوں میں دیکھ رہی تھیں۔

جنت کہاں تک پہنچ گئی ہے۔ شاید وہ بھی جاننا چاہتی تھیں۔

''آیت میں مشکل کے لیے لفظ ''عسر'' استعمال ہوا ہے۔ جس کا مطلب ہے ایک مشکل......اس حساب سے دیکھا جائے تو آسانی کے لیے بھی یہاں لفظ ''یسر'' استعمال ہونا چاہیے تھا۔ مگر اللہ نے لفظ ''یسرا'' استعمال کیا ہے، الف کے ساتھ!'' اب وہ اپنے کپ میں چائے نکال رہی تھی۔ ''پہلے مجھے لگا کہ شاید یسرا، یسر کی ہی جمع ہوگا، مگر جب میں نے اس کے جمع مفردات وغیرہ دیکھے تو معلوم ہوا یہ وہ بھی نہیں ہے۔

یسر......ایک آسانی......یسرین......دو آسانیاں......ایسا ردو سے زائد آسانیاں......

تو پھر یسرا کیا ہے؟" اس نے سر اٹھا کر مسز شیرازی کو دیکھا۔ "یہ میرا پہلا سوال ہے۔ اگلی بار میں اس سوال کا جواب دوں گی آپ کو۔" اب کے وہ بھی مسکرائی۔

مسز شیرازی نے محبت سے اس کے گال پر ہاتھ رکھا۔

"مجھے لگا شاید تم کافی وقت لوگی۔"

"مجھے بھی یہی لگا تھا۔ مگر کل رات جب میں بار بار اسے پڑھ رہی تھی، بار بار اسے کھوج رہی تھی تو اس وقت مجھے احساس ہوا آیات کے مفہوم بھی جیسے پرتوں میں چھپے ہوتے ہیں۔ گہرا مطلب سمجھنے کے لیے گہرائی میں اترنا پڑتا ہے۔ آپ نے ٹھیک کہا تھا، تدبر پانے کے لیے آیات کو ان کا وقت دینا پڑتا ہے۔"

"مجھے یقین ہے تم اس کا جواب بھی پالو گی۔"

"ہاں، میں ایسا ضرور کرلوں گی، مگر آپ سے ایک شرط پر ہی شیئر کروں گی۔"

"اور وہ شرط کیا ہے؟" انہوں نے دلچسپی سے پوچھا۔

کچھ سوچ کر، اس نے مسز شیرازی کی طرف دیکھا۔ نچلا لب دانتوں تلے رگڑتے ہوئے، گہرا سانس لے کر خود کو جیسے آنے والے لمحے کے لیے تیار کیا۔ کچھ ہمت مجتمع کی۔

"میں آپ کے پوتے سے ملنا چاہتی ہوں۔" اس نے اتنا اچانک کہا کہ مسز شیرازی اپنی جگہ ساکت بیٹھی رہ گئیں۔ انہوں نے جنت کو بے یقینی سے دیکھا۔

"میں نے غلطی سے آپ کی اور فارس کی گفتگو سن لی تھی۔" جھکی نگاہوں سے اس نے اپنے جرم کا اعتراف کیا۔

"میں منتظر رہی کہ شاید آپ خود اس سلسلے میں مجھ سے بات کریں گی مگر......"

مسز شیرازی خاموش ہو گئیں۔

"میں آپ کے پوتے سے ملنا چاہتی ہوں آنٹی، میں آپ کے لیے......" انہوں نے سر اٹھا کر جن نگاہوں سے جنت کو دیکھا، وہ چپ ہو گئی۔ کتنا درد تھا ان آنکھوں میں۔

''فارس کو برا لگے گا، وہ تم سے ناراض ہو جائے گا۔'' اور جنت انہیں بتا نہ سکی کہ فارس تو روزِ اول سے خفا ہے۔
''میں اسے خبر نہیں ہونے دوں گی۔'' اس نے یقین دہانی کرائی۔
''اسے پھر بھی خبر ہو جائے گی! وہ یہ بات برداشت نہیں کر پائے گا کہ اس کی بیوی حماد کے بیٹے سے ملے۔''
''ایسا کچھ نہیں ہوگا، آپ فکر نہ کریں، میں سب سنبھال لوں گی، آپ مجھے ایڈریس بتائیں میں خود......''
''نہیں...... جنت میرے بچے...... نہیں۔'' انہوں نے اسے ٹوک دیا۔ ''جانے دو اسے......'' وہ جیسے اس ٹاپک پر مزید کوئی بات نہیں کرنا چاہتی تھیں۔ کوئی وضاحت نہیں دینا چاہتی تھیں۔ کچھ بتانا بھی نہیں چاہتی تھیں۔
ایک حکایت ان کی بھی تو تھی۔ فارس کی بھی...... اس کے بھائی اور بچے کی بھی......
''آنٹی......!''
''فارس کو بہت برا لگے گا۔ تمہیں اپنے شوہر کے احساسات کا خیال ہونا چاہیے۔''
جنت انہیں ہمدردی سے دیکھ کر رہ گئی۔ آخر کوئی انسان اپنے یتیم بھتیجے کے لیے اتنا سنگدل کیسے ہو سکتا ہے۔''
''نہیں، وہ سنگدل نہیں ہے...... اسے سنگدل مت کہو۔'' مسز شیرازی نے جیسے اس کی سوچ پڑھ لی تھی۔
جنت حیرت سے انہیں دیکھ کر رہ گئی۔
''بہت حساس تھا وہ...... جب پتھر ہوا تو پوری طرح سے ہوا۔ بے حس ہوا تو ہر کسی کے لیے ہوا۔ اسے الزام مت دو جنت! میں بھی نہیں دیتی۔''
انہوں نے چہرے کا رخ موڑ لیا تھا۔ جنت اپنی جگہ سن بیٹھی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

''میں بلی پالنے کا سوچ رہی ہوں۔''
کف لنکس اتار کر ڈریسنگ ٹیبل پر رکھتے ہوئے فارس وجدان نے اسے سرد نظروں سے دیکھا۔ وہ ابھی ابھی ضروری میٹنگ اٹینڈ کر کے گھر لوٹا تھا۔ اور ہمیشہ کی طرح جنت کمال اس کے سر پر سوار ہو چکی تھی۔
''کوئی ضرورت نہیں۔'' جنت نے دیکھا۔ اس کی نم آنکھیں بے تحاشا سرخ ہو رہی تھیں۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

''تمہاری ضرورت کی نہیں، اپنی ضرورت کی بات کر رہی ہوں۔''

''اس گھر میں کوئی جانور نہیں آ سکتا۔'' فارس کا لہجہ حتمی تھا۔ انکار پتھر پر لکیر جیسا۔

روز ہی وہ کوئی نہ کوئی فرمائش کرتی تھی۔ روز ہی وہ بے رحمی سے رد کر دیتا تھا۔

''کیوں نہیں آ سکتا؟'' وہ بحث کے موڈ میں آ گئی۔

''کیونکہ میں نہیں چاہتا۔''

''اور تم کیوں نہیں چاہتے؟''

''میں جواب دینے کا پابند نہیں۔''

''میں جواب دینے کا پابند نہیں۔'' جنت نے ہو بہو اس کے انداز میں نقل اتاری۔ فارس وجدان نے رک کر اسے کڑے تیوروں سے گھورا۔ یہ لڑکی اب اپنی حد سے بڑھ رہی تھی۔

''ساری پابندیاں تو صرف میرے لیے ہی ہیں نا......!'' رک کر اس نے تاسف سے سر ہلایا۔ ''مجھے لگتا تھا تم میرے لیے ہی بے رحم ہو، یہاں تو بے چارے جانور بھی تمہاری نفرت سے محفوظ نہیں ہیں۔''

وہ ضبط کیے خاموش رہا۔

جنت کو یہ خاموشی نہیں چاہیے تھی۔

''تو اب میں یہ سمجھوں کہ تم بھی ان دس پرسنٹ لوگوں میں شامل ہو جنہیں بلیاں اچھی نہیں لگتیں؟'' اس نے بات بڑھائی۔

''ہاں! ہوں! کوئی اعتراض......؟'' وہ جھنجھلاہٹ کا شکار ہوا تھا۔

''بخدا! کوئی اللہ کی اتنی پیاری تخلیق کو ناپسند کیسے کر سکتا ہے؟'' یقیناً تم نے بلیوں کو ہاتھ بھی نہیں لگایا ہوگا۔ انہیں قریب سے دیکھا بھی نہیں ہوگا؟'' وہ وارڈروب سے کپڑے نکالے واش روم میں گھس گیا تھا۔

جنت دروازے کے پاس آ کر کھڑی ہو گئی تھی۔ ''تم بلیوں کے ساتھ تھوڑا سا وقت گزار کر تو دیکھو، بہت اچھا محسوس کرو گے۔''

اندر شرٹ اتارتے ہوئے فارس وجدان زیرِ لب بڑبڑایا۔ ''ہاں! بہت اچھا محسوس کروں گا۔'' انداز میں جھلاہٹ نمایاں تھی۔

''میں جانتی ہوں تمہیں میرے احساسات کی کوئی قدر نہیں ہے۔ لیکن بلی والی بات پر مجھے تمہارا اعتراض کچھ ٹھیک نہیں لگ رہا! ٹھیک ہے یہ گھر تمہارا ہے۔ لیکن میں بھی تو تمہاری بیوی ہی ہوں۔ کاغذی ہی سہی، اتنا تو حق رکھتی ہی ہوں کہ...... '' وہ رک گئی۔ ''تم سن بھی رہے ہو میں کیا کہہ رہی ہوں۔''

دروازہ کھل گیا تھا۔

سیاہ جینز پر سیاہ شرٹ میں ملبوس وہ باہر آگیا۔ وارڈ روب کھولے اس نے سفید رنگ کا جمپر نکالا۔

''میں کہہ رہی ہوں کہ ایک چھوٹی سی بلی۔''

''یہ کیا بلی بلی لگا رکھی ہے تم نے...... جب منع کر دیا ہے کہ نہیں آسکتی تو نہیں آسکتی! اور یہ تمہارا گھر نہیں ہے جہاں تم اپنی مرضی چلا سکو۔'' بگڑے تیوروں کے ساتھ اسے ڈانٹ کر وہ کمرے سے نکل گیا تھا۔

جنت ضبط کیے کھڑی رہ گئی۔ پھر دماغ نے ٹہوکا دیا تو تن فن کرتی اس کے پیچھے باہر آ گئی۔

''جب میں تمہاری بیوی ہوں ہی نہیں، تو یہ شوہروں والا رعب کیوں دکھاتے ہو مجھے؟''

سیڑھیاں اترتے فارس وجدان کے قدموں کی حرکت تھمی۔ رک کر، سر اٹھا کر اس نے غصیلی نظروں سے جنت کمال کو دیکھا۔

''میرا مطلب ہے۔'' اس کے کڑے تیوروں سے کچھ خائف ہو کر اس نے فوراً بات سنبھالی۔

''مہمان ہوں میں چند دنوں کی...... اس وجہ سے ہی لحاظ کر لیا کرو۔'' لہجے میں مٹھاس بھر کر، اس نے پلکیں جھکائیں۔ ''میرے نانا کے گھر میں میرے پاس تین بلیاں تھیں۔ بہت وقت گزارا ہے میں نے ان کے ساتھ۔ یقین کرو شور نہیں کرتی ہیں، گند بھی نہیں مچاتیں۔ پیار دیتی بھی ہیں، لیتی بھی ہیں۔ بہت اچھا وقت گزرتا ہے ان کے ساتھ۔''

''تم بلیوں کے ساتھ وقت گزارتی ہو؟'' فارس کی آواز میں اب کے ہلکا سا صدمہ تھا۔

''نہیں گزارا تو نہیں ہے۔'' اس نے صفائی سے جھوٹ بولا۔ ''لیکن گزارنا چاہتی ہوں۔ مسز یزدانی کی

پرشین کیٹ کے چھوٹے چھوٹے بلونگڑے......"

"بس......" فارس نے ہاتھ اٹھا کر اسے روک دیا۔ "آج کے بعد تم مسز یزدانی کے گھر نہیں جاؤ گی۔"

جنت کا منہ صدمے سے کھلا۔

"مگر کیوں......؟" وہ احتجاجاً چلائی۔

"میں نے کہا نہیں جاؤ گی تو بس نہیں جاؤ گی۔" اس کا لہجہ کافی سے زیادہ سخت ہوا تھا۔

"تم تو ایسے ری ایکٹ کر رہے ہو جیسے میں بلی تمہارے سر پر لا بٹھاؤں گی۔ اتنا بڑا گھر ہے تمہارا، اور دل...... بخدا......! تمہارا دل چیونٹی جتنا بھی نہیں ہے۔"

"میں بتا رہا ہوں اگر تم نے گھر میں pet لانے کی کوشش کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہوگا۔"

"تم سے برا ویسے کوئی ہو بھی نہیں سکتا۔" اس کے منہ سے نکل گیا۔

قدم اٹھاتے فارس وجدان نے لب بھینچ کر اسے دیکھا۔ وہ ریلنگ پر جھکی ہوئی تھی۔ "میں بلی کا نام فریسہ رکھوں گی۔ فارس کی مؤنث فریسہ ہوئی نا...... یا فارسہ......؟" اس کی آنکھوں میں شرارت تھی، لبوں پر مسکراہٹ...... گویا عزائم واضح تھے، وہ فارس کے حکم کو کسی خاطر میں نہیں لا رہی تھی۔

وہ رک گیا۔ گہری سانس لے کر جیسے اپنے مشتعل اعصاب پر قابو پانے کی کوشش کی۔ جنت تیزی سے سیڑھیاں اتر کر اس کے پاس آ گئی۔

"میں جان گئی ہوں تم ایسے نہیں مانو گے۔ اب میں آنٹی سے ہی بات کروں گی۔" اترا کر کہتے ہوئے وہ سیڑھیاں اترنے ہی لگی تھی کہ فارس نے اسے بازو سے پکڑ کر ایک جھٹکے سے روکا۔ اس کا پورا وجود ہل کر رہ گیا۔

"کیا چاہتی ہو تم؟" دانت پیس کر خطرناک تیوروں کے ساتھ، ذرا سا اس کی طرف جھکا۔ "بلی کے علاوہ......"

جنت کے لبوں پر فاتحانہ مسکراہٹ بکھر گئی۔

"ہم......" اس نے خلا میں یوں نگاہ دوڑائی جیسے کچھ سوچ رہی ہو۔ "مجھے کیا چاہیے......؟ مجھے کیا چاہیے؟"

شہادت کی انگلی ٹھوڑی پر متحرک تھی۔ ''اوہ ہاں! میں چاہتی ہوں آج تم مجھے ڈنر پر لے جاؤ۔ خود سے لے جاؤ! مجھے آنٹی سے نہ کہنا پڑے۔''

چند لمحوں تک اسے گھورتے رہنے کے بعد وہ اسے جھٹکے سے چھوڑ کر سیڑھیاں اتر گیا۔

''تو کیا میں اسے ہاں سمجھوں......؟'' وہ عقب میں چلائی۔ ''آج کی رات! میں نو بجے تیار رہوں گی فارس!''

اور فارس عجلت میں قدم اٹھاتا صدر دروازہ عبور کر گیا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

سیاہ رنگ کا ہلکے کام والا فراک اس پر کافی جچ رہا تھا۔ شہد بالوں کو جوڑے کی شکل دیے، لائٹ سا میک اپ کیے، وہ خوش گوار تاثرات کے ساتھ فارس وجدان کے سامنے اٹالین ریسٹورنٹ میں موجود تھی۔

کھانا سرو کیا جا چکا تھا۔

بلیک تھری پیس سوٹ میں ملبوس وہ پتھریلے تاثرات کے ساتھ ہمیشہ کی طرح خاموش بیٹھا تھا۔

جنت کھانا مزے لے لے کر کھا بھی رہی تھی اور باتیں بھی کر رہی تھی۔

''آنٹی نے ہنی مون کی بات کی تھی، تم نے کہا تھا تم سوچو گے، کچھ پلان کرو گے، اب جب تک میں یہاں ہوں، تب تک کچھ پلان کر دو یار! تھوڑا میں بھی انجوائے کر لوں گی، آؤٹنگ ہو جائے گی میری بھی۔''

Novels Ki Dunya

فارس کا سر دکھنے لگا۔ کوئی آدھے گھنٹے سے وہ اس کی باتیں سن رہا تھا۔ مجال ہے جو وہ ایک لمحے کے لیے بھی خاموش ہوئی ہو۔

کچھ سوچ کر جنت نے بیگ سے موبائل نکال کر، فارس کے سامنے اسکرین لہرائی۔

''گیس کرو، میں نے تمہارا کانٹیکٹ نمبر کس نام سے سیو کیا ہے؟''

بند مٹھی پر ٹھوڑی جمائے وہ سرد نظروں سے اسے دیکھتا رہا۔ دوسرے ہاتھ کی انگلیاں میز پر متحرک تھیں۔ گویا وہ منتظر تھا کہ کب محترمہ کھانا ختم کریں اور وہ واپسی کی راہ لیں۔

"تم نے غلط گیس کیا۔" خود ہی جواب دے کر جنت نے اسکرین پر کانٹیکٹ لسٹ کھول کر سامنے کی۔

بے شمار نیلے پیلے دلوں کے درمیان لکھا تھا۔

"مائی کا غذی ہزبینڈ۔"

وہ ہنس دی۔

فارس لب بھینچ کر رہ گیا۔

"تم نے کس نام سے سیو کیا ہے میرا نمبر؟" اب وہ اس سے پوچھ رہی تھی۔

"میں فضول لوگوں کے نمبر سیو نہیں کرتا۔" وہ سیدھا ہو بیٹھا۔

"میں تو کرتی ہوں۔"

جبڑے بھینچے وہ کھڑکی سے باہر دیکھنے لگا۔

آسمان پر بادل پھیل رہے تھے۔

"ہر جگہ سے مجھے بلاک کیا ہوا ہے تم نے، فائدہ نمبر دینے کا؟" نیپکن سے ہاتھ صاف کرتے ہوئے وہ بس چند لمحوں کے لیے خاموش ہوئی تھی، پھر بولی۔

"دوستی کرو گے مجھ سے؟ بہت اچھی لڑکی ہوں میں، آخری دم تک ساتھ نبھاؤں گی۔"

فارس نے ایک لحظے کے لیے اسے دیکھا پھر میز پر کہنیاں جماتے ہوئے آگے ہوا۔

"اور یہ دوستی کی آفر تم کتنے لوگوں کو کر چکی ہو؟"

جنت کے لبوں سے مسکراہٹ اڑنچھو ہو گئی۔

"ایسے ہی خیال آیا تو سوچا پوچھ لوں۔" اس کی کیفیت سے محظوظ ہوتے ہوئے اس نے اپنی بات جاری رکھی۔ "کہیں تمہارے ایکس ہزبینڈ نے اسی وجہ سے تو تمہیں ڈیوورس نہیں دے دی؟"

"تم اب اپنی حد کراس کر رہے ہو فارس!" جنت کا چہرہ جذبات کی شدت سے سرخ ہو چکا تھا۔

"حد کراس نہیں کر رہا، تمہیں حد میں لانے کی کوشش کر رہا ہوں۔" کاٹ دار لہجے میں کہتے ہوئے اس نے

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا Novels Ki Dunya

جنت کی طرف دیکھا۔

''طلاق اس نے دی تھی یا تم نے لی تھی؟''

جنت کو یوں محسوس ہوا جیسے اس کی گردن پر پاؤں رکھ کر مسلا جا رہا ہو۔

فارس کا ہر سوال ایسا ہی تھا۔اذیت کی دو دھاری تلوار کی طرح......

''تمہاری چھ بہنیں ہیں۔ان میں سے کوئی ایک بھی تمہاری شادی میں شریک نہیں ہوئی۔ جہاں تک مجھے علم ہے، خاصا بڑا خاندان ہے تمہارا...... مگر کوئی ایک رشتہ دار بھی تمہاری شادی پر نہیں تھا ماسوائے سائرہ آنٹی کے۔''

مٹھیاں بھینچے، لب باہم پیوست کیے...... وہ ضبط کے کڑے مراحل سے گزر رہی تھی۔اتنے اچھے موڈ کے ساتھ اسے ڈنر پر لا کر وہ اس طرح کی باتیں کرے گا، اگر اسے علم ہوتا تو یقیناً وہ نہ آتی۔

''میرے کردار پر مت آؤ فارس! میں تمہیں وارن کر رہی ہوں۔'' اس نے اسے باز رکھنے کی کوشش کی تھی۔

''ورنہ کیا کرو گی؟'' لبوں پر استہزائیہ مسکان لیے اس نے بھنویں اچکا کر اسے للکارا۔

غصہ...... غم...... بے بسی...... جنت نے حلق میں ابھرتے آنسوؤں کے پھندے کو بمشکل نیچے اتارا۔

باہر ہلکی ہلکی بوندا باندی شروع ہو چکی تھی۔

''تمہاری معلومات نکلوانا میرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے، لیکن میں تم میں اتنی سی بھی دلچسپی نہیں رکھتا کہ اپنے آدمیوں کو تمہارے حوالے سے آرڈر دیتا پھروں۔لیکن جس روز ایسا کروں گا اس روز تم کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہو گی۔اس لیے آخری وارننگ دے رہا ہوں میں تمہیں......! میرے گھر میں رہنا ہے تو اپنی حدود میں رہو! یہ آخری وارننگ ہے۔'' ویٹر کو بلا کر، پے منٹ ادا کر کے وہ جانے کے لیے اٹھ گیا تھا اور جنت کمال اپنی جگہ بیٹھی رہ گئی تھی۔

گال پر پھسلتی لٹ کو کان کے پیچھے اڑستے ہوئے اس نے آنسو پینے کی ناکام کوشش کی تھی۔وہ فارس کے ساتھ آئی تھی، مگر وہ فارس کے ساتھ واپس نہیں گئی تھی۔وہ ریسٹورنٹ میں اپنی جگہ بالکل خاموش بیٹھی بار بار ٹشو سے آنکھیں پونچھ رہی تھی۔پیشانی پر بکھرتے بالوں کو سمیٹ رہی تھی۔خشک لبوں کو کاٹتی اور کھڑکی سے باہر شدت سے برستی بارش کو یوں دیکھ رہی تھی جیسے وہ یہاں آئی ہی اس لیے تھی...... تن تنہا...... اسی بارش کو انجوائے کرنے...... جو اس

https://novelskidunya.com/

پر اب وحشت سی طاری کر رہی تھی۔

بالآخر اپنا ہینڈ بیگ کندھے پر ڈالتے ہوئے وہ ضبط کر کے اٹھ گئی تھی۔ سیڑھیاں اتر کر اس نے مین روڈ کی جانب قدم بڑھا دیے۔

پارکنگ ایریا کی طرف اس نے جانے کی کوئی کوشش نہیں کی تھی کہ وہ جانتی تھی فارس اب تک جا چکا ہو گا۔ اگر نہ بھی گیا ہوتا تو وہ تب بھی اس کے ساتھ جانے کے لیے فی الوقت آمادہ نہیں تھی۔

کوئی آپ کے مشکل سے ٹھیک ہوتے زخموں کو ایک ہی لمحے میں ادھیڑ کر رکھ دے تو آپ یہی کرتے ہیں۔ وہ بھی یہی کر رہی تھی۔

رونا بھی بہت آ رہا تھا اور وہ رونا بھی نہیں چاہتی تھی۔ گھر جانے کی بھی جلدی تھی اور گھر پہنچنا بھی نہ چاہتی تھی۔ وہ فٹ پاتھ پر قدم اٹھاتی آگے بڑھنے لگی۔ موبائل بیگ میں تھا۔ وہ ڈرائیور کو کال کر سکتی تھی مگر ڈرائیور بھی تو فارس کا تھا۔

ہوا ذرا تیز ہوئی تو اس نے بھی رفتار بڑھا لی۔

''اللہ اس کی تمہیں وہ سزا دے گا جنت جو تم تا عمر یاد رکھو گی۔''

سڑک کنارے، اس کے قریب ہی فارس کی گاڑی رک گئی تھی۔ وہ جھکے سر کے ساتھ خاموشی سے قدم اٹھاتی رہی۔

بیچ راستے میں جب فارس نے اسے بازو سے پکڑ کر روکا تو اس نے درشتی سے اپنا آپ چھڑایا تھا۔

''آدھے گھنٹے سے گاڑی میں تمہارا انتظار کر رہا ہوں اور تم......'' اس کا پارہ چڑھا ہوا تھا۔

غصہ، ناراضی، خفگی سب بھلا کر جنت صدمے سے فارس وجدان کو دیکھ کر رہ گئی۔

آدھے گھنٹے سے وہ اس کا ''انتظار'' کر رہا تھا۔ آدھے گھنٹے سے......!

یہ معجزہ کب، کیسے کیوں کر رونما ہوا؟

''میں نے سوچ لیا تھا کہ اب تم سے طلاق لے کر یہاں سے چلی جاؤں گی۔'' کھڑے کھڑے بڑے آرام سے اس نے ہاتھ کی پشت سے آنسو صاف کیے۔ ''لیکن اب ارادہ ملتوی کر دیا ہے۔ تم انتظار کر رہے تھے میرا۔ یہ

ایک خوش آئند بات ہے۔صدیقی انکل نے کہا تھا تم انتظار کسی کا نہیں کرتے۔'' ایک استحقاق سے اس نے گاڑی کا دروازہ کھولا۔ایک ادا سے بیٹھ بھی گئی۔

فارس کی ساری دھمکیاں دھری کی دھری رہ گئیں۔وہ ہکا بکا اپنی جگہ کھڑا رہ گیا۔

''کیا ہوا......؟ گھر نہیں جانا کیا؟'' اب کے گاڑی کا شیشہ نیچے کر کے جنت نے اپنا سر باہر نکالا۔

لب بھینچ کر اس نے جنت کو دیکھا۔

''تمہاری وجہ سے جتنے آنسو میرے ضائع ہوئے ہیں،ان کے بدلے ایک آئس کریم تو لازمی بنتی ہے۔'' وہ کہہ رہی تھی۔

خود پر ضبط کے پہرے بٹھاتے ہوئے وہ گاڑی میں بیٹھ گیا۔دروازہ قدرے زور سے بند ہوا۔

اپنا بیگ کھنگالتے ہوئے جنت نے یک دم ہی زچ ہو کر اسے دیکھا۔

''بخش دوان دروازوں کو! اللہ کے لیے......!''

''تم اپنا منہ بند رکھو۔''

''ہاں تو میں نے کچھ کہا؟ آنٹی ہی کہتی ہیں تم بے جان چیزوں کا بہت خیال رکھتے ہو۔ایک خراش تک نہیں آنے دیتے اپنی گاڑی کو......مگر یہ دروازہ کیا سوتیلا ہے؟''

وہ لب بھینچے گاڑی ڈرائیو کرنے لگا۔

جنت بھی خاموشی سے باہر دیکھتی رہی تھی۔

☆......☆......☆

صبح کے سات بجے اس کی آنکھ اپنے موبائل کی آواز پر کھلی تھی جو گلاس ٹیبل پر پڑا مسلسل بج رہا تھا۔

اٹھ کر بیٹھتے ہوئے اس نے ایک طائرانہ نگاہ کمرے میں دوڑائی۔فارس ابھی تک سو رہا تھا۔غالباً آج اس کا آف تھا۔

اس نے نیم وا آنکھوں سے اسکرین پر جگمگ کرتے نمبر کو دیکھا۔پھر کال ریسیو کر لی۔

''السلام علیکم جنت! کیسی ہو؟''

''وعلیکم السلام خالہ......!'' الجھے بکھرے بالوں کو سمیٹ کر وہ اٹھ بیٹھی۔ آواز نیند سے بھاری تھی۔

''میں ٹھیک ہوں۔ آپ کیسی ہیں؟'' صوفے کی پشت سے کمر ٹکا کر اس نے انگڑائی لی۔

''تمہاری آواز کو کیا ہوا ہے، طبیعت ٹھیک ہے تمہاری؟''

''طبیعت کو کچھ نہیں ہوا، ابھی سو کر اٹھی ہوں۔''

''میں ایسے ہی پریشان ہو گئی۔'' سائرہ خالہ کو تسلی سی ہوئی۔ ''گھر میں سب ٹھیک ہے نا؟ فارس کیسا ہے؟''

''اچھا ہے۔'' کن اکھیوں سے فارس کو دیکھتے ہوئے اس نے کہا۔ ''خیریت ہے خالہ......اتنی صبح صبح کال کی آپ نے......''

فارس نے تکیہ اپنے منہ پر رکھ لیا۔

وہ اٹھ کر بالکنی میں آ گئی۔

''اگلے ہفتے سدرہ کی شادی ہے جنت......! کیا تم بھول گئیں؟'' انہوں نے یاد دلایا۔

جنت منجمد ہوئی۔ خشک لبوں کو تر کرتے ہوئے اس نے حلق میں ابھرتی گلٹی کو بمشکل نیچے اتارا۔

''میرا خیال تھا تم ایک دو ہفتے پہلے ہی آ جاؤ گی مگر یہاں تو مجھے ہی تمہیں یاد دلانا پڑ رہا ہے۔''

''مجھے یاد تھا خالہ......!'' داہنا ہاتھ ریلنگ پر ٹھہر گیا۔ اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا خالہ اسے سدرہ کی شادی پر انوائٹ کریں گی۔ اور صرف انوائٹ ہی نہیں کریں گی، بلکہ یہ امید بھی رکھیں گی کہ وہ شرکت بھی کرے گی۔

''تو پھر کب آ رہی ہو تم......؟''

جواباً وہ کچھ کہہ نہ سکی......سائرہ خالہ کے بہت احسان تھے اس پر......اور اب جب ان کی اکلوتی بیٹی کی خوشی کا موقع تھا تو......

''وہاں وہ سب بھی تو ہوں گے خالہ......!'' اس کا رخ اب گلاس ڈور کی طرف تھا۔ وہ اندر نہیں دیکھ سکتی تھی مگر اندر جو موجود تھا وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

بے قراری سے نچلا لب دانتوں تلے دبائے، مضطرب نگاہوں سے یہاں وہاں دیکھتے، بائیں ہاتھ سے سویٹر کے بٹن کو چھیڑتے وہ اس لمحے بہت پریشان لگ رہی تھی۔

''بلاشبہ ہوں گے مگر اس سے تمہیں کیا لینا دینا؟ تم اپنے شوہر کے ساتھ اپنی کزن کی شادی اٹینڈ کرنے آ رہی ہو۔ اکیلی نہیں ہو کہ کوئی......''

کاش وہ سائرہ خالہ کو بتا سکتی کہ وہ اب بھی اکیلی ہی ہے......وہ ان سب کا سامنا آج بھی نہیں کر سکتی۔

''میرے لیے......یہ بہت مشکل ہے۔''

''تم آنا نہیں چاہتیں......؟'' سائرہ خالہ کے لہجے میں اب خفگی تھی۔

''آنا چاہتی ہوں خالہ مگر......آپ تو جانتی ہیں سب......'' اس نے مٹھیاں بھینچ کر جیسے اپنی کیفیت پر قابو پانے کی کوشش کی تھی۔

''میری اکلوتی بیٹی کی شادی میں شرکت نہیں کرو گی تم......'' سائرہ خالہ مغموم ہو گئیں۔ ''جنت! وہ تمہاری شادی میں تمہارا سایہ بنی رہی، تمہارا ہر کام اس نے کیا، اور جب اس کی باری آئی ہے تو تم......تم منہ موڑ رہی ہو؟''

جنت کی آنکھوں کی نمی کچھ اور گہری ہوئی......اتنی گہری کہ ہر منظر دھندلا گیا۔

''میں......میں آؤں گی......میں فارس سے بات کر کے آپ کو بتاتی ہوں۔'' اس نے بات سمیٹنے کی کوشش کی۔

''ٹھیک ہے۔'' چند لمحوں کی خاموشی کے بعد انہوں نے فون بند کر دیا۔

جنت کتنی ہی دیر تک وہاں کھڑی رہی۔ پلکیں جھپکا کر آنسوؤں کا ہر اثر مٹاتی جب کمرے میں داخل ہوئی تو فارس کو دیکھ کر رک گئی۔

ٹراؤزر کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے، نیند سے بیداری کے مراحل طے کر چکی آنکھوں کے ساتھ وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا مگر جس چیز نے جنت کو چونکایا تھا وہ اس کے لبوں پر دائیں گال کی جانب اٹھی ہوئی مسکراہٹ تھی۔

اور اس کی یہ مسکراہٹ جتنی بھی خوب صورت تھی، جنت کمال کو گھبراہٹ میں مبتلا کر گئی۔

ایک اچٹتی نگاہ اس پر ڈالے وہ کمرے سے نکل گیا تھا۔

اس کی طنزیہ نگاہیں......اور مسکراہٹ کا کیا مطلب؟

طرح طرح کے سر اٹھاتے اندیشوں کو جھٹلاتے ہوئے وہ خالہ کے بارے میں سوچنے لگی۔

وہ شادی میں شریک بھی نہ ہونا چاہتی تھی اور خالہ کو ناراض بھی نہ کرنا چاہتی تھی۔ بے قراری سے انگلیاں مروڑتے ہوئے وہ ٹہلنے لگی۔ ''کیا کرے وہ اب......؟''

اس مسئلے کا ایک حل تھا مگر وہ حل فارس کو چیلنج کرنے کے مترادف تھا۔ گزشتہ شب ہونے والی تلخ کلامی کے بعد اس نے فیصلہ کیا تھا وہ اس کے معاملات میں مداخلت نہیں کرے گی مگر اب......

اس کی دھمکیاں اور چبھتے سوال وہ بھولی نہیں تھی مگر پھر......

☆......☆......☆

https://novelskiduniya.com/

ماورا طلحہ کا بہت خوبصورت نیا ناول
مرگ تمنا
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

تنزیلہ ریاض کا بہت خوبصورت نیا ناول
نورالقلوب
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

وہ پندرہ دنوں کے لیے کاروباری دورے پر لندن جا رہا تھا۔ کچھ ضروری میٹنگز اٹینڈ کرنی تھیں اور اپنی کمپنی کی لندن برانچ کے معاملات کو بھی دیکھنا تھا۔ ٹکٹ کنفرم ہوئی تو اس نے جانے سے دو روز پہلے رات کے کھانے پر مسز شیرازی کو اپنے شیڈول سے آگاہ کیا۔

''اکیلے کیوں جا رہے ہو، جنت کو بھی ساتھ لے جاؤ۔''

انہوں نے اتنا اچانک کہا کہ فارس نے یک دم سر اٹھا کر جنت کو دیکھا۔ وہ اطراف سے یکسر بے نیاز پلیٹ میں چاولوں سے کھیلنے لگی۔

''یہ کیا کرے گی ممی......'' وہ گڑبڑایا تھا۔

''اس کی بھی آؤٹنگ ہو جائے گی، کام میں تم اتنے مصروف ہو کہ ہنی مون بھی پلان نہیں کر سکے، کیوں جنت! ٹھیک کہہ رہی ہوں نا میں؟''

''جی، جی بالکل ٹھیک کہہ رہی ہیں آپ......'' اس نے فوراً تائید کی۔

فارس اسے دیکھ کر رہ گیا۔ گزشتہ شب واضح وارننگ کے باوجود اس لڑکی میں اتنی ہمت تھی کہ وہ ایک بار پھر اس کی ماں کے ذریعے اپنا مطلب نکلوا رہی تھی۔ فارس کی آنکھوں میں خون اتر آیا۔

''ممی! میں وہاں بھی مصروف ہوں گا۔ فرصت سے پھر کبھی پروگرام بنا لیں گے۔'' اس نے مسز شیرازی کو قائل کرنا چاہا۔ ساتھ ہی اس نے جنت کمال کو خطرناک تیوروں کے ساتھ گھورا تھا۔ آنکھوں میں غیض و غضب کی لہر تھی۔ دھمکی بھی تھی۔

''میرے خیال سے......'' وہ اس کے تاثرات سے خائف ہو کر بول پڑی۔ ''میرے خیال سے فارس ٹھیک کہہ رہا ہے آنٹی!''

''خاک ٹھیک کہہ رہا ہے۔'' مسز شیرازی خفگی سے بولیں۔ ''تم اسے نہیں جانتیں...... میں جانتی ہوں، کام کا بہانا یہ بار بار کرے گا، اور ہر بار حیلے بہانوں سے ٹالتا رہے گا۔'' اب کے انہوں نے اپنے بیٹے کو خاصے کڑے تیوروں سے گھورا تھا۔

''جنت تمہارے ساتھ لندن جا رہی ہے اور یہ میرا آخری فیصلہ ہے۔''

''آپ کو یہاں اکیلا کیسے چھوڑ جائیں آنٹی۔''

فارس کے تاثرات اب اس کی ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ دوڑا رہے تھے۔ آج اس کی خیر نہیں!

''نوکروں کی فوج کے ساتھ میں اکیلی نہیں ہوں۔'' انہوں نے جیسے حتمی فیصلہ سنایا۔ ''جنت! اپنی تیاری کرو، اور تم......'' انہوں نے فارس کی طرف دیکھا۔ ''جنت کی ٹکٹ بک کرواؤ۔'' لہجہ تحکمانہ تھا۔

فارس نے نہ اثبات میں سر ہلایا نہ نفی میں...... چند نوالے زہر مار کیے اور اٹھ کر چلا گیا۔

اس رات جنت کافی تاخیر سے کمرے میں آئی تھی یہ سوچ کر کہ اب تک وہ سو چکا ہوگا مگر نہ صرف وہ جاگ رہا تھا بلکہ آتش فشاں بنا اس کے انتظار میں ٹہل بھی رہا تھا۔ اب کے وہ صحیح معنوں میں خائف ہوئی تھی۔

''وہ...... میں نے نہیں کہا۔ آنٹی نے خود ہی......''

''جھوٹ مت بولو۔'' فارس نے درشتی سے اس کی بات کاٹ دی۔ ''تمہارے ان اوچھے ہتھکنڈوں کو اچھی طرح سے سمجھتا ہوں میں۔ پچھلے دو ماہ سے تم یہی تو کر رہی ہو۔''

جنت چپ ہوگئی۔

''میں نے تمہیں وارن کیا تھا مجھ سے فاصلے پر رہو۔'' وہ زہر خند لہجے میں بولا۔ ''وہ آخری وارننگ تھی جنت کمال! آخری وارننگ!''

حلق میں ابھرتی گلٹی کو نیچے اتارتے ہوئے جنت نے جیسے خود کو پیش آنے والی ہر سچویشن کے لیے تیار کر لیا۔ زیادہ سے زیادہ کیا کرے گا وہ؟ غصہ دکھائے گا، جھگڑا کرے گا، کمرے سے نکال دے گا؟ طلاق وہ دے نہیں سکتا، گھر سے وہ نکال نہیں سکتا۔ اس کے بھاگتے دوڑتے ذہن کو اس لمحے جھٹکا لگا جب فارس نے اس کے سامنے اپنے مینیجر کو فون کر کے اپنی ٹکٹ کینسل کروانے کا کہا۔ دوسری طرف سے غالباً وجہ پوچھی گئی تھی، دلیلیں بھی دی گئی تھیں، کیونکہ جس کام کے لیے وہ لندن جا رہا تھا، وہ کام بے حد اہم تھا۔

''میری وائف کی کزن کی شادی ہے۔ ہمیں وہ شادی اٹینڈ کرنی ہے۔'' جنت کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

اس نے جیسے دھماکہ کیا تھا۔ وہ اپنی جگہ ساکت کھڑی رہ گئی تھی۔

''تو مس جنت! امید ہے تمہارے ساتھ تمہاری طرح کھیل کر مجھے مزا آئے گا۔'' وہ تلخی سے مسکرایا تھا۔

اور جنت کمال اگلے کئی لمحوں تک پلکیں تک نہ جھپکا سکی تھی۔

☆......☆......☆

بہترین انتظامات کے ساتھ خوب صورتی سے ڈیکوریٹ کیے گئے شادی ہال کے صدر دروازے پر، مہمانوں کا خوش اخلاقی سے استقبال کرتی سائرہ خالہ کی نظر جنت پر پڑی تو وہ حیران رہ گئیں۔ ایک لمحے کے لیے تو جیسے انہیں یقین ہی نہ آیا، اگلے ہی لمحے انہوں نے آگے بڑھ کر اسے گلے لگالیا تھا۔

فارس وجدان نے موبائل کی اسکرین سے نگاہ اٹھا کر سائرہ خالہ کو دیکھا۔ لبوں پر داہنے گال کی جانب اٹھتی مدھم مسکان کے ساتھ وہ جنت کے خالو سے اور ان کے بیٹوں سے ملا۔ عمار کے علاوہ سائرہ خالہ کے تینوں بیٹے خوش اخلاقی سے ملے۔

نیوی بلیو پینٹ کوٹ میں فارس کا دراز قد نمایاں ہورہا تھا۔ اپنی شخصیت میں شاندار تو وہ تھا ہی مگر وجاہت کے باعث ہر کسی کی نظروں میں بھی آرہا تھا۔

سفید اور گلابی رنگ کے امتزاج کے کامدار لہنگا چولی میں ملبوس، جنت بنت کمال سب کچھ لگ رہی تھی مگر خوش نہیں۔ زبردستی کی مسکراہٹ بھی اس کے ہونٹوں پر نہیں تھی۔ آنکھیں سرخ متورم...... جیسے وہ سارا راستہ روتی رہی ہو...... وہ جتنی اپ سیٹ تھی، فارس وجدان اتنا ہی خوش اور مطمئن......!

''تم اندر جاؤ میں ضروری کال اٹینڈ کر کے آتا ہوں۔'' جنت نے متوحش نگاہوں سے اسے دیکھا۔ اب اندر بھی وہ اکیلی ہی جائے؟

پھر اس نے خالہ کو دیکھا جو دوسرے مہمانوں سے مل رہی تھیں۔ عمار قدرے فاصلے پر ہی بگڑے تیوروں کے ساتھ کھڑا تھا۔

''میں...... میں تمہارا یہیں انتظار کر لیتی ہوں۔''

''کوئی ضرورت نہیں۔'' آنکھوں میں سختی سے دیکھتے ہوئے اس نے کہا۔ پھر قدرے فاصلے پر، شادی کے ہنگامے، شور شرابے اور میوزک کی تیز آواز سے پرے، وہ فون کان سے لگائے کسی سے بات کرنے لگا۔

مٹھیاں بھینچ کر جنت نے جیسے اپنی گھبراہٹ پر قابو پایا پھر ہمت مجتمع کر کے ہال میں داخل ہوگئی۔

شادی کا شور شرابہ، ہنگامہ سب جیسے ختم ہوا تھا۔ یا شاید اس کی سماعت نے ہی کام کرنا چھوڑ دیا تھا کہ آہستگی سے قدم اٹھاتے ہوئے اسے یوں لگا تھا جیسے ہر طرف مہیب سناٹا چھا گیا ہو۔ کئی نگاہیں اس کی طرف اٹھی تھیں، کئی لوگوں نے آنکھوں ہی آنکھوں میں ایک دوسرے کو اشارے کیے تھے۔

آتے جاتے لوگوں کی مرکزِ نگاہ بنی، اذیت کی دو دھاری تلوار پر قدم جماتے وہ شادی ہال کے سب سے الگ تھلگ حصے میں جا کر بیٹھ گئی تھی۔

جن لوگوں کے سامنے وہ مر کر بھی نہیں آنا چاہتی تھی، وہ اب نظر بھر کر اسے دیکھ رہے تھے۔ اسے جانچ رہے تھے، اسے پرکھ رہے تھے۔

بدنصیبی کا اگر کوئی روپ ہے تو وہ جنت کمال کو دان کر دیا گیا ہے۔ بدبختی اگر کوئی مقام ہے تو وہ جنت کمال کو انعام کر دیا گیا ہے۔

اس کا سر اٹھا ہوا تھا مگر نگاہیں جھکی ہوئی تھیں۔ وہ کسی کو دیکھنا نہ چاہتی تھی مگر پھر بھی سب اسے نظر آ رہے تھے۔ بہنوں کو وہ نظر انداز نہیں کر سکی تھی۔ خصوصاً حفصہ آپی کو..... وہ انہیں اٹھتے بیٹھتے، آتے جاتے دیکھ رہی تھی۔ اور وہ تھیں کہ اسے مکمل طور پر نظر انداز کیے ہوئے تھیں۔

اس کی بھانجیاں اور بھانجے دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلتے کودتے پھر رہے تھے۔ مبشر تو اس کے پاس سے گزر گیا تھا۔ یقیناً بہنوں نے ہی منع کر رکھا تھا، تبھی وہ اس کے پاس نہیں آئے تھے۔

چھوٹے چچا اور پھپھو کی فیملی بھی وہاں موجود تھی۔ ہر چہرے پر اسے دیکھتے ہی ناگواری ابھر آئی تھی۔ کچھ تو وہ حیران بھی ہو رہے تھے کہ وہ یہاں کیسے آ گئی تھی؟

''تم یہاں کیوں آ گئی ہو؟'' جنت نے چونک کر سر اٹھایا۔ عمار شدید غصے میں لگ رہا تھا۔ ''اپنا تماشا بنوانے

کا بہت شوق ہے تمہیں۔"

جنت اسے دیکھ کر رہ گئی۔ زیرِ لب بڑبڑاتے ہوئے وہ وہاں سے چلا گیا۔ وہ جانتی تھی عمار یہ بات کس وجہ سے کہہ کر گیا تھا۔ اس کی بھی مجبوری تھی۔ وہ کون سا اپنی مرضی سے یہاں آئی تھی۔

فارس کچھ تاخیر سے آیا تھا۔ کرسی کھینچ کر اس کے ہمراہ بیٹھا تو ایک بار پھر وہ نظروں میں آ گئی تھی۔

تو یہ تھا جنت بنت کمال کا شوہر......!

سب نے آج دیکھا تھا۔ سب نے آج جانا تھا۔ اپنے حیران ہوئے تھے۔ ان کا حیران ہونا بنتا بھی تھا۔

بھلا کوئی جنت جیسی لڑکی سے شادی کے لیے رضامند کیسے ہوا تھا؟ اس کے لیے تو زمان جیسے مرد ہی جچتے تھے۔

ناقص! نامکمل! ایسی ہی تصویر تھی اس کی۔ کچھ رنگ مفقود کیا ہوئے، وہ دل سے جوگری سو گری، نظروں میں بھی نہ رہی تھی......

داہنے ہاتھ سے بائیں ہاتھ کی کلائی مضبوطی سے پکڑے، ٹانگ پر ٹانگ رکھے وہ بظاہر مضبوط نظر آ رہی تھی مگر اس کے اندر جو توڑ پھوڑ ہو رہی تھی اس کا عکس اس کی جھلمل کرتی آنکھوں میں لہرا رہا تھا۔

کچھ اگر باقی بھی ہے تو آج ختم ہو جائے گا!

اندر ایک ہنگامہ برپا تھا۔

دلہن دولہا کو اسٹیج پر بٹھایا گیا تو ان کے آس پاس اپنی بہنوں کو دیکھ کر ایک بار پھر دل کو کچھ ہوا۔ اتنی محبت و اہتمام سے وہ سدرہ کے آگے پیچھے تھیں، اس کے عروسی جوڑے کا دامن سیٹ کر رہی تھیں۔ اور خود وہ اپنی شادی پر کتنی تنہا، کتنی نامکمل تھی ان کے بغیر......

"میں تمہیں ڈھونڈتی پھر رہی ہوں اور تم یہاں بیٹھی ہو جنت!" جانے کہاں سے خالہ آئیں اور زبردستی اٹھا کر اپنے ساتھ لے گئیں۔ عمار کے چہرے پر ایک بار پھر ناگواری در آئی تھی۔ وہ اپنی ماں کو کچھ خفگی سے دیکھ رہا تھا۔

بھاری دل کے ساتھ وہ اسٹیج پر چڑھی تھی۔ بہنیں ایک ایک کر کے وہاں سے ہٹ گئیں۔ کزنز بھی دور ہو گئیں۔ جو موجود تھے وہ اس کی آمد پر ناگواری کا اظہار کرنے لگے تھے۔

فارس وجدان سینے پر بازو باندھے جنت کے تاثرات سے کافی محظوظ ہو رہا تھا۔

☆......☆......☆

اسٹیج پر دلہن کے ہمراہ بیٹھی پرکشش نقوش کی حامل اس لڑکی پر ساجدہ بیگم کی نظریں یوں ٹھہری کہ وہ باوجود کوشش کے ہٹا نہ سکیں۔

انہوں نے عینک لگا کر اس کا ہر طرح سے جائزہ لیا پھر دل ہی دل میں اسے اپنے بیٹے کے لیے پسند کر لیا۔

''مجھے اپنے فرحان کے لیے وہ سفید کپڑوں والی لڑکی بڑی پسند آئی ہے۔ وہ جو دلہن کے پاس بیٹھی ہے، وہی......!'' انہوں نے اپنی پڑوسن کی بیٹی شائستہ کی توجہ اسٹیج پر بیٹھی لڑکی کی طرف مبذول کروانا چاہی تھی مگر وہ میز کے برابر میں بیٹھے فارس وجدان کو بھی متوجہ کر بیٹھی تھیں جس نے موبائل اسکرین سے نگاہ اٹھا کر اسی لڑکی کو دیکھا جو دلہن کے پہلو میں بیٹھی تھی۔

''ارے! یہ تو جنت ہے۔ یہ شادی شدہ ہے بوا!'' شائستہ نے کہا۔

''ہیں......؟'' ساجدہ بیگم کو ایک دھچکا سا لگا۔

''شادی شدہ......؟ میں سمجھی کالج کی اسٹوڈنٹ ہو گی۔''

''سنا ہے شوہر سے علیحدگی ہو چکی ہے اس کی۔''

ساجدہ بیگم تو دھک سے رہ گئیں۔ اتنی مشکلوں سے انہیں کوئی لڑکی پسند آئی تھی جو نہ صرف شادی شدہ تھی بلکہ اب طلاق یافتہ بھی ثابت ہو رہی تھی۔

''علیحدگی کیوں ہو گئی؟'' صدمہ کچھ کم ہوا تو انہوں نے کریدا۔

''شوہر نے دوسری شادی جو کر لی تھی۔''

''انٹرسٹنگ......!'' کرسی کی پشت سے کمر نکالتے ہوئے فارس سیدھا ہو بیٹھا۔

نگاہیں جنت پر ٹھہری تھیں۔ وہ دلہن کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر، اس کے کان میں سرگوشی کرنے لگی تھی۔ جواباً دلہن نے نہ جانے اس سے کیا کہا تھا کہ اس کی نگاہ بے اختیار فارس کی طرف اٹھ گئی تھی۔ شادی ہال کے جس

الگ تھلگ کونے میں وہ بیٹھا تھا یہاں سے ہر طرف نگاہ دوڑانا قدرے آسان تھا۔

"اتنی خوب صورت بیوی کے ہوتے ہوئے بھی دوسری شادی کر لی؟" ساجدہ بیگم کو یقین نہ آیا۔

"عورت ماں نہ بن سکے تو کہاں کی خوب صورتی!"

فارس اپنی جگہ سن بیٹھا رہ گیا۔

"برہان اس کے بڑے تایا کا جو اکلوتا بیٹا ہے، اس سے شادی ہوئی تھی اس کی، بچپن کی منگنی تھی، شادی محبت کی......" ان خواتین میں جو کم عمر تھی، وہ بہت کچھ جانتی تھی۔

"جب انکشاف ہوا جنت بانجھ ہے تو ماں کے مجبور کرنے پر چچا کی بیٹی سے دوسری شادی کر لی۔"

جنت اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔ چہرے پر خوف، گھبراہٹ، پریشانی کا تاثر لیے وہ اب اسٹیج سے اتر کر اسی طرف آ رہی تھی۔

"تو پھر اسے طلاق کیوں ہوئی؟"

ساجدہ بیگم ہمہ تن گوش تھیں۔

"ارے خالہ! اس نے برہان کی دوسری بیوی کا بچہ ضائع کرنے کی کوشش کی تھی۔"

شادی کا ہنگامہ، شور شرابہ......اور فارس کی ساکت نگاہیں جنت کمال کے چہرے پر ٹھہر گئیں۔

"خدا کی پناہ! شکل سے تو ایسی بالکل بھی نہیں لگتی۔" ساجدہ بیگم ڈر سی گئیں۔

"خالہ! اعمال شکلوں پر تھوڑی نظر آتے ہیں۔" ہما نے لقمہ دیا تھا۔

"بچپن سے ہی یہ آفت قسم کی لڑکی ہے بوا، خدا معاف کرے، نہ چھوٹوں کی تمیز، نہ بڑوں کا لحاظ......بہت بدمزاج اور مغرور سی......! اسی کی وجہ سے ہی تو اس کی امی کا انتقال ہوا تھا۔"

"پھر تو اس کے ساتھ جو ہوا ٹھیک ہوا۔" جانے کس نے کہا تھا۔

"صرف اتنا ہی نہیں...... پتا نہیں کہاں کہاں افیئرز چلا رکھے تھے اس نے...... مجھے اس کی نند نے بتایا تھا۔ سارا دن فون کالز آتی رہتی تھیں۔ کئی بار تو اس نے خود جنت کو چھپ چھپ کر فون پر باتیں کرتے دیکھا تھا۔"

”میں نے سنا ہے اس کی حرکتوں کی وجہ سے اس کے خاندان والوں نے اس کی دوسری شادی کے بعد اس سے قطع تعلق کرلیا تھا۔“

ساجدہ بیگم نے سر اٹھا کر ایک بار پھر اسے دیکھا تھا۔

”خالہ! اسے دیکھیں......وہ......“

ہما نے انہیں ہاتھ کے اشارے سے متوجہ کیا۔

وہ سر اٹھائے اس طرف دیکھنے لگیں جس طرف ہما اشارہ کررہی تھی۔

”وہ برہان ہے...... جنت کا پہلا شوہر......!“

بلیک ٹو پیس سوٹ میں ملبوس ایک ہینڈسم سا نوجوان ہنستے مسکراتے ہوئے کسی لڑکی کے ہمراہ اندر داخل ہو رہا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelkidunya.com/

راحت جبیں کا بہت خوبصورت نیا ناول

زندگی ہم تجھے گزاریں گے

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جارہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

نداحسنین کا بہت خوبصورت نیا ناول

قربت ہجر میں محبت

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جارہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

وہ میز پر واپس آئی تو فارس وہاں کہیں نہیں تھا۔ اس نے فکرمندی سے چاروں اور نگاہ دوڑائی، پھر تیز تیز قدم اٹھاتی شادی ہال سے باہر آ گئی۔ سرسبز لان سے بیرونی دروازے کی طرف جاتے ہوئے وہ مسلسل اس کا نمبر ٹرائی کر رہی تھی۔ موبائل بند بھی نہیں تھا۔ کال ریسیو بھی نہیں ہو رہی تھی۔

پارکنگ ایریا میں اسے گاڑی کے پاس کھڑا دیکھ کر اس کی اٹکی ہوئی سانسیں ایک لمحے میں بحال ہوئی تھیں۔ یہ خیال کہ وہ اسے چھوڑ کر نہیں گیا، کتنا تسلی بخش تھا اور یہی خیال جن اندیشوں کو جنم دے رہا تھا، وہ کتنے اذیت ناک تھے۔

وہ خود کو کمپوز کر کے اس کے پاس آ گئی تھی۔

جیبوں میں ہاتھ ڈالے...... گاڑی سے ٹیک لگائے نیوی بلیو پینٹ کوٹ میں ملبوس وہ اپنی تمام تر وجاہتوں کے ساتھ اسے تاریک رات کا ہی حصہ لگا۔

''جتنے لوگ ہیں، اتنی ہی کہانیاں ہیں اور ہر کہانی ایک سے بڑھ کر ایک انٹرسٹنگ ہے۔'' وہ براہ راست اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا...... لبوں پر مسکراہٹ تھی۔ آنکھوں میں تضحیک...... جنت کا چہرہ دھواں دھواں ہو گیا۔

''تو برہان واصف تمہارا تایا کا بیٹا تھا، محبت کی شادی تھی، جو محض پانچ سال تک رہی...... پھر اس نے تمہیں چھوڑ دیا۔''

وہ اپنی جگہ منجمد اسے پلکیں جھپکائے بنا دیکھے گئی۔

''تم نے اس کے بچے کو مارنے کی کوشش کی۔'' فارس کے لہجے میں صدمہ تھا۔ لیکن بے یقینی ہرگز نہیں تھی۔ ''مجھے حیرت ہے اس نے تم پر پولیس کیس نہیں ہونے دیا۔ بہت محبت کرتا ہوگا۔ ورنہ کون اس قدر سنگین غلطی کو نظرانداز کرتا ہے؟''

اس کی آنکھوں کی نمی ایک دم گہری ہوئی تھی۔ لب کپکپائے تھے۔

''تم جیسی لڑکیوں کے لیے بھلا طلاق بھی کوئی سزا ہوتی ہے؟''

جنت کا سانس جیسے حلق میں اٹکا تھا۔ آنکھوں میں وحشت اتری تھی۔ الفاظ گویا سلگتے ہوئے انگارے تھے۔ سماعت میں پڑتے تھے اور وجود کو راکھ کر دیتے تھے۔

"ویسے طلاق کا سبب تمہارا وہی کارنامہ تھا یا پھر کوئی اور وجہ تھی؟" جیبوں سے ہاتھ نکالتے ہوئے وہ سیدھا ہوا تھا۔

جنت بمشکل ہی اس کے کندھوں تک پہنچتی تھی۔ اور اب تو جیسے قدموں میں ہی تھی۔

راکھ......خاک......دھول......مٹی......

آگے کو جھک کر وہ محظوظ ہوتی نگاہوں سے اسے دیکھنے لگا۔

مکمل طور پر بھیگی ہوئی آنکھیں......سرخ چہرہ......کپکپاتا وجود......نچلا لب بے دردی سے رگڑتے ہوئے وہ سر جھکائے کھڑی تھی۔

"حیرت ہے! آج تمہاری زبان نہیں چل رہی۔" اسے تعجب ہوا تھا۔ نہ وضاحت، نہ صفائی، نہ معافی کی طلب، نہ پچھتاوے کا احساس......

"سنا ہے کافی افیئرز تھے تمہارے......سنا ہے رانگ کالز آتی تھیں......! سنا ہے......"

اس نے سر گرا دیا......جھکا دیا......ہار مان لی، مگر وہ "فارس" تھا۔ حملے سے باز پھر بھی نہ آیا۔

"جو کچھ سن چکا ہوں وہ سب ممی کو بتاؤں گا تو وہ کیا سوچیں گی؟ ایک ایسی لڑکی کو بہو بنا بیٹھی ہیں جو infertile ہے۔ جس نے اپنی سوتن کے بچے کی جان لینے کی کوشش کی ہے۔ جس کے خاندان کے لوگ اسے اچھوت کی طرح ٹریٹ کرتے ہیں۔ اور جو اپنی ماں کی موت کا سبب بنی ہے۔"

سانس روکے، لب بھینچے اس نے سر اٹھا کر فارس کو دیکھا، وہ بھی اسے ہی دیکھ رہا تھا۔ سرد پتھریلی نگاہوں سے......کچھ نفرت، کچھ حقارت سے......کچھ بے رحمی، کچھ بیزاریت سے۔

"جس کے اپنے پیروں تلے زمین نہیں تھی، وہ میرے سر سے آسمان کھینچنے چلی تھی۔"

جنت کی آنکھیں چھلک پڑیں۔

"اعمال اگر شکلوں پر ثبت ہوتے تو خوب صورت چہرے کتنے بھیانک لگتے۔" فارس نے چابی نکال کر بٹن دبایا۔ گاڑی کا لاک کھل گیا۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

ہاں بھیانک لگتے ......بہت بھیانک لگتے ......

''میں کل شام کی فلائٹ سے لندن جا رہا ہوں، ممی کو فون پر کہہ دینا تم یہاں اپنی مرضی سے رک گئی ہو، جب تک میں واپس نہیں آؤں گا، تم اپنی خالہ کے پاس ہی رہو گی، اور ہاں!'' اس نے رک کر تنبیہی نگاہوں سے جنت کو دیکھا، پھر انگلی اٹھا کر زہر خند لہجے میں دھمکی دی۔ ''اب اگر تم نے من مانی کی تو مجھ سے برا واقعی میں کوئی نہیں ہوگا۔''

گاڑی اسٹارٹ ہو چکی تھی۔ کچھ ہی دیر میں وہ وہاں سے جا چکا تھا۔

اور جنت بنت کمال اپنی جگہ ساکت و صامت کھڑی رہ گئی تھی۔

وہ ناقص تھی...... مکمل ہونا چاہتی تھی۔

اور جنہیں تقدیر ناقص کر دے...... وہ مکمل کیسے ہوں؟''

''کسی روز تمہیں تمہاری یہ خوش فہمیاں لے ڈوبیں گی۔'' وہ اب پھولے تنفس کے ساتھ اندھیرے میں دیکھ رہی تھی۔

''میں بہت اچھی تیراک ہوں فارس!'' اسے لگا زمین اب قدموں تلے نہ رہی ہو۔

''بہترین تیراک بھی شارک کی خوراک بن جایا کرتے ہیں۔''

''شاید اس لیے کہ وہ بروقت ساحل پر نہیں پہنچ پاتے۔'' وہ لڑکھڑائی۔

''تم پہنچ جاؤ گی ساحل پر؟''

''ساحل پر ہی تو کھڑی ہوں میں۔''

اور یہ تھا اس کا ساحل......اس کا کنارہ!

وہ اپنے اس کنارے سے خوش گمانی کے اس ساحل سے دبے قدم پیچھے ہٹی۔

ایسے کنارے سے سمندر بھلا!

ایسی سطح سے اعماق (گہرائیاں) بہتر!

☆......☆......☆

دل میں ہے وفا کی طلب، لب پہ سوال بھی نہیں
ہم ہیں حصار درد میں، اس کو خیال بھی نہیں
اتنا ہے اس سے رابطہ، چھاؤں سے جتنا دھوپ کا
گر یہ نہیں ہے ہجر، تو پھر یہ وصال بھی نہیں
وہ جو انا پرست ہے، میں بھی وفا پرست ہوں
اس کی بھی مثال نہیں، میری مثال بھی نہیں
تم کو زبان دے چکے، دل کا جہان دے چکے
عہد وفا کو توڑ دیں، اپنی مجال بھی نہیں

https://novelskidunya.com/

ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کرتے ہوئے اس نے اوپن کچن کے سامنے رک کر راہداری میں نگاہ دوڑائی تھی۔ ملگجی سی روشنی تھی جو پورے گھر میں پھیلی تھی۔ عجیب سا سناٹا تھا جو ہر طرف چھایا ہوا تھا۔ وہ پندرہ دن بعد لندن سے لوٹا تھا اور گھر پر چھائی ہوئی یہ ویرانی اسے عجیب سی کیفیت سے دوچار کر گئی تھی۔

مسز شیرازی کے بیڈروم کا دروازہ بند تھا۔ وہ یقیناً اب تک سوچکی ہوں گی۔ وہ ان کے آرام میں مخل نہیں ہونا چاہتا تھا ورنہ ایسا کبھی نہیں ہوا تھا کہ وہ بیرون ملک دورے سے واپس آیا ہو اور فی الفور ان سے نہ ملا ہو۔

Novels Ki Duniya

وہ سیڑھیوں کا رخ کرنے ہی لگا تھا جب نگاہ راہداری کے اختتام پر اسٹوڈیو کے ادھ کھلے دروازے پر پڑ گئی۔ دروازے کی درز سے جھانکتی زرکار روشنی ٹائلز پر بکھری ہوئی تھی۔ آہستہ سے قدم اٹھاتے ہوئے وہ اسٹوڈیو روم میں آ گیا۔

تمام بتیاں روشن تھیں۔ دیوار گیر کھڑکیوں کے پردے ڈوریوں میں بندھے ہوئے تھے۔ باہر کا اندھیرا کھڑکیوں سے اندر جھانک رہا تھا۔ رم جھم بارش کی مدھم سی آواز...... سرسراکر گزرتی ٹھنڈی نم ہواؤں کا شور......اس نے ایک طائرانہ نگاہ ہال میں دوڑائی پھر آگے بڑھتے ہوئے مشرقی دیوار کے پاس رکھے کارٹن پر جھک گیا۔

مرجھائے ہوئے پھول...... گیٹ ویل سون کا ڈرائنگ پیپر......رزلٹ کارڈ...... ٹرافیز......کھلونے...... تصاویر کے البم......ایک ایک چیز کا سرسری سے انداز میں جائزہ لیتے ہوئے اس کے ہاتھ میں اپنا پرانا والٹ آ گیا۔

والٹ خالی تھا۔اس میں کوئی ایسی چیز نہ تھی جو اسے متوجہ کرتی ماسوائے اس کی چین کے جس کے دوسرے سرے پر شاندار سی تلوار لٹک رہی تھی۔تلوار کے بلیڈ کے وسط میں ایک میگنیٹک چپ تھی جس پر انگلی پھیرتے ہوئے اسے یاد آیا تھا کہ اس کے ساتھ جڑی ہوئی ایک اور تلوار بھی تھی۔

''تم آگئے بیٹا!'' مسز شیرازی کی آواز پر اس نے چونک کر عقب میں دیکھا تھا۔

وہیل چیئر پر براجمان......سیاہ شال میں اپنا آپ چھپائے وہ منسلک کمرے سے اندر آگئی تھیں۔

''میں سمجھا، آپ سو رہی ہوں گی۔'' کی چین ہاتھ میں لیے وہ اٹھ کر ان کے پاس آگیا۔جھک کر ان کی پیشانی کا بوسہ لیا پھر ہاتھ پکڑ کر ہی ان کے پاس سائیڈ ٹیبل پر بیٹھ گیا تھا۔

''طارق کے اکاؤنٹ میں اماؤنٹ ٹرانسفر کر دیا ہے میں نے۔'' وہ جانتا تھا مسز شیرازی اب اس سے کیا پوچھنے والی تھیں۔مگر سوال سے پہلے ہی وہ انہیں جواب دے چکا تھا۔

مسز شیرازی نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔ایک کرب سا ان کی آنکھوں میں ٹھہر گیا۔

ہر مہینے کی یکم تاریخ کو وہ کچھ اور ہی سننے کی متمنی رہتیں، اور ہر بار فارس وجدان کا یہ جملہ انہیں اذیت میں مبتلا کر دیتا۔

ہر ماہ رقم ٹرانسفر کرنے والا محبت ٹرانسفر نہیں کرتا تھا۔

''تمہیں لگتا ہے، اس ننھے یتیم بچے کو تمھارے پیسوں کی ضرورت ہے؟'' محتاط انداز میں انہوں نے کچھ اذیت سے پوچھا تھا۔

کی چین کی تلوار فارس کی انگلیوں میں متحرک تھی۔سر جھکا ہوا تھا۔چہرہ ہنوز تاثرات سے عاری۔

''اسے تمھاری ضرورت ہے فارس!'' انہوں نے جیسے اسے آگاہی دی تھی۔ایک بار پھر احساس دلانے کی سعی کی تھی۔

وہ خاموش رہا تھا۔مشتعل نہیں ہوا تھا۔

''اسے سزا مت دو۔اس کا کوئی قصور نہیں ہے۔''

"میں کسی کو سزا نہیں دے رہا ہوں۔" بہت آہستگی سے اس نے کہا۔ "میں صرف جینے کی کوشش کر رہا ہوں می!"
مسز شیرازی نے اس کی آنکھوں میں آگ دیکھی۔ درد دیکھا۔ اذیت دیکھی۔ اور پھر جیسے ان کی ہر ہمت دم توڑ گئی۔ یہ ظلم ہے۔ انہیں احساس ہوا۔ وہ اس کے ساتھ زیادتی کر رہی ہیں۔ ان کا دل بیٹھا۔
شال کے پلو سے اپنے آنسو پونچھے...... پھر مدھم سی مسکراہٹ لبوں پر بکھیرتے ہوئے انہوں نے موضوع ہی بدل دیا۔
"ٹور کیسا رہا تمھارا؟ سفر میں کوئی مشکل تو نہیں ہوئی؟ اور جنت کو کب لاؤ گے فارس؟ اس کے بغیر تو اس گھر میں خاموشی سی در آئی ہے۔"
اس نے مسز شیرازی کے تینوں سوال ٹھیک ٹھاک سنے، مگر جواب صرف ایک کا دیا۔
"سفر ٹھیک رہا۔ بہت بھوک لگ رہی ہے می...... میں کچھ کھانا چاہتا ہوں۔" وہ جانے کے لیے اٹھا تھا۔
"مجھے پہلے ہی شک تھا۔" ان کی آنکھوں میں اب بھی نمی ٹھہری تھی مگر لہجے میں خوش گواریت لوٹ آئی تھی جیسے کچھ دیر پہلے تک ان کے مابین ایسی کوئی بات ہی نہ ہوئی ہو جس نے انہیں ہزار ہا ٹکڑوں میں تقسیم کر دیا ہو۔
"کیسا شک؟" دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے اس نے رک کر پوچھا تھا۔
"یہی کہ تم دونوں کی لڑائی ہوئی ہے۔" مسز شیرازی نے اطمینان سے آگاہ کیا۔ "تم اسے لاہور چھوڑ آئے، صرف اس لیے کہ وہ تمھارے ساتھ لندن نہ جا سکے۔" انہوں نے مشکوک نگاہوں سے دیکھتے ہوئے کریدا۔
"ایسا تو نہیں ہوا۔" وہ سٹپٹا گیا۔ "وہ تو اپنی مرضی سے......"
"اسے شادی اٹینڈ کرنے سے زیادہ تمھارے ساتھ لندن جانے کا شوق تھا۔ ایک دو گھنٹوں میں اس نے میرے ساتھ بیٹھ کر جانے کتنے پروگرام ترتیب دے ڈالے تھے۔ میں مان ہی نہیں سکتی وہ اپنی مرضی سے رک گئی ہو گی۔" ان کا انداز قطعیت بھرا تھا۔
متحرک وہیل چیئر کے برابر قدم اٹھاتے ہوئے فارس لب بھینچ کر رہ گیا۔
"سچ سچ بتاؤ، لڑائی ہوئی ہے تم دونوں کی؟" مسز شیرازی اس کے پیچھے کچن میں آ گئی تھیں۔

سنی ان سنی کیے وہ فریز رکھول کر کھانے کے لیے کچھ دیکھنے لگا۔

''میں کچھ پوچھ رہی ہوں فارس!''

''یہ سوال آپ نے اپنی لاڈلی سے پوچھ لیا ہوتا۔'' وہ جیسے جل کر بولا تھا۔ مسز شیرازی نے لبوں پر ابھرتی مسکراہٹ کو بمشکل روکا۔

''اس سے بھی پوچھا تھا۔ کہنے لگی اپنی مرضی سے رک گئی ہوں۔ لیکن اصل مسئلہ تو وہیں کا وہیں ہے۔ جب اس نے تمھارے ساتھ لندن جانا تھا تو پھر شادی اٹینڈ کر کے وہ واپس کیوں نہیں آئی؟''

''اب میں کیا کہہ سکتا ہوں۔'' مائیکرو ویو اوون میں پیزا گرم کرتے ہوئے وہ الجھ کر بولا۔

''اس کا مطلب ہے تم دونوں کی لڑائی ہوئی ہے۔'' انہوں نے کچھ سوچ کر کہا۔

''لڑائی؟'' ٹائمر کی آواز کچن میں گونجی تھی۔

''کیسی لڑائی؟'' فارس کی بھنویں سکڑ گئیں۔ جبڑے بھینچ گئے۔ ''جنت کمال اب بھی باز نہ آئی اپنی حرکتوں سے؟'' اس کا پارہ چڑھا۔

''ہزبینڈ وائف میں کیا لڑائی بھی نہیں ہو سکتی؟''

''ہماری نہیں ہوتی۔'' (اگر جنت سن لیتی تو غش کھا کر گر جاتی)

مسز شیرازی نے اچنبھے سے اسے دیکھا۔

اب آپ کیا چاہتی ہیں؟'' وہ زچ ہوا تھا۔

''کچھ نہیں، تم پیزا کھاؤ۔'' مسز شیرازی نے مسکراہٹ دبائی۔

وہ ان کا حصہ نکالنے لگا تو انہوں نے منع کر دیا۔

میز پر کہنی ٹکائے، بند مٹھی ٹھوڑی پر جمائے، وہ اسے بہت غور سے اور محبت سے دیکھنے لگیں۔ وہ کچھ تذبذب کا شکار ہوا تھا۔ کہ کھلی کتاب تو نہ تھا وہ مگر مسز شیرازی اسے پڑھ ہی لیا کرتی تھیں۔

''جنت ٹھیک ہی کہتی ہے۔'' چند لمحوں کے بعد انہوں نے کہا۔

اس نے چھری سے پیس کاٹ کر منہ میں ڈالتے ہوئے انہیں دیکھا۔ آنکھوں میں سوال تھا۔

''یعنی کیا، کیا کہتی ہے جنت......؟''

''یہی کہ جب تم کنفیوژن کا شکار ہوتے ہو تو زیادہ دلچسپ لگتے ہو۔''

نوالہ فارس کے حلق میں اٹک گیا۔ وہ بے اختیار کھانسنے لگا۔

مسز شیرازی نے فوراً گلاس میں پانی انڈیل کر اسے دیا۔

اس نے چند ایک گھونٹ بھرے۔ تنفس بحال کیا، پھر سر اٹھا کر مسز شیرازی کو دیکھا۔

وہ مسکرا رہی تھیں۔ اور ان کی مسکراہٹ زندگی سے بھرپور تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

لاہور کی صبح بارش کا لبادہ اوڑھ کر اتری تھی۔ آسمان کی اجلی نیلی رنگت پر کچھ دیر پہلے تک سمت جانے والے بادل ایک بار پھر پھیل رہے تھے۔

کچھ ایسی ہی گومگو سی کیفیت اس کی بھی ہوئی تھی جب سائرہ خالہ نے اسے جنت کی غیر موجودگی کے بارے میں آگاہ کیا تھا۔

ناولز کی دنیا Novels Ki Duniya

''یہاں نہیں ہے؟'' نہ لہجے میں فکر تھی، نہ گھبراہٹ......بس ایک الجھن کہ اب اسے انتظار میں رکنا پڑے گا جبکہ وہ جلد از جلد اسلام آباد جانا چاہتا تھا۔

''کب تک آئے گی؟''

''جنت نے تمہیں نہیں بتایا؟'' خالہ کچھ متفکر نظر آئیں۔ اس نے نفی میں سر ہلا دیا۔

''وہ اپنی آپا کے گھر ہے۔''

''آپ مجھے ایڈریس بتا دیں، میں اسے وہیں سے پک کر لیتا ہوں۔'' موبائل نکالتے ہوئے اس نے بے حد فارمل لہجے میں کہا تھا۔

سائرہ خالہ نے کچھ حیرت اور الجھن سے اسے دیکھا تھا۔ کیا ان پندرہ دنوں میں اس کی ایک بار بھی جنت

سے بات نہیں ہوئی ہے؟ یا پھر جنت نے ہی اسے لاعلم رکھا ہے؟

کچھ ہی دیر میں وہ آپا کا ایڈریس لے کر گھر سے نکل گیا تھا۔ لاہور کی سڑکوں پر گاڑی دوڑاتے ہوئے اس نے ایک بار پھر جنت کا نمبر ٹرائی کیا تھا۔

اس کا موبائل آف جا رہا تھا۔

آسمان پر رم جھم برستی بارش نے ایک دم ہی شدت اختیار کر لی۔ اس نے وائپر متحرک کر دیے۔

پندرہ بیس منٹ کی ڈرائیو کے بعد وہ مطلوبہ ایڈریس پر پہنچ چکا تھا۔

ذیلی سڑک سے گاڑی اندر وہ لے تو گیا تھا مگر تنگ گلیوں کی بنا پر اب مزید جانا ممکن نہ تھا۔ چنار کے درخت تلے گاڑی روک کر اس نے سامنے دیکھا۔

سائرہ خالہ نے تیسری گلی میں سیاہ گیٹ کی نشاندہی کی تھی۔ دروازہ کھول کر باہر نکلتے ہوئے اس نے رین کوٹ کا ہڈ اپنے سر پر چڑھا لیا۔

بادل ایک دم شدت سے گرجے تھے۔ آواز ایسی تھی جیسے آسمان ٹوٹ پڑا ہو۔ موسلا دھار بارش میں دائیں موڑ مڑتے ہی وہ گلی میں سیاہ رنگ کے تیسرے گیٹ کے سامنے رک گیا تھا۔ آم کے گھنے درخت کی شاخیں صحن سے باہر گیٹ کے اوپر باہر پھیلی ہوئی تھیں۔ بارش کا پانی پتوں سے رس رس کر نیچے گر رہا تھا۔ اس نے دروازہ بجاتے ہوئے اپنے سیاہ جوتوں کو دیکھا جو کیچڑ سے لت پت ہو چکے تھے۔

تقریباً پانچ منٹ تک تو وہ گیٹ ہی دھڑ دھڑاتا رہا، تب کہیں جا کر گیٹ کھلا تھا۔

سادہ سی شلوار قمیص میں ملبوس، سیاہ شال اپنے اردگرد اچھی طرح سے اوڑھے، سر پر چھاتا تانے جنت کمال سامنے کھڑی تھی۔ کچھ ساکت اور متحیر سی۔

رنگت زرد۔ ہونٹ بے رنگ اور خشک۔ آنکھیں سرخ و متورم تھیں۔ داہنے گال کے اوپر، آنکھ کے بائیں طرف نیل کا گہرا نشان، کچھ سوجن بھی تھی شاید۔

فارس کی آنکھوں کی سرد مہری یک دم بڑھ گئی۔

چہرے کے تاثرات سرد ہو گئے۔ اپنی یہ حالت بنا کر وہ دنیا کے سامنے کیا ثابت کرنا چاہ رہی تھی؟ یہی کہ اس پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں؟ یہ ڈرامے باز لڑکی اسے زہر لگی تھی اس لمحے۔

جنت کمال کچھ حیرت سے اسے دیکھ رہی تھی۔ پیشانی پر بکھر کر گال پر پھسلتی لٹوں کو آج وہ سمیٹ کر پیچھے نہیں ہٹا رہی تھی۔ رت جگے کی گواہی دیتی آنکھیں بے طرح سے سرخ ضرور تھیں مگر نم نہیں۔

چہرے پر کسی قسم کا تاثر نہیں تھا مگر آنکھوں میں ایک بے نام سی خفگی لہرا رہی تھی، غصہ بھی تھا شاید۔

"لینے آئے ہو؟" اس نے یوں پوچھا جیسے وہ کسی اور وجہ سے بھی آسکتا ہو۔ لہجہ بے تاثر مگر آواز کچھ بوجھل سی تھی۔

"مجبوری ہے۔" دانت پیس کر انتہائی برودت سے جواب دیتے ہوئے فارس نے غصیلی نگاہوں سے اسے دیکھا۔

اور اسے لگ رہا تھا شاید مجبوری ختم ہو چکی ہے، اب وہ اسے ہمیشہ کے لیے خیر باد کہنے آیا ہے۔

"وقت نہیں ہے میرے پاس! دو منٹ میں پہنچو۔" اکھڑ لہجے میں حکم دے کر وہ جانے کے لیے مڑ گیا تھا۔ بڑبڑاہٹ جاری تھی۔ جھنجھلاہٹ میں قدم اٹھاتا وہ شدید غصے میں لگ رہا تھا۔

گاڑی کے قریب پہنچ کر اس نے مڑ کر پیچھے دیکھا تو جنت چھتری کے سائے میں احتیاط سے قدم اٹھاتی نظر آئی۔ بیگ کندھے سے لٹک رہا تھا۔ سر جھکا ہوا تھا اور شانوں پر بکھرے سیدھے گرتے لمبے بال چہرے کو دونوں اطراف سے گھیرے ہوئے تھے۔ کیچر اب بھی ہاتھ میں ہی تھا جیسے وہ عجلت میں اپنا سب کچھ سمیٹ کر فوراً ہی باہر آ گئی ہو۔

وہ قریب پہنچی تو فارس نے درشتی سے جنت کا بازو پکڑ کر اس کا رخ اپنی طرف موڑا۔ تکلیف دہ تاثر چھپاتے ہوئے جنت نے بازو چھڑانے کی کوشش کی تھی مگر اس سے تکلیف میں اور اضافہ ہی ہوا تھا۔

"اپنی یہ حالت بنا کر، آخر کیا ثابت کرنا چاہتی ہو تم؟ تم پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑ رہا ہوں میں؟ جی جان لگا کر ان پندرہ دنوں میں اپنی یہ حالت بنائی ہے تاکہ ممی کے سامنے میرا تماشا بنا سکو؟ اب اس حالت میں تمہیں لے کر جاؤں میں؟ اس حالت میں......؟" وہ دبی آواز میں دھاڑا تھا۔

وہ دم سادھے کچھ صدمے سے اس کی آنکھوں میں دیکھ کر رہ گئی۔ بازو کی تکلیف جیسے ایک لمحے میں غائب ہوئی تھی۔

"چاہتی کیا ہو تم؟" وہ دبی آواز میں غرایا۔ قہر برساتی آنکھوں میں جیسے خون اترا ہوا تھا۔

جنت کے لب بھنچ گئے۔ آنکھوں میں سرخی پھیلی۔ مگر اس نے جواباً کچھ نہ کہا۔

"پتا نہیں کس گناہ کی پاداش میں تم میرے گلے پڑ گئی ہو۔" جھٹکے سے اس کا بازو چھوڑتے ہوئے اس نے اپنی سائیڈ کا دروازہ کھولا تھا۔

بڑبڑاتے ہوئے کچھ جھنجھلاہٹ کے عالم میں اس نے گاڑی اسٹارٹ کی تھی۔ یکایک ہی اسے اپنی انگلیوں پر چپچپاہٹ کا احساس ہوا تھا۔ یونہی داہنا ہاتھ سامنے کیا تو وہ خون سے سرخ تھا۔ وہ اپنی جگہ ٹھٹک کر رک گیا۔

دروازہ کھول کر جنت برابر میں بیٹھی تو اس نے بے ساختہ گردن موڑ کر اسے دیکھا۔

چھتری ٹانگوں میں رکھنے کے بعد اب وہ اپنے بالوں کو سمیٹ کر کیچر میں جکڑ رہی تھی۔ بہت احتیاط اور آہستگی سے۔

ایک لمحے کے لیے فارس کی سوچ اور خیال منتشر ہوئے تھے۔ ایک لمحے کے لیے کسی بے معنی سے اندیشے نے سر اٹھایا تھا۔

جب وہ اپنے بالوں کو سمیٹ چکی تو اسے لگا شاید وہ اب فرصت سے، ہمیشہ کی طرح کوئی وضاحتی جواب دے گی، کوئی انوکھا بیان دے گی مگر وہ چپ تھی۔ گویا منہ میں زبان ہی نہ ہو۔ کھڑکی کی طرف منہ موڑے اس نے اپنی صورت بھی گم کر لی تھی۔

فارس کی نگاہ ایک لمحے کے لیے اس کے داہنے بازو کے اس مقام پر رکی تھی جسے اس نے انتہائی سختی سے پکڑا تھا۔ پھر اس نے گاڑی اسٹارٹ کر دی تھی۔

سفر خاموشی سے کٹنے لگا تھا۔

ونڈ اسکرین پر متحرک وائپرز، کہر میں لپٹا روڈ...... بارش کی آواز...... شدید سردی، اور شال میں اپنا آپ چھپائے۔ کھڑکی کی طرف رخ کیے، آنکھیں موندے وہ بیٹھی تھی۔ ذرا دیر کے لیے ہی اس پر غنودگی چھائی تھی۔ پھر اس کی آنکھ کھل گئی تھی۔ بخار کی حدت سے تپتا وجود سردی کی شدت سے کپکپا رہا تھا۔

چہرے کا رخ اب بھی کھڑکی کی طرف تھا۔ بھولے سے بھی نہ رخ بدل رہی تھی۔ اور نہ ہی اسے دیکھنے کی غلطی کر رہی تھی۔ وہ بھی خاموشی سے گاڑی ڈرائیو کر رہا تھا۔ حیرت انگیز طور پر اس نے دوبارہ کوئی بات نہیں کی تھی۔ نہ غصہ دکھایا تھا۔ نہ جھڑکیاں پلائی تھیں۔ نہ ہی ان گناہوں کا حوالہ دیا تھا جن کی پاداش میں وہ اس کے گلے پڑ گئی تھی۔ خشک لبوں کو تر کرتے ہوئے اس نے گہرا سانس لیا۔

فارس نے گاڑی پٹرول پمپ کے سامنے سڑک کے عین کنارے پر روک دی تھی۔ آگے پیٹرول ڈلواتی گاڑیوں کا رش تھا۔

وہ رین کوٹ کا ہڈ سر پر چڑھائے گاڑی سے نکل گیا۔ جنت سامنے دیکھنے لگی۔ دھند میں ملفوف درخت بس چند قدموں کے فاصلے تک ہی واضح تھے۔

اس نے پانی کے چند مزید گھونٹ بھرے۔ پھر داہنے ہاتھ کی انگلیوں سے کنپٹی دبانے لگی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

وہ کھانا آرڈر پر پیک کروا کر پلٹ ہی رہا تھا جب اس نے آواز سنی تھی۔ مسلسل بجتا ہارن..... ٹائر کی چرچراہٹ.....اور پھر تصادم.....اس نے پیٹرول پمپ پر موجود لوگوں کو دائیں سمت بھاگتے دیکھا۔ بارش کچھ زیادہ ہی تیز ہوگئی تھی۔

ہر منظر دھندلا تھا۔ مبہم تھا..... غیر واضح!

''ایکسیڈنٹ ہوگیا۔'' کوئی کہہ رہا تھا۔ بارش کے شور میں اب لوگوں کی تیز آوازیں بھی شامل ہوگئی تھیں۔

کسی احساس، کسی اندیشے، کسی خیال کے تحت اس نے عجلت میں قدم اٹھاتے ہوئے وہاں دیکھا جہاں اس کی گاڑی کھڑی تھی۔

اگلے ہی لمحے، اس کا دل رکا، سانسیں تھم گئیں۔ پارسل ہاتھوں سے چھوٹ گیا۔ شاید زمین چکرائی تھی یا پھر آسمان سر پر گرا تھا۔ وہ تصادم.....وہ کوئی عام تصادم تو نہ تھا۔

بے قابو ہوتی گاڑی اس کی گاڑی سے ہی آکر ٹکرائی تھی جس کی وجہ سے اس کی گاڑی گھومتی ہوئی بلندی سے نیچے جا گری تھی۔

''جنت!''اس کا سانس رکا۔

بے اختیار ہو کر وہ اسی طرف بڑھا جس طرف لوگوں کا ہجوم تھا۔کنارے پر اس کے پہنچنے سے بھی پہلے گاڑی ایک زوردار دھماکے سے آگ کی لپیٹ میں آئی تھی۔

وہ پتھر ہوا تو چند لمحوں تک پتھر ہی رہا۔ساکت......صامت......جامد......

صدمے سے قوت ملی۔قدم بے ساختہ ہی اس طرف اٹھے۔بیچ راستے میں ہی کچھ لوگوں نے آگے بڑھنے سے روک لیا۔

https://novelskidunya.com/

حواس شل ہو رہے تھے۔وہ گہرے صدمے میں تھا۔اپنا آپ چھڑاتے ہوئے آگے بڑھنا چاہ رہا تھا مگر لوگ اسے آگے بڑھنے نہیں دے رہے تھے۔

''فارس......!''

آن کی آن میں یہ کیا ہوا تھا؟ کیوں ہوا تھا؟

اس نے یہ تو نہیں سوچا تھا۔اس نے یہ تو نہیں چاہا تھا۔

''فارس......!''اب کے آواز بلند تھی۔کپکپاتی ہوئی اور درشت تھی۔جیسے کسی نے پوری جان لگا کر اسے پکارا ہو۔

بے جان ہوتی ٹانگوں کے ساتھ اس نے ایک جھٹکے سے مڑ کر پیچھے دیکھا۔

سر پر چھاتا تانے......سردی کی شدت سے کپکپاتی......کچھ کمزور اور نڈھال سی جنت آنکھوں میں الجھن لیے اس کے سامنے ہی کھڑی تھی۔کچھ ہی فاصلے پر......

صدمے سے فارس کی نگاہ ڈگمگائی......وہ تھم گیا۔رک گیا۔ٹھہر گیا۔لمحے بھر کے لیے اسے اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آیا تھا۔آ بھی کیسے سکتا تھا؟ وہ مجسم حقیقت بنی اس کے سامنے کیسے کھڑی تھی؟ وہ تو گاڑی میں......

آنکھوں میں بے یقینی اور الجھن لیے،اپنے اپ کو لوگوں کی گرفت سے آزاد کرتے ہوئے وہ اس کی جانب بڑھا۔

جنت ناسمجھی کے عالم میں اسے دیکھنے لگی۔

اس کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔ سر درد سے پھٹا جا رہا تھا۔ سردی اذیت بڑھا رہی تھی مگر فارس کی آنکھیں......اس کے تاثرات......اس کا خوف اور گھبراہٹ اس پر روشن دن کی طرح عیاں تھا۔

''میرے سر میں درد تھا تو میں ٹیبلٹ لینے کے لیے......'' اس نے خوامخواہ وضاحت دی۔

آسمان پر بجلی چمکی۔ پھر گھن گرج کی آواز ہر سمت گونجی۔

وہ اس پر نگاہ جمائے اپنی جگہ کھڑا رہا۔

اب کے جنت نے اس کے عقب میں دیکھا۔

شاید وہ ایکسیڈنٹ کی نوعیت اور نقصان کے بارے میں جاننا چاہ رہی تھی۔ اگلے ہی پل اس کا حلق خشک ہوا تھا۔ زمین نے قدم جکڑ لیے تھے۔ نگاہیں شعلوں پر جم کر رہ گئیں۔

سیاہ پراڈو جوان کی گاڑی سے ٹکرائی تھی اس گاڑی میں ایک ہی نوجوان تھا۔ زخمی تھا اور اسے گاڑی میں ڈالے چند مقامی لوگ اسی وقت ہاسپٹل کے لیے روانہ ہو گئے تھے۔ لیکن ان کی گاڑی جو بلندی سے گری تھی۔ اس میں تو کوئی بھی نہیں تھا۔ مگر پھر بھی دونوں کی حالت ایسی تھی جیسے ان کا نقصان ہو گیا ہو۔ جیسے وہ شعلوں کی لپیٹ میں گاڑی کے اندر ہی رہ گئے ہوں۔

اس نے پھر فارس کو دیکھا۔ وہ کمزور اعصاب کا شخص نہیں تھا۔ اور ایسا بھی نہیں کہ گاڑی کا نقصان اسے پریشانی میں مبتلا کر دے......تو پھر وہ اتنا متفکر کیوں لگ رہا تھا؟ اتنا بے چین اور بے قرار کیوں دکھ رہا تھا؟ اس کی آنکھوں کی سرخی......درد کی عکاسی کیوں کر رہی تھی؟ چہرے کے تاثرات غصے میں کیوں ڈھل رہے تھے؟

کیا اس لیے کہ وہ بچ گئی تھی؟ کیا اس لیے کہ اس کے غیر ضروری وجود سے جان چھڑانے کا ایک موقع ہاتھ سے نکل گیا تھا؟ اسے صدمہ ہوا۔

ہاں شاید......یہی وجہ ہے! یقیناً یہی وجہ ہے۔

لب بھینچ کر وہ سخت تاثرات کے ساتھ اسی وقت جانے کے لیے مڑ گئی تھی۔ سامنے ہی اسٹور کے شیڈ تلے رکتے ہوئے اس نے غصے سے سرخ پڑتے چہرے کے ساتھ فارس وجدان کو دیکھا جو اس کے برابر میں آن کھڑا ہوا تھا۔

اس کے تاثرات اب بھی نارمل نہیں تھے۔

''اندر آ جاؤ صاحب!'' تیرہ چودہ برس کا لڑکا اسٹور کے کاؤنٹر سے چلایا تھا۔

ایک لمحے کا توقف کیے بغیر جنت فوراً ہی سیڑھی چڑھ کر اندر چلی گئی۔ کرسی کھینچ کر بیٹھتے ہوئے اس نے سرد نظروں سے فارس کو دیکھا۔ برساتی کا ہڈ اتارتے ہوئے اس نے گردن تک چڑھی ہوئی زپ کھینچ کر سینے پر ٹھہرا لی تھی۔ ایک ہاتھ مسلسل حرکت میں تھا جیسے اسے گھٹن ہو رہی ہو اور وہ شرٹ کے اوپری بٹن کھول لینا چاہتا ہو۔ سختی سے دانت پر دانت جمائے جنت نے چہرے کا رخ پھیر لیا۔

https://novelskidunya.com/

موت!

بددعا!

بدنصیبی!

سزا!

تنبیہ!

یا......

ناولز کی دُنیا
Novels Ki Duniya

اس نے آنکھیں موند لیں۔ وہ اپنی کیفیت پر قابو پانے کی کوشش کر رہی تھی، مگر یہ آسان نہیں تھا۔ ہرگز آسان نہیں تھا۔

اگر وہ گاڑی میں ہوتی تو اس وقت...... اس کا دم گھٹتا...... اسے لگا اگر اس نے فی الوقت خود کو نہ سنبھالا تو اسے کچھ ہو جائے گا۔ پندرہ دن پہلے بھی اس پر ایسی ہی کیفیت طاری ہوئی تھی۔ لیکن تب اس نے خود کو سنبھال لیا تھا۔ اب سنبھالنا کچھ مشکل لگ رہا تھا۔

''پانی دینا۔'' لڑکا بھاگ کر منرل واٹر کی بوتل نکال لایا۔ چند گھونٹ بھر کر اس نے بسکٹ بھی اٹھا لیے تھے۔ جوس بھی لے لیا۔

اپنے ایسوسی ایٹ عدیل احمد سے فون پر بات کرتے فارس کی نظر یکا یک اس پر پڑی اور وہ رک گیا۔ کیا

کہہ رہا تھا یہ بھی بھول گیا۔

جوس کے ساتھ بسکٹ کھاتے ہوئے وہ چیزیں اٹھا اٹھا کر دیکھ رہی تھی۔ان کی قیمت پوچھ رہی تھی۔اپنی رائے عامہ سے بھی آگاہی دے رہی تھی۔تیرہ چودہ سال کا پٹھان لڑکا بڑھ چڑھ کر اس کی خدمت داریوں میں لگا ہوا تھا۔

فارس کی رگیں تن گئیں۔جبڑے بھنچ گئے۔

''کیا اس بے حس لڑکی کو ذرا سا بھی احساس ہے کہ موت اسے قریب سے سلام دیا کر کے گئی ہے؟''

''باجی! اور کچھ چاہیے آپ کو؟'' پٹھان لڑکا بہت خوش تھا۔مستعدی سے اپنا ہر کام سرانجام دے رہا تھا۔

''ہاں، ذرا وہ لیز چپس بھی لے آؤ۔اور یہ چلی ملی...... یہ نئی آئی ہیں کیا؟ پہلے تو کبھی نہیں دیکھیں۔اور اس کا فلیور کیسا ہے؟'' اب وہ کچھ اور اٹھا کر پوچھ رہی تھی۔

''یہ بچہ لوگ کھاتا ہے باجی......ام کو نئیں مالوم (معلوم)۔''

''اور یہ کتنے کا ہے؟''

''دس روپے باجی!''

''دس روپے......؟ پانچ کی دو گے تو لوں گی۔''

''سر! آپ کچھ کہہ رہے تھے۔'' عدیل احمد کی آواز پر وہ سر جھٹک کر فون کی طرف متوجہ ہوا۔

''باجی! ابھی تم بولا، تمھارا سر میں درد ہے۔ ہمارا اماں بولتا ہے سر درد ہو تو کھٹی چیز نئیں کھانی چاہیے۔''

عدیل احمد کو ضروری ہدایات دے کر وہ مڑا تو زرد رنگت اور سرخ پڑتی آنکھوں کے ساتھ جنت کمال تیسرا چپس کا پیکٹ کھول رہی تھی۔

''یہ تمھارا اسٹور ہے خان؟''

''نئیں باجی......! یہ گل خان کا اسٹور اے......ام پکوڑے بیچتا اے......'' پکوڑے بیچنے سے ہی اسے کچھ یاد آیا تو فٹ سے بولا۔

''آج تم بھی بچ گیا......ام بھی بچ گیا۔''

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya

جنت نے کچھ حیران ہو کر اسے دیکھا تھا۔

"وہ جہاں تمھارا گاڑی کھڑا تھا نا......ام ادھر روز پکوڑے بیچتا اے......لیکن آج بارش تھا اس لیے آج ہم نہیں بیچا......اگر بارش نہ ہوتا تو ام ادر کھڑا ہوتا۔ اور پھر ہمارا اماں رو رہا ہوتا۔"

سانس روکے جنت اسے دیکھ کر رہ گئی۔

"شکر ہے، تمھارا گاڑی بھی خالی تھا۔ شکر اے......ام بھی وہاں نہیں تھا۔" اس نے سر ہلا ہلا کر خوشی کا اظہار کیا تھا۔

"تمہیں لگتا ہے، اللہ نے ہمیں بچایا ہے؟" بہت محتاط ہو کر، اور خاصی سوچ و بچار کے بعد اس نے بظاہر پست آواز میں پوچھا تھا مگر آواز اتنی بھی پست نہ تھی کہ فارس وجدان کی سماعتوں سے نہ ٹکراتی۔

"ہاں......! اللہ کا بوت بوت شکر باجی!"

"ایسا بھی تو ممکن ہے کہ یہ ایک وارننگ ہو۔ میرے لیے......تمھارے لیے......یا شاید کسی اور کے لیے......!"

لڑکے نے اچنبھے سے جنت کو دیکھا۔

"وارننگ......کیسا وارننگ......واللہ ام بوت اچھے پکوڑے بناتا ہے۔ صفائی کا بھی بوت خیال رکھتا ہے۔ کسی دن کھا کر دیکو (دیکھو)۔"

فارس وجدان نے عین اس وقت اس کے اور لڑکے کے مابین حائل اس چھوٹی سی میز پر جوس پٹخا تھا۔ "کتنے کا ہے؟" دانت پیس کر قیمت پوچھی جا رہی تھی۔

لڑکے نے سر اٹھا کر فارس کو دیکھا۔ اس گاہک کو تو وہ یکسر فراموش کر بیٹھا تھا۔

جنت نے گردن سیدھی کی۔ ناگواری سے اسے دیکھا، پھر رخ بدل گئی۔

پٹھان لڑکا اب فارس کی خدمات داریوں میں لگ گیا تھا۔

وہ پچھلے ڈیڑھ گھنٹے سے میز پر ہیڈ ڈاؤن کیے بیٹھی تھی۔ نہ نیند آ رہی تھی، نہ سکون مل رہا تھا۔ سلگتی ہوئی متورم

آنکھیں بھی اب تکلیف پہنچانے لگی تھیں۔

پٹھان لڑکا اس کے لیے چائے لے آیا تھا۔

ٹیبلٹ وہ لے چکی تھی مگر اس کی طبیعت تھی کہ کسی بھی صورت سنبھلنے میں نہیں آ رہی تھی۔ جسم میں اب مروڑ اٹھ رہے تھے۔ کوئی ایسا انتظام بھی نہ تھا کہ وہ دراز ہو کر سو جاتی۔

"صاب اتمارا آدمی کب آئے گا؟" پٹھان لڑکا صرف ان کی ہی وجہ سے اسٹور بند نہیں کر رہا تھا۔

فارس نے کلائی موڑ کر وقت دیکھا۔ اس کے اندازے کے مطابق عدیل کو اب تک پہنچ جانا چاہیے تھا۔ کچھ سوچ کر اس نے موبائل نکالا۔ اور اس سے قبل کہ وہ کال کرتا، سیاہ مرسڈیز اسٹور کے سامنے آ رکی تھی۔ ہیڈ لائٹس کی تیز روشنی گلاس ڈور پر پڑی۔

ہارن بھی بجا...... اور موبائل پر کال بھی آنے لگی۔

جنت نے بے ساختہ سر اٹھاتے ہوئے باہر دیکھا۔ سامنے دو گاڑیاں تھیں۔ ایک میں عدیل اور دوسری گاڑی میں اس کے گارڈ سوار تھے۔

"از ایوری تھنگ آل رائٹ سر!" عدیل اندر آ گیا تھا۔ اسے ایکسیڈنٹ کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے وہ دروازے میں ہی کھڑا رہا تھا۔

عدیل ہدایات لے کر پلٹ گیا تو اس نے سرسری نگاہوں سے جنت کو دیکھا جو اپنی جگہ سے اٹھ کر اسی طرف آ رہی تھی۔

فارس کے قریب سے گزرتے ہوئے، اسے ایک دم اپنا سر گھومتا ہوا محسوس ہوا، اس سے قبل کہ وہ لڑکھڑا کر گرتی، فارس نے بروقت اسے بازو سے پکڑ کر سنبھال لیا۔

فارس کی یہ حرکت اتنی غیر متوقع اور اچانک تھی کہ جنت کو سنبھلنے میں...... اور پھر سنبھل کر سمجھنے میں چند لمحے لگے۔ اگلے ہی لمحے اس نے شدید غصے کے عالم میں بدک کر اپنا بازو یوں چھڑایا جیسے اسے سانپ نے پکڑ لیا ہو۔

دیوار کا سہارا لے کر...... اپنا توازن برقرار رکھتے ہوئے اس نے سخت پتھریلی نگاہوں سے اسے دیکھا۔

''میرا ہاتھ کیوں پکڑا تم نے؟'' اب کے اس کا سوال، رویہ اور تاثرات فارس وجدان کے لیے غیر متوقع تھے۔ وہ اس پوزیشن میں ہرگز نہیں تھی کہ اس سے بحث مباحثہ کر سکتی۔ بخار کی شدت سے جسم تپ رہا تھا۔ آنکھیں دھندلا رہی تھیں۔ سر گھوم رہا تھا۔ اور تب بھی وہ سمجھ رہی تھی کہ اگر کوئی بے وقوف اسے گرنے سے بچا رہا ہے تو اس کے حق میں غلطی کر رہا ہے۔

فارس کے جبڑے بھنچ گئے۔ عدیل احمد اور گارڈز کے سامنے جس طرح وہ اس کے ساتھ پیش آئی تھی، وہ بمشکل ضبط کیے کھڑا تھا ورنہ دل چاہ رہا تھا ایک تھپڑ تو لازمی جڑ دے اسے......

''باجی! یہ لڑائی وڑائی ختم کرو۔ تمارا طبیعت خراب ہے۔ تم گر جائے گا۔'' پٹھان لڑکے نے ہی اسے کام ڈاؤن کرنے کی کوشش کی تھی۔

ان دو گھنٹوں میں ان کے لیے دیے رویے سے وہ اتنا تو جان ہی چکا تھا کہ کوئی اعلیٰ اور غیر معمولی قسم کی دشمنی ہے جو ان دونوں میں جانے کب سے چلی آ رہی ہے۔

''مجھے اب گرنے سے ڈر نہیں لگتا خان!''

فارس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے وہ درشتی سے بولی۔ ''میں پندرہ دن پہلے پارکنگ ایریا میں گری تھی، پھر خود اٹھ کر......اور خود چل کر بھی گئی تھی۔ اب بھی گروں گی تو خود اٹھ کر جانے کی ہمت ہے مجھ میں......''

''میں بھی کوئی مرا نہیں جا رہا تھا تمھارا ہاتھ پکڑنے کے لیے۔'' فارس نے دبی آواز میں جھڑک کر کہا۔

بگڑے تیوروں کے ساتھ جنت نے فٹ سے چھتری کھول دی۔ اگر فارس بروقت اپنا سر پیچھے نہ ہٹاتا تو نوک اس کے سر میں ضرور لگتی۔

وہ پھولے تنفس اور بگڑے تیوروں کے ساتھ سنبھل کر قدم اٹھاتی باہر نکل گئی۔ گاڑی تک پہنچنے سے پہلے اس کا پاؤں پھسلا تھا۔ (حالانکہ وہ کتنے احتیاط سے قدم اٹھا رہی تھی)

اور وہ ایک بار پھر نیچے گری تھی۔ بہت بری طرح سے......دبی دبی کراہ اس کے حلق سے خارج ہوئی۔ اوپر سے بارش کی بوچھاڑ جس نے چند سیکنڈ میں ہی اسے مکمل بھگو دیا تھا۔ چھتری جانے کہاں غائب ہوئی تھی۔

پٹھان لڑکے نے بے ساختہ پیشانی کو چھوا۔

جیبوں میں ہاتھ ڈالے سیڑھیوں پر کھڑا فارس وجدان اب کے اس کی مدد کو نہیں آیا تھا۔ اس کے چہرے پر مکمل اطمینان تھا۔

''کھڑوس سے میری ہمت برداشت نہیں ہوئی۔ نظر لگا دی۔''

وہ اپنی کہنی سہلاتے ہوئے مسلسل رو رہی تھی۔

جانے کیا سوچ کر...... جانے کیا سمجھ کر...... اور جانے اور کتنی تکلیفوں پر...... حالانکہ اسے فارس وجدان کے سامنے نہ کبھی رونا تھا، نہ کمزور پڑنا تھا۔ لیکن یہ غم کہ وہ گری...... آخر فارس وجدان کے سامنے ہی کیوں گری؟ کیوں......؟

اور تب ہی اس نے فارس کو زینہ اتر کر اپنی طرف آتے دیکھا۔ لبوں پر طنزیہ مسکراہٹ تھی۔ جنت کا چہرہ خفت سے سرخ پڑ گیا۔

اس کے سر پر پہنچ کر فارس نے اپنا ہاتھ بڑھایا۔ خیرات کی طرح...... کہ لو...... خود سے پکڑو تا کہ تمہیں اس سچویشن سے نکالا جا سکے۔

وہ بھی جنت کمال تھی۔ تنفر سے اس کا ہاتھ جھٹک کر بغیر کسی مدد، بغیر کسی سہارے کے خود سے ہی اٹھ کھڑی ہوئی۔

کوئی ہڈی وڈی نہیں ٹوٹی تھی کہ اسے اب بھی کسی سہارے کی ضرورت پڑتی۔ چوٹیں ہی تو آئی تھیں۔ اور چوٹیں تو اسے ہمیشہ آتی رہتی تھیں۔ اس سے بھی تو مشکل ترین وقت دیکھا ہوا تھا اس نے...... تو پھر ایسے کیسے کمزور پڑ جائے۔

کیچڑ سے لت پت کپڑوں کے ساتھ مکمل طور پر بھیگی ہوئی اب وہ اپنے قدموں پر کھڑی تھی۔ دل چاہا اب تو چیخ کر رو پڑے۔ لیکن اس نے صبر کا مظاہرہ کیا اور گاڑی کا دروازہ کھول کر دھپ سے اندر بیٹھ گئی۔ دوازہ اس نے زور سے بند کیا تھا۔

پٹھان لڑکے نے سکھ بھرا سانس لے کر گلاس ڈور بند کیے، شٹر گرایا اور یہ جا وہ جا......

عقبی نشست کا دروازہ کھول کر فارس اس کے برابر میں بیٹھا تو اس نے دانستہ اپنے چہرے کا رخ کھڑکی کی طرف موڑ لیا۔ اس کی شکل ایسی ہو رہی تھی جیسے وہ خوب دل کھول کر رونا چاہتی ہو مگر کسی وجہ سے رو نہ پا رہی ہو۔

''جی سب ٹھیک ہے می! آپ پریشان مت ہوں۔'' فارس نے رک کر فون پر کچھ سنا۔
''کچھ لوگ بارش میں کرتب دکھانا چاہ رہے تھے، تو بس وہی دیکھتے دیر ہوگئی۔''
جنت نے ضبط کر کے مٹھیاں بھینچ لیں۔
فارس نے کلائی موڑ کر وقت کا حساب لگایا۔
''ہم بس ڈیڑھ دو گھنٹے تک پہنچ جائیں گے۔''
پھر اس نے اللہ حافظ کہتے ہوئے کال کاٹ دی تھی۔

جنت کی رنگت سفید ہو رہی تھی۔ ہونٹ نیلے پڑ رہے تھے۔ ٹھنڈک کا احساس ہڈیوں میں گھستا محسوس ہو رہا تھا۔ لیکن وہ سر اٹھائے یوں بیٹھی تھی جیسے بس شوقیہ ہی کپکپا رہی ہو۔

عدیل احمد نے گاڑی اسٹارٹ کر دی۔ مین روڈ پر گاڑی ڈالنے تک سب ٹھیک تھا۔ پھر جب گاڑی نے سرعت پکڑی تب بھی وہ گردن اٹھائے شیشوں پر پھسلتی بارش کو بڑے سکون کے ساتھ دیکھ رہی تھی۔ اس کے بعد جانے کیا ہوا، اس کی آنکھیں بند ہونے لگیں۔ سر ڈھلک کر شیشے سے جا لگا۔ ہاتھ بے جان ہو کر پہلو میں گرے۔ اور اسے اپنے آس پاس کا کوئی ہوش نہ رہا۔

☆......☆......☆

پکے صحن کی مضبوط سیڑھیوں کا منظر تھا۔ سفید ٹائلز پر ڈھیر ہوتے کسی وجود کی کراہ...... صدمہ...... وحشت...... بے یقینی...... اور پھر وہی آواز جو اس کے حواس مختل کر دیا کرتی تھی۔ ایک جھماکے سے کانچ ٹوٹا تھا۔ شیشے کے ٹکڑے بکھرے تھے۔ چیخیں ابھری تھیں۔

''جنت نہیں...... جنت پلیز...... خدا کے لیے...... جنت میرا بچہ......!''

اسے سانس لینے میں دشواری ہو رہی تھی۔ بخار کی حدت سے تپتا وجود درد کی لپیٹ میں تھا۔ تکلیف کی شدت سے کراہتے ہوئے اس نے بے چینی سے کروٹ بدلی۔ پھر زیر لب بڑبڑاتے ہوئے رونے لگی۔ ذہن ایک بار پھر غنودگی میں ڈوب گیا تھا۔

دوبارہ جب اسے ہوش آیا تو رات کا ڈیڑھ بج رہا تھا۔ اسے بھوک کا شدت سے احساس ہوا۔ منہ کا ذائقہ زہریلا سا ہو رہا تھا۔ اس نے اطراف میں نگاہ دوڑائی۔

کمرے کی کھڑکیوں پر دبیز پردے گرے ہوئے تھے۔ لائٹس آف تھیں، صرف نیلگوں بلب جل رہا تھا۔ ہیٹر آن تھا، تب ہی کمرے میں سردی کا احساس نہیں ہو رہا تھا۔ گہرا تنفس لیتے ہوئے وہ کسی قدر کوشش سے اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔ آخری منظر جو ذہن میں محفوظ تھا، وہ گاڑی کا تھا۔

مدھم سی نیلگوں روشنی میں فارس اسے سامنے کاؤچ پر نیم دراز دکھائی دیا۔ آنکھیں بند تھیں۔ تنفس ہموار...... یقیناً گہری نیند میں تھا۔

جنت نے داہنے ہاتھ پر نگاہ دوڑائی۔ کینولا موجود تھا۔ ڈرپ اتر چکی تھی۔

اس نے بیڈ سائیڈ پر رکھی دواؤں کو دیکھا۔ پھر الجھے بکھرے بالوں کو سمیٹ کر فرش پر قدم جماتے ہوئے اٹھ کھڑی ہوئی۔ لمحے بھر کے لیے لڑکھڑائی پھر سنبھل گئی۔

اس کا رخ واش روم کی طرف تھا۔ واش بیسن کے سامنے رک کر اس نے خود کو آئینے میں دیکھا۔

چہرے کی زرد جلد کو چھوا۔ سرخ ڈوروں والی بھیگی ہوئی آنکھوں کو دیکھا۔ بے ساختہ کسی خیال کے تحت سفید لبادے کی کھلی ڈھیلی آستین کو اوپر کیا۔

بازو پر موجود زخم کی بینڈیج کی گئی تھی۔ اس نے بینڈیج ہٹا کر دیکھا۔ چار ٹانکے لگے تھے۔ وہ ایک بار پھر اپنے عکس کی طرف متوجہ ہوئی۔ پیشانی پر نیل کا نشان کچھ گہرا لگنے لگا۔ اسے فکر ہوئی۔ مسز شیرازی سے چھپانا اشد ضروری تھا۔ ورنہ وہ دیکھ کر سوال کریں گی۔ سوال اذیت سے دوچار کرے گا۔ اذیت حکایتوں میں ڈھل کر آنکھوں میں عیاں ہوگی اور پھر اس کا کوئی بھی جھوٹ انہیں مطمئن نہیں کر پائے گا۔

منہ دھو کر وہ کمرے میں واپس آ گئی۔ گرم شال کندھوں پر ڈالتی بے حد احتیاط سے باہر نکل گئی۔

سیڑھیاں اتر کر اس نے کچن کا رخ کیا تھا۔ کچھ ہی دیر میں فریز رکھولے سرخ متورم آنکھوں سے کھانے کے لیے کچھ دیکھ رہی تھی۔

چکن کڑاہی، فرائیڈ فش......اس نے مائیکرو ویو میں کھانا گرم کیا اور ابھی کرسی کھینچ کر کھانے کے لیے بیٹھی ہی تھی کہ قدموں کی آہٹ سماعت سے ٹکرائی۔ نوالہ توڑ کر سالن میں ڈبوتے ہوئے وہ دیکھے بنا ہی جان گئی تھی کہ رات کے اس پہر سیڑھیاں اتر کر نیچے کون آ رہا ہے۔

پہلے فریز رکھولا گیا۔ دودھ نکالا گیا۔ کیبنٹ کھول کر پتی اور چینی کے چار تلاشے گئے۔ برنر جلایا گیا۔

اور اس دوران وہ اطراف سے یکسر بے نیاز خاموشی سے کھانا کھاتی رہی۔

چائے کپ میں ڈالے وہ سیدھا لاؤنج میں جا کر بیٹھ گیا تھا۔ اوپن کچن سے وہ بآسانی دیکھ سکتی تھی۔ ٹی وی آن کیے، چینل سرفنگ کرتے وہ گھونٹ گھونٹ چائے اپنے اندر اتار رہا تھا۔

جنت نے بس ایک لمحے کے لیے اس کی پشت کو دیکھا، پھر سپاٹ تاثرات کے ساتھ سنک میں استعمال شدہ پلیٹیں رکھ کر اپنے کمرے میں آ گئی۔

//

بیڈ سائیڈ ٹیبل پر دواؤں کے ساتھ اوقات کی نشاندہی کرتے نوٹ چسپاں تھے۔ کون سی ٹیبلٹ کس وقت لینی ہے اور دن میں کتنی بار لینی ہے سب درج تھا۔

لب بھینچ کر وہ گلاس میں پانی انڈیلنے لگی۔

دوا لینے کے بعد اس نے اپنا لحاف اور تکیہ اٹھایا اور ایک بار پھر اپنی سابقہ جگہ، یعنی صوفے پر جا کر لیٹ گئی۔

پھر جانے کب اس کی آنکھ لگ گئی تھی۔

اور کھلی تب تھی جب کسی نے کندھا ہلاتے ہوئے پکارا تھا۔ آواز غیر مانوس تھی۔ آنکھیں کھول کر اس نے خود پر جھکے چہرے کو دیکھا۔ کچھ دھندلا سا تھا۔

''کیا بات ہے؟'' آواز بھاری تھی۔

''اب کیسی طبیعت ہے آپ کی......؟''

جنت نے اس لڑکی کو دیکھا جو گرم کپڑوں پر سیاہ رنگ کے سویٹر میں ملبوس، دوپٹا سلیقے سے جمائے چمکتی روشن آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

"کون ہو تم......؟"

"میں......اقصیٰ ہوں جی!"

"اقصیٰ کون......؟" حواس کچھ بیدار ہوئے تو وہ اٹھ کر بیٹھ گئی۔

"عبدالغفور کی بیٹی......!"

عبدالغفور ان کے مالی تھے۔ خود شہر میں کام کرتے تھے مگر فیملی گاؤں میں رہتی تھی۔

اقصیٰ اب کچھ متفکر نگاہوں سے اسے دیکھنے لگی۔ "آپ ٹھیک ہیں جی......؟"

"ہاں......!" چہرے پر دونوں اطراف سے پھسلتے بالوں کو کان کے پیچھے اڑستے ہوئے اس نے کہا پھر سر اٹھا کر کھڑکیوں کی طرف دیکھا۔ دبیز پردے ڈوریوں میں بندھے ہوئے تھے۔ سورج کی تیز روشنی چھن کر اندر آ رہی تھی۔ کتنے دنوں بعد سورج نکلا تھا۔

"آپ کے لیے کچھ کھانے کے لیے لاؤں؟ چکن سوپ بنایا ہے جی، میٹھے میں کھیر بھی بنائی ہے۔"

جنت نے بے ساختہ داہنے ہاتھ کی پشت پر نگاہ دوڑائی۔ کینولا اتر چکا تھا۔ سنی پلاسٹ لگا تھا۔

"میں یہاں کب آئی تھی؟"

"پرسوں شام میں آپ کو صاحب لائے تھے۔"

"صاحب لائے تھے؟" پھانس کی طرح کوئی شے جنت کے حلق میں اٹکی۔ "کیسے لائے تھے؟"

"اٹھا کر لائے تھے جی......اور کیسے لاتے......؟" وہ حیران ہو کر جنت کو دیکھنے لگی۔ جنت کا رنگ اڑا۔

"آپ کی اتنی طبیعت خراب تھی۔ جسم مانو آگ میں جل رہا تھا۔" اقصیٰ نے بات جاری رکھی۔

"میں ساری رات بیٹھ کر ٹھنڈے پانی کی پٹیاں ہی کرتی رہی۔ پھر فارس صاحب نے ڈاکٹر کو بلایا۔ تب جا کر آپ کا بخار کم ہوا۔" بڑے سنسنی خیز انداز میں چہرے کے تاثرات کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ اپنی بات مکمل کر کے اس نے جنت کو دیکھا۔

وہ حیرت سے اقصیٰ کو دیکھ کر رہ گئی۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya http://kitaabghar.com

گزشتہ چوبیس گھنٹوں کا تو اس کے پاس کوئی حساب ہی نہ تھا۔ نہ ہی اسے کچھ یاد تھا۔ وہ چند لمحوں تک خالی الذہنی کیفیت میں بیٹھی رہی، پھر اس نے اٹھ کر شاور لیا۔

کپڑے بدل کر اس نے معمول کی طرح برش سے بالوں کو سلجھا کر کیچر میں جکڑا۔ سویٹر پہنا، شال اوڑھی......

پھر اقصیٰ کے ہمراہ نیچے آ گئی۔

ہمت مجتمع کرتے ہوئے اس نے مسز شیرازی کے کمرے کا رخ کیا تھا۔ دستک دے کر دروازہ کھولا تو وہ سامنے ہی بیڈ پر بیٹھی دکھائی دیں۔ آنکھوں پر گلاسز لگائے کوئی کتاب پڑھ رہی تھیں۔ جنت پر نظر پڑتے ہی انہیں خوش گوار حیرت نے گھیر لیا۔

''جنت بیٹا! باہر کیوں کھڑی ہو، اندر آؤ۔'' لہجے میں کتنا پیار تھا اور آنکھوں میں کتنی فکر تھی۔ بھاری قدم اٹھاتی وہ بے حد خاموشی سے ان کی بانہوں میں سما گئی تھی۔

''جو کچھ سن چکا ہوں وہ سب می کو بتاؤں گا تو وہ کیا سوچیں گی؟ ایک ایسی لڑکی کو بہو بنا بیٹھی ہیں جو infertile (بانجھ) ہے، جس نے اپنی سوتن کے بچے کی جان لینے کی کوشش کی ہے۔ جس کے خاندان کے لوگ اسے اچھوت کی طرح ٹریٹ کرتے ہیں۔ اور جو اپنی ماں کی موت کا سبب بنی ہے۔''

کتنی ہی دیر تک وہ ان کے سینے سے لگی رہی تھی۔ اور پھر کتنی ہی دیر تک ان کی آنکھوں سے جھلکتی اس محبت کو بھی دیکھتی رہی جو وقتی انعام اور ادھورے خواب جیسی تھی۔

''اب کیسی طبیعت ہے؟'' انہوں نے اس کا سر، اس کا ماتھا چوما تھا۔

اس نے پلکیں جھپکا جھپکا کر آنکھوں میں ابھرتی نمی کو روک لیا۔

''بہتر ہے۔''

انہوں نے مزید کچھ نہ پوچھا، کوئی بات نہ کہی، کوئی سوال نہ دہرایا۔ بس اپنے بازو کے حصار میں لیے جانے کیا کچھ پڑھ کر اس پر پھونکتی رہیں۔

''نظر لگ گئی ہوگی۔اس دن میری بیٹی پیاری بھی تو بہت لگ رہی تھی۔''

''جو بددعاؤں کے زیر اثر رہتے ہوں، انہیں نظر نہیں لگا کرتی۔'' مگر وہ یہ بات مسز شیرازی کو نہیں بتا سکتی تھی۔

کچھ وقت ان کے پاس خاموشی سے بتا کر وہ آرام کی غرض سے کمرے میں آ گئی تھی۔

ایک بار پھر اس نے پرسکون رہنے کی کوشش کی تھی۔اور ایک بار پھر بند آنکھوں نے اس کی ہر کوشش ناکام بنا دی تھی۔اور وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی۔

وہ مسز شیرازی کو کسی بھی صورت پریشان نہیں کرنا چاہتی تھی۔انہیں کسی گہری اذیت یا صدمے سے دوچار نہیں کرنا چاہتی تھی۔وہ ان کی آنکھوں میں اپنے لیے نفرت، ناگواری جیسے تاثرات نہیں دیکھ سکتی تھی اور نہ ہی ان کی دعاؤں، محبت اور شفقت کے سائے سے محروم ہونا چاہتی تھی۔

https://novelskidunya.com/

وہ جانتی تھی فارس نے انہیں کچھ بھی نہیں بتایا ہوگا۔وہ اپنی ماں سے بے پناہ محبت کرتا تھا۔اور جب یہ طے تھا کہ کسی ڈیل کی طرح طے کیے گئے اس رشتے نے بھی ختم ہو ہی جانا ہے تو وہ گھر میں خوامخواہ کی ٹینشن پیدا نہیں کرنا چاہے گا۔وہ اب بھی اس پر کوئی دباؤ نہیں ڈالے گا۔اس پر سختی نہیں کرے گا۔روزمرہ معمولات کو ویسے ہی چلنے دے گا جیسے وہ پہلے سے چل رہے تھے۔پچھلے تین ماہ کی روٹین قائم رہے گی۔

ناولز کی دنیا Novels Ki Duniya

سخت ناگواری، ناپسندیدگی اور غصے کے باوجود اب بھی اس پر کوئی رعب نہیں جمائے گا۔وہ اب بھی اپنی ماں کی خاطر اسے اتنا مارجن دیے رہے گا کہ وہ اس گھر میں اپنی مرضی ومنشا سے ویسے ہی زندگی گزار سکے، جیسی وہ پہلے گزار رہی تھی تاکہ ان کے مابین تعلق کی نوعیت کی انہیں خبر نہ ہو۔

مگر کیا اب وہ پہلے کی طرح وجدان ہاؤس میں رہ پائے گی؟ یہ ایک مشکل سوال تھا۔اس کی ساری کوششیں اس رشتے کو برقرار رکھنے کے لیے تھیں۔مگر اب اسے یہ ناممکن لگ رہا تھا۔مستقبل کے حوالے سے اس نے بہت کچھ سوچ رکھا تھا۔مگر اب اسے اندھیروں کے سوا کچھ نظر نہیں آ رہا تھا۔

وہ ناقص......ادھوری......نامکمل......وہ کسی کی زندگی کا حصہ نہیں بن سکتی تھی۔محبتوں پر اس کا حق نہیں تھا۔قدرت اس پر مہربان نہیں تھی۔

زندگی گزارنے کے لیے امید چاہیے۔اور امید کو بھی تو......ایک امید چاہیے۔

مگر اس کے پاس اب کچھ بھی باقی نہیں رہا تھا۔ وہ خالی ہاتھ تہی دامن تھی۔اب مستقبل کا کوئی منظر، کوئی خواب، کوئی خیال اسے قدم اٹھانے پر مجبور نہیں کر رہا تھا۔ وہ ایک ہی مقام پر رک گئی تھی۔ تھم گئی تھی۔ ٹھہر گئی تھی۔اور جمود کا یہ احساس اسے اندر ہی اندر سے ختم کرتا جا رہا تھا۔

☆......☆......☆

رات کا نہ جانے کون سا پہر تھا جب اس کی آنکھ دروازے کی آواز سے کھل گئی تھی۔ کہنی کے بل اوپر ہوتے ہوئے اس نے ہاتھ بڑھا کر لیمپ آن کر دیا تھا۔ جنت کمرے میں نہیں تھی۔ اس نے پھر ٹیبل کلاک پر وقت دیکھا جو رات کے ڈھائی بجا رہی تھی۔ وہ اسی وقت اٹھ کر کمرے سے باہر آ گیا۔ راہداری سے لاؤنج کا جائزہ لینے کے بعد اس نے اسٹڈی روم کا دروازہ کھول دیا۔ پھر سیڑھیاں اتر کر نیچے آ گیا۔

ایک بار اطراف کا جائزہ لیتے اس نے کچن کا رخ کیا، لائبریری، اسٹوڈیو، ڈائننگ ہال، سیٹنگ روم......اس نے ہر جگہ دیکھ لیا مگر جنت کہیں نہیں تھی۔

جھنجھلاہٹ کے عالم میں وہ صدر دروازہ کھولے باہر آ گیا تھا۔

سامنے ہی وہ شدید سردی میں لحاف اوڑھے سیڑھیوں پر بیٹھی دکھائی دے گئی تھی۔

فارس وجدان کے جبڑے بھینچ گئے تھے۔ آنکھوں میں ناگواری کے ساتھ ساتھ سختی اتر آئی تھی۔ غصے سے قدم اٹھاتے وہ اس کے پاس آیا تھا۔ اور پھر اسی غصے اور بے دردی سے اسے بازو سے پکڑ کر کھینچتے ہوئے اندر لے آیا تھا۔

دروازہ بند کر کے وہ اس کی طرف مڑا تو وہ سر جھکائے خالی خالی نظروں سے فرش کو تک رہی تھی۔

''اب کیا چاہتی ہو؟'' سانپ کی طرح پھنکار کر اس نے پوچھا تھا۔ ''اب کون سا نقصان ہے جو کرنا باقی ہے؟ یہی چاہتی ہو ممی تمہاری وجہ سے بیمار پڑ جائیں؟'' بازو سے پکڑ کر اس نے بے دردی سے جھنجھوڑا تھا۔

جنت کا سر تب بھی جھکا رہا تھا۔ لبوں پر قفل تھا۔ آنکھوں میں ویرانی ہی ویرانی تھی۔

فارس کا بس نہیں چل رہا تھا، وہ اسے تھپڑ لگا دے۔

مسز شیرازی اس کی غیر معمولی خاموشی کو، اس کی آنکھوں کی ویرانی کو، اور چہرے کے مسخ شدہ تاثرات کو طبیعت کی خرابی پر محمول کر رہی تھیں، لیکن فارس جانتا تھا وہ ٹھیک تھی۔ جان بوجھ کر اور صرف توجہ لینے کے لیے یہ سب کر رہی تھی۔ ڈرامے باز تھی۔ سچویشن کو اپنی مرضی سے استعمال کرنا اسے آتا تھا۔ وہ مسز شیرازی کو اس معاملے میں انوالو کرنا چاہ رہی تھی۔ جانے کیسی لڑکی تھی؟ کیسی سوچ رکھتی تھی؟

''میں اگر خاموش ہوں تو صرف اس لیے کہ میں ممی کو ٹینشن نہیں دینا چاہتا۔'' اس نے شدید غصے کے عالم میں اس پر واضح کیا تھا۔ ''تمہیں ان کا ذرا سا بھی احساس ہے؟''

وہ خاموش رہی تھی۔

''میری جگہ کوئی اور ہوتا تو ایک لمحے کے لیے بھی تمہیں اس گھر میں برداشت نہ کرتا۔'' اس نے جھٹکے سے بازو چھوڑ کر دبی آواز میں کہا۔

''آخری بار کہہ رہا ہوں، اپنا یہ حلیہ اور رویہ درست کرو، ورنہ میں خود ممی کو تمھاری اصلیت بتا کر اس گھر سے فارغ کر دوں گا! کم از کم روز روز کی ٹینشن سے تو جان چھوٹ جائے گی۔'' زیر لب بڑبڑاتے ہوئے وہ سیڑھیاں چڑھنے لگا تھا۔ جنت نے سر اٹھا کر اسے جاتا دیکھا۔

آنکھوں میں یک دم نمی تیرنے لگی۔

☆......☆......☆

فارس کی دھمکی کا اثر تھا یا مسز شیرازی کی فکر...... اس نے خود سے لڑ کر، خود کو کسی حد تک سنبھال لیا تھا۔ وہ ہشاش بشاش اور کچھ حد تک فریش نظر آنے لگی تھی۔ ویسے ہی انہیں وقت دینے لگی تھی جیسے لاہور جانے سے پہلے وہ گزشتہ تین ماہ سے دیتی آ رہی تھی۔ لان میں گھومنا، کتابیں پڑھنا، اکٹھے نماز پڑھنا، آیات کو ڈسکس کرنا، دنیاوی خبروں پر تبصرے کرنا، لیکن در پردہ بہت سے کام ایسے بھی تھے جو اس نے چھوڑ دیے تھے۔

اس نے فارس کے معاملات میں مداخلت حتمی طور پر بند کر دی تھی۔ اور اب اس کا سامنا بھی وہ کم سے کم کرنے لگی تھی۔ کمرے میں تب ہی آتی جب وہ سو چکا ہوتا۔ صبح اس کے بیدار ہونے سے پہلے ہی اٹھ جاتی۔ آمنا

سامنا صرف ناشتے کی ٹیبل پر یا رات کے کھانے پر ہوتا اور اس دوران وہ بھولے سے بھی نظر اٹھا کر اسے نہ دیکھتی۔

اب فارس کے بیڈروم میں نہ تازہ پھول سجتے تھے نہ معطر خوشبو بکھرتی تھی۔ نہ کمرے کی سیٹنگ بدلتی تھی نہ اس کی اشیا کو ہاتھ لگایا جاتا تھا۔ آہستہ آہستہ اس نے ڈریسنگ ٹیبل سے اپنا میک اپ کا سامان بھی ہٹا دیا تھا۔ دیواروں کو بھی پینٹنگز سے محروم کیا تھا۔ بیڈشیٹس، کھڑکیوں کے پردے بھی اس نے بدلوا دیے تھے۔ ایک ایک کر کے اس نے اپنی ہر نشانی اس کمرے سے مٹائی تھی۔ ایک ایک کر کے اس نے اپنی ہر چیز وہاں سے ہٹائی تھی۔ اب اسے فارس کے کمرے میں اپنی پسند اور مرضی کی کوئی چیز چاہیے بھی نہیں تھی۔

اب جب قدم لہولہان ہوئے تھے تو وہ اپنے ہاتھوں سے ہی ہر زنجیر توڑ کر، خود کو آزاد کرنا چاہ رہی تھی۔ مگر یہ آزادی...... آہ...... یہ آزادی......!

سوچ اور خیالات میں غلطاں...... وہ کب کیسے چلتی ہوئی نماز والے کمرے میں آ گئی اسے نہیں پتا تھا۔

سر بسجود کتنی ہی دیر وہ سسکیاں لے لے کر روتی رہی تھی۔ اسے اندازہ نہیں تھا۔ اور جب سر اٹھاتے ہوئے سیدھی ہوئی تھی تو نم آنکھوں کے ساتھ اپنی جگہ تھم کر رہ گئی تھی۔ دروازے میں ہی مسز شیرازی موجود تھیں۔ انہوں نے اس کا آنسوؤں سے تر چہرہ دیکھا۔ آنکھوں میں لہراتا کرب دیکھا۔

جنت اپنی جگہ منجمد ہوئی بیٹھی تھی۔ آنسو آنکھوں میں ٹھہرے تھے۔ دل جیسے رکا ہوا تھا۔ شاید وہ اب پوچھ لیں کہ جب سے لاہور سے آئی ہو، اتنی خاموش کیوں ہو؟ زندگی سے خفا کیوں ہو؟ کیا ہو گیا ہے تمہیں؟ کیوں بدل گئی ہو جنت......؟ اگر انہوں نے پوچھ لیا تو وہ کیا بتائے گی؟ کیا جواب دے گی؟

"دعا مانگ لی بچے......! کافی کی طلب ہو رہی ہے۔ اگر تمہارے ہاتھوں سے بنی مل جائے تو......"

مسکراتے ہوئے انہوں نے ایک دم سے یوں کہا جیسے انہیں اس کے آنسو نظر ہی نہ آئے ہوں۔ وہ آنسو اللہ کے سامنے بہائے گئے تھے۔ وہ اللہ کے لیے ہی تھے۔

جنت نے خشک لبوں کو تر کرتے ہوئے انہیں دیکھا۔ پھر اثبات میں بمشکل اپنے سر کو جنبش دی۔

حالانکہ اس نے دعا نہیں مانگی تھی۔ اس نے بس پیشانی ٹکائی تھی اور رونا شروع کر دیا تھا۔ بھلا وہ اسے کیا

بتاتی جسے سب علم تھا۔ جو اس کی رگ رگ سے واقف تھا۔

''میں کچن میں ہوں۔'' انہوں نے وہیل چیئر کا رخ موڑ دیا تھا۔

آنکھیں آستین سے پونچھتے ہوئے وہ اٹھ کھڑی ہوئی۔ نگاہ عسر یسرا کی آیت پر جا ٹھہری۔ بس ایک لمحے کے لیے...... پھر گالوں پر سے آنسوؤں کا نشان مٹاتی وہ کچن میں آ گئی تھی۔

اس نے مسز شیرازی کو دیکھا۔ گود میں دھری ڈائری انہوں نے کاؤنٹر ٹیبل پر رکھ دی تھی۔ اور ہاتھ بڑھا کر کچھ لکھ رہی تھیں۔

''تمھارا کیا خیال ہے جنت! محرومیوں پر صبر کیسے آتا ہے؟'' کافی بنا کر وہ ان کے پاس آئی تو اپنا مگ اٹھاتے ہوئے انہوں نے قلم رکھ کر پوچھا تھا۔

اس نے انہیں دیکھا۔ فوری طور پر کوئی جواب اس کے ذہن میں نہ آ سکا۔

''کیسے آتا ہے؟'' کچھ دیر کے بعد اس نے گھونٹ بھرتے ہوئے پوچھا۔ وہ جانتی تھی مسز شیرازی اس ٹاپک پر کچھ لکھ رہی ہوں گی۔ جواب ان کے پاس ہوگا۔ یقیناً ہوگا۔

سوالوں پر غور کرنے والوں کو جواب مل ہی جایا کرتے ہیں۔

''سکون، ''شکر'' سے آتا ہے، شکر ''صبر'' سے ہوتا ہے، صبر اللہ کی ''رضا'' میں راضی ہونے کا نام ہے اور رضا اللہ کی ''حکمت'' پر بھروسا کرنے سے آتی ہے۔ بھروسا ''ایمان'' اور ایمان ''یقین'' سے ہوتا ہے۔''

گھونٹ گھونٹ کافی اپنے اندر اتارتے ہوئے وہ انہیں خاموشی سے دیکھنے لگی۔

''ایک محرومی کے ساتھ ڈھیر ساری عطائیں بھی تو ہوتی ہیں۔ اب مجھے دیکھ لو۔'' وہ مسکرائیں۔

''اپاہج ہوگئی ہوں لیکن اللہ نے مجھے بولنے، سننے اور دیکھنے کی صلاحیتوں سے محروم نہیں رکھا۔ وہ ایک محرومی بہت بھاری ہے۔ مگر اس کے ساتھ بھی اتنی عطائیں ہیں کہ میں شمار نہیں کر سکتی۔'' انہوں نے ایک لمحے کا توقف کیا۔

''جب میں ''عطا'' پر غور کرتی ہوں تو میرے اندر ''شکر'' کا جذبہ سر اٹھاتا ہے۔ یہی جذبہ مجھے میری ''محرومیوں'' پر صبر سکھا دیتا ہے۔ صبر اللہ کی رضا سے جڑا ہے۔ رضا اللہ کی حکمت پر، اس کی رحمت پر بھروسا کرنا

سکھاتی ہے اور میں سوچنے لگتی ہوں کہ یقیناً اس میں میرے لیے بھلائی ہوگی۔ یقیناً اللہ نے مجھے کسی بڑی مصیبت سے بچانے کے لیے اس آزمائش میں ڈالا ہوگا۔ یا مجھے وہ ان حالات سے اس لیے گزار رہا ہوگا تا کہ وہ بدلے میں مجھے کچھ اچھا اور بہترین عطا کر سکے۔"

مگ پر گرفت مضبوط کیے جنت خاموش بیٹھی تھی۔

"یقین سے ابتدا کرتی ہوں تو "شکر" پالیتی ہوں۔ شکر سے آغاز کرتی ہوں تو "یقین" مل جاتا ہے۔"

کافی کا خالی مگ کاؤنٹر پر رکھ کر انہوں نے ڈائری اٹھالی۔

جنت بھی اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

"آنٹی!" وہیل چیئر کا رخ موڑتے ہوئے انہوں نے رک کر اسے دیکھا۔

"جی بیٹا!"

"اللہ کی زمین بہت بڑی ہے۔ جو اس کا ہو جائے، اس کے لیے کم نہیں پڑتی۔ وہ اسے پھر بے گھر نہیں ہونے دیتا، ہے نا؟"

سیڑھیاں اترتے فارس وجدان کے قدموں کی حرکت یک لخت تھمی تھی۔ کچن کاؤنٹر کے اس طرف وہ مسز شیرازی سے مخاطب تھی۔

"بے شک......!" انہوں نے وہیل چیئر کا رخ موڑا پھر کچھ سوچ کر رک گئیں۔

"سجدوں میں گرنے والوں کو اللہ کبھی گرنے نہیں دیتا جنت!"

جنت کی آنکھوں میں نمی ٹھہر گئی۔ بدقت مسکراتے ہوئے اس نے انہیں دیکھا۔

وہ مسز شیرازی کو کیوں فراموش کر بیٹھی؟

اس نے وعدہ کیا تھا وہ انہیں ان کے پوتے سے ملوائے گی۔

اس نے خود سے عہد کیا تھا وہ ان کا ہر لحاظ سے خیال رکھے گی۔

تو پھر اب کیوں ہمت چھوڑ بیٹھی تھی وہ......

نکاح......ایک کانٹریکٹ......جب تک وہ ہے۔ ہاں تب تک......تب تک......اسے مسز شیرازی کے ساتھ ان کی دعاؤں کے سائے تلے رہنا ہے۔

محبتیں ایسی بھی ہوتی ہیں۔ایسے بھی ملتی ہیں۔

اللہ کے پیاروں سے......

وہ سرشاری کے عالم میں سوچے جا رہی تھی۔

فارس انہیں کبھی بھی اس کے ماضی سے آگاہ نہیں کرے گا۔ان کی محبت اس کے لیے قائم و دائم ہی رہے گی۔آنکھوں میں نفرت کا تاثر نہیں ابھرے گا۔لب دعا سے خالی نہیں ہوں گے۔وہ ان کے پوتے کے لیے ان کے ساتھ کھڑی رہے گی۔

عقب میں صدر دروازہ کھول کر فارس وجدان باہر چلا گیا تھا۔

جنت کمال اب بھی مسز شیرازی کو ہی دیکھ رہی تھی۔

☆......☆......☆

اس کی آنکھ کھلی تو رات کا ڈیڑھ بج رہا تھا۔اٹھ کر بیٹھتے ہوئے اس نے سینے پر دھری کتاب کافی ٹیبل پر رکھ دی تھی۔لاہور سے واپسی کے بعد اکثر ایسا ہونے لگا تھا کہ وہ سٹنگ ایریا میں ہی سو جایا کرتی تھی۔اور اب جب شدید سردی کا احساس ہوا تھا تو وہ اٹھ کر کمرے میں آ گئی تھی۔

کمرے کے اندر داخل ہوتے ہوئے اسے یکا یک ہی غیر معمولی پن کا احساس ہوا تھا۔زرکار فانوس اور لیمپ روشن تھے۔بیڈ پر بے ترتیبی سے کشن یہاں وہاں بکھرے تھے۔اس کی نگاہیں بے اختیار واش روم کی جانب اٹھ گئی تھیں۔ادھ کھلے دروازے سے وہ فارس کو واش بیسن پر جھکا دیکھ سکتی تھی۔وہ کھانستے ہوئے الٹی کر رہا تھا۔

نچلا لب یونہی بے خیالی میں دانتوں تلے دباتے ہوئے وہ صوفے پر جا بیٹھی۔وہ کچھ ہی دیر بعد باہر آیا تھا۔ مدھم سی روشنی میں اس کا چہرہ واضح تھا۔مضمحل وجود نڈھال لگ رہا تھا۔رنگت اڑی ہوئی، ہونٹ خشک بے رنگ......نم آنکھیں بے تحاشا سرخ اور کچھ سوجی ہوئی تھیں۔کپڑے شکن آلود۔......حلیہ بکھرا ہوا سا......وہ قدم اٹھا رہا

تھا تو اس کی چال میں واضح لڑکھڑاہٹ تھی۔ پھر وہ کھانستے ہوئے بیڈ پر ڈھے گیا تھا۔

ٹانگوں پر کمفرٹر پھیلاتے ہوئے جنت اسے بیڈ پر بے قراری سے کروٹ بدلتے اور بے طرح کھانستے دیکھ کر کچھ بے چین ہوئی۔

پہلا خیال یہی آیا کہ وہ اس کے معاملے میں نہ ہی پڑے تو ہی بہتر ہے۔ جیسا کہ وہ لاہور سے واپسی کے بعد سے ارادہ کیے ہوئے تھی اور دوسرا خیال یہ تھا کہ اسے اٹھ کر اس کی طبیعت سے متعلق استفسار کرنا چاہیے۔ مگر چاہتے ہوئے بھی اس کی ہمت نہیں ہوئی تھی۔

وہ ایک بار پھر اٹھ کر واش روم میں گیا تھا۔ ایک بار پھر واش بیسن پر جھکا ہوا تھا۔

جنت نے اضطرابی کیفیت میں وال کلاک پر نگاہ دوڑائی۔ کیا ساری رات اس کی یہی حالت رہی ہے؟ وہ باہر آیا تو جنت اس کے سامنے تھی۔ کچھ متفکر اور متامل سی۔

''از ایوری تھنگ آل رائٹ؟'' اس نے ہمت کر کے پوچھا تھا۔

ایک ہاتھ سے دیوار کا سہارا لیتے ہوئے اس نے دروازے کی ناب کو تھامے رکھا۔ بار بار وہ پلکیں یوں جھپک رہا تھا جیسے آنکھوں پر چھائی ہوئی دھند ہٹانے کی کوشش کر رہا ہو۔ منظر کچھ واضح ہوا تو جنت کو درشتی سے ہٹاتے ہوئے وہ آگے بڑھا۔

اگلے ہی لمحے اس کا توازن بگڑ گیا۔ اس سے قبل کہ جنت اسے سنبھال پاتی، وہ پورے قد سمیت فرش پر آ رہا۔

''فارس......!'' گھٹی گھٹی چیخ کے ساتھ وہ اس پر جھک گئی۔

گال تھپتھپاتے ہوئے، آوازیں دیتے ہوئے اسے ہوش میں لانے کی سعی کرنے لگی۔ محض چند لمحوں کے لیے پاس آؤٹ ہونے کے بعد اس نے جھٹ سے آنکھیں کھول دی تھیں۔ اگلے ہی پل اسے کھانسی کا شدید دورہ پڑا۔ اس کے چہرے اور گردن پر سرخ دھبے ابھرے ہوئے تھے۔ سرخ آنکھوں سے پانی بہہ رہا تھا۔

''الرجی ری ایکشن......!'' پریشانی کے عالم میں جنت کے ذہن میں پہلا خیال یہی آیا تھا۔ پھر اس نے تیزی سے اٹھ کر سائیڈ ٹیبل پر رکھی ٹیبلٹس کا جائزہ لیا۔ پانی کا آدھا گلاس بھی رکھا تھا۔ گویا وہ الرجی کے لیے میڈیسن

لے چکا تھا مگر اسے ابھی تک افاقہ کیوں نہیں ہوا تھا؟ اگر بروقت افاقہ نہیں ہوا تھا تو......

یکدم اس کے اندر خطرے کی گھنٹی بجی۔ سائیڈ ٹیبل سے اس نے فارس کا موبائل اٹھالیا۔ اس کے داہنے ہاتھ کی فنگر پرنٹس سے لاک کھول کرڈاکٹر بخاری کا نمبر کانٹیکٹس سے نکالا۔

بمشکل سانس لیتے فارس بری طرح سے کھانسے جارہا تھا۔

وہ اب ڈاکٹر بخاری سے مخاطب تھی۔ انہیں اس کی صورت حال سے آگاہی دے رہی تھی جبکہ متلی کے شدید احساس کے ساتھ ہی فارس کو یک دم سے ابکائی آئی تھی۔

وہ اٹھنا چاہتا تھا مگر بروقت ایسا نہ کرسکا۔ مجبوراً اسے فرش پر ہی جھکنا پڑا۔

ڈاکٹر بخاری سے بات کر کے وہ ایک بار پھر اس کی طرف متوجہ ہوئی تھی۔ ''اٹس اوکے..... پریشان مت ہو۔ ریلیکس رہو۔'' وہ اس کی پشت تھپتھپاتے ہوئے کہہ رہی تھی۔

''دور رہو......'' کچھ غصے، کچھ جھنجھلاہٹ اور کچھ بے بسی کے عالم میں اس نے بائیں ہاتھ سے جنت کو پرے دھکیلا۔ انداز اور رویے سے نفرت اور جھلاہٹ نمایاں تھی۔

جنت دکھ اور صدمے سے اسے دیکھ کر رہ گئی۔

بہت کوشش سے وہ دیوار کے قریب ہوا تا کہ سہارا لے کر بیٹھ سکے۔ داہنا ہاتھ گردن پر تھا۔ وہ اپنے سویٹر اور شرٹ کے بٹن کھولنا چاہتا تھا مگر کھول نہیں پارہا تھا۔

یہ کام بھی جنت نے سرانجام دینا چاہا تھا اور اس نے ایک بار پھر، شدید غصے اور چڑچڑے پن سے اسے پرے دھکیلا تھا۔

''سٹے...... آوے...... فرام...... می......''

جنت کا دماغ گھوم گیا۔

اگلے ہی لمحے اس نے فارس کے ہاتھ جکڑ کر پکڑے تھے۔

''اس حالت میں بھی تمہیں اپنا ایٹی ٹیوڈ دکھانے کی پڑی ہوئی ہے۔ اس حالت میں بھی؟'' وہ اس پر پھٹ پڑی۔

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا Novels Ki Duniya

سرخ پڑتی آنکھوں میں صدمہ لیے فارس وجدان اسے دیکھ کر رہ گیا۔ محض ایک لمحے کے لیے اسے سکتہ ہوا تھا۔ اس کے بعد جو کھانسی کا دورہ پڑا تو وہ حال سے بے حال ہو گیا۔

جنت نے تیزی سے اس کے سویٹر اور شرٹ کے اوپری بٹن کھول دیے۔ گردن سے نیچے..... سینے پر بھی سرخ نشان تھے۔

"میں نے ڈاکٹر بخاری سے بات کی ہے۔ وہ ابھی آتے ہوں گے۔" وہ اس سے کہہ رہی تھی۔ "کیا تم کوئی اور دوا لیتے ہو، سیویئر ری ایکشن۔"

فارس کا سر جھک گیا۔ نیم کھلی آنکھوں میں ایک خالی پن تھا۔ چہرہ سفید..... کھانس کھانس کر اس کی حالت ابتر ہو چکی تھی۔

"فارس.....؟" اس کا سر اٹھاتے ہوئے، گال تھپتھپاتے ہوئے اس نے ایک بار پھر اسے متوجہ کیا تھا۔ مگر وہ متوجہ نہیں ہوا تھا۔ کوئی جواب بھی نہیں دے رہا تھا۔

"فارس.....! میری طرف دیکھو، میری بات سنو.....!" یکا یک ہی اس کی گردن ڈھلک گئی۔ وجود بے جان سا ہو گیا۔

"ف..... فارس.....؟" جنت کے حلق سے گھٹی گھٹی چیخ نکلی۔

آنکھوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔

داہنا ہاتھ منہ پر جمائے وہ متوحش ہو کر پیچھے ہٹ گئی تھی۔

فارس سانس نہیں لے رہا تھا۔ اس کے وجود میں اب کوئی حرکت نہیں رہی تھی۔

❁ ❁

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی **5** تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

https://novelskiduniya.com/ Novels Ki Duniya

قسط نمبر 3

"اف..... فارس.....!" جنت کے حلق سے گھٹی گھٹی چیخ نکلی۔ آنکھوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ داہنا ہاتھ منہ پر جمائے وہ متوحش سی ہو کر پیچھے ہٹ گئی تھی۔

وہ سانس نہیں لے پا رہا تھا۔ اس کے وجود میں اب کوئی حرکت نہیں رہی تھی۔

وہ رو دینے والی ہو گئی۔

ڈاکٹر بخاری ابھی تک نہیں پہنچے تھے۔ اس کی کچھ بھی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا اب کیا کرے۔

"جنت.....!"

اسے یوں لگا جیسے نانا نے کندھے پر ہاتھ رکھا ہو۔ ہمت بندھائی ہو۔ حوصلہ دیا ہو۔ ایک ساتھ کئی منظر اس کی آنکھوں میں لہرائے تھے۔

خود پر طاری جمود کو توڑتے ہوئے وہ یک دم حرکت میں آئی۔ فارس کو سیدھا لٹاتے ہوئے اس نے نبض چیک کی، پھر اسے سی پی آر دینا شروع کیا۔

بہتی ہوئی آنکھوں اور لرزتے دل کے ساتھ وہ اسے تب تک سی پی آر دیتی رہی جب تک ڈاکٹر بخاری نہیں آ گئے تھے۔ اس کی حالت کے پیش نظر اسے فوری اسپتال لے جانا پڑا۔ ایمرجنسی روم تک وہ اس کے ساتھ ساتھ تھی۔ لیکن اس کے بعد..... ٹھنڈے سرد کاریڈور میں کھڑی وہ تنہا ہی ڈاکٹرز کے عملے میں افراتفری دیکھنے لگی۔

وقت بدل گیا تھا......لیکن خوف اسی انداز میں......اسی راستے سے آ لپٹا تھا۔ احساسات یوں ہوئے تھے جیسے وہی اذیت ایک بار پھر اپنا آپ دہرا رہی ہو۔

آخری بار اس طرح کی ایمرجنسی سچویشن میں وہ اپنے نانا کے ساتھ آئی تھی۔ انہیں ہارٹ اٹیک ہوا جو جان لیوا ثابت ہوا تھا۔ اسے یاد تھا وہ ان کے چہرے سے سفید چادر ہٹا کر ڈاکٹرز کی منتیں کرتی رہی تھی کہ وہ انہیں زندگی کی طرف واپس لے آئیں......اس دن جب اس نے نانا کا ہاتھ پکڑا تھا تو وہ سرد تھا۔

فارس کا ہاتھ بھی تو کتنا ٹھنڈا ہو رہا تھا۔

اس نے ڈاکٹر بخاری کو آئی سی یو سے باہر نکلتے دیکھا تو اس میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ وہ خود اٹھ کر ان کے پاس جاتی۔

"فکر کی کوئی بات نہیں ہے، وہ خطرے سے باہر ہے۔" انہوں نے قریب آ کر کہا تو اسے لگا جیسے کافی دیر بعد اسے سانس آیا ہو۔

"اگر آپ اسے سی پی آر نہ دیتیں تو ہم اسے نہ بچا پاتے......ایک لمحے کی تاخیر بھی اسے موت کے گھاٹ اتار سکتی تھی۔"

"اسے کیا ہوا تھا؟"

"کیٹ الرجی......اس بار ری ایکشن زیادہ شدید ہو گیا تھا۔"

"کیٹ الرجی......؟" جنت کی آنکھیں پھیلیں۔

وہ اب براہِ راست اس کے ساتھ فارس کی کنڈیشن ڈسکس کر رہے تھے، ساتھ ساتھ تسلی اور دلاسا بھی دے رہے تھے۔

"میں اس کے لیے آٹو انجکٹر لکھ کر دوں گا۔ اس طرح کی ایمرجنسی سچویشن میں فائدہ مند ثابت ہوگا۔ طبیعت اس حد تک نہیں بگڑے گی۔ اس لیے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔"

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

ڈاکٹر بخاری جا چکے تھے۔ مگر وہ اپنی جگہ پریشان کھڑی رہ گئی تھی۔

اگر وہ کمرے میں نہ جاتی، بروقت دماغ کام نہ کرتا اور وہ اسے سی پی آر بھی نہ دیتی تو شاید......اس سے آگے جنت سے کچھ بھی سوچا نہ گیا۔

اس نے مسز شیرازی سے فون پر بات کی جو فارس کے لیے حد درجہ فکرمند نظر آ رہی تھیں۔ ان کا بس نہیں چل رہا تھا وہ ابھی اٹھ کر اس کے پاس ہاسپٹل آ جائیں۔

''وہ اب خطرے سے باہر ہے آنٹی! اسے جیسے ہی ہوش آئے گا، میں آپ کی بات کروا دوں گی، اور آپ بالکل پریشان نہ ہوں۔ میں ہوں نا اس کے ساتھ......'' اس نے کہا تھا۔

اور اس کا یہ کہنا ہی مسز شیرازی کو مطمئن کر گیا تھا۔ ان سے بات کرنے کے بعد وہ کافی دیر تک بے قراری سے کاریڈور میں ہی ٹہلتی رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/

☆......☆......☆

اسے جب مکمل طور پر ہوش آیا تھا تو دھرتی پر اندھیرے پھیل چکے تھے۔ کمرے میں نیلگوں بلب جل رہا تھا۔ جس کی مدھم سی روشنی میں اسے ادراک ہوا تھا کہ وہ ہاسپٹل میں ہے۔ آکسیجن ماسک اتار کر گردن پر ٹھہراتے ہوئے اس کی نگاہ بے ساختہ جنت کمال کی طرف گئی تھی۔ دائیں طرف کرسی پر بیٹھے بستر کے کنارے سر ٹکائے جانے کب اس کی آنکھ لگ گئی تھی۔

Novels Ki Dunya

اپنا داہنا ہاتھ اس نے غیر محسوس انداز میں پیچھے ہٹا لیا تھا جو اس کے بالوں کو چھو رہا تھا۔

یکا یک اسے سینے میں درد کی لہر اٹھتی محسوس ہوئی۔ آنکھیں موندے وہ اگلے کئی لمحوں تک گہری سانسیں لیتا رہا مگر باوجود کوشش کے بھی اپنی کراہ نہ دبا سکا۔

جنت نے ہڑبڑا کر سر اٹھایا۔ پھر فوراً اٹھ کر اس کی طرف متوجہ ہوئی۔

اس کے تھکن زدہ، نڈھال چہرے کی رنگت زرد تھی۔ آنکھوں کے بھاری پپوٹے سوجے ہوئے

لگ رہے تھے۔ لیکن گردن اور سینے پر اب ریشز نہیں تھے۔

''اب کیسی طبیعت ہے؟'' وہ پوچھ رہی تھی۔

''ممی......کیسی...... ہیں......؟'' آواز بھاری اور کچھ حد تک بدلی ہوئی تھی۔

جنت اسے کچھ حیرت سے دیکھ کر رہ گئی۔

نیم غنودگی کے عالم میں اسے یاد تھی بھی تو اس کی ماں......فکر ہو بھی رہی تھی تو صرف ان کی......

''وہ بالکل ٹھیک ہیں۔'' جھک کر اس نے مدھم آواز میں تسلی دی۔ ''تمہیں کچھ چاہیے؟''

''پانی......!'' اس نے بھاری تنفس کے بیچ کہا۔

مستعدی سے گلاس میں پانی انڈیل کر اس نے فارس کی گردن کو سہارا دے کر گلاس لبوں سے لگا دیا۔ اس نے چند گھونٹ لینے کے بعد تکلیف سے چہرے کے زاویے بگاڑتے ہوئے گلاس دور ہٹا دیا۔ گلے کی سوزش اذیت کا باعث بن رہی تھی۔

چند لمحوں تک خالی نظروں سے کسی غیر مرئی نقطے کو دیکھتے رہنے کے بعد اس نے آنکھیں بند کر لی تھیں۔

دوبارہ اسے ہوش دن کے اجالے میں اس وقت آیا تھا جب مشرقی دیوار کی تمام کھڑکیوں پر سے جنت کمال نے پردے کھینچ کر ہٹا دیے تھے۔ دھوپ کی سنہری کرنیں اس کے چہرے پر پڑنے لگیں تو سوتی جاگتی کیفیت میں اس نے آنکھیں کھول دی تھیں۔

کھڑکی سے باہر سر نکال کر جانے کسے زور و شور سے ہاتھ ہلا کر وہ ہنستے مسکراتے چہرے کے ساتھ سیدھی ہوئی تو فارس وجدان پر نظر پڑتے ہی اس کی مسکراہٹ سمٹ گئی۔

وہ پھول جنہیں وہ ہاتھ میں پکڑے تھی، ان کی ڈنڈیاں بھی ڈھلک سی گئی تھیں۔

فارس نے بٹن دبا کر بستر کو سٹنگ پوزیشن میں ایڈجسٹ کیا۔ وہ اپنی جگہ کھڑی یکا یک اجنبی ہو

گئی۔ خاموش ہوگئی۔ سپاٹ ہوگئی۔ کچھ دیر پہلے تک اس کے چہرے پر جتنے بھی رنگ بکھرے تھے، وہ اب آنکھوں میں بھی نہ رہے تھے۔

شانِ بے نیازی سے اس نے اپنا رخ بدلا۔ گلدان میں پھول ڈالے اور باہر نکل گئی۔ دوبارہ اس کی آمد ڈاکٹر بخاری کے ہمراہ ہوئی تھی۔ مگر وہ خود اندر نہیں گئی تھی۔

''میں اب ٹھیک ہوں، گھر جانا چاہتا ہوں۔'' چیک اپ کے بعد وہ ڈاکٹر بخاری سے مخاطب تھا۔ اور وہ ناخن کے ساتھ کھیلتی دروازے کے ساتھ لگی کھڑی تھی۔

''اس پر ہم کل بات کریں گے، فی الحال تم صرف ریسٹ کرو۔'' ڈاکٹر بخاری کہہ رہے تھے۔

''آپ سمجھ نہیں رہے۔ مجھے کل میٹنگ......''

''فارس......!'' انہوں نے کچھ سختی سے اس کی بات کاٹی تھی۔ ''میرے خیال سے اس وقت تمہیں اپنے لیے تھوڑی سی سنجیدگی دکھانی چاہیے۔ تمہیں اندازہ نہیں ہے کل تمہیں کس حالت میں ہاسپٹل لایا گیا ہے۔''

دوسری طرف خاموشی چھا گئی۔

''تمہاری بیوی بہت بہادر ہے، ایسی سچویشن میں تو فیملی ممبرز حوصلہ چھوڑ دیتے ہیں، پر اس نے ہمت نہیں ہاری۔'' دروازے پر کھڑی جنت کمال نے اپنا داہنا ہاتھ پیشانی پر مارا...... یہ ڈاکٹر بخاری......اف......! کریڈٹ دینا ضروری تھا کیا؟

''ایمبولنس کے آنے تک اس نے تمہیں سی پی آر دیا......'' وہ تفصیلات میں جا رہے تھے۔ کچھ گھبرا کر وہ ان کی بات قطع کرنے کو تیزی سے اندر آ گئی۔

دونوں نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

ڈاکٹر بخاری مسکرائے......وہ اپنی اڑی ہوئی رنگت کے ساتھ مسکرا تک نہ سکی۔ اس نے فارس کی

طرف دیکھے بغیر مسز شیرازی کا نمبر ملا کر موبائل اس کی طرف بڑھا دیا۔

''آنٹی سے بات کرلو۔'' پھر اسی سرعت سے وہ کمرے سے نکل گئی تھی۔

☆......☆......☆

ہاسپٹل کے وی آئی پی روم میں وہ کاؤچ پر بیٹھی سیب کاٹ رہی تھی جب اچانک ہی اسے اپنے چہرے پر نگاہوں کی تپش کا احساس ہوا تھا۔ بے ساختہ سر اٹھایا تو نگاہیں فارس سے ٹکرا گئیں جو سپاٹ چہرے کے ساتھ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔ اس نے نظروں کا زاویہ بدلنے کی کوئی کوشش نہیں کی تھی۔ جنت نے الجھ کر نظریں ہٹالیں۔

ایسا پہلے تو کبھی نہیں ہوا تھا کہ اس نے یوں اسے اپنے حصار میں لیا ہو۔ چند لمحوں کے بعد اس نے پھر سر اٹھایا۔ وہ اب بھی اسے ہی دیکھ رہا تھا۔ چہرہ بے تاثر تھا مگر آنکھوں کا تاثر غیر واضح......نہ غصہ تھا، نہ نرمی، نہ سختی، نہ عداوت...... پُر سوچ نگاہوں میں کچھ اور تھا۔ جنت پر عجیب سی گھبراہٹ طاری ہو گئی۔ کہیں وہ اس تھپڑ کو یاد کر کے انتقام کا تو نہیں سوچ رہا۔ اس کے چہرے کا رنگ فق ہوا۔

یہ بات تو وہ بھول ہی گئی تھی۔

''اب......؟'' وہ فکروں میں پڑ گئی۔ ''میں اسے ظاہر نہیں ہونے دوں گی کہ ایسا کچھ ہوا ہے۔'' اس نے سوچا۔ ''صاف مکر جاؤں گی۔ بولوں گی تمہارا وہم ہے۔ تمہیں اپنا ہوش نہیں تھا تو تھپڑ کا ہوش کہاں سے آ گیا؟''

ہمت مجتمع کر کے اس نے فارس کی طرف دوبارہ دیکھا۔ اس بار صحیح معنوں میں فارس کی نگاہوں کا تاثر اس پر واضح ہوا تھا۔ شاید تضحیک کا تاثر تھا۔ استہزائیہ نگاہیں تھیں۔ کچھ تو تھا...... کچھ تو تھا آگ اور برف جیسا......منجمد کرتا......جلا کر راکھ کرتا ہوا۔

جنت کے لب بھنچ گئے۔ بھنویں سکڑ گئیں۔

https://novelskidunya.com/

لاہور سے واپسی کے بعد خود سے کیے جانے والے سارے وعدے اسے ایک ہی لمحے میں یاد آ گئے۔ ان حدود و قیود اور فیصلوں کا بھی ادراک ہوا جن کی پاداش میں اس نے وجدان ہاؤس میں اپنی نقل و حرکت کو کم کر دیا تھا۔ اسے یاد آیا۔ چوبیس گھنٹے پہلے تک وہ فارس وجدان کی طرف نظر اٹھا کر دیکھتی بھی نہیں تھی اور یہ بھی کہ اس نے خود کو اس کے گھر میں اجنبی مسافر کر لیا تھا۔ اپنے تعلق کو جیسے مسز شیرازی سے شروع کر کے مسز شیرازی تک ہی محدود کر لیا تھا۔ مگر اب......؟

اب وہ پچھلے چوبیس گھنٹوں سے اس کے ساتھ ہاسپٹل میں موجود تھی اور فارس وجدان کی مسز ہونے کے ناتے کچھ کام وہ بھی سرانجام دے رہی تھی۔ یعنی کہ اس کے ساتھ ساتھ رہنا...... یہ سیب کاٹنا......اور اس پر بھی فارس کی نظریں......

وہ جانتی تھی فارس وجدان کبھی بھی اس کے بارے میں مثبت نہیں سوچے گا۔ وہ ہر بار اور ہمیشہ کی طرح اس کے اٹھائے گئے ہر اقدام کے پیچھے کوئی غرض ڈھونڈے گا۔ اس سے قبل کہ وہ اب بھی ایسا ہی کرے، اسے اس کی نظروں میں گرائے، توہین کرے یا پھر اس کی عزتِ نفس پر چوٹ کرے، بہتر ہے وہ کچھ باتیں خود ہی اس پر عیاں کر دے۔

"یہ مت سمجھنا کہ تمہیں امپریس کرنے کے لیے سیب کاٹ کر دے رہی ہوں، ڈاکٹر بخاری کا حکم ہے۔" سخت لہجہ تھا۔ غصہ تھا۔ خفگی تھی کہ اب میں تمہارے دل میں اپنی جگہ بنانے کی کوئی کوشش نہیں کر رہی ہوں، اس لیے تم مجھے تضحیک آمیز نگاہوں سے مت دیکھو۔

بستر پر آرام دہ حالت میں نیم دراز وہ اسے خاموشی سے دیکھے گیا۔

اس نے دوسرا سیب اٹھا لیا۔ اسے لب بھینچ کر نفاست سے کاٹنے لگی۔ جیسے سزا کاٹی جاتی ہے، بالکل ویسے ہی۔

"میں نے تمہاری جان نہیں بچائی......خود کو بیوہ ہونے سے بچایا ہے......اپنا بھلا سوچا ہے۔

https://novelskidunya.com/

ورنہ جس طرح تمہیں میری کوئی پروا نہیں ہے بالکل اسی طرح مجھے بھی تمہاری رتی برابر پروا نہیں ہے۔"
سر اٹھا کر سرد نظروں سے فارس وجدان کو دیکھنا چاہا۔ موبائل اسکرین پر نگاہ جمائے اس کا متبسم چہرہ......
جنت ساکت ہو گئی۔
وہ مسکرا رہا ہے؟ بخدا وہ مسکرا رہا ہے؟ کس لیے......؟ کوئی لطیفہ سنایا ہے اس نے؟
"اور یہ بھی مت سوچنا کہ......"
"میں کچھ نہیں سوچ رہا۔"
اپنی بات ادھوری رہ جانے پر......اور بروقت اس کا رسپانس مل جانے پر وہ چپ ہوئی تھی۔
وہ اپنے موبائل کی طرف متوجہ تھا۔ کچھ ٹائپ کر رہا تھا یقیناً۔ انداز اب مصروفیت لیے ہوئے تھا۔ کچھ دیر پہلے تک......جو ایک لمحے کے لیے اس کے چہرے پر تبسم بکھرا تھا، اس کی جگہ ازلی سرد مہری نے لے لی تھی۔
وہ مضطرب ہوئی......پھر سیب کی پلیٹ اس کے بستر پر رکھ کر پلٹنے ہی لگی تھی کہ اس کا داہنا ہاتھ فارس کی گرفت میں آ گیا۔ جنت کا دماغ جیسے بھک سے اڑا......جھٹکے سے مڑ کر اس نے حیرت و بے یقینی سے اسے دیکھا۔
"اسی ہاتھ سے تھپڑ مارا تھا؟"
جنت کے ہوش اڑ گئے۔ آنکھوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ اوپر سے اس کی گہری آنکھوں کا تاثر......برف اور آگ کا مشترکہ تاثر......جنت کی ریڑھ کی ہڈی میں سرد لہر دوڑ گئی......وہ جو سوچے ہوئے تھی کہ فوراً سے مکر جائے گی، ڈٹ جائے گی، یا لاجواب کر دے گی تو......تو......
"میرا ہاتھ چھوڑو......!" کچھ متوحش ہو کر اس نے اپنا ہاتھ کھینچا۔
اس حالت میں بھی فارس کی گرفت کسی آہنی شکنجے جیسی تھی۔ حالانکہ ڈاکٹر بخاری اسے صرف اس

لیے ڈسچارج نہیں کر رہے تھے کہ اسے بہت کمزوری محسوس ہو رہی تھی۔

''پہلے جواب دو......!''

''میں جواب دینے کی پابند نہیں!'' ذرا سا رعب دکھانا چاہا، نتیجتاً گرفت سخت ہو گئی۔

''نہیں، یہ وہ والا ہاتھ نہیں تھا۔'' بے بسی سے چلائی۔ (حالانکہ مجرم ہاتھ یہی تھا)

''ٹھیک ہے، دوسرا ہاتھ دو۔''

''پہلے تم یہ چھوڑو......'' اپنی کلائی گھما کر کھینچتے ہوئے وہ بہت خوف زدہ لگ رہی تھی۔

''پہلے تم دوسرا ہاتھ دو۔'' گرفت کے ساتھ ساتھ فارس کا لہجہ بھی سخت ہوا تھا۔

جنت نے پورا زور لگا دیا مگر فارس نے ہاتھ نہیں چھوڑا۔

ایک لمحے کے لیے جیسے کوئی منظر آنکھ کے پردوں پر لہرایا۔ سدرہ کی شادی...... پارکنگ ایریا...... رات کی تاریکی اور زمان صفدر...... وہ چہرہ زمان کا چہرہ تھا۔ اور گرفت بھی جیسے اس کی ہی تھی۔ ایک لحظے کے لیے اسے لگا اگر اس نے ہاتھ نہ چھڑایا تو مر جائے گی۔ اور اس نے چھڑانے کی کوشش بھی کی تھی۔

اس رات بھی ایک تماشا بنا تھا۔ اس رات بھی ایک کہانی اس کی ذات سے منسوب ہوئی تھی۔ زمان کو ٹھکرائے جانے کا احساس مع اس تھپڑ کے مشتعل کیے ہوئے تھا جو روحینہ چچی کے گھر ان کے ٹیرس پر اس وقت پڑا تھا جب بغیر اجازت وہ اس کے کمرے میں آ گیا تھا۔ یہ ان دنوں کی بات تھی جب اس کا رشتہ زمان سے تقریباً طے ہو چکا تھا۔ مگر فارس سے شادی کے بعد سے وہ جیسے موقع کے انتظار میں تھا کہ کب وہ جنت کمال سے اپنی توہین، بے عزتی اور تھپڑ کا بدلہ لے سکے۔ اور یہ موقع اسے کب ملا تھا؟

کچھ دیر پہلے تک وہ جو مضبوط نظر آ رہی تھی تو اسی سرعت سے مٹی کے ڈھیر کی طرح بھربھرا بھی گئی۔

''پلیز...... چھوڑ دو...... پلیز......!'' وہ چھوٹے بچے کی طرح یک دم پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

اس کی آنکھوں کی نمی...... خوف...... وحشت...... اور ہاتھ چھڑانے کی دیوانہ وار جستجو......

فارس کی گرفت یک دم ڈھیلی پڑ گئی۔ روتی سسکتی آنکھوں کے ساتھ اپنا ہاتھ چھڑا کر وہ اسی وقت کمرے سے نکل گئی تھی۔

☆......☆......☆

اس کے بعد وہ اندر نہیں آئی تھی۔ ڈاکٹر بخاری کے علاوہ چند ایک دوست بھی اس سے ملنے آ چکے تھے۔ عدیل احمد بھی کمپنی کے کچھ معاملات ڈسکس کرنے آیا تھا۔ مسز شیرازی سے بھی اس کی بات ہوئی تھی مگر جنت کمال دوبارہ کمرے میں نہیں آئی تھی۔

مغرب سے پہلے ہی نرس نے اسے ڈرپ لگائی تھی۔ کچھ ادویات کا اثر تھا اور کچھ اس محلول کا بھی جو اس کی نسوں میں سرایت کر رہا تھا کہ وہ سو گیا تھا۔

اور پھر رات کے جانے کس پہر جنت کے مسلسل بجتے موبائل کی آواز سے ہی اس کی آنکھ کھل گئی تھی۔ دواؤں کے زیر اثر ہونے کی وجہ سے اسے ارتکاز پکڑنے میں کچھ دقت ہوئی تھی۔ وجود بھاری ہو رہا تھا۔ بمشکل کہنیوں کے بل اوپر ہوتے ہوئے اس نے اطراف میں نگاہ دوڑائی۔

جنت کمرے میں نہیں تھی۔

انگلیوں سے آنکھیں مسلتے ہوئے کسی قدر کوشش سے وہ اٹھ بیٹھا تھا۔

اگر اس کا ہینڈ بیگ اور موبائل گلاس ٹیبل پر نہ پڑے ہوتے تو وہ یہی سمجھتا کہ وہ گھر چلی گئی ہوگی۔

تاہم وہ ہاسپٹل میں ہی موجود تھی۔ مگر یہاں نہیں آ رہی تھی۔

ایک لمحے کے لیے اس کی آنکھوں کے سامنے جنت کا روتا سسکتا چہرہ لہرا گیا۔

''گھر کی طرح اب بھی وہ ہاسپٹل کے کسی کونے میں روتی پائی گئی تو......؟''

لب بھینچ کر اس نے بے اختیار اپنی پیشانی کو مسلا۔ کچھ سوچ کر وہ باہر آ گیا۔ چند قدم اٹھانے سے ہی اس کا تنفس پھول گیا تھا۔ پیشانی عرق آلود ہونے لگی تھی۔

وارڈ میں وہ نہیں تھی۔یقیناً وہ نیچے ہوگی۔یا پھر باہر لان میں......اسے غصہ آنے لگا۔
سیڑھیاں اتر کر اس نے ویٹنگ ایریا کا رخ کیا تھا۔اور تب ہی وہ اسے سامنے بیٹھی دکھائی دے گئی تھی۔

اطراف سے یکسر بے نیاز، لبوں پر مسکراہٹ سجائے وہ تین چار ماہ کے ننھے سے بچے کو بانہوں میں لیے فیڈر سے دودھ پلا رہی تھی۔بچہ اس کی گود میں پرسکون تھا۔وہ ہر تھوڑی دیر بعد اس کا ننھا سا ہاتھ، اس کا ماتھا، اس کا گال چومنے لگتی تھی۔

اطراف میں بکھری سفید روشنیوں میں وہ اس پر نگاہ جمائے کھڑا رہ گیا۔وہ منظر کسی خواب، کسی خیال کا سا تھا۔

''آئی ایم ریئلی سوری......!میں نے آپ کو زحمت دی۔''سیاہ پینٹ شرٹ میں ملبوس چھبیس ستائیس برس کا نوجوان چہرے پر تھکن اور پریشانی کے تاثرات لیے روم سے نکل کر جنت کے پاس آگیا تھا۔

''آپ اپنے بچے کو زحمت کہہ رہے ہیں؟''جنت نے سر اٹھا کر ذرا سی خفگی دکھائی۔جواباً وہ مسکرا دیا۔
پچھلے کئی گھنٹوں سے وہ انجان لڑکی اس کا بچہ سنبھال رہی تھی۔وہ اس کا بے حد شکر گزار تھا۔

''میری مدر ابھی آتی ہی ہوں گی۔''وہ کہہ رہا تھا۔

''اٹس اوکے......!آپ پریشان مت ہوں، اگر کوئی نہیں بھی آتا تو میں اسے سنبھال لوں گی۔''
جنت نے نیلگوں کمبل سوئے ہوئے بچے پر ڈالا۔''اب آپ کی وائف کی طبیعت کیسی ہے؟''

''بہتر ہے۔''وہ ذرا فاصلے پر بیٹھ گیا تھا۔

''اسے آپ مجھے دے دیں، آپ تھک گئی ہوں گی۔''اس نے بچے کو لینا چاہا۔جنت انکار کرنے ہی والی تھی کہ نگاہ فارس وجدان پر پڑ گئی۔کچھ دیر پہلے جب وہ کمرے میں گئی تھی تو وہ گہری نیند سو رہا تھا اور اب......

کچھ حیرت...... کچھ بے یقینی سے اس نے کلائی موڑ کر وقت دیکھا۔ بچے کو اس کے باپ کے حوالے کر کے فوراً سے اٹھ کھڑی ہوئی۔ پھر اسی سرعت سے قدم اٹھاتی اس کے پاس آ گئی۔ چہرے پر صبح کے واقعے کا اب کوئی تاثر نہیں تھا۔ بس وہی خفگی تھی...... غصہ تھا...... اجنبیت تھی جو لاہور سے واپسی کے بعد سے اس کا خاصہ رہی تھی۔

''تم یہاں کیا کر رہے ہو؟'' اس نے دبی آواز میں جھاڑ کر پوچھا تھا۔

وہ خاموش تھا...... وہ خاموش ہی رہا۔

''تمہارا ہاسپٹل سے ڈسچارج ہونے کا ارادہ ہے بھی یا نہیں؟''

وہ تب بھی کھڑا رہا۔

اس کی خاموشی اور نگاہوں کے غیر معمولی تاثر کو دیکھ کر جنت الجھن میں پڑ گئی۔ شاید وہ اب بھی نیند میں ہی تھا۔ ورنہ وہ اٹھ کر باہر کیوں آتا؟ بت بن کر کھڑا کیوں رہتا؟ اور اسے بھی ایسے کیوں دیکھتا جیسے پہلی بار دیکھ رہا ہو؟

گہرا تنفس لے کر خدا کی پناہوں میں آتے ہوئے اس نے کچھ محتاط ہو کر فارس کے بازو پر گرفت جمائی اور اپنے ساتھ لے جانے لگی۔ اس کے ساتھ چلتے ہوئے وہ بہت آہستگی سے قدم اٹھا رہا تھا جیسے بمشکل اٹھانے پڑ رہے ہوں۔ آدھے سے زیادہ قوت تو خود جنت کو لگانی پڑ رہی تھی۔

بیڈ پر بٹھاتے ہوئے جنت نے بلب جلا دیا۔ پھر لحاف بھی ہٹا دیا۔

''تم صبح سے باہر کیا کر رہی ہو؟'' آواز بوجھل تھی۔ مگر سوال پورے ہوش و حواس میں ہی پوچھا گیا تھا۔

جنت نے ڈر کر یوں جھٹکا کھایا جیسے رات کے سناٹے میں کسی بھوت نے مخاطب کر لیا ہو، پھر اسی سرعت سے ایسے پیچھے ہٹی جیسے پہلے والا فارس کوئی اور ہو، اور اب والا فارس کوئی اور ہو گیا ہو۔

https://novelskidunya.com/

"تم ایکٹنگ کر رہے تھے؟" آواز صدمے سے پھٹ گئی تھی۔

"کس بات کی......؟"

جنت نے لب بھینچ کر مٹھیاں بند کر کے اسے انتہائی غصے سے دیکھا۔

"ابھی تم ایسے ظاہر کر رہے تھے جیسے تمہیں اپنا کوئی ہوش نہیں۔" سرد لہجے میں جرم کی نشان دہی کی گئی۔

"ریئلی...... یہ کب کی بات ہے؟" بیڈ پر لیٹتے ہوئے اس نے کچھ حیرت سے پوچھا۔

جنت کو جیسے آگ لگ گئی۔ اچھا مذاق بن رہا تھا اس کا۔ یہی کمی رہ گئی تھی کہ اب توہین کے ساتھ ساتھ اسے بے وقوف بھی بنایا جائے گا۔

مٹھیاں بھینچ کر ضبط کرتی وہ اسی وقت کمرے سے چلی گئی۔ دوبارہ اس کی واپسی نرس کے ساتھ ہوئی تھی۔ خوب شکایات لگا کر لائی تھی وہ اسے کہ مریض وارڈ کے چکر لگاتا پھر رہا ہے اور آرام کرنے کے بجائے باتیں بنائے جا رہا ہے مگر نرس نے دیکھا۔ کیسے وہ مریض گہری نیند سو رہا تھا اور کیسے اس کی بیوی خوامخواہ اس پر الزام لگائے جا رہی تھی۔

ہاسپٹل میں ایڈمٹ ہونے والے بیشتر شوہر صابر ہوتے ہیں اور بیویاں ظالم......

وہ چلی گئی تو جنت نے لب بھینچ کر فارس کو دیکھا۔

وہ کروٹ کے بل آنکھیں بند کیے لیٹا تھا۔ اس نے سر نہیں اٹھایا تھا۔ مزید کوئی بات بھی نہیں کی تھی۔

وہ خفگی کے عالم میں جھٹکے سے مڑ کر صوفے پر جا بیٹھی تھی۔

☆......☆......☆

سیاہ جینز کے ساتھ آف وائٹ شرٹ پر، سرمئی راؤنڈ نیک سویٹر میں ملبوس وہ اپنے سیاہ اسنیکر ز کے تسمے باندھ کر جب سیدھا ہوا تو نگاہ جنت کمال پر جا ٹھہری جو ڈاکٹر بخاری سے کافی بے دلی سے

انسٹرکشنز لے رہی تھی۔ آج اسے ہاسپٹل سے ڈسچارج کیا جا رہا تھا اور جنت اس فیصلے سے قطعی خوش نہیں لگ رہی تھی۔

عجیب الجھا ہوا سا انداز تھا اس کا..... کوفت زدہ سی ہو رہی تھی وہ..... کچھ کچھ پریشان بھی تھی۔ جیسے ایک محفوظ آشیانہ چھوٹ رہا ہو۔

گاڑی میں بھی وہ دروازے کی طرف کافی سمٹ کر بیٹھی تھی۔ بازو سینے پر باندھے رکھے تھے۔ ہاتھ چھپا رکھے تھے۔ شال اچھی طرح سے اوڑھ رکھی تھی۔ دورانِ سفر ان کے مابین کوئی بات نہیں ہوئی تھی۔ گھر پہنچ کر بھی خاموشی حائل رہی تھی۔ کھانے کی میز پر، مسز شیرازی کے کمرے میں، شام کی چائے پر اس کا انداز الجھا ہوا سا تھا۔ جیسے وہ موجود ہے اور نہیں بھی۔ اس کی تمام تر کوشش یہی تھی کہ وہ بس کسی طرح ادھر ادھر کے کاموں میں الجھی رہے۔

جب وہ آرام کی غرض سے اپنے کمرے میں گیا تھا تو وہ جان بوجھ کر ہی نیچے لاؤنج میں بیٹھی رہی تھی حالانکہ تھکاوٹ اسے بھی تھی۔ ہاسپٹل میں بے آرام وہ بھی تو ہوئی تھی۔ مگر اسے فی الحال کمرے میں نہیں جانا تھا۔ جانے کیوں ایک ان جانا سا خوف دماغ پر سوار ہو گیا تھا۔

چینل پر چینل بدلتے ہوئے اس نے اقصیٰ کو بھی اپنے پاس ہی بٹھائے رکھا۔ ڈرائی فروٹس کی پلیٹ سامنے ہی دھری تھی۔ میگزین کے صفحے کھلے پڑے تھے۔ کسی آرٹیکل کو یکسوئی سے پڑھا جا رہا تھا۔

وہ صوفے پر تھی اور اقصیٰ فلور کشن پر۔

''اقصیٰ.....!'' کچھ سوچ کر اس نے بڑے ہی رازدارانہ انداز میں اسے مخاطب کیا تھا۔

''جی جنت آپی.....!'' (جنت نے ہی اسے منع کر رکھا تھا کہ وہ اسے بی بی نہ کہے)

''تمہیں کیا لگتا ہے مرد اس بات کو کتنا سیریس لیتا ہے اگر کوئی عورت اسے تھپڑ مار دے۔''

اقصیٰ کا تیزی سے چلتا منہ رک گیا۔ ٹی وی اسکرین سے نظریں ہٹا کر اس نے جنت کو دیکھا۔

https://novelskidunya.com/

کیچر میں جکڑے شہد رنگ بال......جن کی کچھ لٹیں متفکر سے مومی چہرے پر بکھری ہوئی تھیں۔

''یہ جو مرد ہوتے ہیں نا آپی...... بڑے ہی عجیب ہوتے ہیں قسم سے...... کسی عورت سے پڑنے والے تھپڑ کو اپنی انا اور عزت کا مسئلہ بنا لیتے ہیں۔ اور سوچ لیتے ہیں کہ بس اب ہر صورت انتقام ہی لینا ہے۔'' اقصیٰ نے اپنے مخصوص انداز میں بات کر کے سسپنس کی انتہا کر دی۔

''کیسا انتقام......؟'' جنت کے لب ہلے۔

وہ اتنی کمزور اور بے بس کبھی نہیں ہوئی تھی جتنی کہ اب ہو رہی تھی۔ گویا اسے فارس وجدان سے کسی بھی اچھائی کی کوئی توقع نہیں تھی۔

''امیر زادے سیریل کلر ہائیر کرتے ہیں۔ کچھ اغوا بھی کروا لیتے ہیں، کچھ ساری عمر کے لیے قیدی بنا لیتے ہیں اور کچھ......''

جواب فارس وجدان نے دیا تھا۔ اور اتنے اچانک سے دیا تھا کہ وہ مارے بوکھلاہٹ کے صوفے سے اچھل کر اٹھ کھڑی ہوئی تھی اور پھر اسی سرعت سے اس نے مڑ کر پیچھے دیکھا تھا۔

سرمئی ٹراوزرز پر ہلکے آسمانی رنگ کے سویٹر میں ملبوس، لاپرواسے حلیے میں......وہ جیبوں میں ہاتھ ڈالے کھڑا تھا......سرد نگاہیں جنت کے چہرے پر جمی تھیں۔

کندھے سے پھسلتی شال کو ٹھیک سے اوڑھتے ہوئے جنت نے حلق سے گلٹی کو بمشکل نیچے اتارا۔ اقصیٰ کا لحاظ کر کے اپنی گھبراہٹ پر قابو پایا۔ خوف کو بھگا کر سر اٹھایا۔

''تم یہاں کیا کر رہی ہو؟'' سوال اقصیٰ سے پوچھا گیا تھا اور ذرا سختی کے ساتھ پوچھا گیا تھا۔

''جنت آپی نے کہا کہ انہیں نیند نہیں آ رہی تو......''

''تو تم نے سوچا، بیٹھ کر لوری سنا دیتی ہوں، شاید اس طرح آ جائے۔''

اقصیٰ نے گڑبڑا کر فارس کو دیکھا پھر سر جھکا لیا۔

''جاؤ......!''حکم ملتے ہی وہ پیروں میں چپل اڑستی، اپنے میگزین سنبھالتی فوراً روپوش ہو گئی۔

اب لاؤنج میں جنت کھڑی تھی اور سامنے فارس......

وہ اپنی کیفیت سمجھ نہیں پا رہی تھی۔خوف کس بات کا تھا آخر......؟ وہ اس سے ڈر کیوں رہی تھی؟ ایک تھپڑ ہی تو تھا؟ جو کہ ناگزیر تھا۔ بے دردی اور نفرت کے ساتھ دو بار دھکیلا تھا اس نے......جیسے وہ کوئی اچھوت ہو۔جس کے قریب آنے سے اس کی موت واقع ہو جانی تھی۔ایسی صورت میں اگر اس نے غصے میں تھپڑ مار بھی دیا تو کیا ہوا؟ وہ بھی تو سختی دکھا تا رہا ہے؟ کمرے سے نکالتا رہا ہے۔ وہ بھی تو اسے پارکنگ ایریا میں چھوڑ کر آیا تھا۔

تیزی سے بھاگتا دوڑتا ذہن رک گیا۔سوکھے پتے کی طرح لرزتا دل تھم گیا۔

ہمت مجتمع کر کے اس نے سر اٹھایا......لب بھینچ کر، فارس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالیں تاکہ اسے یہ تاثر دے سکے کہ وہ ہرگز ہرگز اس سے خائف نہیں۔

فارس اگلے چند لمحوں تک اسے دیکھتا رہا۔وہ بھی ڈٹ کر کھڑی رہی۔

''تھپڑ کی سزا ڈائریکٹ مجھ سے پوچھ لو۔''بالآخر اس نے خاموشی کا قفل توڑا۔

''سزائیں غلطیوں کی ہوتی ہیں اور میں نے کوئی غلطی نہیں کی۔''

''یعنی تمہیں کوئی پچھتاوا، کوئی احساس نہیں؟''

جنت نے آنکھیں پھیلا کر اسے دیکھا۔یہ پچھتاوے اور احساس کی بات کون کر رہا ہے؟

''کس بات کا پچھتاوا......؟''لہجے میں قہر بھر کر پوچھا۔''شاید تمہیں یاد نہیں۔دو بار دھکیلا تھا تم نے مجھے......دو بار......''انگلیاں کھڑی کر کے دکھائیں۔

''تو پھر تم دور کیوں نہ ہوئیں......اوہ ہاں یاد آیا......تمہیں ڈر تھا، کہیں تم بیوہ نہ ہو جاؤ۔''فارس کا لہجہ استہزائیہ ہوا۔

https://novelskidunya.com/

جنت کا چہرہ مارے خفت کے سرخ ہو گیا۔ کاش وقت اسے پیچھے لے جائے اور وہ ہاسپٹل میں سیب کاٹتے ہوئے خود کو ایک عدد تھپڑ سے نواز سکے۔ اے کاش......اے کاش......!

''ہاں، مجھے اپنی فکر تھی۔ اور بہت زیادہ فکر تھی۔ تمہیں اس سے کیا؟'' ڈٹ کر، جم کر، ایک بار پھر سر اٹھا کر غرائی۔

جیبوں میں ہاتھ ڈالے، ذرا سا سر جھکا کر وہ بمشکل کندھوں تک پہنچتی جنت کمال کو اگلے چند لمحوں تک دیکھتا رہا۔ پھر سر جھٹک کر جانے کے لیے مڑ گیا۔ اس کا رخ آفس روم کی طرف تھا۔ گویا وہ اپنے کسی کام سے ہی نیچے آیا تھا۔

ایک سرد نظر اس پر ڈالتی وہ زینہ طے کرتی کمرے میں چلی گئی۔ اس نے تکیہ اور کمبل اٹھایا اور پھر تن فن کرتی سٹنگ ایریا میں صوفہ کم بیڈ پر جا سوئی۔ تیور بگڑے ہوئے تھے۔ جبڑے بھینچے ہوئے، اور آنکھوں میں غصے کے ساتھ ساتھ بے نام سی خفگی لہرا رہی تھی۔

☆......☆......☆

اسٹڈی روم میں وہ پچھلے ایک گھنٹے سے موجود تھا۔ فائلز دیکھتے، سائن کرتے، ضروری رپورٹس کا سرسری سا جائزہ لیتے اسے کافی کی طلب ہوئی تھی تو وہ اٹھ کر باہر آ گیا تھا۔ سیڑھیاں اترتے ہوئے اس کی سماعت سے جنت کی آواز ٹکرائی تو رفتار خود ہی مدھم ہو گئی۔ پہلے اس کا خیال تھا وہ ممی سے ہی بات کر رہی ہو گی مگر وہ تو اس وقت تک سو جاتی تھیں۔

کچن کی طرف دیکھتے ہوئے وہ سیڑھیوں کے پاس ہی رک گیا تھا۔ یوں کہ اب وہ اوپن کچن ایریا کو عقبی حصے سے باآسانی دیکھ سکتا تھا۔

''اب دیکھیں مجھے......میں کہیں سے آپ کو پریشان یا اپ سیٹ لگ رہی ہوں؟''

موبائل کچن کاؤنٹر ٹیبل پر اسٹینڈ پوزیشن پر رکھ کر وہ الٹے قدم پیچھے ہوتے ہوئے مسکرائی تھی۔

اسکرین پر سائرہ خالہ کا چہرہ واضح تھا۔ ان کے لبوں پر مدھم سی مسکراہٹ ابھری تھی مگر آنکھوں میں فکر ٹھہری رہی تھی۔

کاؤنٹر ٹیبل کے ساتھ ٹیک لگاتے ہوئے وہ اب براہِ راست انہیں دیکھنے لگی تھی۔ پورے ایک ہفتے بعد جنت نے ان کی کال ریسیو کی تھی۔ پورے ایک ہفتے بعد خود سے رابطہ کیا تھا۔

''تم نے فارس سے بات کی؟''

''کس بارے میں؟'' وہ ان جان ہوگئی۔

''جو کچھ......اس رات ہوا'' خالہ محتاط ہوکر پوچھ رہی تھیں۔

جھکے سر کے ساتھ جنت نے نفی میں سر ہلا دیا۔

''کیوں......؟''

''میں نے ضروری نہیں سمجھا۔'' آہستگی سے مڑ کر برنر بند کر دیا۔ چائے کیتلی سے کپ میں انڈیلنے لگی۔

''اب دیکھیں، غلطی تو میری ہی ہے نا! فارس نے تو کہا تھا کہ ساتھ ہی چلو۔ میں نے ہی ضد کی کہ سدرہ کا ولیمہ اٹینڈ کر کے ہی جاؤں گی۔''

پلر کے پیچھے سیڑھیوں کے پاس جیبوں میں ہاتھ ڈالے وہ اس کے چہرے پر نظریں جمائے کھڑا رہا تھا۔

''تمہارے خالو صفدر بھائی سے ملے تھے۔ بات بھی کی تھی۔ سمجھایا بھی تھا۔ لیکن تم تو جانتی ہو زمان کس نیچر کا ہے۔ مجھے فکر ہو رہی تھی کہ وہ......''

''کہیں وہ مجھے نقصان نہ پہنچا دے؟'' اس نے مڑ کر اچنبھے سے سائرہ خالہ کو دیکھا، پھر ہنس دی۔ اس کی ہنسی کھوکھلی تھی۔ اس کی آنکھیں جھوٹی تھیں۔ اس کے تاثرات مصنوعی تھے۔ اس کی بہادری دھوکا تھی۔

''میں سوچ رہی تھی کہ اگر میں فارس کو اعتماد میں لے کر بات کروں..... ہوسکتا ہے وہ اس مسئلے کا کوئی حل.....''

''آپ یہ کیسی باتیں کررہی ہیں خالہ.....!'' جنت نے فوراً انہیں ٹوک دیا۔

''جنت! میں جانتی ہوں کہ.....''

''آپ نے پہلے بھی اسے دھوکا دیا۔ آپ اب بھی اسے دھوکا دیں گی؟'' اس کا رویہ بدلا تھا۔ اس کی ہمت بکھری تھی۔ اس کا حوصلہ ٹوٹا تھا۔

سائرہ خالہ صدمے سے گنگ اسے دیکھ کررہ گئیں۔ ''جنت.....!''

اور پھر لفظ گویا ختم ہوگئے۔ وہ مزید کچھ کہہ ہی نہ سکیں۔

''وعدہ کریں، آپ ایسی کوئی بھی بات اس سے نہیں کریں گی، کبھی بھی نہیں.....'' اس نے دو ٹوک لہجے میں کہہ دیا تھا۔ سائرہ خالہ اسے بے بسی سے دیکھ کررہ گئیں۔

''میری زندگی میں سب نارمل ہے۔ میں نہیں چاہتی کہ پھر سے کوئی طوفان اٹھے اور میرا تماشا بنے۔''

''لیکن زمان چپ نہیں بیٹھے گا۔'' سائرہ خالہ کو بس یہی فکر تھی۔

جنت نے آگے سے کوئی جواب نہیں دیا..... نہ پریشان ہوئی..... نہ خوف کا اظہار کیا..... ایسے جیسے یہ مسئلہ کوئی مسئلہ رہا ہی نہ تھا۔

''مجھے تمہیں شادی اٹینڈ کرنے کے لیے فورس نہیں کرنا چاہیے تھا۔'' کافی دیر تک جب وہ کچھ نہ بولی تو انہوں نے کہا۔

''آپ نے فورس نہیں کیا تھا۔ میں اپنی مرضی سے آئی تھی۔'' پورے اعتماد کے ساتھ اس نے جھوٹ بولا۔ پھر ایک لمحے کا توقف کیا۔ ''آپ میرے لیے اس طرح فکر مند ہوتی ہیں تو مجھے اچھا نہیں لگتا خالہ! ٹھیک ہے بڑے بابا نے آپ کو وصیت کی تھی میرے بارے میں..... لیکن آپ یہ بھی تو دیکھیں

کہ میری شادی ہو چکی ہے اور اب میں اپنے گھر میں بہت خوش ہوں۔ یہاں سب میرا بہت خیال رکھتے ہیں۔ آنٹی مجھے بہت چاہتی ہیں۔''

چائے کا گھونٹ بھر کر اس نے پھر انہیں دیکھا۔ وہ خاموش تھیں۔

''اگر فیصل بھائی کہہ رہے ہیں تو کینیڈا شفٹ ہو جانے میں حرج ہی کیا ہے؟ اب تو سدرہ کی بھی شادی ہو گئی ہے۔ میں بھی اپنے گھر کی ہو گئی ہوں۔ اب تو آپ کو مکمل سکون سے چلے جانا چاہیے۔''

سائرہ خالہ نے پوری بات خاموشی سے سنی پھر کچھ یاد آ جانے پر انہوں نے فارس سے متعلق پوچھا۔ انہیں غالباً مسز شیرازی نے ہی بتایا تھا کہ وہ دو دن ہاسپٹل میں ایڈمٹ رہا ہے۔ اور باتوں کے دوران انہیں پوچھنا یاد ہی نہ رہا۔

جنت کے تاثرات ایک دم بدل گئے۔ بھنویں غیر محسوس انداز میں سکڑ گئیں۔ ''گیس واٹ...... اسے کیٹ الرجی ہے۔ کیا آپ یقین کر سکتی ہیں میرے شوہر کو کیٹ الرجی ہے؟''

اور اس تمام عرصے میں سائرہ خالہ کے چہرے پر پہلی بار مسکراہٹ بکھری تھی اور پھر وہ ہنس پڑیں۔

جنت بلیوں کے لیے کتنی دیوانی تھی، ان سے بہتر اور کوئی نہیں جان سکتا تھا۔

''میں نے سوچا تھا یہاں سیٹ ہو جاؤں گی تو پھر بلی پالوں گی۔ میں نے مسز یزدانی سے بات تک کر لی تھی کہ ان کی ایرانی کیٹ کا ایک بچہ میں لوں گی اور اب......'' گہرا تنفس لے کر اس نے بے بسی سے ہاتھ اٹھا کر ڈھیلے چھوڑ دیے۔

''آپ کو کم از کم رشتہ طے کرنے سے پہلے یہ تو معلوم کروا لینا چاہیے تھا کہ لڑکے کو بلیاں پسند ہیں بھی یا نہیں۔'' وہ اب ان پر خفا ہو رہی تھی۔

''اتنا سیریس مسئلہ تو نہیں ہو گا جنت......'' وہ ہنستے ہوئے بولیں۔

''وہ دو دن ہاسپٹل میں رہا ہے خالہ......! اب آپ خود سمجھ جائیں، یہ اس کے لیے کتنا سیریس

مسئلہ ہے۔"

"تو ٹھیک ہے دور دور سے بلیوں کو ہیلو ہائے کر لیا کرو۔اب شوہر کے لیے اتنا تو کرنا پڑے گا۔"

خالی کپ سنک میں دھوتے ہوئے جنت نے ذرا سی خفگی کے ساتھ انہیں دیکھا۔

"آپ کو میرا غم...... غم نہیں لگ رہا ہے۔"

"نہیں بچے...... میں آپ کے غم میں برابر کی شریک ہوں۔" وہ ہنس دیں۔

"اچھا یہ بات کسی سے بھی شیئر مت کیجیے گا۔" دوپٹے کے ساتھ ہاتھ خشک کرتی وہ موبائل اسکرین کی طرف جھکی۔

"کون سی بات......؟"

"یہی کہ فارس کو بلیوں سے الرجی ہے! مجھے لگتا ہے گھر میں ملازموں کو بھی نہیں معلوم، ایک طرح سے یہ ٹھیک بھی ہے۔اگر یہ بات باہر نکلے اور کسی کو پتا چل جائے فارس کا ری ایکشن کتنا شدید ہوتا ہے تو یقیناً اس کے دشمن اس بات کا فائدہ اٹھانا چاہیں گے۔ہے نا......؟"

خالہ اس کی سوچ پر انگشت بدنداں رہ گئیں۔

"یہ بڑے بڑے کاروباری لوگوں کے دشمن بھی تو بڑے ہوتے ہوں گے۔"

خالہ اس کی سوچ پر حیران ہو رہی تھیں۔یہ خیال ان کے ذہن میں ایک لمحے کے لیے بھی نہیں آیا تھا۔

"اقصیٰ بھی سارا وقت میرے ساتھ رہی لیکن میں نے اسے بھی بھنک نہیں پڑنے دی کہ وہ ہاسپٹل میں کس وجہ سے ہے۔" بہت محتاط انداز میں...... سنجیدگی اور سمجھداری سے وہ ان سے بات کر رہی تھی۔انداز پراسراریت لیے ہوئے تھا۔

"ہاں، تم ٹھیک کہہ رہی ہو۔" انہوں نے اعتراف کیا۔

اور تب ہی قدموں کی آہٹ پر اس نے بے ساختہ سر اٹھایا۔پھر گھوم کر کاؤنٹر ٹیبل کی طرف آئی۔

اور وہیں سے اس نے بہت آگے تک دیکھا۔مگر وہاں کوئی نہیں تھا۔

''اچھا خالہ! آپ سے پھر بات ہوگی۔'' ان کو الوداع کر کے اس نے کچن کی لائٹس آف کر دیں۔سیڑھیوں کی طرف جاتے ہوئے اس کی نظر بے ساختہ ہی آفس روم کی طرف اٹھ گئی تھی۔دروازہ کھلا ہوا تھا۔اور فارس وجدان ریک سے کچھ فائلز نکالتا نظر آرہا تھا۔

سر جھٹک کر وہ سیڑھیاں چڑھ گئی۔

''مجھے گرنے سے ڈر نہیں لگتا خان! میں پندرہ دن پہلے پارکنگ ایریا میں گری تھی۔اور پھر خود اٹھ گئی تھی۔اب بھی اگر گروں گی تو اٹھنے کی ہمت ہے مجھ میں......''

آفس چیئر پر بیٹھتے ہوئے اس نے فائل ٹیبل پر رکھ دی تھی۔جیب سے موبائل نکال کر نمبر ملاتے ہوئے وہ مسلسل اپنی پیشانی مسل رہا تھا۔اور پھر تاریخ کے ساتھ ساتھ شادی ہال کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے اس نے عدیل احمد سے دس سے بارہ بجے کے درمیان پارکنگ ایریا کی سی سی ٹی وی فوٹیج طلب کر لی تھی۔

☆......☆......☆

اس نے سارا دن خود کو مسز شیرازی کے ساتھ مصروف رکھا۔کافی عرصے بعد اس کے اصرار پر وہ قدرتی مناظر کی ایک پینٹنگ بنا رہی تھیں۔ان کے اسٹوڈیو میں چھوٹے سائز کارپٹ پر بیٹھ کر وہ بھی کینوس پر ایسے ہی رنگ بکھیرنے لگی تھی۔

سبز، سنہرا، سیاہ، سرخ، گلابی......

رنگوں سے کھیلتے اس کی توجہ ایک بار پھر فارس وجدان کے باکس کی طرف چلی گئی۔

ہاتھ بڑھا کر اس نے باکس اپنی جانب گھسیٹ لیا۔ایک بار پھر کھول کر وہ اشیا کا جائزہ لینے لگی۔نیچے، بہت نیچے تصویروں کا ایک البم بھی تھا۔رخ بدل کر اس نے مسز شیرازی کی طرف دیکھا۔گو کہ وہ

جانتی تھی اگر انہوں نے دیکھ بھی لیا تب بھی انہیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا مگر پھر بھی...... جانے کیوں وہ کچھ محتاط سی ہو رہی تھی۔ اس نے البم کھول دیا۔ پہلی تصویر سامنے تھی۔

سنہری آنکھوں میں بلا کی معصومیت لیے وہ چار پانچ سال کا ایک خوب صورت بچہ تھا۔ دھوپ میں اس کی رنگت گلابی ہو رہی تھی۔ شہد رنگ کی آمیزش لیے چاکلیٹی رنگ کے نرم وملائم بال قدرے لمبے تھے۔ اس کی پیشانی پر بکھرے...... گردن تک آتے ہوئے۔

آنکھوں میں اشتیاق اور تجسس لیے وہ صفحے پلٹتی گئی۔

بیڈ پر، الماری کے سامنے، درخت کے نیچے، سرسبز میدان کے وسط میں...... رزلٹ کارڈ لیتے ہوئے، ٹرافی جیتتے ہوئے، کھیل کے میدان میں، گھوڑے کی پشت پر...... چھ سے سولہ سال تک کے فارس وجدان کی تصاویر اس کے سامنے تھیں۔ مگر کہیں بھی وہ مسکرا نہیں رہا تھا۔ ہر تصویر میں وہ اکیلا تھا۔ ہر تصویر میں اس کے تاثرات بھی ایک سے تھے۔ فیملی کا کوئی ایک فرد بھی اس کے ساتھ نہیں تھا۔ حتیٰ کہ مسز شیرازی کے ساتھ بھی اس کی کوئی تصویر نہ تھی۔

البم کے آخر میں ایک تصویر تھی۔

سرسبز باغ کا منظر تھا۔ وہ شاہ بلوط کے سائے میں لکڑی کی باڑھ کے پاس کھڑا تھا۔ لڑھکتا ہوا فٹ بال اس کی طرف آ رہا تھا۔ اور جس طرف سے آ رہا تھا اس طرف پانچ چھ سال کی بچی کھڑی تھی۔ اس کی پشت کیمرے کی طرف تھی۔ اپنا سر اونچا کیے اس نے جوش سے ہاتھ اوپر اٹھا رکھے تھے۔ اس کی سفید فراک پر جگہ جگہ دھبے لگے تھے، سفید جرابیں تو مکمل طور پر مٹی سے اٹی ہوئی تھیں۔

پورے البم میں صرف ایک یہی تصویر ایسی تھی جس میں ایک ٹین ایجر فارس کے لبوں پر مسکراہٹ نظر آ رہی تھی۔ زندگی سے بھرپور ایک خوب صورت مسکراہٹ!

ایسے لگتا تھا جیسے یہ تصویر اس کی بے خبری میں لی گئی ہو۔

https://novelskidunya.com/

یکا یک کسی نے اس کے ہاتھوں سے البم لے لیا۔ اس نے چونک کر جھٹکے سے سر اٹھایا۔ سانس رک سا گیا۔

اسے ناگواری سے دیکھتے ہوئے فارس نے باکس میں البم پھینکا، جھٹ سے بند کیا اور اسے اٹھا کر الماری کے اوپری خانے میں رکھ دیا۔ اب کم از کم وہ اقصیٰ کی مدد کے بغیر اس باکس تک نہیں پہنچ سکتی تھی۔

فارس مسز شیرازی کے پاس چلا گیا۔ ان کے گرد بازو حمائل کرتے ہوئے جھکا تو مسز شیرازی نے محبت سے اس کے گال پر ہاتھ رکھا۔ ''تم کب آئے؟''

''ابھی ابھی......'' اسٹول کھینچ کر وہ ان کے پاس ہی بیٹھ گیا۔ اب وہ کینوس پر سفید پھول کو دیکھ رہا تھا جس میں مسز شیرازی سرخ لکیروں کا اضافہ کر رہی تھیں۔ اس نے اپنی ماں کے پر اشتیاق چہرے کو دیکھا۔ پھر رنگ سے اٹے اس برش کو۔

''بالآخر آپ نے برش اٹھا ہی لیا۔'' وہ مسکرایا۔

''یہ جنت کی وجہ سے ممکن ہوا، سب کچھ سیٹ کر کے مجھے بٹھا دیا کہ کچھ بنا دیں، اسے بیڈ روم میں لگانا ہے۔''

فارس کی نگاہیں بے ساختہ جنت تک گئیں۔ سر جھکائے وہ ایک بار پھر بلاوجہ کے رنگ پھیلانے لگی تھی۔

''گویا مجھ سے زیادہ اہم آپ کی بہو ہے۔'' اس نے شکوہ کیا۔ جنت کے کان کھڑے ہو گئے۔

مسز شیرازی ہنس دیں۔ ''جیلس ہو رہے ہو؟''

''تو کیا نہیں ہونا چاہیے؟''

''ہونا تو چاہیے...... میں اپنی بیٹی کی کوئی بات ٹال نہیں سکتی۔''

''اگر جو میں آپ کو آپ کی بیٹی کے ''کرتوتوں'' سے آگاہ ہی دوں تو کیا آپ تب بھی اس کی کوئی

بات نہیں ٹالیں گی؟"

جنت کے چہرے کا رنگ فق ہوا۔ آنکھوں میں خوف وہراس پھیل گیا۔

"ہاں، تب بھی نہیں، بائے داوے، تمہیں اس سے مسئلہ کیا ہے؟"

"عبدالغفور شکایت کرر ہا تھا، گلاب کی پتیاں کھانے کا بہت شوق ہے آپ کی لاڈلی کو۔"

مسز شیرازی نے ذرا حیران ہو کر جنت کو دیکھا۔ وہ متوحش سی اپنی جگہ بیٹھی رہ گئی تھی۔ حالانکہ بات تو کچھ ایسی نہ تھی مگر اس کے تاثرات۔

وہ ہنس دیں۔ "رئیلی جنت؟ مجھے بھی ٹرائی کرنا چاہیے۔" ساتھ ہی فارس کو اپنے ارادے سے آگاہ کیا۔

فارس اپنی ماں کو دیکھ کر رہ گیا۔ "آپ کی عادتیں خراب ہو رہی ہیں ممی!"

ان کی ہنسی بے ساختہ تھی۔

"میں ..... میں کھانے کا انتظام دیکھ لوں۔" وہ معذرت چاہتے ہوئے اسی وقت اٹھ کر چلی گئی تھی۔

فارس نے مسز شیرازی سے یہ کیا کہا تھا؟ وہ شدت سے دھڑکتے دل کے ساتھ اگلے کئی لمحوں تک راہداری میں ہی کھڑی رہی تھی۔

☆......☆......☆

فارس وجدان کی نگاہوں کا تاثر بدل گیا تھا۔ آنکھوں میں نرمی اگر نہیں تھی تو سختی بھی نہ رہی تھی لیکن جنت کمال کے لیے وہ آنکھیں اب بھی عذاب بنی ہوئی تھیں۔ مگر جانے کیا بات تھی کہ اٹھتے بیٹھتے، آتے جاتے وہ اس کی نگاہوں کا حصار اب خود پر محسوس کرنے لگی تھی اور ایسا ان تین ماہ میں پہلی بار ہوا تھا۔

بجائے خوش یا مطمئن ہونے کے، وہ الجھنوں میں پڑ گئی تھی۔ رہ رہ کر یا تو خیال تھپڑ کا آتا تھا یا پھر اس ماضی کا جو فارس وجدان پر منکشف ہوا تھا۔ اور جس پر اس نے کھل کر اپنے ردعمل کا اظہار نہیں کیا تھا۔

اس نے کن اکھیوں سے فارس کو دیکھا۔
بیڈ پر تکیوں کے سہارے نیم دراز، لیپ ٹاپ کی اسکرین پر مصروفیت بھرے انداز میں کچھ دیکھتا، کچھ ٹائپ کرتا ہوا......

یکا یک ہی پارکنگ ایریا کا منظر جنت کی آنکھوں میں لہرا گیا، چہرے کے تاثرات بدل گئے، غصہ نئے سرے سے عود کر آیا۔ صوفے پر ٹانگوں کے گرد بازو باندھتے ہوئے اس نے تنفر سے اسے ایک نظر دیکھا پھر رخ پھیرے دیواروں کو گھورنے لگی۔

ایسے بے حس انسان کو آخر اس نے سوچا بھی تو کیوں؟

فارس نے ذرا سی نظریں اٹھا کر اسے دکھا۔ کچھ دیر پہلے تک چہرہ الجھنوں کی حکایت سنا رہا تھا، اب غصے کی جھلک نظر آ رہی تھی۔ پل پل اس کا رنگ، اس کے تاثرات بدلتے تھے۔

''ویسے میں کچھ سوچ رہا تھا۔'' لیپ ٹاپ ایک طرف رکھے وہ اس کی طرف متوجہ ہوا تھا۔

''تم ممی کا بہت خیال رکھتی ہو، بدلے میں تمہیں کچھ تو چاہیے ہوگا؟''

اور جنت کو لگا، دسمبر کی سرد راتوں میں کسی نے ٹھنڈے پانی کی بوچھاڑ کر کے اسے بلا کر رکھ دیا ہو۔

''آج کے دور میں سب اپنا فائدہ دیکھتے ہیں۔ بغیر کسی مقصد، بغیر کسی غرض کے کوئی نہ کسی کی اتنی کیئر کرتا ہے اور نہ اتنی سختی اور توہین برداشت کرتا ہے۔ کچھ نہ کچھ تو تم نے بھی سوچ رکھا ہوگا۔ کچھ نہ کچھ تو تمہیں بھی چاہیے ہوگا۔''

آنکھوں میں دکھ، صدمہ، بے یقینی لیے وہ اسے دیکھ کر رہ گئی۔

''اس لیے تم بلا جھجک کچھ بھی مانگ سکتی ہو۔'' بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے، ٹانگ پر ٹانگ رکھے وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہہ رہا تھا۔ تاثرات صلح جو تھے۔ جیسے کوئی لین دین متوقع ہو۔ نہ سختی تھی، نہ غصہ تھا۔ اس کے لیے یہ گفتگو بہت عام نوعیت کی تھی مگر جنت پر جیسے پہاڑ ٹوٹ رہے تھے۔ وہ فا

ہو رہی تھی۔

کیا سمجھتا تھا وہ اسے؟ اندر ہی اندر غصے سے بل کھاتے ہوئے اس نے لب بھینچ کر سر اٹھایا۔

''تمہیں لگتا ہے، میں آنٹی کا خیال تمہاری وجہ سے رکھتی ہوں؟ اگر تمہیں ایسا لگتا ہے تو تم اپنی غلط فہمی دور کرلو۔''

''ہاں، جانتا ہوں، ان کا خیال رکھنا، انہیں وقت دینا تمہاری مجبوری ہے۔ لیکن میں مجبوریوں سے فائدے نہیں اٹھاتا۔ میرے گھر میں بغیر معاوضے کے کوئی کام نہیں کرتا۔ سب کو پے منٹ ادا کرتا ہوں میں۔''

جنت کا پارہ چڑھ گیا۔

''میرے خیال سے تم بھول رہے ہو، میں تمہاری کوئی ملازمہ نہیں ہوں اور نہ ہی تمہارے اشارے پر کام کرتی ہوں۔ آنٹی کے ساتھ میرا اپنا رشتہ ہے۔''

''اور یہ رشتہ کب تک ہے؟'' فارس کا لہجہ طنزیہ ہوا۔ سکوت میں ڈھل کر وہ دم سادھے اسے دیکھ کر رہ گئی۔ وہ ایک دم سے اسے بہت غیر، بہت اجنبی سا لگا۔ حالانکہ وہ اس کا تھا بھی نہیں۔ پھر بھی اسے دکھ ہوا۔ پھر بھی اسے برا لگا۔

''کیا چاہتے ہو تم؟'' وہ مزید کوئی سوال...... کوئی استفسار نہیں چاہتی تھی۔

''اپنے سوال کا جواب......''

جنت کے لیے وہاں بیٹھے رہنا مشکل ہوگیا۔

''تمہارے سوال کا جواب میں تمہیں دے چکی ہوں۔ اب تم یقین نہیں کرنا چاہتے تو میں کچھ نہیں کرسکتی۔'' اتنا کہہ کر وہ کمرے سے نکل آئی تھی۔

''ملازموں کو پے منٹ ادا کرتا ہوں۔'' فارس کی نقل اتارتی وہ شدید غصے کے عالم میں سٹنگ

روم میں جا بیٹھی۔ آنکھیں بار بار بھیگ رہی تھیں۔ ''نکاح کر کے ملازمت دے رکھی ہے مجھے، جاب کر رہی ہوں میں اس کے گھر، سمجھتا کیا ہے یہ خود کو......!'' آنکھیں رگڑ کر صاف کیں۔ گال، ناک سرخ ہونے لگی۔

فارس کا چہرہ دروازے کے فریم میں نمودار ہوا۔ اس کی روتی بسورتی شکل کو بہت غور سے ملاحظہ فرمایا گیا۔ جنت نے سر اٹھا کر اسے قہر بار نظروں سے دیکھا۔

وہ چوکھٹ کے ساتھ پشت ٹکائے کھڑا ہو گیا۔

دونوں ہاتھ پینٹ کی جیبوں میں تھے۔ چہرہ متبسم تھا۔ آنکھوں میں وہی چمک جو جنت کمال کو ذلیل کر کے کچھ اور بڑھ جاتی تھی۔

''ایک بار پھر سوچ لو، دبئی میں فلیٹ بھی دلوا سکتا ہوں۔''

''تم مجھے ذلیل کیے بغیر سکون سے طلاق دے دینا۔ تمہاری بڑی مہربانی ہو گی۔'' اس نے باقاعدہ ہاتھ جوڑے۔

''لیکن میں تمہیں مراعات دینے کی بات کرر ہا ہوں۔ اب اتنا کھور بھی نہیں ہوں کہ طلاق دے کر بس فارغ کر دوں، بینک بیلنس، زمین، گھر کچھ تو ہو......''

''اگر تم اس طرح میرے سر پر مسلط رہے تو میں آنٹی کو سب کچھ بتا دوں گی۔'' اس کی برداشت اب ختم ہو رہی تھی۔

''شوق سے جاؤ......! میں بھی تمہارے پول ان کے سامنے کھول دوں گا، حساب برابر......''

جنت صدمے سے اسے دیکھ کر رہ گئی۔

وہ کیا بول گئی تھی، اس کا ادراک اسے اب ہوا تھا۔ فارس کیا کہہ گیا تھا، اس کا احساس بھی جیسے اب ہوا تھا۔

"تم ایسا نہیں کرو گے!" اس کے لب ہلے۔ وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

"کر سکتا ہوں۔ میں تو اب ان سے یہ بھی کہہ سکتا ہوں کہ میری بیوی بانجھ ہے، میں دوسری شادی کرنا چاہتا ہوں۔"

وہ اپنی جگہ تھم کر رہ گئی۔ جانتی تھی، اگر وہ سوچ رہا ہے تو کر کے بھی دکھا سکتا ہے۔ اس کے پاس بہت سے آپشن تھے۔ محدود تو جنت رہ گئی تھی۔ وہ عین اس کے سامنے آ کھڑا ہوا۔ اگلے کئی پل خاموشی کی نذر ہوئے۔

"میں اب بھی سوچوں تو حیران ہوتا ہوں، آخر تم میں اتنی ہمت کیسے آ گئی تھی کہ ایک بچے کی جان لینے کی کوشش! تمہیں ڈر نہیں لگا تھا؟" پہلے وہ اس کی ذات کی دھجیاں بکھیرتا تھا، اب وہ اس کے زخم ادھیڑ رہا تھا۔

"تمہاری ناراضی تو یقیناً اس کے باپ سے ہو گی۔ اس میں بچے کا کیا قصور......؟"

مٹھیاں بھینچے وہ خاموش رہی۔

"یہ رانگ کالز کا کیا معاملہ تھا؟" سینے پر بازو باندھے فارس اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا۔ لبوں پر مدھم سی مسکراہٹ تھی جیسے وہ اس کی کیفیت سے محظوظ ہو رہا ہو۔

وہ جھٹکے سے مڑی، گلاس ڈور سلائیڈ کر کے باہر نکلی۔ کھینچ کر بند کرتی کونے میں جا کھڑی ہوئی۔

اب جب تک وہ اندر تھا، جنت کمال باہر ہی رہنا چاہتی تھی۔ اس تکلیف سے بچنے کا صرف یہی ایک راستہ تھا۔ کچھ ہی دیر میں وہ وہاں سے جا چکا تھا، مگر جنت رات گئے تک بالکنی میں ہی کھڑی رہی تھی۔

☆......☆......☆

"ایک کپ چائے...... میرے لیے بھی۔"

شدید غصے اور جھنجھلاہٹ کے عالم میں وہ اپنے لیے چائے بنا رہی تھی جب عقب میں فارس وجدان کی آواز اچانک سے گونجی تھی۔ جنت نے مڑ کر اچنبھے سے اسے دیکھا۔ کیا اسے جنت نظر نہیں آئی تھی؟ یا پھر اس نے جنت کو ہی میڈ سمجھ لیا تھا؟

''مجھ سے کہہ رہے ہو؟'' انگلی سے اپنی جانب اشارہ کر کے پوچھا۔ حیرت سے...... بے یقینی سے......

''تمہارے علاوہ بھی کوئی یہاں ہے؟'' کاؤنٹر ٹیبل کے ساتھ پشت ٹکائے، سینے پر بازو باندھے وہ سنجیدگی سے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

''میرے ہاتھوں کی چائے پینے سے تم مر نہیں جاؤ گے؟''

''ممکن ہے زندہ رہ جاؤں۔''

جنت نے لب بھینچ کر اسے دیکھا۔ پہلے وہ خاموش رہ کر اسے بے عزت کرتا تھا۔ اب بات کر کے اسے بے وقعت کر رہا تھا۔

''یہ جو نوکروں کی فوج ہے تمہاری، ان سے بنوا لو اپنی چائے......'' بگڑے تیوروں کے ساتھ خاصے جارحانہ انداز میں جواب دے کر اس نے مگ کاؤنٹر پر پٹخ دیا۔

''پہلے تو خود بنا بنا کر پیش کرتی رہی ہو تم۔''

''اس وقت میں اپنے حواسوں میں نہیں تھی۔''

''اب تم حواسوں میں ہو؟''

جنت نے بمشکل خود پر ضبط کے پہرے بٹھا کر اس کے متبسم چہرے کو دیکھا۔ پھر گہری سانس لے کر جیسے اپنے اعصاب کو پرسکون کرنے کی کوشش کی۔ چند لمحوں کے بعد اس نے برنر بند کر دیا۔ مگ میں چائے انڈیل کر وہ جانے کے لیے مڑی ہی تھی کہ فارس راستہ روک کر کھڑا ہو گیا۔

''کیا چاہتے ہو تم؟'' وہ زچ ہوئی تھی۔

''تمہیں کیا لگتا ہے؟''

''سوری! میں تمہیں اپنی چائے نہیں دے سکتی۔'' مگ پر گرفت جما کر اسے آنکھیں دکھائیں۔

وہ خاموش کھڑا رہا۔ اس نے پھر دائیں طرف سے گزر جانا چاہا تو فارس نے بازو پھیلا کر روک لیا۔ کوفت سے اس نے بائیں سمت کا رخ کیا تو اس نے پھر وہی کیا..... جنت کا پارہ چڑھ گیا۔

''ہٹو میرے راستے سے......''

''سوری! میں تمہیں راستہ نہیں دے سکتا۔'' وہ بھی اتنا ہی سنجیدہ تھا جتنی کہ وہ تھی۔

''میں پھر بھی اپنی چائے تمہیں نہیں دوں گی۔'' گھونٹ بھر کر جتایا بھی گیا..... کہ لو..... اب یہ چائے تمہارے کسی کام کی نہیں۔ پھر کرسی کھینچ کر بیٹھ گئی۔ کہ اب یہاں سے جانے کا میرا کوئی ارادہ بھی نہیں۔

پھر کرسی کی بیک سائیڈ پر بازو ٹکا کر شانِ بے نیازی سے فارس کو دیکھتے ہوئے تاثر دیا کہ میں جیتی تم ہارے۔

اور اس سے قبل کہ وہ کچھ سمجھ پاتی، فارس نے ایک ہی جست میں ہاتھ بڑھا کر مگ اٹھا لیا۔

جنت کا دماغ بھک سے اڑا۔

گھونٹ لیتے ہوئے اس نے جتاتی نگاہوں سے جنت کو دیکھا..... کہ لو..... اب یہ چائے تمہارے بھی کسی کام کی نہیں..... پھر کرسی کھینچ کر شاہانہ انداز میں بیٹھ گیا کہ یہاں سے جانے کا میرا بھی کوئی ارادہ نہیں۔

اس کے بعد کرسی کی بیک سائیڈ کے ساتھ پشت ٹکاتے ہوئے تیسرا گھونٹ لے کر آنکھوں سے جتایا کہ میں جیتا تم ہاری۔

اور وہ ہکا بکا اسے دیکھ کر رہ گئی۔ کہاں وہ اس کے ہاتھ کا کھانا دیکھ کر ڈائننگ ٹیبل چھوڑ دیتا تھا۔ کہاں وہ اس کے ہاتھوں سے چائے لے کر پی گیا تھا۔ یہ وقت بھی آنا تھا؟ یہ انہونی بھی ہونی تھی؟

کہیں تھپڑ سے اس کا دماغ تو نہیں ہل گیا؟ کہیں ڈاکٹر بخاری نے اسے غلط ادویات تو نہیں دے دیں؟ اسے صحیح معنوں میں تشویش ہوئی تھی۔

چائے کا خالی مگ اس کے سامنے رکھ کر وہ جا چکا تھا۔ اور وہ کتنی ہی دیر تک حیران و ششدر بیٹھی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

ٹھنڈی سرد ہوائیں پتوں کو ایک ایک کر کے سبزا حاطے پر گراتی جا رہی تھیں۔ بھیگی ہوئی سڑکوں پر خاموشی تھی۔ پارک میں بھی اکا دکا لوگ ہی نظر آ رہے تھے۔

https://novelskidunya.com/

سیاہ رنگ کے ڈیزائنر ٹریک سوٹ میں ملبوس، سر پر ہوڈی چڑھائے، کانوں میں وائرلیس ائیر فونز لگائے وہ جاگنگ ٹریک پر تھا۔ چہرے پر بھاگنے کی وجہ سے سرخی تھی۔ تنفس پھولا ہوا تھا۔

اسے ڈاکٹر بخاری کی کال موصول ہوئی تو وہ رک گیا تھا۔ حال احوال پوچھتے ہی وہ سید ھا مدعے پر آ گئے۔

Novels Ki Duniya

''جنت نے فون کیا تھا!''

''اچھا......!'' اسے حیرت ہوئی۔

''وہ ان میڈیسنز کے سائیڈ ایفیکٹس کے بارے میں معلومات لینا چاہ رہی تھی جو تم استعمال کر رہے ہو۔''

فارس کی بھنویں غیر محسوس انداز میں سکڑ گئیں۔

''اسے لگتا ہے دواؤں کا اثر تمہارے دماغ پر ہو رہا ہے۔''

''واٹ......؟'' سامنے ہی سنگی بینچ پر بیٹھے ایک ادھیڑ عمر صاحب نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

''اور آپ نے کیا کہا؟'' داہنے ہاتھ کی انگلیوں سے اب وہ اپنی پیشانی مسل رہا تھا۔

''یہی کہ غنودگی کے علاوہ اور تو کوئی سائیڈ ایفیکٹس نہیں، مگر وہ مصر تھی کہ تم میں Dizziness کے علاوہ بھی سائیڈ ایفیکٹس ظاہر ہو رہے ہیں۔''

فارس نے بے ساختہ اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرا۔

بمشکل انہیں اپنی طبیعت کے حوالے سے ہر طرح کی تسلی دینے کے بعد وہ مزید جاگنگ کا ارادہ ترک کرتے ہوئے اسی وقت گھر آ گیا۔ جنت اسے لائبریری میں ملی تھی۔ کتابوں میں الجھی ہوئی۔

''یہ ڈاکٹر بخاری سے کیا کہا ہے تم نے؟'' سانس چڑھا ہوا...... رگیں پھولی ہوئیں...... چہرے پر سرخی...... آنکھوں میں غصہ۔

جنت نے کتاب آگے کر لی۔ اسے صبح سویرے فارس وجدان کے منہ نہیں لگنا تھا۔

''کچھ پوچھا ہے میں نے؟'' فارس نے کتاب جھپٹ کر میز پر پٹخ دی۔

''انہوں نے پوچھا، تم کیسے ہو؟ میں نے بتا دیا تم ٹھیک نہیں ہو۔'' کمال بے نیازی سے جواب دیتی دوسری کتاب کھول کر ورق گردانی کرنے لگی۔

''کیوں مجھے کیا ہوا ہے؟'' تیوری چڑھا کر پوچھا۔

جنت نے جواب نہیں دیا۔

اب کے فارس نے دوسری کتاب بھی کھینچ کر ہٹا دی۔

''میرے خیال سے میں تم سے کچھ پوچھ رہا ہوں۔'' وہ میز پر ہاتھ جماتے ہوئے جھکا۔

''میرے خیال سے میں بھی جواب دے چکی ہوں۔'' جنت نے سر اٹھا کر اس کی آنکھوں میں دیکھا۔

اسی لمحے اقصیٰ کتابوں کا ایک ڈھیر بانہوں میں بھرے اندر داخل ہوئی۔ ''جنت آپی......!''

اور اس کی آپی پلس مالکن کے میاں نے جن قہربار نظروں سے اسے دیکھا، کتابیں تو بمشکل ہی اس سے گرتے گرتے بچیں۔ گڑبڑا کر وہ بہت ادب سے سر جھکا گئی۔ زیرِ لب بڑبڑاتے ہوئے فارس اسی وقت لائبریری سے نکل گیا تھا۔

☆......☆......☆

"فارس بھائی اتنے بھی برے نہیں ہیں جتنا کہ وہ خود کو ظاہر کرتے ہیں۔" مال میں شاپنگ کے دوران اسٹینڈ پر لٹکے کپڑوں کو اِدھر اُدھر کرتے ہوئے اس نے سر اٹھا کر آئمہ ظہیر کو دیکھا۔

"اِدھر میں نے کہا، جنت! چلو شاپنگ پر چلتے ہیں۔ اُدھر فارس بھائی نے والٹ سے کریڈٹ کارڈ نکال کر تمہارے سامنے رکھ دیا۔ مطلب کہاں سے ملتے ہیں ایسے شوہر...... جو کہے بنا ہی بیوی کے دل کا حال جان لیں۔"

لیکن جنت یہ نہیں بتا سکتی تھی کہ اس کا "حالِ دل" کریڈٹ کارڈ کے گرد تو ہرگز نہیں گھومتا تھا۔ وہ تو آئمہ کے ساتھ شاپنگ پر آج آنا بھی نہیں چاہتی تھی۔ صوفے کے پیچھے کھڑے ہو کر اس نے مسز شیرازی کو اشارے کنائیوں میں سمجھانے کے کتنے جتن کیے تھے کہ وہ کسی طرح سے کوئی بھی بہانا تراش کر کہہ دیں، جنت آج نہیں جا سکتی۔ مگر بھلا ہو فارس وجدان کا، جس نے اوپن کچن سے باہر نکلتے ہوئے اسے ایسا کرتے دیکھ لیا تھا۔

"ہاں، ہاں شیور......! تم لے جاؤ اسے...... کوئی مسئلہ نہیں۔" لاؤنج میں صوفے پر بیٹھتے ہی اس نے کریڈٹ کارڈ سامنے ٹیبل پر رکھ دیا تھا۔ اجازت تو وہ ایسے دے رہا تھا جیسے وہ اس کے حکم کی ہی منتظر ہو۔ جنت سلگ کر رہ گئی تھی۔

آئمہ ظہیر کے مجبور کرنے پر وہ اس کے ساتھ آ تو گئی تھی مگر فارس کی اس حرکت پر جو غصہ اسے چڑھا تھا، وہ کسی صورت کم نہیں ہو پا رہا تھا۔

پہلے اس کا رویہ سمجھ سے باہر ہوا تھا۔ اب ہر معاملے میں اس کی مداخلت جنت کو پریشان کر رہی تھی۔

"ویسے جنت! ایک سوال پوچھوں تم سے......؟"

"ہوں......!" وہ کپڑوں کا جائزہ لیتی بس وقت ہی گزار رہی تھی۔

"فارس بھائی نے کبھی تم سے محبت کا اعتراف کیا؟" ایک لمبا سا چکر کاٹ کر، چند ایک شرٹس پسند

کیے وہ دبے دبے جوش کے ساتھ پوچھ رہی تھی۔

جنت نے پلکیں جھپکا کر اسے دیکھا۔ ''محبت کا اعتراف......؟''

''ہاں......!''

''کیسے بھلا......؟''

اس نے سوالیہ ابرو اٹھائی۔

آئمہ نے بھنویں اچکا کر اسے دیکھا۔ کیا اس کا سوال اتنا مشکل تھا کہ جنت کی سمجھ میں نہ آئے؟

''مطلب جیسے شوہر کہتے ہیں۔ تم میری زندگی ہو، سانس ہو، دل گردہ ہو فلاں فلاں...... یا پھر سمپل آئی لو یو......؟''

ایسا کوئی جملہ تو جنت کمال کے تصور میں بھی نہیں آ سکتا تھا۔ محبت اور فارس کو ہو گی؟ وہ بھی جنت کمال سے...... سابع المستحیلات! (دنیا کے سات ناممکنات میں سے ایک)

''کیا زندگی گزارنے کے لیے یہ اعتراف ضروری ہوتا ہے؟'' اس نے پوچھا۔

''ہاں ضروری ہوتا ہے۔ انفیکٹ...... ضروری ہونا چاہیے۔''

''محبت اعمال سے جھلکتی ہو تو اعتراف کی ضرورت نہیں پڑتی۔'' وہ بے ساختہ کہہ گئی۔ ایسی مشکل باتیں آئمہ کے سر پر سے گزرتی تھیں۔ اس نے جنت کو کچھ خفگی سے دیکھا۔ ''یہ فلسفی باتیں میرے ساتھ مت کیا کرو۔''

''یہ کلر کیسا رہے گا آئمہ......؟'' اس نے موضوع بدلنا چاہا۔

''تم مجھے ٹھیک سے کچھ بتا کیوں نہیں رہی ہو؟'' آئمہ چڑ گئی۔

وہ ٹھیک سے کچھ بتائے بھی تو کیسے...... جب کچھ بھی سرے سے ٹھیک ہی نہ ہو؟

''آخر تم مجھ سے سننا کیا چاہتی ہو؟'' اس نے اکتا کر کہا۔

https://novelskidunya.com/

''مطلب فارس بھائی کو دیکھ کر لگتا تو نہیں ہے کہ وہ ذرا سے بھی رومانٹک ہوں گے۔لیکن......''

''میری پیاری آئمہ! کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ ہم کچھ دیر کے لیے فارس نامہ بند کر دیں۔'' بات کرتے ہوئے اس کی نظر آئمہ کے عقب میں ایک اجنبی شناسا چہرے پر پڑی۔سج سج قدم اٹھاتی ایک اسٹائلش سی لڑکی ان کے پاس آ کر رک گئی تھی۔

''ہائے......!'' دلفریب مسکراہٹ کے ساتھ اس نے اپنا داہنا ہاتھ آگے بڑھایا تھا۔جنت کی نگاہوں کے تعاقب میں آئمہ نے مڑ کر پیچھے دیکھا۔آنکھوں میں حیرت کا تاثر ابھرا،لبوں کی مسکراہٹ سمٹی،چہرے کا رنگ فق ہو گیا۔

''پہچانا مجھے......؟ غالباً ہماری میشال کی منگنی پر ملاقات ہوئی تھی۔'' جینز پر سفید فل نیک شرٹ میں ملبوس،بالوں کا میسی بن بنائے،بغیر کیس میک اپ کے وہ عام سے حلیے میں بھی غضب ڈھا رہی تھی۔حسین وہ اتنی تھی کہ آس پاس گزرتے لوگ مڑ مڑ کر اسے دیکھتے تھے۔

''جی......! بہت اچھی طرح سے......'' اس کا رویہ،لہجہ اور تلخ جملے جنت بھولی نہیں تھی۔تب ہی اس نے ہاتھ نہیں ملایا تھا۔

''اوہ ہائے آئمہ......کیسی ہو؟'' اپنا ہاتھ نیچے کر کے،اب کے وہ آئمہ ظہیر سے مخاطب ہوئی تھی جو کاٹو تو لہو نہیں کی عملی تصویر بنی کھڑی تھی۔''تم ہی تعارف کروا دو،غالبا! یہ تو مجھے جانتی ہی نہیں ہے۔''

''چلیں جنت......!'' آئمہ نے اس کا بازو پکڑا اور اسے اپنے ساتھ لے جانے کے لیے مڑ گئی۔اس کی انگلیوں کی لرزش جنت کو اپنے بازو پر واضح محسوس ہوئی تھی۔

''تم جانتی ہو،اس لڑکی کو؟ کون تھی؟'' مال سے نکل کر پارکنگ کی طرف جاتے ہوئے اس نے پوچھا تھا۔

''ہے کوئی......!'' آئمہ کا انداز سرسری تھا مگر چہرے کے تاثرات کچھ اور ہی حکایت سنا رہے تھے۔

https://novelskidunya.com/

''میشال کی منگنی پر یہ تم سے ملی تھی؟'' چند لمحوں کے بعد اس نے تفتیشی انداز میں پوچھا تھا۔

''ہاں......!''

آئمہ کے چہرے پر ایک سایہ سا لہرا گیا۔

''کیا......کیا کہہ رہی تھی؟'' اس نے سنبھل کر پوچھا۔

''کچھ خاص نہیں۔'' اس نے کندھے اچکائے۔ مگر حقیقت تو یہ تھی کہ اسے میشال کی منگنی پر ہونے والی تلخ ملاقات کسی صورت بھولتی نہیں تھی۔

''دوبارہ کبھی تم سے بات کرنے کی کوشش کرے تو مت کرنا، اچھی لڑکی نہیں ہے۔'' مختصر کہہ کر آئمہ نے اپنی طرف کا دروازہ کھول دیا تھا۔ جنت کمال آنکھوں میں ناسمجھی لیے اسے دیکھ کر رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

راحت جبیں کا بہت خوبصورت نیا ناول

زندگی ہم تجھے گزاریں گے

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

ندا حسنین کا بہت خوبصورت نیا ناول

قربت ہجر میں محبت

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

عدیل احمد نے ویڈیو ای میل کر دی تھی۔ نوٹیفیکیشن موصول ہوتے ہی فارس نے ویڈیو پلے کر دی۔ اسکرین پر منظر واضح ہو چکا تھا۔

اس کی گاڑی پارکنگ ایریا میں اس مقام پر کھڑی تھی جہاں آمد و رفت کم تھی۔ عقب میں مین روڈ تھا جس پر اکا دکا گاڑیاں ہی گزرتی دکھائی دے جاتی تھیں ورنہ روڈ سنسان ہی تھا۔

جس وقت وہ گاڑی سے ٹیک لگائے جنت سے بات کر رہا تھا، اس وقت دوسری رو میں سفید کرولا گاڑی کے پیچھے کوئی موجود تھا۔

https://novelskidunya.com/

جب وہ گاڑی نکال کر وہاں سے جا چکا تو اس سے کچھ ہی دیر بعد موبائل پر فون کرتی جنت کے عقب سے وہ نمودار ہوا تھا۔ پھر اس نے جنت کے قریب آ کر کچھ کہا تھا۔ وہ ایک جھٹکے سے گھومی تھی۔ خوف اور پریشانی کے عالم میں وہ اسی سرعت سے جانے کے لیے مڑی ہی تھی کہ اس کی داہنی کلائی اس شخص کی گرفت میں آ گئی۔ چوڑیاں چرمرا کر ٹوٹی تھیں۔

بے ساختہ ہی فارس وجدان کی آنکھوں میں خون اترا تھا۔ مٹھیاں بھینچ گئی تھیں۔

جنت نے اپنا ہاتھ چھڑانے کی سعی کی تھی۔ یہ اس کے انداز سے واضح تھا، وہ مدد کے لیے چلا رہی تھی۔ غیر آباد حصہ تھا۔ اس طرف کوئی بھی نہیں تھا جو اس کی مدد کو آ جاتا۔

وہ اسے کھینچتے ہوئے لے جانے لگا۔ ساتھ ہی کچھ کہہ بھی رہا تھا۔ اپنا ہاتھ چھڑاتے ہوئے یک دم ہی جنت نے اس کا منہ نوچ لینا چاہا۔ ناخن کے نشان گال اور گردن پر پڑے۔ اور اگلے ہی لمحے اس نے جنت کے گال پر تھپڑ جڑ دیا۔ وہ نیچے جا گری۔ عین اسی لمحے سائرہ خالہ کا بیٹا فیصل آ گیا تھا اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے چند اور لوگوں کا مجمع بھی اکٹھا ہو گیا۔

اس نے جنت کمال کو اپنے داہنے ہاتھ کی کلائی تھام کر اٹھتے دیکھا اور ہاتھ بڑھا کر ویڈیو روک دی۔ کتنے لمحے بیت گئے۔ اسے پتا ہی نہ چلا۔

پھر وہ کرسی چھوڑ کر اٹھا تھا۔ راہداری میں بھاری قدم اٹھاتے ہوئے، سیڑھیاں چڑھ کر اپنے کمرے کا رخ کرتے وقت اس کی کیفیت عجیب سی ہو رہی تھی۔ جیسے کوئی ثقیل شے اس کے سینے پر آن پڑی ہو۔ جیسے اسے سانس لینے میں دشواری ہو رہی ہو۔

کمرے کا دروازہ دھکیل کر وہ اندر آیا تو وہ سامنے بیٹھی تھی۔

سر تک لحاف تانے صوفے پر سمٹ کر بیٹھی لیپ ٹاپ پر کوئی فلم دیکھ رہی تھی۔ پاپ کارن کا پیکٹ ہاتھوں میں تھا۔ ڈرائے فروٹس کی پلیٹ...... چاکلیٹس...... چائے کا کپ...... کافی ٹیبل پر رکھے تھے۔ انہماک سے کوئی سین دیکھتے آنکھوں میں اشتیاق تھا اور لبوں پر تبسم۔ ایزی ہو کر بیٹھی تھی وہ...... لاپروائی لیے ہوئے انداز تھا اس کا...... جیسے کچھ دیر پہلے تک ان کے مابین کوئی تلخ کلامی نہیں ہوئی تھی۔ جیسے بیس پچیس روز پہلے کوئی حادثہ پیش نہیں آیا تھا۔ جیسے اس کی چوڑیاں نہیں ٹوٹی تھیں۔ زخم نہیں آیا تھا۔ جیسے لاوارث سمجھ کر اس کی عزت پر ہاتھ ڈالنے کی کوشش نہیں کی گئی تھی۔

"تم نے فارس کو بتایا نہیں؟"

"میں نے ضروری نہیں سمجھا۔"

وہ ساکت و صامت اسے دیکھ رہا تھا اور وہ اطراف سے یکسر بے نیاز کسی سین پر بے ساختہ مسکرا رہی تھی۔

"مجھے گرنے سے ڈر نہیں لگتا خان......! میں پندرہ دن پہلے پارکنگ ایریا میں گری تھی۔ اور پھر خود اٹھ کر بھی گئی تھی۔ اب بھی اگر گروں گی تو اٹھنے کی ہمت ہے مجھ میں۔"

اور تب ہی نگاہوں کی تپش کا احساس کرتے ہی جنت نے گردن موڑ کر اسے دیکھا۔ اس کے تاثرات سے لمحے بھر کے لیے وہ چونک سی گئی۔

"غلطی تو میری ہی ہے نا! فارس نے تو کہا تھا کہ ساتھ ہی چلو، میں نے ہی ضد کی کہ سدرہ کا ولیمہ

https://novelskidunya.com/

اٹینڈ کر کے ہی جاؤں گی۔"

لیکن اگلے ہی پل آنکھوں میں خفگی لیے اس نے بھنویں سکیڑ کر چہرے کا رخ بدلا اور لیپ ٹاپ اسکرین پر نگاہیں جمالیں۔ کچھ ہی دیر میں وہ کمرے سے چلا گیا تھا۔

جنت کمال کو اندازہ ہی نہیں تھا کہ جو میسج اور وائس ریکارڈنگ اس نے پچیس روز قبل پارکنگ ایریا میں فارس وجدان کو روتے ہوئے بھیجی تھیں، وہ آج "سین" کر لی گئی تھیں۔

☆......☆......☆

ناشتے کی ٹیبل پر مسز شیرازی نے فارس وجدان کی خاموشی کو کچھ زیادہ ہی محسوس کیا تھا۔ ایک تو وہ خاصی تاخیر سے آیا تھا۔ اوپر سے تھا بھی عام حلیے میں۔ گویا آج اس کا آفس جانے کا کوئی ارادہ نہ تھا۔

ٹوسٹ پر جیم لگاتے ہوئے جنت نے بے ساختہ نظر اٹھا کر اسے دیکھا۔ رت جگے کی گواہی دیتی آنکھوں میں تکان اتری تھی۔ معمول کے مطابق نہ وہ اپنے ٹیب پر ہیڈ لائنز دیکھ رہا تھا نہ ہی مسز شیرازی سے کوئی بات کر رہا تھا۔ نیلی جینز پر سیاہ جرسی نما شرٹ میں ملبوس، سرخ مفلر کو گردن کے گرد ڈھیلے انداز میں ڈالے وہ زچ کرنے کو اسے بھی نہیں دیکھ رہا تھا۔

"فارس......!"

"میں ٹھیک ہوں ممی......!" اس نے چائے کا کپ اٹھا لیا۔

"آج آفس نہیں جاؤ گے؟" مسز شیرازی نے پوچھا۔

نفی میں سر ہلاتے ہوئے اس نے گھونٹ بھرا۔

"مجھے کام سے کہیں جانا ہے۔"

مسز شیرازی نے سمجھ کر سر ہلا دیا۔ مگر اس کے تاثرات کی وجہ سے ان کی تسلی اب بھی نہ ہوئی۔ لیکن انہوں نے مزید سوال نہیں پوچھے۔

''میڈیسن تو لے رہے ہو نا......! کوئی پرابلم تو نہیں ہے۔''

اب کے فارس نے سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔

''بالکل کوئی پرابلم نہیں ہے۔''

چائے کا خالی کپ رکھ کر وہ چلا گیا تھا۔ ناشتا بھی ٹھیک سے نہیں کیا تھا۔

مسز شیرازی نے فکرمندی سے اسے سیڑھیوں کی طرف جاتے دیکھا۔ دل نہ جانے کیوں اندیشوں میں گھر گیا تھا۔

وہ کچھ اور سوچ رہی تھیں، جنت کچھ اور...... فارس کچھ اور......

''وہ ساری رات جاگ کر آفس کے کام نمٹاتا رہا ہے۔'' انہیں پریشان دیکھ کر جنت نے فوراً سے بات سنبھالی۔

مسز شیرازی نے چونک کر اسے دیکھا۔ لمحے بھر کے لیے ان کی آنکھوں سے تشویش غائب ہوئی۔

یقیناً وہ کچھ اور سوچ کر پریشان ہو رہی تھیں۔

جنت نے ان کے داہنے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھ کر تسلی دی۔ وہ سمجھ گئی تھی۔ مسز شیرازی کی پریشانی حماد کے بیٹے سے متعلق تھی۔ پس پردہ کوئی نہ کوئی ایسی بات ضرور تھی جو ان ماں بیٹے کے درمیان بے نام سی خاموشی حائل کر دیتی تھی۔

ناشتے کے بعد وہ انہیں معمول کی طرح لان میں لے آئی۔ اور تب ہی اس نے فارس وجدان کو صدر دروازے سے باہر نکلتے دیکھا تھا۔ وہ سرعت سے قدم اٹھاتا پورچ کی طرف جا رہا تھا۔ انداز میں عجلت نمایاں تھی۔ ریموٹ کی سے گاڑی کا لاک کھولتے ہوئے اس نے رک کر سرسری سے انداز میں موبائل اسکرین پر کچھ دیکھا پھر گاڑی میں سوار ہو گیا۔

جنت سر جھٹک کر مسز شیرازی کی طرف متوجہ ہو گئی تھی۔ جواب بھی آنکھوں میں فکر اور الجھن لیے

فارس کو ہی دیکھ رہی تھیں۔

☆......☆......☆

اس رات وہ کافی تاخیر سے گھر آیا تھا۔ جنت جو اس کی آمد سے پہلے تک مسز شیرازی کے نمبر سے مسلسل اس کا نمبر ٹرائی کر رہی تھی، یک دم لاتعلق ہوئی۔ وہ سیدھا ان کے کمرے میں چلا گیا تھا جو بروقت فون پر رابطہ نہ ہونے کی وجہ سے کافی فکرمند نظر آ رہی تھیں۔ جنت دروازے میں ہی کھڑی تھی جب وہ ان کے پاس بیٹھ کر مدھم آواز میں انہیں بتا رہا تھا کہ اسے ضروری کام کے سلسلے میں دوسرے شہر جانا پڑ گیا تھا۔ آنکھیں اب بھی گلابی تھیں۔ تھکاوٹ انگ انگ سے عیاں..... کھانا وہ باہر سے کھا کر ہی آیا تھا سو آرام کی غرض سے وہ معذرت چاہتے ہوئے فوراً ہی اٹھ گیا تھا۔ جنت کمرے میں آئی تو وہ کپڑے بدل کر لائٹس آف کیے بیڈ پر نیم دراز تھا۔ گویا اس وقت اسے مکمل خاموشی اور سکون کی خواہش تھی۔ اپنا موبائل اٹھاتے جنت احتیاط سے دروازہ بند کرتی باہر آ گئی تھی۔ عین اسی لمحے اس کا موبائل بج اٹھا۔

سائرہ خالہ کی کال تھی۔ اس نے کال ریسیو کر لی۔

''السلام علیکم خالہ.....! کیسی ہیں آپ.....؟'' اس کا رخ ٹیرس کی طرف تھا۔

''میں بالکل ٹھیک ہوں جنت..... تم کیسی ہو؟ سوتو نہیں گئی تھیں؟''

''نہیں، ابھی وقت ہی کتنا ہوا ہے۔'' سیڑھیاں چڑھتے ہوئے وہ شال اپنے گرد ٹھیک سے اوڑھنے لگی۔

''آپ سنائیں..... سب خیر ہے نا؟''

''خیر تو ہے لیکن وہ زمان ہاسپٹل میں ہے۔''

گو کہ اسے زمان نامی شخص میں سرے سے کوئی دلچسپی نہیں تھی مگر پھر بھی جس طرح خالہ نے خبر سنائی تھی، وہ چونکی ضرور تھی۔

''ہاسپٹل میں..... مگر کیوں؟''

''کسی نے اسے بہت بری طرح سے مارا پیٹا ہے۔ ٹانگ، ہاتھ اور بازو ٹوٹ گئے ہیں۔''

جنت کی آنکھیں پھیل گئیں۔

''میں ابھی ہاسپٹل سے آ رہی ہوں۔ اللہ نے کرم کیا، بچت ہوگئی، ورنہ جس حالت کو وہ پہنچا ہوا ہے..... بس!''

آنکھوں میں تعجب لیے وہ ٹیرس کی طرف جانے کا ارادہ ترک کیے سیڑھیوں پر بیٹھ گئی۔

''مگر یہ سب ہوا کیسے.....؟ کچھ بتایا اس نے؟''

''آفس سے واپسی پر دو گاڑیوں نے اس کا راستہ روک لیا تھا۔ چار پانچ لوگ تھے۔ انہوں نے اس پر تشدد کیا ہے۔ لیکن وہ کون لوگ تھے، زمان کچھ بتا نہیں رہا۔ پولیس میں رپورٹ درج بھی نہیں کروانے دی۔''

واقعہ افسوس ناک تھا مگر اندر ہی اندر اسے بے انتہا خوشی محسوس ہوئی تھی۔ اور اس خوشی کا اظہار وہ چاہ کر بھی سائرہ خالہ کے سامنے نہیں کر سکی تھی۔

☆.....☆.....☆

صبح کا اجالا ہر سو پھیل چکا تھا۔ اپنے شاندار بیڈ روم کی دیوار گیر کھڑکیوں پر سے اس نے پردے کھینچ کر ہٹا دیے تھے۔ گلاس ڈور سلائیڈ کر کے، بالکنی پر جھک کر اس نے وسیع رقبے پر پھیلے سرسبز لان کو دیکھا۔ نگاہیں پھولوں کی کیاریوں اور جگہ جگہ پر بنے فواروں سے ہوتی ہوئی بیرونی دیواروں پر جھکے املتاس کے درختوں پر ٹھہر گئیں۔ دھوپ چہار سو بکھری تھی۔ موسم اچھا ہو رہا تھا۔

کھلی فضا میں گہرا سانس لیتے ہوئے اس نے جھک کر نیچے دیکھا۔ نظر جنت کمال پر جا ٹھہری۔

وہ مسز شیرازی کے ساتھ لان میں موجود تھی۔ ہشاش بشاش اور ہنستے مسکراتے چہرے کے ساتھ وہ ان کے سامنے لان چیئر پر سر اٹھائے بیٹھی تھی۔

مسز شیرازی کے آگے ایزل پر سفید کینوس موجود تھا۔ سائیڈ ٹیبل پر بے شمار آئل پینٹنگ ٹیوبز پڑی تھیں۔

پیلٹ اور ایک برش ان کے ہاتھوں میں تھا اور بقیہ برشز کے ڈھیر سامنے پڑے تھے۔

اس نے پہلے اپنی اماں کو اور پھر ان رنگوں کو دیکھا جو کبھی ان کی زندگی کا اہم حصہ رہے تھے۔

اور اس کینوس کو دیکھا جس پر وہ پروفیشنل انداز میں رنگ بکھیرنے لگی تھیں۔ ساتھ ہی وہ جنت کو بھی دیکھتے ہوئے ہنس رہی تھیں جو ہاتھ ہلا ہلا کر مسلسل بولے جا رہی تھی۔ سامنے بیٹھنے کے انداز سے ہی واضح تھا کہ اسے ہی کینوس پر اتارا جا رہا ہے۔ اور شاید یہی وجہ تھی کہ وہ اب بے انتہا خوش لگ رہی تھی۔

کتنی ہی دیر تک وہ ان پر نظر جمائے اپنی جگہ کھڑا رہا تھا۔

''آپ کو کتنا وقت لگے گا مجھے پینٹ کرنے میں؟'' اور نیچے...... بہت نیچے...... چہرے پر مسرت کے رنگ لیے جنت نے مسز شیرازی سے پوچھا تھا۔

''اس ہاتھ کے ساتھ تو میں کچھ کہہ نہیں سکتی۔''

انہوں نے سرخ و سفید رنگ کو پیلٹ پر مہارت سے مکس کرتے ہوئے جواب دیا۔

''کیا ایسا نہیں ہوسکتا کہ میں ہر پانچ منٹ کے بعد اٹھ کر دیکھ لیا کروں کہ آپ نے کتنا بنا لیا ہے؟''

''نہیں، ایسا نہیں ہوسکتا۔'' مسز شیرازی نے منع کر دیا۔

بے صبری جنت کا وہ وقت بڑی مشکل سے گزرا، آدھے گھنٹے کے بعد جب وہ مکمل بنا چکیں تو انہوں نے ایزل کا رخ اس کی طرف موڑ دیا۔

مسز شیرازی نے اسے حیران کر دیا تھا۔ انہوں نے گلاب پینٹ کیا تھا۔ جس کے رنگوں کا امتزاج

ایسا ہی تھا جیسے برف نے آگ پکڑ لی ہو۔

"میں چہرے پینٹ نہیں کرتی جنت...... ! لیکن یہاں میں نے تمہیں ہی پینٹ کیا ہے۔"

گیلی آنکھوں کے ساتھ وہ کافی دیر تک گلاب کو دیکھتی رہی۔ برف کو پکڑتی آگ...... یا آگ میں ہی ضم ہوتی برف......

پھر سر اٹھا کر اس نے مسز شیرازی کو دیکھا۔

"یہ میں ہی ہوں...... ہے نا؟"

"جنت ہو...... پھولوں جیسی ہی نظر آتی ہو۔" انہوں نے محبت پاش نظروں سے اسے دیکھا۔

"میرے نانا میرا نام وردہ یعنی گلاب کا پھول رکھنا چاہتے تھے۔" کچھ یاد کر کے وہ انہیں بتانے لگی۔ "کیونکہ میری پیدائش سے چند روز پہلے انہوں نے خواب دیکھا تھا کہ ایک سرسبز باغ ہے، جس میں بے شمار پھول ہیں۔ اور دو پرندے ہیں، جن میں سے ایک ان کی جھولی میں آ گرتا ہے۔" اس نے رک کر کچھ سوچا، "نانا کا ایک دوست تھا، جس نے انہیں جنت نام بتایا اور تب نانا کو لگا کہ جنت میں جیسے ہر طرح کے پھول سما جاتے ہیں، انہیں یہ نام میرے لیے بہت اچھا لگا اور انہوں نے میرا نام جنت رکھ دیا۔" مسز شیرازی مسکراتے ہوئے اسے خاموشی سے تکتی رہیں۔

"اب آپ اور کیا پینٹ کریں گی؟" اس نے پوچھا۔

"شاید اسے......" انہوں نے جنت کے عقب میں آنکھوں سے اشارہ کیا۔ اس نے مڑ کر پیچھے دیکھا۔ فارس وجدان فون پر بات کرتے ہوئے پورچ کی طرف جا رہا تھا۔ وہ سیدھی ہو بیٹھی۔ فارس کو ذہن میں رکھ کر مسز شیرازی کیا پینٹ کریں گی؟ وہ سوچ میں پڑ گئی۔ آگ، شعلے، آندھی، طوفان، برفیلے پہاڑ......؟ ہاں وہ جنت کے لیے ایسا ہی تھا۔ اس کی شخصیت کو ایسے ہی کسی منظر میں سمویا جا سکتا تھا۔

"چلیں، اب آپ کچھ ریسٹ کر لیں۔" اس نے میز سے کتاب اٹھالی۔ اور پھر وہیں سے پڑھنا

شروع کر دیا جہاں سے اس نے چھوڑا تھا۔

☆......☆......☆

وہ آتش دان کے سامنے ایزی صوفہ پر ٹانگیں سینے سے لگائے بیٹھی تھی۔شال سے کچھ نظر آ رہا تھا تو اس کی آنکھیں......

شہد جیسی......گہری......پُر کشش آنکھیں......جن کی پلکوں پر نمی ٹھہری تھی۔

گلاس ٹیبل پر ڈائری، کتاب، قلم اور شیٹس بھی رکھی تھیں۔موبائل بھی پاس ہی پڑا تھا۔مسز شیرازی کا دیا ہوا ٹاسک جیسے مکمل ہونے کو تھا۔وہ بہت قریب تھی جواب سے......تقریباً پا ہی چکی تھی۔لکھ کر نوٹس بھی بنا لیے تھے۔اپنی سوچ اور سمجھ کے مطابق زندگی کے بہت معاملات کو بھی اس آیت کی نگاہ سے دیکھ کر جان چکی تھی۔لیکن پھر بھی "یسرا" وہیں تھا۔وہ ابھی تک اس کی گہرائیوں میں اتر نہیں پائی تھی۔حروف کے راز معانی سمیت ابھی تک سمجھ نہیں پائی تھی۔

سب سے اوپر جو صفحہ رکھا تھا اس پر کچھ آیات کے پرنٹ آؤٹس تھے۔جیسے کہ حضرت زکریا علیہ السلام، اور زوجہ ابراہیم علیہ السلام کی آیات تھیں۔وہ پہلے بھی انہیں کافی دیر تک دیکھتی رہی تھی۔اب بھی اپنی نگاہیں ان آیات پر جمائے بیٹھی تھی۔

موضوع ایک ہی تھا۔سقم......عقیم......بانجھ ہونا۔وہ سمجھنا چاہتی تھی، آیات بانجھ جیسے نقص کو کیسے واضح کرتی ہیں۔پھر اس نقص کو رد کر کے اسے مکمل کیسے کرتی ہیں۔

وہ یہاں سوچوں میں گھری بیٹھی تھی اور نیچے اقصیٰ کافی کے مگ اٹھائے دھپ دھپ سیڑھیاں چڑھتی اوپر آ رہی تھی۔

"کہاں جا رہی ہو؟" فارس وجدان نے اسے راہداری میں ہی روک دیا تھا۔وہ کام نمٹا کر اسٹڈی روم سے ابھی باہر آیا تھا۔

''وہ جنت آپی نے کہا کہ وہ بور ہو رہی ہیں تو......''

''تو تم نے سوچا کہ کچھ کرتب دکھا دیتی ہوں تا کہ وہ انٹرٹین ہو سکے......!''

اقصیٰ نے گڑبڑا کر اسے دیکھا پھر اسی سرعت سے سر ہلا کر جھکا گئی۔ یہ فارس صاحب بھی نا......اب میں کوئی کرتب دکھانے والی لگتی ہوں؟ حالانکہ اس کے ابا کہتے تھے کہ ان کے صاحب بڑے سلجھے ہوئے، سوبر اور ڈیسنٹ ہیں۔

ذرا سا سر اٹھایا۔ ''میں جاؤں صاحب......! کافی ٹھنڈی ہو رہی ہے۔''

''ادھر لاؤ......!''

''جی......؟'' وہ ہونق پن سے دیکھ کر رہ گئی۔

فارس نے ہاتھ بڑھا کر مگ لے لیا۔

''اب جاؤ......!'' گھونٹ بھرتے ہوئے سیڑھیوں کی طرف اشارہ کیا۔

اقصیٰ دیکھ کر رہ گئی۔ ''یہ جنت آپی کو دینی تھی۔''

اس کا اشارہ دوسرے مگ کی طرف تھا۔ فارس نے وہ بھی لے لیا۔

چار و ناچار اقصیٰ کو فوراً مڑ کر جانا پڑا۔

وہ سٹنگ روم میں داخل ہوا تو جنت نے کچھ حیران ہو کر اسے دیکھا۔ کافی کا مگ اس کے سامنے ٹیبل پر رکھ کر وہ سامنے سنگل صوفے پر براجمان ہو گیا۔ یونہی بیٹھے بیٹھے میز پر بکھرے کاغذات پر سرسری سی نگاہ دوڑانا چاہی مگر جنت نے کسی چیل کی طرح اپنی ساری چیزیں جھپٹ کر اٹھا لیں۔ آنکھوں میں ''خبردار'' کا نوٹس لہرانے لگا۔ وہ ایزی ہو کر گھونٹ گھونٹ کافی اپنے اندر اتارتا رہا۔ نگاہیں اس کے چہرے پر مرکوز رہیں۔

''ڈائیوورس کے بعد تمہارے کیا پلانز ہیں؟'' انداز سرسری سا تھا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

جنت نے اچنبھے سے اسے دیکھا۔شدید حیرت اور بے یقینی سے۔

''اور سوال پوچھنے والے تم کون ہوتے ہو؟'' پھر سنبھل کر، ابرو چڑھا کر پوچھا۔

''وہی جس کے مرنے سے تم بیوہ ہو سکتی ہو۔''

جنت نے سٹپٹا کر اسے دیکھا، پھر زیرِ لب بڑبڑا کر رہ گئی۔اب اس بات کو یہ کبھی بھولے گا بھی یا نہیں؟اس نے جھنجھلا کر مگ ٹیبل پر رکھ دیا۔

وہ صوفے کی پشت سے کمر ٹکائے ٹانگ پر ٹانگ رکھے شاہانہ انداز میں بیٹھا تھا۔فل نیک سویٹر کی زپ سینے تک کھینچی ہوئی تھی۔

''میں یہ سوال صرف ممی کی وجہ سے پوچھ رہا ہوں۔'' اسے گہری جانچتی نگاہوں سے دیکھتے ہوئے اس نے گھونٹ لیا۔''تم بہت خاص ہو ان کے لیے......اس لیے......''

''ہاں ان کے لیے ہوں!تمہارے لیے تو نہیں!سو تم اس طرح کا سوال پوچھنے کا کوئی حق نہیں رکھتے۔تمہارے لیے بس یہی بات اہم ہونی چاہیے کہ تم نے مجھے کھائی سے دھکا دینا ہے۔اب نیچے گرتے ہوئے میں پتھروں سے ٹکرا کر مرتی ہوں، یا نہر میں ڈوب کر......یا پھر زندہ بچ جاتی ہوں۔اٹ از نن آف یور کنسرن......!''

''اٹ از مائی کنسرن......!'' وہ بے حد سنجیدہ تھا۔

''اگر تم زندہ بچ گئیں تو......؟''

جنت اسے دیکھ کر رہ گئی۔اگلے ہی لمحے اس کے لب بھنچ گئے۔آنکھیں سرخ ہو گئیں۔اس عرصے میں پہلی بار اسے احساس ہوا کہ یہ اس کی زبان ہی ہے جو ہر بار فارس وجدان کے سامنے اس کا تماشا بنا دیتی ہے۔

''اللہ کے فضل سے بہت سے بیک اپ پلانز ہیں میرے اور سب ہی مثبت ہیں۔نہ میرا سر پھٹے

گا، نہ میں ڈوب کر مروں گی۔“

”میں نے کب کہا، تمہارے ساتھ ایسا ہونا چاہیے؟“ وہ سوالیہ نشان بن گیا۔

”دیکھو......!“ جنت نے ہاتھ کے اشارے سے اسے بے حد تحمل سے مزید کچھ بھی کہنے سے باز رکھا۔ ورنہ دل تو چاہ رہا تھا کہ کوئی چیز اٹھا کر اس کے سر پر دے مارے۔ لیکن......!

”یہ نکاح ایک کانٹریکٹ ہے، یہ کانٹریکٹ ہی رہے گا، میں نے اس حقیقت کو تسلیم کر لیا ہے، کیا اب تم دیکھ نہیں رہے...... میں اب اپنی لمٹس میں ہوں۔“

”تمہیں اپنی لمٹس میں آنے میں تین ماہ لگ گئے۔ میں تین دن میں سب بھول جاؤں؟“

جنت اپنی جگہ تھم کر رہ گئی۔

”تم کیا چاہتے ہو، میں تمہیں لکھ کر دوں؟ تب جا کر تمہیں یقین آئے گا؟“ وہ زچ ہوئی۔

”ہاں! تمہارا کیا بھروسا، بعد میں صاف مکر جاؤ۔“

”میں ایسی نہیں ہوں۔“ ضبط کر کے کہا۔

”یہ بات مجھ سے بہتر کون جانتا ہوگا؟“ لہجے میں تمسخر گھل گیا۔

جنت اسے دیکھ کر رہ گئی۔ کیسے لفظوں میں الجھا کر وہ اس کی درگت بنا دیتا تھا اور وہ کیسے پاگلوں کی طرح ہر بار اس کے جال میں پھنس جاتی تھی۔ یکا یک ہی اسے شدید قسم کا غصہ چڑھا۔ وہ اس پر پھٹ پڑی۔ ”تم خود کو سمجھتے کیا ہو؟ ہاں......؟“

”وہی جس کے مرنے سے......“

جنت نے اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ لیے۔ ”میں کچھ نہیں سن رہی! مجھے کوئی آواز نہیں آ رہی! لالالالالالالالالالا......“ ساتھ ہی اس نے اتنا شور مچایا تا کہ فارس کی آواز اس تک نہ پہنچے...... پھر غصے سے جھنجھلاتی اپنے کاغذات سمیٹتی سٹنگ روم سے ہی نکل گئی۔ کافی تو اس کی ویسے بھی ٹھنڈی ہو گئی تھی۔

مزید کی طلب بھی نہ رہی تھی۔

فارس نے ہاتھ بڑھا کر وہ صفحہ اٹھالیا جسے وہ جلد بازی میں چھوڑ کر گئی تھی۔ لیکن اس سے پہلے کہ وہ کچھ پڑھ پاتا، جنت نے پیچھے سے جھپٹ لیا۔

''اپنے کام سے کام رکھو!''

''یہ بات کہہ کون رہا ہے؟'' مذاق اڑاتا ہوا لہجہ...... وہ مزید سلگتی وہاں سے واک آوٹ کر گئی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

اس نے وارڈ روب کھول کر اپنے تمام فینسی رنگ برنگے ملبوسات کا جائزہ لیا۔ پھر نچلا خانہ کھول کر جیولری باکس نکالے۔ نکاح نامہ اور حق مہر کا چیک بھی نیچے ہی موجود تھا۔ فرش پر دو زانو ہو کر بیٹھی وہ نکاح نامے کو کافی دیر تک دیکھتی رہی۔ پھر اس نے ایک ایک کر کے وہ جیولری باکس نکالے جو مسز شیرازی نے اسے دیے تھے۔ وہ زیورات جو شیرازی خاندان کی بہوؤں کا مقدر ٹھہرتے تھے۔

کچھ دیر وہ خیالات میں غرق اپنی تمام چیزوں کو دیکھتی رہی۔ پھر اس نے ایک فیصلہ کر لیا۔ فارس وجدان کے سامنے اپنی حالیہ پوزیشن، اپنے حالیہ مقاصد واضح کر لینے کا فیصلہ۔

ایک بات تو طے تھی۔ اب ان کے مابین کچھ بھی ٹھیک نہیں ہو سکتا تھا۔ نہ وہ اسے اپنانے کو تیار تھا، اور نہ ہی جنت کمال اب ایسا کچھ چاہتی تھی۔

وہ جان گئی تھی اس کا گھر کبھی نہیں بسے گا۔ طلاق ہر بار مقدر ٹھہرے گی۔ بددعائیں تیر کی طرح تھیں۔ ٹھیک نشانے پر ہی آ کر لگتی تھیں۔ اور اسے اچھی طرح سے اندازہ ہو چکا تھا کہ اس جیسی لڑکی کسی گھر کی زینت، کسی مرد کی عزت نہیں بن سکتی۔ وہ ایک ''مجبوری'' تھی۔ برہان نے بھی اس کے ساتھ اسی طرح کا رویہ رکھا تھا۔ فارس بھی اب یہی کر رہا تھا۔ سو ایسے میں موجودہ صورت حال سے سمجھوتا ضرور کیا جا سکتا تھا مگر وہ خود کو ایک بار پھر حالات کے دھارے پر نہیں چھوڑنا چاہتی تھی۔ ایک فیصلہ وہ خود بھی کرنا

چاہتی تھی۔ ایک راستہ وہ اپنے لیے بھی رکھنا چاہتی تھی۔

اسٹڈی روم کے دروازے پر مدھم سی دستک دے کر اس نے دروازہ کھول دیا تھا۔ لیپ ٹاپ کی بورڈ پر متحرک فارس کی انگلیاں یک دم ساکت ہوئی تھیں۔ بے ساختہ سر اٹھا کر اس نے دروازے کی طرف دیکھا۔ یہ جاننے کے لیے کہ اس وقت کون مخل ہوا ہے۔ لیکن اگلے ہی لمحے جنت کمال پر نظر پڑتے ہی وہ رک سا گیا۔

وہ کسی ملازم کی آمد کی توقع ضرور کر رہا تھا، مگر جنت کی نہیں۔

آنکھوں میں خفگی...... رگیں تنی ہوئی...... لب بھینچے ہوئے...... سر اٹھا ہوا...... لیپ ٹاپ بند کرتے ہوئے فارس نے بڑی فرصت سے اس کا انداز ملاحظہ فرمایا تھا۔

اس کے ہاتھوں میں کچھ جیولری باکس تھے جو اس نے آفس ٹیبل پر رکھ دیے۔

فارس نے ایک نظر ان باکسز کو دیکھا، پھر اسے...... لب باہم پیوست تھے مگر آنکھوں میں سوال تھا کہ یہ کیا ہے؟ یہ کس لیے ہے؟

''آنٹی نے مجھے نکاح پر جیولری دی تھی۔'' اس نے سارے جیولری باکس کھول کر سونے کے زیورات اسے دکھائے۔

''اور یہ حق مہر......!'' اس نے دس لاکھ کا چیک اس کے سامنے رکھ دیا۔ بند مٹھی پر ٹھوڑی جمائے وہ اب بھی بے تاثر نگاہوں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

''مجھے کیوں دے رہی ہو؟''

''رکھوں بھی تو کس لیے؟'' اس نے الٹا سوال کیا۔ ''یہ نہ ہو، بعد میں تم حساب کتاب کے لیے سائرہ خالہ کے پاس پہنچ جاؤ۔ اس لیے سارے معاملات ابھی سے کلیئر کر رہی ہوں۔'' گویا اسے اپنے کاغذی شوہر سے اچھائی کی کوئی امید نہیں تھی۔

''حق مہر کے پانچ لاکھ میرے بنتے ہیں لیکن میں تمہیں پورے دس واپس کر رہی ہوں۔ اب یہ میں اس لیے نہیں کر رہی ہوں کہ تمہاری نظر میں کوئی دیوی شیوی بن سکوں، بھئی، جب شادی ہوئی ہی نہیں ہے تو......'' وہ وضاحت دینا چاہ رہی تھی۔ اور یہ وضاحت الٹا اس کے گلے پڑ رہی تھی۔

فارس نے بند مٹھی ہونٹوں پر ٹھہرا لی تھی۔ جنت کو جانے کیوں لگا، اس نے مسکراہٹ ضبط کی ہو۔ لیکن وہ مسکرائے گا کیوں؟ ایک لمحے کے لیے وہ الجھی تھی۔

''اب انسان اپنی فتح پر نہیں مسکرائے گا تو کیا روئے گا؟'' دماغ نے ٹوکا۔

وہ مسکرائے......روئے......ہنسے......بھاڑ میں جائے......اس نے خیالات کو جھٹک کر اپنی بات مکمل کی۔

''اگر ہماری واقعی میں شادی ہوئی ہوتی اور ہم نے اس رشتے کو نبھایا بھی ہوتا تو میں ہرگز ہرگز معاف نہ کرتی۔ لیکن اب سچویشن کچھ اور ہے اس لیے مجھے یہی مناسب لگ رہا ہے۔ اس کے علاوہ جو تم ہر ماہ میرے بینک اکاؤنٹ میں نان نفقہ کے طور پر رقم ٹرانسفر کر دیتے ہو، وہ میں نے ان تین ماہ میں ایک بار بھی استعمال نہیں کی ہے۔ یہ نہ ہو کہ بعد میں تم کہتے پھرو کہ میں تمہارے لاکھوں روپے اڑاتی رہی۔''

ایک لمحے کے توقف کے بعد اس نے فارس کو دیکھا۔ اس کی ذہین آنکھوں کے تاثر سے وہ کچھ نروس سی ہوئی۔ وہ اس پر نگاہیں جمائے بیٹھا تھا۔ خاموشی اور یکسوئی سے سن بھی رہا تھا۔ ایسا بھی ہونا تھا؟

''خیر......!'' اس نے اس لٹ کو کان کے پیچھے اڑسا جو اس کے گال پر پھسل رہی تھی۔

''مجھے طلاق فوری چاہیے ہوگی۔ تمہیں ابھی سے ڈاکومنٹس کا انتظام کر لینا چاہیے تاکہ مناسب وقت پر بنا کسی تاخیر کے سائن کر کے ایک دوسرے سے جان خلاصی کی جا سکے۔ لیکن اگر کچھ وجوہات کی بنا پر مجھے قبل از وقت یہ گھر چھوڑنا پڑ جاتا ہے اور اس دوران میرا تم سے فی الفور رابطہ بھی ممکن نہیں ہو پاتا تو میں ایک ماہ تک کی مدت کو ذہن میں رکھوں گی اور اس کے بعد سمجھ جاؤں گی کہ مجھے طلاق ہو چکی ہے۔

http://novelskidunya.com/

سو تمہیں اس بات کا خیال رکھنا ہوگا کہ مجھے اس ایک ماہ کے اندر اندر طلاق ہو جانی چاہیے۔''

ایک لمحے کو رک کر اس نے یہاں وہاں نگاہ دوڑاتے کچھ سوچا...... کہ کہیں کچھ رہ تو نہیں گیا؟

''لمبی چوڑی تمہید باندھ کر اور اس طرح جیولری اور حق مہر کی رقم واپس کر کے تم کیا یہ ثابت کرنا چاہ رہی ہو کہ تمہارے لیے پیسے اہم نہیں ہیں؟ ریئلی؟ یو وانٹ می ٹو بیلیو اِن دِس ربش؟''

جنت ہکا بکا اسے دیکھ کر رہ گئی۔

''خود کو بہت اچھا ثابت کرنے کے لیے ایک اور ڈرامہ...... کہ دیکھو مجھے تمہاری دولت کی کوئی چاہت نہیں ہے۔ نہ نام اور اسٹیٹس کی...... میرے لیے بس تم ہی کافی ہو۔ اور دیکھو، میں کتنی اچھی ہوں کہ سب کچھ واپس کر رہی ہوں...... بھلا مجھ جیسی فرشتہ صفت لڑکی تمہیں اور کہاں ملے گی۔''

ٹھیک ٹھاک بے عزتی تھی۔ جنت کا چہرہ مارے خفت کے سرخ پڑ گیا۔

''تمہیں کیا لگ رہا تھا کہ اس طرح میں بہت امپریس ہو جاؤں گا۔ اور مجھے لگے گا کہ یہی ہے وہ محبت کرنے والی وفا شعار لڑکی، جسے میری دولت، وجاہت، اسٹیٹس سے قطعاً کوئی غرض نہیں ہے اور......''

جنت کے ضبط کا پیمانہ لبریز ہو گیا۔ ساری برداشت ختم ہو گئی۔ جیولری باکس اٹھا کر اس کے سر پر مارتے مارتے وہ یک دم رک گئی۔

وہ دلچسپ نظروں سے دیکھتا اپنی جگہ بیٹھا رہا۔

''یو نو واٹ......! مجھے اپنا حق مہر چاہیے...... پورے پانچ لاکھ......'' زہر خند لہجے میں کہتے ہوئے اس نے چیک جھپٹ کر اٹھا لیا۔

فارس کے لبوں پر مبہم سا تبسم ابھرا۔ ''میرے لیے یہ کچھ بھی نہیں ہے۔ چاہو تو پورے دس لاکھ رکھ لو...... آئی ریئلی ڈونٹ کیئر......!''

''کیوں رکھ لوں؟ بھکاری سمجھ رکھا ہے؟ پانچ لاکھ سے ایک روپیہ کم یا زیادہ نہیں لوں گی۔ سارے پیسے نکلوا کر انہیں آگ لگا دوں گی مگر تمہیں معاف نہیں کروں گی۔ اور یہ جیولری......'' شدید غصے کے عالم میں باکس اٹھا کر فارس کی پہنچ سے دور کیے گئے۔

''آنٹی نے دیے تھے...... آنٹی کو ہی واپس کروں گی۔ تم اس قابل ہی نہیں ہو کہ......''

فارس کی ہنسی چھوٹ گئی۔ جنت فق چہرے کے ساتھ اپنی جگہ پتھر ہوئی کھڑی رہ گئی۔ وہ ہنس رہا تھا؟ وہ اس پر ہنس رہا تھا۔ اس کی بے بسی پر؟ اس کا مذاق اڑا کر؟ تماشا بنا کر اب وہ ہنس رہا تھا؟

اگلے ہی لمحے آگاہی کا وہ لمحہ اس پر پہاڑ بن کر ٹوٹا۔ اور اسے احساس ہوا فارس وہ حکایت ہی تو اسے پڑھ کر سنا رہا تھا جسے وہ پچھلے تین ماہ سے لکھتی رہی ہے۔ وہ بھی تو وہی کر رہا تھا جو وہ خود کرتی رہی ہے۔ اس نے بھی تو زچ کیا تھا اسے...... زبردستی کسی مصیبت کی طرح مسلط رہی تھی۔ اور پھر وہ کیسے بھول سکتی ہے کہ وہ مسز شیرازی کے توسط سے ہی اپنی مرضی و منشا سے اس گھر میں رہتی رہی ہے۔ اسے یکایک ہی ادراک ہوا، وہ اپنا بویا کاٹ رہی ہے۔ اسے سزا ملنی ہی تھی۔ فارس کی خاموشی نے کبھی تو آواز میں ڈھلنا ہی تھا۔ وہ اس کی مجبوری کا فائدہ اٹھاتی رہی ہے تو وہ اس کی کمزوری کا حظ کیوں نہیں اٹھائے گا؟

وہ اس پر نگاہ جمائے کئی لمحوں تک ساکت کھڑی رہی۔ اس نے پہلے کیوں نہیں سمجھا؟ پہلے کیوں نہیں جانا......؟

''تمہیں اب یہ سب کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔'' کافی دیر بعد وہ کچھ کہنے کے قابل ہوئی تو اس کا لہجہ کافی سے زیادہ سختی لیے ہوئے تھا۔

''ہمارا نکاح ایک کانٹریکٹ ہے۔ اور یہ کانٹریکٹ ہی رہے گا۔ میں اس حقیقت کو بدلنے کی کوشش اب کبھی نہیں کروں گی۔'' پورے اعتماد اور یقین کے ساتھ اس نے اپنے ارادے فارس وجدان پر واضح کر دیے تھے۔

"جس طرح تم آنٹی کے لیے خوش گوار شادی ہونے کا ناٹک کر رہے ہو نا...... اسی طرح میں بھی صرف ان کی وجہ سے یہاں رکی ہوئی ہوں۔ اور یہ میرا تم سے وعدہ ہے۔ جب جانے کا وقت آئے گا میں خاموشی سے چلی جاؤں گی۔ اس لیے تمہیں یہ سب کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔" دوٹوک انداز میں تنفر سے کہہ کر وہ اسی وقت آفس سے نکل گئی تھی۔

تیزی سے کرسی چھوڑ کر فارس عجلت میں قدم اٹھاتا اس کے پیچھے آیا تھا۔ بیچ راہداری میں ہی اس نے کندھوں سے پکڑ کر جنت کا رخ موڑا۔ وہ اس کی اس حرکت پر حیران ہوئے بنا نہ رہ سکی۔ پھر یاد آیا یہاں غصہ کرنا بنتا ہے۔

"اب کیا مسئلہ ہے؟" کندھے جھٹک کر پھنکاری۔

"مسئلے کا حل ہے۔ اب تم حق مہر کی پوری رقم اپنے پاس رکھ سکو گی!"

چھناکے سے جنت کے اندر کچھ ٹوٹا۔ کرچیاں آنکھوں میں سما گئیں۔

"مگر کانٹریکٹ کی حقیقت کبھی نہیں بدلے گی۔" وہ کہہ کر جا چکا تھا اور جنت کمال جیولری باکس اور حق مہر کی رقم لیے اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

اوائل جنوری کی دھند آلود شب تھی۔ ہر طرف سناٹوں کا راج تھا۔ وہ سٹنگ روم میں فلور کشن پر ٹانگیں سمیٹے خاموش بیٹھی تھی۔ اطراف میں زرکار روشنی کا ہلکا سا تاثر پھیلا تھا۔ سامنے گلاس وال پر ابھرتی اس کی شبیہہ ادھوری تھی۔ آدھا چہرہ عیاں تھا تو آدھا تاریکی سے الجھتا ہوا۔

اس نے ذلالت کے کئی روپ دیکھے تھے۔ مگر یہ نہیں دیکھا تھا۔ لہجوں کے کئی نشتر سہے تھے مگر یہ نہیں سہا تھا۔ دھتکار تو ویسے بھی اس کا مقدر تھی مگر عزتِ نفس پر چوٹ سب پر بھاری تھی۔

ماں کی بددعاؤں میں ایک بددعا موت کی بھی تو تھی۔ یہ واحد دعا تھی ان کی جو پوری نہ ہوئی تھی۔

باقی بربادی کا ہر چہرہ اس نے دیکھ لیا تھا۔ ہر اذیت چکھ لی تھی۔ ہر دھتکار سہہ لی تھی۔ بس یہ موت ہی رہ گئی تھی۔ بس یہی......

سر جھکائے وہ نم آنکھوں سے اپنی خالی ہتھیلیوں کو دیکھنے لگی تھی۔ نگاہیں لکیروں سے الجھی تھیں۔ نصیب تلخی سے مسکرایا تھا۔

''زندگی کتنے ہی مشکل ادوار سے کیوں نہ گزر رہی ہو، دعا کسی بھی صورت، کسی بھی حالت میں نہیں چھوڑنی چاہیے۔'' مسز شیرازی نے آج صبح اسے نصیحت کی تھی۔

''میری دعائیں قبولیت میں بہت وقت لیتی ہیں۔'' وہ کہے بنا نہ رہ سکی۔

''جو ''تاخیر'' رب کی طرف سے ہو، وہ ہمیشہ ''خیر'' لاتی ہے!'' مسز شیرازی کہہ کر مصروف ہو گئی تھیں مگر وہ کتنی ہی دیر تک اپنی جگہ بیٹھی رہی تھی۔

ہر تاخیر میں ایک خیر......! اس نے خود کو کچھ سمجھانا چاہا۔

''کچھ محرومیاں عطا کا ایک روپ ہوتی ہیں جنت! اللہ کی ''کن'' کی منتظر...... اپنا روپ بدلنے کو ہر لمحہ مستعد، اصل امتحان تو اس مدت کا ہے۔ جو اس محرومی میں گزاری جاتی ہے۔''

گلاس وال پر اس کی دھندلی ادھوری شبیہ اب کچھ واضح ہوئی تھی۔

''اس دوران ہمارے صبر کو جانچا جاتا ہے۔ ہمارے شکر کو پرکھا جاتا ہے۔ پھر ایمان کا درجہ متعین ہوتا ہے۔''

اس نے آنکھیں رگڑ کر صاف کیں۔

''مانگتی رہو اور دیکھتی جاؤ اللہ کی مرضی سے تمہاری جھولی میں کیا گرتا ہے، جو گرے اسے بخوشی اپنا لو، خواہ وہ نقطے جتنی خوشی یا ذرے جتنی برکت ہی کیوں نہ ہو۔''

مثبت سوچ نے جڑ پکڑی۔ آنسو پلکوں پر ٹھہر گئے۔ اندر کا شور تھم سا گیا۔ اپنے بالوں کو سمیٹ کر

جوڑا بناتی وہ اٹھ کر کمرے میں آ گئی۔

گھڑی رات کے دس بجا رہی تھی۔ فارس ابھی تک نہیں آیا تھا۔ صوفے پر نیم دراز ہو کر فلور لیمپ کی روشنی میں میگزین کی ورق گردانی کرتے اس کی آنکھ لگ گئی تھی۔

نیند کی گہری وادیوں میں اترتے اسے کسی خواب، کسی خیال کی طرح یاد تھا تو بس یہی کہ میگزین ہٹا کر ایک طرف رکھتے ہوئے کسی نے اسے لحاف اوڑھا دیا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

پارک میں اقصیٰ کے ہمراہ ٹہلتے ہوئے اس کی نظر سیاہ ٹریک سوٹ میں ملبوس شخص پر پڑی تو وہ چونک کر وہیں رک گئی۔ اس کی گردن کے گرد مفلر اچھی طرح سے ہونٹوں تک لپٹا ہوا تھا جس کی وجہ سے آدھا چہرہ مکمل پوشیدہ تھا۔

اقصیٰ کا بازو پکڑ کر فوراً رخ بدلتی، وہ عجلت میں مخالف سمت قدم اٹھانے لگی۔

''کیا ہوا......؟'' اقصیٰ اپنی مالکن کے بدلتے تاثرات سے پریشان ہو جاتی تھی۔

''یہ جو ہمارے پیچھے آ رہا ہے، یہ فارس ہی ہے نا؟'' اس نے اقصیٰ سے تصدیق چاہی۔

اقصیٰ نے پوری گردن موڑ کر پیچھے دیکھا، پھر زور و شور سے سر ہلایا۔ ''جی جی، یہ اپنے فارس صاحب ہی ہیں۔''

جنت کے لب بھنچ گئے۔

''دیکھو اقصیٰ! پاس پاس رہنا۔''

اقصیٰ سمجھ نہ سکی، مالکن نے ایسا کیوں کہا ہے۔ لیکن کچھ ہی دیر بعد جب پیچھے بار بار مڑ کر دیکھنے پر فارس وجدان نے اسے اِدھر اُدھر ہو جانے کا اشارہ دیا تو وہ بے چاری کنفیوز ہو گئی۔ سمجھ میں نہیں آیا کہ کس کی مانے......؟ فارس کی......یا پھر جنت کی؟

مگر اس کی کالج فیس تو صاحب ہی دیتے تھے۔ اپنی مصلحتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے وہ اپنی رفتار مدھم کرتی واقعی میں اِدھر اُدھر ہوگئی۔

جنت کو اس کی غیر موجودگی کا احساس اس وقت ہوا جب فارس تیز تیز قدم اٹھاتا اس کے برابر میں چلنے لگا تھا۔

زیر لب بڑبڑاتے ہوئے اس نے اپنی رفتار بڑھالی۔ مگر وہ اس سے پھر بھی آگے نہ نکل سکی۔ دونوں برابر تھے۔ جنت کے قدموں میں عجلت نمایاں تھی جبکہ فارس کا انداز سکون لیے ہوئے تھا۔ پھر اس نے بھاگنا شروع کر دیا۔ وہ تب بھی ایک لمحے کے لیے نہ آگے نکلا، نہ پیچھے ہوا۔

جنت نے دور تک جاگنگ ٹریک کو دیکھا پھر تھک ہار کر پھولے تنفس کے ساتھ رک گئی۔ گھٹنوں پر ہاتھ رکھے جھک کر سانسیں ہموار کرنے لگی۔ وہ بھی رک گیا۔ اگلے چند لمحے خاموشی کی نذر ہوئے۔

''پندرہ جنوری کی ٹکٹ کنفرم ہوئی ہے۔'' ہونٹوں پر سے مفلر ہٹا کر گردن پر ٹھہراتے ہوئے اس نے سنجیدگی سے کہا۔

جنت نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔ ٹھیک ہے بھلے سے اس کی ''جنت'' کی ٹکٹ کنفرم ہو یا ''جہنم'' کی...... وہ اسے کیوں بتا رہا ہے۔ آنکھوں میں نا سمجھی کا تاثر لیے سوال ٹھہر گیا۔

''تم میرے ساتھ لندن جا رہی ہو۔''

جنت ساکت ہوئی۔ آنکھیں حیرت و بے یقینی سے پھیلیں۔ سماعت پر یقین نہ آیا۔ اب وہ کیا کر رہا ہے؟ اب وہ کیا چاہ رہا ہے؟

''تمہیں لگتا ہے تم مجھے اپنی مرضی سے کہیں بھی لے جا سکتے ہو؟'' وہ مشتعل ہوئی۔

''لاہور لے جا چکا ہوں۔ لندن بھی لے جا سکتا ہوں۔'' اس کا لہجہ نارمل تھا۔ جیسے غیر ضروری گفتگو میں وہ یونہی حصہ لے رہا ہو۔

"لاہور میں چلی گئی تھی۔ لندن میں نہیں جاؤں گی۔"

فارس نے سوالیہ ابرو اٹھائی۔

"تمہارا کیا بھروسا...... مجھے پارکنگ ایریا یا روڈ پر چھوڑ کر چلے جاؤ۔ پھر دس پندرہ دن بعد آنٹی کے مجبور کرنے پر لینے آ جاؤ۔ سوری میں یہ رسک نہیں لے سکتی۔ بالکل بھی نہیں۔"

اس نے صاف انکار کر دیا۔ وہ اب فارس کو نہیں دیکھ رہی تھی۔ وہ بس نفی میں سر ہلاتے ہوئے اپنے تجزیوں پر قانع ہو رہی تھی۔ لاہور وہ اسے بطور "سزا" لے کر گیا تھا۔ بطور سزا چھوڑ کر بھی آیا تھا۔ وہ اسے اپنی بیوی، اپنی عزت نہیں سمجھتا تھا۔ جس شخص کی وہ "بیوی" تھی، نہ "عزت"...... اس شخص پر اب وہ کوئی بھروسا نہیں کر سکتی تھی۔

"ٹھیک ہے۔" چند لمحوں کے توقف کے بعد فارس نے کہا۔ آواز گمبھیر تھی۔ تاثرات سنجیدہ...... مگر کہیں سختی نہیں تھی۔ نرمی بھی نہیں...... یوں جیسے انکار سے اسے کوئی خاص فرق نہ پڑا ہو۔ یوں جیسے وہ ایسے ہی کسی جواب کا متمنی رہا ہو۔ پل پل اس کے تاثرات، اس کے ارادے اور احساسات بدلتے تھے۔

"ممی کے حکم پر ٹکٹ بک کروائی ہے۔ انکار بھی تم انہیں کرو۔"

اس کے لبوں پر ابھرتی فاتحانہ مسکراہٹ جنت کو اندر تک سلگا گئی۔ مسز شیرازی کو فارس وجدان انکار نہیں کر سکتا تھا، اس کی کیا مجال تھی۔ کڑھ کر، تپ کر، اس نے سر اٹھا کر فارس کو دیکھا۔

"میں اچھی طرح سے جانتی ہوں، تم مجھے لندن کیوں لے کر جانا چاہتے ہو۔"

"کیوں لے جانا چاہتا ہوں؟"

"تم جو مرضی منصوبے بنا لو مسٹر شیرازی......! خودکشی میں نہیں کروں گی۔ نہ لندن برج سے...... نہ کسی اور جگہ سے......"

جاگنگ ٹریک پر پاؤں پٹختی وہ جانے کے لیے مڑ گئی تھی۔ جیبوں میں ہاتھ ڈالے فارس وجدان

متبسم چہرے کے ساتھ اپنی جگہ کھڑا رہ گیا تھا۔

☆......☆......☆

بیڈ پر تکیوں کے سہارے وہ نیم دراز کوئی کتاب ہاتھ میں لیے بیٹھا تھا۔ موبائل پاس ہی پڑا تھا۔ ہر تھوڑی دیر بعد موصول ہوتے میسجز کے نوٹیفیکیشن کو مسلسل نظر انداز کیے وہ بظاہر پڑھنے کی کوشش کر رہا تھا مگر اس کی تمام تر توجہ اس اٹھا پٹخ کی طرف تھی جو جنت کمال کی وجہ سے ہو رہی تھی۔ درازیں کھینچی جا رہی تھیں۔ چیزوں کو اِدھر اُدھر کیا جا رہا تھا۔ جس چیز کی تلاش تھی، وہ اسے پورا کمرہ الٹ پلٹ کرنے کے باوجود نہیں ملی تھی۔

https://novelskidunya.com/

تھک ہار کر وہ وارڈروب کی طرف مڑی جو تمام کی تمام کھلی ہوئی تھیں۔ سفری بیگ قالین پر دھرا تھا۔ ہینگر سے کپڑے نکال کر تہہ کرتی اب وہ شدید غصے میں لگ رہی تھی۔

چار دن بعد ان کی لندن کی فلائٹ تھی۔ سامان ابھی سے پیک کیا جا رہا تھا۔ اور کچھ غصے اور جھنجھلاہٹ کے عالم میں کیا جا رہا تھا۔

ناولز کی دُنیا
Novels Ki Duniya

"تم ایسے ری ایکٹ کر رہی ہو جیسے میں تمہیں زبردستی لندن لے جا رہا ہوں۔" بالآخر فارس نے خاموشی کا قفل توڑا۔

"ہاں تو کیا ایسا نہیں ہے؟" وہ پلٹ کر غرائی۔

"تمہاری ہر چال اب مجھے بہت اچھی طرح سمجھ میں آ رہی ہے۔"

"کیسی چال؟" لبوں پر ابھرتی مسکراہٹ دبائے وہ سیدھا ہو بیٹھا۔ "میرے ساتھ لندن جانے کی خواہش تو ہمیشہ سے تمہاری ہی تھی۔"

ہینگر سے گلابی سویٹر نکالتی جنت کمال مشتعل ہو کر اس کی طرف مڑی۔ "یہ تم نے خود کہہ دیا...... تھی...... یعنی فعل ماضی...... پاسٹ ٹینس......! اب میری ایسی کوئی خواہش نہیں رہی۔"

''اچھا مذاق ہے۔'' وہ ہنسا۔

''مذاق نہیں، حقیقت ہے یہ...... ''جنت جل بھن گئی......

''تمہاری حقیقتیں بھی تمہاری طرح کچھ عجیب سی نہیں ہیں؟'' اس کا لہجہ مذاق اڑانے والا تھا۔

جنت نے پلٹ کر اسے سرد نظروں سے گھورا۔

''کوئی خوش فہمی ہے تو دور کرلو۔ میں صرف ممی کی وجہ سے تمہیں ''مجبوراً'' ساتھ لے جا رہا ہوں۔''

''میں بھی صرف ان کی وجہ سے جا رہی ہوں۔ ورنہ تمہارے ساتھ تو میں گلی کے نکڑ تک بھی نہ جاؤں۔''

''بہت خوب......!'' وہ محظوظ ہوا۔ جنت کو تپ چڑھی۔ اس سے قبل کہ وہ کوئی جوابی حملہ کرتی، فارس کا موبائل بج اٹھا۔ اسکرین پر ابھرتے نام پر نظر پڑتے ہی وہ کال ریسیو کرتا اسی وقت اٹھ کر کمرے سے چلا گیا تھا۔

وہ جو اپنے کپڑے ہاتھ میں لیے کھڑی تھی، اس کی اس حرکت پر ٹھٹک سی گئی۔ فارس کی بیشتر کالز کاروباری نوعیت کی ہوتی تھیں جنہیں وہ ہمیشہ اس کے سامنے ہی اٹینڈ کرتا تھا۔ دوست احباب سے بات چیت بھی اس کے سامنے ہو جایا کرتی تھی، مگر پچھلے کئی دنوں سے ایک مخصوص نمبر سے آنے والی کال اٹینڈ کرنے کے لیے وہ اٹھ کر باہر چلا جاتا تھا۔

ہر بار اس کے تاثرات بدلتے تھے اور آنکھوں کی چمک کچھ بڑھ سی جاتی تھی۔

پہلے تو اس نے کوئی خاص نوٹس نہیں لیا تھا مگر اب اسے شک ہونے لگا تھا۔

کچھ سوچ کر وہ بے آواز قدموں کے ساتھ باہر آ گئی تھی۔ اس نے پھر وہیں سے سٹنگ ایریا کی طرف دیکھا۔

''میں بھلا تمہیں کیسے بھول سکتا ہوں؟'' سامنے وکٹورین طرز کے آئینے میں فارس کا سائیڈ پوز واضح نظر آ رہا تھا۔

https://novelskidunya.com/

"ممی سے میں نے فی الحال بات نہیں کی ہے۔ میں انہیں سرپرائز دینا چاہتا ہوں۔" اس نے رک کر کچھ سنا، پھر مسکرایا۔ "تم کہہ سکتی ہو۔"

خاموشی ایک بار پھر چھائی تھی۔ وہ بہت توجہ اور یکسوئی سے مخاطب کی بات سن رہا تھا۔ اور اس دوران کئی بار اس کے لبوں پر مسکراہٹ بکھری تھی۔

"کون؟ میری بیوی؟ اس کی تم فکر مت کرو، میں سب سنبھال لوں گا۔"

کیا سنبھالے گا وہ؟ جنت کا ماتھا ٹھنکا۔ مخاطب یقیناً ایک لڑکی تھی۔ اس کا شک یقین میں بدل چکا تھا۔ مگر یہ لڑکی تھی کون؟ یہ سوال اب وہ ڈائریکٹ فارس وجدان سے نہیں پوچھ سکتی تھی۔ پوچھنے کا کوئی حق بھی نہیں رکھتی تھی۔ حق رکھتی بھی ہوتی تو پوچھنا نہیں چاہتی تھی۔ اسے یہی ظاہر کرنا تھا کہ ایسی کسی بات سے اسے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔

سر جھٹک کر وہ کچھ ہی دیر میں کمرے کے اندر تھی۔

ہاں، اسے ہرگز ہرگز فرق نہیں پڑنا چاہیے۔ اس نے اپنے گال تھپتھپا کر خود کو سمجھایا۔ پھر اپنے کام میں جت گئی۔

"کون ہو سکتی ہے؟" کچھ ہی دیر بعد اپنا بکھیڑا سمیٹتے ہوئے وہ ایک بار پھر سوچنے بیٹھ گئی تھی۔

☆......☆......☆

"آپ بہت پیاری ہیں۔"

کچن میں داخل ہوتے ہی یہ پہلا جملہ تھا جو فارس وجدان کی سماعت سے ٹکرایا تھا۔ اسٹول کھینچ کر بیٹھتے ہوئے اس نے کنکھیوں سے اس صحت مند بچے کو دیکھا جو کاؤنٹر ٹیبل کے دوسرے کونے میں اپنے کپڑوں میں بمشکل سمایا ہوا بیٹھا تھا۔ کھلی ڈلی شرٹ لارج سائز کی تھی اور تب بھی اسے تنگ ہو رہی تھی۔ فارس کو بہت غور کرنے اور ذہن پر زور دینے کے بعد یاد آیا کہ وہ مسز یزدانی کا نواسا تھا۔ مسز یزدانی وہی

جوان کے پڑوس میں رہتی تھیں اور جو جانوروں سے محبت کے معاملے میں کافی مشہور بھی تھیں۔

''یہ اس لیے کہ آپ خود بہت پیارے ہو۔'' فارس کی آمد سے قطعی بے خبر وہ ٹرے میں کیک پیسٹریز اور جانے کیا کیا سجانے میں لگی ہوئی تھی۔

''کیا.....کیا آپ مجھ سے شادی کریں گی؟'' اپنی ننھی سی سرخ کار کو ٹیبل پر یہاں وہاں دوڑاتے بچے نے ذرا سا جھجکتے ہوئے جنت سے پوچھا۔

''شی از میریڈ.....!'' جواب فارس نے دیا تھا۔

گلاس میں اسٹرابری جوس انڈیلتے جنت کے ہاتھوں کی حرکت لمحے بھر کے لیے تھمی۔

''یہ کب آیا.....؟''

بچے نے گردن موڑ کر ایک نظر فارس وجدان کو ایسے دیکھا جیسے اس کی یہ مداخلت اسے ہرگز ہرگز پسند نہ آئی ہو۔

''سو واٹ.....! وہ اپنے ہزبینڈ کو چھوڑ بھی تو سکتی ہیں۔'' اسے لاجواب کر کے اس نے اپنی پیشانی پر بکھرے بالوں کو دونوں ہاتھوں کی مدد سے پیچھے ہٹایا۔

''آر یو میریڈ جنت جانی؟'' کچھ سوچ کر اس نے جنت سے پوچھا۔

''جنت جانی.....؟'' فارس نے اچنبھے سے اسے دوبارہ دیکھا۔

''نو، آئم سنگل.....!'' لوازمات سے سجی ٹرے اپنے ننھے مہمان کے سامنے رکھتے ہوئے جنت نے سنایا کسی اور کو.....

بچے نے فارس کو یوں دیکھا جیسے کہہ رہا ہو۔

دیکھا! شی از مائن.....شی ول بی مائن.....!

فارس نے رخ بدل کر اورنج جوس کا گلاس لبوں سے لگا لیا۔ یہ جنت سنگل کب سے ہوئی؟

https://novelskidunya.com/

''تو پھر میں اپنی ممی کو کب لاؤں؟ ایک بار ہماری بات طے ہو جائے تو......''

''از ہی سیریس......؟'' فارس سے رہا نہیں گیا۔

مشکل سے سات سال کا ہوگا۔ آگے کے دو دانت بھی موصوف کے غائب تھے۔

''تمہیں کیا مسئلہ ہے۔ مجھے سات سال کا بچہ پرپوز کرے یا ستر سال کا بوڑھا؟'' جنت کو پتنگے لگ گئے۔

''آئم ناٹ آ بچہ......!'' بچے کو پہلی بار اپنی ہونے والی ''منگیتر'' سے اختلاف ہوا۔

''دیکھا! وہ خود مان رہا ہے وہ بچہ نہیں ہے۔''

''تمہیں کیا مسئلہ!'' اب تو جنت کو بھی فارس کی مداخلت پسند نہیں آرہی تھی۔ فارس محض کندھے اچکا کر رہ گیا۔ کہ بھلا اسے کیا مسئلہ ہو سکتا ہے؟

''میں بڑا ہو کر پائلٹ بنوں گا۔ میں آپ کو پوری دنیا کی سیر بھی کرواؤں گا۔ ہم دونوں اکٹھے ڈزنی لینڈ بھی جائیں گے۔'' وہ جنت کو اپنے فیوچر پلان سے آگاہ کرنے لگا۔

''جب تک تم جہاز اڑانے کے قابل ہو گے، تب تک یہ پچاس برس کی ایک آنٹی میں بدل چکی ہوگی۔''

جنت نے جل کر فارس کو دیکھا۔ ''ایج ڈزنٹ میٹر......لو میٹرز!''

''واٹ ایور......!'' اس نے خالی گلاس کاؤنٹر ٹیبل پر رکھا۔

''زید ہنی......! آپ کا جب دل چاہے آپ اپنی ممی کو لے آؤ۔'' بہت مسکرا کر اس نے بچے کا گال کھینچا۔

''سوزی کو بھی ساتھ لے آؤں......؟''

''اب یہ سوزی کون ہے؟'' فارس نے ایک بار پھر ان کے درمیان ٹانگ اڑائی تھی۔

''میری بلی ہے۔'' شان بے نیازی سے بتایا گیا۔

https://novelskidunya.com/

فارس کے تاثرات بدلے۔

"نہیں، سوزی کو لانے کی ضرورت نہیں ہے۔ میں اس سے ملنے آپ کے گھر آؤں گی۔" جنت نے ٹالنا چاہا۔

"سوزی بہت اسٹرانگ ہے۔ اس کے اندر سپر پاورز ہیں۔ وہ میرے دشمنوں کو جب دیکھتی ہے، تو وہ اسی وقت گر جاتے ہیں۔"

وہ در پردہ کس بات پر چوٹ کر رہا تھا، فارس پہلو بدل کر رہ گیا۔

"آپ گرے تھے نا اس دن؟" پھر وہ فارس کی طرف مڑا۔ کمال کی یادداشت تھی اس بچے کی۔ ڈیڑھ سال ہونے کو تھا، مگر ابھی بھی اسے وہ واقعہ جزئیات سمیت یاد تھا۔

"آپ گرے تھے نا سیڑھیوں سے...... سوزی بہت پاورفل ہے۔ جنت جانی کل میں سوزی کو بھی لاؤں گا۔"

فارس نے بھنویں سکیڑ کر اسے دیکھا۔ "میں تمہاری اس سوزی کی وجہ سے نہیں گرا تھا۔"

"سب معلوم ہے مجھے۔" بچے نے گردن سیدھی کی۔ "آپ کی آئیز ریڈ ہوگئی تھیں۔ آپ کو سنیزنگ ہو رہی تھی۔ آپ بہت ڈر گئے تھے میری بلی سے...... مجھے سب یاد ہے۔ میری بلی بہت پاورفل ہے۔"

خالی گلاس میز پر رکھتے ہوئے فارس اسی وقت اٹھ کر چلا گیا۔

"یہ بہت ڈرتے ہیں میری سوزی سے!" اس نے پھر پراسرار انداز میں جنت کی معلومات میں اضافہ کرنا چاہا۔ لبوں پر ابھرتی مسکراہٹ کو بمشکل دباتے ہوئے جنت نے فارس کی طرف دیکھا۔ وہ لاؤنج کے صوفے پر نیم دراز اب چینل سرفنگ کر رہا تھا۔

"اچھا......!" اس نے بھی آگے سے شدید حیرت کا اظہار کیا۔

"آپ میری سوزی کو اپنے پاس رکھ لیں۔ فار یور اون سیفٹی......!" بچے نے سرگوشی میں کہا۔

جنت بے ساختہ ہنستی چلی گئی۔ جھنجھلا کر ریموٹ پٹختے ہوئے فارس اسی وقت اٹھ کر چلا گیا تھا۔

☆......☆......☆

مسز شیرازی کے بیڈ روم میں وہ گلاس وال کے قریب فلور کشن پر آلتی پالتی مارے بیٹھی تھی۔ لیپ ٹاپ گلاس ٹیبل پر دھرا تھا جس پر وہ ان کا آرٹیکل ٹائپ کر رہی تھی۔

مسز شیرازی پاس ہی وہیل چیئر پر براجمان تھیں۔ وہ باہر لان کے سبزے پر چمکتی اس دھوپ کا نظارا کر رہی تھیں جو براہِ راست اب ان پر بھی پڑ رہی تھی۔

دروازہ ہلکی سی دستک کے ساتھ کھلا تو جنت نے بے ساختہ نظر اٹھائی۔ بلیک تھری پیس سوٹ میں ملبوس، کوٹ لاپروائی سے بازو پر ڈالے، دوسرے ہاتھ میں موبائل پکڑے فارس وجدان اندر داخل ہو رہا تھا۔ اس کی تیاری مکمل تھی۔ وہ دوپہر تین بجے کی فلائٹ سے ضروری میٹنگ کے لیے کراچی جا رہا تھا۔ کل شام تک اس کی واپسی متوقع تھی۔ اور پھر پرسوں انہیں لندن کے لیے روانہ ہونا تھا۔

آنکھوں میں خفگی بسائے وہ خود کو مصروف ظاہر کرتی تیزی سے ٹائپنگ کرتی رہی۔

ایک سرسری سی نگاہ اس پر ڈال کر وہ صوفے پر جا بیٹھا تھا۔ مسز شیرازی کی موجودگی میں وہ ہمیشہ اپنی شخصیت کا الٹ نظر آتا۔ نرمی صرف اس کی باتوں سے ہی نہیں، چہرے اور آنکھوں سے بھی جھلکنے لگتی تھی۔

''آپ کو کسی سے ملوانا چاہتا ہوں ممی......!'' جانے سے پہلے اس نے کچھ یاد آ جانے پر مسز شیرازی سے کہا۔

جنت کے کان کھڑے ہو گئے۔ اس نے سر اٹھا کر فارس وجدان کو دیکھا۔ اس کی پشت جنت کی طرف تھی، وہ اس کا چہرہ پڑھنے سے مکمل قاصر تھی۔

''اچھا......وہ کس ہے......؟'' مسز شیرازی نے پراشتیاق لہجے میں پوچھا۔

''کسی خاص الخاص ہے......! آپ کو اس سے مل کر بہت خوشی ہو گی۔''

جنت کے لب بھینچ گئے۔ غصہ نئے سرے سے عود کر آیا۔ آج اسے آئمہ ظہیر کی کلاس لینی ہو گی۔ وہی کہتی تھی، اس کے فارس بھائی لڑکیوں سے دس فٹ، بیس فٹ کی دوری پر رہتے ہیں۔ اب پتا نہیں یہ کون تھی جسے وہ آنٹی سے ملوانا چاہتا تھا۔

اس کے چہرے پر ڈوبتی ابھرتی شکی حکایتوں کو پڑھتے فارس وجدان نے سامنے ہاتھ لہرایا۔ وہ چونکی۔ پھر گڑبڑا کر اٹھ گئی۔ اب اپنے مجازی خدا کو دروازے پر چھوڑنے بھی تو جانا تھا۔ مسز شیرازی کے کمرے سے نکلتے ہی اس نے چہرے کا رخ مشرق کی سمت کیا اور فرش پر پاؤں پٹخ کر یوں چلنے لگی جیسے سارا قصور ہی ان ٹائلز کا تھا جو اس کے پیروں تلے بچھی ہوئی تھیں۔

''اپنی پیکنگ تو بڑے جوش و خروش سے کر رہی ہو، ہو سکے تو میرا سامان بھی پیک کر دینا۔'' قدرے فاصلے سے ہی ریموٹ کی سے گاڑی کا لاک کھولتے ہوئے وہ بولا تو اس کا لہجہ معمول کے برعکس خوش گوار تھا۔

''تمہیں نہ پیک کر دوں میں......؟'' وہ بھنائی۔

''کر سکتی ہو تو کر دو۔'' وہ اس کے سامنے کھڑا ہو گیا۔ پہلے گردن جھکائی، پھر اس کا ہاتھ پکڑا۔

''تم......!'' اس نے بدک کر ہاتھ چھڑانا چاہا۔

لبوں پر مسکراہٹ سجائے وہ ذرا سا اس کی طرف جھکا۔ ''ممی ہمیں ہی دیکھ رہی ہیں۔''

جنت کی ہاتھ چھڑانے کی جستجو دم توڑ گئی۔ ذرا سا رخ بدل کر زبردستی مسکرائی تاکہ مسز شیرازی جان لیں وہ ان کے بیٹے کو کتنی محبت سے الوداع کر رہی ہے۔ اور یہ بھی کہ وہ کتنی خوش گوار زندگی بسر کر رہی ہے۔ (ماشاءاللہ)

''ہاں، اب ٹھیک ہے۔'' فارس کی مسکراہٹ گہری ہوئی۔ اس نے ہاتھ چھڑا کر گاڑی کا دروازہ کھولا۔

''اب جاؤ بھی......'' ساتھ ہی جھڑک کر آنکھیں دکھائیں۔

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا Novels Ki Dunya

"تمہارے ڈر سے نہیں جا رہا ہوں، وقت بہت کم رہ گیا ہے۔" رسٹ واچ پر ٹائم دیکھتا وہ گاڑی میں بیٹھا تو جنت کمال نے بے اختیار سکھ بھرا سانس لیا۔ مگر اس کی یہ سکون بھری کیفیت فارس وجدان سے کیونکر برداشت ہو سکتی تھی۔ شیشہ نیچے کرتے ہوئے اس نے ذرا سا سر باہر کیا۔

"میرے پاس ایک سرپرائز ہے تمہارے لیے۔"

وہ پوچھنا چاہتی تھی کیسا سرپرائز..... یا سرپرائز کی آڑ میں چھپی کیسی سزا..... کیسا بدلہ.....؟ کیسا انتقام.....؟ مگر لب بھینچے، سینے پر بازو باندھے ٹکٹکی سے اسے چپ چاپ دیکھتی رہی۔

"کراچی سے جب واپس آؤں گا تب....." اگنیشن میں چابی گھماتے ہوئے اس نے گاڑی اسٹارٹ کر دی۔

جنت دو قدم پیچھے ہٹ گئی۔ آنکھوں پر سیاہ گلاسز لگائے وہ گاڑی ریورس کرنے لگا۔ چوکیدار نے گیٹ کھول دیے تھے۔

اب وہ سیاہ گاڑی کو آہنی گیٹ سے باہر نکلتا دیکھ رہی تھی۔ سرپرائز.....؟ جانے کیوں اس کا دل کسی ناگہانی احساس کے تحت دھڑک اٹھا تھا۔

☆.....☆.....☆

مسز یزدانی نے اپنے پوتے کی سالگرہ پر انوائٹ کیا تھا۔ فارس کراچی گیا ہوا تھا۔ آئمہ مری گھوم رہی تھی۔ اور وہ اکیلے نہ پہلے کوئی فنکشن اٹینڈ کر سکی تھی، نہ اب کرنا چاہتی تھی۔ دل بوجھل، اداس سا تھا۔ لیکن مسز شیرازی چاہتی تھیں وہ ضرور جائے۔

"وہ بہت پیار سے بلا رہی ہیں جنت.....!"

وہ آج کل اس کی ضرورت سے زیادہ خاموشی کو حد سے زیادہ محسوس کر رہی تھیں۔

"میرا دل نہیں چاہ رہا۔" سر جھکا کر وہ ایک بار پھر ٹائپنگ کرنے لگی تھی۔ مسز شیرازی نے اسے

بغور دیکھا۔ گزشتہ کئی دنوں سے وہ ایسی ہی تھی۔ اداس، خاموش...... پریشان!

''وہ کیا سوچیں گی؟''

''میں کہہ دوں گی فارس کراچی گیا ہوا ہے اس لیے نہیں آسکتی۔'' کھٹ کھٹ کی بورڈ پر اس کی انگلیاں تیزی سے متحرک تھیں۔

مسز یزدانی کا یہ انویٹیشن خاص تمہارے لیے ہے جنت......! فارس تو ایسے فنکشنز اور گیدرنگز بہت کم ہی اٹینڈ کرتا ہے۔''

اس نے سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔ ''آپ حکم دے رہی ہیں؟''

''یہی سمجھ لو...... کتنے دن ہو گئے، میں نے تمہیں تیار ہوتے نہیں دیکھا، میک اپ جیولری...... کچھ بھی نہیں...... ذرا یاد کرو، لاہور جانے سے پہلے تم کتنا تیار رہتی تھیں۔ جیسے پھول کھلا رہتا ہے۔ بالکل ایسے ہی لگتی تھیں تم مجھے!''

نم آنکھوں کے ساتھ وہ پھیکا سا مسکرا دی۔

''چلو اٹھو شاباش......! جا کر تیاری کرو، مسز یزدانی تمہیں اپنے ساتھ ہی اپنے فارم ہاؤس لے کر جائیں گی۔ میں ان سے بات کر لیتی ہوں۔''

''آنٹی پلیز......!''

''جنت! نو آرگومنٹ......! فریش ہو جاؤ گی بیٹا......!''

گہرا تنفس لے کر وہ اسی وقت اٹھ گئی تھی۔

تیاری کرتے ہوئے اس کا ذہن مسلسل الجھا ہوا تھا۔

عجیب بے سکونی تھی جو وجود میں پھیلی ہوئی تھی۔

تیاری مکمل کرنے کے بعد اس نے سر درد کی گولیوں کی تلاش میں بیڈ سائیڈ ٹیبل کی دراز

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

کھینچی......اندر رکھی اشیا کو الٹ پلٹ کرتے اس کے ہاتھوں سے سیاہ مخملیں ڈبیہ ٹکرائی۔ وہ کچھ دیر تک کسی مجسمے کی طرح ساکت سی بیٹھی رہ گئی۔ پھر اس نے مخملی ڈبیہ کھول کر دیکھی۔ نفیس سی ایمرالڈ ڈائمنڈ رنگ چمک رہی تھی۔

کچھ دیر تک وہ سانس روکے اس بیش قیمت تحفے کو دیکھتی رہی۔ پھر بھاری دل کے ساتھ اسے رکھ کر اٹھ گئی۔

جانے کیوں اس کی کیفیت عجیب سی ہو رہی تھی۔ اک ان جانا سا خوف از سر نو سر اٹھانے لگا تھا۔ ہر طرح کے خیالات کو جھٹکتی وہ شال اچھی طرح سے اوڑھ کر کچن سنبھالتی کمرے سے نکل گئی تھی۔ مگر جو بے سکونی اس ڈبیہ کو دیکھ کر اس کے وجود میں اتری تھی، اس سے باوجود کوشش کے بھی وہ پیچھا نہ چھڑا سکی تھی۔

☆......☆......☆

ریسٹ روم میں دیوار سائز آئینے کے سامنے رک کر اس نے اپنے سراپے کا از سر نو جائزہ لیا۔ پھر کھلے بالوں کو سمیٹ کر ان کا جوڑا بنانے لگی۔ ہیل کی ٹک ٹک کے ساتھ ہی دیوار گیر آئینوں میں کسی کا عکس ابھرا۔ اس نے چونک کر بے ساختہ نگاہ اٹھائی۔

سیاہ رنگ کی باریک ساڑھی میں ملبوس اک نزاکت اور ادا سے سج سج قدم اٹھاتی وہ اس کے برابر میں آن کھڑی ہوئی تھی۔ سنہرے براؤن بال جوڑے میں مقید تھے۔ کچھ گھنگھریالی لٹیں دودھیا چہرے کے اطراف میں تھیں۔

کاجل سے لبریز بڑی بڑی آنکھوں میں جنت کمال کو دیکھتے ہی تعجب ابھرا تھا۔ سرخ لبوں پر ایک دل فریب سی مسکراہٹ سج گئی تھی۔

"واٹ اے سرپرائز......!" کچھ حیران ہو کر اس نے جنت کا سر تا پیر جائزہ لیا۔

https://novelskidunya.com/

''غالباً یہ ہماری تیسری ملاقات ہے۔ اور ابھی تک ہمارا ٹھیک سے انٹروڈکشن ہوا ہی نہیں!''
ساڑھی کا پلو ہاتھ میں پکڑے وہ ایک ادا سے مسکرائی۔ اس کی مسکراہٹ بھی عجیب طنزیہ سی ہوئی تھی۔
جنت نے سر جھٹک کر خاموشی سے رخ بدلا، کلچ میں چھوٹے سائز کی میک اپ کٹ رکھی۔ آئمہ کی تنبیہہ اپنی جگہ، مگر اس لڑکی سے اسے کچھ اچھی وائبز نہیں آتی تھیں۔
''آئم عدینہ زبیر......!'' اپنا نام بتاتے ہوئے اس نے جنت کے تاثرات جانچے۔ جنت کسی عدینہ زبیر کو نہیں جانتی تھی۔ یہ اس کے چہرے پر صاف صاف لکھا تھا۔
''فارس وجدان کی پہلی بیوی......!''
جنت نے جھٹکا کھا کر اسے دیکھا۔ نقرئی کلچ ہاتھ سے چھوٹ کر فرش پر جا گرا۔ لائنر، لپ گلوز اور مسکارا یہاں وہاں بکھر گئے۔
''یو آر سرپرائزڈ......!'' وہ اس کے تاثرات سے کچھ حیران ہوتے ہوئے ہنس پڑی۔
''غالباً شیرازی خاندان کے کسی فرد نے تمہیں ابھی تک فارس کی پہلی شادی کے بارے میں نہیں بتایا۔''
''فارس کی پہلی شادی......؟'' آنکھوں میں صدمہ لیے جنت اپنی جگہ ساکت کھڑی تھی۔
''تو کیسی لائف گزر رہی ہے تمہاری میرے ایکس ہزبینڈ کے ساتھ؟'' عدینہ کی طنزیہ نگاہیں اس کے چہرے پر ٹھہر گئیں۔
''کیا اس نے تمہیں بتایا نہیں، وہ مجھ سے کتنی محبت کرتا ہے؟ علیحدگی کے بعد بھی وہ میرے لیے کتنا دیوانہ رہا ہے؟ میری ہی وجہ سے اس نے کتنی لڑکیاں ریجیکٹ کی ہیں؟ کتنے رشتوں سے انکار کیا ہے؟''
جنت کا دماغ ماؤف ہوا تھا۔ حواس شل ہو رہے تھے۔ وہ یقین اور بے یقینی میں پتھرائی ہوئی نگاہوں سے عدینہ زبیر کو دیکھے جا رہی تھی۔
''مسز لغاری کی بیٹی ثمرہ کے ساتھ تو اس کی بات تقریباً طے ہو چکی تھی لیکن عین نکاح کے وقت

اس نے انکار کر دیا۔کین یو امیجن......!عین نکاح کے وقت.....ایسی محبت ہے اس کی.....بھولا نہیں ہے وہ مجھے.....نہ ہی بھول سکتا ہے وہ کبھی.....آج بھی میں اس کے دل میں آباد ہوں.....میری جگہ نہ اس نے کبھی کسی کو دی ہے، نہ ہی وہ دے سکتا ہے!''

جنت کی آنکھوں میں نمی پھیل گئی۔منظر دھندلا سا گیا۔تو یہ وجہ تھی فارس وجدان کی نفرت، دھتکار اور بے اعتنائی کی.....نکاح جیسے مقدس رشتے کو ایک معین مدت تک قائم رکھنے کی۔

''وہ آج بھی مجھے اپنانے کا منتظر ہے۔انکار تو میری طرف سے ہے۔فیصلہ تو میں نہیں بدل رہی۔ لیکن سوچو جنت.....!اگر میں اسے ''ہاں'' کہہ دوں۔ذرا سوچو!تمہاری کیا حیثیت رہ جائے گی؟''

وہ سوال نہیں، گویا پہاڑ تھا جو جنت کے سر پر ٹوٹا تھا۔خود سے کیا گیا ہر ایک عہد ایک لمحے میں فنا ہوا تھا۔وہ جو اپنا ''گھر'' چھوڑنے کا فیصلہ بہت پہلے کر چکی تھی، اب گھر اجڑتا دیکھ کر سکتے میں آ گئی تھی۔

''نائس ٹو میٹ یو جنت.....!'' عدینہ زبیر کے لبوں پر ایک فاتحانہ مسکراہٹ رقصاں تھی۔''امید ہے ہماری اگلی ملاقات وجدان ہاؤس میں بہت جلد ہو گی۔''

وہ جا چکی تھی اور جنت کمال واش بیسن پر گرفت جمائے ماؤف ہوتے ذہن کے ساتھ بمشکل اپنے قدموں پر کھڑی تھی۔

''میں آپ کو کسی سے ملوانا چاہتا ہوں می.....!''

''بہت خاص الخاص ہے وہ.....!''

''ایک سرپرائز ہے تمہارے لیے.....!''

اس نے سانس لینے کی کوشش کی مگر اسے سانس نہیں آ رہا تھا۔سینے پر ہاتھ رکھے وہ نیچے بیٹھ گئی تھی۔

فون کالز.....

خوش گوار رویہ.....

سائیڈ ٹیبل سے برآمد ہونے والا رنگ کیس......

''کر سکتا ہوں۔ میں تو اب ممی سے یہ بھی کہہ سکتا ہوں، میری بیوی بانجھ ہے، میں دوسری شادی کرنا چاہتا ہوں۔''

جنت کمال نے اذیت سے آنکھیں میچ لی تھیں۔

https://novelskidunya.com/

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

ماوراطلحہ کا بہت خوبصورت نیا ناول
مرگِ تمنا
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جارہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

تنزیلہ ریاض کا بہت خوبصورت نیا ناول
نورالقلوب
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جارہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

Novels Ki Duniya

قسط نمبر 4

وہ بیڈ سائیڈ کے ساتھ پشت ٹکائے فرش پر دوزانو بیٹھی تھی۔ کمرے میں ملگجی سی روشنی کا مدھم سا تاثر تھا جو اس کی آنکھوں کی ویرانی کو عیاں کر رہا تھا۔

رنگت زرد..... لب باہم پیوست..... اور ایک ہی نقطے پر جمے براؤن عدسے..... ایک آگ تھی جس میں سب جل رہا تھا۔ خواب بھی..... خواہشات بھی..... امید بھی..... یقین بھی!

پاس ہی موبائل پڑا تھا۔ اسکرین روشن تھی۔ انجان نمبر سے ارسال کی گئیں فارس اور عدینہ زبیر کی شادی کی تصاویر کھلی پڑی تھیں۔

زندگی سے بھرپور مسکراہٹ، سنجیدہ مگر کچھ نرمی لیے تاثرات، ہشاش بشاش چہرہ..... مگر جنت کمال کی تمام تر توجہ ان ہیزل گرین آنکھوں پر مرکوز رہی تھی جن سے جھلکتے محبت کے حسین رنگ اسے ان پانچ ماہ میں ایک بار بھی نظر نہیں آئے تھے۔ جنت کی سنگت میں تو جیسے وہ ادھورا تھا۔ مکمل تو وہ عدینہ زبیر کے ساتھ لگ رہا تھا۔ جوڑی بھی کمال کی تھی۔ پہلی نظر میں خیال آئے تو بس یہی کہ بنے ہی ایک دوسرے کے لیے ہیں۔

''اگر میں اسے ''ہاں'' کہہ دوں۔ ذرا سوچو! تمہاری حیثیت کیا رہ جائے گی؟''

دل میں ایک ہوک سی اٹھی۔ آنکھیں مکمل طور پر نم ہو گئیں۔

''حیثیت.....'' ذہن کے پردے پر لمحے بھر کے لیے ایک منظر ابھرا۔ پھر دوسرا۔ پھر تیسرا۔ آنکھوں میں ٹھہرے آنسو گالوں پر لڑھک گئے۔

ماضی مستقبل میں ڈھلنے لگا۔ اذیت روپ بدلنے لگی۔ چہرے گڈمڈ ہونے لگے۔ ''ماہین'' کی جگہ ''عدینہ'' آ گئی تھی۔ ''برہان'' کی جگہ ''فارس'' لے چکا تھا۔

وقت ایک بار پھر وہی حکایت لکھ رہا تھا۔ جس کا آغاز بے شک مختلف مگر انجام اب بھی ایک سا تھا۔ حیثیت جتلا کر، عیب بتلا کر، راستے جدا کر دینا۔ اس کے ساتھ ایک بار پھر وہی ہو رہا تھا۔ وہ ایک بار پھر اسی تکلیف سے گزرنے والی تھی۔ اسی پر خار راستے پر چلنے والی تھی۔ کھیل اب بھی نصیب کا تھا۔

فرق صرف اتنا تھا کہ اب کی بار اسے کوئی خواب نہیں دکھایا گیا تھا، امید نہیں دلائی گئی تھی۔ نہ اعتبار جتایا گیا تھا، نہ محبت دکھائی گئی تھی۔ اب کی بار جذبات میں بناوٹ نہیں تھی، نہ انداز میں حلاوت تھی۔ اب کی بار وہ سچا کھرا انسان...... اپنی نفرتوں میں بہت خالص تھا۔ اپنے ارادوں کا پختہ، اپنے فیصلوں پر آج بھی قائم تھا۔

https://novelskidunya.com/

بھٹک تو وہ گئی تھی جو یہ سوچ بیٹھی تھی سب ٹھیک ہو جائے گا۔ ٹھیک نہ بھی ہوا، تو وہ سنبھل جائے گی۔ قسمت جس راستے کا انتخاب کرے گی، وہ چل پڑے گی۔ جس منزل کا تعین کرے گی، وہ اس تک پہنچ جائے گی۔ مگر وہ ساری ہمت، وہ پورا کا پورا حوصلہ، وہ امید سے بھرا یقین، اس کا عزم، اس کا فیصلہ...... سب لمحے میں فنا ہوا تھا۔ وہ بکھر کر سمٹنے کے بجائے مزید ریزہ ریزہ ہونے لگی تھی۔ آخر وہ کیوں ہر بار خالی ہاتھ، تہی دامن رہ جاتی تھی؟ کیوں عدم ہو جایا کرتی تھی؟ کیوں نفی کر دی جاتی تھی؟

''ممی کو بہو چاہیے تھی...... وہ اپنی مرضی اور پسند سے تمہیں یہاں لے بھی آئیں۔ مجھے لائف پارٹنر چاہیے ہوتا تو میں کم از کم تمہارا انتخاب نہ کرتا۔'' اندر کہیں آواز گونجی تھی۔ سرد، خشک، جلا کر بھسم کر دینے والی آواز۔

''ایک سرپرائز ہے تمہارے لیے۔''

چہرہ ہاتھوں میں چھپائے وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

گھٹنوں پر سر رکھے، روتے سسکتے اس نے اپنے گرد بازو باندھ لیے۔ وہ اپنے آپ کو، اپنی گرفت میں لے کر جیسے سنبھالنے کی کوشش کر رہی تھی، مگر وہ سنبھل نہیں رہی تھی۔ اس کا دل رو رہا تھا۔ اس کی روح تڑپ رہی تھی۔

"پازیٹو سوچو بچے......!" نانا ٹہلتے ہوئے اکثر کہے جاتے تھے۔ آج بھی ان کی آواز بازگشت بن کر اس کے اندر گونجی تھی۔

"اس حالت میں بھی؟" وہ ہچکیوں کے بیچ بمشکل بول پائی۔ "اس حالت میں بھی بابا؟ اس حالت میں بھی؟"

"درد اور تکلیف کی انتہا پر اگر تم پازیٹو نہیں سوچو گی تو پھر کب سوچو گی؟" وہ مسکرائے۔

اس نے آنسوؤں سے تر چہرہ اوپر اٹھایا۔

کمرے میں اس کے علاوہ اور کوئی نہیں تھا۔

"روشنی میں یہ گمان رکھنا کہ راستہ مل جائے گا، قدرے آسان ہے۔" وہ کھڑکی کے پاس کھڑے باہر دیکھ رہے تھے۔ "اصل کمال تو اس کا ہوا جو آزمائش کی تاریکی میں اس سوچ پر قائم رہا۔ اس وقت جب کوئی راستہ تھا، نہ روشنی باقی رہی تھی۔"

اب وہ اس کے سامنے پنجوں کے بل بیٹھے تھے۔ اس کا ہاتھ تھامے، اس کے آنسو پونچھ رہے تھے اور وہ بے بسی سے روئے جا رہی تھی۔

وہ ہمت کر کے آج نانا سے کہہ دینا چاہتی تھی۔

"جینے کی ہر خواہش ختم......اب بس موت مل جائے۔ ایک نئے امتحان میں پڑنے سے پہلے، ایک نئی آزمائش کو جھیلنے سے پہلے۔ وہ بس کسی طرح مٹ جائے۔ اب کی بار وہ خاک ہو اور پھر خاک ہی رہے۔ اب کی بار جب اس کی موت ہو تو جگہ "قبر" ہی بنے۔ بس اب اور نہیں......اب مزید اور نہیں۔"

باہر آسمان پر بادل پھیل رہے تھے۔ ہوائیں تیز ہو رہی تھیں۔ اپنے گرد بازو باندھے وہ قالین پر سمٹ کر لیٹ گئی تھی۔ وہ سونا چاہتی تھی۔ اپنے درد سے لاتعلق ہونا چاہتی تھی، مگر اندر کا شور ہمیشہ کی طرح اس خواہش پر بڑھ گیا تھا۔

☆......☆......☆

بادلوں کی گھن گرج کے ساتھ ہی ان کی آنکھ کھل گئی تھی۔ گولیوں سے چھلنی وجود...... خون سے سرخ ہوتی سفید شرٹ...... چال میں لڑکھڑاہٹ...... وہیل چیئر پر براجمان آدھے زندہ...... آدھے بے جان وجود کے سامنے پنجوں کے بل جھکتا وہ......

انہوں نے پلکیں جھپکائیں...... سیڑھیوں کی آہنی ریلنگ اب سہارا ہو چکی تھی۔ وہ بمشکل اپنے قدموں پر کھڑی تھیں۔ بمشکل اپنا فوکس اس کے چہرے پر جمائے ہوئے تھیں۔

"جو کھیل آپ نے اپنی طاقت سے شروع کیا تھا، اس کا انجام یہی ہونا تھا۔" لڑکھڑاتی، رندھی ہوئی، بیک وقت مضبوطی سے کمزوری کی طرف بڑھتی ہوئی آواز......

"میرا...... میرا...... بیٹا...... کہاں ہے؟" اب کے وہ متوحش ہو کر آگے بڑھی تھیں۔

منظر بدلا، روشنی اندھیرا ہوئی تھی، مگر احساسات وہی رہے تھے، درد بھی وہی۔ اذیت بھی وہی۔ ماضی بھی وہی۔

وہ تکیے کے سہارے اٹھ بیٹھیں۔ ہاتھ بڑھا کر لیمپ روشن کر دیا۔

ان کا چہرہ مکمل طور پر آنسوؤں سے تر ہو رہا تھا۔ وجود پر ایک کپکپی طاری تھی۔

دیوار گیر کھڑکیوں کے پردے ڈوریوں میں بندھے ہوئے تھے۔ لان کی لائٹس کی زرکار روشنیوں میں بارش شدت سے برستی نظر آ رہی تھی۔ اندر اور باہر کا موسم ایک ہو رہا تھا۔

"آپ کو کبھی مجھ سے محبت نہیں تھی۔ آپ کو ہمیشہ وہ نظر آیا ہے۔ ہمیشہ اس کی فکر رہی ہے۔"

وہ سسک پڑیں۔

''یتیم بچوں کو صبر آ جاتا ہے کہ وہ جانتے ہیں، ان کے ماں باپ قبروں میں ہیں، اگر جو وہ زندہ ہوتے تو ان کی حالت ایسی نہ ہوتی..... لیکن جن بچوں کو معلوم ہو، ان کے ماں باپ زندہ ہیں اور تب بھی ان کی یہ حالت ہے۔ ذرا سوچو انہیں صبر کیسے آتا ہوگا؟''

منظر بدل رہے تھے۔ مگر پنڈولم کی آواز وہی تھی۔ وہ ہر منظر میں، ہر حقیقت میں، ہر خیال میں ایک سی تھی۔

''انسان ان سوالات کا کیا کرے جو نیند اڑا دیں۔ بے قراری میں بہا دیں۔ جن کا کوئی جواب نہ ہو، نہ منطق، نہ دلیل، بس ایک صراع..... جیسے جنگ، بے چینی، بے سکونی.....بس درد، اذیت، کرب.....'' وہ ہاسپٹل کے کاریڈور میں کھڑی تھیں۔

''سوال ضمیر اٹھاتا ہے۔ جواب ایمان دلاتا ہے۔''

''ایمان بتلا رہا ہے، میں بھٹک رہی ہوں۔''

''ایمان بتلا رہا ہے تم اب صحیح راستے پر ہو۔''

انہوں نے اذیت سے لب بھینچ لیے۔ اب وہ بے آواز رو رہی تھیں۔

''میں اگر اسے اڑان کے لیے پر دے رہا ہوں تو مناسب وقت پر لینے کا اختیار بھی رکھتا ہوں، میں جس وقت اسے حدود و قیود سے نکلتا دیکھوں گا، اسے واپس اس کی اوقات میں لے آؤں گا، مگر جو تم کر رہی ہو، اس پر تم بہت پچھتاؤ گی۔''

انہوں نے گہرا تنفس لے کر اپنے اعصاب پر قابو پانے کی کوشش کی۔ ذہن کو ماضی کی گرفت سے چھڑانا چاہا، مگر ناکام رہیں۔

''میں کیا ہوں ممی؟ میں کہاں ہوں؟'' انہیں لگا وہ ان کے سامنے آن کھڑا ہوا ہے۔ آنکھوں پر

ہاتھ رکھے وہ بے آواز روتی رہیں۔

دیوار گیر کھڑکیوں کے اس پار بارش سے نم ہوتی بوجھل فضا میں کہیں بجلی چمکی تھی۔ دوسری منزل کے بیڈروم میں کارپٹ پر لیٹی، نیند کی گہری وادیوں میں اترتی جنت کمال نے ذرا دیر کے لیے آنکھیں کھول کر بند کرلیں۔

موبائل سائلنٹ پر تھا۔ اندھیرے میں اسکرین روشن ہورہی تھی۔ اور اسی روشنی میں سائیڈ ٹیبل پر رکھے گل دان میں ٹھہرے پھولوں کی پتیاں ٹوٹ کر نیچے آ گری تھیں۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

سارا دن آسمان بادلوں کی لپیٹ میں رہا تھا۔ موسم طوفانی تھا۔ وقفے وقفے سے بارش بھی دو تین بار برس چکی تھی۔ سیاہ رنگ کی اے لائن قمیص پر ہلکے رنگ کا لمبا اونی سویٹر زیب تن کیے، وہ اس وقت کچن میں خانساماں کے ساتھ رات کے کھانے کی تیاری کر رہی تھی۔

سرخ و متورم آنکھوں میں خاموشی ٹھہری تھی۔

چہرہ زرد ہو رہا تھا۔ طبیعت نڈھال لگ رہی تھی۔

ناولز کی دُنیا NovelsKiDunya

اس کا ذہن الجھا ہوا سا تھا۔ وہ کیبنٹ کھولتی تو کچھ لمحوں تک سوچتی رہتی کہ کس لیے کھولا ہے۔ فریج کے اندر سے جو چیز نکال کر لاتی، اس کی ضرورت ہرگز نہ ہوتی۔ اور جس کی ضرورت ہوتی وہ چیز باوجود تلاش کے اسے نہ ملتی۔ سارے کام اس سے غلط ہو رہے تھے۔

مسز شیرازی بالکل سامنے گلاس والز کی طرف رخ کیے بیٹھی تھیں۔ شیشے پر پھسلتے قطروں پر نگاہ جمائے کسی سوچ میں ڈوبی ہوئی تھیں۔ کانوں میں ائیر فونز لگا رکھے تھے۔ موبائل پر یقیناً وہ کچھ سن رہی تھیں۔ اور کافی دیر سے سن رہی تھیں۔

ایک نظر ان پر ڈالتے ہوئے وہ آہستہ سے مڑی اور اگلے ہی لمحے اس کا سر چکرا گیا۔ اس نے بے

ساختہ کاؤنٹر ٹیبل کو تھام کر خود کو گرنے سے بچایا تھا۔ ملازمہ نے اس کا بازو پکڑ کر اسے سہارا دینے کی کوشش کی۔

"میں...... ٹھیک ہوں۔" بازو چھڑاتے ہوئے اس نے دوسرے ہاتھ سے میز کا سہارا لیے رکھا۔ پھر کرسی کھینچ کر بیٹھ گئی۔ تشویش سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے ملازمہ نے تیزی سے گلاس میں پانی ڈال کر دیا تھا۔ چند گھونٹ بھرنے کے بعد وہ پیشانی مسلنے لگی تھی۔ سر درد سے پھٹا جا رہا تھا۔ وہ رات بھر سو نہیں سکی تھی۔ اوپر سے پریشانی کے باعث بھوک بھی تقریباً ختم ہو چکی تھی۔ نہ وہ ٹھیک سے ناشتا کر سکی تھی، نہ دوپہر کا کھانا کھا سکی تھی۔ اور جو کھایا تھا، وہ زیادہ دیر پیٹ میں ٹھہر نہیں سکا تھا۔ شدید ڈپریشن اور انزائٹی میں اس کے ساتھ یہی ہوتا تھا۔

https://novelskidunya.com/

چند لمحوں تک وہ میز پر سر ڈالے بیٹھی رہی تھی۔ پھر کسی احساس کے تحت اس نے سر اٹھا کر مسز شیرازی کو دیکھا تھا۔ صد شکر کہ وہ اس کی طرف متوجہ نہیں تھیں، ورنہ وہ اس کے لیے کتنا پریشان ہو جاتیں۔

گزشتہ رات جو کچھ ہوا تھا، اس کا حوالہ اس نے مسز شیرازی کو نہیں دیا تھا۔ وہ عدینہ زبیر سے متعلق پوچھنے کی ہمت نہیں کر پائی تھی۔ نہ اس بات کا شکوہ کرنے کی سکت رکھتی تھی کہ یہ بات اس سے کیوں چھپائی گئی تھی۔ سائرہ خالہ بھی تو اس کی حقیقت چھپا گئی تھیں۔ اس کا ماضی...... اس کی پہلی طلاق کی وجہ...... کچھ بھی تو نہیں بتایا تھا انہوں نے...... پھر وہ شکوہ کرتی بھی تو کیسے......؟

یکا یک مسز شیرازی کا موبائل بج اٹھا۔ فارس کی کال تھی۔ وہ ائیر پورٹ سے گھر کی طرف روانہ ہو رہا تھا۔ اس سے بات کرنے کے بعد مسز شیرازی ایک بار پھر سابقہ کام میں مصروف ہو گئی تھیں۔ وہ صبح سے جانے کیوں کچھ پریشان اور خاموش سی تھیں۔

باہر گھنٹی بجی تھی۔ انٹر کام پر بات کرنے کے بعد اقصیٰ نے مسز شیرازی کے پاس جا کر انہیں کسی خاتون کی آمد کے بارے میں آگاہی دی۔ مسز شیرازی پہلے حیران ہوئیں پھر اثبات میں سر ہلا دیا۔

خانساماں کو ضروری ہدایات دیتی وہ اٹھ کر لاؤنج کی طرف آنے لگی۔ اسی اثنا میں صدر دروازہ کھل گیا تھا۔ ملازم کے ہمراہ داخل ہوتی خاتون پر نظر پڑتے ہی جنت اپنی جگہ پتھر ہو گئی۔

فائزہ چچی...... ماہین کی امی...... وہ یہاں! اس کا دل رک سا گیا۔ سانسیں تھم گئیں۔

گھر میں داخل ہوتے ہی ان کی پہلی نظر جنت پر ہی پڑی تھی۔ وہ ہذیانی انداز میں چیختے ہوئے اس کی طرف بڑھی تھیں۔ بد دعائیں، دہائیاں، کوسنے دیتے اس پر چلانے لگی تھیں۔ مسز شیرازی کے سامنے وہ اس کے ایک ایک گناہ، ایک ایک غلطی کی پٹاری کھولے اس کی ذات کے پرخچے اڑا رہی تھیں۔ وہ اس پر جھپٹنا چاہتی تھیں، اسے جان سے مار ڈالنا چاہتی تھیں، یہ تو اقصیٰ ہی تھی جو ایک دم سے اس کے آگے آئی تھی۔ وہی انہیں پیچھے ہٹاتے ہوئے اسے بچانے کی کوشش کر رہی تھی۔ اور جنت تو یوں تھی جیسے اس میں جان ہی نہ رہی ہو۔

"میری بچی کی خوشیوں کی قاتل...... اس نے جادو کروایا۔ اس نے......"

جنت کا ذہن ماؤف ہونے لگا۔ کان سائیں سائیں کرنے لگے تھے۔

آسمان پر کہیں بجلی چمکی تھی، بادل بھی گرجے تھے۔ بارش شدت سے برسنے لگی۔ اور وہ دہشت زدہ سی اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔ اس کی ہمت نہ ہوئی وہ مسز شیرازی کی طرف دیکھ لیتی۔ ساری قوت اور سکت جیسے اس ایک لمحے ختم ہو کر رہ گئی تھی۔

وہ ان کی آنکھوں میں اپنے لیے حیرت، صدمہ، بے یقینی جیسے تاثرات نہیں دیکھ سکتی تھی۔ واحد ہستی جن کی وہ نفرت نہیں سہ سکتی تھی۔ اس نے ایک لمحے کے لیے بھی رخ نہیں بدلا۔ ایک لمحے کے لیے بھی ان کا چہرہ نہیں دیکھا۔

آنسوؤں سے نم آنکھوں کے ساتھ روتی سسکتی وہ بے اختیاری کے عالم میں صدر دروازہ دھکیلتی باہر نکل گئی۔

موسم اب بھی طوفانی تھا۔ بارش اب بھی برس رہی تھی۔ سہ پہر کا وقت تھا۔ کیسے رات کی تاریکی جیسا ہو رہا تھا۔ بیرونی دروازہ عبور کر کے فٹ پاتھ پر عجلت میں قدم رکھتے ہوئے وہ آگے بڑھتی گئی۔

یہی ایک رشتہ تھا، یہی ایک اعتبار جسے وہ کھونا نہیں چاہتی تھی۔ یہی ایک بے لوث محبت رہ گئی تھی جس سے وہ محروم نہیں ہونا چاہتی تھی۔ وہ اس گھر میں ان کی وجہ سے تھی۔ وہ اس گھر میں ان کی وجہ سے رہنا چاہتی تھی۔ مگر یہ کیا ہو گیا تھا؟ کیوں ہو گیا تھا؟ اس کا دل شدت غم سے پھٹنے لگا۔ وہ بے اختیار ہو کر رونے لگی۔

وہ کہاں جا رہی تھی اسے معلوم نہیں تھا۔ وہ کہاں چلے جانا چاہتی تھی اسے اندازہ نہ تھا۔ دماغ مفلوج ہو رہا تھا۔ سوچنے سمجھنے کی صلاحیت جیسے مفقود ہو کر رہ گئی تھی۔

سڑک کراس کرتے وہ کسی گاڑی کے تلے آتے آتے بچی تھی۔ پارک کے اس گوشے میں...... مسجد کی عقبی سائیڈ پر دیوار کے پاس رکتے ہوئے اس کا جی چاہا اب تو وہ چیخ چیخ کر روئے۔ مگر منہ پر ہاتھ رکھے، اپنی چیخوں کا گلا گھونٹتی وہ نیچے بیٹھ گئی تھی۔

ذہن کی اسکرین پر ماضی کسی فلم کی طرح ابھرنے لگا تھا۔ مناظر واضح ہونے لگے تھے۔ زخم ادھڑنے لگے تھے۔ سانسیں تھم رہی تھیں۔ آواز ڈوبنے کو تھی اور درد تھا کہ بڑھتا ہی جا رہا تھا۔ بڑھتا ہی جا رہا تھا۔

وہ ماضی...... اس کا ماضی...... اس کی غلطیاں...... اس کے گناہ...... اس کا احتساب!

اب کے بجلی لمحے بھر کے لیے چمکی تو دھرتی پر اندھیرے بڑھا گئی۔ سہ پہر کا سورج مکمل غروب ہو چکا تھا۔ بارش ہنوز برس رہی تھی۔

☆......☆......☆

اس کی زندگی کی دھندلی تصویروں میں کچھ اجنبی شناسا سا چہرے تھے۔ شناسا اس لیے کہ خونی رشتے تھے۔ اور اجنبی اس لیے کہ اس کی پہچان نہیں رکھتے تھے۔ امی، ابو اور حسنین...... زندگی ان تین لوگوں سے جڑی تھی۔ مگر ان تینوں سے کٹ کر بھی ختم نہیں ہوئی تھی۔

حسنین اس کا جڑواں بھائی تھا۔ چھ بہنوں کے بعد اس کے ساتھ پیدا ہونے والا کمال جنید کا اکلوتا بیٹا! جس کی پیدائش سے نفیسہ اور کمال جنید کی زندگی میں بہاریں اتر آئی تھیں۔ ہر وقت طعنے اور کوسنے دینے والی دادی کے رویے میں مٹھاس گھل گئی تھی۔ طرح طرح کی باتیں بنانے والے اپنوں اور غیروں کے منہ بھی بند ہو گئے تھے۔ نفیسہ مطمئن تھیں کہ اب دوسری شادی کا موضوع بھی زیرِ بحث نہیں لایا جائے گا، نہ بیٹیوں کے طعنے دیے جائیں گے۔ نہ کمتر سمجھا جائے گا کہ اب وہ ایک بیٹے کی ماں تھیں اور سات بیٹیوں کے بعد ایک بیٹے کی ماں ہونا کوئی چھوٹی بات ہرگز نہیں تھی۔

انہیں اب صرف حسنین یاد تھا۔ خیال تھا بھی تو صرف اس کا۔ اور جنت وہاں کہاں تھی؟ شاید کہیں بھی نہیں تھی۔ نفیسہ کو تو یاد بھی نہیں تھا کہ انہوں نے حسنین کے ساتھ ایک بیٹی کو بھی جنم دیا ہے۔

حسنین کا نام تو اسی وقت رکھ دیا گیا تھا مگر وہ اپنے وجود کی طرح کتنے ہی دنوں بے نام رہی تھی۔ یہ تو نانا تھے جن کی توجہ اس پر پڑی تھی۔ نام بھی انہوں نے خود رکھا تھا اور جانے کیا سوچ کر...... کیا سمجھ کر وہ اس کی بڑی بہن حفصہ کو خاص طور پر تاکید کر گئے تھے کہ وہ اس کا خیال رکھے۔ سدا کی شکر گزار، صبر کرنے والی خاموش طبع حفصہ نے یہ بات جیسے اپنی گرہ سے باندھ لی۔ وہ جنت کے لیے ”ماں“ ہو گئی۔

دودھ اس نے فیڈر کا ہی پیا تھا کہ نفیسہ نے اپنا دودھ پلانے سے انکار کر دیا تھا۔ حسنین کے بعد نہ انہیں اپنا کوئی ہوش رہا تھا نہ گھر کے کسی فرد کا خیال رہا تھا اور جنت تو پھر ننھی بچی تھی۔ جس کی موجودگی کا احساس بھی اس کے رونے کی آواز سے ہوتا تھا۔

زندگی کے ابتدائی پانچ سال اس نے بے فکری کے عالم میں حفصہ کی سنگت میں گزارے تھے۔ ان پانچ سالوں میں ایسا کبھی نہیں ہوا تھا کہ ماں باپ یا دادی میں سے کسی نے اسے پیار کیا ہو...... یا بلا کر اپنے پاس بٹھایا ہو۔ کچھ کہا ہو، یا پھر سنا ہی دیا ہو۔ گھر کی ان تین ہستیوں کی زندگی تو جیسے حسنین سے شروع ہو کر حسنین پر ہی ختم تھی۔

لیکن وہ حساس تھی۔ بلا کی سمجھدار بھی...... حسنین کو ہر وقت ماں کے ساتھ دیکھتی تو اس کا بھی دل چاہتا کہ وہ اسے بھی بلائیں۔ اسے بھی پیار کریں۔ اس کے لیے بھی قیمتی کپڑے خریدیں اور ڈھیر سارے کھلونوں کا انبار لگا دیں۔ بچی تھی...... ناسمجھ تھی...... یہ نہیں جانتی تھی کہ جب یہ خواہشات اس کی دوسری بہنوں کی پوری نہیں ہوئی تھیں تو اس کی کیسے ہو جاتیں؟

احساس کمتری میں گھری کمال جنید کی سب ہی بیٹیاں عدم توجہی کا شکار تھیں۔ ماں ایک عورت ہوتے ہوئے بھی ان کا درد، ان کی اذیت، ان کی شخصیت کے خلا کو پر کرنے سے قاصر! شاید پندرہ سالوں کی ذہنی اذیت نے انہیں بھی نارمل نہیں رہنے دیا تھا۔ شاید لوگوں کی زبانوں نے ان سے ان کا ''احساس'' بھی چھینا تھا۔ وہ بس اب ایک بیٹے کی ماں تھیں۔ ایک بیٹے کی ماں ہی رہنا چاہتی تھیں۔

جب حفصہ کی شادی ہوئی تو اس کی عمر چھ سال تھی۔ ہنسی خوشی نئے کپڑوں میں اس نے ہر تقریب میں دلہن بنی حفصہ کی گود سنبھالے رکھی تھی۔ لیکن جب رخصتی کا وقت آیا تو اس پر یکا یک ہی انکشاف ہوا کہ وہ اسے چھوڑ کر جا رہی ہے۔

بہت شور مچایا تھا اس نے...... بہت روئی اور چلائی تھی وہ۔ دلہن بنی حفصہ کے سینے سے چمٹی اس سے جدا ہونے کو بھی تیار نہ تھی۔ اس کی بہنوں نے ہی اسے بمشکل حفصہ سے الگ کیا تھا۔ اسے جھوٹی تسلیاں دلاسے بھی دیے گئے تھے۔ اسے بتایا گیا تھا وہ ابھی جا رہی ہیں، کل آ جائیں گی لیکن وہ ''کل'' پھر کبھی نہیں آئی تھی۔

حفصہ کے جانے کے بعد اسے احساس ہوا وہ بھری دنیا میں بالکل تنہا رہ گئی ہے۔ ان کی جدائی سے پیدا ہونے والے اس خلا نے جنت کی شخصیت میں عجیب سے رنگ بھر دیے تھے۔ اب ایمان اسے اپنی ذمہ داری سمجھ کر سنبھال رہی تھی مگر وہ پھر بھی اس کا اس طرح خیال نہیں رکھتی تھی جیسے حفصہ رکھا کرتی تھی۔

اس کے معاملے میں بس یہی ضروری سمجھا جاتا کہ اسے وقت پر کھلا پلا دیا جاتا۔ نہلا دھلا کر

کپڑے بدل دیے جاتے۔ ہوم ورک کروا دیا جاتا۔ مگر اسے تو محبت و دیکھ بھال کی ضرورت تھی۔ ایمان تو اسے اپنے ساتھ سلاتی بھی نہیں تھی کہ اس طرح اسے نیند نہیں آتی تھی جبکہ اسے حفصہ کے سینے سے لگ کر سونے کی عادت تھی۔

جب سے حفصہ کی شادی ہوئی تھی، وہ گھر کے ایک ایک فرد میں اسے تلاشتی پھر رہی تھی۔ مگر نہ اس کے جیسا کسی کا رویہ تھا، نہ اس کے جیسی کسی کی محبت تھی۔

فون پر اس سے بات ہوتی تو رو رو کر اسے واپس آنے کا کہتی اور وہ ڈھیر سارے کھلونوں کا وعدہ کر کے اس کا دل بہلانے کی کوشش کرتیں۔ دوسرے شہر میں تھیں۔ جلد آ بھی نہ سکتی تھیں۔ دوسری بہنوں سے، خاص طور پر ماں سے بھی کہتیں، وہ حسنین کی طرح اسے بھی کچھ وقت دیں۔ مگر ہمیشہ کی طرح کوئی بھی اس بات کو خاطر میں نہیں لاتا تھا۔

https://novelskidunya.com/

☆......☆......☆

جنت جتنی گم صم، حساس، معصوم اور شریف تھی...... حسنین اتنا ہی شرارتی، بدتمیز اور افلاطون قسم کا بچہ تھا۔ لاڈ پیار سے سر چڑھا اور کچھ حد تک بگڑا ہوا۔

گھر میں کمزور صرف جنت ہی تھی تو اس کا بس بھی صرف اس پر ہی چلتا تھا۔ وہ بلاوجہ اس سے لڑ پڑتا۔ کاپیاں پھاڑ دیتا...... ذرا ذرا سی بات پر شکایت لگوا کر ڈانٹ پڑوا دیتا۔ بال کھینچتا...... کھلونے بھی توڑ دیتا۔ جواباً وہ اسے کچھ بھی کہہ نہیں سکتی تھی۔ اگر کہہ دیتی تو ہنگامہ برپا ہو جاتا۔ نفیسہ الٹا اسے ہی ڈانٹنے لگ جاتیں۔

"ایک ہی تو بھائی ہے تمہارا، اگر کچھ کہہ بھی دیا ہے تو کیا ہو گیا ہے۔"

اس کی کسی بھی شکایت کو خاطر میں نہیں لایا جاتا تھا، الٹا حسنین کی ان حرکتوں کو انجوائے کیا جاتا۔ اس کی بدتمیزی ایک معصوم سی حرکت محسوس ہوتی۔ اس کی ہٹ دھرمی پر پیار کیا جاتا۔

جنت کو اپنا جڑواں بھائی اچھا نہیں لگتا تھا۔ وہ پہلے اس سے صرف ڈرتی تھی، مگر اب نفرت بھی کرنے لگی تھی۔ اس کی تمام تر کوشش یہی ہوتی کہ وہ کسی طرح حسنین سے دور رہے۔ کم نقصان نہیں تھے جو وہ اس کے کر چکا تھا۔ حفصہ جتنے بھی کھلونے اس کے لیے بھیجتیں، وہ انہیں توڑ پھوڑ کر رکھ دیتا...... کھیلنے کی نوبت ہی نہ آتی۔

ماں کے غیر منصفانہ رویے سے وہ دن بدن شیر ہی ہوتا جا رہا تھا...... دوسری طرف ساڑھے چھ سال کی جنت اندر ہی اندر سے گھٹ رہی تھی مگر نہ کسی کو بتا سکتی تھی اور نہ ہی اس کی شکایت لگا سکتی تھی کیونکہ وہ سات بہنوں کا اکلوتا بھائی تھا۔ نفیسہ اور کمال جنید کا اکلوتا بیٹا......

https://novelskidunya.com/

اس کی ہر غلطی معاف تھی...... اس کی ہر خطا پر درگزر، وہ جو چاہے کر سکتا تھا۔ اسے کوئی روک ٹوک نہ تھی۔ اسی لاڈ پیار نے اسے اتنا بگاڑ دیا تھا کہ وہ غصے میں گھر کی چیزیں بھی توڑ دیتا تھا۔ بہنوں سے الجھ پڑتا، خاص طور پر جنت اس کے عتاب کا زیادہ نشانہ بنتی تھی۔

Novels Ki Duniya

اسے وہ دن آج بھی یاد تھا جب حفصہ آپی پورے چھ ماہ بعد لاہور آئی تھیں۔ اس کے لیے گڑیا اور کپڑے بھی لائی تھیں۔ لائی تو وہ بہت کچھ حسنین کے لیے بھی تھیں مگر حسنین سے تو جیسے اس کی خوشی برداشت ہی نہیں ہوتی تھی۔

سنہرے لمبے بالوں والی باربی ہاتھوں میں لیے اس دن وہ بے انتہا خوش تھی۔ بڑے چھوٹے سب ایک دوسرے سے محو گفتگو تھے۔ باتیں ہو رہی تھیں۔ اور وہ گڑیا ہاتھ میں لیے برآمدے میں آ گئی تھی۔ پھر وہیں سے اس نے سیڑھیوں کا رخ کیا۔ اوپر کمرے میں اس کا ٹرنک پڑا تھا۔ حسنین کے عتاب کا شکار ٹوٹے پھوٹے کھلونوں کو ٹیپ سے جوڑ جوڑ کر اس نے وہاں اکٹھا کر رکھا تھا۔ کوئی ایک کھلونا بھی ایسا نہیں تھا جو سلامت رہا ہو۔ اور کوئی ایک کھلونا بھی ایسا نہ تھا جسے اس نے کچرے میں پھینک دیا ہو۔ جو چیز ٹوٹتی وہ اس کے دل کے زیادہ قریب ہو جاتی تھی۔

وہ سنہرے بالوں والی اس گڑیا کو بھی اپنے اسی ٹرنک میں رکھ دینا چاہتی تھی۔ وہ خود حسنین سے محفوظ نہیں رہتی تھی مگر اپنی گڑیا کو محفوظ رکھنا چاہتی تھی۔ جانتی تھی اس کا جنونی بھائی اس گڑیا کو بھی نہیں چھوڑے گا۔ چولہے میں جھونک دے گا یا پھر اس کی گردن الگ کر کے اس کی ٹانگیں توڑ مروڑ کر پھینک دے گا......

وہ زیرِ لب مسکراتی خوشی خوشی سیڑھیاں چڑھ رہی تھی اور حسنین اس کے پیچھے پیچھے چپکے سے آ رہا تھا......

کسی احساس کے تحت اس نے رک کر پیچھے دیکھا تھا اور پھر خوف سے وہیں تھم کر رہ گئی تھی۔

''جنت......!تم نے مجھے اپنی ڈول دکھائی ہی نہیں۔''

جنت کی آنکھوں میں ہراس پھیل گیا۔ گڑیا پر گرفت بڑھ گئی۔ وہ صحیح معنوں میں اپنے اس جنگلی بھائی سے ڈرتی تھی جس کا بس اس پر اور اس کے معصوم کھلونوں پر چلتا تھا......

اور اس لمحے جب وہ چھت کی سیڑھیوں پر...... خاصی بلندی سے اس کے ہاتھ سے گڑیا چھین رہا تھا، تو اس وقت اس نے شاید زندگی میں پہلی بار ہمت دکھاتے ہوئے اپنی گڑیا بچانے کی کوشش کی تھی اسی کھینچا تانی کے دوران حسنین نے اس کی گڑیا کو بالوں سے پکڑ کر اس قوت سے کھینچا تھا کہ اس کے حلق سے چیخ نکل گئی تھی۔ ایسے جیسے سچ مچ میں حسنین نے اس کے بال کھینچ ڈالے ہوں۔ کچھ ایسی ہی تکلیف تھی جو اس کے اندر اٹھی تھی، کہ اب گڑیا کا سر حسنین کے پاس تھا اور دھڑ اس کے ہاتھوں میں۔

اور وہ ہنس رہا تھا اس پر...... اس کی بے بسی پر...... اس کا نقصان کر کے اب ہنس رہا تھا۔ پھر وہ گڑیا کا دھڑ ہتھیانے کے لیے لپکا تھا۔

طیش کے عالم میں...... کچھ غصے اور بے بسی سے اس نے روتے ہوئے حسنین کو خود سے پرے دھکیلا تھا۔ اور تب ہی وہ لڑکھڑایا تھا۔ اس کی آنکھوں کے سامنے...... بہت اچانک...... کھیل لمحے کا تھا...... یا پھر لمحے سے بھی کم مدت کا تھا......

https://novelskidunya.com/

ڈرائنگ روم سے نکلتی نفیسہ کی آنکھوں کے سامنے حسنین سیڑھیوں پر لڑھکتا کچی اینٹوں کے فرش پر جا گرا۔

اس کا سر پھٹ گیا۔خون بہنے لگا۔آنکھیں بند ہوئیں اور جسم ساکت ہو گیا۔نفیسہ کے حلق سے چیخ نکل گئی۔اور جنت ٹوٹی ہوئی گڑیا اپنے ہاتھوں میں لیے خوف سے تھر تھر کانپتی کھڑی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

حسنین موقع پر ہی دم توڑ گیا تھا۔نفیسہ نیم پاگل سی ہو گئیں۔وہ بھول گئیں جنت بھی ان کا خون ہے۔انہوں نے پہلی بار اس پر ہاتھ اٹھایا۔اتنا مارا کہ وہ مرنے کے قریب ہو گئی۔

"یہ بدبخت کھا گئی میرے بچے کو...... مار دیا اس نے میرے حسنین کو...... میرے بیٹے کو مار دیا۔"

محبت تو شاید وہ پہلے بھی نہیں کرتی تھیں۔مگر ساڑھے چھ سال کی عمر میں اس نے سگی ماں کی شدید ترین نفرت سہی۔ان کا دماغی توازن درست نہ رہا تھا۔رات کو روتی تڑپتی باہر بھاگ جاتیں۔حسنین کی قبر سے لپٹ جاتیں۔کہیں اور بس نہ چلتا تو جنت پر پل پڑتیں۔

کمال جنید الگ غم سے نڈھال تھے مگر نفیسہ کی نسبت کچھ متحمل تھے مگر پہلے سے زیادہ خاموش ہو گئے تھے۔

انہوں نے پہلے دن جنت پر ہاتھ اٹھایا تھا مگر اب تو نظر اٹھا کر بھی اس کی طرف نہیں دیکھتے تھے۔بہنیں بھائی کو یاد کر کے الگ روتیں...... اور سوچتیں صرف گڑیا ہی تو تھی...... مگر گڑیا ساڑھے چھ سال کی اس بچی کے لیے بہت اہم تھی۔جس کی زندگی میں پیار محبت اور رشتوں کی بے انتہا کمی تھی۔

"یہ پیدا ہی کیوں ہوئی؟ یہ پیدا ہوتے ہی مر کیوں نہیں گئی؟ میں نے اس کا گلا اسی وقت کیوں نہ گھونٹ دیا۔"

اور وہ سہمی سہمی، روئی روئی سی آنکھوں سے انہیں دیکھتی رہتی۔کمرے میں چھپی رہتی۔ماں اگر

پاگل ہو رہی تھی تو نارمل وہ بھی نہ رہی تھی۔

ایک دن تو انتہا ہو گئی تھی۔ نفیسہ نے گلا دبا کر اسے جان سے مارنے کی کوشش کی تھی۔ اگر ایمان بروقت مداخلت نہ کرتی تو شاید وہ ایسا کر بھی گزرتیں۔

انہی دنوں نانا آئے تھے۔ گھر کے معاملات کی خبر انہیں پہلے بھی تھی مگر جب جنت کی حالت دیکھی تو رہا نہیں گیا۔ بیٹی پر برس پڑے...... گم صم داماد کو بھی آڑے ہاتھوں لیا۔ پھر اس کا سامان باندھا اور اسے اپنے ساتھ لے جانے کے لیے تیار ہو گئے۔

"یہاں رہے گی تو حسنین کی طرح یہ بھی مر جائے گی۔"

جاتے وقت انہوں نے ایمان سے کہا تھا۔ وہ آنکھوں میں نمی لیے نظریں چرا گئی۔ بھائی کا غم تازہ تھا۔ صدمہ گہرا تھا...... صبر کسی کو بھی تو نہیں آ رہا تھا۔ اسے کیسے آ جاتا؟ ہر چند اس نے جنت کے لیے نرم ہونا چاہا مگر نہ ہو پائی۔

لاہور سے کوئٹہ کا سفر بے حد خاموشی سے کٹا تھا۔ وہ بیمار تھی، ذہنی طور پر بھی نارمل نہ رہی تھی۔ نانا ڈاکٹر تھے۔ اگلے چند دن وہ ان کے کلینک میں زیرِ علاج رہی تھی۔ طبیعت سنبھلی تو وہ اسے گھر لے آئے۔ وہ اتنی خوف زدہ اور ہراساں تھی کہ ان سے بھی ڈرتی تھی۔ بولنا تو اس نے تقریباً چھوڑ دیا تھا۔ کھانا بمشکل کھاتی تھی۔

سوتے میں چیختے ہوئے اٹھ کر بیٹھ جاتی۔ ان کی گرفت میں چلا چلا کر روتی رہتی۔ ہر بار اسے لگتا اماں اسے مار رہی ہیں۔ ہر بار اسے لگتا حسنین سیڑھیوں سے اس کی وجہ سے گر رہا ہے۔

نانا کی آغوش میں وہ کچھ سنبھل جاتی۔ نرم رویہ اور محبت سے وہ کچھ بہل جاتی۔ روتے روتے سو جاتی مگر چہرے پر تکلیف دہ اثرات نیند کی حالت میں بھی ٹھہرے رہتے۔

"وہ...... میری گڑیا...... توڑنا چاہتا...... تھا۔" سینے سے لگ کر، ان کی قمیص کو مٹھیوں میں بھینچ کر وہ روتی۔ "میں نے نہیں گرایا تھا، وہ خود گر گیا تھا بابا!"

نانا اس کی ذہنی حالت کے پیش نظر کافی پریشان رہے۔ انہوں نے اس کا چائلڈ سائیکاٹرسٹ سے معائنہ کروایا۔ کچھ عرصے تک سیشن ہوتے رہے۔ علاج چلتا رہا۔ رفتہ رفتہ وہ نارمل ہونے لگی۔ مگر راتوں میں اب بھی روتے ہوئے اٹھ کر بیٹھ جاتی تھی۔

اس کا ذہن بھٹکانے کے لیے اور زندگی میں اسے مصروف کرنے کے لیے انہوں نے اس کا اسکول میں ایڈمیشن کروا دیا تھا۔ کافی حد تک نہ سہی، مگر وقت کے ساتھ ساتھ وہ کچھ حد تک ضرور سنبھل گئی تھی۔

☆......☆......☆

حسنین کی وفات کے دس ماہ بعد کار ایکسیڈنٹ میں کمال جنید کا انتقال ہو گیا تھا۔ اسے اچھی طرح سے یاد تھا نانا اسے اپنے ساتھ لاہور لے کر نہیں گئے تھے۔ وہ سارا وقت ان کے ملازم نورالدین کی بیوی کے ساتھ گھر میں رہی تھی...... وہ بچی تھی۔ نقصان کی اتنی سمجھ نہ تھی۔

کمال جنید نے نہ اس سے محبت کی تھی اور نہ ہی اس کی بہنوں سے...... ہمیشہ غصے سے جھنجھلائے ہوئے رہا کرتے تھے۔ جب حسنین پیدا ہوا تھا، تب ہی ان کے چہرے کے تاثرات بدلے تھے اور وہ کچھ نرم ہوئے تھے۔ مگر یہ نرمی، خوش اخلاقی اور محبت بھرا رویہ بھی صرف حسنین کے لیے ہی تھا۔ وہ سات بیٹیوں کے باپ تھے مگر ان کو خوشی حسنین کا باپ بن کر ہوئی تھی...... جب تک وہ ان کے ساتھ گھر میں رہی تھی، اسے یاد نہیں تھا کہ انہوں نے کبھی اس سے پیار کیا ہو یا نام سے پکارا ہو۔ اسے شک تھا شاید انہیں اس کا نام بھی معلوم نہ ہو۔ ایسا باپ جب دنیا سے رخصت ہوا تھا تو بس ذرا دیر کے لیے اس نے محسوس کرنے کی کوشش کی تھی کہ اس نے زندگی میں ایک اہم رشتہ کھو دیا ہے۔ یہ احساس تکلیف دہ تھا۔ آنکھوں میں نمی بھی آئی تھی۔ صدمہ بھی پہنچا تھا مگر وہ رو نہیں سکی تھی۔ شاید اس لیے کہ وہ ان کے قریب نہیں رہی تھی۔ شاید اس لیے بھی کہ وہ ساڑھے سات سال کی ایک کم عمر بچی تھی جسے ابھی ان معاملات کی ٹھیک سے سمجھ نہ تھی یا پھر یہ خیال تسلی بخش تھا کہ اس نے اپنے والد کو سیڑھیوں سے نہیں گرایا تھا۔ والد اس

https://novelskidunya.com/

کی وجہ سے نہیں مرے تھے۔ مگر باپ کی موت بھی اس کے کھاتے میں لکھ دی گئی تھی۔

وہ حسنین کی موت کی ذمہ دار سمجھی جاتی تھی، اب وہ اپنے باپ کی موت کی بھی ذمہ دار ٹھہرادی گئی تھی۔

وہ منحوس، بدبخت اس کی ہی وجہ سے اس گھر کی رونقیں قبروں تلے جا سوئی تھیں۔ ساری خطائیں اس کے کھاتے میں تھیں۔ سارے حساب اس کی طرف کھلتے تھے۔

نانا اسے ساتھ لے کر نہیں گئے تھے۔ انہوں نے ان دس ماہ میں اسے اس قدر مشکل سے سنبھالا تھا کہ اب وہ نہیں چاہتے تھے جنت واپس اسی گھر، اسی ماحول میں جائے۔ تب تک نہیں جب تک نفیسہ کا دل جنت کے لیے نرم نہیں ہو جاتا۔ یا وہ اس کے ناکردہ گناہوں کو معاف نہیں کر دیتیں۔

وہ ماں تھیں۔ بیٹے کے قاتل کو معاف نہیں کر سکتی تھیں۔ بیٹا بھی ایسا جو اکلوتا ہو۔ پندرہ سالوں کے طویل انتظار کے بعد زندگی میں آیا ہو...... پھر شوہر کی حادثاتی موت...... ان کے لیے یہ بڑے گہرے صدمے تھے۔ ابھی تک تو انہیں حسنین کا صبر نہیں آیا تھا تو اس حادثے پر کیسے سنبھل جاتیں؟

نانا کی امی سے فون پر بات ہوا کرتی تھی۔ وہ اب بھی لاہور جاتا کرتے تھے۔ اتنا وہ جانتی تھی اس کی ماں پہلے سے بہتر تھیں اور یہ بھی کہ اسے قبولنے کے لیے ہرگز ہرگز تیار نہیں تھیں۔ بہنوں کا خیال تھا، وہ بمشکل سنبھلی ہیں، جنت کو دیکھیں گی تو انہیں حسنین یاد آئے گا۔ اور حسنین جسے نفیسہ نہیں بھولتیں، اس کا چہرہ یوں جنت کے روپ میں سامنے آئے گا تو وہ حواس کھو بیٹھیں گی۔

نانا کو بھی یہی لگتا تھا...... کہ یہ صورت حال صرف ان کی بیٹی کی نہ تھی۔ نواسی کی بھی تھی۔ جنت اسی طرح کے حالات سے دوچار تھی۔ آج بھی وہ سوتے میں اٹھ کر بیٹھ جاتی تھی۔ ڈر جاتی تھی اور انہیں بھی ڈرا دیتی تھی۔

''اپنی ماں کو سمجھایا کرو، جنت کو بددعا نہ دیا کرے، اولاد ہے اس کی۔ اتنی بری باتیں...... کوئی سگی اولاد کے لیے بھی ایسے سخت الفاظ استعمال کرتا ہے؟''

نانا سمجھتے وہ سو رہی ہے مگر وہ سن رہی ہوتی۔

کبھی وہ اس کی ماں کو ہی سمجھا رہے ہوتے۔

"تمہاری بیٹی ہے، تمہارا خون۔ تم نے جنم دیا ہے اسے..... ایسا کب تک چلے گا بیٹا؟ چھوٹی سی بچی ہے وہ۔ کچھ تو رحم کھاؤ اس پر..... بچوں کی لڑائی تھی۔ حسنین غلطی سے گر گیا۔ اتنی ہی زندگی تھی اس کی۔" پھر رک جاتے۔

"غلطی تمہاری بھی ہے۔ تم نے حسنین کو بہت سر چڑھا رکھا تھا۔"

جانے آگے وہ روتے ہوئے کیا کہتیں کہ وہ یک دم چپ ہو جاتے۔ کافی دیر تک چپ ہی رہتے، پھر فون بند کر دیتے۔ وہ بھی آنکھیں بند کر لیتی۔

تپتی ہوئی دوپہر..... اماں کی چیخیں..... مار دھاڑ..... شور..... کہرام..... اور حسنین..... اس کی پیشانی سے پھوٹتا خون..... اور گڑیا کا ٹوٹا ہوا سر..... کمبل ہاتھوں میں بھینچ کر وہ آنکھیں کھول دیتی۔

"کیا ہوا میرے بچے کو؟" نانا اسے بانہوں میں بھر لیتے۔

"اسے میں نے نہیں مارا تھا۔" سینے میں سر دیے وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دیتی۔ "پہلے اس نے مجھے مارا، میرے بال کھینچے، میری گڑیا کو توڑا۔ میں نے نہیں مارا اسے..... میں نے نہیں مارا۔"

"جانتا ہوں۔" نانا تسلی دیتے۔ "وہ سب غلطی سے ہوا تھا۔ اس میں تمہارا کوئی قصور نہیں۔" وہ ہر بار کہتے۔ اس کے ننھے ذہن کی گرہیں سلجھانے کی کوشش کرتے اور یقین دلاتے، وہ صرف ایک حادثہ تھا، جنت کا اس میں کوئی عمل دخل نہیں..... اور وہ یقین کر لیتی۔ وہ یقین کرنا چاہتی تھی..... مگر اس "یقین" سے رشتہ داروں کی اس سے متعلق رائے کبھی نہیں بدلی تھی۔

وہ آئینے میں خود کو دیکھتی، اسے حسنین ہی نظر آتا۔ آنکھیں، چہرے کے خدوخال، شہد رنگ بال۔ جنت کے روپ میں وہ بھی تھا۔ بچپن کا صدمہ ٹراما کی صورت اختیار کر گیا تھا۔ اک خوف،

https://novelskidunya.com/

وحشت بھرا احساس......اک پچھتاوا......وہ اس کے ساتھ تاعمر رہنے والا تھا۔

☆......☆......☆

نانا کی سنگت میں اس نے بچپن سے لڑکپن اور لڑکپن سے جوانی کی دہلیز پر قدم جمائے تھے۔ انہوں نے ماضی سے آزاد کر کے اسے سنبھالا دیا تھا۔ آنے والے وقت سے متعلق ممکنہ مسائل اور پریشانیوں کے پیش نظر وہ اسے پہلے سے ہی تیار کرتے رہے تھے۔ جب تک وہ ان کے ساتھ رہی تھی، وہ اپنے بچپن کے ماضی کو کسی حد تک اپنی زندگی سے نکالنے میں کامیاب ہوگئی تھی۔ وہ اسے یقین دلاتے رہے تھے کہ یہ ایک حادثہ تھا اور وہ اس بات پر یقین کر چکی تھی۔

اس عرصے میں اس کی دو بہنوں کی شادیاں ہوئی تھیں مگر وہ کسی ایک کی شادی میں بھی شریک نہ ہوسکی تھی۔

جب طیبہ کی شادی طے ہوئی تو اس کی عمر پندرہ سال تھی۔ پورے نو سال بعد وہ نانا کے ہمراہ شادی میں شرکت کرنے کے لیے آئی تھی لیکن یوں کہ وہ براہ راست اپنی ماں سے نہیں ملی تھی اور نہ ہی انہوں نے نظر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا تھا۔ نانا کی وجہ سے ہی وہ کچھ خاموش تھیں۔ یا شاید وقت نے انہیں صبر کی ردا اوڑھا دی تھی مگر سب کہتے تھے وہ بہت خاموش رہتی تھیں۔ کسی سے زیادہ بات چیت نہیں کرتی تھیں۔ زندہ ہوتے ہوئے بھی کوئی زندگی سے کیسے دور ہوتا ہے، نفیسہ اس کی زندہ جاوید مثال تھیں۔

بھرے پرے خاندان میں جنت ایک ''اجنبی'' تھی۔ اس کے اپنے تو صرف ''نانا'' ہی تھے۔ اسے صرف نانا ہی کافی تھے۔

بظاہر کوئی اسے کچھ کہہ نہیں رہا تھا مگر کھوجتی نگاہوں میں عجیب سا تاثر ضرور جھلکتا تھا۔ اسے شادی کے دوران محسوس ہوتا رہا تھا کہ ماں اسے دیکھتی رہی ہیں۔ اس کے چہرے کے خدوخال میں اپنے حسنین کو کھوجتی رہی ہیں۔ اگر آج حسنین زندہ ہوتا تو وہ بھی اس کی طرح ایک خوب صورت ٹین ایجر

ہوتا۔ اور شاید یہی خیال ہی ان کی طبیعت خرابی کا موجب بنا تھا۔

نئے گھر میں، رشتہ داروں سے مل کر، بہنوں سے باتیں کر کے، ان کے ساتھ شادی کی شاپنگ میں مصروف ہو کر اسے بہت اچھا لگا تھا۔ مایوں مہندی کے فنکشن اس نے بہت خاموشی اور دلچسپی سے اٹینڈ کیے تھے۔ یہ نانا ہی کی وجہ سے ممکن ہو پایا تھا کہ اس گھر میں اب بھولے سے بھی ماضی کا قصہ کم از کم کھلے عام نہیں چھیڑا جا رہا تھا۔ بہنوں کا رویہ اس کے ساتھ قدرے بہتر تھا۔ تایا، چچا اور پھوپھو کی فیملی کا اخلاق بھی کچھ برا نہ تھا۔

خاموشی تھی تو صرف ماں کی طرف سے تھی۔ فاصلے تھے بھی تو صرف ماں کی طرف سے...... نانا نے منع کیا تھا، تب ہی وہ چپکے چپکے سے، دور دور سے ہی انہیں دیکھ لیا کرتی تھی مگر ان کے سامنے آنے سے گریز کرتی تھی۔ نفیسہ کی آنکھوں سے جو نفرت جھلکتی تھی، اس کی پہچان اسے بہت اچھی طرح تھی۔

☆......☆......☆

بارات والے دن وہ سیاہ اور سنہری فراک میں اس قدر حسین لگ رہی تھی کہ دیگر کئی چچا زاد، تایا زاد اور پھوپھو زاد بھی اچانک سے حاضر ہو جانے والی اس کزن پر فدا ہوئے تھے۔

مگر وہ تو جیسے برہان کی تھی۔ برہان کے لیے ہی بنائی گئی تھی۔

برہان واصف! اس کے بڑے تایا کا اکلوتا بیٹا تھا...... پانچ سال بڑا تھا اس سے...... خاندان بھر کا لاڈلا اور ہونہار سپوت......

آتے جاتے، وہ کہیں نہ کہیں اسے روک لیتا۔ کوئی نہ کوئی سوال جھاڑ کر، اس کے سخت ردعمل کو انجوائے کرتا...... وہ لفٹ نہیں کروا رہی تھی۔ نہ اسے...... نہ اپنے خاندان کے کسی بھی کزن کو...... مگر دل ہی دل میں وہ برہان کی شخصیت اور وجاہت سے متاثر ضرور ہوئی تھی۔

جب وہ ایف ایس سی کے ایگزامز سے فارغ ہوئی تو تایا نے برہان کے لیے اس کا رشتہ مانگ لیا

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

تھا۔ گو کہ تائی اس رشتے سے ہرگز خوش نہیں تھیں مگر بیٹے کی پسند کے آگے مجبور ہو گئی تھیں۔ نانا کو بظاہر سب ٹھیک لگا۔ برہان خوش شکل اور پڑھا لکھا تھا۔ اپنی یونیورسٹی کا ٹاپر تھا۔ اس کا برائٹ فیوچر تھا۔ ادب، آداب، تمیز و تہذیب...... انہوں نے سوچ بچار کے لیے زیادہ وقت نہ لیا اور ہاں کر دی۔ سادگی سے نکاح کر دیا گیا مگر رخصتی جنت کی پڑھائی ختم ہونے تک کے لیے ملتوی کر دی گئی۔

ان ہی دنوں اسے برہان کو جاننے کا موقع ملا تھا۔ فون پر بات چیت ہوئی۔ تو وہ بھی اس سے محبت کرنے لگی۔ نانا کے بعد اس کی زندگی میں آنے والا وہ دوسرا مرد تھا جس سے اس نے خالص محبت کی تھی۔ نانا کے بعد اب وہی اس کا سب کچھ تھا۔

زندگی میں بظاہر سب ٹھیک ہی چل رہا تھا کہ نانا ہارٹ اٹیک کے بعد اچانک ہی دنیا سے چل بسے تھے۔ وہ یونیورسٹی کے فرسٹ ایئر سمسٹر سے فارغ ہوئی تھی کہ اتنا بڑا دھچکا لگا۔ اس کی دنیا تو جیسے ویران ہو گئی...... پڑھائی کو خیر باد کہہ کر اسے فوراً ہی لاہور سائرہ خالہ کے پاس جانا پڑا۔ نانا انہیں وصیت کر گئے تھے سو انہوں نے اسے اپنی ذمہ داری سمجھ لیا تھا۔

جنت کو اس صدمے سے نکل کر سنبھلنے میں کچھ وقت لگا تھا۔ دو ماہ بعد ہی تایا نے رخصتی پر زور دینا شروع کر دیا تھا۔ نانا اس کی شادی کی وصیت کر گئے تھے مگر وہ فی الوقت اس کے لیے تیار نہ تھی۔ اس سے بڑی دو بہنیں گھر بیٹھی تھیں مگر نفیسہ کو کوئی اعتراض نہ تھا۔ وہ بھی جیسے یہی چاہتی تھیں کہ وہ جلد از جلد اپنے گھر کی ہو جائے۔ اٹھارہ سال کی عمر میں وہ رخصت ہو کر برہان کے گھر چلی گئی تھی۔

زندگی نئی ڈگر پر چلنے لگی تو نئے گھر میں نئے رشتوں کو اس نے اپنا بنا لیا۔ گو کہ تائی کے ساتھ ساتھ برہان کی بہنوں کا رویہ بھی اس کے ساتھ خوش گوار نہیں تھا مگر اس نے جیسے برہان کی محبت کو ہی اپنا سب کچھ مان لیا تھا۔ نانا صبر اور عزم کا سبق پڑھا کر گئے تھے اسے...... تبھی وہ ان کے رویوں سے دل برداشتہ نہیں ہوئی تھی۔

وہ پڑھائی مکمل کرنا چاہتی تھی۔ برہان نے اسے نہ روکا۔ نانا کی جدائی کا زخم کبھی مندمل نہیں ہوسکتا تھا مگر زندگی نے خوشیوں بھرے لمحات دیے تو وہ بھی جینے کی کوشش کرنے لگی۔

اور یہیں سے ایک کڑی آزمائش کا آغاز ہوا تھا۔

☆......☆......☆

شادی کے تین سال گزر جانے کے باوجود وہ ماں نہیں بن سکی تھی۔ اس کے بانجھ پن کی وجہ ڈاکٹرز کو سمجھ نہیں آرہی تھی۔ مرض لاعلاج ہو تو جواب دے دیا جاتا ہے۔ اسے بھی جواب دے دیا گیا تھا۔

اس رات وہ گھر آکر بہت روئی تھی۔ برہان کتنی دیر تک اسے سمجھاتا رہا تھا، تسلی دلاسے دیتا رہا تھا۔ وہ اسے شہر کی بہترین گائناکالوجسٹ کے پاس لے جانے کی بات کررہا تھا۔ وہ اسے علاج کی یقین دہانی کرارہا تھا۔

''تم نے سنا نہیں، وہ ڈاکٹر کیا کہہ رہی تھی! وہ میرے لیے کوئی علاج تجویز نہیں کرسکتی۔'' رو رو کر اس نے اپنی حالت خراب کرلی تھی۔

''سوچو جنت......! آج کون سی ایسی بیماری ہے جس کا علاج سائنس دریافت نہیں کرسکی؟''

''بانجھ ہونا ایک بیماری نہیں ہے...... بانجھ ہونا ایک حقیقت ہے۔''

وہ مایوسی کے اندھیروں میں اتنا غرق ہوچکی تھی کہ اسے اللہ کی ذات نظر آرہی تھی، نہ اپنی تخلیق کی حقیقت سمجھ آرہی تھی۔ ذہن خالی سا ہوگیا تھا۔ برہان کی کوئی دلیل، کوئی حجت اس کا غم ہلکا نہ کرسکی۔ اسے امید نہیں دلاسکی۔ یقین نہ سکھا سکی۔

یکے بعد دیگرے شہر کے کئی بڑے ہاسپٹلز سے اس کے ٹیسٹ ہوئے۔ ہر ٹیسٹ کی ایک ہی رپورٹ تھی۔ ایک ہی حقیقت تھی جس کا احاطہ مختلف ڈاکٹرز نے اپنے مخصوص انداز میں کیا تھا۔

''میں ہی کیوں؟ میرے ساتھ ہی کیوں؟'' وہ اپنی پوری زندگی میں کبھی اتنا نہیں روئی تھی جتنا کہ

اس رات روئی تھی۔اس کے آنسو تھم ہی نہ رہے تھے، دل سنبھل ہی نہ رہا تھا۔یہ محرومی اس کے لیے کیوں؟

اٹھتے بیٹھتے آتے جاتے اب اسے اپنی سسرال میں ساس اور نندوں سے طعنے سننے کو ملنے لگے تھے۔ نقص اس میں تھا تو عتاب کا نشانہ بھی وہی بن رہی تھی۔دوسری شادی کا ذکر بھی بار بار اس کے سامنے ہی چھیڑا جا رہا تھا۔برہان اکلوتا بیٹا تھا اور تائی اپنے پوتے پوتیوں کو گود میں کھلانے کا خواب آنکھوں میں بسائے مزید انتظار کے حق میں نہیں تھیں۔وہ بس اب جلد از جلد برہان کی دوسری شادی کر دینا چاہتی تھیں مگر برہان تھا کہ مان ہی نہ رہا تھا۔وہ کسی طور بھی دوسری شادی کا سوچ ہی نہ رہا تھا۔اسے اولاد کی کوئی جلدی نہ تھی، نہ پریشانی تھی نہ کوئی فکر...... پروا تھی تو صرف جنت کی...... قدر تھی تو صرف اس کے احساسات کی۔

''اگر میرے نصیب میں اولاد لکھی ہے تو وہ مجھے جنت سے بھی ہو سکتی ہے۔'' وہ اکثر کہہ دیتا۔

''بانجھ ہے وہ بانجھ...... ماں نہیں بن سکتی۔'' تائی دن میں ہزار بار دہرایا جانے والا جملہ اس کے سامنے بھی دہرا دیتیں۔

وہ چپ ہو جاتا۔کبھی غصہ کرتا، کبھی جھنجھلا کر اٹھ جاتا۔وہ ان سے کوئی بحث نہیں کر سکتا تھا۔ رپورٹس دکھا کر ان کی رائے نہیں بدل سکتا تھا۔

تائی نے دل کی بیماری سینے سے لگائی اور بستر پر پڑ گئیں۔رو رو کر اپنا حشر الگ خراب کیا۔برہان کو اپنی زندگی موت کے واسطے دیے۔جذباتی بلیک میل کیا مگر وہ پھر بھی ٹس سے مس نہ ہوا۔وہ کوئی بھی ایسا کام کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا تھا جس سے جنت کے جذبات مجروح ہوتے ہوں۔

اور اس کی محبت دیکھ کر جنت ایک لمحے کے لیے خود کو دنیا کی خوش قسمت ترین لڑکیوں میں شمار کرتی اور پھر اپنی محرومی کا سوچ کر بدقسمت ترین میں شامل ہو جاتی۔وہ خود ''ناقص'' تھی، وہ برہان کو ''کامل'' کیسے کرتی؟ وہ خود ''محروم'' تھی، وہ اس کی ''عطا'' کیسے بنتی؟

گھر میں ٹینشن بڑھنے لگی۔تائی امی کا رویہ اس کے ساتھ ہتک آمیز ہو گیا۔اب اس کا ماضی زیر

بحث لایا جانے لگا۔اس کی بدنصیبی اور بدبختی کے سائے اس گھر کی خوشیوں پر محسوس کیے جانے لگے۔

بہت مجبور اور بے بس ہو کر برہان نے بالآخر گھر والوں کے آگے سر جھکا دیا تھا۔

''ٹھیک ہے، کرلوں گا دوسری شادی.....مگر ابھی نہیں۔آپ کچھ انتظار کرلیں۔جنت بہت اپ سیٹ ہے، میں اسے مزید دکھ نہیں دینا چاہتا۔''

جنت کی آنکھیں کرب سے نم ہوگئیں۔گویا وہ ارادہ کرچکا تھا مگر اسے کچھ وقت درکار تھا۔

کیا وہ وقت جنت کے زخم کا مداوا کرسکتا تھا؟ کیا وہ وقت جنت کے نقص کو پورا کرسکتا تھا؟ برہان کو وقت کیوں چاہیے تھا؟ جب ارادہ کرہی لیا ہے تو پھر یہ انتظار کیوں؟ یہ انتظار کس لیے؟

''اے ہے.....اور کتنا انتظار کروں؟ پانچ سال کا انتظار کم ہے کیا؟'' فضیلہ تائی کا پارہ ہی چڑھ گیا۔

''میرا بھی جی چاہتا ہے اپنے پوتے کو گود میں لوں، اسے اپنے ہاتھوں سے کھلاؤں، جانے کتنے دن باقی ہیں زندگی کے.....''

وہ جانے اور کیا کہہ رہی تھیں، اس نے نہیں سنا.....برہان کو ذہنی طور پر تیار کرنے کے لیے وہ اسے مزید کیا حجتیں اور دلیلیں دے رہی تھیں، اس نے نہیں جانا.....جان بھی لیتی تو کیا کرلیتی؟

☆......☆......☆

اس رات برہان کافی تاخیر سے کمرے میں آیا تھا۔وہ بیڈ پر گھٹنوں کو سینے سے لگائے، ان کے گرد بازو باندھے کسی مجسمے کی طرح خاموش اور ساکت بیٹھی تھی۔اس کی دودھیا رنگت کملا کر رہ گئی تھی۔ روشن چمکتی آنکھوں کے دیے بجھ گئے تھے۔ان کے نیچے حلقوں کے اندھیرے تھے۔

وہ اس کے برابر میں بیٹھ گیا تھا۔

''جنت.....!'' اس کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر، اس نے پکارا تھا۔وہ ایک بار پھر سسک پڑی۔

''یہ تم نے اپنی کیا حالت کرلی ہے یار!''

جانتی تھی وہ اس سے شدید محبت کرتا تھا، وہ اسے کسی بھی صورت اس حالت میں نہیں دیکھ سکتا تھا۔ایک محبت اس کی بھی تھی۔ جو شراکت داری برداشت نہیں کر سکتی تھی۔ وہ تو برہان کی فی میل کولیگز سے بھی جیلس ہو جایا کرتی تھی کجا کی اس کی دوسری بیوی...... جس نے برہان کی زندگی میں آنا تھا......اس کا نام لینا تھا۔ اس کے بچے کی ماں بھی بننا تھا۔ اس کی ہمت وہ کہاں سے لائے؟ اس کا حوصلہ وہ کہاں سے لائے؟ یہ اذیت زیادہ بڑی تھی۔ یہ زخم زیادہ گہرا تھا۔

''میری ایک بات غور سے سنو جنت......!'' محبت بھرے لہجے میں ایک عزم تھا۔ایک عہد، ایک یقین...... ''میری زندگی میں جو تمہاری جگہ ہے، اسے کوئی اور نہیں لے سکتا۔''

کمرے میں جلتے واحد بلب کی روشنی تیز ہوئی تھی۔

''محبت میں نے صرف تم سے کی ہے، اور صرف تم سے ہی کرتا رہوں گا۔'' وہ اس کے ہاتھ پر گرفت مضبوط کیے بہت مان سے کہہ رہا تھا۔

''ہم ہمیشہ ساتھ رہیں گے۔ ہمارے درمیان کبھی کوئی فاصلہ نہیں آئے گا۔ یہ میرا وعدہ ہے تم سے......'' وہ یقین دہانی کراتے ہوئے اسے آئندہ کل کے لیے تیار کر رہا تھا۔

''میں کل بھی تمہارا تھا، آج بھی تمہارا ہوں اور ہمیشہ رہوں گا۔''

اور جنت، جنت کمال...... اپنی محرومی پر اس کی محبت کی ردا چڑھائے...... اس کے ایک ایک لفظ پر ایمان لے آئی تھی۔ لڑکپن سے لے کر آج تک اس نے یہی تو کیا تھا۔ اسے اب بھی یہی کرنا تھا۔

وہ تائی کا اکلوتا بیٹا تھا۔ بہت خواب تھے، امیدیں تھیں گھر بھر کے لوگوں کی اس کے لیے......اس کے بچوں کے لیے......وہ یہ ظلم اس پر نہیں ہونے دے سکتی تھی۔ جس سے محبت ہو، اس کی خوشیاں اپنی ذات سے بڑھ کر عزیز ہو جاتی ہیں۔ اسے بھی وہ بہت عزیز تھا۔ تب ہی نصیب کے آگے سر جھکاتے ہوئے اس نے دل پر بھاری پتھر رکھ لیا تھا۔ تب ہی اس کے وعدوں پر بھروسا کر کے دوسری شادی کے لیے بھی راضی ہو گئی۔

☆......☆......☆

جس روز برہان کا نکاح تھا، اس روز اس کی تمام تر ہمت جواب دے گئی تھی۔ وہ کمرے میں تیار ہو رہا تھا اور اس نے روتے سسکتے اس کے سامنے ہاتھ جوڑ دیے تھے۔

''مت جاؤ برہان، میں مر جاؤں گی۔''

اس کے ہاتھ تھام کر، اسے بیڈ پر بٹھاتے ہوئے وہ اس کے قدموں میں بیٹھ کر اسے ایک بار پھر سمجھا رہا تھا۔ اور وہ سمجھ نہیں رہی تھی۔ وہ بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر روئے جا رہی تھی۔

کیا اس نے اپنی پوری زندگی میں کبھی اس وقت کو بھی سوچا تھا؟ اذیت پر مشتمل ان لمحوں کا گمان کیا تھا؟ برہان کی زندگی میں کوئی اور آئے گی اور وہ اسے آنے دے گی؟ کچھ کر ہی نہ سکے گی؟ وہ گھڑی جب محبت کا واسطہ بھی کام نہیں آئے گا؟

''تم تیاری کرو میں تمہیں حفصہ آپی کے گھر ڈراپ کر دیتا ہوں، واپسی پر پک کر لوں گا۔''

''نہیں، مجھے کہیں نہیں جانا۔ یہیں بیٹھ کر تمہارا انتظار کرنا ہے۔''

''جنت! ضد مت کرو۔''

''میں یہاں سے کہیں نہیں جاؤں گی۔'' وہ حواسوں میں نہیں لگ رہی تھی۔ ناچار اسے حفصہ آپی کو فون کرنا پڑا تھا۔ اس کی نہ نہ کے باوجود وہ اسے زبردستی اپنے ساتھ لے گئی تھیں۔

شدت سے روتے ہوئے کچھ بے قابو ہو کر وہ اس رات امی کے گھر چلی آئی تھی۔ وہ ان سے ملنا چاہتی تھی۔ ان کے گلے لگنا چاہتی تھی۔ ان کے قدموں میں گرنا چاہتی تھی۔ مگر ہانیہ نے اسے ڈرائنگ روم سے آگے ان کے کمرے تک جانے نہیں دیا تھا۔

''وہ تم سے نہیں ملیں گی۔''

''صرف ایک بار......صرف ایک بار! مجھے ان سے بات کرنی ہے۔''

کھٹاک کی آواز کے ساتھ نفیسہ کے کمرے کا دروازہ مقفل ہو گیا تھا۔ ایسا پہلے بھی ہو چکا تھا۔ کئی

https://novelskidunya.com/

بار ہو چکا تھا۔ وہ جب بھی آتی تھی، یہی ہوتا تھا۔ نفیسہ اس کی شکل تک نہ دیکھنا چاہتی تھیں۔ وہ خود کو کمرے میں بند کر لیتی تھیں۔

ہانیہ کو راستے سے ہٹا کر وہ ان کے بند کمرے کا دروازہ زور زور سے بجانے لگی تھی۔ ہمیشہ کی طرح...... کچھ اذیت...... کچھ دکھ...... کچھ کرب اور بے بسی کے ساتھ۔

''مجھے دعا دے دیں امی......! مجھے ایک دعا دے دیں۔ صرف ایک بار میرے لیے ہاتھ اٹھا لیں۔ صرف ایک بار...... امی...... امی......!'' وہ روتے ہوئے ان کی منتیں کر رہی تھی...... گڑگڑا رہی تھی۔ ''مجھے مار لیں، میرا منہ نوچ لیں، میری جان نکال لیں، لیکن یہ نہ کریں...... پلیز یہ نہ کریں۔''

مگر دوسری طرف ہمیشہ کی طرح خاموشی چھائی رہی تھی۔

''اللہ کے لیے دروازہ کھول دیں امی...... مجھے آپ کی ضرورت ہے، بہت ضرورت ہے۔'' روتے بلکتے وہ گھٹنوں کے بل گر سی گئی۔

''ان کی طبیعت خراب ہو جائے گی جنت، اب جاؤ یہاں سے۔'' ہانیہ نے اسے کندھوں سے پکڑ کر وہاں سے ہٹانے کی کوشش کی تھی مگر اس نے ہاتھ جھٹک دیے تھے۔ دروازے کو پکڑ لیا تھا۔

''آج اس کا نکاح ہے۔ امی!'' سسکیوں کے بیچ وہ بمشکل کہہ پائی۔ ''میں ابھی تک ماں نہیں بن سکی تو اس لیے...... وہ دوسری شادی کر رہا ہے۔''

لب بھینچ کر، آنکھیں رگڑ کر اس نے دروازے پر دستک دی۔ ''امی! آپ سن رہی ہیں مجھے؟'' بہت پیار، بہت محبت اور لجاجت سے وہ دروازے سے لگ گئی تھی۔ ''امی! میں اس وقت صرف چھ سال کی تھی۔'' اس کا گلا بیٹھا ہوا تھا۔ گلوگیر آواز کمزور سی تھی۔ ''صرف چھ سال کی تھی امی!'' جسم لرز رہا تھا۔ دل تڑپ رہا تھا۔ آنکھیں بار بار بھیگ رہی تھیں۔ وہ کسی ننھے معصوم بچے کی طرح ٹوٹ ٹوٹ کر اپنی صفائی دے رہی تھی۔ ''میں نے اسے نہیں مارا تھا، میرا یقین کریں۔ میں نے اسے......'' اس کی ہچکیاں بندھ

گئیں۔ ’’مجھے معاف کر دیں۔ اللہ کے لیے...... مجھے معاف کر دیں۔ مجھے دعا دے دیں۔ دیکھیں نانا بھی نہیں رہے۔ برہان بھی نہیں رہے گا۔ میں اکیلی رہ جاؤں گی۔ امی! اللہ کے لیے......صرف ایک دعا، میرے لیے صرف ایک دعا۔‘‘

لیکن دعا نہیں ملی۔ دروازہ بھی نہ کھلا۔ ہمیشہ کی طرح اس رات بھی حفصہ آپی اسے زبردستی وہاں سے اٹھا کر لے گئی تھیں۔

برہان بار بار فون کر رہا تھا۔ اس کی خیریت معلوم کرنا چاہ رہا تھا مگر اس نے فون پر اس سے بات نہیں کی تھی۔ نیند کی گولی لے کر آرام کرنا چاہا مگر اس کی بے چینی اور بے قراری میں کسی صورت افاقہ نہیں ہوا تھا۔ اگر جو یہ نقص اس کی زندگی میں نہ ہوتا؟ اگر جو یہ محرومی اس کا مقدر نہ ہوتی؟ اس نے لاکھ کوشش کی واپس گھر جانے کی مگر حفصہ آپی نے اسے جانے نہ دیا۔

یہ بھی برہان کی ہی خواہش تھی کہ وہ کچھ روز ان کے یہاں ہی ٹھہرے۔ فضیلہ تائی گھر کو سجا رہی تھیں۔ نئی دلہن کا کمرہ سیٹ ہو رہا تھا، دیگر رسمیں ادا ہو رہی تھیں۔ اس صورت میں وہ جنت کو وہاں نہیں لانا چاہتا تھا۔ البتہ آفس سے واپسی پر وہ روز ہی اس کے پاس آتا تھا۔ محبت کا یقین دلاتا تھا، اس کا خوف، اس کے خدشات کو ختم کرنے کی کوشش بھی کرتا تھا۔ جب تک وہ پاس ہوتا، وہ ہر ایک بات پر یقین کرتے ہوئے ہلکی پھلکی سی ہو جاتی۔ صرف یہ احساس کہ برہان صرف میرا ہے، اسے تمام خدشات سے مبرا کر دیتا، ہمت جگا دیتا، حوصلہ بڑھا دیتا۔ اور جوں ہی وہ نظروں سے اوجھل ہوتا، تنہائی اسے سانپ کی طرح ڈسنے لگتی۔ محرومیاں نئے سرے سے سر اٹھاتیں اور وہ خود اذیتی کی دلدل میں دھنستی چلی جاتی۔

’’یہ اذیت، یہ دکھ، یہ کرب، یہ محرومی میری زندگی میں کیوں؟‘‘ وہ سوچتی اور رو دیتی۔

☆......☆......☆

برہان کی شادی دھوم دھام سے سرانجام پا گئی تھی۔ ولیمہ کے بعد ہی وہ اسے اگلے روز ہی لینے آ گیا تھا۔ حفصہ آپی اسے ڈرائنگ روم میں بٹھائے کافی دیر تک کچھ کہتی رہی تھیں اور وہ انہیں تسلی دیتا رہا تھا۔ وہ ان کی بہن کو جان سے بھی بڑھ کر چاہتا تھا۔ اسے تکلیف دینے کا تو وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ وہ ہر طرح سے اس کا خیال رکھنے کی یقین دہانی کروا رہا تھا۔

تیار ہو کر جب وہ نیچے آئی تو برہان اسے بہت فریش اور نکھرا نکھرا سا لگا۔ جینز پر سفید شرٹ میں ملبوس، بال سلیقے سے جمے ہوئے، کلائی پر قیمتی گھڑی۔ وہ اپنی مکمل تیاری میں ہمیشہ کی طرح بہت اچھا لگ رہا تھا۔ جنت پر نظر پڑتے ہی اس کی آنکھوں کی چمک بڑھی تھی۔ وہ اٹھ کھڑا ہوا۔ حفصہ آپی نے انہیں دعاؤں کے سائے تلے رخصت کیا تھا۔

ڈرائیونگ کے دوران وہ اس سے ہلکی پھلکی باتیں کرتا رہا۔ معمول کے مطابق..... جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔ جیسے کوئی تیسرا فرد ان کی زندگی میں آیا ہی نہیں۔

یہاں سے وہ سیدھا اسے ریسٹورنٹ لے کر گیا تھا۔ اس کی من پسند ڈشز کا آرڈر دے کر وہ میز پر اس کی طرف جھکا تھا۔

"کیا خیال ہے لنچ کے بعد شاپنگ پر چلیں؟" وہ شاید اس کے ساتھ زیادہ سے زیادہ وقت گزارنا چاہتا تھا۔

جنت اس کی آنکھوں میں دیکھ رہی تھی۔ وہ اس کا برہان تھا۔ وہ ذرہ بھر نہیں بدلا تھا۔ اس کی زندگی میں جنت کی وہی اہمیت تھی۔ وہی مقام تھا۔ وہ اس سے آج بھی اتنی ہی محبت کرتا تھا۔

"تم نے میرے لیے بہت بڑی قربانی دی ہے جنت.....! میں تمہارا یہ احسان کبھی چکا نہیں پاؤں گا۔" لنچ کے بعد جب وہ گاڑی کی طرف جا رہے تھے تو اس نے کہا تھا۔ "اللہ نے اگر مجھے اولاد سے نوازا تو ان پر تمہارا بھی اتنا ہی حق ہوگا جتنا میرا یا ماہین کا۔"

وہ خاموش ہوگئی تھی۔ اولاد کا ذکر ایسے ہی اس پر جمود طاری کر دیتا تھا۔

شاپنگ بیگز ہاتھوں میں پکڑے جس لمحے وہ برہان کے ساتھ گھر میں داخل ہوئی، نگاہ سیدھی ماہین پر گئی۔

سرخ کامدار جوڑے میں ملبوس، نک سک سے تیار، نئی نویلی دلہن اس سے بہت خوش اخلاقی سے ملی تھی۔ البتہ فضیلہ تائی کے تیور کچھ بگڑے ہوئے سے لگ رہے تھے۔ انہیں برہان کا شادی کے دوسرے روز ہی جنت کو وقت دینا بالکل بھی اچھا نہیں لگ رہا تھا۔

جنت معذرت چاہتے ہوئے اپنے کمرے کی طرف گئی تو برہان بھی اس کے پیچھے چلا گیا تھا۔

لاؤنج میں سامنے بیٹھی ماہین کے چہرے پر ایک تاریکی سی چھا گئی۔ سرتاج نے تو نظر بھر کر اسے دیکھا تک نہ تھا۔ حالانکہ وہ اپنی ساس کے کہنے پر اس کے لیے کتنے شوق سے تیار ہو کر بیٹھی تھی۔

فضیلہ تائی بھی سارا وقت اندر ہی اندر جلتی کڑھتی رہی تھیں۔ انہوں نے تو ماہین سے بھی کہہ دیا تھا۔

''صبر سے کام لینا بیٹی! غلام ہے یہ جنت کا، وقت لگے گا پر وہ تمہارا بھی ہو جائے گا۔ آخر تم اسے بچہ دو گی۔'' اپنی بہو کا اڑتا رنگ انہوں نے بھانپ لیا تھا۔ ماہین بدقت مسکرا دی تھی۔ مگر اس کی آنکھوں میں کچھ تھا، کوئی ایسا تاثر جو شعلہ بن کر لہرا رہا تھا۔

☆......☆......☆

شادی کے بعد برہان اپنے حقوق و فرائض کا اسی طرح خیال رکھ رہا تھا، جیسے وہ شادی سے قبل رکھا کرتا تھا۔ مجبوری تلے دبی جنت کے لیے صورت حال کچھ ایسی تھی کہ اسے بھی سمجھوتہ کرنا پڑا تھا۔ وہ ماہین کو پسند نہیں کرتی تھی، نہ ہی کر سکتی تھی مگر پھر بھی وہ اس کے کسی بھی معاملے میں دخل اندازی نہیں کرتی تھی۔ وہ اسے اس گھر میں مکمل طور پر اس طرح نظر انداز کرتی تھی جیسے وہاں اس کا وجود ہے ہی نہیں۔ جس ذہنی اذیت سے وہ روز گزرتی تھی، اس لحاظ سے یہ خیال اس کے لیے بہتر بھی تھا۔

شروع کے دو ماہ سب ٹھیک رہا تھا۔ نہ برہان کے رویے میں تبدیلی آئی تھی، نہ محبت میں کمی واقع ہوئی تھی۔ وہ آج بھی اسے شدتوں سے چاہتا تھا۔ اور اس وقت..... تہی دامن جنت کے لیے برہان کی محبت آب حیات سے کم نہ تھی۔ لیکن جب ماہین امید سے ہوئی تو جہاں اس کی سوئی ہوئی اذیتیں جاگ اٹھیں وہاں برہان کا دل بھی بدل گیا۔ ماہین پہلے اس کی صرف بیوی تھی، اب وہ اس کے بچے کی ماں بننے والی تھی۔ اس کا اسٹیٹس اونچا ہو رہا تھا۔ وہ اس کے دل میں اپنا مقام بنانے میں کامیاب ہو رہی تھی۔ وہ زیادہ وقت ماہین کو دینے لگا تھا۔ اس کی پسند ناپسند کا خیال رکھنے لگا تھا۔

پہلے احساسات میں فرق آیا، پھر ترجیحات بدلنے لگیں۔ شادی کے پانچ سال اس نے صرف جنت کے نام کیے تھے۔ اب وہ کچھ وقت خالص اپنے بچے کی ماں کے لیے بھی نکالنا چاہتا تھا۔ اور یہیں سے فاصلے بڑھے تھے۔ دوریوں کا آغاز ہوا تھا۔ یہیں سے بدگمانیاں اٹھی تھیں اور شکووں کا آغاز ہوا تھا.....

اور پھر رفتہ رفتہ سب بدل گیا تھا۔ جذبات، احساسات اور ترجیحات بھی۔ جانے کیسے وہ نظروں میں رہ کر بھی نظروں سے اوجھل ہوئی، جانے کیسے برہان کی محبت جب آزمائش کی بھٹی سے گزر کر نکلی تو پھر..... محبت نہ رہی۔

☆.....☆.....☆

وہ سیڑھیاں اتر رہی تھی۔ کندھے مایوسی کے بوجھ تلے جھکے ہوئے تھے۔ آنکھیں بے بسی کے احساس سے نم ہو رہی تھیں۔ اس کا رخ کچن کی طرف تھا اور کچن سے برہان واصف کی آواز آ رہی تھی۔

"کیسی باتیں کرتی ہو ماہی! تم نے تو مجھے مکمل کر دیا ہے۔"

وہ جو پانی پینے کی غرض سے کچن کے اندر جا رہی تھی، اس کا یہ جملہ سن کر دروازے میں ہی رک گئی تھی۔ کاؤنٹر ٹیبل کے اس طرف..... ماہین کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے وہ سنجیدگی سے کہہ رہا تھا۔ مسکراتا ہوا پرکشش چہرہ..... اور براؤن آنکھوں کی چمک..... کتنا خوش لگ رہا تھا وہ..... کتنا مکمل لگ رہا تھا ماہین کے ساتھ.....

''آئندہ ایسی باتیں مت کرنا! بہت اہم ہو تم میرے لیے.....''

''صرف اہم ہوں؟ پیار نہیں کرتے آپ مجھ سے؟'' وہ جنت کو دروازے میں دیکھ چکی تھی اور بڑی لگاوٹ سے پوچھ رہی تھی۔

''اہم وہی ہوتے ہیں جن سے محبت ہوتی ہے۔''

اسے پتھر نہیں ہونا تھا، مگر وہ ہوگئی تھی۔

محبت کا اعتراف......! ہاں یہ محبت کا اعتراف ہی تھا۔ ماہین سے شادی کے پورے چھ ماہ بعد۔ یہ محبت کا اعتراف تھا۔ وہ جس کی پہلی اور آخری محبت ''جنت'' تھی، اب اس کی کل ''محبت'' اس کے بچے کی ماں ہوگئی تھی۔

''ہاں میں جانتی ہوں، آپ کی محبت ہی تو میرا سہارا ہے۔'' خوش دلی سے مسکراتے ہوئے اس کی آنکھوں میں عجیب سی چمک ابھری تھی۔

ماہین کو اپنے بازو کے حصار میں لیتے ہوئے اس نے آہستہ سے رخ بدلا تھا اور تب اس کی نگاہ جنت پر پڑی، ایک لمحے کے لیے وہ رک سا گیا...... ماہین کا ہاتھ اس کے ہاتھ سے چھوٹا تھا۔ یونہی غیر ارادی طور پر......

اس کی یہ حرکت...... ماہین کو تاؤ دلا گئی۔

''ارے جنت! تم کب آئیں، ہمیں پتا ہی نہ چلا۔'' اپنے تاثرات کو نرمی میں ڈھالتے ہوئے اس نے خوش اخلاقی کا مظاہرہ کیا۔ برہان کے سامنے اس کا لہجہ ہمیشہ مٹھاس لیے ہوتا تھا۔

وہ جو یہاں پانی پینے آئی تھی، غم پر ہی اکتفا کر کے پلٹ گئی۔

تیزی سے سیڑھیاں چڑھ کر جب وہ کمرے میں آئی تو اس کا چہرہ آنسوؤں سے تر ہو رہا تھا۔

اس نے کمرے کا دروازہ بند کر دیا تھا مگر لاک نہیں لگایا۔ وہ چاہتی تھی جب برہان اس کے پیچھے

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

آئے تو اسے دروازہ بند نہ ملے۔

اب وہ بھاری دل کے ساتھ بیڈ پر بیٹھی تھی۔ بے قراری سے انگلیاں چٹخا رہی تھی۔ آنسو تھے کہ بہے جا رہے تھے، دل تھا کہ رکا جا رہا تھا۔

نوبت یہاں تک پہنچ جائے گی؟ محض چند ماہ کے اندر اندر......؟ وہ بے یقین سی ہوئی۔ نفی میں سر ہلا کر اس نے آنکھیں رگڑ کر صاف کیں، پھر خود کو سنبھالتے ہوئے نگاہیں دروازے پر مرکوز کر لیں۔

ابھی وہ بھاگا بھاگا آئے گا اور کہے گا۔ ''میری جنت! تمہیں سننے میں غلطی ہوئی ہے۔''

ہاتھ پکڑے گا، آنسو پونچھے گا، پھر اس کی آنکھوں میں جھانک کر اپنا عہد دہرائے گا۔ ''بھلا مجھے بھی تمہارے سوا کسی اور سے محبت ہو سکتی ہے؟''

پھر اس کی آنکھوں میں نمی آئے گی اور لبوں پر محبت کے نام کی تسبیح...... ''تم میری پہلی اور آخری محبت ہو! تمہاری جگہ میرے دل میں اور کوئی نہیں لے سکتا۔''

اور وہ فوراً مان جائے گی۔ کوئی نخرہ نہیں دکھائے گی۔ کوئی اعتراض نہیں اٹھائے گی۔

مگر وہ ہم سفر، ہم نوا، مجازی خدا، وہ یہ سب کہنے آیا ہی نہیں...... بار بار آنکھیں مسلتے، گال رگڑتے وہ منتظر سی بیٹھی رہی...... مگر برہان واصف! وہ آیا ہی نہیں۔

مٹیالی شام کے اندھیروں میں غرق...... اس کے انتظار میں بے قرار...... وہ ایک بار پھر بھول رہی تھی کہ پچھلے تین ماہ سے برہان ایک بار بھی تو اسے یہ سب کہنے نہیں آیا تھا۔

☆......☆......☆

''تم بانجھ ہو جنت......! اور بانجھ عورت مرد پر ایک بوجھ کے سوا کچھ نہیں ہوتی۔''

بانجھ اور بوجھ؟ محرومی کا احساس شدید تر ہوا۔ بے بسی کا احساس قوی تر......

اس نے گال پر پھسلتی لٹ کو کان کے پیچھے اڑس کر ماہین کی طرف دیکھا۔ کامدار کاٹن سوٹ میں

ملبوس، لائٹ سا میک اپ کیے، سفید دوپٹا اپنے وجود پر پھیلائے وہ ہمیشہ کی طرح نکھری نکھری سی بہت فریش لگ رہی تھی۔ اس نے دانستہ اپنا داہنا ہاتھ میز پر سامنے رکھا ہوا تھا جس میں آج گولڈ کی ایک نئی رنگ چمک رہی تھی۔ جنت نے خاموشی سے ریفریجریٹر کھول کر پانی کی بوتل نکالی، ریک سے کانچ کا گلاس اٹھایا اور ٹھنڈا پانی انڈیلنے لگی۔

اس کا بغور جائزہ لیتے ہوئے ماہین نے چائے کا سپ لیا۔

''بہت محبت کرتا ہے وہ مجھ سے، بہت خیال رکھتا ہے وہ میرا.....اور کیوں نہ رکھے؟ آخر میں اسے ایک بچہ دے رہی ہوں۔'' لہجے میں تکبر بھرا تھا، آواز میں رعونت تھی، آنکھوں سے غرور جھلکتا تھا۔ جیسے سارا کمال صرف اس کا تھا، جیسے عطا صرف اس کے ہاتھ میں تھی۔ جیسے قضا کے فیصلے اس کی مرضی، اس کی منشا سے ہوتے تھے۔

''جتنی طوفانی محبت وہ تم سے کرتا تھا اور شادی کے بعد بھی جس طرح وہ تمہارا خیال رکھتا تھا، میں تو یہ سمجھی تھی کہ وہ میری طرف دیکھے گا بھی نہیں۔''

جنت کی زرد رنگت میں اک کرب سا ٹھہر گیا۔ سرخ و متورم آنکھوں کی نمی کچھ اور بڑھ گئی۔

''اور اب دیکھو، اتنی محبت، اتنا پیار.....آخر کیوں نہ کرے.....میں اس کے ہونے والے بچے کی ماں جو ہوں۔'' اترا کر کہتے ہوئے اس نے اپنی گردن اونچی کی تھی۔ سر یوں اٹھایا تھا جیسے وہ کسی سلطنت کی ملکہ ہو۔

بھلا وہ کیسے لوگ ہوتے ہیں جنہیں اللہ بغیر کسی تڑپ، بغیر کسی دعا، بغیر کسی انتظار کے سب عطا کر دیتا ہے؟ اس نے خالی گلاس میز پر رکھ دیا تھا۔

''سچ پوچھو تو میں بھی اس سے محبت کرتی ہوں.....شراکت داری اب مجھ سے برداشت نہیں ہوتی۔'' ماہین نے ایک اور وار کیا تھا۔ اور اس کا ہر وار ٹھیک نشانے پر بیٹھتا تھا۔

''جب میں نے شراکت برداشت کر لی تو تمہیں کیا مسئلہ ہے؟'' اس نے متحمل ہو کر پوچھا تھا۔

''تمہاری تو مجبوری ہے، میری ایسی کوئی مجبوری نہیں ہے، میں برہان کے بچے کی ماں بننے والی ہوں، میں اسے ایک بچہ دے رہی ہوں جنت...... تم اسے کیا دے رہی ہو؟ پچھلے پانچ سالوں میں تم نے اسے دیا ہی کیا ہے؟'' تمسخر اڑاتا ہوا لہجہ......

جنت کا وجود چھلنی ہوا۔ جواباً وہ کچھ کہہ نہ سکی۔ ماہین، برہان کے ہونے والے بچے کی ماں تھی۔ اس کا پلڑا بھاری تھا...... وہ اس سے کوئی بحث نہیں کر سکتی تھی۔

اب یہی مناسب تھا وہ ناشتے کا ارادہ ترک کر دے اور بھوکی پیاسی یہاں سے چلی جائے۔

''تم اسے چھوڑ کیوں نہیں دیتیں؟''

جنت کے قدموں کی حرکت تھمی۔ کچھ متوحش ہو کر اس نے ماہین کو دیکھا۔ وہ سینے پر بازو باندھے اس کے سامنے کھڑی تھی۔

''تم ہوش میں تو ہو؟''

''ہاں، ہوش میں ہوں، اور دیکھنا چاہتی ہوں ایک بانجھ لڑکی کہاں تک لڑ سکتی ہے۔'' استہزائیہ انداز میں کہتے ہوئے وہ کچن میں چلی گئی اور جنت صدمے سے گنگ اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔

بانجھ......! وہ ایک لفظ نہیں، خنجر تھا...... دل میں اترتا تھا اور لہولہان کر دیتا تھا۔

بانجھ......! وہ محرومی کا احساس نہیں، جلتا ہوا انگارہ تھا، وجود پر گرتا تھا اور بھسم کیے جاتا تھا۔

☆......☆......☆

شام کے پانچ بج رہے تھے۔ سہ پہر کا سورج غروب ہو رہا تھا۔ وہ اپنے کپڑے استری کر رہی تھی۔ معاً کسی خیال کے ذہن میں آتے ہی اس نے استری رکھ کر موبائل اٹھا لیا تھا۔ اب وہ برہان کا نمبر ڈائل کر رہی تھی۔ پھر خاموشی سے اگلے کئی لمحوں تک گھنٹی گنتی رہی تھی۔ موبائل شاید سائلنٹ پر تھا۔ برہان

نے خاصی تاخیر سے کال ریسیو کی تھی۔

"ہاں بولو......!" اس کی محبت، عنایت اور الفت کی طرح، اس کے لفظ بھی کم پڑ گئے تھے۔

فقط دو لفظوں کا مستحق جانا گیا تھا اسے...... جنت کو اپنا آپ بے حد ارزاں محسوس ہوا جیسے وہ خاک ہے۔ پیروں تلے روندی جا رہی ہے۔

"تم نے تو مجھے مکمل کر دیا ہے۔" اس نے ذہن میں ابھرتی اس آواز کو جھٹک دیا اور ڈھیٹ بن گئی، بے حس ہو گئی۔

"السلام علیکم! کیسے ہو؟"

گھر میں تو بات کرنے کے موقعے کم ہی میسر تھے۔ کمرے میں آنا بھی تقریباً چھوڑ دیا تھا اس نے...... تمام تر محبت، توجہ اور عنایتیں دوسری بیوی کے لیے رہ گئی تھیں۔

"ہوں، ٹھیک ہوں! لیکن مصروف ہوں۔"

وہ اکثر سوچتی تھی، آج پھر سوچنے لگی تھی، کیا یہ وہی برہان ہے جو اپنی دوسری شادی سے اپ سیٹ تھا؟ جو اس کے احساسات کی اتنی قدر کرتا تھا کہ بمشکل دوسری شادی کے لیے راضی ہوا تھا؟ جسے جذبات کی اتنی فکر تھی کہ گھر کو برقی قمقموں سے سجانے نہ دیا تھا۔ وہ جو صرف اس کا تھا، جو صرف اسے چاہتا تھا؟

اب تو ان کے مابین بدگمانیوں کی اتنی دیواریں کھڑی ہو چکی تھیں کہ وہ کچھ کہنا بھی چاہتی تو کہہ نہیں سکتی تھی مگر آج اسے کچھ کہنا تھا، فاصلے کی اس دیوار کو توڑنے کے لیے...... ایک کوشش اسے ضرور کرنی تھی۔

"میں سوچ رہی تھی اگر آج تم اور میں، حفصہ آپی کی طرف چلے جائیں؟" کیا کبھی اس نے سوچا تھا کہ اسے اس قدر محتاط انداز میں ڈر ڈر کر برہان سے بات کرنا ہو گی؟

"اور ماہین کو گھر میں اکیلا چھوڑ جائیں؟" وہ اس کے مطالبے پر بدک ہی تو گیا تھا۔ "جانتی بھی

https://novelskidunya.com/

ہو اس کی طبیعت ٹھیک نہیں رہتی۔ آج شام ڈاکٹر کے پاس اپائمنٹ بھی ہے۔"

"اصل میں حفصہ آپی نے فون کیا تھا۔ آج شام کھانے پر......"

"ان سے معذرت کرلو! پھر کبھی چلے جائیں گے۔" اس نے فوراً سے کال کاٹ دی۔ جنت موبائل کان سے لگائے کھڑی رہ گئی۔ خشک لبوں کو تر کرتے ہوئے اس نے موبائل رکھ دیا۔

ایک بار پھر اپنی تمام تر توجہ آئرن اسٹینڈ کی جانب مرکوز کی اور اپنا وہ جوڑا پریس کرنے لگی جس کا رنگ برہان کا پسندیدہ رنگ تھا اور جسے آج وہ اس کے لیے پہننا چاہتی تھی، اس کے لیے تیار ہونا چاہتی تھی۔

آنسو ٹپ ٹپ آنکھوں سے گرنے لگے اور یہی برہان کہا کرتا تھا۔ مر جائے گا مگر دوسری شادی نہیں کرے گا۔

کپڑے پریس کر کے، الماری میں ہینگ کر کے وہ بیڈ پر بیٹھ گئی۔ کچھ دیر اس نے حفصہ آپی سے فون پر بات کر کے ان سے معذرت کر لی کہ آج رات وہ ان کی طرف کھانے پر نہیں آسکے گی کہ اس کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔

اس کا دل تنگ سا ہونے لگا۔ وہ ہوا خوری کے لیے باہر لان میں آگئی۔ سامنے ہی ماہین فون کان پر لگائے ٹہل رہی تھی۔

"نہیں برہان! مجھے وہ بلیک والا ہی چاہیے۔ آپ کو ہر حال میں مجھے وہی دلانا ہوگا۔" دوسری طرف سے جانے کیا کہا گیا تھا کہ وہ کھلکھلا کر ہنس پڑی تھی۔ ایک نظر جنت پر ڈالی پھر ایک ادا سے ہٹا کر رک گئی۔

"ارے ہاں، بے بی کا نام تو ابھی تک ہم نے سوچا ہی نہیں ہے۔"

جنت کو دیکھ کر ہی اسے اپنے ہونے والے بچے کا خیال آیا کرتا تھا۔

"ہوں! ٹھیک ہوں! لیکن مصروف ہوں۔"

جنت نے سر اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھا۔ وہ اندر کی گھٹن سے تنگ ہو کر باہر آئی تھی مگر باہر کا حبس شدید تھا۔ اس کا دم گھٹنے لگا۔

میرے لیے اب اس کے پاس چند لمحے بھی نہیں رہے؟ یہی برہان تھا جسے پوری دنیا میں سوائے جنت کے اور کچھ نظر ہی نہیں آتا تھا اور اب سب نظر آتا تھا سوائے اس کے......

حلق میں آنسوؤں کا پھندا سا اٹک گیا۔

ماہین ٹھیک ہی کہتی تھی۔ زندگی میں تو وہ اسے رکھے ہوئے تھا مگر دل سے تو کب کا نکال چکا تھا۔ ورنہ وہ کچھ تو احساس کرتا، کچھ تو خیال کرتا۔

وہ تھکے ہارے انداز میں واپس پلٹ آئی۔ ملازمہ کھانے کی تیاری کر رہی تھی۔ اس نے خود کو کمرے میں مقید کر لیا۔

پھر اس نے گاڑی کی آواز سنی اور اٹھ کر کھڑکی میں آ گئی۔ ماہین خاص طور پر برہان کے لیے تیار ہوئی تھی۔ اس کا پسندیدہ رنگ زیب تن کیے...... کسی پھول کی طرح کھلی کھلی لگ رہی تھی۔ تیاری سے واضح تھا وہ صرف ہاسپٹل نہیں جائیں گے...... آج رات کا کھانا بھی کہیں باہر تناول فرمایا جائے گا۔ آج رات بھی وہ تاخیر سے لوٹیں گے۔

ملازمہ نے دستک دے کر اس سے شام کے کھانے سے متعلق پوچھا تو اس نے منع کر دیا۔ آج رات پھر اسے بھوکا ہی سونا تھا۔

☆......☆......☆

دروازہ کھلنے کی آواز سماعت سے ٹکرائی تو اس کی آنکھ کھل گئی تھی۔ گھٹنوں سے سر اٹھاتے ہوئے اس نے بے اختیار سامنے دیکھا۔ برہان سرد نگاہوں سے اسے دیکھتے ہوئے دروازے میں کھڑا تھا۔ چہرے کے تاثرات سرد تھے۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

''تم آ گئے برہان......! میں تمہارا ہی انتظار کر رہی تھی۔
برہان کے تاثرات ہنوز سخت ہی تھے۔ وہ اس کی خاموشی سے کچھ پریشان ہوئی۔''کیا بات ہے، سب ٹھیک تو ہے؟''
''ماہین کے ساتھ تم کس طرح کی باتیں کرتی رہتی ہو؟''
''جی......؟''وہ خاک نہ سمجھی۔
''ہم ہنی مون پر کہاں گئے؟ کہاں گھومتے پھرتے رہے۔ میں نے تمہیں کیا گفٹ دیے۔ ہم نے وقت کیسے گزارا...... یہ سب...... یہ سب اسے بتانے کی کیا ضرورت ہے؟ کیوں دل جلاتی ہو اس کا جنت......! وہ اپ سیٹ ہو جاتی ہے۔''
وہ ہق دق اسے دیکھ رہی تھی۔ اس نے یہ نہیں پوچھا جنت تم نے کچھ کھایا یا نہیں۔ میں تمہیں روز اکیلا چھوڑ کر چلا جاتا ہوں، تمہیں ڈر تو نہیں لگتا؟ تم خفا تو نہیں ہوتیں؟ تمہیں وقت نہیں دیتا، تم سے بات نہیں کرتا، تمہیں کہیں برا تو نہیں لگتا؟ کہا بھی تو کیا؟ ڈانٹا بھی تو کس بات پر؟ فکر ہوئی بھی تو کس امر کی؟
''جنت! آخر تمہیں ہو کیا گیا ہے؟ کیوں اپنی اور میری زندگی مشکل بنا رہی ہو یار!''وہ زچ ہو رہا تھا۔
اور جنت اپنی جگہ ساکت بیٹھی تھی۔ ماہین کچھ بھی کہتی ہے اور وہ یقین کر لیتا ہے؟ کچھ بھی بتاتی ہے اور وہ مان لیتا ہے؟
اس نے کچھ کہنے کے لیے لبوں کو حرکت دی مگر آواز نے ساتھ نہ دیا۔ آواز باغی ہوئی، آواز کرب میں معدوم ہوئی۔
''میں سمجھ سکتا ہوں محرومی کا احساس برا ہوتا ہے، مگر اس محرومی میں دوسروں کو اذیت پہنچانا، انہیں نیچا دکھانا...... کم از کم اس کی توقع نہیں کر رہا تھا میں تم سے......''جنت کے اندر چھنا کے سے کچھ ٹوٹا تھا۔ وہ سر تا پیر لہولہان ہو گئی۔

صرف ''محرومی'' ہی ہے اس کے اندر؟ اور کچھ نہیں؟ جذبات، احساسات، خواب، خواہشات......اور کچھ بھی نہیں؟

''مجھے اپنے بچے کی بہت فکر ہے اور ماہین کے ساتھ تمہارا رویہ میری برداشت سے باہر ہو رہا ہے۔''

وہ کہہ کر چلا گیا......اور جنت سن ہوتے وجود کے ساتھ بیٹھی رہ گئی تھی۔

اس برس جو خزاں اتری تھی وہ صرف دھرتی پر ہی نہیں اس کے وجود پر بھی اتری تھی۔ وہ اسے بھی بے رنگ کر رہی تھی۔ اس کے حصوں کو بھی جھاڑ رہی تھی۔ فرق صرف اتنا تھا دھرتی کی خزاں گزر جانے والی تھی۔ مگر اس کے اندر کی خزاں اس کے اندر ہی رہنے والی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

نازیہ کنول نازی کا بہت خوبصورت نیا ناول
جنہیں راستے میں خبر ہوئی
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

رابعہ رزاق کا بہت خوبصورت نیا ناول
خواب خواہش اور زندگی
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

"جی آپا! بالکل ٹھیک کہہ رہی ہیں آپ......" وہ کچن میں کھانا بنا رہی تھی جب فون کان سے لگائے نورین آپا سے بات کرتی ماہین کچن میں آ کر بیٹھ گئی تھی۔

"کتنی تکلیف اٹھانا پڑتی ہے، ایسے تو نہیں اللہ نے ماں کے قدموں تلے جنت رکھی۔"

تیزی سے پیاز کاٹتے اس نے سکینہ کے ذمے دوسرے کام لگائے اور خود مرغی کے لیے مسالا بھوننے لگی۔

"مگر جن کی اولاد نہ ہو، انہیں بھلا کیا اندازہ......"

جنت نے بمشکل خود کو سنبھالا۔ وہ کام نہ کر رہی ہوتی تو یقیناً ادھر ادھر ہو جاتی۔

"خیال تو بہت رکھتی ہوں آپا پھر بھی دھڑکا سا لگا رہتا ہے۔" جنت کو کن اکھیوں سے دیکھتے ہوئے اس نے ایک اور تیر چھوڑا تھا۔ "ارے نہیں، یہ بات نہیں......نہیں آپا! جنت بہت اچھی ہے۔ میری چھوٹی بہنوں جیسی ہے۔ بہت خیال رکھتی ہے میرا۔"

ایک لمحے کو رک کر اس نے کچھ سنا، پھر مسکرائی، سر اٹھا کر جنت کو دیکھا۔ "ان شاء اللہ بیٹا ہی ہو گا۔ میں برہان کو بیٹا ہی دوں گی۔"

جنت کٹنگ بورڈ پر ٹماٹر کاٹنے لگی تھی۔

"امی کے بارے میں بتائیں وہ کراچی سے کب آ رہی ہیں؟" اب وہ اپنی ساس کے متعلق پوچھ رہی تھی جو پچھلے کچھ دنوں سے اپنی چھوٹی بیٹی کی طرف گئی ہوئی تھیں......دوسری طرف جانے کیا بتایا گیا کہ وہ بے اختیار چونک اٹھی تھی۔ جنت نے اس کے لہجے کا بدلاؤ خاص طور پر محسوس کیا تھا۔

"اچھا......! میں سمجھی وہ ایک دو ہفتے وہیں رہیں گی۔ چلیں اچھا ہے وہ آ جائیں۔ مجھے ویسے بھی ان کی بہت ضرورت ہے۔ میری ماں جیسی ہیں وہ۔" لگاوٹ سے کہہ کر کچھ دیر تک سنتی رہی پھر فون بند کر کے اپنے کمرے میں چلی گئی۔

شام کا کھانا تیار کر کے، سکینہ کو ہدایات دے کر جنت اپنے کمرے میں آ گئی۔

الماری کے پٹ کھولے وہ کپڑوں کو ترتیب سے رکھ رہی تھی جب بیرونی گیٹ پر برہان کی گاڑی کا ہارن بجا تھا۔

اس نے سر ضرور اٹھایا مگر اٹھ کر کھڑکی تک نہ گئی۔

''بی بی جی......!'' عین اسی لمحے سکینہ ہانپتی کانپتی اس کے کمرے میں داخل ہوئی تھی۔

''وہ ماہین بی بی......ان کی طبیعت خراب ہو گئی ہے۔درد سے چیخیں جا رہی ہیں۔''

برہان کی شرٹ اس کے ہاتھوں سے چھوٹ کر نیچے جا گری۔وہ پریشانی کے عالم میں تیزی سے کمرے سے باہر نکلی۔

سیڑھیاں اتر کر جس لمحے وہ بالائی منزل پر ماہین کے کمرے میں داخل ہو رہی تھی، اسی لمحے گاڑی پارک کر کے برہان لیپ ٹاپ کیس سنبھالے صدر دروازے کا رخ کر چکا تھا۔

وہ دروازہ کھول رہا تھا اور جنت کے آنے کے بعد ماہین اپنے کمرے کا دروازہ بند کر رہی تھی۔

اسے صحیح سلامت دیکھ کر وہ الجھ گئی۔

''کیا مذاق ہے ماہین! سکینہ کہہ رہی تھی تمہاری طبیعت خراب ہو گئی ہے۔'' اس افراتفری میں وہ اس کی دروازہ لاک کرنے والی حرکت کو نوٹس کر ہی نہ پائی۔

''ہاں طبیعت تو میری خراب ہے۔'' عجیب سے انداز میں کہتے ہوئے وہ پیچھے ہٹی، اور اس سے قبل کہ جنت کچھ سمجھ پاتی، اس نے ایک جھٹکے سے ڈریسنگ ٹیبل کا سامان بکھیر دیا۔گل دان توڑ دیا۔کانچ کا گلاس الماری کے شیشے پر دے مارا۔

جنت حیران و ششدر اپنی جگہ کھڑی رہ گئی۔

اگلے ہی لمحے اس نے پیٹ پر ہاتھ رکھا اور بلند آواز میں چیخنے لگی۔

"جنت......! جنت نہیں......! جنت میرا بچہ......!"

جنت کا دماغ بھک سے اڑ گیا۔

روتے چیختے چلاتے ہوئے اس نے کانچ کے ٹکڑے سے اپنا ہاتھ بھی زخمی کر لیا۔

بند دروازے کے اس پار برہان اس کا شور سن کر پاگل ہو رہا تھا۔

اندر وہ پتھر کا مجسمہ بنی ماہین کے سامنے کھڑی تھی۔ اسے روتا، تڑپتا، چیختا دیکھ رہی تھی۔ اپنی منتیں کرتا سن رہی تھی۔

"دروازہ کھولو جنت......! جنت دروازہ کھولو......!" برہان اپنے کندھے کے زور سے دروازہ کھولنے کی کوشش کر رہا تھا، چیخ رہا تھا، چلّا رہا تھا۔

ماہین نے خود کو فرش پر گرا لیا۔ اب وہ یوں تنفس لے رہی تھی جیسے مرنے کو ہو۔

سکینہ دوسری چابی لے آئی تھی۔ دروازہ جھٹکے سے کھل گیا تھا۔

برہان کی پہلی نظر اپنی بے حال ہوتی بیوی پر پڑی تھی۔ دوسری نظر بے جان مجسمے کی طرح کھڑی جنت پر...... جو ساکت تھی، صامت تھی، متوحش تھی۔

"یہ......یہ......جھوٹ......بول رہی ہے۔" اور ہر ٹوٹی ہوئی شے کی طرح......اس کے ٹوٹے ہوئے لفظ بے اثر رہے۔ غیر اہم رہے۔

برہان کا داہنا ہاتھ اٹھا......ایک زناٹے دار تھپڑ اس کے گال پر پڑا......ایک مضبوط توانا مرد اور پھر جس قوت سے وہ تھپڑ پڑا تھا، جنت توازن برقرار نہ رکھ سکی۔ لڑکھڑا کر شیشے کے ٹکڑوں پر جا گری......وقت جیسے رک سا گیا، تھم سا گیا۔ آوازیں معدوم ہو گئیں۔

عجیب بات تھی اس کے حلق سے سسکاری تک نہ نکلی......یاد رہا تو بس وہ تھپڑ......تکلیف ہوئی بھی تو بس اس تھپڑ کی......

''میں تمہیں طلاق دیتا ہوں، ابھی اور اسی وقت دفع ہو جاؤ میرے گھر سے......''

روتی، تڑپتی، حال سے بے حال ماہین کو بازوؤں میں اٹھائے برہان ہاسپٹل کے لیے نکل گیا تھا۔

وہ صدمے سے گنگ ماؤف ہوتے دماغ کے ساتھ اپنی جگہ بیٹھی رہ گئی تھی۔ آن کی آن میں یہ کیا ہو گیا تھا؟ کیوں ہوا تھا؟

کیا یہ برہان تھا؟ کیا یہ اس کا برہان تھا؟ یہ کیسا چہرہ تھا؟ یہ کیسا رویہ تھا؟ یہ اس کے ساتھ کیا ہو رہا تھا؟ طلاق؟ اس نے یہ لفظ کیسے ادا کر دیا؟ اس کا دل پھٹنے کو تھا۔ روح فنا ہو رہی تھی، دماغ ماؤف۔

وہ ایک لفظ جب ادا ہوا تو ہر رشتہ بدل گیا۔ پناہ چھن گئی۔ گھر ٹوٹ گیا، گھر بکھر گیا۔

اس رات وہ گھر آئی تو کمرے سے باہر نکلتی نفیسہ کی پہلی نظر اس پر پڑی۔

گال پر تھپڑ کا نشان...... آنکھ کے نیچے نیل...... سفید قمیص کی آستین پر خون...... کانچ کا ٹکڑا وہیں کہیں کھبارہ گیا تھا۔ الجھا بکھرا ہوا سا حلیہ......

وہ اپنی جگہ منجمد ہو گئیں۔

''یہ کیا کر دیا تم نے جنت......! کیوں کیا تم نے ایسا......؟'' ایمان اس پر چلائی تھی۔ ایک شور سا اٹھا تھا۔ روحینہ چچی، زیبا چچی، فریدہ پھوپھو۔ گھر کے چھوٹے بڑوں کا ایک جمگھٹا سا اکٹھا ہوا تھا مگر اس کی نگاہیں اپنی ماں پر جمی رہ گئی تھیں۔

سکتہ ٹوٹ گیا۔ وہ سب کو ہٹا کر، اپنی ہر اذیت سے لاپروا ہو کر ان کی طرف بھاگی، ان کے قدموں میں گرتے ان کی ٹانگوں سے لپٹ گئی۔

''میں نے کچھ نہیں کیا...... میں نے کچھ نہیں کیا امی...... میرا یقین کریں۔'' وہ رونے لگی۔

جنت کو ساکت نگاہوں سے دیکھتے، ان کا داہنا ہاتھ بے ساختہ دل پر آن ٹھہرا تھا۔ ایک لمحے کو وہ لڑکھڑائی تھیں اور پھر اس کی آنکھوں کے سامنے فرش پر ڈھیر ہو گئیں۔

''امی......!'' گھر کے سناٹے میں اس کی چیخ گونجی تھی۔ ''امی! نہیں......امی......! میری بات سنیں......! امی...... میں نے کچھ نہیں کیا...... میں نے کچھ نہیں کیا۔''

ایمان نے روتے ہوئے اسے بے دردی سے کھینچ کر پیچھے ہٹایا تھا۔ ہانیہ اس پر چیخ رہی تھی۔ کوئی گاڑی نکالنے کو بھاگا تھا۔ کسی نے ایمبولنس کو کال کرنا چاہی تھی۔ اس شور اور افراتفری میں وہ تھر تھر کانپتی اپنی جگہ بیٹھی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

ہاسپٹل سے اس رات نفیسہ کی میت آئی تھی۔ بہنوں نے اسے ان کی چارپائی کے قریب تک آنے نہیں دیا تھا۔ جب زندہ تھیں تب نہیں، تو جب وہ نہیں رہیں، تب کیوں؟

وہ روتی تڑپتی رہ گئی۔ کسے بتاتی اس کا کوئی قصور نہیں...... کون یقین کرتا...... وہ گناہ گار نہیں۔ دوسروں کے برعکس حفصہ خاموش تھیں۔ نہ ہاتھ اٹھایا، نہ شکوہ کیا، نہ اس پر روئیں، نہ اس پر چلائیں۔ آخری وقت تک وہ نفیسہ کے ساتھ رہی تھیں۔ ماں کا چہرہ جیسے آنکھوں میں ٹھہرا تھا۔ لمس بھی جیسے ہاتھوں میں ہی رہ گیا تھا۔

نفیسہ کا وجود مٹی تلے جا سویا تو وہ بھی جیسے زندہ لاش ہو گئی۔ اس کی بھوک مٹ گئی، نیند اڑ گئی۔ چین مٹ گیا۔ بے سکونی وجود کے انگ انگ میں اتر گئی۔

Novels Ki Dunya

وہ یوں خاموش ہوئی جیسے قوت گویائی سے محروم کر دی گئی ہو۔ ساری وضاحتیں، صفائیاں، دلیلیں جیسے اس ایک ماں کے لیے تھیں۔ ان کے جانے کے بعد اس نے لب سی لیے۔

بہنوں کو اس کی شکل تک سے نفرت ہو گئی۔ چچا، تایا اور پھوپھیوں میں سے کوئی اسے اپنے پاس رکھنے کو تیار نہ تھا۔

وہ اپنے بھائی، اپنے باپ اور اب اپنی ماں کی بھی مجرم تھی۔ وہ اس گھر پر نازل ہونے والی ہر بربادی کا ''سبب'' تھی۔ اس پر کوئی ترس کھاتا بھی تو کیوں؟ کوئی ہمدردی جتاتا بھی تو کیسے؟ سب کو لگتا تھا

''طلاق''ایک سزا تھی۔اسے ٹھیک وقت پر بالکل ٹھیک ملی۔اس کے ساتھ جو ہوا، بالکل صحیح ہوا۔ابھی تو آغاز تھا،ابھی تو اسے دردر کی ٹھوکریں کھانی تھیں۔ذلیل وخوار ہونا تھا۔

عدت اس نے اسی گھر میں گزاری جو اس کا کبھی نہیں تھا۔چھت کا ایک کمرہ جس میں وہ مستقل ٹھہرے رہنا چاہتی تھی۔کمرہ روحینہ چچی کے ٹیرس کے ساتھ جڑا ہوا تھا۔منڈیرایک ہی تھی۔عدت کے بعد بڑے چچانے آنا فانا اس کا رشتہ اپنے بڑے بیٹے زمان سے طے کر دیا۔وہ جنت سے پورے پندرہ برس بڑا تھا۔بیوی روز روز کی ماردھاڑ سے تنگ آ کر خلع لے چکی تھی۔تین بچے بھی تھے جو ماں کے ساتھ رہتے تھے۔

کسی نے اس سے رائے پوچھی، نہ مرضی جاننے کی کوشش کی۔فیصلہ ایک سزا کی طرح بس سنا دیا گیا۔نکاح اور رخصتی کی تاریخ طے کر دی گئی۔

ایک جہنم سے نکال کر دوسرے جہنم کا بندوبست کیا جانے لگا۔نکاح سے ایک ہفتہ پہلے خالہ آئیں۔بہانے بہانے سے چچا سے اجازت لے کر اسے اپنے ساتھ گھر لے گئیں۔وہ ان کے گھر صرف دو دن رہی۔تیسرے دن اس کا بہت اچانک اور ہنگامی طور پر فارس وجدان کے ساتھ نکاح ہو گیا۔سائرہ خالہ سب ہی معاملات پہلے طے کر چکی تھیں۔اسے تو عین موقع پر چچا کے گھر سے نکال لائی تھیں۔

''میں نے ابو سے تمہارا ہر طرح سے خیال رکھنے کا وعدہ کیا تھا۔زمان کے ساتھ میں تمہاری زندگی مزید برباد نہیں ہونے دے سکتی۔''انہوں نے بس اتنا کہا تھا اور وہ نم آنکھوں کے ساتھ ان کے حکم کے آگے سر جھکا گئی تھی۔

ایک نئی زندگی کی آس لیے......سکون کی متلاشی......رخصت ہو کر اسلام آباد آ گئی تھی مگر شادی کی پہلی رات فارس وجدان کے رویے نے اس پر واضح کر دیا تھا کہ اس کی سزا کبھی ختم نہیں ہوئی تھی۔صرف شہر ہی تو بدلا تھا۔زندگی وہی تھی۔نصیب بھی وہی۔قسمت بھی وہی اور محرومی بھی وہی......

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

آسمان پر چمکتی بجلی زمین کے کسی نامعلوم گوشے میں بار بار گم ہو رہی تھی۔ ہوائیں تیز تھیں۔ مگر اتنی نہیں کہ اس کی ہر اذیت اڑا لے جائیں۔ بارش ہنوز برس رہی تھی۔

وہ پنجوں کے بل خود میں سمٹ کر بیٹھی جلتی ہوئی ویران آنکھوں سے سامنے دیکھ رہی تھی۔ وجود مکمل طور پر بھیگا ہوا تھا۔ آنکھوں میں سرخی اتری تھی۔ چہرہ زرد ہو رہا تھا۔ اور آنسو مسلسل بہتے جا رہے تھے۔ ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ وہ اپنے آنسو نہیں پونچھ رہی تھی۔ نہ خود کو دلاسا دے رہی تھی۔ نہ سنبھالنے کی کوشش کر رہی تھی۔

پارک کی آہنی باڑ کے اس پار، سبزے کے بیچ و بیچ اسے ٹریفک نظر آ رہی تھی۔ وقت رکا نہیں تھا۔ دنیا اپنا سفر جاری رکھے ہوئے تھی۔

دیوار کا سہارا لے کر وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی، پھر اسی موسم میں...... اپنی تمام تر وحشتوں کے ساتھ وہ فٹ پاتھ پر قدم دھرتی آگے بڑھنے لگی۔

اس کا توازن درست نہ تھا۔ چال میں واضح لڑکھڑاہٹ تھی۔ ارتکاز کسی ایک جگہ نہ تھا۔ سوچنے سمجھنے کی صلاحیت جیسے مفقود ہو کر رہ گئی تھی۔

موت......! زندگی کا انجام

اذیت کا اختتام!

ایک آزادی!

ہاں، وہ راستہ ایسا ہی تھا۔ اسی رنگ میں، اسی روپ میں نظر آتا تھا۔ پہلے بھی نظر آتا رہا تھا، تب وہ خودکشی کی سوچ سے پیچھا چھڑا لیا کرتی تھی، جینے کی کوئی نہ کوئی وجہ...... کوئی نہ کوئی مقصد تلاش کر لیا کرتی تھی۔ مگر اب کی بار وہ ایسا نہیں کر پا رہی تھی۔ اب کی بار جو اندھیرے اکٹھے ہوئے تھے وہ اسے مایوسی کی اتھاہ گہرائیوں میں اتار رہے تھے۔ اور وہ چاہ کر بھی کچھ کر نہیں پا رہی تھی۔

''خودکشی بذاتِ خود ایک مسئلہ ہے۔ کسی مسئلے کا حل ہرگز نہیں۔''

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

منظر لمحے بھر کے لیے بدلا تھا۔اس کے سامنے سبزہ بچھ گیا تھا۔ہاتھوں میں پھول آ گئے تھے۔نانا برابر میں تھے۔اس کے قدموں کے ساتھ ساتھ قدم ملا کر چلتے ہوئے......اسے سمجھاتے،اسے بتلاتے ہوئے۔

''سانسوں کی ڈور خود سے ٹوٹے تو ٹوٹے،تم توڑنے کی کوشش کبھی مت کرنا۔''

اس کی ہچکیاں بندھ گئیں۔آنکھیں رگڑ کر صاف کرتے اس نے ایک بار پھر قدم بڑھائے۔وہ ماضی میں تھی نہ حال میں......وہ جیسے ایک خلا میں تھی۔

''جس وقت منفی سوچ جڑ پکڑے اور مایوسی انتہا کی گہری ہو جائے تو سمجھ جاؤ،یہ شیطان کا آخری وار ہے۔ٹھیک اس وقت پڑ رہا ہے جب وہ تمہارے ''انعام'' سے واقف ہو چکا ہے۔''

لمحے بھر کے لیے وہ لڑکھڑا کر سنبھل گئی۔آہنی باڑھ کا سہارا لے کر،ایک بار پھر قدم اٹھانے لگی تھی۔

''ہر صابر کے حصے میں بشارت آتی ہے اور اس بشارت سے ذرا دیر پہلے......شیطان اندھیرے بڑھا دیتا ہے۔یہ کام وہ ہر اس مومن کے ساتھ کرتا ہے جو اپنی آزمائش میں صامد (ڈٹا) رہا ہو۔''

وہ سسک پڑی۔نانا کے الفاظ ایک طرف،اس کا درد،اس کا غم،اس کی محرومی دوسری طرف......

''طلوعِ آفتاب سے پہلے رات بہت تاریک ہوتی ہے جنت......!بہت زیادہ تاریک ہوتی ہے۔''

وہ سڑک کنارے رک گئی تھی۔اس کے لب کپکپا رہے تھے،پلکیں لرز رہی تھیں۔سردی کی شدت سے ٹھٹھرتا وجود نڈھال ہو رہا تھا۔وہ اپنا حل تلاش کر رہی تھی۔اور اسے اپنا حل کہیں بھی نظر نہیں آ رہا تھا۔

راستہ ایک ہی بچا تھا۔موت کا راستہ......تباہی کا راستہ......دائمی عقوبت کا راستہ......

''اگر ماضی درد کا حصہ ہو،اور مستقبل اندھیرے میں ڈوبا ہو تو سر اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھ لینا چاہیے۔''

اس کا ضبط ختم ہو گیا۔پھوٹ پھوٹ کر روتے ہوئے وہ زمین پر جھک گئی۔

بعض دفعہ چھپی ہوئی با معنی دعا اور کوئی نہیں ہوتی۔محض چند لمحوں کا توقف تھا،اور چند لمحوں کی

گفتگو تھی۔ اور اس نے بے حد خاموشی سے سڑک کی جانب قدم بڑھا دیے تھے۔

☆......☆......☆

کبھی تمنا کے راستوں پر نکل پڑو تو خیال رکھنا
ہوائیں، بادل، فضائیں، موسم، خیال
چہرے بدل بدل کر تمہیں ملیں گے
تو لمحہ بدلتے رنگوں کے شوخ دھوکے میں آ نہ جانا
کبھی جو چاروں طرف تمہارے
کرن کرن اپنا خواب سا بدن نکھارے
زمیں پہ اترے
تو دھندلکوں میں سما نہ جانا
کبھی جو آنکھوں میں چاند ہنس ہنس کے
چاندنی کا خمار بھر دے
تو اپنی آنکھیں کہیں خلا میں گنوا نہ آنا
کہ یہ نہ ہو پھر جو خواب ٹوٹے
دھنک کا سراب ٹوٹے
کہ جسم و جاں پر عذاب ٹوٹے
اور تم بمشکل لرزتے ہاتھوں سے
کرچی کرچی بدن سنبھالے
کہیں بلندی پہ چڑھ کے

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Dunya

رستی ہوئی نگاہوں سے

واپسی کے نشان ڈھونڈو

اجڑ گیا جو جہان ڈھونڈو

کبھی تمنا کے راستوں پر نکل پڑو تو خیال رکھنا

کہیں سے خالی پلٹ کے آنا بہت کٹھن ہے

بہت کٹھن ہے

بہت کٹھن ہے

بہت کٹھن ہے

https://novelskidunya.com/

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

Novels Ki Dunya

رنگا رنگ کہانیوں سے سجا، خوبصورت اور دلکش

سوہنی ڈائجسٹ

SohniDigest.Com

اگر آپ بھی لکھ رہے ہیں اور اُردو قارئین کی تلاش میں ہیں تو اپنی کہانیاں Inpage میں کمپوز (ٹائپ) کر کے پورے اعتماد کے ساتھ سوہنی ڈائجسٹ میں بھیجیے۔ نئے لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

ابھی sohnidigest@gmai.com پر ای میل کریں۔

قسط نمبر 5

وہ اس عورت کو نہیں جانتا تھا جو اسے گھر کے بیرونی گیٹ سے باہر نکلتی ہوئی نظر آئی تھی۔ اسے حیرت ہوئی۔ اس طرح کوئی بھی اجنبی اتنی آسانی سے اس گھر میں داخل نہیں ہوسکتا تھا۔ آنکھوں میں الجھن لیے وہ اندر داخل ہوا تو اسے وجدان ہاؤس میں ایک غیر معمولی پن کا احساس ہوا۔

اقصیٰ پریشانی کے عالم میں بھاگتی ہوئی اس کے پاس آئی تھی۔ وہ روتے ہوئے اب کچھ کہہ رہی تھی، کچھ بتا رہی تھی۔

فارس نے شاک کے عالم میں سر اٹھا کر مسز شیرازی کی طرف دیکھا۔ حیرت اور صدمہ بھرے تاثرات لیے وہ اپنی جگہ ساکت بیٹھی تھیں مگر ان کی نگاہیں کسی ایک جگہ پر ٹھہر نہیں رہی تھیں۔ لبوں کو جنبش دیتے انہوں نے فارس سے کچھ کہا۔ اقصیٰ نے بوکھلا کر مسز شیرازی کو دیکھا۔ اور اسی لمحے فارس وجدان دروازہ کھول کر عجلت میں قدم اٹھاتا تیزی سے باہر بھاگا تھا۔

بیرونی گیٹ سے باہر..... سڑک پر پہنچتے ہی وہ سر تا پیر مکمل طور پر بارش میں بھیگ چکا تھا۔

''اسے ڈھونڈو فارس! ایسا نہ ہو وہ کچھ کر بیٹھے۔''

آگے بڑھتے ہوئے وہ چاروں طرف دیکھ رہا تھا مگر جنت بنت کمال اسے کہیں بھی نظر نہیں آ رہی تھی۔ ہر گزرتے لمحے کے ساتھ اس کی گھبراہٹ میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔

بھاری تنفس کے ساتھ ایک موہوم سی امید لیے اس نے مسز یزدانی کو کال کی۔ جنت ان کے گھر نہیں گئی تھی۔ آئمہ کا موبائل آف جا رہا تھا۔ وہ ویسے بھی اسلام آباد میں موجود نہیں تھی۔ اگر ہوتی بھی تو

جنت اتنی جلدی اتنی کم مدت میں اس تک نہیں پہنچ سکتی تھی۔

یقیناً وہ ابھی تک یہیں...... آس پاس ہی کہیں تھی۔ وہ اسے تلاشتے ہوئے پارک کا رخ کر چکا تھا۔ موسم کی خرابی کے باعث وہاں اکا دکا ہی لوگ تھے۔ آگے مسجد تھی اور مسجد کی دوسری طرف مرکزی شاہراہ تھی۔

اور اسی مرکزی شاہراہ پر قدم دھرتے ہی ٹریفک کا شور یکا یک اس کے لیے صامت ہوا تھا۔ زندگی سے بھرپور فضا ایک خلا میں بدل گئی تھی۔

زمین نے قدم جکڑے، وجود بھاری پتھر ہو گیا۔ اسے لگا وہ اپنی جگہ سے ہل نہیں سکے گا۔ ذرا سا ہلے گا تو پاش پاش ہو جائے گا۔

''تمہیں لگتا ہے، اللہ نے ہمیں بچایا ہے؟''

''ہاں، اللہ کا بوت بوت شکر باجی!''

''ایسا بھی تو ممکن ہے کہ یہ ایک وارننگ ہو، میرے لیے...... تمہارے لیے...... یا شاید کسی اور کے لیے......''

چھتری کھل گئی تھی۔ گاڑی کے قریب وہ پھسل کر گری تھی۔ اس کا ہاتھ جھٹک کر اپنے سہارے اٹھ رہی تھی۔

''جو کچھ سن چکا ہوں، وہ سب ممی کو بتاؤں گا تو وہ کیا سوچیں گی؟ ایک ایسی لڑکی کو بہو بنا بیٹھی ہیں جو infertile (بانجھ) ہے، جس نے اپنی سوتن کے بچے کی جان لینے کی کوشش کی ہے، جس کے خاندان کے لوگ اسے اچھوت کی طرح ٹریٹ کرتے ہیں اور جو اپنی ماں کی موت کا سبب بنی ہے۔''

پارکنگ ایریا میں گاڑی اسٹارٹ کرتا وہ......

آنکھوں میں ڈھیر ساری نمی لیے، کچھ بے بسی اور آزردگی سے اسے دیکھتی جنت کمال......

چہار سو تاریکی چھائی اور منظر بدل گیا۔

''اگر تم اس طرح میرے سر پر مسلط رہے تو میں آنٹی کو سب کچھ بتا دوں گی۔''

''شوق سے جاؤ! میں بھی تمہارے پول ان کے سامنے کھول دوں گا، حساب برابر!''

''تم ایسا نہیں کرو گے۔'' لہجے میں خوف تھا، آنکھوں میں وحشت......

''کر سکتا ہوں، میں تو اب ان سے یہ بھی کہہ سکتا ہوں کہ میری بیوی بانجھ ہے، میں دوسری شادی کرنا چاہتا ہوں۔'' اس نے چاندی کی اس مورت کو ہزار ہا ٹکڑوں میں بکھرتا دیکھا۔

''فارس پلیز......دروازہ کھولو پلیز......!'' بلک بلک کر روتے وہ اس کے کمرے کا دروازہ بجائے جا رہی تھی۔

''ایک بچے کی جان لینے کی کوشش......آخر تم میں اتنی ہمت کہاں سے آ گئی تھی؟''

اور پھر اس نے سلائیڈ ڈور پوری قوت سے بند ہوتے دیکھا۔ اب وہ کمرے سے باہر، دسمبر کی سرد ترین راتوں میں بالکنی میں کھڑی تھی۔

''اللہ کے فضل سے بہت سے بیک اپ پلان ہیں میرے، اور سب ہی سروائیول بیسڈ ہیں، نہ میرا سر پھٹے گا، نہ میں ڈوب کر مروں گی۔''

جتاتی نگاہیں، مضبوط لہجہ، شجاعت لیے انوکھا انداز......جیسے وہ دنیا کے ہر طوفان سے بھڑ جانے کی، ہر چٹان سے لڑ جانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اس کے لیے نہ ''فارس'' کچھ ہے، نہ ''طلاق'' کچھ ہے۔

''مجھے طلاق فوری چاہیے ہوگی۔ تمہیں ابھی سے ڈاکومنٹس کا انتظام کر لینا چاہیے تاکہ مناسب وقت پر بنا کسی تاخیر کے سائن کر کے ایک دوسرے سے جان خلاصی کی جا سکے۔''

خود پر طاری اس بھیانک جمود کو توڑتے ہوئے وہ آگے بڑھا۔ سڑک کے کنارے غیر متوازن قدم اٹھاتا وہ وہاں جا رہا تھا جہاں کچھ دیر پہلے ایک حادثہ پیش آیا تھا۔ چلتی ہوئی تیز رفتار گاڑی کے سامنے

اچانک ہی کوئی لڑکی آ گئی تھی۔

ایمبولنس کا سائرن......لوگوں کا ہجوم......اور شدت سے برستی بارش میں موت کو اتنے قریب سے، اس انداز اور اس حالت میں دیکھتا فارس وجدان اپنے حواسوں میں ہرگز نہیں لگ رہا تھا۔

''لیکن اگر کچھ وجوہات کی بنا پر، مجھے قبل از وقت یہ گھر چھوڑنا پڑ جاتا ہے، اور اس دوران میرا تم سے فی الفور رابطہ بھی ممکن نہیں ہو پاتا تو میں ایک ماہ تک کی مدت کو ذہن میں رکھوں گی۔''

مدت مختصر تھی، مختصر سے مزید مختصر کر دی گئی تھی۔ مہینہ آن کی آن میں ہفتوں اور پھر دنوں میں بدل کر لمحوں پر محیط ہوا تھا۔

''اور یہ میرا تم سے وعدہ ہے، جب جانے کا وقت آئے گا، میں خاموشی سے چلی جاؤں گی۔''

اور جنت کمال وعدہ خلافی نہیں کرتی تھی۔

یقین اور بے یقینی کی کیفیت میں دکھ اور صدمے سے نڈھال اس نے اپنے راستے میں آنے والوں کو ہٹاتے ہوئے اسٹریچر پر رکھی اس لاش تک پہنچنا چاہا۔ خون سے سرخ ہوتی نم چادر اس کی مٹھی میں آئی۔ چہرے سے چادر سرکی...... بال، پیشانی...... پھر ویران آنکھیں واضح ہوئیں۔ اس کی ساری ہمت، سکت ایک لمحے میں فنا ہوئی۔

''تم جتنے مرضی منصوبے بنا لو مسٹر شیرازی! خودکشی میں نہیں کروں گی، نہ لندن کے برج سے، نہ کسی اور جگہ سے......''

چادر اس کے ہاتھ سے چھوٹ گئی۔

وہ بال، چہرہ اور آنکھیں......

وہ جنت کمال کی ہرگز نہیں تھیں۔

☆......☆......☆

کمرے میں تاریکی تھی۔ کھڑکیاں کھلی ہوئی تھیں۔ ہوا سے پردے لہرا رہے تھے۔ باہر موسم خوش گوار تھا مگر ان کے اندر کی اداسی ہر گزرتے لمحے بڑھتی جا رہی تھی۔ موبائل ہاتھ میں تھا......

وہ اب تک نہ جانے کتنی بار فارس وجدان کو کال کر چکی تھیں۔ کتنی ہی بار میسج بھیج چکی تھیں مگر وہ کوئی جواب نہیں دے رہا تھا۔ جنت کا موبائل ہنوز آف تھا۔ وہ ابھی تک نہ اس سے بات کر سکی تھیں اور نہ ہی انہیں اس کی خیریت کی اطلاع ملی تھی۔

کل صبح سے ہی انہوں نے خود کو کمرے میں بند کر رکھا تھا۔ نہ کھانا کھا رہی تھیں نہ کسی سے کوئی بات کر رہی تھیں۔

دستک دے کر عمار نے دروازہ کھولا تو وہ ایک دم سے تڑپ کر اٹھیں اور تیزی سے قدم اٹھاتیں اس کے پاس آئیں۔

''کچھ پتا چلا؟''

عمار نے نفی میں سر ہلایا۔ ''صابرہ خاتون کے گھر تالا لگا ہے، پڑوسی کہہ رہے ہیں وہ دو ماہ سے کہیں گئی ہوئی ہیں۔ کہاں؟ یہ کوئی نہیں جانتا۔ ان کا فون نمبر بھی بند جا رہا ہے۔''

سائرہ اپنا سر ہتھیلیوں پر گرائے صوفے پر بیٹھ گئیں۔ خوف اور اندیشوں میں گھرا ان کا دل وحشت سے دھڑکے جا رہا تھا۔ آنکھیں نم تھیں، لب کپکپا رہے تھے۔

''فارس اسے ڈھونڈ رہا ہے، وہ مل جائے گی۔ ہاں، مل جائے گی۔''

عمار دکھ اور صدمے سے اپنی ماں کو دیکھ کر رہ گیا۔

''آپ ابھی بھی اس شخص پر بھروسا کر رہی ہیں مما؟'' اس کے لہجے میں شاک تھا۔ ''جس انسان نے اپنے باپ اور بھائی کو نہیں چھوڑا، وہ جنت کمال کے لیے رحم دل ہوگا؟''

''عمار......!'' ان کی آواز کپکپا کر رہ گئی۔

"میں نے کہا تھا آپ سے، وہ اچھا انسان نہیں ہے، میں نے روکا تھا آپ کو، مگر آپ نے میری ایک نہیں سنی۔" سرد لہجے میں وہ کچھ متوحش ہو کر بات کر رہا تھا۔ "آپ صرف چاہتی تھیں کہ کسی طرح وہ ہم سب کی نظروں سے دور ہو جائے۔"

سائرہ آنکھوں میں صدمہ لیے عمار کو دیکھ کر رہ گئیں۔ اتنے سخت لفظوں کی توقع انہیں اپنے بیٹے سے ہرگز نہیں تھی۔ وہ بھی اس وقت پر جب وہ جنت کے لیے اس قدر پریشان ہو رہی تھیں۔

"چار بیٹے ہیں آپ کے اس گھر میں...... کسی کے ساتھ بھی آپ جنت کی شادی کروا سکتی تھیں۔ فیصل بھائی، عذیر بھائی، احمد بھائی اور میں...... میں نے خود ریکویسٹ کی تھی آپ سے کہ مجھے کوئی پرابلم نہیں ہے، آپ خاموشی سے میرا نکاح پڑھا دیں۔ اس طرح دردر کی ٹھوکریں کھانے سے بہتر ہے، اسے اپنوں میں ایک مستقل ٹھکانہ ملے، مگر نہیں...... آپ بھلا ایک بانجھ لڑکی کو اپنی بہو کیسے بنا سکتی تھیں؟ آپ تو بس اس سے جان چھڑانا چاہتی تھیں۔ اور مبارک ہو مما! آپ اپنی اس کوشش میں بہت کامیاب رہیں۔"

سائرہ اپنی جگہ پتھرائی ہوئی بیٹھی تھیں۔ یہ کیسا چہرہ تھا جو عمار انہیں دکھا رہا تھا۔ یہ کیسی حقیقت تھی جو وہ انہیں بتا رہا تھا۔

"میں نے سوچ سمجھ کر اس کا رشتہ طے کیا تھا عمار! میں اسے زمان سے بچانا چاہتی تھی۔" انہوں نے کمزور آواز میں اپنی پوزیشن کلیئر کرنا چاہی، ان کی نیت میں کوئی کھوٹ نہیں تھا۔ وہ جنت کا بھلا ہی چاہتی تھیں۔ فارس بہترین انتخاب تھا۔ وہ اس پر یقین قائم رکھنا چاہتی تھیں۔ وہ اپنے فیصلے کا دفاع کرنا چاہتی تھیں، مگر عمار ان کی ہر کوشش ناکام بنا گیا تھا۔

"آپ پریشان کیوں ہو رہی ہیں؟ وہ مر جائے گی مگر ایک "ذمہ داری" اور "بوجھ" کے روپ میں آپ کے گھر کبھی نہیں آئے گی۔"

اپنی بات پوری کر کے وہ جا چکا تھا۔ اور دل پر بھاری بوجھ لیے سائرہ اپنی جگہ بیٹھی رہ گئی تھیں۔

☆......☆......☆

پلک جھپکتے مناظر بدلے تھے۔ اندھیرا چھٹ گیا تھا۔ کھڑکیوں کے پردے سمٹ گئے تھے۔
سورج کی روشنی چھن کر ٹائلز پر اتر آئی تھی۔ کئی ہفتے پہلے کا قصہ جھلکیوں میں اپنا آپ دہرانے لگا تھا۔
انہوں نے جنت کو دیکھا۔ اس نے صفحے گلاس ٹیبل پر پھیلا دیے تھے۔ خود وہ ان کے سامنے کارپٹ پر بیٹھ گئی تھی۔

''قرآن میں بانجھ کے لیے دو لفظ استعمال ہوئے ہیں۔ ایک ہے ''عاقر'' اور دوسرا ہے ''عقیم''۔ ...... جب سورۃ مریم میں زکریا علیہ السلام کی زوجہ کا ذکر آتا ہے تو وہ اللہ سے دعا کرتے ہوئے کہتے ہیں میری بیوی ''عاقر'' ہے لیکن جب زوجہ ابراہیم کو فرشتے اولاد کی بشارت دیتے ہیں تو وہ کہتی ہیں میں بڑھیا ''عقیم'' ہوں۔

وہ اپنے اسی مخصوص انداز میں مخاطب تھی اور صفحے پلٹ کر مطلوبہ آیات انہیں ترجمے سمیت دکھا رہی تھی۔

''یہ سورہ الشوریٰ کی آیت ہے۔'' انگلی رکھ کر وہ کہہ رہی تھی۔

''آسمانوں اور زمین میں اللہ ہی کی بادشاہی ہے، جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، جسے چاہتا ہے لڑکیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے لڑکے بخشتا ہے یا لڑکے اور لڑکیاں ملا کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے بانجھ (عقیم) کر دیتا ہے۔ بے شک وہ خبردار قدرت والا ہے۔''

پھر رک کر سر اٹھائے وہ ان کی طرف دیکھنے لگی تھی۔

''آپ نے دیکھا یہاں ''عقیم'' لکھا گیا ہے، عاقر نہیں۔''

انہوں نے پرسوچ انداز میں اثبات میں سر ہلایا تھا۔ سورج کی روشنی جنت کے شہد رنگ بالوں پر پڑ رہی تھی۔

''اور یہاں سورۃ انبیاء کی یہ آیت زکریہ علیہ السلام سے متعلق ہے۔'' اس نے انگلی رکھ کر پڑھنا

شروع کیا۔ ''پھر ہم نے اس کی دعا قبول کی اور اسے یحییٰ عطا کیا اور اس کے لیے اس کی بیوی کو درست کر دیا۔ بے شک یہ لوگ نیک کاموں میں دوڑ پڑتے تھے، اور ہمیں امید اور ڈر سے پکارا کرتے تھے اور ہمارے سامنے عاجزی کرنے والے تھے۔'' ختم ہوتی آیت غور و فکر کے کئی دروازے وا کر گئی تھی۔

''اب اس میں آیت کا یہ حصہ غور طلب ہے، ہم نے ان کی بیوی کو درست کر دیا۔ یعنی ان کی اصلاح کر دی۔ اب سوال یہ ہے یہاں کس ''اصلاح'' کی بات کی گئی ہے۔ جہاں تک مجھے علم ہے زوجہ زکریا ایک نیک اور عبادت گزار خاتون تھیں، ایسا نہیں تھا کہ نعوذ باللہ ان کے مابین کوئی شر یا فساد تھا، جسے اصلاح کی ضرورت پڑتی۔''

ایک لمحے کا توقف کر کے وہ براہ راست ان کی آنکھوں میں دیکھنے لگی تھی۔

''آپ کا کیا خیال ہے؟''

''میں تم سے سننا چاہتی ہوں۔'' وہ بے ساختہ کہہ گئی تھیں۔

وہ ذرا سا جھجکی، پھر مسکراتے ہوئے گویا ہوئی۔

''مجھے لگتا ہے یہ اس بیماری کی، اس نقص کی اصلاح تھی۔ اس بانجھ پن کی جو انہیں اولاد سے محروم رکھے ہوئے تھا۔''

ان کی خاموش نگاہوں میں یکایک حیرت کا تاثر ابھرا تھا۔ اندر کے سوالات کے جواب تلاشتی جنت کمال انہیں بہت مطمئن نظر آئی تھی۔ اس کا لہجہ کمزور نہ تھا۔ اس کے لفظوں میں مایوسی نہ تھی۔ وہ یقین اور بے یقینی کے درمیان بھٹک نہیں رہی تھی، اس نے کنارہ چن لیا تھا، ساحل پر قدم جما لیے تھے۔

''جہاں تک میں اپنی تحقیق سے سمجھ پائی ہوں، بانجھ پن کی دو قسمیں ہیں۔ ایک یہ کہ عورت یا مرد میں سرے سے ماں یا باپ بننے کی صلاحیت پیدائشی طور پر موجود نہیں ہوتی اور اسے ''عقیم'' کہتے ہیں جو کہ زوجہ ابراہیم علیہ السلام تھیں۔ اسی ''عقیم'' کا ذکر سورہ شوریٰ کی آیت پچاس میں ہے۔

اور دوسرا بانجھ پن وہ ہے جو کسی نہ کسی نقص یا بیماری کی وجہ سے ہے۔ اور جس کا علاج یا اصلاح ممکن ہے۔"

مسز شیرازی نے گہرا تنفس لے کر پلکیں جھپکائیں۔ منظر وہی تھا، کمرہ بھی وہی...... صفحے بھی وہیں...... مگر جنت کمال کہیں نہیں تھی۔

"عاقر کسی سبب سے بھی ہو سکتا ہے اور بغیر کسی سبب کے بھی...... کچھ لوگوں کو کوئی مسئلہ نہیں ہوتا پر تب بھی ان کی اولاد نہیں ہوتی۔ اور کچھ لوگوں میں کوئی نقص ہوتا ہے، اس کے باوجود ان کے یہاں اولاد ہو جاتی ہے۔"

سبز روشنائی سے کسی آیت کو انڈر لائن کرتی، کسی اور نقطے کی وضاحت کرتی وہ ایک بار پھر انہیں متوجہ کر چکی تھی۔

"قرآن نے ایک "عقیم" بوڑھی عورت کو ماں بنتے دکھایا ہے۔ ایک بوڑھی عاقر کو بھی...... زکریا علیہ السلام کی بیوی میں جو نقص تھا وہ دعا سے، امید سے، یقین سے ٹھیک ہو گیا۔ اور زوجہ ابراہیم جن میں سرے سے ماں بننے کی صلاحیت موجود نہیں تھی، انہیں بھی اللہ نے اپنی "قدرت" سے ماں کے رتبے پر سرفراز کر دیا۔"

کھڑکیوں پر پردے پھیل گئے تھے۔ سورج کی کرنیں سمٹ گئی تھیں، ان کے بیڈ روم میں جنت کمال اب کھڑکیوں کے پاس کھڑی نظر آ رہی تھی۔

"بلاشبہ یہ ایک محرومی ہے، اور یہ محرومی بھی اللہ کے چنے ہوئے کتنے خاص بندوں کے حصے میں آئی، یہ بات میں بھول رہی تھی۔" لہجے میں دبا دبا سا جوش اور آنکھوں میں ایک چمک لہرائی تھی۔

"اسی "محرومی" کو اللہ نے "عطا" میں بدلتے دکھایا۔ جو ناممکن تھا اسے "ممکن" کر کے دکھایا۔ ایک عاقر، ایک عقیم...... دو عظیم عورتیں اور دونوں انبیاء کی مائیں ٹھہریں۔"

کمرے میں اب صرف زرکار لیمپ روشن تھا۔ اس کی روشنی میں وہ انہیں اپنے برابر میں لیٹی ہوئی دکھائی دی۔ سینے پر سر رکھے...... ایک ماں میں، اپنی ماں تلاشتی...... مایوسی میں امید کا دیا جلاتی۔

''انتظار ہمیشہ ان ہی لوگوں کے حصے میں آتا ہے آنٹی! جنہیں کچھ عظیم عطا کرنا مقصود ہو۔''

منظر بدل گیا تھا۔ جنت ان کے کمرے میں اب کہیں نہیں تھی۔ نہ وہ پردوں کو ڈوریوں میں باندھ رہی تھی، نہ ان کا لکھا ہوا کوئی آرٹیکل ٹائپ کر رہی تھی اور نہ ہی ان سے اب کوئی آیت ڈسکس کر رہی تھی۔ ان کے کمرے میں اب مکمل خاموشی تھی۔ ایسی خاموشی جو ان کے اندر ایک شور برپا کیے جا رہی تھی۔

''بلاشبہ انبیاء کے لیے معجزات ہوا کرتے ہیں۔ مگر وہ معجزے ان کے لیے بھی بغیر صبر، دعا اور عاجزی کے نہیں ہوئے...... یہ پوائنٹ میں مس کر رہی تھی۔''

وہ اس کی ہر بات کا مطلب جیسے اب سمجھ رہی تھیں۔ ہر سوال کے پیچھے چھپا ہوا درد جیسے اب محسوس کر رہی تھیں۔ انہیں کبھی پتا ہی نہ چل سکا کہ وہ ریسرچ اس کے اپنے لیے تھی۔ وہ محنت، وہ الجھن اور بحث...... وہ سب اس کے اپنے لیے تھی۔

''ایک وہ لوگ ہوتے ہیں جنہیں صرف باہر کی دنیا سے لڑنا پڑتا ہے۔ یہ ایک جنگ ہے اور قدرے آسان ہے۔ لیکن باہر کی دنیا کے ساتھ ساتھ جو جنگ اپنے اندر، اپنے آپ سے لڑنی پڑتی ہے، یقین کریں وہ بہت مشکل ہوتی ہے۔''

وقت صفحوں کی طرح پلٹ رہا تھا۔ وہ انہیں پیچھے اور بہت پیچھے لیے جا رہا تھا۔ جنت کی آنسوؤں سے بھری آنکھیں انہیں چاروں طرف نظر آ رہی تھیں۔

''آپ بار بار مرتے ہیں اور بار بار زندہ کر دیے جاتے ہیں۔ اسی ایک ہی اذیت سے بار بار گزرنے کے لیے...... جہنم بھی اسی لیے جہنم ہے کہ سب بار بار ہوتا رہے گا...... ہے نا؟''

انہیں یوں لگا جیسے وہ جائے نماز پر بیٹھی آدھی ادھوری باتیں ایک بار پھر کرنے لگی ہے مگر وہ باتیں

اب آدھی ادھوری نہیں رہی تھیں۔ وہ ان کے لیے مکمل ہوتی جا رہی تھیں۔

''وہ لوگ بھی تو ہوتے ہیں جنہیں بغیر کسی انتظار، دعا اور تڑپ کے سب مل جاتا ہے۔ ان میں ہم کیوں نہیں ہو سکتے؟ ہمیں کیوں رونا پڑتا ہے؟ ہمیں کیوں ایک ایک خواہش کے لیے تڑپنا پڑتا ہے؟''

گھڑی کی سوئیاں متحرک تھیں۔ پنڈولم کی آواز اب مبہم نہ رہی تھی۔

وجدان ہاؤس میں پہلے دن سے اب تک جنت کے ساتھ ہونے والی ہر گفتگو انہیں یاد آ رہی تھی۔ امید اور مایوسی سے الجھتی اس کی آنکھیں...... مضبوطی سے کمزور پڑتی اس کی آواز...... ڈرا ڈرا سا لہجہ، سہا سہا سا انداز...... اور آنسوؤں کی آمیزش لیے لبوں پر اچانک سے ابھرتی زندگی سے بھرپور مسکان......

''ماں کی بددعا میں بھی بہت اثر ہوتا ہے۔ ہے نا! بلکہ سب سے زیادہ اثر ہی اسی ''بددعا'' میں ہوتا ہے؟'' ان کی تسبیح سمیٹتی انگلیاں کپکپانے لگیں۔ ''اگر کوئی ماں اپنی اولاد سے نفرت کرتے کرتے مر جائے تو کیا ماں کی نفرت بھی مر جاتی ہے؟''

''کبھی کبھی آپ کو ایسے جرم کی سزا ملتی ہے جو آپ سے سرزد نہیں ہوتا۔ ایسی سزا کو جھیلنے کا حوصلہ انسان کہاں سے لائے؟''

بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے وہ نیم تاریکی میں کھڑکیوں سے باہر کہیں دیکھنے لگیں۔ باہر لان میں لائٹس کی روشنیاں سوئمنگ پول کی سطح پر چمک رہی تھیں۔

''آپ جاگ گئیں؟''

اقصیٰ برابر ہی کرسی پر بیٹھی تھی۔ اٹھ کر ان کی طرف متوجہ ہوئی۔ لہجے میں تشویش نمایاں تھی۔ آنکھوں میں فکر ٹھہری تھی۔ مسز شیرازی کی طبیعت گزشتہ کئی دنوں سے خراب تھی۔ میڈیسن لینے کے باوجود وہ ٹھیک سے سو نہیں پاتی تھیں۔ آج پھر وہ اٹھ کر بیٹھ گئی تھیں۔ ایک بار پھر خلا میں کہیں دیکھتے کھو سی گئی تھیں۔

''فارس آ گیا ہے؟'' چند لمحوں کے بعد انہوں نے پوچھا۔

''نہیں......!''

مسز شیرازی کا دل بھاری ہوا۔ ایک بے نام سی اذیت رگ رگ میں اتر گئی۔ خشک لبوں کو تر کرتے ہوئے انہوں نے آنکھیں موند لیں۔

وہ صحیح معنوں میں اب سونا چاہتی تھیں مگر نیند آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔ اور سکون تو جیسے اس سے بھی دور...... ایک بے کل سا احساس ان کی آنکھیں نم کر گیا۔ وہ چہرے کا رخ بدل گئیں۔

اقصیٰ پریشانی سے انہیں دیکھ کر رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

راحت جبیں کا بہت خوبصورت نیا ناول

زندگی ہم تجھے گزاریں گے

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

ندا حسنین کا بہت خوبصورت نیا ناول

قربت ہجر میں محبت

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

اس کے بال پیشانی پر بے ترتیبی سے بکھرے تھے، ٹائی کی ناٹ ڈھیلی تھی۔ ویسٹ کوٹ کے بٹن کھلے ہوئے تھے۔ بارش کی نمی کہیں کہیں کندھوں پر، بالوں پر ٹھہری تھی۔ نڈھال قدم اٹھاتے ہوئے اس نے شرٹ کے اوپری بٹن بھی کھول دیے تھے۔ رخ سیڑھیوں کی طرف تھا۔

جنت کو گھر چھوڑے پوری سات راتیں آج تمام ہونے والی تھیں اور ابھی تک اس کا سراغ نہیں مل سکا تھا۔ وہ اپنی خالہ کے گھر نہیں گئی تھی۔ اس نے اپنے خاندان کے کسی فرد سے رابطہ نہیں کیا تھا۔ اس کی کوئی ایسی دوست نہ تھی جس کے پاس وہ جا سکتی۔ کوئی رشتہ دار جس کے یہاں پناہ لے سکتی۔ وہ اسے اپنے تئیں ہر جگہ تلاش کر چکا تھا، مگر وہ نہیں تھی...... وہ کہیں بھی نہیں تھی۔

وہ کمرے میں داخل ہوا تو گزشتہ کئی راتوں کی طرح اس رات بھی اس نے لائٹس آن نہیں کیں۔ اپنے آس پاس، اپنے چاروں طرف اسے اندھیرا درکار تھا۔ مگر اندھیرا بھی جیسے روشنی ہونے لگا تھا۔ وہ اس پر سب عیاں کرنے لگا تھا۔

جنت کمال کی جو چیز جہاں رکھی تھی، وہیں موجود تھی۔ اس کا کمبل، تکیہ، لیپ ٹاپ، چارم بریسلٹ جسے وہ سونے سے پہلے اتار کر ٹیبل پر رکھ دیا کرتی تھی۔

واش روم میں اس کی ہیئر پنز، رنگ برنگے کیچر، ہیئر کلپس ہر جگہ بکھرے پڑے تھے۔ ڈریسنگ ٹیبل پر کاسمیٹک کی چند اشیا دھری تھیں۔ اس کمرے میں اس کی نشانی جیسے ہر جگہ تھی۔

پہلے وہ تھی تو زندگی سے خفا نظریں کہیں ٹھہرتی نہیں تھیں اور اب جب وہ نہیں تھی تو وہ اسے اپنی ہر ایک چیز میں بار بار نظر آ رہی تھی۔

ایک بار پھر وہ اس کا موبائل اٹھا چکا تھا۔ ایک بار پھر وہ ان تصاویر کو دیکھ رہا تھا جو آٹھ دن پہلے اسے رات کے بارہ بجے کسی اجنبی نمبر سے ارسال کی گئی تھیں۔ چند میسجز جنہیں پڑھا نہیں گیا تھا، کچھ کالز جو مس کر دی گئی تھیں۔

اس نے موبائل رکھ دیا۔ اب وہ وارڈ روب کھولے کھڑا تھا۔ ایک ایک کر کے ہر شے نکالتا کارپٹ پر ڈھیر کیے جا رہا تھا۔ لندن کی ٹکٹس، پاسپورٹ، سفری بیگ، پیکنگ کے لیے منتخب کی جانے والی ضروری اشیاء اور جیسا وہ اس سے کہہ کر گیا تھا، وہ اس کا سامان پیک کر چکی تھی۔ اور اس کے لیے اس نے یقیناً مسز شیرازی کی مدد لی تھی تب ہی اس کے وہی کپڑے بیگ میں رکھے گئے تھے جو وہ اکثر بیرون ملک دورے پر لے جاتا تھا۔

وارڈ روب کے نچلے خانے میں ہینڈ بیگز کے ساتھ ہی جیولری باکس رکھے تھے۔ حق مہر کا چیک بھی موجود تھا، قیمتی تحائف بھی محفوظ رکھے تھے۔

جنت کمال اپنے ساتھ کچھ بھی لے کر نہیں گئی تھی۔ قبر میں اترتی کسی لاش کی طرح...... وہ اپنا سب کچھ پیچھے چھوڑ کر گئی تھی۔

وہ کپڑوں کو اِدھر اُدھر کرتا، اس کی چیزوں کو نکال نکال کر کچھ تلاشتا عجیب سی کیفیت سے دوچار لگ رہا تھا۔

اوپری خانے میں رکھا ایک سیاہ بیگ کھینچنے پر اس کے برابر میں پڑا لکڑی کا باکس اس کے قدموں میں گرتے ہی کھل گیا تھا۔ چند خطوط، کچھ تصاویر اور اشیاء اس کے قدموں میں بکھر گئی تھیں۔

وہ بے اختیار رک گیا تھا۔

باکس کے ایک کونے پر حرف F کی کیلی گرائی تھی۔ آپس میں ٹکراتی دو تلواروں کا نشان واضح تھا۔ آگ پکڑتی ایک تصویر دھندلی تھی تو دوسری تصور کی دیوار پر واضح ہو رہی تھی۔

اس نے بے ساختہ قدم اٹھایا۔ کانچ کا ٹکڑا پیر کے تلوے میں کہیں چبھا۔

”اتنی سی چوٹ لگنے سے کوئی نہیں مرتا۔“

”میں تو مر جاتی ہوں۔“

وہ ٹھہر گیا۔ رک گیا۔ جم گیا۔
جلتی ہوئی لکڑیوں میں ایک اور صفحے کا اضافہ ہوا۔ ساکت پانیوں میں کنکر پھینکا گیا۔ پتے توڑ کر فضا میں اچھال دیے گئے۔
آن کی آن میں براؤن لکڑی کا فرش آئینہ ہوا۔ ایک ہی دراڑ سے جنم لیتی بے شمار دراڑیں اسے ہزار ہا حصوں میں منقسم کر گئیں۔ وہ پنجوں کے بل جھکا تو اسے لگا وہ اب کبھی اٹھ نہیں پائے گا۔ سانس لینا چاہے گا تو اسے سانس نہیں آئے گا۔
کیا کوئی اتنا بے خبر ہو سکتا ہے جتنا کہ وہ تھا؟ کوئی اتنا سفاک بھی ہو سکتا ہے جیسا کہ وہ خود اپنے لیے تھا؟ یہ کیسی بے حسی تھی جو اپنی ذات سے مربوط (جڑی) تھی؟ یہ کیسی خود غرضی تھی جو اذیت مشروط تھی؟
وہ سفر طویل دشوار تھا جسے طے کر کے وہ یہاں تک پہنچا تھا۔ اس حد تک سنبھلا تھا۔ اس حد تک بدل گیا تھا۔ یہ اس کا وہم، یہ اس کا خیال تھا۔ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی وہ اپنے آپ سے بے خبر رہا تھا۔ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی وہ خود کو سمجھ نہیں سکا تھا۔ پرکھ نہیں سکا تھا۔
وقت گزر گیا تھا۔ زندگی بدل گئی تھی۔ مگر اس کے اندر کی حکایتیں، آج بھی اس کے لیے......
کچھ مبہم......
کچھ ادھوری......
اور بے نام ہی رہی تھیں۔

☆......☆......☆

شیرازی مینشن کے وسیع و عریض لاؤنج میں موت بھری خاموشی چھائی تھی۔ موجودہ نفوس پر سکتہ طاری تھا۔ نہ سماعت میں یقین اترتا تھا نہ آنکھوں سے ایقان جھلکتا تھا۔ حالانکہ ہارون شیرازی ایک مجسم حقیقت کے ساتھ ان کے سامنے ہی تو کھڑا تھا۔ اپنی غلطیوں کا اعتراف کرتے، پشیمانی کا اظہار کرتے

اور سر جھکا کر معافی کی درخواست کرتے اس نے ایک لمحے کے لیے بھی جمیلہ داؤد کی طرف نہیں دیکھا تھا۔ دیکھ لیتا تو پتھر ہو جاتا۔ پتھر ہوتا تو کچھ کہہ نہ پاتا جبکہ اسے بہت کچھ کہنا تھا۔

''میرا وارث، میرا خون صرف حماد ہے ہارون! یہ تمہاری عیاشیوں کا نتیجہ، ایک آوارہ اور بدچلن عورت کے بطن سے جنم لینے والا۔ اسے ابھی اور اسی وقت لے جاؤ یہاں سے۔''

خاموشی اعظم شیرازی نے توڑی تھی۔ اور کسی بپھرے ہوئے شیر کی طرح چنگھاڑتے ہوئے توڑی تھی۔ ان کی بلند آواز سے بچے پر ہیبت طاری ہوئی تھی۔ ان کے سخت پتھریلے تاثرات سے وہ بہت خائف ہوا تھا۔

''آرزو نے طلاق لے لی ہے، یہ اب میرے ساتھ ہی رہے گا۔'' جھکے سر کے ساتھ نظریں چرا کر کہا گیا۔

جمیلہ داؤد نے ڈگمگاتی نگاہوں سے اسے دیکھا۔ اس کی اذیت بڑھ گئی۔ آن کی آن میں محبت، وفا اور قربانیوں کا تماشا بنا تھا۔ وہ پاش پاش ہو گئی تھی۔

''تمہیں اندازہ بھی ہے، تم اس وقت کیا کہہ رہے ہو؟'' اعظم شیرازی انتہائی غصے کے عالم میں پھنکارے تھے۔ ''جمیلہ کے خاندان کو تمہاری دوسری شادی کی بھنک بھی پڑ گئی تو وہ تمہارا کیا حشر کریں گے، کچھ اندازہ بھی ہے تمہیں؟''

جمیلہ داؤد کے ذکر پر ہارون شیرازی نے اب کے سر اٹھا کر اسے ہی دیکھا تھا۔ بس ایک لمحے کے لیے...... پھر اس نے نظریں ہٹا لیں۔

''بابا!''

''میرے صبر کا مزید امتحان مت لو۔'' اعظم شیرازی نے انگلی اٹھا کر اسے روکا۔ ''ابھی اور اسی وقت اسے یہاں سے لے جاؤ۔'' آرزو کے بیٹے کے لیے ان کی آنکھوں میں نفرت تھی۔ بے زاریت

تھی۔غصہ تھا۔سرد مہری تھی......

''بیٹا ہے یہ میرا......''

''میرا اور تمہارا وارث صرف حماد ہے، میں اس طوائف کے بچے کو مزید ایک لمحے کے لیے بھی اس گھر میں برداشت نہیں کرسکتا۔''حکم سنا کر وہ اسی لمحے اٹھ کر چلے گئے تھے۔

شیرازی مینشن کے وسیع و عریض لاؤنج میں ہارون اپنے بچے کے ہمراہ تنہا کھڑا رہ گیا۔ وہ صدمے سے گنگ تھا۔ کچھ حیران اور بے یقین بھی۔اس کے تو وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ اعظم شیرازی اس کے بچے کو قبولنے سے انکار کردیں گے۔

جمیلہ کی آنکھوں میں اب حیرت نہ تھی۔صدمہ بھی نہ تھا۔اس نے جیسے اذیت کے عالم میں یقین کی تمام منازل طے کرلی تھیں۔ہارون اپنی دوسری بیوی کے بچے کے ساتھ اس کے سامنے کھڑا تھا۔ یہ خواب تھا، نہ خدشہ، نہ خیال۔یہ ایک حقیقت تھی۔تلخ حقیقت۔جسے جھٹلایا نہیں جاسکتا تھا۔

محبت و احترام سے جڑے شادی شدہ زندگی کے آٹھ سال ایک دھوکا تھے، دکھاوا تھے، فریب تھے۔در پردہ ہارون پچھلے آٹھ سالوں سے اپنی اسی محبت کے ساتھ تعلق میں رہا تھا جس سے اعظم شیرازی نے اس کی شادی نہیں ہونے دی تھی۔

وہ بھی اپنی جگہ سے اٹھ گئی۔اپنے کمرے میں بند ہوگئی۔

ہارون اب بھی نیچے تھا۔وہ ایک بار پھر اپنے باپ کی اسٹڈی کے سامنے کھڑا تھا۔ان کی منت کر رہا تھا۔ان سے معافی مانگ رہا تھا مگر اعظم شیرازی کسی بھی صورت ''آرزو جہانگیر'' کے بچے کو قبولنے کے لیے تیار نہ تھے۔

یہ سچویشن ایک جنگ کی سی تھی۔جیسے ملک کی نامور کاروباری ہستیوں کے درمیان جو معاہدہ طے تھا اس کے ٹوٹنے کا خطرہ ہو۔جیسے اپنی کمزوری کسی دوسرے فریق کو تھما دینے کا خدشہ۔

''وہ میرا بیٹا ہے بابا! میں اس کے بغیر نہیں رہ سکتا۔'' اگلے دن وہ پھر ان سے کہہ رہا تھا۔

اعظم شیرازی اپنے شان دار بیڈ روم کی دیوار گیر کھڑکیوں کے سامنے پشت پر ہاتھ باندھے کھڑے تھے۔ ان کے جبڑے بھینچے ہوئے تھے۔ قہر برساتی آنکھوں میں خون اترا ہوا تھا۔ وہ ملک کے ایک نامور بزنس ٹائیکون تھے۔ اپنے انداز اور شخصیت میں کسی حاکم جیسا رعب رکھتے تھے۔ اصول و روایات کے پابند، کچھ مغرور اور متکبر جو اپنے اعلیٰ حسب و نسب اور تعلیمی قابلیت پر فخر کرتے تھے۔

انہیں یہ بچہ کسی صورت قبول نہ تھا۔

''آرزو کے پاس چھوڑ آؤ اسے۔''

''وہ اسے اپنے ساتھ نہیں رکھنا چاہتی۔''

''یہ میرا دردِ سر نہیں۔''

''بابا پلیز!'' وہ گڑگڑایا۔ ''یہ بھی آپ کا پوتا ہے۔''

''میرا پوتا صرف حماد ہے، جس کی ماں خاندانی ہے۔'' وہ پلٹ کر دھاڑے تھے۔ ''یہ اس آوارہ اور......''

ہارون شیرازی کرب سے لب بھینچ کر رہ گیا۔

''آپ اسے میرے ساتھ رہنے دیں۔''

''وہ یہاں رہے گا تو سب کو معلوم ہو جائے گا۔'' اصل مسئلہ جیسے اب لبوں پر آیا تھا۔ وہ بچہ ان کے لیے ذلت، توہین اور بے عزتی کی علامت تھا۔ وہ ان کے لیے ایک غلطی، ایک گناہ جیسا تھا۔ جسے چھپانا مقصود، مٹانا ضروری ہو گیا تھا۔

''بابا......! پلیز مجھے معاف کر دیں۔ میں جانتا ہوں یہ میری غلطی ہے۔ آپ جو بھی سزا دیں میں بھگتنے کے لیے تیار ہوں، اس طرح مت کیجیے۔''

کمرے میں ایک دم ہی گہری خاموشی چھا گئی۔ اعظم شیرازی سخت پتھریلی نگاہوں سے اب ہارون کو دیکھ رہے تھے۔

جمیلہ داؤ دادھ کھلے دروازے کے اس پار رک گئی تھی۔

''ایک شرط پر میں تمہاری اس غلطی کو نظر انداز کر سکتا ہوں۔'' لہجے میں وہی عناد اور سختی تھی۔

جمیلہ نے نظر اٹھا کر انہیں دیکھا۔ اب وہ کیا کہہ رہے تھے؟

''اسے میرے حوالے کر دو اور بھول جاؤ کہ حماد کے علاوہ تمہارا اور کوئی بیٹا بھی ہے۔''

ہارون کے پیروں تلے سے زمین نکلی تھی۔ سر پر آسمان ٹوٹا تھا۔ پھٹی پھٹی نگاہوں سے وہ اپنے باپ کو دیکھ کر رہ گیا تھا۔ صدمے کے عالم میں جمیلہ داؤد بھی اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔

اعظم شیرازی کی بات ابھی ختم نہیں ہوئی تھی۔ ان کی بات تو جیسے اب شروع ہوئی تھی۔

''اسے تمہارا نام نہیں ملے گا، وراثت میں حصہ بھی نہیں اور نہ ہی وہ ہمارے خاندان کا کبھی حصہ بنے گا۔''

انداز دوٹوک تھا۔ لہجہ قطعیت بھرا...... فیصلہ غیر متزلزل...... ہر لفظ پتھر پر لکیر......

ہارون شیرازی کے چہرے پر وحشت پھیل گئی۔ ہر شے کا حساب رکھا تھا اس نے مگر اس کا نہیں۔

''وہ اسی نام اور پہچان کے ساتھ رہے گا جو میں اسے دوں گا۔ کیئر ٹیکر کا انتظام ہو جائے گا، پڑھائی کے اخراجات، سب میں مینج کروں گا لیکن تمہیں ہر صورت، ہر حال میں اس سے دور رہنا ہوگا۔'' انگلی اٹھا کر ایک بار پھر اپنے ارادے واضح کیے گیے۔ ''کیونکہ نہ تو میں اس بدنام زمانہ لڑکی کے ساتھ تمہارا کوئی اسکینڈل افورڈ کر سکتا ہوں اور نہ ہی جمیلہ کے خاندان سے دشمنی مول لے سکتا ہوں۔''

ہارون شیرازی کی پھٹی پھٹی آنکھوں میں انتہائی سرد مہری سے دیکھتے ہوئے انہوں نے حتمی فیصلہ سنایا تھا۔

''اور اگر تمہیں میرے اس فیصلے سے اختلاف ہے تو تم اسے یہاں سے لے جا سکتے ہو، لیکن یاد رکھو جس وقت تم اس گھر کی دہلیز پار کرو گے، میں بھول جاؤں گا میرا ہارون نام کا کوئی بیٹا بھی ہے۔''

ہارون شیرازی کا سانس رکا ہوا تھا۔ دھڑکنیں تھمی ہوئی تھیں۔ وہ اب بھی اپنے باپ کو دیکھ رہا تھا۔ حیرت، بے یقینی اور صدمے سے...... اسے اپنی سماعت پر یقین نہیں آیا تھا۔

کوئی اپنے پوتے کے ساتھ ایسا بھی کر سکتا ہے؟ وہ سوچ رہا تھا۔ مگر وہ غلط سوچ رہا تھا۔ اعظم شیرازی نے سرے سے اس بچے کو تسلیم نہیں کیا تھا۔ وہ اس کے لیے رحم دل ہوتے بھی تو کیسے؟ احساس کرتے بھی تو کیوں؟ وہ تو اپنے کپڑوں پر ہلکا سا داغ تک نہ برداشت کرتے تھے تو اب ایسے داغ کو کیسے رہنے دیتے جس کی پاداش میں مستقبل میں کوئی اسکینڈل بننے کا خدشہ ہوتا۔

مزید کچھ بھی سنے بغیر جمیلہ داؤد وہاں سے ہٹ گئی تھی۔ روئی روئی سی سرخ متورم آنکھوں کے ساتھ وہ سیڑھیاں اتر کر نیچے آئی تو دل بے وفائی کے غم سے پھٹنے لگا۔

یہ حقیقت تھی کہ شیرازی اور لاشاری خاندان کے مابین جڑنے والا یہ رشتہ ایک بزنس ڈیل کی طرح تھا۔ خاندان کے بڑوں نے اپنے کاروباری اور سیاسی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان دونوں کو ایک کیا تھا مگر جمیلہ نے کبھی بھی اس رشتے کو مصلحت کی نگاہ سے نہیں دیکھا تھا۔ وہ ہارون سے محبت کرتی تھی۔ بدلے میں وہ بھی اسے محبت ہی دکھاتا رہا تھا۔ مگر وہ محبت ایک دکھاوا تھی، اس کا انکشاف کل رات ہوا تھا۔ یہ انکشاف اسے راکھ کر گیا تھا۔ یہ انکشاف اس کی محبت، وفا اور اعتماد کا تماشا بنا گیا تھا۔

سلگتی آنکھوں کو بے دردی سے رگڑتی وہ کھڑکی کے سامنے جا کھڑی ہوئی تھی اور تب ہی اس نے ہارون کو سیڑھیاں اترتے دیکھا تھا۔ اس کے چہرے پر کرب تھا اور آنکھیں بے تحاشا سرخ ہو رہی تھیں۔

اعظم شیرازی اپنے فیصلے سے پیچھے ہٹنے والے نہیں تھے تو کیا ہارون گھر چھوڑ کر جا رہا ہے؟

بھاری دل کے ساتھ اس نے ہارون شیرازی کو صدر دروازے کی جانب بڑھتے دیکھا۔

"جس وقت تم اس گھر کی دہلیز پار کرو گے، میں بھول جاؤں گا میرا ہارون نام کا کوئی بیٹا بھی ہے۔"
اور وہ اسے دیکھ رہی تھی۔ وہ خالی ویران آنکھوں سے اسے صدر دروازے سے باہر نکلتا دیکھ رہی تھی۔
ہارون شیرازی نے گھر کی دہلیز پار کر لی تھی۔ وہ اپنے بچے کو ساتھ لے کر نہیں گیا تھا۔

☆......☆......☆

اعظم شیرازی ہارون کو لندن بھیج کر اپنے روزمرہ معمولات میں ایسے مصروف ہو گئے تھے جیسے چند روز قبل کچھ نہیں ہوا تھا۔ جیسے ان کی زندگیوں میں آرزو جہانگیر کا گزر ہوا تھا نہ اس کے بچے کی آمد ہوئی تھی۔ جیسے ہارون شیرازی سے کوئی غلطی، کوئی گناہ سرزد نہیں ہوا تھا۔

جمیلہ داؤد بھی ایسے ہی کرنا چاہتی تھی۔ بے حس ہونا چاہتی تھی۔ بے پروا رہنا چاہتی تھی مگر وہ ایسا کر نہیں پا رہی تھی۔ اس کے زخم مندمل نہیں ہو رہے تھے۔ اسے سکون مل نہیں رہا تھا۔

شیرازی مینشن اور سرونٹ کوارٹر کے مابین راہداری میں جو پہلا کمرہ تھا اور جو کسی حد تک شیرازی ہاؤس سے منسلک بھی تھا، وہ کمرہ اب اس بچے کا تھا۔ مدحت ہیڈ سرونٹ آغا علی کی بیٹی تھی جواب اس کی کیئر ٹیکر بھی تھی۔ جس نے چوبیس گھنٹے نہ صرف اس کے ساتھ رہنا تھا بلکہ اعظم شیرازی کے قائم کردہ اصولوں کی پاس داری بھی کرنی تھی۔

آرزو جہانگیر کے اس بیٹے کو اعظم شیرازی کے عالی شان بنگلے میں داخل ہونے کی اجازت نہ تھی۔ وہ گھر کے مکینوں کے ساتھ میز پر بیٹھ کر کھانا نہیں کھا سکتا تھا۔ وہ فنکشن، گیدرنگ اور خاندانی پارٹیز میں شرکت نہیں کر سکتا تھا۔ باہر سے آنے والے مہمان، دوست احباب اور رشتہ داروں کے سامنے نہیں جا سکتا تھا۔ یہ سارے اصول وقوانین اعظم شیرازی نے بنائے تھے اور ایسا ممکن ہی نہ تھا کہ وہ کوئی حکم جاری کریں اور ان کی سلطنت میں اس کا نفاذ نہ ہو۔

لیکن ان تمام اصول وقوانین سے جمیلہ کی اذیت کم نہیں ہوئی تھی۔ وحشت و بے سکونی کی دلدل

اسے ہر بار "آرزو جہانگیر" کے بچے تک پہنچا دیتی تھی۔ وہ عورت ہارون کی زندگی میں اب کہیں نہیں تھی مگر اس کا بچہ تھا۔ شیرازی مینشن میں نہ ہوتے ہوئے بھی وہ تھا...... وہ ہے...... وہ رہے گا...... اس حقیقت کو وہ جھٹلا نہیں سکتی تھی۔ یہی حقیقت سرد پڑتی آگ بھڑکاتی تھی۔ رگ و پے میں محشر سا بپا کرتی تھی۔ پچھلی کئی راتوں کی طرح اس رات بھی وہ ٹھیک سے سو نہیں پا رہی تھی۔

اک درد تھا، کرب تھا...... بے وفائی کا احساس، بے حسی کا تدارک...... ایک الجھن، ایک وحشت......

سر جھٹک کر، خیالات کو بھٹکا کر، واہموں کو جھٹلا کر وہ نیچے آ گئی تھی۔

کچن میں فریج کھول کر اس نے دودھ نکالا تھا۔ سر درد سے پھٹا جا رہا تھا۔ نیند آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔ وہ اپنے لیے چائے بنانا چاہ رہی تھی۔

چھوٹی سوئی بارہ کے ہندسے پر آ کر ٹھہری تو یکا یک کچن کی دائیں طرف سرونٹ کوارٹرز کی طرف جاتی راہداری سے آواز بلند ہوئی تھی۔

کھولتے پانی میں پتی ڈالتے ہوئے وہ یک دم چونکی تھی۔ پھر چولہا بند کر کے وہ اسی وقت کچن سے راہداری میں آ گئی تھی۔ لائٹس آف تھیں۔ فانوس جل رہے تھے۔ نیلگوں روشنی کا مدھم تاثر چہار سو پھیلا تھا۔

اس نے ہیڈ سرونٹ آغا علی کی بیٹی مدحت کو دیکھا۔ ل

وہ متفکر سی کمروں کے دروازے کھول کھول کر جیسے فکرمندی کے عالم میں کسی کو ڈھونڈ رہی تھی۔

"یہ شور کیسا تھا؟"

کندھے سے پھسلتے دوپٹے کو واپس جماتے ہوئے بوکھلاہٹ کا شکار مدحت نے اپنی مالکن کو دیکھا۔

"وہ...... جی......" اس کی ہوائیاں اڑ گئی تھیں۔

''تم اس وقت یہاں کیا کر رہی ہو؟''

''وہ......میں......'' مدحت بوکھلا گئی۔ سمجھ میں نہ آیا کیا جواب دے۔ اور تب ہی اسٹور روم سے کھٹ پٹ کی آواز آئی تھی۔ جمیلہ نے بے ساختہ ہی سر اٹھا کر اسی طرف دیکھا تھا۔ لائٹس آف تھیں، دروازہ کھلا ہوا تھا۔ اندر کوئی تھا۔ یقیناً کوئی تھا۔

مگر مدحت کی زبان ساتھ نہیں دے رہی تھی۔ جانے وہ اعظم شیرازی سے خائف تھی یا پھر اسے بتانے کی ہمت نہیں کر پا رہی تھی۔

اب کے جمیلہ نے اس سے پوچھنے کے بجائے اسٹور روم کا رخ کیا تھا۔ ادھ کھلے دروازے کو اندر کی جانب دھکیل کر اس نے لائٹ آن کر دی۔ زرکار روشنی چہار سو پھیلی۔

بے شمار کارٹنز، فرنیچر کا سامان، غیر ضروری اشیاء......

اس نے بے ساختہ قدم اٹھائے تھے۔ مدحت اس کے پیچھے تھی۔ وہ اب کچھ کہہ رہی تھی۔ کچھ بتا رہی تھی۔ معافی بھی مانگ رہی تھی۔ پریشان بھی ہو رہی تھی۔

یہ اس کی غلطی تھی کہ وہ ''سرونٹ کوارٹر'' سے یہاں آ گیا تھا۔ یہ اس کی بے توجہی تھی کہ گھر کے مکینوں کے سامنے آ گیا تھا۔

وہ یہاں تھا، مگر سامنے نہیں تھا۔ وہ اسٹور روم میں فرنیچر کے سامان میں ہی کہیں چھپ گیا تھا۔

لیکن اس کی سسکیوں اور ہچکیوں کی آواز......لب بھینچے جمیلہ داؤد اپنی جگہ کھڑی رہ گئی۔

مدحت تیزی سے آگے بڑھی تھی۔ وہ اب اسے آوازیں دیتی ہال نما اسٹور روم میں اسے تلاش کر رہی تھی۔

اس نے گم ہو جانے کے لیے ایک ایسی جگہ کا انتخاب کیا تھا جہاں مدحت نہیں پہنچ سکتی تھی۔ دیوار رخ کھڑی الماری کے اندر نچلے خانے میں جانے وہ کیسے گھس گیا تھا۔ مگر یہ طے تھا کسی مرد کی مدد کے بغیر

مدحت نہ تو الماری کو ہلا سکتی تھی اور نہ ہی اسے نکال سکتی تھی۔

پریشان اور حواس باختہ سی وہ ایک بار پھر جمیلہ سے معذرت کرنے لگی۔

''میں ابھی ابا کو بلا لاتی ہوں، اسے لے جاؤں گی، دوبارہ کبھی ایسا نہیں ہوگا۔'' تیز تیز قدم اٹھاتی وہ وہاں سے چلی گئی تھی مگر جمیلہ داؤد اپنی جگہ سے ایک انچ نہ ہل سکی تھی۔

دھیمی دھیمی سسکیوں کی آواز بہت واضح تھی۔

اس کے قدم بے ساختہ اٹھے تھے۔ وہ گھوم کر دیوار کی طرف آ کر رک گئی تھی اور اب کانچ کے ان ٹکڑوں کو دیکھ رہی تھی جو دیوار کے پاس ہی ٹوٹے بکھرے پڑے تھے۔ اسے یاد آیا، نچلے خانے کے تمام شیشے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوئے تھے۔

پنجوں کے بل بیٹھتے ہوئے اس نے اندر جھانکا تھا۔

تھر تھر کانپتا وجود، لرزتے ہونٹ، آنسوؤں سے بھری ہوئی سرخ متورم آنکھیں......وہ ساڑھے پانچ سال کا بچہ خوف زدہ اور متوحش سا اپنے آپ میں سمٹ کر بیٹھا تھا۔

جمیلہ کا سانس رکا، دھڑکنیں تھمیں......اس ایک لمحے میں اسے کچھ ہوا اور اس نے بے ساختہ ہی درز سے اپنا ہاتھ آگے بڑھا دیا۔ اسے باہر نکالنے کے لیے۔

بے شمار اجنبی چہروں میں ایک اور چہرے کا اضافہ ہوا تو بچے نے روتے ہوئے اس کی پہنچ سے بھی دور ہونا چاہا۔ اسے اپنا باپ چاہیے تھا۔ ماں چاہیے تھی۔ وہ اب بھی روتے ہوئے، چیختے ہوئے آوازیں دیے جا رہا تھا۔

جمیلہ کا ہاتھ پتھر ہوا۔ دل کانپ کر رہ گیا۔ اس سے بچے کی حالت بالکل دیکھی نہ گئی۔

مدحت آغا علی کو لیے حاضر ہوئی تو اپنی مالکن کو وہیں بیٹھا دیکھ کر پریشان ہو گئی۔ اعظم شیرازی کا سخت حکم تھا کہ وہ گھر کے مکینوں کے سامنے کبھی نہ آئے۔ غلطی سے بھی نہیں......

ہیڈ سرونٹ آغا علی نے پورا زور لگا کر اتنی جگہ ضرور بنالی تھی کہ اسے باہر نکالا جا سکتا تھا۔ مگر اس کی فلک شگاف چیخیں...... اور پہنچ سے دور ہو جانے کی دیوانہ وار جستجو......

اس سے پہلے کہ آغا علی آگے بڑھتا، اس سے پہلے کہ مدحت ہی اسے نکالنے کی سعی کرتی، جمیلہ داؤد نے ایک ہی جست میں اسے بازو سے پکڑ کر، اس کی تمام تر مزاحمت اور چیخ و پکار کے باوجود باہر نکال لیا تھا۔

اگلے ہی لمحے وہ اس کی بانہوں میں تھا۔

وہ رو رہا تھا، وہ تڑپ رہا تھا۔ وہ اس کی گرفت سے نکلنے کی کوشش کر رہا تھا۔ مگر وہ اسے چھوڑ نہیں رہی تھی۔ اس کا حصار مضبوط تھا، مضبوط ہی رہا تھا۔

اپنی گرفت ہر لحاظ سے پختہ کیے وہ اسے سینے سے لگا چکی تھی۔

اگلے چند لمحوں میں بچے کی ہر مزاحمت دم توڑ گئی۔ روتے کرلاتے ہوئے وہ بے دم ہو گیا۔ جیسے اس میں مزید ہمت نہ رہی ہو۔ جیسے وہ تھک گیا ہو۔ ہار گیا ہو، مر گیا ہو...... اسے سینے سے لگائے جمیلہ داؤد اپنی جگہ سن بیٹھی رہ گئی تھی۔

کپکپاتا ننھا وجود...... اور اس کا شدت سے دھڑکتا دل جیسے ابھی سینہ چیر کر باہر آ جائے گا۔

''یہ زخم......!'' مدحت نے گھبرا کر اس کی سرخ پڑتی آستین اوپر کی تھی۔ غالباً الماری کے اندر جگہ بناتے وقت اس کا بازو کیل سے رگڑ اگیا تھا تب ہی جلد ادھڑ گئی تھی۔

''ڈرائیور سے کہو گاڑی نکالے۔'' کافی دیر بعد جمیلہ کچھ کہنے کے قابل ہوئی تھی۔ پھر وہ اسے بانہوں میں لیے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔ مدحت بھی اس کے ساتھ تھی، کچھ حیران، کچھ پریشان اور خائف بھی......

شیرازی مینشن سے ہاسپٹل کافی دوری پر تھا۔ تب ہی جمیلہ داؤد کے حکم پر ڈرائیور نے گاڑی کا رخ ڈاکٹر مصطفیٰ کے کلینک کی طرف موڑ دیا تھا جو ان کے فیملی ڈاکٹر بھی تھے۔ وہ ڈیوٹی پر موجود تھے۔ فیملی

تعلقات کے باعث فارس کو بھی انہوں نے اٹینڈ کیا تھا۔
گھنٹے بعد ہی اسے اندر آنے کی اجازت ملی تھی۔
زخم پر تین اسٹچز لگے تھے۔ ڈرپ، خواب آور انجیکشن کے بعد وہ پرسکون نیند سو رہا تھا۔
"پریشان مت ہو، ہی از اسٹیبل ناؤ۔" وہ اس سے کہہ رہے تھے۔ قدرے فاصلے سے ہی وہ بت بنی اسے دیکھ رہی تھی۔ آنکھیں نم تھیں اور ہاتھ دوپٹے سے الجھ رہے تھے۔
لحاف اچھی طرح سے اوڑھا کر جب نرس جا چکی تو ڈاکٹر مصطفیٰ اس کے پاس آ گئے۔
جمیلہ نے سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔ وہ اس کے معلم تھے۔ مہربان استاد، ایک بہترین ناصح......
"آپ ٹھیک ہیں بیٹا؟"
"انسان ان سوالات کا کیا کرے جو نیند اڑا دیں، بے قراری میں بہا دیں، جن کا کوئی جواب ہو، نہ منطق، نہ دلیل...... جیسے جنگ...... بے چینی، بے سکونی...... بس درد، اذیت، کرب......" اس کی آواز رندھ گئی۔ زندگی میں پہلی بار وہ اپنی کیفیت کو سمجھنے میں ناکام ہو رہی تھی۔
"سوال "ضمیر" اٹھاتا ہے۔ جواب "ایمان" دلاتا ہے۔" وہ کہہ رہے تھے۔
"ایمان بتلا رہا ہے، میں بھٹک رہی ہوں۔" اس کی آنکھیں چھلک پڑیں۔
"ایمان بتلا رہا ہے، تم اب صحیح راستے پر ہو۔" بہت نرمی اور متانت سے کہہ کر وہ چلے گئے تھے۔
ہمیشہ کی طرح اس بار بھی انہوں نے کوئی سوال نہیں کیا تھا۔ وہ اس کے معاملات کی گہرائی میں اترنے کی کوشش نہیں کرتے تھے۔ صرف سنتے تھے اور جواب دے دیا کرتے تھے۔
اس نے ہمت کر کے اپنا رخ بدلا۔ ایک بار پھر پرسکون نیند سوتے اس بچے کو دیکھا جس کی وجہ سے وہ گزشتہ کئی راتوں سے سو نہیں پا رہی تھی۔
زرکار روشنی میں اس کا چہرہ واضح تھا۔ وہ اپنی ماں کی شکل تھا۔ ہو بہو اس کی کاپی......بس اس کے

بال ہی ہارون شیرازی کی طرح سیدھے تھے۔قدرے لمبے..... پیشانی پر بکھرے.....گردن کو چھوتے ہوئے.....

رنگت دودھیائی تھی.....اور آنکھیں.....

جمیلہ نے سرخ و متورم بند آنکھوں کو دیکھا۔پلکیں بھیگی ہوئی تھیں۔سرخ گالوں پر آنسوؤں کی لکیریں ٹھہری تھیں۔ایسے جیسے وہ روتے روتے یکا یک پرسکون ہوگیا ہو۔اور ایسی ہی ایک سکون بھری کیفیت جمیلہ داؤد نے بھی اپنے اندر محسوس کی تھی۔

☆.....☆.....☆

''پریشانی کی اب کوئی بات نہیں ہے۔ہی از آل فائن ناؤ! یہ کچھ میڈیسنز ہیں جو لکھ کر دے رہا ہوں،اسے دے دیجیے۔اور اس کے کھانے پینے کا بہت خیال رکھیں۔''

اگلے دن چیک اپ کے بعد ڈاکٹر مصطفیٰ جمیلہ سے کہہ رہے تھے اور جمیلہ اسے ہی دیکھ رہی تھی جو ابھی تک اپنی نیند کے اثر سے مکمل طور پر باہر نہیں آیا تھا۔

مدحت اس کے لیے کھیر بنا کر لائی تھی۔جمیلہ کے اشارے پر ہی اس نے تیزی سے پیالے میں نکالی۔جب تک اس نے بہت احتیاط سے بچے کو اٹھا کر بٹھایا،تب تک وہ پیالہ آگے کر چکی تھی۔ایک بازو سے اسے اپنے حصار میں لیے،دوسرے ہاتھ سے چمچ بھر کر وہ اس کے لبوں کے قریب لائی تو اس نے انکار نہیں کیا۔بہت آرام سے پہلا چمچ لے لیا۔

وہ سوتی جاگتی کیفیت میں تھا۔ہوش میں تھا بھی اور نہیں بھی.....لیکن وہ کوئی بھی مزاحمت نہیں کر رہا تھا۔

مدحت حیران تھی۔نہ وہ رویا تھا،نہ چیخا تھا۔نہ اس نے کوئی واویلا کیا تھا نہ بھاگنے کی کوشش حالانکہ خود اسے ایک چمچ کے لیے کتنی کوشش کرنا پڑتی تھی۔

بہت آرام اور تسلی سے جمیلہ نے اسے کھیر کھلائی تھی۔نیم گرم دودھ بھی پلایا تھا، پھر میڈیسن بھی دی تھی جو مدحت کلینک کی فارمیسی سے لے آئی تھی۔اس دوران وہ مکمل طور پر پرسکون رہا تھا۔یقیناً وہ انجیکشن کے زیراثر ہی تھا۔یا پھر وہ تھک چکا تھا اور اب کوئی بھی مزاحمت نہیں کرنا چاہتا تھا۔

دس بجے اسے ڈسچارج کر دیا تھا اور وہ اسے گھر لے آئے تھے۔

اس کے بعد وہ دوپہر میں اسے دیکھنے آئی تھی تب وہ سو رہا تھا۔پھر شام میں جب وہ گئی تھی تو وہ کھڑکی کی چوکھٹ پر کہنیاں ٹکائے شیشے کے ساتھ گال مس کیے باہران روشنیوں کو دیکھ رہا تھا جو وسیع و عریض سبزہ زار پر جگہ جگہ جل رہی تھیں۔

اعظم شیرازی کے یہاں آج کچھ سیاسی نامور شخصیات کی دعوت تھی۔کھانے کا انتظام باہر لان میں کیا گیا تھا۔

''اب کیسا ہے؟'' اس نے مدھم آواز میں مدحت سے پوچھا۔

''پہلے سے بہت بہتر ہے جی! آج اس نے مجھے بالکل بھی تنگ نہیں کیا۔'' مدحت نے خوش گوار حیرت کے ساتھ آگاہی دی تھی مگر جمیلہ کو اس آگاہی نے عجیب سی وحشت میں مبتلا کر دیا۔

جب تک امید تھی، تب تک مزاحمت تھی۔

جب امید ٹوٹی تو مزاحمت بھی دم توڑ گئی۔

وہ کچھ دیر تک دروازے میں کھڑی رہی تھی۔پھر وہ اس کے پاس آکر بیٹھ گئی تھی۔بازو کھڑکی کی چوکھٹ پر ٹکائے اسے دیکھنے لگی۔کچھ محبت، کچھ انسیت، کچھ ترحم سے......بچے نے اس کی موجودگی کا کوئی خاص نوٹس نہیں لیا تھا۔

جمیلہ ان آنکھوں کو دیکھنے لگی جن میں تین بہترین رنگوں کی آمیزش تھی۔سبز، ہلکا براؤن اور سنہرا رنگ......! یہ آنکھیں آرزو جہانگیر کی آنکھیں تھیں۔

اگلے کئی لمحوں تک ایک خاموشی سی حائل رہی۔ بچہ ابھی بھی اسے مکمل نظر انداز کیے ہوئے تھا۔

''ہیلو!'' مجبوراً اسے ہی مخاطب کرنا پڑا۔

بچے نے ذرا سی نظریں اٹھا کر جمیلہ کو دیکھا، مگر جواب نہیں دیا۔

''میرا نام جمیلہ ہے اور تمہارا نام؟'' یہ تعارفی مرحلہ تھا، اسے کچھ مشکل لگا۔ وہ ان بچوں میں سے یقیناً نہیں تھا جو باآسانی گھل مل جائیں ورنہ وہ مدحت کو اتنا لمبا ٹائم کیوں دیتا؟

دم سادھے وہ خالی خالی آنکھوں سے اسے دیکھتا رہا، لب باہم پیوست رہے۔

''لیٹ می گیس......! کہیں تمہارا نام شہریار تو نہیں؟ ارسلان......؟'' ایک لمحے کو رک کر کچھ سوچا۔ ''یا پھر......''

''فارس ہارون شیرازی۔'' اپنے نام سے متعلق وہ یقیناً بہت پکّی تھا۔ فارس تھا تو پھر فارس ہی تھا۔ ہارون کا بیٹا...... شیرازی خاندان کا سپوت......اور کوئی نام......اور کوئی مقام......اور کوئی پہچان اسے قبول نہ تھی۔

کیا اعظم شیرازی اس کی پہچان کی طرح اب اس کی یادداشت سے اس کا مکمل نام بھی ہٹا پائیں گے؟

''نام تو بہت پیارا ہے آپ کا! ویسے فارس کا مطلب کیا ہے؟'' نرمی سے اپنی کم علمی کا اعتراف کرتی وہ ذرا سا آگے جھکی تھی۔ گھنے سیاہ بالوں کی کچھ لٹیں اس کے چہرے پر بکھریں۔ سونے کی چوڑیاں بھی کھنک اٹھیں۔

وہ لب بھینچے اس کی آنکھوں میں اجنبی نگاہوں سے دیکھتا رہا۔

''مجھے سوچنے دو، شاید مجھے یاد آ جائے۔'' ایک لمحے کا توقف کیا، پھر یوں ظاہر کیا جیسے اسے اچانک یاد آ گیا ہو۔

''فارس کا مطلب ہے شہ سوار...... آ ہارس رائڈر...... وہ جو گھوڑے پر بیٹھتا ہے اور تلوار پکڑ کر

فائٹ بھی کرتا ہے۔"

نہ تو وہ گھوڑے پر بیٹھتا تھا، نہ تلوار پکڑ کر فائٹ کرتا تھا۔ اس نے چہرے کا رخ موڑا اور ایک بار پھر باہر دیکھنے لگا۔

جمیلہ داؤد چند لمحوں تک اسے دیکھتی رہی۔ پھر اس نے اپنا ہاتھ بڑھایا۔ "یہاں آؤ۔"

اس نے ایک بار پھر جمیلہ کو دیکھا تھا۔ اب کے ذرا سی خفگی سے...... یقیناً جمیلہ کی مداخلت اسے پسند نہیں آ رہی تھی۔

"میرے پاس آؤ۔"

مگر وہ نہیں آیا تھا۔

"پاپا کے پاس جانا ہے؟"

اس کے چہرے کے تاثرات یکا یک بدلے۔ آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں۔ لب بھنچ گئے۔

"آؤ......!" اب کے جمیلہ نے ہاتھ بڑھا کر اپنی طرف بلایا تو وہ فوراً ہی اٹھ گیا۔ پکڑ کر اپنے قریب گیا تو اس کی بانہوں میں سما گیا۔ اور پھر وہ رونے لگا۔

جمیلہ کی دھڑکنیں تھم گئیں۔ اپنے سینے سے لگائے اس کی پشت سہلاتے ہوئے وہ خود بھی عجیب سی کیفیت سے دوچار ہو گئی۔

فارس کو اپنا باپ، اپنی ماں چاہیے تھی۔ وہ ان کے لیے تڑپ رہا تھا۔

کچھ سوچ کر وہ اسی وقت فارس کو ساتھ لیے شیرازی مینشن میں آ گئی۔ اسٹڈی روم میں صوفے پر بیٹھ کر اس نے ہارون کا نمبر ملانے کے بعد ریسیور فارس کے کان کے ساتھ لگا دیا۔ کچھ ہی دیر میں کال ریسیو کر لی گئی۔

"ہیلو!" باپ کی آواز سماعت سے ٹکراتے ہی اس کی آنکھیں بھر گئیں۔ "ہیلو پاپا......!"

دوسری طرف سے ایک دم سناٹا چھا گیا۔ موت بھرا، وحشت بھرا سناٹا......اگلے ہی لمحے کال ڈسکنیکٹ ہو گئی لیکن فارس بات کر رہا تھا۔ وہ اپنے باپ کو آوازیں دیے جا رہا تھا۔

اس نے بے اختیار ریسیور لے کر کریڈل پر رکھ دیا۔

''اسے لے جاؤ مدحت......!''

اور خود وہ اسی وقت اٹھ کر اپنے کمرے میں آ گئی تھی۔ اسے سنبھلنے میں کچھ وقت لگا پھر اس نے ہارون شیرازی کو فون کیا۔

''آپ نے اپنے بیٹے سے بات کیوں نہیں کی؟'' لہجہ درشت تھا۔ اس کا بس نہیں چل رہا تھا ہارون اس کے سامنے ہو اور وہ اسے جھنجھوڑ کر ہلا دے......لرزا دے۔

''تم بابا کے فیصلے کو بھول گئی ہو؟''

وہ گم کر رہ گئی۔ یہ کیسا جواب تھا جو اس نے دیا تھا؟ یہ کیسا عذر تھا جو اس نے پیش کیا تھا؟ وہ ہارون میں فارس کا ''باپ'' ڈھونڈ رہی تھی اور بدلے میں اسے کیا ملا تھا؟ اعظم شیرازی کا بیٹا!

''آپ کا بیٹا آپ کے ہی گھر میں سرونٹ کوارٹر میں رہ رہا ہے ہارون!''

اور ہارون نے فون بند کر دیا۔ ریسیور ہاتھ میں لیے وہ اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔

''کل تم فارس کو یہاں لائی تھیں؟'' اگلے دن اعظم کی عدالت میں اس کی پیشی ہو گئی تھی......وہ انتہائی غصے میں تھے مگر تحمل سے پوچھ رہے تھے۔

''جی......!''

''میں ہارون سے اس کی بات کروانا چاہتی تھی۔''

اعظم شیرازی نے مٹھیاں بھینچ کر خود پر قابو پا لیا تھا۔

''تو کوئی بات کی اس نے......؟''

''نہیں۔''

ان کے تنے ہوئے اعصاب ڈھیلے ہو گئے۔لبوں پر جاندار مسکراہٹ پھیل گئی۔

''میں جانتا تھا، وہ یہی کرے گا۔''

جمیلہ نے سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔وہ بہت مطمئن اور پر سکون دکھائی دے رہے تھے۔

''ویسے تم فارس کے معاملے میں اتنی دلچسپی کیوں لینے لگی ہو؟ حالانکہ اس کے ساتھ نہ تمہارا کوئی رشتہ ہے نہ کوئی تعلق......''

''آپ کو اس پر رحم نہیں آتا؟'' اس نے الٹا سوال کر لیا۔

''رحم؟'' وہ استہزائیہ انداز میں ہنسے...... ''مجھے نہیں لگتا اس کے ساتھ کوئی ظلم ہو رہا ہے۔وہ اچھا کھاتا ہے، اچھا پہنتا ہے۔اب شہر کے بہترین اسکول میں بھی جائے گا۔ورنہ تم سوچو میں اس کے ساتھ کیا نہیں کر سکتا تھا۔''

''اس سے بڑھ کر اور بڑا ظلم کیا ہو گا کہ آپ نے اپنے پوتے سے، اس کی شناخت اور پہچان چھین لی ہے، باپ بھی دور کر دیا ہے۔''

''ہمارے خاندان کی نسلیں خاندانی شریف عورتوں سے چلتی ہیں جمیلہ......!''

اعظم شیرازی کی آنکھوں میں غیض و غضب کا سمندر ٹھاٹھیں مارنے لگا۔''میں نے ہارون کی دوسری شادی کو تسلیم کیا ہے نہ اس بدچلن عورت کو اپنی بہو مانا ہے۔''

کاٹ دار لہجے میں کہتے ہوئے انہوں نے سخت پتھریلی نگاہوں سے اسے دیکھا تھا۔

''اب تم جا سکتی ہو۔'' انہوں نے دروازے کی طرف اشارہ کر دیا۔''آئندہ میں نہ سنوں کہ تم اس نیچ عورت کے بچے کو اس گھر میں لائی ہو، یہ نہ ہو کہ میں کوئی سخت قدم اٹھانے پر مجبور ہو جاؤں۔''

اس نے سر اٹھا کر اعظم شیرازی کو دیکھا۔وہ دھمکی نہیں دے رہے تھے، اپنے ارادوں سے آگاہ

کرر ہے تھے۔ جو کہتے تھے، اسے کر دکھانے کا حوصلہ بھی رکھتے تھے۔
مزید کچھ بھی کہے بنا، وہ بھاری دل کے ساتھ مڑ گئی تھی۔
کوئی فرق نہیں تھا اس کے اپنے باپ بھائیوں میں اور سسر اور شوہر میں...... سب ہی ایک سے تھے۔ طاقت کے نشے میں چور، دولت کے گھمنڈ میں جابر اور متکبر......

☆......☆......☆

اعظم شیرازی کی تنبیہ کے باوجود وہ اگلے دن خود جا کر فارس کے لیے بے شمار کھلونے اور کپڑے خرید لائی تھی۔ نئے فرنیچر کے ساتھ اس نے پورے کمرے کو بھی اپنی نگرانی میں سیٹ کروایا تھا۔ اس دوران وہ کونے میں کھڑا ٹکر ٹکر اسے دیکھتا رہا تھا۔
کھلونوں کا ایک ڈھیر تھا جو اس کے سامنے رکھا تھا۔ نئے کپڑے، اسکول بیگ، کلرنگ بکس، اسٹوری بکس، بے شمار پنسلیں، کلرز، ایک رائیٹنگ ٹیبل جسے اسٹیکرز سے جمیلہ خود ہی سجانے میں لگی ہوئی تھی۔
کمرے میں حقیقی رنگ تو بکھر ہی گئے تھے مگر اس کی آنکھوں میں زندگی کا کوئی رنگ ابھی بھی نہیں ابھرا تھا۔ وہ اب بھی کھنچا کھنچا سا اجنبی نگاہوں سے کبھی جمیلہ اور کبھی ملازموں کو تکتا الماری کے ساتھ کونے میں ہی سمٹ کر بیٹھا رہا تھا۔ اجنبی چہرے اسے وحشت میں مبتلا کرتے تھے۔ ان جانا سا خوف بڑھتا تھا تو اس کے چہرے کا رنگ اڑ جاتا تھا۔
''کھانا لگا دوں جی؟'' مدحت نے جمیلہ سے مدد چاہی تھی۔ چھوٹے سے ریک میں کتابیں سیٹ کرتے ہوئے اس نے اثبات میں سر ہلایا۔
اس دن فارس نے دوسری بار اس کے ہاتھ سے بہت سکون اور تسلی سے کھانا کھایا تھا۔ کھانا کھاتے ہوئے وہ کئی بار سر اٹھا کر اسے دیکھ چکا تھا۔ جمیلہ مسکرا دیتی مگر اس کے چہرے پر مسکراہٹ کا کوئی ایک رنگ بھی نہ کھلتا۔

اگلے دن وہ اس کے اسکول بھی گئی۔ پرنسپل کے ساتھ ساتھ کلاس ٹیچر سے بھی ملی۔ کلاس روم کا بھی جائزہ لیا۔ پھر اس نے فارس کی حالت کے پیش نظر اس کے لیے جگہ کا انتخاب خود کیا۔ اتنے سارے بچوں میں اس نے ایک گپلو اور بہت زیادہ باتونی بچے کو اس کے برابر بٹھایا۔ وہ فرینڈلی قسم کا تھا۔ لمحوں میں دوست بنا کر باتیں کرنے لگتا تھا۔ کھڑے کھڑے اس نے جمیلہ سے بھی دوستی کر لی تھی اور چاکلیٹ لے کر ہی ٹلا تھا۔

''یور ممی از سو پریٹی!'' چاکلیٹ کا ریپر اتارتے ہوئے اس نے فارس کو بتایا تھا۔ جواب جمیلہ کو دیکھ رہا تھا۔

جانے سے پہلے ہاتھ ہلا کر وہ ایک بار پھر مسکرائی تھی۔ شاید اب وہ بھی مسکرائے۔ شاید اب کے وہ اپنے احساسات کا اظہار کرے مگر فارس کے لب باہم پیوست ہی رہے تھے۔ چہرہ ہر تاثر سے عاری تھا۔ مسکرانا، ہنسنا، باتیں کرنا تو وہ جیسے بھول ہی گیا تھا۔ کچھ وقت درکار تھا اسے سب کچھ نئے سرے سے، نئے انداز میں اور نئے لوگوں سے سیکھنے کے لیے......

☆......☆......☆

باپ اور بیٹے کی اس جنگ میں نقصان فارس کا ہو رہا تھا۔ چھ سال کا وہ بچہ ان چند ہفتوں میں کملا کر رہ گیا تھا۔ نفسیاتی طور پر اتنا ڈسٹرب تھا کہ اس نے بولنا بھی بند کر دیا تھا۔ کھانا وہ بمشکل کھاتا تھا اور اسکول میں بھی کوئی خاطر خواہ کارکردگی نہیں دکھا رہا تھا۔

تھک ہار کر جمیلہ نے آرزو جہانگیر کو ڈھونڈا تھا۔ بہت مشکلوں سے ملی تھی وہ...... بہت صعوبتوں سے ملاقات ہو پائی تھی۔

''میں شادی کر رہی ہوں۔''

فارس سے متعلق ساری بات سن لینے کے بعد آرزو جہانگیر نے کہا بھی تو بس یہی۔

کوئی فکر، پریشانی، اندیشہ، ایسا کوئی بھی تو تاثر نہیں تھا اس کے چہرے پر۔ جمیلہ کو دکھ ہوا۔ کیا وہ "ماں" تھی، کیا وہ واقعی میں "فارس" کی ماں تھی؟

گھنگھریالے سنہرے بالوں کو کیچر میں جکڑے، جینز پر مونگیا رنگ کی اسٹائلش شرٹ میں ملبوس وہ ٹانگ پر ٹانگ رکھے، ہیل میں مقید داہنے پیر کو جنبش دیتی بہت مطمئن اور پرسکون بیٹھی لائم جوس سے لطف اندوز ہو رہی تھی۔

"میں تم سے تمہارے بیٹے کی بات کر رہی ہوں۔" اس نے کہا۔

"کیا وہ صرف میرا بیٹا ہے۔" اپنی دودھیائی کہنیاں میز پر ٹکائے وہ کچھ آگے ہوئی تھی۔

"ویسے تم کیوں میرے بیٹے کے غم میں اتنا ہلکان ہو رہی ہو؟ تمہارے بیٹے کی جگہ نہ لے لے اس لیے؟"

"پہلے مسٹر شیرازی تمہارے بیٹے کو قبول تو کر لیں۔" انتہائی برودت سے جمیلہ نے اس کی آنکھوں میں دیکھا تھا۔

"اوہ کم آن......!" وہ ہنس دی۔ "سب جانتا ہے وہ بلڈی اولڈ مین!" غصے اور حقارت سے اعظم شیرازی کا نام لیتے ہوئے اس نے پھر جمیلہ کو دیکھا۔ "میں تمہاری ان باتوں پر یقین کرنے والی نہیں ہوں۔ اور اگر یہ حقیقت ہے بھی، تب بھی یہ میرا دردِ سر نہیں ہے۔ ہارون نے سیپریشن کے وقت اسے اپنے ساتھ رکھنے کا فیصلہ کیا تھا۔ سو پلیز اگر کوئی بات تمہیں کرنا بھی ہے تو ڈائریکٹ ہارون سے کرو۔ مجھے اس سب میں مت گھسیٹو۔"

اپنا ہینڈ بیگ شولڈر پر ڈالتے ہوئے وہ جانے کے لیے اٹھ گئی تھی اور جمیلہ کتنی ہی دیر تک اپنی جگہ بیٹھی رہی تھی۔

پہلے ہارون کے رویے نے اسے مخمصے میں ڈالا تھا، اب آرزو جہانگیر کا رویہ اسے ورطۂ حیرت

میں ڈال رہا تھا۔ اس کا خیال تھا فارس کے بارے میں جاننے کے بعد آرزو اسے یہاں سے لے جائے گی مگر وہ تو جیسے جمیلہ پر اپنا موقف واضح کرنے آئی تھی۔

آرزو سے ملاقات کے بعد اگلے کئی دنوں تک اس کا ذہن الجھا رہا۔

ایک دو بار اس نے اعظم شیرازی کا دل فارس کے لیے نرم کرنے کی کوشش بھی کی مگر ہر بار وہ نام سن کر ہی یوں بھڑک اٹھتے جیسے جمیلہ نے ان کے پوتے کا نہیں، کسی دشمن کا نام لے لیا ہو۔ دوسری طرف ہارون یوں خاموش ہو جاتا جیسے اس نے کچھ سنا ہی نہ ہو۔

اور تب ہی اس نے ایک فیصلہ کر لیا۔

اگر وہ شیرازی مینشن میں نہیں بھی رہتا، تب بھی وہ اتنا بھی دور نہیں کہ جمیلہ کی محبت، توجہ اور اپنائیت سے محروم رہ سکے۔ مسئلہ ان باپ بیٹے کے درمیان ہے۔ اس کے اور فارس کے درمیان تو نہیں۔ سارے وعدے، قاعدے ہارون سے جڑے ہیں، اس کے ساتھ تو ہرگز نہیں۔

☆......☆......☆

مدحت اس کی کیئر ٹیکر تھی۔ مگر جمیلہ داؤد "کیئر" سے آگے کا سوچتی تھی۔ محبت اور تربیت......

"فارس کو اپنی ڈیوٹی نہیں، اپنی ذمہ داری سمجھ کر ٹریٹ کیا کرو مدحت! میں جانتی ہوں بابا تمہیں تمہارے کام کی سیلری دیتے ہیں مگر کچھ کام ایسے بھی ہوتے ہیں جو ہمیں خلوص دل سے اجر کی نیت سے کرنا چاہییں۔"

مدحت کچھ حیرت سے اپنی مالکن کو دیکھنے لگی۔ جمیلہ، فارس وجدان کا شیڈول ترتیب دے رہی تھی۔ وہ اسکول لنچ میں کیا لے کر جائے گا، دوپہر میں کیا کھائے گا، شام میں وہ کیا لے گا۔ یہ سارے معاملات اب وہ خود طے کر رہی تھی۔

"کھانا میں گھر سے ہی دوں گی! جو کچھ حماد کے لیے بناؤں گی اس کا ایک حصہ فارس کے لیے بھی ہوگا۔"

''مگر بڑے صاحب......''

جمیلہ نے سر اٹھا کر تنبیہی نگاہوں سے مدحت کو دیکھا۔ وہ مؤدب ہو کر سر جھکا گئی۔

''کیا شیرازی مینشن سے سرونٹ کوارٹرز میں پہلے کھانا نہیں جاتا؟''

''جاتا ہے جی۔'' مدحت کا سر جھکا رہا۔

''ضروری نہیں تم ہر خبر اپنے ابا کو دیا کرو، جانتی تو ہو وہ ہر بات تمہارے بڑے صاحب تک پہنچا دیتے ہیں۔ راز رکھنا سیکھو۔ ہر بات بتانے والی نہیں ہوتی۔''

''جی! بہت بہتر۔'' مدحت نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

''اس سے پیار اور نرمی سے بات کیا کرو، سختی سے مت پکڑا کرو مدحت!''

''جی!''

بہت سی تنبیہات اور نصیحتوں کے ساتھ اس نے باقاعدگی سے مدحت کو ٹرینڈ کرنا شروع کر دیا تھا۔ وہ خود بھی اب فارس کو وقت دینے لگی تھی۔

''میں نہیں چاہتی، وہ زندگی گزارے، میں چاہتی ہوں وہ زندگی جیے۔'' وہ اکثر مدحت سے کہتی۔

وسیع و عریض رقبے پر پھیلے سرسبز لان پر وہ ہر شام اس کی انگلی تھام کر چلتی جاتی...... چلتی جاتی اور وہاں جا کر رک جاتی جہاں اعظم شیرازی کے گھوڑوں کا اصطبل تھا۔ اعلیٰ نسل کے عربی گھوڑوں کو دیکھتے ہوئے فارس کی آنکھوں میں ہر بار تعجب اور اشتیاق سا ابھرتا۔ ہر بار وہ انہیں ایسے دیکھتا جیسے پہلی بار دیکھ رہا ہو۔ اس کی آنکھوں میں زندگی کا یہ رنگ جمیلہ کو بھلا لگتا۔ وہ مسکرا دیتی۔ وہ اس کی مسکراہٹ کو دیکھتا۔ پھر اطراف میں دیکھتے ہوئے بے دھیانی میں ہی جمیلہ کی انگلی پر اپنی گرفت مضبوط کر لیتا۔ اور جمیلہ کو اس کی اس حرکت پر ٹوٹ کر پیار آتا۔

ایک رات جب وہ فارس کو کمرے تک چھوڑ کر گھر آئی تھی تو اعظم شیرازی لاؤنج میں اس کے انتظار

میں ٹہل رہے تھے۔ پچھلے ایک ماہ سے جمیلہ کیا کر رہی تھی انہیں سب معلوم تھا۔ اسے فارس کے معاملات سے باز رکھنے کی اپنی سی کوشش کر کے بھی وہ دیکھ چکے تھے مگر اب جیسے ان کی برداشت ختم ہو رہی تھی۔

''میں اگر اسے اڑان کے لیے پر دے رہا ہوں تو مناسب وقت پر لینے کا پورا اختیار بھی رکھتا ہوں، میں جس وقت اسے حدود و قیود سے نکلتا دیکھوں گا اسے واپس اس کی اوقات میں لے آؤں گا، مگر جو تم کر رہی ہو جمیلہ! اس پر تم بہت پچھتاؤ گی۔''

''جو کام اجر کی نیت سے کیا جائے اس پر پچھتاوے نہیں ملا کرتے۔''

''تو تم اجر کما رہی ہو؟'' اعظم شیرازی کا لہجہ استہزائیہ ہوا۔

''ایک ماں ہونے کا حق ادا کر رہی ہوں بابا۔''

''مجھے حیرت ہے یہ تم کہہ رہی ہو۔''

''سوتیلی ہوں...... بے رحم نہیں ہوں۔''

اعظم شیرازی آنکھوں میں غضب لیے کھڑے رہے۔

''ویسے بھی یہاں سب فارس کو آپ کے ایک جاں نثار ملازم کے یتیم بیٹے کی حیثیت سے جانتے ہیں۔ آپ بھی یہی سمجھ لیں کہ میں ایک یتیم بچے کے سر پر ہاتھ رکھے ہوئے ہوں۔''

صدر دروازے سے اندر داخل ہوتا ہارون اپنی جگہ منجمد ہوا تھا۔

''یتیم......!'' اس کا سانس رکا تھا۔

''یتیم......!'' اس کی دھڑکن تھمی تھی۔

اعظم شیرازی اگلے کئی لمحوں تک سخت نگاہوں سے جمیلہ کو دیکھتے رہے پھر انہوں نے ہنکارا بھرا۔

''حماد اگلے ہفتے واپس آ رہا ہے، میں نہیں چاہتا تم اسے اس سب میں انوالو کرو۔''

''آپ کہنا کیا چاہ رہے ہیں؟'' اس نے اچنبھے سے انہیں دیکھا۔

''فارس میرے ملازم کا بیٹا ہے، حماد کے علم میں بھی یہی بات آنی چاہیے۔'' انہوں نے انتہائی ٹھنڈے لہجے میں بھاری گمبھیر آواز میں کسی حاکم کی طرح حکم سنایا تھا۔ آنکھوں کا تاثر بتا تا تھا کہ اب کے جمیلہ نے اپنی من مانی کی تو نتائج اچھے نہ ہوں گے۔

''ایٹ لیسٹ آپ نے یہ تو مانا کہ حماد کا فارس کے ساتھ کوئی رشتہ ہے جسے چھپانے کی ضرورت ہے۔''

اعظم شیرازی مٹھیاں بھینچ کر رہ گئے۔ جمیلہ مزید کچھ بھی کہے بنا وہاں سے چلی گئی تھی۔

ہارون کمرے میں آیا تو وہ وارڈ روب کھولے کھڑی تھی۔

گھڑی اور کف لنکس اتار کر ڈریسنگ ٹیبل پر رکھتے ہوئے اس نے جمیلہ کو دیکھا۔ نائٹ گاؤن ہاتھ میں پکڑے وہ سیاہ آنکھوں میں غصہ لیے اس کی طرف مڑ گئی تھی۔

''یتیم بچوں کو صبر آ جاتا ہے کہ وہ جانتے ہیں ان کے ماں باپ قبروں میں ہیں، اگر جو زندہ ہوتے ان کی حالت ایسی نہ ہوتی! لیکن جن بچوں کو معلوم ہو ان کے ماں باپ زندہ ہیں اور تب بھی ان کی یہ حالت ہے۔ ذرا سوچیں انہیں صبر کیسے آتا ہوگا؟''

''بس کر دو جمیلہ......!''

''میں بس کر دوں؟'' وہ ہارون پر چلا اٹھی۔

''آپ بس کیوں نہیں کرتے؟''

''بابا کا فیصلہ......''

''بھاڑ میں گیا ان کا فیصلہ......'' وہ ضبط کھو بیٹھی تھی۔

ہارون شیرازی نے آج سے قبل اسے اتنے شدید غصے میں نہیں دیکھا تھا۔

''اپنے آپ کو میرے سامنے مظلوم اور بے بس بنا کر پیش مت کریں ہارون! ظالم کی معاونت کرنے والا بھی ظالم ہوتا ہے۔''

ہارون کرب کے عالم میں جمیلہ کو دیکھ کر رہ گیا۔

''میں یہ سب فارس کے لیے ہی کر رہا ہوں۔''

''غلط......! آپ صرف اپنے لیے کر رہے ہیں۔'' انگلی اٹھا کر اس نے کہا۔ ''صرف اور صرف اپنے لیے......ورنہ کوئی بھی باپ اس طرح اپنی اولاد کا سودا نہیں کرتا۔''

''تم سمجھ کیوں نہیں رہیں جمیلہ!''

''میں نہیں سمجھ رہی؟ آپ اپنے بیٹے کی کیفیت سمجھ رہے ہیں؟ وہ کوئی دودھ پیتا بچہ نہیں ہے کہ چند دنوں میں کسی اور کی گود میں رہے گا تو ماں باپ کا لمس بھول جائے گا۔ اسے آپ یاد ہیں، اسے آرزو یاد ہے۔ اور یہ ''یاد'' اس کے لیے کتنی بڑی اذیت بننے جا رہی ہے کچھ اندازہ ہے آپ کو؟''

ہارون کرب کے عالم میں لب بھینچ گیا۔ ''تم یقین کرو یا نہ کرو۔ لیکن میں یہ سب فارس کے بھلے کے لیے کر رہا ہوں۔''

''اپنے فیصلے پر نظرثانی کریں ہارون! کہیں ایسا نہ ہو یہ بھلائی آپ کے بیٹے کو بربادی کی طرف دھکیل دے۔''

پاؤں پٹختے ہوئے وہ واش روم میں چلی گئی۔ دروازہ اس نے قدرے زور سے بند کیا تھا۔

ہارون شیرازی بے بسی سے اپنی جگہ کھڑا رہ گیا تھا۔

☆......☆......☆

اسکول سے واپسی پر سبزہ زار پر قدم اٹھاتے ہوئے وہ سرونٹ کوارٹر کی طرف جا رہا تھا جب اسے ڈرائیو وے پر بیرونی گیٹ کے عین سامنے ایک گاڑی رکتی ہوئی نظر آئی تھی۔

سیاہ تھری پیس سوٹ میں ملبوس ہارون شیرازی اپنے دوستوں کے ہمراہ گاڑی سے نکل رہا تھا۔

فارس اپنی جگہ رک گیا۔ اس نے پورے تین ماہ بعد اپنے باپ کو دیکھا تھا۔ کتنی خوش نصیبی کی بات

تھی کہ اس لمحے وہاں مدحت یا آغا علی نہیں تھے جو اسے ہارون کے پاس جانے سے روک لیتے۔

وہ تقریباً بھاگتے ہوئے آیا اور باپ کے دوستوں کے سامنے ہی اس کی ٹانگوں سے لپٹ کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا تھا۔

ہارون ایک لمحے کے لیے جامد ہوا تھا......ساکت......صامت......

اگلے ہی لمحے وہ سنبھل گیا۔

''یہ پیارا سا بچہ کون ہے؟'' اس کے دوست کی بیوی نے کچھ اشتیاق سے دیکھتے ہوئے پوچھا تھا۔ہارون کے ہاتھ متحرک ہوئے تھے۔اس نے فارس کو خود سے الگ کیا......

''ہمارے ملازم کا بیٹا ہے......فارس وجدان......!''

اس کے نرم و ملائم بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے اس نے آگے بڑھنا چاہا تھا مگر فارس اس کی تمام تر کوشش ناکام بناتے ہوئے ایک بار پھر اس سے لپٹا تھا۔اور عین اسی لمحے مدحت جانے کہاں سے بھاگتی ہوئی آئی تھی۔فارس کی تمام تر مزاحمت اور چیخ و پکار کے باوجود اسے اٹھا کر ساتھ لے گئی تھی۔

''یتیم بچہ ہے۔اس گھر کے سب ہی مالکان اس سے بہت پیار کرتے ہیں تو اس لیے......'' آغا علی نے فوراً وضاحت دیتے ہوئے ہارون شیرازی کو اس سچویشن سے نکالنے کی اپنی سی کوشش کی تھی۔دوست ہارون کے اخلاق سے متاثر نظر آتے شیرازی مینشن میں جا چکے تھے اور مدحت اسے کمرے میں واپس لے آئی تھی۔

رو رو کر وہ اپنی حالت ابتر کر چکا تھا۔نہ کچھ کھا رہا تھا، نہ کچھ پی رہا تھا۔ہر کام سکون اور تسلی سے کرنے والا بچہ یکا یک ہذیانی ہو گیا تھا۔دروازہ بند کیے اسے سنبھالنے کی اپنی سی کوشش کرتے مدحت خود بھی رونے بیٹھ گئی۔

وہ اپنے بابا کا بیٹا تھا اور بابا اسے کسی ''ملازم'' کا بیٹا کہہ کر گئے تھے۔یہ بات اپنی تمام تر تلخیوں

کے ساتھ اسے اس عمر میں سمجھ میں آنے والی نہیں تھی۔ وہ ''ہارون'' سے ''وجدان'' کر دیا گیا تھا اس حقیقت کا ادراک بھی اس کی مزاحمت توڑنے کے لیے ناکافی تھا۔

اس دن وہ جمیلہ داؤد کی وجہ سے کچھ حد تک سنبھل گیا تھا مگر اس نے ہارون تک پہنچنے کی کوشش ترک نہیں کی تھی۔ ہر بار مدحت اور آغا علی اس کے سامنے آجاتے تھے۔ ہر بار کوئی نہ کوئی اس کی دیوار بن جایا کرتا تھا۔

وہ کچھ بڑا ہوا تو پابندیوں کے ساتھ تلخ حقیقتوں کا ادراک اسے بہت اچھے سے ہونے لگا۔ رویے بہتر انداز میں سمجھ آئے تو وہ جان گیا مدحت اور آغا علی کبھی بھی اس کی دیوار نہیں تھے۔ دیوار تو سرے سے تھی ہی نہیں...... فقط ایک دروازہ تھا اور یہ دروازہ اس کا باپ اپنی مرضی و منشا سے اس پر بند کر چکا تھا۔

☆......☆......☆

اُم ایمان قاضی کا بہت خوبصورت نیا ناول

سانسوں کے اس سفر میں

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

تنزیلہ ریاض کا بہت خوبصورت نیا ناول

نور القلوب

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

مدحت کی بہن جانے کہاں سے بلی لائی تھی اور چونکہ اس کی فارس کے ساتھ اچھی خاصی دوستی ہو چکی تھی تو وہ بانہوں میں بھرے تقریباً بھاگتی ہوئی اس کے پاس آ گئی تھی۔ کچھ دیر تک وہ دونوں ہی بلی کے ساتھ کھیلتے رہے تھے۔ اس کے بعد جب وہ کمرے میں واپس آیا تو اس کی طبیعت اچانک ہی بگڑ گئی تھی۔ نم آنکھیں سرخ ہو گئیں۔ ناک بہنے لگی، چھینکیں، کھانسی کے ساتھ ساتھ اس کا سانس بھی بھاری ہونے لگا۔ اس کے بازو، سینے اور گردن کے پچھلے حصے پر سرخ ریشز بھی ابھر آئے تھے۔ مدحت نے دیکھا تو بری طرح سے گھبرا گئی۔ جمیلہ اس روز گھر میں موجود تھی، اسے ہاسپٹل بھی وہی لے کر گئی تھی۔

''ہی از الرجک ٹو کیٹس۔'' ڈاکٹر نے چیک اپ کے بعد آگاہی دی تھی۔

اگلے کئی لمحوں تک وہ ڈاکٹر کے ساتھ اس کی کنڈیشن ڈسکس کرتی رہی تھی اور وہ کچھ احتیاطی تدابیر سے متعلق جانکاری دیتے رہے۔

شام کے سات بجے جب وہ گھر آئی تو اسے سسر کی آمد کی اطلاع پہنچا دی گئی۔ مدحت، فارس کو ساتھ لیے سرونٹ کوارٹر چلی گئی تھی اور اس نے لاؤنج کا رخ کیا تھا۔ وہ خود کو سوال جواب کے لیے تیار کر کے ان کے سامنے آن کھڑی ہوئی تھی۔

''مجھے یاد نہیں پڑتا، میں نے فارس کی ذمہ داری تمہیں سونپی ہو۔'' وہ فارس کے معاملات میں جمیلہ کی بے جا مداخلت سے تنگ آ چکے تھے۔

''اس کی طبیعت خراب ہو گئی تھی، ایمرجنسی میں لے جانا پڑا۔''

''یہ کام مدحت اور آغا علی بھی کر سکتے تھے۔''

''میں فارغ تھی، سوچا میں ہی کر دوں۔ ویسے آپ پوچھیں گے نہیں اس کی طبیعت کیوں خراب ہوئی؟''

''آئم ناٹ انٹرسٹڈ!''

"یو شڈ بی انڈرسٹڈ! اسے بھی آپ کی طرح بلیوں سے الرجی ہے۔" اپنی بات کے اختتام پر وہ مڑ گئی تھی۔ سیڑھیاں چڑھتے ہوئے اس نے ایک مرتبہ بھی اعظم شیرازی کے چہرے کے تاثرات دیکھنے کی کوشش نہیں کی تھی۔

☆......☆......☆

وہ باغ میں مصنوعی آبشار کا نظارہ کر کے عقبی دروازے سے شیرازی مینشن کے احاطے میں داخل ہوا تھا تو نگاہ گھوڑے پر سواری کرتے حماد شیرازی پر ٹھہر گئی۔ برجز میں ملبوس وہ اپنے انسٹرکٹر کے ہمراہ تھا۔

حماد شیرازی......اس کا بڑا بھائی......ایک خاندانی، عزت دار خاندان سے تعلق رکھنے والی عورت کا بیٹا......جمیلہ کا بیٹا!

اپنے ننھیال کی بدولت، ماں کے مضبوط بیک گراؤنڈ اور دونوں خاندانوں کے بیچ ہونے والی بزنس ڈیلز کی وجہ سے وہ ایک "ٹرافی چائلڈ" تھا۔

پرکشش، ذہین اور پھر اس گھر میں وہ اپنے دادا کا لاڈلا تھا۔ ماں کا چہیتا......اور باپ کے لیے تو وہ ویسے بھی اہم تھا۔

فارس کی زندگی اسکول سے فقط اس کمرے تک ہی محدود تھی اور حماد تو اس عمر میں دنیا گھوم رہا تھا۔ وہ اپنے باپ کے سائے میں پل رہا تھا۔ نہ اس نے کوئی محرومی دیکھی تھی، نہ اپنوں کی جدائی سہی تھی۔ دونوں کا تو کسی صورت کوئی موازنہ نہ تھا۔

اعظم شیرازی کی صحبت کا اثر تھا کہ حماد نے ان کے جیسی شخصیت اور مغرورانہ انداز اپنا رکھا تھا۔ گھر بھر کا لاڈلا تھا تو انداز اور طور طریقے بھی ایسے ہی تھے جیسے وہ کسی مملکت کا شہزادہ ہو۔ آج اس کا برتھ ڈے تھا اور اسی مناسبت سے شیرازی مینشن کو ڈیکوریٹ کیا جا رہا تھا۔ اس کی ہر خوشی اور کامیابی کو ہمیشہ ایسے ہی شاندار انداز میں سیلبریٹ کیا جاتا تھا۔

اس نے اپنے باپ کو دیکھا۔ ہارون شیرازی جینز پر وائٹ شرٹ میں ملبوس...... آنکھوں سے گلاسز اتار کر جیب میں اٹکاتے ہوئے ایونٹ پلانر سے بات کر رہا تھا۔

اس نے بس ایک لمحے کے لیے اسے دیکھا، پھر رخ بدل کر اپنے کمرے میں آ گیا۔

کمرے کی کھڑکیاں کھلی ہوئی تھیں۔ سماعت سے ہارون شیرازی اور حماد کی آواز ٹکرانے لگی۔

زندگی سے بھرپور قہقہے تھے۔ خوشیاں تھیں اور مسرت کے رنگ جوان کی آنکھوں سے جھلکتے تھے۔

اسے شیرازی مینشن میں رہتے ہوئے ڈیڑھ سال ہونے کو تھا مگر وہ ابھی تک ان رویوں کا عادی نہیں ہو پایا تھا۔ ہمیشہ کی طرح وہ آج بھی بری طرح سے ڈسٹرب ہو گیا تھا۔

کھڑکیاں دروازے بند کر کے وہ اپنے بیڈ میں گھس کر کہانیوں کی کتاب پڑھنے لگا۔ پھر اس نے ڈرائنگ بک نکال لی۔ کچھ دیر تک رنگ بھرتا رہا۔ پھر اس نے اسٹیکرز اٹھا لیے اور اپنی نوٹ بک پر جگہ جگہ لگانے لگا۔ اس سے بھی اکتا کر اس نے نوٹ بک کے تمام صفحے پھاڑ ڈالے۔ انہیں نوچ کھسوٹ کر، پرزے پرزے کر کے ڈسٹ بن میں پھینکا اور ایک بار پھر کھڑکی کے سامنے جا کھڑا ہوا۔

سفید اور نیوی بلیو رنگ کی تھیم میں اسٹیج ڈیکوریٹ کیا جا چکا تھا۔ کرسیاں اور گول میزیں اب ترتیب سے رکھی جا رہی تھیں۔

یکا یک ہی اسے نیلا رنگ بہت برا لگنے لگا۔ سفید رنگ سے اسے یک دم نفرت ہوئی۔

اور تب ہی اس کی نظر جمیلہ داؤد پر پڑی۔ وہ انتظامات کا از سر نو جائزہ لے رہی تھی۔ مصروفیت کی بنا پر آج وہ اس سے ملنے نہیں آ سکی تھی اور چونکہ آج چھٹی کا دن تھا تو معمول کے مطابق پچھلے چار گھنٹوں سے اس کا ہی انتظار کر رہا تھا۔

جمیلہ آج نہیں آئے گی۔ وہ جانتا تھا۔ وہ شیرازی ہاؤس میں منعقد کیے جانے والی ہر تقریب میں ایسے ہی نظر انداز کر دیا جاتا تھا۔ باقی سب نظر انداز کر دیں، وہ قبول کر لیتا تھا۔ جمیلہ سے وہ نظر انداز ہو

جائے تو اس کی جان پر بن جاتی تھی۔

اور چونکہ شیرازی مینشن میں خاندان بھر کے لوگ اکٹھے ہوتے تھے اس لیے ہر فنکشن، گیدرنگ اور تقریب پر فارس کے لیے ایک ہی اصول ہوتا تھا۔ شام کے پانچ بجے کے بعد اسے کسی طور پر بھی اپنے کمرے سے باہر آنے کی اجازت نہیں ہوتی تھی۔ اور مدحت اس بات کا خاص خیال رکھتی تھی کہ وہ جلدی سو جائے۔ مگر کیا اسے نیند آجایا کرتی تھی؟ شاید نہیں، یقیناً نہیں!

آج بھی ایک پابندی عائد ہوگی۔ آج کی تقریب بھی اس کے لیے ایک سزا کی طرح ہوگی۔

اور پھر جیسے ذہن میں کوئی خیال ابھرا اور وہ بیگ میں ضرورت کی چند اشیاء، اسٹوری بکس، ڈرائنگ پیپرز، کلرز اور چاکلیٹ وغیرہ رکھ کر باہر نکل گیا۔

جانے سے پہلے وہ مدحت کے لیے پیغام چھوڑ کر گیا تھا کہ وہ کل تک گھر واپس آجائے گا۔ لیکن وہ جا کہاں رہا ہے یہ اس نے نہیں بتایا۔

شیرازی مینشن کے عقبی دروازے سے باہر نکل کر باغ میں چلتے ہوئے اس نے صدق دل سے دعا کی کہ آج بارش ہو جائے۔ ایسی موسلا دھار بارش کہ اسٹیج اڑ جائے، کرسیاں میزیں ٹوٹ جائیں۔ سفید رنگ ملگجا سا ہو اور آسمانی رنگ پر دھبے پڑ جائیں۔

وہ اب ڈاکٹر مصطفیٰ کی طرف جا رہا تھا۔ مین روڈ پر دو منزلہ مکان سے منسلک ان کا ذاتی کلینک تھا۔ جس کی مخالف سمت روڈ کی دوسری طرف وسیع و عریض رقبے پر پھیلا سبزہ زار، کھیت کھلیان اور باغات تھے۔ شیرازی مینشن ان باغات کے عقب میں بلندی پر واقع تھا۔ فارس باغ کے راستے اکثر اوقات ان کے پاس چلا جایا کرتا تھا۔ کبھی وہ اسے کلینک کے اندر اپنے آفس میں بٹھا کر فارغ اوقات میں باتیں کرتے رہتے اور کبھی اپنے ساتھ گھر لے جاتے۔

اس دن ان کا آف تھا۔ وہ اسے گھر میں ہی ملے تھے۔ اور کچھ حیران ہو کر اسے دیکھ رہے تھے۔

بھنویں سکڑی ہوئیں، تیور بگڑے ہوئے......اور چہرے پر سرخی سی پھیلی تھی جیسے وہ خود پر ضبط کیے ہوئے ہو۔

ڈاکٹر مصطفیٰ نے اپنے ننھے مہمان کو اندر آنے کا راستہ دیا۔ اور اس سے قبل کہ وہ خود سے کچھ دریافت کرتے اس نے سر اٹھا کر پوچھا۔

''کین آئی اسٹے ہیئر ٹونائٹ؟'' (کیا میں آج رات آپ کے پاس رک سکتا ہوں؟)

ڈاکٹر مصطفیٰ نے اچنبھے سے اسے دیکھا، پھر اپنے بھورے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے اس کے سامنے بیٹھ گئے۔

''ہاں! کیوں نہیں۔ کیا تمہاری کیئر ٹیکر جانتی ہیں کہ آج تم یہاں رہو گے؟'' ایک لمحے کے لیے اس نے ڈاکٹر مصطفیٰ کو دیکھا۔ اس کے حلق میں گلٹی ابھر کر معدوم ہوئی پھر اس نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

ڈاکٹر مصطفیٰ مسکرا دیے۔ اس کے نرم ملائم بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے اٹھ کر کچن میں چلے گئے۔ وہ بھی اپنا بیگ اتار کر ان کے پاس آ گیا۔

اپنے ساڑھے سات سالہ ننھے مہمان کی خاطر مدارت کرتے ہوئے وہ آج کچھ زیادہ ہی پر جوش اور خوش دکھائی دیے۔

''میری سب سے بڑی بیٹی کے یہاں کل پورے پندرہ برس بعد بیٹا ہوا ہے۔''

پلیٹ سے رول اٹھاتے ہوئے فارس نے انہیں دیکھا۔

''اصل میں وہ ٹوئنز ہیں۔ ایک بیٹی ہے اور ایک بیٹا!'' وہ مسکراتے ہوئے کرسی کھینچ کر بیٹھ گئے تھے۔ ''بہت بہادر ہے میری نواسی...... بھائی کو ساتھ ہی لائی ہے۔'' جانے کیا سوچ کر وہ مسکرائے۔ پھر انہوں نے تصویر نکال کر اسے دکھائی۔

''اس میں لڑکی کون ہے اور لڑکا کون ہے؟'' ایک جیسے بچوں نے فارس کو الجھا دیا۔ دونوں کے

کپڑے بھی ایک ہی جیسے سفید رنگ کے تھے۔
ڈاکٹر مصطفیٰ نے تصویر پکڑ کر دیکھی۔ پھر دوبارہ دیکھی۔ ''اللہ جانے!'' بڑبڑا کر اٹھ گئے۔
اب وہ اس کے لیے فروٹ ٹرائفل بنا رہے تھے۔
فارس نے تصویر اٹھالی۔ ننھے منے سے بچے گہری نیند میں تھے۔ وہ کافی دیر تک دلچسپی سے انہیں دیکھتا رہا۔ غالباً اتنے چھوٹے بچوں کو دیکھنے کا اتفاق اسے پہلی بار ہوا تھا۔
''اپنی ساری نواسیوں کے نام میں نے ہی رکھے ہیں۔ اب میری بڑی نواسی حفصہ چاہ رہی ہے کہ اس کا نام بھی میں ہی رکھوں۔'' انہوں نے ایک لمحے کے لیے رک کر کچن کی کھڑکی سے باہر لان کی کیاریوں میں پھولوں کو دیکھا۔ پھر کچھ سوچا۔ ''وردہ کیسا رہے گا؟'' اب وہ اپنے مہمان سے پوچھ رہے تھے جو پلیٹ سے دوسرا رول اٹھا رہا تھا۔
''وردہ...... یعنی پھول......! بہار کے موسم میں آئی ہے وہ...... ہے بھی پھولوں جیسی۔'' ایک بار پھر تصویر پکڑ کر وہ اپنی نواسی کو کھوجنے لگے۔ ''یا پھر کوئی اور نام......''
''میں بتاؤں؟'' اپنا رول کھاتے ہوئے فارس نے کہا۔ ڈاکٹر مصطفیٰ اس کے ''بیسٹ فرینڈ'' تھے۔ ان کی مشکل آسان کرنا اس کا فرض تھا۔
''ہاں کیوں نہیں۔'' وہ خوش ہوئے۔
''آپ جنت رکھ دیں۔''
ڈاکٹر مصطفیٰ نے چونک کر سر اٹھایا۔ ''جنت......؟''
''مس ہادیہ نے اپنی بیٹی کا نام جنت رکھا ہے۔ پیارا نام ہے نا؟'' وہ کہہ رہا تھا۔ ڈاکٹر مصطفیٰ اس پر نگاہ جمائے بیٹھے رہ گئے تھے۔ ان کی توجہ کسی ایک پھول پر تھی، مگر فارس انہیں لاعلمی میں کتنی بڑی تصویر دکھا گیا تھا۔

وردہ ایک پھول......اور جنت میں تو جیسے ہر طرح کے پھول سما جاتے ہیں۔انہوں نے سوچا۔
''واقعی بہت پیارا نام ہے، بس آج سے میری نواسی کا نام جنت ہے۔'' وہ فارس کے بالوں میں انگلیاں پھیرتے مسکراتے ہوئے اٹھ گئے۔

اس نے فروٹ ٹرائفل کھایا۔ڈاکٹر مصطفیٰ کے ساتھ سبز چائے بھی پی۔لان کے پھولوں کو پانی بھی دیا۔آسٹریلین طوطوں کو چوری بھی کھلائی۔ڈرائنگ بک میں رنگ بھی بھرے اور بارش کی دعا بھی کی۔

اور ٹھیک ایک گھنٹے کے بعد سہ پہر کے غروب ہوتے سورج پر کالی گھٹا چھا گئی۔ہوائیں تیز ہوئیں تو دور سے مٹی اور دھول اٹھتی ہوئی نظر آئی۔اور دیکھتے ہی دیکھتے ہر طرف دھند چھا گئی۔بارش کا پہلا قطرہ اس کے گال پر ہی گرا تھا۔اس نے خوش گوار حیرت سے سر اٹھا کر آسمان کو دیکھا۔پھر ہاتھ پھیلائے سیڑھیاں اتر کر لان میں آ گیا۔

بادلوں کی گڑگڑاہٹ کے ساتھ آسمان پر کہیں بجلی چمکی تھی۔وہ رات کی بارشوں سے جتنا خائف ہوتا تھا، دن کی بارشیں اسے اتنا ہی محظوظ کرتی تھیں۔

ڈاکٹر مصطفیٰ بھی اس کے ساتھ ہی رم جھم بارش انجوائے کرتے رہے اور جیسے ہی بارش نے زور پکڑا، وہ اسے ساتھ لیے اندر آ گئے۔

کافی عرصے بعد انہوں نے فارس کو بے انتہا خوش دیکھا جو تصور ہی تصور میں نیلی سفید تھیم سے سجی کرسیوں کو فضا میں ٹوٹتا بکھرتا دیکھ رہا تھا۔

''میں نے اللہ سے دعا کی تھی بارش ہو جائے۔'' اس نے اشتیاق کے عالم میں ڈاکٹر مصطفیٰ کو بتایا تھا۔
''میں نے اللہ سے کہا بہت زور کی آندھی آئے۔'' اس نے ہاتھ بھی پھیلائے، اچھل کر بھی دکھایا۔پیشانی پر بکھرے بال آنکھوں پر گرے۔ڈاکٹر مصطفیٰ نے اس کی آنکھوں میں عجیب سی خوشی دیکھی۔وہ مسکرائے۔

''تاکہ حماد کے بھی سارے کھلونے ٹوٹ جائیں، اس کی پارٹی بھی خراب ہو جائے۔''
ڈاکٹر مصطفیٰ کی مسکراہٹ یک لخت تھم گئی۔ انہیں سکتہ ہوا۔ وہ تعجب سے فارس وجدان کو دیکھ کر رہ گئے۔
حماد شیرازی...... بزنس ٹائیکون اعظم شیرازی کا پوتا!
''اچھے بچے کسی کا برا نہیں چاہتے۔'' انہوں نے ٹوکا۔
''میں اچھا ہوں ہی نہیں۔'' فارس نے بڑے آرام سے اعتراف کرلیا۔
وہ اسے دیکھ کر رہ گئے۔
''میں نے برا نہیں چاہا۔ میں نے بس یہ کہا کہ بارش ہو جائے اور آندھی بھی آئے۔'' اب کے اس نے ذرا سی خفگی کے ساتھ انہیں وضاحت دی تھی۔
ڈاکٹر مصطفیٰ اپنی مسکراہٹ ضبط کر گئے۔
''تم حماد کو ناپسند کرتے ہو؟'' کچھ سوچ کر انہوں نے پوچھا۔
''وہ مجھے ناپسند کرتا ہے۔''
''تمہیں ایسا کیوں لگا؟''
''جب بھی اس کی ممی میرے پاس آتی ہیں تو اسے برا لگتا ہے، جب بھی وہ میرے لیے کچھ لیتی ہیں تو وہ مائنڈ کرتا ہے۔''
ڈاکٹر مصطفیٰ اس کے سامنے پنجوں کے بل بیٹھ گئے۔ وہ براہ راست اب فارس کی آنکھوں میں دیکھ رہے تھے۔
''کچھ دن پہلے وہ میرے کمرے میں آیا تھا اور اس نے میری وہ ساری کاریں توڑ دیں جو بالکل اس کے جیسی تھیں۔ اسے اچھا نہیں لگتا نا کہ اس کے جیسی چیز کسی اور کے پاس ہو۔'' سر جھکائے اب وہ شرٹ کے کناروں کو چھیڑ رہا تھا۔ ''مجھے بھی اچھا نہیں لگتا کہ میرا سب کچھ کسی اور کے پاس ہو۔ مگر میں تو

کچھ نہیں کہتا۔"

ڈاکٹر مصطفیٰ جیسے اپنی جگہ منجمد ہوئے تھے۔

"یہ تو حیرت کی بات! حماد بابو اس طرح کسی ملازم کے بیٹے کے ساتھ مقابلہ کرتا ہے۔" کام والی ماسی وہاں سے گزر رہی تھی، سنتے ہی بول پڑی۔

"میں ملازم کا بیٹا نہیں ہوں۔" پوری قوت سے وہ اس عورت پر چیخ پڑا تھا۔ جہاں کام والی ماسی سکتے میں آئی تھی تو وہاں ڈاکٹر مصطفیٰ بھی اس کے رویے سے صدمے میں چلے گئے تھے۔

آنکھوں میں غصہ، نمی، بے بسی لیے وہ اس طوفانی موسم میں گھر چھوڑ کر جانے لگا۔ یہ تو ڈاکٹر مصطفیٰ ہی اسے زبردستی پکڑ کر واپس لائے۔ کام والی ماسی سے معذرت بھی کروائی اور اسے کھانے کے لیے بھی رضامند کیا۔

اور اس کے بعد وہ ایک بار پھر اس کے سامنے بیٹھے تھے۔ وہ شیرازی خاندان کے فیملی ڈاکٹر تھے اور آج سے قبل انہوں نے کبھی بھی ان کے خاندانی معاملات کی جانچ پڑتال نہیں کی تھی اور نہ ہی وہ ایسا کرنا پسند کرتے تھے مگر آج نہ جانے کیوں وہ فارس وجدان کے بارے میں اچنبھے کا شکار ہوئے تھے۔

ڈیڑھ سال پہلے یہ بچہ اچانک سامنے آیا تھا۔ وہ اسے کئی بار اٹینڈ کر چکے تھے۔ کئی بار وہ ان کے کلینک میں ایڈمٹ ہو چکا تھا۔ جمیلہ داؤد اس بچے کا بہت خیال رکھتی تھی وہ یہ بھی جانتے تھے۔ شیرازی مینشن میں ایک بار فارس کی بابت دریافت کرنے پر اعظم شیرازی نے اس کا تعارف اپنے ملازم کے یتیم بیٹے کے طور پر کروایا تھا مگر اب......

"تم کس کے بیٹے ہو؟" وہ اب پوچھ رہے تھے۔

"کسی کا بھی نہیں۔" وہ ہنوز ناراض تھا۔

"ایسا نہیں ہوتا کہ آپ کسی کے بھی بیٹے نہ ہوں۔"

''ایسا ہی ہے کہ میں کسی کا بھی بیٹا نہیں ہوں۔''

ڈاکٹر مصطفیٰ اسے دیکھ کر رہ گئے۔ پھر جیسے انہیں مذاق سوجھا۔ ''یعنی تم سیدھا آسمان سے گرے تھے، درخت پر اگے تھے؟''

اس نے بھنویں سکیڑ کر انہیں گھورا۔ وہ مذاق کے موڈ میں ہرگز نہیں تھا۔

اور تب کسی خیال کے تحت ڈاکٹر مصطفیٰ کی مسکراہٹ سمٹ گئی۔

''کیا تم واقعی گھر میں سب کو بتا کر آئے ہو؟''

''مجھے نیند آ رہی ہے، میں سونا چاہتا ہوں۔'' وہ سر جھکائے اپنے بیگ کی زپ بند کرنے لگا۔

اور ڈاکٹر مصطفیٰ کو جیسے ان کے ہر سوال کا جواب مل گیا۔

''اس موسم میں تم گھر سے باہر ہو، بخدا اس وقت ان سب پر کیا بیت رہی ہوگی۔''

مگر فارس بتا نہیں سکا کہ اس وقت ان سب پر کچھ بھی نہیں بیت رہی ہوگی کیونکہ وہ سب تو اس وقت گھر کے اندر اپنی خوشی منا رہے ہوں گے۔

ڈاکٹر مصطفیٰ تیزی سے اٹھ کر فون کی طرف لپکے تھے۔ مگر موسم کی خرابی کی وجہ سے سگنلز کا مسئلہ تھا۔ کال نہ ہو سکی۔ ریسیور ہاتھ میں لیے انہوں نے خفگی سے فارس کو دیکھا۔

''میں آج گھر نہیں جانا چاہتا۔'' اس کی آواز آنسوؤں سے رندھی ہوئی تھی۔ ڈاکٹر مصطفیٰ گہرا تنفس لے کر رہ گئے تھے۔

☆......☆......☆

وہ رات جو اس کے لیے آسان سی تھی وہ جمیلہ داؤد کے لیے کسی قیامت سے کم نہیں تھی۔ اعظم شیرازی کے گارڈ اس خطرناک موسم میں اسے کہاں کہاں نہیں ڈھونڈ رہے تھے۔

حماد کا پارہ چڑھ گیا تھا۔ پہلے بارش اور آندھی نے اس کا موڈ خراب کیا تھا اور اب کسی ملازم کے

بیٹے کے لیےاس کے ماں باپ کی فکر مندی نے اسے شدید غصے میں مبتلا کر دیا تھا۔
کیک کاٹا جا چکا تھا۔ گفٹس لیے جا چکے تھے۔ مہمان اس وقت ڈائننگ ہال میں کھانا کھا رہے تھے اور اس کی ماں متفکر سی لاؤنج میں چکراتی پھر رہی تھی۔ اور اس کے پاپا تو اسی وقت گھر سے نکل گئے تھے جب انہیں فارس کی عدم موجودگی کی اطلاع ملی تھی جبکہ اعظم شیرازی نے اس خبر کا کچھ خاص نوٹس نہیں لیا تھا۔ وہ مہمانوں کو چھوڑ کر بھی نہیں اٹھے تھے۔
اگلے دن صبح سویرے ہی ڈاکٹر مصطفیٰ نے فون پر فارس کی اطلاع پہنچائی تھی۔ اور جمیلہ اسی وقت ڈرائیور کے ساتھ ان کے گھر آ گئی تھی۔
کمرے کا دروازہ کھول کر جب وہ اندر داخل ہوئی تو فارس سامنے ہی اپنے بیگ میں کتاب رکھتا دکھائی دیا۔ آہٹ پر رک کر اس نے جمیلہ کو دیکھا اور پھر اپنی جگہ رک سا گیا۔
جمیلہ کی آنکھیں سرخ تھیں، چہرہ زرد تھا۔ فکر، خوف اور پریشانی انگ انگ سے عیاں۔
ڈاکٹر مصطفیٰ نے دیکھا وہ تڑپ، وہ خوف اور پریشانی ایسی ہی تھی جیسے کسی سگی ماں کی اپنے بچے کے لیے ہوتی ہے۔
اس نے فارس کو بازو سے پکڑ کر پہلے تو خوب ڈانٹا۔ پھر رونے لگی، اور روتے ہوئے اسے بھینچ کر گلے سے لگا لیا۔
''کیوں کیا اس طرح؟ تمہیں معلوم تھا، میں پریشان ہو جاؤں گی پھر بھی؟''
''آئم سوری۔'' اس نے لبوں کو جنبش دی۔ وہ بمشکل اپنے رونے پر قابو پائے ہوئے تھا۔
''وعدہ کرو، تم آئندہ کبھی بھی اس طرح نہیں کرو گے۔'' چہرہ ہاتھوں میں لے کر اس نے کہا۔
''بتائے بغیر کہیں نہیں جاؤ گے، کبھی گھر نہیں چھوڑ و گے۔''
''وعدہ۔'' وہ کہہ رہا تھا۔ اس نے جمیلہ کو پہلی بار روتے دیکھا تھا۔ وہ اس کی وجہ سے روئی تھی اس

خیال سے اسے دکھ پہنچا تھا۔

"آپ بھی نہیں جائیں گی؟" اس عرصے میں پہلی بار وہ اپنا کوئی خدشہ لبوں پر لایا تھا۔

"ہاں، میں بھی نہیں جاؤں گی۔" جمیلہ نے یقین دہانی کرائی تھی۔

ڈاکٹر مصطفیٰ اپنی جگہ خاموش کھڑے تھے۔ انہوں نے کوئی سوال نہیں کیا تھا۔

"میں اپنے شوہر اور سسر کی طرح بے رخی نہیں دکھا پائی، میرے دل پر میرا اختیار نہیں ہے۔" وہ چائے کے لیے ان کے پاس رک گئی تھی۔ اور ساری بات بتانے کے بعد سر جھکائے کہہ رہی تھی۔

"محبت بھی رزق کی طرح ہوتی ہے، جس کی جو جگہ جس دل میں لکھی ہو، مل کر رہتی ہے۔ یہ اس بچے کا رزق ہے جمیلہ! وہ تم سے وہی حصہ لے رہا ہے جو اس کے لیے آسمان پر طے کر دیا گیا تھا۔" وہ کہہ رہے تھے۔

وہ نم آنکھوں سے انہیں دیکھ کر رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

جو وعدہ اس نے کیا تھا وہ اس وعدے پر قائم رہا تھا۔ مگر جو وعدہ جمیلہ کا تھا وہ اسے ایفا نہ کر سکی تھی۔

ٹھیک تین سال بعد جب حماد کا ایڈمیشن امریکا کے ایک بہترین اسکول میں ہوا تو آناً فاناً اعظم شیرازی نے جمیلہ کو امریکا شفٹ ہو جانے کا عندیہ دے دیا۔ ہارون پہلے سے وہاں موجود تھا۔ شیرازی انٹرپرائزز کی امریکا کی فرم کو آج کل وہ ہی سنبھال رہا تھا۔

گیارہ سال کی عمر میں وہ خبر فارس کے لیے کسی صدمے سے کم نہیں تھی۔ جمیلہ کے بغیر اس کی زندگی کا تو کوئی تصور ہی نہیں تھا۔ وہ اس کے لیے "ماں" تھی اور وہ اس ماں کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا تھا۔

جمیلہ کے لیے بھی یہ سب مشکل تھا۔ مگر وہ مجبور تھی۔ حماد کے لیے اس کا امریکا میں ہونا بے حد ضروری تھا۔

''میں جلد واپس آجاؤں گی۔''

جانے سے قبل وہ اس سے ملنے آئی تھی تو اس نے کہا تھا اور وہ چپ چاپ کھڑا رہا تھا۔

جمیلہ نے آگے بڑھ کر اس کا ماتھا، اس کا گال چوما تھا۔ اسے گلے سے لگا کر اسے بہت پیار کیا تھا۔ اور وہ خاموشی سے یوں کھڑا رہا تھا جیسے وہ چند دنوں کے لیے دوسرے شہر تک جا رہی ہو۔ اور اس کے جانے سے اسے کوئی فرق ہی نہ پڑ رہا ہو۔

اس کا رویہ جہاں مدحت کو پریشانی میں مبتلا کر گیا تھا وہاں جمیلہ داؤد کے اندر بہت سے اندیشے جگا رہا تھا۔ وہ نارمل حالات میں پلا بڑھا بچہ نہیں تھا کہ کسی بھی سچویشن کو نارمل انداز میں ہینڈل کر سکتا۔ ہر چوٹ اس کے لیے گہری، ہر غم اس کے لیے بڑا اور ہر جدائی اس کے لیے نا قابل برداشت تھی۔

جمیلہ اس قدر محنت سے اسے اس مقام تک لائی تھی اور اب جب بکھرتا دیکھا تو دل کرچی کرچی ہو گیا۔ سارا راستہ وہ بھی روتی رہی تھی اور باغ کے درختوں کے جھنڈ میں چھپ کر فارس وجدان بھی۔

اس دن وہ مدحت کو بہت دیر تک ڈھونڈنے کے بعد باغ سے ملا تھا اور کسی بھی صورت گھر واپس جانے کو رضامند نہیں ہو رہا تھا۔ وہ سدا کا ضدی ہمیشہ جمیلہ کے ہی قابو میں آیا کرتا تھا مگر اس دن جمیلہ نہیں تھی تو ڈاکٹر مصطفیٰ ہی اس کے پاس آئے تھے۔

وہ ایک گھنے پیڑ کے نیچے دنیا جہاں سے رخ موڑے پنجوں کے بل بیٹھا تھا۔ ہاتھ میں چاقو تھا۔ درخت کے تنے پر کئی لکیریں کھینچی گئی تھیں۔ کئی سوراخ کھودے گئے تھے۔

''تم جانتے ہو وہ تم سے بہت پیار کرتی ہیں۔'' انہوں نے قریب پہنچ کر کہا تھا۔ ''اور یہ بھی جانتے ہو کہ وہ اپنی مرضی سے تمہیں چھوڑ کر نہیں گئی ہیں۔''

فارس کا سر ہنوز جھکا رہا تھا۔ وہ درخت کے تنے پر اسی دستی چاقو سے کھرچتا رہا تھا۔ گھٹنوں پر، جوتوں پر جگہ جگہ مٹی لگی تھی۔

انہوں نے آگے بڑھ کر اسے کندھوں سے پکڑا تو وہ رک گیا۔ رخ موڑا تو وہ اپنا سر مزید جھکا گیا۔ مگر وہ دیکھ چکے تھے۔ وہ آنسوؤں سے بھری ہوئی اس کی سرخ متورم آنکھیں دیکھ چکے تھے۔ اس کا چہرہ لال ہو رہا تھا۔ اس کے ساکت لبوں پر شکوے دھرے تھے۔ اس کی خاموشی چیخ چیخ کر ایک اور ظلم پر احتجاج کر رہی تھی۔ انہوں نے اس کے چھوٹے چھوٹے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے لیے۔

انگلیوں پر جا بجا چھوٹے چھوٹے کٹ لگے تھے اور درخت کے تنے کا جو حشر تھا، وہ تو ان کے سامنے ہی تھا۔

''ایسے ہتھیار کو کسی صورت ہاتھوں میں نہیں لینا چاہیے جو خود آپ کو بھی زخمی کر دے۔''

انہوں نے چاقو لے لیا۔ اسے برابر میں اپنے گھٹنے پر بٹھا لیا۔

مدحت قدرے فاصلے پر بلندی سے انہیں ہی دیکھ رہی تھی۔ انہوں نے ہاتھ ہلا کر اسے جانے کا اشارہ کر دیا تو وہ ان کی موجودگی سے کچھ مطمئن ہو کر چلی گئی۔

''اس سے درخت نہیں کٹ سکتا۔''

''میں درخت کاٹ نہیں رہا تھا۔''

''تو کیا کر رہے تھے؟''

وہ چپ رہا۔ نظریں جھکی رہیں۔ آنسوؤں کی لکیریں پھر سے نمایاں ہوئیں۔ مگر اس کا ضبط کمال کا تھا۔ وہ رو رہا تھا مگر ظاہر کرنا چاہتا تھا وہ نہیں رو رہا۔ اسے جمیلہ داؤد کے جانے کا کوئی غم نہیں، اسے سرے سے کوئی فکر، کوئی پرواہ ہی نہیں مگر اس کا چہرہ......اس کے تاثرات......اس کی آنکھیں......

بھلا وہ غم بھی چھپائے جا سکتے ہیں جو آنکھوں میں بس جاتے ہوں؟

''تم تو اتنے پیارے، اتنی ہمت والے، اتنے صبر والے بچے ہو۔''

انہوں نے اسے بانہوں میں بھر کر خود سے لگا لیا۔

وہ انہیں بتانا چاہتا تھا وہ بہت برا ہے تب ہی تو اس کے ساتھ "اتنا" برا ہو رہا ہے۔ مگر وہ کہہ نہ سکا۔ ضبط ٹوٹا تو سسکیاں ہچکیوں میں بدل گئیں۔ وہ ان کے کندھے سے لگ کر رو دیا تو پھر چپ نہ ہوا۔ کتنی ہی دیر تک وہ اسی گھنے سایہ دار شجر کے نیچے بیٹھے اس کی پشت سہلاتے رہے۔ اسے تسلی اور دلاسے دیتے رہے۔ اسے یقین دہانی کرواتے رہے کہ وہ اسے "چھوڑ" کر نہیں گئی ہیں۔ وہ جلد آ جائیں گی۔

مگر فارس وجدان کو لگتا تھا اس کے پاپا، اس کی مما کی طرح جمیلہ داؤد بھی کبھی واپس نہیں آئیں گی۔

❁ ❁

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی **5** تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

راحت جبیں کا بہت خوبصورت نیا ناول

زندگی ہم تجھے گزاریں گے

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

ندا حسنین کا بہت خوبصورت نیا ناول

قربت ہجر میں محبت

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

قسط نمبر 6

دھرتی پر خزاں اتری ہوئی تھی۔ درختوں کے پتے جھڑ رہے تھے۔ سبزہ گہرا خشک لگ رہا تھا۔ ہر شے رنگ بدل رہی تھی۔ ایک رنگ اس کا بھی تھا۔ سفیدی میں گھلتا...... سیاہی میں بدلتا، نفرت سے الجھتا...... رشتوں میں بھٹکتا، اس کا اپنا رنگ......

رشتہ خون کا تھا، مگر خون سے زیادہ اہم دادا کے لیے "عزت" اور "وقار" تھا۔ دولت اور اسٹیٹس تھا۔ شہرت اور نیک نامی تھی۔ وہ ہر کام باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت کرتے تھے، اور ہر چال میں اپنی مصلحت کو مقدم رکھتے تھے۔

جمیلہ داؤد کے جانے کے تیسرے دن انہوں نے اس کا داخلہ بورڈنگ اسکول کروا دیا تھا۔ معاملات پہلے سے طے تھے، سرانجام اب دیے جا رہے تھے۔

جمیلہ کی جدائی، پھر اجنبی جگہ پر، اجنبی ماحول میں ایڈجسٹ ہونا اس کے لیے ہرگز آسان نہ تھا۔ وہ نفسیاتی طور پر بہت ڈسٹرب ہو گیا تھا۔ پڑھائی میں اس کی کارکردگی صفر ہو کر رہ گئی تھی۔ وہ اپنے کلاس فیلوز سے بات نہیں کرتا تھا۔ اپنے ٹیچرز کو جواب نہیں دیتا تھا۔ کئی بار ہیڈ آفس میں اس کی حاضری ہو چکی تھی۔ کئی بار اس کے گھر رابطہ کیا جا چکا تھا۔

پرنسپل یقیناً اعظم شیرازی کے جاننے والے تھے، وہ اس کے سامنے ہی کال کرتے، بات کرتے، مسئلہ بتاتے، کچھ سنتے، کچھ سمجھتے اور فون بند کرتے ہی اسے جانے کا اشارہ کر دیتے۔ اور پھر وہی روٹین، وہی اذیت، وہی گھٹن، وہی خوف اور وحشت بھرا احساس......

وہ سنبھل جائے گا، یہ سب کا خیال تھا...... وہ سنبھل نہیں رہا تھا، یہ ایک حقیقت تھی۔ اور اس حقیقت تک پہنچنے کی کوشش کوئی نہیں کر رہا تھا۔

اندر ہی اندر گھٹتے مرتے ہوئے اس نے فیصلہ کرلیا، وہ شیرازی مینشن اب کبھی نہیں جائے گا۔ چھٹیوں میں بھی نہیں۔ زندگی ایسی ہے تو پھر ایسی ہی سہی، وہ بھی جیسے ضد پر اتر آیا تھا۔

اتوار کی ایک صبح آغا علی آیا تو اس کے ساتھ ڈاکٹر مصطفیٰ بھی تھے۔ پورے تین ہفتوں کے بعد وہ انہیں دیکھ رہا تھا۔ معمول کے برعکس اس نے کوئی گرم جوشی نہیں دکھائی تھی، نہ ہاتھ ملایا، نہ اٹھ کر ان کے گلے لگا۔ ایک فاصلہ قائم رکھے وہ فاصلے پر ہی کھڑا رہا تھا۔

وہ سرسبز لان میں بنچ پر بیٹھ گئے تھے۔ سامنے اسکول کی عمارت اور ہرے بھرے درختوں سے گھرے کھیل کے میدان تھے۔ بچے کھیلتے کودتے پھر رہے تھے۔

''آپ یہاں کیوں آئے؟'' وہی لیا دیا سا انداز...... کہ میں تو آپ کو جانتا ہی نہیں۔

''کیا میں نہیں آسکتا؟'' انہوں نے حیرت کا اظہار کیا۔

''نہیں۔'' اپنے سویٹر کی جیبوں میں اس نے مٹھیاں بھینچ لیں۔

لبوں پر مدھم سی مسکراہٹ لیے وہ جھک کر اسے بغور دیکھنے لگے۔ وہ پہلے سے بہت سے زیادہ کمزور لگ رہا تھا۔ رنگت زرد تھی۔ ہونٹ خشک اور بے رنگ تھے۔ یقیناً وہ کئی دنوں تک بیمار رہا تھا۔

''ہم دونوں بیسٹ فرینڈز ہیں فارس!'' انہوں نے یاد دلایا۔

''ہماری دوستی اب ختم!''

''دوستی ختم......؟'' ڈاکٹر مصطفیٰ کو صدمہ پہنچا۔ ''ہم نے تو اتنے وعدے کیے تھے یار۔ فرینڈ فار ایور، ہیں ہم......!''

بھنویں سکیڑے وہ ذرا سی خفگی کے ساتھ کہیں اور دیکھنے لگا۔ گویا دوستی بغیر کسی وجہ کے ختم کی جارہی

تھی۔مگر ''وجہ'' تھی۔ڈاکٹر مصطفیٰ سمجھ چکے تھے وجہ کیا تھی۔وہ کیوں اس انداز سے بات کر رہا تھا۔کیوں ایک فاصلہ سا برقرار رکھے ہوئے تھا۔وہ اس خوف کو محسوس کر سکتے تھے جو کم عمری میں اس کے اندر جڑ پکڑ رہا تھا۔کھو دینے کا احساس،تنہا رہ جانے کا خدشہ......بچھڑ جانے کا غم......

انہیں دکھ ہوا۔

وہ کافی دیر تک اس کے پاس بیٹھے رہے۔ادھر ادھر کی باتیں کرتے اسے الجھاتے رہے۔کسی بات پر خود ہنس پڑتے،کسی بات پر ہنسانے کی کوشش کرتے،مگر وہ سدا کا ضدی......رخ موڑے بس انہیں خفگی دکھاتا رہا۔

''اگلے ہفتے ملاقات ہوگی؟'' جانے سے پہلے انہوں نے کہا۔

''میں گھر نہیں آؤں گا۔''اس نے بھی واضح کر دیا۔

''تم نہ آؤ بھئی،ہم تو آتے رہیں گے۔''

وہ کہہ کر گئے اور اپنی بات پر قائم بھی رہے۔ہر ویک اینڈ پر وہ آغا علی کے ہمراہ اس سے ملنے آ جاتے۔پندرہ بیس منٹ وہ بحث کرتے ہوئے اسے غصہ دلاتے رہتے کہ جو دوستی اس نے ساڑھے چھ سال کی عمر میں ایک ساٹھ سالہ بوڑھے سے کی تھی وہ کسی بھی صورت ختم نہیں ہو سکتی۔اس کے بعد وہ بولتے رہتے اور وہ سنتا رہتا،کبھی لڑ پڑتا،کبھی رونے لگتا،کبھی غصہ دکھاتا اور کبھی ان کے بازوؤں میں سمٹ جاتا۔

''مجھے وہ بہت یاد آتی ہیں۔''اس کی آنکھیں آنسوؤں سے مکمل بھر جاتیں۔ناک،گال سرخ ہونے لگتے۔

''وہ بھی تمہیں بہت یاد کرتی ہوں گی۔''

''نہیں۔''وہ نفی میں سر ہلاتا۔''وہ مجھے بھول چکی ہیں۔''

''جو پیار کرتے ہیں،وہ کبھی نہیں بھولتے۔''

''انہیں مجھ سے پیار نہیں تھا، اس لیے وہ مجھے چھوڑ کر چلی گئیں۔''

''تمہیں ان کی مجبوری کو سمجھنا چاہیے بیٹا!''

''وہ حماد کی ممی ہیں، صرف اور صرف حماد کی ممی ہیں۔'' ذہن میں صرف ایک ہی بات رہ گئی تھی کہ اگر وہ اس کی ممی ہوتیں تو اس کے پاس ہوتیں۔

ڈاکٹر مصطفیٰ گہری سانس لے کر رہ جاتے۔ انہوں نے بارہا کوشش کی کہ کسی طرح جمیلہ داؤد سے رابطہ ممکن ہو سکے مگر وہ ناکام رہے تھے۔

وقت کے ساتھ ساتھ کچھ حد تک وہ سمجھ گیا، سنبھل بھی گیا مگر جمیلہ داؤد کے جانے سے جو خلا اس کی زندگی میں پیدا ہوا وہ کسی صورت پورا نہ ہو سکا۔

ذہن بھٹکانے کے لیے ایک مصروفیت درکار تھی اور اس نے خود کو تعلیمی سرگرمیوں میں مصروف کر لیا۔ وہ پڑھائی میں پہلے صرف اچھا تھا مگر اب ٹاپ کرنے لگا۔ ہر مقابلے میں اس کی پہلی پوزیشن ہوتی تھی۔ گھڑ سواری، سوئمنگ، ہاکی، والی بال، ٹینس...... غرض وہ ہر طرح کے کھیلوں میں حصہ لینے لگا تھا۔

وہ زندگی کو محسوس کرتا تھا یا نہیں...... مگر وہ زندگی کی طرف واپس ضرور پلٹ گیا تھا اور ان تمام ترمثبت تبدیلیوں کا سہرا ڈاکٹر مصطفیٰ کے سر جاتا تھا، اگر وہ نہ ہوتے تو وہ ایسا نہ ہوتا۔ اس کی شخصیت میں اتنا ٹھہراؤ، اتنی لگن اور محنت کے رنگ نہ ہوتے۔ وہ خودترسی کا شکار ہو کر کب کا اپنے ٹریک سے بھٹک چکا ہوتا۔

اس کی ہر کامیابی پر ڈاکٹر مصطفیٰ بے انتہا خوشی محسوس کیا کرتے تھے۔ وہ اس کی ٹرافیز کو چھو کر دیکھتے، اسنادی سرٹیفکیٹس ہاتھوں میں لے کر محسوس کرتے، البم کے صفحے پلٹتے جاتے، جونئی تصاویر کھینچی گئی ہوتیں، ان میں سے کوئی ایک اپنے پاس رکھ لیتے۔

اپنی چھوٹی بڑی ہر بات ان سے شیئر کرنے والا فارس وجدان کبھی بھی انہیں اپنی کامیابیوں سے ملنے والی اذیت سے آگاہی نہیں دے سکا تھا۔ وہ انہیں کبھی نہیں بتا سکا تھا۔ اسے ٹرافیز سلگتے ہوئے

انگاروں جیسی لگتی ہیں اور جب وہ انہیں ہاتھوں میں لیتا ہے تو اس کے ہاتھ جل جاتے ہیں۔ جب اسکول کی انتظامیہ اس پر فخر کرتے ہوئے اسناد سے نوازتی ہے تو اس پر لکھا آدھا ادھورا نام اسے گال پر تھپڑ کی طرح لگتا ہے۔ جب اسے ایک ''یتیم'' کے طور پر پیش کر کے اس کی محنت اور لگن کو سراہا جاتا ہے تو وہ دھول مٹی خاک ہو کر ''شیرازی'' خاندان کے قدموں میں کیسے بکھر جاتا ہے۔

وہ انہیں کبھی نہیں بتا سکا تھا...... کبھی نہیں......

ایک جنگ خود اپنی ذات سے تھی تو دوسری جنگ اسے اعظم شیرازی سے لڑنی پڑ رہی تھی۔ وہ ہنوز اپنے فیصلوں پر متمکن تھے، کبھی کبھار ملنے آجاتے تو اتنے سخت لفظوں میں اور اس قدر حقارت سے بات کرتے کہ وہ زمین کی تہوں میں اتر کر رہ جاتا۔ اسے ہر عنایت ایک ''خیرات'' اور ہر مہربانی ایک ''بھیک'' کی طرح لگتی۔

''آرزو جہانگیر'' کا ذکر ہر ملاقات کی بنیاد ہوتا۔ وہ اس کے حالیہ دور کے اسکینڈل انگلیوں پر گنواتے، اس کے کارنامے ایک ایک کر کے سنائے جاتے۔ کبھی کسی سیاست دان کے ساتھ افیئر ہے تو کبھی کسی بڑی کاروباری شخصیت کے ساتھ کوئی چکر ہے۔ آج کل وہ تیسری شادی کی تیاریوں میں تھی۔ کئی بار اس کے یورپ، اٹلی اور فرانس میں مختصر مغربی کپڑوں میں گھومنے پھرنے کی تصاویر دکھاتے ہوئے وہ اسے جتا چکے تھے کہ یہ عورت اس کی ''ماں'' ہے اور اس جیسی عورت کا بیٹا ہونا ہی اس کا سب سے بڑا ''گناہ'' ہے۔

اور ایسا کرتے ہوئے وہ ایک بار بھی اس کی آنکھوں میں نہیں دیکھتے تھے، اس کے تاثرات کو نہیں جانچتے تھے۔ وہ ان کی ہر بات خاموشی سے سن کر اٹھ جاتا تھا۔ بند کمرے میں اس کی نظریں کافی دیر تک جھکی رہتیں۔ لب بھینچے رہتے، اور آنکھوں میں ٹھہری ہوئی نمی گال پر پھسلنے لگتی۔

اعظم شیرازی اسے اپنے رعب میں رکھنا چاہتے تھے۔ وہ اتنا کمزور ہو کہ شیرازی خاندان کے

سامنے سر اٹھا کر بات نہ کر سکے۔ اسے اپنا آپ کمتر لگے، اسے اپنی پہچان سے نفرت ہو۔ مگر وہ ان کے خوف یا رعب میں آنے کے بجائے نفرت اور انتقام کے شعلوں میں لپٹ جاتا تھا۔ وہ انہیں ویسی ہی تکلیف دینا چاہتا تھا جیسی وہ اسے دیتے تھے...... وہ بھی انہیں توڑنا چاہتا تھا۔ ان کا غرور، ان کا تکبر، ان کا گھمنڈ...... وہ بھی ان سے ''رشتے'' چھیننا چاہتا تھا۔ ان کو ''تنہا'' کرنا چاہتا تھا۔

''جس دن تم نے میرے پوتے سے ٹکر لینے کی کوشش کی تو یاد رکھنا، وہ دن تمہاری زندگی کا آخری دن ہوگا۔''

تاریخ پانچ نومبر تھی۔ اس کی چودھویں سالگرہ کا دن...... یہ دن اسے کوئی خوشی نہیں دیتا تھا مگر اس دن اعظم شیرازی کے یہ الفاظ اسے بہت بڑا غم دے گئے تھے۔ کتنی ہی دیر تک وہ ساکت سا اپنی جگہ کھڑا رہا تھا۔ حیرت دھمکی کی نہیں تھی۔ حیرت اس امر کی تھی کہ وہ اسے ''زندہ'' سمجھتے تھے۔ کیا وہ اتنا ''زندہ'' تھا کہ اسے یہ دھمکی دی جاتی؟

''پہلے آپ کنفرم کر لیں، آپ کس سے ملنے آئے ہیں؟ فارس ہارون سے یا فارس وجدان سے؟'' ضبط کر کے اس نے شدید غصے کے عالم میں پوچھا تھا۔

ہوا کے زور سے پردے لہرا اٹھے، کھڑکیوں کے پٹ ہلے، باہر کہیں آہٹ بھی ہوئی۔ بچوں کا شور معدوم ہونے لگا۔ آغا علی اور گارڈز بھی عدم ہو گئے۔ تاریکی میں روشنی یا تو اس پر تھی یا پھر اعظم شیرازی کے وجود پر...... جو ایک شان سے صوفے پر بیٹھے تھے۔ لیکن وہ شان اور تمکنت، رعب اور دبدبہ، وہ آنکھوں کی سختی اور پتھریلے تاثرات اس ایک سوال سے ہوا ہوئے تھے۔

وہ سوال نہیں، سلگتا ہوا ایک انگارہ تھا جو کئی حقیقتیں آشکار کرتا جلا کر راکھ کر گیا تھا۔

اعظم شیرازی کی پتھریلی نگاہیں اس کے چہرے پر جمی رہیں۔ اور وہ مٹھیاں بھینچے ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے کھڑا رہا۔

''میرا صرف ایک ہی پوتا ہے۔حماد شیرازی۔میں کسی ''فارس ہارون'' کو نہیں جانتا۔''
وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑے ہوئے۔والٹ سے کچھ رقم نکال کر میز پر اچھالی اور شال درست کرتے اپنے گارڈز کے ہمراہ باہر نکل گئے۔

اور وہ آنکھوں میں کرب لیے کتنی ہی دیر تک فرش پر بکھرے نوٹوں کو دیکھتا رہا۔

یہ اس کی اوقات تھی۔وہ اسے یہی اوقات دکھانے آتے تھے۔وہ دھول، خاک، مٹی تھا۔اس کی جگہ قدموں میں تھی۔یا شاید قدموں سے بھی نیچے..... پیسے اٹھانے کے لیے ''جھکنا'' ضروری تھا۔اور وہ ہمیشہ اسے جھکائے رکھنا چاہتے تھے۔

آغا علی بے بسی سے اسے دیکھ رہا تھا۔وہ اس سے کچھ کہنا چاہتا، تسلی کے دو بول ہی سہی، مگر وہ خود ملازم تھا۔زیادہ سے زیادہ کیا کہہ سکتا تھا؟ کس بات کی تسلی دے سکتا تھا؟ سر جھکائے وہ خاموشی سے چلا گیا۔اس کے جانے تک فارس سپاٹ چہرے کے ساتھ کھڑا رہا تھا۔جیسے ہی دروازہ بند ہوا، اس کے منجمد وجود پر دراڑیں پڑنے لگیں۔

پہلے آنکھیں نم ہوئیں، پھر گال تر ہوئے۔وہ سسکتے ہوئے گھٹنوں کے بل جھک گیا۔روتے ہوئے اپنے آپ میں سمٹ کر بکھر گیا۔

نفرت کیا ہوتی ہے؟ وہ پہلے نہیں جانتا تھا۔نفرت کیسی ہوتی ہے؟ وہ اب جان گیا تھا۔جمیلہ داؤد کی محبت ایک ''ڈھال'' تھی۔اعظم شیرازی کی نفرت ایک آگ..... جب تک ڈھال تھی، وہ آگ سے محفوظ رہا تھا اور جب ڈھال نہیں رہی تھی تو وہ راکھ ہونے لگا تھا۔

☆......☆......☆

مطلع ابر آلود تھا۔ٹھنڈی ہوائیں چل رہی تھیں۔رم جھم برستی بارش کا نظارہ کرتا وہ کھڑکی کے سامنے اسٹول پر بیٹھا تھا۔

اس کی دو ماہ کی چھٹیاں ہو رہی تھیں۔ آغا علی اسے لینے آیا تھا۔ ہمیشہ کی طرح جواب انکار میں ہی تھا مگر وہ اسے ساتھ لے جانے پر مصر تھا۔

''بڑے صاحب کا حکم ہے۔'' سر جھکا کر مضبوط لہجے میں کہتے ہوئے آغا علی نے اس پر واضح کر دیا کہ اب انکار کی کوئی گنجائش نہیں۔ اس کا خیال تھا فارس مزید بحث کرے گا یا پھر پچھلی بار کی طرح ہاسٹل کی بلڈنگ میں کہیں چھپ جانا چاہے گا مگر وہ اسٹول سے اتر کر الماری تک گیا اور بہت خاموشی سے بیگ میں کپڑے رکھنے لگا۔ آغا علی حیرت سے اسے دیکھ کر رہ گیا۔

بارش ایک بار پھر شروع ہو چکی تھی۔

سامان پیک کر کے وہ اسی خاموشی کے ساتھ آغا علی کے ہمراہ باہر آ گیا۔ چھتری کے سائے میں وہ سیاہ جیپ کی طرف جا ہی رہا تھا جب سرخ رنگ کی کار سڑک کے اس پار رک گئی تھی۔

گاڑی ڈاکٹر مصطفیٰ کی تھی۔ وہ دروازہ کھول کر باہر نکلے تو اس نے آغا علی سے بیک پیک لے لیا۔

''میں ان کے ساتھ جاؤں گا۔'' آواز دھیمی تھی مگر لہجہ سخت تھا۔ گہرا سانس لے کر آغا علی نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

وہ ڈاکٹر مصطفیٰ کے پاس پہنچا تو وہ اسے تشویش سے دیکھ کر رہ گئے۔ اس کا چہرہ زرد تھا، اور آنکھیں بے تحاشا سرخ ہو رہی تھیں جیسے وہ کئی راتوں کا جاگا ہوا ہو۔ ہاتھ بھی گرم تھے۔

وہ سوال کرتے کرتے رہ گئے۔ اس کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔ وہ سمجھ گئے تھے۔ وہ ان کے ساتھ گھر جانا چاہتا ہے، وہ یہ بھی جان گئے تھے۔

''چلیں......'' انہوں نے کہا۔

پسنجر سیٹ کا دروازہ کھولتے کھولتے وہ رک گیا۔ دو پونیوں والا سر کسی کتاب پر جھکا ہوا تھا۔ یکسوئی سے کچھ لکھا جا رہا تھا۔ وہ مڑ کر پچھلی نشست کی طرف گیا۔ دروازہ کھول کر بیٹھتے ہی دھڑام سے بند

کیا۔ بیک پیک قدموں میں رکھ کر نشست پر نیم دراز ہو گیا۔ سیاہ رنگ کی ہوڈی ٹھوڑی تک کھینچ کر اس نے چہرہ بھی پوشیدہ کر لیا۔

ڈاکٹر مصطفیٰ نے ڈرائیونگ سیٹ کا دروازہ کھولا تو دو پونیوں والی کو خیال آیا کہ بابا اگر یہ ہیں تو پھر پیچھے کون ہے؟

ڈرائنگ بک، پنسل کلرز اور زرد رنگ کی ٹوپی چھوڑ چھاڑ وہ گھٹنوں کے بل نشست کی بیک سائیڈ کے ساتھ لگ کر کھڑی ہو گئی۔

کوئی لڑکا دنیا جہان سے خفا، پشت گاہ کی طرف رخ کیے لیٹا ہوا تھا۔ اس کا اسٹفڈ زرافہ جسے وہ نیا نیا خرید کر لائی تھی۔ وہ اس کے سر کے نیچے تکیے کے فرائض سرانجام دے رہا تھا۔

"تمہیں سردی تو نہیں لگ رہی فارس؟"

گاڑی اسٹارٹ ہو چکی تھی۔ مین روڈ پر ڈالتے ہوئے ڈاکٹر مصطفیٰ نے پوچھا۔ وہ خاموش پڑا رہا۔ انہوں نے گاڑی روک کر لحاف نکال کر اس پر ڈالا۔ تب بھی اس کے وجود میں کوئی جنبش نہ ہوئی۔ نشست کے ساتھ لگی وہ کبھی حیرت سے اپنے نانا کو دیکھتی تھی اور کبھی اسے......

گاڑی اپنے سفر پر گامزن ہوئی تو فارس کو نیند آ گئی۔ تاہم وہ سوتی جاگتی کیفیت میں تھا۔ کبھی آوازیں اس کے لیے واضح ہو جاتیں، اور کبھی مبہم ہو کر بالکل معدوم......

"یہ کب اٹھے گا بابا؟" بار بار گردن موڑ کر پیچھے دیکھتے رہنے کے بعد دو پونیوں والی نے تھک کر پوچھا تھا۔

"شش......آہستہ!" انہوں نے نرمی سے ٹوکا تھا۔

"کب سے سوئے جا رہا ہے! سوئے جا رہا ہے۔" اس کی سرگوشی بھی خاصی بلند تھی۔ ایک بار پھر پوری کی پوری گردن موڑ کر اس نے اپنے اس زرافہ کو دیکھا جس سے کھیلنے کا اسے موقع نہیں ملا تھا۔ کیسے

بے چارہ اس کے سر کے نیچے پھنسا ہوا تھا۔

ایک لمبی سانس لے کر وہ ڈاکٹر مصطفیٰ کی طرف مڑی۔

''کائی (Kai) اس کے سر کے نیچے ہے بابا......!''

''کون کائی؟''

''میرا ازرافہ......!'' وہ بہت فکر مند نظر آ رہی تھی۔

''گڑیا! ابھی ہم گھر پہنچ جائیں گے۔ بس دو گھنٹے کا تو سفر ہے۔''

''کائی کو سانس نہیں آ رہا ہوگا۔'' وہ بڑی اماؤں کی طرح پریشان ہو رہی تھی۔

وہ جانتے تھے جب تک اس کا مسئلہ حل نہیں ہوگا، وہ بولتی رہے گی سو مڑ کر پیچھے دیکھا تو ''کائی'' کو بچانے کے امکان دور دور تک نظر نہ آئے۔ ذرا سی حرکت فارس کی نیند خراب کر سکتی تھی۔

''کائی از آل فائن......! آپ بس اپنی ڈرائنگ کریں شاباش......!'' انہوں نے اس کا ذہن بھٹکانا چاہا۔

''نو، ہی از ناٹ! ہی نیڈز مائی ہیلپ......'' وہ ڈٹ گئی۔

''وہ باہر دیکھو، بارش ہو رہی ہے۔'' فوراً سے سیدھا ہو کر اس نے کھڑکی سے باہر دیکھا۔ رم جھم برستی بارش یکا یک تیز ہو گئی۔ وہ آنکھوں میں اشتیاق لیے کھڑکی کے ٹھنڈے شیشے سے لگ گئی۔ اب کوئی نظم تھی جو گنگنائی جا رہی تھی۔

یکا یک اسے کائی کے ساتھ ساتھ اپنے ننھے ڈائنو سار کا خیال آیا تو مڑ کر پیچھے دیکھتے اسے تلاشنا چاہا۔

پیلے رنگ کا ڈائنو سار تو اس کے قدموں کے نیچے تھا۔ ننھے دل پر ایک گھونسا آن پڑا۔

''بابا......!''

''کیا ہوا میری شہزادی کو؟'' ان کی آواز مدھم تھی۔

''بابا!وہ ٹارزن......!'' وہ ایک بار پھر شروع ہو چکی تھی۔ڈاکٹر مصطفیٰ گہرا سانس لے کر رہ گئے۔ سارا راستہ وہ ان کا سر کھاتی رہی۔کبھی کون سا کھلونا یاد آ جاتا،کبھی کون سا......اور کھلونوں کے نام اتنے عجیب اور مشکل کہ وہ خود حیران ہوتے،اسے کیسے یاد ہیں؟

وہ حتیٰ الامکان کوشش کر کے اسے ادھر ادھر کی باتوں میں الجھاتے رہے اور اطراف سے یکسر بے نیاز فارس وجدان نیند کی وادیوں میں کھویا رہا۔

☆......☆......☆

پردوں کی درز سے جھانکتی سورج کی تیز روشنی چہرے پر پڑی تو اس نے کسمسا کر آنکھیں کھول دی تھیں۔اٹھ کر بیٹھتے ہوئے اس نے طائرانہ نگاہ کمرے میں دوڑائی۔وہ ڈاکٹر مصطفیٰ کے گیسٹ روم میں موجود تھا۔وال کلاک صبح کے آٹھ بجا رہی تھی۔گہرا سانس لے کر اس نے اپنی پیشانی کو چھوا۔بخار اب نہیں تھا،طبیعت بھی پہلے سے کافی حد تک بہتر تھی۔

وہ اٹھ کر واش روم میں گیا۔منہ ہاتھ دھوتے ہوئے اس نے خود کو آئینے میں دیکھا۔ہونٹ خشک،بے رنگ اور آنکھوں کے کنارے سرخ ہو رہے تھے۔

وہ کمرے میں واپس آ گیا۔اسے بیڈ پر بیٹھے تھوڑی دیر ہی گزری تھی کہ ڈاکٹر مصطفیٰ آ گئے۔انہوں نے لائٹ آن کر دی۔کھڑکی سے پردے بھی ہٹا دیے۔

''اب کیسی طبیعت ہے؟''

اس نے سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔''بہتر ہے۔''

انہوں نے اس کا معائنہ کیا۔اور معائنے کے بعد اسے ڈانٹ بھی پلائی کہ آخر وہ اپنی صحت کے حوالے سے اس قدر لاپروا کیوں ہو جاتا ہے۔وہ چپ چاپ سنتا رہا۔انہوں نے پڑھائی سے متعلق پوچھا تو ہوں ہاں میں مختصر جواب دیتا وہ سائیڈ ٹیبل لیمپ کو ہی آن آف کرتا رہا۔

پندرہ سالہ سلیم ٹرے میں ناشتے کے لوازمات سجائے اندر آیا تو وہ اٹھ کھڑے ہوئے۔
"تم ناشتا کرلو، پھر میڈیسن بھی لینی ہے۔" اس کے بالوں میں محبت سے ہاتھ پھیرتے وہ سلیم کے ساتھ باہر چلے گئے۔
کچھ دیر تک وہ بے مقصد نگاہیں یہاں وہاں دوڑاتا رہا، پھر ناشتا کرنے لگا۔ ذہن مختلف سوچوں کی آماجگاہ بنا ہوا تھا۔ وسوسے ایک بار پھر سر اٹھانے لگے تھے۔ اسے اعظم شیرازی کی آواز اطراف میں گونجتی محسوس ہو رہی تھی۔
"میرا صرف ایک ہی پوتا ہے۔ حماد شیرازی...... میں کسی "فارس ہارون" کو نہیں جانتا۔
پہلے ایک دستک ہوئی پھر دوسری...... پھر تیسری...... چوتھی بار دستک کم اور ٹھک ٹھک زیادہ تھی۔ اس نے سوپ پیتے ہوئے بے ساختہ سر اٹھا کر آواز کی سمت دیکھا۔ کھڑکی کے شیشے پر ننھا سا ہاتھ بج رہا تھا۔ پھر چہرہ قریب ہوا۔ یقیناً اس کے متوجہ ہونے کی تصدیق کی جا رہی تھی۔
پھر کھڑکی کے شیشے پر لفظ ابھرنے لگے۔
"گیٹ...... ویل...... سون......!"
پیالہ ہاتھ میں لیے وہ اپنی جگہ بیٹھا رہ گیا۔ چند لمحوں کے بعد کھڑکی کا شیشہ ایک طرف سلائیڈ ہوا۔ دو پونیوں والا سر اندر ہوا، ڈھیر سارا تجسس لیے شہد رنگ آنکھیں نمایاں ہوئیں۔ پھر گلاب کی پنکھڑی جیسے لب کچھ حیرت اور اشتیاق سے وا ہوئے۔
اب وہ اسے دیکھ رہا تھا کچھ حیرت سے...... اور وہ اسے دیکھ رہی تھی کچھ تجسس سے...... چوکھٹ پر اپنی پوزیشن مضبوط کرتے ہوئے اس نے ایک ایک کر کے سارے سفید پھول اندر فرش پر پھینک دیے کہ اگر وہ ایسا نہ کرتی تو پھولوں کے کچومر کے ساتھ ہی نازل ہوتی۔ دوسرے ہی لمحے وہ سرخ فراک سمیت کھڑکی پھلانگ کر اندر تھی۔

فوراً پھول سمیٹے گئے۔ اور ایک استحقاق کے ساتھ سائیڈ ٹیبل پر رکھے خالی گل دان میں ڈالے گئے۔ پھر سفید کوٹ کی جیب سے فولڈ کیا ہوا پیپر نکالا گیا۔ پھر اس پیپر کو ننھی منی ہتھیلیوں میں رکھ کر اس کے سامنے پیش کیا گیا۔

ایک ہاتھ میں چمچ لیے، دوسرے ہاتھ میں سوپ کا پیالہ تھامے چودہ سالہ فارس اپنی جگہ پتھر کا پتھر......اسے ابھی تک یہ رونما ہونے والی سچویشن سمجھ میں نہیں آئی تھی۔

قدموں کی آہٹ راہداری میں گونجی تو بچی حواس باختہ سی اپنے گلابی لبوں پر انگلی رکھ کر "شش" کرتی بیڈ کے نیچے چھپ گئی۔

"میں ابھی کلینک جا رہا ہوں، پھر ملاقات ہوتی ہے۔"

ڈاکٹر مصطفیٰ بات کرتے کرتے ٹھٹک کر رک گئے۔ ادھ کھلی کھڑکی سے ہوتی ہوئی ان کی نگاہ سائیڈ ٹیبل تک گئی اور وہ جیسے پوری حکایت سمجھ گئے۔

"جنہ......!" وہیں کھڑے انہوں نے کچھ خفگی سے آواز دی۔

اور جنہ نامی وہ مخلوق، جو بیڈ کے نیچے دوزانو بیٹھی تھی، جھٹ سے بول پڑی...... "جی بابا!" دوسرے ہی لمحے اپنی غلطی کا احساس ہوتے ہی اس نے دونوں ہاتھ لبوں پر جما لیے۔

"کہاں ہیں آپ؟" یہاں وہاں دیکھتے اب وہ پوچھ رہے تھے۔ کچھ ہی دیر میں وہ باہر تھی۔

"میں آپ کے فرینڈ کو "گیٹ ویل سون" کہنے آئی تھی۔" انداز ایسا تھا جیسے یہ بہت ضروری کام ہو۔

"آپ باہر چلیں۔" کھڑکی بند کر کے فارس سے معذرت چاہتے وہ اسے ہاتھ سے پکڑ کر باہر لے گئے۔ فارس کی نظر اس تہہ کیے ہوئے صفحے پر جا ٹھہری جو فرش پر گر ارہ گیا تھا۔ سوپ کا پیالہ رکھ کر اس نے پیپر اٹھا لیا۔

آسمان، گھر، درخت، دو پرندے اور نیچے لکھا تھا گیٹ ویل سون......!

''یہ بچی کون ہے؟'' سلیم برتن اٹھانے آیا تو اس نے پوچھا۔
''کون......؟ جنت......وہ ڈاکٹر صاحب کی نواسی ہے جی۔''
''جنت......؟'' ذہن کے پردوں پر ایک منظر لہرایا۔
جڑواں بہن بھائی......ایک جنت اور دوسرا شاید حسن، حسین یا حسنین تھا۔ ڈاکٹر مصطفیٰ بار ہا ذکر کرتے رہتے تھے......اسے کچھ یاد آیا۔
خیالات جھٹک کر وہ اٹھ کھڑا ہوا۔ اس کی طبیعت پہلے سے بہتر تھی سو اس نے شیرازی مینشن جانے کا ارادہ کر لیا۔ سویٹر کوٹ پہن کر باہر آیا تو ڈاکٹر مصطفیٰ کی نواسی صوفے پر اوندھی پڑی تھی۔ رونے کا شغل فرمایا جا رہا تھا۔ سلیم پورے گھر کی صفائی کے بعد ہلکان سا سامنے بیٹھا تھا۔ صابرہ بوا کچن میں کام کر رہی تھیں۔ معلوم ہوا فارس کی وجہ سے ڈاکٹر مصطفیٰ نے جنت کی بلی سلیم کو دے دی تھی کہ جب تک فارس یہاں ہے تو بلی اس گھر میں نہیں رہے گی اور جنت کمال تو اپنی بلی کے بغیر رہ ہی نہیں سکتی تھی تو بس اس ظلم پر احتجاج ہو رہا تھا۔
وہ چپکے سے گھر سے نکل گیا۔
بیک پیک (backpack) کندھے سے لٹکائے جب وہ باغ کے راستے بیرونی دروازے سے اندر داخل ہوا تو مالی کو ہدایات دیتی مدحت کی نظر اچانک اس پر پڑی اور وہ اپنی جگہ رک گئی۔ نگاہیں ایک ہی مقام پر ٹھہر گئیں......بے یقینی کا تاثر حیرت میں اور حیرت کا تاثر خوشی میں بدل گیا۔
عجلت میں قدم اٹھاتی وہ اس کے پاس آئی۔ اس کے ہاتھ اور پھر اسے کندھوں سے پکڑ کر اس نے دیکھا۔ اس کے سامنے دس گیارہ سال کا چھوٹا سا بچہ نہیں تھا، چودہ پندرہ برس کا ایک ہینڈسم سا ٹین ایجر تھا۔ جدید اسٹائل سے تراشے ہوئے بال آج بھی قدرے لمبے تھے۔ ہلکا سا خم لیے سیدھا پیشانی پر گرتے تھے اور نیک کالر کو چھوتے تھے، دھوپ میں بال سنہری لگ رہے تھے۔ ہیزل آنکھوں میں کچھ

اور رنگوں کا اضافہ ہو چکا تھا۔ پورے تین سال بعد اس نے شیرازی مینشن میں قدم رکھا تھا۔ وہ اسے دیکھ کر بہت خوش ہو رہی تھی۔

''کیسی ہیں آپ؟'' اس نے پوچھا۔ مدحت نم آنکھوں سے مسکرائی۔

''میں تو ٹھیک ہوں، مجھے یقین نہیں آ رہا، تم آ گئے، طبیعت کیسی ہے اب؟''

''ٹھیک ہے، ہلکا سا بخار تھا بس......'' مدھم سی مسکراہٹ اس کے لبوں پر ابھر کر معدوم ہو گئی۔ وہ اسے ساتھ لیے سرونٹ کوارٹر کی طرف بڑھ گئی۔ اس کا کمرہ ہمیشہ کی طرح صاف ستھرا اور سلیقے سے سیٹ تھا۔ البتہ فرنیچر اور کمرے کی سیٹنگ کچھ حد تک بدل دی گئی تھی۔

بیڈ، وارڈروب، رائٹنگ ٹیبل، کمپیوٹر کے ساتھ آرائشی قیمتی اشیا سجی تھیں۔ مشرقی دیوار گیر الماری میں اس کا پرانا سامان حتیٰ کہ کھلونے، کتابیں، ڈائریز تک محفوظ تھیں۔

ایک طائرانہ نگاہ اطراف میں دوڑاتے وہ بے تاثر چہرے کے ساتھ بیڈ پر جا بیٹھا۔

مدحت اسے بغور دیکھ رہی تھی۔ اور کچھ کچھ فکرمند بھی تھی۔

''میں تمہارے لیے کچھ کھانے کا انتظام کرتی ہوں۔''

''میں ناشتا کر چکا ہوں، صرف آرام کرنا چاہتا ہوں۔'' جوتے اتارے، وہ بیڈ پر دراز ہو چکا تھا۔ مدحت نے چند لمحوں تک اسے دیکھا پھر اثبات میں سر ہلاتی چلی گئی۔

دروازہ بند ہوا تو اس نے آنکھیں کھول دیں۔ کروٹ بدل کر پشت کے بل لیٹتے وہ چھت کو دیکھنے لگا۔ اس کمرے کے ساتھ جمیلہ داؤد کی بہت سی یادیں جڑی ہوئی تھیں۔ آنکھوں کے کنارے نم ہوئے تو اس نے لحاف سر تک تان لیا۔

اسے نیند نہیں آ رہی تھی مگر وہ سونا چاہتا تھا۔ اور بہت دیر تک سویا رہنا چاہتا تھا۔

☆......☆......☆

آج فرینڈ شپ ڈے تھا۔اب پتا نہیں سچ مچ کا فرینڈ شپ ڈے تھا یا جنت کا خودساختہ تھا۔وہ نہیں جانتے تھے،بس وہ انہیں یہ سمجھانے آئی تھی کہ دوستوں کو وش کارڈ ضرور دینا چاہیے۔اور ان کے اتنے سارے دوستوں میں اسے صرف فارس وجدان کا ہی خیال آیا تھا کہ باقی سب تو سفید داڑھیوں والے، کچھ گنجے، کچھ بڑی عمر کے انکل اور کچھ عمر رسیدہ ڈاکٹر آنٹیاں تھیں لیکن فارس ان سب سے مختلف تھا سو......

مگر نانا مصروف تھے۔انہوں نے اس کے سوالات کے ہوں ہاں میں جواب دے کر باہر بھیج دیا۔

اور اس نے سوچا نانا کی ہر چیز اس کی تھی تو پھر نانا کا بیسٹ فرینڈ بھی اس کا اپنا ہوا نا؟

جھٹ سے کمرے میں گئی۔محنت سے کارڈ بنائے۔لان سے پھول توڑے، بیک پیک میں گفٹ رکھا اور باغ کے راستے پہنچ گئی شیرازی مینشن......

عقبی بیرونی دیوار میں ایک آہنی دروازہ تھا جو کبھی کبھار کھلا رہتا تھا،ایک گارڈ وہاں ہر وقت متعین رہتا تھا۔اندر داخل ہونے کے لیے ڈاکٹر مصطفیٰ کا حوالہ ہی کافی تھا۔ملازم اسے فارس کے کمرے کے دروازے تک چھوڑ کر آیا۔

اس نے دروازے پر دستک دی۔کچھ ہی دیر میں دروازہ کھل گیا۔

نیلی جینز پر سفید رنگ کی اونی شرٹ میں ملبوس فارس وجدان سامنے کھڑا تھا اور اب کچھ حیرت سے اسے دیکھ رہا تھا۔

اتنے سویرے اور اس قدر ٹھنڈ میں وہ گلابی فراک پر لمبا کوٹ زیب تن کیے،ٹوپی بیگ کندھے سے لٹکائے،اونی مفلر،کیپ اور دستانے پہنے سامنے کھڑی تھی۔

کیا ڈاکٹر مصطفیٰ بھی ساتھ آئے تھے؟اس نے یہاں وہاں نگاہ دوڑائی،مگر وہ کہیں نہیں تھے۔

"یہ تمہارے لیے ہے۔"جنت نے دونوں ہاتھ آگے کر دیے۔

"یہ کیا ہے؟"

"کارڈ ہیں، بابا نے بھیجے ہیں۔" کچھ استحقاق اور بے تحاشا اشتیاق سے اندر جھانکتے اس نے کہا تھا۔
ایک الجھن بھری نظر جنت پر ڈالتے اس نے کارڈ لے کر کھولے۔
نیلی نیلی روشنی کمرے میں بند ہے
میں کیا کروں مجھے فارس پسند ہے
ڈاکٹر مصطفیٰ
پیپل کے پتے گرتے رہیں گے
ہم تم کو خط لکھتے رہیں گے
ڈاکٹر مصطفیٰ
بچکانہ سی لکھائی تھی اور اتنے اعتماد کے ساتھ ہر شعر کے نیچے ڈاکٹر مصطفیٰ لکھا ہوا تھا جیسے اس طرح کے شعر ڈاکٹر مصطفیٰ کے علاوہ اور کوئی لکھ ہی نہیں سکتا۔
"ڈبے میں ڈبہ...... ڈبے میں کیک......
میرا دوست فارس، لاکھوں میں ایک!
ڈاکٹر مصطفیٰ
وہ سنجیدہ تھا، بے تحاشا سنجیدہ...... مگر نہ چاہتے ہوئے بھی اس کے لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئی تھی۔
"یہ ڈاکٹر مصطفیٰ نے لکھا ہے؟" اس نے تصدیق چاہی۔
"ہاں......"
"مگر یہ رائٹنگ کتنی خراب ہے۔"
جنت کو برا لگا۔ اس نے بھنویں سکیڑ کر اپنے نانا کے بیسٹ فرینڈ کو خفگی سے دیکھا۔ آخر یہ اس کی رائٹنگ تھی، کوئی مذاق تھوڑی تھا؟

"کیسی ہے رائٹنگ......؟" وہ اسے بیان بدلنے کا موقع دے رہی تھی۔

"بچوں جیسی......"

"ڈاکٹر ایسے ہی لکھتے ہیں۔" سمجھداری سے بتایا گیا۔

"اوہ......!" فارس کے لب گول ہوئے۔ "سوری مجھے نہیں پتا تھا۔"

"اِٹس او کے......!" شان بے نیازی سے کہتے اس نے ایک بار پھر اندر جھانکنے کی کوشش کی۔

وہ چاہ رہی تھی فارس اسے اندر آنے دے تا کہ وہ اس کا وسیع و عریض کمرہ دیکھ سکے۔ مگر وہ دیوار بنا کھڑا تھا۔ سارا انٹرویو یہیں دروازے پر کھڑے لینا چاہتا تھا۔

تنگ آ کر اس نے بیگ قدموں میں رکھا، بیٹھ کر کھولا، پھر اس کے اندر سے ٹوٹے پھوٹے طریقے سے پیک کیا ہوا پیکٹ نکالا۔ اٹھ کر اسے پھر فارس کی طرف بڑھایا۔

"اب یہ کیا ہے؟"

"گفٹ ہے۔"

"گفٹ؟" نا سمجھی کے عالم میں اس نے پیکٹ لے کر کھولا۔ تین چاکلیٹ بار، رنگ برنگی کینڈیز، چیونگم، چپس کے بیکٹ...... چلی ملی اور جانے کیا کچھ ظاہر ہو گیا۔ بڑے کھلے دل کی مالک تھی ڈاکٹر مصطفیٰ کی نواسی...... جس عمر میں بچے اپنا بخار کسی کو نہ دیں، وہ چاکلیٹ کینڈیز دیتی پھر رہی تھی۔ وہ خاصا متاثر ہوا۔

"کیا تم مجھے اندر نہیں آنے دو گے؟" اکتا کر اس نے پوچھا تو فارس نے دروازہ وا کرتے ہوئے اسے اندر آنے دیا۔

بیگ اتار کر فرش پر رکھتی وہ تجسس اور ایکسائٹمنٹ کے ساتھ اندر آ گئی۔ گھوم کر چاروں طرف دیکھا۔ کتنا بڑا اور کتنا پیارا کمرہ تھا اس کھڑوس کا۔

مدحت سامنے ہی کارپٹ پر بیٹھی شرٹ پر بٹن لگا رہی تھی۔ اسے دیکھ کر مسکرائی۔

''ارے! یہ ننھی پری کہاں سے آئی؟''

جنت کے گال لال ٹماٹر ہوئے۔ وہ بتانا چاہتی تھی پریاں تو ہمیشہ اڑ کر آتی ہیں مگر وہ چل کر آئی تھی۔ بڑے ادب سے وہ اس کے پاس گئی۔ سلام کیا، چند لمحوں کے لیے ٹک کر بیٹھی رہی۔ آخر یہ بھی تو بتانا مقصود تھا کہ وہ مہذب مہمان ہے تا کہ اس کے آنے جانے پر ہرگز پابندی نہ لگے۔

ایک نظر نانا کے دوست کو دیکھا جو سامنے رائٹنگ ٹیبل کی آرام دہ کرسی پر بیٹھا تھا اور اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

کیا اب اس کی مہمان نوازی نہیں ہوگی؟ اس نے آنکھیں مٹکا کر یہاں وہاں دیکھا۔ ایک جگہ ٹک کر بیٹھنا کتنا مشکل کام تھا۔ یہ کوئی ننھی پری سے پوچھتا۔

''مجھے مینگو جوس پسند ہے۔'' چند لمحوں کی خاموشی کے بعد اس نے فارس کو بتایا۔

سوئی سے ٹانکا لگاتی مدحت ہنس دی۔

فارس نے سر اٹھا کر اسے سوالیہ نظروں سے دیکھا۔ مدحت نے اشارہ کیا تو وہ بیٹھے بیٹھے اس کی دائیں طرف جھکا۔

''ان ڈائریکٹلی وہ تم سے کہہ رہی ہے میری مہمان نوازی کرو۔'' مدحت نے دبی دبی مسکراہٹ کے ساتھ سرگوشی میں بتایا تو اس کی بھنویں سکڑ گئیں۔

''کیا سب ہی بچے ایسے ہوتے ہیں؟''

''کیسے؟'' مدحت نے بھی اس کا انداز اپنایا۔

''جیسی یہ ہے۔''

''یہ کیسی ہے؟'' مدحت کی آنکھوں میں شرارت چمکی۔

''اتنی فرینڈلی کیوں ہو رہی ہے مجھ سے؟'' اس نے الٹا سوال کیا۔

''ہوسکتا ہے وہ تم سے دوستی کرنا چاہتی ہو۔''

فارس کی آنکھوں میں حیرت اتری۔''مجھ سے دوستی؟''

ان کی کھسر پھسر کے دوران کب جنت کمال اٹھ کر ریک تک گئی، کب اس نے گلابی رنگ کا جرنل کلرنگ بک سمجھ کر باہر نکالا، اور کب اس پر کتابیں گریں، کچھ پتا نہ چلا۔ یہ تو جب وہ سر پکڑ کر ہلکا سا چیخی تو فارس کو ہوش آیا۔ اٹھ کر تیزی سے اس کی طرف بھاگا۔

''یہ کیا کر دیا۔'' وہ غصہ دکھانا بھی چاہتا تھا اور ڈاکٹر مصطفیٰ کی وجہ سے دکھا بھی نہیں پا رہا تھا۔

''یہ خود ہی گر گئیں۔'' وضاحتی انداز بھی کمال کا تھا۔

''خود سے کیسے گر گئیں؟'' وہ بھڑکا۔

''میں نے تو یہ پنک والا نکالا تھا۔'' یعنی گلابی جرنل نکالنے پر جو باقی ساری کتابیں گریں، وہ اپنی مرضی اور اپنے شوق سے گریں، جنت کمال کا کوئی عمل دخل نہیں۔

''آرام سے وہاں جا کر بیٹھو۔'' اس نے جرنل لے کر سامنے فلور کشن کی طرف اشارہ کیا۔ اور وہ واقعی میں وہاں جا کر بیٹھ گئی۔ ساری کتابیں سمیٹ کر مڑا تو وہ فلور کشن پر گھٹنوں کے بل کھڑی میز پر رکھے گاڑیوں اور گھوڑوں کے مجسموں کو چھیڑ رہی تھی۔

''ہاتھ مت لگاؤ اسے۔'' فوراً سے لپک کر جنت کمال کو وہاں سے دور ہٹایا گیا۔ وہ بڑا حیران ہوئی کہ ہاتھ لگانے سے کیا ہوگا؟

اب وہ گلاس الماری کے ساتھ لگی کھڑی تھی اور اس میں نفاست سے رکھی ٹرافیز کو دیکھ رہی تھی۔ نانا ٹھیک کہتے تھے۔ اس کے پاس کتنی اچھی چیزیں تھیں۔ بہت مختلف...... حیران کن...... اور خوب صورت......

اسے لگا اس کمرے میں دنیا کی ہر شے موجود ہے۔

کرسی پر چڑھ کر کھڑکی سے باہر شیرازی مینشن کو دیکھتے اس کی معصوم آنکھیں پھیلیں۔

"کتنا بڑا گھر ہے تمھارا۔"

مدحت نے بے ساختہ فارس کو دیکھا۔ وہ بے دھیانی میں اس کے دیے گئے پھولوں کو گل دان میں رکھتا جا رہا تھا۔ اس نے کچھ سنایا نہیں، مگر ردعمل کا اظہار نہیں کیا تھا۔

"کیا یہ تمھاری مما ہیں؟" اب وہ مدحت کے بارے میں اس سے پوچھ رہی تھی۔

"میں اس کے لیے کچھ لے کر آتی ہوں۔"

اس سے پہلے کہ جنت کے سوال کوئی بدمزگی پیدا کریں، مدحت اس کی شرٹ رکھ کر اٹھ گئی۔

"آپ اسے بھی ساتھ ہی لے جائیں۔" وہ کافی سے زیادہ جھنجھلایا ہوا لگ رہا تھا۔ مدحت ہنس دی۔ "لے جاتی...... اگر وہ میری مہمان ہوتی تب......"

مدحت چلی گئی تو وہ بھنویں سکیڑے جنت کی طرف مڑا۔ وہ سر اٹھائے اس بات کا جائزہ لے رہی تھی کہ اس کے نانا کا دوست کتنا لمبا تھا اور وہ اس سے قد میں کتنی چھوٹی تھی۔

"کیا تمھارے پاس کلرز نہیں ہیں؟" کچھ دیر بعد اس نے پوچھا۔

"نہیں۔"

"کلرنگ بکس؟"

"نہیں......"

"کھلونے بھی نہیں ہیں؟" وہ بہت مایوس نظر آئی۔

وہ گھٹنوں پر ہاتھ رکھے اس پر جھکا۔ "میں لڑکا ہوں، میں ڈولز سے نہیں کھیلتا۔"

"میں بھی ڈولز سے نہیں کھیلتی، مجھے کاریں اچھی لگتی ہیں۔ میرے پاس ایک بہت بڑی ٹوییٹی بھی ہے اور ٹام بھی ہے میرے پاس...... جیری والا...... تمھارے پاس نہیں ہے؟"

گہرا سانس لیتا وہ اس کے سامنے بیٹھ گیا۔ پتا نہیں مدحت اتنی دیر کیوں لگا رہی تھی۔ ایک گلاس

مینگو جوس اور کیک...... اس میں کون سا سال لگ جانے تھے؟

''نہیں! میرے پاس ایسا کچھ نہیں ہے۔''

''اوہ......!'' ننھی پری کو افسوس ہوا۔ ''تو میں ٹام تمہیں دے دوں گی۔''

''مجھے ٹام نہیں چاہیے۔'' اس نے تحمل سے سمجھایا۔

''جیری تو میرے پاس ہے ہی نہیں۔''

''مجھے جیری بھی نہیں چاہیے۔'' وہ جھنجھلایا۔

''تو کیا چاہیے؟''

''کچھ نہیں چاہیے مجھے۔ میں کھلونوں سے نہیں کھیلتا اب۔''

اگلے چند لمحوں تک وہ پلکیں جھپکائے بنا اس کی آنکھوں میں دیکھتی رہی۔ پھر اس نے عقب میں اشارہ کیا۔

''تو میں پھر تمہاری وہ کار لے لوں، جو وہاں رکھی ہے۔ ریڈ کلر والی۔'' فارس نے مڑ کر سرخ رنگ کی اس ننھی ماڈل کار کو دیکھا جس میں اس کی جان اٹکی تھی اور یہ کوئی کھلونا کار نہیں تھی۔

''نہیں، ہرگز نہیں۔''

''اوکے......!'' اس کے کندھے جھک گئے۔ نانا کا دوست، نانا جیسا نہیں تھا۔

''تم یہاں آرام سے بیٹھو۔'' بازو سے پکڑ کر اسے ایک بار پھر فلور کشن پر بٹھایا گیا۔ ''یہاں سے ہلنا نہیں ہے، اور کسی چیز کو مت چھیڑنا! میں ابھی آتا ہوں۔''

''اوکے......'' اس نے ہامی بھر لی۔ لیکن عمل نہیں کیا۔ کچھ ہی دیر بعد ٹرے ہاتھوں میں لیے وہ اندر آیا تو وہ کھڑکی کی چوکھٹ پر چڑھی دیوار پر لگا کوئی اسٹیکر اتار رہی تھی۔

''میں نے منع کیا تھا تمہیں......'' ٹرے کارپٹ پر رکھتا وہ ایک بار پھر اس کے سر پہ تھا۔

"بس تھوڑا سارہ گیا ہے، ابھی اتر جائے گا۔" وہ سنی ان سنی کرتا اسے بازوؤں سے پکڑ کر زبردستی نیچے اتار چکا تھا۔ کچھ ہی دیر بعد وہ اس کے سامنے بیٹھی تھی۔ مینگو جوس ہاتھوں میں تھا۔ ایک گھونٹ بھرتی تھی، دس باتیں کرتی تھی، پھر تھوڑا سا کیک کترتی تھی، اس کے بعد پھر باتیں کرتی تھی۔

اس کے سامنے آلتی پالتی مارے وہ صبر کی کڑی آزمائش سے گزر رہا تھا۔

"باتیں بعد میں کرنا، پہلے اسے ختم کرو۔" وہ اس مصیبت کو جلد از جلد ڈاکٹر مصطفیٰ کے پاس چھوڑ کر آنا چاہتا تھا۔

"بابا کہتے ہیں، آرام سے کھانا چاہیے۔" وہ الٹا اسے سمجھانے لگ گئی۔ اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتا وہ کارپٹ پر ڈھے گیا۔ گویا ہار مان لی کہ بھلے سے دو تین گھنٹوں میں ختم کرو لیکن خاموشی سے کرو مگر نہیں......

اس نے کسی مریم عرف مونی کے پھسل کر گرنے سے لے کر کسی کاکا کی سائیکل ٹوٹنے اور کسی نیلو آپا کی مرغی چوری ہونے تک کے تمام واقعات سنا دیے۔ اس نے یہ بھی بتایا کہ جب سیاہ رنگ کی اتنی بڑی بڑی گاڑیاں اس کے گھر میں آتی ہیں تو وہ سڑک پر کھڑے ہو کر ہاتھ بھی ہلاتی ہے۔ ایک بار کسی صاحب نے گاڑی کا شیشہ نیچے کر کے اسے ٹافی بھی دی تھی۔

اور ایک وہ کوئی علیزے شیرازی...... وہ مہینہ بھر اس کے اتنے سارے بڑے گھر میں رہ کر گئی تھی۔ اور یہاں وہاں ہر وقت گھومتی رہتی تھی۔ بستی سے گاؤں، کھیتوں اور بازار میں بھی...... اور اس کے گلے میں ایک کیمرہ تھا۔ وہ ہر کسی کی تصویریں کھینچتی رہتی تھی اور اسے تو وہ ذرا سا بھی اچھی نہیں لگی تھی۔ چیونٹی جتنی بھی نہیں!

کسی علیزے شیرازی کا ذکر کرتے اس نے منہ کے زاویے کئی بار بگاڑے۔ وہ کیسے چلتی تھی، اور کیسے بولتی تھی، اور کیسے دیکھتی تھی۔ اور کیسے وہ ایک بار ڈھلوان راستے سے اترتے پھسل گئی تھی۔ اور پھر اس نے، اور مونی، کاکا اور شاکا وغیرہ سب نے وہ منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا اور انہیں کتنا مزا آیا تھا

اور وہ کتنا خوش ہوئے تھے۔

فارس اپنا سر پکڑے بیٹھا تھا۔

اور ایک بار ایک لمبا سا کوئی لڑکا بھی آیا تھا۔ وہ فارس سے بھی لمبا تھا اور جب وہ آیا تھا تو اس کے آگے پیچھے بہت سی کاریں تھیں۔ اور پھر اس کے اتنے بڑے گھر میں رات کو روشنیاں ہی روشنیاں تھیں اور دعوت پر اس کے بابا بھی گئے تھے۔ اور......اور......

نہ باتیں ختم ہو رہی تھیں، نہ جوس اور کیک......

"یہ میں پی لوں؟" تنگ آکر اس نے پوچھا۔

اور جنت تو تھی ہی کھلے دل والی۔ جھٹ سے گلاس آگے کر دیا۔ ایک ہی سانس میں گلاس خالی کرتا، کیک کے ٹکڑے منہ میں ڈالتا، اسے بازو سے پکڑ کر اٹھاتا، دوسرے ہاتھ میں اس کا بیگ لیتا، کچھ ہی دیر میں وہ باہر تھا۔

"چلو، تمہارے گھر چلیں۔"

جنت جو اپنے آدھے جوس اور پورے کیک کے غم سے ابھی باہر نہیں نکلی تھی، اس بات پر کھل اٹھی۔

"ہاں ہاں چلو۔" وہ بڑی خوشی سے بھاگی۔

حالانکہ فارس کا کمرہ اسے بہت اچھے سے دیکھنا تھا کہ ایسی رنگ برنگی منفرد چیزیں بھی کیا روز دیکھنے کو ملتی ہیں۔ (چلو پھر کبھی سہی!)

اپنے بازو پھیلائے وہ چڑیا کی طرح چہکتی سر سبز باغ کے راستے، گھاس کے اندر سے بھاگتی جا رہی تھی۔ اور اس کا ٹوٹی بیگ ہاتھ میں لیے ذرا سی خفگی کے ساتھ فارس وجدان اس کے پیچھے تھا۔

جس طرح وہ بھاگ رہی تھی، بازو پھیلا کر گول گول گھومتی ہوئی، تو اسے لگا وہ گرے گی۔ اور وہی ہوا...... کسی پتھر سے اٹک کر وہ اس قدر مزاحیہ انداز میں اچھل کر گری کہ اس کی ہنسی چھوٹ گئی۔

مدحت جو اس کا اونی مفلر اور لانگ کوٹ ہاتھ میں لیے اس کے پیچھے آئی تھی، ٹھٹک کر رک گئی۔
فارس ہنس رہا تھا؟ وہ ساکت سی اپنی جگہ کھڑی رہ گئی۔ اس نے فارس وجدان کو اس طرح ہنستے ہوئے پہلی بار دیکھا تھا...... پہلی بار......!

جنت نے اسے ہنستے دیکھا تو سر نیچے کیے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

''اوہ! آئم سوسوری......!'' اسے یکا یک احساس ہوا تو بمشکل ہنسی ضبط کرتا تیزی سے اس کے پاس آیا۔

بازو سے پکڑ کر اسے اٹھانا چاہا تو بدک کر اپنا بازو چھڑاتی وہ اور زور سے رونے لگی۔

''کیا بہت زور سے چوٹ آئی ہے؟'' ہنسی ضبط کر کے بہت مشکل سے پوچھا۔

دونوں ہاتھ پاؤں پر رکھے وہ چلائی۔ ''تم مجھ پر ہنسے'' اصل غم یہ تھا...... ''تم...... تم مجھ پہ ہنسے......''

''میں تم پر نہیں ہنسا...... وہ...... اصل میں......'' بار بار وہ منظر آنکھوں میں آ رہا تھا اور نہ چاہتے ہوئے بھی ہنسی آئے جا رہی تھی۔

شہد رنگ آنکھوں میں ڈھیر سارے آنسو لیے وہ یوں روئی تھی جیسے اس پر ظلم کے پہاڑ توڑے گئے ہوں۔

''اچھا، آئم سوری۔ مجھے ہنسنا نہیں چاہیے تھا'' اس نے فوراً ہی غلطی کا اعتراف کر لیا۔

''مگر تم...... تم ہنسے...... میں بابا کو بتاؤں گی تم ہنسے......''

فارس اس افتاد پر بری طرح سے گھبرا گیا۔

''میں سوری کر تو رہا ہوں۔''

وہ نفی میں سر ہلاتی گئی۔ یعنی سوری سے کام نہیں چلے گا۔

کچھ سوچ کر فارس نے جیب سے والٹ نکالا، چھوٹی چھوٹی چیزوں کے لیے اس کی دیوانگی تو وہ

اپنے کمرے میں ہی دیکھ چکا تھا۔ والٹ کے ساتھ لٹکتی دو تلواروں میں سے ایک تلوار اس نے الگ کر کے جنت کی طرف بڑھائی۔

وہ جو بڑی دل جمعی سے رونے کا شغل فرما رہی تھی، رک گئی۔ آنکھوں میں ڈھیر ساری نمی لیے گھٹنے سے ہاتھ ہٹا کر ذرا آگے ہوئی۔ سارے درد بھلائے اس ننھی سی تلوار کو بغور دیکھنے لگی۔ پھر ہاتھ بڑھا کر اٹھا لیا۔

''یہ اب میری ہے؟''

''ہاں!''

''پکا میری ہے؟''

''پکا تمھاری ہے۔''

''تم کا کا کی طرح واپس تو نہیں لوگے؟''

''نہیں، میں کا کا کی طرح واپس نہیں لوں گا۔''

''پکا نہیں لوگے؟''

''پکا نہیں لوں گا۔''

''اور اگر لیا تو؟''

''نہیں لوں گا بھئی!'' اس نے تحمل سے کہا۔

ورنہ جی چاہ رہا تھا، اپنے بال نوچ لے۔

اور وہ اٹھ گئی۔ تلوار کو مٹھی میں دبائے۔ آنکھوں میں ڈھیر سارا اشتیاق لیے۔

''تمہیں چوٹ تو نہیں آئی؟'' اس نے پوچھا۔

''نہیں تو......'' وہ آنکھیں رگڑ کر صاف کرتے ہوئے بولی۔

''اور یہ اتنا رونا دھونا صرف اس لیے تھا کہ وہ ہنسا؟'' کڑھ کر اس کا ہاتھ تھامے وہ اسے سڑک کی طرف لے آیا۔ کنارے پر آہستگی سے قدم اٹھاتے وہ بس ذرا سا ہی آگے چلے تھے کہ سڑک کے اس پار بچوں کا ایک ٹولہ گزر رہا تھا۔ جنت کو دیکھتے ہی ہاتھ ہلاتے شور مچانے لگے۔

''ٹیپو، کاکا، مونی...... میرے فرینڈز۔'' اپنا ہاتھ چھڑا کر زور سے چلاتے اس نے فارس کو بتایا۔

''گھر چلو۔'' وہ اسے بازو سے پکڑے کھینچتے ہوئے ساتھ لے جانے لگا۔ اور وہ وہیں سے چلاتی اپنے دوستوں کو جانے کیا کچھ بتاتی رہی۔

وہ گھر پہنچے تو ڈاکٹر مصطفیٰ لان میں پریشان کھڑے تھے، سلیم اسے یہاں وہاں تلاش کرنے کے بعد تھکا ہارا ابھی لوٹا تھا، انہیں دیکھتے ہی چلا اٹھا۔

''ڈاکٹر صاب! یہ رہی جنت۔''

''یہ کہاں تھی؟'' وہ حیران ہوئے تھے۔

''کہاں ہو سکتی تھی؟'' فارس نے بھنویں سکیڑیں۔

ان کا منہ حیرت سے کھلا، وہ تن تنہا شیرازی مینشن پہنچ گئی تھی؟ گو کہ باغ کا راستہ محفوظ تھا اور شیرازی مینشن بھی کچھ زیادہ دوری پر نہیں تھا مگر پھر بھی جنت کا یہ کارنامہ انہیں حیران اور فکرمند کر گیا تھا۔

''میں نے آپ سے پوچھا تو تھا۔'' ڈاکٹر مصطفیٰ اس پر خفا ہوئے تو وہ بتانے لگی۔

''میں نے کہا تھا، ہاں جائیں گے، یہ نہیں کہا تھا آپ اکیلی چلی جائیں۔''

''میں بالکل خاموشی سے گئی تھی، آرام آرام سے...... روڈ پر تو بالکل نہیں گئی۔ باغ سے گئی تھی بابا...... وہ جو بہت لمبے انکل ہیں نا...... جن کی اتنی بڑی بڑی مونچھیں ہیں۔ وہ جو دروازے پر کھڑے ہوتے ہیں ہر وقت......'' وہ چاہ رہی تھی ڈاکٹر مصطفیٰ تائید میں سر ہلائیں تاکہ وہ بات آگے بڑھائے...... مگر وہ پیشانی مسلے جا رہے تھے۔ ''ہاں! ہاں۔''

''وہ بہت اچھے ہیں۔میں نے ان سے کہا۔میں ڈاکٹر مصطفیٰ کی بیٹی ہوں۔انہوں نے مجھے اندر جانے دیا۔میں نے تین بار دروازہ ناک کیا تھا۔تین بار بابا۔'' بڑی سمجھداری سے ہاتھ ہلا ہلا کر وضاحتیں دیتی وہ انتہا کی معصوم اور کیوٹ لگی۔

''تمہیں تنگ تو نہیں کیا اس نے؟'' ڈاکٹر مصطفیٰ نے پھر اس سے پوچھا۔

وہ کہنا چاہتا تھا ''ہاں بہت''...... مگر چونکہ ڈاکٹر مصطفیٰ کی نواسی تھی سو ازراہِ مروت نفی میں سر ہلا دیا۔

''شکر ہے۔'' وہ اسے بازو سے پکڑے اندر لے آئے۔''شام کا کھانا ہمارے ساتھ! اب یہاں سکون سے بیٹھو۔'' انہوں نے فیصلہ سنا دیا مگر مجال ہے جو ان کی نواسی نے ایک گھڑی بھی اسے سکون سے بیٹھنے دیا ہو۔

وہ دھپ دھپ سیڑھیاں چڑھتی اوپر جاتی تھی، اور جتنے کھلونے بازوؤں میں سما سکتے تھے انہیں لا کر اس کے سامنے ڈھیر کر دیتی تھی۔وہ اسے بتانا چاہتی تھی مہمان نوازی ایسی ہوتی ہے۔چیزیں ایسے دکھائی جاتی ہیں۔وہ ڈاکٹر مصطفیٰ کو بے بسی سے دیکھتا تو وہ ہنس دیتے۔

''آپ تو بہت انجوائے کر رہے ہیں۔''

''ہاں بہت......!'' وہ اس کے تاثرات سے کافی محظوظ ہوتے تھے۔کبھی الجھتا، کبھی اکتاہٹ کا مظاہرہ کرتا۔اور کبھی جنت کی کسی بات پر ہوں ہاں میں سر ہلاتا وہ انہیں اچھا لگ رہا تھا۔وہ زیرِ لب مسکراتے اسے دیکھے جا رہے تھے۔

رنگ بھرنے والی کتابیں، کہانیاں، اسٹیکرز اور جانے کیا کیا وہ اسے اٹھا اٹھا کر دکھا رہی تھی۔سلیم گزرتے ہوئے ٹھنڈی آہیں بھرتا کہ پھر سارا بکھیڑا اسے ہی تو سمیٹنا تھا۔

صابرہ بوا کو کھانے کی ہدایات دیتے ڈاکٹر مصطفیٰ ضروری کال اٹینڈ کرنے اوپر چلے گئے۔واپس آئے تو سلیم سمیت فارس وجدان بھی بلاکس جوڑ جوڑ کر جنت کے لیے ڈول ہاؤس کی تیاری میں نظر

آئے۔ مینول پیچ کھول کر اندازہ لگاتے......ایک دیوار کو دوسری دیوار سے جوڑتے......اور جنت کو حتی الامکان عمارت کی بنیاد سے دور رکھنے کی کوشش کرتے وہ کسی محاذ کا حصہ لگے۔

''مجھے بھی ہیلپ کرنی ہے۔'' وہ شور مچا رہی تھی۔

''تم توڑ دو گی۔'' دونوں نے اسے گھور کر پرے ہٹایا تھا۔

''یہ میرا ہاؤس ہے۔'' کمر پر ہاتھ ٹکائے جتانے لگی۔ کوئی رسپانس نہ ملا تو گھوم کر دوسری طرف آئی۔ ''یہ سب میرے بلاکس ہیں! یہ میرے بابا کا گھر ہے۔''

اس کی سنی ان سنی کیے وہ دونوں بڑی یکسوئی سے جتے رہے۔

''میں بول رہی ہوں۔'' دوبارہ شور مچایا۔

''میں بابا کو تمہاری شکایت لگاؤں گی۔'' اس نے فارس کو دھمکایا۔

''یہ شروع سے ایسی ہے؟'' اکتا کر اس نے سلیم سے پوچھا۔ اس کا خیال تھا وہ ڈاکٹر مصطفیٰ کے لاڈ پیار سے ہی بگڑ گئی ہو گی۔

''نہ کرو جی......ان کی تو آواز بھی نہیں نکلتی تھی۔ اب تو......'' سلیم نے فوراً کانوں کو ہاتھ لگایا۔ پھر ہنسا۔

''رونق لگی رہتی ہے جی......ڈاکٹر صاب تو بڑا بور کرتے ہیں۔ ہی ہی ہی......''

خوب صورت ڈول ہاؤس کی تعمیر شام کے چھ بجے تک مکمل ہوئی تو اسے اٹھا کر اوپر اس کے کمرے میں رکھنے گئے اور ایک بار پھر جنت نے اسے اپنی ایک ایک چیز دکھائی۔ اور اس بار فارس وجدان کے انداز میں جھلاہٹ نہیں تھی۔ وہ خاموشی سے سن رہا تھا، اور اس کی دی گئی اشیا کو کھول کر دیکھ بھی رہا تھا۔ انداز میں اب کے تجسس نہیں تھا مگر اکتاہٹ بھی نہیں رہی تھی۔

شام کا کھانا کھانے کے بعد وہ آتش دان کے سامنے لاؤنج میں بیٹھ گئے تھے۔ ڈبل صوفے پر

لحاف میں دبکی، اپنے نانا کے سینے سے لپٹی جنت کمال تو وہیں سو گئی تھی مگر وہ رات گئے تک باتیں کرتے جاگتے رہے تھے۔

☆......☆......☆

وہ صبح کے سات بجے گھر سے نکلتا تھا اور باغ کے راستے ٹہلتا ہوا بہت دور نکل جاتا تھا۔ یہ اس کی روزمرہ کی روٹین تھی۔ ابتدائی کچھ دنوں تک تو جنت اسے کھڑکی سے ہی جاتا دیکھتی رہی تھی۔ چوتھے دن وہ اپنے نانا کی اجازت سے مین گیٹ پر موجود تھی۔ اور پھر جیسے یہ روز کا معمول بن گیا تھا۔

وہ صبح سویرے جیسے ہی اسے باغ کے راستے نظر آتا تھا، وہ اپنا وہی ٹوپٹی بیگ پہنے بھاگی چلی آتی تھی۔
کبھی وہ اکیلی ہوتی، کبھی راستے میں اس کے نمونے دوست بھی ساتھ ہوتے۔ ٹیپو، مونی، کاکا، شاکا...... ایک تو نام انوکھے...... اوپر سے حرکتیں بھی عجیب...... شاخوں سے لٹکتے...... اور مریم عرف مونی تو سارا وقت بڑی اماؤں کی طرح اپنے سر پہ دوپٹہ ہی جماتی رہتی۔ جنت ان کی لیڈر تھی۔ چیختے ہوئے جس رخ اشارہ کرتی، وہ سب ہی اسی طرف دوڑ پڑتے۔ چھوٹی چھوٹی باتیں اور فضول سے لطیفے ان کے لیے اتنے مضحکہ خیز ہوتے کہ وہ ہنس ہنس کے گھاس پر لوٹ پوٹ ہو جاتے۔ اور وہ حیرت سے انہیں دیکھتے ہوئے سوچتا رہ جاتا، ہنسنے والی بات کیا تھی؟

کبھی کسی شرارت پر بستی کے لوگ ڈانٹنے کو لپکتے تو وہ سارے اسے ڈھال بناتے پیچھے چھپ جاتے۔ اور لوگ اسے اعظم شیرازی کا کوئی غیر ملکی مہمان سمجھ کر لحاظ کر جاتے۔ ان کے جانے کے بعد جو جھڑکیاں وہ انہیں پلاتا، اگلے پانچ منٹ تک تو کسی کی آواز بھی نہ نکلتی۔ اس کے بعد وہی بھاگ دوڑ، شور شرابا۔

اور وہ انہیں کبھی الجھن اور کبھی اکتاہٹ سے دیکھ کر رہ جاتا۔ اتنے شور اور ملے گلے کا وہ عادی نہیں تھا۔ مگر مسئلہ صرف عادت کا نہیں تھا۔ انہیں ہنستا مسکراتا دیکھ کر اسے عجیب وحشت ہوتی تھی۔

وہ ان کی سنگت میں سات سالہ فارس ہو جایا کرتا تھا۔ ان کی ننھی ننھی خوشیوں اور قہقہوں سے

الجھنے لگتا تھا۔ ساری محرومیاں، تلخیاں ایک ساتھ یاد آتیں تو اس کے احساسات عجیب ہو جاتے۔ اور موازنہ شروع ہو جاتا۔

کتنے خوش قسمت تھے یہ بچے...... ہر غم، پریشانی اور خوف سے مبرا...... رشتوں میں گھرے، محبتوں سے جڑے......

انہیں حق تھا اس طرح قہقہے لگا کر ہنسنے کا...... اس طرح مسکرانے اور ڈھیر ساری شرارتیں کرنے کا۔ نہ کسی کے باپ نے اسے چھوڑا تھا، نہ کسی کی ماں نے اسے ٹھکرایا تھا۔

وہ دنیا کے خوش قسمت ترین بچے تھے جو اپنا بچپن ویسا ہی جی رہے تھے جیسا انہیں جینا چاہیے تھا۔ ان کے کندھوں پر کوئی بوجھ نہیں تھا۔ اور ذہنوں میں کوئی سوال نہیں تھے۔ وہ شفاف تھے۔ ان پر ان کے والدین کوئی دھند نہیں جمنے دے رہے تھے۔ اور ایک وہ تھا۔ جسے اس کے اپنے والدین نے محبت سے لکھ کر نفرت سے مٹا دیا تھا۔

اس دن وہ واپس آیا تو کافی سے زیادہ اداس تھا۔ سارا دن وہ ڈاکٹر مصطفیٰ کے گھر رہا، سلیم اور جنت اس سے بات چیت کرنے کی کوشش کرتے رہے مگر وہ چپ رہا۔ ڈاکٹر مصطفیٰ آئے تو اس کا رویہ محسوس کر گئے۔ کھانے کے بعد کچھ دیر تک سوال جواب کرتے رہے مگر وہ سر جھکائے خاموش بیٹھا رہا۔

اب وہ انہیں یہ بتائے کہ وہ ان کی سات سالہ نواسی اور اس کے دوستوں سے جیلس ہو رہا ہے؟ اس لیے کہ وہ اتنا ہنستے اور مسکراتے ہیں؟

وہ چھوٹے بچوں کا ذکر کر کے ان کے سامنے چھوٹا نہیں ہونا چاہتا تھا۔ وہ بے سکونی کا سامنا کر کے اس بار خالی نہیں ہونا چاہتا تھا۔ سارے غم، الجھنیں اور محرومیاں سمیٹے وہ گھر چلا گیا۔ اس دن پہلی بار ایسا ہوا تھا کہ اس نے ڈاکٹر مصطفیٰ سے اپنی بات شیئر نہیں کی تھی۔

☆......☆......☆

اگلے دن وہ باغ میں گیا تو بچوں نے اسے ایک بار پھر گھیر لیا۔ تنگ آ کر اس نے کسی تنہا ویران گوشے میں اوجھل ہو جانے کی کوشش کی، خیال تھا جب وہ انہیں نہیں ملے گا تو وہ اپنے کھیل میں مگن ہو کر اس کا پیچھا چھوڑ دیں گے مگر وہ بچے بھی گویا بوتل کا جن تھے۔ دائیں بائیں آگے پیچھے سے چیختے ہوئے یوں نمودار ہوئے جیسے وہ ان کے ساتھ چھپن چھپائی کھیل رہا تھا۔ یعنی کہ حد ہے......

تپ کر، جھڑک کر، اور انہیں اچھا خاصا ڈانٹ کر وہ گھر چلا گیا۔ اگلے دو دن اس نے باغ کا رخ نہیں کیا۔ تیسرے دن پوری فوج اس کے دروازے پر تھی۔

''کاکا نے مچھلیاں پکڑی ہیں۔ چھوٹی چھوٹی سی ہیں۔ تم دیکھو گے؟''

اور کاکا کی تو شان ہی الگ تھی۔ اسٹیل کے ایک برتن کو فوراً ہی آگے کر دیا۔ اس نے سرسری سی نگاہ دوڑائی۔

''یہ ٹیڈ پول ہیں۔'' بمشکل ضبط کر کے کہا۔

''ہاں ہمیں پتا ہے۔ یہ مچھلیاں ہیں۔'' یہ جنت تھی۔

''یہ مچھلیاں نہیں ہیں۔'' اس نے تحمل سے کہا۔

''یہ بڑے ہو کر مینڈک بنیں گے۔''

''نہیں! یہ بڑے ہو کر بڑی مچھلی بنیں گے۔'' جنت ڈٹ گئی۔ اس نے ہار مان لی۔ ان کی مچھلیاں، ان کی مرضی...... بڑے ہو کر ڈاکٹر، انجینیر، مینڈک، زرافہ، ہاتھی، شارک کچھ بھی بنائیں۔ اس کی بلا سے......

''ٹیپو کو بلی کا بچہ ملا ہے، بلیک کلر کا ہے، اتنا کیوٹ ہے وہ، ٹیپو گھر سے لائے گا تو ہم سب اس کے ساتھ کھیلیں گے۔'' ایک اور اطلاع بہم پہنچائی گئی۔ اور بڑے ہی رازدرانہ انداز میں پہنچائی گئی۔ چونکہ جنت کی بلی سلیم کو دے دی گئی تھی سو وہ بہت محتاط ہو کر بات کر رہی تھی تا کہ اس کے نانا کو بالکل پتا نہ چلے

کر ایک اور بلی کا انتظام ہو چکا ہے۔

وہ بیزار سا انہیں خاموشی سے دیکھ رہا تھا۔

وسیع و عریض سبزہ زار پر اعظم شیرازی باہر بیٹھے تھے۔لان چیئر کا رخ اسی طرف تھا۔ بظاہر وہ کافی پیتے ہوئے آغا علی کی بات سن رہے تھے مگر وہ دیکھ اسے ہی رہے تھے۔

فارس کی ان پر نظر پڑی تو آنکھوں میں یکا یک سختی اتر آئی۔رخ بدل کر اپنے کمرے میں گیا۔ کوٹ اور اسنیکرز پہن کر باہر آیا تو ایک واویلا مچا ہوا تھا۔کاکا سے بھاگتے ہوئے برتن گر گیا تھا۔ان کی ''ٹیڈ پول'' جنہوں نے بڑے ہو کر ''مچھلیاں'' بننا تھا، وہ گھاس میں کہیں گم ہو گئے تھے۔اور وہ سب کے سب انہیں ڈھونڈ رہے تھے۔

''پانی کے بغیر تو وہ مر گئی ہوں گی۔'' یہ خیال جنت اور اس کی جینیکس فوج کو پورے دس منٹ کی تلاش بسیار کے بعد آیا تھا۔

''کوئی بات نہیں! میں ابا کے ساتھ دوبارہ جاؤں گا تو بہت ساری ڈھونڈ لاؤں گا۔'' کاکا نے تسلی دی۔

فارس انہیں ساتھ لیے باغ کی طرف چلا گیا۔بچے اس کے ساتھ بہت خوش تھے اور یہ خوشی دونوں فریقین کے لیے بس وقتی ہی تھی کہ جب ٹیپو اپنی بلی کے ساتھ باغ میں نمودار ہوا تو اسے تب سمجھ میں آیا کہ پوری فوج اسے لینے کیوں آئی تھی۔

''وہیں رکو......! میں کہہ رہا ہوں، وہیں رکو۔'' وہ قدرے فاصلے پر کھڑا ہاتھ کے اشارے سے کہہ رہا تھا اور جنت بلی اٹھائے اس کے پاس آ رہی تھی۔

''بہت پیاری ہے، بالکل بھی نہیں کاٹتی۔تم ہاتھ لگاؤ۔''

اس کا خیال تھا فارس کو بلیاں اچھی نہیں لگتی تھیں تب ہی نانا نے اس کی بلی کو در بدر کر دیا تھا مگر یہاں تو معاملہ ہی الٹ تھا۔اس کے نانا کے دوست کے چہرے پر ناپسندیدگی کم اور خوف زیادہ تھا۔

حالانکہ وہ تو امن کی علم بردار بن کر آئی تھی تاکہ فارس اور بلیوں کے درمیان کوئی مفاہمت کروا سکے مگر......
''ڈرو نہیں...... یہ بہت اچھی ہوتی ہیں، کچھ نہیں کہتیں......'' وہ پیار اور منت بھرے لہجے میں سمجھا رہی تھی۔ اور وہ ایک ہاتھ سے اسے دور رہنے کا اشارہ کرتا الٹے قدم پیچھے ہٹ رہا تھا۔
''جنت! وہیں رکو...... آگے مت آؤ...... میں کہہ رہا ہوں، آگے مت آؤ۔''
اور وہ سنی ان سنی کرتی آگے آ رہی تھی۔
''اتنی چھوٹی بلی سے بھی کوئی ڈرتا ہے؟'' خفگی بھرے پیار سے پوچھا۔
''میری طبیعت خراب ہو جائے گی۔ اسے پیچھے کرو۔'' اس نے جھڑکا۔
''نہیں، طبیعت خراب نہیں ہوتی۔ دیکھو، مجھے کچھ ہوا؟'' اس نے بلی کو سینے سے لگا کر بھینچا۔ ''یہ بالکل نہیں کاٹتی۔ بالکل تنگ نہیں کرتی۔ بہت پیار کرتی ہے۔''
''ہاں، یہ بالکل نہیں کاٹتی، بالکل تنگ نہیں کرتی، اور بہت پیاری، بہت اچھی ہے لیکن مجھ سے اسے دور رکھو۔'' آخری جملہ اس قدر غصے اور سختی سے اس نے کہا کہ وہ ڈر کر وہیں رک گئی۔ اگلے کئی لمحے لب بھینچ کر اسے دیکھتی رہی۔ پھر شدید غصے کے عالم میں ''کٹی'' کہہ کر اپنے سپاہیوں سمیت مڑ گئی۔
''کٹی......؟'' وہ اپنی جگہ ہکا بکا کھڑا تھا۔ بھلا ان کی دوستی کب ہوئی تھی؟ وہ بھنویں سکیڑے اس نمونی کو جاتا دیکھتا رہا۔ جو سر جھکائے بہت غصے سے اپنے گھر جا رہی تھی۔

☆......☆......☆

''آج جنت نہیں آئی۔'' کھانے کے لوازمات میز پر سجاتی مدحت نے پوچھا تو گلاس میں پانی انڈیلتے اس نے رک کر دیکھا۔ صبح والا واقعہ یاد آیا تو مسکراہٹ داہنے گال کی جانب اٹھ گئی۔
''وہ اب نہیں آئے گی۔ کٹی کر کے گئی ہے۔'' ساتھ ہی اس نے پورا قصہ سنایا تو مدحت ہنس دی۔
''بہت پیاری بچی ہے، اتنی پیاری باتیں کرتی ہے، حالانکہ شروع میں جب ڈاکٹر مصطفیٰ اسے

لائے تھے تو بہت ڈری سہمی سی رہتی تھی۔ بات تو دور کی بات ہے، کسی کے پاس آتی تک نہیں تھی۔"

پلاؤ کا چمچ منہ تک لے جاتے اس کے داہنے ہاتھ کی حرکت تھمی۔ سر اٹھا کر مدحت کو دیکھا۔

"کیوں......؟"

مدحت گلاس میں پانی انڈیل رہی تھی، چونک کر اسے دیکھنے لگی۔

"تمہیں ڈاکٹر مصطفیٰ نے کچھ نہیں بتایا؟"

"کیا نہیں بتایا؟" فارس نے چمچ رکھ دیا۔ اس سے پہلے کہ وہ کچھ بتاتی، دروازے پر دستک ہونے لگی۔

"آپ کو آغا علی بلا رہے ہیں۔" دروازہ پر ملازم لڑکا تھا۔

"تم کھانا کھاؤ، میں ابا کی بات سن کر آتی ہوں۔"

مگر وہ نہیں آئی تھی۔ غالباً اس کے ذمے کوئی کام لگا دیا گیا تھا۔ وہ کھانا کھانے کے بعد کچھ دیر تک لان میں ٹہلتا رہا پھر کچھ سوچ کر ڈاکٹر مصطفیٰ کے گھر چلا گیا۔

دروازہ سلیم نے کھولا تھا۔ اسے اندر داخل ہوتا دیکھ کر جنت وہیں سے چلائی۔

"بابا! فارس آیا ہے۔" وہ جو اس خیال میں تھا کہ محترمہ اپنی "کٹی" نبھائیں گی تو اس پر تپاک استقبال پر گڑبڑا کر رہ گیا۔ وہ ہاتھ سے پکڑ کر اسے اندر لائی۔ جھٹ سے اپنے کھلونے اور بھالو وغیرہ ہٹا کر صوفے پر اس کی جگہ بنائی۔ "یہاں بیٹھو۔"

میز پر ہمیشہ کی طرح اس نے پھولوں کی پنکھڑیاں الگ کر کے گول دائرہ بنا رکھا تھا۔

مسلی ہوئی پنکھڑیوں کے گرد پتوں کی لہر اور سلامت پھولوں کا گھیرا تھا۔

"کہاں گم ہو لڑکے......صبح سے نظر ہی نہیں آئے۔" ڈاکٹر مصطفیٰ نے پوچھا تو اس نے جنت کی پوری کارستانی انہیں سنا دی اور وہ کچھ شاک اور حیرت سے اپنی نواسی کو دیکھ کر رہ گئے۔ نواسی جو اپنا غصہ،

ناراضی بھلائے اپنی کوئی ڈرائنگ فارس کو دکھا رہی تھی، یکا یک خفا ہو گئی۔

"کٹی......"

یہ ایک دن میں دوسری بار دوستی ختم ہو رہی تھی۔ بھنویں سکیڑے وہ خفا خفا سی آتش دان کے قریب کونے میں جا بیٹھی۔ چہرے کا رخ دیوار کی طرف تھا تاکہ سلیم، صابرہ بوا، توتے، پرندے، چڑیوں اور چیونٹیوں کو بھی پتا چل جائے وہ کتنی ناراض ہے۔

"تمہیں نہیں لگتا، اب تمہیں میری نواسی کو منانا چاہیے؟" ڈاکٹر مصطفیٰ نے پوچھا۔

"نہیں! وہ ایسے ہی اچھی لگ رہی ہے۔" اس کی آنکھوں میں شرارت چمکی۔

ڈاکٹر مصطفیٰ نے گھور کر دیکھا۔

"آپ کی نواسی صبح میری جان لینے والی تھی۔ مت بھولیے......" اس نے کہا۔ نگاہیں مسلسل جنت پر تھیں۔ سلیم اس کے پاس جا بیٹھا تھا۔ اب منت سماجت کرتا، اسے کہانیوں کے بہلاوے دے رہا تھا۔

"اللہ کے لیے بیٹا! شہزادیوں کی کہانی مت سنانے بیٹھ جانا۔ ایسا نہ ہو، رات کو سونے سے پہلے دوبارہ ضد کرے کہ گدے کے نیچے ایک مٹر رکھا جائے تاکہ یہ کنفرم ہو سکے کہ وہ اصلی شہزادی ہے یا نہیں۔"

"یہ بھی ہو چکا ہے؟" فارس ہنسا۔

جنت کا چہرہ مزید دیوار کی طرف گھوم گیا۔ وہ پہلے فارس کو غصہ دکھا رہی تھی۔ اب اپنے نانا سے بھی ناراض ہو چکی تھی۔

"ہاں، یہ پچھلے ہفتے ہوا۔"

"تو پھر کیا پتا چلا؟"

"ہماری جنت اتنے سکون سے سوئی کہ بس......" جواب سلیم نے دیا۔ جنت کو غصہ آ گیا۔

"یہ اس لیے کہ سلیم نے سات گدے نہیں رکھے تھے۔" ناراضی کے باوجود گردن موڑ کر

وضاحت ضروری سمجھی۔ سارا قصور سلیم کا تھا۔ اگر وہ سات گدے رکھتا تو جنت کنفرم شہزادی ٹھہرتی۔

''تو میں کہاں سے لاتا سات گدے......؟'' سلیم نے احتجاج کیا۔ ''اور گدے چھوڑیں، ہمیں تو وہ مٹر بھی نہیں ملا، جو نیچے رکھا تھا۔''

''ہوسکتا ہے دانتوں کی پریاں مٹر کو دانت سمجھ کر لے گئی ہوں۔'' ڈاکٹر مصطفیٰ نے کہا۔ جنت چونکی پھر عادت سے مجبور سب بھول بھال کران کے پاس آئی۔

''ایسا بھی ہوتا ہے بابا؟'' وہ آنکھوں میں حیرت سموئے پوچھنے لگی۔

''ہاں! پریاں آتی ہیں! یاد ہے فارس...... جب تمھارا دانت ٹوٹا تھا اور ہم نے اسے تکیے کے نیچے رکھا تھا اور......''

''آپ مجھے کیوں بیچ میں لا رہے ہیں؟'' وہ بے ساختہ چڑ گیا۔

''اچھا......'' وہ ہنسے۔ ''یعنی ہم باقی سب کی باتیں کریں، تمھاری نہ کریں؟''

وہ چہرے کا رخ بدل گیا۔

''بابا! بتائیں نا...... پھر کیا ہوا تھا؟''

''پھر پری آئی تھی۔ فارس کا دانت لے گئی، پیسے رکھ کر چلی گئی۔ ہے نا فارس؟'' وہ فارس کے تاثرات سے محظوظ ہو رہے تھے۔ پلیٹ سے فرنچ فرائز کھاتے ہوئے وہ یوں ظاہر کر رہا تھا جیسے کچھ سن ہی نہیں رہا۔

جنت کی آنکھیں اشتیاق سے پھیلیں۔ لیکن اسے پھر افسوس بھی ہوا کہ جب اس کا پہلا دانت ٹوٹا تھا تو پتا نہیں کب کیسے اور کہاں گرا تھا کہ دوبارہ ملا ہی نہیں۔ ورنہ مونی نے تو کہا تھا تکیے کے نیچے رکھنا۔ پری آئے گی۔

رات کافی دیر تک محفل جمی رہی۔ باتیں ہوتی رہیں۔ وہ سونے کے لیے گیسٹ روم میں گیا تو

کچھ ہی دیر بعد جنت آ گئی۔ وہ بیڈ پر کوئی کتاب کھولے بیٹھا تھا۔ سر اٹھا کر اسے دیکھنے لگا۔

"بابا نے کہا ہے، تمہیں بلیاں بری نہیں لگتیں......اور......اور تمہیں ڈر بھی نہیں لگتا۔"

"ہاں......!" اس نے تائید میں سر ہلایا۔

"بابا کہتے ہیں اگر تم بلی کے ساتھ کھیلو گے تو تمھاری طبیعت بہت زیادہ خراب ہو جائے گی۔ بہت زیادہ......"

"وہ ٹھیک کہتے ہیں۔"

"تو تم اب کبھی بلی کے ساتھ مت کھیلنا۔ پیار بھی نہیں کرنا۔" اس نے تنبیہ کی۔ مسکراہٹ ضبط کر کے اس نے سر ہلایا۔ "ٹھیک ہے۔"

"ورنہ تم بیمار ہو جاؤ گے۔ پھر اسکول بھی نہیں جا سکو گے۔ پھر ٹیچر تمہیں ماریں گی۔" غالباً ڈاکٹر مصطفیٰ نے بہت تفصیل سے اسے سمجھایا تھا۔

"ہاں، میں جانتا ہوں۔"

"گڈ نائٹ......!" وہ سمجھا بجھا کر چلی گئی۔ وہ متبسم چہرے کے ساتھ اپنی جگہ بیٹھا رہ گیا۔

☆......☆......☆

رات کا جانے کون سا پہر تھا جب رونے کی آواز سن کر اس کی آنکھ کھل گئی تھی۔ آواز جنت کی تھی۔ وہ تیزی سے اٹھ کر باہر آیا تھا۔ سامنے ہی ڈاکٹر مصطفیٰ اسے بانہوں میں بھرے سیڑھیوں پر بیٹھے تھے۔

"وہ زور سے گرا......اوپر سے......اس کا سر پھٹا......اتنا خون بہہ رہا تھا بابا......" ہچکیوں کے بیچ......بمشکل لفظ ادا کرتی، شدت سے روتی جنت اس کے عین سامنے تھی۔ دم سادھے وہ اپنی جگہ کھڑا رہ گیا۔

"گڑیا! وہ صرف ایک حادثہ تھا۔ غلطی سے ہوا۔ اس میں آپ کا کوئی قصور نہیں۔" ڈاکٹر مصطفیٰ اس کی پشت سہلاتے ہوئے اسے سمجھا رہے تھے۔

''امی ماریں گی۔ بابا!'' خوف اور وحشت انگ انگ سے عیاں تھی۔ وہ باقاعدہ کپکپا رہی تھی۔

''بابا! حسنین مر گیا۔''

انہوں نے بھینچ کر اسے خود سے لگا لیا۔

''ششش...... کچھ نہیں ہوا۔ آپ نے کچھ نہیں کیا۔ یہ صرف خواب تھا بیٹا......''

بات کرتے کرتے ان کی نظر نیم تاریکی میں فارس پر پڑی۔

''نہیں بابا! امی آئی تھیں۔ امی مار رہی تھیں۔'' وہ بلک بلک کر روئے جا رہی تھی۔

''ہم صبح مونی کے گھر جائیں گے۔ نیلم سے ملنے...... پارک بھی جائیں گے۔ کھلونے بھی خریدیں گے۔ ابھی آپ سو جائیں۔'' اس کی پشت تھپتھپاتے وہ اسے بہلا رہے تھے۔ اور جانے کیا کچھ پڑھ پڑھ کر اس پر پھونک رہے تھے۔

شدت سے روتے، بولتے، سسکتے وہ یکا یک پرسکون ہونے لگی تھی۔

فارس دروازے میں ہی کھڑا انہیں خاموشی سے دیکھتا رہا۔

جب وہ پرسکون ہو کر سو چکی تو اسے کمرے میں سلا کر وہ نیچے آ گئے تھے۔ وہ راہداری میں کھڑا تھا۔

انہیں کچن میں جاتا دیکھ کر ان کے پیچھے چلا آیا۔

''سب خیریت ہے؟'' اس کی سمجھ میں نہیں آیا بات کیسے شروع کرے۔

''ہاں!'' پانی پینے کے بعد انہوں نے خالی گلاس میز پر رکھتے ہوئے گہرا سانس لیا۔

''جنت ٹھیک ہے؟'' اسے جانے کیوں فکر ہو رہی تھی۔

''ہاں، وہ ٹھیک ہے، بس نیند میں ڈر گئی تھی۔''

اگلے کئی لمحوں تک تیز ہواؤں کا شور ہی ان کے مابین خاموشی میں مخل ہوتا رہا۔ پھر انہوں نے مختصر لفظوں میں اسے سب بتا دیا۔ وہ جنت کو کب اور یہاں کیوں لائے تھے۔ وہ ان کے ساتھ کیوں رہ رہی تھی۔ وہ اتنا روکیوں رہی تھی۔

فارس انہیں سنتے ہوئے اپنی جگہ ساکت سا کھڑا تھا۔ جنت کو دیکھ کر بالکل نہیں لگتا تھا، وہ کتنے بڑے ٹراما سے گزری تھی۔ گو کہ وہ بتا رہے تھے کہ چائلڈ سائیکاٹرسٹ کے پاس اس کا چھ ماہ تک علاج چلتا رہا تھا اور اب وہ پہلے سے بہت بہتر تھی مگر پھر بھی وہ حیران ہوا تھا۔

''جو بھی ہوا، ناسمجھی میں ہوا۔ مگر میری بیٹی جنت کو قصوروار سمجھتی ہے۔ بہت نفرت کرتی ہے اس سے......'' وہ بول رہے تھے تو لہجے میں درد پنہاں تھا۔

''اگر میری اپنی اولاد ایسا نہ کر رہی ہوتی تو شاید...... میں کبھی مانتا ہی نہیں کہ مائیں بھی ایسا کر سکتی ہیں۔'' اپنی بات ختم کر کے وہ کرب سے مسکرائے اور اٹھ کھڑے ہوئے۔

''سو جاؤ...... کافی رات ہو چکی ہے۔'' اس کا کندھا تھپتھپا کر وہ چلے گئے مگر فارس وجدان کتنی ہی دیر تک اپنی جگہ کھڑا رہا تھا۔ اس کی آنکھوں میں جنت کا ہنستا مسکراتا چہرہ تھا اور کانوں میں سسکیوں کی آواز گونج رہی تھی۔

جن خوش قسمت ترین بچوں کے ساتھ وہ اپنے نصیب کا موازنہ کر کے خود کو بدقسمت ترین گردانتا رہا تھا، ان میں ایک ہنستا مسکراتا وجود تو بالکل اس کے جیسا تھا۔ ٹھکرایا ہوا...... نفرتوں سے گھرا...... نامکمل اور ادھورا سا...... مگر پھر بھی خوش، مطمئن اور بہت پر سکون......

☆......☆......☆

اگلے دن وہ پھر سے ہشاش بشاش چہرے کے ساتھ گھر کے مین گیٹ کے سامنے کھڑی تھی۔ اتنی خوش اور آنکھوں میں اتنا سارا انتظار سموئے......

جانے کیوں وہ نظریں چرا گیا۔ وہ بھاگ کر اس کے پاس آئی۔

بآوازِ بلند اتنا لمبا گڈ مارننگ کہہ کر بیگ کی اسٹریپس پر گرفت جمائے اس کے آگے آگے چلنے لگی۔ اور معمول کی طرح راستے میں کہیں سے مونی، کہیں سے کاکا، کہیں سے ٹیپو اور شاکا شامل ہوتے

رگئے۔ انہیں بڑی حیرت ہوئی کہ آج فارس نے انہیں سخت، تلخ کچھ کہا نہیں تھا اور نہ ہی اونچا بولنے سے منع کر رہا تھا، وہ شور کرنے پر انہیں ٹوک بھی نہیں رہا تھا۔

یہ ایک انہونی تھی، وہ اس انہونی پر بڑے خوش ہوئے مگر یہ خوشی انہیں زیادہ دیر تک راس نہ آئی۔ کھیلتے بھاگتے جنت اس قدر زور سے گری کہ کسی پتھر سے رگڑ کھا کر اپنا گھٹنا چھلوا بیٹھی۔ تکلیف کی شدت سے چیخ چیخ کر آسمان سر پر اٹھا لیا۔

''میں تو مر جاؤں گی۔'' وہ روتے ہوئے کہے جا رہی تھی۔

''اتنی سی چوٹ لگنے سے کوئی نہیں مرتا۔'' اس نے نرمی سے کہا۔

''میں تو...... میں تو مر جاتی ہوں۔''

فارس اپنی جگہ تھم گیا...... ٹھہر گیا...... ذرا سی نظریں اٹھا کر اس نے جنت کو دیکھا۔ اس کی سسکیاں ہچکیوں میں بدل چکی تھیں۔ آنسوؤں سے چہرہ تر اور لال ہو رہا تھا۔ درد صرف ایک گھٹنا چھلنے کا نہیں تھا۔ درد صرف کسی ایک زخم کا بھی نہیں تھا۔

اس نے جیب سے ٹشو نکال کر اس کے آنسو صاف کیے، بازو سے پکڑ کر اس کے کپڑے جھاڑے۔ پھر اس کی طرف پشت کیے پنجوں کے بل جھک گیا۔

''آؤ گھر چلیں۔'' گردن میں بازو حمائل کرتی وہ پشت پر سوار ہو گئی۔ کچھ دیر تک وہ اس کی سسکیاں سنتا رہا، پھر وہ چپ ہو گئی۔ موفی، کاکا، شاکا، ٹیپو بڑی ہی سوگواری کے عالم میں ان کے پیچھے آ رہے تھے۔

گھر پہنچ کر زخم صاف کر کے سنی پلاسٹ لگانے کے بعد وہ پھر سے...... اور ویسے ہی چہکتی پھر رہی تھی۔ جیسے اسے کبھی چوٹ آئی ہی نہیں تھی۔ اور وہ گم صم بیٹھا اسے دیکھتا رہ گیا تھا۔

☆......☆......☆

شیرازی مینشن کے سرسبز احاطے میں اس کے فٹ بال سے کھیلتی جنت کمال، اور اس کا بھرپور ساتھ دیتا وہ...... منظر مکمل تھا کہ وہ خوش تھا۔ وہ تصویر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اس کے البم میں سج گئی تھی۔ مسکراہٹ تو وہ ہوتی ہے جو آنکھوں میں جھلکتی ہے، جو زندگی سے بھرپور لگتی ہے تو فارس وجدان کی مسکراہٹ جمیلہ داؤد کے بعد جیسے اب زندہ ہوگئی تھی۔

وہ کم گو تھا مگر وہ جنت سے باتیں کرنے لگا تھا۔ اس کے لطیفوں پر ہنسنے لگا تھا۔ وہ اس کے کمرے میں بھاگ بھاگ کر چیزیں دیکھتی تھی تو وہ اسے روکتا نہیں تھا۔ قیمتی اشیا کو چھیڑنے کی کوشش کرتی تھی تو اسے ڈانٹتا نہیں تھا اور مدحت خوش گوار حیرت کے ساتھ اس کا بدلاؤ دیکھتی رہتی۔ کبھی مسکرا دیتی، کبھی فارس کے تاثرات سے محظوظ ہونے لگتی۔

جنت ایک تنگ کوٹھری میں ٹھنڈی ہوا کے جھونکے جیسی تھی۔ اس کی موجودگی میں شیرازی مینشن کے اس الگ تھلک حصے میں جیسے زندگی کی لہر دوڑ جاتی۔

وہ جب بھی ملنے آتی، اپنا بیگ نت نئی چیزوں سے لازمی بھر کر لاتی تھی۔ ایک ایک چیز نکال کر فارس کو دکھاتی جاتی۔ یہ بالوں پر ایسے لگائے جاتے ہیں اور انہیں ایسے باندھا جاتا ہے۔ اور ایسے لپیٹا جاتا ہے۔ اس کے پاس تو کھلونا میک اپ کٹس بھی تھیں۔ فارس کو ان چیزوں میں کوئی دلچسپی نہیں تھی مگر جنرل نالج سمجھ کر وہ بے دلی سے ہوں ہاں میں سر ہلاتا سنتا جاتا۔

ایک بار وہ اپنی کسی نیلو آپا سے نیل پالش لے کر آئی اور فارس سے اپنے دونوں ہاتھوں اور پیر کے ناخنوں پر لگوالی۔ بعد میں ڈاکٹر مصطفیٰ سے بھی سر جھکا کر ڈانٹ سن لی۔

پھر اگلے دن وہ نیل پالش اس کے پاس امانتاً رکھوا کر گئی کہ جب کبھی لگوانی ہوگی تو وہ اس کے پاس آ کر لگوا جائے گی اور مدحت کتنی دیر تک ہنستی رہی تھی۔

"رنگ اچھا ہے۔ سوچ رہی ہوں میں بھی تم سے لگوالوں۔" آنکھوں میں شرارت سمو کر اس نے کہا۔

''آپ مجھے ڈسٹرب کر رہی ہیں!'' فارس نے کتاب آگے کر کے اپنا چہرہ مکمل چھپالیا۔

وہ زیرِ لب مسکراتے ہوئے الماری میں اس کے استری شدہ کپڑے رکھتی رہی۔

ملاقات کی مدت ایک ماہ پچیس دن تھی اور شاید یہ اس کی زندگی کی سب سے خوب صورت ترین مدت تھی۔ یہ اس کا خیال تھا کہ اس کی زندگی میں کچھ شرارت بھرے رنگ، اور مسکراہٹ بھری خوشیاں جنت کی وجہ سے آئی تھیں۔ یہ اس کی اور اس کے دوستوں کی صحبت کا اثر تھا کہ اب اسے ان کی باتیں، شرارتیں، لطیفے اور کہانیاں سمجھ میں آنے لگی تھیں۔ کسی مزاحیہ بات پر اب اسے ہنسی آجاتی تھی۔

کسی انوکھے قصے کو وہ انجوائے کر لیا کرتا تھا۔ اب جب وہ چاند پر کسی چرخا کاتتی بڑھیا کا ذکر کرتے تھے تو وہ فوراً مان لیتا تھا۔ کاکا کی ٹیڈ پول مچھلیاں ہیں۔ ٹیپو کا گھوڑا جب بڑا ہوگا تو اس کے پر نکلیں گے۔ پھولوں پر پریاں منڈلاتی ہیں۔ درختوں کی جڑوں میں ان کے چھوٹے چھوٹے گھر ہیں اور نہر میں جل پریاں رہتی ہیں۔

وہ بہت سی پریشانیوں اور الجھنوں کے ساتھ شیرازی مینشن آیا تھا مگر اب اسے اپنی محرومیوں کو سوچنے کی فرصت نہیں ملتی تھی۔ ان بچوں کی سنگت میں وہ جیسے سب کچھ بھول بھال جاتا تھا۔

شاید ''خوشی'' ایسی ہی ہوتی ہے جو سابقہ ہر غم، ہر اذیت بھلا دیتی ہے۔ جو آنے والے ہر دن سے متعلق خوش گمانی میں مبتلا کر دیتی ہے۔

یہ احساس خوب صورت تھا۔ وہ اس احساس کے ساتھ جینے لگا تھا۔

☆......☆......☆

چھٹیاں ختم ہونے میں دو دن باقی تھے۔ وہ اپنی پیکنگ کر رہا تھا جب جنت مونی کے ساتھ ملنے چلی آئی تھی۔ کچھ دیر تک باہر کھیلتے رہنے کے بعد مونی چلی گئی تو جنت اس کے پاس آگئی۔

''تم اتوار کو چلے جاؤ گے؟''

''ہاں......!''

''کہاں جاؤ گے؟''

''اپنے ہاسٹل......''

کچھ دیر تک وہ تصور ہی تصور میں ہاسٹل کے معنی ڈھونڈتی رہی پھر بولی۔''پھر تم دوبارہ کب آؤ گے؟''

اپنی کتابیں بیگ میں رکھتے وہ لمحے بھر کے لیے رکا، پھر اس نے مڑ کر جنت کو دیکھا۔

شیرازی مینشن، اعظم شیرازی......سرونٹ کوارٹرز میں اس کا کمرہ......ادھورا نام لیے کسی ملازم کے یتیم بیٹے کی پہچان......

یہ تمام اندھیرے ایک طرف......اور جنت کا منتظر روشن چہرہ دوسری طرف......

''گرمیوں کی چھٹیوں میں آؤں گا۔''

اس نے کہا، اور بہت دل سے کہا۔ فیصلہ کر کے، ارادہ باندھ کر کہا۔

''وعدہ......؟'' جنت کی تسلی نہیں ہوئی۔

''وعدہ!''

''پکا والا وعدہ......؟'' آنکھوں سے تائید چاہتی وہ اسے کوئی جیتی جاگتی گڑیا لگی۔

''ہاں پکا والا وعدہ......'' وہ ہنسا......وہ کھل اٹھی۔ اس کے چہرے پر ایک ساتھ کئی رنگ اور کئی خواب سج گئے۔

''پھر ہم پارک جائیں گے۔ اور پہاڑیوں پر بھی چڑھیں گے اور وہاں دور تک جائیں گے۔'' اس نے فضا میں ہی ہاتھ بلند کر کے کسی تصوراتی سرزمین کی طرف اشارہ کر دیا۔''اور بہت سارا گھومیں پھریں گے۔ مونی، کاکا، میں اور ٹیپو......اور تم......اور اور سلیم......''سلیم کا ذکر کرتے ہوئے کوئی بات یاد آئی تو چہرے کے تاثرات بدل گئے۔

''ہم سلیم کو نہیں لے کر جائیں گے۔ وہ بابا سے میری شکایتیں لگاتا ہے۔''
''ٹھیک ہے۔'' اس نے ہامی بھر لی۔ وہ خوش ہوئی۔
کسی خیال کے تحت وہ رائٹنگ ٹیبل کی درازیں کھینچ کر کچھ ڈھونڈنے لگا۔ مطلوبہ چیز نہ ملنے پر اس نے وارڈروب کا رخ کیا۔ اب وہ نچلے خانے میں کچھ دیکھ رہا تھا۔ جنت پنجوں کے بل اس کے برابر بیٹھ گئی۔ جیسے وہ کچھ ڈھونڈ رہا ہے تو وہ بھی دیکھے وہ کیا ڈھونڈ رہا ہے۔
اندر لکڑی کا بڑا باکس رکھا تھا جسے پورا نکال کر اس نے فرش پر رکھ دیا اور وہ چیزیں الگ کرنے لگا جو وہ اسے تحفتاً دے سکتا تھا، حالانکہ اسے اپنے کھلونے اور بچپن کی اشیا بہت عزیز تھیں۔
کہانیوں کی کتابیں، ڈھیر سارے رنگ اور مارکرز، چند گاڑیاں بھی تھیں جو چھوٹے سائز کی تھیں۔ اور ایک خوب صورت سا خرگوش بھی تھا۔ لکڑی کا باکس...... سیاہ رنگ کا...... جس پر حرف الف کی کیلی گرافی کی گئی تھی۔ سلائڈ کر کے کھلتا تھا۔ اندر تین ڈائریز پیک شدہ حالت میں جوں کی توں رکھی تھیں۔ اس نے یہ ڈائریز پچھلے سال کافی مہنگی قیمت پر خریدی تھیں مگر باوجود کوشش کے بھی وہ ان پر کچھ لکھ نہ سکا تھا۔
اس نے وہ باکس جنت کو دے دیا۔ بھلے سے وہ ان صفحوں کو پھاڑ کر ضائع کرے یا سبق لکھ کر مسخ کرے یا ڈرائنگ بناتی رہے اسے پروا نہیں تھی۔ بس وہ چاہتا تھا اس کی چیزوں کو استعمال کرے کہ اس کے پاس تو ہر تحفہ اور ہر چیز جوں کی توں پڑی رہتی تھی۔
جنت اتنی ساری چیزیں دیکھ کر بے پناہ خوش ہوئی۔
''تم بہت اچھے ہو...... بابا سے بھی اچھے......'' اسے جب اپنی شدید خوشی کا اظہار کرنا ہوتا تو وہ اسے نانا سے اوپر کا درجہ دے دیتی تھی۔
وہ اسے تحائف کے ساتھ گھر چھوڑ کر آیا تو کتنی دیر تک اس کا دل بوجھل رہا۔ بورڈنگ اسکول میں ایڈمیشن کے بعد ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ وہ واپس نہیں جانا چاہتا تھا۔ اس نے خود کو ہاسٹل تک محدود کر کے شیرازی مینشن میں کبھی نہ آنے کا فیصلہ تین سال پہلے کیا تھا مگر اب وہ آنا چاہتا تھا۔ بار بار آنا چاہتا تھا۔

خواہش دل کی تھی..... لبوں پر نہیں لائی جاسکتی تھی۔ نہ یہ گھر اس کا تھا، نہ لوگ اس کے اپنے تھے۔ نہ اس کے احساسات کی قدر تھی، نہ خواہشات کی کوئی منزلت تھی۔ وہ اپنی من مانی نہیں کرسکتا تھا۔ اپنے راستے خود سے نہیں چن سکتا تھا۔ اپنی منزل خود سے متعین نہیں کرسکتا تھا۔

رات کروٹیں بدلتے گزر گئی۔ دن کے اجالے میں بھی اس پر اداسی چھائی رہی۔ مکمل تیاری کے ساتھ جب وہ کمرے سے باہر نکلا تو اس نے سیاہ رنگ کی دو گاڑیوں کو بیرونی دروازے کے سامنے کھڑے دیکھا۔ آغا علی جس گاڑی میں اس کا سامان رکھ رہا تھا، وہ گاڑی شیرازی خاندان کے مکینوں کے زیر استعمال رہتی تھی۔ اس کی رفتار خود بخود مدھم ہوگئی۔ گاڑی کے قریب پہنچنے تک اس کے تاثرات مکمل بدل چکے تھے۔ وہ سپاٹ چہرے کے ساتھ اب دوسری گاڑی کو دیکھ رہا تھا۔

شیشے سیاہ تھے مگر وہ جانتا تھا گاڑی کی عقبی نشست پر کوئی موجود تھا۔ سیکورٹی سخت تھی۔ اندازہ لگایا جاسکتا تھا کہ کوئی اہم شخصیت ہی تھی۔

ہارون شیرازی..... اعظم شیرازی..... یا پھر.....

"بیٹھو....." آغا علی نے عقبی نشست کا دروازہ اس کے لیے کھولا تو وہ بیگ داہنے کندھے سے لٹکائے اپنی جگہ کھڑا رہا۔

"آپ کی جیپ کہاں ہے؟"

"خراب ہے..... مکینک کو ٹھیک کرنے کے لیے دی ہے۔ کچھ دن لگ جائیں گے۔"

فارس اپنی جگہ سے ایک انچ نہیں ہلا۔ نگاہیں آغا علی کے چہرے پر جمی رہیں۔ برابر والی سیاہ گاڑی کے شیشوں سے کسی نے اس کی طرف ایک بے زاری نظر ڈالی۔ پھر ہیڈ فونز گردن پر ٹھہرا کر، نوٹ پیڈ پر کچھ لکھتے ہوئے، اس نے کین سے گھونٹ بھرا۔

"ملازموں کے بچے ان گاڑیوں میں سفر کرسکتے ہیں؟" اور گاڑی سے باہر، عین سامنے فارس وجدان آغا علی سے پوچھ رہا تھا۔

''جی صاحب نے اجازت دی ہے۔''

اور''صاحب'' نے جانے کیسے اجازت دے دی تھی۔اس نے مزید کوئی سوال نہ کیا۔

وہ گاڑی میں سوار ہوا تو آغا علی نے مسکرا کر دروازہ بند کر دیا۔ڈرائیونگ سیٹ پر بلیک ٹو پیس سوٹ میں ملبوس ایک شخص بیٹھا تھا۔پسنجر سیٹ بھی اس کے جیسے ایک کیم شیم گارڈ نے سنبھال رکھی تھی۔ بیک ویو مرر سے ایک نظر اسے دیکھتے گاڑی اسٹارٹ کردی گئی۔

بیرونی احاطے سے نکل کر گاڑی مرکزی شاہراہ کی طرف بڑھی تو اس نے بلندی سے دور تک پھیلے سبزے کو دیکھا۔ڈاکٹر مصطفیٰ کا مکان اسے واضح نظر آرہا تھا۔

اسے جنت کا خیال آیا تو وہ سوچ کر مسکرایا۔اور قسمت اسے دیکھ کر مسکرائی۔

☆......☆......☆

راحت جبیں کا بہت خوبصورت نیا ناول

زندگی ہم تجھے گزاریں گے

ہر ماہ با قاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

نداحسنین کا بہت خوبصورت نیا ناول

قربت ہجر میں محبت

ہر ماہ با قاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

راستے جدا ہوئے، منزل اندھیر ہوگئی۔ کچھ خواب آنکھوں میں ٹھہر گئے۔ اور کچھ منتشر ہو کر بکھر گئے۔

امید قائم تھی۔ انتظار دائم رہا تھا مگر گرمیوں کی وہ چھٹیاں کبھی نہیں آئی تھیں۔

فارس وجدان نے جو وعدہ جنت کمال سے کیا تھا، وہ کبھی پورا نہیں ہو سکا تھا۔

اور وہ تمام کی تمام یادیں، لمحے اور اشیا اس کے سامنے بکھری پڑی تھیں۔ منتشر، ٹوٹے بکھرے خوابوں کی طرح...... کسی بھولی بسری یاد کی طرح مبہم...... دھند میں ملفوف...... اور زخموں سے چور ہو کر......

تلوار ویسی ہی مضبوط تھی، ہلکا سا رنگ اڑ چکا تھا۔ ووڈن باکس پرانا لگ رہا تھا۔ حرف الیف کی کیلی گرافی کے گرد چسپاں اسٹیکرز محض اس نشانی کے طور پر رہ گئے تھے کہ انہیں اتارنے کی ناکام کوشش کی گئی تھی۔

ڈاکٹر مصطفیٰ اور ان کی نواسی کی یادگار تصویریں ووڈن فلور پر یہاں وہاں بکھری تھیں۔ وہ ہر تصویر میں ان کے کندھے سے اور کہیں سینے سے لگی کھڑی تھی اور ہر تصویر میں اس کی جان دار مسکراہٹ شہد رنگ آنکھوں سے جھلکتی نظر آ رہی تھی۔

اس نے تین ڈائریز دی تھیں اور ان میں صرف ایک ہی اس کے قدموں میں پڑی تھی۔

اس نے ہمت کر کے کپکپاتے ہاتھوں سے ڈائری اٹھالی۔

وہ سات سالہ جنت کی ڈرائنگز دیکھنے کی توقع کر رہا تھا مگر ڈائری کے صفحے گزرے وقت کی ان حکایتوں اور محسوسات سے پر تھے جنہیں بیان کرنے کا جنت کو کبھی موقع نہیں ملا تھا۔ وہ غم جو اسے لہولہان کرتے تھے، وہ محرومیاں جو اسے فنا کرتی تھیں، وہ تنہائی جو اس کا مقدر ہوگئی تھی، اور وہ خوف جو اس کے حواسوں پر سوار رہنے لگا تھا۔ اذیت بھرے لمحے، باتیں اور احساسات اس نے حرف بہ حرف درج کر رکھے تھے۔

وہ خود کو ادھورا، ناقص اور نامکمل سمجھتی تھی۔ سارے اعتراض، شکوے اس نے صفحوں پر دھر دیے تھے۔ ہر درد کو امر کر دیا تھا۔ ہر دکھ کو سجا دیا تھا۔

کہیں غم رف لکھائی سے جھلکتا تھا۔اور کہیں موت کی خواہش کرتی کسی عبارت سے لڑھکتا تھا۔
شوہر کے گھر زندگی ''جہنم'' تھی اور ماں کا رویہ کسی ذہنی اذیت سے کم نہیں تھا۔ایسے میں اس نے ہر جگہ نانا کو یاد رکھا تھا۔وہ ہوتے تو اس کی زندگی ایسی نہ ہوتی۔وہ دعا کرتے تو یقیناً محرومیاں ٹل جاتیں۔محبتیں رہ جاتیں۔حالات ایسے نہ ہوتے......سزائیں اتنی نہ ہوتیں......نہ کردار پر بات آتی،نہ قتل کا الزام لگتا۔نہ اللہ کے ارادوں پر کوئی سوال اٹھاتا......نہ کوئی تکبر کی ولدل میں اترتے ہوئے خود کو خدا کرتا۔
ہاں وہ ایسے ہی تھے۔ ہر ضرب کے آگے ڈھال بن جاتے تھے۔کھری کھری سنا کر لا جواب کر دیتے تھے۔نانا یقیناً اسے بچا لیتے۔کسی وادی میں چھپا لیتے۔انہوں نے پہلے بھی یہی کیا تھا۔وہ اب بھی یہی کرتے۔
مگر وہ نہیں تھے،ان کے جیسی نہ کسی کی چاہت تھی،ان کے جیسا نہ کسی کا رویہ تھا۔
رشتوں کے معاملے میں وہ خود کو ''بدقسمت'' اور محبت کے معاملے میں خود کو ''بدنصیب'' سمجھتی تھی۔وہ حرف بہ حرف اسے پڑھتا جا رہا تھا اور وہ خود کو لکھ لکھ کر مٹاتی جا رہی تھی۔
ڈائری کا سفر ڈاکٹر مصطفیٰ کی وفات سے شروع ہو کر برہان سے طلاق پر ختم ہو گیا تھا۔آگے کے تمام صفحے بہت صاف اور خالی تھے۔ایسے جیسے زندگی بس تھی ہی برہان تک......برہان سے طلاق اور ماں کی وفات تک......اس کے بعد آگے کچھ نہ تھا۔اس نے بے دھیانی میں کئی صفحے پلٹ ڈالے تھے مگر کہیں بھی اس کا ذکر نہ تھا،نہ نفرتوں کی نشاندھی تھی،نہ اذیتوں کا حوالہ تھا۔ایسے جیسے اس کی زندگی میں فارس وجدان نہیں آیا تھا۔اس کی دوسری شادی نہیں ہوئی تھی۔اسے دوسرا گھر نہیں ملا تھا۔
سطریں خالی تھیں۔خالی ہی رہی تھیں مگر گزشتہ پانچ ماہ فارس وجدان کی آنکھوں میں سما گئے تھے۔وقت رک گیا تھا۔منظر بدلتے جا رہے تھے۔
''جو کچھ سن چکا ہوں،وہ سب ممی کو بتاؤں گا تو وہ کیا سوچیں گی؟ایک ایسی لڑکی کو بہو بنا بیٹھی ہیں

جو infertile ہے۔ جس نے اپنی سوتن کے بچے کی جان لینے کی کوشش کی ہے۔ جس کے خاندان کے لوگ اسے اچھوت کی طرح ٹریٹ کرتے ہیں اور جو اپنی ماں کی موت کا سبب بنی ہے۔''

اپنی ذات کے قلعے میں محصور وہ اپنے آپ میں فنا ہونے لگا۔

''تمہاری ایک مشکل آسان کر دیتا ہوں جس دن میں تمہیں اس گھر سے باہر کا راستہ دکھاؤں گا اس دن تمہارے بینک اکاؤنٹ میں اتنی رقم ہوگی کہ تم اگلے دس پندرہ سالوں تک گھر میں بیٹھ کر بھی اڑاؤ گی تو ختم نہیں ہوگی، سو یہ سوچنا چھوڑ دو کہ طلاق کے بعد تمہارا کیا بنے گا۔ دولت ملے گی تو تم بھول جاؤ گی برہان کون تھا...... فارس کون ہے۔''

کسی قدر کوشش سے وہ اٹھ کھڑا ہوا۔

''سیلف ریسپکٹ کیا اپنے ایکس ہزبینڈ کے گھر بیچ کھائی ہے تم نے؟''

بمشکل قدم اٹھاتے ہوئے وہ سیڑھیاں اتر کر نیچے آ گیا تھا۔

''ویسے تمہاری یہ ادائیں تمہارے پہلے شوہر کے کام نہیں آئیں؟ میرا مطلب ہے، تم اس کے ساتھ پانچ سال رہی ہو۔ پانچ سال کا عرصہ کوئی مذاق نہیں ہے...... اس کے باوجود تمہیں طلاق ہوئی۔''

سینے پر کوئی ثقیل شے آن پڑی تھی۔ تنفس بھاری ہونے لگا تھا۔ دستک دے کر اس نے مسز شیرازی کے بیڈ روم کا دروازہ کھول دیا۔

وہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے بالکل خاموش بیٹھی تھیں۔ آہٹ پر سر اٹھائے اس کی طرف متوجہ ہوئیں۔ زرکار روشنی میں انہوں نے اس کا حلیہ، اس کی آنکھیں، اس کے تاثرات دیکھے اور پریشان ہو گئیں۔

وہ آہستگی سے قدم اٹھاتا ان کے پاس آ کر بیٹھ گیا تھا۔ اس کی آنکھیں بے تحاشا سرخ ہو رہی تھیں۔ چہرہ کرب کی عکاسی کر رہا تھا۔

''میں نے یہ شادی آپ کے لیے کی تھی، میں اسے نبھانا نہیں چاہتا تھا۔''

مسز شیرازی دکھ اور صدمے سے اسے دیکھ کر رہ گئیں۔

''میں نے اس سے بہت بار کہا، یہ کانٹریکٹ میرج ہے، میں اسے ختم کر دوں گا۔'' اس کا چہرہ آنسوؤں سے مکمل تر ہو چکا تھا۔ ''میں نے کہا جب تک می ہیں، تب تک تم یہاں ہو۔''

مسز شیرازی کی آنکھوں میں کرب اترا۔ آنکھیں دھندلا گئیں۔

''میں نے اسے خوف دکھایا۔ میں نے اسے گردن سے پکڑا تھا می! میں نے اسے بہت نفرت دکھائی ہے۔ بہت زیادہ نفرت دکھائی ہے۔'' اس کی آواز کانپ رہی تھی۔ چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔ ''وہ ساری رات فرش پر بیٹھ کر روتی رہی۔ میں آواز سنتا رہا مگر میں نہیں گیا۔ حالانکہ جب وہ چھوٹی تھی اور روتی تھی تو میں فوراً جاتا تھا۔''

وہ ان کے غصے اور ناراضی کی پروا کیے بغیر رندھی ہوئی آواز میں سب کہتا جا رہا تھا۔

''وہ سدرہ کی شادی پر نہیں جانا چاہتی تھی۔ میں اسے زبردستی لے کر گیا تھا۔ وہ میرے ساتھ واپس آنا چاہتی تھی، میں اسے ان ہی لوگوں میں چھوڑ کر آ گیا تھا۔ اس نے مجھے فون کیا، میں نے موبائل آف کر دیا۔ اس نے ریکارڈنگ بھیجی، میں نے سنے بغیر نمبر بلاک کر دیا۔ یہ میری نفرت تھی می! اور آپ مجھ سے پوچھ رہی تھیں۔ اس نے میرا انتظار کیوں نہیں کیا؟ وہ میرا انتظار کیسے کرتی؟ وہ گھر چھوڑنے سے پہلے، میرے لیے کیسے رکتی؟ میں تو کبھی نہیں رکا اس کے لیے..... میں نے تو کبھی انتظار نہیں کیا۔''

مسز شیرازی اسے اذیت اور بے بسی سے دیکھ کر رہ گئیں۔ وہ یوں ٹوٹا ہوا تھا جیسے کبھی جڑ نہیں سکے گا۔ یوں بکھرا ہوا تھا جیسے کبھی سمٹ نہیں سکے گا۔

''لیکن آپ..... میرا یقین کریں۔'' اس نے مسز شیرازی کے ہاتھ تھام لیے۔

''میں کوشش کر رہا تھا..... مجھے خود نہیں پتا..... لیکن میں بدل رہا تھا می! میں..... میں اسے اپنا رہا تھا۔''

وہ ایک دم سے وہی سات سالہ فارس ہو گیا تھا جو اپنی کہتا جاتا تھا، اور روتا جاتا تھا۔ ایک ایک کر

کے سارے شکوے وہ ان کی ہتھیلیوں پر دھر دیتا تھا، سارے غم سنا دیتا تھا، ساری محرومیاں دکھا دیتا تھا۔ وہ اسے بانہوں میں بھرتی تھیں تو وہ پرسکون ہو جاتا تھا، مگر آج ان کے سینے سے لگ کر بھی وہ بے سکون ہو رہا تھا۔

''میں اس کے ساتھ نہیں رہنا چاہتا تھا۔ میں دوبارہ محبت نہیں کرنا چاہتا تھا...... لیکن میرا دل...... ممی! میرا دل......''

وہ اپنی تمام تر ہمت اور چٹان حوصلے کے ساتھ ریزہ ریزہ ہو گیا۔ اسے بانہوں میں سمیٹتے سمیٹتے وہ خود بھی آبدیدہ ہو گئیں۔

☆......☆......☆

اس کے آس پاس اب صرف اندھیرے تھے اور ماضی تھا۔ جنت تھی اور اس کا رویہ تھا۔ اس کی امید تھی، اس کا یقین تھا۔ کتنے مان سے وہ اس کا ہر کام کرتی تھی۔ کتنی امید سے وہ اس کے آگے پیچھے پھرتی تھی۔ اور کتنے صبر سے وہ اس کی ہر کڑوی کسیلی بات سہہ جاتی تھی۔ اسے یقین تھا، وہ بدل جائے گا۔ اسے یقین تھا، وہ اس کا پتھر دل موم کر لے گی اور جب یقین اثر کرنے لگا تھا تو وہ گھر چھوڑ کر چلی گئی تھی۔

اس نے طلاق اور کانٹریکٹ میرج کا ذکر ختم کر دیا مگر اس کے ذہن سے نہ نکال سکا۔ اپنے فیصلے بدلنے لگا، مگر اپنے ارادوں سے آگاہی نہ دے سکا۔ اس کی ہر عنایت سزا اور ہر مہربانی انتقام ہو گئی اور وہ چاہ کر بھی اس کی غلط فہمی دور نہ کر سکا۔

معاملات دل کے تھے اور دل تک رہ گئے تھے۔ لفظی اظہار تو کہیں بھی نہ تھا، نہ اعمال سے امید ظاہر ہوئی تھی۔ وہ جو خود اپنے احساسات سے بے خبر رہا تھا، اسے خبر کیسے دیتا؟ وہ جو خود مایوسی کی دلدل میں دھنسا ہوا تھا، اسے امید کیسے دلاتا؟

وہ ایک ''انعام'' تھی۔ بے شمار خسارے اور نقصانات کے بعد اس کے حصے میں آئی تھی۔ وہ اس کا

نصیب تھی۔اس کا رزق......اس کی راحت......اس کا سکون...... جسے وہ اپنے ہاتھوں سے گنوا بیٹھا تھا۔
خود احتسابی کی دو دھاری تلوار پر قدم دھرتے ہوئے وہ واپس پلٹ رہا تھا......مگر پیچھے ایک نہ ختم ہونے والی خلش اور کسک کے سوا کچھ بھی باقی نہیں رہا تھا۔

کبھی تمنا کے راستوں پر
نکل پڑو تو خیال رکھنا
ہوائیں، بادل، فضائیں، موسم، خیال
چہرے بدل بدل کر تمہیں ملیں گے
تو لمحہ لمحہ بدلتے رنگوں کے
شوخ دھوکے میں آ نہ جانا
کبھی جو چاروں طرف تمہارے
کرن کرن اپنا خواب سا بدن نکھارے
زمیں پہ اترے
تو دھندلکوں میں سما نہ جانا
کبھی جو آنکھوں میں چاند ہنس ہنس کے
چاندنی کا خمار بھر دے
تو اپنی آنکھیں کہیں خلا میں گنوا نہ آنا
کہ یہ نہ ہو پھر جو خواب ٹوٹے
دھنک دھنک کا سراب ٹوٹے
کہ جسم و جاں پر عذاب ٹوٹے

اور تم بمشکل لرزتے ہاتھوں سے
کرچی کرچی بدن سنبھالے
کہیں بلندی پہ چڑھ کے
رستی ہوئی نگاہوں سے
واپسی کے نشان ڈھونڈو
اجڑ گیا جو جہان ڈھونڈو
کبھی تمنا کے راستوں پر
نکل پڑو تو خیال رکھنا
کہیں سے خالی پلٹ کے آنا
بہت کٹھن ہے
بہت کٹھن ہے
بہت کٹھن ہے

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

قسط نمبر 7

اس نے دھیرے سے آنکھیں کھول دی تھیں۔ منظر دھندلا سا تھا۔ ہاتھ اٹھا کر اس نے پیشانی کو چھوا، پھر آنکھوں کو مسلا۔

https://novelskidunya.com/

چند لمحوں کے بعد ہسپتال کا کمرہ مدھم نیلگوں روشنی میں نمایاں ہوا۔ قطرہ قطرہ رگوں میں سرایت کرتی ڈرپ، کئی خاموشیاں اور سناٹے لیے بند کھڑکیوں سے جھانکتی اداس شام......

پلکیں جھپکا کر اس نے گہرا سانس لیا۔ اس کا حلق خشک ہو رہا تھا۔ آنکھوں میں جلن تھی۔ سر بھاری تھا۔ سامنے ہی کرسی پر صابرہ بوا تسبیح ہاتھوں میں لیے بیٹھی تھیں۔ اسے ہوش میں آتا دیکھ کر تیزی سے اٹھ کر اس کے پاس آگئیں۔ کسی قدر کوشش سے وہ اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔

انہوں نے بے ساختہ اس کا ہاتھ تھاما، پیشانی چومی۔ اسے بھینچ کر خود سے لگایا۔ وہ خالی الذہنی کی کیفیت میں ان کے سینے سے لگی سوچے جا رہی تھی تو بس یہی کہ وہ یہاں کیوں کر اور کیسے موجود تھی؟

دھند مٹ رہی تھی۔ اندھیرے چھٹ رہے تھے۔ منظر واضح ہو رہا تھا۔

دماغ کی تاریک سرنگوں میں ایک روشنی سی پھیلی۔ مین روڈ پر دوڑتی گاڑیوں کا شور اس کے حواسوں پر چھانے لگا۔ موسلا دھار بارش کے تصور سے وجود ایک بار پھر لرزیدہ ہوا۔

اس نے اسٹور پر کسی لڑکے سے موبائل لے کر سلیم کو فون کیا تھا۔ وہ اسلام آباد میں پوسٹڈ تھا۔ اس کی پکار پر بھاگا چلا آیا تھا۔ وہ پورا دن اس کے گھر اس کی بیوی کے پاس رہی تھی۔ طبیعت پہلے سے خراب تھی اور کچھ بارش کا بھی اثر تھا کہ اسے بخار نے آلیا تھا۔ مگر وہ ان کے بے حد اصرار پر بھی نہ ہاسپٹل

جانے کو تیار ہوئی تھی، اور نہ ہی کچھ کھانے کو رضا مند تھی۔ صورتِ حال کے پیشِ نظر سلیم نے صابرہ بوا سے فون پر رابطہ کر کے ان کی ٹکٹ شام تک کروادی تھی۔

اسے بس کا وہ مشکل ترین سفر یاد آیا۔ تاریکیوں میں گھرا وہ شاق دن یاد آیا۔

انگاروں پر لوٹتا وجود، جلتی ہوئی ویران آنکھیں۔ کپکپاتی انگلیاں۔ روتا تڑپتا دل۔ انگ انگ میں اترتا اضطراب......

صابرہ بوا کے گھر پہنچنے تک، ان کے سامنے آنے تک، اور پھر کسی بے جان وجود کی طرح ان کی بانہوں میں سمانے تک اسے سب یاد تھا۔

اس کے بعد جب سر چکرایا تھا اور اندھیرے چھائے تو چیخ و پکار سنتے اسے گمان ہوا تو بس اس امر کا کہ اب وہ مرنے والی ہے۔ مگر وہ مری نہیں تھی۔ اس کی سانسیں ہنوز چل رہی تھیں۔ دل ہنوز دھڑک رہا تھا۔ کیفیت یوں ہو رہی تھی جیسے وہ لمبی بیماری سے اٹھی ہو۔

کیا انجام اب کسی نئے آغاز سے جڑ چکا؟

آنکھوں میں کرب لیے اس نے نظر اٹھا کر صابرہ بوا کو دیکھا۔ کچھ کہنے کے لیے لبوں کو جنبش دی۔ آواز حلق سے نہ نکلی۔ آنکھوں کے کنارے نم ہو گئے۔

صابرہ بوا نے ایک دم سے آب دیدہ ہو کر اس کا زرد چہرہ ہتھیلیوں میں لے لیا۔ ان کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو تھے۔ اب وہ کچھ کہہ رہی تھیں۔ وہ سرخ پڑتی خالی ویران آنکھوں سے انہیں دیکھ رہی تھی۔

سماعت میں پڑتے الفاظ اسے مجسم کرنے لگے، دھڑکن تھمنے لگی، تنفس بھاری ہوا، آنکھیں پتھرانے لگیں۔

ہاتھ اٹھا کر خدا کا شکر ادا کر کے، اسے کندھوں سے تھام کر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے وہ اب اسے "رپورٹ" دکھا رہی تھیں۔

دماغ پہلے سے ماؤف تھا۔ حواس شل رہے۔ لفظ عدم اور آواز صامت رہی۔
محرومیوں کے بوجھ تلے فنا ہوتا وجود یقین اور بے یقینی کے درمیان معلق ہو گیا۔
اس کا سر بے ساختہ نفی میں ہلا۔ اس نے اپنا آپ چھڑا لیا۔ وہ گہرے صدمے سے گزر رہی تھی۔
صابرہ بوا کو ایسا مذاق نہیں کرنا چاہیے۔ ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔
مگر وہ مذاق تھا، نہ مزاح...... ایک خبر تھی۔ بشارت تھی۔ انہوں نے رپورٹ سامنے رکھی کہ وہ خود دیکھے، خود سمجھے...... یہ سراب نہیں تھا۔ خواب بھی نہیں تھا۔
اور اس نے دیکھا۔ اپنی ان ویران آنکھوں سے دیکھا۔ پلکیں جھپکا کر اور دھڑکنوں کو تھام کر دیکھا۔
پانچ سالوں تک جو رپورٹ "منفی" تھی، وہ "مثبت" ہو کر سامنے تھی۔ پانچ سالوں تک جو محرومی "ساتھی" تھی، وہ "انعام" ہو کر واضح تھی۔
وہ ساکت بیٹھی تھی۔ منجمد...... بے حس، بے جان! پتھرائی ہوئی نگاہوں سے زندگی کو کھوجتے، سانسوں کو جوڑتے، ایک بے جان کاغذ کو کپکپاتی انگلیوں میں دباتے۔
"تم بانجھ ہو جنت! اور بانجھ عورت ایک مرد پر بوجھ کے سوا کچھ نہیں ہوتی۔"
گل دان ٹوٹ گیا تھا۔ کانچ کے ٹکڑے بکھر گئے تھے۔ وہ ایک مکمل تصویر پرزوں میں بٹ گئی تھی۔
"جنت نہیں......! جنت میرا بچہ......!"
"میں تمہیں طلاق دیتا ہوں۔ ابھی اور اسی وقت دفع ہو جاؤ یہاں سے۔"
وقت پلٹنے لگا، صفحے الٹنے لگا۔ حکایتیں صبیح ہو گئیں۔ دن تاریک اور تاریک راتیں صفا ہو گئیں۔
"یہ ایک کاغذی شادی ہے جنت کمال! یہ صرف کاغذ تک محدود رہے گی۔"
"اب تم حق مہر کی رقم اپنے پاس رکھ سکو گی۔"
اس نے پلکیں جھپکائیں۔ سرخ ڈوروں میں کرب ہلکورے لے کر اٹھا، آنسو رواں ہو گئے۔

''کچھ محرومیاں عطا کا ایک روپ ہوتی ہیں جنت! اللہ کی ''کن'' کی منتظر......اپنا روپ بدلنے کو ہر لمحہ مستعد......اصل امتحان تو اس مدت کا ہے۔ جو اس محرومی میں گزاری جاتی ہے۔ اس دوران ہمارے صبر کو جانچا جاتا ہے۔ ہمارے شکر کو پرکھا جاتا ہے۔ پھر ایمان کا درجہ متعین ہوتا ہے۔''

''اللہ......!'' پورے وجود پر ایک لرزہ سا طاری ہوا۔ آنکھوں سے وحشت اتر گئی۔ سانسوں سے وزن ہٹ گیا۔

''جنہ......بچے......!'' صابرہ بوا نے اسے کندھوں سے تھاما ہوا تھا۔ وہ اسے پکار رہی تھیں مگر وہ ان کی سن نہیں رہی تھی۔

''مانگتی رہو اور دیکھتی جاؤ، اللہ کی مرضی سے تمہاری جھولی میں کیا گرتا ہے، جو گرے اسے بخوشی اپنا لو، خواہ وہ نقطے جتنی خوشی یا ذرے جتنی برکت ہی کیوں نہ ہو۔'' پردوں کی درز سے جھانکتی سورج کی تیز روشنی، مسز شیرازی کا مسکراتا چہرہ، بے شمار کلر ٹیوبز، کینوس، اور پینٹنگ......ہنزہ کی پینٹنگ......عسر یسرا کی پینٹنگ......

''ہر عسر کے ساتھ یسرا ہے! اور یہ یسرا کیا ہے۔ اگلی بار میں اس کا جواب دوں گی آپ کو۔''

یکا یک منظر بدلا تھا۔

''تمھاری فارس سے شادی میری وجہ سے نہیں ہوئی ہے، نہ ہی تمہاری خالہ کی وجہ سے......یہ تمہارا نصیب ہے، جو تمہیں یہاں لایا ہے۔''

''نصیب! نصیب!''

ہر طرف ایک ہی گونج تھی۔ ایک ہی صدا......اس ایک لفظ نے اسے کتنا ڈرایا تھا، کتنا رلایا تھا......آن کی آن میں اب کتنا معتبر، کتنا منفرد، کتنا بدیع (انوکھا) ہو گیا تھا۔

''جس وقت منفی سوچ جڑ پکڑے، اور مایوسی انتہا کی گہری ہو جائے تو سمجھ جاؤ، یہ شیطان کا

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا NovelsKiDuniya

آخری وار ہے۔ٹھیک اس وقت پڑ رہا ہے جب وہ تمھارے ''انعام'' سے واقف ہو چکا ہے۔''

اور اس کا انعام کیا ہو سکتا تھا؟ اس نے تب بھی سوچا تھا۔ وہ اب بھی سوچ رہی تھی۔اس وقت ایک لمحے کے لیے بھی یہ انعام اس کے ذہن میں نہیں آیا تھا۔اب بھی نہیں آ رہا تھا۔بالکل نہیں آ رہا تھا۔

''جنہ......بچے!''

اس نے سر اٹھا کر روتی سسکتی نگاہوں سے صابرہ بوا کو دیکھا۔ یقین اور بے یقینی کے عالم میں......اندر ہی اندر ٹوٹتے بکھرتے ہوئے......خود اذیتی کی دلدل میں اترتے ہوئے......بار بار تاریک رات کا منظر آنکھوں میں آ رہا تھا۔ اپنا فیصلہ یاد آ رہا تھا۔ موت اور اس کے درمیان ایک قدم کا فاصلہ تھا۔ چند لمحوں کی مسافت تھی۔

وہ خودکشی کرنے والی تھی۔ اپنی جان لینے والی تھی۔ اسے وہ آخری لمحہ یاد آیا، وہ آخری پل......جب فٹ پاتھ سے آگے سڑک پر قدم جماتے وہ ٹھہر گئی تھی۔ پتا نہیں کیوں وہ اپنی جگہ سے ایک انچ بھی تو نہیں ہل سکی تھی۔ اسے نانا ابو یاد آئے تھے۔ان سے کیا ہوا وعدہ یاد آیا تھا۔

اذیت بھری زندگی تو گزار رہی تھی۔ آخرت برباد کرنے کا حوصلہ نہیں تھا اس میں......

اور وہ لمحہ ٹھہر گیا۔ وہ لمحہ رہ گیا۔

پوری دنیا میں خود کو تنہا تصور کرنے والی جنت کمال، اس لمحے ''تنہا'' نہیں تھی۔

اس کی ہچکیاں بندھ گئیں۔صابرہ بوا نے اسے بازوؤں میں بھر لیا۔ان کے سینے میں سر دیے وہ چھوٹے بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

ساری محرومیاں، ساری اذیتیں، سارے کے سارے غم یکا یک عدم ہوئے۔ وہ ایک عطا، ہر مصیبت پر بھاری ہو گئی۔ وہ ایک انعام ہر درد کو فنا کر گیا۔

''دعائیں رد نہیں ہوتیں جنت! محفوظ کر لی جاتی ہیں، جو آپ مانگ رہے ہوں وہ نہ ملے تب

بھی......آپ کے ہاتھ خالی نہیں لوٹائے جاتے! اللہ ہمیشہ بڑھ کر عطا کرتا ہے، وہ آپ کو حیران کر دیتا ہے۔"

اور اس کے خدا نے اسے حیران کر دیا تھا۔

☆......☆......☆

"جنت کے شوہر نے بتایا نہیں اس نے گھر کیوں چھوڑا؟"

سیڑھیاں اتر کر نیچے آتے ہوئے آواز سماعت سے ٹکرائی تو عمار اپنی جگہ تھم کر رہ گیا۔ بے ساختہ گردن موڑ کر دروازے کی طرف دیکھا۔ پھر آہستگی سے قدم اٹھاتا آگے بڑھا۔ ڈرائنگ روم کی نشستوں پر خاندان کے بڑے سب براجمان تھے۔ سائرہ سامنے ہی سر جھکائے بیٹھی تھیں۔ جنت کے چچا، چچی، پھپھی، چھوٹی چچی وغیرہ سب موجود تھے۔

https://novelskidunya.com/

"کسی کے ساتھ کوئی چکر تو نہیں چل رہا تھا اس کا؟" کریمہ آنٹی اس کے باپ سے کہہ رہی تھیں۔ وہ اپنی جگہ ساکت سا انہیں دیکھ کر رہ گیا۔ وہ جنت کی سگی پھپھو تھیں۔

مجلس میں جنت کا کردار ڈسکس ہو رہا تھا۔

خاندان بھر میں طرح طرح کی باتیں پھیل گئی تھیں۔ اور طرح طرح کی پھیلی ہوئی ان باتوں کی تصدیق کے لیے ہی وہ لوگ یہاں جمع ہوئے تھے۔ کسی کو یہ خبر ملی تھی کہ وہ گھر کے کسی ملازم کے ساتھ بھاگی تھی اور کسی نے یہ سنا تھا کہ فارس وجدان کے کسی دوست کے ساتھ اس کا چکر چل رہا تھا، تب ہی اسے گھر سے نکال دیا گیا۔

وہ اپنی جگہ ساکت سا، پتھرایا ہوا کھڑا تھا۔ کوئی اتنا بے حس، اتنا بے رحم کیسے ہو سکتا ہے؟ گردن موڑ کر اس نے حفصہ آپی کو دیکھا۔ وہ سر جھکائے شرمندہ سی بالکل خاموش بیٹھی تھیں۔ نہ جواب دینے کی ہمت تھی، نہ صفائی پیش کرنے کی سکت...... جنت کمال ایک بار پھر ان کی ذاتی زندگیوں میں بھونچال لے آئی تھی۔ ایک بار پھر ان کی فیملی زبانِ زد عام آ گئی تھی۔ کمال کی بیٹی، کمال کی بیٹی......اب سب کہہ

رہے تھے اور وہ خاموش تھیں۔ ہمیشہ کی طرح...... آج بھی ان کے پاس کہنے کو کچھ نہیں تھا۔

''حیرت ہے کسی نے آپ کو یہ نہیں بتایا کہ جنت نے اپنا گھر فائزہ آنٹی کی وجہ سے چھوڑا ہے جنھوں نے اس کے گھر جا کر اچھا خاصا تماشا کری ایٹ کیا۔'' وہ اندر داخل ہوتے ہی بول پڑا تھا۔

''ہاں تو حرکتیں ہی اس کی ایسی تھیں، منہ دکھانے کے قابل جو نہیں رہی ہوگی۔'' کریمہ آنٹی نے فوراً سے پینترا بدلا۔

''حرکتیں؟ کیسی تھیں اس کی حرکتیں؟'' وہ آنکھوں میں غصہ لیے ان کی طرف دیکھنے لگا۔

''ایسی فتنہ پرور لڑکی میں نے آج تک نہیں دیکھی۔ پہلے اپنے بھائی کی جان لی، پھر ہمارے بھائی کا سر کھایا۔ برہان کی زندگی جہنم بنائے رکھی۔ ذرا پوچھو تو عالیہ سے۔ کیسے دن بھر فون سے چپکی رہتی تھی۔ عشق معشوقے سے فرصت ملتی تو گھر سنبھالتی۔ ایک تو بانجھ......'' انہوں نے حقارت سے سر اٹھایا۔

''اور اوپر سے ڈھٹائی الگ...... ماہین کا بچہ مارنے کی کوشش تک کر ڈالی۔ نفیسہ بہن تو اس کی موت ماری گئیں۔ ارے میں نے تو سجاد سے کہہ دیا تھا، غیروں کے لائق نہیں ہے یہ...... اپنے زمان سے نکاح کر دو، وہی اسے سیدھا رکھے گا مگر نہیں......''

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Dunya

وہ غصے اور حقارت سے بہت سی باتیں، بہت سے قصے، بہت سے واقعات سناتی جا رہی تھیں اور کوئی بھی انہیں ٹوک نہیں رہا تھا۔

یہ سب ایسے ہی تھا...... یہ سب شروع سے ایسے ہی چلتا آ رہا تھا۔

''بس کر دیں آنٹی، فار گاڈ سیک......!'' وہ سارا لحاظ اور مروت بالائے طاق رکھتے ہوئے چیخ پڑا۔

''ابراہیم صاحب! آپ کا بیٹا تو پورا باؤلا ہو گیا ہے، نہ چھوٹے بڑے کی تمیز ہے نہ لحاظ کر رہا ہے کسی کا۔''

ابراہیم صاحب نے اسے تنبیہ کرتے ہوئے بڑوں کی محفل سے چلے جانے کا حکم دیا تھا مگر آج

اسے کوئی نہیں روک سکتا تھا۔نہ سائرہ، نہ ابراہیم......اور نہ خاندان کا کوئی فرد......

''اگر پاگل کہہ ہی دیا ہے آپ نے مجھے تو پھر میرے پورے پاگل پن کا مظاہرہ بھی دیکھ لیں۔ آپ کو کیا لگتا ہے ہم کل کے بچے، بے وقوف اور نا سمجھ ہیں؟ ہمیں کچھ نظر نہیں آتا؟ کچھ سمجھ میں نہیں آتا؟ نفیسہ آنٹی جنت کی وجہ سے نہیں، آپ سب کی وجہ سے مری ہیں۔'' اس نے انگلی اٹھا کر سب کی طرف اشارہ کیا تھا۔ ''انہیں بیٹیوں کے طعنے دینے والے آپ لوگ تھے۔ ان پر طنز و تشنیع کرنے والے آپ لوگ تھے۔ ان کی محرومی کا آپ لوگوں نے سرِ عام مذاق اڑایا۔ انہیں ذہنی مریض بنا دیا۔ ذرا محاسبہ کرتے ہیں آنٹی...... مجھے بتایئے صبا آپی نے حال ہی میں چوتھی بیٹی کو جنم دیا ہے۔ دن رات سسرالیوں کے طعنے سن رہی ہیں نا وہ......وہی لفظ جو کبھی آپ نے نفیسہ آنٹی کو سنائے تھے؟''

کریمہ آنٹی کے چہرے پر تاریک سایہ لہرا گیا۔

''آپ کی اپنی اولاد آپ کے غرور اور تکبر کا خمیازہ بھگت رہی ہے اور آپ میں اب بھی جرأت باقی ہے کہ......آپ اسی عورت کی بیٹی کو ایک بار پھر نشانہ بنا رہی ہیں؟''

ڈرائنگ روم میں خاموشی تھی۔ اب تو جیسے کوئی سانس بھی نہیں لے رہا تھا۔

''روحینہ چچی کو ناز تھا وہ چار بیٹوں کی ماں ہیں۔ چار شیر جوان ان کے گھر پیدا ہوئے ہیں۔ ان کی نسلیں آگے چلیں گی۔ نفیسہ آنٹی ان کے سامنے سات بیٹیوں کی ماں......کوئی حقیر سی مخلوق تھیں اور آج ان کے وہ تمام کے تمام بیٹے......صرف ''بیٹیوں'' کے باپ ہیں۔'' اس نے رخ بدل کر انہیں دیکھا۔ ''آپ اب اس بات کو زیرِ بحث کیوں نہیں لاتیں؟ سات بیٹیوں کی ماں ہونا نفیسہ آنٹی کا قصور تھا۔ اب اتنی ساری پوتیوں کی دادی ہونا کس کا قصور ہے؟''

اور روحینہ چچی کو یوں لگا تھا جیسے بھرے بازار میں کسی نے طمانچہ دے مارا ہو۔ سائرہ نے پہلی بار اپنے بیٹے کو نہیں ٹوکا تھا۔ حفصہ آنکھوں میں حیرت و صدمہ لیے اسے دیکھے جا رہی تھی۔

''میں حیران ہوں، آپ لوگوں میں ابھی بھی ہمت ہے اس طرح اس عورت کی اولاد پر زبان درازی کرنے کی جس کی زندگی آپ لوگوں نے خود جہنم بنائی اور اتنی بے حسی کہ ذرا فرق نہیں پڑا۔ اللہ تو اپنا حساب لے رہا ہے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے آپ سب اپنے حساب سے اس طرح بے خبر رہیں؟ آپ لوگوں نے آنکھیں بند کر رکھی ہیں تو اس کا مطلب ہے ہمیں بھی کچھ نظر نہیں آتا ہوگا؟''

ڈرائنگ روم میں اتنا سناٹا چھا گیا تھا کہ اگر سوئی بھی گرتی تو اس کی بھی آواز آتی۔ کسی بھی بڑے فرد کی سکت نہیں رہی تھی کچھ بھی بولنے کی۔ وہ سب جنت کے معاملے میں اکٹھے ہوئے تھے اور عمار نے تو جیسے ان سب کے اجتماع کو نشانہ بنا کر سب کی حقیقتیں ان کے منہ پر دے ماری تھیں۔

وہ شدید غصے کے عالم میں بپھرا ہوا سا کھڑا تھا۔

''جنت کبھی اپنی اولاد کے لیے درباروں، مزاروں پر نہیں گئی اور آپ لوگ کہتے ہیں ماہین کا بچہ ضائع کرنے کے لیے اس نے تعویذ گنڈے کروائے ہیں؟''

وہ سراپا سوال بنا ان سب کو دیکھے جا رہا تھا۔

''اب برہان کے گھر جو بھی نقصان ہوگا تو اس کا الزام ساری عمر جنت کے سر ڈالتے رہیں گے آپ لوگ؟ جب اسے اپنی زندگی سے، خاندان سے بے دخل کر چکے ہیں تو پھر اسے ڈسکس کرنے کا مقصد؟ فائزہ چچی کو کوئی حق نہیں پہنچتا تھا اس طرح اس کے گھر جا کر، اس کے سسرالیوں کے سامنے بے عزت کرنے کا۔ اور خدا کے لیے......'' اس نے ہاتھ جوڑے۔ ''اب بخش دیں جنت کو!''

بات ختم نہیں ہوئی تھی، مگر اس نے ختم کر دی۔ عکس ادھورے تھے۔ اور اس نے ادھورے رہنے دیے۔ آئینہ مکمل اور سلامت تھا۔ حقیقتیں بھی اتنی ہی تلخ اور نمایاں۔

جو خاموشی اس کی موجودگی میں چھائی ہوئی تھی، وہ اس کی غیر موجودگی میں بھی ٹھہری رہی۔ کسی میں ہمت نہ رہی تھی مزید کوئی بات یا بحث کر سکے، کوئی دلیل دے سکے یا کچھ تردید کر سکے۔

وہ مجلس، وہ اجتماع سب کا احتساب ہو گیا تھا۔ آئینے میں ہر کسی کا کریہہ چہرہ واضح تھا اور اس چہرے سے تقریباً سب نے نظریں چرائی تھیں کہ حقیقت کا سامنا تو پھر وہ لوگ کرتے ہیں جو خود کو بدلنا چاہتے ہوں۔

ایک ایک کر کے سب اٹھتے چلے گئے۔ صرف حفصہ کمال ہی تھی جو اپنی جگہ سن بیٹھی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

وہ تین دن ہسپتال میں رہی۔ طبیعت کچھ بہتر ہوئی تو اسے ڈسچارج کر دیا گیا۔ صابرہ بوا اسے اپنے گھر لے آئیں۔ ان کا الگ پورشن تھا۔ وہ بیرونی دروازے سے ان کے ہمراہ سیڑھیاں چڑھ کر اوپر آ گئی تھی۔ بیماری کا اثر ہنوز تھا۔ کمزوری اتنی ہو گئی تھی کہ ذرا سی سیڑھیاں چڑھنے پر اس کا سانس پھول گیا تھا۔

اوپر ایک وسیع و عریض کمرہ تھا۔ بوا اسے کمرے میں لے آئیں۔

ہوادار لمبی کھڑکیاں جو پیچھے سرسبز کھیتوں کی طرف کھلتی تھیں اور سامنے والی کھڑکیوں سے نیچے صحن کا پورا منظر نظر آتا تھا۔ جامن کا پھیلا ہوا درخت، سائے میں بچھی ہوئی چارپائی، سرخ اینٹوں کا پکا صحن، سفید دیواروں پر سرسبز بیلیں چڑھی ہوئی تھیں۔ آہنی گیٹ بند تھا۔ نیچے تین کمرے تھے۔ کچن تھا۔ مردوں کے لیے الگ سے بیٹھک سامنے ہی بنی ہوئی تھی جس کا ایک دروازہ باہر کھلتا تھا۔

صابرہ بوا کی بھانجی نیچے مقیم تھی۔ اوپر کا کمرہ، واش روم اور چھوٹا سا کچن ان کے حوالے تھا۔

وہ کھڑکی میں کھڑی نیچے دیکھنے لگی۔

بچوں کے شور کے ساتھ صندل آپا کی آواز واضح تھی۔ ان کا نو سالہ بیٹا پائپ ہاتھ میں پکڑے درختوں کو پانی دیتا اس کا رخ اپنی چھوٹی بہن کی طرف موڑ چکا تھا۔ اور اس شدید گرمی میں ٹھنڈک کے احساس سے خوش ہونے کے بجائے وہ بھاں بھاں کر کے رونے لگی تھی۔

''علی......!'' صندل آپا نے کچن سے ہی اسے کڑی نظروں سے دیکھا تھا۔ اور اس نے وہیں

پائپ سر پر کیے خود کو مکمل بھگولیا۔

"ایک تو گرمی میں کام کرواتی ہیں، اوپر سے ڈانٹتی بھی ہیں۔"

"یہ درختوں کو ذرا سا پانی دینے سے تمھاری کمر ٹوٹتی ہے؟"

"ذرا سا پانی دیتا ہوں؟" آنکھیں پھیلا کر وہ اپنی ماں کی طرف مڑا۔

"ابھی کہیں گی، پورے صحن میں پانی کا چھڑکاؤ کرو۔ پھر یہاں سے ساری چارپائیاں ہٹوا کر وہاں رکھوائیں گی۔ اس کے بعد باہر بھیجیں گی۔ علی یہ لے آؤ، علی وہ لے آؤ، علی یہ کام کرو، علی وہ کام کرو۔" شلوار اور بنیان میں وہ دھوپ میں کملایا ہوا سا کھڑا تھا۔ جنت کے لبوں پر بے ساختہ مسکراہٹ ابھری۔

صندل آپا اس سے ہسپتال میں ملنے آئی تھیں تو ان کے ساتھ وہ بھی تھا۔

"اللہ معاف کرے۔ کب تم سے چارپائیاں اٹھواتی ہوں میں؟"

"اس دن نہیں اٹھوائی تھیں جب یاور چاچو آئے تھے؟ یہاں رکھو، وہاں رکھو۔ اب وہاں رکھو۔"

"ایک ہی تو چارپائی تھی۔ وہ بھی فاطمہ کی۔ حد ہے...... طعنے سن لو موصوف سے۔" وہ بڑبڑاتی ہوئی چلی گئیں۔

موٹر بند کر کے کچن کا رخ کیا تو وہ مکمل بھیگا ہوا کمر پر ہاتھ ٹکائے کھڑا تھا۔ دھوپ میں آنکھیں چندھیا کر یہاں وہاں دیکھتا۔ چھوٹی بہن اپنا منہ خشک کرتی، جامن کے ساتھ بندھے جھولے پر ٹک گئی تھی۔

اب وہ بہن کے سر پر کھڑا تھا۔ اور اسے جھولا چھوڑنے کا کہہ رہا تھا۔ بہن نے رسیوں پر گرفت جما کر نفی میں زور و شور سے سر ہلایا اور ایک بار پھر چلائی۔

"اماں......!"

"علی! مت تنگ کرو اسے۔" صندل آپا جھنجلائیں۔

"اے ہے لڑکے......! دو گھڑی سکون سے بیٹھ جا کہیں۔" صابرہ بوا کمرے سے نکل کر سیڑھیوں

کی طرف جاتے ہوئے بولی تھیں۔ وہ پھر سے بگڑ گیا۔ دھپ دھپ پاؤں اٹھاتا آہنی گیٹ دھکیل کر باہر نکل گیا۔

پھر اسے آنگن میں دوسالہ بچی نظر آئی۔ فیڈر ہاتھ میں لیے وہ جھولا جھولتی بہن کے پاس چلی گئی تھی۔ کچھ دیر بعد کسی کونے سے تیسری بچی نمودار ہوئی۔ تقریباً چھ سال عمر ہوگی۔ ایک ہاتھ میں کاپی اور دوسرے میں پینسل لیے، سائے میں رکھی چارپائی پر بیٹھ کر اپنا ہوم ورک کرنے لگی۔

''یہ میں صندل کا سوٹ لے آئی ہوں۔ یہی پہن لو۔ کل بازار جاؤں گی تو گرمیوں کے سوٹ لے آؤں گی۔'' بوا اندر داخل ہوتے ہی بولی تھیں۔ وہ مڑ کر انہیں دیکھنے لگی۔

الماری کھول کر انہوں نے ایک سوٹ اندر لٹکا دیا۔ اور دوسرا بیڈ پر رکھ دیا۔

''نہا کر کپڑے بدل لو، میں تب تک کھانے کا انتظام دیکھ لوں۔ صندل تو کہہ رہی ہے، آلو گوشت پکائے گی۔ میرا ارادہ ہے، ساتھ بریانی بنا لیتے ہیں، تمھیں ویسے بھی بریانی بہت پسند ہے۔'' تیزی سے بیڈ شیٹ بدلتے ہوئے انہوں نے کہا اور جنت گم صم انہیں دیکھتی رہی۔

''ڈاکٹر نے کہا ہے، خوراک کا بہت خیال رکھنا ہے۔ بالکل کمی نہیں ہونی چاہیے۔ اور تم تو ہو ہی سدا کی لاپروا۔ سب کچھ مجھے ہی دیکھنا ہوگا۔'' ان کے لہجے اور انداز سے پیار، خفگی، تنبیہ، خوشی نمایاں تھی۔ بات کرتے کرتے وہ اشتیاق میں آجاتیں، کچھ سوچ کر بے ساختہ مسکرانے لگتیں۔ ''ڈاکٹر صاب زندہ ہوتے تو کتنا خوش ہوتے۔''

''میرے لیے اتنا اہتمام نہ کریں۔'' اس کے لب ہلے۔

''بوا نے اب کے اسے ذرا خفگی سے دیکھا تھا۔

''کیوں اہتمام نہ کریں؟ میں تو کوئی کمی نہیں ہونے دوں گی۔ سلیم کو بتایا تو کہہ رہا تھا، پیسے بھیج دے گا۔ مجھے خاص تاکید کی جنت کا خیال رکھیے گا، کسی چیز کی کمی نہ ہو۔ پھل فروٹ، سبزیاں......اب کل

عامر سے کہہ کر منگواؤں گی سب......"

وہ جیسے خود سے سب طے کر رہی تھیں۔ اسے اپنی ذمہ داری سمجھ کر۔ اس کے لیے ہر فیصلہ خود کر رہی تھیں۔

"میں آپ پر بوجھ نہیں بننا چاہتی بوا!" جو بات دل میں تھی، وہ لبوں پر آگئی۔

"چپ! ایک لفظ نہیں۔" انہوں نے جھڑک دیا۔ "یہ تیرا گھر ہے، تو میری بیٹی ہے، میں وہ دن کیسے بھول سکتی ہوں جب ڈاکٹر صاحب نے مجھے اور سلیم کو اپنے گھر میں پناہ دی تھی۔ جب ہم بے سہارا تھے تو وہ ہمارا سہارا بنے۔ سلیم کو اس کے پیروں پر کھڑا کیا، اس کے سارے اخراجات خود اٹھائے۔ اور اب جب ان کی بیٹی پر وقت آیا ہے تو میں منہ موڑ لوں گی؟"

https://novelskidunya.com/

انہوں نے بہت محبت سے اس کے گال پر ہاتھ رکھا۔ اس کے آنسو پونچھے۔ وہ نچلا لب دانتوں تلے دبائے رونے پر قابو پاتی رہی۔

"چل جلدی سے فریش ہو جا پھر کھانا بھی کھانا ہے۔"

NovelsKiDunya

وہ کپڑے اٹھا کر واش روم میں گھس گئی۔ شاور چلتا رہا تو آنسو بھی بہتے رہے۔ اپنی حالت سوچ سوچ کر اذیت بڑھتی رہی۔

کپڑے بدل کر وہ تولیے سے بال خشک کرتی باہر آئی تو دروازے کی درز سے جھانکتا سر یکا یک غائب ہوا۔

وہ علی تھا۔ یقیناً علی تھا۔ دروازہ کھول کر باہر آئی تو وہ تیزی سے سیڑھیاں اترتا نظر آیا۔

اس نے ظہر کی نماز پڑھی، پھر کھڑکی کے سامنے بیٹھ کر بال اچھی طرح خشک کیے۔ کنگھی کی۔ کچھ ہی دیر بعد بوا ٹرے ہاتھوں میں لیے اندر آگئی تھیں۔ ساتھ ہی صندل آپا بھی تھیں۔ دو سالہ بیٹی کو اٹھائے وہ اس سے بہت محبت سے ملیں۔

کھانا انہوں نے وہیں اکٹھے کھایا۔ یہ الگ بات تھی کہ ان کی محبت اور اخلاق کے آگے وہ بار بار آنکھوں میں ابھرتی نمی کو پیچھے دھکیل رہی تھی۔

بمشکل آدھی روٹی اور بریانی کے کچھ چمچ لینے کے بعد اس نے ہاتھ کھینچ لیا تھا۔ بوا اسے پیار بھری خفگی سے دیکھ کر رہ گئیں۔ ''ختم کرو اسے شاباش......!''

''بھوک نہیں ہے بوا!''

''اب تمہیں صرف اپنی بھوک کی فکر تھوڑی کرنی ہوگی۔'' صندل آپا ہنسیں۔

وہ خفیف سا ہو کر سر جھکا گئی۔ اسے بہت سارا رونا آ رہا تھا۔ شاید بیماری کا اثر زائل نہیں ہوا تھا، یہی وجہ تھی کہ وہ بہت حساس ہو رہی تھی۔

''بعد میں کھا لوں گی بوا۔ ابھی اتنا ہی۔''

بوا نے مزید اصرار نہ کیا۔ میڈیسن لینے کے بعد وہ تیز پنکھا چلائے سونے کے لیے لیٹ گئی تھی۔ بوا اس کی طرف سے تسلی کر کے نیچے چلی گئیں۔

صحن میں ایک بار پھر صندل آپا اور علی کی تکرار شروع ہو چکی تھی۔ مگر آواز مدھم تھی۔ اور کچھ دیر میں مدھم سے بالکل ختم ہو گئی تھی۔

☆......☆......☆

دیوار گیر کھڑکیوں سے پوری تاریخ کا چاند نظر آ رہا تھا۔ پردے بندھے ہوئے تھے۔ کھڑکیاں کھلی ہوئی تھیں۔

کمرے میں ہر طرف اور ہر جگہ بے ترتیبی سی تھی۔ خود وہ صوفے پر بیٹھا تھا۔ پیچھے کی طرف سر گرائے...... بازو پھیلائے...... چھت پر کچھ دیکھتے...... یادداشت کے کسی کونے میں کچھ کھوجتے۔ سکون اندر باہر اور آس پاس کہیں نہ تھا۔ راتوں کی نیند تو ویسے بھی اڑی ہوئی تھی۔ بھوک ختم، طلب تمام......

سماعتیں فون پر ٹھہری تھیں۔ منتظر نگاہیں، اسکرین کو تکتی تھیں۔ دوسری طرف خاموشی تھی، کوشش تھی اور نا امیدی تھی۔

پانی کا گلاس ٹیبل پر رکھا تھا۔ کافی کا خالی کپ اور نیند کی گولیاں بھی۔

اس نے اپنی آنکھوں کو مسل ڈالا۔

دروازے پر ایک بار پھر دستک ہوئی۔ ملازمہ ایک بار پھر اسے مسز شیرازی کا پیغام دینے آئی تھی۔ اس نے جواب دیا، نہ اٹھ کر نیچے گیا۔ قدموں کی چاپ ابھری۔ راہداری میں خاموشی چھا گئی۔

https://novelskidunya.com/

کچھ ہی دیر میں جنت کا موبائل بج اٹھا۔ مسز آفاق کے نمبر سے سات سالہ زید کے میسجز آنے لگے۔ وہ اپنی ممی کے ساتھ شاپنگ کر رہا تھا اور اس نے جنت کے لیے ایک انگیجمنٹ رنگ بھی پسند کر لی تھی۔ ہر تھوڑی دیر بعد وہ اپنی ماں کے موبائل سے اپنی سیلفی بھیج دیتا۔ کہیں پر ہنستے، کہیں پر مسکراتے۔ کہیں پر سوزی کو گلے لگاتے ہوئے۔

اب کی بار نوٹیفکیشن میں دو تصویریں نظر آئیں۔ وہ جنت سے پوچھ رہا تھا ان دونوں میں سے کس رنگ کی انگوٹھی زیادہ پیاری ہے۔ فارس نے موبائل اٹھا کر تصویر دیکھی۔ اسے دونوں پسند نہیں آئیں۔

''وچ ون؟'' جنت کا فیانسی پوچھ رہا تھا۔ اور شوہر لب بھینچ کر میسجز دیکھ رہا تھا۔ کچھ توقف کے بعد دو اور تصویریں بھیجی گئیں۔ بچوں کی کھلونا دکانوں میں نقلی میک اپ کٹس کے ہمراہ پلاسٹک جیولری سے منتخب کی جانے والی ایک ٹافی جتنی انگوٹھی۔

اس نے نہ چاہتے ہوئے بھی گلابی رنگ کی انگوٹھی کو ڈن کر دیا۔ خیال تھا اب میسجز نہیں آئیں گے۔ میسج نہیں آئے، ریکارڈنگ آ گئی۔

''زویا! سے السلام علیکم ٹو یور فیوچر بھابھی!'' وہ اپنی تین سالہ بہن کو سکھا رہا تھا۔ بہن کے حلق سے ہلکی سی اور کیوٹ سی آواز ابھری۔ ''اشامیکم بابی!''

یہ دونوں بچے پچھلے کئی دنوں سے اس کا دردِ سر بنے ہوئے تھے۔ اس نے موبائل سائلنٹ کر کے خود سے پرے رکھ دیا۔ پانی کے ساتھ نیند کی گولی لینے کے بعد ایک بار پھر سونے کی کوشش کی۔

اندر کا اضطراب بڑھ گیا۔ شور بڑھ گیا۔ درد بڑھ گیا۔

دروازے پر ایک بار پھر دستک ہوئی۔ وہ سنی ان سنی کیے پڑا رہا۔

☆......☆......☆

وہ بیڈ سے ٹیک لگائے کارپٹ پر دوزانو بیٹھی تھی۔ چہرہ زرد تھا، آنکھیں سرخ اور بے تحاشا نم ہو رہی تھیں۔

زرکار روشنی میں کرب نمایاں تھا۔ تنہائی میں وہ سراپا مجسم ہوئی خالی ویران آنکھوں سے اندھیرے میں دیکھ رہی تھی۔

پانی کا گلاس پاس رکھا تھا۔ صرف دو گھونٹ لیے گئے تھے۔ زندگی اور نصیب کی دہشت ویسی ہی تھی۔ خوف وہیں ٹھہرا تھا۔ سانسیں وہیں اٹکی تھیں۔

رات کے آخری پہر بہت اچانک اس کی آنکھ کھل گئی تھی اور اب تب سے وہ اسی حالت میں اور اسی پوزیشن میں بیٹھی ہوئی تھی۔ بہت سی باتیں تھیں جو یاد آ رہی تھیں، بہت سی حکایتیں تھیں جو واضح ہو رہی تھیں۔ بہت سے خیال، وسوسے، اندیشے رہ رہ کر سر اٹھا رہے تھے۔ دل تڑپ رہا تھا۔ آنسو بہتے جا رہے تھے۔ اسے مسز شیرازی بہت شدت سے یاد آ رہی تھیں۔ انہیں کھو دینے کا غم تڑپائے جا رہا تھا۔

اس نے وعدہ کیا تھا، وہ انہیں ان کے پوتے سے ضرور ملوائے گی اور یہ وعدہ اس گھر کی دہلیز پار کرتے ہی فنا ہو گیا تھا۔ سارے رشتے، سارے تعلق وہیں رہ گئے تھے۔ اس سے پہلے کہ وہ اسے چھوڑتیں، وہ خود انہیں چھوڑ آئی تھی مگر دل وہیں رہ گیا تھا۔ روح یہاں بھٹک رہی تھی۔

محبت کو نفرت میں بدلتے وہ دیکھ چکی تھی۔ دوبارہ نہیں دیکھنا چاہتی تھی۔ اس اذیت سے دوبارہ

گزرنے کا حوصلہ نہیں تھا اس میں۔ اور اسے غم تھا..... اور بہت بڑا غم تھا کہ وہ ان کی محبت سے محروم کر دی گئی تھی۔

مسز شیرازی اب ہاتھ اٹھاتی ہوں گی تو اس کا نام نہیں لیتی ہوں گی۔ اسے سوچ کر انہیں کراہیت آتی ہو گی۔ وہ اس کے وجود سے نفرت کھاتی ہوں گی۔ کم الزام نہیں تھے جو فائزہ چچی نے اس کی ذات پر لگائے تھے۔ کسی گناہ، کسی غلطی، کسی جرم کا پردہ نہیں رکھا تھا انہوں نے۔ سب اگل دیا تھا۔ سب کہہ دیا تھا۔

کمرے کی تمام کھڑکیاں اور دروازے کھلے ہوئے تھے۔ پنکھا بھی چل رہا تھا۔ موسم ٹھنڈا تھا اور اسے پھر بھی گھٹن محسوس ہو رہی تھی۔

"ایک سرپرائز ہے تمہارے لیے۔ کراچی سے آؤں گا تب....."

حکایت لکھی جا چکی تھی۔ انجام سوچا جا چکا تھا۔ اور اسے پھر بھی رونا آ رہا تھا۔ یہ جدائی، یہ فاصلے یہ سزا تو روزِ اول سے طے تھی۔ وہ ہر حقیقت کو تسلیم کر چکی تھی۔ ساتھ رہنے کی خواہش بدل چکی تھی۔ اس نے خواب نوچ کر پھینک دیے تھے۔ انتظار سمیٹ کر رکھ دیا تھا۔ احساسات کو منجمد اور جذبات کو فنا کر کے اس نے خود کو عدم کی وادیوں میں دفنا دیا تھا۔ اس کا خیال تھا، ایسے درد کم ہو گا، دکھ کم ہو گا، رونا کم آئے گا۔

مگر اس کا خود ساختہ ڈیفنس میکانزم خسارے میں گیا تھا۔ اسے تکلیف زیادہ ہوئی تھی۔ اسے رونا زیادہ آ رہا تھا۔ وہ تڑپ رہی تھی۔ وہ جل رہی تھی۔

"مجھے طلاق فوری چاہیے ہو گی۔ تمہیں ابھی سے ڈاکومنٹس کا انتظام کر لینا چاہیے تاکہ مناسب وقت پر بنا کسی تاخیر کے سائن کر کے ایک دوسرے سے جان خلاصی کی جا سکے۔ لیکن اگر کچھ وجوہات کی بنا پر، مجھے قبل از وقت یہ گھر چھوڑنا پڑ جاتا ہے، اور اس دوران میرا تم سے فی الفور رابطہ بھی ممکن نہیں ہو پاتا تو میں ایک ماہ تک کی مدت کو ذہن میں رکھوں گی اور اس کے بعد سمجھ جاؤں گی کہ مجھے طلاق ہو چکی ہے۔ سو تمہیں اس بات کا خیال رکھنا ہو گا کہ مجھے اس ایک ماہ کے اندر طلاق ہو جانی چاہیے۔"

دو ہفتے گزر چکے تھے۔ تیسرا ہفتہ گزرنے والا تھا۔ اس نے اپنی آنکھوں کو ایک بار پھر بے دردی سے رگڑ ڈالا۔ اب تک وہ یقیناً اسے طلاق دے چکا ہوگا۔ عدینہ زبیر اس کی زندگی میں واپس آ چکی ہوگی۔ نفرتوں کے بادل چھٹ گئے ہوں گے۔ محبتوں کا نور پھیل گیا ہوگا۔ جو اس کے ساتھ ہوتے ہوئے ادھورا تھا، وہ من چاہے ساتھی کے ساتھ مکمل ہو گیا ہوگا۔ اس کی زندگی میں جنت کمال کی جگہ پہلے بھی نہیں تھی، اب بھی نہیں رہی ہوگی۔ گال صاف کر کے وہ اٹھ گئی۔ وضو کر کے جائے نماز بچھائے قبلہ رخ کھڑی ہو گئی۔

کچھ سجدوں میں وہ روتی رہی تھی اور کچھ سجدوں میں ہمت اور آسانیاں مانگتی رہی تھی۔ اسے یہاں، اس نئی جگہ پر، اک نئی زندگی کا آغاز کرنا تھا۔ وہ اپنا ماضی بھلا دینا چاہتی تھی۔

اور باہر دروازے کے پاس کھڑی صابرہ بوا آنکھوں میں رحم اور ہمدردی لیے اسے دیکھ کر رہ گئی تھیں۔

☆......☆......☆

اقصیٰ نے ذرا دور سے ہی فارس کو دیکھا۔ کچن کاؤنٹر ٹیبل کے اس پار سیاہ ٹراؤزر پر فل سلیو سفید شرٹ میں ملبوس اپنے لیے قہوہ بنا رہا تھا۔ سر جھکا ہوا تھا، ماتھے پر بے ترتیبی سے بکھرے بال آنکھوں پر آ رہے تھے۔ ابھی کچھ دیر پہلے پٹھانی نے کہا تھا، اسے صاحب بلا رہے ہیں، تب سے ہی وہ فکر میں تھی۔ وہیں کھڑے کھڑے اس نے ذہن دوڑا کر خود سے سرزد ہونے والی کسی ممکنہ غلطی کو یاد کرنا چاہا مگر ذہن ماؤف ہی رہا۔

بمشکل گلا کھنکھارتے ہوئے اس نے فارس وجدان کو اپنی موجودگی کا سگنل دینا چاہا۔ ساتھ ہی دوپٹے کو انگلیوں میں ڈال کر بے چینی سے گھمایا جا رہا تھا۔ ''آپ نے بلایا مجھے؟''

قہوہ کپ میں انڈیل کر وہ اس کی طرف مڑا۔

''بیٹھو!''

''جی؟''

گھونٹ بھرتے ہوئے اس نے سامنے اسٹول چیئر کی طرف اشارہ کردیا۔ اپنی گھبراہٹ پر قابو پاتی وہ بیٹھ گئی۔ سر جھکا ہوا تھا۔ ذرا سی نگاہیں اٹھا کر اپنے صاحب کو دیکھنا چاہا۔

لاپرواسا حلیہ...... بے خوابی کا شکار سرخ آنکھیں۔ بڑھی ہوئی شیو، زرد چہرہ۔ اس کی جنت آپی کی غیر موجودگی میں صاحب ''ایسے'' ہو گئے تھے۔

''پچھلے ماہ جنت تمھیں ساتھ لیے کافی گھومتی پھرتی رہی ہے۔''

''جی صاحب!'' پھانس کی طرح کوئی شے اس کے حلق میں آ کر اٹک گئی۔ گزشتہ ایک ماہ کی روٹین ذہن میں دوڑ گئی۔ جنت کی باتیں، وعدے، ڈانٹ اور تنبیہ سب یاد آ گیا۔

''ڈرائیور بتا رہا تھا، اس نے ایک بار جنت کے کہنے پر کسی رہائشی کالونی میں اسے اتارا تھا۔ تم بھی ساتھ تھیں۔ پھر واپسی پر وہیں سے چار گھنٹوں کے بعد پک کیا تھا۔''

اقصیٰ کو ٹھنڈے پسینے آنے لگے۔ سمجھ میں نہیں آیا اقرار کرے یا انکار!

''کہاں گئی تھیں تم دونوں؟''

کچھ بتاتے بتاتے اس نے یکا یک نچلا لب دانتوں تلے دبایا۔ ''جی...... وہ......شاپنگ پر گئے تھے۔''

''رہائشی کالونی کی تنگ گلیوں میں شاپنگ ہو رہی تھی؟''

فارس نے بھاپ اڑاتا کپ رکھ دیا۔

اقصیٰ جی بھر کر پریشان اور شرمندہ ہوئی۔ اب کیا کرے؟ اسے جھوٹ بولنا واقعی میں نہیں آتا تھا۔

''کچھ پوچھ رہا ہوں میں تم سے اقصیٰ؟''

اس نے ذرا سی نظریں اٹھا کر اپنے صاحب کو دیکھا۔ وہ بہت تحمل سے پوچھ رہا تھا مگر وہ جانتی تھی مطلوبہ جواب نہ ملنے کی صورت میں یہ تحمل اس پر نزلہ بن کر گر سکتا تھا۔

اس نے کچھ ہمت مجتمع کی۔ کچھ حوصلہ پیدا کیا۔ جو قسمیں کھا رکھی تھیں، ان کے ٹوٹنے پر کفارے

کے طور پر روزوں کا حساب کیا۔ ایک بار پھر پسینہ صاف کیا۔

''جنت آپی مجھے کسی کے گھر لے کر گئی تھیں۔'' اس نے بتا دیا۔ حالانکہ جنت نے کہا تھا اس کا ہر راز قبر تک جانا چاہیے۔ اب راز چھپاتے چھپاتے وہ خود تو قبر میں نہیں اتر سکتی تھی نا؟

''اگر میں تمہیں وہاں لے جاؤں تو تمہیں گھر کا اندازہ ہو جائے گا؟''

اقصیٰ نے کچھ فکرمندی سے اسے دیکھا۔

جنت آپی کی وجہ سے پورا گھر پریشان تھا۔ اگر اس طرح ان کا کوئی سراغ ملتا ہے تو اسے ہرگز ہرگز خاموش نہیں رہنا چاہیے۔ ہمت کر کے اثبات میں سر ہلا دیا۔ ایک بار پھر قسم اور وعدوں کا غم کھانے لگا تھا۔ جنت آپی جب واپس آئیں گی تو اسے ہرگز ہرگز معاف نہیں کریں گی، لیکن کوئی نہیں...... وہ روزے رکھ لے گی۔

اور روزوں کے تصور سے اسے ایک بار پھر رونا آیا۔

غٹاغٹ ایک پانی کا گلاس چڑھایا اور فارس کے حکم پر اپنے ابا سے اجازت لے کر اس کے ساتھ روانہ ہوگئی۔ ڈرائیور کو جگہ کا علم تھا۔ گاڑی سڑک کنارے روک دی گئی۔

گاڑی سے اتر کر وہ پیدل اس کے پیچھے تنگ گلیوں میں چلتا رہا۔ کبھی دائیں طرف مڑتے، اور کبھی بائیں طرف رخ کرتے وہ تین منزلہ عمارت کے سامنے رک گئی۔ سامنے بالکونیاں نظر آ رہی تھیں۔

اسے یاد تھا، وہ دوسری منزل والے گھر میں گئی تھی۔ اور یہ بات اس نے فارس کو بتا بھی دی۔

''گھر میں کون کون تھا؟''

''ایک مرد تھا، اس کی بیوی۔ اور ایک بیٹا!''

فارس نے لمحے بھر کے لیے کچھ سوچا، پھر واپسی کے لیے مڑ گیا۔

''آپ جائیں گے نہیں؟'' اس نے ڈرتے ڈرتے پوچھا۔ اس نے جواب نہیں دیا۔ وہ جیسے یہ

https://novelskidunya.com/

جگہ، یہ گھر ہی دیکھنے آیا تھا۔ اور شاید ملاقات کے لیے وہ کسی اور کو بھیجنے کا ارادہ رکھتا تھا۔
ڈرائیور نے اسے گھر ڈراپ کر دیا۔ بیرونی گیٹ سے اندر داخل ہوتے اس نے گاڑی کی عقبی نشست کی طرف دیکھا۔
فارس موبائل فون کان سے لگائے کسی سے بات کرتے ہوئے مسلسل اپنی پیشانی مسل رہا تھا۔
وہ گہرا سانس لے کر اندر چلی گئی۔ گاڑی آگے بڑھ گئی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

شام کا وقت تھا۔
صندل آپا کی چھوٹی بیٹی مروہ کو پہلو میں سلائے وہ چارپائی پر کروٹ کے بل لیٹی تھی۔ دوسری چارپائی پر صابرہ بوا ابھی آ کر بیٹھی تھیں۔ پرسوچ نگاہوں میں بہت سے سوال اور فکر لیے وہ جنت کو دیکھ رہی تھیں۔
''میں جانتی ہوں، یہ ایک مشکل بات ہے۔ لیکن کرنا بھی ضروری ہے۔'' یونہی بیٹھے بیٹھے وہ کچھ سوچ کر مخاطب ہوئی تھیں۔
''اس نے تجھے ڈھونڈا تو ضرور ہوگا۔''
جنت کی آنکھیں دھیرے سے کھل گئیں۔ سوال غیر متوقع تھا۔
''کیوں ڈھونڈے گا وہ مجھے؟'' اس نے ہمت کر کے پوچھا۔
''بیوی ہے تو اس کی۔''
لمحے بھر کے لیے ایک سکوت سا اس پر طاری ہوا تھا۔ برہان کی بھی وہ بیوی تھی، وہ کبھی اس کے پیچھے نہیں آیا تھا۔ فارس شیرازی کے ساتھ تو یہ ایک زبردستی کا ان چاہا رشتہ تھا، جس کے آغاز سے پہلے ہی انجام طے کر دیا گیا تھا۔ وہ بھلا اس کے پیچھے کیسے آ سکتا تھا؟ اسے کیسے ڈھونڈ سکتا تھا؟

وہ بوا کو بتانا چاہتی تھی، انسان انہیں ڈھونڈتا ہے جو گم ہو جائیں، انہیں نہیں جنہیں وہ خود گم کردے۔

''جنہ......!'' اس کی خاموشی پر وہ ذرا بے قرار ہوئیں۔

''اب تک وہ اپنی پہلی بیوی کو واپس بھی لے آیا ہو گا بوا'' اس نے اتنے عام لہجے میں اس انداز میں بات کی جیسے وہ اپنے شوہر کی نہیں، محلے کے کسی دوسرے مرد کی بات کر رہی ہو۔ بوا تحیر سے اسے دیکھ کر رہ گئیں۔

''اور تو...... تجھے واپس نہیں لانا چاہے گا؟''

اور بات تو ''چاہت'' کی تھی۔

''خواہش'' کی تھی۔

اور ''محبت'' کی بھی......

اور وہ نہ چاہت تھی، نہ خواہش، اور نہ محبت......

''ہو سکتا ہے اس نے اب تک مجھے طلاق بھی دے دی ہو۔'' اس نے مبہم لفظوں میں بہت نارمل سے لہجے میں طلاق کا اشارہ دے دیا۔ وہ چاہتی تھی بوا سمجھ لیں اختلاف کوئی چھوٹا موٹا نہیں۔

''اگر دے بھی دے تو کیا فرق پڑتا ہے۔ طلاق تو نہیں ہو سکتی۔ تو حمل سے جو ہے۔''

جنت کی دھڑکنیں تھم سی گئیں۔ اندر باہر سناٹا چھا گیا۔ یہ خیال تو ایک لمحے کے لیے بھی اس کے ذہن میں نہیں آیا تھا۔

''کیا بہت ظلم کرتا تھا؟ مارتا پیٹتا تھا؟'' آنکھوں میں فکرمندی سموئے انہوں نے چند لمحوں کے توقف کے بعد تشویش سے پوچھا۔

لفظوں کی مار کے آگے، جسمانی تشدد کی کیا اوقات؟ اسے برہان سے پڑنے والا وہ تھپڑ یاد آیا۔ تکلیف اس تھپڑ کی زیادہ تھی، اور بہت زیادہ تھی۔

https://novelskidunya.com/

''نہیں......!''

بوا کی اٹکی ہوئی سانسیں یکا یک بحال ہوئیں۔

انہوں نے دل ہی دل میں شکر ادا کیا کہ چلو تشدد کا مسئلہ نہیں۔

ایک بار پھر خاموشی حائل ہوگئی۔ آنکھیں موند کر جنت نے دل سے دعا کی بوا اور کچھ نہ پوچھیں۔

''جنہ......بچے! کیا صلح کا کوئی راستہ نہیں نکلتا؟'' اب وہ محتاط لہجے میں بہت نرمی سے پوچھ رہی تھیں اور یہ فقط سوال نہیں تھا۔ وہ اسے پلٹنے کا راستہ دکھا رہی تھیں۔ جنت دم سادھے رہی۔

''پہلے کی بات اور تھی۔ اب تو اس کے ہونے والے بچے کی ماں ہے! مرد لاکھ پتھر دل سہی، کم از کم اپنی اولاد کے لیے تو نرم پڑ ہی جاتا ہے۔''

اس کا چہرہ اوجھل رہا۔ نم آنکھیں بند رہیں۔ اپنی سسکیاں دبائے وہ چپ چاپ لیٹی رہی۔

وہ اٹھ کر اس کی چارپائی پر آگئیں۔ نرمی سے اس کے بازو پر ہاتھ رکھا۔

''میں جانتی ہوں، یہ تیرے لیے بہت مشکل ہے مگر......تو خود سوچ۔ اس طرح تنہا زندگی کیسے گزارے گی؟ پھر تجھ پر ایک بچے کی ذمہ داری بھی آنے والی ہے۔ اس لیے اگر صلح صفائی کا کوئی بھی حل نکلتا ہو تو تجھے اس حل پر واقعی غور کرنا چاہیے۔''

اپنی بات ختم کر کے انہوں نے چند لمحوں تک اس کے جواب کا انتظار کیا مگر جنت نے گویا لب سی لیے تھے، سانسوں کو روک لیا تھا۔

''سوچنا ضرور......!'' آنکھوں میں فکر لیے، اس کی پشت تھپتھپا کر وہ اپنی چارپائی پر چلی گئیں۔

جنت نے آنکھیں کھول دیں۔ اس کا پورا کا پورا وجود درد کی لپیٹ میں آ گیا تھا۔

اس نے ابھی تک بوا کو اپنے مسئلوں سے آگاہی نہیں دی تھی۔ فارس کی نفرت اور ان چاہے رشتے کے بارے میں نہیں بتایا تھا۔ بوا پانچ سالوں کا عذاب جانتی تھیں۔ پانچ ماہ کی اذیت سے ناواقف تھیں۔

انہیں اس کے درد کا، اس کی بے کسی اور بے بسی کا اندازہ ہی نہیں تھا۔ وہ ابھی تک اس پوشیدہ اختلاف کو معمولی نوعیت کا سمجھ کر اسے فائزہ چچی کی حرکت سے جوڑ رہی تھیں۔ انہیں اس کے معاملات اتنے صاف اور سیدھے لگتے تھے کہ ان کا خیال تھا اس کا شوہر اولاد کی خبر ملتے ہی اسے بخوشی اپنا لے گا۔ وہ اس کے اس طرح اچانک گھر چھوڑنے پر بھی بہت فکر مند ہو گا۔

بوا حل کی بات کرتی تھیں۔ صلح کی راہ دیکھتی تھیں۔ احساس کا ذکر کرتی تھیں، معافی پر یقین رکھتی تھیں۔ وہ فارس وجدان کو نہیں جانتی تھیں۔ جان بھی نہیں سکتی تھیں۔ مگر وہ تو جانتی تھی اسے...... اور بہت اچھی طرح سے جانتی تھی۔

اس کی ناک گال اور آنکھیں سرخ ہونے لگیں۔ آنکھوں پر بازو رکھے وہ بے آواز رونے لگی۔

وہ فارس کے گھر مسز شیرازی کی وجہ سے رکی ہوئی تھی اور مسز شیرازی کی ہی وجہ سے اب واپس نہیں جانا چاہتی تھی۔ اور یہ بات وہ چاہ کر بھی بوا کو نہیں بتا سکتی تھی۔ وہ انہیں فارس وجدان کی نفرت کی وجہ نہیں سمجھا سکتی تھی۔ سارے لفظ، ساری دلیلیں، ساری کی ساری وضاحتیں ختم ہو جاتی تھیں۔ ایک خاموشی ہی تھی جو رہ جاتی تھی۔ ایک جمود ہی تھا جو طاری ہو جاتا تھا۔

اس نے پہلے بھی کسی کو کچھ نہیں بتایا تھا۔ اب بھی نہیں بتانا چاہتی تھی۔

لیکن بوا ان سب باتوں سے بے خبر ان راستوں کو ڈھونڈ رہی تھیں جو اذیت بھرے اور پر خار تھے۔ ان خوشیوں کو تلاش رہی تھیں جن پر اس کا حق تھا ہی نہیں......

بات نصیب کی تھی۔

اور اب بھی...... نصیب کی ہی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

کہاں آ کے رکنے تھے راستے، کہاں موڑ تھا، اسے بھول جا

وہ جو مل گیا اسے یاد رکھ جو نہیں ملا، اسے بھول جا

رنگ برنگے غبارے اڑا دیے گئے۔ ٹب میں پانی بھرا گیا، کاغذ کی کشتیاں بنائی گئیں، رنگوں سے کئی لکیریں صفحوں پر لگائی گئیں، کئی پھول بنائے گئے، کئی گھر سجائے گئے۔ اور کئی خوشیاں سبز درختوں کی شاخوں پر پرندوں کی صورت بٹھا دی گئیں۔

وہ ترے نصیب کی بارشیں کسی اور چھت پہ برس گئیں

دلِ بے خبر مری بات سن، اسے بھول جا، اسے بھول جا

فاطمہ کی دو گڑیاں تھیں۔ ایک کو دلہن اور دوسری کے بال چھپا کر، مارکر سے مونچھیں ڈاڑھی بنا کر، سفید شلوار سوٹ پہنا کر زبردستی کا گڈا بنا دیا گیا۔ شام تک شادی سرانجام پانا تھی۔ اس کے کمرے میں، الماری کے ایک خانے میں دلہن کا پورا کمرہ سیٹ کیا جانے لگا۔ ننھے ننھے شادی کارڈ چھوٹی بچیوں میں بانٹے گئے۔

میں تو گم تھا تیرے ہی دھیان میں، تری آس تیرے گمان میں

صبا کہہ گئی مرے کان میں، مرے ساتھ آ، اسے بھول جا

مغرب تک صحن میں جیتے جاگتے پھول جمع ہو گئے۔ گڑیا کا کمرہ، اس کا سامان، اس کا جوڑا دیکھا گیا، دولہا کو بڑی شرارتی نگاہوں سے پرکھا گیا، ہنسی دبائی گئی۔ پھر رخصتی ملاحظہ کی گئی۔ نیچے صحن سے اوپر اس کے کمرے تک بارات آئی۔ پھر پلاؤ کھایا گیا۔ ہنستے مسکراتے پھول خوشی خوشی چلے گئے نگران کی آمد سے جو سکون اترا وہ وہیں ٹھہر گیا۔

کسی آنکھ میں نہیں اشکِ غم ترے بعد کچھ بھی نہیں ہے کم

تجھے زندگی نے بھلا دیا، تو بھی مسکرا، اسے بھول جا

کمرے کی صفائی کرتے، اپنے کپڑے دھو کر تار پر پھیلاتے، تیز دھوپ میں گلابی رنگت لیے منڈیر سے آگے دور دور تک پھیلے سرسبز کھیتوں کو دیکھتی وہ......

کیوں اٹا ہوا ہے غبار میں، غمِ زندگی کے فشار میں
وہ جو درد تھا ترے بخت میں، سو وہ ہو گیا اسے بھول جا

اور نیچے اپنی بہنوں کی غیر موجودگی میں جھولے پر بیٹھا علی.....ذرا سی خفگی سے اسے دور سے دیکھتا ہوا کہ اس کی آمد کے بعد سے اس کی تین عدد شرارتی بہنیں اب ہر وقت آپی آپی کرتی اوپر ہی پائی جاتی تھیں۔

https://novelskidunya.com/

اب نہ کسی سے پائپ چھیننے پر لڑائی ہوتی، نہ جھولا ہتھیانے پر شور مچتا......نہ چھوٹی چارپائی کے لیے رونا دھونا ہوتا۔

کتنا سکون اور کتنی خاموشی تھی گھر میں......اس کی اماں اب آرام سے ہر کام کرتی تھیں۔ پڑوسیوں کے گھر چکر بھی لگا آتی تھیں، شاپنگ پر بھی بغیر فکر کے چلی جاتی تھیں۔ اب وہ اس سے یہ نہیں کہتی تھیں علی تم ان کا خیال رکھنا، اور ایسے خیال رکھنا! اور اس طرح خیال رکھنا۔ دور سے ہی اس غاصب لڑکی نے اسے دیکھتے ہوئے ہاتھ ہلایا تو دادی، نانی کے لاڈلے نے نخوت سے چہرے کا رخ موڑا۔

تجھے چاند بن کے ملا تھا جو، ترے ساحلوں پہ کھلا تھا جو
وہ تھا ایک دریا وصال کا سو اتر گیا، اسے بھول جا

اجالے آسمانوں پر سمٹ گئے، اندھیرا دھرتی پر اتر آیا۔ چہار سو سکون بھری خاموشیاں چھا گئیں۔ اور بہت اوپر سے مدھم روشنی میں وہ منظر نمایاں ہوا۔

سلیم سے ویڈیو کال کرتی بوا اور سامنے ہی وہ بیٹھی تھی۔ فاطمہ، عیشا اور ننھی مروہ کو ساتھ لیے۔ آج صبح ہی بوا نے لوڈو منگوا کر دی تھی اور اب ہنستے مسکراتے وہی کھیل کھیلا جا رہا تھا۔

وہ جیت رہی تھی، بچیاں ہار رہی تھیں۔ سلیم کو پتا چلا تو خوب ہنسا۔
''یہ ویسی کی ویسی ہے اماں! ذرا نہیں بدلی۔'' وہ مسکرائیں۔
اور یہی مسکراہٹ اس کی آنکھوں کی نمی بن گئی۔

نہ وہ آنکھ ہی تری آنکھ تھی، نہ وہ خواب ہی ترا خواب تھا
دلِ منتظر تو یہ کس لیے ترا جاگنا، اسے بھول جا

وہ نیچے علی کے پاس گئی۔ کمر پہ ہاتھ رکھ کر، سر اٹھا کر فاتحانہ انداز میں مسکرائی۔
''تمھاری بہنیں مجھ سے ہار گئیں، تم جیت کر دکھاؤ تو بات بنے۔''
اتنے دنوں تک اسے نظر انداز کرتا علی یک ٹک اسے دیکھ کر رہ گیا۔ اس کی ننھی سی غیرت کو بہنوں کی شکست گوارا نہ ہوئی۔ چیلنج قبول کر کے فوراً اوپر آ گیا۔ ایک بار پھر محفل جمی اور وہ نوسالہ بچے سے ہار گئی۔

یہ جو رات دن کا ہے کھیل سا، اسے دیکھ، اس پہ یقیں نہ کر
نہیں عکس کوئی بھی مستقل سرِ آئینہ، اسے بھول جا

''آپ کو نہیں پتا لیکن میں بہت ذہین ہوں۔'' اس نے سر اٹھا کر فاتحانہ انداز میں جتایا۔ بہنیں اس کے ساتھ جڑی بیٹھی تھیں اور اتنا خوش ہو رہی تھیں جیسے ان کے بھائی کو ہفت اقلیم کی دولت مل گئی ہو۔
ایک مروہ ہی تھی جو فیڈر منہ میں ڈالے اس کی گود میں بیٹھی، اس کی خاموش ساتھی بنی ہوئی تھی۔

جو بساطِ جاں ہی الٹ گیا، وہ جو راستے سے پلٹ گیا
اسے روکنے سے حصول کیا، اسے مت بلا، اسے بھول جا

اس کی آنکھیں دھندلائیں۔ تبسم ہونٹوں پر ٹھہر گیا۔ دن بیدار ہوا، شام آنکھوں میں اتر آئی۔
وقت گزرا، چند دن گزر کر ایک بار پھر رک گیا۔
وہ صندل آپا کے بچوں کو اب شہزادیوں کی کہانیاں سنا رہی تھی۔ علی ناک بھوں چڑھا رہا تھا۔ اسے

تو کسی بھوت، کسی جن، کسی طاقت ور شہزادے کی کہانی سنی تھی۔ جس نے کئی لوگوں کے سر پھاڑے ہوں، دیو بھگائے ہوں، پہاڑ گرائے ہوں، تباہیاں مچائی ہوں۔

"مجھے نہیں آتیں ایسی کہانیاں......" وہ اسے گھور کر کہہ رہی تھی۔

"آپ بہت بور کرتی ہیں۔" رخ بدل کے اس نے کان پر ہاتھ رکھا تھا۔

تو یہ کس لیے شب ہجر کے اسے ہر ستارے میں دیکھنا
وہ فلک کہ جس پہ ملے تھے ہم، کوئی اور تھا، اسے بھول جا

سفیدے کے پتوں سے ہوائیں سرسرا کر گزریں۔ بادلوں کی اوٹ سے نکلتی چاندنی صحن میں اتر آئی۔ اس کے آس پاس ہر طرف امید کے نقرئی ذرے بکھر گئے۔ اس نے دعا مانگتے ہوئے ان ذروں کو انگلی کی پور پر چنا۔

آنکھوں میں ننھی جان خواب ہو کر بس گئی۔ قلب سرور کے لے میں ڈوبا تو انگ انگ میں سکون ٹھہر گیا۔

کہاں آ کے رکنے تھے راستے، کہاں موڑ تھا، اسے بھول جا
وہ جو مل گیا اسے یاد رکھ، جو نہیں ملا اسے بھول جا

آسمان کو دیکھتے اس نے آنکھیں موند لیں۔

تکیہ پھر سے بھیگنے لگا۔ مگر لبوں پر مسکراہٹ ٹھہری رہی اور کافی دیر تک ٹھہری رہی۔

☆......☆......☆

مطلع ابر آلود تھا۔ فضا میں حبس کے ساتھ خاموشی چھائی ہوئی تھی۔ شدید گرمی سے اکتائے ہوئے علی کا خیال تھا آج بارش ضرور ہوگی۔ وہ بھی یہی چاہتی تھی لیکن گھر پہنچنے سے پہلے تک نہیں۔

صندل آپا ننھی مروہ کو لیے اپنے میکے گئی ہوئی تھیں، صابرہ بوا نے ہمسائی کے یہاں دعوت پر

اسے اور بچیوں کو بھیج دیا تھا۔ خود وہ گھر میں سلیم کی بیوی انعم کی کسی رشتہ دار کی وجہ سے رک گئی تھیں جو آج صبح ہی ان سے ملنے آ گئی تھی۔

صابرہ بوا کی ہمسائی کا گھر ہرے بھرے کھیتوں اور وسیع سبزہ زار کے اس پار تھا۔ دعوت سے چار بجے تک فارغ ہو کر اس نے واپسی کا رخ کیا تو اس وقت آسمان سیاہ بادلوں کی لپیٹ میں آ چکا تھا۔

فاطمہ، عیشا اور علی پگڈنڈی پر شور مچاتے بھاگے چلے جا رہے تھے اور وہ سر پر دوپٹہ لیے احتیاط سے قدم اٹھاتی ان کے پیچھے چل رہی تھی۔ شہد رنگ بالوں کی کچھ لٹیں پیشانی سے چپکی ہوئی تھیں۔ گرمی کی شدت سے چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔

''آج تو طوفان آئے گا۔'' علی نے ہاتھ اٹھا کر آسمان کو دیکھتے ہی کہہ دیا۔

''اللہ نہ کرے علی۔'' وہ دہل کر بولی۔ اسے بارش ضرور چاہیے تھی مگر طوفان کے ساتھ ہرگز نہیں۔

علی نے مڑ کر اسے دیکھا، پھر رک گیا۔ ''آپ یہاں نئی آئی ہو نا اس لیے آپ کو نہیں پتا۔ ہمیں پتا ہے۔ یہاں ساری ہوائیں رک جاتی ہیں، پھر بادل آتے ہیں۔ وہ بالکل کالے ہو جاتے ہیں۔ پھر ہوائیں چلتی ہیں اور بہت زور سے چلتی ہیں۔ اتنی زور سے کہ اگر آپ کمرے میں نہیں چھپیں گی تو اڑ جائیں گی۔''

جنت نے رک کر پسینہ صاف کیا۔ گہرا سانس لے کر پھر سے قدم اٹھائے۔ پتا نہیں علی کو یہ کیوں لگتا تھا کہ وہ کسی اور سیارے کی مخلوق تھی جسے بارش، آندھی اور طوفان کے بارے میں کوئی علم نہ تھا۔

''اس کے بعد بارش آتی ہے، بہت تیز!'' علی نے دونوں ہاتھ چہرے کے قریب لا کر، آنکھیں میچیں...... ''اتنی تیز...... اتنی تیز کہ......''

''کہ اگر میں کمرے میں نہیں چھپوں گی تو بہہ جاؤں گی۔'' بقیہ جملہ اس نے بیزار ہو کر مکمل کیا۔

''بالکل......!'' علی اترایا۔ پھر تیزی سے بھاگا۔

فاطمہ نے اس کی دیکھا دیکھی رفتار پکڑی۔ البتہ عیشا پگڈنڈی سے گزرتی کہیں سے پھول، کہیں سے پتے، کہیں سے کوئی کلی توڑتی جا رہی تھی۔ اور اس عمل کی وجہ سے وہ جنت سے بھی پیچھے رہ گئی تھی۔

''عیشا......!'' ہر تھوڑی دیر بعد وہ رک کر اسے پکارنے لگتی۔ اور عیشا سرعت پکڑ کر پھر سے سست ہو جاتی۔

کھیتوں کے اس پار مضبوط راستے پر قدم جماتے ہی اسے فضا میں یکا یک ٹھنڈک کا احساس ہوا۔ ہوائیں چل گئی تھیں مگر اتنی تیز نہیں تھیں کہ اسے اڑا لے جائیں۔

عیشا کا ہاتھ پکڑ کر اپنی رفتار بڑھاتے ہوئے وہ دائیں طرف گلی میں داخل ہو گئی۔ بالکل سامنے سڑک واضح نظر آتی تھی۔ جس پر اکا دکا گاڑیاں گزرتی ہوئی دکھائی دے جاتی تھیں ورنہ موٹر سائیکل یا پھر رکشے نظر آتے رہتے۔

ایک سیاہ لینڈ رووراسے سڑک کنارے ہی کھڑی دکھائی دے گئی تھی۔ شاید کوئی جاگیردار اپنی زمینوں کے دورے پر تھا۔

گردن موڑ کر اسی طرف دیکھتے وہ دوسری گلی میں داخل ہوئی اور اگلے ہی لمحے اپنی جگہ پتھر کی طرح ساکت ہو گئی۔

علی نے بھاگ کر آہنی دروازہ اندر کی جانب دھکیل دیا تھا۔ فاطمہ اس کے پیچھے بھاگی تھی۔ عیشا کو گلی میں ہی کوئی چیز نیچے گری ہوئی ملی تھی جسے اٹھانے کے لیے وہ جھک گئی تھی۔

وقت لمحے بھر کے لیے رکا تھا اور پھر جیسے رکا رہ گیا تھا۔ بارش کے قطرے فضا میں معلق ہوئے، ہوائیں رک گئیں، شور تھم گیا۔

سیاہی مائل جینز پر خاکی کاٹن آف وائٹ شرٹ میں ملبوس فارس وجدان اس کے سامنے کھڑا تھا۔ کشادہ پیشانی پر بال بکھرے تھے۔ ہیزل آنکھوں کی سرخی میں نمی ٹھہری تھی۔

بڑھی ہوئی شیو کے ساتھ یقین اور بے یقینی میں مدغم ہوتے تاثرات میں ایک پوشیدہ کرب لیے وہ وہم سے خیال، اور پھر خیال سے ایک حقیقت ہو گیا تھا۔

بادلوں کی گھن گرج کے ساتھ بارش شروع ہوئی۔

اسے گھر چھوڑے ہوئے پچیس دن ہو چکے تھے، چھبیسویں دن وہ اس کے سامنے کھڑا تھا۔اس نے وہ مدت پوری ہونے نہیں دی تھی۔اسے وقت کی حد سے نکلنے نہیں دیا تھا۔

جنت کو اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آیا تھا۔ فارس وجدان یہاں نہیں ہو سکتا تھا۔ وہ اس کے پیچھے یہاں نہیں آسکتا تھا۔

ایک نکاح ہی تو تھا، اور اس نکاح کی تو فارس وجدان کے نزدیک کوئی اہمیت ہی نہ تھی۔ وہ کسی بزنس ڈیل کی طرح اس رشتے کو ایک عام سا کانٹریکٹ سمجھتا تھا، اور اس عام سے کانٹریکٹ کے لیے وہ اتنا سفر طے کر کے یہاں تک نہیں آسکتا تھا۔اس کا راستہ نہیں روک سکتا تھا۔لیکن جو فارس اس کے سامنے کھڑا تھا، اس نے ایسا کر دیا تھا۔

https://novelskidunya.com/

وہ اب قدم اٹھا رہا تھا تو اس کی چال غیر متوازن تھی۔ ایسے لگتا تھا جیسے وہ کسی لمبے سفر سے شکست خوردہ سا لوٹا ہو۔ منزل اب بھی اس کے لیے بے نام، اور راستہ ابھی بھی اس کے لیے مشکل رہا ہو۔ جانے وہ بارش تھی جس نے اس کا چہرہ تر کر دیا تھا یا وہ آنسو تھے جو اس کی آنکھوں سے گر رہے تھے؟ وہ سمجھ نہ سکی۔

فارس کے ساتھ اس کے معاملات اس نوعیت کے ہرگز نہیں تھے کہ وہ اس لمحے کمزور پڑتی یا حساس ہو جاتی۔ وہ اس کا سہارا نہیں تھا کہ اس کے بنا وہ ٹوٹ کر ریزہ ہوتی۔ لیکن اسے رونا آیا تھا اور جانے کیوں شدت سے رونا آیا تھا مگر وہ ساری چیخیں آنکھوں میں لیے، ضبط کیے کھڑی تھی۔ وہ زندگی کی طرف بہت مشکلوں سے پلٹی تھی، دوبارہ فنا نہیں ہونا چاہتی تھی۔

وہ وہیں کھڑی تھی، جہاں وہ تھی، مگر فارس وہاں نہیں تھا، جہاں وہ ہوا کرتا تھا۔ وہ پہلے کسی اور مقام پر تھا، اب کسی اور مقام پر نظر آ رہا تھا۔

فاصلہ ختم ہوا۔اور وقت رک گیا۔قریب پہنچ کر اس نے آہستگی سے ہاتھ اٹھایا، کپکپاتی انگلیوں سے اس کا گال چھوا۔ وہ یقین کرنا چاہتا تھا جنت خیال نہیں تھی، ایک حقیقت ہو چکی تھی۔

اس کے چہرے کے تاثرات یکا یک یوں ہوئے جیسے اس میں ابھی ابھی زندگی کی اک نئی لہر دوڑی ہو۔ یا جیسے اس کی تھمی ہوئی سانسیں نئے سرے سے بحال ہوگئی ہوں۔ وہ پھر سے جی اٹھا ہو۔ وہ اس کی ہر کیفیت اور احساس سے بے خبر اسے بہت صدمے سے دیکھ رہی تھی۔

علی کہہ رہا تھا، آج طوفان آئے گا۔ علی ٹھیک ہی کہہ رہا تھا۔

جنت کمال کی زندگی میں طوفان آ چکا تھا۔

یکا یک وہ اپنے سکتے سے باہر آئی۔ اس نے فارس کا ہاتھ جھٹک دیا۔ اسی سرعت سے رخ بدل کر گھر میں داخل ہوئی اور اسی تیز بوچھاڑ میں بھیگتی ہوئی سیڑھیاں چڑھتی اپنے کمرے میں بند ہوگئی۔

☆......☆......☆

https://novelskiduniya.com/

نائلہ طارق کا بہت خوبصورت نیا ناول

هوش رُبا

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

ندا حسنین کا بہت خوبصورت نیا ناول

عشق نگر کے مُسافر

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

بارش نے زور پکڑ لیا تھا۔ آندھی شدت اختیار کر گئی تھی۔ سفیدے کے درخت ہوا کے زور سے گویا صحن کی دیواروں پر جھکے چلے آ رہے تھے۔ دور کہیں بجلی چمکی تھی۔ بادل گرجے تھے۔ اندر اور باہر کا موسم ایک سا ہو گیا تھا۔

فضا کا سکوت طوفان نے درہم برہم کیا تھا اور اس کے اندر کا سکون فارس وجدان نے ختم کر دیا تھا۔ وہ اندھیرے میں کھڑکی کے سامنے سر جھکائے بیٹھی تھی۔ چہرہ ستا ہوا تھا۔ لب بھینچے ہوئے تھے۔ آنکھوں میں نمی ٹھہری تھی۔

https://novelskidunya.com/

فارس وجدان کسی کے بلانے پر یہاں نہیں آیا تھا۔ بوا ابھی کچھ دیر پہلے ہی اپنی پوزیشن کلیئر کر کے گئی تھیں۔ انہوں نے فارس سے رابطہ نہیں کیا تھا اور نہ ہی اس سلسلے میں سلیم سے کوئی بات کی تھی۔ وہ یہ ضرور چاہتی تھیں، جنت اپنے شوہر کے پاس چلی جائے مگر اس کے لیے انہوں نے خود سے کوئی کوشش نہیں کی تھی۔ وہ اسے اعتماد میں لیے بغیر ایسا کوئی قدم اٹھانے کا سوچ بھی نہیں سکتی تھیں۔

تو کیا مسز شیرازی نے اسے بھیجا تھا؟ کیا وہ ان کے کہنے پر یہاں آیا تھا؟ اس کا دل چاہا، وہ ابھی نیچے جائے اور اس سے مسز شیرازی کے بارے میں پوچھے مگر وہ نہیں گئی۔ ذہن کو، ہر طرح کے خوف اور وسوسے کی گرفت سے چھڑاتی وہیں بیٹھی رہی۔

Novels Ki Dunya

جانے کتنے غم تھے جو یاد آئے جا رہے تھے۔ اپنی ریاضتیں، صبر، برداشت اور فارس وجدان کی نفرت، دھمکیاں اور طلاق...... ایک وعدہ تھا جو اس نے خود سے کیا تھا۔ اور اپنے اس وعدے پر اسے ہر صورت قائم رہنا تھا۔ واپسی کی ہر راہ اس پر پہلے سے مسدود تھی۔ دل کا ہر دروازہ اس پر بہت پہلے سے بند تھا۔ اب اسے کوئی حماقت نہیں کرنی تھی اور کسی صورت نہیں کرنی تھی۔ نہ سر جھکانا تھا، نہ منت کرنی تھی اور نہ کسی دباؤ میں آ کر کوئی قدم اٹھانا تھا۔ بات اب اس کے بچے کی تھی۔ اور صرف بچے کی ہی رہ گئی تھی۔ وہ عدم تھی تو اب اسے منظر نہیں ہونا تھا۔ تصور تھی تو اب اسے حقیقت نہیں ہونا تھا۔

بوا اسے ارسلان بھائی کا سوٹ دے کر اوپر آئیں تو آنکھوں میں خوش گوار سا تاثر ٹھہرا تھا۔ وہ فارس کی آمد پر اتنی خوش تھیں کہ پاؤں زمین پر نہیں ٹک رہے تھے۔ ایسے جیسے وہ ان کا سچ مچ کا داماد ہو۔

''میں سوچ رہی ہوں، تیرے گھر والے کو خوش خبری سنا دوں۔ یا تو خود سنا دے گی؟'' انہوں نے پوچھا۔ وہ گم صم سی انہیں دیکھ کر رہ گئی۔ بوا اس کے لیے سب کتنا مشکل کر رہی تھیں۔

''اور یہ کیا تو اندر چھپ کر بیٹھ گئی ہے، کیا سوچے گا وہ؟''

بوا اس پر خفا ہوئیں۔ انہیں فارس کی کتنی فکر ہونے لگی تھی۔ صرف اس لیے کہ وہ اس کا شوہر تھا۔ اس کی آمد کا مقصد، اس کا ارادہ جانے بغیر صرف اس لیے کہ وہ اس کی تھی..... تو وہ اہم ہو گیا تھا۔

''ویسے ماشاء اللہ تیرا گھر والا ہے بڑا سوہنا.....'' لگے ہاتھوں تعریف بھی کر ڈالی۔

''کوئی سوہنا وہنا نہیں ہے وہ.....'' وہ جو اتنی دیر سے صبر کیے بیٹھی تھی، بول پڑی۔

بوا نے مڑ کر اسے دیکھا۔ وہ خفا خفا سی چہرے کا رخ بدل گئی۔ انہوں نے الماری سے ایک مردانہ شال نکالی اور جانے کیوں مسکراتی ہوئی چلی گئیں۔

بارش کا زور ٹوٹ گیا تھا۔ مدھم پھوار ہنوز برس رہی تھی۔ اس نے دوسری موم بتی جلائی، پھر تیسری، پھر چوتھی مگر اندھیرا ٹھہرا رہا.....الجھن بڑھتی رہی۔

کچھ ہی دیر بعد علی آ گیا۔

''وہ آپ کے شوہر ہیں؟'' پتا نہیں علی پوچھ رہا تھا یا بتا رہا تھا۔ اس نے کچھ نہ کہا۔

''ٹھنڈ لگ گئی ہے انہیں.....چھینکیں آئی جا رہی ہیں۔ اتنی دیر تک تو وہ دروازے میں کھڑے بارش میں بھیگتے رہے۔'' وہ اس کے برابر میں تخت پر ٹک گیا۔ ٹارچ ہاتھ میں تھی۔

اماں نے ابو کے کپڑے دیے ہیں انہیں۔ بالکل اچھے نہیں لگ رہے۔''

''کپڑے.....؟'' اب کے ذرا سا رخ موڑا۔

"نہیں، وہ خود......"

اس نے نگاہیں موم بتی پر جمالیں، لائٹ جانے کب آنا تھی۔

"ان کی گاڑی اچھی ہے، اور موبائل بھی......"

پھر جیسے کام کی بات یاد آئی تو فوراً نیچے اترا۔

"اماں کہہ رہی ہیں، سر درد کی گولی دے دیں۔"

"کس کو چاہیے؟"

"جن کو چھینکیں آئے جا رہی ہیں انہیں۔"

اب کے وہ ذرا سا چونک کر اس کی طرف مڑی۔ "بوا نے کہاں بٹھایا ہے اسے؟"

"بیٹھک میں۔"

اسے یاد آیا بیٹھک کے بیرونی دروازے سے اکثر ایک بلی اندر آ جایا کرتی تھی۔ بارش کے موسم میں تو لازمی ایسا ہوتا تھا۔

سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر وہ تیزی سے نیچے آئی۔

عیشا اور فاطمہ برآمدے میں رکھی چارپائی پر بیٹھی تھیں۔ بوا نے ڈانٹ کر بٹھایا تھا کہ عیشا بھاگتے ہوئے دو بار پھسل کر گر چکی تھی۔

"بوا......!" وہ سیدھا کچن میں آ گئی۔

بوا نے کھانا گرم کرتے ہوئے اس کی طرف ذرا سی خفگی سے دیکھا کہ محترمہ کو نیچے آنا یاد آ گیا؟

"آپ اسے کسی اور کمرے میں بٹھا دیں۔" انگلیاں مسلتے ہوئے وہ پریشانی سے بولی۔

"جنہ! مجھے تجھ سے یہ امید نہیں تھی۔" بوا کو باقاعدہ غصہ آ گیا۔

"میں نے یہ تو نہیں کہا، اسے گھر سے نکال دیں۔" وہ احتجاجاً دبی آواز میں چلائی۔

https://novelskidunya.com/

''ایک ہی بات ہے۔'' ان کا پارہ چڑھ گیا۔ ''میں دیکھ رہی ہوں جب سے وہ بے چارہ آیا ہے تجھے آرام نہیں مل رہا۔''

''بے چارہ؟'' جنت کی آنکھوں میں اس ناانصافی پر آنسو آ گئے۔

''اسے بلیوں سے الرجی ہے بوا! بیٹھک میں بیٹھا رہا تو طبیعت خراب ہو جائے گی۔''

''طبیعت تو اس کی پہلے سے خراب ہے، پتا نہیں کیسے گاڑی چلا کر یہاں آیا ہے۔'' وہ زیرِ لب بڑبڑاتے ہوئے برتن میں سالن نکالنے لگیں۔

https://novelskidunya.com/

''تو جا، جہاں بٹھانا ہے، بٹھا دے۔'' انہوں نے ہاتھ سے اشارہ کر دیا۔

''بوا......!'' وہ روہانسی ہوئی۔ بوا نے خود کو سخت پتھر کر لیا۔

اس کا شوہر، اس کا فرض، اس کی ذمہ داری......

وہ بگڑے تیوروں کے ساتھ باہر نکل گئی۔ علی کو آواز دے کر بیٹھک میں بھیجا اور خود سیڑھیاں چڑھ کر اوپر آ گئی۔

ناولز کی دُنیا
NovelsKiDunya

بیڈ پر سے کچھ رسالے غصے سے اکٹھے کر کے سائیڈ ٹیبل پر رکھے۔ تکیے وغیرہ درست کیے۔ چند مزید موم بتیوں کا اضافہ کر کے روشنی بڑھانا چاہی۔

عین اسی لمحے علی کمرے میں داخل ہوا۔ ''انہوں نے کہا، میں یہیں ٹھیک ہوں۔''

''کیا مطلب، یہیں ٹھیک ہوں۔ تم نے بتایا نہیں انہیں، کمرے میں بلی آتی رہتی ہے؟''

''یہ کیوں بتانا تھا؟'' علی سراپا سوال بن گیا۔

''اف!'' اس نے پیشانی پر ہاتھ مارا۔ پھر ضبط کر کے سیڑھیاں اترتی نیچے آ گئی۔ علی بڑے مزے سے ٹہلتا اس کے پیچھے تھا۔ ''بتایا تھا میں نے...... بتایا تھا بلی آتی ہے کمرے میں، لیکن وہ پھر بھی نہیں اٹھے۔''

اس نے مڑ کر علی کو دیکھا، پھر دانت کچکچاتے ہوئے ڈرائنگ روم کا ادھ کھلا دروازہ پورا کھول دیا۔

دروازے کے بالکل قریب وہ صوفے پر شلوار سوٹ میں ملبوس بیٹھا تھا۔ چھینکوں سے کچھ عاجز ہو کر اس نے سر اٹھایا۔ آنکھوں میں خفگی، غصہ، ناراضی اور جانے کیا کچھ لیے جنت کمال ایک بار پھر اس کے سامنے کھڑی تھی۔

"اگر اب تمہیں ری ایکشن ہوا تو میں تمہیں سی پی آر نہیں دوں گی۔ ہاسپٹل بھی کافی دوری پر ہے۔ ابھی سے بتا رہی ہوں تمہیں۔" لہجے کو حتی الامکان سخت رکھتے ہوئے اس نے اپنے مخصوص لہجے اور انداز میں اس پر واضح کر دیا۔

https://novelskidunya.com/

اور جانے کیسے، اور جانے کس طرح فارس وجدان کے لبوں پر تبسم بکھرا۔ آنکھوں کی نمی یکا یک بڑھ گئی۔ بے نام سا حزن سرخ ڈوروں میں ٹھہر گیا۔

"اپنی زندگی پیاری ہے تو اوپر کمرے میں آ جاؤ۔"

وہ کہہ کر پلٹ گئی۔ فارس اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا۔ اسی خاموشی کے ساتھ وہ اس کے پیچھے سیڑھیاں چڑھتا چھت والے کمرے تک آ گیا۔ دروازہ کھول کر اسے اندر داخل ہونے کا راستہ دیتی وہ خود باہر ہی رہی۔ اور کچھ ہی دیر میں وہ پھر سے نیچے تھی۔

بوا ٹرے ہاتھوں میں لیے باہر آئیں تو اس نے چہرے کا رخ پورا کا پورا موڑ لیا کہ مبادا اب وہ اس سے یہ کہہ دیں کہ کھانا بھی وہ لے جائے۔ صد شکر کہ بوا نے ایسا کچھ نہ کہا۔

وہ کھانا دینے گئیں تو کچھ دیر تک اوپر بیٹھی رہیں اور وہ نیچے جلے پیر کی بلی کی طرح چکراتی رہی۔

یہاں سے وہاں......اور پھر وہاں سے یہاں......

لائٹ آ چکی تھی۔ بچے سو گئے تھے۔ صندل آپا نے فون کر کے کہہ دیا، موسم کی خرابی کی وجہ سے وہ کل ہی آئیں گی۔ اور اسے کسی صورت نہ نیند آ رہی تھی اور نہ سکون مل رہا تھا۔ عجیب سی ٹینشن تھی جس نے اسے گھیر لیا تھا۔

جانے بوا کیا بات کر رہی ہوں گی۔ وہ ان سے کیا کہہ رہا ہوگا؟ ایسا نہ ہو بوا منت سماجت کرنے لگ جائیں اس کی؟ اس نے نچلا لب دانتوں تلے دبایا۔

کچھ ہی دیر میں اس نے بوا کو سیڑھیاں اترتے دیکھا۔

''زیادہ تو کچھ نہیں کھایا۔'' وہ کچن میں ٹرے رکھ کر اس کے پاس آ گئیں۔

''تو......پھر......؟'' وہ خود سے کچھ پوچھ بھی نہیں رہی تھی اور چاہتی تھی بوا سب بتا دیں۔

''طبیعت نہیں ٹھیک......گولی دی ہے میں نے۔ کوئی بات بھی نہیں کر رہا۔ تم جاؤ اوپر۔ اس سے پوچھو، کسی چیز کی ضرورت تو نہیں۔ میرے سامنے جھجک رہا تھا، تمہیں بتا دے گا۔''

''بوا......!'' اس نے روہانسی ہو کر سر اٹھایا۔ ''آپ......''

''جنہ......!'' انہوں نے خفگی سے ٹوکا۔ ''شوہر ہے وہ تیرا، کوئی اجنبی نہیں ہے۔ جا شاباش......!'' انہوں نے محبت سے پچکارا تو آنکھوں میں ڈھیر ساری نمی لیے وہ بگڑے تیوروں کے ساتھ اوپر آ گئی۔

''ایک تو بوا......'' آنکھیں رگڑ کر صاف کیں۔

''کچھ سمجھتی ہی نہیں ہیں۔'' بڑبڑاتے ہوئے اندر داخل ہوئی۔

سامنے ہی وہ اسے بیڈ پر نیم دراز دکھائی دیا۔

وہ جانتی تھی، اسے اپنے گھر کے علاوہ کسی اور جگہ پر ٹھیک سے نیند نہیں آتی تھی مگر وہ بیڈ پر ایک ہی پوزیشن میں اتنی گہری نیند سو رہا تھا کہ وہ چند لمحے کے لیے اس کے چہرے سے نظر نہ ہٹا سکی۔

اسے بے سکون کر کے وہ ہمیشہ کتنے سکون سے سوتا تھا۔ تپ کر لب بھینچے، آنکھیں رگڑیں۔ ایک بار پھر اسے دیکھا۔

بارش سے موسم کافی سے زیادہ ٹھنڈا ہو گیا تھا۔ ہلکا سا پنکھا بھی چل رہا تھا تو کچھ سوچ کر کمبل پھیلا

دیا کہ اس کی طبیعت بھی ٹھیک نہیں تھی۔

پاس ہی موبائل رکھا تھا، جھک کر اٹھالیا۔ موبائل آف تھا۔ بیٹری تقریباً ختم......اس موبائل کی چارجر والی پن پورے گھر میں کسی کے پاس نہیں تھی۔ اسے بے اختیار مسز شیرازی کا خیال آیا۔ جب بھی وہ رابطہ نہیں کر پاتا تھا تو وہ اس کے لیے بہت پریشان ہو جاتا کرتی تھیں۔ اب بھی ہو رہی ہوں گی۔

گہری سانس لے کر موبائل رکھ دیا۔ بلب بجھا کر اس نے کھڑکی کا ایک پٹ کھول دیا اور خود شال اوڑھے باہر آگئی۔ منڈیر کے پاس رک کر اس نے تاریکی میں دور تک دیکھا۔

طوفان گزر چکا تھا۔ مگر اس کے آثار رہ گئے تھے۔

https://novelskidunya.com/

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

ناولز کی دُنیا
NovelsKiDunya

رنگا رنگ کہانیوں سے سجا، خوبصورت اور دلکش

سوہنی ڈائجسٹ

SohniDigest.Com

اگر آپ بھی لکھ رہے ہیں اور اُردو قارئین کی تلاش میں ہیں تو اپنی کہانیاں Inpage میں کمپوز (ٹائپ) کر کے پورے اعتماد کے ساتھ سوہنی ڈائجسٹ میں بھیجیے۔ نئے لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

ابھی sohnidigest@gmai.com پر ای میل کریں۔

قسط نمبر 8

کروٹوں پر کروٹیں بدلتی وہ کافی دیر تک بے آرام رہی۔ بمشکل بارہ بجے آنکھ لگی تو ڈیڑھ بجے کھل گئی۔ اس نے اٹھ کر بیٹھتے ہوئے اطراف میں نگاہ دوڑائی۔

پورا گھر خاموشی میں ڈوبا ہوا تھا۔ سب ہی خوابِ خرگوش کے مزے لے رہے تھے۔ ایک وہی تھی جسے ایک پل کا آرام نہیں تھا۔

اس نے چپل ڈھونڈ کر پہنی۔ کچن میں جا کر پانی پیا، پھر فاطمہ پر ٹھیک سے لحاف ڈالتی سیڑھیوں کی طرف جا کھڑی ہوئی۔ سر اٹھا کر اوپر دیکھا۔

نیچے سب سو رہے تھے تو اوپر وہ بھی یقیناً سو ہی رہا ہوگا۔ کچھ دیر تک وہ شال کو کندھوں پر ڈالے گومگو سی کیفیت میں اپنی جگہ کھڑی رہی۔

وہ فارس وجدان کو جگا کر بوا کی غیر موجودگی میں ہی اس کی آمد کی وجہ جاننا چاہتی تھی۔ اور یہ کام وہ صبح سے پہلے پہلے کر لینا چاہتی تھی۔

جانتی تھی بوا مداخلت سے باز نہیں آئیں گی۔ وہ ان کے مابین صلح کی ہر ممکن کوشش کریں گی اور وہ یہ نہیں چاہتی تھی۔

اسی طرح خود سے الجھتی وہ سیڑھیاں چڑھ کر اوپر آ گئی تھی۔ خیال تھا وہ سو رہا ہوگا، مگر کمرے کی لائٹ روشن تھی۔ اس نے کھڑکی کی اوٹ سے اندر جھانکا۔ کمرہ خالی..... فارس ندارد!

https://novelskiduniya.com/
Novels Ki Duniya

''یہ کدھر گیا؟''

یہاں وہاں نگاہ دوڑاتے وہ منڈیر تک گئی اور یہیں سے اس نے سڑک کی طرف دیکھا جہاں

اندھیرے میں گاڑی کا گمان ہو رہا تھا۔

کمرہ اور پھر صحن کا چکر کاٹ کر اچھی طرح سے جائزہ لیتی وہ دائیں طرف مڑی اور اگلے ہی لمحے

کسی سے ٹکرا گئی۔

خوف اپنی جگہ...... جھٹکا دوسری...... مگر جو چوٹ ناک پر لگی تھی، اس کا درد پورے جسم میں دوڑ

گیا۔ فارس نے اسے بازو سے پکڑ کر گرنے سے الگ بچایا۔

''آئرن مین کے سگے......!'' ناک سہلاتے اس پر پھٹ پڑی۔ ''دیکھ کر نہیں چل سکتے۔''

حالانکہ چل تو وہ رہی تھی۔ آئرن مین تو کھڑا تھا۔

''تم...... ٹھیک ہو؟'' کھانسی اور زکام کی شکایت لیے فارس کی آواز بھاری، تنفس بھی بھاری......

اور دل بھی بھاری۔

''تیس سیکنڈ پہلے تک ٹھیک تھی۔'' اس نے فارس کے بخار سے تپتے ہاتھ کی گرفت سے اپنا بازو

چھڑایا۔ ''بلکہ سات گھنٹے پہلے تک بالکل ٹھیک تھی میں۔'' تپ کر، جھلا کر جواب دینے کے بعد اس کی

آنکھوں میں آنکھیں ڈالیں۔ ''تم یہاں کیوں آئے ہو؟''

وہ اسے دیکھ رہا تھا۔ نیم تاریکی میں اس کی ہیزل آنکھوں کا اب جیسے کوئی رنگ نہ تھا۔ صرف

سیاہی ہی تھی۔ ہر جگہ اور ہر طرف...... اس کے تاثرات مبہم و پیچیدہ تھے۔ نہ اس کی آمد سمجھ میں آ رہی تھی،

نہ وہ اس کا دماغ پڑھ پا رہی تھی۔

کچھ تو ہوا تھا اس کی غیر موجودگی میں...... یقیناً کچھ تو......

یکایک کسی ممکنہ خدشے نے سر اٹھایا تو دل کی دھڑکن تیز ہو گئی۔

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا

''آنٹی ٹھیک ہیں؟'' پہلا خیال ہی مسز شیرازی کا آیا۔ پہلی فکر، پہلا خوف، پہلا اندیشہ ہی ان کے متعلق تھا۔ اس کی وجہ سے انہیں کتنی پریشانی ہوئی ہوگی۔ اپنے بیٹے کے معاملے میں، اپنی پسند کو سوچ کو وہ کتنا ڈپریس ہوئی ہوں گی۔

فارس کا سرا اثبات میں ہلا۔ اس کی رکی ہوئی سانسیں بحال ہوگئیں۔ صد شکر بات ان کی نہ تھی۔ صد شکر وہ خیر خیریت سے تھیں۔

''تو پھر؟'' اس نے سوالیہ ابرو اٹھائی۔

https://novelskidunya.com/

سرد ہوائیں سفیدے کے پتوں سے سرسرا کر گزریں۔ دھرتی پر پھیلا ہوا اندھیرا سمٹ گیا۔ چاندنی زمین پر اتر آئی۔ بادلوں کے آوارہ ٹکڑے سیاہی میں نمایاں ہوئے مگر جو خاموشی تھی وہ کچھ دیر تک ٹھہری۔

''اس رات......'' فارس کے لب ہلے...... مگر جملہ ادھورا رہ گیا۔

وہ کہنا چاہتا تھا وہ اس کا انتظار کر لیتی۔ وہ کیسے کہہ دے وہ اس کا انتظار کر لیتی؟ اس کا ہر لفظ بے وقعت ہوگیا۔ ہر بات، ہر دلیل، ہر حجت بے وزن ہوگئی۔ باوجود کوشش کے وہ کچھ نہ کہہ سکا۔ کچھ نہ بتا سکا۔

Novels Ki Dunya

بات دل کی تھی اور دل تک تھی...... اسے زباں پر لانے کی طاقت نہیں رہی تھی۔ ہمت کا شیراز ہ بکھر چکا تھا۔ نہ اعتراف کی سکت رہی تھی، نہ معذرت کا حوصلہ رہا تھا۔ جانے وہ کیسے لوگ ہوتے ہیں جو کسی کو رلا کر آسانی سے معافی مانگ لیتے ہیں، اس سے تو نہیں ہو رہا تھا۔ بالکل نہیں ہو رہا تھا۔

اس نے اپنے اندر کی بے قراری پر قابو پاتے ہوئے بالوں میں ہاتھ پھیرا۔ اس کے خیالات منتشر تھے۔ اس کی سوچ واہموں میں گھری ہوئی تھی۔ اس کا دل اندیشوں کے جالوں سے پر تھا۔ درد اب ہر جگہ تھا۔ اندر باہر ایک سی کیفیت ہو رہی تھی۔

''اس رات جو ہوا مجھے اس کا بے حد افسوس ہے۔'' اس کے احساسات سے قطعی بے خبر جنت کمال کہہ رہی تھی۔ ''میں آنٹی کو کوئی بھی ٹینشن نہیں دینا چاہتی تھی، لیکن فائزہ چچی اچانک آگئیں۔ انہوں

نے آنٹی کو میرے بارے میں سب بتا دیا۔" شال کے کنارے سے کسی دھاگے کو کھینچتے ہوئے وہ آنکھوں میں افسوس اور ندامت لیے اس طرح سے بات کر رہی تھی، جیسے وہ تمام کی تمام باتیں، اس کی پوشیدہ حقیقتیں، اس کی سچائیاں، اس کے اعمال تھے۔

جنت کمال کے سامنے کھڑا فارس وجدان موم کے پتلے کی طرح پگھلنے لگا۔ اس کا دل مٹھی میں جکڑا گیا تھا، اس کے سینے پر وزن بڑھ گیا تھا۔

"تم بہت اچھے ہو..... بابا سے بھی اچھے.....!" اس کے کمرے کے عین وسط میں ایک سات سالہ بچی نے بازو پھیلا کر گول گول گھومتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا تھا۔

آن کی آن میں بہت سی باتیں، لہجے، طنز اور طعنے اسے یاد آ گئے۔ ہر وہ تلخ بات جو اس سے کر چکا تھا، ہر وہ زخم جو لفظوں کی صورت اسے دے چکا تھا۔ کتنی چوٹیں تھیں، کتنا تشدد تھا، کتنی نفرت تھی، کتنا بڑا عذاب..... کتنی بڑی سزا تھی یہ..... اس نے ایک لمحے کے لیے بھی نہیں سوچا اگر وہ تمام کی تمام باتیں جھوٹ ثابت ہوئیں تو؟

"میری وجہ سے آنٹی کو بہت دکھ پہنچا ہوگا۔" وہ ابھی تک اسی غم میں تھی۔ "اس کے لیے آئم ایکسٹریملی سوری!"

فارس وجدان کی ماں کو جو تکلیف اس کے وجود سے پہنچی، اس کی معذرت! بہت دل سے معذرت!

اور وہ خاموش تھا۔ بہت زیادہ خاموش۔ اسے لگا وہ سانس بھی نہیں لے رہا۔

یکا یک کسی خیال کے ذہن میں آتے ہی اس نے شال کا سرا چھوڑ چھاڑ کر سر اٹھایا۔

"کہیں اب تم اس بات کا ایشو بنا کر مجھے کوئی سزا وزا دینے تو نہیں آئے؟" اب کے خاصی مشکوک نظروں سے اس نے فارس کو گھورا۔

ہوا کے زور سے بال پیشانی پر جھکے۔ آنکھوں میں نمی تیر گئی۔ جنت کے ساتھ ساتھ ہر منظر دھندلا گیا۔

''اب اگر تم نے کہا میں تمہیں طلاق نہیں دینا چاہتا، ساری عمر اسی طرح لٹکا کر رکھوں گا، وغیرہ وغیرہ تو آئی سویئر میں خلع کے لیے کورٹ چلی جاؤں گی۔'' سخت لہجے میں دھمکا کر اس نے اپنے ارادے واضح کر دیے۔

وہ اس پر نظریں جمائے منجمد سا کھڑا تھا۔ جنت کمال اس سے کبھی نہیں ڈری تھی۔ نہ پندرہ سال پہلے، نہ پندرہ سال بعد.....

''اور اگر تم سمجھ رہے ہو کہ میں......''

''ایک کپ چائے ملے گی؟'' اسے لگا اگر وہ اسے سنتا رہا بار بار اس کے شک، اس کے شبہات، اس کے سوالات کی زد میں کھڑا رہا تو فنا ہو جائے گا۔

جنت کمال نے اچنبھے سے اسے دیکھا۔ یہاں اس کی جان پر بنی ہوئی تھی اور اس امیرزادے کو چائے کا کپ چاہیے تھا؟ وہ بھی رات کے ڈھائی بجے؟

دھتکار، نفرت ایک طرف...... لحاظ اور مروت دوسری طرف...... نوکروں کی فوج بہرحال یہاں نہیں تھی۔ سلگ کر اسے دیکھا۔

صرف اس لیے کہ اس کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی اور صرف اس لیے کہ وہ بوا کا ''مہمان'' تھا، وہ غصے سے پاؤں پٹختی کچن میں چلی گئی۔

''اپنی چہیتی بیوی کو ساتھ لانا تھا نا ان خدمت داریوں کے لیے......'' بڑبڑاہٹ واضح تھی۔

وہ اس کے پیچھے دروازے میں آن کھڑا ہوا۔ لبوں کو مسکراہٹ چھو کر گزری۔ دل میں غم سا ٹھہر گیا۔

''مجھے ایک بات سمجھ میں نہیں آتی۔ جب تمہیں اپنی پہلی بیوی سے اتنی محبت تھی تو تم نے مجھ سے شادی کیوں کی؟ آنٹی نے گن پوائنٹ پر تو نکاح نہیں پڑھوایا تھا۔ تم انکار بھی تو کر سکتے تھے۔''

خاموشی......مکمل خاموشی......!

سلینڈر جلا کر کیتلی رکھی......دودھ ڈالا۔

''بھلے سے تمہیں برا لگے، لیکن ایک بات ہے، تمہاری چوائس ہے بہت بری۔'' عدینہ زبیر ایک بار پھر اپنے تمام تر غرور، حسن اور نزاکت کے ساتھ اس کے حواسوں پر چھا گئی تھی تو بھڑاس نکالنا ضروری ہو گیا تھا۔

''ممی کی چوائس اچھی ہے؟''

''ہاں بالکل!'' وہ بے ساختہ کہہ گئی مگر اگلے ہی لمحے، اگلے ہی پل جب سمجھ میں آیا کیا کہہ دیا ہے تو گالوں پر سرخی دوڑ گئی۔ لب بھینچ کر خود کو دل ہی دل میں کوسا اور لب سی لیے۔ کہ اب وہ کچھ نہیں بولے گی۔

خاموشی سے اس کی طرف پشت کیے چائے بنا کر کپ میں انڈیل کر مڑی تو کچن کے دروازے پر وہ نہیں تھا۔ اپنا مگ ساتھ رکھ کر وہ کمرے میں آ گئی۔ سامنے ہی وہ بیڈ پر ہلکی سی کھانسی کی زد میں بیٹھا تھا۔ ٹشو کا پیک ہاتھ میں تھا، روشنی میں اب اس نے دیکھا تھا آنکھیں سرخ اور کنارے سوجے ہوئے لگ رہے تھے۔

اس نے چائے پیش کر دی۔

''بسکٹس نہیں ہیں؟''

وہ جانے کے لیے مڑی اور پھر ضبط کر کے پلٹی۔ بسکٹس کے ساتھ ایک گلاس پانی بھی رکھ دیا۔ اپنا مگ ہاتھوں میں لیے دروازے میں جا کھڑی ہوئی۔ چند لمحوں تک اسے گھورتی رہی کہ اب وہ کچھ بولے گا اور اپنی آمد کی وجہ بتائے گا مگر فارس وجدان چائے اور بسکٹس کے ساتھ انصاف کرتے ہوئے اسے مکمل نظر انداز کر چکا تھا۔

وہ اندر تک سلگ اٹھی۔

"تمہیں پتا ہے یہاں بوا کے گھر میرے لیے کتنے رشتے آ چکے ہیں؟" آخر اسے یہ باور بھی تو کرانا تھا کہ وہ کوئی گری پڑی لڑکی نہیں ہے۔ اور اگر فارس وجدان کو کئی لڑکیاں مل سکتی ہیں تو اسے بھی اپنانے والے بہت ہیں۔

وہ چائے میں بسکٹ ڈبو کر کھاتے ہوئے لمحے بھر کے لیے رکا۔

"بوا تو ہنس کر ٹال دیتی ہیں، انہیں ہمارے معاملات کا علم نہیں لیکن میں بہت غور کر رہی ہوں۔ ایک رشتہ مجھے اپنے لیے مناسب لگا ہے۔ بوا کا دور پرے کا رشتہ دار ہے۔ بیوی کی ڈیتھ ہو چکی ہے۔ دو چھوٹی چھوٹی سی بیٹیاں ہی۔ لڑکا بھی کوئی زیادہ بڑی عمر کا نہیں ہے۔ تم سے طلاق کے بعد مجھے اپنے لیے بھی کچھ سوچنا ہے۔ اب میں کہانیوں کی ہیروئن کی طرح تو نہیں کہہ سکتی کہ پلیز مجھے اپنا نام دے دو۔ میں ساری عمر اسی نام کے سہارے تنہا رہنا چاہتی ہوں بلا...... بلا...... بلا......!" باقاعدہ چہرے کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ ہاتھ جھلا کر کہا۔

چائے میں بسکٹ ڈبو کر منہ تک لے جاتے فارس نے رک کر نظر اٹھائی۔ بسکٹ ٹوٹ کر چائے میں گرا، اس کا دل بھی......

مگ ہاتھوں میں لیے اس سے دس قدموں کے فاصلے پر اب وہ میز پر چڑھی بیٹھی تھی۔ پیچھے کھڑکی پوری کی پوری کھلی ہوئی تھی۔ ہوا کے زور سے دوپٹہ ڈھلک کر کندھوں پر آ گرا تھا۔ شہد بالوں کی لٹیں پونی سے نکل کر چہرے کے اطراف میں ڈھیلی ہو رہی تھیں۔

"تمھارے لیے رشتے آ رہے ہیں؟"

"تو کیا نہیں آ سکتے؟" ابرو چڑھا کر پوچھا۔

وہ اپنی چائے کی طرف متوجہ ہو گیا۔ جنت کمال نہیں بدلی تھی۔

"ویسے میں تم سے کچھ دنوں تک رابطہ کرنے والی تھی۔ میرا سامان بھی تمھارے گھر رہ گیا ہے۔ تم

نے کہیں پھینکوا تو نہیں دیا؟'' ناک اونچی کر کے ظاہر کیا اسے تو اب صرف اپنے سامان سے مطلب ہے۔
ایک اور بسکٹ ٹوٹ گیا۔ آدھا جو منہ میں گیا اس کی مٹھاس ختم ہو گئی۔ اس نے پانی کے چند گھونٹ بھرے بسکٹ کا دوسرا پیک کھولا۔

''آنٹی کو معلوم ہے تم یہاں آئے ہو؟''

وہ خاموش رہا۔

اور یہ خاموشی جنت کے دل میں کرب اتار گئی۔

ظاہر ہے اگر وہ انہیں بتاتا تو کیا وہ اسے آنے دیتیں؟ اس جیسی لڑکی کی اب ان کی زندگی میں کوئی جگہ نہیں تھی۔ وہ اس بات پر رنجیدہ ہوتی ہوں گی کہ انہوں نے فارس کے لیے اس کا انتخاب کیوں کیا؟

''تم یہاں کیوں آئے ہو؟'' گھوم پھر کر وہی سوال، مگر وہ جواب نہیں دے رہا تھا۔ نہ طنز، نہ طعنے، نہ کوئی سخت بات، نہ کوئی تضحیک آمیز رویہ...... نہ تلخ لہجہ......

فارس وجدان اب کیا کرنے والا تھا؟ وہ فکر میں پڑ گئی۔

کافی دیر تک جب وہ کچھ نہ بولا تو نوٹ بک کا صفحہ پھاڑ کر، اس میں اپنی کچھ چیزیں درج کر کے وہ اس کے پاس آ گئی۔

''یہ تمھارے لیے بے شک کچرا ہو گا، مگر مجھے میری چیزیں بہت عزیز ہیں۔ اس لیے اپنے کسی ملازم کے ہاتھ بھجوا دینا۔''

فارس نے صفحہ لے لیا۔ فولڈ کر کے اس کے ارسلان بھائی کی قمیص کی جیب میں رکھ دیا۔ وہ تپ گئی۔ لیکن منہ سے کچھ نہ کہا۔ پھر انہی بگڑے تیوروں کے ساتھ جانے کے لیے مڑی ہی تھی کہ فارس نے ہاتھ تھام لیا۔

''تمھاری بوا کہہ رہی تھیں کوئی بات ہے جو تم مجھے بتانا چاہتی ہو۔''

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

وہ اپنی جگہ پتھر ہوئی۔ چہرے کا رنگ فق، آنکھیں نم، پلکیں بھاری ہو گئیں۔

''کچھ نہیں۔'' بھرائی ہوئی آواز میں کہہ کر اس نے ہاتھ چھڑانا چاہا۔ گرفت سخت نہیں تھی مگر اتنی نرم بھی نہیں کہ وہ آزاد ہو سکتی۔

''میرا ہاتھ چھوڑو۔'' آن کی آن میں اس کے تاثرات بدل گئے تھے۔ وہ تحمل سے بات کرتے ہوئے بھی غصے کی انتہا پر لگ رہی تھی۔

فارس نے چند لمحوں کے لیے اسے پشیمانی سے دیکھا۔

اسے اس نہج پر لانے والا وہ خود تھا۔ فاصلوں کی دیوار اس نے خود قائم کی تھی۔ نرمی کو اپنی تلخی سے نوچا تھا۔ امید کو اپنے لفظوں سے مارا تھا۔

نازک کلائی گرفت سے آزاد ہو گئی۔ اس نے ٹرے اٹھائی اور کمرے سے نکل گئی۔ کچن میں دیوار سے لگ کر، کئی بار اپنی آنکھوں کو مسلا، لب بھینچ کر، گال رگڑ کر خود کو سنبھالا، خود کو سمجھایا کہ جس راستے پر وہ گامزن تھی، وہ اس کا اختیار کردہ ہرگز نہیں تھا۔ یہ مقدر کی چال تھی۔ نفرتیں، دھتکار اور بلاوجہ کی عداوتیں اس راستے کا خاصا تھیں جو اسے کچھ لوگوں کی بے رخی سے عنایت ہوا تھا۔

فارس وجدان، عدینہ زبیر کا تھا، اس کے دل پر عدینہ کی حکمرانی تھی۔ اس کی زندگی میں جنت کمال کی کوئی گنجائش نہ پہلے تھی، نہ اب ہو سکتی تھی۔ جو طے ہو چکا تھا اسے قبول کر کے اسے ہر صورت اپنے سفر کو جاری رکھنا تھا۔ اسے کمزور نہیں پڑنا تھا۔

وہ نیچے چلی گئی۔ اپنی چارپائی پر لیٹ کر، آسمان کو دیکھتے وہ مسلسل اپنے رونے پر قابو پاتی رہی۔

فارس کو یہاں نہیں آنا چاہیے تھا۔ ہرگز نہیں آنا چاہیے تھا۔ اس کے سکون میں خلل پڑ چکا تھا۔ اس کے لائحہ عمل میں دراڑیں پڑ گئی تھیں۔ وہ اس کے بچے کا باپ تھا، جتنی نفرت وہ اس سے کرتا تھا، وہ اولاد کے معاملے میں بھی اب اسے کسی نئے امتحان میں ڈال سکتا تھا۔

https://novelskidunya.com/

کروٹ پر کروٹ بدلتے رات گزر گئی۔ دن بیدار ہوا، صبح کی نماز پڑھ کر سونے کی کوشش کی تو آنکھ لگ گئی۔ کچھ گزشتہ شب کی بے خوابی تھی کہ وہ دن چڑھے تک سوتی ہی رہی۔

دس بجے اس کی آنکھ کھلی تو سورج سوا نیزے پر آ چکا تھا۔ صحن میں دھوپ ہر کونے تک پہنچی ہوئی تھی۔ دروازہ بند تھا، کھڑکیوں کی درز سے نیم تاریکی میں روشن لکیریں نمایاں ہو رہی تھیں۔

پہلا خیال اسے فارس کا ہی آیا۔ دماغ از سر نو الجھ گیا۔ ٹینشن شروع ہو گئی۔ اٹھ کر باہر گئی تو معلوم ہوا وہ تو صبح سے پہلے پہلے یہاں سے جا چکا ہے۔

جنت اپنی جگہ بے یقین کھڑی رہ گئی۔

''ضرور تو نے ہی اسے کچھ کہا ہوگا۔'' صابرہ بوا اس سے سخت خفا تھیں۔ ''تیری وجہ سے وہ بخار میں گھر چھوڑ کر چلا گیا۔''

بے دلی سے دہی کے ساتھ پراٹھا کھاتے ہوئے وہ آنکھوں میں ابھرتی نمی کو پرے دھکیلتی رہی۔ بوا کے سوال، ان کا غصہ، ان کی ناراضی اور ساری سچویشن کو کسی طور نہ سمجھنے کا یہ عمل اسے شدید اذیت سے دوچار کر رہا تھا۔

اب کیا وہ اس کے پاؤں پکڑتی کہ وہ اسے طلاق نہ دے؟ خود کو جتنا بے مول کرنا تھا وہ کر چکی تھی۔ محبت سے، اخلاق سے، خدمت گزاری سے اس رشتے کو بچانے کی جتنی کوشش اس نے کرنی تھی، کر لی تھی۔ اب تو کچھ بھی نہیں بچا تھا۔ نہ محبت، نہ عزت، نہ ہمت، نہ سکت اور حوصلہ تو بالکل بھی نہیں۔ اب تو برداشت بھی آخری حد کو چھو رہی تھی۔ وہ پھر سے کسی امتحان میں نہیں پڑنا چاہتی تھی۔ پھر سے کوئی غلط قدم نہیں اٹھانا چاہتی تھی۔ مگر بوا......

صندل آپا، ارسلان بھائی کے ساتھ گھر میں داخل ہوئیں تو وہ چپ ہو گئیں۔ لیکن آنکھوں سے واضح کر دیا کہ ان کی بات ابھی ختم نہیں ہوئی ہے۔ سارا دن وہ پریشانی میں مبتلا یہاں وہاں ٹہلتی رہی۔

سکون تو کسی پل نہیں تھا۔ آخر وہ کیوں آیا تھا؟ اور معاملات کلیئر کیے بغیر کیوں چلا گیا تھا؟ ان کے مابین طلاق کا فیصلہ ہونا تھا تو ایسے کیسے وہ خاموشی سے جا سکتا تھا؟ اس پر مستزاد یہ کہ اس کے سامان کی لسٹ بھی یہیں چھوڑ گیا تھا۔

شام کو بوا کمرے میں آئیں تو وہ عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد بیڈ پر نیم دراز بیٹھی تھی۔ اخبار سامنے ہی کھلا پڑا تھا۔ ذہن الجھا ہوا تھا اور نگاہیں خلا میں کہیں بھٹک رہی تھیں۔

''اس نے بتایا نہیں وہ دوبارہ کب آئے گا؟'' تہ کیے ہوئے کپڑے الماری میں اندر رکھتے ہوئے انہوں نے ہنوز خفگی سے پوچھا۔ اس نے گردن موڑ کر انہیں مضطرب نگاہوں سے دیکھا۔ ان کی سوچ ابھی بھی وہیں تھی۔

''ہو سکتا ہے کچھ دنوں تک وہ مجھے طلاق کا نوٹس بھجوا دے۔'' ہمت مجتمع کر کے اس نے کہہ دیا۔ اب بھلے سے بوا سخت ناراض ہوں اسے پروا نہیں تھی۔ وہ کچھ باتیں ان پر ہر صورت واضح کر دینا چاہتی تھی۔

''مگر طلاق تو نہیں ہو سکتی۔'' الماری بند کر کے بوا اس کی طرف مڑیں۔

''ہو جاتی ہے بوا! عورت حمل سے ہو، تب بھی طلاق ہو جاتی ہے۔''

''مگر وہ شیدو تو یہی کہہ رہی تھی کہ نہیں ہوتی۔'' اپنی سمجھ اور فہم کے مطابق جو انہوں نے سن رکھا تھا، کہہ دیا تھا۔

بیڈ سائیڈ ٹیبل سے قرآن اٹھا کر اس نے مطلوبہ سورت ڈھونڈی، اور پھر مطلوبہ صفحہ کھولا، مطلوبہ آیت پر اپنی انگلی رکھی۔

''یہ دیکھیں۔ یہاں لکھا ہے۔ ''اور حمل والیوں کی عدت ان کے بچہ جننے تک ہے۔'' (سورہ طلاق)

یہ آیت مطلقہ اور بیوہ دونوں کے بارے میں ہے بوا، طلاق ہر صورت ہو جاتی ہے۔''

دلیل قرآن سے تھی، بوا کے پاس نفی یا انکار کی کوئی گنجائش نہ رہی۔ اب وہ الجھن میں کھڑی

تھیں۔فکر نے ازسرِ نو گھیر لیا تھا۔انہیں اب معاملہ سلجھتا ہوا ہرگز نظر نہیں آ رہا تھا لیکن انہیں اپنی طرف سے ہر ممکن سعی کرنی تھی۔

کچھ سوچ کر وہ اس کے پاس بیڈ پر آ بیٹھیں۔

''تو نے اسے خوش خبری تو سنا دی تھی؟''

جنت کا دل بھاری ہوا۔نظریں جھک گئیں۔کس قدر کوشش سے اس کا سر نفی میں ہلا۔

صابرہ بوا حق دق اسے دیکھ کر رہ گئیں۔جنت یہ کیا کر رہی تھی؟

''تو اس بات سے اسے کیسے بے خبر رکھ سکتی ہے جنت؟ کیسے؟ یہ اس کے ساتھ زیادتی ہے بیٹا!''

''اور جو زیادتیاں میرے ساتھ ہوئیں وہ؟'' صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا۔آواز بھرا گئی۔''مجھے اس کے ساتھ اب نہیں رہنا تو کیا زبردستی ہے؟'' وہ اس لمحے بہت پریشان، مضمحل، اور شکست خوردہ سی لگ رہی تھی۔بوا کے دل کو کچھ ہوا۔

''میں پہلے سے بہت مشکل میں ہوں اور آپ......آپ اس طرح کی باتیں کر کے مجھے اور مشکل میں ڈال رہی ہیں۔'' اس کی آنکھوں میں آنسو جمع ہو گئے۔

اسے ترحم بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے بوا نے بہت نرمی سے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔

''عورت کو رشتہ نبھانے کے لیے بہت قربانیاں دینا پڑتی ہیں بچے! یہ شادی، عمر بھر کا ایک فیصلہ ہوتا ہے۔اسے یوں جذبات میں آ کر نہیں توڑا جاتا۔گھر بسانے کے لیے عورت کو بہت کچھ برداشت کرنا پڑتا ہے۔''

اس نے سر اٹھا کر تکلیف دہ نگاہوں سے بوا کو دیکھا۔بات گھر بسانے، رشتہ نبھانے اور برداشت کرنے کی انتہا پر جانے کی تھی۔بوا کو اندازہ ہی نہیں تھا، فارس وجدان کے ساتھ اپنے اس رشتے کو بچانے کے لیے اس نے کیا کچھ برداشت نہیں کیا تھا۔

اس کا صبر، اس کا تحمل، اس کا انتظار کیا ابھی بھی ناکافی تھا؟ وہ خود مٹ چکی تھی مگر اس کا صبر باقی رہنا چاہیے؟ اس کی ہمت، اس کی برداشت، اس کا تحمل باقی رہنا چاہیے؟ یہ کیسی منطق تھی؟ یہ کیسا طریقہ تھا؟

کتنی ہی دیر تک وہ اپنے آپ سے الجھتی رہی۔ اندر ہی اندر خود کو نوچتی، کھسوٹتی رہی۔ محاسبہ شروع ہو چکا تھا۔ پانچ سالوں کا موازنہ پانچ مہینوں سے ہونے لگا تھا۔

برہان ایک طرف تھا تو فارس وجدان دوسری طرف...... وہ دو گھروں کے درمیان، ایک ویران گلی میں تنہا، لاوارث کھڑی تھی۔ دروازے دونوں طرف سے بند تھے۔ اور وہ خود کو جانچ رہی تھی۔ دل میں جا کر، روح کی گہرائیوں میں اتر کر، ماضی کی تکلیفوں کو سہتے ہوئے، مستقبل کا خوف اٹھاتے ہوئے......

اس کے اندر کی الجھنیں بڑھ گئیں۔ سوال بڑھ گئے۔ اضطراب بڑھ گیا۔

سر اٹھا کر اس نے بوا کو دیکھا۔ اب تک جانے وہ گھر بسانے سے متعلق اسے کتنے گر بتا چکی تھیں۔

ان کے لب متحرک تھے۔ آنکھوں سے ایک آس چہرے سے امید جھلک رہی تھی۔ وہ بہت پیار سے اسے سمجھا رہی تھیں۔

''بوا! ایک بات تو بتایئے۔'' وہ ایک لمحے کو خاموش ہوئیں تو اس نے اخبار سمیٹ کر ایک طرف رکھ دیا۔ ذرا سا آگے سرک کر ان کے قریب ہوئی۔

''عورت نکاح نامے پر سائن کس لیے کرتی ہے؟'' نم آنکھوں میں ایک سادہ سا سوال لیے وہ اب ان سے پوچھ رہی تھی۔

بوا کو اس کا سوال سمجھ میں نہیں آیا۔

''ذلت؟ دھتکار؟ بے عزتی؟ طنز؟ تحقیر؟ محرومیوں کے لیے؟ کیا یہ سب برداشت کرنے کے لیے شادی کی جاتی ہے؟ اسی عذاب کو جھیلنے کے لیے ''قبول ہے'' کہا جاتا ہے؟''

بوا کو سکتہ سا ہوا۔ لبوں کو جنبش دے کر کچھ کہنا چاہا مگر آواز نے ساتھ نہ دیا۔

جنت یہ کیا پوچھ رہی تھی؟ اس نقطے کی طرف کیوں جا رہی تھی جس نقطے سے یہ رشتہ آغاز پکڑتا تھا۔ وہ ایجاب و قبول کی گھڑی، جب دو لوگ ایک ہوتے تھے؟ اور جب دو لوگ ایک ہوتے تھے تو رشتہ نبھانے کے معاملے میں وہ "دو" الگ کیوں ہو جاتے تھے؟ سفر کا سارا بوجھ صرف ایک کے کندھے پر کیوں آ جاتا تھا؟ رشتہ بچانے کی ساری محنت پھر کسی ایک فریق کو کیوں کرنی پڑتی تھی؟

"شادی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔ کیا ہمارے نبی کی سنت یہ کہتی ہے اپنی عزت فنا کر دیں۔ اپنا وجود مٹا دیں۔ اپنے حق کے لیے آواز نہ اٹھائیں، اور ظلم برداشت کریں اور مرتے دم تک کرتے جائیں؟"

https://novelskidunya.com/

بوا بے بسی سے اسے دیکھ کر رہ گئیں۔

"آپ ہی مجھے سمجھا دیں یہ گھر بسانے کا، رشتہ نبھانے کا کون سا طریقہ ہے بوا؟" اس کی آواز کپکپائی۔ "عورت نفسیاتی مریضہ ہو جائے اور اف تک نہ کرے؟ اندر سے مر جائے، مٹ جائے، فنا ہو جائے لیکن آہ تک نہ کرے؟"

ناولز کی دنیا

وہ بائیس سالہ جنت کمال...... ڈاکٹر مصطفیٰ کی نواسی......

تتلیوں کے پیچھے بھاگنے والی، پریوں کی باتیں کرنے والی، وہ کہہ رہی تھی۔ اور بوا اسے دیکھ رہی تھیں، اسے سن رہی تھیں۔ وقت اور حالات نے اسے کتنا بڑا کر دیا تھا۔ اس کی سوچ کتنی پختہ ہو گئی تھی۔ اس کی باتوں میں کتنا وزن آ گیا تھا۔ تسلی دینے کو، تشفی کرنے کو ان کے پاس ایک لفظ بھی تو نہیں رہا تھا۔ وہ جو کچھ سہہ کر آئی تھی اور جن حالات سے گزر کر وہ ان تک پہنچی تھی، وہ اس کا سفر، اس کا راستہ، اس کی مجبوری سمجھے بغیر اس کی ہر بات کیسے رد کر سکتی تھیں؟ کیسے جھٹلا سکتی تھیں؟ کیسے؟

"میں نے برہان کے ساتھ پانچ سال گزارے ہیں بوا...... میں نے اس کے لیے اس کے گھر والوں کی ہر نفرت برداشت کی ہے۔ ہر طنز، ہر طعنہ، خود پر لگنے والے الزامات...... سب کچھ...... میں

نے "برداشت" اور "صبر" سے اپنا گھر بسانا چاہا تھا اور بدلے میں اس نے مجھے کیا دیا؟ طلاق......؟" اس نے رک کر ان کی آنکھوں میں جھانکا۔ "پانچ سالوں کا ساتھ تھا ہمارا۔ اس نے مجھے پانچ سیکنڈ میں آزاد کر دیا۔ میں اس کے گھر والوں کو "برداشت" کر رہی تھی، وہ بھی تو مجھے "برداشت" کر سکتا تھا؟ میں اس کی بے رخی پر صبر کر رہی تھی۔ وہ بھی تو مجھ پر "صبر" کر سکتا تھا؟ وہ جانتا تھا میرا کوئی نہیں ہے۔ وہ اچھی طرح سے جانتا تھا مجھے تو میری سگی ماں بھی قبولنے کو تیار نہیں۔ اس کے باوجود اس نے مجھے اپنے گھر سے نکال دیا۔ اس نے میرے منہ پر جو تھپڑ مارا، اس کی جلن مجھے آج تک محسوس ہوتی ہے۔" اس کا چہرہ آنسوؤں سے مکمل تر ہو چکا تھا۔

"اس نے رویہ بدلا، ترجیحات بدلیں، حقوق بدلے، میری جگہ کسی اور کو دی۔ میرا وقت کسی اور کو دیا۔ میرا حق کسی اور کو دیا اور میں خاموش رہی۔ آخر کس لیے؟" اس کی آواز بھیگی۔ "صرف اس لیے کہ میرا گھر بچا رہے۔ مجھے بتائیے میرا وہ گھر پھر کیوں نہیں بچا؟ کیوں ٹکڑے ٹکڑے ہو کر میری آنکھوں کے سامنے بکھر گیا؟"

جنت کے آنسو، اس کی سسکیاں، اس کا درد، اس کے سوال انہیں تکلیف پہنچا رہے تھے۔ وہ آنکھوں میں نمی لیے اسے دکھ سے سن رہی تھیں۔

"مجھے اب خود سے نفرت ہوتی ہے بوا! غصہ آتا ہے، میں خاموش کیوں رہی۔ میں نے یہ سب کیوں ہونے دیا۔ میں نے خود کو اتنا کیوں جھکایا؟ اتنا کیوں گرایا؟ میں نے اپنے حق کے لیے آواز کیوں نہیں اٹھائی۔ اگر میں وقت سے پہلے خود کوئی اسٹیپ اٹھا لیتی، اگر میں خود برہان سے الگ ہو جاتی، تو امی...... امی کم از کم اس صدمے سے تو نہ مرتیں کہ ان کی بیٹی ایک قاتلہ ہے۔ یہ ڈرامہ، یہ ہنگامہ تو نہ ہوتا بوا! میری وجہ سے میری بہنیں امی سے جدا تو نہ ہوتیں۔ میری طرح وہ بھی یہ رشتہ تو نہ کھوتیں۔"

بوا نے بے ساختہ اس کا ہاتھ تھاما۔ وہ اسے مزید روتا ہوا نہیں دیکھ سکتی تھیں۔

"میں نے اپنے اور فارس کے رشتے کو بچانے کی ہر ممکن کوشش کی ہے بوا! آپ خود بتائیں۔ کون لڑکی چاہے گی اس کی دوسری شادی بھی ختم ہو جائے؟ اسے دوسری بار بھی طلاق ہو جائے؟" آواز نے ساتھ چھوڑا تو اس نے آنکھیں رگڑ کر صاف کیں۔ "میں نے یہاں بھی صبر کیا، بہت صبر کیا ہے لیکن...... یہ گھر بھی آپ کی جنت کا نہیں ہے۔ آپ کی جنت اس دوسرے مرد کی بھی نہیں ہے بوا!"

ان کا دل کرچی کرچی ہوا۔ وہ آبدیدہ ہو گئیں۔ کون کہہ سکتا تھا، زندگی سے بھرپور ہنستی مسکراتی لڑکی کا نصیب ایسا ہو گا؟ اس کے راستے میں ایسے پہاڑ آئیں گے۔ ایسی آزمائشیں اور ایسے امتحان......!

"نانا کہا کرتے تھے، صبر حالات پر کیا جاتا ہے، ظلم پر نہیں۔ ظلم انسان تب برداشت کرے، جب اس کے پاس بچاؤ کا کوئی راستہ نہ ہو۔"

ہاتھوں کی پشت سے آنسو صاف کر کے، چہرے کے اطراف میں سیدھا گرتی لٹوں کو اس نے کان کے پیچھے کیا۔

اس کی ناک، گال، آنکھیں گلابی ہو رہی تھیں لیکن وہ متحمل لگ رہی تھی۔ جیسے اس نے خود کو سنبھال لیا ہو۔

"میں نے جو غلطی پہلے کی، وہی غلطی دوبارہ نہیں دہرانا چاہتی۔ آپ یہ مت سمجھیں کہ جذبات میں لیا ہوا فیصلہ ہے۔ جذبات میں ایسا کرنا ہوتا تو بہت پہلے کر لیتی۔ جہاں میری کوئی جگہ نہیں وہاں میں زبردستی جگہ نہیں بنانا چاہتی۔ اپنی اولاد کو استعمال کر کے تو...... بالکل بھی نہیں۔"

بات ختم ہو چکی تھی۔ وہ اٹھ کر باہر چلی گئی تھی۔

اپنے اندر بہت سی خاموشیاں لیے صابرہ خاتون اپنی جگہ گم صم بیٹھی رہ گئی تھیں۔

☆......☆......☆

مسز شیرازی دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد چائے کا کپ لیے بیڈ پر بیٹھی تھیں۔ ملازمہ نے لیپ

ٹاپ ان کے سامنے رکھ دیا تھا۔ کمرے میں اب وہ اکیلی تھیں۔ منتظر نگاہوں سے اسکرین کو تکتی وہ فکروں میں گھری بیٹھی تھیں۔ گزشتہ شب فارس سے رابطہ نہیں ہو سکا تھا مگر صبح اس نے اپنی خیریت کا میسج ارسال کر کے کہا تھا وہ دوپہر تک ضرور کال کرے گا۔

کچھ ہی دیر میں کال مل گئی۔ اسکرین پر کمرے کا منظر نمایاں ہوا۔

موبائل کو اسٹینڈ پوزیشن میں رکھے وہ سامنے کارپٹ پر بیٹھا تھا۔

شاور لے کر باہر نکلا تھا۔ سیاہ ٹینک ٹاپ میں کسرتی بازو نمایاں ہو رہے تھے۔ بال ابھی بھی گیلے تھے۔ عقب میں دیوار گیر کھڑکیاں، بیڈ اور وارڈروب نظر آ رہی تھی۔ وہ یقیناً ہوٹل کے کمرے میں تھا۔

میز پر کہنیاں ٹکائے اب وہ خیر خیریت پوچھ رہا تھا اور وہ بہت غور سے اسے دیکھ رہی تھیں۔ سرخ آنکھوں میں ہلکی سی سوجن تھی۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

"کیسی ہے میری بہو؟"

اس نے نظر اٹھا کر مسز شیرازی کو دیکھا، پھر منرل واٹر کی بوتل اٹھا لی۔ آدھی بوتل خالی کر کے فرنچ فرائز کی پلیٹ قریب کر لی۔

"اچھی ہے۔" جواب مختصر تھا۔

"صرف اچھی ہے؟"

"کہہ رہی تھی بہت رشتے آ رہے ہیں اس کے، اور اگر میں اسے چھوڑ سکتا ہوں تو اسے اپنانے والے بہت ہیں۔"

مسز شیرازی کے لبوں پر مسکراہٹ ابھری جسے لب بھینچ کر انہوں نے دبا لیا۔

"اور......؟"

"مجھے دیکھ کر اسے بالکل بھی خوشی نہیں ہوئی۔ ایک کپ چائے پلانے پر دس باتیں سنائی ہیں۔

اسے لگتا ہے یقیناً میں اسے کوئی سزا دینے آیا ہوں۔" وہ بتاتے ہوئے فرنچ فرائز بھی کھا رہا تھا۔

"اچھا......" انہوں نے گود میں کشن رکھ لیا۔

"وہ چاہتی ہے وعدے کے مطابق اب میں اسے آزاد کر دوں۔ نہ کیا تو وہ خلع کے لیے کورٹ چلی جائے گی۔"

اور اس آخری بات پر مسز شیراز فارس کو بغور دیکھنے لگیں۔

وہ جنت سے ملنے کے بعد کچھ حد تک پر سکون تھا مگر آنکھوں میں ابھی بھی فکر اور غم ٹھہرا ہوا نظر آ رہا تھا۔

"اور تم نے کچھ نہیں کہا؟"

رک کر، اس نے نظر اٹھائی۔ اپنی ماں کو دیکھا۔ وہ بچوں کا سا اشتیاق لیے اب اسے دیکھ رہی تھیں۔ وہ جز بز ہوا۔

ان کا بیٹا سب خاموشی سے سن رہا ہوگا، ایسا تو نہیں ہو سکتا تھا، لیکن ایسا ہو چکا تھا۔

اس نے پلیٹ سے ہاتھ اٹھا لیا۔ پانی کی بوتل خالی کر کے سائیڈ پر رکھ دی۔

"میں اس سے کہنا چاہتا تھا وہ مجھے معاف کر دے، میرے ساتھ واپس آ جائے مگر نہیں کہہ سکا۔"

سر اٹھا کر ایک بار پھر ان کی طرف دیکھنے لگا۔

"کیوں نہیں کہہ سکے؟" پہاڑ جتنی اذیتیں برداشت کرنے والے کے لیے چند لفظ بھاری، چند لفظ مشکل پڑ گئے تھے؟

"صرف ایک لفظ سے تو سب ٹھیک نہیں ہو سکتا ممی...... پانچ مہینوں کی اذیت ہے۔ پانچ منٹ میں تو ختم نہیں ہو سکتی۔"

اس کا لہجہ، اس کا انداز، اس کی آواز، آنکھیں اور تاثرات......ان کا دل ڈوبا۔

"وہ میرے کہنے پر بھی واپس نہیں آئے گی۔ اور زبردستی میں نہیں کرنا چاہتا۔" سر جھکائے اب

وہ قالین کے ریشوں پر داہنے ہاتھ کی انگلی سے لکیریں کھینچ رہا تھا۔ عمل غیر ارادی تھا۔ کاٹنے کا نشان...... منفی اور جمع...... پھر جمع سے منفی کا نشان۔

''کوشش بھی نہیں کی۔ اور رد ہو جانے پر یقین کر لیا؟'' انہوں نے نرمی سے پوچھا۔

''میں نے اسے بہت دکھ دیے ہیں ممی......'' اس کا سر جھکا ہوا تھا۔ دیوار گیر کھڑکیوں سے ترچھی ہو کر سورج کی کرنیں سیدھا اس کے بالوں پر پڑ رہی تھیں۔ ہیزل آنکھوں کا رنگ بھی عیاں، حزن عیاں، درد بھی عیاں تھا۔

''تم مداوا بھی تو کرنا چاہتے ہو۔''

''مداوا سے پہلے اعتبار اہم ہے ممی! وہ مجھ پر اعتبار کبھی نہیں کرے گی۔''

منفی جمع کا کھیل اب ختم ہو چکا تھا۔ وہ سر جھکائے گم صم بیٹھا تھا۔ پچھتاووں میں گھرا ہوا...... وقت، نصیب اور قسمت کے اس انوکھے کھیل کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہوا...... کوئی اور بھی تو ہو سکتی تھی جس سے اس کا نکاح ہوتا۔ جنت کمال ہی کیوں؟ ڈاکٹر مصطفیٰ کی نواسی ہی کیوں؟ اس کی بلاوجہ کی نفرت اور عداوتوں کا سامنا جنت کمال کے حصے میں ہی کیوں آیا؟ اس کی تکلیف بڑھ گئی، ندامت بڑھ گئی، درد بڑھ گیا۔

مسز شیرازی اب کسی گہری سوچ میں گم بالکل خاموش بیٹھی تھیں۔ وہ بھی چپ تھا۔ کہنے کو جیسے مزید کچھ رہا ہی نہ تھا۔ راستے مسدود، دیواریں مضبوط اور حصار پھر سے قائم ہونے لگا تھا۔

''میں خود کو قصوروار سمجھتی ہوں! یہ جانتے ہوئے بھی کہ وہ میرے محسن ڈاکٹر مصطفیٰ کی نواسی ہے، میں نے اس کے لیے یہ مشکل راستہ چنا۔''

فارس وجدان اذیتوں میں گھر گیا۔

''تم شادی نہیں کرنا چاہتے تھے، میں نے تمہیں مجبور کیا۔ میں نے غلط کیا۔ میں صرف اتنا چاہتی تھی تم ماضی کو بھلا کر اپنی زندگی نئے سرے سے شروع کرو۔ بیوی آئے گی، بچے ہوں گے تو سب ٹھیک

ہو جائے گا لیکن...... شاید میں غلط تھی۔ شاید میں غلط ہوں۔ ظلم تو پھر ظلم ہے اور چونکہ فیصلہ میرا تھا تو میں خود کو بری الذمہ نہیں سمجھتی۔"

"ممی!" اس نے بے بسی سے کہنا چاہا مگر انہوں نے ہاتھ کے اشارے سے روک دیا۔

"مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی فارس! بالکل بھی نہیں تھی۔"

وہ سر جھکا گیا۔ بیوی کے ساتھ ساتھ ماں کا دل بھی بری طرح سے دکھا چکا تھا۔

"عدیل احمد کو ایڈریس بھیج دو۔ میں تمھاری طرف آنا چاہتی ہوں۔" انہوں نے اتنے اچانک سے کہا کہ وہ حیرت زدہ سا بیٹھا رہ گیا۔ اس کی ماں یہ کیا کہہ رہی تھیں؟

"آپ...... یہاں آئیں گی؟"

"میں مزید انتظار نہیں کر سکتی۔ مجھے اپنی بہو سے ملنا ہے۔ تمھارے اس کے مسئلے اپنی جگہ...... مگر گھر اس نے میری وجہ سے چھوڑا ہے کہ آنٹی کو وہ باتیں پتا چل گئیں جو پتا نہیں چلنی چاہیے تھیں۔ جو میرا رشتہ ہے وہ کسی صورت ختم نہیں ہو سکتا۔" اسے شدید حیرت میں مبتلا کر کے انہوں نے اقصیٰ کو آواز دی۔

بیٹھے بیٹھے ملازمہ کو کپڑوں کا آرڈر جاری کیا۔ ضروری سامان کی پیکنگ، کھانے کا انتظام...... آن کی آن میں سب طے پایا جانے لگا۔

"موسم کیسا ہے؟" یہاں وہاں سارے حکم نامے جاری کر کے انہوں نے فارس سے پوچھا۔

"بارش کی وجہ سے کچھ ٹھنڈا ہے۔" اس کے لب ہلے۔

وہ شاک میں نہیں تھا، مگر شاک میں ہی لگ رہا تھا۔

"آپ بائے ائیر......"

"نہیں، میں بائے کار ہی آنا چاہوں گی۔" انہوں نے واضح کیا۔ "راستے میں ہم اقصیٰ کے گاؤں سے بھی ہوتے آئیں گے۔ کیوں اقصیٰ؟"

''جی، جی بالکل!'' اقصیٰ کی خوشی سے بھرپور آواز......

جنت آپی آنے والی تھیں، اس کی خوشی الگ...... ماں سے ملنے کی خوشی الگ...... اور مسز شیرازی کے ساتھ اتنی بڑی گاڑی میں سفر کرنے کی الگ......

''سفر لمبا ہے ممی!''

''ایسے سفر لمبے ہی ہوتے ہیں۔''

اگلے کئی لمحے وہ خود پر خاموشی طاری کیے بیٹھا رہا۔

''ایک ریکویسٹ ہے ممی!''

''بولو!'' وہ فارس کی آنکھوں میں دکھ، فکرمندی، کچھ کھو دینے کا خوف واضح طور پر دیکھ سکتی تھیں۔

وہ جو کہہ رہا تھا اسے سنتے ہوئے ایک بار پھر ان کا دل ڈوبا تھا۔

بات ختم ہوئی تو انہوں نے چند لمحے کچھ سوچ کر اثبات میں سر ہلا دیا۔

کال ڈسکنیکٹ ہوئی، چہرہ غائب ہوا۔ بالوں میں انگلیاں چلاتے ہوئے اس نے میز پر ہیڈ ڈاون کرلیا۔

دیوار گیر کھڑکیوں کے اس پار...... آسمان پر روئی کے گالوں جیسے بادل...... سورج کی کرنوں سے دہکتے ہوئے نظر آرہے تھے۔

☆......☆......☆

سنو تم لوٹ آؤ نا

کہ دل ہے درد سے بوجھل

سکوں ایک پل نہیں ملتا

کہیں بھی دل نہیں لگتا

سنو! سنسان ہوں تم بن
بہت ویران ہوں تم بن
مجھے سانسیں نہیں آتیں
کہ میں بے جان ہوں تم بن
سنو! بکھرا ہوا ہوں میں
سہارا چاہتا ہوں اب
تمھارے لوٹ آنے کا
اشارہ چاہتا ہوں اب
بھنور میں ہوں بہت دن سے
کنارہ چاہتا ہوں اب
سنو! تم لوٹ آؤ نا
کہ مجھ پر ہجر طاری ہے
عجب بے اختیاری ہے
نہیں طلب کسی شے کی
طلب اک بس تمھاری ہے
سنو!
تم بن نہیں رہنا
دکھوں کو اب نہیں سہنا
یہ خالی ہاتھ ہیں میرے

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

تم ان میں پیار بھر دو نا
میری تکمیل کر دو نا
سنو! تم لوٹ آؤ نا
سنو! تم لوٹ آؤ نا

☆......☆......☆

https://novelskiduniya.com/

اقصیٰ نے بھاگم بھاگ گاڑی کا دروازہ کھولا۔ ہینڈ بیگ اندر پھینکا۔

عدیل احمد اپنی جگہ ذرا احتیاط سا کھڑا تھا۔ چونک کر اسے دیکھنے لگا۔

اتنا بڑا سیاہ چشمہ زرد، سبز اور سرخ رنگوں کے امتزاج کے اس کپڑوں والی کی ناک سے بار بار پھسلا جا رہا تھا۔ تیاری سے لگ رہا تھا کہیں شادی پر انوائیٹڈ ہے مگر انداز خاصے تباہ کن تھے۔ نہ ہیل کی پروا تھی، نہ چوڑیوں کی، نہ اتنے لمبے ائیر رنگز کی۔ اور چمکیلے دوپٹے کی چمک اور ستارے مرکزی دروازے سے یہاں تک بکھرے نظر آ رہے تھے۔ اتنا کچھ تو وہ گاڑی کی ڈگی میں رکھ چکی تھی اور ابھی بھی اس کا سامان ختم نہیں ہو رہا تھا۔ حالانکہ مسز شیرازی نے کہا تھا انہیں تو بس دوسرے شہر تک ہی جانا ہے۔ چند گھنٹوں کے لیے، اور پھر واپسی......بس اتنا ہی!

Novels Ki Duniya

باس کی طرف سے بھی یہی آرڈر ملا تھا۔

اور اس نے پتا نہیں کتنے رسالے، میگزین، کتابیں، ہینڈ بیگز اور جانے کیا کچھ اندر رکھ ڈالا تھا۔

”آپ کی تعریف؟“ رنگوں کی فیکٹری اب کے سامنے سے گزری تو اس سے رہا نہیں گیا۔

کوئی تیسری بار گاڑی کے سامنے کھڑے ہو کر اپنی چند ایک تصویریں لینے کے بعد اقصیٰ سیدھی ہوئی اور ناک پر پھسلتی عینک کو ذرا نیچے کر کے اس نے موصوف کو سر تا پیر دیکھا۔ سوٹڈ بوٹڈ نوجوان......بال خاصے گھنگریالے تھے۔ ناک ذرا سی لمبی تھی۔ قد کاٹھ بھی مناسب تھا۔ فرنچ کٹ داڑھی

میں بلا کا سوبر اور سنجیدہ نظر آنے کی کوشش کرتا وہ اسے ایک آنکھ نہ بھایا۔

"مستقبل قریب کی ڈاکٹر اقصیٰ، اور جنت آپی کی حالیہ منیجر!" اترا کر اپنا تعارف کرایا کہ اگر وہ فارس وجدان کا خاص ملازم ہو سکتا ہے تو اس کی پوزیشن بھی شیرازی خاندان میں کم نہیں۔

"آپ کو اتنا سامان گاڑی میں رکھنے کی اجازت کس نے دی ہے؟"

"کیوں یہ گاڑی آپ کی ہے؟" بڑی بڑی گول شیشوں والی عینک کو واپس آنکھوں پر جما کر پوچھا۔ وہ لاجواب ہوا۔

ہیل پر ڈولتی ہوئی وہ ایک بار پھر کوارٹر کا رخ کر چکی تھی۔ عبدالغفور مالی دروازے میں کھڑا تھا۔ سر پر ہاتھ رکھے کچھ کہہ رہا تھا اور وہ کبھی اثبات میں، اور کبھی نفی میں سر ہلانے لگتی تھی۔

اب کے واپس آئی تو ہاتھ میں شاپر تھا۔ عدیل احمد کے سامنے ایک بار پھر سر جھٹک کر اپنی عینک درست کی اور مسز شیرازی کو بلانے اندر چلی گئی۔

رسٹ واچ پر ٹائم دیکھتا وہ گاڑی کے بونٹ سے ٹیک لگائے کھڑا ہو گیا تھا۔

گاڑی سے دروازے تک جگہ جگہ بکھرے نگوں کی سورج کی روشنی میں چمک تھی، اور بے تحاشا چمک تھی۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

☆......☆......☆

سہ پہر کا سورج غروب ہو رہا تھا، اندھیرے بڑھ رہے تھے، روشنیاں مٹ رہی تھیں۔ منزل واضح ہو کر بے نام تھی اور راستے آسان ہو کر مشکل ہو رہے تھے۔ دل اندیشوں میں گھرا ہوا تھا۔ کیفیت عجیب سی ہو رہی تھی۔

مسز شیرازی کی آمد کے متعلق جاننے کے بعد سے وہ اپنی جگہ سر جھکائے بالکل خاموش بیٹھی تھی۔ دوپٹے پر گرفت جمائے، نگاہیں جھکی ہوئی۔

آنسو ابھرتے، پلکوں پر جھکتے، پھر ٹھہر جاتے۔ رونے پر قابو پائے وہ خود کو آنے والے وقت کے لیے تیار کرنا چاہ رہی تھی، مگر کر نہیں پا رہی تھی۔ آنکھوں کے سامنے ایک ہی منظر، ایک ہی لمحہ، ایک ہی ساعت بار بار گزر رہی تھی۔

امی کا گھر...... مرکزی دروازے سے عین سامنے...... نیم اندھیرے میں کھڑی نفیسہ اس پر نظر پڑتے ہی برف کے مجسمے میں ڈھلتیں، ٹوٹتیں پھر بکھر کر فنا ہوتیں نفیسہ...... ان کی خاموش آواز، ان کی ساکت نگاہیں۔

https://novelskidunya.com/

''امی، امی...... ! میں نے کچھ نہیں کیا، امی...... امی!''

''دور ہٹو جنت!'' ایمان نے چیختے ہوئے اسے پرے دھکیلا تھا۔

پلکیں جھپکا کر اس نے آنکھوں کو مسل ڈالا۔ پھر نظروں کا زاویہ بدلا۔ دوبارہ بدلا۔ پہلے وہ دیوار کو دیکھ رہی تھی، اب الماری پر نظریں جمائے بیٹھی تھی۔ پھر اس نے رخ بدل کر دروازے پر نظریں ٹھہرا لی تھیں۔ زاویہ بدلنے سے منظر نہیں بدل رہا تھا۔ ماضی نہیں بدل رہا تھا۔ کیفیت نہیں بدل رہی تھی۔

''میں نے کچھ نہیں کیا۔'' ایک جنت بیڈ پر بیٹھی تھی تو دوسری جنت اسے روتی سسکتی، تڑپتی اپنی صفائی میں بمشکل لفظ ادا کرتی نظر نہیں آ رہی تھی۔ تب تک، جب تک زندگی کا احساس باقی رہا تھا۔ اور جب تک اپنوں کا اعتبار مکمل ختم نہیں ہوا تھا۔

وہ بار بار آنکھیں رگڑ رہی تھی۔ بار بار سینے پر ہاتھ رکھ کر گہرا سانس لے رہی تھی۔ آنکھیں خاموش تھیں۔ دل رو رہا تھا۔

کچھ ہی دیر میں بوا آ گئی تھیں۔

''وہ تم سے ملنا چاہتی ہیں۔''

دل کی دھڑکن تیز ہوئی، سر جھکا رہا۔

"جنا!"

قریب آکر انہوں نے کندھوں پر ہاتھ رکھا تو اس نے بمشکل سر اٹھایا۔

"میں کیسے......؟" اس کے لب ہلے۔

"وہ تم سے بات کرنا چاہتی ہیں۔"

"بوا! میں ان کا سامنا کیسے......؟"

"میری طرف دیکھ۔" چہرہ ہاتھوں میں لے کر انہوں نے کہا۔ "حق پر ہے نا تو؟ تو پھر اتنا ڈر کاہے کو؟ اٹھ شاباش!" انہوں نے ہاتھ پکڑ کر اٹھایا تو وہ نہ چاہتے ہوئے بھی اٹھ گئی۔

"پریشان نہیں ہو، تیری مرضی کے خلاف کچھ نہیں ہوگا۔ تو جو فیصلہ کرے گی، میں تیرے ساتھ کھڑی رہوں گی۔" انہوں نے ایک بار پھر یقین دہانی کروائی تھی۔

کمرے سے باہر، پھر سیڑھیاں اتر کر ڈرائنگ روم تک جاتے اس کی ہمت جواب دینے لگی۔ قدم بھاری ہونے لگے۔

بچے کمرے میں تھے۔ اقصیٰ ان کے پاس بیٹھی تھی۔ صندل آپا چہرے پر پریشانی لیے کچن کے سامنے کھڑی تھیں۔

دروازہ کھل گیا۔ بوا وہیں کھڑی رہیں۔ "جا......!"

ہمت کر کے وہ اندر داخل ہوگئی مگر دروازے میں ہی جھکے سر کے ساتھ کھڑی ہوگئی۔

سامنے ہی صوفے کے پاس وہیل چیئر پر مسز شیرازی بیٹھی تھیں۔ اس کی نظر ان کے قدموں تک گئی اور پھر وہیں ٹھہر گئی۔

باہر اندھیرے پھیل رہے تھے۔ کھڑکیاں تاریک ہو رہی تھیں۔ وقت متحرک تھا۔ وہ منجمد ہو چکی تھی۔

مسز شیرازی اسے ہی دیکھ رہی تھیں۔ مگر کن نظروں سے دیکھ رہی تھیں اس نے جاننے کی کوشش

نہیں کی۔لب باہم پیوست کیے مجرموں کی طرح سر جھکائے بالکل خاموش کھڑی رہی۔

”تم نے مجھ سے ایک وعدہ کیا تھا، وہ وعدہ پورا کیے بنا تم نے گھر کیسے چھوڑ دیا؟ مجھے کیسے چھوڑ دیا؟“

دوپٹے کے اندر انگلیاں باہم پیوست ہو گئیں۔سر جھکا رہا، لب بھینچے رہے اور آنسو گرنے لگے۔ اندر ہی اندر...... دل پر، خاموشی صرف لبوں پر تھی تو آنکھوں میں بھی اتر گئی۔نظریں قدموں سے ہٹ کر فرش پر جم گئیں۔

اس کے پیچھے......ادھ کھلے دروازے کے بے حد قریب......دیوار سے پشت لگائے فارس وجدان کھڑا تھا۔دونوں ہاتھ جیکٹ کی جیبوں میں تھے، سر جھکا ہوا تھا۔کچن میں کھانے کا انتظام دیکھتی صندل کی نظر بار بار اس کی طرف اٹھ رہی تھی۔

اس کی موجودگی سے قطعی بے خبر، وہ ہنوز اپنی جگہ، اپنے خول میں بند، صامت کھڑی تھی۔

”یہاں آؤ۔“مسز شیرازی نے اب کے ہاتھ بڑھایا۔

مگر وہ اپنی جگہ سے نہیں ہلی۔آنکھ کے کنارے پھر سے نم ہونے لگے۔

مسز شیرازی نے گہرا سانس لے کر ہاتھ نیچے کر لیا۔

”میں صرف ساس تو نہیں ہوں، دوست بھی تو ہوں۔تم نے کہا تھا ماں جیسی لگتی ہوں، اور اگر واقعی میں ایسا ہی ہے تو کیا یہ ماں اتنا بھی حق نہیں رکھتی کہ جان سکے، اس کی بیٹی کے ساتھ کیا ہوا تھا؟“

دھڑکن تھم گئی، سانس رک گیا۔اس نے بے ساختہ سر اٹھایا۔گال پر آنسوؤں کی لکیر نمایاں ہوئی۔ مسز شیرازی اسے دیکھ رہی تھیں اور وہ انہیں......

وہ رات......ایک بار پھر آ کر ٹھہر گئی تھی۔فائزہ چچی کی باتیں، ان کے الزام، ان کا غصہ، ان کی نفرت......اس رات وہ اسے برباد کرنے آئی تھیں، اور اسے لگا وہ واقعی میں اسے برباد کر گئی تھیں۔ انہوں نے یقین چھین لیا تھا، اعتبار کی دھجیاں اڑا دی تھیں۔اب تک وہ یہی سوچتی رہی تھی۔اب تک اسی

https://novelskidunya.com/

گمان سے بھڑتی رہی تھی۔

مگر جو عورت سامنے بیٹھی تھی، اس کی آنکھوں میں نہ تو نفرت تھی، نہ حقارت، نہ بے اعتباری...... کیا ایسا بھی ممکن تھا؟

وہ خاموشی جو مہینوں سے طاری تھی، جو طلاق، قتل کا الزام، اور بھائی کی وفات کا گھیراؤ کرتی تھی۔ جو ہر دلیل، ہر تاویل، اور ہر وضاحت کو دفنا دیتی تھی، وہی طاقت ور خاموشی، روح سے دل، اور پھر دل سے زبان کو جکڑ کر رکھنے والی...... زنجیر نما خاموشی ٹوٹنے لگی۔

''کیا ہوا تھا؟'' وہ پوچھ رہی تھیں۔

سوال جتنا مختصر تھا، جواب اتنا ہی طویل...... اتنا ہی تکلیف دہ۔

''میں نے ماہین کا بچہ ضائع کرنے کی کوشش نہیں کی تھی۔'' اس کے لب ہلے۔ آنکھیں سرخ ہونے لگیں۔ ''مجھے کام والی نے بلایا تو میں اس کے کمرے میں، اسے دیکھنے گئی تھی۔ اس نے دروازہ بند کر دیا اور...... اور اس نے سب توڑ دیا۔ خود کو زخمی کر لیا۔ میں نے اسے کوئی تکلیف نہیں پہنچائی۔ میں نے اسے زخمی نہیں کیا تھا۔'' وہ کپکپاتے ہوئے، روتے ہوئے کہہ رہی تھی۔ جیکٹ کی جیبوں میں فارس کی مٹھیاں سختی سے بھینچ گئیں۔

''وہ کہتی تھی، میں بانجھ ہوں۔ کبھی ماں نہیں بن سکتی اور مجھے...... مجھے برہان کی زندگی سے نکل جانا چاہیے۔ میں نہیں نکلی تو پھر اس نے......'' سسکیاں ہچکیوں میں بدل گئیں۔ ''گھر پر، میرے نمبر پر، رانگ کالز آتی تھیں، انہیں میرا نام، میری ہر معلومات پتا ہوتی تھی۔ میں نے برہان کے علاوہ کبھی بھی، کسی سے رابطہ نہیں رکھا، کبھی بھی نہیں...... لیکن برہان مجھ پر شک کرنے لگا۔'' وہ اذیت کے عالم میں سب کہتی جا رہی تھی۔

''میں نے حسنین کی جان نہیں لی تھی۔ وہ سب...... وہ غلطی سے۔'' آواز ساتھ چھوڑ رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

لفظ بمشکل ادا ہو رہے تھے۔ ”آنٹی! وہ میری گڑیا چھین رہا تھا.....وہ.....وہ.....“ منظر جیسے آنکھوں میں تھا۔ سیڑھیوں سے پھسلتا، فرش پر ڈھیر ہوتا حسنین.....اطراف میں پھیلتا سرخ خون.....منظر آنکھوں میں تھا۔ وہ پنجوں کے بل فرش پر بیٹھی۔ ”سب کہتے ہیں میں بدبخت ہوں، بدنصیب ہوں، میری وجہ سے میرا بھائی مارا گیا۔ مگر میرا یقین کریں آنٹی، میں نے اسے جان بوجھ کر نہیں مارا، وہ سب.....“ اس کی ہچکیاں بندھ گئیں۔ گلا بیٹھ گیا۔ لیکن وہ بول رہی تھی اور مسز شیرازی اسے بولنے دے رہی تھیں۔ جو کچھ ذہن میں تھا، دل میں تھا، روح میں تھا، وہ لبوں پر آ گیا تھا۔ ان کہے لفظ چنگاریوں کی طرح دہکتے تھے، روح کو گھائل کرتے تھے۔ خاموش لفظوں کا عذاب، جسم و جاں پر کتنا بھاری تھا، کوئی جنت کمال سے پوچھتا۔

”وہ غلطی سے گر گیا تھا، آنٹی! میں نے جان بوجھ کر نہیں۔“

وہیل چیئر دھکیل کر وہ آگے ہوئیں۔ اس کا چہرہ ہاتھوں میں لے لیا۔

”کوئی کچھ بھی کہے، جو تمھاری حقیقت ہے، وہ نہیں بدل سکتی۔ مجھے تمھارے ایک ایک لفظ پر پورا یقین ہے۔“ انہوں نے اس کے آنسو صاف کیے۔

”میں تو اتنا جانتی ہوں میری بہو کسی بچے کی جان لینے کا سوچ بھی نہیں سکتی، کسی کو جاننے کے لیے پانچ ماہ کم نہیں ہیں۔ اللہ گواہ ہے میں نے تمھارے کردار میں کوئی جھول نہیں دیکھا، اور رہی بات تمھارے بھائی کی، تم صرف پانچ سال کی تھیں جنت! وہ صرف ایک حادثہ تھا۔“

چھ سال پہلے تک وہ یہ لفظ اپنے نانا سے سنتی رہی تھی۔ صرف وہی تھے جو اس کے ذہن میں ابھرتے ہر منفی خیال کی تردید کر دیا کرتے تھے، ان کی ہر بات ”حادثہ“ اور ”ناسمجھی“ سے شروع ہو کر اسی پر ختم ہو جاتی تھی۔

اتنے عرصے بعد، مسز شیرازی سے سن کر، اس کا دل بھر آگیا۔ اسے تو لگتا تھا کوئی بھی اس پر کبھی یقین نہیں کرے گا، کبھی بھی نہیں.....مگر مسز شیرازی.....

اس کا ہاتھ دونوں ہاتھوں میں لیے وہ اس کی آنکھوں میں بہت نرمی سے دیکھ رہی تھیں۔

''تم نے گھر کیوں چھوڑ دیا؟''

''میں ڈر گئی تھی، آپ مجھ سے نفرت کریں گی۔ مجھے گھر سے نکال دیں گی۔'' وہ روتے ہوئے کہے جا رہی تھی۔ ''مجھے لگا آپ میری کسی بات کا یقین نہیں کریں گی۔''

''میں زیادہ سے زیادہ کیا کرتی جنت؟ یہی سوال پوچھ لیتی، تم جواب دے دیتیں۔ بات ختم ہو جاتی۔''

بات ختم ہو جاتی...... آنسو آنکھوں میں ٹھہر گئے۔ سر اٹھا کر اس نے مسز شیرازی کو دیکھا، یہ بات اس کے اپنوں نے کبھی ختم نہیں کی تھی۔ سگی ماں نے، سگی بہنوں نے، سگے رشتوں نے حتیٰ کہ برہان نے، فارس وجدان نے بھی نہیں......

''میں...... میں بہت پریشان تھی۔ مجھے...... کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔''

''اچھا، بس اب رو نہیں۔'' انہوں نے ٹیبل سے گلاس اٹھا کر اس کی طرف بڑھایا۔ ''لو شاباش! پانی پی لو۔'' چند گھونٹ لے کر اس نے خود پر قابو پانے کی کوشش کی۔

وہ اتنی محبت اور اتنے پیار سے اسے دیکھ رہی تھیں، اس کے مل جانے کی خوشی آنکھوں میں لیے، چہرے پر امید بھرے تاثرات لیے......

اب وہ ان کے سامنے، بے حد قریب صوفے پر بیٹھی تھی۔ ہاتھ ابھی بھی ان کے ہاتھوں میں دبا ہوا تھا۔

ستائیس دن کا سفر تھا، بے گھر ہو جانے کی حقیقت تھی۔ ماضی تھا، اور مستقبل کا خوف الگ...... ہر خوف، ہر ٹینشن، ہر گھبراہٹ سے نبرد آزما ہوتی اب وہ خاموشی سے انہیں سن رہی تھی۔

''گھر کے بڑے کس لیے ہوتے ہیں جنت؟ جو آپ کا رشتہ طے کرتے ہیں، یا آپ کی شادی

کرتے ہیں، کیا وہ اتنا بھی حق نہیں رکھتے کہ آپ کے معاملات کو جان کر انہیں سلجھانے کی کوشش کر سکیں؟ آپ کی مدد کر سکیں؟ تم دونوں نے مجھ سے اپنی ہر بات چھپا کر بالکل اچھا نہیں کیا۔" وہ صحیح معنوں میں اب خفا لگ رہی تھیں۔ وہ کچھ حیرت سے انہیں دیکھ کر رہ گئی۔ اس نے ابھی تک فارس کے رویے سے متعلق تو کوئی بات ہی نہیں کی تھی، کیا انہیں شک تھا؟ یا وہ جان گئی تھیں؟ اگر ہاں تو کیسے جان گئی تھیں؟ کیا فارس نے؟ دل نے دلیل دی۔ ذہن نے فوراً تردید کر دی۔

"میں نے....." اس نے کچھ ہمت مجتمع کی۔ لفظ ترتیب دیے۔ "میں نے..... ایک اور بات بھی آپ سے چھپالی۔" آواز ایک بار پھر بھرائی۔ سمجھ میں نہیں آرہا تھا کیسے بتائے۔ وہ ان کی مزید ناراضی مول نہیں لینا چاہتی تھی۔

"تم نہ بھی بتاؤ تو کوئی بات نہیں۔" وہ سمجھ رہی تھیں، یقیناً یہ بھی خاندان سے متعلق کوئی بات ہوگی۔

"بتانا ضروری ہے۔" اب کے گال رگڑ کر صاف کیے۔

"اچھا بتاؤ۔" اتنا تو وہ رو رہی تھی۔ وہ ذرا پریشان ہوئیں کہ پتا نہیں کیا بات ہے۔ ذرا بوجھ ہلکا ہو اس کا۔

"آپ..... آپ..... دادی بننے والی ہیں۔"

باہر دروازے کے پاس کھڑا فارس وجدان اپنی جگہ پتھر ہوا..... بے حس..... ساکت، منجمد!

ہاسپٹل کے کاریڈور میں اسٹریچر کے پہیوں کی حرکت، لگژری فلیٹ کے لاؤنج میں کافی ٹیبل پر رکھا سفید کاغذ، ڈریسنگ ٹیبل سے ایک جھٹکے سے سب بکھیرتے دودھیا ہاتھ..... ان گنت سوال لیے شک وشبہات کے دائرے میں معلق ہوتا اس کا وجود..... سوالیہ نشان ہوتی اس کی ذات، مبہم ہوتا اس کا نام، مسخ ہوتی اس کی پہچان.....

اس نے بے ساختہ سر اٹھایا۔ سرخ آنکھوں میں کناروں تک نمی پھیل گئی۔ سامنے ہی برآمدے

https://novelskidunya.com/ NovelsKiDunya

کے اس پار روشن کھڑکیاں دھندلا گئیں۔ جس دیوار سے وہ ٹیک لگائے کھڑا تھا، وہ دیوار فنا ہوئی۔ وہ سہارا کھو کر پنجوں کے بل جھک گیا۔ اس کا سانس اب بھاری ہو رہا تھا۔ اس کی کیفیت اب عجیب سی ہو رہی تھی۔ چہرے پر پل بھر کے لیے شاک تھا، پھر خوش گوار سی حیرت اور پھر اس حیرت میں کرب گھل گیا تھا۔ آن کی آن میں سوئے ہوئے کئی غم، کئی درد، کئی تکلیفیں، کئی محرومیاں جاگ اٹھی تھیں۔

وہ ماضی کی زنجیروں میں ایک بار پھر جکڑا گیا تھا، زندگی کی ڈور ہاتھوں میں لیے، یقین کی وادیوں میں اترتے، منفی خیالات کی گرفت سے اپنے ذہن کو چھڑاتے، وہ ایک بار پھر اپنے اندر بھٹک گیا تھا، اپنے آپ سے بچھڑ گیا تھا۔

''میرے اللہ! کیا واقعی؟ جنت آر یو ریئلی......؟'' مسز شیرازی لمحے بھر کے لیے جیسے بے یقین ہوئی تھیں۔

اس نے شدت جذبات سے اثبات میں سر ہلایا تو انہوں نے منہ پر ہاتھ رکھ لیا۔ ان کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو ابھر آئے۔ اگلے ہی لمحے انہوں نے اسے خود سے لگایا۔ ''مجھے پہلے کیوں نہیں بتایا؟'' اس کا ماتھا چوم کر اب وہ شکوہ کر رہی تھیں۔ وہ اتنا خوش تھیں، جیسے سارے غم، سارے درد مٹ گئے ہوں۔

''میں دادی بننے والی ہوں! میرے اللہ! شکر الحمدللہ!'' شال کے پلو سے آنسو صاف کیے، ایک بار پھر سر اٹھا کر جنت کو دیکھا۔ وہ ایک بار پھر رونے کو تیار بیٹھی تھی۔

''اب کیا ہوا؟'' انہوں نے اتنے پیار سے دونوں ہاتھ تھام کر پوچھا تو ضبط ختم ہو گیا۔

''مجھے فارس کے ساتھ نہیں رہنا! مجھے طلاق چاہیے۔'' رونا پھر سے شروع ہو گیا۔ دل پر بھاری بوجھ لیے فارس اپنی جگہ بیٹھا رہا۔

''وہ جہاں شادی کرنا چاہتا ہے، آپ اس کی وہیں کر دیں۔''

''جنت بیٹا!''

"میں اس کے ساتھ اب کبھی نہیں رہوں گی آنٹی! کبھی نہیں۔" فیصلہ حتمی تھا۔ ردو بدل کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔

"ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔" انہوں نے مسکراہٹ دبا کر اس کے گال پر ہاتھ رکھا۔ "تم دونوں کے اختلاف اپنی جگہ، لیکن کیا تمھارا نہیں خیال، جب تک ڈلیوری نہیں ہو جاتی، تمھیں ہمارے ساتھ چلنا چاہیے؟"

"آنٹی! وہ فارس......"

"کیا یہ مناسب نہیں رہے گا کہ تم اپنے بچے سے پوچھو اس کی ممی کو کیا فیصلہ کرنا چاہیے؟"

جنت نے چونک کر مسز شیرازی کو دیکھا، وہ ڈھیر سے ہنس دیں۔

"کافی عرصے بعد ہمارے گھر میں خوشی آئی ہے جنت...... میں اپنی بہو کو اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھنا چاہتی ہوں۔ تم یہاں رہو گی تو مجھے فکر ہوتی رہے گی۔ اور یہ میرا تم سے وعدہ ہے، نئے فیملی ممبر کو آنے دو، پھر جیسا تم چاہو گی، ویسا ہی ہوگا! جو فیصلہ تم کرو گی، میں تمھیں مکمل سپورٹ کروں گی۔ ابھی گھر چلو...... میری خاطر؟"

اسے ایک بار پھر رونا آیا۔

"اب نہیں رونا۔" پیار سے کہا تو آہستگی سے اثبات میں سر ہلایا۔

"سب ٹھیک ہو جائے گا۔" مسز شیرازی اسے خود سے لگائے کہہ رہی تھیں۔ اس نے آنسو پونچھ ڈالے۔

"ہاں، سب ٹھیک ہو جائے گا۔"

"چلو شاباش! اپنی تیاری کرو۔" انہوں نے کہا۔

فارس وجدان اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا۔ دروازہ کھول کر وہ باہر آئی اور اس کی موجودگی سے قطعی

بے خبر سیڑھیوں کی طرف بڑھ گئی۔

جیبوں میں ہاتھ ڈالے وہ اسے جاتا دیکھتا رہا۔

☆......☆......☆

کپڑے بدل کر بالوں کی ڈھیلی سی چٹیا بنائے وہ دوپٹے کے ساتھ شال اوڑھ کر نیچے آئی تو پہلی نظر ہی فارس وجدان پر پڑی۔

وہ نیم تاریکی میں دروازے میں کھڑا نظر آ رہا تھا۔ لمحے بھر کے لیے نظر ملی۔ دل جانے کیوں عجیب لے پر دھڑکا۔ مسز شیرازی نے یقیناً اب تک اسے بتا دیا ہوگا۔ جانے اس کے تاثرات کیسے رہے ہوں گے۔ جانے اس نے کیا کہا ہوگا؟ رخ بدل کر وہ برآمدے کی طرف چلی گئی۔ اقصیٰ باقاعدہ چیخ کر اس سے لپٹ گئی۔

https://novelskiduniya.com/

''جنت آپی! آپ کو نہیں پتا میں نے آپ کو کتنا یاد کیا۔''

علی کی گھوریاں اقصیٰ کے لیے ختم ہی نہیں ہو رہی تھیں۔ وہ صندل آپا سے ملی، پھر بچیوں سے جو اس کے جانے کا سن کر ہی اداس ہو گئی تھیں۔ علی کے تاثرات عجیب سے تھے۔ جیسے ابھی رو پڑے گا۔ اور صابرہ بوا......

Novels Ki Duniya

وہ بھیگی آنکھوں کے ساتھ کھڑی تھیں۔ اسے خود سے لپٹائے جانے کتنی ہی دیر تک دعائیں دیتی رہیں۔

''تیری ساس بہت اچھی عورت ہے! بہت نیک اور بڑے ظرف والی۔ مجھے زبان دی ہے۔ بیٹی بنا کر لے جا رہی ہوں۔ کوئی تکلیف نہیں ہونے دوں گی۔ ان شاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔'' وہ خاموشی سے سنتی رہی۔

''رابطے میں رہنا، اپنا بہت خیال رکھنا۔'' نم آنکھوں کے ساتھ اس نے سر ہلایا۔

''آپ اسلام آباد کب تک آئیں گی؟''

صندل کی ڈلیوری تک یہیں ہوں، اس کے بعد ہی سلیم کے پاس جا سکوں گی۔ لیکن تو فکر نہ کر، جلد ملنے آؤں گی۔''

سب اسے چھوڑنے دروازے تک آئے۔ مسز شیرازی کو فارس پہلے ہی گاڑی میں بٹھا آیا تھا۔ اب اس کے انتظار میں وہیں کھڑا تھا۔ اقصیٰ عجلت میں قدم اٹھاتی اس سے پہلے ہی نکل گئی تھی۔ گلی کا راستہ بارش کی وجہ سے کافی خراب تھا۔

وہ باہر نکلی اور دیوار کے ساتھ اسے مکمل نظر انداز کیے گاڑیوں کی طرف بڑھ گئی۔

فارس نے قدم اٹھائے اور پھر رک کر مڑا۔ صابرہ بوا اسے ہی دیکھ رہی تھیں۔

''آپ نے جو کچھ کیا، اس کے لیے آپ کا بہت شکریہ...... میری طرف سے جنت کو کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔''

''اللہ خوش رکھے تم دونوں کو۔'' انہوں نے دل سے دعا دی۔

وہ جانے کے لیے مڑ گیا۔

جنت آہستگی سے قدم اٹھا رہی تھی۔ اندھیرے میں گاڑی کی روشنیاں بکھری تھیں۔ سفید گاڑی فارس کی تھی۔ اتنا تو جنت کو پتا تھا۔ دوسری گاڑی میں ڈرائیور تھا۔ عدیل احمد جو باہر کھڑا تھا۔ عقبی نشست پر مسز شیرازی براجمان تھیں۔ اس کی آنکھوں کے سامنے دروازہ کھول کر جھٹ سے اقصیٰ بیٹھی۔ دروازہ بند کرتے، لاک لگا کر شیشہ نیچے کیا۔ جنت کے قریب پہنچنے تک سرگوشی میں کچھ نہ کچھ طے پا گیا تھا۔

''تم فارس کی گاڑی میں بیٹھ جاؤ جنت! ہماری گاڑی میں تو بہت کم جگہ ہے۔'' مسز شیرازی نے کہا۔

''ہاں، ہاں ہماری گاڑی میں تو بالکل بھی جگہ نہیں ہے۔'' اقصیٰ مزید پھیل گئی۔ ''ہم خود اتنی مشکل سے بیٹھے ہوئے ہیں۔ کیوں مسٹر عدیل؟'' لگے ہاتھوں عدیل احمد سے بھی مشورہ لیا۔ اس بونگے کو تو کچھ

سمجھ میں نہیں آیا کہ اتنی بڑی گاڑی میں جنت کمال کی جگہ کیوں نہیں ہو سکتی تھی۔ لیکن جب اقصیٰ نے آنکھوں ہی آنکھوں میں کوئی ایک ہزار اشارے دیے تو......

"جی میم! بالکل، جی ہاں...... بالکل جگہ نہیں۔ آپ اس طرف آ جائیں۔" ساتھ ہی ادب سے ہاتھ دراز کر کے فارس کی گاڑی کا راستہ دکھایا۔

کی لاک سے گاڑی کا لاک کھولتا فارس وجدان اس سچویشن سے قطعی لاعلم رک کر انہیں دیکھنے لگا کہ ہو کیا رہا ہے۔ جنت ابھی تک باہر کیوں کھڑی ہے؟

"آنٹی!" اس نے روہانسی ہو کر مسز شیرازی کو دیکھا۔

"جاؤ بیٹا!" انہوں نے پیار سے اصرار کیا۔ "چند گھنٹوں کا تو سفر ہے۔"

فارس وہیں آ گیا۔ "اینی پرابلم؟" وہ عدیل احمد سے پوچھ رہا تھا۔ اقصیٰ کی باچھیں کھل گئیں۔

"یہاں تو پرابلم ہی پرابلم تھے۔" فارس نے اسے گھوری دی تو سٹپٹا کر سر جھکا گئی۔

اس سے پہلے کہ مسز شیرازی فارس سے کہتیں کہ وہ جنت کو اپنے ساتھ لے جائے، جنت خود ہی قدم اٹھاتی رینج روور کی طرف بڑھ گئی۔ دروازہ کھول کر پسنجر سیٹ پر بیٹھتے ہی دھڑام سے بند کیا۔ سینے پر بازو باندھے چہرے کا رخ خفگی سے شیشے کی طرف موڑ لیا۔ فارس کی کوئی بھی بات اس نے کبھی نہیں مانی تھی۔ ابھی بھی یہ تاثر قائم کرنا تھا وہ مسز شیرازی کی وجہ سے گاڑی میں بیٹھی ہے۔ اس کے کہنے پر یا اس کی وجہ سے تو بالکل بھی نہیں۔

اور اس تمام صورتِ حال کو سمجھتے ہی فارس کے لبوں پر اداس سی مسکراہٹ ابھرائی۔

"تھینکس ممی!" مسز شیرازی کی طرف کا دروازہ کھول کر وہ اندر کو جھکا۔

"سب کچھ مجھے ہی کرنا پڑ رہا ہے۔ تم بھی کچھ کرو۔" انہوں نے دبی آواز میں ذرا سا جھاڑ دیا۔

"ایکسکیوز کرو اس سے، معافی مانگو، بات کرو۔ میں ہرگز نہیں چاہتی تم دونوں کی لڑائیوں کا اثر میرے

گرینڈ چائلڈ پر پڑے۔"
انداز میں محبت بھری خفگی تھی۔ اصرار تھا، تنبیہ تھی، اس نے کس قدر کوشش سے اثبات میں سر ہلایا۔
"میں ایک بار پہلے اسے تمھاری زندگی میں لائی تھی فارس! اب تم خود لاؤ گے۔" انہوں نے ہاتھ دبا کر کہا۔ اس نے ہاتھ پکڑ کر بوسہ لیا، ایک بار پھر انہیں ممنون نگاہوں سے دیکھا، پھر دروازہ بند کر کے آگے بڑھ گیا۔
اقصیٰ جو اس تمام عرصے میں فارس کی دہشت سے کھڑکی کی طرف مؤدب ہو کر بت بنی بیٹھی تھی، اس کے جاتے ہی سکھ بھری سانس لی، جھٹ سے اپنے تھیلے نما کالج بیگ سے نمکو پیکٹ نکالا۔
عدیل احمد نے اس کی طرف کے شیشے پر دستک دی۔ اس نے کچھ چونک کر سر اٹھایا پھر شیشہ نیچے کیا۔
"آپ کے پاس آئینہ ہے؟" وہ پوچھ رہا تھا۔
"ہاں ہے......تو؟" وہ اترائی۔
"دیکھ لیجیے۔"
وہ کہہ کر سیٹ پر براجمان ہوا۔ اقصیٰ نے ذرا حیرت سے اسے دیکھا، پھر بیگ کھنگال کر آئینہ نکالا۔ گاڑی میں زرکار مدھم روشنی تھی، پھر بھی موبائل نکال کر فلیش لائٹ آن کر کے اپنی شکل دیکھی۔
کاجل دونوں آنکھوں کے گرد اچھا خاصا پھیلا ہوا تھا۔ نیلا شیڈ بھنوؤں کے نیچے، اطراف میں، ہر طرف......یوں لگ رہا تھا جیسے کسی نے باقاعدہ دو گھونسے آنکھوں پر جڑ دیے ہوں۔
ایک لمبی سی چیخ اس کے حلق سے نکلتے نکلتے دم توڑ گئی۔
کسی نے اسے بتایا کیوں نہیں؟ ذہن میں دھماکے ہو رہے تھے۔ اس عرصے میں سب اس کی یہی شکل دیکھتے رہے تھے؟ وہ شرم سے پانی پانی ہونے لگی۔
جھٹ سے ٹشو نکالا اور رونے پر قابو پاتے رگڑ رگڑ کر صاف کرنے لگی۔ میک اپ، کاجل،

مسکرا اور لائنز لگا کر وہ تو بھول ہی گئی تھی اور صابرہ خاتون کے گھر میں داخل ہوتے ہی چہرے پر ٹھنڈے پانی کے چھپاکے دے مارے تھے۔ تو بچے اس لیے مجھے گھور گھور کر دیکھ رہے تھے؟ مارے خفت کے آنکھیں میچ لیں۔

سیٹ پر براجمان عدیل احمد بیک ویو مرر سے اس کے تاثرات ملاحظہ کرتا اپنی ہنسی کسی حد تک دبا چکا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

دروازے لاک ہو چکے تھے۔ گاڑی اسٹارٹ تھی تقریباً..... مگر ابھی حرکت میں نہیں آئی تھی۔ اندر باہر سناٹا سا چھایا تھا۔ ایک مکمل خاموشی دونوں کا احاطہ کیے ہوئے تھی۔

وہ فکروں میں گھری شیشے کی طرف رخ کیے بیٹھی تھی۔ ناخن انگلی تلے دبائے۔ شال کے اندر مٹھی سختی سے بند کیے۔

''کیا حال ہے؟'' برابر میں بیٹھے فارس وجدان نے خاموشی توڑ دی۔

''مجھ سے کوئی بات مت کرو۔''

''یہ سوال میں نے، کسی اور سے بھی پوچھا ہے۔''

Novels Ki Dunya

جنت کا چہرہ سرخ پڑا۔

''ہم سے کوئی بات مت کرو۔''

اور جس استحقاق سے اس نے ''ہم'' کہا، وہ دھیرے سے مسکرا دیا۔ اپنی قسمت، اپنا نصیب اسے آج سے پہلے کبھی اتنا اچھا نہیں لگا تھا۔

''لیکن میں کرنا چاہتا ہوں۔'' اس نے کہا۔

عدیل احمد کی گاڑی برابر سے گزر کر آگے ہوئی تو اس نے اسٹیرنگ وہیل پر گرفت جمائے ایک

بار پھر رخ موڑ کر جنت کو دیکھا۔ سینے پر بازو باندھے وہ کھڑکی کی طرف رخ کیے بیٹھی تھی۔ چہرہ اوجھل تھا۔ خفا آنکھیں باہر کہیں تاریکیوں سے الجھ رہی تھیں۔

''تم نے مجھ سے پوچھا نہیں، وہ سرپرائز کیا تھا جو میں کراچی سے واپسی پر تمہیں دینا چاہتا تھا؟'' وہ آہستگی سے گویا ہوا۔

''پوچھنے کی کیا ضرورت تھی؟ جب وہ سرپرائز خود چل کر میرے سامنے آگئی تھی۔'' جل کر جواب دیتے ہوئے اب کے اس نے اپنا رخ فارس کی طرف موڑا۔ ''بائے دا وے، مسٹر شیرازی! میں صرف آنٹی کی وجہ سے گھر جا رہی ہوں۔ تمہارے ساتھ جو میری ڈیل ہوئی تھی، وہ اب بھی قائم ہے۔ میں نے تو آنٹی سے کہہ دیا ہے، بھلے سے تمہاری دوسری شادی ہو، تیسری شادی ہو، چوتھی شادی ہو...... آئی ریئلی ڈونٹ کیئر! مجھے صرف اپنی طلاق سے غرض ہے۔''

خاموشی سے اس کی پوری بات سن لینے کے بعد وہ تمام تر توجہ ڈرائیونگ پر مرکوز کر چکا تھا۔ ہمیشہ کی طرح اس کا پرسکون رویہ جنت کو اندر تک سلگا گیا۔

''اور گاڑی میں بھی اسی لیے بیٹھی ہوں کیونکہ انہوں نے مجھ سے کہا، اس لیے نہیں کہ میں بیٹھنا چاہتی تھی۔ تمہارا تو مجھے پتا ہے، تم تو یہی سوچو گے، تمہاری ساری پلاننگز کا بیڑہ غرق جو ہو چکا ہے۔'' وہ شروع ہو چکی تھی۔

''کچھ لو گی؟'' فارس نے عقبی نشست کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے پوچھا۔ پیچھے کھانے کے پیک کیے لوازمات رکھے تھے جو مسز شیرازی گھر سے لائی تھیں۔ اپنی بات قطع ہو جانے پر اس نے سرد نظروں سے اسے دیکھا، پھر غصے سے رخ موڑ گئی۔

''ڈونٹ ٹاک ٹو می!''

وہ دکھ سے مسکرایا۔ جانتا تھا، بات کرنا چاہے گا تو وہ الجھ پڑے گی، یا کانوں پر ہاتھ رکھ کر رونے

https://novelskidunya.com/

لگ جائے گی۔ اور وہ ایسا نہیں چاہتا تھا۔ ان آنکھوں نے بہت رولیا، اب اور نہیں۔

ان کے مابین ایک بار پھر خاموشی چھا گئی۔

جنت نشست کے ساتھ پشت ٹکائے، ایزی ہو کر سامنے دیکھ رہی تھی۔ گاڑی مین روڈ پر سرعت پکڑے ہوئے تھی۔ آس پاس اندھیرے میں روشنیاں بکھیرتی گاڑیاں گزر رہی تھیں۔

ڈرائیونگ کرتے ہوئے وہ ہر تھوڑی دیر بعد اس کی طرف دیکھتے ہوئے جیسے تسلی کر لیتا تھا۔ حقیقت کو خواب ہونے میں دیر ہی کتنی لگتی ہے؟ اس کا خوف، اس کا خدشہ، اس کی تمام تر اذیتیں اپنی جگہ قائم تھیں۔ شیشے کے ساتھ پیشانی ٹکائے، کسی گہری سوچ، کسی گہرے خیال میں گم جنت نے آنکھیں موند لی تھیں۔ زندگی نے ایک بار پھر راستوں کا تعین کر لیا تھا۔ منزل ابھی بھی دھندلی تھی۔ بے نام اور غیر واضح سی تھی۔ انجام ابھی بھی نہیں بدلا تھا۔ فرق حالات پر پڑا تھا، نفسیات پر بھی، اعصاب پر بھی......

اس کے کندھے کسی بوجھ سے جھکے نہیں جا رہے تھے۔ دل سے جیسے کوئی ثقیل شے ہٹ گئی تھی۔ وہ خود کو بہت ہلکا پھلکا سا محسوس کر رہی تھی۔ ماضی ہنوز جڑا ہوا تھا مگر ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ اس کی تکلیف اسے اپنے حال کا احاطہ کرتی ہوئی محسوس نہیں ہو رہی تھی۔ یہ خوشی چند لمحوں کی ہی سہی، یہ سکون کچھ پل کا ہی سہی، لیکن ملا تو سہی۔ وہ مسز شیرازی کو ایک بار پھر سوچنے لگی تھی۔

غموں کے بادل پوری طرح سے نہیں چھٹے تھے مگر اسے آسمان ابھی سے، بہت اجلا، بہت نیلا نظر آنے لگا تھا۔ وہ کچھ ادھورے خوابوں کو آنکھوں میں سجائے آنے والے کل کو سوچ رہی تھی۔ ادھوری تصویر کا ایک حصہ مکمل ہونے والا تھا۔

پرسکون خاموشی میں اس کی آنکھیں آہستگی سے بند ہونے لگیں۔ سختی سے بند انگلیوں پر گرفت ڈھیلی پڑی۔ شال کا ایک سرا کندھے سے سرک کر پہلو میں آن گرا۔ باہر ہلکی ہلکی سی بوندا باندی شروع ہو چکی تھی۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Dunya

فارس کے ساتھ واپسی کا ہر سفر ایسے ہی بادلوں سے اور بارشوں سے گھرا رہتا تھا۔ اور کسے علم تھا، واپسی کے اس سفر میں وہ دو نہیں، تین ہوں گے؟ وہ نیند کی وادیوں میں اتر گئی۔ اور فارس وجدان اپنی نگاہیں روڈ پر جمائے یکسوئی سے ڈرائیونگ کرتا رہا۔

☆......☆......☆

جانے کتنا وقت بیتا تھا لیکن اسے یقین تھا، زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹہ ہی گزرا ہوگا یا اس سے بھی کم...... بارش ختم ہو چکی تھی۔ ونڈ اسکرین پر کہیں کہیں قطرے نظر آ رہے تھے۔ اس کی طبیعت مکدر ہو رہی تھی۔ متلی کا احساس شدید ہونے لگا۔ پہلے پہل تو آنکھیں موندے بیٹھی رہی کہ ٹھیک ہو جائے گی، مگر جب ابکائی کا احساس ہوا تو اس نے بے ساختہ فارس کے بازو پر ہاتھ رکھا۔

''گاڑی روکو فارس!''

''کیا ہوا؟'' گاڑی کی رفتار یکایک سست پڑی اور اگلے ہی لمحے سڑک سے ذرا نیچے ہو کر رک گئی۔

وہ دروازہ کھول کر تیزی سے باہر نکل گئی۔ اندھیرے میں سڑک کنارے گھاس اور اونچے لمبے درختوں کے سامنے وہ پنجوں کے بل جھک گئی تھی۔ پانی کی بوتل اٹھائے فارس اس کے پیچھے باہر آ گیا۔

کھانستے ہوئے قے کرتی وہ اذیت میں تھی۔ وہ کچھ فکرمندی سے پیچھے کھڑا رہا۔

وہ اٹھ کر سیدھی ہوئی تو اس نے پانی کی بوتل بڑھائی۔ اس نے بوتل لے کر منہ ہاتھ دھویا۔ اس کی آنکھوں میں نمی تیر رہی تھی، سانس بھاری تھا۔

ہمت کر کے قدم اٹھانے لگی تو فارس نے ہاتھ آگے کیا، جو کہ بغیر کسی تردد کے اس نے تھام لیا۔ شاید اسے ڈر تھا وہ گر نہ جائے۔ کپکپاتا ہوا سرد ہاتھ فارس کے ہاتھ میں دیے وہ پسنجر سیٹ پر بیٹھی۔

''آر یو آل رائٹ؟'' وہ اس سے پوچھ رہا تھا۔

بھاری سانسوں کے ساتھ اس نے اثبات میں سر ہلایا۔ وجود پر ایک کپکپی سی طاری تھی۔

https://novelskidunya.com/

وہ اپنی سیٹ سنبھالے اب اس کی طرف پوری طرح سے متوجہ تھا۔ آنکھوں میں فکر تھی۔ موبائل ہولڈر میں ایستادہ اس کے موبائل کی اسکرین یکا یک روشن ہوئی تھی۔ اے آر کے نام سے کال آ رہی تھی۔ چند ایک میسجز کا نوٹیفیکیشن بھی...... فارس نے کال ڈسکنیکٹ کر دی۔ پیچھے کہیں دور...... اور بہت دور کسی گاڑی کی ہیڈ لائٹس تاریک ہو گئی تھیں۔

اب کی بار اس نے اجازت نہیں چاہی تھی۔ ہاتھ بڑھا کر عقبی نشست سے ڈنر باکس کھولا۔

"پلاؤ، قیمہ مٹر، فرائیڈ چکن، میٹھے میں کھیر ہے، فروٹ ٹرائفل بھی۔" اس نے کھانے گنوائے، کہ شاید اب وہ کچھ کھا لے۔

"تم گھر سے اتنا کچھ لائے ہو؟" ذرا حیران ہو کر اس کی طرف مڑی۔ نیند سے بھری ہوئی بے آرام آنکھیں، بے تحاشا رونے کی وجہ سے سوجی ہوئی لگ رہی تھیں۔

"ممی لائی ہیں۔"

"ہاں وہی لا سکتی ہیں۔ تم سے مجھے ایسی کوئی امید بھی نہیں۔"

فارس اسے دیکھ کر رہ گیا۔

وہ جو کچھ دیر پہلے تک اس کے آفر کرنے پر بھی انکار میں سر ہلائے ناراضی کی دیوار قائم کیے بیٹھی تھی، تو اب خود اٹھ کر پیچھے چلی گئی تھی۔

دروازہ بند ہوا تو فارس نے گردن موڑ کر پیچھے دیکھا۔

گاڑی کی زرکار ڈوم لائٹس آن کیے اب وہ باکس وغیرہ دیکھ رہی تھی۔ بوا کے گھر سے آتے وقت ٹھیک سے کھانا بھی نہیں کھا سکی تھی۔

اپنے لیے پلیٹ میں پلاؤ نکالا۔ ساتھ ہی چکن کا لیگ پیس رکھا۔ گاڑی اشتہا انگیز کھانوں کی خوشبو سے بھر گئی۔

''لاؤ، یہ میں کھول دیتا ہوں۔'' رائتے کا ننھا سا باکس اس سے نہیں کھل رہا تھا۔

''کھول لوں گی میں خود ہی۔'' اس نے کہا مگر یاد آیا اگر ایک خراش برداشت نہ کرنے والے کی گاڑی کے اندر رائتے کا کوئی ایک قطرہ بھی گرا تو وہ کتنا ہنگامہ کرے گا؟ کیونکہ جس طرح سے وہ کھولنا چاہ رہی تھی، تو یہی ہونا تھا۔

تمیز سے باکس اسے دیا۔ جسے کھول کر اس نے واپس کر دیا۔

''ایک پلیٹ میرے لیے بھی۔'' پلاؤ کا تیسرا چمچ منہ تک لے جاتے اس نے رک کر فارس کو دیکھا۔

ناگواری سے بھنویں سکیڑ کر اپنی پلیٹ ایک طرف رکھی۔

دوسری پلیٹ میں پلاؤ نکالا، ساتھ ہی لیگ پیس، رائتہ، سلاد وغیرہ ڈال کر فارغ ہوئی تو پتا چلا وہ کب کا اس کی پلیٹ اٹھائے کھانا شروع بھی کر چکا تھا۔

''تم......!'' لب بھینچ کر اسے کچھ سخت سست کہنا چاہا مگر رک گئی۔

''سمجھتا کیا تھا یہ خود کو؟''

''پانی چاہیے؟'' فارس نے اپنی بوتل سے آدھا پانی پی کر بقیہ اس کی طرف بڑھایا۔ وہ اسے گھورتی ہوئی اپنی پلیٹ پر جھک گئی۔ ''تمہارا بچا ہوا نہیں چاہیے۔''

''او کے، ویسے بھی یہ آخری ہے۔'' اس نے بوتل دوبارہ لبوں سے لگانا چاہی۔

''ادھر دو مجھے۔'' غصے سے جھڑک کر بوتل کھینچی۔ مرچیں بھی تو لگ رہی تھیں۔ شاید رائتے میں زیادہ تھیں۔

مسکراہٹ ضبط کرتے ہوئے وہ رخ بدل گیا۔

عقبی نشست پر آلتی پالتی مارے اب وہ کھانا کھا رہی تھی۔ بہت آرام اور تسلی سے۔ چہرہ کرب سے عاری، آنکھیں درد سے خالی، لاپرواہ سا انداز...... جیسے گاڑی میں اس کے ساتھ اور کوئی تھا ہی نہیں۔

اپنے آپ میں مگن......اپنے رزق سے انصاف کرتی، بیک ویو مرراس پر ایڈجسٹ کیے وہ اس پر نگاہیں جمائے بیٹھا رہ گیا تھا۔

پندرہ سال پہلے اپنی ساری خفگیاں، ناراضیاں بھلائے وہ اسے بہت خوش اخلاقی سے ویلکم کیا کرتی تھی۔کیا وہ آج بھی ایسا کر پائے گی؟

''نہیں!''تبسم مٹ گیا۔

''شاید نہیں!''حزن ٹھہر گیا۔

اور درد بڑھ گیا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

نائلہ طارق کا بہت خوبصورت نیا ناول

ہوش رُبا

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

مریم جہانگیر کا بہت خوبصورت نیا ناول

محبت اب اور نہیں

کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
مکمل ناول پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

اوصاف منزل میں کام کرتے یہ اس کا دوسرا مہینہ تھا۔ اور اس مختصر عرصے میں اس گھر کا نقشہ کس حد تک بدل چکا تھا۔ مزدور مستری آج بھی کام پر لگے ہوئے تھے۔ نچلی منزل پر سامنے والے دو کمروں کو روغن کیا جا رہا تھا۔ اوپر والا پورشن نیا تعمیر ہوا تھا۔ اب دروازوں اور کھڑکیوں کا کام باقی رہ گیا تھا۔ پلاٹ کی قسطیں ادا ہو چکی تھیں۔ اسٹور کھل گیا تھا، گاڑی خرید لی گئی تھی۔ فرنیچر نیا ہو چکا تھا، صوفے بدل چکے تھے۔ ہر کمرے میں مہنگے نفیس ٹائلز بھی لگوائے جا رہے تھے۔ مہینے کے آخر تک طارق صاحب کی بڑی بیٹی کی شادی تھی۔

وہ اس گھر کی ملازمہ تھی تو جہیز کی تیاری خود اپنی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی۔ ثمرین نے اپنے لیے مہنگا ترین فرنیچر پسند کیا تھا۔

روز شاپنگ کے لیے بازاروں کے چکر لگتے تھے۔ مہنگے مہنگے برانڈڈ کپڑے، جیولری، میک اپ وغیرہ خریدے جاتے تھے۔

برآمدے سے آگے شیشے لگی دیواروں کے آس پاس نفیس صوفوں پر بیٹھ کر، کپڑے پھیلا پھیلا کر جائزہ لیا جاتا تھا، پسند ناپسند کو جانچا جاتا۔

آئے روز مہمانوں کی آمد و رفت...... اور وہ سارا سارا دن کچن میں کھانا پکانے اور صفائی میں ہلکان ہوتی رہتی۔ مجال ہے جو گھر کا کوئی ایک فرد بھی اسے سانس بحال کرنے دیتا ہو۔ ذرا دیر کو جو کہیں آرام کی غرض سے بیٹھتی تو ڈانٹ پھٹکار شروع ہو جاتی۔ وہ اس کی ماں کو اس کے کام کی اچھی خاصی تنخواہ دے رہے تھے۔ دو مہینے تو اس نے جیسے تیسے گزار لیے تھے مگر اس کی ماں چاہتی تھیں وہ سال ڈیڑھ سال تک یہیں رہے تاکہ باپ کا اچھے سے علاج بھی ہو جائے اور جو قرض انہوں نے لے رکھا ہے، وہ بھی اتر جائے۔ ان کی دوست کے توسط سے یہ کام اسے ملا تھا مگر گھر کے مکین اسے انسان کم، کام والی مشین زیادہ سمجھتے تھے۔ اوپر سے سال بھر کے بچے کی ذمہ داری بھی اسے سونپ رکھی تھی۔ جو گھر سے منسلک الگ تھلگ اسٹور روم نما کمرے میں اس کے ساتھ ہی ہوتا تھا۔

https://novelskidunya.com/

اور ہمیشہ کی طرح کچن میں، انتہا کی گرمی برداشت کرتے، گھر آئے مہمانوں کے لیے مینگو شیک بناتے وہ بھول چکی تھی پچھلے ڈیڑھ گھنٹے سے غائب ہے، اور بچہ کمرے میں اکیلا ہے۔

گھر کے مکینوں کے پاس تو انتظام تھا، مگر اس کا اسٹور نما کمرہ اس آسائش سے مکمل محروم تھا۔

وہ عجلت میں ٹرے اٹھائے ڈرائنگ روم میں گئی، سب کو جوس سرو کیا اور اس سے قبل کہ پھر سے کوئی حکم نامہ جاری ہوتا وہ عجلت میں قدم اٹھاتی کچن کے عقبی دروازے سے اپنے اسٹور روم نما کمرے میں آ گئی۔

پسینے سے شرابور، گرمی سے نڈھال بچہ رو رو کر ہلکان ہو چکا تھا۔ اسے دیکھتے ہی ہاتھ اٹھائے اس کی طرف لپکنے لگا۔ روبی کے دل کو کچھ ہوا۔ اسے بازوؤں میں بھرے کچن میں لے آئی۔

"معاف کر دو یار! میں تو بھول ہی گئی۔"

گلاس میں ٹھنڈا پانی ڈال کر اس کے لبوں سے لگایا تو وہ اپنے ننھے ننھے ہاتھ ٹھنڈے گلاس پر جمائے یوں پانی پینے لگا جیسے صدیوں کا پیاسا ہو۔

بال ماتھے سے چپکے ہوئے تھے۔ چہرہ، ناک، آنکھیں گلابی ہو رہی تھیں۔

وہ اتنا پیارا تھا کہ دل چاہتا دیکھتے جاؤ، مگر اس پیارے سے بچے کی قسمت کتنی خراب تھی۔ باپ مر چکا تھا، ماں اسے بھائیوں کے در پر چھوڑ کر گئی تو پھر پلٹ کر خبر نہ لی تھی۔

رشیداں سے اس نے سنا تھا۔ وہ صرف اپنی ماں کی فوتگی پر آئی تھی اور اس کے بعد اس نے بھولے سے بھی اس گھر کا رخ نہیں کیا تھا۔

"یہ اتنی وڈی گاڑی میں بیٹھ کے آئی تھی۔ تدفین کے بس کچھ دیر بعد ہی نکل گئی۔"

وہ کاؤنٹر ٹیبل کے پاس اسے لیے کھڑی تھی۔ ثمرین اپنے کمرے کی صفائی کا حکم دینے آئی تو بچے کو اس کے ہمراہ کچن میں دیکھ کر سیخ پا ہو گئی۔

"کتنی بار کہا ہے اسے گھر میں مت لایا کرو۔"

"بی بی جی! بجلی کب کی گئی ہوئی ہے تو کمرے میں بڑی گرمی ہے۔"

وہ ناگواری سے ایک نظر بچے کو دیکھتی اسے اپنے کمرے کی صفائی کا آرڈر دے کر چلی گئی۔ وہ اسے بازوؤں میں اٹھائے ثمرین کے کمرے میں آ گئی۔ بچے کو ایک جگہ بٹھایا۔ ''اب یہاں سے مت ہلیو، میرے کو کام کرنے دو۔'' بچے نے اسے معصوم آنکھوں سے دیکھا، اور اپنی جگہ بیٹھا رہا۔ ٹوٹی ہوئی کھلونا کار جو اس کی گود میں رکھی تھی، اسے جھنجھوڑتا، ہلاتا...... وہ ہمیشہ کی طرح بہت خاموش اور بہت پرسکون تھا۔

اوصاف منزل میں جب وہ نئی نئی آئی تھی اور اس کے لیے مکمل انجان تھی تو تب بھی جب اس نے اٹھایا تھا تو وہ بہت آرام سے اپنے بازو خود سے اٹھائے اس کی گود میں آ گیا تھا۔ وہ رات کو سوتے میں بھی بالکل تنگ نہیں کرتا تھا۔ اکثر رات میں آنکھ کھلتی تو وہ برابر میں لیٹا ہوا، آنکھیں کھلی ہوتیں، اور اس کے دوپٹے کا سرا منہ میں......

''بڑا امیر چچا ہے بچے کا...... مہینے کے مہینے پیسے بھیجتا ہے۔'' رشیداں نے یہ بھی بتایا تھا۔ ''لاکھ تو دیتا ہوگا وہ تیرے طارق صاحب کو۔''

وہ حیران ہو کر اسے دیکھنے لگی تھی۔ سگا چچا بچے کو اپنے پاس بھی تو رکھ سکتا تھا۔

''یہاں آتا ہے کیا وہ؟''

''ارے نہیں، کبھی نہیں آیا۔ تجھ سے پہلے جو سلیمہ مائی تھی، اس نے بتایا تھا۔ بینک سے پیسے بھیجتا ہے۔ ڈھیر سارے ہوتے ہیں۔ تو نے دیکھا نہیں کیسے امیر ہو گئے یہ سب...... پلاٹ بھی لے لیا ہے۔ کہہ رہے ہیں ثمرین کی شادی وڈے ہال میں کریں گے۔''

بیڈ شیٹ بدلتے، کتابیں سمیٹ کر ریک میں رکھتے اور پھر کپڑے سے فرنیچر، ڈریسنگ ٹیبل اور آئینہ رگڑ کر صاف کرتے وہ اس کی طرف دیکھتے ہوئے تسلی کر لیتی تھی۔

سرمئی نیکر اور ملگجی رنگ کی پرانی شرٹ میں وہ بچہ وہیں بیٹھا تھا، جہاں وہ اسے بٹھا کر آئی تھی۔ کبھی اسے لگتا وہ اس کی بولی سمجھتا ہے۔ اس کا کہا مانتا ہے۔ بھلا اتنے چھوٹے سے بچے میں اتنی

سمجھ کیسے ہوسکتی تھی کہ وہ کسی عام سی روبی کی بات مانے؟ جس کی سگی ماں اسے یہاں کام پہ لگائے گھر کے خرچے پورے کر رہی تھی؟

وہ سونے سے پہلے پتا نہیں کتنی باتیں اس سے کرتی جاتی۔ گال چھو کر، ٹھوڑی ہلا کر ہنساتی تو وہ ہنس پڑتا۔ نیچے کے دو کھانے کے ننھے موتی جیسے دانت نمایاں ہوتے۔ وہ اسے سارا سارا دن اسی کمرے میں چھوڑ کر گھر بھر کے کام نمٹاتی رہتی اور بھاگم بھاگ اسے بھی دیکھنے آجاتی۔

کبھی وہ رو رو کر نڈھال ہو چکا ہوتا اور کبھی اس کی دی گئی اشیا سے کھیلتا مکمل پر سکون۔

چیزوں کو پکڑ پکڑ کر اٹھ جاتا تھا۔ چھوٹے چھوٹے قدم بھی اٹھا لیتا۔ کمرے میں نقصان دہ کوئی شے نہ تھی۔ صرف ایک چارپائی اور بند سنگل الماری...... بوسیدہ سا قالین، اور بس...... اس لیے اسے مکمل اطمینان رہتا کہ وہ ٹھیک ہوگا۔

پنکھا چلائے وہ صفائی میں مگن تھی۔

بڑی بی بی نے کمرے میں اسے اور بچے کو دیکھا تو تیخ پا ہو گئیں۔ اچھی خاصی جھاڑ پلانے کے بعد ایک عدد تھپڑ بھی جڑ دیا۔ آخر اس کی جرأت کیسے ہوئی تھی کہ اس نے ثمرین کے کمرے کا پنکھا چلا دیا تھا اور بچے کو بھی لے آئی تھی۔ وہ بچہ جس کے پیسوں سے پورا گھر چل رہا تھا۔

گال رہ رہ کر دہکتا رہا۔ بجلی آئی تو اسے ایک بار پھر کمرے میں تنہا چھوڑ آئی۔

وہ کھیلتے کھیلتے کارپٹ پر بھوکا سو گیا۔ شام میں فیڈر بنا کر آئی، جگا کر منہ سے لگایا تو سکون سے دودھ پیتے وہ اس کے پرانے سے پھٹے ہوئے دوپٹے کا کونا اپنی ننھی منی انگلیوں میں دبانے لگا اور وہ رونے لگی۔

"پتا نہیں تیرا چچا کیسا انسان ہے۔ اس جہنم میں جھونک کے پیسے بھیجے جا رہا ہے۔"

باہر کا حبس شدید تھا۔ بجلی پھر سے غائب تھی۔ کمرے کا دروازہ بند کر کے تمام کھڑکیاں کھولے وہ اپنی چارپائی پر بیٹھ گئی تھی۔

بچہ خالی فیڈر منہ سے لگائے آنکھیں بند کر چکا تھا۔ اور وہ کھڑکی کی جیل جیسی سلاخوں سے باہر دیکھ رہی تھی۔

ہوسکتا ہے بچے کے چچا کو گھر کے مکینوں کے رویے کی بالکل بھی خبر نہ ہو؟ ہوسکتا ہے اسے لگتا ہو وہ پیسے بھیج رہا ہے تو اس کے سگے ماموں اس کا بہت خیال رکھتے ہوں گے؟

ننھے ہاتھ کی انگلیوں میں اپنی انگشت شہادت دیے وہ اس کی بند آنکھوں کو دیکھتے کچھ سوچ رہی تھی۔ اور اپنی اس سوچ پر عمل کرنے کا حتمی فیصلہ بھی کر چکی تھی۔

❁ ❁

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya

رنگا رنگ کہانیوں سے سجا، خوبصورت اور دلکش
سوہنی ڈائجسٹ
SohniDigest.Com
اگر آپ بھی لکھ رہے ہیں اور اُردو قارئین کی تلاش میں ہیں تو اپنی کہانیاں Inpage میں کمپوز (ٹائپ) کر کے پورے اعتماد کے ساتھ سوہنی ڈائجسٹ میں بھیجئے۔ نئے لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
ابھی sohnidigest@gmai.com پر ای میل کریں۔

قسط نمبر 9

موبائل پر فارس کا میسج موصول ہوا تھا۔ جنت اپنی بوا کے پاس تھی، وہ اسے واپس لا رہا تھا۔
میسج پڑھتے ہی سائرہ جائے نماز پر تسبیح لیے بے ساختہ سجدے میں گر گئی تھیں۔
یہ سجدہ، سجدۂ شکر تھا...... پلٹنے کے لیے، سمٹنے کے لیے اور بدلنے کے لیے تھا۔ وہ اپنا احتساب کر رہی تھیں۔ ایک یتیم بچی کے لیے ان سے بھول ہوئی تھی۔
انہیں وہ وقت اچھی طرح سے یاد تھا جب بیماری کے دنوں میں ان کے والد نے انہیں فون کر کے اپنے گھر بلایا تھا۔ اپنے پاس بٹھا کر انہوں نے جنت کمال کے متعلق وصیت کرتے ہوئے اپنے کوئٹہ والے مکان کے کاغذات کے ساتھ ساتھ ایک بند لفافہ ان کے ہاتھوں میں پکڑا دیا تھا۔
''اگر کبھی خاندان میں جنت کی زندگی تنگ ہو جائے تو اسے کھول لینا۔''
وہ لفافہ اگلے پانچ سالوں تک ان کی الماری میں محفوظ اور بند پڑا رہا تھا۔
اس لفافے کو کھولنے کا خیال انہیں پورے پانچ سال بعد اس وقت آیا تھا جب برہان اسے طلاق دے چکا تھا، اور نفیسہ وفات پا چکی تھیں۔ سگے چچا نے جنت پر تسلط جما لیا تھا، وہ اس کا رشتہ زمان صفدر کے ساتھ طے کر رہے تھے۔ وہ جنت کے ہر معاملے میں خود کو قطعی بے بس تصور کرتی تھیں۔ سو انہیں ایک یہی حل نظر آیا تھا۔
بند لفافے میں ایک کاغذ تھا جس پر جمیلہ داؤد شیرازی کا نام اور شیرازی مینشن کا ایڈریس لکھا تھا۔ نیچے کہیں شیرازی انٹرپرائزز کا فون نمبر بھی تھا۔

سنہری حروف کا ایک قیمتی بزنس کارڈ، جو یقیناً قریبی ساتھیوں کو عطا کیا جاتا ہے، اور چند دعوت نامے......ان میں ایک دعوت نامہ کسی حماد شیرازی کی سالگرہ کا تھا۔

اگلے کئی لمحوں تک وہ انہیں ہاتھ میں لیے بیٹھی رہ گئی تھیں۔ شیرازی خاندان کے ساتھ ڈاکٹر مصطفیٰ کے تعلقات کتنے دیرینہ اور گہرے رہے تھے، اس کا اندازہ ان کارڈز سے بخوبی ہو رہا تھا۔ چونکہ شیرازی خاندان ایک نامور خاندان تھا سو اس ایک لمحے میں، کئی خبریں، کئی قصے اور کئی باتیں ان کے ذہن میں گھوم گئی تھیں۔

لفافے میں ایک چھوٹا سا کاغذ تھا جس میں جمیلہ داؤد کے نام ایک تحریر لکھی تھی۔

''میری نواسی جنت کمال اب آپ کی امانت ہے۔''

مختصر سی عبارت، مزید کوئی حوالہ، کسی طرح کا کوئی اشارہ نہ تھا۔

پہلے پہل تو وہ کچھ سمجھ ہی نہ پائیں مگر پھر شام تک انہوں نے اپنے بیٹے کی مدد سے جمیلہ داؤد سے متعلق معلومات حاصل کر لیں۔

جمیلہ داؤد آج کل اسلام آباد میں اپنے بیٹے کے ساتھ رہائش پذیر تھیں۔

ایڈریس ملتے ہی اگلے دن وہ ملاقات کے لیے اسلام آباد ان سے ملنے چلی گئی تھیں۔

وجدان ہاؤس کے گیٹ پر سخت سیکورٹی تھی۔ بغیر کسی تعارف یا جان پہچان کے انہیں اندر داخل ہونے کی اجازت نہیں مل سکتی تھی۔

''آپ مسز شیرازی سے کہہ دیں، ڈاکٹر مصطفیٰ کی بیٹی ان سے ملنے آئی ہے۔''

انہوں نے وہ لفافہ بھی اندر بھجوا دیا جس میں کچھ کارڈز اور وہ خط تھا۔ کچھ ہی دیر بعد گیٹ کھول دیا گیا۔ ایک باوردی ملازم انہیں اندر لے گیا۔

شان دار گھر کے اندرونی احاطے سے ہوتے ہوئے لاؤنج سے وہ پرتعیش ڈرائنگ روم میں آ گئی تھیں۔

سامنے ہی ایک سو برس خوب صورت خاتون وہیل چیئر پر آتش دان کے سامنے بیٹھی تھیں۔ کارڈ ہاتھ میں لیے، کچھ حیرت، کچھ تڑپ اور کچھ صدمے سے انہیں دیکھتے ہوئے......

''ڈاکٹر مصطفیٰ۔''

انہیں یوں لگا جیسے یہ نام ان خاتون کے اندر ایک زندگی سی دوڑا گیا ہو۔

رسمی تعارف کے بعد انہوں نے جنت کمال کا ذکر چھیڑ دیا۔ وہ بچی جسے ڈاکٹر مصطفیٰ نے پالا تھا، وہ طلاق اور ماں کی وفات کے بعد سخت ترین حالات سے گزر رہی تھی۔ ان کے لہجے اور انداز سے بے بسی جھلکتی تھی۔ جیسے وہ جنت کے لیے کچھ بھی کرنے کی صلاحیت نہ رکھتی ہوں۔ وہ ان کے پاس صرف اس لیے آئی تھیں کیونکہ خط میں ان کا نام لکھا تھا۔

جمیلہ داؤد شیرازی نے پوری بات بہت خاموشی اور توجہ سے سنی تھی۔ کچھ دیر تک وہ خاموش رہی تھیں، پھر جیسے انہوں نے بغیر کسی تردد کے جنت کمال کا رشتہ مانگ لیا۔

سائرہ اپنی جگہ بالکل خاموش اور ساکت بیٹھی رہ گئیں۔

وہ اس لیے یہاں نہیں آئی تھیں۔ یہ سوچ کر تو ہرگز نہیں آئی تھیں......

اور جس نوجوان کے لیے وہ خاتون رشتہ مانگ رہی تھیں وہ نوجوان تو......ان کا دماغ ماؤف ہوا۔ کتنی ہی دیر تک وہ کچھ کہہ نہ سکیں۔

ایک طرف زمان تھا تو دوسری طرف......انہوں نے سر اٹھا کر جمیلہ داؤد کو دیکھا۔

جمیلہ داؤد کوئی معمولی خاتون نہ تھیں، نہ ہی شیرازی خاندان کوئی عام سا خاندان تھا۔ اور جس کے لیے وہ رشتہ مانگ رہی تھیں وہ نامور بزنس ٹائیکون اعظم شیرازی کا پوتا فارس وجدان تھا۔

کتنی ہی دیر تک وہ سوچ میں غرق گم صم بیٹھی رہیں۔

بہت سی باتیں تھیں، سوالات تھے، خدشے تھے۔ مگر چونکہ یہ راستہ، یہ گھر انہیں ان کے والد نے

دکھایا تھا سونہ چاہتے ہوئے بھی وہ اس رشتے پر غور کرنے لگی تھیں۔

فارس وجدان کا پروپوزل قبول کرتے وقت انہیں لگا تھا، وہ ٹھیک کر رہی ہیں۔ ان کی نیت میں کوئی کھوٹ نہیں، ارادوں میں کوئی جھول نہیں، فیصلوں میں کوئی مطلب، کوئی غرض نہیں۔ لیکن فرق تھا۔ ہر چیز میں فرق تھا۔

ایسا رشتہ سدرہ کے لیے آتا تو یقیناً وہ انکار کر دیتیں۔ جس انسان کی ذات شبہات کے دائرے میں گھوم رہی ہو، اس کا انتخاب وہ اپنی بیٹی کے لیے ہرگز نہ کرتیں۔

تاہم زمان کے مقابلے میں انہیں وہ مناسب لگا تھا۔ انہوں نے ہر خیال پس پشت ڈال دیا تھا۔ ہر منفی سوچ کی تردید کر دی تھی۔

انہوں نے "رسک" لے لیا تھا۔ وہ اسے اپنی اولاد کہتی تھیں، اور بھول گئی تھیں، اولاد کے معاملے میں "رسک" نہیں لیے جاتے۔

انہوں نے جمیلہ داؤد کو جنت کے بارے میں زیادہ آگاہ نہیں کیا تھا، وہ اس کا ماضی، اس کی طلاق کی وجہ تک چھپا گئی تھیں۔

سب ہی معاملات طے کر کے وہ لاہور واپس آ گئیں۔ دو دن بعد نکاح اور رخصتی سرانجام پا گئی اور جنت کمال اس گھٹن زدہ ماحول اور اپنے سگے رشتوں کے تسلط سے آزاد ہو کر اسلام آباد چلی گئی۔

بظاہر سب ٹھیک تھا مگر عجلت میں کیے گئے اس رشتے کو لے کر وہ کبھی کبھار فکر مند ضرور ہو جاتی تھیں۔ عمار کے سوالات، اس کا غصہ، فارس وجدان شیرازی سے متعلق ملنے والی افواہیں، قصے، قضیے، وسوسے......

مگر وہ جیسے تیسے خود کو مطمئن کر لیتیں۔ اپنے ضمیر کے سامنے ڈٹ جاتیں، اپنے نفس کا ہاتھ تھام لیتیں۔ اور یقیناً تھامے ہی رکھتیں اگر جنت کے گھر چھوڑ دینے کی خبر نہ ملتی۔

اس ایک لمحے میں انہیں احساس ہوا تھا کہ آگ سے بچانے کے لیے انہوں نے اسے گہرے سمندر میں دھکیل دیا ہے۔ آگاہی کا وہ لمحہ ان پر اپنی ذات کے حوالے سے، بہت سی حقیقتیں آشکار کر گیا تھا۔

ان کے والد نے ایک راستہ دکھایا تھا۔ وہ آخری راستہ تھا، آخری آپشن، آخری چانس، آخری راہ......! جب خاندان میں کچھ نہ رہے، کہیں نہ رہے۔ کوئی جگہ، کوئی مقام، کوئی آسانی، کوئی رشتہ، کوئی احساس نہ رہے۔

اور وہ خود کو ہر کسی سے جدا اور الگ سمجھتی رہیں۔ مخلص اور حساس گردانتی رہیں مگر اب ان پر ادراک ہوا تھا کہ وہ بھی اسی خاندان کا حصہ تھیں جس نے جنت کمال کے ساتھ زیادتیاں کی تھیں۔ انہوں نے بھی اپنا فائدہ، اپنی مصلحت، اپنی آسانی دیکھی تھی۔ انہوں نے بھی جنت کمال سے چھٹکارا پانا چاہا تھا۔

وہ لفافہ، وہ خط، وہ کبھی کھلنا نہیں چاہیے تھا۔ وہ آخری آپشن صرف ایک آپشن ہی رہنا چاہیے تھا۔ وہ کتنی نادان تھیں۔ اپنے والد کی محبت، ان کی وصیت، ان کا احسان، ان کی خواہش، ان کا امتحان سمجھ ہی نہ پائیں۔

انہوں نے خود کو جنت کے معاملے میں ''بے بس'' سمجھا تھا مگر وہ بے بس نہیں تھیں۔ خاندان بھر کی ناراضی تو انہوں نے ویسے بھی مول لے لی تھی۔ پھر اس کا انتخاب وہ اپنے کسی بیٹے کے لیے کیوں نہیں کر سکی تھیں؟ اگر وہ واقعی میں رحم دل اور حساس تھیں تو جنت کمال کی جگہ ان کے اپنے گھر میں، ان کی اپنی اولاد کی زندگی میں کیوں نہیں بن پائی تھی؟ وہ اپنے کسی بھی بیٹے سے اس کا نکاح کروا سکتی تھیں۔ عمار تو خود کہہ رہا تھا۔

مگر جنت کمال، ایک طلاق یافتہ، بانجھ لڑکی...... انہیں اپنی اولاد کے لیے کیونکر قبول ہو سکتی تھی؟ یہ ایک تلخ سچائی تھی۔ سانپ جیسی، وجود کو گرفت میں لے کر سختی سے جکڑنے والی، ایک تلخ، ایک بے رحم سچائی......

https://novelskidunya.com/

پورے ستائیس دن انہوں نے جنت کی خیریت مانگتے، اس کی واپسی کی دعا کرتے گزار دیے تھے۔اور اب جب وہ مل گئی تھی تو وہ اس کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں کر پا رہی تھیں۔

شاید یہ ضمیر ہی تھا جو ذات کے آئینوں کو شفاف کرتا جا رہا تھا، نیت پر پڑی ہوئی خود غرضی کی دھول مٹی کو بے دردی سے اڑاتا جا رہا تھا۔

جنت کمال ان کے والد کی امانت تھی۔اور انہیں لگا، وہ اس امانت کا پاس نہیں رکھ پائی ہیں۔ وصیت پر عمل نہیں ہوا ہے۔اور یہ درد، یہ کسک، یہ احساسِ ندامت تا عمران کے ساتھ رہنے والا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

کھڑکیوں پر دبیز مخملیں پردے گرے ہوئے تھے۔کمرے میں اے سی کی ٹھنڈک تھی۔ملگجی سی روشنی کا مدھم سا تاثر کمرے کی ہر ایک شے کو نمایاں کر رہا تھا۔پنکھے پر نظریں جمائے چند لمحوں تک وہ پلکیں جھپکاتی رہی پھر کہنیوں کے بل اٹھ بیٹھی۔ریشمی، ملائم شہد رنگ بال پونی سے نکل کر چہرے کے اطراف میں اور کندھے پر ڈھیلے ہونے لگے۔تکیے کے سہارے بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتے اس نے بازو پھیلا کر انگڑائی لی۔

سفر کی تھکان اتر چکی تھی۔نیند مکمل، ذہن کچھ حد تک پرسکون تھا، اور تب تک پرسکون ہی رہا تھا جب تک اسے برابر میں کسی کی موجودگی کا احساس نہیں ہوا تھا۔بالوں کو سمیٹ کر جوڑے کی شکل دیتی وہ اپنی جگہ سن ہوئی۔

صبح کے تین بجے جب وہ گھر پہنچے تھے تو وہ ضد پر اڑ گئی تھی کہ اسے الگ کمرہ ہی چاہیے۔اور فارس نے یہ کہہ کر بیڈ روم چھوڑ دیا تھا کہ وہ کہیں اور سو جائے گا۔اسے نہیں پتا تھا ''کہیں اور'' اصل میں وہی بیڈ روم ہے جو اس کے حوالے کیا جا رہا ہے۔

وہ تو اس بات پر بھی حیران ہوئی تھی کہ فارس نے اتنی آسانی سے اپنا کمرہ اسے کیوں دے دیا ہے۔عقدہ تو اب کھلا تھا۔اسے زچ کرنے سے وہ کیسے باز آ سکتا ہے؟

گھر اس کا، کمرہ اس کا، دروازے اس کے، کھڑکیاں اس کی۔

جنت کی آنکھوں میں ناگواری اور چہرے پر سختی در آئی۔

چند لمحوں تک بازو کی درز سے جھانکتی اس کی بند آنکھوں کو دیکھتی رہی، پھر سر اٹھا کر مدھم سی روشنی میں اطراف کا جائزہ لیا۔

کمرے کی سیٹنگ ویسی ہی تھی جیسی وہ چھوڑ کر گئی تھی۔ صرف بیڈ نما صوفہ غائب تھا جو سامنے دیوار کے ساتھ لگا ہوا تھا۔ اس کی جگہ دو سنگل شاہی صوفے اور ایک کافی ٹیبل رکھی تھی۔

https://novelskidunya.com/

ڈریسنگ ٹیبل پر اس کی چین، کیچر، ہیئر پنز رکھے تھے۔

وہ حیران ہوئی۔ پرفیوم، برش اور فیس پاؤڈر بھی۔ سفری بیگ ہنوز وارڈ روب کے ساتھ موجود تھا۔

کسی خیال کے تحت وہ بیڈ سے اتر کر وارڈ روب کی جانب بڑھ گئی۔ سلائیڈ کر کے پٹ کھولے، دونوں ہاتھ اٹھا کر باکس گرفت میں لیا، پھر احتیاط سے دیوار گیر کھڑکی کے پاس پنجوں کے بل بیٹھ گئی۔

پردہ ہلکا سا سرکا کر اس نے باکس کھول دیا تھا۔ تیز روشنی کی لکیر نیم تاریکی کو چیرتی ہوئی بیڈ تک پہنچ گئی۔ سویا ہوا وجود ذرا سا کسمسایا کہ روشنی سیدھا بند آنکھوں پر پڑ رہی تھی۔

Novels Ki Dunya

وہ کچھ بے قراری سے اپنی چیزوں کو الٹ پلٹ کر دیکھنے لگی۔

خط، ڈائریز، تلوار، گھڑی، چاندی کی زنجیر، ننھا سا لاکٹ، کارڈز، اسٹیکرز، تصاویر......

صد شکر کہ اس کی ہر ایک شے سلیقے اور حفاظت سے موجود تھی۔

اس نے اپنے نانا کی تصویریں باہر نکالیں، نم آنکھوں سے انہیں دیکھا، انہیں چھوا، پھر سینے سے لگایا۔ کچھ دیر تک وہ اسی پوزیشن میں بیٹھی رہی۔ پھر تسلی کر کے باکس الماری میں رکھنے کے بعد مڑی اور اپنی جگہ رک گئی۔

بیڈ پر پشت کے بل آڑا ترچھا لیٹا فارس ذرا سا سر اٹھائے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔ آنکھیں ابھی بھی

نیند سے بوجھل اور دوبارہ بند ہونے کو مکمل بے قرار تھیں۔ وہ جنت کا چہرہ دیکھ چکا تھا، وہ شدید غصے میں لگ رہی تھی۔

''میں نے تم سے کہا تھا، مجھے روم شیئر نہیں کرنا۔''

''گیسٹ روم کا اے سی ٹھیک سے کولنگ نہیں کر رہا تھا۔'' پانچ چھ گھنٹوں تک مسلسل گاڑی ڈرائیو کرنے والے کی آواز تا حال تھکاوٹ سے چور اور خمار بھری تھی۔

''اور تم چاہتے ہو، میں اس بات پر یقین کرلوں؟'' وہ اس کی اسٹیٹمنٹ پر اچھی خاصی تپ گئی۔

''نہیں۔'' فارس نے اپنا سر واپس تکیے میں گاڑ لیا۔

''نہیں؟'' جنت کا منہ کھلا، پھر آنکھیں پھیلیں۔ پھر تپ چڑھی، تن فن کرتی پاس آئی۔ سختی سے تکیہ ہٹایا، لحاف کھینچا، پھر اس کا بازو ہلایا۔ مگر مجال ہے جو اس کی نیند میں ذرا سا بھی خلل پڑا ہو۔

ایسے بے ہوشی کی نیند بھلا کون سوتا ہے؟ اس کا پارہ مزید چڑھ گیا۔ مگر ضبط کر کے واش روم میں گھس گئی۔ آئینہ سامنے تھا۔ اس نے خود کو دیکھا۔ رنگت زرد، صحت کمزور، اور آنکھوں کے گرد حلقے کافی گہرے لگ رہے تھے۔ عرصہ ہوا، اس نے آئینہ دیکھنا چھوڑ دیا تھا کہ دیکھنے پر عجیب سی تکلیف کا احساس ہوا کرتا تھا لیکن اب جب خود کو دیکھا تو ادراک ہوا، وہ اپنا خیال واقعی میں نہیں رکھ رہی تھی۔ بوا ٹھیک ہی کہتی تھیں۔ وہ زندگی سے بھٹک گئی تھی۔ اپنے آپ سے بے پروا ہو گئی تھی۔ کچھ ہی دیر میں وہ فریش ہو کر باہر تھی۔

ایک کڑی نگاہ سوئے ہوئے وجود پر ڈالی۔ خود ہی اپنی ہمت بڑھائی، مضبوطی پکڑی، ارادے باندھے۔

کمرہ تو وہ بالکل شیئر نہیں کرے گی۔ بالکل بھی نہیں۔ اب فارس وجدان کی مرضی نہیں چلے گی۔ نہ تو وہ اس کی دھمکیوں کا اثر لے گی اور نہ ہی اس کے رعب میں آئے گی۔

اس نے سوچا، وہ مسز شیرازی کے کمرے میں شفٹ ہو جائے گی۔ ہاں یہ ٹھیک رہے گا۔ فارس

سے کیا بعید گیسٹ روم کا اے سی خراب کر دے۔ وہ منصوبے بناتی سیڑھیاں اتر رہی تھی۔ اور اطراف کا جائزہ لیتی جا رہی تھی۔

ان ڈور پلانٹس میں ابھرتی ہوئی خاموش زندگی۔

سفید ٹائلز سے جھلکتا سیلنگ کی روشنیوں کا عکس۔

سمٹے ہوئے مخملیں پردوں کے اس پار نظر آتا، باہر کا پرفسوں منظر۔ سوئمنگ پول کا ساکت پانی اور آسمان کا نیلا رنگ۔

https://novelskidunya.com/

''مسز شیرازی کہاں ہیں؟''

''وہ اپنے اسٹوڈیو میں ہیں۔'' ملازمہ اس کے سامنے مؤدب سی کھڑی ہوگئی تھی۔ ''میم! آپ ناشتا کر لیجیے۔''

ایک ہاتھ سے ڈائننگ ہال کا راستہ دکھاتے اس نے بہت ادب سے سر جھکا کر کہا تھا۔

اس کی نگاہیں راہداری کے اختتام پر اسٹوڈیو کے وسیع دروازے تک گئیں۔ پھر کچھ سوچ کر وہ ڈائننگ ہال کی طرف بڑھ گئی۔

ناشتے سے فارغ ہونے کے بعد اس نے کچھ وقت مسز شیرازی کے ساتھ ان کے اسٹوڈیو میں گزارا۔

گزشتہ ستائیس دن کی کچھ حکایتیں تھیں، اداسیاں تھیں، احساسات تھے جو دونوں نے ایک دوسرے سے شیئر کیے۔

''تمھارے چلے جانے سے یہ گھر بہت خاموش، بہت ویران ہو گیا تھا۔'' وہ کہہ رہی تھیں۔ ''ڈائننگ ٹیبل پر کوئی بات نہیں ہوتی تھی۔ چائے پر کوئی ساتھی نہیں ہوتا تھا۔ اسٹوڈیو میں آتی ہی نہیں تھی۔''

وہ اندر ہی اندر بہت پشیمان اور شرمندہ ہوئی۔

"آئم سوری۔" ایک بار پھر معذرت کی۔

"بہت عجیب سے خیال آتے تھے، پریشانی ہوتی تھی۔ مجھے تو یہ ڈر تھا کہیں تمہیں کسی نے اغوا نہ کرلیا ہو۔" انہوں نے رک کر ایک گہرا سانس لیا۔

جنت کا سر مزید جھک گیا۔

"وعدہ کرو مجھ سے۔" انہوں نے اس کے ہاتھ پر گرفت جمائی تو اس نے سر اٹھا کر ان کی آنکھوں میں دیکھا۔ "اس طرح دوبارہ کبھی نہیں کروگی۔ کوئی بھی مسئلہ ہو، پریشانی ہو، پہلے خود کوشش کرو سلجھانے کی۔ نہیں سلجھ رہا تو کسی بڑے سے کہو، لیکن اس طرح خاموشی سے گھر چھوڑ دینا ٹھیک نہیں۔"

اس نے سر کو اثبات میں جنبش دی۔

"ہاں! فرار کسی بھی مسئلے کا حل نہیں۔"

"آنٹی...... میں یہاں......" اس کا خوف، اس کی فکر، اس کی پریشانی ابھی بھی وہیں تھی۔

"ڈیلیوری کے بعد جیسا تم چاہو گی ویسا ہی ہوگا۔ فی الحال کچھ مت سوچو۔" گال پر ہاتھ رکھ کر سمجھایا۔ "اپنی صحت کا خیال رکھو، بہت کمزور ہو گئی ہو۔"

سامنے ہی کینوس پر ان کی پینٹنگ ادھوری تھی۔ پھول کی چند پنکھڑیاں رنگین تو چند بے رنگ سی تھیں۔ اتنے دنوں تک انہوں نے رنگوں کو ہاتھ تک نہیں لگایا تھا۔ اسے دکھ ہوا۔ اٹھ کر کینوس اسٹینڈ ان کے سامنے رکھا۔ کلر ٹیوبز، پیلٹ، اور ڈھیر سارے برش ٹیبل پر اکٹھے کیے۔

"یہ ایسے نامکمل سی بالکل اچھی نہیں لگ رہی۔" اس نے کہا۔

وہ مسکرائیں۔

"تو یہ طے تھا اس پینٹنگ نے پورے ایک ماہ بعد مکمل ہونا ہے۔"

اس نے چونک کر انہیں دیکھا۔ آنکھوں میں ایک چمک لیے وہ بھی اسے ہی دیکھ رہی تھیں۔

https://novelskidunya.com/

"جس طرح ہم اپنے اختیار میں آئی ہوئی چیزوں کے لیے وقت مقرر کرتے ہیں، بالکل اسی طرح، جس کے اختیار میں ہم ہیں، وہ ہمارے لیے کرتا ہے۔ ہمیں صرف اس پر بھروسا رکھنا ہوتا ہے۔"

وہ کلر پیلٹ پر رنگ پھیلانے لگیں۔

"میں نے تمھارا ریسرچ ورک پڑھا تھا تم نے کافی محنت کر کے بہت اچھی طرح سے آیات کو سمجھا۔"

جنت کی آنکھوں میں نمی سی تیر گئی۔

"اپنے لیے امید ڈھونڈی۔ اپنے لیے یقین ڈھونڈا۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت، اس کی حکمت، اس کے ارادوں پر بھروسا کیا۔"

آنسو پلکوں میں شگاف ڈالتے اس کے گال پر پھسلے۔ دل غم سے، درد سے بھر گیا۔ مسز شیرازی کی نظر اس پر پڑی تو پریشان ہو گئیں۔

"کیا ہوا بیٹا؟ تم ٹھیک ہو؟"

وہ ان کے پاس آئی۔ ان کے سامنے پنجوں کے بل بیٹھ گئی۔ ان کے گھٹنوں پر ہاتھ رکھے کچھ دیر تک بیٹھی رہی۔

"میں پانچ سال تک بے اولاد رہی۔ میں نے پانچ سالوں تک اس بات پر یقین رکھا کہ میں بانجھ ہوں۔ پانچ سالوں تک میں نے......" اس کی آواز بھیگی، لب کپکپائے۔

مسز شیرازی اسے دکھ سے دیکھ کر رہ گئیں۔

"میں ساری زندگی حالات کو سزا سمجھتی رہی۔ عذاب، بددعا...... مجھے لگتا تھا میرے ساتھ کبھی اچھا نہیں ہوگا۔ کبھی خوشی نہیں ملے گی۔ میں دعائیں چھوڑ چکی تھی، میں نے یقین ختم کر دیا تھا۔ مگر آپ نے...... آپ نے مجھے یہ سب دوبارہ سکھایا۔ یقین، حسن ظن، اور دعا...... اور پھر اللہ نے میری سنی۔ اللہ نے آپ کو سبب بنایا۔ تا کہ میں، میں اس اذیت سے نکل سکوں۔" بہت عرصے تک روتی رہنے والی

آنکھیں ایک بار پھر نم ہو رہی تھیں۔

خوشی اور غم کی ملی جلی کیفیت لیے دل پھر سے رو رہا تھا۔

"میری طرف دیکھو۔" انہوں نے کلر پیلٹ رکھ کر اس کا ہاتھ تھاما۔

"اندر ہی اندر جب ہم ٹوٹ کر بکھرتے ہیں تو سب سے پہلا خیال ہمیں "اللہ" کا ہی آتا ہے مگر ہمیں یہ سمجھ میں نہیں آ رہا ہوتا کہ اب خود کو سمیٹ کر جوڑنا کیسے ہے اور زندگی کا سفر نئے سرے سے شروع کیسے کرنا ہے۔ اس صورت میں قرآن کی آیات ہمیں زندگی سے جڑنا اور سنبھلنا سکھاتی ہیں۔ یہ ہمارے اندر مثبت سوچ پیدا کرتی ہیں۔ کس مایوسی کی چوٹ پر، امید کا کون سا مرہم رکھنا ہے اور کیسے رکھنا ہے، یہ قرآن ہمیں بتاتا ہے۔" انہوں نے اس کے آنسو پونچھے۔

"ہم سب انسان ہیں۔ ہم سب ٹوٹتے ہیں، ہم سب بکھرتے ہیں، مگر ہم میں سے کامیاب وہ ہے جس نے خود کو سمیٹ کر سنبھالا اور اٹھ کھڑا ہوا۔ کامل عزم اور یقین کے ساتھ۔"

وہ انہیں دیکھ رہی تھی۔ وہ انہیں سن رہی تھی۔ وہ انہیں سمجھ رہی تھی۔

"لوگ یہ بات نہیں سمجھتے۔ یا شاید سمجھنا نہیں چاہتے۔ لیکن ایک ہماری پلاننگ ہوتی ہے اور ایک اللہ کی ہوتی ہے۔ ایک راستہ ہم اپنے لیے چاہتے ہیں، اور ایک راستہ اللہ ہمارے لیے چنتا ہے۔ ہمارے لیے کہاں کتنی خیر، اور کتنا شر ہے، اللہ یہ دیکھ کر فیصلہ کرتا ہے تاکہ وہ ہمیں بڑی تکلیف سے بچا سکے۔ اور ہمیں ہمارے صبر کے بدلے کچھ بہترین عطا کر سکے۔"

یکا یک ان کا موبائل بجنے لگا۔ اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے وہ اٹھ کھڑی ہوئی۔ سائیڈ ٹیبل سے موبائل اٹھا کر انہیں دیا، جب تک وہ بات کرتی رہیں، وہ اسٹوڈیو میں یہاں وہاں ٹہلتی پینٹنگز دیکھتی رہی۔

فارس کا باکس الماری کے اوپری خانے میں موجود نہیں تھا۔ وہ دیکھ کر لمحہ بھر کے لیے چونکی۔ پھر کچھ یاد آ جانے پر مسز شیرازی کی طرف مڑی۔

https://novelskidunya.com/

''آنٹی!''

وہ بات ختم کر چکی تھیں۔ موبائل رکھ کر متوجہ ہوئیں۔ ''جی بیٹا!''

''آپ لوگوں کو کیسے پتا چلا کہ...... میں بوا کے پاس ہوں؟'' یہ سوال وہ فارس سے نہیں پوچھنا چاہتی تھی۔

''اقصیٰ نے بتایا تھا میرے خیال سے۔ تم بوا کے بیٹے کے گھر گئی تھیں شاید!''

''اقصیٰ!'' جنت کا منہ کھلا۔

شاک کی سی کیفیت ہو گئی۔ پھر کچھ کہنے کا ارادہ ترک کرتے ہوئے وہ ان سے معذرت چاہتی باہر آ گئی۔ سماعت پر یقین نہیں آ رہا تھا کہ اقصیٰ اس طرح کوئی بات فارس کو بتا سکتی ہے۔ اس کے سامنے تو کئی وعدے کیے تھے اس نے، قسمیں کھائی تھیں۔

تن فن کرتی وہ اقصیٰ کے سر پر پہنچ گئی۔

''میں نے کہا تھا میرا ہر راز تمھارے ساتھ قبر تک جانا چاہیے۔''

اقصیٰ روہانسی ہوئی۔

اب وہ مالکن کو کیسے سمجھاتی کہ اتنی سی عمر میں وہ قبر میں نہیں اترنا چاہتی تھی۔

''تم سے ایک چھوٹی سی بات نہیں چھپائی گئی اقصیٰ؟''

''جنت آپی! پلیز معاف کر دیں۔'' اس نے باقاعدہ ہاتھ جوڑے۔ ''آئندہ کبھی بھی نہیں بتاؤں گی۔ کچھ بھی نہیں بتاؤں گی۔ بھلے سے فارس صاحب مجھے پھانسی پر چڑھا دیں۔ بالکل بھی زبان نہیں کھولوں گی۔''

''تم نے میرا دل، میرا مان، میرا بھروسا توڑا ہے اقصیٰ!'' جنت حد سے زیادہ جذباتی ہوئی۔

اقصیٰ کو رونا آیا۔

"آپی انہیں پتا تھا پہلے سے، وہ جانتے تھے آپ وہاں گئی تھیں۔ مجھے تو بس وہ کنفرم کرنے کے لیے لے گئے تھے۔" وہ وضاحتیں دینے لگی۔ جنت کا غصہ کسی صورت کم نہ ہوا۔

"مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی۔ بالکل بھی امید نہیں تھی۔" نفی میں سر ہلاتی گئی۔

"آپی!"

"اور کیا بتایا تم نے اپنے فارس صاحب کو؟" ڈانٹ کر پوچھا۔

"بس وہ...... ایک ذرا سی بات بتائی تھی۔" اس نے ڈر کر اعتراف کیا۔

جنت کا دل زور سے دھڑکا۔ اور کون سا راز فاش ہو گیا تھا اس کا؟

"کیا بتایا؟" خشک ہونٹوں کو تر کر کے پوچھا۔

"یہی کہ جب ہم پارک گئے تھے تو آپ روتی رہیں اور آپ نے کہا، بھاڑ میں جائے فارس وجدان۔"

جنت پلکیں جھپکانا بھول گئی۔ جس رخ کھڑی تھی، جس انداز میں کھڑی تھی، کھڑی رہ گئی۔

دماغ نے سمجھایا، اسٹینٹ کمال کی تھی سو دل میں سکون اتر گیا۔ یکا یک فضا اچھی ہو گئی۔ موڈ اچھا ہو گیا۔ ایسے راز تو بالکل فاش ہونے چاہئیں، لیکن اقصیٰ کی بات ابھی ختم نہیں ہوئی تھی۔

"اور جب ہم مال گئے تھے تو آپ نے، ان کے لیے گفٹ خریدا تھا۔ اور نیلے رنگ کے بڑے بڑے دلوں والا کارڈ بھی بنوایا تھا۔ اور اس پر آپ نے لکھوایا تھا۔

Love You my dearest Faris Wajdan.

جنت بھونچکا سی اسے دیکھ کر رہ گئی۔

یہ کب ہوا تھا؟ کیسے ہوا تھا؟ اس نے کب لکھوایا یہ جملہ؟ کب کارڈ بنوائے؟ کب گفٹ خریدا؟ وہ ہکا بکا کھڑی رہ گئی۔

''وہ اس دن، شام میں مال گئے تھے ہم۔'' اقصیٰ نے گھبرا کر یاد دلایا۔''جب آپ نے وہ سیاہ رنگ کا سوٹ پہنا تھا، اور آپ کے جوتے کا اسٹریپ ٹوٹ گیا تھا؟''

دماغ پر منظر تازہ ہوا اور جنت کا دل چاہا، زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائے۔ لیکن زمین میں سمانے سے پہلے اقصیٰ کا گلا دبانا ضروری تھا۔

''آپی! معاف کر دیں۔'' اسے اپنی طرف لپکتا دیکھ کر وہ سرخ اینٹوں کی کیاری پر چڑھ گئی۔ اوپر کہیں بالکنی کا دروازہ سلائیڈ ہوا۔ گہری سانس لے کر بالوں میں ہاتھ پھیرا گیا۔ پھر ریلنگ پر کہنیاں جمائے اطراف کا جائزہ لینے کی کوشش کی گئی اور تب ہی نگاہ لان کے اس حصے پر ٹھہر گئی جہاں جنت کمال اقصیٰ کے ساتھ موجود تھی۔ آواز تو نہیں آ رہی تھی مگر انداز سے واضح تھا، لڑائی ہو رہی ہے۔

''اقصیٰ تم......اف، میرے اللہ! کیا کروں اب میں تمھارا؟'' وہ سر پکڑ کر دبی آواز میں چلائی۔

''تو کیا نہیں لکھوایا تھا؟'' اس نے رندھی ہوئی آواز میں دہائی دی۔

''وہ فارس کے لیے نہیں تھا۔'' اسے رونا آ رہا تھا۔''میں نے زید کے لیے کارڈ بنوایا تھا۔ تم نے دیکھا تھا فارس کا نام لکھا ہوا؟ ہاں؟''

نفی میں سر ہلاتے ہوئے اقصیٰ نے انگلیاں منہ میں داب لیں۔''لیکن......وہ......میں سمجھی کہ......آپ نے ان کے لیے۔''

تمھارے فارس صاحب ریموٹ کنٹرول کار سے کھیلتے ہیں؟'' وہ بھنائی۔

''مجھے لگا وہ ڈیکوریشن پیس ہے ان کی اسٹڈی کے لیے۔'' اقصیٰ کے پسینے چھوٹ رہے تھے۔

''تم خود سے کیا کیا مفروضے گھڑتی رہی ہو اقصیٰ۔'' اسے جی بھر کر رونا آیا۔ اب وہ کیا سمجھتا رہا ہوگا کہ میں اس کی محبت میں مری جا رہی تھی؟ کارڈ لکھواتی پھر رہی تھی؟

''آپی!'' مسکین سی صورت بنا کر اقصیٰ نے کان پکڑے۔''آئندہ نہیں بتاؤں گی۔''

''آئندہ تو میں تمہیں کچھ بتاؤں گی بھی نہیں۔ تم فارس کی جاسوسہ، صرف اس کے ساتھ ہی سنسیئر ہو۔'' وہ غصے سے پلٹ گئی۔

اقصیٰ نے آنکھیں پھاڑ کر مالکن کو دیکھا۔ لقب اچھا تھا۔ فارس کی جاسوسہ!

لیکن مالکن زیادہ اہم تھی۔ فوراً اس کے پیچھے بھاگی۔

''آپی! معاف کر دیں پلیز!''

صدر دروازے کے پاس رک کر جنت جھٹکے سے اس کی طرف مڑی۔ ہاتھ اٹھا کر اسے روکا۔

''سب ختم!''

اقصیٰ کے سینے پر ہاتھ پڑا۔ کندھے جھک گئے، شکل رونی ہو گئی۔ جنت اندر چلی گئی تھی۔ مسکین سی صورت بنائے اقصیٰ وہیں کھڑی رہ گئی۔

https://novelskidunya.com/

☆......☆......☆

وہ کمرے میں آئی تو فارس موجود نہیں تھا۔ اٹیچڈ باتھ سے پانی گرنے کی آواز آ رہی تھی۔ اس نے بیڈ سائیڈ ٹیبلز کی تلاشی لے کر اپنا موبائل اٹھایا اور نیچے آ گئی۔ کچن کاؤنٹر ٹیبل پر بیٹھتے ہوئے موبائل آن کیا۔ مسڈ کالز کے کافی نوٹیفکیشن تھے۔

Novels Ki Duniya

گیلری بالکل صاف تھی۔ عدینہ زبیر کی طرف سے واٹس ایپ پر موصول ہونے والی تصاویر اور میسجز مٹائے جا چکے تھے۔ وہ فارس کی اس حرکت پر لب بھینچ کر رہ گئی۔

بے شمار ان دیکھے میسجز آئمہ کی طرف سے منتظر تھے، سائرہ خالہ اور سدرہ کے میسجز بھی۔ اس نے مسز لغاری کی واٹس ایپ چیٹ کھولی۔ نیچے سے اوپر تک اسکرول کرتی گئی۔

کتنی گڈ مارننگ اور گڈ نائٹ کی عبارتیں تھیں، سوال تھے، پھول اور رنگ برنگے دل تھے، ریکارڈنگز تھیں۔ وہ ایک ایک کر کے سنتی گئی۔ زید کی باتیں، اس کے قصے، دوستوں سے لڑائی، اپنی ننھی بہن کی شرارتیں، ماں سے ناراضی، اور فارس کی شکایتیں تو اتنی تھیں کہ بس۔

وہ سنتی گئی اور حیران ہوتی گئی کہ اس کی طرف سے ''اوکے، فائن، ڈونٹ وری'' جیسے مختصر میسجز بھی بھیجے گئے تھے۔ آخری ریکارڈنگز میں وہ منگنی کی انگوٹھی کے بارے میں پوچھ رہا تھا۔ ایک نیلے رنگ کی تھی اور دوسری گلابی رنگ کی۔ فارس نے گلابی رنگ والی انگوٹھی کو ڈن کر کے وہ نمبر بلاک کیا ہوا تھا۔ اور وہ اپنی جگہ ششدر سی بیٹھی تھی۔

''سمجھتا کیا ہے یہ خود کو؟'' تڑپ کر نمبر ان بلاک کیا۔ زید کو ریکارڈنگ بھیجی۔ شکریہ ادا کیا۔ معذرت بھی کی کہ وہ اس سے بات نہیں کر سکی۔

پھر آئمہ کے میسجز کا جواب دیا۔ اسی وقت اس کی کال آ گئی۔

''اوہ مائی گاڈ جنت! تم کہاں سے زندہ ہو گئیں؟''

وہ خفیف سا ہنس دی۔

''فارس بھائی نے بتایا تھا تم اپنے میکے گئی ہوئی ہو۔''

''ہاں وہ میں خالہ کی طرف تھی۔'' کھنکھار کر کہا۔ ساتھ ہی گلاس میں پانی انڈیلا۔

''مجھے تو پورا شک تھا، لڑ کر گئی ہو، اسی لیے فارس بھائی اداس پھر رہے تھے۔'' پانی پیتے ہوئے جنت کو زور کا اچھولگا۔ کھانستے ہوئے گلاس ٹیبل پر رکھا۔

''اداس پھر رہے تھے؟'' صدمہ!

''مسئلہ حل ہو گیا کیا؟'' آئمہ کی آواز میں شرارت تھی۔

''م...... مسئلہ تو کوئی نہیں تھا۔'' وہ گھبرائی۔

''اوہ کم آن جنت! شاید تم بھول رہی ہو، میری ایک عدد بھابھی بھی ہیں۔ وہ جب بھی میکے جاتی ہیں ایک ہفتے سے زیادہ نہیں رہتیں۔ بھائی پہنچ جاتے ہیں لینے۔ لیکن ایک بار جب ان دونوں کی لڑائی ہو گئی تھی تو بھابھی پورا مہینہ میکے رہی تھیں۔'' وہ بتاتے ہوئے ہنسی۔

اور جنت نے بے ساختہ اپنی پیشانی کو چھوا۔ یہ آئمہ کتنی پہنچی ہوئی چیز تھی۔

''ہاں مگر......ایسا کچھ نہیں تھا۔''

''پھر تمھارا موبائل کیوں آف تھا؟ میسج کے جواب کیوں نہیں دیے تم نے؟''

''وہ دراصل۔'' وہ صحیح معنوں میں پھنس گئی۔

دوسری طرف آئمہ آنکھوں میں شرارت لیے بیٹھی تھی۔

''اچھا چھوڑو۔'' اسے جیسے ترس آ گیا۔ ''میں تمھاری نند بھی تو ہوں۔ کسی معاملے میں میری ہیلپ چاہیے ہو تو میں حاضر ہوں! میں تو اپنی بھابھی کا بھی پورا پورا ساتھ دیتی ہوں۔ ناراض ہو کر جب میکے جاتی ہیں تو ان کی تیاری میں خود کرواتی ہوں۔ بھائی کی ساری خبریں بھی میں ہی پہنچاتی ہوں۔ کہاں سے آ رہے ہیں، اب کہاں جا رہے ہیں، کیا کھا رہے ہیں، کتنے اداس ہیں یا کتنے خوش نظر آ رہے ہیں۔ سب......''

''تمھارا کوئی علاج نہیں۔'' جنت ہنس دی۔

آئمہ کو بات کر کے اچھا لگا۔ عجیب ہی انسیت ہوتی تھی اسے جنت سے۔

''شام کا کیا پلان ہے؟ کہیں باہر چلیں؟'' وہ اپنی روزمرہ کی روٹین، پڑھائی اور آخری سمسٹر کا رونا دھونا شیئر کرنے کے بعد پوچھ رہی تھی۔ جنت کو مسز شیرازی کے ساتھ کچھ وقت گزارنا تھا، پھر طبیعت بھی کچھ ٹھیک نہیں تھی، اس لیے معذرت کر لی۔ ''میں خود بتاؤں گی تمھیں، پھر پلان کریں گے کچھ۔''

آئمہ سے بات کرنے کے بعد کچھ دیر تک سائرہ خالہ کو سوچ کر فکرمند ہوتی رہی۔ کئی بار کانٹیکٹ نمبر نکالا اور ہر بار کال کرتے کرتے رک جاتی۔ ان ہی الجھنوں میں گھری بیٹھی تھی کہ زید اپنی ننھی بہن کا ہاتھ تھامے اسکول یونیفارم میں ہی اسکول سے واپسی پر سیدھا اس سے ملنے آ گیا۔

وہ بہت خوش ہوئی۔ بچے مسز شیرازی سے مل کر اور ان کی پینٹنگز کا نظارہ کر کے آئے تو وہ کچن میں تھی۔

اپنے ننھے مہمانوں کی خاطر مدارت میں ہلکان ہوتی وہ ڈائننگ ٹیبل پر پلیٹیں رکھ رہی تھی جب اس نے فارس وجدان کو سیڑھیاں اترتے دیکھا۔

نیلی جینز پر سفید ٹی شرٹ میں ملبوس، بھیگے بال کچھ سلیقے سے جمے ہوئے، آنکھوں میں ہلکی سی سوجن ابھی بھی موجود تھی۔

زید کی نظر اس پر پڑی تو اس کا پھولا ہوا چہرہ مزید پھول گیا۔

''گڈ مارننگ!'' ڈائننگ ہال سے گزرتے ہوئے اس نے کہہ دیا۔

''گڈ آفٹرنون کہو۔'' جنت کے منہ سے بے ساختہ نکلا۔

موصوف نے کلائی موڑ کر وقت دیکھا، پھر پیشانی مسلی، جھک کے پلیٹ سے فرنچ فرائز اٹھائے اور راہداری کی طرف بڑھ گیا۔

شکایتوں کی پٹاری کھل گئی۔ زید شروع ہو گیا۔

''کہتے تھے آپ گھر پر نہیں ہیں، کبھی کہتے تھے، آپ سو رہی ہیں، کبھی کہتے تھے، آپ بزی ہیں۔ میں نے آپ کو کارڈ بھی لکھا تھا۔ کینڈی بھی بھیجی تھی۔ میں سوزی کو بھی لایا تھا۔ انہوں نے مجھے ڈانٹ دیا۔''

جنت نے بڑی مشکل سے اسے سمجھا بجھا کر اس کا غصہ ٹھنڈا کیا۔

''اس دن ہم باہر کھیل رہے تھے۔ انہوں نے میرا فٹ بال مجھے واپس نہیں کیا۔'' یہ ایک اور قصہ تھا۔

جنت نے کچھ حیرت سے اسے دیکھا۔ یہ تو وہ بھی جانتی تھی کہ فارس بچوں سے الجھ پڑتا ہے، مگر ایسے الجھتا ہوگا، اس کی توقع نہیں تھی۔

''آپ کو یہ بھی تو بتانا چاہیے کہ فٹ بال میرے سر پر لگا تھا۔''

فارس کی آواز پر جہاں زید چونکا، وہاں اتنے قریب سے اس کی آواز آنے پر وہ گڑبڑائی۔ وہ اس کی کرسی کے پیچھے، بہت قریب سے جھکا ہوا تھا۔ ہاتھ بڑھا کر زید کی پلیٹ سے مزید فرنچ فرائز اٹھا

https://novelskidunya.com/

لیے۔ زید نے لڑاکا عورتوں کی طرح کینہ توز نظروں سے اسے گھورا۔ پھر اپنی پلیٹ پر دونوں ہاتھ رکھ لیے کہ اب اٹھا کر دکھاؤ۔

اس کی ننھی بہن بڑے مزے میں تھی۔ پر تجسس نگاہوں سے کبھی بھائی کو، کبھی فارس کو دیکھتی پھر دوسرے نوالے کے لیے منہ کھول کر جنت کی طرف رخ کر لیتی۔

وہ جیب میں والٹ رکھتا باہر چلا گیا۔

''مجھے یہ بالکل بھی، ذرا سا بھی اچھے نہیں لگتے۔'' زید نے ایک ہزار بار کہے جانے والا جملہ ایک بار پھر دہرایا تھا۔ وہ گہری سانس لے کر رہ گئی تھی۔

https://novelskidunya.com/

☆......☆......☆

وہ کچن کاؤنٹر پر موبائل ہاتھوں میں لیے بیٹھی تھی جب صدر دروازے سے اندر داخل ہوتے ہی فارس وجدان کچن میں آ گیا۔ بچوں کے جانے کے بعد وہ اب ہی اسے اکیلی نظر آئی تھی۔

''کیسی ہو؟'' اس نے فریج سے پانی کی بوتل نکالتے ہوئے پوچھا۔ آواز بھاری، لہجہ ٹھہرا ہوا۔

''جیسی بھی ہوں، تمہیں اس سے کیا؟'' موبائل پر خود کو مصروف ظاہر کرتے اپنا غصہ نکالا۔

''خیر سے اب تم یہ تو نہیں کہہ سکتیں۔''

Novels Ki Dunya

جنت نے سر اٹھا کر ایک سلگتی نگاہ اس پر ڈالی۔

''کہہ سکتی ہوں! بالکل کہہ سکتی ہوں۔'' دانت پیس کر جواب دیا۔

فارس نے رک کر اسے دیکھا۔ وہ موبائل پر نظریں جمائے خود کو مصروف اور بے نیاز ظاہر کر رہی تھی مگر آنکھوں میں غصہ صاف نظر آ رہا تھا۔ وہ اس کی موجودگی پر قطعاً خوش نہیں لگ رہی تھی۔

''کیا ہم بات کر سکتے ہیں؟''

کوئی بھی جواب دیے بغیر اس نے سر اٹھا کر یہاں وہاں دیکھا۔ کچھ اور نظر نہ آیا تو کٹنگ بورڈ پر

پیاز اور چھری رکھی ہوئی نظر آ گئی۔ فوراً سے آستینیں چڑھا کر شروع ہو گئی۔ خیال تھا جب وہ اسے مصروف دیکھے گا تو کوئی بات نہیں کرے گا۔ مگر یہ اس کی خام خیالی تھی۔ فارس عین اس کے پیچھے آن کھڑا ہوا۔

''میں طلاق بھی نہیں دینا چاہتا۔ اور چاہتا ہوں کہ تم کورٹ بھی نہ جاؤ۔ اس کے لیے مجھے کیا کرنا چاہیے؟''

جنت کی دھڑکنیں تھم گئیں۔ سماعت پر یقین نہیں آیا۔

گردن موڑ کر اس نے فارس کو صدمے سے دیکھا۔ وہ اس کے پیچھے بے حد قریب کھڑا تھا۔ اتنا قریب کہ وہ اس کے کپڑوں سے اٹھتی مردانہ کلون کی خوشبو بآسانی محسوس کر سکتی تھی۔

''مذاق اڑا رہے ہو تم میرا؟''

''خواہش کا اظہار کر رہا ہوں۔''

''غلط انسان کے سامنے غلط خواہش کا اظہار کر رہے ہو۔'' رخ بدل کر وہ پھر سے پیاز کاٹنے لگی۔

''میں اپنے بچے کی ماں سے بات کر رہا ہوں۔'' جھک کر سرگوشی کی۔

جنت کے ہاتھ ساکت ہوئے۔ دھڑکن تیز ہو گئی۔ پھر سنبھل کر لب بھینچ کر اسے دیکھا۔ ''گویا اپنے بچے کے لیے اس رشتے کو بحال کرنا چاہ رہے ہو۔''

''نہیں، یہ کام میں صرف تمہارے لیے کرنا چاہ رہا ہوں۔''

وہ دم سادھے اگلے کئی لمحوں تک ایک ہاتھ میں چھری، دوسرے ہاتھ میں پیاز لیے کھڑی رہ گئی، یوں جیسے یقین کرنا چاہ رہی ہو، اس سے یہ بات فارس وجدان نے کی ہے۔

''اچھا مذاق ہے یہ۔'' اذیت سے بڑبڑا کر رخ بدل گئی۔

''مگر میں تو سنجیدہ ہوں۔''

چھری پنخ کر اس نے رخ بدلا۔

https://novelskidunya.com/

"مجھے ہرگز پسند نہیں ہے، کوئی مجھ پر ترس کھائے۔" اس کی آواز تیز ہوئی تھی۔

"تمہیں لگتا ہے، میں تم پر ترس کھا سکتا ہوں؟" اس نے جنت کی آنکھوں میں جھانکا۔ وہ دم سادھے کھڑی رہی۔

"کیوں کر رہے ہو یہ سب؟" اس نے ضبط کر کے تحمل سے پوچھا تھا۔

"بتایا تو ہے، تمھارے لیے کر رہا ہوں۔"

"میرے لیے؟" اسے سخت نظروں سے دیکھتے ہوئے اس نے انگلی سے اپنی طرف اشارہ کیا۔ برداشت کی ایک حد ہوتی ہے، اور وہ حد اس ایک لمحے میں ختم ہوئی تھی۔

"تمھارا دل چاہے گا تو تم نکاح کو کاغذ تک رکھو گے، پھر میرے احساسات کی فکر کیے بغیر اپنا جائز حق بھی وصول کر لو گے، تمھاری مرضی تم مجھے ساتھ رکھو، تمھاری مرضی تم مجھے طلاق دے دو۔ سب تمھارے اس دل کے گرد گھوم رہا ہے۔" اس نے فارس کے سینے پر انگشت شہادت ٹھونکی۔ "اور تم کہہ رہے ہو، میرے لیے کر رہے ہو۔"

روح کا درد آنکھوں سے کیسے جھلکتا ہے، اذیت لفظوں میں کیسے اترتی ہے، آواز کیسے چھلکتی ہے، یہ اس لمحے فارس وجدان نے جانا تھا۔

"تم کسے بے وقوف بنا رہے ہو؟ مجھے یا خود کو؟" بظاہر مضبوط لہجہ، مضبوط آواز۔ مگر وہ اس کے اندر کی توڑ پھوڑ کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا۔

"میں نے ایک بات کی ہے۔" اس نے سنجیدگی سے کہا۔ "اقرار یا انکار کا اختیار تمھارے ہاتھ میں ہے۔"

"جیسے میں نہیں جانتی کہ تم اختیار چھیننے میں کتنے ماہر ہو۔"

وہ آنکھوں میں دکھ اور پچھتاوا لیے اسے دیکھ کر رہ گیا۔

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا Novels Ki Duniya

بہت سی باتیں وہ نظر انداز کر گیا تھا۔ بہت سی الجھنیں اسے یاد نہیں رہی تھیں۔ گرہ سخت تھی۔ اب سخت ترین ہو گئی تھی۔ وہ اس کے خدشات کی تہہ تک اب پہنچا تھا۔ اس کی پریشانیوں کو جیسے اب سمجھا تھا۔ جنت کا یقین ٹوٹا تھا۔ اس کا اعتماد بکھرا تھا۔ اس نے یہاں اس گھر میں رویے کی اذیت سہی تھی۔ بے رخی کو جیا تھا۔ وہ اتنی جلدی، اور اتنی آسانی سے اسے موقع نہیں دے سکتی تھی۔ اس کا خوف بجا، اس کی پریشانی جائز تھی۔

''میں نے صرف ایک چانس مانگا ہے۔''

''میرے پاس تمہیں دینے کے لیے کچھ نہیں ہے۔''

مڑ کر وہ ایک بار پھر پیاز کاٹنے لگی تھی۔ اس کے پیچھے وہ خاموش کھڑا رہا۔

وہ کچھ کہنا چاہتا تھا۔ تسلی یا مداوا کا ایک لفظ ہی سہی مگر لفظوں کی قلت تھی۔ اور ہمت تو صفر ہو چکی تھی۔

وہ الٹے قدم پیچھے ہٹا، جیبوں سے ہاتھ نکالے اور کچھ بھی کہے بغیر چلا گیا۔

جنت نے چھری رکھ دی۔ کنارے پر ہاتھ جمائے، سر جھکا گئی۔ آنسو بہنے لگے۔ اپنے آپ کو کسی نئے غم سے بچانے کے لیے اس نے پیاز کاٹنا شروع کی تھی، مگر اندر تک وہ پھر بھی کٹ گئی تھی۔

☆......☆......☆

سارا دن خود سے الجھتے رہنے کے بعد شام تک سائرہ نے ہمت کر کے جنت کو کال کی تھی۔ انہیں ڈر تھا، وہ کال ریسیو نہیں کرے گی مگر اس نے کر لی تھی۔

''السلام علیکم خالہ!'' اس کی آواز کمزور نہیں تھی، مگر جانے کیوں انہیں لگا جیسے جنت کمال کو مخاطب ہوتے میں دقت کا سامنا کرنا پڑا ہو۔

''وعلیکم السلام!'' اتنی ہی مشکل انہیں ہوئی تھی۔ اتنی ہی دقت، اتنی ہی صعوبت کے مراحل سے گزرنا پڑا تھا انہیں۔

اب وہ کیا کہیں اس سے؟ کس بات کا شکوہ کریں، کس امر پر خفگی دکھائیں، کیسے پوچھیں اس نے

گھر کیوں چھوڑا، ان سے رابطہ کیوں نہ کیا، اپنے مسئلوں سے آگاہی کیوں نہ دی؟

وقت پوچھنے کا نہیں رہا تھا۔ اب اعتراف کی ساعت تھی۔

"مجھے...... مجھے معاف کر دو۔" کس قدر ہمت سے انہوں نے کہا تھا۔ اور دوسری طرف ایک صدمہ بھری خاموشی چھا گئی تھی۔

"کس بات کی معافی خالہ! معافی تو مجھے مانگنی چاہیے۔ میں نے آپ سب کو پریشان کر دیا۔"

موبائل کان سے لگائے، نفی میں سر ہلاتے ہوئے انہوں نے دوپٹے کے پلو سے آنسو پونچھ لیے تھے۔

"تم مجھ سے ناراض تھیں۔ تم نے گھر چھوڑ دیا لیکن مجھ سے بات نہیں کی۔"

نچلا لب کاٹتے ہوئے وہ ذرا شرمندہ ہوئی۔

"میں آپ پر بوجھ نہیں بننا چاہتی تھی۔ پہلے بھی میری وجہ سے آپ کو بہت پریشانی اٹھانا پڑی ہے۔"

سائرہ خالہ کا دل کٹ گیا۔

"میں آپ کے پاس آجاتی تو خاندان کے لوگ......" وہ کچھ کہتے کہتے چپ ہو گئی۔ "آپ کے لیے اور مسئلے کھڑے ہو جاتے خالہ۔"

مشکل ترین حالات میں بھی وہ ان کی فکر کر رہی تھی۔ ان کا دل غم سے بھر گیا۔

"میں نے تمہیں زمان سے بچانا چاہا تھا۔"

"میں بھی صرف اسی سے بچنا چاہتی تھی۔" اس نے یوں کہا جیسے اس کے خواب نہیں تھے، خواہشات نہیں تھیں۔ ایک غیر امین ٹھکانے سے وہ ایک صرف امان والی جگہ چاہتی تھی۔ اسے گھر نہیں چاہیے تھا، زندگی نہیں چاہیے تھی۔ دوری چاہیے تھی، خاندان سے، رشتوں سے، اذیتوں سے، تکلیفوں سے، طنز اور طعنوں سے۔ اور ان سزاؤں سے جو کتنے سالوں سے وہ جھیل رہی تھی۔ اور تو کوئی خواہش نہیں تھی۔ اس نے ظاہر کیا اور تو کسی شے کی طلب نہ تھی۔

''ابو تمھیں خوش دیکھنا چاہتے تھے۔'' ان کی آواز لرز رہی تھی۔ ''جنت! میں ان کی وصیت پر عمل نہیں کر سکی۔ مجھ سے بہت بڑی غلطی ہو گئی ہے۔''

''ایسا نہیں ہے۔'' وہ روہانسی ہوئی۔

''ایسا ہی ہے بیٹا! میں تمھاری مجرم ہوں۔''

''خالہ! آئم پریگننٹ۔'' کس قدر ہمت سے اس نے کہا تھا۔

ان کی آنکھوں میں نمی ٹھہر گئی۔ لب ساکت ہو گئے۔

''بانجھ ہے یہ بانجھ! کبھی ماں نہیں بن سکتی۔''

''اب میرا بیٹا ایسے ہی بے اولاد رہے گا ساری عمر؟'' اس کی تائی کی آواز، غصہ، نفرت۔ جنت کے پانچ سالوں کا صبر ان کی آنکھوں میں گھوم گیا۔ جس محرومی کی وجہ سے وہ ہر جگہ سے رد ہوئی تھی، وہی محرومی، کسی اور کی زندگی میں عطا بن گئی تھی۔ عطا ہو گئی تھی۔ اللہ کی حکمت، اللہ کے معاملات اللہ ہی جان سکتا ہے۔ ورنہ ان کے جیسے لوگ تو صرف ساحل پر رک کر گہرائی کا اندازہ لگایا کرتے تھے۔ خود سے مفروضے گھڑا کرتے تھے، اپنی نعمتوں پر اترایا کرتے تھے۔ اپنی مصلحتوں پر مسکرایا کرتے تھے۔

''تم...... تم ماں بننے والی ہو۔'' خوشی سے آنسو چھلک پڑے۔

غم سے مردہ ہوتا دل اس خبر پر زندہ ہوا۔ وہ رو پڑیں۔

''اب آپ کیسے سوچ سکتی ہیں میں خوش نہیں ہوں گی؟'' اس کی آواز بھیگی ہوئی تھی۔

سائرہ خالہ احساس ندامت میں گھر گئیں۔ وہ اب بھی ان سے متعلق خوش گمان تھی۔ ایک لمحے کے لیے بھی غلط نہیں سوچ رہی تھی۔ الٹا انہیں سمجھا رہی تھی۔ انہیں تسلی دے رہی تھی۔

''مجھے یہاں آ کر پتا چلا ہے، خوشی ایک نعمت ہے اور سکون اس سے بھی بڑی نعمت! خوشیوں کا تعلق دنیاوی نعمتوں سے ہے اور سکون کا تعلق صرف اللہ سے! دل اللہ سے جڑ جائے خالہ تو پھر زندگی کتنی ہی مشکل کیوں نہ ہو، آسان ہو جاتی ہے۔''

اس کا ایک ایک لفظ ان کے دل کی اتھاہ گہرائیوں میں اتر گیا۔

وہ کتنی خاص تھی۔ انہوں نے کبھی سمجھا ہی نہیں۔

"تم کتنی بڑی باتیں کرنے لگی ہو۔" انہوں نے ہاتھ کی پشت سے آنسو صاف کیے۔

وہ ہنس دی۔

بڑی باتیں سمجھنے کے لیے اسے بڑی بڑی آزمائشوں سے گزرنا پڑا تھا۔

"اب سب ٹھیک ہے نا؟ اور فارس..... فارس تمھارے ساتھ کیسا ہے؟" جنت کی گمشدگی کے بعد فارس کی دیوانہ وار جستجو اور فکر مندی وہ اپنی آنکھوں سے تو دیکھ ہی چکی تھیں مگر اب جیسے وہ آنکھوں پر یقین نہیں رکھنا چاہتی تھیں۔ اب گہرائی میں اترنا چاہتی تھیں۔ اب "خالہ" ہونا چاہتی تھیں۔

"کوئی بھی مسئلہ ہو تو مجھے بتاؤ، میں اور تمھارے خالو اس سے بات کریں گے، اسے سمجھائیں گے۔"

وہ لمحے بھر کے لیے خاموش ہوئی تھی مگر چاہ کر بھی کوئی شکوہ شکایت نہ کر سکی۔ ذہن بلینک ہو گیا۔ یوں لگ رہا تھا جیسے انسانوں کو بتانے کے لیے اب تو کوئی مسئلہ ہے ہی نہیں، جیسے پہلے سب ہی معاملات اللہ نے سنبھالے تھے تو اب بھی وہی سنبھالے گا۔

"جنت!"

"اب تو سب ٹھیک ہے خالہ!" سوچ سمجھ کر کہا۔ "گھر چھوڑنا میری غلطی تھی۔ فارس نے تھوڑی نہ نکالا تھا۔"

گو کہ پیروں تلے زمین نہیں تھی۔ نہ سر پر آسمان رہا تھا مگر جس فضا میں وہ معلق تھی، اس فضا نے دونوں کو جوڑ رکھا تھا۔

بات ختم ہو گئی، فون بند ہو گیا۔ سائرہ کو یوں لگا جیسے مسئلہ سلجھ گیا ہو۔ ضمیر کی ملامت تھوڑی کم ہو گئی ہو۔ مگر بے سکونی ہنوز قائم تھی۔

"آپ نے اپنی طرف سے میرے لیے بہت اچھا سوچا، مجھے آپ سے کوئی گلہ نہیں ہے۔"

☆......☆......☆

رات کا جانے کون سا پہر تھا کہ اس کی آنکھ کھل گئی۔ کمرے میں اندھیرا تھا۔ برابر میں مسز

اسے اپنی طبیعت میں غیر معمولی پن کا احساس ہوا۔ شاید چکر آرہے تھے یا پھر متلی سی ہو رہی تھی۔ اس نے اٹھنے کی کوشش کی تو سر گھوم کر رہ گیا۔ چند لمحوں تک گہری سانسیں لیتی رہی، پھر اٹھ کر باہر آگئی۔

اسے یکا یک قے ہوئی۔ شام کو لی جانے والی خوراک باہر تھی۔ واش بیسن پر گرفت جمائے اس نے خود کو آئینے میں دیکھا۔ شکل دھندلی اور چہرہ بالکل سفید ہو رہا تھا۔

لاؤنج میں آ گئی۔ اسے یاد تھا سائرہ خالہ کے فون کے بعد وہ مسز شیرازی سے باتیں کرتی ان کے کمرے میں ہی سو گئی تھی۔

ذہن ماؤف تھا۔ آنکھوں پر دھند چھائی سی۔
اس نے پیشانی کو اور پھر آنکھوں کو مسلا۔ نظر سیڑھیوں کے اس طرف آفس کے ادھ کھلے

کیا فارس اندر تھا؟ اس نے اٹھ کر بیٹھتے ہوئے گہری سانس لی۔ پھر کچھ قوت پیدا کر کے اسے آواز دی۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

روشنی موجود رہی۔دروازہ ساکت رہا۔نحیف آواز اس تک نہیں پہنچی تھی۔اسے بے اختیار رونا آیا۔

"ف...... فارس!" کشن اٹھا کر پھینکا۔اب وہ رو رہی تھی۔دل پھٹا جا رہا تھا۔

عجیب وحشت اور گھبراہٹ ہو رہی تھی۔منظر کچھ اور دھندلا یا تھا۔قوت کچھ اور مٹ گئی تھی۔

اسے لگا وہ نہیں آئے گا۔

"فارس!" ایک بار پھر اسے پکارا۔

یکا یک دروازہ کھل گیا۔اس نے فارس کو باہر نکلتے ،اور پھر عجلت میں اپنی طرف آتے دیکھا۔

"کیا ہوا؟تم ٹھیک ہو؟" کندھوں سے تھام کر پوچھا تھا۔آنکھوں میں فکر، لہجے میں پریشانی تھی۔

اس نے روتے ہوئے نفی میں سر ہلایا۔وجود اب بے جان ہو رہا تھا۔اسے لگا وہ بس مرنے والی ہے۔

"جنت!" وہ آخری آواز تھی جو اس نے سنی،وہ آخری چہرہ تھا جو اس نے دیکھا۔

روشنی تیز ہو گئی۔آوازیں مدھم......

جیسے کوئی پکارتے ہوئے دور، بہت دور ہوتا جا رہا ہو۔

اور پھر سب تاریک ہو گیا۔

☆......☆......☆

داہنے ہاتھ کی پشت پر کہیں چبھن کا احساس ہوا۔ذہن پر چھائی ہوئی دھند چھٹنے لگی۔آوازوں کو مفہوم مل گیا۔اس کا بایاں سرد ہاتھ کسی کی گرفت میں تھا۔نرم سی گرفت۔جیسے نانا کے ہاتھوں کی ہوا کرتی تھی۔اس نے انگلیوں کو جنبش دیتے ہوئے ہاتھ بند کرنا چاہا۔ذہن ایک بار پھر غنودگی میں چلا گیا۔

دوبارہ اسے ہوش آیا تو ہسپتال کے کمرے میں نیم تاریکی سی تھی۔نانا وہاں کہیں نہیں تھے۔داہنے ہاتھ پر ڈرپ لگی تھی۔سامنے ہی کھڑکی کے پاس فارس موبائل ہاتھ میں لیے کھڑا تھا۔اسے ہوش میں آتا دیکھ کر اس کے پاس آ گیا۔

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا NovelsKiDuniya

''ک......کیا......ہوا مجھے؟'' اس کی آنکھوں میں خوف سمایا ہوا تھا۔

''کچھ نہیں ہوا۔ سب ٹھیک ہے۔ لیٹی رہو!'' فارس نے ہاتھ تھام کر تسلی دی۔ تکیے پر سر رکھتے ہوئے اس نے داہنے ہاتھ سے پیشانی کو چھوا۔

''اب کیسی طبیعت ہے؟'' وہ برابر میں بیٹھ کر پوچھ رہا تھا۔ آنکھوں میں فکر تھی۔

''ٹھیک ہوں۔'' اس نے کہا۔

سر ابھی بھی کچھ بھاری تھا۔ مگر پہلے جیسی حالت نہیں تھی۔

گہری سانس لے کر کمرے کا جائزہ لیا۔ نیلگوں روشنی میں ایک پراسراری خاموشی چھائی ہوئی تھی۔ کھڑکیوں کے اس پار رات ابھی بھی باقی تھی۔

''کیا ٹائم ہو رہا ہے؟'' اس کی آنکھیں کچھ دیر کے لیے کھلتی تھیں، پھر بند ہو جاتی تھیں۔

''ڈھائی بج رہے ہیں۔''

''مجھے بھوک لگ رہی ہے۔'' اختلاف، ناراضی، غصہ اپنی جگہ مگر رزق پر کوئی سمجھوتا نہیں۔

''میں کھانے کے لیے کچھ لے کر آتا ہوں۔'' ایک نرم سی نگاہ اس پر ڈالے وہ اٹھ گیا۔

خشک لبوں کو تر کرتے ہوئے جنت نے گہری سانس لی۔

''فارس! تم یہاں......'' وہ دروازہ کھول کر باہر نکلا ہی تھا جب کوئی عورت اس کے سامنے آگئی تھی۔ ''خیریت ہے؟''

جنت کی آنکھیں کھل گئیں۔ بے ساختہ دروازے کی طرف دیکھا۔

''مائی وائف از ناٹ فیلنگ ویل۔'' اس نے سنا۔ فارس کی پشت نظر آرہی تھی۔

''اوہ، کیا ہوا عدینہ کو؟ ٹھیک تو ہے وہ؟ میری تو کافی عرصے سے ملاقات ہی نہیں ہوئی۔''

جنت کی دھڑکن تھم گئی۔ فارس نے ادھ کھلا دروازہ کھینچ کر بند کر دیا۔ آوازیں معدوم ہو گئیں۔

https://novelskidunya.com/

دروازے کے نیچے قدموں کے آثار بھی غائب ہو گئے۔
کمرے کی خاموشی وجود میں اتر آئی۔ شب کا اندھیرا آنکھوں میں حلول کر گیا۔ وہ چند لمحوں تک دم سادھے پڑی رہی۔ پھر کروٹ بدل کر آنکھوں پر بازو رکھ لیا۔

☆......☆......☆

اوصاف منزل میں ایک سے زائد کام والیوں کا اضافہ ہو چکا تھا، شادی کے دن قریب تھے تو اس کے حصے کا کام بھی بڑھ گیا تھا۔

https://novelskidunya.com/

آج ثمرین کی مہندی تھی۔ مہمانوں سے بھرے گھر میں ہر طرف رنگ برنگے آنچل ہی نظر آ رہے تھے، کوئی آ رہا ہے، کوئی جا رہا ہے۔ وہ بچے کے ساتھ ہی چھوٹے موٹے کام نمٹا رہی تھی۔ اور گاہے بگاہے آنے والے مہمانوں اور رشتہ داروں کا بھی جائزہ لے رہی تھی۔ بچے کی ماں طارق صاحب کی سگی بہن تھی۔ اپنی بھتیجی کی شادی پر تو ضرور آئے گی۔ مگر اسے ابھی تک کوئی ایسی عورت نظر نہیں آئی تھی جس کے متعلق وہ یہ گمان کرتی کہ وہی اس بچے کی ماں ہوگی۔ زیادہ تر چہروں کو وہ پہچانتی تھی۔ کوئی بھی نیا چہرہ نظر نہیں آ رہا تھا۔

مہمانوں کی دیکھ بھال اور انہیں مشروب پیش کرنے کی ذمہ داری اس پر آئی تو اس نے اس ننھی جان کو کچن کے دروازے کے پاس بٹھایا، صغریٰ کو اس پر نظر رکھنے کا کہا اور ٹرے اٹھائے سیڑھیاں چڑھ گئی۔ خیال تھا بس دو منٹ میں پیش کر کے نیچے آ جائے گی مگر دو سے دس منٹ لگ گئے۔ نیچے آئی تو صغریٰ اسے اٹھائے کھڑی تھی۔ بچہ درد کی شدت سے چیخ چیخ کر نڈھال ہو چکا تھا۔

Novels Ki Dunya

”ہائے اللہ جی! اسے کیا ہوا؟“ وہ بوکھلا گئی۔

”دروازے میں ہاتھ آ گیا۔“

ننھے سے سرخ ہاتھ پر نظر پڑتے ہی روبی کے پیروں تلے سے گویا زمین نکل گئی۔

”میں کہہ کر گئی تھی اس کا خیال رکھیو۔“

''اے ہے، کتنے کام دیکھوں میں؟''صغریٰ تپی کھڑی تھی۔

وہ روتے بلکتے بچے کو اٹھائے اسی وقت طارق صاحب کے پاس چلی گئی جو کھانے کا حساب کتاب دیکھ رہے تھے۔

''وہ جی بچے کا ہاتھ آ گیا دروازے میں۔''

انہوں نے سر اٹھایا۔ ایک نظر اسے دیکھا۔ دوسری نظر روتے ہوئے بچے پر ڈالی۔ پھر پاس کھڑے بیٹے سے یوں مخاطب ہوئے جیسے انہوں نے روبی کی کوئی بات سنی ہی نہ ہو۔ وہ مسئلہ زیادہ اہم تھا جس میں وہ الجھے کھڑے تھے۔ وہ اپنی جگہ کھڑی رہ گئی۔ پھر وہ مالکن کے پاس گئی، اس کے بعد اپنے بڑے صاحب کے چھوٹے بھائی کے پاس۔ مایوس ہو کر وہ رشیداں کے یہاں چلی گئی۔

''اسے ہسپتال لے جاؤ رشیداں!''

بچے کی حالت دیکھ کر خود رشیداں کو ترس آ گیا، فوراً سے چادر اٹھائی، بچہ لیا اور ہسپتال چلی گئی۔

اس تمام عرصے میں روبی خالی الذہنی کی کیفیت میں اپنے مالکوں کا کام کرتی بولائی بولائی سی پھرتی رہی۔

ننھی ننھی سی انگلیاں کتنی سرخ ہو رہی تھیں۔ چاند سے چہرے پر، گال اور ماتھے پر کیسے خراش آئی ہوئی تھی۔ اور وہ کتنا چیخ چیخ کر رو رہا تھا۔ وہ اسے سوچ سوچ کر بہت پریشان ہوتی رہی۔

مہندی کی رسم ادا کی جا رہی تھی۔ فارغ ہو کر وہ باہر صحن کی سیڑھیوں پر جا بیٹھی۔ نوکیا کا پچ بٹن موبائل ہاتھ میں تھا۔ منتظر نگاہوں سے اسکرین کو تک رہی تھی۔ بیلنس تو تھا ہی نہیں کہ کال کر لیتی۔ نہ ہی کبھی کال کرنے کی ضرورت پیش آئی تھی۔ اماں ہی فون کرتی تھیں۔

یکا یک موبائل بج اٹھا۔ رشیداں کی کال تھی۔

''میں پہنچ گئی ہوں گھر۔ آ جا اب۔''

وہ فوراً سے اٹھ کر دروازے کی طرف بھاگی۔ عجلت میں قدم اٹھاتی دائیں طرف گلی میں مڑ گئی اور جو پہلا دروازہ نظر آیا، اسے کھول کر اندر چلی گئی۔

بالکل سامنے ہی چارپائی پر رشیداں بیٹھی تھی۔

بچہ پہلو میں ہی سویا پڑا تھا۔ کچھ بے قراری سے وہ اس پر جھکی۔ اس کا ماتھا چوما۔ اس کے ننھے سے ہاتھ کو دیکھا جس پر پٹی بندھی ہوئی تھی۔

ایک ہاتھ سے پنکھا جھلتے ہوئے رشیداں نے ٹھنڈی آہ بھری۔

"ڈاکٹرنی نے تو مجھے اچھی خاصی جھاڑ پلا دی۔ سمجھ رہی تھی، میرا بچہ ہے۔ میری لاپروائی سے ہاتھ دروازے میں آ گیا ہوگا۔ اور چوٹ صرف ایک تو نہیں تھی روبی۔"

"کل صائمہ بی بی کے بیٹے نے دھکا دیا تھا تو...... سیڑھیوں سے گر گیا۔" اس نے گلوگیر آواز میں بتایا۔

رشیداں گہری سانس لے کر رہ گئی۔

"دیکھ رشیداں!" سر اٹھا کر مخاطب ہوئی۔

"یتیم بچے کے لیے ایک ذرا سا کام ہی تو کہا ہے تجھے۔"

"تو تو ایسے کہہ رہی ہے جیسے یہ کام بہت آسان ہو۔ بھئی مجھے کیا پتا اس کا چچا کون ہے، کہاں رہتا ہے، نہ مجھے اس کی ماں کی کوئی خبر ہے۔"

"تو اتنے سالوں سے ان کے پڑوس میں رہ رہی ہے، کچھ تو پتا ہوگا تجھے، کچھ تو......"

"دیکھ، مجھے بس اتنا پتا ہے وہ کوئی بڑا امیر آدمی ہے۔ اسلام آباد میں رہتا ہے بس۔" رشیداں نے باقاعدہ سر پر دوپٹہ جماتے ہوئے ہاتھ کھڑا کیا۔

"تو اپنے گھر والے سے بات تو کر۔ کچھ تو پتا ہوگا اسے۔ مجھے بس فون نمبر چاہیے یا پھر گھر کا پتا۔ باقی میں سب خود دیکھ لوں گی۔"

https://novelskiduniya.com/

رشیداں نے تعجب سے اس دھان پان سی لڑکی کو دیکھا۔ جس کا خود کا کوئی سہارا نہ تھا۔ وہ لاوارثوں کی طرح پلتے اس بچے کے لیے سہارا ڈھونڈ رہی تھی۔

''کیا خبر تیری یہ نیکی اللہ کو پسند آ جائے اور وہ تیرے لیے آسانیاں کر دے۔'' وہ منت سماجت پر اتر آئی تو رشیداں نے ٹھنڈی آہ بھری۔

''اچھا ٹھیک ہے۔ بات کروں گی میں، لیکن وعدہ نہیں کر سکتی۔''

روبی نے خوش ہو کر ممنون نگاہوں سے اسے دیکھا۔ پھر بچے کو احتیاط سے بازوؤں میں اٹھالیا۔ دوائیوں کا شاپر بھی ساتھ تھا۔

''ڈاکٹرنی کہہ رہی تھی بچہ بہت کمزور ہے، صحت کا خیال رکھو۔'' تشویش سے کہا۔

''جتنا ہو سکے، رکھتی تو ہوں۔ دودھ میں پانی ڈال کے دیتی ہوں۔ بڑی بیگم ایک ایک چیز پر نظر رکھتی ہے۔''

رشیداں کو افسوس ہوا۔

''تو میرے سے لے جائیو کچھ چاہیے ہو تو۔ ظالم لوگ۔ اللہ کے قہر سے نہیں ڈرتے۔ یتیم کے ساتھ ایسا سلوک؟''

وہ اسے سینے سے لگائے چوکھٹ عبور کر گئی۔ گھر پہنچتے ہی سیدھا اپنے کمرے میں گئی۔ بچے کو احتیاط سے سلانے کے بعد چارپائی کو کھینچ کھانچ کر کھڑکی کے پاس رکھا۔ برابر میں بیٹھ کر بہت نرمی اور افسوس سے اس کے چہرے کو دیکھا۔

لانبی پلکوں پر جگہ جگہ نمی ٹھہری تھی۔ ستا ہوا گلابی چہرہ کتنا زرد ہو رہا تھا۔ ننھے ننھے سے ہونٹ بھینچے ہوئے تھے۔ وہ واقعی میں بہت کمزور لگ رہا تھا۔

''بس کچھ دن اور...... تجھے میں یہاں تو نہیں رہنے دوں گی۔'' اس کے گرد بازو ڈالے تسلی دی۔

کھڑکی کے اس پار عین سامنے شادی والا گھر روشنیوں سے جگمگا رہا تھا۔ مہمانوں کی آمد و رفت تا حال جاری تھی۔

دروازے کے پاس ہی طارق صاحب کھڑے تھے۔ کچھ پیسوں کا حساب کتاب کرتے ہوئے۔ اللہ کے قہر کو دعوت دیتے لوگ، اللہ کے نام پر، صدقہ خیرات کے نام پر اچھی خاصی رقم نکالنے کا سوچ رہے تھے، تاکہ ان کی اولاد کی خوشیاں سلامت اور محفوظ رہیں۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

نیم تاریکی میں آنکھوں کو چبھتی ہوئی روشنی لیپ ٹاپ کی اسکرین کی تھی۔ ٹائپنگ ہو رہی تھی مگر ٹائپنگ کی آواز بہرحال نہیں تھی۔ اسے پیاس لگ رہی تھی۔ حلق سوکھ کر کانٹا ہو رہا تھا۔ کسی قدر کوشش سے وہ کہنی کے بل اوپر ہوئی۔ ہاتھ بڑھا کر سائیڈ ٹیبل کا لیمپ آن کیا۔ پانی کا جگ یا گلاس وہاں نہیں رکھا تھا۔

"کچھ چاہیے؟" لیپ ٹاپ کشن سے ہٹا کر ایک طرف رکھتے ہوئے وہ اس کی طرف متوجہ ہو چکا تھا۔

"پانی!" اس کی آواز نیند سے بوجھل، اور آنکھیں خمار بھری تھیں۔ مدھم سی روشنی میں بھی وہ اس کے چہرے کی پژمردگی کو محسوس کر سکتا تھا۔

ناولز کی دنیا
Novels Ki Dunia

گزشتہ کچھ دنوں سے اس کی طبیعت خراب تھی۔ دو بار ہاسپٹل بھی لے جا چکا تھا، وہ میڈیسن اور ضروری سپلیمنٹس بھی لے رہی تھی مگر کبھی بخار، کبھی سردرد، اور کبھی کمزوری کے باعث طبیعت نڈھال ہوئی رہتی تھی۔

لحاف ہٹا کر ایک سائیڈ پر کرتے ہوئے وہ روم فریزر کی طرف بڑھ گیا۔ پانی کی بوتل اور گلاس اٹھا کر اس کے پاس آیا تو وہ تب تک اٹھ کر بیٹھ چکی تھی۔ اس نے گلاس لے کر پانی پیا۔

"کسی چیز کی ضرورت تو نہیں؟" وہ پوچھ رہا تھا۔

جنت نے خالی گلاس سائیڈ ٹیبل پر رکھتے ہوئے اسے دیکھا۔ پچھلے تین دنوں سے وہ ایسی ہی

ایک نظر اس پر ضرور ڈالتی تھی۔ شک، حیرت اور الجھن بھری نظر۔
"میری غیر موجودگی میں تمھارے ساتھ کوئی حادثہ پیش آیا تھا؟" اس نے پوچھا۔
"نہیں! کیوں؟" وہ اس کے سوال پر کچھ حیران ہوا۔
"تم مجھ سے پوچھتے ہو، کسی چیز کی ضرورت تو نہیں، مطلب تم پوچھتے ہو۔" ہاتھ سے اشارہ کیا۔
"نہیں پوچھنا چاہیے؟"
"پورے پانچ ماہ تک نہیں پوچھا تو اب کیوں؟"
سوال بجا تھا۔ اعتراض بھی بجا۔ وہ لاجواب ہوا۔
زیر لب کچھ بڑبڑاتے ہوئے وہ تکیے کو درست کرتی نیم دراز ہو گئی۔ فارس دوسری طرف اپنی سابقہ پوزیشن میں آ کر بیٹھ گیا تھا۔ لحاف ٹانگوں پر ڈالتے ہوئے کشن پر لیپ ٹاپ رکھا اور ایک بار پھر اپنا کام کرنے لگا۔
وہ اس کی جانب کروٹ بدل کر گال کے نیچے ہاتھ رکھے خاموشی سے اسے دیکھنے لگی۔ آنکھوں پر فریم لیس گلاسز تھے، پیشانی پر بال بے ترتیبی سے بکھرے ہوئے، یکسوئی سے اپنا کام کرتے ہوئے وہ اطراف سے یکسر بے نیاز نظر آتا تھا۔
"جانتے ہو ڈاکٹر آمنہ مجھ سے کیا کہہ رہی تھیں؟" اس کی آواز نیند سے متاثر لگ رہی تھی۔
"کیا کہہ رہی تھیں؟" فارس نے نظروں کا زاویہ نہیں بدلا تھا۔ کی پیڈ پر انگلیاں تیزی سے متحرک تھیں۔
"آپ ٹینشن نہ لیں مسز فارس! کیا مطلب کیوں ٹینشن نہ لوں؟ یہ ڈاکٹرز اس طرح کی نصیحتیں ہمیں کیوں کرتی ہیں۔ مطلب شوہروں سے کیوں نہیں کہہ سکتیں، اپنی بیویوں کو ٹینشن نہ دو۔" دھیما سا لہجہ۔ کچھ نرم، کچھ خفگی بھرا۔
مسز فارس! اس کی باتیں، اس کا غصہ، لہجہ، انداز۔ وہ ایسے ہی لڑنے کے چکروں میں اس کے

دل کے تار چھیڑ گئی تھی۔

فارس نے بے ساختہ لیپ ٹاپ سے نظریں ہٹا کر اسے دیکھا۔ اسے لگا کہ وہ اپنا فوکس اپنے کام پر نہیں جما سکے گا۔

دھیمی سی زرکار روشنی میں جنت کا مومی چہرہ نمایاں تھا۔ سرخ آنکھوں میں خفگی ٹھہری ہوئی تھی۔ پیشانی پر ڈھیر سارے بل تھے۔ ایک لمحے کے لیے اگر اس کے تاثرات نرم ہوتے تھے تو دوسرے پل وہ شدید غصے میں نظر آتی تھی۔

https://novelskidunya.com/

''اچھا بتاؤ کیا ٹینشن ہے تمہیں؟'' اس کا یہ انداز، لہجہ، رویہ جنت کے لیے قطعی نیا تھا۔ وہ لمحے بھر کے لیے حیران، پھر دوسرے پل کچھ پریشان اور تیسرے سیکنڈ میں صدمے سے باہر آ گئی۔

''تم ہی تو میری سب سے بڑی ٹینشن ہو۔'' بھنا کر کہہ دیا۔

گزشتہ تین دنوں سے وہ جس طرح اس کا خیال رکھ رہا تھا تو نہ چاہتے ہوئے بھی اسے خاموش رہنا پڑا تھا۔ وہ اسے غصہ، ناراضی، خفگی، کچھ بھی نہیں دکھا سکی تھی۔ بس خاموش رہی تھی۔ اب مزید خاموش نہیں رہ سکتی تھی۔

''میں نے کہا تھا مجھے تمھارے ساتھ کمرہ شیئر نہیں کرنا۔ اور دیکھو، مجھے بیڈ تک شیئر کرنا پڑ رہا ہے اور آنٹی سے تم کیا کہتے ہو؟ شی از فری ٹو ڈو واٹ ایور شی وانٹس! (یہ اپنی مرضی سے کچھ بھی کرنے میں آزاد ہے)'' باقاعدہ چہرے کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ اس نے فارس کی نقل اتاری۔ اس نے اپنے لبوں پر امڈتی مسکراہٹ کو دبا لیا۔

''تمھاری طبیعت ٹھیک نہیں ہے تو اس لیے۔''

''اس لیے کیا؟'' کہنی کے بل اوپر ہو کر اس نے فارس کو مشکوک نظروں سے گھورا۔ ''پہلی بار تو خراب نہیں ہوئی۔ اور یاد ہے تم نے ایک بار مجھے ہاتھ سے پکڑ کر بیڈ سے اتارا تھا۔ سونا ہے تو صوفے پر سو

جاؤ ورنہ اس کمرے سے دفع ہو جاؤ۔" آواز بھاری کر کے، چہرے کے تاثرات سخت کر کے اس کی نقل بہت خوب صورتی سے اتاری تھی۔

وہ محض گلا کھنکھار کر رہ گیا۔

"اس دن بھی میری طبیعت خراب تھی۔ سر میں درد تھا۔ ہاتھ پاؤں دکھ رہے تھے۔ اس دن تو تم نے میری کوئی تیمارداری نہیں کی تھی۔"

فارس کو اندر ہی اندر اپنی اس حرکت پر بہت افسوس ہوا۔

"ہاں لیکن جب تم لاہور سے آئی تھیں، تب کی تھی۔"

وہ جو کچھ کہنے کے لیے منہ کھول ہی رہی تھی، لب بھینچ کر رہ گئی۔

"اس لیے کی تھی تا کہ مجھے جتا سکو؟"

"میرا مطلب یہ نہیں تھا۔"

"تو کیا مطلب تھا تمھارا؟"

کیا اس کا لڑائی کا موڈ ہو رہا ہے؟ فارس نے اچنبھے سے اسے دیکھا۔

"تم مان کیوں نہیں لیتے کہ مجھے تمھاری مرضی کے مطابق جینا پڑ رہا ہے۔ پہلے بھی، اور اب بھی؟"

قطرہ قطرہ لفظوں کا تیزاب فارس کو اندر ہی اندر جھلسانے لگا۔

بظاہر وہ عام سے لہجے میں بغیر کسی دکھ کا اظہار کیے بات کرتی تھی مگر وہ، اس کا غم، اس کا درد بہت اندر سے محسوس کرنے لگتا تھا۔

"تمھارے دماغ میں اب کیا چل رہا ہے؟" اس کی خاموشی سے عاجز آ کر وہ بہت سنجیدگی سے پوچھ رہی تھی۔

"تم خود کو پریشان کر رہی ہو۔" اس نے کہا۔

''پریشان تم مجھے کر رہے ہو۔'' وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں گاڑ کر بولی۔ ''میں کیسے مان لوں، تم اب کوئی چال نہیں چل رہے؟ یا اب تمھارا کوئی پلان نہیں ہے؟ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ اس طرح رویہ بدل کر تم مجھے بے وقوف نہیں بنا سکتے۔'' اس نے واضح کہہ دیا۔

فارس چند لمحوں تک اسے خاموش نظروں سے دیکھتا رہا۔

''عدیل احمد کل تمہیں کیٹلاگ دے جائے گا۔ فرنیچر پسند کر لینا۔ ایک دو دن میں کمرہ فرنشڈ ہو جائے تو پھر تم نیچے شفٹ ہو سکتی ہو۔'' اس کا لہجہ سخت نہیں تھا، نہ ہی لفظوں میں نفرت کی کاٹ تھی۔

''ہاں تم تو یہی چاہو گے، تم تو پہلے بھی یہی چاہتے تھے کہ میں اس کمرے سے نکل جاؤں۔''

وہ کچھ حیرت سے اسے دیکھ کر رہ گیا۔

''میں تو بس اس لیے کہہ رہا تھا کیونکہ تمہیں الگ کمرہ چاہیے۔''

''ہاں چاہیے۔ بالکل چاہیے۔ جب تک میں یہاں ہوں، مجھے الگ کمرہ ہی چاہیے۔ تمھارے ساتھ رہ رہ کر مجھے پاگل نہیں ہونا۔'' سرد لہجے میں کہہ کر کہیں اور دیکھنے لگی۔

وہ چند لمحوں تک اسے دیکھتا رہا۔

''چلو، تمھاری ایک ٹینشن تو کم ہوئی۔'' مسکراہٹ دبا کر کہا۔

''ٹینشن کم نہیں کرنی مجھے، ختم کرنی ہے۔''

وہ اس کی دیدہ دلیری پر حیران ہوئے بنا نہ رہ سکا۔

''اب میں خود کو اس لیے تو ختم نہیں کر سکتا کہ میں ایک ٹینشن ہوں۔ لیکن کوشش کر کے خود کو تھوڑا سا بدل سکتا ہوں۔ ٹینشن کی جگہ کچھ اور ہو سکتا ہوں۔'' اس کا لہجہ خالص دوستانہ تھا۔

گردن موڑ کر وہ کچھ صدمے سے اسے دیکھ کر رہ گئی۔ کہاں وہ ذرا ذرا سی بات پر آپے سے باہر ہو جاتا تھا اور کہاں اب کسی بھی بات پر غصہ نہیں آ رہا تھا۔

"مجھے پورا یقین ہے، تمہارے سر پر کوئی چوٹ لگی ہے۔"

"ہاں چوٹ تو لگی ہے، لیکن سر پر نہیں۔" اس کا معنی خیز جملہ جنت کے سر پر سے گزر گیا۔ وہ اس کے پرسکون رویے پر تپ گئی۔ اس کی مسکراہٹ سے چڑ گئی۔

پھر گہری سانس لے کر اپنے اعصاب پر قابو پاتے ہوئے اس کی طرف دیکھا۔

وہ سینے پر بازو باندھے چہرے کا رخ موڑے اسے سنجیدگی سے دیکھ رہا تھا۔ لیپ ٹاپ کی روشنی اس کے نفیس گلاسز پر منعکس ہوتی سبزی مائل لہروں کا تاثر دے رہی تھی۔ گلاسز میں اچھا لگ رہا تھا وہ۔

فوراً سے نظر ہٹا کر دل کو جھڑک دیا کہ گلاسز کے ساتھ اچھا لگے یا برا، اسے کیا؟

"مت بھولنا کہ میں یہاں آنٹی کی وجہ سے صرف ڈیلیوری تک ہوں۔ انہوں نے مجھ سے وعدہ کیا ہے۔" اپنے اندر بہت سارا خوف اور ڈھیر سارا غصہ لیے پچھلے تین دنوں میں یہ بات کئی بار دہرا چکی تھی۔

"تم جانتی ہو، میں ممی کی کوئی بات نہیں ٹالتا۔"

وہ بس اس ایک جملے سے ہی اس کے خدشات رفع کر سکتا تھا۔

"اسی بات کی تسلی ہے، ورنہ تم پر مجھے چیونٹی جتنا بھی بھروسا نہیں۔" کہہ کر کروٹ بدل گئی۔

فارس نے کچھ نہ کہا۔

جنت نے گہری سانس لے کر آنکھیں موند لیں۔ عدینہ زبیر کا تصور ایک طرف، مسز شیرازی کی ہدایتیں اور نصیحتیں دوسری طرف۔ اور آنے والے وقت اور فارس کی ٹینشن تیسری طرف۔ اتنا تو وہ بھی جانتی تھی فارس مسز شیرازی کی کوئی بات نہیں ٹالتا تھا۔ یقیناً انہوں نے ہی اسے خیال رکھنے کا کہا ہوگا۔ اب بات بچے کی تھی تو وہ نہ چاہتے ہوئے بھی لہجے اور رویے میں بدلاؤ لے آیا ہوگا۔ اپنی اولاد کے لیے انسان اتنا تو کرتا ہی ہے۔ ہاں اتنا تو کرتا ہی ہے۔

"ایک سوال پوچھوں تم سے؟"

"ہوں۔" نگاہیں اسکرین پر مرکوز تھیں۔ وہ کچھ ٹائپ کر رہا تھا۔ جنت نے اس کی طرف کروٹ بدلی۔

"عدینہ زبیر نے تم سے طلاق کیوں لی؟"

فارس کی انگلیوں کی حرکت تھمی۔ سانس ٹھہر گیا۔ وہ سوال، صرف سوال نہیں تھا۔ مدھم روشنیوں کا فانوس گویا چھناکے سے ٹوٹ کر اس کے حواسوں پر گرا۔ اس کے تاثرات بدل گئے۔ نرمی مفقود ہو گئی۔ گردن موڑ کر اس نے جنت کو دیکھا۔

تکیے پر سر رکھے، لحاف ہونٹوں تک بھینچے وہ اسے ہی دیکھ رہی تھی۔ بظاہر لہجے میں کوئی چبھن نہیں تھی۔ نہ ہی آنکھوں میں درد یا تجسس نظر آ رہا تھا۔ مگر وہ سوال، وہ عام سا سوال نہیں تھا۔ اتنا خفیف بھی نہیں کہ پوچھنے والے پر بھی اثر انداز نہ ہوتا۔

https://novelskidunya.com/

"رات کافی ہو چکی ہے۔ اب سونا چاہیے۔" اس نے لیپ ٹاپ بند کر کے اٹھنا چاہا۔

"اس نے تمہیں چھوڑا اور تم اسے پھر بھی اپنانا چاہتے ہو۔ کیوں؟" وہ سراپا سوال بنی پوچھ رہی تھی۔ لہجہ غصے سے عاری تھا۔ نہ سختی تھی، نہ خفگی۔

ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya

فارس نے بہت نرمی سے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا۔ "تمہاری طبیعت ٹھیک نہیں ہے، تمہیں اب آرام کرنا چاہیے۔"

"تم نے میرے موبائل سے ساری تصویریں ڈیلیٹ کر دیں۔ یہ سمجھ کر اس طرح میری یادداشت سے بھی سب مٹ جائے گا؟" وہ اس کی نہیں سن رہی تھی، وہ صرف اپنی کہہ رہی تھی۔

وہ رک کر اسے دیکھنے لگا۔

جنت کی سرد آنکھوں میں نمی تیر گئی۔ چہرہ پوشیدہ تھا مگر اذیتیں تو پھر بھی آنکھوں سے جھلکتی ہیں۔ "میں نے دیکھا ہے تم اس کے ساتھ کتنا خوش تھے۔" اس نے کہا۔

وہ موت جیسے سناٹے کی زد میں آیا تھا۔ اسے اندازہ نہیں تھا، وہ ایسی بات کرے گی، ایسا سوال،

ایسا استفسار کرے گی۔

"میں...... میں اس پر کوئی بات نہیں کرنا چاہتا۔" کس قدر کوشش سے اس نے کہا۔

"میں بھی نہیں کرنا چاہتی تھی۔ مگر تم ہر بار ہمیشہ میری پہلی شادی کو بیچ میں لے آتے تھے۔" جنت کا لہجہ اب کے ذرا سا تلخ ہوا تھا۔

"میں غلط کرتا رہا، تو کیا یہ ضروری ہے تم بھی وہی غلطی دہراؤ؟"

غلطی کا اعتراف! ہاں یہ غلطی کا اعتراف تھا۔

http://novelskidunya.com/

کچھ تو تھا اس کے لہجے میں، اس کی آواز اور آنکھوں میں۔ بظاہر سنجیدہ سپاٹ چہرہ۔ دکھ و غم سے مکمل عاری۔ مگر کچھ تو تھا۔ کچھ تو تھا۔

"میں ذکر نہیں کروں گی تو تمہیں میری تکلیف کا اندازہ کیسے ہوگا؟" وہ اٹھ کر بیٹھ گئی۔ "یہ کیسے پتا چلے گا کہ جب کسی لڑکی کی دوسری شادی ہوتی ہے تو وہ اپنی پہلی شادی کا ذکر کسی صورت نہیں سننا چاہتی۔"

"تم ذکر نہ بھی کرو تو مجھے اندازہ ہے تم کس تکلیف سے گزر رہی ہو۔"

جنت اپنی جگہ تھم گئی۔ آنکھوں میں کرب اتر آیا۔ دل غم سے بھر گیا۔

"تمہیں اندازہ ہے؟ وہ بھی میری تکلیف تھا؟ صرف اس لیے کہ میں تم سے، تمھاری پہلی بیوی کی بات کر رہی ہوں۔ تم مجھے اس طرح کے جواب دے رہے ہو۔" اس کا غصہ بڑھنے لگا تھا۔ برداشت ختم ہو رہی تھی۔

"ایکس وائف!" فارس نے تصحیح کی۔ "اور میں چاہتا ہوں، تم اس کے بارے میں مجھ سے کوئی بات مت کرو۔" اس نے سنجیدگی سے منع کیا۔ لہجہ ابھی بھی سخت نہیں تھا۔ وہ جیسے نارمل لہجے میں بہت نارمل سی بات کر رہا تھا، مگر اس کے اندر......

"کیوں بات نہ کروں؟" وہ اٹھ کر اس کے سامنے آن کھڑی ہوئی۔ "وہ میرے سامنے آسکتی

ہے؟ مجھ سے بات کر سکتی ہے؟ اپنی محبت اور تمھاری دیوانگی کی داستان بھی سنا سکتی ہے لیکن میں، تم سے اس کے بارے میں کوئی بات نہ کروں؟'' آنکھوں میں غیض وغضب کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر تھا۔ لہجہ غصیلا، آواز پتھریلی۔

آج سے پہلے وہ اتنے غصے میں اسے کبھی نظر نہیں آئی تھی۔

''تم مجھ سے میرے ماضی کے بارے میں سوال کر سکتے ہو، میری سابقہ شادی کا مذاق اڑا سکتے ہو۔ میرے کردار پر بات کر سکتے ہو۔ لیکن میں تم سے تمھاری زندگی کے بارے میں ایک چھوٹا سا سوال بھی نہیں پوچھ سکتی۔'' وہ اذیت سے ہنسی۔

آنکھیں تر ہو چکی تھیں مگر فارس، وہ خاموش تھا۔ وہ بالکل خاموش تھا۔ اس کے لب باہم پیوست تھے۔ اس کی آنکھوں میں ویرانی اتری ہوئی تھی۔ اس کا چہرہ تاثرات سے عاری ہو چکا تھا۔ وہ اتنا بول گئی تھی، اتنا کہہ گئی تھی اور وہ پھر بھی خاموش تھا۔

وہ سر اٹھائے کھڑی تھی۔ اور وہ سر جھکائے اس کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔

یکایک جنت کو احساس ہوا اس نے عدینہ زبیر کا ذکر چھیڑ کر اپنی پوزیشن کمزور کر لی ہے۔ اپنا خوف، اپنے خدشات فارس وجدان پر عیاں کر دیے ہیں۔ اس نے پردہ ہٹا دیا ہے۔ اس نے تاریکی بڑھا دی ہے۔

''میں اس لیے نہیں پوچھ رہی تھی کہ مجھے تمھاری زندگی میں کوئی انٹرسٹ ہے۔'' اپنے جذبات پر قابو پاتے ہوئے اس نے آواز کو حتی الامکان مضبوط کر لیا۔ وہ جو نمی سی آنکھوں میں ابھری تھی، اسے چھپا لیا۔ وہ جو خوف سا ظاہر ہوا تھا لہجے سے، باتوں سے، اسے دبا لیا۔

''مجھے تم سے کوئی مطلب نہیں۔ پہلے بھی کہہ چکی ہوں۔ اب دوبارہ کہہ رہی ہوں۔ بھلے سے کسی بھی عدینہ پودینا کو اپنی زندگی میں لے آؤ۔ آئی ریئلی ڈونٹ کیئر! لیکن میں جب تک یہاں ہوں، ایک

https://novelskidunya.com/

ہی گھر میں اس کے ساتھ نہیں رہوں گی۔اینڈ آف ڈسکشن!''

اپنی بات ختم کر کے وہ بیڈ پر جا لیٹی تھی۔لحاف اس نے سر تک تان لیا تھا۔اب خاموشی سے سانسوں کو گن رہی تھی۔اپنی دھڑکنوں کو سن رہی تھی۔دل رو رہا تھا،دل تڑپ رہا تھا۔

موت کی سی خاموشی میں اسے دروازہ کھلنے اور پھر بند ہونے کی آواز آئی۔کمرے میں اب اس کے سوا کوئی نہ تھا۔

اس کی دھیمی سسکیاں گونجنے لگیں۔

جانے اس نے صحیح کیا تھا یا غلط،مگر اب وہ رو رہی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

راحت جبیں کا بہت خوبصورت نیا ناول
زندگی ہم تجھے گزاریں گے
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

عنا حسنین کا بہت خوبصورت نیا ناول
قربت ہجر میں محبت
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

صبح اس کی آنکھ کھلی تو اس وقت دس بج رہے تھے۔ پہلے پہل دھند میں لپٹا ذہن ماؤف رہا۔ پھر خیال ابھرے، باتیں یاد آئیں، اپنی بحث، سوال اور فارس کا رویہ یاد آیا۔ اٹھ کر بیٹھتے ہوئے اس نے بیڈ کراؤن سے ٹیک لگالی۔

ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑا فارس ٹائی کی ناٹ باندھ رہا تھا۔ چہرے کے تاثرات نارمل تھے۔ وہ اس کی تیاری دیکھ کر کچھ حیران ہوئی کہ آج اس کا آف تھا مگر ''اپنے کام سے کام رکھو'' اصول کے تحت اس سے پوچھنے کی کوشش نہیں کی۔

https://novelskidunya.com/

''کیسی طبیعت ہے؟'' معمول کی طرح وہ آج بھی پوچھ رہا تھا۔ نہ لہجہ سرد تھا، نہ تاثرات میں سختی تھی۔

وہ روز جواب دیتی تھی، آج خاموش رہی۔

ٹائی کی ناٹ باندھنے کے بعد اس نے پرفیوم چھڑکا۔ پھر سامنے صوفے پر بیٹھ کر جوتے پہننے لگا۔

''ضروری کام سے چند دنوں کے لیے جرمنی جا رہا ہوں۔''

''مجھے کیوں بتا رہے ہو؟'' اس کا وہی خفا، اکھڑ لہجہ۔ حالانکہ اعتراض اس پر کرنا تھا کہ اب کیوں بتا رہے ہو؟''

Novels Ki Dunya

''نہیں بتا سکتا؟'' اس نے سوالیہ ابرو اچکائی۔

''پہلے نہیں بتاتے تھے تو اب کیوں بتا رہے ہو؟'' اب کے رخ بدل کر اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر پوچھا۔

''پہنچ کر کال کروں گا۔'' وہ اس کا سوال نظر انداز کیے اپنی کہے گیا۔

''میں ریسیو نہیں کروں گی۔'' واضح کہہ دیا۔

وہ اسے نہیں دیکھ رہی تھی تو اس کی مسکراہٹ بھی نہیں دیکھ سکی تھی۔

''میں میسج کروں گا۔''

"میں نہیں پڑھوں گی۔" چہرے کا رخ مشرق کی طرف تھا۔ اسے فارس کی باتوں پر اب غصہ آ رہا تھا۔ وہ ایسا کیسے ظاہر کر سکتا ہے جیسے کل رات ان کے مابین کوئی بات نہیں ہوئی تھی۔ لوئی لڑائی یا بحث نہیں ہوئی تھی۔

"ریکارڈنگ بھیجوں گا۔"

"میں تمہیں بلاک کر دوں گی۔" واضح دھمکی۔

"اوہ تم تو بالکل ٹھیک ہو۔ میں ایسے ہی فکر مند ہو رہا تھا۔" وہ مسکرایا۔

وہ اچھا خاصا تپ گئی مگر تحمل سے بیٹھی رہی۔

وہ چند لمحوں تک اسے مسکراتی نگاہوں سے دیکھتا رہا، پھر اٹھ کھڑا ہوا۔

"اپنا خیال رکھنا۔"

"یہ بات میں تم سے نہیں کہوں گی۔"

"خود کو بیوہ ہونے سے بچانے کے لیے بھی نہیں؟"

"کیا مصیبت ہے۔" وہ بے طرح سے چڑ کر جھنجھلائی اور اٹھنے کا ارادہ ترک کر کے دوبارہ لحاف میں گھس گئی۔

اور وہ کھڑا رہا۔ متبسم نگاہوں سے اسے تکتے ہوئے۔ اس کی موجودگی کو اپنے آس پاس زندگی کی طرح محسوس کرتے ہوئے۔

پل بھر میں کتنے مناظر تھے جو آنکھوں میں سمائے تھے۔ اس کا سی آف کرنے کے لیے اس کے پیچھے بھاگتے ہوئے گاڑی تک جانا، دروازہ کھولنا۔ بے تکی سی بات پر بحث شروع کر دینا اور پھر ہنستے رہنا۔ دھڑا دھڑ میسج، بہت سے سوالات۔ اس نے کچھ اذیت سے خیالات کو جھٹک دیا۔

"اللہ حافظ!" اس نے کہا۔ جنت کے وجود میں کوئی جنبش نہ ہوئی۔

کچھ دیر بعد قدموں کی آہٹ کے ساتھ دروازہ بند ہو گیا۔
سکھ بھری سانس لے کر لحاف ہٹایا۔ کچھ دیر تک اپنی جگہ چپ چاپ بیٹھی رہی۔ پھر اٹھ کر بالکنی میں جا کھڑی ہوئی۔ اسے فارس وجدان گارڈ کے ہمراہ اپنی گاڑی کی طرف جاتا ہوا نظر آیا۔
کسی احساس کے تحت وہ رک کر مڑا۔ جنت تیزی سے پلر کی اوٹ میں ہو گئی۔ دیکھے بنا ہی جان گئی تھی وہ اسی طرف ہی دیکھ رہا ہوگا۔
کچھ ہی دیر بعد گاڑی اسٹارٹ ہونے کی آواز آئی۔ اس نے سر نکال کر ایک بار پھر دیکھا۔
عقبی نشست کا شیشہ نیچے ہوا تھا۔ گھڑی کے چمکتے ڈائل والا ہاتھ باہر نکلا۔ فارس نے ہاتھ ہلایا۔
اس نے گڑبڑا کر اپنا سر اندر کر لیا۔
پتا نہیں وہ اس کی ہر حرکت کا کیسے اندازہ لگا لیتا تھا؟ ہڑبڑا کر واش روم میں گھس گئی تھی۔

☆......☆......☆

وہ ناراض تھی۔ اس کا موڈ بالکل بھی ٹھیک نہیں تھا۔ کبھی خود پر غصہ آ رہا تھا اور کبھی فارس پر۔ کبھی اپنی سوچ الجھانے لگتی تھی اور کبھی فارس کا رویہ سلگانے لگتا تھا۔ ناشتے کے بعد لان میں ٹہلتے ہوئے وہ حتی الامکان پرسکون ہونے کی کوشش کرتی رہی اور اس کوشش میں بری طرح سے ناکام ہوتی رہی۔
اس پر نظر جمائے اقصیٰ نے کوئی ساتویں بار ٹھنڈی آہ بھر کر اپنے کمرے کی کھڑکی سے سر اندر کیا تھا۔ دو بار معذرت کے لیے جا چکی تھی۔ تین بار آئی ایم سوری والے کارڈ لکھ کر بھیجے تھے۔ چار بار دور سے کان پکڑ کر بھی دکھایا تھا مگر اس کی آپی...... وہ تو کچھ ماننے کو تیار ہی نہیں تھی۔
ایک لمبی سی ٹھنڈی آہ بھر کر اپنا سر تکیے پر رکھا اور بڑی بوڑھیوں کی طرح ٹھنڈی آہیں بھرنے لگی۔
اور تب ہی اسے گاڑی کا ہارن سنائی دیا۔ گیٹ کھلنے کے ساتھ ہی گاڑی اندر داخل ہوئی۔ جھٹ سے اٹھ کر کھڑکی میں آئی۔

پورچ میں سفید یاریس کھڑی تھی۔عدیل احمد باہر نکل آیا تھا۔

"اللہ! یہ کیا کر رہا ہے یہاں؟"

گلاسز ہٹا کر موصوف نے سیدھا کوارٹرز کی طرف دیکھا تھا۔وہ جھٹ سے پردے کی اوٹ میں ہو گئی تھی۔دوبارہ محتاط ہو کر سر نکالا تو وہ لان سے ہوتے ہوئے صدر دروازے کی طرف جا رہا تھا۔ہاتھ میں شاید کوئی فائل تھی۔

اس نے گہری سانس لے کر فوراً آئینہ دیکھا۔چہرہ بالکل صاف اور نکھرا نکھرا سا تھا مگر اسے اپنی اس رات والی شکل ہی نظر آ رہی تھی۔اور یہ آج سے نہیں،ایک ہفتے سے ہو رہا تھا۔

"چلو اچھا ہوا جنت آپی خفا ہیں۔اس طرح مجھے اس کے سامنے تو نہیں جانا پڑے گا۔" اسے تسلی ہوئی۔

کیسے ہنس رہا تھا اس دن۔عدیل احمد کا چہرہ یاد آیا تو اپنا چہرہ غصے سے سرخ ہونے لگا۔عین اسی لمحے دروازے پر دستک ہوئی۔جا کر کھولا تو سامنے ملازمہ کھڑی تھی۔

"آپ کو چھوٹی صاحبہ بلا رہی ہیں۔"

"ک.....کون چھوٹی بیگم صاحبہ!" اس کی ہوائیاں اڑ گئیں۔

ملازمہ نے اسے ایسے دیکھا جیسے اس کی عقل پر شک گزرا ہو۔

"جنت صاحبہ!"

وہ گھبرا گئی۔

"مجھے؟" انگلی سے اپنی طرف اشارہ کیا۔

"جی ہاں،آپ کو۔"

وہ پیغام دے کر چلتی بنی اور اقصیٰ کی تو سچ مچ میں جان پر بن گئی۔

"وہ تو ناراض ہیں مجھ سے۔کیوں بلا رہی ہیں آخر۔" اسے رونا آیا۔ایک بار پھر آئینہ دیکھ کر تسلی

https://novelskidunya.com/

کی کہ کہیں ''لائنر وائنر، مسکارا شسکارا'' وغیرہ کے نشان تو نہیں۔ پھر اپنے تاثرات پر قابو پاتی وجدان ہاؤس کی طرف بڑھ گئی۔

مرکزی دروازے سے لاؤنج تک وہ کیسے گئی، یہ صرف وہ ہی جانتی تھی۔

''آپ نے مجھے بلایا؟'' پورے اعتماد کے ساتھ جنت کے پاس مؤدب سی جا کھڑی ہوئی۔ سامنے عدیل احمد براجمان تھا۔ ملازمہ اسے مشروب پیش کر رہی تھی۔ اقصیٰ نے بھولے سے بھی اس کی طرف نہ دیکھا۔

''تم میری مینیجر ہو؟'' جنت حیران تھی۔

عدیل احمد مسکراہٹ دبا گیا۔

اقصیٰ کی شکل دیکھنے لائق تھی۔ چونکہ رخ جنت کی طرف تھا تو آنکھوں ہی آنکھوں میں اور زبان ہلا کر اسے اشارے دیے کہ اور کچھ نہ کہیں۔ اس چائنیز عدیل کے سامنے تو بالکل نہیں کہ مزید بے عزتی وہ افورڈ نہیں کر سکتی تھی۔

''اقصیٰ!''

''جی آپی وہ......میں......'' گھبرا کر دوپٹے کا پلو انگلیوں میں گھمایا۔ اے سی کی ٹھنڈک میں پیشانی پسینے سے تربتر، ہوش اڑے ہوئے۔ جنت نے گہری سانس لے کر اسے دیکھا۔ حالانکہ بلایا تو اس لیے تھا تا کہ اس کی کلاس لی جا سکے مگر......

''جیسا کہ مسٹر عدیل! آپ جانتے ہیں، میں اپنی مینیجر کے بغیر کوئی کام سرانجام نہیں دیتی۔''

اقصیٰ کی جان میں جان آ گئی۔ ممنون ہوتی نگاہوں سے اپنی مالکن ٹائپ آپی کو دیکھا۔ عدیل احمد ہنوز مبہم سی مسکراہٹ کے ساتھ سر ہلا کر رہ گیا۔

''بیٹھو۔'' آنکھوں سے اشارہ دیا تو وہ جنت کے برابر میں ٹک گئی۔ کیٹلاگ تھمایا۔ صفحے پلٹے۔

کیا شان دار فرنیچر کی تصاویر تھیں۔ اقصیٰ کی آنکھیں پھیل گئیں۔

"آپ دیکھ کر مجھے میسج کر دیجیے گا۔" عدیل احمد اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا۔ "اب اجازت چاہتا ہوں۔" کوٹ کے بٹن بند کرتے ہوئے کہا۔ "لیکن اس سے پہلے، کیا میں مسز شیرازی سے مل سکتا ہوں؟"

"شیور! میں بلا کر لاتی ہوں۔" جنت اٹھ کر چلی گئی۔

عدیل نے اقصیٰ کی طرف دیکھا جو کیٹلاگ پر نظریں گاڑے یوں بیٹھی ہوئی تھی جیسے دنیا کا کوئی مشکل ترین کام اس کے حوالے کر دیا گیا ہو اور جسے سرانجام دیے بغیر دنیا نے ختم ہو جانا ہو۔

"کیسی ہیں آپ؟"

سنی ان سنی کیے خاموش رہی۔

"اس کے ساتھ میک اپ پمفلٹ بھی ہے۔" عدیل نے فرنیچر کیٹلاگ کی طرف اشارہ کیا۔ "یہ برانڈ واٹر پروف میک اپ مہیا کرتی ہے۔ تھوڑا مہنگا ہو سکتا ہے۔ بٹ اِٹس ورتھ اِٹ! میری کزن یہی استعمال کرتی ہے۔"

اور اقصیٰ کا جی چاہا، زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائے۔

"آپ اپنے مشورے اپنے پاس رکھیں۔" سر اٹھا کر کہا۔ مگر جس طرح اس نے اپنی مسکراہٹ ضبط کی، اسے احساس ہوا وہ ابھی بھی اس کا وہی چہرہ دیکھ رہا ہے۔

"اللہ کرے اس کا پاؤں پھسلے، کیچڑ میں گرے، سیڑھیوں سے لڑھکے آفس کے پورے اسٹاف کے سامنے۔" تپ کر سوچا۔

"آپ ان سے مل سکتے ہیں۔" جنت نے آ کر کہا تو وہ اٹھ کر مسز شیرازی کے اسٹوڈیو میں چلا گیا۔

اقصیٰ نے میک اپ ایڈ کے صفحے نکالے۔ چھوٹی سے چھوٹی چیز کی قیمت بھی کوئی ہزار دو ہزار کے قریب تھی۔ اپنے چند ایک طبق روشن کروا کر اس نے پمفلٹ بند کیا۔

''میں نے کون سا اب کبھی میک اپ کرنا ہے۔'' پمفلٹ تروڑ مروڑ کر اکٹھا کیا۔ ''نیچرل لک ہونا چاہیے بس۔'' داہنے ہاتھ سے بالوں کو جھٹک کر اٹھ گئی۔

☆......☆......☆

مسز شیرازی کی مدد سے اپنی پسند کا فرنیچر منتخب کر کے عدیل احمد کو میسج بھیجنے کے بعد جب فارغ ہوئی تو فارس کا میسج آ گیا۔ نوٹیفکیشن ریکارڈنگ کی تھی۔ وہ بدمزہ ہوئی کہ اگر وہ میسج لکھ کر بھیجتا تو ٹک بلیو آف کر کے وہ آرام سے میسجز پڑھ سکتی تھی مگر یہاں تو پیغام جاننے کے لیے ریکارڈنگ سننا ضروری ہو گیا تھا اور ریکارڈنگ تو ہر حال میں اشارہ دیتی ہے کہ اسے سن لیا گیا ہے۔

موبائل سائیڈ ٹیبل پر رکھ کر وہ میگزین کی ورق گردانی کرنے لگی۔ اسے فارس وجدان کو بالکل اسی طرح سے نظر انداز کرنا تھا جیسے وہ کرتا تھا۔

مگر یہ سسپنس کہ اس نے کیا کہا ہوگا، یہ اسے کوئی بھی کام نہیں کرنے دے رہا تھا۔ فیشن میگزین کی رنگ برنگی تصاویر سے اس کی دلچسپی ختم ہو گئی۔ میگزین رکھ کر موبائل اٹھا لیا۔

اس کا ایک واٹس ایپ گروپ تھا۔ جس کی بس وہی اکلوتی ممبر، اور اکلوتی ایڈمن تھی۔ فارس کی ریکارڈنگ چلائے بغیر اسی گروپ میں شیئر کی۔ پھر تسلی سے سننا شروع کیا۔

''جانتا ہوں تم مجھے سن رہی ہو۔ یہ ٹرک مجھے بھی آتی ہے۔''

گڑبڑا کر موبائل بند کر کے پرے رکھا جیسے وہ ابھی کے ابھی موبائل سے نکل آئے گا۔

''مصیبت!'' بڑبڑا کر اٹھ گئی۔ موبائل اس نے کمرے میں ہی چھوڑ دیا۔

رات گئے تک فارس کے کئی میسجز، کئی ریکارڈنگز اور کئی تصاویر موصول ہوتی رہیں مگر اس نے اس کا ہر میسج ان دیکھا رہنے دیا، بالکل ویسے ہی، جیسے وہ ان دیکھی رہ جاتی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

دیوار گیر کھڑکیوں کے سامنے وہ صوفے پر آلتی پالتی مارے بیٹھی ہوئی تھی۔ کچھ کاغذات ٹیبل پر بکھرے تھے اور کچھ اس کے برابر میں صوفے پر رکھے تھے۔ چند ایک ہاتھوں میں تھے جنہیں وہ یکسوئی سے پڑھ رہی تھی۔ ہر تھوڑی دیر بعد اس کی آنکھوں کا تاثر بدل سا جاتا تھا۔ نمی ٹھہر جاتی تھی، دل تھم جاتا تھا۔ وہ ایک ایک لفظ، ایک امید، ایک تسلی، ایک پیغام سمجھ کر پڑھ رہی تھی۔

اس نے سر اٹھا کر مسز شیرازی کو دیکھا۔ وہ کینوس کی طرف متوجہ تھیں مگر گاہے بگاہے اسے بھی دیکھ لیتی تھیں۔ اس کے تاثرات انہیں ایک الوہی سی خوشی دیتے تھے، جیسے وہ کچھ سمجھ رہی ہے، بدل رہی ہے۔

"آپ اس طرح آیات کو کیسے سمجھ لیتی ہیں؟" وہ کہے بنا نہ رہ سکی۔

وہیل چیئر کو حرکت دیتے ہوئے وہ کچھ آگے ہوئیں۔ اس کے قریب...... پھر ہاتھ بڑھا کر کچھ صفحات اٹھا لیے۔ لبوں پر مدھم سی مسکراہٹ ابھر کر معدوم ہو گئی۔

جو صفحہ ہاتھ میں تھا وہ مکمل زرد رنگ کا تھا۔ زرد رنگ کے صفحے پر وہ ہمیشہ آیات لکھا کرتی تھیں۔ گلابی صفحات پر ان کا ریسرچ ورک ہوتا تھا۔ ہلکے سبزی مائل صفحے پر ٹو دی پوائنٹ وہ بات جو تحقیق کا حاصل ہوتی تھی۔ اور پھر یہ صفحات فائل میں ایک ترتیب سے لگے رہتے تھے۔

"تمہارے خیال سے ایک عورت کے لیے سب سے بڑی دو آزمائشیں کون سی ہو سکتی ہیں؟"

ان کا سوال سن کر اس کی نظریں بے ساختہ اس زرد صفحے کی طرف اٹھ گئیں جو انہوں نے اس کی جانب بڑھایا تھا۔ اس نے صفحہ تھام لیا۔

مسز شیرازی نے یہ کیا پوچھا تھا؟ وہ کیا لکھ رہی تھیں جسے انہوں نے ادھورا چھوڑ دیا تھا؟ کیا سمجھ رہی تھیں جو آنکھیں اتنی نم اور دل اتنا بھر گیا تھا۔

صفحے پر دو آیات لکھی تھیں۔ ایک آیت ام موسیٰ کی تھی جب انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کو سمندر کے حوالے کیا تھا۔ دوسری آیت مریم علیہ السلام کی تھی جب انہیں حمل ٹھہرا تھا۔ دونوں کو "لا تحزنی" (غم نہ

کرو) کہا گیا تھا۔ اور دونوں ہی اس وقت تکلیف کی انتہا سے گزر رہی تھیں۔

''کردار کی پاکیزگی اور اولاد کا غم۔'' ذہن نے فوراً ہی کام کیا تھا۔ اس نے بے ساختہ سر اٹھایا۔

''بس اللہ کا یہی پیغام ڈھونڈ رہی تھیں میں۔ لاتحزنی (غم نہ کرو)...... وہ جانتا ہے ایک عورت کا دل کتنا کمزور ہے، خصوصاً ایک ماں کس تکلیف سے گزرتی ہے۔ کس درد کو سہتی ہے۔ اس کے سوا اور کوئی جان ہی کیسے سکتا ہے۔''

وہ کہہ کر خاموش ہو گئیں اور جنت ترحم بھری نگاہوں سے انہیں دیکھ کر رہ گئی۔ جوان اولاد کی موت کا غم سہتی ہوئی ماں......!

اسے مسز شیرازی کے بیٹے اور پھر یتیم پوتے کا خیال آیا۔ بے اختیار دل میں کرب گھل گیا۔

وہ ماں بیٹے کے اس معاملے میں بالکل نہیں آنا چاہتی تھی مگر۔

''آپ فارس سے بات کیوں نہیں کرتیں؟''

''کس بارے میں؟''

''اپنے پوتے کے بارے میں۔''

مسز شیرازی نے رک کر اسے دیکھا۔ ''یہ بات اس سے کرنے والی نہیں ہے بیٹا!''

وہ بے بسی سے مسز شیرازی کو دیکھ کر رہ گئی۔ وہ ایسا کیسے کہہ سکتی تھیں۔ اس طرح فارس کو لاتعلق کیسے سمجھ سکتی تھیں۔

''وہ اس کا چچا ہے آنٹی! باپ کی جگہ ہے۔''

مسز شیرازی نظریں جھکا گئیں۔

''وہ آپ سے اتنی محبت کرتا ہے، آپ کا کوئی بھی کہا نہیں ٹالتا، تو پھر کیسے...... وہ کیسے......؟'' وہ اٹک گئی۔ یہ معاملہ اس کا نہیں تھا۔ یہ بحث اس کی نہیں تھی۔ مسز شیرازی نظر جھکائے بالکل خاموش بیٹھی

رہیں۔ وہ ہمیشہ ایسے ہی اپنے درد، اپنے غم پردے میں رکھتی تھیں۔ نہ خلاف کچھ سنتی تھیں، نہ حمایت میں کچھ کہتی تھیں۔ انہوں نے جیسے خود کو سیل بند کر دیا تھا۔

وہ فکر مندی سے اٹھ کران کے پاس آ گئی۔

''آئم سوری! میں نے آپ کو پریشان کر دیا نا۔'' محبت سے کہہ کران کے گرد بازو ڈالا۔ ''میں ملاؤں گی آپ کو اس سے۔''

وہ نم آنکھوں سے بمشکل مسکرائیں۔

''آپ اس پینٹنگ کو مکمل کریں جلدی۔ کیونکہ مجھے اپنے نئے بیڈ روم میں بیڈ کے اوپر یہی پینٹنگ لگانی ہے۔''

انہوں نے خیالات کو جھٹک کر برش اٹھایا۔ وہ جیسے خود کو اس کیفیت سے نکالنا چاہتی تھیں۔

جنت میز پر رکھی پینٹنگز دیکھنے لگی۔ ان میں سے دو تو اس نے اپنے کمرے کے لیے نکال لی تھیں۔ تیسری کا جائزہ لے رہی تھی۔ اسے کمرے کے انٹیریئر کے حساب سے وہی رنگ منتخب کرنے تھے جو کمرے کی دیواروں پر جچیں۔

''عسر یسرا کا کیا ہوا جنت؟'' کچھ یاد آ جانے پر انہوں نے پوچھا تو جنت نے مڑ کر انہیں دیکھا۔ خفیف سی ہو کر ہنس دی۔ ''ابھی سفر میں ہوں، جلد سمجھ لوں گی۔''

مسز شیرازی مسکراتے ہوئے کینوس کی طرف متوجہ رہیں۔ برش حرکت میں تھا۔

کچھ یاد آ جانے پر جنت ان کے پاس فلور کشن پر آ بیٹھی۔

''آنٹی! سورہ الطلاق میں بھی تو عسر یسرا کی ایک آیت ہے۔

''عنقریب اللہ تنگی کے بعد آسانی کر دے گا۔'' (الطلاق، 7)

سورہ انشراح کے برعکس اس آیت میں عسر کے ساتھ الف اور لام نہیں ہے۔ اور اس میں ''بعد''

ہے، ''مع'' نہیں ہے۔''

انہوں نے اثبات میں سر ہلایا۔''ہاں! مگر سوال یہ بھی ہے۔ یہ مشکل اور آسانی والی آیت سورہ الطلاق میں ہی کیوں ہے؟''

''جی؟'' جنت چونکی۔

انہوں نے برش رکھ دیا۔ رومال سے ہاتھ صاف کیے۔ پھر ٹیبل سے قرآن اٹھالیا۔ مطلوبہ صفحہ کھولا تو جنت ان کے برابر میں صوفے پر بیٹھ گئی۔

https://novelskidunya.com/

''اب دیکھو۔ سورت کا نام الطلاق ہے۔ جسے ہم ایک معیوب، ایک اذیت بھرا لفظ سمجھتے ہیں۔ اس ایک لفظ میں ہمیں رشتے کا اختتام، جدائی، تکلیف، رویوں کا دکھ، صبر کا غم، حالات کی فکر، معاشرے کی ٹینشن، حتیٰ کہ اپنے کردار کی پاکیزگی تک کا خوف نظر آتا ہے لیکن جس سورت کا نام الطلاق ہے اس سورت میں ایسے کسی بھی خوف، ناامیدی اور مایوسی کی جگہ نہیں ہے۔ کچھ احکامات ہیں، اور ان احکامات کے ساتھ امید ہے، تسلی ہے، زندگی کے حوالے سے ایک مثبت پیغام ہے اور سرکش لوگوں کے لیے وعید ہے۔''

ایک لمحہ توقف کر کے انہوں نے جنت کو دیکھا جو بہت توجہ اور غور سے انہیں سن رہی تھی۔

''میں سوچا کرتی تھی کہ قرآن میں ہر انسان کے لیے، ہر کیفیت، ہر حالات کے حوالے سے تسلی ہے، امید ہے، اجر کا وعدہ ہے۔ جیسے ایک ماں کے لیے ام موسیٰ کی وہ آیت۔

کہ اللہ کیسے دل کو جوڑ دیتا ہے۔ اور کیسے انہیں نصیحت کرتا ہے کہ وہ غم نہ کریں۔ بیماری کے وقت ایوب علیہ السلام کی دعا، مچھلی کے بطن میں یونس علیہ السلام کی پکار، یعقوب علیہ السلام کی فریاد، زکریا علیہ السلام کی اولاد کی خواہش اور مریم علیہ السلام کی پاکیزگی کا وعدہ۔ اسی طرح اور بھی بہت سے معاملات ہیں لیکن ایک مظلوم طلاق یافتہ مرد یا عورت کے لیے کیا ہوگا؟''

جنت دم سادھے انہیں دیکھ رہی تھی، انہیں سن رہی تھی۔

''مشکل اور سخت حالات کی تسلی اور امید تو قرآن میں ہر جگہ ہے۔ آزمائش کا ذکر بھی ہے۔ اجر کا وعدہ بھی ہے لیکن میں طلاق کے حوالے سے اس امید اور تسلی کو اسی سورت سے سمجھنا چاہ رہی تھی۔ جو مخصوص اسی ٹاپک کے لیے نازل ہوئی ہے۔''

وہ لمحے بھر کو رکیں۔

''اب دیکھو۔ سورہ الطلاق کی بارہ آیات ہیں۔ ان میں سے چھ آیات کے اختتام پر ہر ٹوٹے ہوئے محزن (غمگین) انسان کے لیے چھ امید بھرے میسجز ہیں۔'' سنجیدگی سے کہتے ہوئے اب وہ براہ راست اس کی آنکھوں میں دیکھ رہی تھیں۔

''اگر ہم تفسیر کے ساتھ پوری آیت کو سمجھیں گے تو پھر اس کا معنی و مفہوم ہمیں اس احکام کے ساتھ جڑا ہوا نظر آئے گا جو آیت میں طلاق، عدت، رضاعت وغیرہ کے حوالے سے واضح موجود ہے۔ لیکن جب ہم ہر آیت کے آخر میں اس ایک مخصوص حصے پر غور کریں گے تو ہمیں زندگی اور اپنے حالات کے حوالے سے ایک مکمل اور منفرد پیغام نظر آئے گا۔ خصوصاً ایک طلاق یافتہ کے لیے۔'' رک کر اس کی جانب دیکھا۔ ''اور چونکہ اس سورت میں تقویٰ کا لفظ بارہا استعمال ہوا ہے تو ہم اس ایک لفظ کو بھی اپنے ذہن میں رکھ کر گہرائی میں اتریں گے۔''

قرآن ہاتھ میں تھا۔ کھول کر پھر انگلی رکھ کر بالترتیب وہ آیات کی نشاندہی کرنے لگیں۔

''یہ پہلی آیت کے آخر میں لکھا ہے، ''اور تم کیا جانو شاید اللہ اس کے بعد کوئی نئی بات پیدا کر دے۔'' (سورۃ الطلاق، آیت 1)

''جب آپ کو اپنی زندگی اندھیر لگ رہی ہو، سب ختم ہو چکا ہو، دروازے بند ہوں، نہ امید نظر آئے اور نہ آسانی کا کوئی سبب باقی رہا ہو تو اس وقت اللہ آپ کے لیے، آپ کی زندگی میں کچھ نیا کر سکتا ہے۔ اک لمحے میں سب بدل سکتا ہے۔ غم خوشیوں میں، محرومیاں عطا میں، صبر اجر میں اور خواب حقیقت

میں۔لیکن شرط یہ ہے کہ آپ کے اندر ''تقویٰ'' ہو۔'' روانی سے بولتے ہوئے وہ ایک لمحے کو رکیں۔
''اب یہ تقویٰ کن معاملات میں ہوتا ہے؟ ایک خالق کے معاملات میں، دوسرا اس کی مخلوق کے معاملات میں۔ رشتہ چاہے اللہ کے ساتھ ہو یا اس کی مخلوق کے ساتھ۔ اسے نبھانے کے لیے آپ کی سوچ، آپ کی نیت، آپ کے اعمال بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ کیونکہ ان ہی سے اللہ کی عدالت میں اس بات کا تعین ہوتا ہے کہ آپ ظالم ٹھہرے ہیں یا پھر مظلوم؟ آپ حد میں رہے ہیں یا پھر سرکش ہوئے ہیں؟ آپ نے اپنے فرائض بھی سرانجام دیے ہیں یا پھر اپنے حقوق کا ہی مطالبہ کرتے رہے ہیں؟''

https://novelskidunya.com/

جنت کمال کی نگاہیں آیات پر ٹھہر گئی تھیں۔ قرآن کے پیغام مرہم کی طرح تھے۔ سینے کی ٹھنڈک اور دل کا سکون۔
''پھر دوسری آیت کے اختتام پر ہے۔
''اور جو اللہ سے ڈرتا ہے، اللہ اس کے لیے نجات کی صورت نکال دیتا ہے۔''
مخرج، باہر نکلنے کا راستہ...... اس تنگی، پریشانی، غم یا مصیبت کے دائرے سے باہر کا راستہ۔
مخرج۔ ایگزٹ...... آپ اس دائرے، اس آزمائش، اس مصیبت سے ایک لمحے میں باہر ہوں گے۔
یہاں بھی تقویٰ لازمی شرط ہے۔''

Novels Ki Duniya

سنجیدگی سے کہہ کر انگلی کو اگلی آیت پر رکھا۔
''تیسری آیت میں ایک ساتھ تین میسجز ہیں۔
''اور اسے وہاں سے رزق دیتا ہے جہاں سے اسے گمان بھی نہ ہوا ہو اور جو اللہ پر بھروسا کرتا ہے سو وہی اس کو کافی ہے، بے شک اللہ اپنا حکم پورا کرنے والا ہے۔ اللہ نے ہر چیز کے لیے ایک پیمائش مقرر کر دی ہے۔''(3)
''شادی، محبت، خوشی، سکون، عزت، اولاد...... یہ رزق ہے۔ اور یہ رزق اپنے صاحب تک اللہ

کی مرضی سے ہر حال میں پہنچتا ہے جنت! اور وہاں سے پہنچتا ہے جہاں سے گمان بھی نہ ہو۔ بات صرف اللہ پر توکل کی ہے، امید کی ہے، یقین کی ہے۔ آپ اللہ کے بتائے ہوئے راستے پر اللہ کی ہی مرضی سے قدم اٹھائیں گے تو اللہ اپنا حکم ضرور پورا کرے گا۔ جہاں آسانیوں کا وعدہ ہے، وہاں آسانیاں ضرور ملیں گی۔" رک کر کہا۔ "پھر آگے لکھا ہے:

"اور جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ اس کے کام آسان کر دیتا ہے۔"(4)

اس میں "یسرا" استعمال ہوا ہے۔ الف کے ساتھ۔ یہاں "یسرا" کو تقویٰ سے جوڑا گیا ہے۔"

اب توجہ کا مرکز اگلی آیت تھی۔

"جو اللہ سے ڈرتا ہے تو اللہ اس سے اس کی برائیاں دور کر دیتا ہے اور اسے بڑا اجر بھی دیتا ہے۔"(5)

"اب ذرا ہم رک کر اس پر غور کرتے ہیں۔ تقویٰ کے ذریعے سیئات کا مٹ جانا، برائیاں، گناہ یا جو بھی..... بعض دفعہ ہم زندگی کے مشکل ترین حالات سے اسی لیے گزارے جاتے ہیں تا کہ ہماری تمام کی تمام سیئات مٹائی جا سکیں۔ اور جب سیئات نہ رہیں تو پھر "اجر" رہ جاتا ہے اور یہ اجر صرف آخرت سے جڑا ہوا نہیں ہوتا جنت! یہ دنیا میں بھی ملتا ہے۔ آسانیوں کی صورت۔"

پھر چھٹی کو چھوڑ کر ساتویں آیت کے اختتام پر ہے۔

"عنقریب اللہ تنگی کے بعد آسانی کر دے گا۔"(7)

"اور جیسا کہ تم نے کہا، یہاں "بعد" ہے۔ "مع" نہیں ہے۔ سیجعل استعمال ہوا تو اس کا مطلب ہے کنفرم بات ہے کہ ایسا ہی ہوگا۔ تو کیا یہ کوئی اور عسر ہے؟" سوال کر کے اس کی آنکھوں میں دیکھا۔

جنت کے پاس فی الحال کوئی جواب نہ تھا۔

"اور دیکھو، ان تمام لفظوں کے آخر میں الف ہے۔ امرا، مخرجا، قدرا، اجرا، یسرا..... سب کے

آخر میں الف ہے۔"

اوراس نکتے پر آ کر جنت ایک لمحے کے لیے بالکل سن سی ہوگئی تھی۔ "مجھے..... مجھے اندازہ نہیں تھا ایسا کوئی ہنٹ اس سورت سے مل سکتا ہے۔"

مسز شیرازی مسکرائیں۔

"جب تم "یسرا" کو جان لوگی تو یہ سارے لفظ تمہیں بہتر سمجھ میں آ جائیں گے۔"

بات ختم ہوگئی۔ جنت کی نگاہیں صفحے پر، آیات پر، اور حروف پر ٹھہری رہ گئیں۔

"کیا سوچ رہی ہو؟"

"زندگی کے دیگر سخت حالات کی طرح طلاق بھی انسان کو توڑتی ہے آنٹی! اور افسوس کی بات یہ ہے کہ ایک طلاق یافتہ کو زندگی اور رشتوں کے حوالے سے کوئی امید نہیں دلاتا۔ مگر جس کے ہاتھ میں ہماری جان ہے، ہمارا نصیب ہے، ہماری خوشیاں اور ہمارا رزق ہے، وہ دلا رہا ہے۔ اسی سورت میں، جس کا نام الطلاق ہے۔"

اپنے اندر کے غم سے لڑتے ہوئے وہ کہہ رہی تھی۔

"جب مجھے طلاق ہوئی تو مجھے لگا تھا میری پوری زندگی اب ختم ہوگئی ہے۔ میری حیثیت مٹی ہو چکی ہے۔ اب میں ساری عمر ایسی رہ جاؤں گی یا شاید کسی بڑی عمر کے شخص سے میری شادی کر دی جائے گی۔ خاندان کے لوگ باتیں کرتے تھے۔ مجھے دوسروں کی آنکھوں میں اپنے لیے عزت نظر نہیں آتی تھی۔ میرے اتنے صبر اور برداشت کے باوجود سب کو قصور میرا ہی نظر آ رہا تھا۔ اور میں......"

وقت جیسے پلٹ آیا تھا۔ وہ جیسے اسی ٹینشن زدہ ماحول میں قید ہوگئی تھی۔

"میں ایک کمرے میں بند ہوگئی۔ مایوس ہوگئی۔ میں جھوٹ نہیں بولوں گی اگر میں آپ سے یہ کہوں کہ میں اپنی طلاق کے بعد سچ مچ مرگئی تھی۔" اس نے کہا۔

''تو پھر کیا ویسا ہوا، جیسا تم نے سوچا تھا؟'' انہوں نے نرمی سے پوچھا۔ جنت کی آنکھیں نم ہو گئیں۔ نفی میں سر ہلایا۔ ''میں نے اس زندگی کا تو تصور ہی نہیں کیا تھا۔''

''یہی تو مین پوائنٹ ہے سورہ الطلاق کا!'' انہوں نے کہا۔ ''یہی تو امید اور یقین ہے جسے ہم نے اپنے مشکل ترین حالات میں قائم رکھنا ہے۔'' رک کر اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگیں۔

''مجھے ایک بات بتاؤ۔ وہ ساری کی ساری منفی سوچ، خیال، وسوسے اور ناامیدی تم نے کہاں سے لی تھی؟''

https://novelskidunya.com/

جنت نے سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔ سوال واضح تھا۔ وہ بے طرح سے چونکی تھی کہ بات صرف ان سرگوشیوں کی نہیں تھی جو شیطان اس کے اندر کرتا تھا۔ بات ان سرگوشیوں کی بھی تھی جو انسانوں کے ذریعے اس تک پہنچتی تھیں۔

''ٹاکسک ریلیشن سے آزاد ہونے کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ اب آپ کمتر ہو چکے ہیں یا آپ کا رزق، آپ کے حصے کی برکتیں، آپ کے حصے کی خوشیاں آسمان کی طرف اٹھا لی گئی ہیں۔ نہیں...... بالکل بھی نہیں۔ جو آپ کا ہے، وہ آپ کا ہی ہے۔ پوری دنیا مل کر بھی آپ کو اس نعمت سے محروم نہیں کر سکتی جو اللہ نے آپ کے لیے لکھ دی ہے۔ آپ کی شادی بھی ہوگی۔ آپ کا گھر بھی آباد ہوگا۔ لوگوں کی باتیں، ان کے طنز، ان کے طعنے، ان کی نگاہیں، ان کے سوال، ان کے اشارے آپ سے آپ کا رزق نہیں چھین سکتے۔''

وہ اسے دیکھتے ہوئے کہہ رہی تھیں۔ وہ جیسے اس جنت سے مخاطب تھیں جو اپنی پہلی طلاق پر ایک بند کمرے میں غم زدہ سی مایوس بیٹھی تھی۔ اس جنت سے جو یسرا کے معنی تلاشتی سورہ الطلاق تک پہنچ گئی تھی۔ جو اپنی زندگی کے ہر پہلو کے حوالے سے ایک مثبت پیغام، ایک امید ڈھونڈ رہی تھی۔

''لوگوں کے ہاتھوں میں آپ کا نصیب نہیں ہوتا جنت! وہ آپ کے ''مالک'' نہیں ہیں۔ وہ آپ کے ''رازق'' نہیں ہیں۔ انہوں نے آپ کو تخلیق نہیں کیا ہے۔ سو انہیں اس بات کی اجازت ہی

کیوں دی جائے کہ وہ آپ کے اندر مایوسی کا زہر بھر دیں؟ آپ سے آپ کے خواب چھین لیں؟ آپ کو آپ کی اپنی نظروں میں بے وقعت کر دیں؟ آپ نے صرف اللہ پر ہی بھروسا رکھنا ہے جس نے آپ سے خود آسانیوں کا وعدہ کیا ہے۔"

ان کا ایک ایک لفظ اسے دل کی گہرائیوں میں اترتا ہوا محسوس ہوا تھا۔

مسز شیرازی نے قرآن اس کی ہتھیلیوں پر رکھ دیا تھا۔

"طلاق اس بات کی علامت ہے آپ کا ایک تعلق، ایک رشتہ، آپ کی اپنی بہتری کے لیے ختم ہو چکا، اس بات کی نہیں کہ آپ ختم ہو چکے۔" انہوں نے برش اٹھالیا۔

"ہر اختتام ایک نئے آغاز سے جڑ جاتا ہے۔ یہ ہم ہیں جو اپنا اینڈ خود کر لیتے ہیں! ان لوگوں کی وجہ سے جن کا ہماری زندگی پر کوئی اختیار نہیں۔"

تین رنگوں کو ایک دوسرے میں ضم کر کے ایک نیا اچھوتا رنگ تخلیق کیے وہ ادھوری پینٹنگ کو مکمل کرنے لگی تھیں۔

جنت سر جھکائے صفحے پر نظریں جمائے بیٹھی تھی۔

"عموماً میں کسی بھی سورت کو سمجھتے ہوئے اس بات پر بھی غور کرتی ہوں کہ اس میں اللہ کی کن صفات کا ذکر کیا گیا ہے۔ جیسے کہ اس میں "اللہ" اور "قدیر" (قدرت رکھنے والا) استعمال ہوا ہے۔ یہ بھی ایک نشانی ہے۔ نیچے کی باقی آیات پڑھو گی تو تمہیں یہ بھی سمجھ میں آئے گا کہ جو حد سے تجاوز کرتے ہیں، احکامات کی خلاف ورزی کرتے ہیں، ظلم کرتے ہیں تو ان کے حصے میں شدید عذاب آتا ہے۔ سو اس بات کا تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا کہ کوئی کسی پر ظلم ڈھا کر خوش رہ سکتا ہے یا کسی کو برباد کر کے اپنی زندگی آباد کر سکتا ہے۔"

بات جیسے اب ختم ہو چکی تھی مگر وہ چاہتی تھی مسز شیرازی بولتی رہیں اور وہ سنتی رہے، سمجھتی رہے۔

کتنی بار اس سورت کو پڑھا تھا اس نے......اور کتنی ہی بار اسے صرف احکام کے حوالے سے جانا تھا۔ کبھی بھی اس کی نظر ان آیات پر نہیں گئی تھی۔ اس پیغام، اس امید پر نہیں گئی تھی۔

''اب تم کب تک مجھے یسرا کے معنی بتانے والی ہو؟'' خوش گوار لہجے میں پوچھا تو وہ نم آنکھوں کے ساتھ مسکرا دی۔

''ان شاء اللہ بہت جلد! پھر آپ کو بس مجھے ایڈریس دینا ہوگا اور میں آپ کے پوتے سے ملنے جاؤں گی۔ اور صرف اتنا نہیں، میں اسے یہاں بھی لاؤں گی، دیکھنا آپ۔'' وہ ان سے لپٹ کر کہہ رہی تھی۔

وہ دھیرے سے مسکرا کر رہ گئیں۔ مگر آنکھوں کی نمی کچھ اور بڑھ گئی تھی۔

☆......☆......☆

وہ جرمنی سے تیسرے دن ہی آ گیا تھا۔ جنت اس کے جلدی آ جانے پر حیران ہوئی مگر کوئی سوال نہ کیا۔ آج کل ویسے بھی وہ اپنے نئے کمرے کی سیٹنگ میں مصروف تھی۔ فرنیچر تقریباً سیٹ ہو چکا تھا۔ اب بس اسے کمرے کو رہائش کے قابل بنانا تھا۔ کچھ سامان رکھنا تھا، کچھ چیزیں خریدنی تھیں۔

ابھی بھی وہ اقصیٰ کے ساتھ الماری میں کپڑے رکھوا رہی تھی جب وہ دستک دے کر اندر آیا تھا۔ ایک ستائشی نگاہ پورے کمرے میں دوڑائی۔

''سفید رنگ ویسے بھی میرا فیورٹ ہے۔'' اسے پتا تھا کب کیسے جنت کمال کی خوشی کو غارت کرنا ہے۔ وہ اندر ہی اندر شعلوں کی زد میں آ گئی مگر زبردستی کی مسکراہٹ ہونٹوں پر سجائے اس کی طرف مڑی۔

''اوہ! مجھے معلوم نہیں تھا۔ ویسے آنٹی کا کمرہ بالکل سامنے ہے۔''

وہ اس کے جواب پر مسکرائے بنا نہ رہ سکا۔

پھر ہاتھ میں پکڑا ہوا کارڈ اس کی طرف بڑھایا، جسے لیتے ہوئے جنت نے سوالیہ نگاہوں سے اسے دیکھا۔

"میرے دوست کی شادی ہے، ہم ہفتے کو لندن جا رہے ہیں۔"

وہ اسے دیکھ کر رہ گئی۔ پھر ملازموں کا لحاظ کر کے وہ اس کے پیچھے باہر آ گئی۔

"ہم کیوں جا رہے ہیں؟" لہجے میں دبا دبا سا غصہ تھا۔ "تم خود جاؤ۔"

"چلا جاتا، لیکن کارڈ پر مسٹر اینڈ مسز فارس لکھا ہوا ہے۔"

جنت نے دانت پیس کر اسے دیکھا۔ "لیکن میں تمہارے ساتھ کہیں نہیں جاؤں گی۔" وہ اپنی ضد پر اڑ گئی۔ اور یہ ضد شام تک خود ہی ختم ہو گئی جب مسز شیرازی نے اپنے پاس بٹھا کر اسے شادی اٹینڈ کرنے کے لیے رضامند کیا۔

وہ انہیں انکار نہیں کر سکی تھی اور چونکہ بات فارس کے دوست کی تھی تو فارمیلٹی پوری کرنے کو ہی سہی، اس کی شرکت ضروری تھی۔

وہ اوپر کمرے میں آئی تو چہرہ اچھا خاصا پھولا ہوا تھا۔

"ویسے پیکنگ کی تو ضرورت نہیں پڑے گی؟" اشارہ اس بیگ کی طرف تھا جو وارڈ روب کے ساتھ کھڑا تھا اور جسے دو ماہ پہلے وہ تیار کر چکی تھی۔

"مجھ سے کوئی بات مت کرو تم۔" ایک قہر بھری نظر اس پر ڈالتے وہ واش روم میں گھس گئی۔ وہ زیر لب مسکرا کر رہ گیا۔

☆......☆......☆

وہ لندن پہنچے تو اس وقت صبح کے سات بج رہے تھے۔ ایئرپورٹ سے باہر گاڑی پہلے سے موجود تھی۔ انتظار میں گارڈز اور سیکرٹری بھی کھڑے تھے۔ اسے لندن کی فضا میں سردی کا شدت سے احساس ہوا تھا۔ گاڑی کا سفر کچھ خاموشی سے کٹا تھا، البتہ فارس وقفے وقفے سے آنے والی کالز ریسیو کرتا رہا تھا۔

اس کا اپارٹمنٹ لندن کے ایک پوش ایریا کی چودھویں منزل پر تھا۔ وہ سفر سے کچھ حد تک تھکی

ہوئی تھی کہ پہنچتے ہی سو گئی تھی۔ دوپہر میں آنکھ کھلی تو فارس موجود نہیں تھا۔ البتہ میڈ کچن میں کھانے کا انتظام کر رہی تھی۔

اس نے گھوم کر پورے گھر کا جائزہ لیا۔ لگژری اپارٹمنٹ کا سارا انٹیریئر سفید رنگ کا تھا۔ ہر ایک شے نفیس اور قیمتی تھی۔ بے انتہا پر تعیش...... بیڈروم ایک ہی تھا، مگر ایسا شاہانہ اور خوب صورت کہ وہ سراہے بنا نہ رہ سکی۔ ایک مسلمان میڈ تھی جو گھر کی دیکھ بھال اور کھانے کا انتظام سنبھالے ہوئے تھی۔ اس نے کھڑکیوں سے پردے ہٹا کر لندن کی فلک بوس عمارتوں کو دیکھا اور رات تک وقفے وقفے سے یہی سرگرمی دہراتی رہی۔

پہلے دن تو فارس اپنے بزنس کے معاملات میں کافی مصروف رہا۔ اور وہ بھی گھر میں رج کے بور ہوئی۔ دوسرے دن وہ شام کو تاخیر سے گھر آیا تھا، اور تیسرے دن تو وہ گھر سے کہیں گیا ہی نہیں۔ مصروف اتنا جیسے سر کھجانے کی بھی فرصت نہیں۔

میڈ نے شام کے کھانے کے لیے کچھ گروسری کا سامان لینا تھا تو اسے باہر جاتا دیکھ کر وہ خود بھی تیار ہو گئی۔ ضروری ہے کہ اب وہ لاٹ صاحب کی منت کرے کہ اب لندن لے ہی آئے ہو تو تھوڑا گھما پھرا دو۔ اور ویسے بھی وہ کون سا خوشی سے لایا تھا۔ موصوف کی مجبوری تھی۔ شادی کارڈ پر مسٹر اینڈ مسز فارس جو لکھا ہوا تھا۔ کیسے جتا کر کہا تھا اس نے۔ جیسے اگر صرف مسٹر فارس لکھا ہوتا تو وہ اکیلا ہی آتا۔

''کہیں جا رہی ہو؟''

وہ لاؤنج میں لیپ ٹاپ اور فائلز کے درمیان گھرا بیٹھا تھا جب اسے کمرے سے کوٹ مفلر اور دستانوں میں تیار شیار سا باہر نکلتا دیکھا۔

اسے فارس کا سوال بھی عجیب لگا۔ بیگ میں موبائل اور پانی کی بوتل رکھتے ہوئے اس کی طرف دیکھا۔ ''میڈ کے ساتھ مارکیٹ تک جانا چاہ رہی ہوں۔ آؤٹنگ کے لیے۔''

"اس وقت؟" فارس نے کلائی موڑ کر وقت دیکھا۔ شام کے پانچ بج رہے تھے۔

"کیوں، اس وقت نہیں جا سکتی میں؟" اس کی آنکھوں میں ناگواری سی در آئی۔

وہ اٹھ کر اس کے پاس آ گیا۔

"میں کل تک فری ہو جاؤں گا تو چلیں گے۔"

"میں نے تم سے اجازت تو نہیں مانگی۔"

"لیکن میں منع کر رہا ہوں۔" فارس کا لہجہ ہنوز نرم تھا۔

"کس حق سے منع کر رہے ہو؟" وہ سوالیہ نشان بن گئی۔

وہ خاموش ہو گیا۔ اس کا انداز، اس کا لہجہ، اس کا رویہ..... اب وہ کیسے کہے کہ فکر میں منع کر رہا ہے؟ جبکہ اسے کسی بھی بات پر یقین نہیں آتا تھا۔

"شاید میں نے کبھی ذکر نہیں کیا لیکن....." اسے جملہ مکمل کرنے میں کچھ دقت ہوئی۔ "میرے دشمن زیادہ ہیں۔"

"تو.....؟" وہ یوں دیکھ رہی تھی جیسے اسے فارس کی بات سمجھ ہی میں نہ آئی ہو۔

وہ چند لمحوں تک اسے دیکھتا رہا۔ "میں نہیں چاہتا، کوئی تمہیں نقصان پہنچائے۔ صرف اس لیے کہ تم میری بیوی ہو۔"

اگلے کئی لمحوں تک جنت ساکت سی کھڑی رہ گئی تھی۔

"بیوی اب ہوں؟ پانچ ماہ پہلے تک کیا تھی؟" وہ ایک سوال کاری ضرب جیسا تھا۔ اسے لگا وہ زمین کی تہوں میں اتر گیا ہے۔

"پہلے تو تمہیں کبھی فکر نہیں ہوئی۔ کبھی روک ٹوک نہیں کی۔ گھنٹوں تمہارے آفس کے باہر اجازت کے لیے کھڑی رہتی تھی، صرف اس لیے کہ تم منع کرو اور میں رک جاؤں۔ تا کہ مجھے احساس ہو تم

https://novelskidunya.com/

مجھے اپنی ذمہ داری سمجھتے ہو۔ مگر تم کیا کرتے تھے؟ جواب تک نہیں دیتے تھے، کبھی منع نہیں کیا، کبھی محتاط رہنے کو نہیں کہا، کبھی پروا نہیں کی۔ اور اب اچانک تمہارا خیال ہے مجھے اجازت بھی لینی چاہیے اور تمہارے منع کرنے کے بعد رک بھی جانا چاہیے۔ اس لیے کہ میں تمہاری بیوی ہوں؟" اس کا لہجہ طنز میں گھل گیا مگر آنکھوں کی نمی، آواز کی کمزوری، اس کے جذبات، اس کی تکلیف عیاں کر رہی تھی۔

"مجھے وہ کار ایکسیڈنٹ کے وقت تمہارے تاثرات نہیں بھولتے۔ تب تم چاہتے تھے میں مر جاؤں۔ میری حادثاتی موت تمہارے بہت سے مسئلے حل کر دیتی، ہے نا؟"

وہ اس کی آنکھ میں اپنے لیے شک، غصہ، بدگمانی، بے اعتباری جیسے تاثرات دیکھتا بالکل خاموش کھڑا تھا۔

"اب بات بچے کی ہے تو تمہیں فکر ہو رہی ہے۔ لیکن تم سے زیادہ فکر مجھے ہے۔" بیگ ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر ڈالا۔

ہمیشہ کی طرح فارس کے تاثرات اس کی سمجھ سے باہر تھے مگر اس کی آنکھیں......

فارس وجدان کی آنکھیں......

وہ دروازہ کھول کر باہر نکل گئی۔

بند دروازے کے اس پار لفٹ کے عین سامنے وہ سر جھکائے کھڑی رہی۔ آنکھیں آنسوؤں سے لبالب بھرنے لگی تھیں۔ چہرہ جذبات کی شدت سے سرخ ہو رہا تھا۔ اسے بہت رونا آ رہا تھا مگر وہ رونا نہیں چاہتی تھی۔ فارس کی میڈ کے سامنے تو بالکل بھی نہیں۔ آنکھیں صاف کر کے اطراف میں گرتی لٹوں کو پیچھے اڑسا، مفلر کو اچھی طرح سے لیتی آگے بڑھ گئی۔

☆......☆......☆

وہ میڈ کے ساتھ پارک لین مارکیٹ میں آگئی تھی۔

بھانت بھانت کے لوگ تھے، سڑک اور مختلف دکانوں پر کافی رش تھا۔ ایک ہلچل اور شور سا مچا ہوا تھا۔ خرید وفروخت جاری تھی۔ کوٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے اطراف کا جائزہ لیتے ہوئے وہ آگے بڑھتی رہی۔ میڈ ہر تھوڑی دیر بعد کلائی موڑ کر وقت دیکھتی تھی اور پھر اسے..... جس کے چہرے پر اب غم یا خوف کا کوئی تاثر نہ تھا۔ آنکھیں جانے کب کی خشک ہو چکی تھیں۔

میڈ کو واپسی کی جلدی تھی کہ شام کے کھانے کا انتظام بھی دیکھنا تھا مگر جنت اس کی بھی نہیں سن رہی تھی۔ وہ بس ٹہل رہی تھی۔ چیزیں دیکھ رہی تھی۔ گھوم رہی تھی۔ اور کہیں اگر ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر گھومتے جوڑے پر نظر پڑتی تو بڑبڑا بھی رہی تھی۔

اس قدر کھلی فضا اور ماحول میں، اتنے سارے لوگوں کے بیچ و بیچ اسے ایک بار پھر شدت سے تنہائی کا احساس ہوا تھا۔ عجیب سا دکھ تھا۔ حسرت تھی۔ غم تھا اور غصہ تھا۔

دائیں طرف مڑتے ہوئے اس کی نظر کلا مشین پر جا ٹھہری۔ گلاس باکس کے اندر بے تحاشا روئی کے رنگ برنگے کھلونے تھے مگر اس کی تمام تر توجہ اس سبزی مائل ڈائنوسار پر تھی جو اسے بہت خوب صورت لگا تھا۔

''میں یہ ٹرائے کرنا چاہتی ہوں۔'' میڈ سے کہہ کر آگے بڑھ گئی۔ ہر طرح کی منفی سوچ اور خیالات کو جھٹکا، دل کو سنبھالا کہ کیا ہوا اگر جو وہ اکیلی ہے؟ اس کا مطلب یہ تو نہیں کہ وہ اپنے لمحات کو یادگار نہیں بنا سکتی؟

میڈ کا موبائل بج اٹھا۔ اس نے جیب سے نکال کر اسکرین کو دیکھا تو چہرے کے تاثرات بدل گئے۔ جنت اس کی طرف پشت کیے کھڑی تھی۔ اب چونکہ بیگ کے ساتھ کلا مشین سے ڈائنوسار نکالنے میں دقت ہو رہی تھی سو اس نے اپنا ہینڈ بیگ میڈ کو تھمایا اور شروع ہو گئی۔ پہلی کوشش میں ناکام، دوسری میں بھی ناکام، تیسری کوشش میں ڈائنوسار ہاتھ میں تھا۔ اس کی خوشی دیکھنے لائق تھی۔ میڈ بھی دیکھتے

https://novelskidunya.com/

ہوئے بدقت مسکرائی۔

''انسان کو اپنے ساتھ زندگی بسر کرنی چاہیے۔ضروری ہے کوئی ساتھ ہو تب ہی آپ ہنسیں گے، مسکرائیں گے۔''

اس نے دل ہی دل میں خود کو شاباش دی۔ پھر کھلونا میڈ کے حوالے کرتی دوسرے اسٹال سے ننھی منی سی اشیاء دیکھنے لگی۔اسے اقصیٰ کے لیے ایک آئینہ پسند آیا۔اور تب ہی وہ اپنا پرس لینے کے لیے مڑی اور اپنی جگہ تھم گئی۔

میڈ وہاں کہیں نہیں تھی۔اس نے گھبراہٹ کے عالم میں گھوم کر چاروں طرف دیکھا۔آس پاس بہت دور تک دیکھا مگر وہ اسے کہیں بھی نظر نہ آئی۔

جنت کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا،سانسیں پھولنے لگیں۔بعجلت قدم اٹھاتی وہ آگے بڑھی۔

دائیں طرف، پھر بائیں طرف۔اس کے بعد ناک کی سیدھ میں قدم اٹھاتی گئی۔

وہ بھٹک گئی تھی، بچھڑ گئی تھی۔اتنے بڑے شہر میں یکا یک تنہا ہو گئی تھی۔اتنے سارے لوگوں کے ہجوم میں، ایک بار پھر عدم......ایک بار پھر نفی ہو گئی تھی۔

سورج مکمل غروب ہو چکا تھا۔نیلگوں آسمان رنگ بدل رہا تھا۔اسٹریٹ لائٹس کی روشنیاں چہار سو نظر آ رہی تھیں۔

اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا اب کیا کرے؟ کہاں جائے؟ فارس کا نمبر اسے یاد نہیں تھا۔اپنا موبائل بھی پاس نہیں تھا۔اپنا بیگ میڈ کے حوالے کرنے پر وہ پچھتا رہی تھی، مگر اب کیا ہو سکتا تھا؟

مفلر گردن کے گرد اچھی طرح سے لپیٹتے ہوئے دستانوں میں مقید ہاتھوں کو منہ پر رکھا۔اب وہ دیوار سے لگی کھڑی تھی۔آتے جاتے لوگوں کو کچھ خوف اور گھبراہٹ سے دیکھتی ہوئی۔

سامنے ہی اول جلول سے حلیے میں دو لڑکے کھڑے تھے، انہوں نے بار بار رخ موڑ کر اس کی طرف دیکھا تو اندر تک لرز گئی۔

آنکھوں کا خوف عیاں تھا۔ تب ہی نظروں میں آ رہی تھی۔ ایک بار پھر قدم اٹھاتی آگے بڑھی۔ گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ وہ تلاش میں گھومتی رہی۔ نہ پیسے تھے، نہ گھر کا ایڈریس معلوم تھا اور نہ کسی سے جان پہچان......

روتی سسکتی ایک گلی میں کھڑی ہو گئی۔

وہ میڈ فارس کی تھی۔ یقیناً یہ فارس کا حکم ہوگا۔ یقیناً اس نے ہی سزا کے لیے یہ حرکت کی ہوگی۔ وہ اس کی غلطیاں نظر انداز نہیں کرتا تھا۔ وہ بدلے لیتا تھا۔ وہ سزائیں دینے والوں میں سے تھا۔ روتے سسکتے اپنا سر گھٹنوں پر رکھا۔ وجود سردی کی شدت سے کپکپا رہا تھا۔

وہ ایسا کیسے کر سکتا ہے؟ کیسے؟ وہ بھی تب جب وہ اس حالت میں ہے؟

❁ ❁ ❁

https://novelskidunya.com/

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

ناولز کی دُنیا
Novels Ki Duniya

رنگا رنگ کہانیوں سے سجا، خوبصورت اور دلکش

سوہنی ڈائجسٹ

SohniDigest.Com

اگر آپ بھی لکھ رہے ہیں اور اُردو قارئین کی تلاش میں ہیں تو اپنی کہانیاں Inpage میں کمپوز (ٹائپ) کر کے پورے اعتماد کے ساتھ سوہنی ڈائجسٹ میں بھیجیے۔ نئے لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

ابھی sohnidigest@gmai.com پر ای میل کریں۔

قسط نمبر 10

اس کا سر درد سے پھٹا جا رہا تھا۔ رو رو کر آنکھیں سوج گئی تھیں۔ ٹانگیں دکھ رہی تھیں۔ دل لرز رہا تھا۔ فکر اور اندیشوں نے از سرِ نو گھیرا تھا۔

صدمہ تھا، دکھ تھا، اذیت تھی......

وہ جیسے ایک بار پھر دھوکے میں آئی تھی۔

جو انسان اس کی زندگی کو جہنم بنا سکتا تھا۔ اسے اذیتوں کے دوراہے پر لا سکتا تھا۔ اسے پارکنگ ایریا میں چھوڑ کر جا سکتا تھا۔ اس پر اپنی شرائط، اپنی مرضی، اپنے ارادے سزا کی طرح مسلط کر سکتا تھا، وہ اس انسان پر کیسے بھروسا کر سکتی تھی؟ کیسے؟ یہ غلطی، یہ بھول اس سے کیوں کر ہو گئی تھی؟

اس کا خیال تھا وہ اپنے بچے کی وجہ سے اب اس کا لحاظ کرے گا۔ یہ خیال محض ایک خیال ہی تھا۔ خوش فہمی کا ایک طلسم۔ یہاں مسز شیرازی نہیں تھیں۔ یہاں فارس وجدان ایک بار پھر اپنی اصلی شکل میں آ گیا تھا۔

"اسے لندن آنا ہی نہیں چاہیے تھا۔" سسکتے ہوئے خود کو کوسا۔ "بالکل نہیں آنا چاہیے تھا۔"

وہ بھٹکتی ہوئی کبھی اس سمت جا رہی تھی اور کبھی اس سمت...... رو رو کر اپنا حشر بگاڑ لیا تھا۔

بریک لین کا وہ راستہ زندگی کی طرح ہو گیا تھا۔ کوئی منزل نہیں تھی، بس اک خلا رہ گیا تھا۔ وہی لوگ، وہی آنکھیں، وہی وحشت، تنہائی، خوف......

اتنے شور اور اتنی ساری آوازوں میں یکا یک ایک مانوس سی آواز اس کی سماعت سے ٹکرائی۔ اسے لگا، اس کے کان بج رہے ہیں۔ خوف کے عالم میں رک کر پیچھے دیکھا۔ اسے اپنا نام ایک بار پھر سنائی دیا۔

اس نے بے اختیار گھوم کر چاروں طرف دیکھا۔ آنسو بہہ رہے تھے تو ہر منظر دھندلا ہو رہا تھا۔ اور تب اس کی نظر فارس وجدان پر پڑی۔

وہ لوگوں کو چیرتا ہوا اس کی طرف آ رہا تھا۔ اس نے بے ساختہ فارس کی طرف قدم بڑھائے۔ لمحے بھر کے لیے لڑکھڑائی۔ ایک دو لوگوں سے کندھا مس ہوا، دھکا بھی لگا۔

وہ اتنے دکھ، اتنے صدمے اور غصے میں تھی کہ اسے فارس کی آنکھوں میں اپنے لیے فکر، پریشانی اور خوف نظر ہی نہ آیا۔

وہ اس کے قریب پہنچا تو بغیر کچھ سوچے، بغیر کچھ سمجھے، اس کے سینے پر مکے مارنا شروع کر دیے۔ آس پاس کے لوگ رک کر، مڑ کر انہیں دیکھنے لگے تھے۔

''میں نے کہا تھا، میں نے کہا تھا میرے ساتھ کوئی ڈراما مت کرنا۔'' وہ روتے ہوئے اس پر چلائی۔ ''میں نے منع کیا تھا میرے...... ساتھ...... اس طرح مت کرنا۔'' وہ اتنی مشتعل تھی، اس قدر دکھ اور غصے میں تھی کہ خود پر اختیار کھو بیٹھی تھی۔ دو گھنٹے سے وہ اس شدید سردی میں بھٹک رہی تھی۔ دو گھنٹے ایک سزا کے نام ہو گئے تھے۔

زخم پھر ادھڑ گئے، سارے غم تازہ ہو گئے، ساری اذیتیں جاگ اٹھیں۔ بچپن سے لے کر اب تک...... دماغ میں وحشت پھیل گئی۔

روتے، کرلاتے، غصہ دکھاتے وہ جتنا لڑ سکتی تھی، وہ لڑی...... جتنا مار سکتی تھی، اس نے مارا۔

وہ اسے سنبھالنا چاہ رہا تھا مگر وہ اس کے قابو میں نہیں آ رہی تھی۔ وہ اسے نہیں دیکھ رہی تھی۔ اس کی

https://novelskidunya.com/

نہیں سن رہی تھی۔ کچھ بے دردی اور غصے سے اس کے ہاتھ جھٹک کر وہ پیچھے ہٹنا چاہ رہی تھی مگر فارس نے اسے ایسا کرنے نہیں دیا تھا۔ وہ سڑک کے بیچوں بیچ اس کے مضبوط بازوؤں کے حصار میں مقید ہوگئی تھی۔

اب وہ اسے نہیں مار سکتی تھی۔ اب وہ صرف رو سکتی تھی۔ اور وہ رو رہی تھی۔ وہ اپنے نانا کو پکارتے ہوئے بچوں کی طرح رو رہی تھی۔

''آئم سوری! آئم سو سوری!'' اپنے آپ میں چھپائے بھاری دل سے کہا۔ وہ آواز صرف لبوں کی جنبش تھی۔ جنت کمال تک نہیں پہنچی تھی۔ اس کا وجود فارس کے بازوؤں میں بے جان ہوگیا تھا۔

☆......☆......☆

وہ کتنی دیر ہوش و خرد سے بے گانہ رہی، اسے یاد نہ تھا البتہ جب ہوش آیا تب وہ بیڈ روم میں تھی۔ ڈاکٹر بھی موجود تھا۔ اس کا معائنہ کرنے کے بعد ڈاکٹر نے اسے ٹینشن اور اسٹریس سے بچانے کی خاص ہدایت کی تھی۔

فارس ڈاکٹر سے بات کر رہا تھا تو وہ سرخ و متورم آنکھوں سے اسے ہی دیکھ رہی تھی۔ وہ گرم کپڑوں کے بغیر تو بالکل نہیں نکلتا تھا۔ دستانے، مفلر اور لانگ کوٹ کے بغیر تو بالکل بھی نہیں۔ مگر جو اس وقت اس کے پاس موجود تھا۔ وہ سیاہ ٹراؤزر پر براؤن اونی سویٹر میں ملبوس نظر آ رہا تھا۔ یعنی وہ جن کپڑوں میں بیٹھا تھا، ان میں ہی اٹھ کر اسے لینے آگیا تھا۔

اس کے ہونٹوں کے دائیں طرف گال پر ہلکی سی لکیر کا نشان تھا۔ یہ کارنامہ اس کا تھا۔ اس نے نظریں ہٹالیں۔ کروٹ بدل کر آنکھوں پر بازو رکھ لیا۔ آنکھیں مکمل سرخ تھیں۔ چہرہ ستا ہوا تھا۔ زکام کی بھی شکایت ہو رہی تھی۔ بخار بھی ہو رہا تھا۔

چند لمحوں کے بعد دروازہ کھلنے اور بند ہونے کی آواز سماعت سے ٹکرائی۔ قدموں کی چاپ بیڈ کے پاس آکر تھم گئی۔

https://novelskidunya.com/

''کیا ہم بات کر سکتے ہیں؟'' فارس کی آواز پریشانی کا پتا دے رہی تھی۔

خاموشی......

اتنے سارے الزامات کی لسٹ اپنے کندھوں پر اٹھائے وہ اس کے پاس بیٹھ گیا۔

''میں نے اسی لیے تمہیں منع کیا تھا۔''

''ہاں، اور جب میں نہیں رکی تو سوچا، اسے سزا دینی چاہیے۔ تاکہ آئندہ یہ ایسی حرکت نہ کرے۔'' روتے ہوئے کہا۔

وہ کس قدر بدگمان ہو چکی تھی اس سے...... فارس اسے افسوس سے دیکھ کر رہ گیا۔

''تم نے اپنا ہینڈ بیگ میڈ کو کیوں دیا؟'' وہ سنجیدگی سے پوچھ رہا تھا۔ ''اگر تم ایسا نہ کرتیں تو ادھر ادھر ہو جانے پر کم از کم مجھے کال تو کر سکتی تھیں۔ اگر کال نہ بھی کرتیں تب بھی لوکیشن موبائل میں موجود تھی۔ ڈرائیور کا نمبر تک میں نے سیو کر دیا تھا۔'' حجت اور دلیل سے بات کر کے وہ اس کی غلط فہمی دور کرنا چاہتا تھا۔

''تو تم اب مجھے یہ بتانا چاہتے ہو کہ میرے ساتھ جو کچھ ہوا، اس میں تمہاری کوئی پلاننگ نہیں تھی؟'' اٹھ کر بیٹھتے ہوئے وہ آنسوؤں سے لبریز آنکھیں اس پر جمائے لڑ پڑی۔

''میں بھلا کیوں چاہوں گا، تمہارے ساتھ ایسا ہو؟'' اسے بہت اندر تک دکھ سا ہوا۔

''یہ سوال تم مجھ سے پوچھ رہے ہو؟'' جنت کے لہجے میں غم بھرا غصہ در آیا۔ آواز رندھی ہوئی تھی۔

''بھول گئے جب تم مجھے پارکنگ میں چھوڑ گئے تھے؟''

وہ نہیں بھولا تھا۔ بھول ہی نہیں سکتا تھا مگر جب وہ یاد دلاتی تھی تب زیادہ تکلیف ہوتی تھی۔ جب وہ ذکر کرتی تھی تب زیادہ پچھتاوا ہوتا تھا۔

''مجھے پتا تھا، تم ایسی کوئی حرکت ضرور کرو گے۔ اور تم نے کی۔ مجھے تم پر بالکل بھی بھروسا نہیں ہے۔'' وہ روئے جا رہی تھی۔

گہری سانس لیتے ہوئے اس نے بے ساختہ اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرا تھا۔ اس کے داہنے ہاتھ کی پشت پر ہلکی سی خراش واضح تھی۔

"ٹھیک ہے، میں مانتا ہوں، شروع میں تمہارے حوالے سے میں بہت زیادہ لاپرواہ رہا ہوں۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ تم جب بھی گھر سے نکلی ہو، کبھی بھی اکیلی نہیں تھیں۔ میرا ایک گارڈ ہمیشہ تمہارے ساتھ رہا ہے۔ چاہے تم مال میں تھیں، یا پارک میں...... کسی دعوت پر یا آئمہ کے ساتھ کسی گیدرنگ میں۔ میرے پاس تمہارے ہر ایک لمحے کی رپورٹ ہوتی تھی۔ میں نہیں چاہتا تھا کوئی تمہیں میری وجہ سے نقصان پہنچائے۔ ہاں لاہور میں مجھ سے غلطی ہوئی۔ شاید اس وقت میں بہت غصے میں تھا۔ میں نے تمہاری سیفٹی کا خیال نہیں کیا۔ مجھے لگا تم اپنے رشتے داروں میں ہو، سو کوئی مسئلہ نہیں ہوگا۔ یا شاید میں اتنا اپ سیٹ تھا تمہارے رویے سے کہ میں نے اس بات کو اہمیت نہیں دی۔ بہرحال یہ میری غلطی ہے۔"

اس کی پوری بات جنت کمال نے بہت تحمل سے، کچھ دکھ اور بے یقینی سے سنی تھی۔ بس ایک لمحے کے لیے منجمد احساسات پگھلے کہ وہ اپنی غلطی تسلیم کر رہا ہے۔ مگر اس کے بعد......

"یعنی مجھے نقصان پہنچانے کا حق صرف تمہارے پاس ہے، اور کوئی مجھے کچھ نہ کہے۔" بھرائی ہوئی آواز۔ آنسو متواتر گر رہے تھے۔

فارس نے کچھ کہنے کے لیے منہ کھولا۔ صدمے سے......اور پھر بند کر لیا۔

وہ جنت کمال سے نہیں جیت سکتا تھا۔ اس حالت میں، اس معاملے میں......اس سچویشن میں تو بالکل بھی نہیں......!

"میں نے یہ نہیں کہا۔"

"میں تو یہی سمجھی ہوں۔" وہ سسک پڑی۔

اس نے ہار ماننے والے انداز میں اپنے ہاتھ اٹھائے۔ ٹرے اس کے قریب رکھی اور اٹھ کر باہر

چلا آیا۔ بند دروازے کے اس پار وہ بھاری دل کے ساتھ کتنی ہی دیر تک اپنی جگہ کھڑا رہا تھا۔
جنت کی سسکیاں ختم چکی تھیں۔ اس کا رونا بند ہو چکا تھا۔ اب صرف خاموشی تھی جو اس کے آس پاس ہر طرف ٹھہر گئی تھی۔
وہ دروازہ دھکیل کر اندر آ گیا۔ جنت سو چکی تھی۔ رو رو کر آنکھیں سوجی ہوئی تھیں۔ ناک سرخ، کہیں کہیں آنسو ہنوز پلکوں پر ٹھہرے ہوئے تھے۔ سوپ اس نے نہیں لیا تھا۔ کپڑے بھی نہیں بدلے تھے۔
ایک تاسف بھری نظر اس پر ڈالتے ہوئے اس نے بے حد احتیاط سے سر کے نیچے تکیہ رکھا۔ لحاف درست کیا اور ٹرے اٹھائے کچن میں واپس آ گیا۔ پھر اس نے مسز شیرازی کو کال کی۔
"وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر اچھا خاصا سین کری ایٹ کر دیتی ہے۔ رونے لگ جاتی ہے۔" پورا حوالہ دینے کے بعد کچھ فکرمندی سے وہ انہیں بتا رہا تھا۔ بس اس کے چیل کی طرح جھپٹنے والی بات گول کر گیا تھا۔
"موڈ سوئنگز ہوں گے، پریگننسی میں ایسا ہوتا رہتا ہے، تم اپنا رویہ ٹھیک رکھو۔"
"میرا رویہ ٹھیک ہے ممی! اس کا ٹھیک نہیں ہو رہا۔" وہ کچھ پریشان لگ رہا تھا۔ "کچھ بھی غلط ہو جائے اسے لگتا ہے میں نے جان بوجھ کر کیا ہے۔"
"تم اس کی جگہ ہوتے تو تم بھی یہی کرتے۔"
"میں شکوہ تو نہیں کر رہا۔" وہ سر جھکا گیا۔
"مجھے بس دکھ ہوتا ہے جب وہ..... میری نیت پر اس طرح شک کرتی ہے۔"
"تم بھی کرتے تھے بیٹا!" بات تلخ تھی مگر سچ تھی۔
اس نے تسلیم کرتے ہوئے اثبات میں سر کو جنبش دی۔
ہاں وہ بھی تو کرتا تھا۔ اس کی محبت، عنایت، فکرمندی سب اسے ڈراما اور ڈھونگ لگتا تھا اور وہ

کتنے دھڑلے سے اس کے منہ پر کہہ دیتا تھا۔ اس کی بے عزتی کر دیتا تھا۔ وہ اس کی دولت، اس کی وجاہت، اس کے اٹینشن کے لیے اپنی عزت نفس کی بھینٹ چڑھا رہی ہے۔ مطلب اور فائدے کے لیے اس کے آگے پیچھے پھر رہی ہے۔ اسے اپنے لفظ یاد آتے تھے۔ اپنا رویہ، لہجہ، نفرت، بے رخی..... وہ خود کو خود ہی معاف نہیں کر پا رہا تھا تو وہ کیسے کر سکتی تھی؟

''وہ مجھ پر کبھی ٹرسٹ نہیں کرے گی۔'' آواز دل کی تھی۔ دل مایوس ہو رہا تھا۔

''ایسا سوچتے رہے تو کبھی نہیں کرے گی۔''

اس نے سر اٹھا کر اپنی ماں کو دیکھا۔

''اگر تم نے اپنے ارادے اور فیصلے بدلے ہیں تو وہ بھی ضرور بدلے گی۔''

ان کی یہ بات سن کر وہ بالکل خاموش ہو گیا۔

''اگر مزید گڑبڑ ہو گئی تو؟'' خدشے کا اظہار کر دیا۔

''پھر سمجھ لینا، نصیب کا لکھا کوئی نہیں ٹال سکتا۔''

''ممی!'' اس نے ٹپٹا کر انہیں دیکھا۔

وہ دھیرے سے ہنس دیں۔

اپنے رشتوں کی فکر کرتا ہوا، اپنی زندگی کو سمجھتا ہوا، اپنا آپ کسی اور میں تلاشتا ہوا وہ انہیں فکر مند سا اچھا لگ رہا تھا۔ وہ اس تبدیلی پر جتنا شکر کرتیں، کم تھا۔

''پریشان نہ ہو، سب ٹھیک ہو جائے گا۔'' انہوں نے تسلی دی۔

مسز شیرازی سے بات کر کے باہر آیا تو شاپنگ بیگ سے جھانکتا ڈائنوسار اسے اندر تک سلگا گیا۔ اس ایک چیز کی وجہ سے اتنے پھڈے ہو گئے تھے۔ اس کی زوجہ محترمہ پورے دو گھنٹے پریشانی میں گزار آئی تھیں اور قصور پھر بھی اس کا تھا۔ مجرم پھر بھی وہی تھا۔ اپنے بالوں میں انگلیاں چلاتا وہ لاؤنج

کے صوفے پر جالیٹا۔اس کی ہر کام سے دلچسپی تقریباً ختم ہو چکی تھی۔اب وہ گہری نیند سونا چاہتا تھا۔مگر جانتا تھا نیند اسے نہیں آئے گی۔اس حالت میں،اس کیفیت میں،اس پریشانی میں تو بالکل بھی نہیں......

اور اندر اسے مکمل بے آرام کر کے جنت کمال نیند کی گہری وادیوں میں اتری ہوئی تھی۔

☆......☆......☆

سرسبز میدان کے وسط میں بازو پھیلا کر بھاگتے ہوئے اس نے اوپر،بہت اوپر آسمان کی طرف دیکھا تھا۔رم جھم بارش برس رہی تھی۔انگلی جتنے ایک ننھے سے کپ کو ہونٹوں سے لگا کر چائے پینے کی اداکاری کرتے نانا مین اس کے سامنے بیٹھے تھے۔ہوائیں یکا یک تیز ہو گئی تھیں۔ہر سو دھند پھیلنے لگی تھی۔کھڑکیاں تاریک ہو رہی تھیں۔روشنیاں ایک ایک کر کے گل ہونے لگی تھیں۔وہ نانا کے گھر تھی۔اور پلک جھپکتے ہی اپنے گھر پہنچ گئی تھی۔

اور پھر وہی منظر......شدید گرمیوں کی دوپہر،سرخ اینٹوں کا فرش۔سیڑھیوں پر اس کے سامنے کھڑا حسنین۔ٹوٹتی بکھرتی ایک گڑیا۔وہی منظر،وہی تکلیف،وہی درد اور پھر وہی گڑیا کو بچانے کی جستجو۔مگر اب کے منظر بدلا تھا۔اب کی بار سیڑھیوں سے پھسلتا وجود حسنین کا نہیں،اس کا تھا۔وہ چیخی تھی۔اور پھر چیختی چلی گئی تھی۔

''جنت!'' بازو سے پکڑ کر کسی نے جھنجھوڑ کر اسے جگایا تھا۔ایک جھٹکے سے اس کی آنکھ کھل گئی تھی۔

آنکھیں آنسوؤں سے مکمل بھری ہوئی،سانس چڑھا ہوا،رنگت اڑی ہوئی۔

اس نے بمشکل سانس لیتے ہوئے خود پر جھکے چہرے کو دیکھا۔وہ فارس تھا۔وہ خود سے بیدار نہیں ہوئی تھی،اسے جگایا گیا تھا۔

اس کے سہارا دینے پر وہ لرزتے وجود کے ساتھ اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔تنفس بھاری تھا۔پیشانی عرق آلود ہو رہی تھی۔وہ وحشت زدہ سی بوکھلائی ہوئی بیٹھی تھی۔

بیڈ سے اتر کر وہ اس کے لیے پانی کا گلاس لے آیا۔ اس نے گلاس تھامنا چاہا تو ہاتھ بے طرح کپکپا رہے تھے۔ فارس نے گلاس اپنے ہاتھوں میں رہنے دیا۔ اس نے یوں پانی پیا جیسے صدیوں کی پیاسی ہو۔

حالت سنبھلی، نہ آنسو تھمے۔ وجود سسکیوں کی زد میں رہا۔

اثر خواب کا تھا۔ وہ اپنی حقیقت سے بھی آزردہ ہو رہی تھی۔

''مجھے اکیلا چھوڑ دو اب۔'' اپنی ہتھیلیاں مسلتے ہوئے کہا۔ آواز رندھی ہوئی تھی۔ اب تک اس نے بہت مضبوطی دکھائی تھی۔ اپنے خوف کو ہمیشہ چھپا کر رکھا تھا۔ کبھی آپے سے باہر نہیں ہوئی تھی۔ مگر اب جو بریک لین میں ہوا تھا۔ اور اس وقت بھی جو اس کی حالت ہو رہی تھی، اس کے بعد وہ فارس وجدان کو اپنے آس پاس نہیں دیکھنا چاہتی تھی۔

مگر وہ کھڑا رہا۔ اس کے پاس، اس کے بالکل سامنے۔ وہ ہمیشہ اس کی نیند میں خلل ڈالنے کے بعد بہت خاموشی سے کمرہ چھوڑ کر اسٹڈی روم میں چھپ جاتی تھی۔ اب ایسا کرنے کی سکت رہی تھی، نہ طاقت موجود تھی۔

''سنا نہیں، میں نے تم سے کیا کہا ہے؟'' سر اٹھا کر سخت لہجے میں کہا۔ آواز بے حد کمزور تھی۔

مگر وہ اپنی جگہ سے ایک انچ نہیں ہلا تھا۔ اپنے گرد بازو باندھے وہ دائیں طرف کو جھک کر اپنا چہرہ چھپا گئی۔

وہ اس کے برابر بیڈ پر بیٹھ گیا۔

''میری طرف دیکھو۔''

مگر اس نے نہیں دیکھا۔

''جنت!'' اس کا لہجہ نرم تھا۔

جنت نے رخ بدلا نہ سر اٹھایا۔

اور دوسرے ہی پل اس نے بہت نرمی سے بازو پھیلا کر اسے اپنے حصار میں لیا تھا۔ وہ اس کی اس حرکت پر لمحے بھر کے لیے تھمی تھی۔ پھر سکتے میں آ گئی تھی۔

بیک وقت کئی لمحے اس کی آنکھوں میں ٹھہر گئے، کئی منظر احساسات کا لبادہ اوڑھے حقیقت کا روپ دھار گئے۔ فارس نے بہت نرمی سے جنت کمال کی پیشانی اپنے کندھے سے مس کی......

اور اس کی ہچکیاں بندھ گئیں۔ وہ احساس، وہ لمس، وہ گرفت ویسی ہی تھی جیسی اس کے نانا کی ہوا کرتی تھی۔ محبت اور سکون کا احساس دلاتی ہوئی۔ تسلی تشفی کراتی ہوئی۔

''خواب ہی تو تھا۔'' وہ بولا۔

''وہ صرف خواب نہیں تھا۔'' وہ سسک پڑی۔

اپنے تمام اختلاف، اپنا غصہ، اپنی ناراضی ایک طرف رکھے وہ اس کا ہاتھ تھام چکی تھی، بہت مضبوطی سے۔ سختی سے۔ بالکل ویسے ہی جیسے وہ نانا کا ہاتھ پکڑا کرتی تھی۔ فارس کے دل کو کچھ ہوا۔ اپنے کسی خواب کے اثر سے نکلنا اس کے لیے کتنا مشکل رہا ہوگا، اس کا اندازہ جیسے آج ہو رہا تھا۔

اسے وہ وقت یاد آیا جب اس نے جنت کو کمرے سے نکال دیا تھا اور وہ دروازہ بجاتے ہوئے اس کی منّت کرتی رہی تھی، وہ اسے اندر آنے دے۔ اس رات اس نے دروازہ نہیں کھولا تھا۔ اس رات اس کی حالت زیادہ خراب تھی۔ وہ زیادہ خوف زدہ تھی۔ زیادہ پریشان تھی۔

اس کی سمجھ میں نہیں آیا، وہ اب اس کا خوف کیسے کم کرے، لفظ کم پڑ گئے تھے۔ ذہن خالی ہو گیا تھا۔

''کہیں باہر چلیں؟'' اس نے کہا۔

''اس وقت؟''

''ہاں!'' اس نے جنت کے ہاتھ پر نرمی سے گرفت بڑھائی۔

https://novelskidunya.com/

اس نے نفی میں سر ہلایا۔ وہ چاہتی تھی، وقت رک جائے، سب ٹھہر جائے۔ بس یہ احساس باقی رہے، یہ کیفیت ٹھہری رہے۔

''واک کرتے ہیں! یا کوئی مووی دیکھ لیتے ہیں۔''

نانا بھی اسے بہلانے کو ایسے ہی کہا کرتے تھے۔ ایسے ہی اس کا ہاتھ تھپتھپایا کرتے تھے۔ اسے کندھے سے لگایا کرتے تھے۔ وہ ان کے مضبوط کندھے سے پیشانی ٹکاتی تھی تو دنیا کا ہر غم اور ہر تکلیف ان کے حصار میں آتے ہی ختم ہو جاتی تھی۔ اب بھی یہی ہوا تھا۔ فارس وجدان میں نانا آگئے تھے۔ فارس وجدان میں ''محبت'' آگئی تھی۔ ''ترحم'' آگیا تھا۔

کیفیت سمجھ سے باہر ہوگئی۔ اس کی سسکیاں بڑھتی گئیں۔

''میں کھانا لگاتا ہوں۔ تم کچھ کھائے بغیر ہی سو گئی تھیں۔''

''کہیں مت جاؤ پلیز!''

وہ رک گیا۔ اس کی دھیمی سسکیاں اس کی اذیت بڑھانے لگیں۔

''وہ صرف ایک خواب تھا۔ ختم ہوگیا۔'' نرمی سے ایک بار پھر سمجھایا۔

فارس وجدان کیا جانے، اس پر وہ ساعتیں اسی انداز میں گزرتی تھیں اور بار بار گزرتی تھیں۔ خواب تو اک بہانہ تھا۔ حقیقت اپنا آپ دہرانے آتی تھی۔

چند لمحوں کے بعد وہ کچھ حد تک سنبھل کر آنسو صاف کرتے خود ہی الگ ہوگئی۔

''میں کھانا لگاتا ہوں۔'' وہ اٹھ کر چلا گیا۔

جنت کچھ دیر تک ایسے ہی بیٹھی رہی۔ پھر خود کو سنبھالتے ہوئے اٹھ کر باہر آگئی۔ گھر تاریک تھا مگر اوپن کچن کی تمام بتیاں روشن تھیں۔

وہ کاؤنٹر ٹیبل کے اس پار فارس وجدان کو فریج سے کچھ نکالتا دیکھ سکتی تھی۔ آہٹ پر اس نے مڑ کر

جنت کو دیکھا۔

''ہیو آ سیٹ پلیز!'' اس نے اشارہ کیا تو چہرے کے اطراف میں منڈلاتی لٹوں کو پیچھے اڑستی وہ ہاتھ دھونے کے بعد کرسی کھینچ کر بیٹھ گئی تھی۔

شہد رنگ بال پشت پر سیدھا گر رہے تھے، آنکھیں سوجی ہوئی کچھ متورم سی لگ رہی تھیں۔ کچھ دیر پہلے والی کیفیت نہیں رہی تھی مگر تاثرات ابھی بھی ویسے ہی تھے۔

وہ مائکروویو اوون میں کھانا گرم کرتے ہوئے میز پر ترتیب سے رکھتا جا رہا تھا۔

اسے ادراک ہوا، وہ بھوکی سوئی تھی تو کھانا فارس نے بھی نہیں کھایا تھا۔

''شروع کرو۔'' فرائیڈ چکن، فرائیڈ رائس، پیزا، وہ مختلف چیزیں اس کے سامنے رکھ رہا تھا۔

اس نے اپنی پلیٹ قریب کر لی۔ کوئی بھی بات کیے بغیر وہ خاموشی سے کھانا کھانے لگی۔ ذرا سی نظر اٹھا کر وہ اسے دیکھ لیتی۔

کیا وہ شروع سے ایسا تھا؟ یا اب ہو گیا تھا؟

نفرت کہاں گئی تھی؟ حقارت کہاں چھپی تھی؟

چالیں ایسی تو نہیں ہوتیں؟ منصوبے اس طرح کے تو نہیں ہوتے؟

''کچھ چاہیے؟'' اسے یوں اپنی جانب دیکھتا پا کر فارس نے پوچھا۔

اس نے نفی میں سر ہلاتے ہوئے نظر ہٹا لی۔

کھانا کھانے کے بعد وہ استعمال شدہ برتن دھو رہا تھا تو وہ بھی بچا ہوا کھانا فریج میں رکھنے لگی تھی۔

اس کے بعد اس نے کافی بنانے کا ارادہ کیا تو فارس نے روک دیا۔

''میں چاہوں گا، اب تم ریسٹ کرو۔''

''مجھے نیند نہیں آئے گی۔'' وہ اس کی طرف دیکھے بنا بولی۔

"آ جائے گی۔"

برنر بند کر کے وہ اس کی کلائی تھامے اسے کمرے میں لے آیا۔

اس کے کہنے پر سر درد اور بخار کی گولی لے کر وہ سونے کے لیے لیٹ گئی تھی۔

شاید اسے پانچ منٹ لگے تھے، دس منٹ یا شاید پندرہ منٹ!

اپنے اندر کے خوف سے لڑتے وہ نیند کی وادیوں میں اتر گئی تھی۔

فارس نے ایک بار پھر اس کی پیشانی کو چھو کر دیکھا۔ ہلکا سا بخار تھا۔ لیکن وہ نیند میں اب مکمل پرسکون تھی۔ وہ بھی سکون میں آ گیا۔

باہر تاریکی میں وقفے وقفے سے بجلی چمکنے لگی تھی۔ گلاس وال پر کہیں کہیں بارش کے ننھے ننھے قطروں میں شہر کی روشنیاں منعکس ہو رہی تھیں۔ وہ اپنے لیے کافی بنا کر گلاس وال کے سامنے جا کھڑا ہوا۔

بجلی ایک بار پھر چمکی تھی۔ ہر طرف اندھیرے بڑھ گئے تھے۔

☆......☆......☆

اگلی صبح اس کی آنکھ نو بجے کھلی تھی۔ کمرے میں اس کے سوا کوئی نہ تھا۔ دیوار گیر کھڑکیوں کے پردے سمٹے ہوئے تھے۔ آسمان سرمئی بادلوں سے ڈھکا ہوا تھا۔ ہلکی ہلکی بارش ابھی بھی ہو رہی تھی۔ اور پھر ذہن میں نیند سے محو ہو جانے والا ہر دکھ، ہر قصہ، ہر قضیہ پھر سے واضح ہو گیا۔

وہ بریک لین میں کھو گئی تھی۔ اس نے فارس وجدان سے لڑائی کی تھی۔ وہ خواب میں ڈر گئی تھی۔ اور پھر وہ احساس۔ اس نے بھیگی آنکھوں کو مسل ڈالا۔ نئی صبح کی شروعات آنسوؤں سے نہیں ہونی چاہیے۔ گلا کھنکار کر، گال تھپتھپا کر خود کو کمپوز کیا۔ ہر منفی خیال کو جھٹک دیا۔

اس نے اٹھ کر وارڈ روب سے کپڑے نکالے۔ نیم گرم پانی سے شاور لے کر فریش ہوئی۔ بالوں کو ڈرائیر سے خشک کر کے کھلا چھوڑ دیا۔ سفید ٹراؤزر پر گلابی رنگ کی قمیص اور اس پر گلابی ہی رنگ کا اونی

سویٹر زیب تن کیے وہ کمرے سے باہر آئی تو خلاف معمول آج میڈ نہیں آئی تھی۔
کچن میں نیلی جینز پر سفید رنگ کے اونی سویٹر میں ملبوس فارس ناشتے کا انتظام خود دیکھ رہا تھا۔
اسے شدید حیرت ہوئی۔ مگر خود سے گفتگو کا آغاز کیے بغیر وہ کچن میں چلی آئی۔ اپنے لیے گلاس میں پانی ڈال کر پیا۔ ایک سرسری سی نگاہ میز پر دھرے ناشتے کے لوازمات پر ڈالی۔
ہاف فرائی ایگ، ٹوسٹ، مینگو شیک، کیک، چائے......
''گڈ مارننگ!'' فارس کا رویہ ویسا ہی تھا جیسا ہر صبح ہوتا تھا۔ حالانکہ گزشتہ شب بریک لین میں جو سین اس نے پیش کیا تھا، اس کے بعد اس رویے کی قطعی کوئی گنجائش نہیں بنتی تھی۔
''اب تمہاری طبیعت کیسی ہے؟'' وہ کانچ کے گلاس میں مینگو شیک ڈالتے ہوئے بولا۔
''بہتر ہے۔'' وہ خالی گلاس پر پیانو کے سے انداز میں انگلیوں کو جنبش دے رہی تھی۔
''بیٹھو!'' اپنی کرسی سنبھالتے ہوئے اس نے جنت کو بائیں ہاتھ سے اشارہ کیا۔ ایک اور خراش نما سرخ لکیر نظر آ گئی۔
جنت اپنی اس حرکت پر جی بھر کے شرمندہ ہوئی۔ پتا نہیں اسے کیا ہوا تھا۔ اس نے ایسا پہلے تو کبھی نہیں کیا تھا۔ اور پھر جب یاد آیا، وہ اسے ایک عدد تھپڑ سے بھی نواز چکی ہے تو نچلا لب بے ساختہ دانتوں تلے آ گیا۔ دل شرمندہ تھا، دماغ فوراً سے ڈٹ گیا۔ اس تھپڑ کا تو خیر وہ مستحق تھا۔ بہت زیادہ۔
لیکن اب کے جنگلی بلی کی طرح اس نے حملے کی جو کوشش کی تھی، اس پر دماغ بھی اس کی سائیڈ نہیں لے رہا تھا۔ اب حواس پوری طرح سے بحال تھے تو اس نے کچھ خوف، شرمندگی اور پریشانی کے ملے جلے تاثرات کے ساتھ اسے دیکھا تھا۔
فارس نے ابھی تک غصہ نہیں دکھایا تھا۔ نہ ہی ناراضی کا اظہار کیا تھا۔ وہ اس کی حالت کے پیش نظر خاموش رہ گیا ہوگا مگر بھولا تو ہرگز نہیں ہوگا۔

https://novelskidunya.com/

پھراسے یاد آیا اس نے رات بھر اس کا کتنا خیال رکھا تھا۔اور کیسے اسے خوف بھری کیفیت سے نکالا تھا۔

''لیکن اس کا مطلب یہ تو ہرگز نہیں کہ وہ سزا کا نہیں سوچ رہا ہوگا؟''

وہی وا ہمے، وہی سرگوشیاں۔وہی بے اختیاری، اور وہی سوال......

''ایک ایک حرکت کا حساب لینے والا اب اتنی بڑی بات کیسے نظرانداز کر گیا؟'' اب کے سر اٹھایا تو نگاہیں فارس سے دوچار ہوئیں۔

''نہیں، میں انتقام لینے کا نہیں سوچ رہا۔اور نہ ہی میں نے کھانے میں زہر ملایا ہے۔''

اور جنت کا دل چاہا، زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائے۔لیکن اپنے تاثرات سے بالکل ظاہر نہیں ہونے دیا کہ ایسی کوئی خواہش اس کے اندر جاگ چکی ہے۔

''چاہو تو کھانا چکھ کر دے دوں شہزادی صاحبہ؟'' اس کی آنکھوں میں شرارت تھی۔وہ اس کی کیفیت سے حظ اٹھا رہا تھا۔

اندر ہی اندر وہ بہت سارا چیخی لیکن باہر سے خود کو کمپوز کیے سنجیدہ سی کھڑی رہی۔

''جس دن زہر دو گے، اس دن چکھنے کی بات بھی نہیں کرو گے۔''

بڑی مضبوطی دکھا کر کرسی کھینچ کر بیٹھ گئی۔وہ اس کی حاضر جوابی سے متاثر ہوئے بنا نہ رہ سکا۔ہاں اب وہ ٹھیک تھی۔فارس کو تسلی ہوئی۔''میری وائف کتنی جینیئس ہے۔''

اس نے طنز نہیں کیا تھا، مگر جنت کو وہ اچھا خاصا طنز ہی لگا۔اوپر سے اس کی مسکراہٹ۔وہ نظر ہٹا گئی۔

ایک ٹوسٹ کھانے کے بعد اس نے کیک کا پیس اور مینگو شیک اپنے قریب کر لیا۔

فارس کی خاموش نظریں اس پر جمی ہوئی تھیں۔

اس نے فورک سے کیک کا حصہ کاٹ کر منہ میں ڈالا۔فارس وجدان کو سات سالہ جنت ایک

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا
NovelsKiDunya

جھلک کی طرح نظر آئی۔ آنکھیں مٹکا کر، ہاتھ جھلا کر کیک اور مینگو جوس سے انصاف کرتی۔ بے تحاشا باتیں کرتے ہوئے۔ مگر جو سامنے بیٹھی تھی۔ بالکل خاموش، کچھ حد تک اداس...... بہت حد تک پریشان۔

''ایسے کیا دیکھ رہے ہو؟'' وہ کچھ جزبز ہوئی۔

''جب میں چودہ سال کا تھا تو ایک چھوٹی سی بچی میری زبردستی کی مہمان بنی تھی۔'' وہ اپنے کپ میں چائے ڈالنے لگا۔

''اس کی خواہش تھی کہ اس کی خاطر مدارت مینگو جوس اور کیک سے کی جائے۔ بھلا کوئی مہمان ایسے کہتا ہے؟'' ٹی پاٹ رکھ کر اپنا کپ اٹھا لیا۔

''وہ بہت باتونی تھی۔ بہت زیادہ...... میں چاہتا تھا وہ اپنا جوس اور کیک جلد ختم کرے تاکہ میں اسے واپس اس کے گھر چھوڑ آؤں مگر وہ بہت آہستہ آہستہ کھا رہی تھی۔ تو میں نے اس کا کیک اور جوس خود ہی کھا لیا۔''

جنت نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

''تم تب بھی ظالم تھے؟'' توقع کے عین مطابق اسے تپ چڑھی۔ وہ مسکراتی نگاہوں سے اسے دیکھتا رہا۔

''اب میں دو تین گھنٹوں تک اس کے ساتھ باؤنڈ ہو کر تو نہیں بیٹھ سکتا تھا۔ اور پھر وہ بہت شرارتی اور ایکٹو تھی اور مجھے اس پر باقاعدہ نظر رکھنی پڑ رہی تھی۔ سو اس کے لیے ضروری تھا، میں اسے گھر ہی چھوڑ آؤں۔'' اس نے کندھے اچکا کر اپنی پوزیشن کلیئر کی۔

جنت نے اسے یوں دیکھا جیسے کہہ رہی ہو تمہارا کوئی علاج نہیں۔

''ویسے تم کیسی تھیں بچپن میں؟''

''میں؟'' وہ اس کے اس طرح اچانک پوچھنے پر گڑبڑا گئی۔

''ہاں تم!''

''میں......'' رک کر کچھ سوچا۔ ایک ہی لمحے میں بچپن اور لڑکپن کی بہت سی باتیں، قصے، واقعات، نانا کی ڈانٹ اور شرارتیں یاد آئی تھیں۔

''میں تو بہت ڈیسینٹ بچی تھی۔ بالکل شور نہیں کرتی تھی، نہ ہی شرارتی تھی، اور اتنا کم بولتی تھی۔ نانا کے سب دوست میری تعریف کرتے تھے۔''

لب بھینچ کر فارس نے اپنی مسکراہٹ ضبط کرلی۔

''اچھا!'' اس کا اچھا ضرورت سے کچھ زیادہ لمبا ہو گیا تھا۔

''ہاں تو اور کیا؟''

''یعنی اگر ہماری بیٹی ہوئی تو وہ تم پر جائے گی۔ خاموش، پرسکون...... شرارتیں بھی نہیں کرے گی۔ بولے گی بہت کم۔''

''بالکل!'' فوراً سے سر ہلایا۔ پھر ہلا کر پچھتائی۔ ساری گفتگو بچے کی طرف مڑ گئی تھی۔

''بیٹا مجھ پر جائے گا پھر۔'' فارس نے کچھ سوچ کر کہا۔

''مجھے کھڑوس اولاد نہیں چاہیے۔'' وہ بے ساختہ کہہ گئی۔

وہ اس کے انداز اور لہجے پر دھیرے سے ہنس دیا۔ جنت کمال نے اسے لمحے کے لیے مبہوت ہو کر دیکھا۔ وہ ہنستے ہوئے کتنا اچھا لگا تھا۔ فوراً ہی نظریں ہٹائیں۔

''کوئی پیدائشی کھڑوس تھوڑی نا ہوتا ہے۔ وقت اور حالات بنا دیتے ہیں۔'' وہ کہہ رہا تھا۔

''میں تو نہیں بنی۔''

اور وہ رک گیا۔ ہاں! یہی تو اس کی خوبی تھی۔

اس نے حالات کو کبھی بھی اپنے رویے اور شخصیت پر حاوی نہیں ہونے دیا تھا۔ وہ تلخیوں سے گزر کر بھی اپنی زندگی کے لیے تلخ نہیں ہوئی تھی۔

فورک سے کیک کا ٹکڑا منہ میں ڈالتے ہوئے جنت نے اسٹرا دانتوں تلے دبایا۔

فارس کو لگا یہی مناسب وقت ہے۔نئی ابتدا کے لیے پہل کر لینی چاہیے۔

''دوستی کرو گی مجھ سے؟بہت اچھا لڑکا ہوں میں۔ساری عمر ساتھ نبھاؤں گا۔''

جنت کی دھڑکن مس ہوئی۔سوال بہت اچانک اور غیر متوقع تھا۔آفر بھی ویسی ہی حیران کن سی تھی۔وہ اس کا جملہ دہرا رہا تھا۔اس کی جگہ پر آ کر۔اس کی نگاہوں میں آ رہا تھا۔وہ اسے بالکل بھی نظر انداز نہیں کر پا رہی تھی۔

''اور یہ دوستی کی آفر تم کتنی لڑکیوں کو کر چکے ہو؟''بھنویں سکیڑ کر تندی سے گھورتے ہوئے پوچھا۔

بالکل فارس وجدان کے انداز میں......اور ایسا کرتے ہوئے اسے وہ بہت اچھی لگی۔

''تم پہلی ہو،اور تم ہی آخری ہو۔''

جنت کا دل زوروں سے دھڑکا۔حیرت آنکھوں میں سما گئی۔دل چاہا جھٹ سے عدینہ زبیر کو اس دعوے پر لا پٹخے مگر پھر رک گئی۔بات دوستی کی تھی،محبت کی تو نہیں۔

''سوچوں گی۔''لاپروائی سے اترا کر کہا۔پھر کیک کا آخری ٹکڑا منہ میں ڈالا۔اب وہ پہلے سے کافی بہتر لگ رہی تھی۔

''کتنا سوچو گی؟''

''جتنا بھی سوچوں؟تمہیں اس سے کیا؟''

فارس نے تائید میں سر ہلایا۔بہت زیادہ سوچنے میں وہ حق بجانب تھی۔اسے کوئی اعتراض نہ تھا۔

''پانچ بجے تیار رہنا!کہیں باہر چلیں گے۔''وہ کچن کا بکھیڑا سمیٹ رہی تھی جب فارس نے آ کر کہا۔خیال تھا شاید وہ اب بھی غصہ یا ناراضی دکھائے گی یا کوئی سخت بات تو ضرور کرے گی مگر اس نے کچھ نہ کہا۔بس رک کر اسے دیکھا۔

https://novelskiduniya.com/
Novels Ki Duniya

تھری پیس سوٹ میں ملبوس وہ مکمل تیاری کے ساتھ، سیاہ رنگ کا لانگ کوٹ بازو پر ڈالے، دوسرے ہاتھ میں موبائل اٹھائے کھڑا تھا۔

''ویسٹ فیلڈ مال چلیں گے، شاپنگ کے لیے۔ باہر کھانا کھائیں گے، موسم کچھ سرد ہے اور بارش کا بھی امکان ہے تو آؤٹنگ کے لیے کچھ دن انتظار کر لیتے ہیں۔''

وہ رخ بدل کر پھر سے برتن دھونے لگی۔ فارس بھی کچھ لمحوں تک خاموش رہا۔ جانے اس کے تاثرات اب کیسے تھے؟ احساسات اور کیفیت کیسی ہوئی تھی۔ مزاج تو اس کے لمحوں میں بدلتے تھے۔ کسی لمحے بہت زیادہ خوش۔ کسی پل بہت زیادہ اداس۔ لیکن اس کی خاموشی میں فارس وجدان کو عناد یا خفگی کا تاثر نظر نہیں آ رہا تھا اور یہ ایک خوش آئند بات تھی اس کے لیے۔

''اپنا خیال رکھنا۔'' اس نے کوٹ پہنتے ہوئے جنت کمال سے کہا۔ اور جنت کمال نے کچھ ہی دیر بعد آٹومیٹک دروازہ کھلنے اور سگنل کے ساتھ بند ہونے کی آواز سنی۔

جھاگ زدہ ہتھیلی کھول کر وہ ہونٹوں تک لائی۔ پھونک مار کر اڑایا، پھر دھیرے سے گنگناتی بقیہ کام سمیٹنے لگی۔

☆......☆......☆

ویسٹ فیلڈ لندن مال کے کڈز سیکشن میں گلابی اور آسمانی رنگ کی اشیاء کا ڈھیر تھا جو جنت کمال کی ٹرالی میں اکٹھا ہو چکا تھا۔ وہ تو بہت سوچ سمجھ کر چیزیں اٹھا رہا تھا مگر جنت کا بس نہیں چل رہا تھا پورا شاپنگ مال خرید لے۔ وہ اس کی ایکسائٹمنٹ، اس کا جنون، اس کی خوشی دیکھ کر مسکراتا ہی رہا۔

وہ دو رنگوں کی چیزیں خرید رہی تھی کہ اگر بیٹا ہوا تو بیٹی کے لیے خریدی جانے والی اشیاء چیریٹی کر دے گی اور اگر بیٹی ہوئی تو پھر بیٹے کے لیے خریدا جانے والا سامان خیرات میں جائے گا۔

''اور اگر ٹوئنز ہوئے تو؟'' فارس نے سوال کیا۔ وہ لمحے بھر کے لیے تھمی۔ یہ تو اس نے سوچا ہی

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

نہیں۔اسے الجھا کر وہ متبسم چہرے کے ساتھ رخ موڑ کر کچھ اور دیکھنے لگا۔

''تب ہم آدھی چیزیں رکھیں گے اور آدھی چیریٹی کر دیں گے۔'' اس کے پیچھے جا کر کہا۔ بے دھیانی میں وہ ''ہم'' کہہ گئی۔

''ٹھیک ہے''ہم''(زور دے کر) ایسا ہی کریں گے۔''

''میں صرف اپنی بات کر رہی ہوں۔'' ٹپٹا کر تصحیح کی۔

''نہیں تم ہماری بات کر رہی ہو۔''

وہ ضبط کر کے رخ بدل گئی۔

''اور اگر ٹرپیلٹس ہوئے تو؟'' کچھ دیر بعد پیچھے سے آواز آئی۔ گہری سانس لے کر جنت نے رخ موڑا۔ وہ آنکھوں میں شرارت لیے اسٹینڈ پر لٹکے نومولود بچوں کے کپڑوں میں سر دے چکا تھا۔

''پہلے ایک، پھر دو، پھر تین...... کچھ دیر بعد کہو گے چار۔'' اس نے گھورا۔

''اس بار ٹوئنز ٹھیک ہیں۔'' وہ بولا۔ ''ان شاءاللہ اگلی بار ٹرپیلٹس!''

''میرے ساتھ زیادہ فری ہونے کی کوشش مت کرو تم۔'' کچھ اور سمجھ میں نہیں آیا تو ڈانٹ کر چلی گئی۔ وہ ہنس دیا۔

''یہ بات ایک بیوی اپنے شوہر سے کہہ رہی ہے۔''

''وہی شوہر جو کچھ عرصے تک کہتا رہا۔ میں تمہیں طلاق دے دوں گا۔'' آخری جملے میں بھرپور نقل اتاری۔

''مگر وہ اب نہیں کہتا۔'' جیکٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے وہ اس کے پیچھے تھا۔

''مگر مجھے تو ابھی بھی سنائی دیتا ہے۔'' وہ ٹرالی دھکیلتی جا رہی تھی۔

''پھر تم اس کے دل کی نہیں سن رہی ہو۔''

''میں سننا بھی نہیں چاہتی۔'' وہ زیرِ لب مسکراتے ہوئے اس کے پیچھے رہا۔
''ویسے نام کے بارے میں کیا سوچا ہے؟''
''مسٹر شیرازی؟'' وہ ضبط کر کے اس کی طرف مڑی۔ ''شاید آپ بھول رہے ہیں، میں نے دوستی کی آفر ابھی قبول نہیں کی ہے۔''
''کرلو! پھر اتنا تنگ نہیں کروں گا۔'' اس کا لہجہ صلح جو تھا۔
''یعنی تم مانتے ہو، تم مجھے تنگ کررہے ہو۔'' لب بھینچ کر پوچھا گیا۔
''میں نے ایسا تو ہرگز نہیں کہا۔'' وہ صاف مکر گیا۔
دونوں ہاتھ کوٹ کی جیبوں میں تھے۔ مفلر اس نے عادتاً گردن کے گرد ہونٹوں تک اوڑھ رکھا تھا۔ سو وہ بس اس کی آنکھوں سے جھلکتی شرارت ہی دیکھ سکتی تھی۔ مسکراہٹ ہرگز نہیں۔
''تم ذرا دیر کے لیے وہاں بیٹھ نہیں سکتے؟'' اس نے زچ ہو کر ہاتھ سے اس کے پیچھے اشارہ کیا جہاں ایک عدد گورا شوہر بنچ پر بیٹھا گیم کھیل رہا تھا۔ بیوی شاپنگ میں کہیں مصروف ہوگی۔
''ہاں، تاکہ تم دوبارہ گم ہو جاؤ اور پھر وہی شور مچاؤ۔ تم نے جان بوجھ کر مجھے گم کیا۔ تم نے جان بوجھ کر...... یہ کیا...... وہ کیا...... تم ظالم، ڈرامے باز، دھوکے باز، جھوٹے، فراڈیے۔''
اب وہ اس کی نقل اتار رہا تھا۔ غصے کے باوجود جنت سٹپٹا گئی۔ چہرہ خفت سے سرخ پڑا۔ داہنا ہاتھ ایک پل کے لیے شرم ساری سے آنکھوں پر رکھا پھر لب بھینچ کر اسے ایک خطرناک قسم کی گھوری دی۔
''عدیل مجھے مشورہ دے رہا تھا۔ سر! میم کے موبائل میں ٹریک ایپ انسٹال کرلیں۔ اسے نہیں معلوم، اس کی میم خود گم ہونے سے پہلے تسلی سے اپنا موبائل گم کرتی ہیں۔''
''تم......'' اس کا پارہ چڑھا۔ ''اب میرے پیچھے آئے تو دیکھنا۔'' دھمکا کر چلی گئی۔
وہ لبوں پر مبہم سی مسکراہٹ سجائے رخ بدل کر ننھے منے جوتوں کو دیکھنے لگا۔ مفلر اس نے گردن پر ٹھہرا لیا۔

عین سامنے ٹوڈلرز کا سیکشن تھا۔ اور پھر اس سے آگے چھوٹی بچیوں کے کھلونے رکھے تھے۔ کھلونوں میں گلابی رنگ کا ایک منی کچن سیٹ ان میں نمایاں تھا......اور بے حد نمایاں تھا۔ فارس کے قدم جامد، ہاتھ بے جان ہوئے۔ نگاہیں اسی مقام پر جم گئیں۔ جنت کی نظر اس پر پڑی تو اپنی جگہ رک گئی۔

فارس کی آنکھیں ویران، چہرہ ہر تاثر سے بالکل عاری ہو چکا تھا۔ لبوں پر مسکراہٹ نہیں تھی۔ آنکھوں میں زندگی نہیں تھی۔ وہ اس کے ساتھ، اس مال میں، اس کے ہمراہ جیسے اب کہیں نہیں تھی۔

اس نے سر اٹھا کر اس طرف دیکھا جس سمت فارس کی نگاہیں ٹھہری تھیں۔ مگر وہاں کوئی نہ تھا۔ کچھ نہ تھا۔

ایسی ہی ایک حالت اس کی پہلے بھی ہوئی تھی۔ شاید کار ایکسیڈنٹ کے وقت۔ بوا کے گھر کے سامنے...... بارش کے دوران؟ شاید تب...... جب اس نے عدینہ زبیر کا ذکر کیا تھا؟ لیکن نہیں...... یہ تاثر مختلف تھا۔ ان سب سے مختلف۔

قریب آ کر اس کے بازو پر آہستگی سے ہاتھ رکھا۔ جمود ٹوٹا نہ وہ اپنے خیال سے باہر آیا۔

''فارس!'' ہلا کر آواز دی۔

طلسم ٹوٹ گیا۔ دروازے بند ہوئے، شور تھم گیا۔ آوازیں ختم ہو گئیں۔ فارس نے کچھ چونک کر اس کی طرف دیکھا۔ جنت نے اپنا ہاتھ ہٹا لیا۔ وہ تین منٹ تک مسلسل ایک ہی جگہ نظر جمائے اطراف سے یکسر بے نیاز کھڑا رہا تھا۔ وہ ظاہر نہ بھی کرتی تب بھی یہ واضح تھا وہ پریشان ہوئی تھی۔

''ہاں، بولو......'' وہ اس کی طرف متوجہ تھا، مگر پوری طرح سے بالکل نہیں۔

''کچھ نہیں...... کاؤنٹر پر جانا ہے۔'' اس نے کہہ دیا۔

''بس......اور کچھ نہیں لینا؟'' اس نے کپکپاتے ہاتھ کوٹ کی جیبوں میں ڈال لیے تھے۔ جنت نے نفی میں سر ہلایا۔

وہ اپنے والٹ سے کریڈٹ کارڈ نکالتے ہوئے ٹرالی دھکیلتا کاؤنٹر کی طرف بڑھ گیا۔ جنت کمال نے اس کے پیچھے چلتے ہوئے ایک بار پھر اسی سمت دیکھا مگر اسے کوئی بھی ایسی شے یا کوئی بھی ایسا شخص نظر نہ آیا جس نے کچھ دیر کے لیے فارس وجدان کو فریز کر دیا تھا۔ اسے اپنا وہم گردانتے ہوئے وہ سر جھٹک کر آگے بڑھ گئی۔

شاپنگ کے بعد وہ اسے حلال فوڈ ریسٹورنٹ میں لے آیا تھا۔ اس کی آمد کا سن کر سوٹڈ بوٹڈ مینیجر خود مینو کارڈ لے کر آیا۔ آؤ بھگت دیکھ کر جنت نے خود سے ہی اندازہ لگا لیا، وہ یہاں کا ریگولر کسٹمر ہوگا یا پھر مالک کے ساتھ اس کے گہرے مراسم رہے ہوں گے۔

وہ مینیو کارڈ اٹھائے آرڈر نوٹ کروا رہا تھا اور وہ اپنے آس پاس نگاہیں دوڑا رہی تھی۔ سیاہ اور گولڈن تھیم میں ریستوران کا انٹیریئر واقعی میں خوب صورت تھا۔ اسے بہت اچھا لگا۔ اس نے تصویریں کھینچ کر مسز شیرازی کو بھی سینڈ کیں۔ آس پاس دوسری میزوں پر اور بھی بہت سی مسلم فیملیز نظر آ رہی تھیں۔

''تو میرا کانٹیکٹ نمبر اب تم نے کس نام سے سیو (محفوظ) کر رکھا ہے؟'' کھانا سرو کر دیا گیا تو فارس نے پوچھا۔

''کسی نام سے نہیں۔'' بے نیازی سے بولی۔

فارس کی نگاہیں میز پر اس کے برابر میں رکھے موبائل پر پڑیں۔ اگر ابھی جو وہ کال کرے تو یقیناً اسکرین پر نام ابھر آئے گا۔ اسے وہ نیلے پیلے دلوں والا کاغذی ہز بینڈ یاد آیا۔ پہلے والی جنت یاد آئی۔ تب وہ اسے کاغذی شوہر مان کر ہی بہت خوش تھی۔

''یہ تو میرے ساتھ نری زیادتی ہے۔'' وہ کہے بنا نہ رہ سکا۔

جنت نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔ ''اچھا، تمہارے ساتھ زیادتی ہے؟ بھلا کیسے؟''

''جب کاغذی شوہر تھا تب اہمیت تھی، اب اصلی شوہر ہوں تو......''

''اہمیت تمہاری اس وقت بھی نہیں بنتی تھی۔'' اس نے جھٹ سے کہا۔ ''میں پاگل تھی جو یہ سوچ رہی تھی، تمہارے دل میں جگہ بنالوں گی۔ یہ تو مجھے بعد میں پتا چلا، تمہارا تو صرف دماغ ہے، دل تو سرے سے ہے ہی نہیں۔''

وہ چمچ منہ تک لے جاتے ہوئے ایک لمحے کے لیے رکا تھا۔ بس ایک لمحے کے لیے۔ ریستوران کی روشنیوں میں اس کی آنکھوں میں حزن کی مبہم سی لہر اٹھی۔ اور وہی لہر مسکراہٹ بن کر لبوں پر بکھر گئی۔ جنت اسے نہیں دیکھ رہی تھی۔ وہ اب اسے نہیں دیکھتی تھی۔ نہ اس کی آنکھوں میں اپنا عکس، نہ اس کے دل میں اپنی جگہ......

''یہ تو تم نے بالکل ٹھیک کہا۔''

جیب سے موبائل نکال کر نمبر ملایا۔ جنت کا موبائل جگمگ کرنے لگا۔

اوپر بڑا بڑا سا لکھا تھا۔ ''آنٹی کا بیٹا!'' بیک گراؤنڈ کی تصویر سرد، برفیلے آندھی طوفانوں سے گھرے پہاڑوں کی تھی۔

جنت نے گڑبڑا کر فوراً ہی اپنا موبائل پلٹ دیا۔

آنٹی کا بیٹا حیران کن تھا مگر فارس کو صدمہ بیک گراؤنڈ تصویر سے پہنچا تھا۔

''یہ تم نے میرے نام کے ساتھ کے ٹو کی تصویر لگائی ہوئی ہے؟'' خیال گزرا آنکھوں کو دھوکا ہوا ہوگا۔

''ہاں تو؟''

''کیوں؟''

''کیوں کیا مطلب؟ میری مرضی، میں کوئی بھی تصویر لگاؤں؟ اب تم مجھے کھانا کھانے دو گے؟''

''شیور!'' دانت پیس کر کہا پھر اپنا موبائل اٹھا لیا۔ جنت نے جزبز ہو کر اسے دیکھا۔ ''کیا کر رہے ہو؟''

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا

"اگر تم میرے نام کے ساتھ خوف ناک تصویریں لگا سکتی ہو تو میں کیوں نہیں۔"

لمحوں میں سب سیٹ کر کے موبائل رکھ دیا۔ لبوں پر ایک جلا دینے والی مسکراہٹ سجائے پھر سے کھانے لگا۔ جنت لب بھینچ کر اسے دیکھ رہی تھی۔

"مجھے پروا نہیں، تم کوئی بھی تصویر لگاؤ۔" کندھے اچکا کر کہا، مگر اندر ہی اندر۔

"اچھی بات ہے۔" اس نے سر ہلایا۔

کھانے کے بعد لانگ ڈرائیو کا پلان تھا۔ واپسی پر رات کے گیارہ بج گئے۔ وہ سو گیا تو چپکے سے اس کا موبائل اٹھا کر اپنے موبائل سے مسڈ کال دی۔ اسکرین پر نام روشن ہوا۔

بڑا بڑا سا لکھا ہوا تھا۔ "ممی کی بہو" اور بیک گراؤنڈ میں ایک ذومبی کی تصویر لگی ہوئی تھی۔ اس نے تپ کر فارس وجدان کو دیکھا۔ دل چاہا موبائل توڑ دے، مگر ضبط کر کے اٹھ گئی تھی۔

☆......☆......☆

آج فارس وجدان کے دوست کی شادی تھی۔ اپنی تیاریوں میں مگن اس نے دو کام دار جوڑے بیڈ پر پھیلائے ہوئے تھے۔ ایک آسمانی رنگ کا تھا، دوسرا ہلکے گلابی رنگ کا۔ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کون سا والا پہنے؟ پسند تو دونوں تھے تب ہی اٹھا لائی تھی۔ مسز شیرازی کو تصویریں بھیج کر ان کے انتظار میں ایسے ہی ٹہلتے ہوئے اسکرین کو تک رہی تھی جب وہ ڈریسنگ روم سے نکل آیا۔ کف لنکس لگاتے ہوئے نگاہ بیڈ پر رکھے کپڑوں سے ہوتی ہوئی جنت تک گئی۔ موبائل کان سے لگائے، ہونٹ کاٹتی وہ کشمکش و پیچ میں مبتلا لگ رہی تھی۔

اس نے واسکٹ پہننے کے بعد کلائی پر گھڑی چڑھاتے ہوئے ڈریسنگ ٹیبل کے آئینے میں جنت کو دیکھا پھر کوٹ اٹھاتے ہوئے بیڈ کے قریب آیا۔ ایک سرسری سی نگاہ کپڑوں پر ڈالی اور پھر سائیڈ ٹیبل سے موبائل اٹھاتے ہوئے سیدھا ہو۔

"یہ کلر زیادہ سوٹ کرے گا۔" اشارہ ہلکے آسمانی رنگ والے جوڑے کی طرف تھا۔

جنت کمال چونک کر مڑی مگر وہ تب تک لمبے لمبے ڈگ بھرتا بیڈ روم سے جا چکا تھا۔

"ہاں، اور میں تو جیسے اس کی بات مان لوں گی۔"

کہہ کر سر جھٹکا۔ ایک بار پھر اسکرین کو دیکھا۔ مسز شیرازی آن لائن نہیں تھیں۔ نچلا لب دانتوں تلے دباتے ہوئے ایک بار پھر اپنے کپڑوں کو دیکھا۔ پھر روہانسا ہو کر دس تک گنتی کی۔ پھر جھنجھلا کر ایک سوٹ اٹھایا اور ڈریسنگ روم میں گھس گئی۔

https://novelskidunya.com/

پورے ایک گھنٹے کے بعد وہ مکمل تیاری کے ساتھ بیڈ روم سے باہر آئی تو فارس شیرازی اس پر نگاہ ڈال کر ہٹانا بھول گیا۔ ہلکے گلابی رنگ کے کام دار جوڑے میں ملبوس، نیچرل سا لک دیتا لائٹ پنک میک اپ کیے وہ کسی جیتی جاگتی گڑیا کے مشابہ لگ رہی تھی۔ بال کھلے چھوڑ رکھے تھے، اطراف میں نقرئی پنز کی مدد سے سیٹ کیے گئے تھے۔

لانبی گھنیری پلکوں کے سائے میں شہد آنکھیں لائنر کی وجہ سے اور نمایاں ہو رہی تھیں۔

لمبے جگ مگ کرتے ایئر رنگز، گردن میں چمکتا نفیس لاکٹ، مخروطی انگلیوں میں ٹھہری ہوئی انگوٹھی۔ وہ کندھے پر دوپٹہ سیٹ کرتے ہوئے سامنے صوفے پر بیٹھ کر اپنی سلور سینڈلز کی اسٹرپس بند کرنے لگی۔

Novels Ki Duniya

چند لمحوں وہ اسے اپنے دل کی نگاہ سے دیکھتا رہا۔ داہنا ہاتھ بے اختیار کوٹ کی جیب تک گیا۔ انگلیوں کی گرفت میں مخملیں ڈبیہ آئی۔

"یہ تو مجھے بعد میں پتا چلا، تمہارا تو صرف دماغ ہے، دل تو سرے سے ہے ہی نہیں۔" وہ شکوہ بھری ایک تنبیہی آواز اس کی قوت سلب کر گئی۔

"سب تمہارے اس دل کے گرد گھوم رہا ہے۔"

اس نے جیب سے ہاتھ باہر نکال لیا۔
اسٹریپس باندھ کر اٹھی تو نگاہیں سیدھا فارس وجدان کی ٹائی پر جا ٹھہریں۔ایک لمحے کے لیے منہ کھلا،اور پھر رخ بدل کر نچلا لب دانتوں میں دبایا۔اس کے فراک کے ساتھ فارس وجدان کی ٹائی میچ کر رہی تھی۔

''اللہ!'' وہ اندر ہی اندر زور سے چیخی۔اس نے جان بوجھ کر آسمانی رنگ والا جوڑا چنا تھا کہ وہ گلابی فراک پہنے۔اسے یقین تھا کہ وہ اس کی بات نہیں مانے گی۔

''اف! جنت! تم اتنی predictable کیوں ہو؟ آخر کیوں؟'' آنکھیں میچ کر خود کو اندر ہی اندر جھڑکا۔

''اچھی لگ رہی ہو۔'' وہ کوٹ کا بٹن بند کرتے ہوئے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا۔

''وہ تو میں شروع سے ہوں۔'' کمال بے نیازی سے کہہ کر رخ بدلا کہ تمہاری تعریف سے میری ہارٹ بیٹ مس نہیں ہوئی ہے،نہ ہی احساسات میں کوئی فرق آیا ہے۔لیکن اندر ہی اندر......

''اف! اس نے تعریف کی۔فارس وجدان نے تعریف کی۔'' دوسری چیخ۔دل بند ہونے کو تھا۔ گال دہک اٹھے تھے۔

لیکن بہت ہی تحمل،وقار اور نزاکت کے ساتھ اپنے چھوٹے سے بیگ کی لمبی سی نقرئی زنجیر پر گرفت بڑھاتے ہوئے ایک ادا سے سر اٹھایا۔وہ لاکھ چھپاتا مگر وہ اس کے سنجیدہ سے باوقار چہرے پر مسکراہٹ اور شرارت کا رنگ دیکھ سکتی تھی۔

''کل رات میرے موبائل پر ممی کی بہو کی مسڈ کال آئی ہوئی تھی۔خیریت ہے؟ اتنی رات گئے آپ نے ایک ہی کمرے میں ہوتے ہوئے مجھے کال کی؟'' متبسم لہجے میں قدرے سنجیدگی سے پوچھا۔

''یہ کچھ بھولتا بھی ہے یا نہیں؟'' وہ دانت کچکچا کر رہ گئی۔

''ذرا بتانا پسند کرو گے ذومی اور مجھ میں کیا قدر مشترک ہے؟'' ڈٹ کر پوچھ لیا۔

''تم بتانا پسند کرو گی، مجھ میں اور کے ٹو میں کیا قدر مشترک ہے؟'' جیبوں میں ہاتھ ڈالے اس کی آنکھوں میں دیکھا۔

''بہت کچھ مشترک ہے۔'' دانت پیس کر کہا۔

''تم میں اور ذومی میں بھی۔'' وہ بولا۔

''مثلاً کیا؟'' وہ ضبط کی کڑی آزمائش سے گزر رہی تھی۔

''دونوں دماغ بہت کھاتی ہو۔'' اس نے کہہ کر کوٹ اٹھایا۔

جنت کا خوب صورت چہرہ غصے سے لال ہو گیا۔ اب اگر اسے اپنی تیاری کا خیال نہ ہوتا تو وہ یقیناً کچھ کر گزرتی۔

''میں تمہارا دماغ کھاتی ہوں؟ میں؟'' غصے سے پھٹ پڑی۔ ''میں نے تو پھر بھی خوب صورت پہاڑوں کی تصویر لگائی ہے۔''

''خطرناک پہاڑوں کی۔'' فارس نے تصحیح کی۔

''کے ٹو ایک کلر ماؤنٹین ہے۔''

جنت نے مٹھیاں بھینچ کر اسے دیکھا۔ خواہ مخواہ کا ایشو......

''میں نے ایک رینڈم تصویر لگائی ہے۔'' تحمل سے احتجاج کیا۔

''سوچ سمجھ کر لگائی ہے۔'' وہ دوبدو جواب دے رہا تھا۔ جنت کے غصے کا گراف بڑھ گیا۔

''آخر میں تم سے کیوں بات کر رہی ہوں؟'' اس نے خود کو خود ہی جھڑک دیا۔

''میں بھی یہی سوچ رہا ہوں۔'' فارس کے اطمینان میں کوئی فرق نہیں آیا تھا۔ ''اب چلیں؟ باقی کی لڑائی گھر آ کر لڑ لیں گے۔'' تپا دینے والی مسکراہٹ کے ساتھ کہا گیا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

اپنا سفید کوٹ اٹھا کر پاؤں پٹختی دروازے کی طرف بڑھی۔

''آہستہ، آرام سے......'' اس نے پیچھے سے کہا۔

''میری فکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے تمہیں۔'' تنفر سے کہہ کر باہر نکل گئی۔

اس نے مسکراتے ہوئے والٹ اور چابی اٹھائی اور اس کے پیچھے چلا آیا۔

☆......☆......☆

شاندار میرج ہال کے بیرونی گیٹ کے سامنے گاڑی روک دی۔ وہ دونوں باہر نکل کر مرکزی احاطے سے اندرونی سمت بڑھے تو استقبالیہ میں کھڑے کئی لوگوں کی نگاہیں ان کی طرف اٹھی تھیں۔ وہ جانتی تھی سب فارس کو دیکھ رہے ہیں۔ اور وہ یہ بھی جانتی تھی نظروں کی زد میں وہ بھی اس کی وجہ سے ہی آ رہی تھی۔

فارس نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے بازو پر رکھا۔

''اگر دنیا کو یہ بتانا مقصود ہے کہ ہم میریڈ ہیں تو انہیں یہ بھی پتا چلنا چاہیے کہ ہم ہیپی لی میریڈ ہیں۔''

''تمہیں اپنی ریپوٹیشن کی کتنی فکر ہے نا۔'' وہ تپ کر بولی۔

''یہ ایک پرائیوٹ میرج سیرمنی ہے ورنہ میری خبر یا تصویروں کو وائرل ہونے میں دیر نہیں لگتی۔''

''اوہ اچھا! اب تم مجھے یہ بتا رہے ہو کہ تم ایک سیلیبریٹی ہو؟'' اس نے خاصی اونچی آواز میں طنز کیا۔

''سیلیبریٹی تو خیر سے نہیں۔'' وہ کہہ رہا تھا۔

''مگر ایک سیلیبریٹی کا بیٹا تو ہے۔'' اس کا جملہ اچک کر کسی اور نے مکمل کیا تھا۔

فارس کی مسکراہٹ اڑن چھو ہوئی۔ تاثرات پتھر ہو گئے۔ جنت نے سر اٹھا کر آواز کی سمت دیکھا تو مشروب کا گلاس ہاتھ میں لیے ایک شخص نے سر کے خفیف اشارے سے سلام کیا تھا۔ فربہی مائل جسم......سر اور مونچھوں کے بال مکمل سفید تھے۔

''میں نے تو کامران بھائی سے بھی کہا تھا۔ انہیں انوائیٹ کر لیتے تو ہماری عید ہو جاتی۔''

فارس کی مٹھیاں بھینچ گئیں۔آنکھوں میں سرخی اتر آئی۔

''جمال گردیزی۔'' اپنا تعارف کرواتے ہوئے جنت کی جانب اپنا ہاتھ بڑھایا سلام کے لیے۔

''چلیں۔'' اس شخص کو کوئی بھی جواب دیے بغیر وہ جنت کو بازو کے حصار میں لیتا استقبالیہ کی طرف بڑھ گیا۔جمال گردیزی کے لبوں پر ایک شیطانی مسکراہٹ آ کر ٹھہر گئی۔نگاہوں نے ان کا دور تک تعاقب کیا تھا۔فارس کے رویے سے جنت کو حیرت ہوئی تھی۔کیا وہ ہر کسی سے ایسے ہی پیش آتا تھا؟

''مسز شیرازی ایک آرٹسٹ تھیں، یقینا وہ اپنے آرٹ ورک کی وجہ سے انٹرنیشنل لیول پر جانی پہچانی جاتی ہوں گی تب ہی جمال گردیزی نے ذکر کیا ہوگا۔'' اس نے سوچا۔

اس پر اتنا خفا ہونے کی تو کوئی بات نہیں تھی، مگر فارس کے تاثرات۔اس کے چہرے اور آنکھوں سے نرمی مفقود ہو چکی تھی۔حالانکہ آتے وقت اس کے تاثرات کافی سے زیادہ خوش گوار تھے۔

شادی ہال میں فارس کے دوستوں سے، ان کی بیویوں سے، اور ان کے قریبی رشتے داروں سے ملتے ہوئے اسے ادراک ہوا، وہ اتنے سارے ملکی اور غیر ملکی لوگوں میں اپنے اسٹیٹس، اپنے کاروباری معاملات کی وجہ سے بہت اہمیت رکھتا تھا۔لوگ اسے ڈھونڈ کر خود آ کر مل رہے تھے۔خواتین اس کی توقع سے زیادہ اس کے ساتھ اچھا رویہ برت رہی تھیں۔وہ ہر تھوڑی دیر بعد سر اٹھا کر اسے دیکھنے لگتی تھی۔

وہ کم گو اور ریزرو نیچر کا مالک تھا۔وہ اسے کسی کے ساتھ ہنستا مسکراتا، یا پھر کھل کر گفتگو کرتا ہوا نہیں دیکھ رہی تھی۔وہ اپنے ہر انداز، ہر بات اور ہر عمل میں ایک حد یا دیوار سی قائم کیے ہوئے تھا۔وہ سر کے خفیف اشارے سے نفی یا اثبات میں سر ہلاتا، مختصر لفظوں میں کوئی جواب دے کر بات ختم کرتا نظر آ رہا تھا۔

اس نے نگاہ ہٹالی۔اب وہ آتی جاتی لڑکیوں کو دیکھ رہی تھی۔کچھ اس کے دوستوں کی بہنیں تھیں۔کچھ ان بہنوں کی دوستیں تھیں۔کچھ کی آنکھوں میں رشک تھا، کچھ حسد میں مبتلا تھیں۔اسے بے اختیار عدینہ زبیر کے ساتھ ہونے والی اپنی پہلی ملاقات یاد آئی۔اس کی مذاق اڑاتی نگاہیں، تضحیک آمیز

رویہ یاد آیا۔ نہ چاہتے ہوئے بھی وہ اپنا مقابلہ عدینہ زبیر سے کرنے لگی۔ شاید وہ واقعی میں فارس وجدان کے ساتھ اچھی نہیں لگتی تھی یا شاید......اس کے ساتھ عدینہ زبیر جیسی لڑکی ہی بجتی تھی۔ اس کی روشن آنکھوں کی چمک یکا یک ماند پڑی۔ وجود میں بے چینی سی اتر آئی۔

گہری سانس لے کر وہ اپنی جگہ سے اٹھ گئی۔ فارس بالکل سامنے ہی کچھ کاروباری شخصیات کے گھیرے میں کھڑا تھا۔

وہ دائیں طرف باہر کی جانب قدم اٹھاتی گئی۔ طویل راہداری، اونچی دیواریں اور دیوار گیر کھڑکیاں کسی محل کے اندرونی حصے کا پتا دے رہی تھیں۔ وہ ریسٹ روم میں چلی گئی۔

اونچی لمبی شیشے کی دیواروں کے سامنے اپنے سراپے کا از سرِ نو جائزہ لے کر اس نے دوپٹہ سیٹ کیا، گلابی لبوں پر لپ گلوس کا اضافہ کر کے باہر آئی تو طویل راہداری کے دوسرے سرے پر اسے فارس نظر آیا۔ وہ یقیناً اس کے انتظار میں وہاں کھڑا تھا۔

''بتا کر جانا چاہیے تھا تمہیں۔'' وہ قریب پہنچی تو اس نے کہا۔

''اب کوئی چھوٹی کا کی تھوڑی نہ ہوں کہ گم ہو جاؤں گی۔'' وہ بڑبڑا کر رہ گئی۔

گیلری کی طرف کا شیشہ سلائیڈ کیا تو باہر روشنیوں میں نہایا ہوا سرسبز قطعہ نظر آنے لگا۔ اس نے موبائل نکال کر کچھ تصویریں کھینچیں۔

''مسز سلیمان تم سے کیا کہہ رہی تھیں؟'' وہ ستون کے ساتھ پشت ٹکا کر کھڑا ہو گیا۔

''وہ ہماری شادی پر نہیں آسکی تھیں اس لیے شادی کی اسنیپس دیکھنا چاہ رہی تھیں۔''

''تو تم نے دکھائیں؟''

''نہیں۔''

''کیوں؟'' وہ حیران ہوا۔

جنت نے گردن موڑ کر اسے خشمگیں نگاہوں سے گھورا جیسے پوچھ رہی ہو کیا تم واقعی نہیں جانتے؟

''میں کچھ سمجھا نہیں۔''

''آئمہ نے ہماری تصویریں دیکھ کر جانتے ہو مجھ سے کیا کہا؟ یہ فارس بھائی ایسے کیوں بیٹھے ہیں جیسے مرچیں چبائے ہوئے ہوں۔ اب میں دوسروں کو خود کا مذاق اڑانے کا موقع دوں؟ وہ سوال اٹھائیں، دلہا آخر ایسے کیوں بیٹھا ہے۔ اس کا موڈ کیوں آف ہے؟ اتنے غصے میں کیوں لگ رہا ہے؟ خوش کیوں نہیں ہے؟ زبردستی کی شادی ہوئی ہے کیا؟ کوئی ایک تصویر بھی ایسی نہیں کہ بس اتنی سی مسکراہٹ نظر آ رہی ہو۔''

اس کا لہجہ غمگین اور انداز شکوہ بھرا تھا۔ فارس وجدان اپنی جگہ کھڑا رہ گیا۔ دل کی کیفیت عجیب ہوئی کہ وہ خوب صورت ترین لمحوں کو نہ صرف اپنے لیے بلکہ اس کے لیے بھی تکلیف دہ بنا چکا تھا۔ وہ وقت جو یادگار رہنا تھا، وہ تصویروں میں مقید ہو کر اذیت کا باعث بن رہا تھا۔

وہ اس کے پیچھے، بہت قریب آ کھڑا ہوا۔ وہ ریلنگ پر ہاتھ رکھے دور تک دیکھ رہی تھی۔

آہستگی سے موبائل جیب سے نکالا۔ بازو کے حصار میں لے کر قریب کیا۔ موبائل کا فرنٹ کیمرہ آن تھا۔ لمحے میں تصویر کلک ہوئی تھی۔ وہ اپنے خیالوں میں گم تھی۔ اس حرکت پر بوکھلائی۔ دوسری کلک ہوئی۔ شکوہ اس لیے تو نہیں کیا تھا کہ وہ تصویریں لے۔

''اچھی آئی ہے۔'' کہہ کر اسے بھی دکھائی۔

وہ منجمد اعصاب کے ساتھ کھڑی تھی۔ ہاں وہ اپنی تصویر کو اچھا کہہ سکتا تھا۔

''ڈیلیٹ کرو اسے۔'' آگے بڑھ کر موبائل چھیننا چاہا۔

''میں بہت اچھا لگ رہا ہوں۔''

''لیکن میں اچھی نہیں لگ رہی۔ ادھر دو مجھے۔'' ایک تو وہ لمبا، اوپر سے ہاتھ بھی اونچا کر لیا۔ وہ

روہانسی ہوگئی۔

''ممی کو سینڈ کرتا ہوں۔''

''ہرگز نہیں!'' وہ دبی آواز میں چلائی۔

''مگر کیوں؟'' ذرا حیران ہو کر اسے دیکھا۔

''میری تصویر اچھی نہیں آئی۔ اسے ڈیلیٹ کر دو۔'' ضبط کر کے بولی۔

''تو ٹھیک ہے، ممی کے لیے ایک تصویر کھنچوا لو۔ میں اسے ڈیلیٹ کر دوں گا۔''

''فارس!'' اسے غصہ چڑھ گیا۔

وہ نفی میں سر ہلاتے ہوئے پیچھے ہٹا۔ وہ اس کی ضد سے واقف تھی۔ نہ چاہتے ہوئے بھی مدھم پڑی۔ تیور بگڑے ہوئے تھے۔ ''ٹھیک ہے، پہلے وعدہ کرو تم یہ ڈیلیٹ کر دو گے۔''

''ہاں کر دوں گا۔'' اچھی خاصی تصویر کا وہ ایشو بنا رہی تھی۔

''مجھے تم پر کوئی یقین نہیں۔''

''میں وعدہ کرتا ہوں، کسی کو نہیں بھیجوں گا۔ خود ہی دیکھ کر ہنستا رہوں گا۔'' شرارت سے کہا۔

اور وہ سچ مچ آنکھوں میں موٹے موٹے آنسو بھر لائی۔ فارس اسے دیکھ کر رہ گیا۔ وہ اتنی سی بات پر اتنی حساس کیوں ہو رہی تھی؟

''اچھا نہیں ہنسوں گا اور ڈیلیٹ بھی کر دوں گا۔'' قریب آ کر بازو دراز کر کے ایک سیلفی لینا چاہی۔ اب کی بار وہ اس کے پہلو میں آرام سے کھڑی رہی۔ سر اٹھا کر مسز شیرازی کے لیے دل سے مسکرائی۔ آنکھوں کی نمی بڑھی۔ اور تصویر بہرحال بہت اچھی آئی تھی۔ وہ دونوں اپنے آپ میں ادھورے۔ اپنی تصویر میں مکمل لگ رہے تھے۔

کچھ دیر تک راہداری میں ٹہلتے رہنے کے بعد وہ اس کے ساتھ ہال میں واپس آ گئی۔ وہ اب کچھ

بہتر تھی۔ذرا موڈ بھی بہتر تھا۔ پہلو میں بیٹھا فارس بے حد سنجیدگی سے ہر تھوڑی دیر بعد کوئی نہ کوئی ایسی بات ضرور کر دیتا جس سے وہ غصے سے لال بھبھوکا ہو جاتی۔ پھر جھک کر سرگوشی میں جواب دے کر اسے لاجواب کرتے ہوئے طنز سے مسکراتی تو اپنے چہرے پر سنجیدگی طاری رکھنا فارس کے لیے مشکل ہو جاتا۔ اس کی آنکھیں مسکرانے لگتی تھیں۔ تاثرات میں تبسم آ جاتا۔ مسرت بھرے رنگ ہر انداز سے چھلکنے لگتے تھے۔

وہ نظروں میں کچھ اس لیے بھی آ رہا تھا کہ معمول سے ہٹ کر وہ بہت مطمئن، بہت خوش لگ رہا تھا۔ غالباً اسے کبھی بھی، کسی نے اس طرح اتنے خوش گوار موڈ میں، اتنا مسکراتا نہیں دیکھا تھا۔ اس کی دوسری شادی کے سلسلے میں جتنی چہ مگوئیاں ہوئی تھیں، جتنے افسانے گھڑے گئے تھے، جتنی باتیں بنائی گئی تھیں تو اب وہاں بھی بہت سے حریفوں کو اپنے منہ کی ہی کھانی پڑی تھی۔

وہ لمحے خوب صورت تھے۔ اور خوب صورتی سے گزر گئے۔ شادی کا فنکشن ختم ہوا تو اس وقت رات کے بارہ بج رہے تھے۔ کچھ قریبی دوستوں سے ملنے کے بعد وہ فارس کے ہمراہ بیرونی دروازے پر آئی تو اس وقت رم جھم بارش برس رہی تھی۔ ٹھنڈک کا شدت سے احساس ہوا۔ اس نے کوٹ، مفلر اور دستانے پہنے ہوئے تھے مگر پھر بھی کپکپا رہی تھی۔

"کیا بنے گا آپ کا۔" فارس کہے بنا نہ رہ سکا۔

"اس طرح کھڑے رہے تو قلفی بن جاؤں گی۔" لرزتی آواز میں کہا۔ پھر اس کے بازو پر گرفت بڑھاتے ہوئے چھتری کے سائے میں گاڑی کی جانب بڑھ گئی تھی۔

وہ اتنی تھکی ہوئی تھی کہ گھر پہنچتے ہی سو گئی مگر فارس نے کپڑے بدل کر لیپ ٹاپ اٹھا لیا تھا۔

وہ شادی کے پورے سات ماہ بعد آج اپنی شادی کی تصویریں دیکھ رہا تھا۔

وہ اس کے پہلو میں بظاہر مطمئن، سر اٹھائے بیٹھی تھی مگر اس کی شہد آنکھوں میں خوف نمایاں تھا۔ جیسے وہ نہ جانتی ہو اب اس کے ساتھ کیا ہونے والا تھا۔ زندگی اب اسے کس دوراہے پر لانے والی تھی۔

کس آزمائش میں ڈالنے والی تھی۔اس کے ہاتھ باہم پیوست تھے۔چہرے پر کہیں کہیں تفکرات کی پرچھائیاں لہرا رہی تھیں۔

وہ برائیڈل ڈریس میں انتہا کی حسین لگ رہی تھی اور یہ حسن اس رات اسے نظر نہیں آیا تھا۔اس نے تو نظر بھر کر اسے دیکھا بھی نہیں تھا۔

جنت کمال نے اپنی رات اس کی اسٹڈی میں بتائی تھی۔یہ نئی زندگی کا آغاز تھا۔نئے گھر میں پہلی رات۔نئے رشتے کی پہلی نفرت تھی۔

وہ بھاری دل کے ساتھ تصویریں بدلتا جارہا تھا۔

ولیمے کی تصاویر میں وہ سر اٹھائے، گردن اونچی کیے زیادہ مسکرا رہی تھی۔زیادہ خوش نظر آ رہی تھی۔ہر کسی سے بہت کانفیڈنس سے بات کرتی، اپنے دوپٹے کو سیٹ کرتی، اپنا پوسچر بہتر کرتے ہوئے اس نے اپنی تصویریں بہت اعتماد سے کھنچوائی تھیں۔وہ حیران تھا۔وہ ایک بار پھر حیران ہوا تھا۔اس شب جو رویہ اس نے دیا تھا۔اور جس طرح اس کی حیثیت واضح کی تھی، اسے کمرے سے نکالا تھا۔اس کے بعد بھی وہ کھل کر مسکراتے ہوئے اتنے سارے لوگوں کو دھوکا دینے میں کامیاب ہوگئی تھی۔

وہ اپنے خاندان میں واپس نہیں جانا چاہتی تھی۔وہ اس شادی کو ہر صورت نبھانا چاہتی تھی۔مگر اس کے احساسات، اس کی زندگی، اس کی مجبوریوں سے قطعی بے خبر فارس وجدان نے اس کا ہر خواب، اس کی ہر امید خاک میں ملادی تھی۔

زندگی جتنی اس پر تنگ تھی، مزید اس نے کردی تھی۔

وہ لاؤنج سے اٹھ کر کمرے میں آگیا۔

وہ گہری نیند میں تھی۔صوفے کی وجہ سے خود میں سمٹ کر سونے کی عادی ہوچکی تھی۔کتنی ہی دیر تک وہ اس کے پاس کھڑا رہا۔پھر پاس بیٹھ کر اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا۔

https://novelskidunya.com/

ایسے جیسے ابھی بھی ڈر ہو، وہ پلک جھپکتے ہی کسی خواب، کسی خیال کا حصہ ہو جائے گی۔ یہ خوف، یہ بے سکونی، یہ کچھ کھو دینے کا احساس اس کی رگ رگ میں اترا ہوا تھا۔

وہ نیند میں ذرا سا کسمسائی تو اس کی بے آرامی کا خیال کر کے ہاتھ ہٹا لیا۔

شادی اچھے حالات میں نہیں ہوئی تھی۔ شادی مرضی اور چاہ سے بھی نہیں ہوئی تھی۔ مگر جو عطا کیا گیا تھا، وہ ایک مرہم تھا۔ ان زخموں کا جنہیں وہ سالہا سال سے اپنی روح پر لیے پھر رہا تھا۔ اور اس امر کا ادراک اسے بہت تاخیر سے ہوا تھا۔ اپنے انعام سے آگاہی بہت دیر سے ملی تھی۔ اور اسے اس بات کا پچھتاوا تھا...... بے حد پچھتاوا تھا۔

☆......☆......☆

مسز سلیمان نے فون کر کے انہیں اپنے گھر انوائیٹ کیا تھا۔ اب چونکہ ان کی تین دن بعد واپسی تھی تو اس کا خیال تھا دعوت اٹینڈ کر لینی چاہیے۔

''میں تو نہیں جا سکوں گا! تم چلی جانا۔'' وہ ریموٹ سے چینل بدلتے پاپ کارن کے پیکٹ ہاتھوں میں لیے صوفے پر دراز تھا۔

''اور تم کیوں نہیں جا سکو گے؟''

''کتے، بلیاں، پرندے، مچھلیاں، ہر طرح کی مخلوق پال رکھی ہے انہوں نے اپنے گھر میں۔ باہر کہیں دعوت ہوتی تو کوئی مسئلہ نہیں تھا۔''

''پھر تو مجھے بھی نہیں جانا چاہیے۔'' وہ کچھ سوچ کر گویا ہوئی۔

''ایسے انکار کرو گی تو اچھا نہیں لگے گا۔ میں ان سے اپنی طرف سے معذرت کر لوں گا۔ لیکن تم ضرور جاؤ۔''

''اکیلی؟'' وہ کچھ پریشان ہوئی۔

فارس نے اسکرین سے نظریں ہٹا کر اسے دیکھا۔ ''ڈرائیور، گارڈ، اور چاہو تو ہیلن کو ساتھ لے جاؤ۔''

''اب یہ ہیلن کون ہے؟'' مشکوک نظریں۔

''میرے منیجر کی اسسٹنٹ ہے! وہ تمہارے ساتھ چلی جائے گی۔''

''اور تم یہاں اکیلے بیٹھ کر مزے اڑاؤ گے؟'' تنک کر پوچھا۔

''نہیں۔ مجھے اپنے بھی بہت کام ہیں۔ آٹھ بجے تو میری میٹنگ ہے۔ دس بجے جاپانی انویسٹرز کے ساتھ ڈنر کا پلان ہے۔ اور بھی کچھ کام ہیں۔ باقی دو دن رہ گئے ہیں۔'' وہ اپنے پروگرام سے آگاہی دے رہا تھا تو جنت کی رگیں تن گئی تھیں۔

''یوں کہو نا کہ تمہارے اپنے سو کام ہیں۔ کتنے بلیوں کو کیوں الزام دے رہے ہو؟''

وہ گہری سانس لے کر سیدھا ہو بیٹھا۔ ''تم غصہ کیوں ہو رہی ہو؟ اس لیے کہ میں تمہارے ساتھ نہیں جا رہا؟''

''میں تمہارے بغیر ہی ٹھیک ہوں۔ اور میں دعوت پر ضرور جاؤں گی۔ بلکہ ایسا کروں گی آج رات ان کے گھر ہی رک جاؤں گی۔ میرے ہزبینڈ کو بہت زیادہ کام ہیں نا۔ رات کے بارہ ایک بجے سے پہلے تک تو تم نے فری نہیں ہونا۔ کام دو دن میں ختم ہونا ضروری ہیں۔''

طنزیہ لہجے میں زبردستی کی مسکراہٹ دکھا کر اٹھ گئی۔ وہ متبسم چہرے کے ساتھ بیٹھا رہا۔ پھر اٹھ کر کمرے میں آیا۔ وہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی بال بنا رہی تھی۔

''میں واپسی پر تمہیں خود پک کر لوں گا۔'' اس نے کہا۔

''کوئی ضرورت نہیں۔ میں ویسے بھی ان کے گھر میں بلیوں کے ساتھ وقت گزاروں گی۔'' وہ اچھی خاصی تپی ہوئی تھی۔

''ٹھیک ہے۔'' اس نے مزا لیا۔ ''جیسے تمہاری مرضی! لیکن گھر آ کر تمہیں اچھے سے شاور لینا ہو

https://novelskidunya.com/

گا۔ کپڑے چینج کرنا پڑیں گے۔ ہاتھ اچھی طرح سے دھونا ہوں گے۔ جوتے تو باہر ہی اتار کر آنا۔" وہ ہدایت نامہ جاری کرر ہا تھا۔

وہ ضبط کر کے اس کی طرف مڑی۔ "یہ ساری احتیاطی تدابیر صرف میرے لیے ہیں؟ تمہارے لیے کچھ نہیں ہے؟"

"کیوں تمہیں بھی کوئی الرجی ہے؟"

"ہاں ہے نا۔ مجھے فارس الرجی ہے۔" دانت پیس کر کہا۔ "اب ہٹو میرے راستے سے۔" بیگ کندھے پر ڈالتے ہوئے اسے راستے سے ہٹایا۔

"اوہ! خاصی سیریس الرجی لگتی ہے۔" وہ محظوظ ہوا تھا۔

جنت نے قہر بار نگاہوں سے اسے دیکھا۔ بیٹھ کر اسنیکر پہنے، تسمے باندھ کر سیدھی ہوئی تو موبائل پر کال آنے لگی۔

"ہیلن آ چکی ہے۔" فارس نے اسکرین پر نگاہ دوڑاتے ہوئے اطلاع دی۔

اس نے گرم شال اوڑھ کر ہینڈ بیگ میں موبائل رکھا، دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے رکی۔ پھر مڑ کر اسے دیکھا۔ وہ اس کے پیچھے کھڑا تھا۔

"اپنا خیال رکھیے گا مسز فارس!" جیبوں میں ہاتھ ڈالے اس کی طرف جھک کر کہا۔

"اچھا کس لیے؟" اس کا پارہ چڑھا ہوا تھا۔

"اگر آپ نے اپنا خیال نہ رکھا تو میں وہ ہو جاؤں گا۔ کیا کہتے ہیں اسے..... بیوہ کا جو دوسرا لفظ ہے۔" جنت نے جھنجھلا کر اسے پرے دھکیلا۔

"ہاں تو پھر کر لینا دوسری تیسری شادی۔" اس نے باہر نکلتے ہی ٹھاہ کر کے دروازہ زور سے بند کیا۔

"بات سنو!" فارس دروازہ کھول کر باہر آیا۔

سامنے ہی وہ سفید ٹائلز پر پاؤں پٹختی لفٹ کی طرف جا رہی تھی۔
''ان کا کافی بڑا گھر ہے۔ گم مت ہو جانا۔ یہ نہ ہو وہ مجھے کال کریں کہ آ و اپنی بیوی کو ڈھونڈو۔ ہمیں مل نہیں رہی۔''
''اللہ!'' وہ جھٹکے سے مڑی۔ مٹھیاں بھینچ کر یہاں وہاں دیکھا کہ کوئی چیز ہاتھ آئے اور وہ اسے دے مارے۔ لیکن وہاں بس ان ڈور پلانٹ رکھا تھا اور وہ اتنا بھاری گملا اٹھا کر اسے مار نہیں سکتی تھی۔
''چلو باقی باتیں فون پر۔'' وہ جانے کے لیے مڑا۔
''خبردار جو تم نے مجھے فون کیا۔'' بھنا کر شدید غصے کے عالم میں وارن کیا۔ ''اور مجھے لینے مت آنا۔ آج میں گھر نہیں آؤں گی۔'' دھمکا کر لفٹ میں گھس گئی۔ وہ لبوں پر مسکراہٹ لیے تب تک وہاں کھڑا رہا جب تک کہ دروازے برابر نہیں ہو گئے تھے۔

☆......☆......☆

''لینے آ جاؤں؟''
میسج کا نوٹیفیکیشن آیا تو وہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر موبائل کی طرف متوجہ ہوئی۔ دوپہر تین بجے سے وہ گھر سے باہر تھی اور موصوف کو اب اس کا خیال آیا تھا۔
''نہیں! میرا گھر آنے کا کوئی ارادہ نہیں۔'' ساتھ ہی غصیلی سرخ شکلیں بھی بھیج دیں۔
''اوکے، جیسی تمہاری مرضی۔'' اس کی طرف سے خاصا ٹھنڈا جواب آیا۔ جیسے اس بات سے کوئی فرق ہی نہ پڑا ہو۔
''ایسا کرنا کل بھی لینے مت آنا۔ پرسوں بھی نہیں۔ فلائٹ سے گھنٹہ پہلے پک کر لینا مجھے۔'' اب اسے کیسے پتا چلتا وہ غصے میں ہے تبھی نیلے پیلے ہر طرح کے غصیلے چہرے بھی ساتھ بھیج رہی ہے تاکہ صرف میسج نہ جائے، احساسات بھی پہنچ جائیں۔

"لگتا ہے، بہت اچھا وقت گزر رہا ہے تمہارا۔" فارس کی طرف سے طنزیہ مسکراہٹیں آ رہی تھیں۔

"ہاں، بہت اچھا! بہت سکون میں ہوں میں تو۔" جل کر لکھا۔ "اور تم نے مجھ سے جھوٹ بولا ان کے گھر بلیاں کتے ہیں؟"

"کیا وہ اب نہیں رکھتیں؟" دوسری طرف سے وہ حیران ہوا تھا۔

"یہ کیسا سوال ہے؟" جنت کو اور غصہ چڑھا۔ دوسری طرف اگلے تین چار منٹ تک خاموشی چھائی رہی۔ وہ آن لائن تھا مگر کچھ کہہ نہیں رہا تھا۔

"اس وقت کہاں ہو تم؟" ساتھ ہی شکی گھورتی نگاہیں بھی بھیج دیں۔

"گھر پر ہوں۔"

"کس کے گھر پر ہو؟"

"اپنے گھر پر اور کہاں؟" وہ حیران ہوا تھا۔

"تم تو کہہ رہے تھے پتا نہیں کہاں کہاں جانا ہے تم نے؟"

"جہاں جہاں جانا تھا وہاں سے ہو آیا ہوں۔"

وہ لب بھینچ کر رہ گئی۔ کچھ تو تھا جو وہ اس سے چھپا رہا تھا۔

"لینے آؤں یا نہیں۔"

"نہیں۔"

اب یہ بھی کوئی پوچھنے والا سوال تھا؟ وہ اندر تک سلگ گئی۔ ٹھیک ہے، وہ ناراض ہے۔ اس نے غصے میں جو کہہ دیا، سو کہہ دیا۔ لیکن رات بھر کسی اور کے گھر تو نہیں رک سکتی تھی مگر اس کا یہ آخری میسج سین نہیں کیا گیا تھا۔۔ فارس آف لائن ہو گیا تھا۔

مسز سلیمان سے معذرت چاہتے ہوئے وہ اٹھ کر کھڑکیوں کی طرف جا کھڑی ہوئی۔ اسے کال

https://novelskidunya.com/

کی۔دوبارہ کی۔بیل جارہی تھی مگر وہ فون نہیں اٹھا رہا تھا۔ایک ساتھ کئی میسج بھیجے مگر جواب ندارد! اسے غصہ آ گیا۔بمشکل ضبط کیے خود کو نارمل پوز کرتی مسز سلیمان کے ساتھ محوِ گفتگو رہی مگر ذہن بے طرح سے الجھا رہا۔جانے کتنی بار وہ اسے کال کر چکی تھی۔شاید بیس بار؟ یا تین کا ٹارگٹ تو پورا ہونے ہی والا ہوگا۔

ڈائننگ ٹیبل پر کھانا لگا دیا گیا تو مسز سلیمان کے کہنے پر اسے اٹھ کر جانا پڑا۔ورنہ پریشانی کے باعث تو آدھی بھوک وہیں ختم ہو گئی تھی۔

''اگر وہ سچ مچ میں اسے لینے نہ آیا تو؟'' اسے بہت فکر ستا رہی تھی۔

''کیا سوچیں گی مسز سلیمان! پہلی بار کی مہمان اور گھر آ کر بیٹھ گئی۔اف!'' کھانا کھاتے ہوئے سوچ مسلسل الجھی رہی۔

فارس سے اس کی دو گھنٹے پہلے بات ہوئی تھی۔اور ابھی تک اس نے دوبارہ رابطہ نہیں کیا تھا۔

ڈنر کے بعد وہ مسز سلیمان کے ہمراہ ڈرائنگ روم میں بیٹھی کافی پی رہی تھی جب ملازمہ نے اندر آ کر مالکن کو کسی کی آمد کی اطلاع پہنچائی۔چونکہ وہ موبائل میں الجھی بیٹھی تھی تو جان نہیں سکی۔مگر جب فارس وجدان کو ڈرائنگ روم میں داخل ہوتا دیکھا تو جھٹکے سے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

سیاہ جینز پر سفید شرٹ اور میرون سویٹر میں ملبوس وہ سیاہ رنگ کا کوٹ زیبِ تن کیے ہوئے تھا۔مفلر گردن میں تھا، ہاتھ کوٹ کی جیبوں میں۔بال ترتیب سے جمے ہوئے تھے مگر جو ماتھے پر تھے وہ بے ترتیب ہو رہے تھے۔

''تمہیں کچھ اندازہ بھی ہے، میں نے تمہیں کتنی کالز کی ہیں؟''

اس نے اچنبھے سے جنت کو دیکھا، پھر جیب سے موبائل نکالا۔اتنی ساری مسڈ کالز دیکھ کر حیران ہوا۔''تم نے مجھے کالز کیں؟ خیریت ہے؟''

جنت کے لب بھنچ گئے۔آنکھوں میں غصہ اتر آیا۔

''مجھے تو بالکل بھی پتا نہیں چلا۔'' وہ کہہ رہا تھا۔
''ہاں تمہیں کچھ کیسے پتا چل سکتا ہے۔'' اس کے پاس آ کر بگڑی۔ آواز ذرا پست تھی۔
''تو کیسا گزرا تمہارا وقت؟'' آنکھوں میں شرارت لیے سنجیدگی سے پوچھا۔
''تمہیں اس سے فرق پڑتا ہے؟''
''بالکل پڑتا ہے۔'' وہ اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا۔
''تمہارے بغیر بہت اچھا وقت گزرا۔'' سر اٹھا کر ایک ادا سے جواب دیا۔
''اتنے سارے میسج اور اتنی ساری کالز دیکھ کر اندازہ ہو رہا ہے۔'' وہ مسکرایا۔
وہ اچھا خاصا تپ گئی مگر چپ رہی۔
''میرے ساتھ بھی اچھا وقت گزارنے کی عادت ڈالو۔'' مسکراتی نگاہیں اس کے چہرے پر جما کر بولا۔
''میں صرف اچھی عادتیں اڈاپٹ کرتی ہوں۔'' اترا کر کہتے ہوئے اس نے رخ بدلا۔ جھٹ سے اپنا پرس اٹھایا۔ کافی تو ویسے بھی ٹھنڈی ہو چکی تھی۔ ایک سانس میں خالی کر کے مگ رکھا۔ مسز سلیمان اور ان کی بیٹیوں سے ملی۔ شکریہ ادا کیا، دعائیں لیں۔
''چلیں۔'' اس کے پاس آ کر مدھم آواز میں بولی۔
''میں نے تم سے کب کہا، میں تمہیں لینے آیا ہوں؟'' وہ پیشانی پر بل ڈالے پوچھ رہا تھا۔
جنت نے سر اٹھا کر اسے آنکھیں دکھائیں۔
''چلو بھی۔'' دونوں ہاتھوں سے اس کا بازو پکڑ کر کھینچتے ہوئے دروازے کی طرف لے جانے لگی۔ ساتھ ہی ہنستے ہوئے مسز سلیمان کو دور سے اللہ حافظ کہا۔
''تمہارے ان دعووں کا کیا ہوا؟ مجھے لینے مت آنا۔ فلائٹ سے پہلے پک کرنا۔ میں گھر نہیں آؤں گی وغیرہ وغیرہ!'' گاڑی میں بیٹھتے ہی فارس نے اسے لتاڑا۔

''ہاں تو غصے میں کہا تھا۔ اس کا مطلب یہ تو نہیں ہے کہ تم مجھے دوسروں کے گھر چھوڑ کر خود عیاشیاں کرتے پھرو۔''

''عیاشیاں؟'' اسٹیرنگ وہیل پر گرفت جمائے وہ کچھ صدمے سے اس کی طرف مڑا۔ گاڑی ابھی اسٹارٹ نہیں کی تھی۔

وہ کھڑکی کی طرف کھسک گئی۔ جتنی بھی مضبوط بنتی اس کے کسی نہ کسی تیور سے ڈر ہی جاتی تھی۔

''آپ مجھ سے کیا کہہ رہی ہیں، ذرا وضاحت کریں گی شہزادی صاحبہ؟''

''ڈسٹرب نہ کرو مجھے۔ میں بہت تھکی ہوئی ہوں، مجھے نیند آ رہی ہے۔'' کہہ کر اس نے چہرے کا رخ کھڑکی کی طرف کر لیا۔

فارس نے گہری سانس لے کر گاڑی اسٹارٹ کر دی تھی۔

☆......☆......☆

چونکہ منگل کی شب ان کی واپسی کی فلائٹ تھی اس لیے آج کا پروگرام شاپنگ اور باہر گھومنے پھرنے کے لیے طے تھا۔ مگر جنت کی طبیعت صبح سے ٹھیک نہیں تھی۔ اور وہ اس موقعے کو گنوانا بھی نہیں چاہتی تھی۔ اس لیے تیار ہو کر باہر آئی تو فارس نے صاف منع کر دیا۔

''نہیں، بالکل نہیں! مجھے لسٹ بنا دو، تمہیں کیا چاہیے، میں خود لے آؤں گا۔''

وہ روہانسی ہوئی۔ ''مارننگ سکنیس تو مجھے روز ہوتی ہے۔ اب ٹھیک ہوں۔''

''جا کر آرام کرو۔'' فارس کے لہجے میں تحکم تھا۔

وہ روتی صورت بنائے اپنی جگہ کھڑی رہی۔

''میڈ میرے آنے تک یہیں رہے گی۔ میں نے اسے مینیو دیا ہے، کھانا تیار کر رہی ہے۔'' تو یہ واضح تھا وہ اپنا فیصلہ نہیں بدلے گا۔

وہ بگڑے تیوروں کے ساتھ کمرے میں واپس چلی گئی۔ فارس اٹھ کر اس کے پیچھے آیا۔ وہ گلاس والز کے قریب نرم ریشوں والے کارپٹ پر بیٹھی تھی۔

''ضروری تو نہیں کہ اس بار ہی سب جگہیں دیکھ لی جائیں۔''

''میں نے کچھ کہا ہے تمہیں؟'' نروٹھے پن سے کہہ کر اس کی طرف دیکھا۔ آنکھوں میں نمی اتری ہوئی تھی۔ ''اور میں نے کب کہا، میں تمہارے ساتھ گھومنا پھرنا چاہ رہی ہوں؟''

''ہاں! یہ بات تو تم نے بالکل نہیں کی۔'' سینے پر بازو باندھے دیوار سے لگ کر کھڑا ہو گیا۔ ''میں ہی پروگرام بنا رہا تھا۔''

''ہاں وہی تو!'' لب بھینچ کر رخ بدل گئی۔

وہ آنکھوں میں مسکراہٹ لیے اسے دیکھتا رہا۔

''جو تمہیں چاہیے اس کی لسٹ بنا دو، میں لے آؤں گا۔''

''میرے ذہن میں کچھ نہیں ہے۔'' وہ کشن گود میں رکھے، قالین کے ریشوں کو چھیڑنے لگی۔

فارس نے سائڈ ٹیبل سے اس کا موبائل اٹھا کر اسے دیا۔ ''جب ذہن میں آجائے تو مجھے میسج کر دینا۔''

وہ کہہ کر چلا گیا اور جنت کے ذہن کی طویل لسٹ میں مزید اضافہ ہونے لگا۔ فوراً سے خود کو جھڑک کر نفی میں سر ہلایا۔ سر کے نیچے کشن رکھے لیٹ گئی۔ موبائل ہاتھ میں تھا۔ اب وہ گیم کھیل رہی تھی۔

دروازے کی درز سے اندر دیکھتے ہوئے فارس نے اس کی طرف سے جیسے تسلی کی تھی پھر میڈ کو ہدایات دیتا چلا گیا تھا۔

☆......☆......☆

لندن کے آسمان پر گھٹائیں چھائی تھیں۔ سورج غروب ہو چکا تھا۔ اندھیرے اتر آئے تھے۔ بتیاں جل اٹھی تھیں۔ رات میں بھی دن کا سماں بندھ گیا تھا۔ سڑکیں، مال، مارکیٹ میں ہر جگہ زندگی کے

آثار تھے۔شہر کی نائٹ لائف مکمل بیدار ہو چکی تھی۔

سردی شدید تھی تو گزشتہ کچھ دنوں سے وقفے وقفے سے ہونے والی بارش نے موسم کو مزید ٹھنڈا کر دیا تھا۔بارش ابھی بھی برس رہی تھی اور ہر گزرتے لمحے شدت اختیار کرتی جا رہی تھی۔

اس نے مین روڈ سے دائیں طرف گاڑی موڑ کر ایک ہی قطار میں ایستادہ کئی گھروں کی روشن کھڑکیوں کی جانب دیکھا اور سڑک کے کنارے گاڑی پارک کر دی۔چند لمحوں تک ونڈ اسکرین پر متحرک وائپرز کو دیکھتا رہا۔منظر دھندلا کر بس اک لمحے کے لیے ہی صاف ہوتا تھا۔عین سامنے ہی بالکل آخر میں روشن کھڑکیوں کے بیچ ایک تاریک گھر نظر آ رہا تھا۔

https://novelskiduniya.com/

گہری سانس لے کر اس نے جیسے ایک بار پھر خود میں ہمت مجتمع کی اور چھتری کھول کر باہر نکل آیا۔

سیاہ جینز پر سیارہ رنگ کا سویٹر اور اس پر سیاہ کوٹ میں ملبوس وہ عجلت میں قدم اٹھا رہا تھا۔باڑ کے اس پار لان کا قطعہ تھا۔گھاس بے ہنگم تھی۔وہ لان عبور کرتا مرکزی دروازے تک گیا۔سیڑھیاں چڑھ کر اس نے گہری سانس لی پھر چابی گھما کر دروازہ اندر کی جانب دھکیل دیا۔

Novels Ki Duniya

اس نے اپنے اندر،اپنے وجود کی تاریکی میں قدم دھر دیئے کہ وہ گھر اس کے اندر جیسا تھا۔ساکن،ویران،خاموش......سالہا سال سے بند۔

ہاتھ بڑھا کر لائٹس آن کرنے کا اس کا ہرگز دل نہیں چاہ رہا تھا۔اس گھر میں اسے اندھیروں کی عادت تھی۔وہ ہر منظر سے بھاگتا پھرتا تھا،ہر اس اذیت سے جو دیواروں پر رقم تھی۔ہر اس دکھ سے جو اس فضا میں رچا ہوا تھا۔

شاید وہ خون کی باس تھی۔زخموں کا درد تھا۔روح کی چیخیں تھیں جو اسے اپنے آس پاس ایک بار پھر محسوس ہونے لگی تھیں۔

گہری سانس لے کر اس نے دیوار پر ہاتھ رکھا۔مرکزی دروازے سے ہال تک بلب جل

اٹھے۔ مدھم سی روشنی میں گرد سے اٹی ہر ایک شے نمایاں ہوئی۔ وہ اپنی جگہ کئی لمحوں تک کھڑا رہا۔ یوں جیسے لکڑی کے فرش نے اس کے قدم جکڑ لیے ہوں۔

شدت سے دھڑکتا دل مٹھی میں بند ہو رہا تھا۔ اسے اندر تک درد کی لہر اٹھتی محسوس ہو رہی تھی۔ آواز وہ جو لبوں پر آ کر دم توڑ رہی تھی۔ اس نے اپنے پیچھے دروازہ بند کر دیا۔ آہستگی سے قدم اٹھاتا وہ لاؤنج تک گیا۔

https://novelskidunya.com/

سیاہ صوفے صفائی نہ ہونے کی وجہ سے اپنی ہیئت پر مٹی کی چادر اوڑھے ہوئے تھے۔ میگزین، رسائل، اخبار کافی ٹیبل اور ٹیبل کے نیچے قالین پر بکھرے تھے، کانچ کا ٹوٹا ہوا گلاس اس کے قدموں میں تھا۔ ٹکڑے یہاں وہاں بکھرے تھے۔ فرش پر کہیں کہیں خون کے بقیہ رہ جانے والے نشان بھی تھے۔ یہ صرف وہی جانتا تھا۔ اور اپنے خون کو صرف وہی پہچانتا تھا۔

کچن اتنا سنسان، جیسے کبھی وہاں کوئی رزق نہیں لایا گیا تھا۔ میز پر چند ایک سفید خون کی پٹیاں، چھری، فرسٹ ایڈ کا باکس جوں کا توں رکھا تھا۔

ناولز کی دنیا Novels Ki Dunya

وہ خود کو سر جھکائے اسی میز پر بیٹھا ہوا دیکھ سکتا تھا۔ نظر ہٹا کر سیڑھیوں کا رخ کیا۔ وزن پڑنے پر آواز آئی تھی۔ اس نے ریلنگ کو مضبوطی سے تھام لیا۔

اوپر کمرہ تھا۔ اسے کھولنے سے پہلے رک کر اپنے حواس بحال کرنا پڑے۔ اس قدر شدید سردی میں بھی اس کی پیشانی عرق آلود ہو رہی تھی۔

اس نے ہینڈل گھما کر دروازہ کھول دیا۔ لائٹس آن کر دیں۔

کمرہ روشن ہو کر بھی اس کے لیے تاریک اور مبہم سا رہا۔

اس نے پلکیں جھپکائیں۔ سانس بھاری ہو گیا۔ سینے پر بوجھ پڑ گیا۔ قلب میں درد ٹھہر گیا۔

بیڈ پر بے ترتیبی سے بکھرے کشن، کچھ نیچے گرے ہوئے، وارڈ روب کھلی ہوئی...... ڈریسنگ

ٹیبل کا سامان بے ترتیبی لیے ہوئے...... کچھ نیچے گرا ہوا، کچھ ٹوٹ کر بکھرا ہوا۔

''کون ہو تم؟''

ٹوٹے ہوئے آئینے سے اس کی نگاہ کھڑکیوں کی طرف گئی۔ کافی دیر تک وہاں ٹھہری رہی۔ پھر وہ آگے بڑھ گیا۔ بیڈ سائڈ ٹیبل کے پاس بیٹھتے ہوئے اس نے دراز کھینچی۔ ایک ساتھ کئی رپورٹس اس کے ہاتھ میں آ گئیں۔ سنبھال کر رکھی گئی تھیں۔ سنبھلی ہوئی ملی تھیں۔ اسے لگا اس کا سانس بند ہو جائے گا۔ دل پھٹ جائے گا۔ وہ اپنے قدموں پر کھڑا نہیں ہو سکے گا۔ اس کمرے سے باہر کہیں نہیں جا سکے گا۔

وہ درد ایسا ہی تھا۔ وہ غم، وہ آزمائش، وہ مصیبت ایسی ہی تھی۔ اس کی آنکھیں مکمل تر ہو چکی تھیں۔ اس کا وجود شعلوں کی زد میں آ چکا تھا۔ اس کا مستقبل، اس کا حال مٹ گیا تھا۔ ماضی رہ گیا تھا۔ کتنی ہی دیر تک وہ بے جان کاغذوں پر زندگی کی نشان دہی کرتی مبہم لکیروں کو تکتا رہا تھا۔ اندر ایک شور سا بپا تھا۔ ضمیر ملامت کر رہا تھا۔ انگلیاں اس کی طرف اٹھ رہی تھیں۔ وہ برپا ہونے والی قیامت کا ذمہ دار خود تھا۔

ہر طرح کے خیالات کو جھٹک کر وہ الماری تک گیا۔ پٹ کھول دیے۔ اس کے برانڈڈ کپڑے، قیمتی گھڑیاں، جوتے ہر ایک شے جوں کی توں رکھی تھی۔ مگر وہ ان چیزوں کو لینے نہیں آیا تھا۔

وہ اپنی اشیا کو الٹ پلٹ کر رہا تھا۔ اور اسے ڈھونڈنے پر بھی وہ نشانی، انتظار، الفت اور محبت سے جڑی شے نہیں مل رہی تھی۔ اور پھر جیسے کپڑوں کے نیچے سے بیگ مل گیا۔ اسے نکال کر زپ کھولی۔

کچھ دیر تک ان چیزوں کو ہاتھ میں لیے بیٹھا رہا۔ چیزیں بے جان تھیں۔ غیر متحرک...... بالکل ساکت، اس کی طرح!

وقت ایک بار پھر رک گیا تھا۔ اپنے اندھیروں سے لڑتا وہ کتنی ہی دیر تک فرش پر بے حس و حرکت بیٹھا رہا تھا۔

کئی منظر آنکھوں میں لہرائے۔ کئی باتیں یاد آئیں۔ کئی غلطیاں، کئی سزائیں، کئی فیصلے، کئی کوتاہیوں کا خیال آیا۔ وہ اپنی ہتھیلیوں کو دیکھ رہا تھا۔ اس کے ہاتھ خالی تھے۔ بار بار خالی ہو رہے تھے۔

وہ بیگ میں کاغذات وغیرہ رکھ کر اٹھا۔ زپ کھینچ کر کندھے پر ڈالا اور لائٹس آف کر کے باہر آ گیا۔ باوجود اس کے کہ وہ اس گھر سے، اس کے بوسیدہ ماحول سے، تکلیف دہ یادوں سے جلد از جلد نکل جانا چاہتا تھا، مگر پھر بھی اس کے قدموں میں عجلت نہیں تھی۔

وہ بھاری تنفس کے ساتھ دروازہ کھول کر باہر آ گیا۔ لاک لگا کر مڑا تو جھٹکے سے رک گیا۔

ایک ادھیڑ عمر انگریز خاتون چھاتا تانے، ہاتھ میں فلیش اٹھائے بہت حیران ہو کر اسے دیکھ رہی تھی۔ فلیش لائٹ کی روشنی آنکھوں پر پڑی تو اس نے بے ساختہ ہاتھ اوپر کیا۔

''فااااریس!'' ہمیشہ کی طرح اس نے کافی لمبا نام کھینچا۔ آنکھوں میں بچوں جیسا اشتیاق اور خوشی لہرائی۔ ''میں نے صوفی سے کہا تھا یہ لڑکا ضرور آئے گا۔''

وہ انہیں دیکھ کر رہ گیا۔ اتنے سالوں بعد وہ اسے پہچان گئی تھیں۔

کافی بوڑھی ہو چکی تھیں۔ بمشکل چل پاتی تھیں۔ آگے بڑھ کر اس کا بازو پکڑا۔ بالکل ویسے ہی جیسے وہ دس گیارہ سال پہلے پکڑا کرتی تھیں۔ وہ قوت رکھتے ہوئے بھی بازو نہ چھڑا سکا۔ نہ سکت رکھتے ہوئے انکار کر سکا۔ اس کے گھر کی باڑ ایک طرف سے ٹوٹی ہوئی تھی۔ وہ یقیناً وہیں سے آئی تھیں۔ وہ اسے اپنے ساتھ اپنے گھر لے آئیں۔ دروازے میں لمحے بھر کے لیے وہ جھجکا کہ پہلی نگاہ ہی اس سفید ریشوں والی بلی پر پڑی تھی جو بالکل سامنے بیٹھی تھی۔

''آؤ نا!''

وہ چند ثانیوں کے لیے رکا پھر ان کا اصرار دیکھ کر اندر آ گیا۔ لاؤنج کے صوفے پر بیٹھتے ہی اسے چھینک آئی۔ بلی صوفے کے نیچے سے، اور بالکل اس کے قدموں میں سرسرا کر گزری تھی۔

''اتنا عرصہ کہاں گم رہے تم؟ ایک بار بھی نہیں آئے؟'' ساتھ ہی انہوں نے کسی کو آواز دی۔ اور پھر یاد آنے پر ہنسیں۔ ''ارے! میں تو بھول ہی گئی ہوں، میں تو اکیلی رہتی ہوں۔''

کچن میں جا کر نیا گلاس نکالا۔ اس میں جوس ڈال کر لائیں۔ پہلے کی نسبت وہ کافی بھاری ہو گئی تھیں۔ ٹھہر ٹھہر کر قدم اٹھاتی تھیں۔ نظر بھی کمزور تھی۔ اس کے سامنے صوفے پر بیٹھ کر اون کا گولا اٹھا لیا۔

وہ چھینکوں میں الجھا ہوا تھا۔ مفلر ناک تک کھینچا، جیب سے ٹشو نکالا۔ بلی کافی سے زیادہ فرینڈلی تھی۔ اس کے بالکل قریب ہی بیٹھی تھی۔ اور پھر اسے ادراک ہوا، وہ ایک نہیں تھی۔ اس کے کئی بچے بھی تھے۔ صوفے کے نیچے، میز کے نیچے، قالین پر رینگتے ہوئے۔

اس کی آنکھوں سے اب باقاعدہ پانی آ رہا تھا۔ گردن کے پچھلے حصے پر خارش ہونے لگی تھی، مگر وہ پھر بھی بیٹھا رہا تھا۔

''تم اتنے دن کہاں غائب رہے؟'' بغور دیکھ کر پوچھا۔ ''پھر کسی سے لڑ کر آئے ہو؟'' خفگی سے گھورا۔ ''اس بوڑھے آرتھر نے کہا کہ یہ گھر اب بک جائے گا۔ کیا ایسا ہی ہے؟'' اب کے ذرا پریشان ہوئیں۔ ''تم کیوں بیچ رہے ہو؟ تم یہاں آ کر رہتے کیوں نہیں ہو؟''

''میں پاکستان شفٹ ہو چکا ہوں۔'' سنجیدگی سے کہہ کر اس نے گلاس اٹھایا۔ اسے زکام ہو چکا تھا۔ کھانسی بھی ہو رہی تھی۔ آنکھوں سے لگاتار پانی آ رہا تھا۔

''اوہ اچھا۔'' اون کا گولا رکھ کر بلی کو گود میں لے لیا۔ جیسے ایک ننھے معصوم بچے کو گود میں لیا جاتا ہے۔ بالکل ویسے ہی۔ ''لیکن تم تو پاکستان کبھی نہیں جانا چاہتے تھے۔''

وہ انہیں دیکھ کر رہ گیا۔ ان کی یادداشت میں سب آگے پیچھے ہو چکا تھا۔ بہت سی باتیں وہ بھول گئی تھیں۔ بہت سی حکایتیں انہیں یاد نہیں رہی تھیں۔ یہ بھی کہ اس وقت وہ اٹھارہ سال کا نہیں، اور یہ بھی کہ اب وہ ان کے پڑوس میں نہیں رہتا۔

''تمہارا پسندیدہ جوس! کوکیز لو نا۔ سب حلال ہے۔'' بس وہ یہ نہیں بھولی تھیں کہ وہ مسلمان ہے۔اور یہ بھی نہیں کہ وہ اکیلا ہے۔

''اب میں چلتا ہوں۔'' خالی گلاس میز پر رکھتے ہوئے اٹھا۔کھانسی زیادہ ہو رہی تھی۔

''فا......رلیس!'' وہ خود بھی اٹھ کر اس کے پاس آئیں۔وہ چاہ کر بھی ان سے دو قدم دور نہ ہو سکا۔

''اتنا شور تھا تمہارے گھر۔سب ٹھیک ہے نا؟ بیوی کہاں ہے تمہاری؟''

یہ سوال صدمہ تھا۔یہ سوال اذیت تھی۔

اس کی حالت ابتر ہو چکی تھی،مگر وہ پھر بھی اپنی جگہ سے ایک انچ نہیں ہلا تھا۔جواب کے لیے منتظر نگاہوں سے اسے دیکھتی وہ اپنا سوال بھول گئیں۔

اپنا جھریوں زدہ ہاتھ اٹھا کر اس کے گال پر رکھا،پھر دوسرا رکھا۔بھول گئیں کہ کیا کہہ رہی تھیں، اب کیا کہنے والی تھیں۔''ارے تم تو بہت ہینڈسم ہو گئے ہو۔'' ان کی کمزور آنکھوں میں خوشی اتری۔وہ بدقت مسکرایا۔آنکھوں میں آنسوؤں کی آمیزش شامل ہو گئی۔

''میں پھر آؤں گا۔'' کہہ کر جانا چاہا۔

''ہاں،ہاں!ٹھیک ہے۔پڑھائی بھی تو کرنی ہو گی۔''انہوں نے ہاتھ ہٹا لیے۔

وہ دروازے کی طرف بڑھا تو کچھ یاد آ جانے پر اسے پھر سے پکارا۔

''فارلیس!تمہارے پاس پیسے تو ہیں نا؟''

وہ اپنی جگہ ٹھہرا رہ گیا۔مڑ کر انہیں دیکھا۔جانے کہاں سے پیسے ڈھونڈ لائیں۔زبردستی اس کے ہاتھوں میں پکڑائے۔''کچھ کھا لینا۔''

وہ جذبات کی حدت سے سرخ پڑتے چہرے کے ساتھ کھڑا رہا۔پھر ہوڈی سر پر چڑھاتے ہوئے دروازہ کھول کر باہر نکل گیا۔

''کون تھا باہر؟'' صوفی سچ مچ سیڑھیوں سے اتری تھی۔

''کون؟'' وہ ذرا سا حیران ہوئی کھڑی تھیں۔

''ابھی جو آیا؟''

''کوئی بھی تو نہیں آیا۔'' بڑبڑاتے ہوئے دروازے سے ہٹ گئیں۔ پھر خالی گلاس اور کوکیز دیکھ کر صوفی سے لڑ پڑیں۔ ''میرے کوکیز......تم نے میرے کوکیز کھا لیے۔''

ہمیشہ کی طرح اپنی مہمان نوازی بھول کر وہ سارا الزام اس کے سر ڈال رہی تھیں۔ لان میں کسی اجنبی کو سڑک کی طرف جاتے دیکھ کر صوفی گہری سانس لے کر رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

اس نے گاڑی میں بیٹھتے ہی کسی قدر قوت سے دروازہ کھینچ کر بند کر دیا تھا۔ کپکپاتے ہاتھوں سے کمپارٹمنٹ باکس کھول کر اپنی میڈیسن نکالی۔ اس کی سانسیں بھاری ہو چکی تھیں۔ کھانسی نے حالت ابتر کر دی تھی۔ میڈیسن لینے کے بعد اپنی سیٹ کے ساتھ ہی کمر ٹکائے، گردن سیدھی کیے وہ اب سانسیں کھینچ رہا تھا۔ شدید بارش میں ہر سو بے انتہا تاریکی تھی۔

قریب گزرتی گاڑی کی ہیڈ لائٹس آنکھوں پر پڑیں۔ چھناکے سے ٹوٹتے شیشوں کا منظر آنکھوں میں لہرایا۔ وہ ایک چیخ تھی جو اس نے سنی۔ وہ اذیت تھی جو اس نے اپنی آنکھوں سے دیکھی۔ وجود لہولہان تھا۔ اسٹریچر کے پہیے شور کرنے لگے۔ کاریڈور کی ٹائلز پر کوئی وجود ڈھیر ہونے لگا۔ وہیل چیئر کے ہتھے پر رکھا ہاتھ کپکپا اٹھا۔ سر جھکا ہوا تھا، سر جھکا ہی رہا۔

روح میں وحشت اتر آئی۔ اضطراب انگ انگ میں ٹھہر گیا۔ سوئی ہوئی اذیتیں جاگ اٹھیں۔ ذہنی دباؤ بڑھ گیا۔

''میں آپ کو برباد کر دوں گا۔'' وہ خود کو سن سکتا تھا۔ واضح سن سکتا تھا۔

https://novelskidunya.com/

اس نے فل نیک جیکٹ کی زپ کھینچ ڈالی۔ جیب سے موبائل نکالا۔ کال لاگ میں پہلا نمبر عدیل احمد کا تھا۔ اسے کال کر کے اب وہ کھانستے ہوئے بمشکل لفظ ادا کرتا اپنا ایڈریس بتا رہا تھا۔

''ایک نام ہے اور وہ بھی تمہارا نہیں ہے۔''

اس نے کانوں پر ہاتھ رکھ دیے، مگر آواز بند نہ ہوئی...... شور کم نہ ہوا۔

دور کہیں گاڑی کا ہارن بجا تھا۔ ہیڈ لائٹس پھر سے روشن ہوئی تھیں۔ شور مبہم ہو کر اب معدوم ہو چکا تھا۔ اب بارش کی بھی آواز نہیں تھی۔

پسنجر سیٹ پر رکھا بیگ، اس میں جمع شدہ اشیاء، ان اشیاء سے جڑی یادیں، ان یادوں سے جڑی اذیتیں......

اس کے ہاتھ یکا یک خون آلود ہو گئے۔ اس کی غلطیاں اس کے سامنے آ کر کھڑی ہو گئیں۔ اس کا حوصلہ ٹوٹ گیا۔ اس کی ہمت ختم ہو گئی۔ اس کی آنکھوں میں پانی تھا۔ اب آنسو آ گئے تھے۔ ریشز صرف گردن تک تھے، اب روح پر آ گئے تھے۔

یکا یک کھڑکی کے شیشے پر دستک ہوئی۔ بمشکل سانس لیتے ہوئے اس نے سر اٹھایا۔ عدیل احمد دروازہ کھولنے کی کوشش کرتے ہوئے شیشہ بجا رہا تھا۔

اس نے لاک ہٹا دیا۔ دروازہ کھل گیا تھا۔

''سر! آر یو آل رائٹ؟'' وہ کچھ پریشانی سے پوچھ رہا تھا۔ اس نے جواب نہیں دیا۔ اس کے پاس جواب دینے کی سکت نہیں رہی تھی۔

اسے سہارا دے کر عقبی نشست پر بٹھا کر عدیل احمد نے خود ڈرائیونگ سیٹ سنبھال لی تھی۔ دس منٹ کی ڈرائیو کے بعد وہ اسے قریبی ہاسپٹل لے آیا تھا۔ ایمرجنسی ٹریٹمنٹ کے بعد اس کی بگڑتی ہوئی حالت کچھ حد تک سنبھل گئی تھی۔

عدیل احمد راہداری میں ٹہل رہا تھا۔ اس نے کال کر کے اسے بلایا تو وہ فوراً آ گیا۔

''سر! ڈاکٹر کہہ رہا تھا، آپ صبح تک یہیں رہیں تو......'' اسے کوٹ پہنتا دیکھ کر بول اٹھا۔

اس نے جن کڑی نگاہوں سے اسے دیکھا، وہ بات ادھوری چھوڑ کر سر جھکا گیا۔ تین گھنٹے تو اس نے گزار ہی لیے تھے۔ حالت خطرے سے باہر تھی، البتہ کھانسی، زکام اور طبیعت کا فرق ویسا ہی تھا۔ آنکھوں کی سوجن بس کچھ ہلکی ہو گئی تھی مگر سرخی ہنوز ٹھہری تھی۔ گردن پر ریشز بھی نمایاں تھے۔ اسے اپنی نہیں، جنت کی فکر تھی۔ وہ صبح سے باہر تھا اور وہ گھر میں اکیلی تھی۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر از حد پریشان ہو جاتی تھی۔ اس کا گھر میں ہونا ضروری تھا۔

کوٹ پہن کر اٹھا تو طبیعت خرابی کے باعث قدم جمانے اور توازن برقرار رکھنے میں تھوڑی سی دشواری ہوئی۔ عدیل احمد نے مدد کرنا چاہی تو اس کا ہاتھ سختی سے جھٹک دیا۔ وہ اپنے باس کو حیرت سے دیکھ کر رہ گیا۔

یہ حقیقت تھی کہ وہ سخت اور بے انتہا روڈ تھا مگر اس حالت میں اس کا یہ رویہ اچنبھے کا باعث تھا۔ چونکہ فارس وجدان کا حکم اس کے لیے فرض کی طرح تھا تو کوئی بھی اعتراض کیے بغیر وہ اس کے پیچھے چل دیا تھا۔

☆......☆......☆

جنت کی آنکھ کھلی تو اس وقت رات کے گیارہ بج رہے تھے۔ باہر شدید بارش ہو رہی تھی۔ گرج چمک کی آواز بھی وقفے وقفے سے سنائی دینے لگی تھی۔ پردے سمٹے ہوئے تھے تو روشنیوں میں شہر بھیگا ہوا لگ رہا تھا۔ اٹھ کر بیٹھتے ہوئے اس نے اپنے برابر میں دیکھا تھا۔ فارس وہاں نہیں تھا۔

اس نے آٹھ بجے کال کر کے کہا تھا وہ تاخیر سے گھر آئے گا تب ہی وہ کھانا کھا کر جلد ہی سو گئی تھی مگر اب تو کافی وقت ہو چکا تھا۔ موبائل اٹھایا، نوٹیفکیشن چیک کیے۔ پھر اونی شال اوڑھ کر باہر آ گئی۔ پورے اپارٹمنٹ میں مدھم سی زرکار روشنی اندھیرے سے الجھتی نظر آ رہی تھی۔

وہ سیدھا کچن میں گئی۔ پانی پیا۔ یکا یک سماعت سے کھانسی کی آواز ٹکرائی تو وہ اپنی جگہ تھم گئی۔ جھٹکے سے مڑ کر لاؤنج کی طرف دیکھا۔ پھر آگے بڑھ کر سنٹرل لائٹ جلائی۔ نیچے کارپٹ پر شاپنگ بیگز وغیرہ رکھے تھے۔

''کیا فارس گھر پر ہے؟'' وہ کچھ چونک کر تیزی سے آگے بڑھی۔ راہداری سے گزر کر سٹنگ ایریا کی طرف گئی جہاں وہ اسے دیوار گیر کھڑکیوں کے آگے کاؤچ پر نیم دراز دکھائی دے گیا۔

قریب آئی تو ٹیبل پر پانی کی بوتل، الرجی ٹیبلٹس، آٹو انجیکٹر وغیرہ رکھے نظر آئے۔ موبائل سر کے پاس ہی تھا۔ اور مسلسل بجے جا رہا تھا مگر اس کی آواز سے فارس کی نیند میں ذرا سا بھی خلل نہیں آیا تھا۔

وہ یک دم گھبرا کر اس پر جھکی۔ چہرے کا رخ موڑا۔ پیشانی پر ہاتھ رکھا۔ نبض چیک کی، بے اختیار سکھ بھری سانس لی کہ اس کا تنفس ہموار تھا۔

اس نے میز سے ٹیبلٹس اٹھا کر دیکھیں تو اندازہ ہوا اس نے سلیپنگ پلز اور اینٹی ڈپریسنٹ بھی لے رکھی تھی۔ وہ بالکل سن بیٹھی رہی۔ آج سے پہلے ایسی ادویات اس کے بیڈروم میں، اس کی سائیڈ ٹیبل پہ اس نے پہلے کبھی نہیں دیکھی تھیں۔

کچھ فکرمندی سے دوبارہ اسے دیکھا۔ جانے اسے ٹھنڈ لگ رہی تھی یا اندر کا موسم واقعی میں اتنا سرد، اتنا سفاک ہو گیا تھا کہ ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ دوڑتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔ وہ بیڈروم سے لحاف اٹھا کر لے آئی۔ اچھے سے اس پر پھیلایا۔ سر کے نیچے تکیے کی بھی پوزیشن درست کی۔ اب وہ نیچے کارپٹ پر بیٹھی اسے ہی دیکھ رہی تھی۔ آنکھوں میں بہت ساری فکر، بہت سارا خوف، بہت ساری پریشانی تھی۔

سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کسی کو کال کر کے ڈاکٹر کو بلوائے یا پھر اس کے جاگنے کا انتظار کرے؟ وہ بہت محتاط رہتا تھا، اگر کوئی سیریس معاملہ ہوتا تو یقیناً وہ گھر نہ آتا، سیدھا ہاسپٹل ہی جاتا۔ لیکن ہر طرح کی دلیلوں کے باوجود اس کی ٹینشن کسی صورت کم نہیں ہوئی تھی۔

وہ بے سدھ سا کافی گہری نیند سو رہا تھا۔ سانسیں کبھی ہموار، اور کبھی غیر ہموار ہو جاتی تھیں۔ یقیناً دواؤں کے اثر میں تھا لیکن وقفے وقفے سے اسے کھانسی ضرور ہونے لگتی تھی۔ ایک دو بار اس نے کندھا ہلا کر جگانے کی کوشش کی مگر نو رسپانس!

جنت کی ٹینشن بڑھتی گئی۔ بے قراری کے عالم میں پورے گھر کا ایک چکر کاٹ کر وہ ایک بار پھر اس کے پاس آ بیٹھی۔ کندھا ہلا کر، اور آواز دے کر جگایا۔ اب جب تک وہ جواب نہ دیتا، اس کی تسلی نہیں ہو سکتی تھی۔ کندھے سے پکڑ کر تقریباً جھنجھوڑ ہی ڈالا تو اس کے حواس کچھ بیدار ہوئے۔

''ہوں۔'' بمشکل آنکھیں کھولیں۔

اس کی آنکھیں بے تحاشا سرخ، پپوٹے ذرا سے بھاری اور سوجے ہوئے۔ ہونٹ خشک، رنگت زرد تھی۔

https://novelskidunya.com/

''تمہاری طبیعت کیسی ہے اب؟'' اس نے فکرمندی سے پوچھا۔

''ٹھیک ہوں۔'' کہہ کر آنکھیں بند کرنا چاہیں۔ جنت نے دوبارہ سے کندھا ہلا کر جگایا۔ وہ بمشکل بیدار ہو کر اسے دیکھنے لگا۔

Novels Ki Dunya

''میرے خیال سے ہاسپٹل چلنا چاہیے۔''

وہ نیم غنودگی کے عالم میں اس کی آنکھوں میں اپنے لیے خوف، فکر اور اضطراب دیکھ سکتا تھا۔

''اس کی ضرورت نہیں ہے۔''

''ضرورت ہے۔'' پریشان ہو کر اس کا موبائل اٹھا لیا۔ ہاتھ کپکپا رہے تھے۔ فارس نے اس کے ہاتھ سے موبائل لے لیا۔

''جنت! میں ٹھیک ہوں۔''

''تم سے بات تک نہیں کی جا رہی۔'' وہ رو دینے کو تھی۔

''میں نے میڈیسن لی ہے۔ خطرہ نہیں ہے۔ اب بہتر ہوں۔'' بمشکل کہہ کر اسے تسلی دینا چاہی۔ اس خیال سے کہ وہ اس کی وجہ سے پریشان ہو رہی تھی، وہ خود بھی بے چین ہوا تھا۔ ''صبح تک ٹھیک ہو جاؤں گا۔'' اس نے کہا مگر جنت کے اضطراب میں کمی نہیں آئی تھی۔

''تم آٹو انجیکٹر استعمال کر لو۔'' وہ اپنی کہے جا رہی تھی۔ پچھلی بار وہ موت کے منہ میں جاتے جاتے بمشکل بچا تھا۔ اس کی پریشانی بجا تھی۔

''میں ہاسپٹل گیا تھا۔'' اس نے گہری سانس لے کر بتایا۔ خیال تھا اس کی پریشانی کم ہو گی۔ مگر وہ آنکھوں میں صدمہ لیے اسے دیکھ کر رہ گئی تھی۔ وہ اتنی تکلیف میں تھا، اور اس نے بتایا تک نہیں۔ خاموشی سے گھر آ گیا اور جگایا تک نہیں۔

وہ آنکھوں میں مبہم سی نمی لیے اپنی جگہ بیٹھی رہ گئی تھی۔

''اپی پن رکھا ہے۔ اگر دوبارہ حالت خراب ہوئی تو......'' اس نے آٹو انجیکٹر کی طرف اشارہ کیا۔ یہ جانے بغیر کہ اس وقت وہ اس کی کسی بھی بات سے مطمئن ہونے کے بجائے مزید اذیتوں میں گھر گئی تھی۔

اپنے اعصاب پر قابو پاتے ہوئے جنت نے گہری سانس لی۔ ہر طرح کے منفی خیال کو جھٹک دیا۔ اپنی اس کیفیت سے باہر نکل آئی۔

''تمہیں اپنا پراپر علاج کروانا چاہیے۔'' اب وہ آٹو انجیکٹر ہاتھ میں لیے اس کی طرف رخ کیے قالین پر آلتی پالتی مارے بیٹھی تھی۔ محتاط ہو کر۔ اس کی پروا نہ کرنے کا تہیہ کر کے اس کی تکلیف میں مکمل مبتلا ہو کر......

''مجھے یہ وراثت میں ملا ہے، اپنے دادا سے۔'' فارس کی آنکھیں بند تھیں۔ وہ کس قدر کوشش سے خود کو بیدار رکھے ہوئے تھا تا کہ وہ پریشان نہ ہو۔

''اوہ!'' جنت کے لب گول ہوئے۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

''تو تمہارے کسی اور فیملی ممبر کو نہیں ہے؟ میرا مطلب ہے تمہارے والد، یا پھر......'' لمحے بھر کو رکی۔ ''تمہارے بھائی کو؟''

اس عرصے میں پہلی بار جنت کمال نے اس کے بھائی کا ذکر کیا تھا۔

''نہیں، صرف مجھے!'' کھانستے ہوئے جواب دیا۔

''تمہیں کافی مشکل ہوتی ہوگی۔ ایسے کھلی یا صاف ستھری فضا میں بھی ہر وقت الرٹ ہو کر رہنا۔''

''ہوں!'' اس پر پھر سے غنودگی چھانے لگی۔

مگر وہ اس کے لیے بیدار ہونا چاہتا تھا۔ ''تم نے کھانا کھا لیا تھا؟''

''ہاں!'' وہ آٹو انجیکٹر پر لگے اسٹیکر کو کھرچ رہی تھی۔

''ممی...... سے بات...... ہوئی تھی؟''

''ہاں، وہ ٹھیک ہیں۔'' جواب دے کر اس کی جانب دیکھا۔

پھر خاموشی!

مزید خاموشی......

فارس کی آنکھیں مکمل بند ہو چکی تھیں۔

وہ گھٹنوں پر ٹھوڑی ٹکائے اسے دیکھے گئی۔ باہر بجلی چمکی تو کھڑکیوں کی طرف گردن موڑی۔ شیشوں پر بوندیں ابھرتی اور پھسلتی جا رہی تھیں۔ ہوائیں یکا یک تیز ہوئی تھیں۔ روشنیوں میں نہایا ہوا شہر یکا یک دھندلا ہوا تھا۔

''ممی! مجھے کب...... لینے آ رہی ہیں؟'' مدھم سی بڑبڑاہٹ نما آواز سماعت سے ٹکرائی۔ جنت اپنی جگہ تھم گئی۔ مڑ کر حیرت سے فارس کو دیکھا۔ چونک کر گھٹنوں کے بل اوپر ہوئی۔

''کیا کہہ رہے ہو؟'' چہرے پر جھک کر پوچھا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

''ممی......وہ......حماد کو نہیں......چھوڑ سکتیں۔اس لیے نہیں آتیں۔'' بند آنکھوں کے ساتھ وہ پھر بڑبڑایا۔

جنت کی دھڑکن تیز ہوگئی۔اس نے ہاتھ بڑھا کر اسے جگانا چاہا۔پھر رک گئی۔

''تم ایسا کیوں کہہ رہے ہو؟''

''اگر میں نہ گیا،تو وہ مجھے ماردیں گے......'' وہ کہہ رہا تھا۔

''کون؟''

''اعظم شیرازی!''

جنت کا دل رکا۔سانسیں تھم گئیں۔وہ خواب دیکھ رہا تھا۔یقیناً کسی غیر حقیقی سچویشن میں پھنس گیا تھا۔اس کے علاوہ وہ اور کچھ نہیں سوچ سکتی تھی۔کچھ نہیں کہہ سکتی تھی۔

''وہ مجھے......ماردیں گے۔'' اس کی پیشانی پر پسینے کے قطرے نمودار ہوئے تھے۔جنت نے بے ساختہ اس کے ہاتھ کو اپنے ہاتھوں میں لے لیا۔

''وہ مجھے مار......دیں گے۔''

''فارس!'' نرمی سے پکارا۔

''وہ مجھے......مار......دیں گے۔''

''فارس!''

''وہ......وہ......مجھے......''

جنت نے اسے کندھوں سے پکڑ کر جھنجھوڑا۔

آنکھیں کھل گئیں،حواس کچھ بیدار ہوئے۔وہ نیم وا آنکھوں سے اس کی شکل دیکھ کر روہانسا ہوا۔

''جنت!پلیز مجھے سونے دو۔پلیز!''

جنت نے ہاتھ ہٹا لیے، خود بھی پیچھے ہٹ گئی۔ قالین پر دوزانو بیٹھی وہ اسے دیکھ رہی تھی اور تب تک اسے دیکھتی رہی جب تک کہ وہ پوری طرح سے سو نہیں گیا۔

حماد......

اعظم شیرازی......

وہ اٹھ کر واش روم میں گئی۔ ٹھنڈے پانی کے چھپاکے چہرے پر مارے۔ واش بیسن پر ہاتھ جمائے وہ کتنی ہی دیر تک کھڑی رہی۔ اس کی دھڑکن معمول سے ہٹ کر تھی۔ آئینے میں خود کو دیکھا تو عقب میں باتھ ٹب پر رکھے کپڑوں پر نگاہ پڑی۔

جینز، شرٹ، سویٹر، کوٹ...... اور سب ہی بھیگے ہوئے تھے۔ اس نے اٹھا کر دیکھا۔ اتنی شدید بارش میں آخر وہ کہاں گیا تھا؟ پھر اس نے کوٹ کی جیبیں ٹٹولیں تو ایک کی چین ہاتھ میں آ گئی۔ اس کا ایک سرا ٹوٹا ہوا تھا۔ تین چابیاں جڑی ہوئی تھیں۔ سیاہ رنگ کا ایک موبائل فون تھا۔ مہنگا مگر تین چار سال قدیم ماڈل۔ اسکرین پر کریک تھے۔

اس نے وہ چیزیں جیسی تھیں، ویسی رکھ دیں۔ گہری سانس لے کر ایک بار پھر اس کے پاس آ کر کھڑی ہو گئی۔

نیند کی حالت میں اس کا داہنا ہاتھ گردن تک آیا تھا۔ جلد پر جس جگہ ریشز تھے شاید وہاں خارش ہو رہی تھی۔ اس نے فارس کا ہاتھ پکڑ کر وہاں سے ہٹا دیا۔ شرٹ اور سویٹر کے اوپری بٹن کھول کر اس نے گردن اور سینے پر جہاں جہاں سرخ نشان دیکھے کریم لگائی۔

ایک بار پھر اسے بہت فکرمندی سے دیکھا۔ آنکھوں میں اب کے عجیب سا تاثر ابھرا۔ خشک لبوں کو تر کرتے ہوئے وہ اس کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے بیٹھی رہی۔ وہ نیند میں بھی کافی سے زیادہ بے چین تھا۔ گردن کو جنبش دیتے ہوئے ہر بار اس کے چہرے پر تکلیف دہ تاثرات ابھر آتے تھے۔ پیشانی پسینے

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا Novels Ki Duniya

سے تربتر ہو جاتی اور سانسیں غیر ہموار ہونے لگتی تھیں۔

وہ ساری رات جنت نے پریشانی کے عالم میں اس کے پاس قالین پر بیٹھ کر آنکھوں میں گزار دی۔ صبح کی نماز کے بعد جب اس کی حرارت کچھ کم ہوئی اور وہ نیند میں بھی کچھ پرسکون ہوا تو اس کی جان میں جان آ گئی۔ تکیہ اور کمفرٹر اٹھا کر وہ اس کے برابر میں نیچے قالین پر سوئی تو پھر دوپہر کے ڈھائی بجے ہی آنکھ کھلی۔ نیم کھلی آنکھوں سے وہ میز کو دیکھتی یہی سوچتی رہی، وہ قالین پر کیا کر رہی ہے؟ اور جیسے ہی فارس کا خیال آیا، گھبرا کر اٹھ کر بیٹھ گئی۔

وہ صوفے پر اس کی طرف رخ کیے لیٹا تھا۔ ایک کشن سر کے نیچے، دوسرا ٹانگوں میں پھنسا تھا۔ کمفرٹر آدھا صوفے پر، تو آدھا نیچے گرا ہوا تھا۔ وہ آرام دہ حالت میں بازو موڑ کر سر کے نیچے رکھے جانے کب سے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

اس کے احساسات سے، جذبات سے، آنکھوں کے تاثر، اور تاثرات کی حکایتوں سے مکمل بے خبر وہ گھٹنوں کے بل اوپر ہوئی۔ ہوائیاں اڑی ہوئی تھیں۔

''تم ٹھیک ہو؟'' انداز ایسا تھا جیسے اگر اس نے ''نہ'' کہا تو وہ وہیں فوت ہو جائے گی۔

خاموشی......

''فارس!'' گھبرا کر آنکھوں کے سامنے ہاتھ ہلایا۔ پھر اس کی پیشانی پر اپنا ٹھنڈا ہاتھ رکھا۔ حرارت تو بالکل بھی نہیں تھی۔

''اب ٹھیک ہوں۔'' اس نے کہا۔ آواز بھاری، گمبھیر اور بے انتہا گہری تھی۔

جنت نے بے اختیار سکھ بھری سانس لی۔ پھر اسے خشمگیں نگاہوں سے گھورا۔

''تم نے مجھے بتایا نہیں، کل رات تمہاری بلیوں کے ساتھ میٹنگ تھی۔''

فارس کے لبوں پر تبسم بکھر گیا۔ آنکھوں کی نمی کچھ اور بڑھ گئی۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

''تم کیا کرتیں؟''

''تمہارے ساتھ جاتی۔اور کیا؟''جل کر بولی۔

بخدا اس نے بلیوں سے قطع تعلق کر لیا تھا مگر شوہر نامدار کو ہر دوسرے تیسرے ہفتے پھر بھی الرجی ہو جاتی تھی۔فائدہ بلیوں سے دور رہنے کا؟

وہ قالین پر تھی،اور صوفے پر کہنی ٹکائے انتہائی سنجیدگی اور کچھ برہمی سے اسے دیکھ رہی تھی۔

فارس نے ہاتھ بڑھا کر اس کے گال پر پھسلتی لٹ کو کان کے پیچھے کر دیا۔''تم کیسی ہو؟''

''مجھے کیا ہونا ہے؟''شان بے نیازی سے کہا۔

''کافی پریشان تھیں تم۔''

''نہیں،بالکل بھی نہیں!مجھے تو صرف آنٹی کی فکر ہو رہی ہے جنہیں تم جیسا لاپروا اور نالائق بیٹا ملا ہے۔''

''یہی نالائق شیرازی انٹرپرائزز کا سی ای او ہے۔''وہ اٹھ کر بیٹھ گیا۔

؛نگاہیں سینٹرل ٹیبل پر رکھی اپنی ادویات پر پڑیں تو ایک دم سے اپنی غلطی کا احساس ہوا۔اینٹی ڈپریسنٹ اور سلیپنگ پلز سامنے ہی رکھے تھے۔

''تم رات کہاں گئے تھے؟''وہ پوچھ رہی تھی۔

''شاپنگ مال!''

''اس کے علاوہ؟''

''کہیں نہیں۔''مختصراً کہہ کر کہیں اور دیکھنے لگا۔

وہ چند لمحوں تک منتظر رہی شاید وہ کچھ کہے گا مگر......

''ہاں!مجھے کیوں بتاؤ گے تم!''جنت کو غصہ آ گیا۔''میں تمہاری لائف پارٹنر تھوڑی ہوں جس سے تم اپنے غم یا راز شیئر کرو گے۔''

وہ پاؤں پٹختی ہوئی وہاں سے چلی گئی۔ فارس نے سر اٹھا کر اسے جاتا دیکھا۔ نگاہیں بھٹکتی ہوئی فرش پر آٹھہریں۔ وقت گزر گیا تھا۔ زخم بھر گئے تھے۔ درد پھر بھی اٹھ رہا تھا۔ سر سے، بازو سے، پیٹ کے داہنے حصے سے بھی۔ ہاتھ بھی زخمی تھے۔ روح بھی مجروح تھی۔ وہ اسے کیا بتائے؟ وہ اسے کیا دکھائے؟

گہری سانس لے کر اینٹی ڈپریسنٹ اور سلیپنگ پلز جیب میں رکھتا واش روم چلا گیا۔ فریش ہو کر باہر آیا تو وہ ڈائننگ ٹیبل پر کھانا لگا چکی تھی۔ ناشتے کا وقت تو ویسے بھی گزر چکا تھا۔ وہ کرسی کھینچ کر اس کے سامنے بیٹھ گیا۔

کھانے کے دوران مکمل خاموشی رہی۔ نہ وہ اسے دیکھ رہا تھا، اور نہ وہ کوئی بات کر رہی تھی۔ البتہ گاہے بگاہے ایک نظر اس پر ضرور ڈال لیتی تھی۔

کھانے کے بعد چائے بنا کر وہ لاؤنج میں آ گئی۔ ایک کپ اس کے آگے رکھا اور اپنا کپ ہاتھوں میں لیے دوسرے صوفے پر بیٹھ گئی۔

وہ بے مقصد چینل بدل رہا تھا۔ معمول کے برعکس بہت خاموش تھا۔

"چائے ٹھنڈی ہو جائے گی۔" اس نے کہا تو ٹرے قریب کرتے ہوئے اس نے پانی کا گلاس اٹھا لیا۔ اپنی ٹیبلٹس منہ میں رکھتے ہوئے پانی پیا۔

اسے فارس کی خاموشی پر غصہ آنے لگا۔

"اس کے ہر معاملے پر نظر رکھ کر وہ اپنے سبھی معاملات سے اسے بے خبر رکھے ہوئے تھا۔ اور یہ نہیں کہ کوئی بات شیئر کر لے۔" سوچ کر تپ چڑھی۔ سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

"کل رات تم مجھ سے باتیں کرتے رہے۔" ایک لمحے کا توقف کر کے اضافہ کیا۔ "نیند میں!"

فارس کو اچھو لگا۔ کھانستے ہوئے اس کی طرف دیکھا۔

"میں باتیں کرتا رہا؟" آنکھوں میں بے یقینی اتر آئی۔

جنت نے اثبات میں سر ہلایا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

''تم سے؟'' حیرت......

''ہاں!''

''نیند میں؟'' صدمہ......

''بالکل!''

وہ اندر تک سن ہوا۔ لیکن پھر یہ سوچ کر کہ جنت اس طرح کی باتیں صرف تنگ کرنے کے لیے کر سکتی ہے تو کچھ پرسکون ہو گیا۔

''نائس ٹرائے! لیکن مجھے نیند میں باتیں کرنے کی عادت نہیں ہے۔'' اپنا کپ اٹھا کر مسکرایا۔ وہ بھی مسکرائی۔

https://novelskidunya.com/

''ہاں، جانتی ہوں لیکن کل رات تم نے باتیں کیں۔ خود سے بولتے رہے۔''

وہ مذاق میں لے رہی تھی مگر فارس کے تاثرات میں یکا یک سنجیدگی اتر آئی۔

''ایسا نہیں ہو سکتا۔'' وہ قطعی لہجے میں بولا۔

''ہو چکا ہے۔'' وہ مزے میں تھی۔

''کیا بات کی میں نے؟'' اب کے وہ اس کی آنکھوں میں اضطراب دیکھ سکتی تھی۔

ناولز کی دنیا Novels Ki Dunya

''لو تم تو ابھی مان ہی نہیں رہے تھے۔'' وہ ہنسی۔

''جنت! میں مذاق کے موڈ میں نہیں ہوں۔'' وہ سنجیدہ تھا۔

''میں بھی بہت سیریس ہو کر بات کر رہی ہوں۔'' وہ چائے میں چینی ڈال کر چمچ ہلانے لگی۔

''میں نے کیا کہا؟''

''کچھ ایسا جو پہلے کبھی نہیں کہا۔'' وہ اس کی کیفیت سے محظوظ ہو رہی تھی۔

فارس نے گھور کر اسے دیکھا۔

''میں بھلا تمہیں کیوں بتاؤں؟'' جواباً اس نے اور زیادہ گھورا۔

"تو پھر کسے بتاؤ گی؟"

"ڈاکٹر بخاری کو......اور کسے؟"

"ڈونٹ یو ڈیئر!" اس نے کپ رکھ دیا۔

جنت کے چہرے پر کئی طرح کے مسرت بھرے رنگ بکھرے۔ اتنے دنوں سے وہ اسے تنگ کر رہا تھا۔ بالآخر آج وہ اسے زچ کرنے میں کامیاب ہو ہی گئی تھی۔

"مجھے ڈاکٹر بخاری نے کہا تھا اگر میں تمہارے بی ہیویر میں کسی بھی طرح کا بدلاؤ دیکھوں، یا کسی بھی میڈیسن کے استعمال کے بعد کچھ بھی تبدیلی محسوس کروں تو انہیں ضرور آگاہ کروں۔"

"میں تھکا ہوا تھا، مجھے الرجی بھی ہوئی۔ اگر دواؤں کے زیرِ اثر کچھ کہہ بھی دیا تو کیا ہو گیا؟"

"کچھ بھی نہیں ہوا۔ کیا میں نے کوئی اعتراض کیا؟" وہ مزے سے چائے کے گھونٹ لے رہی تھی۔

"جنت!" وہ اچھا خاصا چڑ گیا۔

"جو بھی بات ہو گی، ڈاکٹر بخاری سے ہو گی۔" اس نے ہاتھ اٹھا کر اعلان کیا۔

"تم جانتی ہو وہ ممی سے رابطے میں رہتے ہیں۔" وہ صحیح معنوں میں اسے پریشان نظر آیا تھا۔

"نہیں، میں بالکل نہیں جانتی۔" وہ اسے تنگ کر کے بہت خوشی محسوس کر رہی تھی۔

وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا۔

"میرے لیے یہ بہت سیریس بات ہے۔ پلیز!" وہ از حد سنجیدہ تھا۔

"تم ڈر کیوں رہے ہو؟"

"میں ڈر نہیں رہا۔ میں......" وہ کچھ کہتے کہتے رکا۔ "تمہیں مجھے جگانا چاہیے تھا نہ کہ اس طرح مجھے سنتی رہتیں۔" اس نے جھڑک دیا۔

"جگایا تو تھا۔ تم نے مجھے ڈانٹ دیا آگے سے......"

وہ آنکھوں میں اضطراب لیے کھڑا رہ گیا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

''اور اگر سن بھی لیا تو کیا ہو گیا؟'' اس نے لہجے میں نرمی سمو کر معصومیت سے پلکیں جھپکائیں۔
فارس کے لب بھینچ گئے۔ آنکھوں میں ناراضی اتر آئی۔ پیشانی پر ڈھیر سارے بل لیے وہ لاؤنج سے چلا گیا۔

''چائے تو پی لو......!'' وہ اٹھ کر تیزی سے اس کے پیچھے آئی۔
مگر کوئی بھی جواب دیے بغیر اس نے بیڈ روم کا دروازہ غصہ سے بند کر دیا تھا۔
جنت اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔

❁ ❁

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی **5** تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

https://novelskidunya.com/

Novels Ki Duniya

اُم ایمان قاضی کا بہت خوبصورت نیا ناول
سانسوں کے اس سفر میں
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

ندا حسنین کا بہت خوبصورت نیا ناول
عشق نگر کے مسافر
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

قسط نمبر 11

فارس وجدان اس سے ناراض ہو چکا تھا۔ پیکنگ کے دوران اس کے آگے پیچھے پھرتے ہوئے اس نے بات کرنے کی کوشش کی تو اس نے کوئی جواب نہ دیا۔ تیاری کرتے ہوئے بارہا مخاطب کر رہی تھی مگر وہ تو ایسا ہو گیا جیسے کچھ سن ہی نہ رہا ہو۔ کھانے کی میز پر بھی انتہا کی خاموشی تھی۔ اب وہ وہی کھڑوس، مغرور اور بد مزاج فارس تھا۔ (پرانے والا!)

جنت حیران تھی۔ آخر اسے ہوا کیا تھا؟ ایسی کون سی بات تھی جو اسے بری لگ گئی تھی۔

''اچھا ٹھیک ہے۔ کسی کو کچھ نہیں بتاؤں گی۔'' خاصی سوچ و بچار کے بعد ذرا سا احساس ہوا تو کہہ دیا۔

گاڑی ایئر پورٹ کی جانب رواں دواں تھی۔ وہ عقبی نشست پر اس کے برابر میں بیٹھی تھی۔

''پورے پاکستان کو بتاؤ میری بلا سے۔'' ایک شان اور تمکنت سے براجمان وہ کروفر سے کہہ کر باہر دیکھنے لگا۔

جنت حیران ہوئی۔

''واقعی؟'' پھر کندھے اچکا کر اس نے بھی رخ بدل لیا۔

لندن کے ہیتھرو ایئر پورٹ پر عدیل احمد نظر آیا تو چھوٹتے ہی پوچھ لیا۔

''مسٹر عدیل! کیا آپ کسی ایسے انسان کو جانتے ہیں جو نیند میں باتیں کرتا ہو؟''

''سوری؟'' عدیل کو جنت کمال کی بات خاک سمجھ میں نہ آئی۔

''مطلب جو نیند میں باتیں کرے۔ میں ایک کو جانتی ہوں۔'' ہاتھ سے اپنی طرف اشارہ کیا یوں جیسے بڑے اعزاز کی بات ہو۔

فارس نے غصہ دباتے ہوئے جنت کو بازو سے پکڑ کر دائیں طرف کھڑا کیا۔ ''باز آجاؤ تم۔''

''نہیں، باز آسمان پر ہی ٹھیک ہے، اسے نیچے مت بلاؤ تم۔''

وہ بڑے مزے میں تھی۔ ''اینڈ بائے دا وے، تم نے خود مجھے کہا سب کو بتا دو۔ اب کیا مسئلہ ہے؟''

وہ ضبط کر کے جھٹکے سے پلٹ گیا۔

ایئر پورٹ کے ویٹنگ ایریا میں تو اس نے انتہا کر دی۔ قریب بیٹھے کسی سوٹڈ بوٹڈ آدھے انگریز، آدھے پاکستانی انکل سے سلیپ ٹاک کا موضوع چھیڑ دیا۔ وہ بتا رہے تھے کہ کیسے ان کے عزیز نیند میں چلا کرتے تھے اور کیسے وہ ایک بار گھر سے باہر نکل گئے تھے۔ اور وہ بہت حیران و پریشان ہو رہی تھی۔

''کیا واقعی انکل؟ ایسا ہی ہوتا ہے؟ اوہ میرے اللہ! اچھا پھر...... پھر کیا ہوا تھا؟''

وہ سیٹ آرم پر کہنی ٹکائے، ہاتھ کو پیشانی اور آنکھوں پر رکھے، ضبط کے کڑے مراحل سے گزر رہا تھا۔

انکل صاحب سے گفتگو ختم ہوئی تو محترمہ کو بھوک لگ گئی۔ بیگ سے چپس کا پیکٹ نکال لیا۔ فارس کو آفر کی تو وہ اچھا خاصا جلا بھنا بیٹھا تھا، رسپانس تک نہ دیا۔ وہ کندھے اچکا کر رخ بدل گئی۔ چپس کے چند پیکٹ، چاکلیٹس، بسکٹس نکال لیے۔ وہ مزے سے کھا رہی تھی تو سامنے بنچ پر بیٹھے بچے اس پر سنجیدگی سے نظر جمائے ہوئے تھے۔ بیگ تھا یا کوئی جادوئی تھیلا۔ چیزیں ختم ہی نہیں ہو رہی تھیں۔ اسی دوران ایک ننھی سی بچی نظروں میں آ گئی۔ اس کے پیروں میں پھولوں جیسے جوتے تھے۔ جب وہ قدم اٹھاتی تو سرخ روشنی سی بکھرتی تھی۔

''ہم بھی ایسے جوتے لیں گے۔'' فارس کی جانب جھک کر کہا۔

وہ موبائل پر کچھ لکھ رہا تھا، سر اٹھا کر دیکھا، پھر دیکھتا ہی رہا۔ بچی نے نیا نیا چلنا سیکھا تھا۔ فراک میں تو کوئی کھلتا ہوا پھول ہی لگ رہی تھی۔

''ٹھیک ہے، ''ہم'' یہی لیں گے۔'' وہ منظر دیکھ کر اس کا موڈ خوش گوار ہو گیا۔

''میں صرف اپنی بات کر رہی ہوں۔'' محترمہ کو ہوش آیا تو پھر سے ٹوکا۔

''یہ ''ہم'' اب صرف تم ہو؟'' اب کے کڑی نظروں سے اسے گھورا۔

وہ اسٹرا دانتوں میں دبائے رخ بدل گئی۔ فارس کی نگاہیں کافی دیر تک اس بچی کے تعاقب میں رہیں۔

''تمہیں لگتا ہے جب ہمارا بے بی آئے گا تو ہم الگ ہو سکیں گے؟'' اس نے کہا۔

جنت نے چونک کر اسے دیکھا۔ اسٹرا منہ میں ٹھہر گیا۔ اندر تک خاموشی چھا گئی۔

''تم میں ایسا کرنے کی ہمت آ سکتی ہے۔ مجھ میں تو بالکل بھی نہیں۔'' وہ سچ کہہ رہا تھا۔ وہ جتنا ہی مضبوط تھا، اپنی اولاد کے لیے اتنا ہی کمزور ہو سکتا تھا۔

''تم مجھے پریشان کر رہے ہو۔'' جنت کی آنکھوں میں نمی اتر آئی۔ آنکھیں، ناک، گال سرخ ہونے لگے۔

''اوہ گاڈ! کیا ہو گیا ہے؟'' وہ صحیح معنوں میں گھبرایا تھا۔ ''میں نے تم سے یہ تو نہیں کہا، میں اسے تم سے چھین لوں گا۔''

''میں یہی سمجھی ہوں۔'' وہ رو پڑی۔

''تم غلط سمجھی ہو۔ فار گاڈ سیک! رونا بند کرو۔ لوگ ہمیں دیکھ رہے ہیں جنت!''

''ہاں تو دیکھنے دو، انہیں پتا چلنا چاہیے، تم کتنے برے ہو۔''

وہ اٹھ کر اپنی پشت پر ہاتھ باندھے اس کے آگے کھڑا ہو گیا تھا تاکہ کسی کو یہ پتا نہ چلے وہ کتنا برا ہے۔ وہ اس کی اس حرکت پر سیخ پا ہو گئی۔

''ہاں چھپ کر روتی رہوں، کوئی پروا نہیں۔ یہ نہیں کہ دو لفظ تسلی کے بول دو۔'' پست آواز میں شکوہ کیا۔

وہ قدرے حیرت سے اس کی طرف مڑا۔

''اب میں تم سے کیا کہوں؟'' برابر میں بیٹھ کر پوچھا۔ ''یہی کہ میرے بچے کو پورا کا پورا اپنے پاس رکھ لینا۔ میں ہفتے میں ایک دن مل لیا کروں گا؟ یا پھر یہ کہ خلع کے لیے جو وکیل چاہیے وہ میں ہائیر کر دوں گا؟'' وہ لمحے بھر کے لیے تھمی۔ اندر ہی اندر اور رونا آیا۔

''خبردار جو مجھ سے تم نے بات بھی کی تو.....''

اپنا بیگ پیک اس کی گود میں پٹخ کر دوسری بنچ پر جا بیٹھی۔ فارس گہری سانس لے کر رہ گیا۔

''سارے مرد ایک جیسے ہوتے ہیں۔'' آنسو صاف کرتے ہوئے وہ بڑبڑائی۔

''ہاں مگر آپ کے والا تو خوب صورت بھی بہت ہے۔'' آنٹی جی نے کتاب سے نظر ہٹا کر عینک آگے پیچھے کر کے اس کے والے کو بغور دیکھتے ہوئے تبصرہ کیا۔ غالباً وہ کافی دیر سے ان کی چخ چخ ملاحظہ فرما رہی تھی۔

''شوہر ایسا ہو تو بیوی کو کیا خاک سکون کی نیند آتی ہو گی۔''

''یہ تو آپ نے بالکل ٹھیک کہا۔'' ان کی بات سمجھے بغیر اس نے اپنی کہی۔

''گڈ لکنگ مردوں کی بیویوں کو بہت زیادہ محتاط رہنا چاہیے۔''

جنت کا منہ کھلا۔ بات تو جیسے اب سمجھ میں آئی۔

''کوئی گڈ لکنگ نہیں ہے وہ۔'' تڑپ کر کہا۔

آنٹی جی نے اب کے عینک ناک پر کھسکا کر اسے گھورا۔ بھلا یہ کیسی بیوی تھی جس سے اپنے شوہر کی تعریف برداشت نہیں ہو رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/

''نظر رکھا کرو اس پر۔'' ماؤں کی طرح نصیحت کی۔

''مجھے نہیں رکھنی کوئی نظر وظر۔'' بگڑ کر سینے پر بازو باندھے۔ ٹانگ پر ٹانگ رکھی۔ ''کرتا ہے تو کرلے دوسری، تیسری، چوتھی شادی۔''

رونے کے باعث محترمہ کی آنکھیں اور ناک سرخ ہو رہی تھیں۔

آنٹی جی کو اس کی خودسری پر غصہ آگیا۔ یہ آج کل کی نوجوان نسل۔ برداشت تو ہے ہی نہیں ان میں۔ لو بتاؤ! دوسری، تیسری، چوتھی شادی...... یہ بھی کوئی کہنے کی بات ہے؟ اور کل کو اگر دوسری، تیسری، چوتھی آگئی تو لگ پتا جائے۔

https://novelskidunya.com

آنٹی کی برہمی دیکھ کر وہ ذرا دھم پڑی۔ ابھی تو اس نے یہ نہیں بتایا تھا کہ وہ ماں بننے والی ہے اور یہ بھی کہ وہ کورٹ میں جا کر خلع لے گی۔ پھر شاید وہ جوتا ہی اتار لیتیں۔

فارس کو مکمل نظر انداز کیے وہ ان سے باتیں کرنے لگی۔

آنٹی کے پاس بہت سے مفت مشورے تھے۔ انہوں نے ہاتھ تھاما اور شوہر کو مٹھی میں کرنے کے گر سکھانے لگیں اور گر سکھاتے سکھاتے اپنی نند اور جیٹھانی کے قصے چھیڑ کر بیٹھ گئیں۔ جنت ان کی خاندانی سیاست اور مسئلوں میں ایسی الجھی کہ فارس کے ساتھ اپنی لڑائی، غصہ، ناراضی سب بھول بھال گئی۔

Novels Ki Dunya

اس کا ہرے رنگ کا بیک پیک اپنے گھٹنے پر رکھے فارس نے بے ساختہ سکھ بھرا سانس لیا۔ پندرہ منٹ بڑے سکون سے گزرے۔ اعلان ہوا تو وہ اٹھ کر اس کے پاس آیا۔

''میرا تو فورتھ منتھ چل رہا ہے۔'' وہ سارے حال احوال یوں دے رہی تھی جیسے کئی سالوں کی شناسائی ہو۔ اور آنٹی جی بھی تسبیح کے دانے گھماتے ہوئے یوں خوش ہوئیں جیسے وہی نانی بننے والی ہوں۔ پریگنینسی کے حوالے سے بھی نصیحتیں کیں۔ جاتے وقت فون نمبرز کا بھی تبادلہ ہوا۔

''میں آپ کو بہت مس کروں گی آنٹی!'' ان سے گلے لگ کر بولی۔ فارس نے آنکھیں گھمائیں۔

سرِراہ چلتے کسی سے بھی اس کی دوستی ہو جاتی تھی۔

''کاش! میری سیٹ آپ کے ساتھ ہوتی۔''

''ہاں! کاش۔'' فارس نے ہاتھ پکڑ کر دانت پیسے اور اسے اپنے ساتھ لے جانے لگا۔

''صبر نہیں ہے تم میں۔'' اسے برا لگا۔

''پچھلے ایک گھنٹے سے صبر ہی تو کر رہا ہوں۔''

''ہاں تو کیا اس میں میرا قصور ہے، فلائٹ لیٹ ہو گئی؟''

''سراسر میری غلطی ہے۔'' وہ معترف ہوا۔ اور اس کا ہاتھ گرفت میں لیے آگے بڑھ گیا۔ وہ محض اسے گھور کر رہ گئی تھی۔

https://novelskidunya.com/

☆......☆......☆

بزنس کلاس کیبن میں نیلگوں روشنی کا گمان تھا۔ پرسکون خاموشی تھی۔ آس پاس بہت سے مسافر نیند کی آغوش میں اتر چکے تھے بشمول اس کی زوجہ محترمہ کے۔ تاہم وہ جاگ رہا تھا۔

ٹیبل ٹرے پر لیپ ٹاپ رکھا تھا۔ اسکرین روشن تھی۔ کچھ بے چینی سے پیشانی مسلتے ہوئے وہ آرام دہ حالت میں براجمان بہت بے چین لگ رہا تھا۔ آنکھوں میں تفکرات کی پرچھائیاں تھیں۔ دل میں واہموں کا خوف تھا۔ حالات کی وحشت تھی۔ ماضی کی وحشت تھی۔ اور سوال تھے۔ بہت زیادہ اور مشکل سوال تھے۔ اسے سنبھلنے میں وقت لگا تھا۔ اب بہت زیادہ وقت لگ رہا تھا۔ کیفیت یوں ہو رہی تھی جیسے وہ وہیں کھڑا ہو۔ اندر بہت شور تھا اور بے تحاشا بے سکونی تھی۔

''تم سوئے نہیں؟''

جنت کی آواز پر چونک کر اس کی طرف دیکھا۔ اسے دو بار ووملنگ ہوئی تھی تو طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔ ابھی بھی پیٹ پر ہاتھ رکھے وہ نڈھال نیم دراز تھی۔

''نیند نہیں آ رہی۔'' کہہ کر وہ اس کی طرف متوجہ ہوا۔
''پریشان ہو؟'' جانے کب سے وہ اس کی بے چینی ملاحظہ کر رہی تھی تو پوچھے بنا نہ رہ سکی۔
''نہیں۔''
وہ چپ ہوگئی۔
''تم کچھ کھالو۔'' اس نے کہا۔
''میرا دل نہیں چاہ رہا۔'' منہ کے زاویے بگاڑتے ہوئے اس نے آنکھیں میچ لیں۔ حلق کڑوا تھا۔ ذائقہ خراب۔ کھانے کے تصور سے ہی ابکائی آنے لگی۔
''اب اس طرح کی چیزیں کھاؤ گی تو یہی ہوگا۔''
''کس طرح کی چیزیں؟''
''جن سے بیگ بھرا ہوا ہے۔''
''تمہارا مطلب ہے مارننگ سکنیس چپس، چاکلیٹس کھانے کی وجہ سے ہوتی ہے؟'' جنت کی بھنویں سکڑ گئیں۔
''تم سے بحث فضول ہے۔'' اس نے فلائٹ اٹینڈنٹ کال بٹن دباتے ہوئے کہا۔
''ہاں، لاجواب جو ہو گئے ہو۔ اب تو تم یہی کہو گے۔'' تنک کر بولی۔ کچھ ہی دیر بعد فلائٹ اٹینڈنٹ حاضر ہوئی۔ فارس نے فروٹ پلیٹر میل کا آرڈر دیا جو کہ کچھ ہی دیر میں پیش کر دیا گیا۔
اس کے اصرار اور ایک دو گھوریوں کے بعد وہ نا چاہتے ہوئے بھی اٹھ کر بیٹھ گئی۔
''چاہو تو ہر پانچ منٹ بعد ایک بائٹ لو لیکن یہ ہر صورت ختم ہونا چاہیے۔'' اس کی سیٹ کی پوزیشن ایڈجسٹ کرتے ہوئے ٹیبل ٹرے کھول دی۔ ایئر ہوسٹس ایک ایک کر کے اشیاء رکھتی گئی۔ وہ گہری سانس لے کر باہر تاریکی میں دیکھنے لگی۔ فورک اٹھالیا۔ پھر بے دلی سے تھوڑا تھوڑا کر کے کھانے لگی۔

https://novelskidunya.com/

اپنے بالوں میں انگلیاں پھیرتے ہوئے اب وہ سامنے دیکھ رہا تھا۔ لیپ ٹاپ کی اسکرین تاریک ہو چکی تھی۔ اور ایسی ہی تاریکی اس کے اندر بھی آ گئی تھی۔ سینے پر بوجھ بڑھا ہوا تھا۔ گہری سانس لے کر اس نے اپنی پیشانی مسلی۔ گزشتہ شب والی کیفیت ایک بار پھر اس پر طاری ہو رہی تھی۔ بات سامان کی تھی۔ اس گھر کی تھی اور گھر کی دیواروں سے جڑی حکایتوں کی تھی۔ شاید اسے وہاں نہیں جانا چاہیے تھا۔ جو دروازے سالوں سے بند تھے، انہیں کھولنا نہیں چاہیے تھا۔

ایک منظر ابھرا، پھر دوسرا، تیسرا...... اس نے آنکھیں میچ کر گردن کے پیچھے دونوں ہاتھوں سے دباؤ ڈالا۔ پھر پانی کی بوتل اٹھائی۔ چند گھونٹ بھرے۔ پھر جیب سے ٹیبلٹس کا چھوٹا سا پیکٹ نکالنے ہی والا تھا کہ جنت کی آواز سماعت سے ٹکرائی۔

https://novelskidunya.com/

''گردیزی صاحب اس دن تمہارے دادا کی بہت تعریف کر رہے تھے۔ کہہ رہے تھے تمہاری پرسنالٹی بھی ان کے جیسی ہے۔''

وہ لمحے بھر کے لیے ساکت ہوا پھر گردن موڑ کر اسے دیکھا۔

''گردیزی صاحب؟''

''ہاں! وہ جن کے سفید لمبے بال ہیں۔ اس دن شادی پر بھی تھے۔ جمال گردیزی۔''

وہ سن ہوا۔ مسز سلیمان نے تو اسے نہیں بتایا تھا۔

''تو کیا وہ جنت سے ملنے آئے تھے؟''

''وہ کہہ رہے تھے تمہاری بزنس اسٹریٹجی، تمہارے فیصلے، تمہارا ہر معاملے میں اپنی ٹیم کو لے کر چلنے کا طریقہ لیٹ چیئر مین اعظم شیرازی جیسا ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے آج بھی سب وہی ڈیل کر رہے ہوں۔'' وہ بہت نارمل لہجے میں بتا رہی تھی مگر فارس کے اندر سب فنا ہو رہا تھا۔

بظاہر یہ تعریف ایک ''رائے'' تھی اور یہ ''رائے'' صرف گردیزی صاحب کی نہیں تھی۔ اس کے

حلقہ احباب اور بزنس سوسائٹی میں تقریباً ہر دوسرا شخص یہی کہتا ہوا پایا جاتا تھا۔ مگر حیران کن بات یہ تھی، وہ یہ سب جنت سے سن رہا تھا۔ کچھ غلط ہو گیا تھا یقیناً...... خطرے کی گھنٹی بج اٹھی۔ گردیزی صاحب کے تصور سے اس کے جبڑے بھنچ گئے۔

''کیا ایسا ہی ہے؟'' وہ پوچھ رہی تھی۔

''نہیں۔'' اس کا داہنا ہاتھ بے ساختہ گردن تک آیا۔ اس نے ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کر دی۔ کالر کے بٹن بھی کھول دیے۔ وجود میں آگ جل اٹھی تھی۔ آنکھوں میں دھواں سا بھر گیا تھا۔ زخم سلگنے لگے تھے۔ روح جھلس رہی تھی۔

وہ اعظم شیرازی نہیں تھا۔ وہ اعظم شیرازی جیسا نہیں ہو سکتا تھا۔

اس کے احساسات سے قطعی بے خبر جنت نے لیمونیڈ کے کچھ گھونٹ لیے۔

''اور کیا کہا؟'' وہ سنجیدگی سے پوچھ رہا تھا۔

آنکھوں میں سرخی اتری ہوئی تھی۔ تاثرات بظاہر سخت نہیں تھے مگر اندر کی کرختی اس کی آنکھوں سے عیاں ہو رہی تھی۔

''اور تو کچھ خاص نہیں۔ تھوڑی دیر کے لیے آئے تھے، اس لیے جلدی چلے گئے۔ اوہ ہاں!'' پھر جیسے کچھ یاد آیا تو اس کی طرف دیکھا۔ ''مجھ سے کہنے لگے، یو شڈ بی ویری کیئرفل آف یور ہزبینڈ! یو ڈونٹ نو ہم!'' (تمہیں اپنے شوہر سے بہت محتاط رہنا چاہیے، تم اسے نہیں جانتیں)

حملہ شدید...... اور ضرب کاری تھی۔ ہمیشہ تب ہی پڑتی تھی جب توقع نہیں ہوتی تھی۔ اس کی مٹھیاں بھنچ گئیں۔ جنت کو مسز سلیمان کے گھر اکیلے بھیج کر اس نے غلطی کر لی تھی۔

''پھر؟''

''پھر یہ کہ میں نے کہا۔ یہ بات کرنے کے بعد آپ کو میرے ہزبینڈ سے بہت زیادہ محتاط رہنا چاہیے۔''

فارس وجدان ششدر سا اسے دیکھ کر رہ گیا۔

فضا کی کشیدگی یکا یک کم ہوئی، گھٹن کا احساس ختم ہوا۔ سانسوں سے بوجھ ہٹ گیا۔

"میں نے صرف اتنا کہا اور وہ ایک دم سے ہنسنے لگ گئے، عجیب طرح سے۔ پھر بولے۔ ایسی بات فارس کی بیوی ہی کہہ سکتی ہے۔ اس کے بعد وہ زیادہ دیر نہیں رکے۔" سیب کی قاش منہ میں ڈالتے ہوئے سر اٹھایا اور رک گئی۔ فارس اسے دیکھ رہا تھا۔ پلکیں جھپکائے بغیر وہ اسے دیکھ رہا تھا۔ جنت کمال کے لیے اس کے تاثرات قطعی سمجھ سے باہر ہو گئے، اس کی ہیزل آنکھیں دھندلی مبہم ہو گئیں۔ اس کی ہر حکایت پھر سے اندھیرا ہو گئی۔ مکمل سناٹا ہو گئی۔

"تم نے گردیزی صاحب سے کہا، وہ مجھ سے محتاط رہیں؟" اس نے جیسے تصدیق چاہی تھی۔

"ہاں! کیا نہیں کہنا چاہیے تھا؟" وہ پزل ہوئی۔

وہ اگلے چند لمحوں تک کچھ کہہ نہ سکا۔ وہ اسے حیران کر رہی تھی۔ بہت زیادہ حیران کر رہی تھی۔

"اور جو بات وہ کر رہے تھے۔" دانستہ رک گیا۔

"کون سی بات؟" بھنویں سکیڑ کر فارس کو گھورا۔

پہیلیوں میں باتیں کیوں کرتا تھا وہ؟

"انہوں نے تم سے کہا یو شڈ بی کیئرفل آف یور ہزبینڈ۔"

"ہاں وہ تو میں شروع سے بہت "کیئرفل" ہوں۔" ایزی ہو کر بہت مطمئن لہجے میں بولی۔

فارس اسے دیکھ کر رہ گیا۔

"وہ تو ایسے بات کر رہے تھے، جیسے تم کوئی سیریل کلر ہو اور مجھے اس کا علم نہیں ہے۔ ایسا ہو سکتا ہے کہ مجھے علم نہ ہو؟" تائید کے لیے اس کی طرف دیکھا مگر دوسری طرف تو ایک گہرا سکوت تھا، تعجب تھا، حیرانی تھی، صدمہ تھا۔

وہ ایسی کیوں تھی؟ ڈاکٹر مصطفیٰ کی نواسی......وہ ایسی کیوں تھی؟ اپنی تمام تر ناراضی کے باوجود اس نے گردیزی صاحب کو اس کا ویک پوائنٹ نہیں دیا تھا۔اس نے ثابت کر دیا تھا وہ اس کی ہی بیوی تھی۔اس کے ساتھ ہی کھڑی تھی۔اتنا کچھ ہو جانے کے باوجود......اتنی اذیتیں، اتنا درد، اتنے غم سہنے کے باوجود......اتنے اختلافات کی زد میں رہتے ہوئے بھی، اسے اپنا فیصلہ سنا کر، اپنی ناراضی پر قائم ہو کر بھی وہ اس کے ساتھ ہی تھی۔اپنے اندر اسے یک دم سکون سا اترتا ہوا محسوس ہوا۔

"لیکن ان کی یہ بات تو ٹھیک ہے، تم مجھے نہیں جانتیں۔"

ایک بار پھر اسے ٹٹولا کہ شاید کہیں تو اس کے اندر شک وشبہات کے سائے ہوں گے۔کہیں تو اسے کوئی ایسی بات ملی ہوگی جس نے اس کے اندر کا سکون مٹایا ہوگا، احساسات جلائے ہوں گے، مگر......

"میں نے تمہیں جان کر کیا کرنا ہے؟" وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے لاپروائی سے پوچھ رہی تھی۔

وہ صحیح معنوں میں لاجواب اب ہوا تھا۔

"میں نے کون سا تمہارے ساتھ ساری عمر کے لیے رہنا ہے۔"

ایک ادا سے اپنے بالوں کو جھٹکا، باتوں باتوں میں آدھی پلیٹ خالی ہو چکی تھی۔

فارس کے لیے مسکراہٹ چھپانا مشکل ہو گیا تھا۔

"یہ تو تم نے بالکل ٹھیک کہا۔"

"میں ہمیشہ درست بات کہتی ہوں۔"

اسے اندازہ ہی نہیں تھا وہ انجانے میں اس کے دل سے کتنا بھاری بوجھ ہٹا چکی تھی۔اب وہ مزے سے کھا رہی تھی، کچھ دیر بعد ہی نگاہوں کی تپش کا احساس کر کے اس کی طرف گردن موڑی۔

سیٹ آرم ریسٹ پر کہنی ٹکائے، بائیں ہاتھ کی انگلیوں کو اپنے ہونٹوں پر ٹھہرائے وہ اسے دیکھ رہا

تھا۔ بہت نرمی سے اور بے انتہا انسیت کے ساتھ۔ وہ اس بزنس کیبن کی واحد مسافر تھی جو اپنی سیٹ پر آلتی پالتی مارے بیٹھی تھی۔

"تم مجھے ایسے کیوں دیکھ رہے ہو؟" مشکوک ہو کر گھورا۔

"کیسے دیکھ رہا ہوں؟"

"جیسے دیکھ رہے ہو۔"

"وہی تو...... کیسے دیکھ رہا ہوں؟"

"سوال میں پوچھ رہی ہوں تم سے۔" وہ چڑ گئی۔

"کین آئی آسک یو سم تھنگ؟" (کیا میں تم سے کچھ پوچھ سکتا ہوں؟) چند لمحوں کے بعد اس نے کہا۔

"شیور۔" (بالکل) ایک ہاتھ میں پلیٹ اور دوسرے ہاتھ میں فورک اٹھائے اجازت دی۔

"وائے آر یو سو کیوٹ؟" (تم اتنی پیاری کیوں ہو؟)

اور وہ جو سوچے ہوئے تھی کہ کبھی بھی اس کی کسی بھی بات پر کسی بھی طرح کاری ایکشن نہیں دے گی تو بیچ میں بلش کر گئی۔ سٹپٹا کر پلیٹ رکھ دی۔ ہاتھ بڑھا کر اس کے چہرے کا رخ موڑا۔

"کہیں اور دیکھو تم۔"

وہ ہنس دیا۔

خود کھڑکی کی طرف ہو کر پلیٹ قریب کر لی۔ دل دھک دھک کر رہا تھا۔ آواز کانوں میں بھی گونج رہی تھی۔ جہاز میں بھی گونج رہی تھی۔ اسے لگا یہ دھک دھک فارس بھی سن رہا ہے۔ مسافر بھی سن رہے ہیں۔

"آر یو آل رائٹ؟" وہ ہنسی ضبط کیے پوچھ رہا تھا۔

''پلیز! مجھے ڈسٹرب مت کرو۔'' کہہ کر اپنی شکل پھر سے گم کر لی۔

''بھلا جس کے پاس جنت ہو، اسے اینٹی ڈپریسنٹ کی کیا ضرورت؟''

وہ مسکراتے ہوئے سر جھٹک کر رہ گیا۔

☆......☆......☆

پاکستان پہنچتے ہی اس نے پہلے تو اچھی خاصی نیند لے کر اپنی سفری تھکان اتاری اور اس کے بعد فرصت سے اپنی شاپنگ دکھانے مسز شیرازی کے بیڈ روم میں پہنچ گئی۔

اپنے کپڑے، کوٹ، اسٹالر کے بجائے اسے بچے کے لیے کی جانے والی شاپنگ دکھانے کا زیادہ شوق تھا۔ اب تک اس نے جتنی بھی چیزیں خرید رکھی تھیں، وہ سب کی سب بیڈ پر پھیلا دیں۔ وہ ایک ایک چیز اٹھاتی جا رہی تھی اور انہیں دکھاتے ہوئے بتاتی جا رہی تھی کہ اس نے یہ کب اور کہاں سے لی تھیں۔ فارس کے ساتھ کی جانے والی سب سے پہلی شاپنگ تو یادگاری تھی۔ اس دن جو کچھ وہ انہیں نہیں دکھا سکی تھی تو آج دکھا رہی تھی۔

مسز شیرازی آنکھوں میں خوشی کی رمق لیے، بہت محبت سے ایک ایک چیز ہاتھوں میں لیتے ہوئے اسے بھی دیکھ رہی تھیں۔

لندن کی فضا نے جنت پر اچھا اثر چھوڑا تھا۔ صحت کچھ بہتر ہو گئی تھی۔ حلقے کم ہو گئے تھے، چہرہ فریش بھرا بھرا سا لگ رہا تھا۔ اب وہ مسکراتی تھی تو آنکھیں بھی چمک اٹھتی تھیں۔ مزاج میں جیسے ایک ٹھہراؤ سا آ گیا تھا۔ اس کا خوف ختم ہو چکا تھا۔ واہمے مبہم ہو گئے تھے۔ وہ پہلے سے بہتر تھی۔ اور بہت زیادہ بہتر تھی۔ دل ہی دل میں اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے انہوں نے ان کے تعلقات کی مزید بہتری کی دعا کی۔

اس نے بیگ سے سیاہ شاپنگ بیگ نکالا۔

''یہ کب لیا؟'' ذرا حیران ہوئی کہ اسے یاد نہیں تھا۔ نہ پہلے اسے دیکھا تھا۔ کھولا تو اندر سفید رنگ

کے ننھے ننھے سے موزے، جوتے، اونی کیپ اور لباس تھا، فیڈر بھی سفید رنگ کا۔

"کیا یہ فارس نے لیے تھے؟" آنکھوں میں اشتیاق لیے کپڑوں کو ہاتھوں میں لیا۔ اتنی نرم و ملائم چیزیں۔ اس نے فوراً سے اٹھا کر مسز شیرازی کو دکھائیں اور وہ اپنی جگہ ساکت ہو گئیں۔

"یہ یقیناً فارس نے لیے ہیں۔ کتنے پیارے ہیں نا؟" وہ کہہ رہی تھی۔

ان کی پلکیں لرزیں۔ ان کے لب کپکپائے۔ ان کے سینے پر ایک بھاری بوجھ آ کر ٹھہر گیا۔

جنت نے چھوٹا سا منی کچن سیٹ نکالا۔ "یہ اس نے بہت جلدی لے لیا ہے۔" وہ کہہ کر ہنسی۔

مسز شیرازی کو لگا، وہ سانس نہیں لے سکیں گی۔ جو کپڑے ہاتھ میں تھے، ان پر گرفت بڑھ گئی۔ آنکھیں مکمل نم، وجود اندر تک ویران ہو گیا۔

"پتا نہیں اس نے کب لیے؟" سر اٹھا کر مسز شیرازی کی طرف دیکھا۔ ان کے بدلتے تاثرات اسے پریشان کر گئے۔

"آپ ٹھیک ہیں؟" اٹھ کر ان کے پاس آ گئی۔

انہوں نے گہری سانس لیتے ہوئے اپنے سینے پر ہاتھ رکھا۔ "ہاں ٹھیک ہوں۔"

اس نے فوراً ہی گلاس میں پانی ڈال کر انہیں دیا۔ چند گھونٹ لینے کے بعد وہ وقفے وقفے سے گہری سانسیں لیتی رہیں۔

"آنٹی!" ان کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے فکر مندی سے انہیں دیکھا۔

"ٹھیک ہوں، ایسے ہی ذرا دل گھبرا گیا۔"

"آپ آرام کریں۔ میں بھی تو کب سے آپ کا سر کھا رہی ہوں۔" شرمندہ ہو کر ساری چیزیں سمیٹنا شروع کیں۔

"ایسا نہیں ہے بیٹا!" انہوں نے روکنا چاہا۔

''بس باقی شاپنگ کل دیکھ لیں گے۔''

انہیں احتیاط سے بیڈ پر لٹایا۔ بہت محبت اور فکرمندی سے ان کی آنکھوں میں دیکھا۔

''تھک گئی ہوں شاید اس لیے۔'' ان کی آواز آنسوؤں سے رندھی ہوئی تھی۔

''میں فارس کو بلاتی ہوں۔'' اٹھ کر جانے لگی تو انہوں نے ہاتھ پکڑ کر روک لیا۔

''پریشان ہو جائے گا وہ۔ آرام کروں گی تو ٹھیک ہو جاؤں گی۔''

وہ ان کے گرد بازو ڈالے ان کے برابر میں ہی لیٹ گئی تھی۔

''آپ سو جائیں اب۔'' ان کے کندھوں پر اپنا سر رکھا۔ انہوں نے خود کو پرسکون کرتے ہوئے آنکھیں بند کر لیں۔ وہ تب تک ان کے پاس رہی جب تک کہ وہ سو نہیں گئیں۔ احتیاط سے اٹھ کر لیمپ آف کر دیا اور بے آواز قدموں کے ساتھ باہر آ گئی۔ چند لمحوں تک وہاں کھڑی رہی۔

پھر اس نے راہداری کی جانب دیکھا۔ آہستگی سے قدم اٹھاتی سیڑھیوں تک آئی۔ سر اٹھا کر بہت اوپر تک دیکھا۔ صبح اس کے بیدار ہونے سے پہلے ہی فارس اپنے آفس چلا گیا تھا۔ اور وہ بھی دوپہر تک بڑے دھڑلے سے اپنے نئے کمرے میں سامان سمیت شفٹ ہو گئی تھی۔ آمنا سامنا ہوا تھا، نہ میسج پر کوئی بات ہو سکی تھی۔ واپسی پر کچھ وقت مسز شیرازی کے ساتھ گزار کر وہ دوبارہ اپنے کمرے میں بند ہو گیا تھا۔

وہ پہلے بھی ایسا ہی تھا۔ ایسے ہی کرتا تھا مگر جانے کیا بات تھی کہ اس کے رویے کا یہ بدلاؤ اسے بہت زیادہ محسوس ہوا تھا۔ ممکن ہے اس کی طبیعت ٹھیک نہ ہو، یا وہ اپنے کاروباری معاملات کو لے کر کچھ پریشان ہو؟

نچلا لب کاٹتے ہوئے وہ اسٹینڈ پر ہاتھ رکھے چند لمحوں تک کھڑی رہی۔ پھر کچھ سوچ کر سیڑھیاں چڑھتی اوپر آ گئی۔ اب تک یقیناً وہ سو چکا ہو گا مگر تسلی کر لینے میں کوئی حرج تو نہیں؟

راہداری کے آخر میں سٹنگ ایریا کی کھڑکیاں کھلی ہوئی تھیں۔ پردے ہوا سے لہرا رہے تھے۔

https://novelskidunya.com/

اس نے محتاط ہو کر آہستگی سے بیڈروم کا دروازہ کھول دیا۔

وہ شاور لے کر ابھی باہر نکلا تھا، اور وارڈ روب کے سامنے کھڑا شرٹ پہن رہا تھا۔ مڑ کر اسے دیکھنے لگا۔ وہ گڑبڑا کر رہ گئی۔

"تم یہاں؟" وہ حیران ہوا تھا۔

جنت بری طرح سے پھنس گئی۔ خیال تھا، وہ سو رہا ہوگا تو ایک نظر دیکھ کر چلی جائے گی، مگر......

"وہ میں...... اپنی چیزیں لینے آئی تھی۔"

شرٹ کے بٹن بند کرتے ہوئے کچھ حیرت سے اسے دیکھا۔

"شیور!"

وہ ذرا کنفیوژ سی اندر داخل ہوئی تھی۔

"ٹھیک ہے جب وہ صبح سے اسے نظر انداز کر رہا تھا تو ایسے میں منہ اٹھا کر اس کے کمرے میں آنے کی کیا تک بنتی تھی؟" اندر ہی اندر خود کو ملامت کرتے ہوئے وارڈ روب ایک طرف سلائڈ کی، خانے مکمل خالی تھے۔ اس کا ضروری سامان تو آج صبح ہی نیچے منتقل ہو چکا تھا۔ یاد آنے پر نچلا لب کاٹ ڈالا۔ پھر دوسری سلائڈ کھولی، وہ بھی خالی ملی۔

"اللہ! کچھ تو نظر آ جائے جسے دکھا کر وہ کہے کہ ہاں وہ اس کے لیے آئی تھی۔"

تیسری میں تو فارس کے کپڑے، گھڑیاں، جوتے اور ٹائیاں وغیرہ رکھی تھیں۔

"اف!"

وہ اپنے نم بالوں کو تولیے سے خشک کرتا اس کے پیچھے کھڑا تھا۔ وہ آئینے میں اس کا عکس واضح دیکھ سکتی تھی، مگر دیکھنا نہیں چاہ رہی تھی۔

"یہاں نہیں ہے۔" پھنسی پھنسی سی آواز حلق سے نکلی۔ مڑ کر جانا چاہا تو وہ راستہ روک کر کھڑا ہو گیا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

''مجھے بتاؤ، میں مدد کرتا ہوں۔''

''نہیں......وہ میں نے......شاید کہیں رکھ دیا ہوگا۔وہ......میری وائٹ کلر کی شرٹ تھی، وہی نہیں مل رہی تھی۔''

''بس وہی شرٹ ڈھونڈنے آئی تھیں؟'' نظر جھکی ہوئی تھی تو اس کی آنکھوں کے تاثر سے لاعلم تھی۔لیکن لہجے میں جو شرارت تھی وہ چھپی نہیں رہ سکی تھی۔

''ہاں تو اور کیا چاہیے ہوگا مجھے؟'' اس کی بائیں طرف سے کھسکنا چاہا تو وہ ایک بار پھر اس کے راستے میں آ گیا۔وہ بے طرح سے روہانسی ہوئی مگر اوپر سے بالکل ظاہر نہیں ہونے دیا۔

انگوٹھے سے انگلی کی پور کو کھرچتے اب وہ سر جھکائے کھڑی تھی اور وہ قدرے غور سے اسے دیکھ رہا تھا۔

میک اپ سے مکمل عاری چہرہ، بالوں کو بس یونہی لپیٹ سمیٹ کر ایک میسی سا بن بنایا ہوا تھا۔کچھ لٹیں گالوں کی اطراف ہلکا سا خم لیے گردن کو چھو رہی تھیں۔شکن لیے سفید رنگ کی لمبی سی ڈھیلی ڈھالی شرٹ......جس کی جیبوں میں غالباً بادام بھرے ہوئے تھے۔آج صبح کھاتے ہوئے نظر آئی تھی۔نیلگوں پاجامہ۔گلے میں جھولتا دوپٹہ کسی اور رنگ کا تھا، سلیپرز کسی اور رنگ کے تھے۔اس کا اپنا اب کوئی اور رنگ ہو رہا تھا۔وہ دھیرے سے مسکرا دیا۔

''میرا تو اپنے کمرے میں بالکل دل نہیں لگ رہا۔تمہارا لگ رہا ہے؟'' سینے پر بازو باندھے انتہائی سنجیدگی سے پوچھا۔جنت کی دھڑکن مس ہوئی۔سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

بے خوابی کا شکار آنکھیں، ہلکی سی بڑھی ہوئی شیو، لبوں پر مسکراہٹ، آنکھوں میں نرمی، لہجے میں حزن، اور تاثرات میں مبہم سی اداسی لیے وہ اسے نرمی سے دیکھ رہا تھا۔وہ نظریں جھکا گئی۔

''ہاں! میرا تو بہت دل لگ رہا ہے۔'' اپنی گھبراہٹ پر قابو پاتے ہوئے تیزی سے کہا۔

''پھر تم یہاں کیا کر رہی ہو؟''

''جی؟'' چونک کر سر اٹھایا۔

شرارت بھری آنکھیں اس پر جمی ہوئی تھیں۔ وہ گڑبڑا کر رہ گئی۔

''بتایا تو ہے، شرٹ لینے آئی تھی۔'' جواب دے کر دوسری طرف سے نکلنا چاہا مگر فارس نے بازو پھیلا کر روک لیا۔

''کیا ہے؟'' وہ زچ ہوئی۔

وہ چند لمحوں تک اسے مسکراتی نگاہوں سے دیکھتا رہا۔

''اب دل میں جگہ نہیں دے سکتیں تو اپنے کمرے میں ہی دے دو۔'' بہت چاہت سے مطالبہ کر کے اس کی دھڑکنوں کو منتشر کر دیا۔

فارس کے عقب میں اور بالکل سامنے ڈریسنگ ٹیبل پر رکھا سفید کیچر اس کی نظروں میں آ گیا۔

''وہ رہا۔'' ایک دم سے اشارہ کیا تو فارس نے بے اختیار پیچھے دیکھا۔ وہ اس کی بائیں طرف سے نکل گئی۔ لپک کر ڈریسنگ ٹیبل سے اپنا کیچر اٹھا لیا۔

''یہ رہ گیا تھا۔'' دکھا کر کہا۔

''تم وائٹ شرٹ کے لیے آئی تھیں۔'' سینے پر بازو باندھ کر اسے یاد دلایا۔

''اس کے لیے بھی آئی تھی۔'' وہیں کھڑے کھڑے کیچر اپنے بالوں میں پھنسا لیا، کہ جیسے اس کے بغیر تو رات بھر اسے نیند ہی نہ آتی۔

''اچھا، اور کس کے لیے آئی تھیں؟ ہو سکتا ہے تمہاری اس لسٹ کے آخر میں کہیں میرا نام بھی ہو۔'' محظوظ ہو کر پوچھا۔

''تمہارا نام میری لسٹ میں ہے ہی نہیں۔'' تیزی سے دروازہ کھول کر باہر نکل گئی۔ وہ دھیرے سے مسکرا کر رہ گیا۔

سیڑھیاں اتر کر راہداری کی طرف جاتے ہوئے اس نے فرصت سے اپنی پیشانی پر ہاتھ مارا۔ آخر وہ اس کے کمرے میں گئی ہی کیوں؟ آخر کیوں؟ خود کو اندر ہی اندر ڈھیر سارا ڈانٹا۔ رخ کچن کی طرف تھا۔ بیچ راستے میں یاد آیا کمرہ اس طرف نہیں ہے۔ راہداری میں داخل ہوئی تو سیدھا اسٹوڈیو میں پہنچ گئی۔ وہاں سے جھنجلا کر اپنے کمرے میں واپس آ گئی۔

دروازہ بند کر کے اپنے دونوں ہاتھ دہکتے گالوں پر رکھے۔

"میرا تو اپنے کمرے میں بالکل دل نہیں لگ رہا۔ تمہارا لگ رہا ہے؟" یوں لگا جیسے اس نے قریب آ کر ایک بار پھر سوال دہرایا ہو۔

دل دھڑک اٹھا۔ احساسات عجیب ہونے لگے۔ اسے پہلے غصہ آتا تھا۔ اب تو برا بھی نہیں لگا تھا۔

"دل میں جگہ نہیں دے سکتیں تو اپنے کمرے میں ہی دے دو۔"

گال سے ہاتھ ہٹا کر، پھر اپنے احساسات سے الجھ کر اپنی پیشانی کو چھو کر تسلی کی کہ طبیعت تو ٹھیک ہے؟ پھر دل ایسے کیوں دھڑک رہا ہے؟

گہری سانس لے کر خود کو اس کی ہیزل آنکھوں کے اثر سے نکالا، پھر جیب سے بادام نکال کر منہ میں ڈالتی کھڑکی کے سامنے جا کھڑی ہوئی۔

☆......☆......☆

وہ ٹریک سوٹ میں ملبوس پچھلے ایک گھنٹے سے جاگنگ ٹریک پر تھا۔ شرٹ کمر سے چپکی ہوئی تھی۔ بال پسینے سے بھیگ رہے تھے۔ چہرے پر سرخی تھی اور سانسیں چڑھی ہوئی تھیں۔

صبح کا اجالا پھیل چکا تھا۔ دھوپ میں سبزہ چمک رہا تھا۔ روڈ پر بھی آمد و رفت نظر آنے لگی تھی۔ ایئر فونز کان سے نکال کر جیبوں میں اڑستے ہوئے وہ بنچ پر بیٹھ گیا تھا۔ کچھ دیر تک اس کی نگاہیں سبزے سے ہوتی ہوئی جاگنگ ٹریک کے اس پار آہنی باڑ پر جمی رہیں۔ اس نے کلائی موڑ کر وقت دیکھا اور پھر اٹھ کر

گھر کی جانب روانہ ہو گیا۔

گھر میں معمول کی طرح زندگی بیدار ہو چکی تھی۔ اس نے شاور لے کر کپڑے بدلے۔ فریش ہو کر نیچے آیا تو کچن میں ناشتے کا انتظام ہو رہا تھا۔

وہ سیدھا اپنی ماں کے کمرے میں گیا۔ کچھ دیر تک ان کے پاس بیٹھا رہا۔ منتظر نگاہیں بار بار دروازے کی طرف اٹھ جاتی تھیں۔ جنت ابھی تک نہیں آئی تھی۔

مسز شیرازی نے پوچھا تو وہ اٹھ گیا۔ "میں دیکھتا ہوں اسے۔"

کمرے سے نکل کر دائیں جانب اسٹوڈیو کے برابر میں سامنے والا کمرہ اس کا تھا۔ وہ آہستگی سے دروازہ کھول کر اندر آ گیا۔

پردوں کی درز سے جھانکتی تیز روشنی میں وہ اسے بیڈ پر دکھائی دی۔ کشنز کے ڈھیر میں وہ اس قدر سکون سے سو رہی تھی کہ اسے جگانے کا ارادہ ترک کر کے وہ کھڑکیوں کے سامنے جا کھڑا ہوا۔ ذرا سے پردے سرکا کر سوئمنگ پول کے اس پار دیکھا۔ گزشتہ شب کا واقعہ یاد آیا تو مسکراہٹ لبوں کو چھو کر گزری۔ مڑ کر کمرے کا جائزہ لیا۔ بہت سی اشیاء سیٹ ہو چکی تھیں۔ اور کچھ سامان ابھی بھی صوفے پر، اور بیگز میں رکھا ہوا نظر آ رہا تھا۔ کمرے کی ترتیب اور سجاوٹ سے اندازہ ہو رہا تھا، ہر چیز بہت چاہت سے منتخب کی گئی تھی۔ ہر رنگ بہت سوچ کر چنا گیا تھا۔ کھڑکیوں کے پردے، دیواروں کی پینٹنگز، گل دان، قالین......

ایسے ہی ایک بار اس نے بیڈ روم سجایا تھا اور پھر اس کے رویے سے دل برداشتہ ہو کر اپنی پسند اور مرضی کی ہر ایک شے اس نے کمرے سے نکال بھی دی تھی۔ تب اس نے پردے، پینٹنگز، بیڈ شیٹس، اس کے کپڑوں کی ترتیب، دراز میں رکھی اس کی گھڑیوں اور ٹائیوں کی سیٹنگ کو بھی اپنی مرضی سے بدل ڈالا تھا۔ وہ جیسے اس کا ہر کام اپنے ہاتھ میں لینا چاہتی تھی۔ اس کی ضرورت، اس کی چاہت ہونا چاہتی تھی۔

گہری سانس لے کر اس نے ایک طائرانہ نگاہ کمرے میں دوڑائی۔ جہاں سب کچھ تھا مگر وہ نہیں

https://novelskidunya.com/

تھا۔نہ اس کی کوئی چیز تھی۔نہ جگہ تھی۔لندن میں انہوں نے سب کچھ ایک ساتھ شیئر کیا تھا۔مگر یہاں آ کر جیسے ایک بار پھر ایک خلا سا آ گیا تھا۔یہ اس کا خیال تھا۔مگر یہ خیال غلط تھا۔تمام تر کوششیں اس کی طرف سے تھیں۔جنت کمال نے قدم نہیں بڑھائے تھے۔وہ ایک فاصلہ سا قائم رکھے، جہاں تھی، ابھی بھی وہیں نظر آ رہی تھی۔

نیند میں ذرا سا کسمساتے ہوئے اس نے کروٹ بدل کر آنکھیں کھولیں تو وہ مڑ کر اسے دیکھنے لگا۔وہ بھی مندی مندی آنکھوں سے اسے ہی دیکھ رہی تھی۔سستی اور طبیعت کا بوجھل پن ایسا کہ اٹھنے کو اب بھی دل نہیں چاہ رہا تھا۔

''گڈ مارننگ!'' کھڑکی کے پردے کھینچ کر وہ اس کے پاس آ گیا۔

آسمانی رنگ کی جینز پر سیاہ اور سفید امتزاج کی شرٹ جس کا ہوڈی گردن پر تھا۔آستینیں کہنی تک مڑی ہوئی تھیں۔ہر اسٹائل سے مکمل عاری بال جو پیشانی پر بکھرے ہوئے تھے۔دیوار گیر کھڑکیوں کی دھوپ اس کے بالوں پر پڑ رہی تھی۔

''کیا ٹائم ہو رہا ہے؟'' اس نے آنکھیں مسل کر اور پیشانی رگڑ کر پوچھا۔

''ناشتے کا ٹائم ہو رہا ہے۔'' فارس نے جھک کر ہاتھ بڑھایا جسے کسل مندی سے تھام کر وہ اٹھ بیٹھی۔

''رات تم دیر تک جاگتی رہیں۔''

''نیند نہیں آ رہی تھی۔''

ایک مبہم سی مسکراہٹ فارس کے لبوں کو چھو کر گزری۔

''کل رات کوئی کہہ رہا تھا اس کا اس کمرے میں بہت دل لگ رہا ہے۔'' اس نے مذاق اڑایا۔

جنت گڑبڑا کر رہ گئی۔

''نیند کا دل لگنے سے کیا تعلق ہے بھلا؟'' تپ کر پوچھا۔

''تعلق ہے......اور بہت گہرا تعلق ہے۔'' وہ صوفے پر جم کر بیٹھ گیا۔ ''میرے کمرے میں تو ادھر تکیے پر سر رکھا، اور ادھر نیند آ گئی۔'' ٹانگ پر ٹانگ جمائے میگزین اٹھا لیا۔

''وہ تو میں اس لیے سو جاتی تھی کیونکہ تم میرا سر بہت کھاتے تھے۔''

فارس نے میگزین کے صفحے الٹتے ہوئے نگاہ اٹھائی۔

''ایک ذومبی کے منہ سے یہ بات سن کر عجیب لگ رہا ہے۔''

جنت کا چہرہ غصے سے سرخ ہو گیا۔ جبڑے بھنچ گئے، مٹھیاں بند ہو گئیں۔ اس کے یہ تاثرات انتہائی سنجیدگی سے ملاحظہ فرمائے گئے۔

https://novelskidunya.com/

''کیا ڈاکٹر آمنہ نے تم کو یہ نہیں بتایا کہ غصہ تمہاری صحت کے لیے ٹھیک نہیں ہے۔'' میگزین رکھ کر بولا۔

''کیا آنٹی نے تم سے یہ نہیں کہا، مجھے غصہ مت دلایا کرو؟'' آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر یاد دلایا۔

ناولز کی دُنیا Novels Ki Dunya

لندن میں دو تین بار تو وہ اس کی شکایتیں لگا کر مسز شیرازی سے ڈانٹ پڑوا چکی تھی۔

''میں جسٹ ایک بات کرتا ہوں اور تمہارا پارہ چڑھ جاتا ہے۔''

''صرف بات کرتے ہو؟ صرف بات؟'' لہجے میں غصہ، حیرت، صدمہ......سب در آیا۔

''ہاں! فار اِیگزامپل، اگر میں تم سے یہ کہوں تم اس طرح، نیند میں اٹھ کر، اور اس اول جلول سے حلیے میں بھی بہت خوب صورت لگ رہی ہو تو تمہیں اس بات پر بھی غصہ آ جائے گا۔''

اور جنت کمال کے تاثرات، احساسات، جذبات ایک دم سے بدلے۔ بنجر ویران سرزمین یکا یک سبزہ زار ہو گئی۔ چہرے پر ایک دم سے سرخی دوڑی۔ غصہ کہاں گیا، پتا نہیں؟ بات کیا ہو رہی تھی۔ اندازہ نہیں۔ دماغ نے جھنجھوڑ کر دل کو بچا، بار بار کوشش کی۔ فارس کی چالوں کا احساس دلایا، ماضی کا

حوالہ دیا۔ دردناک قصے سنائے تب جا کر محترمہ کو ہوش آیا۔

''تم ......بس تم جاؤ یہاں سے۔'' بازو پکڑ کر اسے صوفے سے اٹھایا۔ پورا زور لگا کر کھینچتے ہوئے دروازے تک لائی۔

''دیکھا، اب یہ بات ہے، مجھے کمرے سے نکالنے والی؟'' وہ دروازے میں ہی ایستادہ ہو گیا۔

''میں تمہیں نکال نہیں رہی۔ جانے کا کہہ رہی ہوں۔'' روہانسی ہو کر وضاحت دی۔

''دونوں میں فرق کیا ہے؟''

''دونوں میں فرق میرا سر ہے۔'' جھنجھلا کر کہا۔

''کیا سر میں دماغ بھی ہے؟''

''اللہ مجھے صبر دے، اللہ مجھے صبر دے۔'' اس نے دونوں ہاتھ اٹھائے۔ وہ بے ساختہ ہنس دیا۔

وہ زیرِ لب بڑبڑاتے ہوئے پاؤں پٹختی واش روم میں گھس گئی۔

''اوہ ہاں، یاد آیا۔ ذومی کا تو دماغ نہیں ہوتا۔'' بلند آواز میں کہا۔ واش روم میں کوئی چیز فرش پر ٹھاہ کر کے گری تھی۔ وہ کمرے کا دروازہ بند کرتا مسکراتے ہوئے پلٹ گیا۔

اور واش روم کے اندر آئینے کے سامنے کھڑی جنت کمال اپنے اول جلول سے حلیے کو دیکھ رہی تھی ......اور بہت غور سے دیکھ رہی تھی۔

☆......☆......☆

ناشتے کی میز پر اسے اندازہ ہوا آج فارس کا آفس جانے کا کوئی ارادہ نہ تھا۔ چند ایک فون کالز اٹینڈ کرنے اور کچھ ضروری ہدایات یہاں وہاں دینے کے بعد اس نے اپنا موبائل فون بھی آف کر دیا۔

اب وہ جہاں جہاں جاتی تھی، وہ اپنی شرٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے اس کے پیچھے پیچھے تھا۔

''کیا ہے؟'' چڑ کر پوچھا۔

''میں تو بس ٹہل رہا ہوں۔'' اس نے کندھے اچکائے۔

''تو کہیں اور جا کر ٹہلو۔''

مگر وہ کہیں نہیں گیا۔

''تمہیں پتا ہے، آج میں آفس کیوں نہیں گیا؟''

''کیوں نہیں گئے؟''

''کیونکہ آج سے تم جم میں میرے ساتھ ورک آؤٹ کرنے والی ہو۔''

https://novelskidunya.com/

جنت کی آنکھیں پھیلیں۔

''مجھے تمہاری طرح کوئی مسلز نہیں بنانے۔ میں آل ریڈی بہت اسمارٹ ہوں۔'' فوراً سے کہا۔

مگر فارس نے جیسے اس کی بات نہیں سنی۔

''ہر ٹرائمسٹر کے لیے سیف ایکسرسائز جو تم آرام سے کر سکو گی۔''

''لیکن مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔''

''ضرورت ہے۔''

''میں پریگنینٹ ہوں۔ بہت محتاط رہنا پڑتا ہے۔'' اس کی آنکھوں میں تشویش نمایاں ہوئی تھی۔

''جہاں میرے جیسا پرسنل ٹرینر ہو، جو بچے کا باپ بھی ہو، وہاں بھلا تمہیں کیا مسئلہ پیش آ سکتا ہے۔''

''یہی تو اصل مسئلہ ہے۔'' دانت پیس کر کہا۔

وہ مسکراتے ہوئے اس کا ہاتھ تھامے گراؤنڈ فلور پر اپنے جم لے آیا۔ ایک لمبا سا ہال جو ہر طرح کی ایکویپمنٹ سے بھرا ہوا تھا۔ وہ گلاس والز سے اسے ورک آؤٹ کرتے ہوئے جھانک لیتی تھی مگر اندر کبھی نہیں گئی تھی۔ اب اندر آ گئی تھی تو سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ باہر کیسے نکلے۔ سلائڈ ڈور بند کر کے فارس اس کی طرف متوجہ ہوا۔

"چلو، اب شروع کرتے ہیں۔"

وارم اپ کے بعد اس نے سب سے پہلے کارڈیو ورک آؤٹ کروانا شروع کیا اور جنت کچھ بے دلی اور جھنجھلاہٹ سے اس کی انسٹرکشنز پہ یہ سوچ کر عمل کرتی رہی کہ بس دس پندرہ منٹ تک ایکسر سائز کروائے گا اور پھر چھٹی ہو جائے گی۔ مگر اس کی حیرت اور صدمے کی انتہا نہ رہی جب وہ دورانیہ بڑھتا گیا۔ اوپر سے ذرا ذرا سی غلطی پر ڈانٹ الگ سے پڑ رہی تھی۔

"ایسے ایکسر سائز کرتے ہیں؟"

"ہاتھوں میں جان نہیں ہے کیا؟"

"یہ کیا کر رہی ہو؟"

"آر یو ڈیڈ؟" (کیا تم مر چکی ہو؟)

وہ اچھا خاصا تپی ہوئی تھی مگر تحمل سے سب سختی سہے جا رہی تھی۔

"دوسروں کے شوہروں کی بیویاں پریگننٹ ہوتی ہیں تو وہ کہتے ہیں ہل کر پانی بھی مت پیو، اور ایک تم ہو......"

ٹھیک آدھے گھنٹے بعد بیچ پر ورک آؤٹ کرتے ہوئے وہ کہہ رہی تھی۔

"ذرا بتاؤ تو یہ کون سے مرد ہیں جو کہتے ہیں ہل کر پانی بھی مت پیو۔ میں تو ایسے کسی مرد کو نہیں جانتا۔" اس کے پاس کھڑا واچ بینڈ پر سیکنڈز کے حساب سے ٹائم دیکھ رہا تھا۔

"ہاں تو تم اپنے جیسوں کو ہی جانتے ہو گے نا۔" تپ کر بولی۔ "کھڑوس، بے رحم، ظالم!" بقیہ لفظ زبان میں ادا کیے۔

"کچھ کہا؟"

"تمہاری تعریف کر رہی تھی۔"

''اونچی آواز میں کرو، ذرا میں بھی سنوں۔''

اس نے دانت پیسے۔

''اب بس! میں بہت تھک چکی ہوں۔'' اس نے ہاتھ اٹھا لیے۔

''پانچ منٹ باقی ہیں۔'' اس نے سختی دکھائی۔

وہ روہانسی ہوئی۔ پانچ منٹ بڑی مشکل سے گزرے۔ دو منٹ کا وقفہ ملا تو گہری سانس لیتی بنچ پر بیٹھ گئی۔ سرد آہ یوں بھری جیسے اس پر نہ جانے کتنا ظلم ڈھا دیا گیا ہو۔ بوتل منہ سے لگا کر دو گھونٹ لیے، پھر مڑ کر فارس کو دیکھا۔

https://novelskidunya.com/

وہ سامنے ہی سیاہ میٹ پر کھڑا دس دس کے جی اٹھائے ہوئے تھا۔ لمحے بھر کے لیے آنکھیں پھیلی تھیں۔ دوسرے ہی پل منہ سے ماشاءاللہ نکلا تھا۔ ایسے تو نہیں وہ اتنا فٹ نظر آتا تھا۔ اور تیسرے ہی پل وہ خود سے اپنے لیے اپنی مرضی کا ورک آؤٹ منتخب کیے ریک پر پہنچ گئی۔ اس سے ساری مشکل ورزش کروائی جا رہی ہے اور خود دیکھو کتنے آرام سے ڈمبل اٹھا رہا ہے۔ آسان کام اپنے لیے اور مشکل کام اس کے لیے......

Novels Ki Dunya

اس نے بڑے سائز والا اٹھانا چاہا تو دن میں تارے دکھ گئے۔

''چلو کوئی بات نہیں، شروعات کم وزن سے کر لینی چاہیے۔ کوئی مسئلہ نہیں۔'' خود کو خود ہی تسلی دیتی سیدھی ہوئی اور تب ہی نگاہ فارس سے دوچار ہوئی۔ وہ دونوں ہاتھوں میں مہارت سے وزنی ڈمبل اٹھائے آرم ورک آؤٹ کرتے ہوئے اسے دیکھ رہا تھا۔ لبوں پر مبہم سی مسکراہٹ ابھری جسے دبا کر رخ بدل گیا۔

اب وہ پیچھے نہیں ہٹ سکتی تھی۔ گلا کھنکھار کر گال پر بکھرتی لٹوں کو پیچھے کیا اور جیسے تیسے دونوں ہاتھوں سے پورا زور لگا کر پانچ کے جی کا ڈمبل اٹھایا۔ آنکھوں میں فاتحانہ سی چمک ابھری۔ اگلے ہی پل

وہ اس کے ہاتھوں سے چھوٹ کر گرا، اتنی ہی زوردار آواز گونجی اور اتنی ہی سرعت سے وہ بوکھلا کر پیچھے ہٹی۔ فارس اپنا ڈمبل رکھ کر تیزی سے اس کے پاس آیا۔

وہ جھک کر قدموں میں دیکھ رہی تھی۔ اللہ کا شکر تھا کہ پاؤں بچ گئے تھے ورنہ اس نے کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی خود کو نقصان پہنچانے کی۔

''آر یو آؤٹ آف یور مائنڈ؟'' بازو سے پکڑ کر اسے پیچھے ہٹاتے ہوئے سختی سے ڈانٹ دیا۔

''وہ...... پتا نہیں کیسے...... ہاتھ سے چھوٹ گیا۔'' گھبرا کر فوراً ہی وضاحت دی۔

https://novelskidunya.com/

''خود سے چل کر تمہارے ہاتھوں میں آیا اور چھوٹ گیا؟'' اس کا پارہ چڑھ گیا تھا۔ ''کچھ ہو جاتا اگر؟ چوٹ لگ جاتی تو؟''

وہ آنکھوں میں حیرانی لیے اسے دیکھ کر سہم گئی۔

''مجھے ایسا کیوں لگ رہا ہے جیسے تم نے مجھے تصور کر کے یہ ڈمبل گرایا ہے؟'' تیوری پر بل ڈال کر غصے سے کہا۔

''نہ...... نہیں تو!''

ناولز کی دنیا NovelsKiDunya

''پھر یہ مجھے میرے سر پر گرتا ہوا کیوں محسوس ہوا ہے؟'' ضبط کر کے پوچھا۔

''اب اگر تم نے مجھے کچھ اور کہا نا، تو میں یہ سچ مچ میں تم پر گرا دوں گی۔'' اس کے تاثرات سے خائف ہو کر فوراً ہی دھمکی دی۔

''پہلے ٹھیک سے اٹھانا تو سیکھ لو بروس لی کی بہن!'' اس کے قدموں سے ڈمبل اٹھا کر واپس اس کی جگہ پر رکھا۔ وہ بھنویں سکیڑے کھڑی رہی۔

''جو ورک آؤٹ میں نے بتایا ہے وہ کون کرے گا؟'' اپنے سینے پر بازو باندھ کر سختی دکھائی۔

''مجھے نہیں پتا اب بس، ختم کرو یہ سب۔''

''ابھی تو صرف تیس منٹ ہوئے ہیں۔'' بازو سے پکڑ کر اسے ٹریڈمل پر کھڑا کر دیا۔ اسے جی بھر کے رونا آیا۔ اسپیڈ ایڈجسٹ کی تو نہ چاہتے ہوئے بھی اسے آہستگی سے قدم اٹھانا پڑے۔

''تم آخر مجھے کس بات کی سزا دے رہے ہو، ہاں؟'' دس منٹ کے بعد اسپیڈ بڑھانے آیا تو پھٹ پڑی۔ مگر اسے تو جیسے کوئی آواز ہی نہیں آئی تھی۔

''کیا مصیبت ہے۔'' جھنجھلاہٹ کے عالم میں تیز تیز قدم اٹھانے لگی۔ سانس پھول رہا تھا۔ دھڑکن تیز ہو رہی تھی۔ مڑ کر دیکھا تو وہ اسے کہیں نظر نہ آیا۔ فوراً سے رفتار کم کی، سکھ بھری سانس لیتے اب مریل سے قدم اٹھا رہی تھی جب وہ کسی جن کی طرح اچانک نمودار ہوا تھا۔

''یہ کیا ڈومی کی طرح چل رہی ہو۔'' ڈانٹ کر اسپیڈ واپس ایڈجسٹ کرنا چاہی اور جنت کی تو جیسے سر پر لگی تلووں پر بجھی۔

''ڈومی مت کہو مجھے۔'' چیخ کر بولی۔ اگلے ہی پل اس کا رنگ اڑا۔ گھبرا کر تیز تیز قدم اٹھانا شروع کیے۔ فارس اسپیڈ بڑھا رہا تھا۔

''فارس! فارس! پلیز اسپیڈ کم کرو۔'' وہ چیخی، مگر اس نے تو جیسے کچھ سنا ہی نہیں۔

''ہاں تو کیا کہہ رہی تھیں آپ؟'' کنٹرول بٹن پر ہاتھ رکھے اب وہ تپا دینے والی مسکراہٹ کے ساتھ پوچھ رہا تھا۔

''کچھ نہیں کہہ رہی تھی میں۔'' اسے بہت تیز تیز قدم اٹھانا پڑ رہے تھے۔ بس بھاگنے کی کسر رہ گئی تھی۔ پریشان ہو کر ہتھوں پر گرفت بڑھالی کہ گر نہ جائے۔

''آنٹی! فارس کو دیکھیں۔'' کچھ اور سمجھ نہ آیا تو وہیں کھڑے کھڑے چلائی۔

''انہوں نے مجھے بہت بار دیکھا ہوا ہے، اب تم دیکھ لو۔'' اپنی گہری آنکھیں اس پر جمائے سنجیدگی سے کہا۔

''میں گر جاؤں گی۔''

''کیا میں اتنا ہینڈسم ہوں؟''

''فارس پلیز!''

''نہیں گرو گی۔ یہ مناسب اسپیڈ ہے۔ شاباش تیز تیز قدم اٹھاؤ۔'' وہ کنٹرول بٹن پر ہاتھ رکھے ذرا سا پیچھے ہٹا۔

''دوبارہ ایسے نہیں کروں گی۔'' منت کر کے بولی۔ اس کی روتی شکل دیکھ کر ترس آگیا۔ اسپیڈ کم کر دی۔

https://novelskidunya.com/

''ڈرامے کرنا کوئی تم سے سیکھے۔ پندرہ منٹ تک اب یہی اسپیڈ رہے گی۔'' تحکم سے کہہ کر وہ واپس بنچ پر جا بیٹھا۔

منہ ہی منہ میں بڑبڑاتے ہوئے وہ بے دلی سے چلتی رہی۔

اللہ اللہ کر کے ورک آؤٹ ختم ہوا اور وہ تو جیسے رسیاں تڑا کر جم سے بھاگی۔

''آج پہلا دن ہے تو اس لیے کم وقت دیا ہے۔'' راہداری سے گزرتے ہوئے فارس نے کہا۔

''یہ کم وقت تھا؟'' جنت کی آنکھیں ابل پڑیں۔

Novels Ki Dunya

''کارڈیو ورک آؤٹ کل ٹھیک سے کرنا ہے تمہیں۔ بائیسپ ورک آؤٹ آج دس بار کیے ہیں تو کل پندرہ دفعہ کریں گے۔ ٹریڈمل پر پچیس منٹ واک کرنا ہوگی۔ شولڈر ورک آؤٹ کا دورانیہ بھی بڑھانا ہوگا۔'' وہ ابھی سے آنے والے کل کے لیے سب ترتیب دے رہا تھا۔ اور جنت کی شکل ایسی ہو رہی تھی جیسے کسی بھی لمحے رو دے گی۔

''اللہ کرے کل اسے صبح سات بجے ہی آفس جانا پڑ جائے۔'' آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے دعا کی۔

''تم نے کچھ کہا؟'' اس نے گردن موڑ کر پوچھا۔

وہ گڑبڑا کر رکی کہ دعا تو دل میں کی تھی، اس نے کیسے سن لی؟

''نہیں، بھلا میں کیا کہوں گی؟'' کندھے اچکا کر اپنے کمرے میں بند ہوگئی۔

☆......☆......☆

قرآن کی تلاوت سے فارغ ہو کر مسز شیرازی جنت کے کمرے میں آ گئیں۔ نیچے شفٹ ہو جانے کا ایک یہ فائدہ ہوا تھا کہ وہ اس کے کمرے میں باآسانی آ جا سکتی تھیں۔

کھڑکیوں سے سوئمنگ پول نظر آتا تھا۔ دیواروں پر دھوپ اتری ہوئی تھی۔ سبزہ روشنی میں چمک کر اور ہرا لگ رہا تھا۔ وہ اسی طرف دیکھ رہی تھیں۔

جنت مسلسل بولتے ہوئے وارڈ روب کھولے کھڑی تھی۔ وہ اس کی سن رہی تھیں۔ اسے جواب بھی دے رہی تھیں۔

وارڈ روب میں صرف اس کی چیزیں، اس کا سامان تھا۔ بچے کے لیے کی جانے والی اشیاء ترتیب سے نیچے رکھ رہی تھی۔

کمرہ چونکہ بڑا تھا تو دائیں طرف کا حصہ بچے کے لیے بہت خوب صورتی سے سیٹ کیا جا سکتا تھا۔

''بے بی کاٹ یہاں اچھا لگے گا۔'' انہوں نے کہا۔

''ہے نا! میں نے بھی کل رات یہی سوچا۔ اور اس دیوار کے ساتھ میں الگ سے وارڈ روب لے لوں گی۔ کپڑے، کھلونے سب ترتیب سے رکھ دوں گی۔''

انہیں ادراک ہوا، آنے والے وقت کے بارے میں اس کی سوچ کافی حد تک بدل چکی ہے۔ وہ اپنے خوف کو مٹا کر نئے خواب سجانے لگی ہے۔ انہیں اس مثبت تبدیلی پر خوشی محسوس ہوئی۔

''ہاں، یہ ٹھیک رہے گا۔'' وہ دل سے مسکرائیں۔

جنت ان کے پاس صوفے پر چڑھ کر بیٹھ گئی۔

"سچ سچ بتائیں، آپ کی کیا خواہش ہے؟"

"کس بارے میں؟"

"آپ کو پوتا چاہیے یا پوتی؟" وہ آنکھوں میں تجسس اور اشتیاق لیے پوچھ رہی تھی۔

"مجھے بس اپنے بیٹے کی صحت منداولاد چاہیے۔ بیٹا ہو یا بیٹی! اس سے فرق نہیں پڑتا۔" انہوں نے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نرمی سے کہا۔

"یہ کہنے کے لیے ڈھیر سارا شکریہ۔" ان کے گال سے گال مس کر کے کہا، پھر اٹھ کر دوسری اشیاء سمیٹنے لگی۔ ساتھ ہی شادی کا حوالہ بھی دے رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/

مسز شیرازی اب وارڈ روب کی طرف دیکھ رہی تھیں۔ پندرہ دن فارس وجدان کی سنگت میں گزارنے کے باوجود اس نے کمرہ الگ کر لیا تھا۔ جانتی تھیں فارس اسے وقت ور اسپیس دے رہا ہے۔ وہ اس پر اپنی مرضی مسلط نہیں کرنا چاہتا تھا۔ یہ ایک آزادی تھی۔ خود سے ایک فاصلہ قائم کر کے وہ اسے اپنا فیصلہ بدلنے کا موقع دے رہا تھا۔ ان کے لبوں پر مبہم سی مسکراہٹ ٹھہر گئی۔ مگر کچھ سوچ کر جانے کیوں دل اداسیوں میں گھر گیا۔

NovelsKiDunya

منی کچن سیٹ...... سفید رنگ کے مخلیں کپڑے۔ آنکھوں میں اضطراب لیے انہوں نے جنت کی طرف دیکھا۔

"لندن میں فارس ٹھیک رہا؟ کوئی پریشانی تو نہیں ہوئی؟" انہوں نے پوچھا۔

جنت رک گئی۔ گردن موڑ کر انہیں دیکھا۔ چند لمحوں تک کھڑی رہی۔ اب وہ انہیں الرجی ری ایکشن کا بتائے؟ یا سلیپنگ پلز اور اینٹی ڈپریسنٹ کا حوالہ دے؟ وہ انہیں کسی بھی صورت پریشان نہیں کرنا چاہتی تھی۔

"جی، وہ ٹھیک رہا، بس اسے ذرا سا زکام ہوا تھا۔ اور کچھ نہیں۔" مسکرائی۔

وہ گہری سانس لے کر چپ ہو گئیں۔ رخ بدل کر پھر سے باہر دیکھنے لگیں۔

"کل آپ کہہ رہی تھیں مجھے پینٹنگ دکھائیں گی؟" ان کی خاموشی اور آنکھوں سے جھلکتی پریشانی محسوس کر کے ان کے پاس آ گئی۔

"ہاں ایک مکمل کی ہے۔ کافی عرصے سے بنا رہی تھی لیکن ادھوری ہی تھی۔ تم دونوں لندن چلے گئے تو پھر فرصت سے مکمل کر لی۔"

"چلیں، پھر مجھے دکھائیں۔ تاکہ میں اسے ریٹ کر سکوں۔ ویسے تو میں آپ کی ہر پینٹنگ کو دس میں سے پورے بیس نمبر دیتی ہوں۔"

وہ ہنس دیں۔

جنت وہیل چیئر پر ہاتھ جمائے ان کے ساتھ اسٹوڈیو میں آ گئی۔

سامنے ہی دیوار پر سفید چادر میں ایک لارج سائز کی پینٹنگ دیوار کے ساتھ رکھی تھی۔ اب تک کی مسز شیرازی کی تمام پینٹنگز میں یہ سب سے بڑی تھی۔ تقریباً آدھی دیوار کور کر رکھی تھی۔

اس نے آگے بڑھ کر کپڑا اہٹا دیا، گہرے رنگوں سے مزین ایک ڈارک سی پینٹنگ سامنے تھی۔

جنت کمال دم سادھے کھڑی رہ گئی۔

سمندر کی طرف آسمان کی بلندیوں کو چھوتا ایک وسیع و عریض محل۔ لمبے مینار، اونچی مضبوط دیواریں۔ محل کے باہر جگہ جگہ سیاہ ہوتی گھاس سے آدھے چھپے، آدھے ظاہر ہوتے خون آلود نیزے، تیر اور تلواریں۔ محل کی تمام کھڑکیاں تاریک صرف ایک کھڑکی روشن تھی۔ اس کھڑکی کی چوکھٹ پر سرخ خون ٹپک رہا تھا۔ اندر کسی کی موجودگی کا بھی گمان ہو رہا تھا۔ انگلیاں خون سے رنگی ہوئی، تلوار ٹوٹی ہوئی اور حفاظتی چوغہ پھٹا ہوا نظر آ رہا تھا۔ انہوں نے اس قدر تفصیل اور صفائی سے ایک ایک چیز بنائی تھی کہ وہ متاثر ہوئے بنا نہ رہ سکی۔

''زبردست!'' اس کے منہ سے بے ساختہ نکلا۔ ''یہ آپ نے کب بنائی؟''

''کافی عرصے سے بنا رہی ہوں۔ ہمیشہ ادھوری ہی رہ جاتی ہے۔ اب مکمل کرنے میں کامیاب ہوئی ہوں۔'' کہہ کر وہ آگے ہوئیں۔ اسے ادراک ہوا اسٹور روم میں دیوار کے ساتھ جو سفید کپڑے میں ڈھکی ہوئی چیز تھی، وہ یہی دیوار گیر پینٹنگ تھی۔

''بہت گہری ہے۔'' اس نے کہا۔ ''جیسے یہ ہتھیار، خون، دیواریں، اور یہ سیاہ جڑیں..... ایسے لگ رہا ہے جیسے ہر ایک شے کی اپنی ایک حکایت ہے۔''

''اس کی واقعی میں ایک کہانی ہے۔ سنو گی؟''

جنت نے مڑ کر انہیں دیکھا۔ ''ضرور!'' آنکھوں میں اشتیاق لیے کہا۔

جیبوں میں ہاتھ ڈالے فارس اسٹوڈیو کے دروازے میں رکا تھا۔ دستک کے لیے ہاتھ اٹھایا۔ مگر مسز شیرازی کی آواز سنتے ہی رک گیا۔

''ایک جادوگر شہزادے نے زخمی ہو کر اونچی لمبی دیواروں کے ایک مضبوط محل میں خود کو قید کر لیا۔'' انہوں نے ہاتھ سے محل کی واحد روشن کھڑکی کی جانب اشارہ کیا۔ ''اس کا بدن زخموں سے چور ہے۔ ہاتھ خون آلود ہیں، ہتھیار بھی ٹوٹ چکا ہے۔ گھوڑا بھی نہیں رہا۔''

جنت دم سادھے انہیں بہت توجہ سے سن رہی تھی۔

''جادوگر شہزادے نے اپنی رہی سہی قوت مجتمع کی اور محل کی دیواروں کے ساتھ اگے خوب صورت پھول اور پودوں کو خطرناک کانٹے دار جھاڑیوں میں بدل دیا۔ رنگ برنگے پھول، نرم ملائم گھاس اور سورج کی روشنیوں سے چمکتا سبزہ سب سیاہ ہو گیا۔ دیواروں سے وحشت ٹپکنے لگی۔ اونچا مضبوط محل ہر کسی کو خوف زدہ کرنے لگا۔''

ادھ کھلے دروازے سے انہیں دیکھتا فارس اپنی جگہ منجمد کھڑا تھا۔

https://novelskidunya.com/

''اب جب بھی کوئی خزانے کی تلاش میں محل کی حدود میں داخل ہونے کی کوشش کرتا تو اپنے اندر زندگی کی لہر لیے وہ خونخوار جھاڑیاں دیوار بن کر اسے لہولہان کر دیتیں۔ ہر طرف خوف و ہراس پھیلنے لگا۔ لوگ محل سے دور بھاگنے لگے۔''

جنت کی نگاہیں مسز شیرازی پر ٹھہری تھیں اور مسز شیرازی کی نگاہیں پینٹنگ پر۔

''وقت گزرنے لگا۔ دنیا بدلنے لگی۔ صدیاں بیت گئیں۔ مگر محل کے اندر جادوگر شہزادے کے لیے اس کا وقت رکا رہا۔ اس کے زخم، اس کی اذیت، اس کا ہر غم اس کے لیے ٹھہرا رہا۔ شہزادے کو لگتا تھا یہ اس کی اس دنیا میں آنے کی سزا ہے یا پھر اس فتح کی جو اس نے اپنا سب ختم کر کے حاصل کی ہے۔''

دروازے کے اس پار فارس کی آنکھوں میں حزن کی ایک لہر اٹھی۔ سرخ ڈوروں میں کرب اترا۔ لب بھینچے رہے۔ درد بڑھتا گیا۔

''پھر؟'' جنت سامنے ہی فلور کشن پر بیٹھی انہیں مگن ہو کر سن رہی تھی۔

''پھر یہ کہ ایک غریب یتیم لڑکی جو جادوگر خاندان سے نہیں تھی۔ کچھ وحشیوں سے بچتی بچاتی محل کی طرف آ نکلی۔ اپنی زندگی بچانے کے لیے اس نے محل میں داخل ہونے کی ٹھانی۔ مگر چونکہ وہ جادو نہیں جانتی تھی، اس لیے اس کا محل کی حدود میں داخل ہونا ممکن نہیں تھا۔ جس وقت وہ محل کے بیرونی دروازے پر وحشی درندوں میں گھری ہوئی کھڑی تھی، اس وقت شہزادے نے حیران ہو کر اسے کھڑکی سے دیکھا۔

محل کی بیرونی دیوار سے اندر تک کا حصہ اپنا رنگ بدل رہا تھا۔ سیاہ گھاس ہری ہو رہی تھی۔ زمین سے پودے پھوٹ پڑے تھے۔ جس جگہ لڑکی کھڑی تھی، اس جگہ پر اب کوئی کانٹے دار جھاڑی نہ تھی۔ دروازے پر جو جڑیں لپٹی ہوئی تھیں وہ بھی ٹوٹ کر راکھ ہو رہی تھیں۔ دروازہ صاف ہوا تو لڑکی اندر آ گئی۔ وحشی درندے اس حد سے باہر رہے، اندر نہ آ سکے۔'' روانی سے بولتے ہوئے انہوں نے ایک لمحے کا توقف کیا۔

"جادوگر شہزادے کے لیے وہ منظر کسی صدمے سے کم نہیں تھا۔ اس کا جادو اس لڑکی پر کسی طور اثر نہیں کر رہا تھا۔ اس کے لیے زمین ہری ہو رہی تھی۔ پھول کھل رہے تھے۔ محل صدیوں سے تاریک رہا تھا مگر اب لڑکی کے آتے ہی کرنیں بھی زمین پر اترنے لگی تھیں۔ شہزادے کو لگا، وہ لڑکی اس کے مضبوط حصار میں شگاف کر دے گی۔ جھاڑیاں روپ بدلیں گی تو دیواریں کمزور ہو جائیں گی۔ دیواریں کمزور ہو گئیں تو پھر وہ غیر محفوظ ہو جائے گا۔ اذیت، غم، اور سب ہی دکھ پھر سے آ جائیں گے۔ ماضی اپنا آپ دہرائے گا۔ پھر سے جنگ ہو گی۔ پھر سے فتح ہو گی اور پھر سے قید ملے گی۔ جادوگر شہزادہ ایسا نہیں چاہتا تھا۔ غصے اور انتقام کی آگ میں جھلستے ہوئے اس نے لڑکی کو قتل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔"

جنت کی سانسیں رکیں۔ تجسس کے ساتھ ساتھ خوف بھی بڑھ گیا۔ وہ جیسے ایک ایک منظر آنکھوں سے دیکھتی ایک ماورائی کہانی میں مکمل غرق ہو چکی تھی۔

"پہلے پہل اس نے کوشش کی، لڑکی محل کے اندر داخل نہ ہو سکے۔ مگر چونکہ جادو کا اثر اس لڑکی پر نہیں ہوتا تھا، اس لیے وہ دروازوں پر چڑھی خطرناک بیلوں کو زیادہ دیر تک اس کے راستے میں حائل نہ کر سکا۔ لڑکی جب محل کے اندر داخل ہوئی تو اس کا اٹھایا جانے والا ہر قدم خوف کی تاریکی اور وحشت کے سناٹے کو مٹاتا گیا۔ کھڑکیوں سے کرنیں اندر آنے لگیں۔ جو مخلوق تاریکی میں بسیرا کرتی تھی، وہ روشنی میں فنا ہونے لگی۔

محل کی پوری نو منزلیں تھیں اور ہر منزل جادوئی سی۔ اپنے اندر بہت سے راز لیے ہوئے تھی۔ لڑکی پہلی منزل پر دس دن رہی، دوسری منزل پر بھی دس دن۔ تیسری منزل پر بھی دس دن۔ اور اس دوران اسے شہزادے کی خودنوشت ملی جو وہ صدیوں سے لکھتا آ رہا تھا۔ ہر منزل پر اسے کچھ حصہ مل جاتا جسے پڑھتے ہوئے وہ ایک ان دیکھے وجود کی محبت میں گرفتار ہونے لگی۔

اسے اپنے آس پاس شہزادے کی موجودگی کا گمان ہونے لگا تھا۔ وہ اس سے باتیں کرتی۔

آوازیں بھی دیتی، نغمے بھی سناتی، مگر کبھی جواب نہیں آتا تھا۔

''میں تمہیں بچا سکتی ہوں۔'' وہ اکثر اونچی آواز میں کہتی۔

''میں تمہیں آزاد کر سکتی ہوں۔'' وہ اسے یقین دلاتی۔

''تمہارے زخم بھر جائیں گے۔ تمہارا درد بھی ختم ہو جائے گا۔ ایک بار میرے سامنے آ جاؤ۔''

مگر شہزادہ جو اسے ایک تھریٹ کے طور پر دیکھتا تھا، وہ اس کے سامنے کیسے آ سکتا تھا؟ اس کے لیے تو وہ ایک مجرم تھی۔ سزا کی مستحق تھی جو اس کی اجازت اور مرضی کے بغیر اس کے محل میں گھس آئی تھی۔

ساتویں منزل پر پہنچتے ہی لڑکی کو احساس ہوا کہ اس کے پاؤں زخمی ہونے لگے ہیں۔ وہ ہڈیوں میں درد محسوس کرنے لگی۔ آٹھویں منزل پر اس کی جلد پر لکیریں ابھرنے لگیں جیسے چھوٹے کٹ لگتے ہیں ویسے ہی۔ شہزادے کو خوشی ہوئی کہ لڑکی کی صلاحیت بالآخر ختم ہونے لگی ہے۔ اس نے اپنے جادو کا زور مزید بڑھا دیا۔

آٹھویں سے نویں منزل پر پہنچنے تک لڑکی زخموں سے چور اور بری طرح نڈھال ہو چکی تھی مگر اس نے ہمت نہیں ہاری۔ وہ پہلی اور آخری بار اس قلعے کے بھوت سے، یعنی کہ اس شہزادے سے ملنا چاہتی تھی۔ اس نے وہ دروازہ کھولا جس میں شہزادہ بند تھا۔ وقت کے دائرے میں قید، زخموں سے چور، کسی بپھرے ہوئے شیر کی طرح سر اٹھائے کھڑا تھا۔ حملہ کرنے کو مکمل تیار۔ لڑکی کے قدم رکھنے کی دیر تھی، محل کی بقیہ منازل کی طرح اس منزل پر بھی اس کی موجودگی کا اثر ہونے لگا۔ سیاہی مٹ گئی، اندھیرا چھٹ گیا، روشنی بکھر گئی۔ منظر صاف ہونے لگا۔ مگر یہاں ایک انہونی ہوئی۔ اس کا اثر صرف محل کے در و دیوار کو نہ ہوا، بلکہ شہزادے پر بھی ہوا۔ وقت کی زنجیر ٹوٹ گئی، شہزادے کے زخم بھرنے لگے، اس کا درد ختم ہو گیا۔ اس کا جسم پھر سے صحیح سلامت ہو گیا۔ اور لڑکی بے جان ہو کر اس کے قدموں میں آ گری۔''

''آنٹی پلیز! سیڈ اینڈنگ نہیں۔'' فوراً ہی دکھی ہو کر کہا۔ مگر مسز شیرازی اس کہانی کی رائٹر نہیں

تھیں۔ وہ اس کی اینڈنگ نہیں بدل سکتی تھیں۔

''شہزادے کو اس آخری لمحے میں احساس ہوا کہ اپنا حصار مضبوط کرنے کے لیے وہ پچھلے نوے دنوں سے جس لڑکی کو اذیتوں سے دوچار کرتا رہا ہے، وہی لڑکی اس کے تمام درد اور اذیتیں اپنے وجود میں سمیٹ کر اسے اپنی آواز کا عادی بناتے ہوئے اس کے دل میں اپنے لیے محبت جگا کر ختم ہو چکی ہے۔''

وہ چپ ہو گئیں۔ جیسے کہانی بس یہیں تک تھی۔ ایک فسوں سا بندھا ہوا تھا جو ان کی خاموشی سے ٹوٹا۔ فارس کہانی کے حصار سے باہر نکل آیا۔

''ظالم شہزادہ! نوے دن تک اس کی محبت نہیں پہچان سکا۔ گدھا!'' جنت کو غصہ چڑھ گیا۔ وہ دکھی اختتام پر بے انتہا دکھی ہوئی بیٹھی تھی۔ مسز شیرازی مسکرائیں اور باہر دروازے کے پاس کھڑا فارس، مسکرا تک نہ سکا۔

''تمہیں شہزادے کی سائیکالوجی بھی سمجھنی چاہیے بیٹا!''

''میں اسے کیا سمجھوں۔ آپ یہ دیکھیں۔ وہ لڑکی اس کا درد چننے آئی تھی آنٹی! اس کے لیے مرہم لائی تھی۔'' اسے بہت دکھ ہو رہا تھا۔

''مگر شہزادے کو کیا پتا، وہ جو اپنے ساتھ لائی ہے وہ اس کا مرہم ہے؟ اس کے زخموں کے لیے ہے؟'' انہوں نے نرمی سے پوچھا۔

''اسے سمجھنا چاہیے تھا کہ لڑکی کے آنے سے پھول کھل رہے ہیں! یہ زندگی کی علامت ہے۔'' وہ اپنی بات پر ڈٹی ہوئی تھی۔

''یہی پھول اس کے جادو کا اثر ختم کر رہے تھے، تو وہ کیسے بھروسا کرتا؟''

وہ لاجواب ہو گئی۔ مسز شیرازی نے نرمی سے اس کی طرف دیکھا۔ دھیرے سے مسکرائیں۔

''جو لوگ بہت زیادہ حساس ہوتے ہیں اور جنہوں نے بہت سا دکھ سہا ہوتا ہے وہ اپنے گرد ایسی

https://novelskidunya.com/

ہی ایک دیوار کھڑی کر لیتے ہیں بیٹا! اور تہیہ کر لیتے ہیں کہ اب جب بھی کبھی کسی نے یہ دیوار پھلانگنے کی کوشش کی تو وہ اسے توڑ دیں گے مگر اپنی حدود میں ہر گز نہیں آنے دیں گے۔"

انہوں نے محل کی اونچی مضبوط فصیلوں کی جانب اشارہ کر کے کہا۔

"خود کو کسی بھی ممکنہ اذیت سے محفوظ رکھنے کے لیے وہ یہ حفاظتی اقدامات کرتے ہیں۔ اور ان جانے میں ان لوگوں کو بھی ہرٹ کر دیتے ہیں جن کا واحد مقصد اس دیوار کو پھلانگ کر ان کے دامن سے سارے کانٹے چننا ہوتا ہے۔" بات گہری تھی۔ اس کے دل کو لگی۔

"جب احساس ہوتا ہے تو اس وقت کافی دیر ہو چکی ہوتی ہے۔" رک کر، گہری سانس لی، پھر اس کی جانب دیکھا۔

"جادوگر شہزادے جیسے لوگ برے نہیں ہوتے بیٹا! وہ اتنی بار ٹوٹ چکے ہوتے ہیں کہ انہیں جڑنے سے خوف آتا ہے۔ وہ بس کسی پر اعتبار نہیں کر پاتے۔" بات مکمل ہو کر ختم ہوئی۔

اتری ہوئی شکل کے ساتھ اس نے رخ موڑ کر پینٹنگ کو دیکھا۔

گہرا سمندر، بلندیوں میں کھڑا ایک شاندار سیاہ محل، مضبوط دیواریں اور کھڑکی، جادوگر شہزادہ کھڑکی میں تھا۔ دوسرا دروازے میں کھڑا رہا تھا۔

☆......☆......☆

لائم جوس گلاس لبوں سے لگائے اس نے دوسرے ہاتھ سے اپنا سیل فون کاؤنٹر ٹیبل سے اٹھا لیا تھا۔ اوپن کچن سے نکل کر سیڑھیوں کی طرف جاتے ہوئے وہ چونک کر رک گئی تھی۔ نگاہیں موبائل اسکرین پر ابھرتے اس ایک جملے پر گڑ کر رہ گئیں جو پہلے اسے ایک مذاق کے سوا کچھ نہ لگا تھا۔ لیکن اگلے ہی پل ثبوت کے طور پر ارسال کی گئی تصاویر پر نظر پڑتے ہی وہ اپنی جگہ پتھر ہو گئی۔ گلاس اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر فرش پر گرتے ہی جھماکے سے ٹوٹا تھا۔ پہلے اس کا دل رکا تھا، پھر سانسیں بھی تھم سی گئی تھیں۔

حیرت، صدمہ، بے یقینی......اس نے بے اختیار دیوار کا سہارا لیا۔ووڈن فلور نے یکا یک آگ پکڑی تھی۔گردونواح کی ہر ایک شے اندھیر ہوئی تھی۔

اس کا تنفس پھول گیا تھا۔آنکھوں میں وحشت اتر آئی تھی۔اگلے ہی لمحے اس نے ہانپتے ہوئے شدید غصے کے عالم میں اپنا سیل فون سامنے دیوار پر دے مارا تھا۔فرش پر بکھرے کانچ کے ٹکڑوں کی پروا کیے بنا دھپ دھپ قدم اٹھاتی اپنے لگژری بیڈروم میں بند ہوگئی۔

پیشانی مسلتے، نچلا لب کاٹتے، بالوں کو نوچتے وہ کمرے میں متوحش سی ٹہل رہی تھی۔اسے یقین نہیں آرہا تھا۔یقین آبھی نہیں سکتا تھا۔

اس نے پردے ہٹا کر کھڑکیاں کھول دیں۔اس سے کوئی افاقہ نہ ہوا تو دروازہ سلائڈ کر کے بالکنی میں آگئی۔مگر اندر کی آگ ہنوز جلتی بھڑکتی، لپکتی رہی۔

تنفس بھاری رہا۔وحشت انگ انگ میں سماگئی۔ریلنگ پر ہاتھ جمائے اب وہ گہری سانسیں لے رہی تھی۔

کمرے سے باہر، راہداری سے آگے، لاؤنج کے سامنے فرش پر گرا اس کا سیل فون ایک بار پھر جگمگا رہا تھا۔کانچ کے ٹکڑے یہاں وہاں بکھرے تھے۔جوں لکیروں میں پھیلتا ہوا دوانچ کے فرش سے نیچے دور تک پھیل چکا تھا۔اور وہ باہر دیکھ رہی تھی۔اندھیروں میں وہاں، جہاں سب ریزہ ریزہ ہو رہا تھا۔

☆......☆......☆

وہ آفس روم میں اپنا کچھ کام نمٹا کر پانی پینے کی غرض سے کچن میں آیا تو مسز شیرازی لاؤنج سے سیدھا وہیں آگئی تھیں۔

''کام ہوگیا؟'' پیار سے پوچھا۔

''ابھی باقی ہے، آپ پانی پئیں گی؟'' وہ فریج سے پانی کی بوتل نکالے کاؤنٹر ٹیبل کی طرف آ

گیا۔انہوں نے منع کر دیا۔

''جلدی سو جایا کرو بیٹا! اس طرح رات گئے تک جاگنا صحت کے لیے ٹھیک نہیں۔'' سنجیدگی سے تاکید کی۔

''پہلے کام زیادہ تھا، لیکن اب کوشش کروں گا جلدی سو جاؤں۔'' کہہ کر پانی کا گلاس لبوں سے لگایا۔

''جنت تمہارے ساتھ اب کیسی ہے؟'' آنکھوں میں مسکراہٹ لیے مدھم آواز میں پوچھا۔

''ٹھیک ہے، کل سے ایک شہزادے کو گدھا کہہ رہی ہے۔''

https://novelskidunya.com/

وہ بے ساختہ ہنس دیں۔

خالی گلاس میز پر رکھ کر وہ ان کے پاس آ گیا۔

''آپ میری کوئی بات بھولتی نہیں ہیں۔''

مسز شیرازی وہیل چیئر پر تھیں، وہ ان کے سامنے کرسی پر بیٹھ گیا تھا۔

''مائیں بھلا اپنے بچوں کی چھوٹی چھوٹی باتیں، ان کی چھوٹی چھوٹی خواہشات بھی بھولتی ہیں؟'' اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں بھر کر بولیں۔

Novels Ki Duniya

''تب میں بچہ نہیں تھا۔''

''میرے لیے تو تم آج بھی بچے ہی ہو۔'' وہ ان کی آنکھوں میں اپنے لیے محبت دیکھ سکتا تھا۔

''جب آپ مجھے چھوڑ کر گئی تھیں، میں تب ہی بڑا ہو گیا تھا ممی۔''

ان کے اندر ایک دم سے سناٹا پھیلا۔ آنکھوں میں نمی تیر گئی۔ فارس ان کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے رہا۔ پھر نرمی سے اپنے لبوں سے لگایا۔ وہ کچھ دکھ، کچھ اذیت سے اسے دیکھتی رہیں۔

''تم لندن میں اپنے گھر گئے تھے۔'' وہ پوچھ نہیں رہی تھیں۔ نہ ہی بتا رہی تھیں۔ وہ بس اس کے اندر کی بے سکونی تک پہنچنا چاہ رہی تھیں۔ وہ سر جھکائے بالکل خاموش رہا۔

قبرستان گھر نہیں ہوا کرتے۔ وہ اپنے مردہ خواب اور خواہشات کا پیچھے رہ جانے والا سامان اٹھا لایا تھا۔ اس کی خاموشی انہیں اذیت سے دوچار کرنے لگی۔

''مجھے معاف کر دو۔'' ان کی آواز بے اختیار بھیگی۔ فارس نے تڑپ کر سر اٹھایا تھا۔

''ایسے مت کہا کریں ممی پلیز!'' ان کی آنکھیں آنسوؤں سے بھری ہوئی تھیں اور لب کپکپا رہے تھے۔

''ممی پلیز!'' وہ ایک دم سے بے چین ہوا تھا۔

ان کے ہاتھ مضبوطی سے تھامے ان کے قدموں میں ہی بیٹھ گیا۔

''میں نے آپ کو کبھی بھی، کسی معاملے میں قصوروار نہیں ٹھہرایا۔''

''لیکن میں تو ٹھہراتی ہوں۔ میرے سینے پر بوجھ ہے۔ جانے والے تو چلے گئے۔ جو پیچھے رہ گئے ہیں، میں انہیں ایک نہیں کر پائی۔ میں تمہیں اور ریان کو ابھی تک ایک نہیں کر پائی۔'' وہ سسک پڑیں۔

ان کے ہاتھوں پر فارس کی گرفت ایک دم سے ڈھیلی پڑی تھی۔ وہ فرش پر تھا۔ وہ زمین میں اتر گیا۔ اذیت انگ انگ میں سما گئی۔

''وہ چھوٹا سا معصوم بچہ ہے۔ اس کا ان سب معاملات میں کوئی قصور نہیں۔ اسے خود سے دور نہ کرو۔ پلیز بیٹا اسے سزا مت دو۔''

وہ پیچھے ہوا تھا۔ سر جھکائے، خاموش، ساکت! بس اس مقام پر آ کر اس کی ساری ہمت برداشت ختم ہو جاتی تھی۔ مزید کچھ سننے کی تاب نہیں رہتی تھی۔

قدموں کی آہٹ کے ساتھ ہی جنت راہداری سے نمودار ہوئی تھی۔

''آنٹی! آپ یہاں ہیں اور میں آپ کو اسٹوڈیو میں ڈھونڈ رہی تھی۔''

ساکت فضا میں ارتعاش پیدا ہوا۔ مسز شیرازی نے فوراً سے آنسو صاف کیے۔ فارس اٹھ کر وہاں سے چلا گیا۔ سر جھکا ہوا تھا تو وہ دیکھ نہیں سکی تھی۔ مگر اس کی آنکھیں......

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

اس نے گردن موڑ کر اسے سیڑھیوں کی طرف جاتا دیکھا۔ پھر مسز شیرازی کے پاس آئی۔ ان کا رخ دوسری طرف تھا تو وہ تب تک خود کو کمپوز کر چکی تھیں، مگر ان کی آنکھیں ابھی بھی لال ہو رہی تھیں۔

''جی بیٹا!'' وہ بظاہر مسکرا رہی تھیں مگر ان کے چہرے سے اداسی جھلک رہی تھی۔ وہ نچلا لب کاٹ کر رہ گئی۔ جانے فارس کے ساتھ ان کی کیا بات ہوئی تھی؟ وہ بھی تو چپ چاپ اوپر چلا گیا تھا۔

''میں نے سوچا، سونے سے پہلے آپ سے باتیں کرلوں، مگر آپ کمرے میں نہیں تھیں۔''

''ہاں، بس..... فارس کے پاس آئی تھی۔ چلو کمرے میں چلتے ہیں۔'' لہجے کو حتی الامکان نارمل کرتے ہوئے بولیں۔ ان کے ہمراہ راہداری کی طرف جاتے ہوئے اس نے سیڑھیوں کی طرف اوپر دیکھا تھا۔

اوپری منزل کی تمام بتیاں گل تھیں۔ ہر طرف اندھیرا سا پھیلا ہوا نظر آ رہا تھا۔

☆......☆......☆

کچھ وقت مسز شیرازی کے ساتھ گزارنے کے بعد وہ اپنے کمرے میں آ گئی اور دروازہ بند کر کے سیدھا کھڑکی میں جا کھڑی ہوئی۔

سامنے ہی وسیع و عریض لان کا گوشہ اور بائیں طرف گلاس والز کے احاطے میں سوئمنگ پول نظر آ رہا تھا۔ نیلگوں بلب روشن تھے۔ شیڈ تلے مخصوص کرسیوں اور ایک کاؤچ کے اطراف میں زرکار روشنی سی پھیلی تھی۔ اپنے کمرے کی کھڑکی سے نظر آتا یہ منظر اسے بہت بھلا لگتا تھا۔ وہ اپنے خیالوں میں گم کھڑی تھی کہ اسے ٹراؤزر پر سفید شرٹ زیب تن کیے فارس وجدان گلاس ڈور دھکیل کر اسی طرف آتا ہوا نظر آیا۔ وہ یکا یک پردے کی اوٹ میں ہو گئی۔ پھر سر نکال کر جھانکا۔ ٹرے میں سبز چائے، اور چند ایک لوازمات رکھے ملازمہ اس کے پیچھے تھی۔

وہ کاؤچ پر بیٹھ گیا۔ موبائل ہاتھ میں تھا۔ لیپ ٹاپ اور کچھ ضروری فائلز شیشے کی میز پر پہلے سے دھری تھیں۔

https://novelskidunya.com/

وہ اب اسے دیکھ رہی تھی۔ اور بہت غور سے دیکھ رہی تھی۔ سبز چائے کا کپ ہاتھ میں لیے وہ بالکل خاموش بیٹھا تھا۔ نگاہیں سوئمنگ پول پر جمی ہوئی تھیں۔ ایک ہی مقام، ایک ہی نقطے پر ساکت سی، ٹھہری ہوئی۔

وہ چند لمحوں تک اپنی جگہ کھڑی رہی پھر اس نے موبائل پر میسج ٹائپ کیا۔

''کیا تمہیں انویٹیشن ملا؟'' نگاہیں اس پر جا ٹھہری تھیں۔ اور توقع کے عین مطابق اس نے نوٹیفیکیشن ملتے ہی اپنا موبائل اٹھالیا تھا۔ صوفے کے ساتھ کمر ٹکائے اب وہ اسے ٹائپنگ کرتا ہوا دیکھ سکتی تھی۔

''کیسا انویٹیشن؟''

''میری اور زید کی منگنی کا۔'' لبوں پر مبہم سی مسکراہٹ اور آنکھوں میں روشنی لیے جواب لکھا۔ اور پھر سر اٹھا کر اس کے تاثرات دیکھنا چاہے۔ وہ جبڑے بھینچ کر اسکرین کو تک رہا تھا۔ اسے بڑی خوشی ہوئی۔

''منگنی؟ آر یو سیریس؟''

''ہاں بھلا میں کیوں مذاق کروں گی؟'' ساتھ ہی وہ انویٹیشن کارڈ فارورڈ کر دیا جو زید کی ممی نے اسے بھیجا تھا۔ چار دن بعد اس ٹڈے کی سالگرہ تھی اور ساتھ ہی انگوٹھی پہنانے کی رسم بھی سرانجام پانا تھی۔

وہ منتظر رہی، اب وہ کیا کہتا ہے مگر وہ پیشانی پر بل ڈالے موبائل پر نظریں جمائے بیٹھا رہا۔

''کیا تم آؤ گے؟''

''کیا مجھے آنا چاہیے؟''

''اچھا، کس حیثیت سے؟''

''میرے شوہر کی حیثیت سے۔'' لکھتے لکھتے رک گئی، میسج مٹا دیا۔ دوبارہ لکھا۔

''تمہارے ان کے ساتھ فیملی ٹرمز ہیں۔''

دوسری طرف خاموشی......

https://novelskidunya.com/

''میں انتظار کروں؟''

''نہیں۔''

اس کے انکار سے حظ اٹھاتے ہوئے فوراً لکھا۔

''حالانکہ آنا چاہیے۔''

''اچھا، تو وہ کس لیے؟''

''کیونکہ میں کہہ رہی ہوں۔'' دھڑکتے دل کے ساتھ ٹائپ کر دیا۔ اس کے جواب نے جیسے ایک لمحے کے لیے فارس کو بھی حیران کیا تھا۔ نچلا لب کاٹتے ہوئے فوراً سے میسج ڈیلیٹ کر دیا۔ کھڑکی سے پیچھے ہٹ گئی۔ اب وہ نہیں جانتی تھی فارس کیا کر رہا تھا۔ مگر دوبارہ اس کی طرف سے بھی کوئی میسج نہیں آیا تھا۔ کچھ دیر تک کمرے میں بائیں سے دائیں، اور دائیں سے بائیں چکر کاٹنے کے بعد وہ پھر سے کھڑکی کے پاس آ گئی۔

وہ لیپ ٹاپ گود میں رکھے اپنا کام کر رہا تھا۔ لیکن ہر چند لمحوں کے بعد اس کی نگاہیں اسکرین سے ہٹ کر سوئمنگ پول، اور پھر وہاں سے بیلوں سے گھری دیوار تک اٹھ جاتی تھیں۔ وہ کھڑکی میں کھڑی رہی، اور اسے دیکھتی رہی۔

یکا یک اسے موبائل پر میسج موصول ہوا۔ سر جھکا کر اسکرین پر نگاہ دوڑائی۔

''اگر تم اسی طرح کھڑکی سے مجھے تاڑتی رہو گی تو میں کام نہیں کر سکوں گا۔''

''اللہ!'' وہ پردہ چھوڑ کر جھٹکے سے پیچھے ہٹی۔ نچلا لب دانتوں میں دبا لیا۔ حالانکہ وہ چھپ کر کھڑی تھی۔

''خوش فہمی دیکھو جناب کی۔'' گھبراہٹ پر قابو پا کر تیزی سے ٹائپ کیا۔ ''میں بھلا کیوں تاڑنے لگی؟ مجھے تو یہ بھی نہیں پتا تم کہاں ہو۔'' رک کر مزید لکھا۔ ''میں تو اپنا کام کر رہی ہوں۔''

آگے سے شیطانی مسکراہٹ موصول ہوئی۔ وہ تپ گئی۔

''پورے گھر میں تمہیں بس میرے کمرے کی کھڑکی کے سامنے آ کر بیٹھنا تھا؟'' بھنا کر لکھ دیا۔

''ابھی تم کہہ رہی تھیں تم مجھے دیکھ نہیں رہیں۔'' قہقہہ......

وہ فنا سی ہوگئی۔ اپنا موبائل آف کر کے خود سے بہت پرے رکھ دیا۔ کھڑکیوں سے دور ہو کر شرافت سے بیڈ پر چڑھ کر بیٹھ گئی۔

''مجھے اسے میسج ہی نہیں کرنا چاہیے تھا'' بھنویں سکیڑ کر خود کو کوسا۔ ''اور نہ ہی اس کی خیریت معلوم کرنے کے لیے کمرے میں جانا چاہیے تھا۔ ذرا توجہ کیا دی، موصوف تو ساتویں آسمان پر پہنچ گئے ہیں۔''

کچھ دیر تک بیٹھی رہی، پھر موبائل اٹھالیا۔ یوٹیوب پر چند ایک ویڈیوز دیکھیں، بچوں کے نام سرچ کیے۔ ہاتھوں پر لوشن لگاتے ہوئے کھڑکیوں کی طرف اور پھر وارڈ روب کی طرف دیکھنے لگی۔ ذہن کچھ نہ کچھ ترتیب دینے میں لگا ہوا تھا۔

کپڑے یہاں رکھے جاسکتے ہیں اور بے بی کاٹ اس مقام پر۔ ڈریسنگ یہاں سے ہٹا کر وہاں رکھ دے گی۔ ذہن میں ہر طرح کی ترتیب دے کر تکیہ درست کرتی لیٹ گئی۔ موبائل ہاتھ میں تھا۔ وہ سدرہ سے بات کر رہی تھی۔

ہلکی سی دستک کے ساتھ دروازہ کھل گیا۔ کہنی کے بل اوپر ہوئی تو دروازے میں فارس تھا۔

''اندر آ سکتا ہوں؟'' وہ پورا کا پورا اندر تھا اور اجازت مانگ رہا تھا۔ اس کا میسج یاد آیا تو آنکھوں میں خفگی ابھر آئی۔

''تم سوئے نہیں ابھی تک؟'' وہ اٹھ کر بیٹھ گئی۔

''نیند نہیں آ رہی تھی تو......''

''تو......؟'' اس نے سوالیہ ابرو اٹھائی۔

''میں نے سوچا تم سے باتیں کرلوں، تم بھی تو جاگ رہی ہو۔''

موبائل سائیڈ ٹیبل پر رکھ کر، برابر میں آبیٹھا۔

https://novelskidunya.com/

"حالانکہ میں نے اجازت نہیں دی تھی۔" گھور کر کہا۔

"انکار بھی تو نہیں کیا۔" وہ مسکرایا۔

جنت بڑبڑا کر رخ بدل گئی۔ موبائل ہاتھوں میں لیے عجلت میں ٹائپنگ کرنے لگی۔ سدرہ سے بات کر رہی تھی تو گفتگو سمیٹنے لگی۔ فارس اسے ہی دیکھ رہا تھا۔ اس کے سفید کاٹن نائٹ ڈریس کی آدھی آستین سے جھانکتے بازو پر مندمل زخم کی لکیر واضح تھی۔

"تمہیں یہ زخم کیسے آیا تھا؟"

"کون سا زخم؟" اس نے سر اٹھا کر پوچھا۔

اگلے ہی پل اپنے بازو کے اسی مقام پر اسے لمس کا احساس ہوا۔

"اب پوچھ رہے ہو، اب تو زخم بھی بھر گیا۔"

منظر، وقت، لمحے یاد آئے تو کہے بنا نہ رہ سکی۔

"نشان تو ابھی بھی ہے۔" وہ کہہ رہا تھا۔

"دو اسٹچز لگے تھے۔" اسے یاد تھا۔

"بوا کے گھر بلب فکس کر کے نیچے اتر رہی تھی تب کیل لگ گئی تھی۔" بہت عام سے لہجے میں جواب دے کر بادام منہ میں ڈالا۔

پارکنگ ایریا کا منظر، برہان واصف کا تھپڑ، سخت پتھریلی زمین پر گرتے ہی ہتھیلیوں پر پڑنے والی رگڑ...... بے اعتنائی کی اذیت، وہ خوف، وہ دہشت...... اس نے وہ تمام کے تمام خیالات جھٹک دیے۔

وہ چند لمحوں تک منتظر رہا کہ وہ مزید کچھ کہے گی مگر وہ خاموش ہو چکی تھی۔

"ایسا ہی ایک زخم مجھے بھی لگا تھا، تب میں پانچ سال کا تھا۔"

"کیسے؟" کشن کو سینے سے لگائے اس کی طرف رخ موڑا۔

''میں الماری میں چھپنے کی کوشش کر رہا تھا۔''

''کس لیے؟'' وہ ذرا سا حیران ہوئی تھی۔

''تم گیس کرو کس لیے؟'' وہ پوری طرح سے اس کی طرف متوجہ تھا۔

''کسی بچے کا سر پھاڑا ہوا گا، کوئی نقصان کیا ہوگا...... یا پھر......''

فارس کی پیشانی پر بل آ گئے۔

''خود ہی تو کہا ہے، گیس کرو۔'' جنت نے بھنویں سکیڑیں۔

''گیس کرو، یہ نہیں کہا کہ الزام لگاؤ۔'' وہ اچھا خاصا برا مان گیا۔

''میں تو یہی گیس کر سکتی ہوں۔'' اس نے گھورا۔ ''اب کوئی بچہ اچھا کام سرانجام دے کر تو چھپنے کی کوشش نہیں کر سکتا۔''

''ہاں، مگر میں اس لیے نہیں چھپ رہا تھا کہ میں نے کوئی نقصان کیا تھا۔''

''تو پھر؟''

فارس نے کچھ بتانے کے لیے منہ کھولا پھر رک گیا۔ ''فارگیٹ اباؤٹ اٹ۔'' سر جھٹک کر موبائل اٹھا لیا۔

''کیا مطلب فارگیٹ اباؤٹ اٹ؟'' اسے غصہ چڑھ گیا۔ ''خود ہی بات شروع کرو، سسپنس پھیلاؤ اور پھر سو جاؤ۔''

غصہ تو اسے ویسے بھی چڑھا رہتا تھا۔ فارس کی اس حرکت پر سیخ پا ہو گئی۔ مگر دوسری طرف تو جیسے وہ کچھ سن ہی نہیں رہا تھا۔ موبائل پر یوں نگاہیں مرکوز تھیں جیسے کوئی ضروری کام درپیش ہو۔

''اصل میں میرا ہی دماغ خراب ہے جو میں تم سے باتیں کرنے لگ گئی۔'' کمفرٹر ایک طرف کر کے اٹھ گئی۔

''کہاں جا رہی ہو؟''

''کہیں بھی جاؤں، تمہیں اس سے کیا؟''

دروازہ کھول کر اور پوری قوت سے بند کر کے باہر تھی۔

وہ گہری سانس لے کر تیزی سے اٹھ کر اس کے پیچھے آیا۔ راہداری سے سیدھا کچن میں گیا۔ سامنے ہی وہ کرسی پر بیٹھی تھی۔ سر جھکا ہوا تھا۔ گندھے ہوئے بال پشت پر تھے۔ بڑبڑاہٹ جاری تھی۔

''جب دل چاہے گا باتیں کرے گا، اور جب دل چاہے گا خاموش ہو جائے گا۔ میں کوئی مذاق ہوں؟''

https://novelskidunya.com/

اسے نہیں پتا تھا وہ عین اس کے پیچھے کھڑا تھا۔ مسکراہٹ دبائے اس کے برابر میں کرسی کھینچ کر بیٹھ گیا۔

''اچھا کرو کیا باتیں کرنی ہیں؟''

''میں نے کب کہا مجھے تم سے کوئی بات کرنی ہے؟'' اسے پتنگے لگ گئے۔ ''یہ تو تم ہو جو خوامخواہ فری ہونے کی کوشش کرتے ہو۔''

Novels Ki Dunya

''فری ہونے کی کوشش؟'' وہ مسکراہٹ دباتے ہوئے بند مٹھی پر ٹھوڑی ٹکائے اسے نرمی سے دیکھے گیا۔

''آئندہ میں تم سے کوئی بات نہیں کروں گی۔ کوئی جواب نہیں دوں گی۔'' صاف کہہ دیا۔ ''جیسے تم کرتے ہو۔ میں بھی بالکل ویسے ہی کروں گی۔''

''میں خوف زدہ تھا، اس لیے چھپ گیا تھا'' اس نے اچانک کہا۔ اور وہ جو شدید غصے میں مزید کچھ کہنے کا ارادہ رکھتی تھی، یک دم چپ ہو گئی۔

''بس یا اور کچھ؟'' اس نے بظاہر دوستانہ لہجے میں پوچھا۔ وہ چند لمحوں تک اس کی آنکھوں میں

دیکھتی رہی۔ جانے کتنی حکایتیں تھیں جوان آنکھوں میں چھپی ہوئی تھیں۔

''یعنی میں کوئی اور سوال بھی پوچھ سکتی ہوں؟'' تصدیق چاہی۔

''ہاں۔''

وہ حیران ہوئی کہ توقع کے برعکس جواب مثبت ملا تھا۔

''فائدہ؟ جب تم جواب ہی نہیں دیتے۔'' تنفر سے سر جھٹکا۔ ''خود سارے سوال پوچھ لیتے ہو۔ سارے جواب سن لیتے ہو۔ لیکن جب میں کچھ پوچھوں تو خاموشی......''

https://novelskidunya.com/

وہ ابھی بھی غصے میں لگ رہی تھی۔ بندھے ہوئے بال آگے کی طرف داہنے کندھے پر تھے۔ کچھ لٹیں ڈھیلی ہو کر گال پر پھسل رہی تھیں۔

''چائے پیو گی؟'' اس نے اٹھ کر کیبنٹ سے جار نکالا۔ وہ لب بھینچے ایک سخت نظر اس پر ڈالے اپنی انگوٹھی کو آگے پیچھے کرتی رہی۔

چائے بناتے ہوئے وہ خود سے ہلکی پھلکی گفتگو کرتا رہا مگر اس نے لب سیے رکھے جیسے اب کوئی بات ہی نہیں کرے گی۔

چائے تیار ہو گئی تو بھاپ اڑاتا ایک مگ اس کے آگے رکھا، اور دوسرا مگ ہاتھ میں لیے سامنے کھڑا رہا۔

''تمہیں غلط لگا تھا؟'' گھونٹ بھر کر کہا۔

''کیا؟'' اس نے اپنا مگ قریب کر لیا۔

''یہی کہ میں کسی عورت کو اپنی زندگی میں واپس لانا چاہ رہا ہوں۔''

جنت کی دھڑکن لمحے بھر کے لیے تھمی۔ سانس رک گیا۔ مگ پر اس کی گرفت مضبوط ہو چکی تھی۔ اس رات کے بعد عدینہ زبیر کا ذکر جیسے آج ہوا تھا۔ وہ اس کا نام نہیں لے رہا تھا۔ نہ ہی اسے کسی سابقہ رشتے سے جوڑ رہا تھا۔ اس کے لیے وہ ایک ''عورت'' تھی۔

''اور تم چاہتے ہو، میں یقین کرلوں؟'' اس کا لہجہ مضبوط تھا مگر دل شدت سے دھڑکے جا رہا تھا۔ فارس کی سابقہ بیوی کا خوف جیسے اس کی رگ رگ میں سمایا ہوا تھا۔ خصوصاً یہ انکشاف زیادہ تکلیف دہ تھا کہ عدینہ اس کی محبت تھی اور وہ اسے ہر صورت اپنی زندگی میں واپس لانا چاہتا تھا۔

''کرنا تو چاہیے۔'' وہ کرسی کھینچ کر بیٹھ گیا۔

''تم مجھے..... طلاق دینا چاہتے تھے۔'' آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر یاد دلایا۔

''دینا چاہتا تھا۔ یہ تم نے خود کہہ دیا تھا۔ پاسٹ ٹینس مائی ڈیئر وائف! فعل ماضی۔ میری اب ایسی کوئی خواہش نہیں رہی۔''

جنت ہکا بکا سی اسے دیکھ کر رہ گئی۔ ذرا دیکھو تو فردوس کو ساری باتیں یاد تھیں اس کی۔ اور ظاہر ایسے کرتا تھا جیسے کچھ سن ہی نہیں رہا۔

''میری زندگی میں تمہارے سوا کوئی عورت نہیں ہے۔'' اس نے چائے کا گھونٹ لیتے ہوئے کہہ دیا۔ بات سادہ، مختصر اور واضح تھی۔ جنت کی دھڑکنیں تھمی رہیں۔ سانسیں رکیں۔ اگلے کئی لمحوں تک وہ اسے خاموش نگاہوں سے تکتی رہی۔ کیا وہ دانستہ عدینہ زبیر کا ذکر نہیں کر رہا؟ اور اگر کسی عورت کا مسئلہ نہیں تھا تو وہ اسے طلاق کیوں دینا چاہتا تھا؟ کچھ تو تھا جو چھپا ہوا تھا یا پھر وہ جان بوجھ کر اس کے چھپا رہا تھا۔

''تم مجھ سے نفرت کرتے تھے اور مجھے طلاق دینا چاہتے تھے اور پھر اچانک تم آ کر کہو کہ میں تمہیں طلاق نہیں دینا چاہتا تو میں اس بات کو کیا سمجھوں، ہاں؟ ایسا تو صرف کہانیوں میں ہوتا ہے، کسی کو اچانک ایک سیکنڈ میں محبت ہو جائے۔''

''اور میں نے کب کہا، مجھے تم سے محبت ہو گئی؟'' میز پر کہنیاں جما کر اس کی آنکھوں میں جھانکا۔

وہ جو اپنی دھن میں بول رہی تھی، ساکت ہو گئی۔ سوال ٹھاہ کر کے دل کو لگا۔ صاف صاف بے عزتی..... چہرہ خفت سے سرخ پڑا۔ اب نہ وہ اٹھ سکتی تھی، نہ رخ بدل سکتی تھی، نہ غائب ہو سکتی تھی۔ ہاں

فارس نے کب کہا، اسے محبت ہوگئی؟

''میرا مطلب ہے، میں کہہ رہی تھی......اصل میں وہ......''

''ہاں، ہاں! بولو۔ میں سن رہا ہوں۔'' چہرہ متبسم ہوگیا۔ آنکھوں میں شرارت اتر آئی۔

''اصل میں میرا دماغ خراب ہے جو میں تم سے باتیں کر رہی ہوں۔'' اس کی چال سمجھتے ہی کرسی دھکیل کر اٹھ گئی۔

''چائے تو پی لو۔''

''زہر دے دو تم مجھے۔'' مڑ کر چلائی۔ پھر بیڈ روم میں جا کر دروازہ زور سے بند کر دیا۔ وہ میز پر بیٹھا مزے سے چائے پیتا رہا۔

''سمجھتا کیا ہے یہ خود کو؟'' بگڑے تیوروں کے ساتھ لحاف اوڑھ کر لیٹ گئی۔ آنکھوں پر بازو رکھ لیا۔ پھر جھنجھلا کر کروٹ بدلی، دوبارہ بدلی، کشن اپنے کان پر رکھا۔

''فارس بھائی نے کبھی تم سے محبت کا اعتراف کیا؟'' دوسرے کان میں آواز گونجی۔

''محبت اعمال سے جھلکتی ہو تو اعتراف کی ضرورت نہیں پڑتی۔''

تخیل کی دھار پر بڑا بڑا لکھا ہوا نظر آیا۔ اس کے الفاظ، اس کا جملہ، اس کا جواب......

اس نے تکیے میں سر دیتے ہوئے آنکھیں میچ لیں۔ اندر ہی اندر بہت سارا چیخی۔ کیسا انسان تھا وہ۔ محبت کا اعتراف ہوا نہیں تھا اور وہ اپنی زبان سے تسلیم کر بیٹھی تھی۔ اللہ......اللہ! وہ تقریباً رو دینے والی تھی۔

فارس نے دروازہ کھولا۔ کھنکھار کر گلا صاف کیا۔ اس نے کشن اٹھا کر اسے دے مارا۔

''خبردار جو تم نے مجھ سے کچھ کہا تو۔'' وہ تقریباً رو دینے والی تھی۔ وہ مسکراہٹ ضبط کیے صوفے پر جا بیٹھا۔

''ہاں ٹھیک ہے، میں نے تم سے یہ نہیں کہا کہ مجھے تم سے محبت ہے۔ لیکن یہ بھی تو نہیں کہا کہ مجھے تم سے محبت نہیں ہے۔ ان فیکٹ میں نے تو محبت پر کوئی بات ہی نہیں کی۔''

ٹانگ پر ٹانگ جمائے، داہنے پاؤں کو جنبش دیتے، صوفے کے ہتھوں پر بازو ٹکائے وہ جیسے کسی سلطنت کا شہزادہ بنا بیٹھا تھا۔

وہ کمفرٹر میں دبکی پڑی رہی۔ اب کوئی جواب دیتی تو پھنس جاتی۔ نہ جواب دے کر پھنسنا زیادہ مناسب لگا۔

''میرا ایسا بھی کوئی مشکل سوال نہیں ہے۔'' اس نے کہا۔

''جنت کمال!'' پھر پکارا۔

وہ تو ایسی ہو گئی جیسے اپنے کان کہیں گروی رکھ آئی ہو۔ وہ زیر لب مسکراتے ہوئے اٹھ کر چلا گیا۔

دروازہ بند ہوا تو جنت نے دھیرے سے آنکھیں کھول دیں۔

''آئندہ میں اس سے کوئی بات نہیں کروں گی۔'' مصمم ارادہ کر لیا۔ ''کسی بھی سوال کا جواب نہیں دوں گی۔ کمزور نہیں پڑوں گی۔ کوئی شکوہ بھی نہیں کروں گی۔ سمجھتا ہے مجھے پھنسا لے گا۔ ہونہہ!''

تکیے میں سر دے کر بے طرح جھنجھلائی۔ تسلی تشفی سے، ہمت بندھانے اور ارادے باندھنے سے کچھ نہیں ہو رہا تھا۔ فارس کا لہجہ، اس کی مسکراتی نگاہیں، اس کا استحقاق سے سوال پوچھنا۔ وہ اپنی دھڑکنوں کو سن رہی تھی اور احساسات میں الجھ رہی تھی۔

اور باہر لان پولز کی روشنیوں میں فارس وجدان رات گئے تک ٹہلتا رہا تھا۔

☆......☆......☆

نیند سے بیدار ہوتے ہی اس نے کمرے کی تمام کھڑکیاں کھول دیں۔ باہر کا نظارہ کرتے ہوئے انگڑائی لی۔ پھر کپڑے نکال کر واش روم میں گھس گئی۔ شاور لیا، کپڑے بدلے، بال خشک کر کے پونی بنائی، دوپٹہ لیا اور نکھری سی باہر آ گئی۔

کچن میں معمول کی طرح ناشتے کا انتظام ہو رہا تھا۔ مسز شیرازی کیئر ٹیکر کے ہمراہ لاؤنج میں بیٹھی قرآن پڑھ رہی تھیں۔ وہ پہلے ان کے پاس گئی۔ ان سے ملنے کے بعد کچن میں جا کر ناشتے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ نگاہیں پھر بھٹکتی ہوئی سیڑھیوں کی طرف گئیں۔ کلائی موڑ کر وقت دیکھا۔ ساڑھے سات بج رہے تھے اور وہ ابھی تک نیچے نہیں آیا تھا۔ کہیں اس کی وہ دعا قبول تو نہیں ہو گئی کہ صبح سات بجے سے پہلے پہلے اسے آفس جانا پڑے؟ نچلا لب دانتوں تلے دبایا۔

اور پھر خود کو ہر لحاظ سے کمپوز کرتی سیڑھیاں چڑھنے لگی۔

''کہہ دوں گی، آنٹی نے بھیجا ہے، جاؤ دیکھو۔ میرا بیٹا ابھی تک نیچے کیوں نہیں آیا؟''

آہستگی سے دستک دے کر بیڈ روم کا دروازہ کھولا مگر اندر کوئی نہ تھا۔ بیڈ پر کوئی شکن نہ تھی، تکیے بھی ترتیب سے رکھے تھے، کمفرٹر بھی استعمال نہیں کیا گیا تھا۔

رک کر راہداری میں نگاہ دوڑائی۔ سٹنگ ایریا میں بھی کوئی نہیں تھا۔ اس کے قدم بے اختیار اسٹڈی روم کی طرف اٹھے، ادھ کھلے دروازے کو آہستگی سے اندر دھکیلا تو وہ اسے سامنے ہی کاؤچ پر سویا ہوا دکھائی دیا۔ لمحے بھر کے لیے تو جیسے اسے اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آیا۔ دروازے کے ہینڈل پر گرفت جمائے کتنی ہی دیر تک کھڑی رہ گئی۔

لیپ ٹاپ، موبائل، کچھ فائلز اور کاغذات قالین اور شیشے کی میز پر دھرے تھے، پانی کا گلاس بھی رکھا تھا۔ کافی کا مگ بھی۔

''کیا وہ ساری رات اسٹڈی میں سویا رہا؟''

وہ کچھ دیر تک اپنی جگہ کھڑی رہی۔ قریب آ کر اسے دیکھا۔ پھر آواز دیتے ہوئے کندھا ہلایا تو اس کی آنکھ کھل گئی۔ کھڑکیوں سے دھوپ سیدھا چہرے پر پڑ رہی تھی تو مندی مندی آنکھوں کے ساتھ اٹھ کر بیٹھ گیا۔ حواس بیدار ہوئے تو اسٹڈی میں اپنی موجودگی کا احساس کر کے سیدھا ہوا۔ تاثرات ایک

دم سے بدلے۔ غالباً اسے توقع نہیں تھی، وہ اوپر آئے گی۔

''تم......'' اس کی آنکھیں رت جگے کی گواہی دے رہی تھیں۔

''ہاں وہ...... تم نیچے نہیں آئے تو آنٹی نے بھیجا۔''

وہ ہتھیلیوں پر سر گرائے کچھ دیر تک بیٹھا رہا۔

''تم یہیں سوئے رہے۔''

''کام کرتے آنکھ لگ گئی۔'' وہ داہنے ہاتھ سے پیشانی مسل رہا تھا۔ آنکھیں ہنوز بند تھیں۔ دو دن پہلے جب وہ آفس میں سو گیا تھا تو اس نے تب بھی مسز شیرازی کو یہی جواب دیا تھا۔

وہ نچلا لب دانتوں میں دبائے کھڑی رہی۔ پھر گلاس میں پانی ڈال کر اسے دیا۔

''تم چلو، میں فریش ہو کر آتا ہوں۔'' اس نے کہا۔

وہ سر ہلا کر اسٹڈی سے چلی گئی۔ ناشتے کے دوران اس کا رویہ ٹھیک رہا۔ ورک آؤٹ کرواتے ہوئے بھی۔ بس فرق یہ تھا، وہ آج اسے کم ڈانٹ رہا تھا۔ زیادہ بات بھی نہیں کر رہا تھا۔ ذہن کچھ الجھا ہوا سا لگا کہ جب وہ بات کر لیتی تو وہ چونک کر پوچھتا وہ کیا کہہ رہی تھی۔ آفس کے لیے روانہ ہوا تو وہ گلاس والز کے سامنے آ کھڑی ہوئی اور کافی دیر تک کھڑی ہی رہی۔

☆......☆......☆

آفس سے واپسی پر اپنے کمرے میں داخل ہوتے ہی اسے غیر معمولی پن کا احساس ہوا۔ حالانکہ کچھ بھی تو نہ بدلا تھا۔ ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کرتے ہوئے اس نے صوفے پر بیٹھ کر جوتے اتارے، کف لنکس اور گھڑی ڈریسنگ ٹیبل پر رکھی تو ادراک ہوا اس کے پرفیومز اور لوشنز وغیرہ غائب تھے۔ سوچ میں الجھتے وارڈروب سلائیڈ کی تو خالی ملی۔ اس کے کپڑے، جوتے، ٹائیاں، کچھ بھی موجود نہیں تھا۔ وہ ایک دم سے حیران ہوا۔ ذہن میں ایک ممکنہ خیال نے سر اٹھایا تو اس کا سر نفی میں ہلا۔ مگر اگلے ہی پل وہ جوتے

پہن کر سیڑھیاں اترتا نیچے آ گیا تھا۔ مسز شیرازی لاؤنج میں بیٹھی تھیں۔ ملازمہ ان کے لیے کپ میں چائے ڈال رہی تھی۔ جنت کی تلاش میں نگاہ دوڑاتے ہوئے اس نے راہداری کا رخ کیا تھا۔ کچھ ہی دیر میں وہ دروازے پر دستک دیتا اس کے کمرے میں داخل ہو چکا تھا۔

اس کا سارا سامان کارپٹ پر دھرا تھا۔ اور وہ بالکل سامنے نیچے بیٹھی اس کے جوتے ترتیب سے رکھ رہی تھی۔ اور اتنا مگن ہو کر کام کر رہی تھی کہ نہ دستک سنائی دی تھی، نہ اس کی موجودگی کا احساس ہوا تھا۔

سینے پر بازو باندھے وہ خوش گوار حیرت سے اسے دیکھتا رہ گیا۔ پھر اس کے عقب میں بے حد قریب پنجوں کے بل بیٹھ گیا۔

''میں ابھی عدیل کو کال کرنے والا تھا، میرے کمرے سے کچھ سامان چوری ہو گیا ہے۔''

اتنے قریب سے، اتنے اچانک آواز آنے پر وہ ایک دم بوکھلائی۔ اسنیکر چھوٹ کر نیچے گرے۔

''تم...... تم کب آئے؟'' گھبرا کر پوچھا۔

''کافی دیر ہو چکی ہے۔'' وہ اس کی آنکھوں میں دیکھ کر بولا۔ ''تم اتنی بزی تھیں، تمہیں پتا ہی نہیں چلا۔''

جنت حواس باختہ سی اسے دیکھ کر رہ گئی۔

ایک طائرانہ نگاہ کمرے میں دوڑائی۔ پھر فرصت سے اسے دیکھا۔ آنکھوں میں شرارت اور لبوں پر جو مسکراہٹ تھی، وہ اسے لب بھینچ کر دبا رہا تھا۔

''کیا آپ بتانا پسند کریں گی، میرے جوتے، کپڑے، ٹائیاں خود چل کر نیچے آئی ہیں یا آپ انہیں لائی ہیں؟''

جنت کی ہوائیاں اڑی ہوئی تھیں۔ ساری پلاننگ کا بیڑا غرق ہو گیا تھا۔ اس نے سوچا تھا، وہ اپنے بیڈروم میں اس کا سامان سیٹ کرنے کے بعد میسج کر کے بتا دے گی کہ اب وہ کمرہ شیئر کر سکتا ہے، لیکن شومئی قسمت کہ وہ آفس سے جلدی گھر آ گیا تھا اور اب اسے یوں دیکھ رہا تھا جیسے وہ کوئی جرم کرتی

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

رنگے ہاتھوں پکڑی گئی ہو۔

''اگر آپ لائی ہیں تو پھر کیوں لائی ہیں؟'' لہجے میں کس قدر معصومیت تھی۔ جیسے وہ نہ جانتا ہو، وہ کیوں لائی تھی۔

''وہ......میں......'' ذہن خالی ہو گیا۔ لفظ رہے، نہ جملے بنے۔ اور وہ اس کی کیفیت سے حظ اٹھاتا اس کے برابر میں ہی بیٹھ گیا۔ کہ جواب دینے کے لیے جتنا وقت درکار ہے لے لو، مجھے بھی یہاں سے جانے کی کوئی جلدی نہیں۔ جنت کو جی بھر کر رونا آیا۔ خود کو جس سچویشن میں پھنسا لیا تھا، اس کا آسان ترین حل بھی اسے بے انتہا مشکل لگ رہا تھا۔

''وہ میں......'' وہ اس کی نگاہوں کے تاثر سے کنفیوز ہو رہی تھی۔

''ہاں وہ تم......کیا......؟''

''وہ میں اپنا روم شیئر کرنے کی اجازت دے رہی ہوں تمہیں۔''

فارس نے بھنویں اچکائیں۔ ''لیکن میں نے تم سے اجازت کب مانگی؟''

اور جنت کو لگا جیسے آس پاس بہت سے دھماکے ہوئے ہیں۔ اور آنکھوں کے سامنے اس عزت افزائی پر تارے سے چمک اٹھے ہوں۔

''اس دن تو بڑا کہہ رہے تھے، کمرے میں دل نہیں لگ رہا۔'' ساری مروت، لحاظ بالائے طاق رکھتے ہوئے وہ اس پر پھٹ پڑی۔

''میں نے یہ کب کہا؟'' وہ قدرے حیرت سے سیدھا ہوا۔

''دل میں جگہ نہیں دے سکتیں تو کمرے میں دے دو۔'' سلگ کر یاد دلایا۔ چہرہ غصے سے لال ہو رہا تھا۔

''میں ایسی کوئی بات کر ہی نہیں سکتا۔'' بے یقینی کی انتہا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

''جھوٹا......!''

جنت نے گود میں جو کوٹ رکھا تھا اسے اٹھا کر قالین پر پٹخا۔

''ضوفشاں......ضوفشاں!'' اٹھ کر ملازمہ کو آواز دی۔ ملازمہ فوراً ہی حاضر ہوئی۔

''یہ سارا سامان ابھی کے ابھی صاحب کے کمرے میں پہنچاؤ۔''

جھٹ سے حکم صادر کیا۔ مگر ملازمہ فارس کی تھی۔ اس کے ایک ہی اشارے پر جنت کے حکم کو مکمل نظر انداز کرتی کمرے سے چلی گئی۔ جنت کا پارہ مزید چڑھ گیا۔ مڑ کر اسے دیکھا۔

''اب تم جاؤ یہاں سے۔'' سخت لہجے میں اسے حکم صادر کیا۔ آنکھوں میں ہلکی سی نمی، بھنویں سکڑی ہوئیں، لب بھینچے ہوئے۔

وہ چند لمحوں تک کھڑا رہا۔ اگلے ہی پل اپنے اور اس کے مابین فاصلے کو ختم کرتے ہوئے خود سے لگا لیا۔ وہ اس کی اس حرکت پر اپنی جگہ تھم گئی۔

''تھینک یو سوچ! مجھے اجازت دینے کے لیے۔'' آواز مدھم اور گہری تھی۔

جنت کا غصہ یکا یک ٹھنڈا ہوا۔ تاثرات میں نرمی اتر آئی۔ الگ ہو کر اس نے دونوں ہاتھوں سے بالوں کو پیچھے کیا۔

''اگر مجھے پتا ہوتا، آج مجھے سرپرائز ملنے والا ہے تو میں شاید بہت دیر سے گھر آتا۔'' اس کے کندھوں پر ہاتھ رکھے کہہ رہا تھا۔

''ہاں لیکن......اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ میں کورٹ نہیں جاؤں گی۔'' اپنی خفت چھپانے کو دھڑلے سے کہہ دیا۔ وہ ہنس دیا۔

''آف کورس! میں ایسا کچھ سوچ ہی نہیں رہا۔''

وہ اسے نظر انداز کرتی کہیں اور دیکھنے لگی۔

''مجھے چینج کرنا ہے۔'' فارس نے کہا۔

اس نے وارڈ روب سے کپڑے نکال کر اسے دیے اور وہ اٹیچڈ باتھ روم میں چلا گیا۔

جنت کچھ دیر تک اپنی جگہ کھڑی رہی، پھر لبوں پر مسکراہٹ لیے اپنا بقیہ کام سمیٹنے لگی۔

☆......☆......☆

اگلے دن وہ آفس سے جلد ہی واپس آ گیا تھا۔ گھر پہنچ کر ملازموں سے پتا چلا اس کی زوجہ محترمہ اپنی ساس کے ساتھ زید کے گھر گئی ہوئی تھیں۔ وہ سیدھا آفاق ہاؤس چلا گیا۔ واچ مین نے اس کے لیے دروازہ کھول دیا۔

https://novelskidunya.com/

جیبوں میں ہاتھ ڈالے وہ بڑے ہی لیے دیے سے انداز میں اندر داخل ہوا۔

سرسبز لان کے وسط میں ایک جگہ اسٹیج تیار کیا گیا تھا۔ نیلگوں تقسیم میں کرسیاں میزیں سجائی گئی تھیں۔ مہمان خواتین، اور ان کے ڈھیر سارے بچے، اور ہر طرف شور شرابا۔

بچے لان میں بھاگتے کھیل رہے تھے۔ سوزی مہمان خصوصی تھی۔ اتنی لاڈلی کہ تقریباً ہر بچہ اسے گود میں لیے پھرتا تھا۔ کیک کاٹا جا چکا تھا۔ تحفے وصول ہو چکے تھے۔ اب یقیناً مہمانوں کو کھانا کھلایا جا رہا تھا۔ اس کی نظر مسز شیرازی پر پڑی۔ وہ زید کی دادی کے ساتھ محو گفتگو تھیں۔ وہ آنکھوں میں ذرا سی برہمی لیے اپنی بیوی کو کھوجنے لگا۔ اور تب ہی وہ اسے نظر آ گئی۔

Novels Ki Dunya

آسمانی رنگ کے ڈھیلے ڈھالے کپڑوں میں ملبوس، بالوں کی پونی بنائے وہ گلاس ڈور سے نکل کر مسز شیرازی کی طرف جا رہی تھی۔ زویا اس کے پیچھے پیچھے تھی۔ اقصیٰ مسز شیرازی کے پاس کھڑی بڑے مزے سے اپنی سی سی ٹی وی آنکھوں سے یہاں وہاں دیکھ رہی تھی کہ یکا یک نظر فارس وجدان پر پڑی۔

''آپی!'' اس کے منہ سے چیخ نکلتے نکلتے رہ گئی۔ جنت، زویا کے جوتوں کے تسمے باندھ رہی تھی، ڈر سی گئی۔

''کیا ہوا، بھوت دیکھ لیا کیا؟''

''سمجھیں بھوت ہی دیکھ لیا۔ نہیں......میرا مطلب ہے وہ......وہاں......!'' اپنا بازو سیدھا کر کے اشارہ کیا۔ ''فارس صاحب!''

جنت چونک کر اٹھ کھڑی ہوئی۔ مڑ کر بیرونی گیٹ کی جانب دیکھا اور اگلے ہی لمحے فارس وجدان پر نظر پڑتے ہی اسے خوش گوار حیرت نے گھیر لیا۔

''میں آتی ہوں۔'' کہہ کر وہاں سے نکل آئی۔ فارس وجدان کے قریب پہنچنے تک آنکھوں کی چمک، مسکراہٹ اور مسرت کے تمام رنگ چھپا لیے۔

''ارے تم یہاں؟'' گردن اونچی کیے جی بھر کر حیران ہوئی۔

''ہاں، میں یہاں!''

''حیرت ہے، تم نے تو کہا تھا، تم نہیں آؤ گے۔''

''دیکھ لو۔'' اس نے جتایا۔ پھر ہاتھ سے اسے دور رہنے کا اشارہ کیا۔ ''اگر سوزی کے ساتھ وقت گزار کر آ رہی ہو تو۔''

مگر وہ اس کے بالکل پاس آ کھڑی ہوئی۔ داہنے ہاتھ کو سامنے کیا۔ درمیان والی انگلی میں گلابی رنگ کی پلاسٹک کھلونا انگوٹھی سجی ہوئی تھی۔

''کیسی ہے؟'' آنکھوں میں بچوں جیسا اشتیاق لیے پوچھا۔ ''بٹن دباؤ تو لائٹ بھی جلتی ہے۔''

فارس کے لبوں پر مسکراہٹ بکھر گئی۔

''مجھ سے کہا ہوتا۔ میں ایسی ہزار لا دیتا۔''

''مجھے ایک ہی چاہیے تھی، اور وہ زید نے مجھے دے دی۔'' اترا کر کہا۔

''تمہیں اب اپنے فیانسی کی سکیورٹی کا انتظام کرنا چاہیے۔'' اس نے سنجیدگی سے کہا۔

اور وہ ہنس دی۔ آنکھوں میں زندگی کی رمق تھی۔ چہرہ خوشی سے تمتما رہا تھا۔ اور یہ خوشی کس لیے تھی؟ اس کی آمد کی وجہ سے یا پھر؟

''ویل، اِف یو ایکسکیوز می! میرے فیانسی کو پسند نہیں، میں اس کے علاوہ کسی سے بات کروں۔''

ایک ادا سے کہہ کر جانے کو مڑی مگر فارس نے اسے بازو سے پکڑ کر روک لیا۔

''تمہارے فیانسی سے تو میں بعد میں نمٹ لوں گا، لیکن اگر آپ کو یاد ہو، آج آپ کا اپائنٹمنٹ ہے۔''

''ہاں جی یاد ہے مجھے۔''

https://novelskidunya.com/

مسز شیرازی نے ان کی جانب دیکھا تو فارس نے مسکراتے ہوئے ہاتھ ہلایا۔ انہوں نے اشارے سے اسے جانے کی اجازت دی۔

''اور میں نے یہ بھی کہا تھا، ڈنر باہر کریں گے۔'' وہ اسے بازو کے حصار میں لیے دائیں طرف پلر کی اوٹ میں ہو گیا تھا۔

''تمہاری وجہ سے میں ٹھیک سے کچھ کھا بھی نہیں سکی۔'' وہ دیوار کے ساتھ پشت ٹکائے کھڑی ہو گئی۔ سر اٹھا ہوا تھا۔ آنکھیں چمک رہی تھیں۔

''ابھی اقصیٰ کو بلا کر پوچھوں تو پتا چلے، تم نے کیا کچھ کھا لیا ہے۔''

''نہیں، پکی بات ہے، صرف زید کے ساتھ تھوڑا سا کیک کھایا ہے۔''

اور اس ٹڈے کو جانے کیسے بھنک پڑی کہ وہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ وہاں آ گیا۔

''جنت جی!'' فارس اور اس کے درمیان زبردستی گھس کر کھڑا ہو گیا۔

''تمہارا فیانسی اچھی فٹنس کا بالکل خیال نہیں رکھتا۔'' اس نے برہمی کا اظہار کر کے تبصرہ کیا۔ جنت نے اسے کہنی دے ماری۔ آنکھوں ہی آنکھوں میں گھوری دی کہ بچے کے احساسات کا خیال کر لو۔

''انہوں نے کیا کہا ہے ابھی؟'' زید کی شکی گھوریاں۔

''کہہ رہے ہیں، آپ بہت اچھے لگ رہے ہو۔''

''میں نے یہ کب کہا؟'' وہ بھنا گیا۔ جنت نے چہرہ موڑ کر اسے گھورا۔

''تم بچوں کے ساتھ بالکل بچے ہی بن جاتے ہو۔''

''تم مجھے الزام دے رہی ہو؟ اس پانڈا کو دیکھا ہے؟'' ہاتھ سے زید کی جانب اشارہ کیا۔ اور زید جو اپنی سالگرہ کی مناسبت سے سچ مچ میں ایک پانڈا کے گیٹ اپ میں تھا، کھڑا رہ گیا۔ پھر لڑنے مرنے کو آگے بڑھا، مگر جنت نے اسے بیچ راستے میں روک لیا۔

''چھوڑو انہیں، یہ تو ہیں ہی ایسے...... آپ تو اتنے کیوٹ، اتنے پیارے لگ رہے ہو۔ اور پانڈا تو ہے ہی میرا فیورٹ۔''

زید کے ننھے سے دل کو ذرا تسلی ہوئی، ناک سکیڑ کر فارس کو جلتی سلگتی نگاہوں سے دیکھا۔ اس کے بابا بھی وہیں آ گئے۔

''مبارک ہو آپ کو۔'' فارس نے ہاتھ ملاتے ہوئے کہا۔

جنت کے ممکنہ سسر قہقہہ لگا کر ہنسے۔ ''سچ میں تم نے سب مس کر دیا۔ بہت انجوائے کیا ہم نے۔''

''جنت جی! یہاں سے چلیں نا۔'' زید اس کا ہاتھ کھینچے جا رہا تھا۔

''آپ کو اپنے بیٹے کی سکیورٹی اب دگنی کر دینی چاہیے۔'' اس نے مشورہ دیا۔ وہ زور سے ہنسے۔

''دل بڑا کرو یار!'' پشت تھپتھپا کر تسلی دی۔

''اب بچوں کی خوشی تھی، کیا کر سکتے ہیں۔'' وہ بڑے موڈ میں تھے۔ ''آؤ بیٹھو۔''

''نہیں، اب چلتے ہیں۔ ہاسپٹل جانا ہے، چار بجے کا اپائنمنٹ ہے، پھر کبھی وقت نکال کر آؤں گا۔'' وہ ان سے بات کرتے ہوئے باہر چلا گیا تھا۔

جنت مسز شیرازی کے پاس آ گئی۔ اپنا پرس اٹھایا، مسز آفاق سے اجازت لی۔ زویا کو پیار کیا اور

زید سے چھپ چھپا کر بڑی مشکل سے باہر آئی تو فارس گاڑی میں اس کا انتظار کر رہا تھا۔

زید اس کے پیچھے پیچھے باہر آ گیا۔ پہلے تو اس نے اس بات پر شور مچایا کہ وہ اتنی جلدی کیوں جا رہی ہے اور جب جنت نے ہاسپٹل جانے کا بتایا تو کچھ نرم پڑا۔

''میں کل اسکول کے بعد آپ سے ملنے آؤں گا، پھول بھی لاؤں گا۔''

اسٹیرنگ وہیل پر گرفت جمائے فارس نے تپ کر اسے دیکھا۔ جنت پسنجر سیٹ پر بیٹھی تھی، اور وہ دروازہ بند نہیں کرنے دے رہا تھا۔

https://novelskidunya.com/

''ہاں، ٹھیک ہے، ضرور آنا۔ میں آپ کا انتظار کروں گی۔ کارڈز کھیلیں گے، ڈرائنگ بنائیں گے اور اسٹوریز بھی پڑھیں گے۔'' وہ اسے بہت پیار سے بہلا رہی تھی۔

''اور آپ اپنی رنگ کا بہت خیال رکھنا۔ ان کو بالکل مت دینا۔'' اشارہ فارس کی طرف تھا۔

''ہاں اس کا تو جیسے اب یہی کام رہ گیا ہے، پلاسٹک کی انگوٹھیاں چوری کرنا۔'' وہ جبڑے بھینچ کر بیٹھ گیا۔

ناولز کی دُنیا Novels Ki Dunya

''ہاں، ہاں ضرور! کسی کو نہیں دوں گی۔ سنبھال کر رکھوں گی۔''

''سنبھال کر مت رکھیے گا۔ آپ پہنی رہیں۔ اگر سیل ختم ہو جائیں تو میں نئے لا دوں گا۔ اور اگر انہوں نے (چھوٹے سے ہاتھ سے فارس کی طرف اشارہ کیا) کچھ کہا تو مجھے بتائیے گا۔''

اقصیٰ جانے کہاں سے گزر رہی تھی کہ نظر گیٹ پر پڑی اور بھاگی بھاگی چلی آئی۔ زید کو پکڑ کر پیچھے ہٹایا۔ ''آپ کو آپ کی مما بلا رہی ہیں۔ جلدی سے جائیں۔ زویا نے گفٹ کھول لیا ہے۔''

''اللہ حافظ جنت جی!'' وہ بڑے سو بر طریقے سے ہاتھ ہلا کر پیچھے ہٹا۔ اقصیٰ نے فوراً سے آگے بڑھ کر دروازہ بند کیا اور اسے اپنے ساتھ لے گئی۔

جنت بڑی فرصت سے اس کی طرف مڑی۔

وہ پیشانی پر بل ڈالے بیٹھا تھا۔

''تو......؟'' اس نے کہا۔

''تو یہ کہ منگنی توڑ دو۔'' سیدھا سیدھا حکم صادر ہوا۔

وہ ہنسنے لگی۔

''تم جیلس ہو رہے ہو؟''

''میں بھلا کیوں جیلس ہونے لگا؟'' وہ چڑ گیا۔

''وہی تو میں پوچھ رہی ہوں۔ تم ایک بچے سے کیوں جیلس ہو رہے ہو؟'' اس کے تاثرات سے حظ اٹھایا۔

''بچہ؟ حرکتیں دیکھی ہیں اس کی؟ اس عمر میں منگنی کے خواب دیکھ رہا ہے۔''

''دیکھیے مسٹر فارس! میں برداشت نہیں کر سکتی کوئی میرے فیانسی کے بارے میں ایسی بات کرے۔''

''ہاں، ہاں...... جانتا ہوں۔ تمہارا دل، گردہ، جان سب کچھ ہے وہ۔'' فارس نے سلگ کر گاڑی اسٹارٹ کر دی۔ وہ آنکھوں میں شرارت اور لبوں پر مسکراہٹ لیے کھڑکی سے باہر دیکھنے لگی۔ جانے دل میں سرور کی کیفیت کیوں تھی؟ اس لیے کہ فارس اس کے کہنے پر وہاں آ گیا تھا؟ یا پھر اس لیے کہ اس کے تاثرات بھی زید سے مختلف نہ تھے؟'' وہ سوچ کر مسکراتی رہی۔

ہاسپٹل میں چیک اپ کے بعد وہ اسے ریستوران لے آیا تھا۔ مینو کارڈ ہاتھ میں لیے جنت نے اپنی من پسند ڈشز آرڈر کیں۔

اور جب وہ کھانا کھا رہی تھی تو وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔ ہلکی پھلکی سی گفتگو جاری تھی۔ مسز شیرازی کی باتیں، سالگرہ پارٹی کے انتظامات پر تبصرہ تھا۔ آئمہ کے یونیورسٹی کے چند ایک قصے تھے۔ وہ سوال

کرتا جا رہا تھا اور وہ بولتی جا رہی تھی۔ معمول کے برعکس وہ اسے بہت خوش گوار موڈ میں لگی۔

کھانے کے بعد چائے منگوائی گئی۔ اور اب وہ اپنا کپ ہاتھوں میں لیے بیٹھی تھی جب فارس نے جیب سے مخملیں باکس نکال کر اس کے آگے رکھا۔

چائے کا گھونٹ لیتے وہ یکا یک رک گئی تھی۔ کپ اس نے میز پر رکھ دیا۔

''یہ میں نے لندن میں تمہارے لیے لیا تھا۔'' فارس نے کہا۔ اسے اندازہ نہیں تھا، وہ اس گفٹ کا اب کیا کرنے والی تھی۔ شاید وہ گزری ہوئی چند ایک باتوں کا حوالہ دے کر غصہ اتارتی یا شاید انکار کر دیتی۔ مگر اس نے کچھ بھی کہے بغیر مخملیں ڈبیہ کھولی۔

اندر سونے کا خوب صورت اور نفیس سا بریسلٹ رکھا تھا۔

ایک پھول، جس میں ننھا سا دل اور ٹرائینگل بنا تھا۔ پھول کے دونوں سروں پر گول نگینے تھے جو ایک باریک زنجیر سے جڑے ہوئے تھے۔

آنکھوں میں ہلکی سی ستائش لیے اس نے بریسلٹ اٹھا لیا۔ اس کے تاثرات اور رویے سے اپنے اندر سکون کی سی کیفیت محسوس کرتے ہوئے فارس نے ہاتھ بڑھایا۔

''مے آئی؟'' اس نے جیسے اجازت چاہی۔

جنت نے اثبات میں سر ہلاتے ہوئے بریسلٹ اس کے حوالے کر کے اپنا بایاں ہاتھ آگے کر دیا۔ ایک نظر اسے دیکھتے ہوئے بریسلٹ پہنایا۔ اس کی نازک کلائی پر وہ زنجیر سج گئی۔

''تھینکس!'' اس نے کہا۔

''تمہیں پسند آیا؟''

''بہت...... لیکن میرے فیانسی کی انگوٹھی زیادہ پیاری ہے۔'' وہ اسے چڑانے کو بولی۔

''لیکن میرا گفٹ زیادہ پائیدار ہے۔''

''زید نے مجھے یہ رنگ بہت دل سے دی ہے۔''

''زید کا دل بہت چھوٹا ہے، میرا دل بہت بڑا ہے۔''

اب وہ اسے یہ نہیں کہہ سکتی تھی اس کا دل بڑا نہیں تھا۔

''کتنا بڑا ہے؟''

وہ مسکرا کر رہ گیا۔

اسے خوشی تھی کہ جنت کمال نے اس کی طرف سے دیا جانے والا وہ پہلا تحفہ حق کی طرح وصول کیا تھا۔

☆......☆......☆

معمول کی طرح وہ فارس وجدان کے ساتھ جم میں موجود تھی۔ روز مرہ کے تمام ورک آؤٹ کرنے کے بعد تھکی ہاری سی ٹریڈمل پر کھڑی تھی اور عجلت میں قدم اٹھاتی بار بار ٹائم دیکھ رہی تھی۔ مڑ کر پیچھے دیکھا تو فارس موبائل فون کان سے لگائے بات کرتا ہوا نظر آیا۔ پشت اس کی طرف تھی۔ نچلا لب دانتوں تلے دبائے وہ بٹن آف کر کے اتر گئی۔ خیال تھا اسے پتا نہیں چلے گا مگر اسی وقت کال سے فارغ ہوتے ہی وہ اچانک مڑا۔ پھر واچ بینڈ پر ٹائم دیکھتا اس کے پاس آگیا۔

''تین منٹ باقی تھے۔''

''نہ......نہیں تو......!''

''دوبارہ کرو اور پورے پندرہ منٹ تک۔'' لہجے میں ذرا سی سختی تھی۔

''کیا؟'' وہ ایک دم سے چیخی۔

''یہ پہلے دن سے طے تھا کہ تم جب بھی کوئی ورک آؤٹ بیچ میں چھوڑ دو گی تو تمہیں سزا ملے گی۔''

''صرف تین منٹ باقی تھے۔'' وہ احتجاجاً چلائی مگر فارس نے سنی ان سنی کیے اسے دوبارہ ٹریڈمل پر کھڑا کر دیا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

پندرہ منٹ تو جیسے اس کے لیے پندرہ گھنٹے ہو گئے۔ سزا ختم ہو گئی مگر غصہ ختم نہ ہوا۔ ناراضی ختم نہ ہوئی۔ وہ آفس چلا گیا تو سیدھا مسز شیرازی کے پاس پہنچ گئی۔

"صرف تین منٹ پہلے اتر گئی تھی میں آنٹی! صرف تین منٹ اور اس نے پندرہ منٹ بڑھا دیے۔" مسز شیرازی کو خوب شکایت لگائی۔ بتاتے ہوئے بھی رونا آ رہا تھا۔ انہوں نے اس کے سامنے فون کر کے فارس کی کلاس لی۔

"ممی! وہ ورک آؤٹ کرتے ہوئے بالکل سیریس نہیں ہوتی۔"

اسپیکر آن تھا تو آواز اس نے بھی سنی۔ صدمے سے منہ کھلا۔

"جھوٹ کہہ رہا ہے یہ۔" تڑپ کر دفاع کیا۔

"میں اتنی محنت کرتی ہوں۔" آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں۔

"یہ چاہتی ہے سب ہی ورک آؤٹ ایک منٹ میں کر کے فارغ ہو جائے۔ ممی! کیا یہ پاسیبل ہے؟" وہ کہہ رہا تھا۔

"اگر اس سے تین منٹ مس ہوئے تو تمہیں صرف تین منٹ ہی زیادہ لینے چاہیے تھے۔ تم نے میری بہو کو پورے تیس منٹ ٹریڈمل پر کھڑے رکھا۔ دس از ناٹ فیئر۔"

اب وہ موٹے موٹے آنسو آنکھوں میں بھر لائی تھی تو وہ فوراً ہی اس کی حمایت میں اتریں۔

"ممی! یہ اس کی سزا تھی۔ اب کیا میں اس سے یہ کہتا، دس دفعہ الف بے لکھ کر دکھاؤ؟" وہ ان کی ڈانٹ سن کر نرمی سے بات کر رہا تھا۔ وہ لاجواب ہوئیں۔ پھر سر اٹھا کر اسے دیکھا۔ سر جھکائے وہ آنسوؤں کو پرے دھکیل رہی تھی۔ انہیں اس پر ترس آیا۔

"تم درگزر کر دیتے بیٹا!"

"روز کرتا ہوں ممی! آپ اس سے پوچھیں۔ کل اس نے دس بار باکسپس ورک آؤٹ کرنا تھا اور

https://novelskidunya.com/

اس نے صرف چھے بار کیا۔ دو منٹ کی بریک ہوتی ہے یہ پورے پانچ منٹ لیتی ہے۔ روز مجھے اسے گھر کے کسی کونے سے ڈھونڈ ڈھانڈ کر جم لے جانا پڑتا ہے۔ پندرہ منٹ تو ایسے ضائع ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ یہ اچھی طرح سے جانتی ہے میرا ایک ایک لمحہ قیمتی ہے۔"

اتنی ساری شکایتیں......

جنت کو صدمہ ہوا۔ دکھ ہوا۔ سر جھکتا گیا۔ مسز شیرازی اسپیکر آن کرنے پر پچھتائیں۔

"خیر جو بھی ہے......" انہوں نے لہجہ سخت کیا۔ "تمہیں میری بہو کے ساتھ ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا۔"

دوسری طرف وہ خاموش ہوا۔

"فارس؟"

"ٹھیک ہے، میری بات کروائیں اس سے...... آئندہ الف بے لکھوالیا کروں گا۔ پھر نہ کہے سو دفعہ کیوں لکھوا رہا ہوں۔"

"آنٹی! اس کو دیکھیں۔" چڑ کر سر اٹھایا۔ مسز شیرازی کے لیے مسکراہٹ دبانا مشکل ہو گیا۔

"فارس!" مصنوعی خفگی سے اس کا نام لیا۔

"اس سے کہیں مجھ سے بات نہ کرے اب کبھی۔" وہ رونی صورت لیے اٹھ کر باہر نکل گئی۔ مسز شیرازی اسے دیکھ کر رہ گئیں۔

اپنے کمرے میں جا کر اس نے آنکھیں رگڑ کر صاف کیں، پھر کپڑے بدل کر باہر آئی اور مسز شیرازی سے اجازت لے کر اقصیٰ کے ہمراہ پارک چلی گئی۔

فارس سے ناراض تھی تو نہ اس سے بات کر رہی تھی، نہ اس کی کال ریسیو کر رہی تھی۔ کچھ وقت کھلی فضا میں بتانے کے بعد گھر کی طرف روانہ ہوئی تو سڑک کے عین کنارے اس کی گاڑی آرکی۔

"تمہارا تو ایک ایک لمحہ قیمتی ہے نا، تم یہاں کیا کر رہے ہو؟" سلگ کر پوچھا۔ اقصیٰ پیچھے تھی۔

جنگلا عبور کر کے باہر آئی تو فارس کو دیکھ کر حیران ہوئی۔ اس کے صاحب، اس وقت یہاں؟

''بیٹھو!'' فارس نے اس کے لیے پسنجر سیٹ کا دروازہ کھولا۔ اقصیٰ ساتھ تھی تو وہ ضبط کر کے بہت خاموشی سے بیٹھ گئی۔ موڈ بری طرح سے آف تھا۔

''اپنا خیال رکھیے گا آپی!'' دروازہ بند کر کے اقصیٰ نے کہا۔ ہاتھ بھی ہلائے۔ گڈ لک اور تھمز اپ بھی دکھائے۔

''کیوں تمہاری مالکن کے ٹور کرنے جا رہی ہے؟'' کھڑکی کا شیشہ نیچے کر کے فارس نے جھاڑا۔ اقصیٰ بے طرح سے گڑبڑائی۔

''نہیں..... وہ..... میں.....''

''یہاں سے سیدھا گھر جاؤ۔'' تحکم سے کہا۔ وہ مؤدب سی شریف بچوں کی طرح ناک کی سیدھ میں روبوٹ کی طرح چلتی گئی۔ بھولے سے بھی مڑ کر نہ دیکھا۔

فارس نے گاڑی ریورس کی۔ جنت کھڑکی کی طرف رخ کیے چپ بیٹھی رہی۔ وہ بھی خاموش رہا۔

''ابھی تک ناراض ہو؟'' مین روڈ پر گاڑی ڈالتے ہوئے نرمی سے پوچھا۔

''بات مت کرو مجھ سے۔''

''مگر کیوں؟'' وہ دھیرے سے مسکرایا۔

''تم نے آنٹی کو میری اتنی شکایتیں لگائیں۔'' اصل غم یہ تھا۔

''تم بھی تو لگاتی ہو۔''

گڑبڑا کر اسے دیکھا۔ ''میری بات الگ ہے۔''

''تمہاری بات کیوں الگ ہے؟''

اپنا منہ بند کر کے اس نے اپنا رخ کھڑکی کی طرف کر لیا۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

''اچھا، آئم سوری! آئندہ ان سے کچھ نہیں کہوں گا۔''

''تمہیں لگتا ہے، میں صرف اس بات پر ناراض ہوں کہ تم نے میری شکایتیں لگائیں؟''

''تو اور کس بات پر ناراض ہو؟''

''کیا تم نہیں جانتے؟'' صدمے سے، دکھ سے پوچھا۔ اس نے نفی میں سر ہلایا۔

''تم نے مجھے پچیس منٹ ٹریڈمل پر واک کروائی۔ تم نے......''

فارس نے گہری سانس لی۔ ''اب میں اس کے لیے سوری نہیں کر سکتا۔''

صاف کہہ دیا۔ چند لمحوں تک اسے سخت نظروں سے گھورتی رہی۔ پھر اپنا رخ بدل گئی۔

''کیا بہت تھک گئی تھیں؟''

خاموشی......

''ٹھیک ہے۔ اس کے لیے بھی سوری! لیکن وعدہ کرو۔ آئندہ کوئی بھی منٹ مس نہیں کرو گی۔''

مکمل خاموشی......

''بیزاہٹ چلیں؟'' مڑ کر پوچھا۔ لیکن وہ تو جیسے وہاں تھی ہی نہیں۔

''لانگ ڈرائیو کے بارے میں کیا خیال ہے؟ خوب باتیں کریں گے۔''

اس کا سر کھڑکی کی طرف ہی رہا۔ وہ اسے رج کے نظر انداز کر رہی تھی۔

''آئس کریم کھاؤ گی؟''

خاموشی......

وہ مین روڈ پر گاڑی ڈالے ہوئے تھا۔ گہری سانس کھینچ کر موڑ کاٹنے لگا تو آواز آئی۔

''کھلا دو۔'' ویسی ہی روٹھی ہوئی سی آواز۔ اکھڑا ہوا سا انداز۔

وہ مسکراہٹ ضبط کر گیا۔

''جو آپ کا حکم!''

''لیکن گاڑی میں ہی کھائیں گے۔'' اس نے کہہ دیا، فارس نے سر ہلایا۔

گاڑی پارک کر کے وہ آئس کریم لینے چلا گیا۔ کھڑکی کی طرف رخ کیے وہ اسے آئس کریم پارلر میں داخل ہوتا دیکھ سکتی تھی۔ ایسے ہی خیالوں میں گم اس کی باتیں سوچ رہی تھی جب سامنے ایک سفید گاڑی آرکی۔ دروازہ کھول کر سفید ٹراؤزرز پر سرخ رنگ کی شرٹ زیب تن کیے عدینہ زبیر باہر نکلی۔ گلاسز اپنے بالوں میں اٹکائے ہوئے پرس کندھے پر ڈالا اور موبائل کان سے لگائے ہنستے ہوئے عجلت میں قدم اٹھاتی اندر داخل ہوگئی۔

https://novelskidunya.com/

جنت کی سانسیں تھم گئیں۔ دل رک گیا۔ ایک دم سے خود پر طاری اس جمود کو توڑتے ہوئے وہ دروازہ کھول کر باہر نکلی۔ حرکت غیر ارادی تھی، اس کا رخ گلاس ڈور کی طرف تھا۔ وہ جیسے عدینہ زبیر سے پہلے فارس وجدان تک پہنچ جانا چاہتی تھی۔

شیشے کی دیواروں سے اندر کا منظر نمایاں تھا۔ اس کے قدم زمین پر جم گئے۔ نگاہیں ایک ہی مقام پر ٹھہر گئیں۔

فارس وجدان کے ساتھ عدینہ زبیر موجود تھی۔ اس کی نفیس انگلیوں کی گرفت فارس کے بازو پر، اس کی دلفریب نگاہیں فارس کے چہرے پر تھیں۔ منظر واضح ہو کر اگلے ہی پل دھندلا گیا۔ وہ ایک دم سے پیچھے ہٹی۔ خود پر قابو پاتی واپس پلٹی۔ دروازہ کھول کر گاڑی میں بیٹھ گئی۔ مٹھیاں سختی سے بھنچ گئیں۔

ماہین اور برہان..... ذہن کے پردے پر کئی منظر لہرائے۔ کئی باتیں یاد آئیں۔ کئی خدشے، کئی وسوسے، کئی خوف سے لپٹے واہمے اس کے اندر سما گئے۔ وہ اندر تک ہل گئی تھی۔

''میری زندگی میں کوئی عورت نہیں ہے۔''

اس نے گہری سانس لے کر خود کو سنبھالنے کی کوشش کی۔ تین سے پانچ منٹ کا دورانیہ جو کہ

بڑھتا گیا۔ سات منٹ، نو منٹ، پندرہ منٹ۔ عدینہ زبیر کی گاڑی سامنے ہی کھڑی رہی۔ فارس وجدان باہر نہ آیا۔ اس کا دم گھٹنے لگا، اسے وحشت سی ہونے لگی۔

یکا یک شیشے پر دستک ہوئی۔ اس نے چونک کر سر اٹھایا۔ فارس نے شیشہ کھولنے کا اشارہ کیا تھا۔ اس نے کپکپاتی انگلیوں سے دروازہ کھول دیا۔

سوری، تھوڑا لیٹ ہو گیا۔ کہہ کر دونوں کپ اس کی طرف بڑھائے جو بغیر کسی تردد کے اس نے لے لیے۔ لمحے بھر کے لیے اس کا چہرہ دیکھ کر وہ چونکا تھا۔ پھر گھوم کر سیٹ پر آ بیٹھا۔

https://novelskidunya.com/

''تمہیں کیا ہوا؟'' پوچھے بنا نہ رہ سکا۔

''کچھ نہیں۔'' کور اتار کر اس نے چمچ نکال لیا۔

''طبیعت ٹھیک ہے؟''

''ہاں۔'' وہ کہہ کر آئس کریم کھانے لگی۔ اس نے چند لمحوں تک اسے دیکھا پھر اپنی آئس کریم گلاس اسٹینڈ پر رکھ دی۔ گاڑی اسٹارٹ کرتے ہوئے وہ چھوٹے چھوٹے چمچ خود بھی لے رہا تھا۔

گاڑی میں پہلے صرف خاموشی تھی مگر اب تو جیسے سناٹا اتر آیا تھا۔

Novels Ki Duniya

''گھر چلیں۔'' وہ کہہ رہی تھی۔

فارس نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔ آج کے دن کے لیے اس کے پاس بہت سے پلانز تھے، مگر......

''میری طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہے۔'' وہ اب کہہ رہی تھی۔

اس نے اثبات میں سر ہلاتے ہوئے گاڑی کا رخ گھر کی طرف موڑ دیا تھا۔

☆......☆......☆

"بات سن رشیداں۔"

شام میں فرصت ملتے ہی روبی اس کے گھر پہنچ گئی تھی۔ دو بار خط لکھ کر اس کے ذریعے بھجوا چکی تھی اوران دو ماہ میں تا حال کوئی جواب نہیں آیا تھا۔ فون نمبر کمپنی کا تھا سو ڈائیریکٹ بچے کے چچا سے بات نہیں ہوسکتی تھی۔ اب اس نے تیسری بار خط لکھا تھا۔ کافی ساری سورتیں، دعائیں پڑھ کر پھونکیں کہ یہ خط کسی طرح بچے کے چچا کو مل جائے، مگر رشیداں نے اب کے صاف منع کر دیا۔

"نہ بھئی نہ۔" اس نے ہاتھ اٹھایا۔ "اپنے گھر والے سے کٹ نہیں کھانی مجھے۔ دو بار وہ تیرا خط دے آیا ہے۔ اب کہوں گی تو چھیا سے پکڑ لے گا۔"

"بس یہ آخری بار۔ دیکھ! تیرے آگے ہاتھ جوڑتی ہوں۔"

رشیداں نے زچ ہو کر اسے دیکھا۔

"تو یہ کیا پرائے پھڈوں میں ٹانگ اڑائے جا رہی ہے۔ عقل مانتی ہے کہ اس کے چچا کو بالکل اس کی خبر نہیں ہوگی؟"

روبی لاجواب ہوگئی۔

"ہوسکتا ہے، اسے تیرے خط مل رہے ہوں اور وہ پھر بھی نہ آنا چاہتا ہو؟"

"میں مان ہی نہیں سکتی، میرا خط پڑھ کر کسی کو احساس نہیں ہوگا۔" وہ روہانسی ہوئی۔

"دیکھ!" رشیداں نے گہری سانس لے کر کہا۔

"یہ جن کے گھر میں یہ بچہ رہ رہا ہے، یہ اس کے رشتے دار ہیں۔ یہ جو پیسے کھا رہا ہے، یہ اس کا سگا ماموں ہے۔ جس نے اسے یہاں چھوڑ رکھا ہے وہ اس کی سگی ماں ہے اور جو پیسے بھیج کر یہ سمجھ رہا ہے کہ ذمہ داری پوری کر دی، وہ اس کا سگا چچا ہے۔ اب تو بتا مجھے۔ کس کس سے لڑے گی؟ کس کس میں احساس جگائے گی؟ جب ماں ہی بے حس ہے تو اور کون احساس کرے گا؟"

https://novelskidunya.com/

"میں کررہی ہوں نا احساس!"

اور یہاں رشیداں لاجواب ہوگئی۔

"وہ اتنا چھوٹا سا ہے رشیداں، میرا تو اسے دیکھ کر کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ اس کو تو کچھ پتا بھی نہیں ہے اس کے ساتھ کتنا ظلم ہورہا ہے، نوکروں سے بھی بدتر زندگی ہے اس کی۔"

رشیداں ٹھنڈی آہ بھر کر رہ گئی۔ اس لڑکی کو سمجھانا فضول تھا۔ خط دے کر وہ گھر آ گئی۔ ذہن مختلف خیالات کی آماجگاہ بنا ہوا تھا۔ تین خط تین کوششیں...... اب کے اس نے سوچ لیا تھا جواب نہ ملا تو وہ بچے کو اٹھائے خود اسلام آباد اس کے چچا کے پاس چلی جائے گی۔ مگر یہ منصوبہ زیادہ خطرناک تھا۔ ناکامی کے چانسز زیادہ تھے۔ بچے کے ساتھ اس گھر سے غائب ہونے پر زیادہ مشکلات پیش آ سکتی تھیں۔ اغوا اور چوری کا الزام لگ سکتا تھا۔ اس کی ماں کے لیے مسئلہ ہوسکتا تھا۔

اور پھر اس بات کی بھی کوئی ضمانت نہ تھی کہ چچا بچے کو قبول کرلے گا۔ عین ممکن ہے وہ اسے واپس یہیں بھجوا دے؟ کیا خبر رشیداں سچ ہی کہتی ہو؟ چچا نے جان بوجھ کر اس معصوم بچے کو یہاں چھوڑ رکھا ہو۔

جوش سے سوچتے سوچتے وہ ہوش میں آ گئی۔

"اللہ سوہنا کوئی تو حل ہو! بس کسی طرح یہ خط مل جائے۔ اس گھر کے مالک کو مل جائے۔ مالکن کو مل جائے۔ کسی کو تو مل جائے۔ کوئی تو اس کے لیے آ جائے۔"

اس نے صدق دل سے دعا کی تھی۔ اور اس کی یہ دعا قبول کرلی گئی تھی۔

☆......☆......☆

سرد ہوا کا جھونکا سرسرا کر گزرا تھا۔ وہ درختوں کی چھاؤں میں بنچ پر بیٹھی تھی۔ سامنے ہی ٹریک پر اسے ہر عمر کے لوگ نظر آرہے تھے۔ اقصیٰ بھی یہیں کہیں ٹہل رہی تھی۔ گہری سانس لے کر اس نے سر اٹھایا۔ موبائل پر نوٹیفکیشن موصول ہوا تو اس نے کھول کر دیکھا۔

اپنی آفس چیئر پر براجمان ہو کر فارس نے اپنی تصویر بھیجی تھی۔ چہرہ متبسم تھا۔ جنت کے لبوں پر بھی مسکراہٹ آ گئی۔

''اب طبیعت کیسی ہے تمہاری؟'' وہ پوچھ رہا تھا۔

''کچھ بہتر ہوں۔ اقصیٰ کے ساتھ پارک میں ہوں۔'' اس نے جواب لکھا۔

''تمہیں آرام کرنا چاہیے تھا۔'' فوراً ہی جواب آیا۔

اس سے پہلے کہ وہ کچھ لکھتی، اس کے اور دھوپ کے درمیان جیسے ایک سایہ سا آ گیا۔ اس نے بے ساختہ سر اٹھایا اور اگلے ہی پل اپنی جگہ تھم گئی۔ موبائل اسکرین پر فارس کے میسج ابھی بھی آ رہے تھے۔ وہ اسکرین پر نہیں دیکھ رہی تھی۔ مگر میسج دیکھے جا چکے تھے۔ آس پاس دور دور تک ہر ایک شے پر جیسے ایک جمود سا طاری ہوا تھا۔

عدینہ زبیر اس کے سامنے کھڑی تھی۔

برانڈڈ ٹریک سوٹ میں ملبوس، اونچی پونی ٹیل بنائے، متناسب سراپے میں ہر ایک کی مرکز نگاہ بنتی عدینہ زبیر اس کے سامنے تھی۔ پانی کی بوتل سے چند گھونٹ بھرتے ہوئے اس نے چھوٹے رومال سے اپنا پسینہ صاف کیا اور پھر ایک دل فریب مسکراہٹ لبوں پر سجائے اس کے پاس آ گئی۔

سر تا پیر ایک جائزے ہی میں وہ اس کے وجود میں پنپتی ایک نئی زندگی کا اندازہ لگا چکی تھی۔ مگر اس کی آنکھوں کی وہ الوہی اور فاتحانہ سی چمک ایک لمحے کے لیے بھی ماند نہیں پڑی تھی۔ ایک تضحیک آمیز نظر اس پر ڈالتے ہوئے اس نے رومال سے اپنی گردن کو تھپتھپایا تھا۔

''سو یو آر ایکسپیکٹنگ آ بے بی! میں بھی کہوں فارس ہماری شادی کو ڈیلے کیوں کر رہا ہے۔''

قرب و جوار میں دھماکا کیسے ہوتا ہے اور پھر اس دھماکے سے وجود کے پرخچے کیسے اڑتے ہیں، یہ جنت کمال نے اس لمحے جانا تھا۔

https://novelskidunya.com/

''اس نے مجھ سے کہا، کچھ مہینے انتظار کرلو۔مگر وجہ نہیں بتائی۔تو وجہ یہ ہے۔'' ہاتھ سے اشارہ کیا۔ پھر استہزائیہ انداز میں ہنسی۔

''کیا تمہیں لگتا ہے اس کے بچے کی ماں بن کر تم اس کے دل تک رسائی حاصل کرسکو گی؟ یا پھر ہم دونوں کے درمیان آسکو گی؟''

جنت کا دل شدت سے دھڑک اٹھا۔سانسیں بھاری ہونے لگیں۔ وہ آگ تھی جو لفظوں کی صورت وجود میں اتری تھی اور اسے راکھ کرنے لگی تھی۔

''یو نو واٹ!'' اس کی طرف جھک کر اس نے جنت کے دوپٹے پر لگی بیل کو انگلیوں سے چھوا۔

''تمہارے خوابوں کا محل تمہاری اوقات سے بہت اونچا ہے۔صرف میرے ایک قدم اٹھانے کی دیر ہے اور سب چکنا چور ہو جائے گا۔'' فاتحانہ مسکراہٹ لبوں پر سجائے اس کی آنکھوں میں آنکھیں گاڑ کر بولی۔

''فارس بھی میرا ہے، گھر بھی میرا ہے اور جگہ بھی میری ہے۔'' لہجے میں سختی، آنکھوں میں عداوت لیے خطرناک تیوروں کے ساتھ اپنی پوزیشن، اپنے ارادے اس نے جنت کمال پر واضح کر دیے۔

سر جھٹک کر جاگنگ ٹریک کی طرف جانے لگی تو پتھر کا مجسمہ ہوتی جنت کمال خود کو توڑ کر اٹھی۔اس نے عدینہ زبیر کا بازو سختی سے پکڑ کر اسے جھٹکے سے روکا تھا۔

''ہاؤ ڈیئر یو!'' اپنا بازو چھڑا کر اس نے انتہائی غصے کے عالم میں کہا۔

جنت کی آنکھوں میں خون اترا تھا۔تاثرات پتھریلے ہو رہے تھے۔

''آئندہ میرے شوہر کا نام اس طرح سے لیا تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہوگا۔''

عدینہ زبیر لمحے بھر کے لیے صدمے سے گنگ ہوئی۔وجود شعلوں کی زد میں آگیا۔اندر باہر ہر طرف آگ جلنے لگی۔اس آگ کی زد میں جنت بھی آنے لگی۔

''تمہارا شوہر؟ کسے بے وقوف بنا رہی ہو تم؟'' لہجے میں آگ کی چنگاری لیے انتہائی حقارت سے پوچھا۔ ''جانتی ہو میں کون ہوں؟ عدینہ زبیر ہوں میں۔ فارس وجدان کی پہلی اور آخری محبت۔ اس نے میری جگہ، کبھی کسی کو نہیں دی۔ صرف اس بچے کی وجہ سے وہ تمہیں اپنے ساتھ رکھے ہوئے ہے ورنہ تمہیں تو وہ کب کا گھر سے نکال چکا ہوتا۔'' اس کی زبان زہر اگل رہی تھی۔

''چند دن لندن میں کیا گزار لیے، تمہارا تو دماغ ہی ساتویں آسمان پر پہنچ گیا ہے۔ سمجھ رہی ہو تم نے اسے پالیا؟''

جنت کی آنکھوں میں نمی اتر آئی۔ قدم بے جان ہونے لگے۔

''پریگننٹ ہو، اس لیے ابھی تک اس گھر میں ہو۔ ورنہ اب تک وہ تم سے اپنی جان چھڑا چکا ہوتا۔'' سختی سے کہہ کر اس کی آنکھوں میں دیکھا۔ پھر انتہائی غصے سے اسے جھٹکا۔ ''حد میں رہو۔'' انگلی اٹھا کر وارن کیا۔ ''جو میرا ہے، وہ میرا ہی ہے۔ تم ہمارے درمیان آئی ہو، تم ہی ہمارے درمیان سے جاؤ گی۔'' خطرناک تیوروں کے ساتھ کہہ کر وہ جانے کے لیے مڑ گئی۔

جنت لڑکھڑا کر پیچھے ہوئی۔ بنچ کا سہارا لے کر بیٹھ گئی۔ اسے سانس لینے میں دشواری ہو رہی تھی۔ پلکیں جھپکا کر سامنے دیکھا۔ عدینہ زبیر نے اس کی طرف نہیں دیکھا تھا۔ وہ بھاگتے ہوئے نظروں سے اوجھل ہو چکی تھی مگر وہ اسے اپنے آس پاس، اپنی زندگی میں، اپنے گھر میں...... حتیٰ کہ اپنے بیڈروم میں بھی نظر آ رہی تھی۔

''یہ لیں آپ کا جوس!'' اقصیٰ نے اس کی طرف اسٹرابری جوس کا گلاس بڑھایا اور اگلے ہی پل اس کے تاثرات دیکھ کر پریشان ہو گئی۔

''آپی! آپ ٹھیک ہیں؟''

اس نے پوچھا مگر جنت نے نہیں سنا۔ وہ سر اٹھائے گہری سانسیں لے رہی تھی۔ موبائل پہلو میں

پڑا تھا۔ میسجز ابھی بھی آ رہے تھے۔ اس نے موبائل اٹھالیا۔

''میں بس ابھی آفس سے نکلنے لگا ہوں۔ گھر چلی جاؤ تو بتا دینا ورنہ میں تمہیں پارک سے پک کر لیتا ہوں۔ کہیں جانا ہے۔''

اسے سنبھلنے میں کچھ وقت لگا۔ ''پارک میں ہوں۔'' اس نے کپکپاتی انگلیوں سے میسج ٹائپ کیا۔ اقصیٰ نیچے بیٹھ گئی۔

''گھر چلیں آپی! مجھے لگتا ہے آپ کی طبیعت خراب ہو رہی ہے۔''

مگر وہ اپنی جگہ سے نہیں اٹھی۔ پندرہ منٹ بعد فارس نے اسے پارک سے ہی پک کر لیا تھا۔ اپنے تاثرات پر قابو پائے وہ خود کو کسی حد تک سنبھالے ہوئے تھی۔ اپنی آنکھوں میں ابھرتی نمی کو پیچھے دھکیلتی سامنے دیکھ رہی تھی۔

وہ اب اس سے باتیں کر رہا تھا۔ وہ اسے سن رہی تھی مگر سمجھ نہیں رہی تھی۔ کچھ کہہ بھی نہیں رہی تھی۔ وہ اس کی خاموشی کو طبیعت کی خرابی پر محمول کر رہا تھا۔ کل سے اس کی طبیعت نڈھال تھی۔ وہ ابھی بھی یہی سمجھ رہا تھا۔

دس منٹ کی ڈرائیو کے بعد وہ ایک بنگلہ نما گھر کے پورچ میں گاڑی روک چکا تھا۔

وہ اس کے ساتھ ہی باہر نکلی۔ ذہن کہیں اور تھا، سوچ کہیں اور تھی۔

شاید وہ اسے کسی سے ملوانے لایا تھا۔ اس نے خالی الذہنی کے عالم میں سوچا۔ لان سے گزر کر صدر دروازے تک بالکل خاموشی تھی۔ اندر داخل ہوتے ہی اس نے ایک کھوئی ہوئی سی نگاہ اطراف میں دوڑائی۔

''کیسا ہے؟'' اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیے وہ پوچھ رہا تھا۔

''کیا؟'' اس کی آواز مدھم تھی۔

''یہ گھر!''

''ٹھیک ہے۔'' اس کا انداز، اس کا لہجہ، اس کی آنکھیں۔ فارس کو لگا، وہ اس کے ساتھ یہاں کہیں نہیں ہے۔

''صرف ٹھیک ہے؟''

''اور کیا کہوں؟'' سر اٹھا کر پوچھا۔

''تمہیں مجھے بتانا چاہیے، پسند آیا یا نہیں؟''

''اس سے کیا ہوگا؟''

''میں اپنے لائر سے بات کروں گا، ملکیت کے ڈاکومنٹس تیار ہوں گے۔ یہ گھر تمہارے نام ہو جائے گا۔''

صدمے سے گنگ اس نے فارس کو دیکھا۔ سماعت پر یقین نہیں آیا تھا۔ فارس یہ کیا کہہ رہا تھا؟ کیوں کہہ رہا تھا؟ قدم جکڑے گئے۔ اندر تک سب ہل گیا۔

''تمہارے لیے ڈرائیور، میڈ کا بھی انتظام ہو جائے گا۔ ہر مہینے تمہارے اکاؤنٹ میں رقم بھی ٹرانسفر کر دیا کروں گا۔''

وہ جیسے انگلی پر سب گن گن کر واضح کر رہا تھا۔ اور جنت صدمے سے پتھر ہوئی کھڑی تھی۔ کیفیت ایسی تھی جیسے پیروں تلے سے زمین کھینچ لی گئی ہو۔ اس کے حواس شل، ذہن ماؤف، قدم بے جان ہونے لگے۔ کیا عدینہ زبیر درست کہہ رہی تھی؟ فارس وجدان اسے بے وقوف بنا رہا تھا؟ اس کے جذبات سے کھیل رہا تھا؟

''فارس بھی میرا ہے، گھر بھی میرا ہے اور جگہ بھی میری ہے۔''

فارس اب کچھ کہہ رہا تھا مگر وہ اسے سن نہیں رہی تھی۔ وہ جیسے اپنے آپ میں، اپنے طوفانوں میں گم ہو رہی تھی۔ اس کی آنکھوں کے کنارے نم ہو چکے تھے۔ اس کے تاثرات میں ایک دم سے ویرانی اتر آئی تھی۔ اس کی ہتھیلیاں پسینے سے بھیگ رہی تھیں۔

''مجھے گھر جانا ہے۔'' اس کی آواز کپکپائی۔

چہرہ مکمل سفید پڑ چکا تھا۔

''جنت!''

''پلیز! مجھے گھر جانا ہے۔'' اس نے روتے ہوئے کہا۔ سر بری طرح سے چکرا رہا تھا۔ ''مجھے آنٹی کے پاس جانا ہے۔''

''کیا ہو گیا ہے؟ میری طرف دیکھو۔'' کندھوں سے تھام کر اس کا رخ اپنی طرف کیا۔ اس کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا بڑھ گیا۔ ٹانگیں بے جان ہو گئیں۔

https://novelskidunya.com/

گاڑی میں بیٹھنے تک اور پھر ہاسپٹل پہنچنے تک اسے سب یاد تھا۔ اس کے بعد جیسے سب مبہم، سب دھندلا ہو گیا تھا۔

اسے جب ٹریٹمنٹ دی جا رہی تھی تب بھی وہ روتے ہوئے مسز شیرازی کے پاس جانے کا کہہ رہی تھی۔ اور پھر جیسے ایک دم سب ساکن ہو گیا تھا۔ درد بھی، اذیت بھی، وحشت بھی اور خوف بھی۔

وہ کتنی دیر تک دواؤں کے زیر اثر رہی تھی، اسے اندازہ نہیں تھا مگر جب ہوش آیا تو سر تب بھی بری طرح سے دکھ رہا تھا۔ کمرے کی مدھم سی روشنی بھی آنکھوں کو تکلیف پہنچا رہی تھی۔ اور جسم میں تو جیسے جان ہی نہیں رہی تھی۔

اس نے اٹھنا چاہا تو فارس نے فوراً سے ہاتھ پکڑ کر روک دیا۔ اسے سہارا دے کر سر کے نیچے تکیے رکھے تا کہ وہ نیم دراز پوزیشن میں آ سکے۔ خود اس کے پاس ہی بیٹھ گیا۔

مدھم سی زرکار روشنی میں وہ اس کی آنکھوں میں تشویش دیکھ سکتی تھی۔ اسے پورا واقعہ یاد آیا تو آنکھیں پھر سے نم ہونے لگیں۔ نہ چاہتے ہوئے بھی وہ اذیت میں گھر گئی، پھر سے رو پڑی۔

''صبح تک تم بالکل ٹھیک تھیں۔ پھر اچانک کیا ہوا؟'' وہ از حد پریشان اور فکر مند لگ رہا تھا۔ مگر

اب وہ اسے نہیں دیکھ رہی تھی۔اس کی بات کا جواب بھی نہیں دے رہی تھی۔

اعصاب منتشر تھے، چہرہ آنسوؤں سے تر۔اذیت انگ انگ سے عیاں ہو رہی تھی۔

''کیا ہوا ہے؟ کس بات کا اتنا سٹریس لے رہی ہو؟'' نرمی سے گال پر ہاتھ رکھا تو اس نے سر اٹھایا۔چہرہ سفید، آنسوؤں سے لبریز آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں۔

''عدینہ!'' اس کے لب ہلے۔''اس نے کہا۔تم اس کے ساتھ اپنی شادی کو اس لیے ڈیلے کر رہے ہو کیونکہ میں پریگننٹ ہوں۔جبکہ تم مجھے کہہ رہے تھے، تمہاری زندگی میں کوئی عورت نہیں، تم نے جھوٹ کہا......تم......''اس کی آواز کپکپا رہی تھی۔آنسو بہتے جا رہے تھے۔

فارس وجدان لمحے بھر کے لیے جیسے سکتے میں آ گیا تھا۔

''میں نے تمہیں اجازت دی تھی۔کیا نہیں دی تھی؟'' روتے ہوئے پوچھا۔''میں نے کہا تھا جب چاہو، جسے چاہو، اپنی زندگی میں شامل کر لو میں کبھی رکاوٹ نہیں بنوں گی۔کیا نہیں کہا تھا؟ پھر تم نے مجھ سے یہ کیوں کہا، تمہاری زندگی میں میرے علاوہ اور کوئی نہیں ہے؟''

وہ شدت سے روتے ہوئے کہہ رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

قسط نمبر 12

فارس کچھ صدمے اور بے یقینی سے جنت کمال کو دیکھ کر رہ گیا تھا۔ جنت یہ کیا کہہ رہی تھی؟ شک اور بدگمانیوں میں وہ پہلے بھی الجھتی تھی مگر ایسا کبھی نہیں ہوا تھا۔

''تم سے کوئی کچھ بھی کہتا ہے اور...... تم یقین کر لیتی ہو؟'' وہ تاسف بھری نگاہوں سے دیکھ کر رہ گیا۔ جنت کی آنکھیں پھر سے نم ہونے لگیں۔

''اس نے کہا......''

وہ بات ادھوری چھوڑ کر سسک پڑی۔ جیسے لفظوں کو دہرانا بھی کسی گہرے صدمے، کسی گہری اذیت سے کم نہیں تھا۔ مگر وہ بتاتی گئی۔ اس کی ایک ایک بات، اپنا ایک ایک درد، ایک ایک غم، ایک ایک خوف......

فارس خاموشی سے سنتے ہوئے اندر ہی اندر شدید اشتعال کی لپیٹ میں آتا گیا۔ تاہم وہ متحمل رہا۔ اس وقت جنت کو سنبھالنا اور اس کیفیت سے نکالنا از حد ضروری تھا۔

وہ خاموش ہوئی تو اس نے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے لیا۔

''تم نے خود کہہ دیا، اجازت دے چکی ہو کہ میں جو چاہوں کر سکتا ہوں۔ کسی سے بھی دوسری تیسری شادی رچا سکتا ہوں۔'' وہ بولا تو آواز گمبھیر اور لہجہ دھیما تھا۔ ''لیکن میں نہیں کر رہا۔ کیوں؟ کیا میں مجبور ہوں؟ کیا مجھے ممی کا خوف ہے؟ اپنے بچے کے حوالے سے تمہاری صحت کی فکر ہے؟ کیا میں انتظار کر رہا ہوں کہ بچے کی پیدائش کے بعد ہی کسی کو زندگی میں شامل کروں گا؟ اگر میں اتنا ہی بے حس ہوں تو

مجھے تو انتظار بھی نہیں کرنا چاہیے۔ کیا غلط کہہ رہا ہوں؟" اس نے رک کر پوچھا۔ جنت لب کاٹ کر رہ گئی۔ آنسو ہنوز بہتے جا رہے تھے۔

"عدینہ نے کہا۔ تم اسے واپس لانا چاہتے ہو۔" وہ سسک پڑی۔

"کیا یہ بات میں نے تم سے کہی ہے؟" فارس نے نرمی سے اس کی بات کاٹی۔

اس کا سر نفی میں ہلا۔

"تو پھر کسی دوسرے تیسرے انسان کی بات میرے دعوے سے زیادہ قابلِ اعتبار کیسے ہو سکتی ہے تمہارے لیے؟"

"کیونکہ تم اس سے محبت کرتے ہو۔"

فارس اپنی جگہ تھم گیا۔

"تم اس وجہ سے مجھے طلاق دینا چاہتے تھے۔ تم نفرت کرتے تھے مجھ سے۔ تم نے کہا تھا تمہیں اگر لائف پارٹنر چاہیے ہوتا تو وہ میں نہ ہوتی۔ تم نے مجھے ریجیکٹ کیا تھا۔" اس کی آواز کپکپا رہی تھی۔ "یہ سب عدینہ کی وجہ سے تھا۔"

فارس کے زخم تازہ ہوئے، درد پھر سے جاگ اٹھا۔ اس نے آنکھوں میں کرب لیے جنت کمال کو دیکھا۔ وہ بے اعتباری کی اسی گھاٹی میں جا کھڑی ہوئی تھی جس سے وہ اسے کس قدر کوشش سے نکال لایا تھا۔ وہ پھر سے ٹوٹ رہی تھی۔ پھر سے فنا ہو رہی تھی۔

لب بھینچ کر اس نے اپنے اندر کے اضطراب پر قابو پانے کی کوشش کی۔ شور بہت اچانک سے اٹھا تھا۔ چہرے گڈمڈ ہونے لگے تھے۔ جنت کی آواز کہیں پیچھے رہ گئی تھی۔

اس نے پلکیں جھپکا کر ان مناظر کو جھٹکا جو آنکھوں میں اتر آئے تھے۔ ایک بار پھر سر اٹھا کر جنت کو دیکھا تھا۔ وہ اسے نہیں دیکھ رہی تھی۔ وہ روتے ہوئے بس اپنی کہے جا رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/

''تم......تم عدینہ سے شادی کر لو گے۔ ہمارے بچے کو مجھ سے لے کر طلاق دے دو گے۔ تم ہر کام پلاننگ کے ساتھ کرتے ہو۔ سوچ سمجھ کر۔ اپنا فائدہ نقصان دیکھتے ہو ہر معاملے میں۔'' اس کا لہجہ ٹوٹا ہوا تھا، آواز کپکپا رہی تھی۔ ''اب بھی اگر......'' اس نے سر اٹھا کر متوحش نگاہوں سے فارس کو دیکھا۔ ''اب بھی اگر ایسا کچھ سوچ رہے ہو۔ اگر اب بھی......فارس میں تو مر جاؤں گی۔'' وہ ایک دم سے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔ ''میں واقعی مر جاؤں گی۔''

فارس کچھ صدمے سے اسے دیکھ کر رہ گیا تھا۔ یہ خوف کی کون سی کیفیت تھی جو جنت کمال پر طاری ہوئی تھی۔ یہ وحشت کا کون سا احساس تھا جو اس کے وجود پر حاوی ہوا تھا؟ اس کے حواس مختل کیوں ہو رہے تھے؟ وہ سوچنے سمجھنے کی صلاحیت سے محروم کیوں ہو رہی تھی؟

اس کے اندر کچھ کھو دینے کا احساس ایک دم سے بیدار ہوا۔ بے اختیار جنت کمال کو بازوؤں کے حصار میں لے کر خود سے لگا لیا۔

''ہے، ریلیکس۔ کیا ہو گیا ہے؟'' لہجے میں فکر تھی۔ درد تھا۔ محبت تھی مگر وہ چپ نہیں ہوئی۔

خود سے الگ کر کے، اسے کندھوں سے تھام کر فارس نے اس کی روتی ویران آنکھوں میں دیکھا۔ کتنا درد، صدمہ اور بے اعتباری تھی ان میں۔

''میری طرف دیکھو۔'' وہ کہہ رہا تھا۔ اس نے ذرا سی نظر اٹھائی تھی۔ شہد آنکھوں میں سرخی اتری ہوئی تھی۔ لب کپکپا رہے تھے۔ گال آنسوؤں سے تر تھے۔

''تمہارے ساتھ شادی، ریلیشن، ہمارا بچہ......یہ زندگی میری پلاننگ کا حصہ کبھی نہیں تھی۔'' اس نے کہا۔

جنت روتے ہوئے لمحے بھر کے لیے سکتے میں آئی تھی۔ منجمد ہوتے احساسات ایک دم سے پگھلے تھے۔ اندر کا شور سناٹے میں بدلا تھا۔

فارس اس کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے کچھ دیر تک خاموش بیٹھا رہا۔

''تم گھر چھوڑ کر گئیں تو میں نے تمہیں ڈھونڈا۔ تمہیں لگتا ہے میں نے ایسا کسی مجبوری یا دباؤ میں آ کر کیا ہوگا؟ ایسا کون سا مفاد تھا جو میں تم سے اٹھا سکتا تھا۔ یا اس معاملے میں میری کون سی پلاننگ ہو سکتی تھی؟ طلاق تو ایسے بھی دی جا سکتی تھی۔ میں سائرہ خالہ کو پیپرز بھجوا دیتا۔ کیا یہ مشکل تھا؟''

جنت کی آنکھوں میں آنسو ٹھہرے تھے۔ اس کے لبوں پر سکتہ طاری تھا۔

''اور یاد ہے، تم نے مجھے ایک مہینے کا وقت دیا تھا۔ کیا وہ مدت اس رشتے کو ختم کرنے کے لیے کافی نہیں تھی؟'' اس نے پوچھا۔ اور وہ چپ تھی۔

''اور فرض کرو میں واقعی کسی سے شادی کرنا چاہتا ہوں، تو کیا تمہارے جانے کے بعد یہ کام سر انجام دینا زیادہ مناسب نہیں تھا؟ اس وقت تو میں یہ بھی نہیں جانتا تھا کہ تم ایکسپیکٹ کر رہی ہو۔ کیا غلط کہہ رہا ہوں؟''

جنت کا نچلا لب دانتوں تلے آیا تھا۔ روتی کرلاتی آنکھیں ایک دم سے جھک گئی تھیں۔ پلکوں کی باڑ پھلانگتے کچھ بے رنگ آنسو فارس کے ہاتھوں پر گرے۔

''میری زندگی میں تمہارے علاوہ اور کوئی نہیں ہے۔ اگر کوئی ہوتی تو وہ تم سے پہلے وجدان ہاؤس میں آ چکی ہوتی۔'' اس نے حتمی اور واضح لفظوں میں کہہ دیا۔ ویسے ہی جیسے ایک بار پہلے کہا تھا۔ بہت ہی سادہ، بہت ہی مختصر جملے میں۔

ہاسپٹل کے وی آئی پی روم میں ایک دم خاموشی چھا گئی۔ نہ سسکیوں کی آواز تھی اب، نہ ہچکیوں کا شور تھا۔ اس بے نام سی خاموشی کو جنت کی آواز نے توڑا تھا۔

''میں کیسے یقین کروں۔ یہ سب سچ ہے؟ جھوٹ یا دھوکا نہیں ہے؟'' اس نے فارس وجدان کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہہ دیا۔ برہان واصف کا ہر وعدہ جھوٹا تھا۔ ہر قسم ادھوری تھی۔ اس کی دلائی

https://novelskidunya.com/

ہوئی ہر آس تنکے جیسی۔اس کی دکھائی ہوئی ہر راہ اندھیرا تھی۔

فارس اس کی آنکھوں میں درد دیکھ رہا تھا۔کرب دیکھ رہا تھا۔گزشتہ پانچ سالوں کی اذیت ان میں ٹھہری ہوئی نظر آ رہی تھی۔وہ حال میں ہوتے ہوئے ایک بار پھر ماضی میں کھو رہی تھی۔

"کیونکہ میں برہان نہیں ہوں۔" اس کی بھاری گمبھیر آواز ابھری اور جنت کمال کے اندر باہر ایک دم سناٹا چھا گیا۔آنکھیں ایک ہی مقام پر منجمد۔دھڑکنیں ایک ہی خیال پر ساکت ہو گئیں۔

فارس نے نرمی سے اس کی انگلیوں پر گرفت بڑھائی تھی۔سر اٹھا کر اس کی آنکھوں میں دیکھا تھا۔

"میں اپنا وعدہ پورا کرتا ہوں۔جو کہتا ہوں کر کے دکھاتا ہوں۔تمہاری تسلی کے لیے میں کل ہی اپنے لائیر سے بات کر کے بچے کی کسٹڈی کے پیپرز تیار کروا لوں گا۔پھر تو تمہیں یقین آ جائے گا میں جھوٹ نہیں بول رہا؟"

لہجہ ہنوز نرم اور پر شفقت تھا۔کہیں غصے اور عداوت کی جھلک نہ تھی۔نہ انا کا مسئلہ۔نہ برہمی کا رنگ......

جنت کی آنکھوں میں نمی ٹھہری رہی۔لب بھنچے رہے،اذیت چہرے کے تاثرات میں مدغم رہی۔

"میں تمہیں طلاق دینا چاہتا تھا۔" اس نے کہا۔"اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ میں تم پر کوئی دباؤ ڈالوں گا یا اپنے ساتھ رہنے پر فورس کروں گا۔ایسا کبھی نہیں ہوگا۔" ایک لمحے کو رکا۔"میرے ساتھ رہنے یا نہ رہنے کا مکمل اختیار تمہارے ہاتھ میں ہے۔اور یہ اختیار میں تم سے کبھی نہیں چھینوں گا،کبھی بھی نہیں۔"

اس کا لہجہ مضبوط تھا۔

وہ بہت تحمل سے بات کر رہا تھا۔غصہ،ناراضی،برہمی کا اظہار کیے بنا۔کسی بھی بات کو انا کا مسئلہ بنائے بغیر۔وہ اسے بہت نرمی سے سمجھا رہا تھا۔اس کے جذبات کی صداقت آنکھوں سے عیاں ہو رہی تھی۔

جنت نے لب بھینچ کر بہت سے آنسو اپنے اندر اتار لیے۔اندر باہر سب ساکن ہو گیا تھا۔ایک

خاموشی سی تھی جو ہر طرف چھا گئی تھی۔ذہن تھک گیا تھا۔

دستک دے کر نرس اندر داخل ہوئی تو فارس اپنی جگہ سے اٹھ گیا۔اس کے سیل فون پر کافی دیر سے کال آرہی تھی جسے ریسیو کرتے ہوئے وہ کھڑکی کے پاس جا کھڑا ہوا۔اب وہ مدھم آواز میں بات کر رہا تھا۔بستر پر نیم دراز وہ اب اسے ہی دیکھ رہی تھی۔اور اسے لگا، وہ اسے پہلی بار دیکھ رہی ہے۔

وہ فون پر کچھ سنتے ہوئے باہر چلا گیا تھا اور جب دوبارہ اندر آیا تو نرس انجکشن کا محلول آئی وی ڈرپ میں انڈیل کر جا چکی تھی۔

https://novelskidunya.com/

جنت تکیے پر سر رکھے لیٹی ہوئی تھی۔ڈرپ والا ہاتھ پہلو میں دھرا تھا۔آنکھوں میں تھکان کے ساتھ نیند اتری ہوئی تھی۔غالباً دواؤں کے اثر میں تھی۔وہ کرسی کھینچ کر اس کے پاس بیٹھ گیا۔

اس کا نازک ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیا تو اس نے بھی کس قدر کوشش سے گرفت بڑھالی۔

"میں ڈر گئی تھی۔" آواز بھیگی ہوئی تھی۔آنکھوں میں نمی، حزن اور درد۔سب ٹھہرا تھا۔

"تم صرف آرام کرو۔"

ناولز کی دنیا
NovelsKiDunya

"مجھے نہیں پتا، مجھے کیا ہوا فارس۔"

"کچھ مت سوچو، جسٹ ریلیکس۔" وہ کہہ رہا تھا۔

اس نے لب بھینچ کر رونے پر قابو پایا۔پھر گہری سانس لیتے ہوئے آنکھیں بند کر لیں۔کچھ ہی دیر بعد اس کی مضبوط گرفت نرم پڑ گئی۔اس کی سانسیں ہموار ہوئیں اور تاثرات سے اذیت ہٹنے لگی۔کمزوری اور خوف سے پھیکا پڑتا چہرہ پرسکون ہونے لگا۔فارس اس چہرے کو دیکھتا رہا۔اور کافی دیر تک دیکھتا رہا۔

اس کے اندر ایک وبال اٹھنے کی سی کیفیت تھی جسے وہ کس قدر تحمل اور برداشت سے دبائے ہوئے تھا۔پورا وجود آگ کی لپیٹ میں تھا۔سائیڈ ٹیبل پر موبائل کی اسکرین روشن ہوئی تو اس نے ہاتھ بڑھا کر سیل فون اٹھالیا۔اب وہ آنکھوں میں خون لیے میسج ٹائپ کر رہا تھا۔

کمرے کی نیلگوں روشنی میں جہاں وہ بے خبر سو رہی تھی۔ وہاں وہ کسی کو بہت تحمل سے ہدایت نامے جاری کر رہا تھا۔

اور ٹھیک پندرہ منٹ بعد اسے کال موصول ہوئی تھی۔ عدینہ زبیر شام پانچ بجے کی فلائٹ سے لندن جا چکی تھی۔ وہ داہنے ہاتھ کی مٹھی بھینچ کر رہ گیا تھا۔

''آپ فکر نہیں کریں سر۔'' موبائل سے بھاری، بے تاثر اور مؤدب سی آواز ابھری۔ ''میں نے ان کے لیے اس بار کافی کچھ ارینج کر دیا ہے۔''

اس نے کال کاٹ دی تھی۔

☆......☆......☆

تاریکی کا اپنا ایک رنگ تھا۔ اثر تھا۔ اور دہشت تھی۔ وہ اپنے اندر بہت سی ویرانیاں لیے ہاسپٹل کے کاریڈور میں بنچ پر ساکت و صامت بیٹھا تھا۔

کوٹ گھٹنے پر رکھا تھا۔ ناٹ ڈھیلی تھی۔ بٹن کھلے ہوئے۔ آستین مڑی ہوئیں۔

''کیا ہوا اسے؟ اس طرح اچانک؟'' مسز شیرازی سے بات ہوئی تو انہوں نے پوچھا۔

''بی پی ہائی ہو گیا تھا۔''

وہ فون کان سے لگائے پریشانی کے عالم میں بیٹھی رہ گئیں۔

''اب بہتر ہے وہ۔'' وہ کہہ رہا تھا۔ اس کا لہجہ۔ آواز۔ وہ ایک دم سے فکر مند ہوئیں۔

''کسی بات کا اسٹریس لیا اس نے؟'' وہ اس سے پوچھ رہی تھیں۔

وہ بالکل خاموش بیٹھا اب سفید فرش کو دیکھ رہا تھا۔ سرخی مائل آنکھوں میں ایک کرب سا ٹھہرا تھا۔ کندھے جھکے ہوئے تھے۔

راہداری کی نیلگوں روشنی، روح پر پڑے نیل سے مشابہ تھی۔

''فارس؟ کیا ہوا بیٹا؟''

''کس کی بات کرر ہے ہو تم؟''
''میں کس کی بات کرسکتا ہوں می؟''

اب سمجھی تھیں۔ پہلے ایک ''زندگی'' تھی۔ اب دو زندگیاں تھیں۔ لرزہ روح پر طاری تھا۔ کپکپاہٹ
انگلیوں میں اتر آئی تھی۔ وہ ایک ہی منظر تھا جو ان کی آنکھوں میں اتر آیا تھا۔ ان کا سکون منتشر ہوا، ان کی

''اگر جنت کو واقعی میں کچھ ہو جاتا تو......''
''فارس بیٹا! شی از فائن ناؤ۔''

''الحمدللہ! کچھ ہوا تو نہیں نا! ٹیک آ ڈیپ بریتھ اینڈ جسٹ ریلیکس۔''
گہری سانس لے کر وہ سیدھا ہو بیٹھا تھا۔ سیل فون کان سے لگائے مکمل خاموشی کی زد میں وہ

ھی اور اس کا ہر غم اور ہر درد جاگ اٹھتا تھا۔
''ٹائمنگ کتنی پرفیکٹ ہے اس کی۔'' اس نے خود کلامی کے سے انداز میں کہا۔ یہ جانے بنا کہ

اگلے تین مہینے اسی طرح گزر گئے۔
''کمرے میں ڈبل بیڈ ہوگا۔ کچھ دیر آرام کرلو۔'' پھر انہوں نے کہا۔

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا
Novels Ki Dunya

"نیند نہیں آئے گی۔"

"کوشش کرو گے تو آ جائے گی۔"

"آپ کے پاس آنا چاہتا ہوں، مگر ابھی اسے اکیلا نہیں چھوڑ سکتا۔"

وہ اذیت میں گھر گئیں۔ کاش یہ معذوری نہ ہوتی تو وہ خود اس کے پاس جاتیں۔

"عدیل کو بھیج دو۔ میں آ جاتی ہوں۔"

"نہیں! آپ آرام کریں۔ سو جائیں۔ میں ٹھیک ہوں اب۔" کہہ کر اس نے بنچ کے ساتھ پشت ٹکالی۔ کچھ دیر تک مسز شیرازی سے بات کرنے کے بعد وہ اٹھ کر کمرے میں چلا گیا۔

جنت سفید بستر پر بے خبر گہری نیند میں تھی۔ اس نے سر اٹھا کر آئی وی ڈرپ کو دیکھا جو تقریباً ختم ہونے کو تھی۔ گہری سانس لے کر وہ کاؤچ پر جا بیٹھا تھا۔

کھڑکی سے چاند نظر آ رہا تھا۔

باہر تاریکی بڑھ گئی تھی۔ سکون کا متلاشی اس وقت بے سکونی کی حدوں کو چھو رہا تھا۔

☆......☆......☆

صبح اس کی آنکھ کھلی تو تقریباً چھ بجے کا وقت تھا۔ فارس کے سہارا دینے پر وہ اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔ ڈاکٹر اور نرس بھی کمرے میں موجود تھیں۔ وہ گلاس ہاتھ میں لیے وقفے وقفے سے پانی پی رہی تھی اور فارس سینے پر بازو باندھے خاموشی سے اسے دیکھ رہا تھا۔

رونے کے باعث آنکھیں سوجی ہوئی تھیں مگر ان میں کہیں بھی غصہ، خوف، پریشانی نظر نہیں آ رہی تھی۔ چہرے کے تاثرات بھی کچھ حد تک نارمل تھے۔ طبیعت خرابی کے باعث رنگت ہنوز زرد اور چہرہ مرجھایا ہوا سا لگ رہا تھا مگر گزشتہ شب کے واقعے کی کوئی جھلک نظر نہیں آ رہی تھی۔

چیک اپ کے بعد نرس نے کینولا ہٹا کر سنی پلاسٹ لگایا۔ ڈاکٹر نے کچھ ضروری ہدایات سے

نوازا۔ کچھ تنبیہات فارس کے لیے بھی تھیں۔ وہ اسے اسٹریس اور ہر طرح کے ذہنی دباؤ سے بچا کر رکھنے کا کہہ رہی تھیں۔ شاید معاملہ اس بار کچھ سیریس ہوا تھا ورنہ اس سے پہلے وہ بہت آسانی سے مسئلوں کو ٹال دیتی تھی۔ زیادہ اثر نہیں لیتی تھی۔ وہ سنتے ہوئے اس کی طرف دیکھ رہا تھا اور وہ نظر جھکاتے ہوئے چہرے کا رخ بدل گئی تھی۔

سات بجے ڈسچارج کر دیا گیا تو وہ اسے گھر لے آیا۔ مسز شیرازی ان کے انتظار میں لاؤنج میں ہی بیٹھی تھیں۔ وہ سیدھا ان کے پاس گئی تھی۔ ان کے گلے لگی تھی، پھر ان سے بات کر رہی تھی۔ وہ اس کے گال پر ہاتھ رکھے خفگی سے کچھ کہہ رہی تھیں اور اس نے ایک دم سے شرمندہ ہوتے ہوئے سر جھکایا تھا۔

فارس جیبوں میں ہاتھ ڈالے قدرے فاصلے پر کھڑا تھا۔ بے خوابی کا شکار آنکھوں میں سرخی سی ٹھہری تھی۔ چہرہ بے تاثر سا لگ رہا تھا مگر اس کے اندر جو کچھ ہو رہا تھا اس سے صرف وہی واقف تھا۔ چونکہ ڈاکٹر نے مکمل آرام کی تاکید کی تھی تو جنت ناشتے کے بعد اپنے کمرے میں چلی گئی تھی۔ جبکہ وہ کچھ دیر تک مسز شیرازی کے پاس ان کے کمرے میں بیٹھا رہا تھا۔

''جنت کی باتوں سے پریشان ہو رہے ہو؟'' انہوں نے نرمی سے پوچھا تو اس نے چونک کر سر اٹھایا۔ صوفے کے ہتھے پر اس کی انگلیاں آہستگی سے متحرک ہوئیں۔

''نہیں۔'' کہہ کر کھڑکی کی طرف دیکھا۔ دھوپ سیدھا اس کے چہرے پر پڑ رہی تھی۔ آنکھوں کا ہر رنگ نمایاں ہو رہا تھا۔

''لگ تو رہے ہو۔'' ماں تھیں وہ۔ اسے اندر تک جان گئی تھیں۔ مبہم سی مسکراہٹ لیے وہ ان کی طرف دیکھنے لگا۔ پھر سیدھا ہو بیٹھا۔

''میں اس کی باتوں سے پریشان نہیں ہوں ممی! ان فیکٹ مجھے اچھا لگا اس نے اپنے خوف کا اظہار کر دیا۔'' وہ نارمل لہجے میں آہستگی سے گویا ہوا۔

''پچھلی بار اس نے پریشانی میں گھر چھوڑ دیا تھا۔ اس بار اس نے ایسا نہیں کیا۔ اس نے مجھ سے بات کی۔ جو مسئلہ تھا وہ بتا دیا۔ کوئی الٹی سیدھی حرکت نہیں کی۔ آپ کا خیال ہے، میں اس پر اپ سیٹ ہو سکتا ہوں؟'' مسز شیرازی نے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا۔ پھر نم آنکھوں کے ساتھ اس کے گال پر ہاتھ رکھا۔

''اس نے کافی سے زیادہ اسٹریس لیا۔ تو بس اس کا سوچ کر۔'' اس نے بات ادھوری چھوڑ دی۔

''اگر تم کہو تو میں جنت سے بات کروں؟''

وہ چند لمحوں تک انہیں دیکھتا رہا پھر نفی میں سر ہلا دیا۔ ''اگر ضرورت پڑی تو آپ سے کہوں گا۔'' وہ آہستگی سے بولا۔ انہوں نے اس کے ہاتھ پر اپنی گرفت بڑھائی۔

''کچھ مت سوچو، سب ٹھیک ہو جائے گا۔''

''ان شاء اللہ!''

وہ اپنے کمرے میں آیا تو جنت بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے بیٹھی تھی۔

''اب کیسی طبیعت ہے؟'' وہ پوچھ رہا تھا۔

''ٹھیک ہوں۔'' وہ اسے آفس کے لیے تیار ہوتا دیکھ کر ایک دم سے پریشان ہوئی تھی۔ بیمار وہ تھی تو ہاسپٹل میں بے آرام وہ بھی تو ہوا تھا۔ آنکھیں تو رتجگے کی واضح گواہی دے رہی تھیں۔

''تم آفس کیوں جا رہے ہو؟''

''کچھ ضروری کام ہے۔'' وہ نارمل لہجے میں جواب دیتے ہوئے ٹائی کی ناٹ باندھنے لگا۔

''تم رات بھر نہیں سوئے۔ تمہیں آرام کرنا چاہیے۔'' خفیف سا ہو کر کہہ دیا۔

لبوں پر مبہم سی مسکراہٹ لیے وہ مڑ کر اسے دیکھنے لگا۔ وہ بھنویں سکیڑے بیٹھی تھی۔ چہرے پر ہلکا ہلکا اضطراب نمایاں ہو رہا تھا۔ انگلیاں آپس میں الجھ رہی تھیں۔

''اپنا خیال رکھنا۔'' مکمل تیاری کے بعد موبائل اٹھائے باہر نکلا تو وہ بھی اپنے اندر ایک عجیب سی

بے سکونی لیے پیچھے آئی تھی۔ مگر وہ باہر نہیں گئی تھی۔ اس نے گلاس والز سے ہی اسے گاڑی کی طرف جاتے ہوئے دیکھا تھا۔

دل عجیب سی لے پر دھڑک اٹھا۔ جو تاثرات اس نے فارس کے سامنے چھپا کر رکھے تھے، وہ چہرے سے عیاں ہونے لگے۔ آنکھوں میں ان جانا سا خوف اتر آیا تھا۔ کیا وہ اس سے ناراض ہو چکا ہے؟ اسے ایک دم سے فکر ہوئی۔ اسے پہلی بار اس طرح اس کی ناراضی کی فکر ہوئی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

وہ سارا دن اپنے کمرے میں ہی رہی۔ مسز شیرازی وقفے وقفے سے اسے دیکھنے آتی رہیں۔ سائیڈ ٹیبل پر رکھا اس کا موبائل آج بہت خاموش تھا۔ کروٹ پر کروٹ بدلتے۔ نیم تاریکی میں پنکھے کو گھورتے۔ خود سے لڑتے اور خود سے الجھتے وہ کافی سے زیادہ بے قرار رہی۔ فارس ضروری کام کے سلسلے میں شہر سے باہر تھا۔ اس کی واپسی رات تاخیر سے متوقع تھی۔ مسز شیرازی نے اسے آگاہ کر دیا تھا۔

وہ سو چکیں تو اسے گھر میں ایک دم سے خاموشی کا احساس ہوا۔

ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya

دل اداس تھا۔ دل پریشان بھی بہت ہو رہا تھا۔ طبیعت کا بوجھل پن الگ۔ نفسیاتی حالت بھی عجیب ہو رہی تھی۔ اس نے موبائل اٹھا کر فارس کو کال کی تو موبائل آف ملا۔ کتنی ہی دیر تک وہ آنکھوں کو مسل مسل کر نمی دباتی رہی۔

اسے اپنی باتیں یاد آ رہی تھیں۔ اپنا لہجہ اور رویہ یاد آ رہا تھا۔ وہ سارے الزام جو اس نے لگائے، وہ تمام شک جو اس نے دکھائے۔ پتا نہیں اسے کیا ہوا تھا۔ حالانکہ وہ ہر تکلیف، ہر بات دبا لیتی تھی۔ برداشت کر کے نظر انداز کر جاتی تھی خصوصاً عدینہ زبیر کے معاملے کو اس نے کبھی بھی اس حد تک اپنے سر پر سوار نہیں کیا تھا۔ مگر پریگنینسی کے بعد سے وہ ایسا نہیں کر پا رہی تھی۔ اس کے مزاج میں خاطر خواہ تبدیلی آئی تھی۔ چھوٹی سی بات اسے پہاڑ جتنی لگتی تھی۔ ایک ذرا سا وہم ہولا دیتا تھا۔ ایک ذرا سا شک دہلا دیتا تھا۔

گھڑی رات کے بارہ بجا رہی تھی۔ فارس ابھی تک نہیں آیا تھا۔ وہ گھر کے عقبی لان میں سوئمنگ پول کے عین سامنے آہستگی سے ٹہل رہی تھی۔ سر اور کندھے جھکے ہوئے تھے۔

یونہی ایک چکر کاٹ کر سر اٹھایا تو فارس وجدان پر نظر پڑتے ہی اس کی دھڑکنیں تھم گئیں۔ وہ راہداری سے گزر کر اسی طرف آ رہا تھا۔ اس کی کشادہ پیشانی پر بل تھے، جبڑے بھی کچھ سختی سے بھینچے ہوئے۔ وہ اسے غصے میں لگا تھا۔

https://novelskidunya.com/

''تم یہاں کیا کر رہی ہو؟''

اس کے قریب پہنچ کر اور پھر کچھ سخت نظروں سے دیکھتے ہوئے جھکا تو وہ ایک دم سے گھبرا گئی تھی۔

''آرام کرنے کا کہا تھا میں نے تمہیں۔ حد ہے۔''

لب بھینچ کر اس نے جنت کا ہاتھ پکڑا اور واپس کمرے میں لے آیا تھا۔

''سو ہاؤ آر یو فیلنگ؟'' وہ بیڈ پر بیٹھی تھی۔ اور فارس سامنے کھڑا رسٹ واچ، کف لنکس وغیرہ اتارتے ہوئے پوچھ رہا تھا۔ چہرے پر گزشتہ شب کا کوئی اثر نہ تھا۔ نہ خفگی، غصہ یا برہمی۔ کچھ بھی نہ تھا۔ ہاسپٹل سے واپسی کے بعد وہ اسے اب نظر آیا تھا۔ اب بات ہوئی تھی۔ اب دیکھ رہا تھا۔

ناولز کی دنیا NovelsKiDunya

''آئم گڈ!'' نظریں چرا کر یہاں وہاں دیکھنے لگی۔ پورا سین، باتیں، اپنا رویہ یاد آ رہا تھا تو شرمندگی الگ ہو رہی تھی۔ صرف ایک قتل کا الزام باقی رہ گیا تھا۔ اس کے علاوہ تو وہ اسے ہر طرح سے مجرم بنا چکی تھی۔

اب وہ سامنے وارڈروب کھولے کھڑا تھا۔ کچھ ہی دیر بعد وہ کپڑے نکال کر واش روم میں چلا گیا۔ وہ شاور کی آواز سنتی سر جھکائے بیٹھی رہی۔ اسے فارس سے بات کرنی چاہیے؟ کیا بات کرنی چاہیے؟ ذہن بے طرح سے الجھا ہوا تھا۔ کچھ بھی سمجھ نہیں آ رہا تھا۔

شاور لینے کے بعد وہ ہلکے سرمئی رنگ کے ٹراؤزر پر بغیر بازوؤں والی سیاہ بنیان میں باہر آیا تھا۔

بالوں کو اچھی طرح سے رگڑ کر خشک کرتے اس پر نظر پڑی تو رک گیا۔
''تم پھر سے رو رہی ہو۔''
جنت نے رخ موڑ کر اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھا تو اس کے دل کو کچھ ہوا۔
''اب کیا ہو گیا؟'' وہ ایک دم سے نرم پڑا تھا۔ برابر میں بیٹھتے ہوئے اس کا رخ اپنی طرف کیا۔
''میں نے تمہیں کتنی بار کالز کیں۔ تم نے مجھ سے بات نہیں کی۔ تم نے میرے میسج بھی نہیں دیکھے اور اب تم......''

https://novelskidunya.com/

''اب میں کیا؟'' وہ ذرا حیران ہوا تھا۔
اس کا ذہن منتشر تھا۔ پہلے کچھ اور کہہ رہی تھی۔ اب کچھ اور کہنے لگی تھی۔
''میں کل ڈر گئی تھی فارس۔ مجھے لگا، تم مجھے وجدان ہاؤس سے نکال کر وہاں شفٹ کر رہے ہو۔ تم عدینہ کو واپس لا رہے ہو...... تو بس اس وجہ سے میں نے......''

Novels Ki Duniya

وہ اسے دیکھ کر رہ گیا۔ جس طرح کے حالات سے وہ گزری تھی۔ اس کا یہ خوف فطری تھا۔ وہ اس کے کسی بھی ردعمل پر ناراض نہیں ہو سکتا تھا۔ کسی بھی بات پر پریشان نہیں ہو سکتا تھا۔ مگر اس کی یہ وضاحت......
''ہماری بات تو کل ختم ہو گئی تھی۔'' اس نے بہت ہلکے پھلکے سے لہجے میں کہا۔ مگر وہ بھیگی آنکھوں کے ساتھ سر جھکائے رہی۔ جیسے اس کے لیے تو کچھ بھی ختم نہیں ہوا تھا۔
''ویسے تمہیں نہیں لگتا ہمارا ریلیشن دن بدن اسٹرونگ ہوتا جا رہا ہے؟'' متبسم لہجے میں پوچھا تو جنت نے چونک کر نا سمجھی کے عالم میں سر اٹھایا۔
''اب یہی دیکھ لو۔ کیا پہلے کبھی ایسا ہوا کہ میں کال نہ کروں اور تم اتنا پریشان ہو جاؤ۔''
وہ ایک دم سے بوکھلا گئی۔

"ایسا تو نہیں ہوا۔ میں اس وجہ سے پریشان نہیں تھی۔"

آنکھیں رگڑ کر صاف کرتی اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی۔ لمحوں میں اس نے خود پر قابو پاتے ہوئے اپنے تاثرات کو بدلا تھا۔ اپنے خوف کو چھپایا تھا۔ اپنی پریشانی کو رفع کیا تھا۔ وہ اسے بغور دیکھتے ہوئے مسکرا دیا۔

"گڈ نائٹ!" کمفرٹر تان کر وہ سوتی بن گئی۔ جیسے مزید کچھ کہنے کو اور کچھ سننے کو رہا ہی نہ تھا۔ اندر کا شور بھی کچھ حد تک تھم گیا تھا۔ کسی بات کو سوچ کر اسے اب وحشت نہیں ہو رہی تھی۔

تولیہ صوفے پر اچھالتے ہوئے وہ اپنی سائیڈ پر آ گیا تھا۔ سونے سے پہلے وہ کچھ دیر تک موبائل اٹھائے بیٹھا رہا تھا۔ کچھ میسجز اور ای میلز تھیں جنہیں دیکھنا ضروری تھا۔ جنت اس کی جانب کروٹ بدلتی گہری نیند میں اتر چکی تھی۔

موبائل رکھ کر وہ اسے دیکھنے لگا۔ رنگت ہنوز زرد تھی۔ آنکھوں کے حلقے بھی کچھ نمایاں ہو رہے تھے۔ وہ پہلے سے کچھ بہتر تھی مگر اسے پھر بھی کمزور لگی۔ جھٹکا کم تو نہیں تھا جو اسے لگا۔ نہ وہ اسٹریس کم تھی جو اس نے گزشتہ شب لی تھی۔

اس نے کمفرٹر کھینچ کر درست کرتے ہوئے لیمپ آف کر دیا تھا۔ مگر باوجود کوشش کے وہ سو نہیں سکا تھا۔ شور ایسا ہی تھا دہلا دینے والا۔ بند آنکھوں پر ٹھہرے مناظر بھی کسی اذیت سے کم نہ تھے۔

کانچ وہ جو قدموں کو چھو رہا تھا۔ آگ وہ جو سینے میں جل رہی تھی۔ اس کے وجود میں جیسے دھواں بھر گیا تھا۔ مٹھیاں بھینچ کر اس نے اپنا سر تکیے میں دے دیا تھا۔ وہ سونا چاہتا تھا۔ بہت گہری نیند سونا چاہتا تھا۔ مگر گزشتہ رات کی طرح آج رات بھی اسے نیند نہیں آنے والی تھی۔ اور اگلی کئی راتوں تک بھی شاید وہ اسی بے خوابی کا شکار رہنے والا تھا۔

☆......☆......☆

ناشتے کی میز پر بہت زیادہ خاموشی تھی۔ مسز شیرازی اور فارس تو روز مرہ کی طرح بات کر رہے تھے مگر اسے تو جیسے کسی بھی بات کا جواب دیتے ہوئے عجیب دقت سی ہو رہی تھی۔ بار بار نظر اٹھا کر فارس کو دیکھتی تھی تو اس کے چہرے کے تاثرات اور لہجے میں کسی قسم کا فرق یا تبدیلی نظر نہیں آ رہی تھی۔

اپنے ٹیبلٹ پر ہیڈ لائنز دیکھتے ہوئے وہ گاہے بگاہے اس سے بھی مخاطب ہو رہا تھا۔ کچھ دیر پہلے ٹوسٹ پر جیم لگانے کو کہا تھا۔ پھر اورنج جوس کا گلاس مانگا تھا۔ اور اب کپ میں چائے ڈالنے کو کہہ رہا تھا۔

پتا نہیں اسے کیا ہو گیا تھا؟ اندر ہی اندر خود سے الجھتے ہوئے اس نے چائے کا کپ اس کے سامنے رکھا۔ سب نارمل تھے تو وہ کیوں ابنارمل ہو رہی تھی؟

ناشتے کے بعد اس نے ورک آؤٹ کیا اور اپنے منتشر خیالات اور پیچیدہ سوچوں کو آرگنائز کرتی وہ لان میں آ گئی۔ کھلی فضا میں گہری سانس لیتے ہوئے آسمان کی طرف دیکھا۔ پھر شیشے کی دیوار کی طرف جہاں فارس وجدان اسے سیل فون کان سے لگائے بات کرتا ہوا نظر آ رہا تھا۔ مسز شیرازی اپنے اسٹوڈیو میں تھیں۔ وہ ان کے پاس بیٹھ گئی۔ عموماً وہ دوپہر میں واک کے لیے پارک جاتی تھی مگر آج دس بجے ہی میڈ کو ساتھ لیے چلی گئی۔ اقصیٰ اپنے کالج گئی ہوئی تھی ورنہ وہ اس کے ساتھ ہی جاتی۔

سر پہ دوپٹہ اور شال اچھی طرح سے لیے، وہ سینے پر بازو باندھے جاگنگ ٹریک سے قدرے فاصلے پر سرسبز کیاری کے قریب آہستگی سے قدم اٹھا رہی تھی جب اسے اپنے عقب میں کسی کی موجودگی کا احساس ہوا تھا۔ بے اختیار مڑ کر پیچھے دیکھا تو اسے فارس دکھائی دیا۔

''یہ آفس نہیں گیا؟'' وہ اسے دیکھ کر ایک دم سے حیران ہوئی۔ لمبے لمبے ڈگ بھرتا وہ اب اس کے برابر میں اس کی ہی رفتار سے قدم اٹھانے لگا تھا۔

''تم...... یہاں......؟''

''ہاں۔'' اس کا لہجہ ویسا ہی متوازن تھا۔

https://novelskidunya.com/

''اللہ کرے خیر ہو۔'' وہ بہت اندر تک ڈر گئی۔

''چونکہ میں کچھ معاملات میں ردوبدل کرنے والا ہوں سو مجھے لگا تم سے بات کر لینی چاہیے۔''

جنت کا دل زوروں سے دھڑکا۔ آخر ایسی کون سی بات تھی جو گھر میں نہیں ہو سکتی تھی۔ اور جس کے لیے اسے اپنے آفس سے بھی چھٹی کرنی پڑی تھی۔

وہ رک گئی۔ دونوں آمنے سامنے ہوئے۔ چند لمحوں تک سسپنس کی انتہا کرتے ہوئے وہ چپ کھڑا رہا۔ اور وہ بھی مضطرب سی یہاں وہاں دیکھتی رہی۔ بالآخر اس نے سنسنی خیز خاموشی کا قفل توڑا۔

''آج سے تم واک پر میرے ساتھ آؤ گی۔ شاپنگ کے لیے۔ ڈنر کے لیے بھی۔ آئمہ کے ساتھ اپنے پلانز کینسل کر دو۔ بلکہ میں اسے خود منع کر دوں گا۔ اسے جب بھی ملنا ہوگا وہ ہمارے گھر آئے گی۔ دیکھتا ہوں، میرے ہوتے ہوئے کون تمہارے اس چھوٹے سے دماغ میں خناس بھرنے کی کوشش کرتا ہے۔'' اس نے جھک کر انگشت شہادت سے جنت کی پیشانی ٹھونکی۔

اس نے بوکھلا کر سر اٹھایا۔ فارس وجدان کی پہلی تمام باتیں ایک طرف، اور آخری ایک بات دوسری طرف۔

''تم میرے دماغ کو چھوٹا کہہ رہے ہو؟'' آواز صدمے سے پھٹ گئی تھی۔

''کیا نہیں کہنا چاہیے؟'' اس نے اپنے ہاتھ ٹریک سوٹ کی جیبوں میں ڈال لیے۔ ''میں تمہیں ایک گھر دینا چاہ رہا تھا اور اس کے لیے مجھے وضاحتیں دینی پڑیں۔ تم رائٹر کیوں نہیں بن جاتیں؟ اتنا سنسنی خیز سناریو ہوتا ہے تمہارے دماغ میں۔ میں خود حیران رہ جاتا ہوں۔''

اور وہ جو اپنے ضمیر کی ملامتیں سہتی اپنے آپ میں چھپتی پھر رہی تھی، ایک دم سے چڑ گئی۔

''ابھی رات تم کہہ رہے تھے یہ بات ختم ہو چکی ہے۔''

''کیا میں نے واقعی ایسا کہا تھا؟'' وہ حیران ہوا۔ آنکھیں مسکرا رہی تھیں۔

جنت نے تپ کر اسے دیکھا۔

''تمہاری یادداشت کمزور نہیں ہوتی جا رہی؟''

''تمہاری صحبت کا اثر ہے، کیا کر سکتا ہوں۔''

اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتی، فارس جاگنگ ٹریک پر بھاگتے ہوئے دور نکل گیا۔ وہ بھنویں سکیڑے اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔

https://novelskidunya.com/

☆......☆......☆

کھانے کے بعد وہ اپنے لیے سبز چائے بنا رہی تھی جب ملازم اسے خاکی لفافہ دے کر گیا تھا۔ اس نے وہیں کھڑے کھڑے لفافہ چاک کر کے کاغذات نکالے اور اپنی جگہ تھم گئی۔

وہ بچے کی کسٹڈی کے پیپرز تھے۔ اس کا اعتبار بحال کرانے کی کوشش......اس کا اعتماد جیتنے کی جستجو۔ جو کہا تھا اس نے وہ کر دکھایا تھا۔

اور جنت کو تو ایسی کوئی بات یاد ہی نہ رہی تھی۔

اسی لمحے موبائل بج اٹھا۔ برفیلے پہاڑوں کے ساتھ آنٹی کا بیٹا لکھا ہوا نظر آ رہا تھا۔ اسے اپنے ہاتھ منجمد ہوتے ہوئے محسوس ہوئے۔ نچلا لب کاٹتے ہوئے اس نے کال ریسیو کر لی تھی۔

''تمہیں پیپرز مل گئے؟''

کس قدر کوشش سے اس کے لب ہلے۔

''ہاں!''

''گڈ!'' دوسری طرف اطمینان بھری آواز آئی۔ ''اور کوئی حکم؟'' وہ اپنے مخصوص لہجے میں بہت سنجیدگی سے پوچھ رہا تھا۔

''میں نے ایسا کوئی حکم تو نہیں دیا تھا۔'' اس کی آنکھوں میں آنسو اتر آئے۔ سر جھک گیا تھا۔

''حکم نہیں دیا تھا۔مگر یقین بھی تو نہیں کر رہی تھیں۔اب جو تمہاری اسٹوری کا ولن ہے، اسے ہیرو بننے کے لیے کچھ تو کرنا تھا۔''

اس نے بے اختیار نچلا لب دانتوں میں دبایا۔آنکھیں مکمل نم ہو چکی تھیں۔

''ہاں تو کیا میں نے کہا تھا میرے ساتھ اتنا برا کرو۔'' بائیں ہاتھ کی انگلیوں سے آنکھوں کو مسلتے ہوئے آواز کو حتی الامکان مضبوط کیے رکھا۔

''جو اچھا کر رہا ہوں، اسے بھی تو دیکھو۔''

وہ چپ رہی۔ کہنے کو کچھ باقی نہیں رہا تھا۔اس نے خاکی لفافہ کاؤنٹر ٹیبل پر رکھ دیا۔

''اب کیا کر رہی ہو؟'' وہ موضوع بدلتے ہوئے بولا۔

''سبز چائے بنا رہی تھی۔''اس نے داہنے ہاتھ کی پشت سے آنسو صاف کیے۔مڑ کر آنچ ہلکی کر دی۔

''اس کے بعد کیا کرو گی؟''

''آنٹی کے ساتھ لان میں جاؤں گی۔وہ ابھی نماز پڑھ رہی ہیں۔''

''اس کے بعد......؟''

''اس کے بعد......''ایک لمحے کو رکی۔''پتا نہیں۔''

''موسم اچھا ہو رہا ہے۔کیا خیال ہے کہیں باہر چلیں؟'' وہ پوچھ رہا تھا۔جنت چپ رہی۔

''ممی سے بھی کہو۔آج ہم تینوں چلیں گے۔'' کہہ کر کال کاٹنا چاہی۔

''سنو۔'' جنت نے ایک دم سے کہا تو وہ سیل فون کان سے ہٹاتے ہٹاتے رک گیا تھا۔

''سناؤ۔''

وہ نچلا لب دانتوں تلے دبائے چند لمحوں تک کھڑی رہی۔پھر ہمت مجتمع کر کے بولی۔

''تمہارا شکریہ۔''

فارس کے لبوں پر تبسم بکھرا۔

''اچھا تو وہ کس لیے؟'' وہ انجان بنتے ہوئے پوچھ رہا تھا۔

''اب وجہ تم خود ہی ڈھونڈ لو۔'' اس نے تپ کر کال کاٹ دی۔ وہ مسکرا کر رہ گیا۔

جنت کمال نم آنکھوں کے ساتھ خاکی لفافے کو دیکھتی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

مسز شیرازی کے اسٹوڈیو میں وہ اس وقت اکیلی موجود تھی۔ ترتیب سے رکھی پینٹنگز اور دیگر اشیاء کو دیکھتے اس نے پردے کھینچ کر ہٹا دیے تھے۔ کھڑکیوں کو بھی کھول دیا تھا۔ کھلی فضا میں گہری سانسیں لیتی کتابوں کے ریک کے سامنے جا کھڑی ہوئی تھی۔ آرٹس اور شاعری کی بہت سی کتابیں تھیں جنہیں وہ ہاتھوں میں لے کر، چند ایک صفحے پلٹ کر اور کچھ عبارتیں پڑھ کر رکھتی جا رہی تھی۔ کتابوں کے ساتھ ہی بالکل کونے میں ایک رجسٹر سائز کا پکچر فریم رکھا تھا۔ اس نے وہ فریم اٹھا لیا تھا۔ اس پر چڑھا کاغذی کور ہٹا دیا۔

ایک شان اور تمکنت سے شاہی کرسی پر براجمان اعظم شیرازی۔ سمارٹ اور کسرتی جسم کے مالک، بھورے بال، بھورے رنگ کی تراشیدہ داڑھی، زیرک نگاہیں۔ بارعب سی شخصیت۔ پیشانی تو بالکل فارس جیسی لگ رہی تھی۔ عقب میں مسز شیرازی اپنے شوہر کے ہمراہ سیاہ ساڑھی میں ملبوس کھڑی تھیں۔ وہ اس قدر ڈیسنٹ اور پرکشش لگ رہی تھیں کہ جنت کتنی ہی دیر تک ان کے چہرے پر سے نگاہ نہیں ہٹا سکی۔ بے ساختہ ان کے چہرے کو چھوا۔ ان کی سیاہ آنکھوں میں زندگی کی رمق نمایاں تھی۔ اور ان کی مسکراہٹ تو آج بھی اسے بہت خوب صورت لگتی تھی۔

تھری پیس سوٹ میں ملبوس ہارون شیرازی کے لبوں پر مبہم مسکراہٹ رقصاں تھی۔ اعظم شیرازی کے پہلو میں سات آٹھ سال کا پیارا سا بچہ کھڑا تھا۔

یہ بچہ فارس وجدان نہیں تھا۔ اس کی آنکھیں ہیزل نہیں تھیں۔ نہ ہی سیاہی مائل بالوں میں شہد

https://novelskidunya.com/

رنگ کی آمیزش تھی۔ یہ لڑکا حماد شیرازی تھا۔ ایک مکمل خاندان کی ایک مکمل تصویر۔ جس میں فارس وجدان کہیں نہیں تھا۔

اس نے ایک بار پھر اپنی نگاہیں اعظم شیرازی کے باوقار چہرے پر جمائی تھیں۔ اسے لگا وہ اسے دیکھ رہے ہیں۔

''وہ مجھے مار دیں گے۔'' اذیت میں ڈوبی، خوف سے لرزتی فارس کی آواز۔

''کون؟''

''اعظم شیرازی!''

https://novelskidunya.com/

اس کے دل کو ایک دم سے کچھ ہوا۔ خشک لبوں کو تر کرتے ہوئے اس نے فریم واپس رکھنا چاہا تھا جب اقصیٰ نے پیچھے سے گردن نکالی تھی۔

''السلام علیکم آپی!''

''اف اللہ! اقصیٰ ڈرا دیا تم نے مجھے۔'' سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے جھڑک دیا۔ اقصیٰ نے دانت نکالے۔ پھر فریم کو دیکھا۔ اس کی آنکھیں پھیلیں۔

''ارے یہ بڑے صاحب ہیں؟ اعظم صاحب؟'' اس نے تصدیق کے لیے جنت سے پوچھا تھا۔

''ہاں۔''

''اللہ بخشے انہیں۔ ویسے کہنا تو نہیں چاہیے، پر ابا بتاتے ہیں بہت سخت آدمی تھے۔'' اس نے اعظم شیرازی کو ذرا سی گھبرائی ہوئی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔ ان کی شخصیت تھی ہی ایسی۔ تصویر میں بھی ایک رعب سا جھلک رہا تھا۔

''تمہارے بابا جانتے ہیں انہیں؟'' جنت نے کچھ حیرت سے مڑ کر پوچھا تھا۔

''جی، ابا نے کوئی دس سال بڑے صاحب کے گھر میں کام کیا ہے۔''

''اچھا۔''

''تو اور کیا۔''اس کے لیے جیسے یہ بڑے اعزاز کی بات تھی۔

''پھر تو تمہارے ابا سب کو جانتے ہوں گے۔فارس، حماد بھائی اور ہارون انکل کو بھی۔''

''ارے کہاں۔''اقصیٰ نے ایک دم سے ہاتھ ہلایا۔

''ابا تو صرف حماد صاحب اور ہارون صاحب کو جانتے تھے۔فارس صاحب تو کبھی ملے ہی نہیں تھے۔آپ کو پتا ہے جب ابا کو فارس صاحب نے اسلام آباد بلوایا تھا تو انہیں پتا چلا یہ بھی ان کے بیٹے ہیں، ہاہاہا!'' وہ ہاتھ پر ہاتھ مار کے ہنسی۔اور جنت ہونق بنی اسے دیکھ کر رہ گئی۔

''ابا بہت بھولے ہیں آپی! اپنے کام سے کام رکھتے ہیں۔ادھر ادھر کوئی توجہ ہی نہیں دیتے۔آپ کو پتا ہے ایک بار نگی خالہ لاہور سے آئی ہوئی تھیں تو ابا اماں سے پوچھنے لگے یہ کون ہے۔اور اماں نے انہیں وہ گھورا کہ بس..... کہ لو بتاؤ۔بیوی کی بہن نہیں پہچانی گئی۔ابا ہنستے رہے کہ بھئی چھوٹی سی بچی ہوا کرتی تھی۔اب تو تم سے بھی بڑی لگ رہی ہے۔اور ایک بار جیدے کو اپنے ساتھ ملا عبدالحکیم کی شادی پر لے گئے تھے۔واپسی پر اسے وہیں بھول آئے۔''

''ایک سیکنڈ۔''جنت نے اسے بروقت بریک لگایا۔

''تمہارے کہنے کا مقصد ہے جب تمہارے ابا فارس کے دادا کے گھر کام کرتے تھے تو وہاں فارس نہیں رہتا تھا؟''

''رہتے ہوں گے جی۔پکا رہتے ہوں گے۔میں نے آپ کو بتایا نا میرے ابا نے نہیں دیکھا ہو گا۔''اسے پورا یقین تھا۔

''کیا ایسا ممکن ہے کہ کوئی کسی گھر میں دس سال کام کرے اور اسے اس کے مکینوں کا نہ پتا ہو؟'' جنت نے الجھ کر پوچھا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

اقصیٰ نے ایک دم سے چونک کر جنت کو دیکھا۔ اس کے ابا بہت بھولے ہیں، یہ بات وہ بھول گئی۔ آنکھیں پھیلائے جنت کو دیکھے گئی۔ پھر سوچ میں پڑ گئی۔ بات تو اس کی آپی کی ٹھیک تھی۔ ذہن کو یہاں وہاں دوڑا کر کچھ یاد کرنے کی کوشش کی کہ ابا نے اور کیا بتایا تھا۔

''ارے ہاں، آپی! یہ سب تو زیادہ تر امریکا میں رہتے تھے۔'' اسے ایک دم یاد آیا تو خوش ہو کر بولی۔ ''کبھی کبھار چھٹیوں میں آتے تھے۔''

''اچھا!'' اس کی نگاہیں ایک بار پھر تصویر پر جم گئی تھیں۔

''ارے میں تو بھول گئی۔'' اقصیٰ کو ایک دم سے کام کی بات یاد آئی تو پیشانی پر ہاتھ مارا۔ ''فارس صاحب، وہ بلا رہے ہیں آپ کو۔''

''اب بتا رہی ہو۔'' پکچر فریم رکھ کر جنت کچھ عجلت میں قدم اٹھاتی اسٹوڈیو سے چلی گئی تھی۔ اقصیٰ نے رک کر ایک بار پھر اس تصویر کو دیکھا تھا۔

کیسے دکھ رہے تھے اعظم شیرازی...... بالکل فارس صاحب کی طرح۔

جھرجھری سی لے کر اس نے سوچا تھا۔ پھر سر جھٹک کر باہر چلی گئی تھی۔

☆......☆......☆

شام کا کھانا جنت نے فارس اور مسز شیرازی کے ساتھ لان میں کھایا تھا۔ کچھ کام کا بوجھ تھا اور کچھ اس لیے کہ فارس پچھلی کچھ راتوں سے بے آرام تھا تو سونے کی غرض سے وہ جلد ہی کمرے میں چلا گیا تھا۔ جبکہ جنت کچھ دیر تک مسز شیرازی کے پاس ہی بیٹھی رہی تھی۔

دس بجے کمرے میں گئی تو اسے پانی کا خالی گلاس سائیڈ ٹیبل پر رکھتے دیکھ کر چونک گئی۔ اس کا تو خیال تھا وہ اب تک سو چکا ہوگا۔

''تم ابھی تک جاگ رہے ہو؟'' ذرا سا حیران ہوئی۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

"ہاں، وہ نیند نہیں آئی۔" کہہ کر دوبارہ لیٹا۔ کمفرٹر سینے تک کھینچا۔ لیمپ آن رہنے دیا۔ جنت بائیں طرف سے اپنی جگہ پر آ گئی۔

"ایک بات پوچھوں؟"

"ہوں!" وہ آنکھیں بند کیے ہوئے تھے۔

وہ کچھ لمحوں تک خاموش رہی۔

"تم مجھے گھر کیوں دینا چاہ رہے تھے؟" جو سوال دل میں تھا، وہ لبوں پر آ گیا۔ وہ برابر میں بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے بیٹھی تھی۔

فارس نے دھیرے سے آنکھیں کھول دیں۔ چند لمحوں تک خاموش رہا۔

"اس لیے کہ اگر تم علیحدگی کا فیصلہ کرتی ہو تو تمہارے پاس ایک مستقل ٹھکانا ہونا چاہیے۔ میں نہیں چاہتا تمہیں کسی بھی طرح کی کوئی پریشانی ہو۔"

جنت کمال اگلے کئی لمحوں تک کچھ نہ کہہ سکی۔

اس کی آنکھوں میں آنسو ٹھہرے تھے۔ وہ ہمیشہ اس کے بارے میں غلط سوچتی تھی۔ غلط اندازے لگاتی تھی۔

وہ کروٹ کے بل بازو سر کے نیچے رکھے اسے دیکھنے لگا۔

"اور اگر میں نے علیحدگی کا فیصلہ نہ کیا تو؟" کچھ دیر بعد اس نے کہا۔ فارس کے لبوں پر مسکراہٹ سی پھیلی جسے دبا کر وہ اس کی طرف متوجہ ہوا۔

"پھر بھی تمہیں ایسا گھر چاہیے جہاں تم مجھ سے ناراض ہو کر جا سکو۔ میں تمہیں منانے آ سکوں۔"

جنت آنکھوں میں نمی اور درد لیے اسے دیکھ کر رہ گئی۔ وہ اس جواب کے لیے تیار نہیں تھی۔ بالکل بھی نہیں تھی۔ اسے ایک دم سے رونا آیا مگر ضبط کیے رہی۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

''تمہیں گھر کیسا لگا؟'' چند ثانیوں کے بعد اس نے پوچھا تھا۔

''میں ٹھیک سے دیکھ نہیں سکی۔ تمہیں کیسا لگا؟'' آہستگی سے پوچھا۔

''بہترین۔ میرے خیال سے تو لوکیشن بھی پرفیکٹ ہے۔ یعنی اگر تم مجھ سے لڑ کر وجدان ہاؤس سے پیدل وہاں جانا چاہو گی تو صرف دس منٹ ہی لگیں گے۔ یہ الگ بات ہے کہ جب تمہارا اپنا ذاتی ڈرائیور ہوگا تو پھر پانچ منٹ۔ اور اگر ڈرائیونگ سیٹ میں نے سنبھالی ہوگی۔ تو پھر پورا ایک گھنٹہ لگے گا۔''

اور وہ نم آنکھوں کے ساتھ ایک دم سے ہنس پڑی۔ فارس کے لیے اس لمحے اس کی ہنسی سے زیادہ قیمتی شے اور کچھ نہ تھی۔

''یعنی تم ابھی بھی اپنا فائدہ اور آسانی دیکھ رہے ہو۔''

''بالکل میرا حق ہے ایسا کرنا۔''

''ڈن کر دوں؟'' پھر تصدیق چاہی۔

اس نے آہستگی سے اثبات میں سر ہلایا۔

''ویسے میں اتنی بھی کنگلی نہیں ہوں جتنا تم مجھے سمجھ رہے ہو۔'' چند لمحوں کے بعد اس کی طرف دیکھتے ہوئے بولی۔ آنکھوں میں چمک ٹھہری تھی۔ لہجہ خوش گوار ہو رہا تھا۔ کچھ دیر پہلے تک جو اس کا چہرہ مرجھایا ہوا تھا وہ اب کسی پھول کی طرح کھل اٹھا تھا۔ ''میرے نانا نے اپنا گھر میرے نام کیا تھا۔ بہت بڑا گھر ہے، بہت پیارا بھی ہے۔''

''ہاں لیکن اتنا دور..... اب تمہیں کوئٹہ منانے کون جائے؟''

وہ ایک دم سے ہنسی اور اگلے ہی لمحے ٹھٹک گئی۔

''تمہیں کیسے پتا، میرے نانا کا گھر کوئٹہ میں ہے؟''

فارس کی نیند بھک سے اڑی۔ آنکھوں پر سے بازو ہٹا کر اسے دیکھا۔ وہ کچھ دیر پہلے تک لیٹی

https://novelskidunya.com/

ہوئی تھی اور اب بیڈ پر آلتی پالتی مارے انتہائی مشکوک نگاہوں سے اسے گھور رہی تھی۔

''تم نے بتایا تھا مجھے۔'' فوراً ہی سنبھل کر کہا۔

''میں نے تمہیں یہ بات کبھی نہیں بتائی۔'' وہ پورے وثوق سے بولی۔ فارس نے اندر ہی اندر خود کو کوسا۔ بھلا کیا ضرورت تھی اس طرح بات کرنے کی۔

''بتائی تھی، تم بھول گئی ہو۔''

''تم جھوٹ بول رہے ہو۔ یقیناً کچھ چھپا رہے ہو مجھ سے۔''

''بالکل نہیں۔ تم ایسا کیوں سوچ رہی ہو۔''

جنت کے تیور کافی حد تک خطرناک ہو چکے تھے۔

وہ لب بھینچ کر اس پر جھکی۔ ''تم نے میری جاسوسی کی؟''

فارس کا منہ کچھ صدمے اور حیرت سے کھلا۔

''میں ایسا کیوں کروں گا؟''

''یہ تو تم ہی بہتر بتا سکتے ہو۔''

''گاڈ سیک جنت!''

''پھر تمہیں یہ کیسے پتا چلا میرے نانا کا گھر کوئٹہ میں ہے؟ ہاں؟''

وہ لاجواب ہوا۔

''اور یاد ہے، ایک بار تم نے مجھ سے کہا تھا۔'' کھنکھار کر گلا صاف کیا، تاثرات میں ایک دم سے مصنوعی سنجیدگی لے آئی۔

''تم میں، میں اتنی سی دلچسپی بھی نہیں رکھتا کہ اپنے آدمیوں کو تمہارے حوالے سے آرڈر دیتا پھروں۔ یاد آیا؟''

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

فارس کو سب اچھی طرح سے یاد آ گیا۔

''سو جاؤ جنت!'' کمفرٹر سر تک لیتے ہوئے اپنی شکل گم کرنا چاہی۔ جنت نے فوراً ہی کھینچ کر ہٹا دیا۔ ''میری بات ابھی ختم نہیں ہوئی ہے۔''

وہ بے بسی سے اسے دیکھ کر رہ گیا۔ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا اب اس مسئلے سے جان کیسے چھڑائے۔

''مجھے صبح آفس بھی جانا ہے۔''

''ہاں، تو میں نے کب کہا، مت جانا۔'' لب بھینچ کر اسے گھورتی رہی۔ وہ گہری سانس لے کر رہ گیا۔

''آخر تم مان کیوں نہیں رہے ہو کہ تم نے میری ساری معلومات نکلوائی ہے؟''

وہ خاموش ہو گیا۔ وہ جھک کر اس کی آنکھوں کو پڑھتی رہی۔

''دیکھا'' پھر فوراً سیدھی ہو بیٹھی۔ ''مجھے پتا تھا تم جھوٹ بول رہے ہو۔ میں نے اپنے کوئٹہ والے گھر کے بارے میں تمہیں کبھی کچھ نہیں بتایا۔''

وہ کہنی کے بل ذرا سا اوپر ہوا۔

''اب پن اور پیپر اٹھاؤ اور بیٹھ کر ناول لکھو۔ میں نے تمہیں تمہارے اس کوئٹہ والے گھر کی وجہ سے اپنایا ہے کیونکہ وہ گھر ایک ایسے خطے پر ہے جس کی قیمت کروڑوں میں ہے۔ زمین کے نیچے خزانہ چھپا ہوا ہے۔ وہیں کہیں میری کوئی محبوبہ بھی رہتی ہے۔ جنات کے ساتھ بھی میرا رابطہ ہے۔ اور میں تمہیں بہلا پھسلا کر وہاں لے جانا چاہتا ہوں تا کہ وہاں کسی کنویں میں پھسل کر تم ہلاک ہو سکو اور میں وہ زمین ہتھیا سکوں......''

جنت اس افتاد پر ایک دم بوکھلائی اور پھر چڑ کر اس نے ہاتھ میں دبا ہوا کشن اٹھا کر اسے دے مارا۔ فارس کی ہنسی بے ساختہ تھی۔ ناراض ہو کر فوراً سے اٹھ گئی۔

''میں تو تمہاری مشکل آسان کر رہا تھا۔ تم ساری رات سوچتی ہی رہتیں۔ اور تمہیں نیند ہی نہ آتی۔

میں نے سوچا ممکنہ سینار یوخود ہی تیار کردوں۔'' آنکھوں میں شرارت لیے سنجیدگی سے کہا۔لہجہ متبسم تھا۔
سلیپرز پہنتے ہوئے جنت نے تلملا کر اسے دیکھا۔
''بات مت کرو مجھ سے تم۔'' کہہ کر باہر نکل گئی۔دروازہ بند کر کے دروازے کو ہی چند ایک سخت گھوریاں دیں۔
''میری ساری معلومات نکلوائی ہے اور ظاہر ایسے کرتا ہے جیسے کچھ جانتا ہی نہیں۔'' وہ بڑبڑاتی ہوئی کچن میں چلی گئی۔
پورا گھر خاموشی میں ڈوبا ہوا تھا۔اس نے پانی پیا، ایک بوتل ساتھ لیے کمرے میں واپس آگئی۔آہستگی سے دروازہ بند کر کے کچھ دیر اپنی جگہ بیٹھی رہی۔اور جب تسلی ہو چکی کہ وہ سو چکا ہوگا تو اٹھ کر اس کی بیڈ سائیڈ ٹیبل کی طرف آگئی۔موبائل کی فلیش لائٹ آن کیے آہستگی سے دراز کھولی۔اندر پڑی اشیاء کو ادھر ادھر کیا۔اس کی الرجی کی ٹیبلٹس، کچھ ضروری کاغذات، والٹ اور گھڑی کے سوا اور کچھ نہ تھا۔
اس نے پھر صوفے پر رکھی اس کی جیکٹ کی تلاشی لی۔دونی جیب سے سلیپنگ پلز اور چند ایک ادویات برآمد ہوگئیں۔
اپنے اندر ایک عجیب سی بے سکونی، وحشت بھرا خوف لیے وہ اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔
لندن جانے سے پہلے اسے یہ مسئلہ نہیں تھا۔اتنا وہ جانتی تھی۔یا شاید تب بھی وہ لیتا ہو۔اسے اندازہ نہیں تھا یہ کب سے شروع ہوا تھا۔مگر اب کچھ ادویات کا فارس کے ساتھ مستقل طور پر جڑ جانا اسے شدید پریشانی میں مبتلا کر گیا تھا۔

☆......☆......☆

ہفتے کا دن تھا۔اپنی نگرانی میں وہ گراؤنڈ فلور کے بیشتر کمروں کی صفائی کروا رہی تھی۔ایک نئی ترتیب سے چیزوں کو آرگنائز کرتی، غیر ضروری سامان کو اسٹور روم میں رکھواتی وہ خود بھی ملازمین

https://novelskidunya.com/

کے ساتھ جتی ہوئی تھی۔لکڑی کے باکس میں دھری کچھ آرائشی اشیاء کا جائزہ لیتی وہ سجاوٹ کے لیے کچھ نئی اشیاء کا انتخاب کر چکی تھی۔

مسز شیرازی کے کہنے پر اس نے لاؤنج کی دیوار گیر کھڑکیوں کے پردے بھی بدلوا دیے تھے۔ راہداری کی دیواروں پر کچھ پینٹنگز کا بھی اضافہ کر دیا تھا۔ان ڈور پلانٹس کی بھی جگہ بدلی تھی۔

اور اب وہ اسٹور روم میں مزید کچھ ایسے بیش قیمت ڈیکوریشن پیسز کا جائزہ لے رہی تھی جو اٹلی، فرانس اور جانے کہاں کہاں سے خریدے گئے تھے۔

https://novelskidunya.com/

اس کے حکم پر اقصیٰ سٹول پر چڑھی، اوپری خانوں کا جائزہ لے رہی تھی۔فائلز کا ایک ڈھیر تھا جو گرد سے اٹا پڑا تھا۔کاغذات، لفافے، میگزین، اخبارات......مگر اس کی تمام تر توجہ اس آرائشی باکس کی طرف تھی جو ڈبے میں پیک کونے میں پڑا تھا اور جسے جنت نے نکالنے کا کہا تھا۔اسے وہاں سے اٹھانے کی جستجو میں ہاتھ لمبا کیے وہ ایڑیوں کے بل کچھ اوپر ہوئی تھی۔اگلے ہی لمحے اس کا توازن بگڑا تھا۔

''اقصیٰ!'' اسٹول پر گرفت جمائے جنت چلائی۔اقصیٰ نے بے اختیاری کے عالم میں ایڑیاں ٹکاتے ہوئے الماری پر گرفت جمائی مگر وہ باوجود کوشش کے بھی ان فائلز کو نہ سنبھال سکی جو دھڑ دھڑ لڑھکتی سیدھا فرش پر آن پڑی تھیں۔

Novels Ki Duniya

''تم ٹھیک ہو؟'' جنت نے سر اٹھا کر پوچھا تھا۔

''ج......جی جی......میں فائن، بالکل فائن۔'' وہ الماری سے چپکی کھڑی رہی تھی۔جنت نے بے اختیار سکھ بھرا سانس لیا۔اقصیٰ نے آرائشی باکس اس کے حوالے کیا اور خود بے حد احتیاط سے نیچے اتر آئی۔

''اف! ایک کام سمٹتا نہیں۔دوسرا بکھر جاتا ہے۔'' فرش پر بکھرے کاغذات کا ڈھیر دیکھ کر جنت جھنجھلائی تھی۔

''میں انہیں سمیٹ لیتی ہوں آپی!'' اقصیٰ کہہ کر پنجوں کے بل بیٹھ گئی تھی۔اب ایک ایک کر کے

سارے کاغذات فائلز میں رکھتی جا رہی تھی۔

احتیاط سے قدم اٹھاتے ہوئے وہ جانے کے لیے مڑ ہی رہی تھی کہ نگاہ فرش پر گرے اخبار کے فرنٹ پیج پر پڑی اور وہ ٹھٹک کر رک گئی۔ جھک کر اخبار اٹھا لیا۔ اگلے ہی لمحے خبر پڑھتے ہی وہ صدمے سے گنگ اپنی جگہ ساکت کھڑی رہ گئی۔

اس کے سامنے حادثاتی موت کی ایک خبر تھی۔ ملک کے ایک نامور بزنس ٹائیکون اعظم شیرازی کے اکلوتے بیٹے ہارون شیرازی اور پوتے حماد شیرازی کی موت کی خبر۔ جو کار ایکسیڈنٹ میں جاں بحق ہوئے تھے۔

کپکپاتے ہاتھوں میں اخبار لیے وہ دم بخود کھڑی تھی۔

مسز شیرازی نے اپنے جوان بیٹے اور شوہر کو ایک ہی دن میں کھویا تھا؟

اس کی پلکیں لرز اٹھیں، وجود پر کپکپی سی طاری ہوئی۔ اخبار ہاتھ میں لیے وہ راہداری میں آ گئی تھی اور وہیں سے بیک ڈور کھول کر اس نے عقبی لان کا رخ کیا تھا۔

جوان بیٹے اور شوہر کی جدائی کا صدمہ ایک ساتھ جھیلا تھا؟

وہ زینے پر رک گئی تھی۔ سوئمنگ پول کے عین سامنے لان چیئرز پر مسز شیرازی فارس کے ہمراہ بیٹھی ہوئی نظر آ رہی تھیں۔

وہ فارس سے کچھ کہہ رہی تھیں۔ پھر اس کا جواب سن کر وہ ایک دم سے مسکرانے لگی تھیں۔ پھر کسی بات پر ہنس پڑیں۔

محبت کا، رحم کا، ہمدردی کا...... جانے وہ کون سا احساس تھا کہ انہیں یوں ہنستے، مسکراتے دیکھ کر اس کا دل پھٹنے لگا۔ آنکھیں نم ہونے لگی تھیں۔

اس نے ہمیشہ انہیں بہت مضبوط دیکھا تھا۔ اپنی زندگی، وقت اور حالات پر صابر اور شاکر ہی نظر

آتی تھیں۔ مطمئن، پرسکون، پرامید......ان کی آنکھوں میں یقین کی ایک گہری چمک نظر آتی تھی۔ان کا چہرہ حسن ظن سے منور رہتا تھا۔

اس کی نظر فارس تک گئی۔ وہ لان چیئرز پر گردن پیچھے کی طرف گرائے آرام دہ حالت میں بیٹھا تھا۔ دھوپ میں آنکھیں بند تھیں۔ تاثرات نرم تھے۔

مسز شیرازی کی نظر جنت پر نہیں پڑی تھی مگر جنت انہیں ہی دیکھ رہی تھی۔ اخبار پر گرفت بڑھائے وہ واپس پلٹ آئی تھی۔ اسٹور روم کا دروازہ بند کر کے وہ کتنی ہی دیر تک غیر ضروری سامان میں گھری گہری سانسیں لیتی رہی تھی۔

ایک عجیب سی بے سکونی تھی جو اس کے اندر پھیل گئی تھی۔ ایک اذیت بھرا احساس تھا جو اس کی رگ رگ میں سما گیا تھا۔ اسے ایک دم سے مسز شیرازی کے دکھ پر، ان کے نقصان پر، ان کی اذیت پر رونا آیا۔ صدمہ ایک تو نہ تھا۔ وہ کس قدر مشکل حالات سے گزری تھیں۔ گہری سانس لے کر اس نے اقصیٰ کو دیکھا۔

وہ اپنی دھن میں تمام بکھرے ہوئے کاغذات سمیٹنے میں لگی ہوئی تھی۔ ساتھ ہی کچھ گنگنایا بھی جا رہا تھا۔ ملازمہ کاغذات اور فائلز کا بھرا ہوا ایک کارٹن لیے اندر آئی۔ آج صبح ہی فارس نے اپنی اسٹڈی کی صفائی کا حکم جاری کیا تھا۔ سو غیر ضروری فائلز اور ڈاکومنٹس معمول کی طرح اسٹور روم میں جگہ پانے والے تھے۔ ملازمہ نے وہ کارٹن بقیہ کارٹنز کے برابر میں میز پر رکھ دیا تھا۔

''فارس صاحب نے تو مانو گھر کو ہی آفس بنا دیا ہے۔'' اقصیٰ صفحے اکٹھے کر کر کے تھک گئی تھی۔

جنت نے اخبار لپیٹ کر دراز میں رکھ دیا۔ کھڑکی کی سلائیڈ کھول دی۔

''اور کیا رکھنا ہے آپی؟''

''اوپر جو پردے رکھے ہیں، وہ لے آؤ۔''

اسے حکم دے کر باہر دیکھا۔ کچھ دیر تک گہری سانسیں لیتی رہی۔ اس کی دائیں طرف آج ہی

فارس کی اسٹڈی سے آنے والا کارٹن ادھ کھلا سا رکھا تھا۔ خاکی رنگ کا ایک تڑا مڑا ہوا سا لفافہ کونے میں پھنسا تھا۔ اس پر کہیں روبی اکرم کا نام لکھا ہوا نظر آ رہا تھا۔

☆......☆......☆

''تم آج چپ چپ سی کیوں ہو؟''

فارس کے پوچھنے پر اس نے چونک کر سر اٹھایا۔

''نہیں تو......'' بدقت مسکرائی۔ کتاب ہاتھ میں تھی۔ اس نے ابھی تک اس کا ایک صفحہ بھی نہیں پلٹا تھا۔ گال پر پھسلتی لٹ کو کان کے پیچھے کرتے ہوئے اس نے فارس کو دیکھا۔

وہ صوفے پر تھی اور فارس بیڈ کی پائنتی کے ساتھ ٹیک لگائے بیٹھا تھا۔ لیپ ٹاپ کھلا ہوا تھا۔ اس کی فریم گلاسز پر لیپ ٹاپ اسکرین سبزی مائل عکس منعکس ہو رہا تھا۔ بال ماتھے پر بکھرے تھے۔

وہ کچھ دیر تک اسے دیکھتی رہی۔

''تمہیں حماد بھائی یاد تو آتے ہوں گے۔''

اس کا سوال اتنا اچانک اور فارس کے لیے اس قدر غیر متوقع تھا کہ ٹچ پیڈ پر اس کی انگلی ایک دم سے ساکت ہوئی تھی۔ اس نے بے ساختہ نظر اٹھا کر جنت کو دیکھا تھا۔ لب باہم پیوست رہے۔ جنت کی نگاہیں اس پر جمی تھیں۔ شاید وہ منتظر تھی کہ وہ اپنے بھائی کے ذکر پر اس سے کچھ تو کہے گا مگر فارس کا چہرہ سپاٹ اور زبان بالکل خاموش تھی۔

''اچانک یہ سوال کیوں؟'' خود کو مصروف ظاہر کرتے ہوئے وہ ایک بار پھر لیپ ٹاپ کی طرف متوجہ ہوا تھا۔

''ایسے ہی خیال آ گیا'' اس نے کہا۔ ''آنٹی بھی ان کے بارے میں زیادہ بات نہیں کرتیں۔''

فارس وجدان کی آنکھیں فریملیس گلاسز کے پیچھے مکمل چھپ گئی تھیں۔ اس کے تاثرات میں کوئی

https://novelskidunya.com/

تبدیلی نہیں آئی تھی۔ چہرہ مزید سپاٹ اور سنجیدہ سا لگنے لگا تھا۔

شاید گزر جانے والوں کا ذکر کچھ قریبی رشتوں کے لیے بہت تکلیف دہ ہوتا ہوگا۔ اس نے گہری سانس لے کر سوچا۔ لیکن وہ تو آج بھی اپنے نانا کو یاد کرتی تھی اور ان کے بارے میں ڈھیروں باتیں بھی کرنا چاہتی تھی۔ جانے کیا وجہ تھی کہ اس گھر میں ان لوگوں کا کوئی ذکر نہیں ہوتا تھا جو اسی گھر کا ایک مضبوط حصہ رہ چکے تھے۔

https://novelskidunya.com/

گہری سانس لے کر اس نے کتاب بند کر کے رکھ دی۔ پھر اٹھ کر باہر آ گئی۔

مسز شیرازی کے بیڈ روم کے سامنے رک کر اس نے بند دروازے پر آہستگی سے دستک دی تھی۔

''کم ان۔''

اجازت ملتے ہی وہ دروازہ کھول کر اندر آ گئی تھی۔ مسز شیرازی بیڈ کراؤن کے ساتھ ٹیک لگائے، کوئی کتاب ہاتھ میں لیے بیٹھی تھیں۔ اسے دیکھ کر کچھ حیران ہوئیں کہ ابھی کچھ دیر پہلے وہ فارس کے ہمراہ انہیں شب بخیر کہہ کر گئی تھی۔

ناولز کی دنیا NovelsKiDunya

''میں آپ کے پاس آ جاؤں؟'' معصومیت سے پوچھا۔

''بھلا یہ کیسا سوال ہوا؟'' کتاب رکھ کر، گلاسز ہٹاتے ہوئے انہوں نے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا اور وہ بہت سے آنسو اپنے اندر اتارتی ان کے پہلو میں لیٹتے ہوئے ان کی بانہوں میں سما گئی تھی۔

''کیا ہوا میری بیٹی کو؟''

ان کے سینے پر سر رکھے وہ نم آنکھوں کے ساتھ مسکرائی۔ ان کی آغوش میں ایک دم سے بہت سکون سا ملا تھا اسے۔

''کچھ بھی نہیں ہوا مجھے۔'' کہہ کر کچھ دیر چپ چاپ لیٹی رہی۔

وہ ان کے سامنے ان کے شوہر اور بیٹے کا ذکر کرنا چاہتی تھی۔ وہ انہیں اسٹور روم سے ملنے والے

ایک اخبار کے فرنٹ پیج پر نظر آنے والی ایک خبر کا حوالہ دینا چاہتی تھی۔ غم ان کا تھا۔ درد اسے ہوا تھا۔ اسے اس عرصے میں پہلی بار ادراک ہوا، وہ اندر سے کس قدر ٹوٹی ہوئی تھیں۔ پہاڑ جتنی آزمائشیں جھیل کر ان کے لبوں پر آج بھی کلمہ شکر جاری رہتا تھا۔

اسے ان کے پوتے کا خیال آیا۔ وہ معصوم اور یتیم بچہ جسے وجدان ہاؤس میں آنے کی اجازت نہیں تھی۔ اور جسے فارس وجدان قبولنے کو تیار نہیں تھا۔ اسے فارس کے ساتھ ان کی گفتگو، ان کی باتیں، التجائیہ لہجہ اور آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھیں یاد آئیں۔

''آپ نے فارس سے دوبارہ بات کی؟'' اس نے آہستگی سے پوچھا۔

''کون سی بات؟'' مسز شیرازی کے داہنے ہاتھ کی انگلیاں اس کے بالوں میں متحرک تھیں۔

''اپنے پوتے کے بارے میں۔'' اس نے بات ادھوری چھوڑ دی۔ مسز شیرازی کا ہاتھ رک گیا۔

''پہلے میں نے سوچا تھا۔ جب میں عسر یسرا کا راز پالوں گی تو آپ مجھے ایڈریس دے دیں گی اور میں آپ کے پوتے سے ملنے جاؤں گی اور اسے یہاں لے آؤں گی۔'' ایک لمحے کو رک کر اس نے اپنی کمزور پڑتی آواز کو مضبوط کیا۔ ''اور اب مجھے لگ رہا ہے کہ مجھے اس سے جلد ملنا چاہیے۔''

مسز شیرازی کے تاثرات بدل گئے۔ سیاہی مائل آنکھوں میں ایک غیر مفہوم سا تاثر ٹھہر گیا۔ جنت اٹھ کر بیٹھ گئی۔ وہ چہرے پر پریشانی لیے اسے دیکھ رہی تھیں اور وہ انہیں۔

''میں فارس سے بات کرنا چاہتی ہوں۔ میں اسے سمجھانا چاہتی ہوں کہ وہ ظلم کر رہا ہے۔''

''جنت!'' انہوں نے کچھ صدمے سے اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے مزید کچھ کہنے سے روکا تھا۔ ایک اضطراری کیفیت ان کے وجود پر طاری ہو چکی تھی۔

''نہیں۔'' نفی میں سر ہلاتے ہوئے اس کے ہاتھ پر گرفت بڑھائی۔ ''ہرگز نہیں۔'' ایک بار پھر زور دے کر کہا تھا۔ ''تم فارس سے اس بارے میں کبھی بھی، کوئی بات نہیں کرو گی۔'' لہجہ تادیبی، انداز تاکیدی تھا۔

''آنٹی!''

''یہ میرا اور فارس کا معاملہ ہے بیٹا! تم خود کو انوالومت کرو۔'' انہوں نے سمجھانے کی کوشش کی تھی۔

''تو کیا میں اس فیملی کا حصہ نہیں ہوں؟'' اس کی آواز بھرا گئی۔

''ایسی بات نہیں ہے بچے۔'' پیار سے کہا۔

''تو پھر کیوں؟ آپ پھر کیوں مجھے اپنے پوتے سے ملنے نہیں دے رہیں۔''

''میری طرف دیکھو۔'' گیلی آنکھوں سے اب وہ ان کی طرف دیکھنے لگی تھی۔ تاثرات یوں ہو رہے تھے جیسے ابھی کسی وقت رو دے گی۔ ماں اور بیٹے کی یہ کیسی محبت تھی کہ ماں صبر پر صبر کیے جارہی تھی اور بیٹا جبر پر جبر۔ اتنے غم انہوں نے سہے تھے اور اب پوتے کی جدائی بھی جھیل رہی تھیں۔

''تم فارس کے بارے میں الٹا سیدھا نہیں سوچو گی۔'' انہوں نے جیسے اس کے تاثرات اور آنکھوں سے اس کی سوچ ایک بار پھر پڑھ لی تھی۔

''وہ میرا بہت پیارا بیٹا ہے۔ اس نے مجھے کبھی تکلیف نہیں پہنچائی۔'' وہ کہہ رہی تھیں۔

''ریان میرا پوتا ہے۔ میں جانتی ہوں، مجھے اس معاملے کو کیسے ہینڈل کرنا ہے۔'' انہوں نے غم اور پریشانی کے ملے جلے تاثرات کو چھپاتے ہوئے متوازن لہجے میں سنجیدگی سے کہا تھا۔

''مگر تم...... تم اس معاملے میں کبھی نہیں پڑو گی۔ کبھی بھی نہیں۔''

وہ کچھ فکرمندی سے انہیں دیکھ کر رہ گئی تھی۔

اس کا تو خیال تھا وہ اس کی مدد کریں گی، مگر انہوں نے تو صاف انکار کر دیا تھا۔

''میں نے آپ سے وعدہ کیا تھا آنٹی!'' اس نے یاد دلایا۔

''تم نے یہ بات کہہ دی۔ میں سمجھوں گی تمہارا وعدہ پورا ہو چکا۔''

جنت انہیں بے بسی سے دیکھ کر رہ گئی۔

''وعدہ کرو۔تم کبھی بھی فارس سے کوئی بات نہیں کروگی۔ریان کا نام بھی نہیں لوں گی۔''

اس کا سر جھک گیا۔

''کب تک......آخر کب تک......آپ یہ سہیں گی؟''

اس نے نظر اٹھائی تو آنسو گال پر پھسل گئے۔''میں ماں بننے والی ہوں۔میں نے ابھی اپنے بچے کو اپنے ہاتھوں میں نہیں لیا ہے۔لیکن ابھی سے......آنٹی! ابھی سے سوچ آجائے تو میرا دل پھٹنے لگتا ہے اور آپ......''

''جنت!''انہوں نے تڑپ کر اسے دیکھا تھا۔اور اگلے ہی پل اسے سینے سے لگا لیا تھا۔''کیا ہو گیا ہے بچے؟ یہ کیا سوچ رہی ہو تم؟ میں پریشان نہیں ہوں۔تو تم کیوں ہو رہی ہو؟''وہ روتی جا رہی تھی اور جس کا درد تھا وہ اس کی پشت سہلا رہی تھیں۔

''مجھے اللہ پر پورا یقین ہے۔وہ میرے لیے آسانی کرے گا۔تم پریشان مت ہو۔''وہ کہہ رہی تھیں۔پھر اسے خود سے الگ کر کے اس کے سرخ پڑتے چہرے کو دیکھا۔''میں فارس سے خود بات کروں گی جنت۔ان شاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔''وہ اس سے زیادہ جیسے خود کو تسلی دے رہی تھیں۔''تم بس دعا کرو میرے پوتے کے لیے۔صرف دعا۔''پھر مسکرائیں۔''اب جاؤ! آرام کرو۔اور کچھ نہیں سوچنا!''پیار سے گال پر ہاتھ رکھا۔وہ آنسو صاف کرتی اٹھ کر چلی گئی۔دروازہ بند ہوا تو مسز شیرازی نے ایک گہری سانس لے کر اپنی پشت بیڈ کراؤن کے ساتھ ٹکا لی تھی۔ان کی آنکھوں میں اضطراب نمایاں تھا۔ہاتھوں میں کپکپاہٹ نظر آ رہی تھی۔اور دل تو جیسے غم سے پھٹنے کو تھا۔

انہوں نے گہری سانس لے کر آنکھیں موند لی تھیں۔لبوں پر ورد جاری تھا۔ذکر جاری تھا۔دعا جاری تھی۔

اپنے ہر دکھ، ہر درد اور ہر اذیت پر انہیں ہر صورت صبر کرنا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

لاؤنج میں وہ صوفے پر لیٹی تھیں۔فارس سامنے ہی بیٹھ کر کسی غیر ملکی چینل پر کچھ خبریں اور کاروباری پروگرامز دیکھ رہا تھا۔

کال ریسیو کرتے ہوئے وہ اٹھ کر مسز شیرازی کے پاس چلا گیا تو صوفے پر لیٹے لیٹے وہ پاپ کارن کھاتے ہوئے موبائل پر لگی رہی۔غیر ملکی چینل اسکرین پر ایڈ چل رہے تھے۔آواز قدرے مدھم تھی۔ایک پروگرام ختم ہوا تو دوسرا شروع ہوا۔منظر ایک اسٹیج کا تھا۔مختلف اینگل سے کیمرہ گھماتے ہوئے آڈینس دکھائی گئی۔بیک گراؤنڈ میں پروگرام کا نام لکھا نظر آرہا تھا۔ہوسٹ پروگرام کا آغاز کر چکی تھی۔ایک شاندار سی ڈاکیومینٹری ویڈیو چلا دی گئی۔

ریمپ پر مختلف ملبوسات میں واک کرتی ایک حسین خاتون،مختلف زاویے اور اینگل سے، مختلف ایونٹس میں لی جانے والی تصاویر جب میں سرخ کارپٹ کی تصاویر سب سے نمایاں تھیں۔کہیں انٹرویو دیتی ہوئی،کہیں مسکراتے ہوئے کیمرے کی طرف ہاتھ ہلا کر دیکھتی ہوئی۔کچھ ایکٹنگ کے سین تھے۔کہیں وہ وائس اوور کرتی ہوئی نظر آرہی تھیں۔کہیں وہ اپنی پراڈکٹ لانچ کے دوران مرکز نگاہ بنی ہوئی تھیں۔کہیں چیریٹی ورک کرتے۔کہیں مہاجر کیمپ کا دورہ کرتے۔شامی پناہ گزینوں میں راشن بانٹتے،کہیں کسی آرگنائزیشن سے منسلک ہو کر کسی کے لیے آواز اٹھاتے ہوئے۔

تعارف کے ساتھ بھرپور تالیوں کے بیچ وہ اسٹیج کی طرف جاتی ہوئی نظر آرہی تھیں۔

موبائل پر جھک کر ٹائپنگ کرتی جنت نے گہری سانس لے کر سر اٹھایا۔وہ ریموٹ سے آواز کم کرنا چاہ رہی تھی مگر اگلے ہی پل،ایک امریکن ہوسٹ کے سامنے براجمان اس پرکشش سی خاتون پر نظر پڑتے ہی رک گئی۔آنکھوں میں ایک دم سے حیرانی اتری۔

اسمارٹ سا سراپا،کریم رنگ کا میکسی نما سادہ سا لباس،سنہری بال ہلکا سا کرل لیے شانوں پر بکھرے تھے۔نفیس سا ڈائمنڈ جیولری سیٹ،انگلیوں میں بھی ڈائمنڈ رنگ تھی۔نازک پنسل ہیل جس میں

پاؤں نمایاں ہو رہے تھے۔ سفید دودھیا رنگت نیچرل لک دیتے میک اپ سے کچھ اور کھل رہی تھی۔ عمر یہی کوئی چالیس برس ہوگی۔ اس نے خود سے اندازہ لگایا۔ یا شاید وہ اپنی اصل سے بہت کم نظر آتی تھیں۔

وہ اگلے کئی لمحوں تک شناسا نظر آتے اس چہرے پر سے نظر نہ ہٹا سکی۔ کیا مشابہت تھی اس چہرے میں۔ اجنبی ہو کر ایک دم سے شناسا سا نظر آنے لگا تھا۔

خوش گوار حیرت کے ساتھ والیوم بڑھا دیا۔

ہوسٹ مختلف سوال کرتی جا رہی تھی اور وہ بہت ہی دھیمے لہجے میں بہت نزاکت سے جواب دے رہی تھیں۔

https://novelskidunya.com/

وہ ایک امریکی نژاد پاکستانی ماڈل اور کامیاب بزنس وومن تھیں جو بیں نوجوان آنٹراپرونورز (entrepreneur) کو اسٹارٹ اپ فنڈز دینے والی تھیں۔ یہ پروگرام اسی حوالے سے تھا۔ ساتھ ہی ان کی کامیابی کا راز۔ اور ان کی ذاتی زندگی کے بارے میں بھی سوال کیے جا رہے تھے۔ وہ سر اٹھائے، گردن سیدھی کیے ہر سوال کا جواب بہت سنجیدگی، متانت اور خوش اخلاقی سے دے رہی تھیں۔ آنکھوں میں ایک فاتحانہ چمک، اور مسکراہٹ تو ویسے ہی زندہ دلی کا ثبوت دے رہی تھی۔ جنت ان کی شخصیت سے ایک دم مرعوب ہوئی۔ وہ اسے باقی سلیبریٹیز کی طرح نہیں لگ رہی تھیں۔ اسے ان کی باتیں، بولنے کا طریقہ اچھا لگا۔ مسکراہٹ پر تو ویسے ہی دل آیا ہوا تھا۔

ایڈ کا سلسلہ شروع ہوا تو اس نے والیوم کم کر دیا۔

راہداری سے نکل کر فارس موبائل پر کچھ ٹائپ کرتا اوپن کچن میں چلا گیا۔

''کیا دیکھ رہی ہو؟''

''تمہارا فی میل ورژن۔'' ہنس کر بولی۔ ''عمر میں تم سے بڑی ہیں لیکن کمال کی ہیں۔ کہیں تمہاری کوئی بچھڑی ہوئی آپا تو نہیں ہیں؟''

"یہ کوئی اور مذاق ہوگا تمہارا؟" وہ ناسمجھی کے عالم میں مسکرا دیا۔

"اور مسکراتی بھی بالکل تمہاری طرح ہیں۔" جھٹ سے کہا۔

"کس کو دیکھ لیا ہے تم نے؟"

"ایک بزنس وومن ہیں۔" صوفے کی بیک سائیڈ پر بازو لٹکاتے ہوئے مڑ کر جواب دیا۔ کچن کاؤنٹر کے اس پار وہ اس کی جانب پشت کیے اورنج جوس کے لیے مالٹے کاٹ رہا تھا۔

"کوئی سات برانڈ تو اب تک لانچ کر چکی ہیں۔ مجھے تو بہت خوشی ہو رہی ہے کہ وہ پاکستانی ہیں۔"

فارس کی حرکت لمحے بھر کے لیے تھمی۔ صرف ایک لمحے کے لیے۔

"اچھا!" سر جھٹک کر اپنا کام کرنے لگا۔

"اب شاید ان کا پاکستان کے لیے بھی کوئی بزنس پلان ہے۔ کچھ تو نوجوانوں کو اسٹارٹ اپ فنڈنگ دیں گی۔ کچھ ایسا ہی کہہ رہی تھیں۔" آدھا انٹرویو ن کے جو باتیں سمجھ میں آئی تھیں، اپنی دھن میں بتا رہی تھی۔

فارس چپ رہا تو اسے لگا شاید اسے اس کی بات سمجھ میں نہیں آئی ہے۔

"مطلب جو پاکستان کے نئے آنٹراپرونورز ہیں، وہ اپنا وینچر سیٹ کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے ساتھ پارٹنرشپ کر کے انہیں اسٹارٹ اپ فنڈز دیں گی لیکن اس سے پہلے ان کی ٹیم پارٹیسپیٹ کرنے والوں کا بزنس پلان دیکھے گی۔ ان کی قابلیت جانچے گی پھر سلیکٹ کرے گی......اور مزے کی بات یہ ہے کہ بہت سی غیر ملکی کمپنیز بھی ان کے ساتھ حصہ لے رہی ہیں۔"

"ہونہہ!" اس کا دھیان کہیں اور تھا۔

"جیوری کی ٹیم میں کیا تم بھی شامل ہو گے؟"

https://novelskidunya.com/

فارس اپنی جگہ رک گیا۔ مڑ کر اسے دیکھا۔ ''میرا کیا دخل؟''

''آئی مین باہر سے ٹیم آئے گی اور تمہارا ابھی تو ایک نام ہے بزنس کی دنیا میں۔ پاکستانی ہو کر اس ٹیم میں شامل نہیں ہو گے تو کیا فائدہ؟''

''میرے بزنس مین ہونے کا؟''

''پاکستانی ہونے کا۔'' لفظوں پر زور دے کر بولی۔ ''تمہیں لازمی انویسٹ کرنا چاہیے۔'' اسے مشورہ دے کر پاپ کارن منہ میں ڈالے۔

فارس کو ایک غیر ملکی ٹی وی چینل کو اس کے سامنے کھلا چھوڑ دینے پر پچھتاوا ہوا۔ گہری سانس لے کر پھر سے مالٹے کاٹنے لگا۔

ایڈ ختم ہوا تو انٹرویو کا سلسلہ نئے سرے سے جوڑا گیا۔ پہلا حصہ کاروباری سوالات پر مشتمل تھا تو اب ان کی ذاتی زندگی سے متعلق سوال ہونے تھے۔

''تو کیا یہ اڑتی ہوئی افواہیں سچ ہیں کہ آپ دادی بننے والی ہیں؟''

ہوسٹ کے بالکل سامنے صوفے پر بیٹھی وہ کامیاب خاتون ایک دم سے ہنس پڑیں۔ ''اس طرح کی خبریں آپ لوگوں تک کیسے پہنچ جاتی ہیں۔''

وہ آواز...... وہ شیریں اور دل فریب آواز......

فارس کے ہاتھ ساکت، وجود پتھر کا ہو گیا۔

''بس ہمارے ذرائع آپ سے متعلق ہر چھوٹی بڑی خبر ہم تک پہنچا دیتے ہیں۔''

آڈینس میں ایک شور سا مچ گیا تھا۔

''جی بالکل! میں جلد ہی دادی بننے والی ہوں۔''

وجود پر ایک لرزہ سا طاری ہوا۔ اس نے دونوں ہاتھوں سے کاؤنٹر تھاما تھا۔ وہ آواز۔ ہنسی کی جھنکار......

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunia

پاپ کارن کھاتے ہوئے جنت نے آواز اونچی کی۔ بات سمجھ میں نہیں آئی تھی۔

"ایک نوجوان سی دادی...... ذرا دیکھیے تو...... میں آپ سے صرف تین سال بڑی ہوں اور مجھے آپ کے سامنے اپنا آپ بوڑھا لگ رہا ہے۔"

وہ اپنے مخصوص انداز میں بالکل ویسے ہی ہنس پڑیں۔

"ذرا بتائیے، آپ کی اس جوانی اور خوب صورتی کا کیا راز ہے؟"

"اوہ پلیز! یہ سوال نہیں۔ تقریباً ہر انٹرویو میں مجھ سے یہی سوال پوچھا جاتا ہے۔"

جنت اٹھ کر بیٹھی اب بغور دیکھ رہی تھی۔

"سو آپ کے بیٹے کے حوالے سے......" اس سے پہلے کہ بات مکمل ہوتی، فارس نے اس کے ہاتھ سے ریموٹ جھپٹ کر ٹی وی آف کر دیا۔

اس طرح بہت اچانک ٹی وی بند ہو جانے پر وہ ایک دم سے چونکی۔ "ارے بند کیوں کر دیا۔" ہاتھ بڑھا کر ریموٹ لینا چاہا تو اپنی جگہ رک گئی۔

فارس کی نگاہیں سیاہ تاریک اسکرین پر ٹھہری تھیں۔ خالی، ویران، سفید...... کوئی عکس نہیں، کوئی احساس، کوئی رنگ، کوئی اثر نہیں۔ چہرہ مکمل تاریک۔ پیشانی کی رگیں ایک دم سے نمایاں ہوئی تھیں۔ جبڑے سختی سے بھنچ گئے تھے۔

"فارس؟" اس کے لب ہلے۔

ایک دم سے اپنے آپ میں واپس آتے ہوئے اس نے جنت کو دیکھا تھا۔ شور ختم گیا۔ آوازیں ختم ہو گئیں۔

"میں مالٹے کاٹ کاٹ کے تھک گیا ہوں۔ اب باقی کام تم سنبھالو۔ اٹھو۔" وہ جو ایک دم سے اس کے تاثرات سے پریشان ہوئی تھی، تپ گئی۔

''خود کرو جو کرنا ہے۔'' ریموٹ واپس لینا چاہا تو اس نے سیل نکال کر جیب میں ڈال لیے۔ بازو سے پکڑ کر اٹھاتے ہوئے کچن کاؤنٹر کی طرف لے آیا۔

''یا اتنے سے مالٹے کاٹ کاٹ کے تھک گئے ہو تم؟''

وہ اس کے پیچھے کھڑا تھا۔ گلاس میں پانی ڈال کر غٹا غٹ چڑھا گیا۔ جنت نے بگڑے تیوروں کے ساتھ چھری اٹھالی اور اس کے پیچھے وہ کاؤنٹر پر ہتھیلیاں جمائے آگے کو جھک کر گہری سانسیں لے رہا تھا۔ اعصاب مشتعل ہو رہے تھے۔ اندر باہر ایک آگ سی جل اٹھی تھی۔

سامنے لاؤنج میں اسکرین تاریک تھی مگر منظر آنکھوں میں چل رہا تھا۔ آواز بند ہو چکی تھی مگر ہنسی جیسے پورے گھر میں گونج رہی تھی۔ وہ بے طرح مضطرب ہو رہا تھا۔

جنت مالٹوں کا جوس تیار کر کے انہیں گلاس میں ڈال کر فارغ ہوئی تو فارس اسے کہیں نظر نہ آیا۔ ٹرے اٹھائے مسز شیرازی کے کمرے میں چلی گئی۔ وہ بھی وہیں بیٹھا تھا۔

سب کو ایک ایک گلاس پیش کر کے، اپنا گلاس ہاتھوں میں لے کر ان کے ساتھ بیٹھ گئی۔ اب وہ ان سے باتیں کر رہی تھی۔ شاید کسی پروگرام کا بتا رہی تھی یا شاید مہمانوں کے لیے کل کا مینیو ترتیب دے رہی تھی۔ وہ خالی الذہنی کے عالم میں اپنے آس پاس گہرے سناٹے لیے بیٹھا رہا۔

پھر مسز شیرازی سے اجازت چاہتے ہوئے اٹھ کر چلا گیا۔

جنت کمرے میں آئی تو وہ لیٹا ہوا تھا۔

''سنو۔'' ذرا سا جھک کر مخاطب کیا۔

''ہوں۔'' وہ تکیے میں سر دیے آڑا ترچھا پڑا تھا۔ منہ آنکھیں سب بازو میں چھپا تھا۔

''تم سو رہے ہو؟''

''ہونہہ!''

''ابھی تو نو بھی نہیں بجے۔'' مایوس ہوئی۔ عموماً وہ آدھا گھنٹہ شام میں اس کے ساتھ لان میں روز واک کرتی تھی۔ آج پتا نہیں اسے کیا ہوا تھا۔ اتنی جلدی سو رہا تھا۔

''طبیعت ٹھیک ہے تمہاری؟''

خاموشی......

لائٹس آف کر کے وہ دوسری طرف آ بیٹھی۔

ہاتھوں پر لوشن لگاتے ہوئے چند لمحوں تک ناسمجھی کے عالم میں اسے دیکھتی رہی پھر وہ خود بھی سونے کے لیے لیٹ گئی۔

☆......☆......☆

روزمرہ کی روٹین کے مطابق ورک آؤٹ کروانے کے بعد وہ آفس کے لیے روانہ ہو چکا تو وہ گھر میں گھومتی پھرتی انتظامات کا جائزہ لینے لگی۔ آفس روم کی صفائی تقریباً روز ہوتی تھی۔ آج بھی ہو رہی تھی تو وہ دروازہ کھول کر اندر آ گئی۔

ایک طائرانہ نگاہ اطراف میں دوڑانے کے بعد آفس چیئر پر بیٹھ کر دائیں بائیں گھومتے ہوئے دیوار گیر کھڑکیوں سے باہر دیکھنے لگی۔ لان میں دھوپ اتری ہوئی تھی۔ آسمان اجلا لگ رہا تھا۔ وہ مالی عبد الغفور کو پودوں پر جھکا ہوا دیکھ سکتی تھی۔ اقصیٰ کبھی دائیں اور کبھی گھوم کر بائیں طرف آ کر ہاتھ ہلاتے ہوئے اپنے باپ سے جانے کیا کہہ رہی تھی۔ کئی بار اس نے روتی شکل بنائی تھی۔ اور جب وہ سر جھکائے کھڑی ہوئی تو واضح لگ رہا تھا، اب اسے اپنے باپ سے ڈانٹ پڑ رہی ہے۔

اس نے ملازمہ کو لان سے تازہ پھول توڑ کر لانے کا حکم دیا اور پھر میز پر کہنیاں ٹکائے میز پر دھری اشیاء کو دیکھنے لگی۔ درازوں میں فائلز، کچھ پیپرز وغیرہ رکھے ہوئے تھے۔

دوسری میڈ شیشے کی میز صاف کر رہی تھی۔ چھوٹے کارپٹ پر ویکیوم پھیرا گیا۔ کاؤچ کے کشن

ترتیب سے رکھے گئے۔تمام کام کر کے آفس ٹیبل کے پاس رکھی ڈسٹ بن خالی کرنا چاہی۔تب ہی شاپر ہاتھ سے چھوٹا تھا۔لکڑی کی ٹائلز پر خاکی لفافہ، پھٹے ہوئے کاغذات، تروڑ مروڑ کا شکار کچھ صفحے بکھر گئے تھے۔معذرت چاہتے ہوئے میڈ دوبارہ سے سب سمیٹنے لگی تھی۔

''کوئی بات نہیں۔'' اس نے سر ہلایا۔یکا یک اس کی نظر خاکی لفافے پر پڑی۔سیاہ مارکر سے بڑا بڑا کر کے ''روبی اکرام'' لکھا ہوا نظر آ رہا تھا۔کسی خاتون کا خط تھا۔

''یہ دکھانا مجھے۔'' اس نے کہا تو میڈ نے فوراً سے لفافہ اس کے حوالے کر دیا۔اس نے لفافہ موڑ کر دیکھا۔جس پتے سے بھیجا گیا تھا وہ پتا اور ساتھ ہی فون نمبر بھی درج تھا۔

''حیرت ہے، فارس نے پڑھے بغیر ہی پھینک دیا۔'' ایک تجسس سا لیے اس نے لفافہ چاک کر کے فولڈ کیا ہوا صفحہ نکالا۔

روبی اکرام کا وہ خط فارس شیرازی کے نام تھا۔جنت ناسمجھی کے عالم میں چند لمحوں تک کھڑی رہی پھر ملازمہ کے ذمے چند ایک کام لگاتے ہوئے وہ وہیں کرسی پر بیٹھ گئی تھی۔اس نے لفافہ چاک کر دیا۔بھورے رنگ کا وہ بے طرح فولڈ کیا ہوا کاغذ نکال کر کھولا۔وہ ایک طویل سا خط بہت سے حوالہ جات پر مشتمل تھا۔پہلے پہل وہ سمجھ نہ پائی وہ کیا پڑھ رہی ہے مگر جب سلام دعا اور خیر خیریت کے بعد ایک معقول اسلوب سے کسی ریان شیرازی کا حوالہ شروع ہوا تو وہ ایک جھٹکے سے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

ریان شیرازی ساڑھے پندرہ ماہ کا بچہ جو اوصاف منزل میں اپنے ماموں کے یہاں رہ رہا تھا۔روبی اکرام اس گھر کی ملازمہ تھی۔بچہ اس کے ساتھ رہتا تھا اور وہ اپنی سادہ سی تحریر کے ذریعے بتاتی جا رہی تھی کہ اوصاف منزل میں وہ بچہ کس حال میں تھا اور کس طرح سے رہ رہا تھا۔جنت جیسے جیسے پڑھتی جا رہی تھی، اس کی سانسیں رکتی جا رہی تھیں۔

''مجھے رشیداں سے پتا چلا، آپ ڈھیر سارا پیسہ دیتے ہیں۔لیکن طارق صاحب اس میں سے

ایک روپیہ بھی ریان پر خرچ نہیں کرتے۔ میں تو دودھ میں بھی پانی ملا کر دیتی ہوں۔ جو روٹی بچ جاتی ہے اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے کھلاتی ہوں۔

بیگم صاحبہ ہر چیز پر نظر رکھتی ہیں۔ رمشہ باجی اپنے بیٹے کے کپڑے دے دیتی ہیں تو وہی اسے پہناتی ہوں۔ وہ بہت کمزور ہے۔ اور بیمار بھی ہے۔ میں نے طارق صاحب کو بتایا تو انہوں نے تھوڑے سے پیسے دے کر کہا کہ دوائیاں منگوالو۔ اب میں اتنے سے بچے کو ڈاکٹر کو دکھائے بغیر کیسے دوائیاں منگوا سکتی تھی؟"

جنت کا داہنا ہاتھ بے ساختہ لبوں پر آ ٹھہرا۔ مسز شیرازی کا پوتا، فارس کا بھتیجا...... اس حال میں؟ مسز شیرازی تو قطعی لاعلم تھیں اس سب سے۔ تو کیا۔ کیا فارس بھی؟ یا پھر وہ سب جانتے بوجھتے ہوئے بھی ریان کو وہاں چھوڑے ہوئے ہے؟

اس کا سر بے اختیار نفی میں ہلا۔ فارس اتنا بے حس نہیں ہو سکتا۔ وہ ایک یتیم بچے کے ساتھ ایسا نہیں کر سکتا۔ مگر خط کی تحریر...... اس کے ذہن میں دھماکے سے ہو رہے تھے۔

"آپ پیسے بھیجتے ہو لیکن کبھی ریان کو دیکھنے نہیں آئے۔ ریان کی ماں بھی نہیں آتی۔ ثمرین کی شادی پر بھی نہیں آئی تھی ورنہ میں اس سے بات کرتی۔

ریان بیمار رہتا ہے۔ اس کا ہاتھ دروازے میں آ گیا تھا۔ اور تب سے ٹھیک نہیں ہوا۔ اور وہ اپنی مٹھی بند رکھتا ہے۔ میں ذرا سا ہاتھ لگاؤں تو چیختا ہے۔ اسے درد ہوتا ہوگا نا۔"

جنت کا دل جیسے کسی نے مٹھی میں جکڑ لیا۔

آنکھیں تر ہونے لگیں۔

"یہ میرا چوتھا خط ہے۔ میں چار مہینوں سے انتظار کر رہی ہوں۔ ابھی تک کوئی جواب نہیں آیا۔ صاحب! میں آپ سے گزارش کرتی ہوں آپ ریان کو یہاں سے لے جاؤ۔ یہ میرا فون نمبر ہے۔ مجھ سے اس پر رابطہ کر سکتے ہیں۔"

اور نیچے فون نمبر درج تھا۔

بات ختم ہوگئی۔خط ختم ہوگیا۔درد ختم نہ ہوا۔وحشت ختم نہ ہوئی۔اس نے بے اختیار میز کا سہارا لیا تھا۔اور پھر گرنے کے سے انداز میں کرسی پر بیٹھ گئی تھی۔

آنکھوں میں بے یقینی سی اتری ہوئی تھی۔اپنے حواس مختل ہوتے ہوئے محسوس ہو رہے تھے۔وہ جانتی تھی فارس کا بھتیجا اپنے ننھیال میں رہ رہا ہے۔ایسے رہ رہا ہے اور اس طرح سے رہ رہا ہے،اس کا تو اس نے گمان بھی نہیں کیا تھا۔

https://novelskidunya.com/

مسز شیرازی اور فارس وجدان کے مابین اس نے ریان کا ذکر صرف ایک بار سنا تھا۔صرف ایک بار..... جب وہ اسے گھر لانے کی بات کر رہی تھیں تب دروازے کی درز سے اندر دیکھتے اور چھپ کر ان کی بات سنتے اس نے فارس وجدان کو ایک دم سے اشتعال میں آتے دیکھا تھا۔

اس نے چند ایک بار مسز شیرازی سے ان کے پوتے کے بارے میں بات کرنے کی کوشش کی تھی مگر وہ ہمیشہ اس بات کو ٹال دیتی تھیں۔انہوں نے حال ہی میں اسے فارس سے کوئی بھی بات کرنے سے منع کر دیا تھا۔وہ اسے اس معاملے سے قطعی دور رکھنا چاہتی تھیں۔

انہوں نے کبھی بھی کسی اختلاف کی نشان دہی نہیں کی تھی اور نہ ہی کبھی کسی مسئلے کا ذکر کیا تھا۔وہ ہمیشہ ایسے ہی ظاہر کرتی تھیں جیسے یہ کوئی سنجیدہ معاملہ نہیں تھا۔مگر وہ جانتی تھی وہ اپنے یتیم پوتے کی وجہ سے کس قدر اذیت میں رہتی تھیں۔کتنا غم سہتی تھیں اور کتنے درد میں روتی تھیں۔تب ہی اس نے ہمت بندھائی تھی اور وعدہ کیا تھا۔

وہ وعدہ جو وہ ابھی تک ایفا نہیں کر سکی تھی۔بات عسر یسرا کی تھی تو اس نے خود ہی شرط رکھ دی تھی مگر اب اسے ادراک ہوا تھا مسز شیرازی اسے ریان سے ملوانا ہی نہیں چاہتی تھیں۔ورنہ ایک ایڈریس دینا کون سا مشکل کام تھا؟ آخر انہیں کیا خوف اور پریشانی لاحق تھی،کہ انہیں خود پر یہ جبر کرنا پڑ رہا تھا؟

کیا فارس اور حماد کے درمیان کوئی اختلاف تھا؟ کیا وہ اسی اختلاف کی بنا پر اپنے بھتیجے کو قبول نے کو تیار نہیں ہے؟ خط پر اپنی لرزتی انگلیوں کی گرفت بڑھاتے ہوئے اس نے شدت سے دھڑکتے دل کے ساتھ کچھ پریشانی سے سوچا تھا۔

کیا وہ اختلاف، وہ جھگڑا، وہ نفرت اتنی شدید تھی کہ بھائی کی موت کے بعد بھی......

اسے ایک دم سے اپنا دم گھٹتا ہوا محسوس ہوا۔ اس کی نگاہیں فارس وجدان کے وسیع آفس روم میں یہاں وہاں بھٹک رہی تھیں۔ ان میں ہراس پھیلا ہوا تھا۔ ان میں وحشت سی اتری ہوئی تھی۔

''کوئی اتنا سنگدل کیسے ہو سکتا ہے؟'' وہ سوچنے لگی تھی۔ وہ پھر سے سوچنے لگی تھی۔ اور ایک دم سے سوچ جامد ہوئی تھی۔ وجود میں سناٹا پھیلا تھا۔ آفس روم تنگ و تاریک ہو گیا۔ آس پاس خاموشی چھا گئی تھی۔

https://novelskidunya.com/

شدید محبت اور اس قدر مضبوط رشتے کے باوجود آخر کیا وجہ تھی کہ مسز شیرازی ابھی تک فارس وجدان کو ریان کے لیے قائل نہیں کر سکی تھیں؟

ناولز کی دُنیا Novels Ki Dunya

ملازمہ سامنے ہی ریک پر ترتیب سے رکھی فائلز کو صاف کر رہی تھی۔ پھر اس نے گلدان سے مرجھائے ہوئے پھول نکال کر تازہ پھول ڈالنا شروع کر دیے۔ اس کے آس پاس ایک دم سے خوشبو پھیلی۔

''اسے الزام مت دو جنت! میں بھی نہیں دیتی۔'' انہوں نے کہا تھا۔

اس تمام عرصے میں وہ ان کے لیے فارس کی محبت دیکھ چکی تھی۔ وہ ان کی تکلیف پر کس قدر بے چین ہو جاتا تھا۔ ان کا کوئی بھی حکم کسی صورت نہیں ٹالتا تھا۔ اسے ان کی فکر رہتی تھی۔ اس کے باوجود یہ رویہ۔

وہ بے انتہا الجھنوں کے ساتھ اپنی جگہ پر بیٹھی رہ گئی تھی۔

روبی کا خط ہاتھوں میں تھا۔ روبی کا نمبر بھی۔ اس کی خواہش اس طرح پوری ہو گی۔ ریان تک پہنچنے کا راستہ ایسے نکلے گا اس کے بارے میں تو اس نے کبھی سوچا ہی نہیں تھا۔

اس نے مطلوبہ نمبر ڈائل کر کے سیل فون کان سے لگا لیا۔ کچھ دیر تک اپنی دھڑکنوں کے ساتھ ساتھ گھنٹی کی آواز سنتی رہی۔ کچھ تاخیر سے ہی سہی، لیکن کال اٹھالی گئی۔

''ہیلو!'' وہ سمجھ رہی تھی کوئی خاتون ہوں گی مگر آواز کسی لڑکی کی تھی۔

''روبی اکرام بات کر رہی ہیں؟''

''جی کون؟'' دوسری طرف سے وہ الرٹ ہوئی تھی۔

''میں......'' اس نے رک کر اپنے اس رشتے کو سوچا تھا جو ریان سے تھا۔ ''میں ریان کی چچی بات کر رہی ہوں۔''

دوسری طرف روبی اکرام ایک جھٹکے سے اپنی چارپائی سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

''آپ...... آپ واقعی ریان کی چچی ہیں؟'' اس کی آواز ایک دم سے بھرا گئی تھی۔ ''میں نے اتنے خط لکھے، اتنی دعائیں مانگیں۔''

خوشی کی انتہا نہ تھی۔ مڑ کر سوئے ہوئے بچے کو دیکھا پھر منہ پر ہاتھ رکھے کھڑکی کے پاس جا کھڑی ہوئی۔ اسے تو جیسے ابھی بھی یقین نہیں آرہا تھا کہ ریان کے ددھیال سے رابطہ ہو گیا تھا۔

''جی، مجھے آپ کا خط ملا تھا روبی!'' اس نے خشک لبوں کو تر کرتے ہوئے کہا تھا۔ ''ریان کیسا ہے؟''

''ٹھیک ہے جی۔'' مڑ کر نہال ہوتی نگاہوں سے معصوم چہرے کو دیکھا۔ آنکھوں میں خوشی کے آنسو تھے۔ ''سو رہا ہے۔''

''ہاتھ کیسا ہے اب اس کا؟''

''ویسا ہی ہے۔ میں نے رشیداں سے بولا تھا۔ کہہ رہی تھی، ڈاکٹر کو دکھانے لے جائے گی۔ ڈاکٹر فیس بھی تو بھاری لے گا۔ رشیداں اس لیے نہیں لے جاتی۔ اس کا گھر والا ہے بھی بڑے غصے والا۔''

پلکیں جھپکا کر نمی اپنے اندر اتارتے ہوئے جنت نے سر اٹھایا۔

https://novelskidunya.com/

"آپ...... آپ مجھے بتاؤ، آپ کب آؤ گی لینے؟"

وہ منتظری پوچھ رہی تھی کہ اور کتنے دن ریان شیرازی اس حال میں اوصاف منزل میں رہے گا۔ اس کا بس چلتا تو وہ خود بچے کو چھوڑنے آجاتی۔

"میں جلد آؤں گی روبی! تم بس ریان کا اچھے سے خیال رکھو۔"

"جلد...... یعنی کب...... کل؟"

نچلا لب دانتوں تلے دبے، جھلملاتی آنکھوں سے وہ سر جھکائے رہی۔

"کیا ریان کی مما سے رابطہ نہیں ہوا؟" اس نے پوچھا۔

روبی کے کندھے جھک گئے۔ چہرے پر مایوسی در آئی۔ "میں نے آپ کو سب بتایا ہے۔ آپ پھر بھی ریان کو لینے نہیں آؤ گی؟" وہ اس کے سوال کا جواب دیے بغیر اپنی کہہ رہی تھی۔

"ایسا نہیں ہے روبی! ورنہ میں تم سے رابطہ کیوں کرتی؟" اس نے سنبھل کر کہا۔ روبی کو کچھ حوصلہ ہوا۔ "تم مجھے اوصاف منزل کا ایڈریس میسج کر دو۔ میں ان شاء اللہ جلد ریان سے ملنے آؤں گی۔"

"ملنے نہیں۔" روبی کی آواز میں عجیب سا احساس تھا۔ "لینے آنا آپ اسے......"

"لینے ہی آؤں گی۔" حتمی لہجے میں کہہ کر اس نے کال کاٹ دی تھی۔

☆......☆......☆

رات کا جانے کون سا پہر تھا جب خوف کے عالم میں اس کی اچانک آنکھ کھل گئی تھی۔

پیشانی پسینے سے تر بتر...... اور سانسیں بھی چڑھی ہوئی تھیں۔ کہنی کے بل ذرا سا اوپر ہوئی کہ پانی کی بوتل اٹھا سکے مگر سائیڈ ٹیبل پر کچھ نہیں رکھا تھا۔ روہانسا ہو کر سر تکیے پر گرا لیا۔

"فارس۔" اس نے بند آنکھوں کے ساتھ اسے ہلایا۔ حلق میں کانٹے چبھ رہے تھے۔

فارس نے اس کی آواز پر بیدار ہوتے ہی کروٹ بدلی تھی۔

''پانی...... پانی چاہیے۔''

وہ اسی وقت اٹھ کر روم فریج سے بوتل نکال لایا تھا۔ بازو کے سہارے اسے اٹھا کر بٹھاتے ہوئے گلاس دیا۔ اس نے پانی یوں پیا جیسے صدیوں کی پیاسی ہو۔

''ٹھیک ہو؟'' وہ پوچھ رہا تھا۔

اس نے سر کو جنبش دی۔ سر تکیے پر واپس رکھا۔ آنکھیں بند کر لیں، بار بار روبی کا خط اور باتیں ذہن میں آ رہی تھیں۔ وہ پچھلے تین دنوں سے ریان کے حوالے سے الجھن اور پریشانی میں مبتلا تھی۔ ہر رات اسی ٹینشن میں آنکھ کھل جاتی تھی۔ کبھی خوابوں سے الجھ کر، کبھی کسی خوف میں پھنس کر۔ نیند ٹھیک سے نہیں آتی تھی۔ طبیعت بھی ٹھیک نہیں رہتی تھی۔

جھنجھلاہٹ کے عالم میں اس کی شکل یوں ہوئی جیسے ابھی رو دے گی۔

''اب کیا ہوا؟'' وہ پوچھے بنا نہ رہ سکا۔

''بھوک لگ رہی ہے۔'' لیٹے لیٹے بھیگی آنکھوں اور روتی آواز میں بولی۔

''اس میں رونے کی کیا بات ہے؟'' وہ جو اپنی سائیڈ پر آ کر بیٹھا تھا، تعجب کا شکار ہوا۔

''ابھی سونے سے پہلے ہی تو کھانا کھایا تھا۔'' وہ روہانسا ہو کر بول رہی تھی۔ اس کا دکھ کسی اور بات کا تھا۔ اظہار کسی اور بات پر کر رہی تھی۔

''تمہارا کوئی علاج نہیں۔'' وہ بڑبڑاتے ہوئے کمرے سے چلا گیا۔ جنت نے آنکھوں پر بازو رکھ لیا۔ ذہن الجھا ہوا تھا۔ ریان کے حوالے سے وہ کسی بھی نتیجے پر پہنچ نہیں پا رہی تھی۔ اسے کیا کرنا چاہیے؟ اور کیا نہیں کرنا چاہیے؟ وہ پچھلے کئی دنوں سے تذبذب کا شکار تھی۔ ابھی بھی سوچوں کا طوفان ذہن میں امڈتا چلا آ رہا تھا۔ مسز شیرازی سے وہ بات نہیں کرنا چاہتی تھی کہ مبادا انہیں پریشان کر دے۔ اور فارس سے بات کرنے کی ہمت وہ خود میں پیدا نہیں کر پا رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/

فارس اس کے لیے پھل کاٹ کر لے آیا تھا۔ وہ اٹھ کر بیٹھ گئی۔

"تمہیں بخار ہو رہا ہے۔" پیشانی پر ہاتھ رکھ کر بولا۔

"نہیں۔ بس ایسے ہی۔" کہہ کر اس کا ہاتھ ہٹا دیا۔ اب وہ فروٹ کھا رہی تھی تو وہ گھوم کر اپنی جگہ پر آ گیا تھا۔

ٹیبل کلاک رات کے ڈھائی بجا رہی تھی۔ ایک بار پھر سونے کی کوشش کی لیکن جنت کی فکر آڑے آ گئی۔ کروٹ بدل کر اسے دیکھنے لگا۔ وہ خالی پلیٹ سائیڈ ٹیبل پر رکھنے کے بعد اپنی جگہ پر ویسے ہی بیٹھی ہوئی تھی۔ متفکر نگاہیں نیم تاریکی میں یہاں وہاں بھٹک رہی تھیں۔

https://novelskidunya.com/

"پھر سے کوئی ٹینشن لے رہی ہو؟"

"ن...... نہیں تو......"

"پھر کیا سوچ رہی ہو؟"

اس نے گردن موڑ کر فارس کو دیکھا۔ پھر سیدھا ہوتے ہوئے بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائی۔ کمفرٹر انگلیوں میں دبائے، اضطراب چھپانے کی کوشش میں ہلکان۔ وہ اب اسے دیکھ رہی تھی۔

"اگر مجھے کوئی بات ڈسٹرب کرے تو...... یا اگر کوئی ایسی بات ہو، جس کے بارے میں مجھے یہ لگے کہ......" وہ رک گئی۔ اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا وہ بات کیسے شروع کرے۔

"کہ کیا......؟"

"اگر کوئی ایسی بات ہو۔ جس کے بارے میں مجھے یہ لگے کہ وہ میں تم سے کروں گی تو شاید تمہیں غصہ آ جائے۔"

لحاف کی زد میں ہونٹ چھپے ہوئے تھے تو جنت اس کی مسکراہٹ دیکھنے سے قاصر تھی۔

"تو......؟"

"تو یہ کہ میں تم سے وہ بات کیسے کروں؟" بڑی فکرمندی سے پوچھا۔

"تم میرے غصے کی پروا کب سے کرنے لگیں؟" اس نے آہستگی سے پوچھا اور جنت کمال اپنی جگہ تھم گئی۔ سوال درست تھا۔ حق سچ بات کہتے ہوئے اس نے کب فارس وجدان کے غصے کی پروا کی تھی؟ خوف کی دھند چھٹ گئی۔ سوچ کے درو ا ہوئے۔ کوئی احساس خیال بن کر ابھرا۔

فارس منتظر نگاہوں سے اسے دیکھ رہا تھا مگر وہ اسے گڈ نائٹ کہہ کر کروٹ بدل گئی۔

فارس چند لمحوں تک اپنی سوچ کے گھوڑے دوڑاتے ہوئے سوچتا رہا کہ آیا ایسی کون سی بات ہو سکتی تھی جس کے حوالے سے وہ اس کے ممکنہ ردعمل سے اس قدر پریشان نظر آرہی تھی۔

مگر اس کے ذہن میں کوئی بات نہیں آرہی تھی۔ اس کا ذہن خالی رہا تھا۔

☆......☆......☆

وہ آفس روم میں اپنا کام کر رہا تھا جب وہ دستک دے کر اندر داخل ہوئی تھی۔ آفس ٹیبل کے قریب آکر اس نے لیپ ٹاپ کی اسکرین بند کر دی۔ فارس نے نظر اٹھائی تو اس نے ہاتھ بڑھا کر اس کے گلاسز بھی اتار دیے۔ اس نے گہری سانس لے کر جنت کو دیکھا۔

"میرے ساتھ باہر چلو۔ لان میں۔"

"کیوں؟"

"کیونکہ مجھے تم سے بہت ضروری بات کرنی ہے۔" بازو سے پکڑ کر اٹھانا چاہا تو وہ اٹھ گیا۔ وہ اس کے بازو پر دونوں ہاتھوں کی گرفت مضبوط کیے لان میں لے آئی تھی۔ لان لائٹس کی روشنی اور بے انتہا تاریکی میں وہ کچھ دیر اس کے ساتھ کھلی فضا میں ٹہلتی رہی تھی۔

پھر وہ شیڈ تلے آن کھڑی ہوئی۔ چند لمحوں تک خود میں ہمت پیدا کرتی رہی۔ فارس پرسوچ نگاہوں سے دیکھتے ہوئے اس کے تاثرات پڑھنے کی کوشش کرتا رہا۔

''تو......کیا بات کرنی ہے تمہیں مجھ سے؟''

جنت نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

''ریان! تمہارا بھتیجا۔ میں چاہتی ہوں، تم اسے گھر لے آؤ۔''

فارس وجدان صدمے سے گنگ اپنی جگہ کھڑا رہ گیا۔ اسے بالکل اندازہ نہیں تھا۔ وہ رات کے اس پہر اسے لان میں لا کر ایسی کوئی بات کرنے والی ہے۔

''فارس۔''

اس نے ہاتھ کھڑا کر کے جنت کو مزید کچھ کہنے سے روکنا چاہا تھا۔ وجود میں لاوا سا بھر گیا تھا۔

''مجھے نہیں معلوم تمہارے اور حماد بھائی کے درمیان کیا اختلاف رہے ہیں لیکن وہ یتیم بچہ ہے۔ تم اب اس کے چچا ہو۔ اس کے باپ کی جگہ ہو۔''

''جنت پلیز۔'' اس نے اپنا ہاتھ چھڑاتے ہوئے اسے تحمل سے روکا تھا کہ وہ بات وہیں ختم کر دے۔ مزید ایک لفظ نہ کہے۔

''میں نے آنٹی کو روتے دیکھا ہے۔ وہ بیمار رہتی ہیں۔ وہ ریان کے لیے ہر وقت پریشان رہتی ہیں۔ وہ تم سے اتنی محبت کرتی ہیں اور تم......فارس تم انہیں اس طرح تکلیف کیسے پہنچا سکتے ہو۔'' وہ منت بھرے لہجے میں بات کرتے ہوئے بولی تھی اور وہ ایک دم سے پیچھے ہوا۔

رات کی تاریکی اس کے وجود میں اتر ی۔ اندر باہر آگ پھیل گئی۔

''پیسے بھیج کر تمہیں لگتا ہے، فرض ادا کر دیا۔ صرف اتنا کافی نہیں ہے۔ تم نے اس کی حالت نہیں دیکھی ہے! وہ وہاں کیسے رہ رہا ہے۔ تم یہ بھی نہیں جانتے۔ تم کبھی اس سے ملنے نہیں گئے۔''

وہ درشتی سے اپنا بازو چھڑا کر پیچھے ہٹا تھا۔

''ٹھیک ہے، اگر تم نہیں ملنا چاہتے تو کم از کم مجھے یا آنٹی کو تو ملنے دے سکتے ہو۔''

''فارس! تم خود باپ بننے والے ہو۔ یہ ظلم ہے۔''

''جنت! ایف!'' اس نے شدید غصے کے عالم میں دھاڑ کر کہا تھا اور وہ ایک دم سکتے میں آ گئی تھی۔ فارس کے اعصاب مشتعل تھے، اس کی آنکھوں میں سرخی اتری تھی۔ اس کے تاثرات سخت پتھریلے ہو رہے تھے۔ وہ متوحش نگاہوں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

''ف...... فارس......'' اس کے لبوں سے بے آواز نکلا۔

''آئندہ......'' اس کی سانسیں پھولی ہوئی تھیں۔ جبڑے بھینچے ہوئے اور پیشانی کی رگیں ابھر آئی تھیں۔ ''آئندہ تم اس کا نام نہیں لوگی میرے سامنے اور نہ ہی ملنے کی کوشش کرو گی۔''

جنت کمال کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اس نے خون جما دینے والے لہجے میں کہا تھا۔ جنت کمال صدمے میں آئی تھی۔ کتنی بے گانگی تھی فارس وجدان کی آنکھوں میں۔ کتنا اجنبی سا لہجہ تھا اس کا۔

''اگر تم چاہتی ہو، ہمارے درمیان سب ٹھیک رہے تو......'' اس نے ایک ثانیے کا توقف کرتے ہوئے کھینچ کر سانس لی۔ ''تو تم...... اس معاملے میں نہیں پڑو گی۔'' کہہ کر وہ مزید ایک لمحے کے لیے وہاں نہیں رکا تھا اور جنت کمال پتھرائی ہوئی نگاہوں سے اسے دیکھتے اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔ اس کا دماغ ماؤف ہو رہا تھا۔ اس کے انداز، لہجے اور اس قدر سخت رویے پر وہ دہشت میں آ گئی تھی۔

''تم فارس سے اس سلسلے میں کبھی بھی کوئی بات نہیں کرو گی۔'' اس سے مسز شیرازی نے کہا تھا۔ اسے اب سمجھ میں آیا تھا مسز شیرازی نے ایسا کیوں کہا تھا۔ اسے بالکل اندازہ نہیں تھا، وہ اتنی سی بات پر اس طرح ری ایکٹ کرے گا۔ ایک ذرا سے مطالبے پر اس طرح ہائپر ہو جائے گا۔

وہ کچھ دیر تک اپنی جگہ منجمد کھڑی رہی۔

''اسے الزام مت دو جنت! میں بھی نہیں دیتی۔''

فوٹو البم سے جھانکتی کسی تنہا خاموش بچے کی تصویریں...... اسرار میں ڈوبی ایک ویران زندگی۔

سمجھ میں آنے والا دھوپ چھاؤں سا رویہ۔

خود پر طاری جمود کو توڑتے اس نے قدم اٹھائے۔ رخ اپنے بیڈ روم کی طرف تھا۔ دروازہ کھول کر اندر آ گئی۔

اب وہ واش روم کے سامنے کھڑی تھی۔ اس نے کچھ پریشانی کے عالم میں دروازہ بجایا تھا۔ اندر وہ کپڑوں سمیت شاور کے نیچے کھڑا تھا۔ مگر وجود کی آگ تھی کہ بجھنے میں نہیں آ رہی تھی۔ نہ ہی پانی کے شور میں کوئی آواز کم ہو رہی تھی۔

''دروازہ کھولو فارس!'' وہ اسے آوازیں دیتے ہوئے کہہ رہی تھی۔ جسم پر ایک کپکپی سی طاری تھی۔

وہ شاور کے نیچے سر تھامے بیٹھ گیا تھا۔ آنکھیں موندے، سانسیں لیتے۔ وہ اپنے اندر ابھرتی چیخوں کو بآسانی سن سکتا تھا۔ وہ خود کو اس کیفیت سے نکالنے کی کوشش کر رہا تھا۔ اس کے داہنے ہاتھ سے بہتا ہوا خون پانی کے ساتھ اپنا راستہ بنا رہا تھا۔

یہ جانتے ہوئے کہ دروازہ اندر سے لاکڈ تھا، وہ ہینڈل گھمائے جا رہی تھی۔ اور یہ جانتے ہوئے کہ وہ اسے نہیں سن رہا تھا وہ اسے آوازیں دیے جا رہی تھی۔ کئی خوف اور واہمے سر اٹھا رہے تھے۔ کئی خدشات کی لے پر وہ بہتی جا رہی تھی۔ کتنی ہی دیر تک وہ دروازہ بجاتے ہوئے اسے پکارتی رہی اور پھر......اسے پتا نہیں کیا ہوا وہ رو دی۔ وہ سچ مچ رو دی۔

''پلیز فارس......! دروازہ کھولو......!''

ایسا پہلے بھی ہوا تھا۔ اس نے آوازیں دی تھیں۔ اس نے منت کی تھی۔ اور روئی بھی تھی مگر تب دروازہ نہیں کھلا تھا۔ اب بھی دروازہ نہیں کھل رہا تھا۔ اسے اپنے آس پاس اندھیرے نظر آ رہے تھے۔ وحشت نظر آ رہی تھی۔

''فارس......پلیز......!''

اس کا ہاتھ دروازے پر ٹھہر گیا تھا۔ اس کی سسکیاں بلند ہونے لگی تھیں۔

شاور بند ہوگیا۔ شور ختم ہوگیا۔

پہلے لاک کی آواز گونجی۔ پھر دروازہ بھی کھل گیا۔ فارس وجدان اس کے سامنے مکمل طور پر بھیگا ہوا سا کھڑا تھا۔ بالوں سے، کپڑوں سے پانی ٹپک رہا تھا۔ وہ آنکھوں میں نمی لیے اسے دیکھ کر رہ گئی تھی۔ اس کی خالی ویران آنکھوں میں ابھی بھی کوئی تاثر نہیں تھا۔ ایک مکمل خاموشی، ایک مکمل سناٹا لیے وہ کسی مجسمے کی طرح اس کے سامنے موجود تھا۔

❁ ❁

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی **5** تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

https://novelskidunya.com/

نمرہ احمد کا بہت خوبصورت نیا ناول

مالا

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

سمیرا حمید کا بہت خوبصورت نیا ناول

مشک بام

ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں

kitaabghar.com

قسط نمبر 13

وہ بیڈ پر اس کے پاس ہی بیٹھی تھی۔ اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیے، جھک کر اس کے پر سکون چہرے کو دیکھتے ہوئے..... سانسوں کو گنتے ہوئے۔ کچھ دیر پہلے ہی وہ کپڑے بدلنے کے بعد نیند کی گولی لے کر سو گیا تھا اور وہ تب سے اس کے پاس بیٹھی ہوئی تھی۔ انگ انگ میں فکر اور ان جانا سا خوف سمایا ہوا تھا۔ نیند اڑ چکی تھی۔ سکون غارت ہو چکا تھا۔ اسے اس طرح اچانک، اس روپ میں دیکھ کر اس کا دل بہت سے اندیشوں میں گھر گیا تھا۔ وہ بے طرح پریشان ہو رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/

قہر برساتا لہجہ اور شعلہ چھلکاتی آنکھیں تو جیسے ذہن میں سما گئی تھیں۔ اسے اس قدر اذیت میں دیکھنے کے بعد اپنی غلطی کا شدت سے احساس ہونے لگا۔

مسز شیرازی نے روکا تھا تو اسے رک جانا چاہیے تھا۔ شاید اسے کسی اور طریقے سے بات کرنی چاہیے تھی۔ ایک یتیم بچے کے لیے پتھر ہوتے دل کو کسی اور طرح سے موم کرنا چاہیے تھا۔ اس نے سوچا مگر وہ ایسا کیسے کرتی؟

مسز شیرازی اسے کچھ بھی بتانے کو تیار نہیں تھیں اور فارس..... اس نے تو دروازہ کھلنے سے پہلے ہی بند کر دیا تھا۔ ایک حتمی جملہ۔ پتھر پر لکیر جیسا۔ ریان کا ذکر اور اس کی لہو رنگ آنکھوں سے جھلکتی واضح تنبیہ۔

"اگر تم چاہتی ہو، ہمارے درمیان سب ٹھیک رہے تو..... آئندہ تم نام نہیں لو گی اس کا میرے سامنے۔"

اسے یقین نہیں آ رہا تھا، یہ بات اس سے فارس وجدان نے کہی تھی۔ وہ جو اس کے لیے کچھ بھی

کرنے کو تیار تھا۔ وہ اس طرح سخت لفظوں میں ایک حد نمایاں کرے گا۔ ایک راستہ۔ اور اس راستے سے جڑی خطرناک منزل کا اشارہ دے گا۔ وہ ایسا کیسے کرسکتا ہے؟ وہ کسی اور کی وجہ سے اپنے اور اس کے درمیان ایک خط کیسے کھینچ سکتا ہے؟

''کیا اس یتیم کا معاملہ اتنا ہی سنگین، اتنا ہی پراذیت اور اتنا ہی گراں ہے اس کے لیے؟'' اس نے گہری سانس لے کر اذیت سے آنکھیں موند لیں۔

مسز شیرازی کا غم ایک طرف، ریان کی فکر دوسری طرف اور فارس کا اشتعال آمیز رویہ تیسری طرف تھا۔ ایک ذرا سی امید کہ بات کر کے مسئلہ حل کرلے گی تو یہ امید خاک ہوگئی تھی۔

خشک لبوں کو تر کرتے اس نے ہتھیلی کا زخم صاف کر کے پٹی باندھ دی۔

فارس کی طرف سے کچھ اطمینان کر کے سونے کی کوشش کی تو بار بار اس کا چہرہ آنکھوں میں آنے لگا۔ وہ کتنا غصے میں لگ رہا تھا اور کس قدر اجنبی سا ہوگیا تھا۔ ایسے جیسے وہ اسے جانتا تک نہ ہو۔ اسے بہت اندر تک دکھ ہوا۔

رات کروٹیں بدلتے، خود سے الجھتے، اور سچویشن کو سوچتے گزر گئی۔

بار بار اس کی آنکھ کھلتی رہی۔ اس کا خیال آتا رہا۔ اس کی فکر ہوتی رہی۔

☆......☆......☆

نماز کی ادائیگی کے بعد وہ اس کی تلاش میں تیز تیز قدم اٹھاتی کمرے سے باہر آئی تھی۔ راہداری میں نیم تاریکی تھی۔ دیوار گیر کھڑکیوں سے صبح کے آثار نمایاں ہو رہے تھے۔ سورج کی روشنی ابھی زمین پر نہیں اتری تھی۔ مگر اجالے ہر سو پھیل چکے تھے۔

اس نے فارس کو کچن میں کھڑے دیکھا۔ فجر کی نماز کے بعد وہ یقیناً اپنے لیے قہوہ بنا رہا تھا۔

آہٹ پر ذرا سا رخ بدل کر اسے دیکھنے لگا۔ نظروں سے نظر ٹکرائی۔ اس کی سرخ و متورم آنکھیں

ایک دم سے خالی اور ویران سی لگ رہی تھیں۔ جنت کا دل شدت سے دھڑک اٹھا۔

کیبنٹ بند کرتے اس نے جار رکھ دیا۔ آنچ دھیمی کر دی۔

''قہوہ بنا رہا ہوں، تم پیو گی؟'' اس کا لہجہ نرم تھا۔ تاثرات میں کوئی سختی نہ تھی۔ نہ ہی انداز اور رویے سے کسی تلخی کا شائبہ ہو رہا تھا۔

وہ فارس وجدان کو دیکھ کر رہ گئی۔ اس نے فکر اور پریشانی میں ساری رات سوتے جاگتے آنکھوں میں بتا دی تھی اور وہ صبح سویرے یوں مخاطب ہو رہا تھا جیسے گزشتہ شب ان کے مابین کوئی بات نہیں ہوئی تھی۔ جیسے اس نے سخت ردعمل نہیں دیا تھا نہ ہی کسی بات پر مشتعل ہوا تھا۔

آنکھوں میں فکر اور دل میں اضطراب لیے اس نے کسی قدر کوشش سے اثبات میں سر ہلاتے اسے اجازت دے دی۔

فارس کی پشت اب اس کی طرف تھی۔ وہ سر جھکائے خاموشی سے قہوہ بنا رہا تھا۔ آگ کے نیلگوں شعلوں پر رکھا ابلتا ہوا صاف پانی اپنا رنگ بدل چکا تھا۔ وہ کرسی پر بیٹھ گئی۔ انگلیوں میں انگلیاں پھنسائے۔ اندر کے اضطراب کو چھپانے کی سعی کرتی ہوئی۔

فارس نے کپ میں قہوہ ڈال کر اس کے سامنے رکھا اور دوسرا کپ ہاتھ میں لیے کرسی کھینچ کر اس کے پاس بیٹھ گیا۔

کچھ دیر تک اس کی نگاہیں بھاپ اڑاتے کپ پر جمی رہیں۔ پھر اس نے سر اٹھا کر فارس کو دیکھا۔ خیال تھا شاید اب وہ کچھ کہے گا۔ وضاحت دے گا یا کوئی بات کرے گا، ممکن ہے، وہ نرمی سے کچھ سمجھا دے۔ یا اپنے رویے کی وجہ بتا دے۔ مگر دوسری طرف گہری خاموشی کے سوا اور کچھ نہ تھا۔

چند لمحوں کے بعد اس نے بے حد نارمل لہجے میں جنت سے طبیعت کا پوچھا۔ بالکل ویسے ہی جیسے روز پوچھا کرتا تھا۔ پھر اپنے مصروف شیڈول کا حوالہ دیا۔ گیارہ بجے میٹنگ تھی۔ اسے نو بجے نکلنا تھا۔

بارہ بجے تک واپسی متوقع تھی۔ اسے مسز شیرازی کو ویکلی چیک اپ کے لیے ہاسپٹل لے کر جانا تھا۔ چند ایک سوالات کا مختصر جواب دیتی وہ ناسمجھی کے عالم میں اسے دیکھ کر رہ گئی تھی۔

فارس کا رویہ سمجھ سے قطعی باہر تھا۔ وہ ایسے ظاہر کر رہا تھا جیسے گزشتہ رات ان کے مابین کوئی بات نہیں ہوئی تھی۔ اختلاف نہیں ہوا تھا۔ نہ اس نے غصہ دکھایا تھا، نہ اشتعال میں آیا تھا۔

باوجود کوشش کے وہ کوئی سوال، استفسار نہ کر سکی۔ نہ یہ پوچھ سکی اس نے ایسا کیوں کیا۔ نہ رویے کی وجہ جان سکی۔ یہ حق اس کے پاس نہیں تھا۔ فارس وجدان کے معاملات میں وہ مداخلت نہیں کر سکتی تھی۔ گزشتہ شب اس پر یہ حد واضح ہوئی تھی اور وہ حد اب اسے بے حد غم زدہ کر رہی تھی۔

آنکھوں میں نمی لیے وہ خود پر قابو پاتی سر جھکا گئی۔ فارس نے اس کے داہنے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا۔ اسے یوں لگا جیسے وہ کچھ کہنا چاہتا ہو۔ مگر دوسرے ہی پل اپنی شخصیت کے گہرے رنگوں میں مبہم ہوتا وہ اس کا ہاتھ تھپتھپا کر اٹھ گیا۔

اپنے اندر ڈھیر سارے سوال اور شکوے لیے جنت کمال اپنی جگہ بیٹھی رہ گئی۔

ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ وہ اس سے کوئی گلہ شکوہ نہیں کر سکی تھی، ناراضی اور غصہ نہیں دکھا سکی تھی۔ اسے ایک دم سے اپنے اور فارس کے درمیان خلا کا احساس ہوا۔ جس کا بوجھ دل پر بھاری پڑا۔ اور وہ کچھ دکھ اور اذیت سے ایک بار پھر کھڑکیوں کی جانب دیکھنے لگی تھی۔

سورج طلوع ہو چکا تھا۔ کرنیں کھڑکی سے اندر آ رہی تھیں۔ رات ختم ہو چکی تھی۔ مگر اس کا اندھیرا تھا کہ جنت کے اندر ہی ٹھہرا رہ گیا تھا۔

☆......☆......☆

اس رات کے بعد فارس وجدان کے روزمرہ معمولات میں کافی حد تک تبدیلی آ چکی تھی۔ وہ ناشتے کی میز سے جلدی اٹھ جاتا تھا۔ شام میں تاخیر سے گھر آتا۔ ڈنر باہر ہی کر لیتا۔ بات ہوتی تو بہت مختصر۔

زیادہ تر تو سر ہلانے پر ہی اکتفا کرتا۔ اپنی سوچ اور خیالات میں اس قدر گم رہنے لگا تھا کہ وہ بات شروع کر کے ختم بھی کر چکی ہوتی اور اسے معلوم نہ ہوتا وہ کیا کہہ رہی تھی۔ کیا پوچھ رہی تھی۔ کیا سنا رہی تھی۔

خالی الذہنی کے عالم میں ایک ہی مقام کو تکتے، فائل کے کسی صفحے پر بے ترتیب سی لکیریں کھینچتے، لان میں بے مقصد ٹہلتے، چینل گھماتے، بریفنگ سنتے، میسج لکھتے۔ وہ کسی طور بھی اسے اپنے آپ میں نہیں لگتا تھا۔ اس کا ہر کام ادھورا، ہر بات مبہم۔ ہر تاثر دھندلا ہونے لگا تھا۔ وہ اب اسے پڑھ نہیں پاتی تھی۔ سمجھ نہیں پاتی تھی۔

کبھی اسے حیرت ہوتی، غم ہوتا، پریشانی ہوتی اور غصہ آ جاتا۔ ایک پندرہ ماہ کے بچے سے ایسی دشمنی؟ ایسا موقف، اور ایسا رویہ؟ مرے ہوئے بھائی سے اختلاف اپنی جگہ، ایک زندہ وجود کو لاش کر دینا کہاں کا انصاف، کہاں کا بدلہ، کہاں کا انتقام تھا؟

اپنے اندر کے سوالات سے الجھتی وہ بے بسی سے سر پکڑ کر رہ جاتی۔ تاثرات کچھ نارمل کر کے فارس کے پاس جاتی اور باوجود کوشش کے بھی اس کے سامنے ریان کا نام نہ لے پاتی۔ دماغ کی بحث اپنی جگہ مگر دل چاہتا تھا اسے کوئی غم نہ ہو، دکھ نہ ہو، غصہ نہ آئے۔ وہ فارس وجدان کی آنکھوں میں دیکھتی اور ساری الجھن وہیں دھری رہ جاتی۔ کچھ پوچھنے کا، اسے کریدنے کا یارا نہ رہتا۔

مسئلہ ''بات'' سے حل نہیں ہو سکتا تھا۔ اس نے جان لیا۔ اسے اب کوئی راستہ دیکھنا تھا۔ کوئی اور حل تلاشنا تھا۔ گزشتہ کئی راتوں کی طرح اس رات بھی وہ کافی سے زیادہ بے چین رہی۔ نیند آنکھوں سے دور تھی تو اٹھ کر وضو کیا، نوافل ادا کیے، دعا کی۔ بہت دل سے دعا کی اور صبح ناشتے کے بعد ورک آؤٹ سے فارغ ہوتے ہی مسز شیرازی کے پاس پہنچ گئی۔ وہ سٹنگ ایریا میں کتاب لیے بیٹھی تھیں۔ لیپ ٹاپ کھلا پڑا تھا۔ کچھ فائلز بھی تھیں۔ اور رجسٹرز بھی۔

''میں آپ سے کچھ پوچھنا چاہتی ہوں آنٹی!''

https://novelskidunya.com/

''ہاں پوچھو!'' انہوں نے گلاسز ہٹا کر اسے دیکھا۔ وہ کھلے ڈھلے سے میکسی ڈریس میں ملبوس تھی، بالوں کی فرنچ چٹیا بنا رکھی تھی، بھرے بھرے سے چہرے پر کچھ فکر مندی کے آثار نمایاں تھے، آنکھوں میں سوچ تھی، سوال تھا اور الجھن تھی۔۔ بے نام سی الجھن جو اکثر تب ہی نظر آتی جب وہ کسی مسئلے میں پھنسی ہوتی۔

''ایک مسئلہ ہے۔'' ہمت مجتمع کر کے لفظ جوڑ کر ادا کرنے میں کچھ دقت ہوئی۔ ''مجھے لگا، میرے پاس اس کا حل ہے۔ میں نے وہ حل آزمایا۔'' رک کر خشک لبوں کو تر کیا۔ ''اس سے وہ مسئلہ مزید بگڑ گیا۔ یہ میرا خیال ہے۔'' رک کر مسز شیرازی کی طرف دیکھا۔ ان کی آنکھوں میں تشویش نمایاں ہوئی۔

''وہ کوئی ایسا بڑا مسئلہ نہیں ہے۔'' فوراً سے سنبھل کر وضاحت دی۔ ''یہ میرا معاملہ ہے، میری فیملی کا۔ بہنوں کا۔'' نظریں چراتے کہہ دیا۔

مسز شیرازی نے بے اختیار سکھ بھری سانس لی کہ مسئلے کا تعلق فارس سے نہیں۔ اندر ہی اندر ان سے جھوٹ بولنے پر جنت از حد شرمندہ ہوئی مگر وہ انہیں کسی دکھ اور صدمے سے دوچار نہیں کرنا چاہتی تھی۔

''اچھا!'' کچھ فکر مند ہوئیں کہ جانے کیا معاملہ ہے کہ وہ اس قدر مضطرب ہے۔

''اگر ممکنہ حل ہی کسی مسئلے کو مزید بگاڑ رہا ہو تو۔۔۔۔'' دانستہ بات ادھوری چھوڑ دی۔ اس کی بات سمجھنے کو مسز شیرازی نے چند لمحوں کا توقف لیا۔

''اس کا مطلب تو پھر یہی ہوا کہ جسے تم حل سمجھ رہی ہو، وہ حل نہیں ہے۔''

وہ لمحے بھر کے لیے تھم گئی۔

''اگر اسی ایک ممکنہ حل کے سوا اور کوئی راستہ نہ ہو تو؟''

مسز شیرازی اسے دیکھ کر رہ گئیں۔ جانے وہ اپنی بہنوں کے کس مسئلے کو لے کر پریشان تھی۔ انہیں فکر ہوئی۔

''جگہ بدل کر دیکھو! ہو سکتا ہے کسی اور زاویے سے پورے مسئلے کو دیکھنے پر تمہیں صحیح حل نظر آجائے۔''

جنت نے چونک کر انہیں دیکھا۔ انہوں نے سائیڈ ٹیبل پر رکھے لیپ ٹاپ پر ہاتھ بڑھا کر کچھ ٹائپ کیا۔ پھر دوبارہ اس کی طرف دیکھا۔

''یا پھر اس وجہ کو ڈھونڈو جس کے سبب مسئلہ پیدا ہو رہا ہے۔'' انہوں نے مزید کہا۔

وہ نچلا لب کاٹتی خود سے الجھ کر رہ گئی۔

''وجہ تو ہے، اور کوئی بہت بڑی وجہ ہے! لیکن میں اس تک نہیں پہنچ سکتی۔''

''پھر حل تک کیسے پہنچ گئیں؟'' انہوں نے سوال کیا اور وہ لاجواب ہو گئی۔ چند لمحوں تک کچھ کہہ ہی نہ سکی۔

''تم جس جگہ پر کھڑے ہو کر پورے مسئلے کو دیکھ رہی ہو، وہ جگہ غلط ہے۔ وہاں سے جو منظر تمہیں نظر آ رہا ہے، وہ منظر ادھورا ہے۔ تم مسئلے کی تہہ تک جب تک نہیں پہنچو گی حل نہیں ڈھونڈ سکتیں۔ سو اس لحاظ سے جسے تم حل سمجھ رہی ہو، وہ حل نہیں ہے جنت!'' انہوں نے اپنے فہم کے مطابق بے حد سنجیدگی سے اس کی مشکل حل کرنے کی کوشش کی۔

وہ چند لمحوں تک انہیں دیکھتی رہی۔ مسز شیرازی وجہ جانتے ہوئے بھی اس مسئلے کو حل نہ کر سکیں۔ معاملہ وہیں اٹکا ہوا تھا۔ دوریاں ہنوز قائم تھیں۔ وہ بے بس تھیں۔ ان کے ہاتھ میں کچھ نہ آتا تھا۔ اور اس نے سوچا تھا وہ سب ٹھیک کر لے گی۔ بات کر کے فارس کو منا لے گی۔ جب مسز شیرازی کچھ نہ کر سکیں تو وہ کیسے کچھ کر سکتی تھی؟

''ہو سکتا ہے میں اس مسئلے کی تہہ تک پہنچوں اور مجھ پر انکشاف ہو کہ اس کا تو کوئی حل ہے ہی نہیں۔'' اس کے لہجے میں مایوسی در آئی تھی۔

مسز شیرازی مصحف اٹھا چکی تھیں۔ کھولتے کھولتے رک گئیں۔ سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

''حل ہر مسئلے کا ہوتا ہے۔ کچھ حل ہمارے ہاتھوں میں دے دیے جاتے ہیں۔ کچھ حل اللہ اپنے

ہاتھ میں رکھتا ہے۔'' ایک لمحے کو رک کر گلا سر لگا لیے۔''وسعت کے مطابق ہر ممکن کوشش کر دو اور باقی اللہ پر چھوڑ دو۔''

بات ختم ہو گئی۔ وہ پھر سے اپنا کام کرنے لگیں۔ جنت چند لمحوں تک انہیں دیکھتی رہی پھر ایک گہری سانس بھر کر وہاں سے اٹھ گئی۔

کچھ مسئلے ہر زاویے سے ایک ہی نظر آتے ہیں۔ اس نے سوچا۔ عقبی دروازہ کھول کر لان میں آ گئی۔ کھلی فضا میں سانس لیتے فارس کو سوچتی رہی۔

''اگر تم چاہتی ہو ہمارے درمیان سب ٹھیک رہے تو آئندہ تم نام نہیں لو گی اس کا میرے سامنے۔''

قہر برساتا لہجہ تھا۔ شعلہ دہکاتی ہوئی آنکھیں تھیں۔ اجنبیت اور بے گانگی تھی۔ غصہ تھا اور نفرت تھی۔ اس ایک معصوم بچے سے جو اس کا بھتیجا تھا۔

اس کی شہد رنگ آنکھوں میں پھر سے نمی ابھری۔ چہرہ سرخ ہونے لگا۔

''اگر تم چاہتی ہو ہمارے درمیان سب ٹھیک رہے تو تم اس معاملے میں نہیں پڑو گی۔'' واضح دھمکی تھی، اشارہ تھا، تنبیہ تھی۔

لب بھینچ کر اس نے اپنی آنکھوں کو مسل ڈالا۔

اس کے ہاتھ خالی تھے۔ نہ مسئلہ سمجھ میں آ رہا تھا، نہ حل نظر آ رہا تھا۔ بے بسی کا یہ احساس دل پر بھاری تھا۔ اور بے حد بھاری تھا۔

☆......☆......☆

جنت کی آنکھ کھلی تو اس وقت بارہ بجے کا وقت تھا۔ صوفے پر نیم دراز پوزیشن میں تھی۔ ایک دم سے اٹھ کر بیٹھ گئی۔ اطراف میں نگاہ دوڑائی تو آس پاس کوئی نظر نہ آیا۔ ٹی وی آن تھا۔ والیوم بند۔ اسے

یاد آیا، فارس میچ دیکھ رہا تھا جب وہ اس کے پاس آ کر بیٹھی تھی۔ کمر میں درد تھا، طبیعت بھی کچھ ٹھیک نہ تھی اور کچھ گزشتہ شب کی بے آرامی کہ صوفے پر لیٹے لیٹے ہی سو گئی تھی۔

گہری سانس لے کر اس نے بے ترتیب بالوں کو پھر سے پونی میں جکڑا اور اٹھ کر کچن میں چلی آئی۔

کرسی پر بیٹھ کر پانی پی رہی تھی جب دیوار گیر کھڑکی کے اس پار اسے ہلچل کا احساس ہوا۔ آوازیں بھی آ رہی تھیں۔ لکڑی کے اونچے لمبے اسٹول پر تختے رکھے تھے۔ عدیل احمد بھی تھا شاید۔ فارس بھی۔ دوپٹے کو پھیلا کر لیتے ہوئے وہ اسی وقت باہر آ گئی تھی۔ آوازوں کے تعاقب میں مشرقی سمت قدم اٹھاتی آگے بڑھی اور اگلے ہی پل حیرت سے رک گئی۔

سامنے والی دیوار پر پینٹ ہو رہا تھا۔ نیچے پینٹ کی بالٹیاں، برش اور رولر وغیرہ رکھے تھے۔ ملازم نے سیڑھی پکڑ رکھی تھی۔ فارس اوپر چڑھا ہوا تھا۔ اپنی سفید شرٹ کی آستینیں کہنیوں تک موڑے اور سیاہ پینٹ کو گھٹنوں تک فولڈ کر کے اپنی ٹائی سے الجھتا عدیل احمد اس سے بھی اوپر کہیں تختے پر کھڑا تھا۔ دونوں کے مابین آفس کے معاملات پر گفتگو بھی ہو رہی تھی۔ عدیل مؤدب سا فارس کے ہر سوال کا جواب دیتا بلندی سے کچھ کچھ خائف اور گھبرایا ہوا سا لگ رہا تھا۔

''یہ کیا ہو رہا ہے؟'' اس کے صحیح معنوں میں چودہ طبق روشن ہوئے تھے۔

''پینٹ ہو رہا ہے آپی!'' اقصیٰ برابر میں ہی کتاب پکڑے کھڑی تھی۔

''وہ تو مجھے بھی نظر آ رہا ہے مگر یہ سب...... اور تم...... تم یہاں کیا کر رہی ہو؟''

''فارس صاحب نے سزا دی ہے۔'' ایسے خوش ہو کر بولی جیسے سزا نہیں کوئی انعام دیا گیا ہو۔

''اور وہ جو عدیل ہے نا، اسے بھی...... ہاہاہا۔'' اس نے آج سے قبل اقصیٰ کو اتنا خوش کبھی نہیں دیکھا تھا۔ جنت ناسمجھی کے عالم میں اسے دیکھ کر رہ گئی۔

''اصل میں، میں نا۔ وہاں بیٹھ کر پڑھ رہی تھی۔ فارس صاحب میرے پاس آئے۔ بائیو کی بک

اٹھائی۔ سوال پوچھا، مجھے جواب نہیں آیا۔ اب مجھے کیا پتا، میرا سرپرائز ٹیسٹ لیں گے وہ، ورنہ میں تیاری کر کے بیٹھتی نا۔ پھر انہوں نے مجھے وہ باتیں سنائیں، وہ باتیں سنائیں...... اللہ کی قسم مس بائیو نے بھی کبھی نہیں سنائیں۔ اور یہ جو عدیل ہے آپی! یہ فارس صاحب کے پیچھے کھڑا ہنس رہا تھا۔ میں نے دیکھا۔ دل کیا ابھی مروڑ دوں اس کی۔ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر فارس صاحب نے بھی دیکھ لیا۔ تو بس۔" اس کی مسکراہٹ کانوں تک پہنچ گئی۔

"تو بس کیا؟" جنت ایک دم متفکر ہوئی۔

"پہلے انہوں نے کہا، وائے آر یو اسمائلنگ؟ پھر انہوں نے کہا از دس آ جوک ٹو یو؟" اقصیٰ فارس کی اداکاری کرتی خوشی کی انتہا پر تھی۔

"کہتا سوری سر! بڑا آیا، ہونہہ!" ایک دم سے اترائی۔ "مگر فارس صاحب نے سوری قبول نہیں کی۔ اپنے ساتھ یہاں لے آئے۔ حالانکہ یہ تو فائلز دے کر واپس جا رہا تھا۔ تو مجھے پتا ہے۔" آواز مزید سرگوشی میں ڈھلی۔ "فارس صاحب نے اسے سزا دی ہے۔ اسے اونچائی سے ڈر لگتا ہے۔ اتنی دیر سے دیکھ رہی ہوں۔ ایک بار بھی نیچے نہیں دیکھا۔" پھر سے ہنسی۔ "اوپر والی دیوار عدیل کر رہا ہے۔ یہ والا حصہ فارس صاحب کریں گے۔ اور یہاں نیچے والی دیوار شام کو میں پینٹ کروں گی۔ فارس صاحب نے کہا ہے۔"

"اقصیٰ!" فارس کی بھاری آواز پر فوراً ہی کسی فوجی کی طرح اٹینشن ہوئی اور اسی سرعت سے نگاہیں کتاب پر گاڑ دیں۔

جنت نے سر اٹھا کر اب کے فارس کو دیکھا۔ اس کے چہرے پر اتنی تشویش اور فکر تھی کہ وہ پینٹ برش ہاتھ میں لیے رک گیا۔ آنکھوں میں لمحے بھر لیے غیر مفہوم سا تاثر ابھرا پھر وہ برش رکھتا سیڑھی اتر کر نیچے آ گیا۔ کرسی سے پانی کی بوتل اٹھالی۔

''کیا تم...... تم ٹھیک ہو؟'' جنت نے پاس آ کر پوچھا۔ آنکھوں سے پریشانی جھلک رہی تھی۔
فارس نے پانی کی بوتل سے چند گھونٹ لیتے رک کر اسے دیکھا۔

''کیا تمہیں میری دماغی حالت پر شبہ ہو رہا ہے؟''

اس کے اس طرح پوچھنے پر وہ گڑبڑا کر رہ گئی۔

''نہیں تو۔ میں نے ایسا تو نہیں کہا۔''

''سوچا تو ہے۔''

''میں نے ایسا سوچا بھی نہیں۔''

''پھر حیران کیوں ہو رہی ہو؟''

''حیران نہیں ہوں۔'' رک گئی، نچلا لب کاٹا۔ کہنا چاہتی تھی، پریشانی ہو رہی ہے مگر۔ سر اٹھا کر اسے پھر سے دیکھا۔ اس کا چہرہ سپاٹ اور آنکھیں بے تاثر تھیں۔

''اگر تم صبح سویرے اٹھ کر وال پینٹ کرنا شروع کر دو گے تو میں اس بات کو نارمل کیسے سمجھ سکتی ہوں؟'' ہمت مجتمع کر کے کہہ دیا۔

''اور وہ جو تم صبح سویرے اٹھ کر لائبریری کی سیٹنگ بدلا کرتی تھیں تو وہ نارمل تھا؟''

جنت صدمے سے گنگ اپنی جگہ کھڑی رہ گئی۔ اسے کیسے پتا وہ صبح سویرے اٹھ کر یہ ''کام'' کیا کرتی تھی؟ ایک نظر اٹھا کر دیکھنے تک کی فرصت نہیں ہوتی تھی موصوف کو اور روٹین کا تو ایسے علم تھا جیسے اس کے آس پاس سائے کی طرح رہتا ہو۔ ایک تو یہ اس کے ملازم۔ پکے جاسوس۔ پل پل کی خبر دیتے رہے۔ تپ کر رہ گئی۔

شدید ڈپریشن میں بس ایک دو بار ہی لائبریری کا رخ کیا ہو گا اس نے۔ گھبرا کر یادداشت دوڑائی تو پتا چلا وہ صبح شام کسی بھی وقت کتابوں کی ترتیب بدلنے لگ جاتی تھی۔ اور یہ کام اس نے کئی بار

https://novelskidunya.com/

کیا تھا۔ مگر سوال یہ تھا کہ اسے یہ بات فارس نے کیوں یاد دلا دی تھی؟
''وہ تو میں، اس لیے کرتی تھی کیونکہ آنٹی ایسا کرنے کو کہتی تھیں۔'' جھٹ سے کہہ دیا۔
سیڑھی چڑھتے ہوئے وہ رک گیا۔
''صبح سویرے۔ شدید ٹھنڈ میں؟ ممی ایسا کرنے کو کہتی تھیں؟'' وہ صحیح معنوں میں حیران ہوا۔
''ممی سے پوچھتا ہوں۔'' دوبارہ سے اترنے لگا تو وہ ایک دم سے گھبرا کر آگے آئی۔
سیڑھی کو پکڑنا اس طرح تھا کہ وہ نیچے نہ اتر سکے مگر اس کا توازن بگڑ گیا۔ گرتے گرتے بمشکل بچا۔
''واٹ دا ہیل۔'' گرفت مضبوط کرتے ہوئے جھڑک دیا۔
''اپنا کام کرو۔ نیچے کیوں آ رہے ہو؟ پینٹ کرو۔ بلکہ ساری دیواروں کو پینٹ کرو۔ تمہیں کس نے روکا ہے؟ بلکہ اچھی بات ہے انسان کو اپنے گھر کا کام خود کرنا چاہیے۔''
وہ اس کے پینترا بدلنے پر جبڑے بھینچ کر رہ گیا۔ دھوپ میں وہ ہاتھ کا چھجا بنائے، سر اٹھائے اسے دیکھ رہی تھی۔ چہرہ تمتما رہا تھا۔ شہد بالوں نے جیسے آگ پکڑی ہوئی تھی۔
''ایک کام تم بھی ہمارا کر دو۔'' دانت پیس کر جھکا۔
''ہاں بولو۔'' اپنے تاثرات پر قابو پاتی وہ بہت مستعد نظر آئی۔
''جس دروازے سے باہر آئی ہو۔ اسی دروازے سے اندر چلی جاؤ۔ بہت مہربانی ہوگی۔''
وہ جو سچ مچ میں کسی کام کی متمنی تھی، سلگ کر رہ گئی۔ فکروں میں گھرا دل غصے سے بھر گیا۔ بڑبڑاتی ہوئی دور شیڈ تلے جا بیٹھی۔
''ذرا سی پریشانی دکھا دوں تو خود کو پتا نہیں کیا سمجھنے لگ جاتا ہے۔ ایک تو اتنی ٹینشن دے رکھی ہے مجھے۔ رات بھر سو نہیں سکتی۔ اور اسے دیکھو! پینٹ ہو رہا ہے۔'' بڑبڑاتے ہوئے کہیں اور دیکھنے لگی۔
کچھ دیر تک اسے مکمل نظر انداز کرتی رہی۔ پھر عادت سے مجبور دوبارہ دیکھنے لگی۔

وہ عدیل احمد سے بات کرتا اپنے کام میں مکمل فوکسڈ اور مطمئن لگ رہا تھا۔ کتنے دنوں بعد اس نے فارس کو اس طرح دیکھا تھا۔ دل میں سکون سا اترتا محسوس ہوا۔ یوں لگا جیسے سینے پر سے ایک بوجھ سرک گیا ہو۔ موبائل پر وائبریشن ہوئی تو اس نے اسکرین پر نگاہ دوڑائی۔ روبی کی کال تھی۔ اس کا نچلا لب دانتوں تلے آ گیا۔ حلق میں جیسے کوئی شے اٹک گئی۔ سر اٹھا کر ایک نظر فارس پر ڈالی پھر کال ریسیو کرتی درخت کے نیچے جا کھڑی ہوئی۔

رولر ہاتھ میں لیے فارس نے مڑ کر اسے دیکھا۔ وہ بات کر رہی تھی تو چہرے پر فکرمندی کے آثار نمایاں ہو رہے تھے۔ سر جھٹک کر وہ دیوار پر رولر گھمانے لگا۔ دیوار کا رنگ مکمل سفید ہو چکا تھا مگر اس کے اندر کی سیاہی تھی کہ ختم ہونے میں نہیں آ رہی تھی۔

☆......☆......☆

ویکلی چیک اپ کے لیے مسز شیرازی فارس کے ساتھ ہاسپٹل گئی ہوئی تھیں۔ وہ گھر میں اکیلی تھی۔ یہاں وہاں ٹہلتے ہوئے، اس نے فارس اور ریان کے مسئلے کو بہت بار سوچا اور کسی طور پر کسی حل تک نہ پہنچ پائی۔ روبی سے رابطے کے بعد ریان کے حوالے سے ملنے والی خبروں نے اسے بہت بے چین کر رکھا تھا۔ دل چاہتا تھا بس اڑ کر وہاں پہنچ جائے اور فارس کی تمام تر مخالفت کے باوجود اسے لے آئے۔

یہ بات تو طے تھی، فارس اسے جانے کی اجازت نہیں دے سکتا تھا۔ اور وہ خود سے وہاں جا نہیں سکتی تھی۔ گارڈز کی موجودگی میں تو بالکل بھی نہیں۔

''کیا اسے فارس سے دوبارہ بات کرنی چاہیے؟''

اس کا ردعمل یاد آیا تو جھرجھری لے کر رہ گئی۔ کتنے دن لگ گئے تھے اسے سنبھل کر واپس معمول میں آنے میں۔ دوبارہ ذکر چھیڑ کر وہ مزید کوئی بدمزگی نہیں چاہتی تھی۔ فارس کے لیے یہ معمولی بات نہیں تھی۔ اتنا تو اندازہ اسے بھی ہو گیا تھا۔ تو پھر کیا کرے؟ ریان کو یہاں کیسے لائے؟ وہ ذہن میں ایک بے نام سی الجھن

اور ڈھیر سارے سوال لیے ٹہل رہی تھی جب ملازم نے سیڑھیاں اتر کر کسی کی آمد کی اطلاع پہنچائی۔

''کون ہے؟''

''اپنا نام جویریہ حبیب بتایا ہے۔''

''جویریہ حبیب؟'' اس نے رک کر زیرِ لب نام دہرایا۔ ابھی چند دن قبل مسز شیرازی اپنی کسی دوست کی بیٹی کے بارے میں بتا رہی تھیں جو پاکستان آنے والی تھی۔

''کہیں یہ وہ تو نہیں؟'' نچلا لب کاٹتے وہ سوچ میں پڑ گئی کہ مسز شیرازی کا حلقہ احباب زیادہ تھا اور وہ بہت سے لوگوں کو نہیں جانتی تھی۔

''ٹھیک ہے، انہیں اندر بلا لو۔'' کہہ کر خود کو آئینے میں دیکھا۔ صبح سے سیاہ پاجامے پر سفید کرتا زیبِ تن کیے گھوم رہی تھی۔ جھنجھلا کر وارڈ روب کھولا۔ کپڑے نکال کر بدلے، جلدی جلدی اپنا حلیہ قدرے بہتر کر کے ڈرائنگ روم میں داخل ہوئی تو سامنے ہی ایک ماڈرن سی نوجوان لڑکی بیٹھی ہوئی نظر آئی۔

سیاہ پینٹ کوٹ میں ملبوس تھی، بالوں کا فرنچ بن بنا رکھا تھا۔ گہرے سرخ رنگ کی لپ اسٹک ہونٹوں کو نمایاں کر رہی تھی۔ سرخ رنگ کا چھوٹا سا کلچ نما پرس جو ہاتھ میں تھا۔

جنت پر نظر پڑتے ہی اپنی جگہ چھوڑ کر اٹھ کھڑی ہوئی۔ سرخ گلابوں کا بوکے اس کے ہاتھوں میں دیا۔

''غالباً آپ مسز شیرازی سے ملنے آئی ہیں لیکن وہ اس وقت گھر پر نہیں ہیں۔'' ہاتھ ملاتے ہوئے اس نے بوکے لے کر پُراخلاق لہجے میں کہا۔

وہ اس کی بات سن کر مبہم سا مسکرائی۔ پھر جنت کے اشارہ کرنے پر صوفے پر بیٹھ گئی۔ گلاس ٹیبل کی دوسری طرف کا صوفہ جنت نے سنبھال لیا۔ بوکے اس نے میز پر رکھ دیا۔

''میں جانتی ہوں وہ گھر پر نہیں ہیں۔ اور میں ان سے نہیں، آپ سے ملنے آئی ہوں۔''

جنت کے تاثرات یکا یک بدل گئے۔ مسکراہٹ سمٹ گئی، مگر دوسرے ہی پل اس نے خود کو

سنبھال لیا۔

"اوہ اچھا، تو کس سلسلے میں ملنے آئی ہیں آپ مجھ سے؟"

اسے یکایک احساس ہوا، ایک ان جان لڑکی کو اندر آنے کی اجازت دے کر اس نے بہت بڑی غلطی کر لی ہے۔

"میں آرزو جہانگیر کی منیجر جویریہ حبیب ہوں۔" اپنا تعارف کروانے کے بعد وہ رک کر جنت کو دیکھنے لگی۔ شہد رنگ آنکھوں میں شناسائی کی رمق ابھری تھی نہ یہ نام سن کر تاثرات میں تبدیلی آئی تھی۔ فارس وجدان کی بیوی کسی آرزو جہانگیر کو نہیں جانتی تھی۔

"جی کہیے۔" ملازمہ مشروب کا گلاس پیش کر کے گئی تو اس نے مروتاً مسکراتے ہوئے کہا۔ "کس سلسلے میں ملنا چاہتی ہیں آپ مجھ سے؟" لہجے کو حتی الامکان سنجیدہ کر کے پوچھا۔ وہ اپنے کسی بھی انداز سے اندرونی اضطراب یا خوف کا پتا نہیں دینا چاہتی تھی۔

جویریہ حبیب نے اپنے چھوٹے سے پرس سے ایک کارڈ نکال کر اس کے سامنے میز پر رکھا۔ جامنی رنگ کا وی آئی پی انویٹیشن کارڈ جو اس کے نام تھا۔

"یہ میم آرزو جہانگیر کی میک اپ پراڈکٹ لانچ ایونٹ کے لیے آپ کا انویٹیشن ہے۔"

جنت ناسمجھی کے عالم میں اسے دیکھ کر رہ گئی۔ فارس سے شادی کے بعد ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ کسی کمپنی یا برانڈ نے اس کے شوہر کی پوزیشن اور حیثیت کی وجہ سے اسے اپروچ کیا ہو۔ اس نے کارڈ کھول کر دیکھا۔ صرف اس کا نام لکھا تھا۔ فارس وجدان کا نام نہ ہونا اسے اچنبھے میں مبتلا کر گیا۔ چند لمحوں تک وہ ایسے ہی کارڈ کو الٹ پلٹ کر دیکھتی رہی۔

"سوری ٹو سے۔ لیکن میں یہ ایونٹ اٹینڈ نہیں کر سکوں گی۔" اس نے منع کر دیا۔

"وائے ناٹ؟" جویریہ حبیب نے حیرت کا اظہار کیا تھا۔

https://novelskidunya.com/

''میں آرزو جہانگیر کو نہیں جانتی۔'' کارڈ بھی واپس میز پر رکھ دیا۔ سیدھی ہو کر بیٹھ گئی۔

''یہ حیرت تو مجھے بھی ہے کہ آپ میم کو نہیں جانتیں۔'' اس نے کہا۔'' حالانکہ خاصا گہرا رشتہ ہے آپ کا ان سے۔''

جنت نے سوالیہ ابرو اٹھائی۔''اچھا، کیسا رشتہ؟'' صوفے کے ساتھ پشت ٹکاتے ہوئے اس نے اپنا گلاس اٹھا لیا۔ چند گھونٹ لے کر پورے اعتماد کے ساتھ اسے دیکھا۔ جویریہ حبیب کی مسکراہٹ گہری ہوئی۔

''ویسے لوگ آپ کے ہزبینڈ کے بارے میں بالکل ٹھیک کہتے ہیں۔''

جس انداز اور لہجے میں اس نے فارس کا ذکر کیا، جنت اندر تک تپ گئی مگر اوپر سے کچھ بھی ظاہر نہیں ہونے دیا۔

''اچھا! کیا کہتے ہیں لوگ میرے ہزبینڈ کے بارے میں جو آپ کو اتنا صحیح لگتا ہے؟'' گردن اونچی کیے اس نے سوال کیا۔ جویریہ حبیب کو اس لمحے احساس ہوا وہ لڑکی اتنی آسان نہیں تھی جتنا آسان اس نے سمجھ لیا تھا۔

''یہی کہ اپنے دادا کی طرح وہ دوسروں کو اندھیرے میں رکھنے کا فن جانتے ہیں۔'' طنزاً مسکرائی۔

جنت کے اندر ایک دم سے سناٹا پھیلا تھا۔ اگلے ہی پل زبردستی کی مسکراہٹ لبوں پر سجا کر اس کی طرف دیکھا۔

''وہ کیا ہے کہ میرے ہزبینڈ کو غیر ضروری لوگوں کو اٹینشن دینے کی عادت نہیں ہے۔''

جویریہ حبیب کے لبوں سے مسکراہٹ لمحے بھر کے لیے اڑنچھو ہوئی۔

''آئی سی۔'' پر سوچ نگاہوں سے اسے دیکھتے پھر سے مسکرا کر چپ ہو گئی۔

''کیا آپ کو مجھ سے کچھ اور بھی کہنا ہے؟'' وہ جیسے جلد از جلد اس ملاقات کو ختم کر دینا چاہتی تھی۔

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya

''میم اپنی پراڈکٹ لانچ کے لیے صرف ایک ہفتے کے لیے پاکستان آئی ہیں۔ اور وہ آپ سے ضروری ملنا چاہتی ہیں۔'' اس نے سیدھا سیدھا بات کرنے کی ٹھانی۔

''جب میں آپ کی میم کو جانتی ہی نہیں ہوں تو پھر ان سے کیسے مل سکتی ہوں؟''

''انہیں جاننے کے لیے صرف ان کا نام ہی کافی ہے۔'' جتا کر کہا۔

جنت دھیرے سے مسکرائی۔ ''میرے لیے نام بھی کافی نہیں ہے۔ آپ کا بہت شکریہ کہ آپ یہاں آئیں۔ میرا نہیں خیال میں یہ ایونٹ اٹینڈ کر پاؤں گی۔'' اس نے کہہ کر کارڈ اس کی طرف کھسکا دیا۔

''اب آپ جا سکتی ہیں۔'' وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

جویریہ حبیب کو بھی اپنی جگہ سے اٹھنا پڑا۔

''آپ نے وقت دیا اس کے لیے شکریہ۔ یہ کارڈ رکھ لیجیے۔ مجھے یقین ہے جب آپ کو میم کے بارے میں علم ہوگا تو آپ ان سے ضرور ملنا چاہیں گی۔'' اس نے آرزو جہانگیر کا بزنس کارڈ نکال کر میز پر رکھ دیا۔ اپنا پرس کندھے پر ڈالتے ہوئے دروازے کی طرف قدم اٹھائے۔ پھر کچھ سوچ کر رک گئی۔ مڑ کر جنت کی طرف دیکھا۔

''کیا میں آپ سے ریکویسٹ کر سکتی ہوں کہ آپ ہماری اس ملاقات کا ذکر اپنے شوہر سے نہ کریں؟''

''جی؟'' جنت نے اچنبھے سے اسے دیکھا۔

''نیور مائنڈ!'' وہ اس کے اندر بہت سے واہموں کو جگاتی صدر دروازے کی جانب بڑھ گئی۔

بزنس کارڈ اور وی آئی پی انویٹیشن گلاس ٹیبل پر رکھا تھا۔

اور جنت کمال اس عجیب وغریب ملاقات کا تجزیہ کرتی اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

''اقصیٰ!''

''جی آپی!'' بائیو کی کتاب میں ناول چھپا کر پڑھتی ہوئی اقصیٰ کی آواز آئی۔

دوپہر کے بعد سے جنت کا کوئی تیسرا چکر تھا۔ ہر بار وہ کچھ کہتے کہتے رک جاتی تھی۔ مگر اب کی بار ایسا نہیں ہوا تھا۔

''ایسا ہوتا ہے نا اکثر فلموں ڈراموں میں اور کہانیوں میں۔ کوئی ایک کردار کو کوئی منع کرتا ہے کہ تم نے فلاں بات فلاں بندے کو نہیں بتانی؟''

https://novelskidunya.com/

اقصیٰ جو کتابوں سمیت بیڈ پر چڑھی بیٹھی تھی، ایک دم سے اٹھ کر اس کے پاس آگئی۔

''جی جی آپی! اکثر ہوتا ہے ایسے۔'' وہ بہت زیادہ متجسس تھی۔

''اور وہ جو کردار ہوتا ہے، وہ یہ بات نہیں بتاتا اور بری طرح سے پھنس جاتا ہے..... ہے نا؟''

''جی جی بالکل!'' اقصیٰ نے زور و شور سے سر ہلایا۔ ''یہی ہوتا ہے۔''

''اور ہم دیکھ رہے ہوتے ہیں، اور ہمیں غصہ آ رہا ہوتا ہے کہ یہ بات کیوں نہیں بتائی جاتی۔'' جنت نے مزید کہا۔

Novels Ki Dunya

''ہاں نا، اتنا غصہ آتا ہے۔ دل کرتا ہے بس ہیروئن سامنے ہو اور اسے تھپڑ لگا دیں۔ آدھے سے زیادہ مسئلے تو وہیں حل ہو جائیں اگر ہیروئن ہیرو سے کوئی بات نہ چھپائے۔''

''وہی تو۔'' جنت نے بھی تائید میں سر ہلایا۔

جس مسئلے میں الجھی تھی، اس مسئلے کا ہوائی، فضائی، خیالی حل مل گیا۔

''تھینک یو سو مچ اقصیٰ!'' خود سے لگا کر کہا۔

اقصیٰ ہونق بنی اسے دیکھ کر رہ گئی کہ ایسا کچھ کیا تو ہے نہیں پھر یہ تھینک یو کس لیے؟

''اب اس کی آپی شکریہ ادا کر رہی تھیں تو اس نے کوئی مدد کر ہی دی ہوگی۔'' مطمئن ہو کر پھر سے

بنچ پر بیٹھ گئی۔

جنت نے گہری سانس لے کر سر اٹھایا۔ پہلے اس کے اندر کچھ خوف تھا مگر اقصیٰ کی ''جی آپی! بالکل آپی! یہی ہوتا ہے آپی!'' سے کچھ ہمت پیدا ہو گئی تھی۔

''اس سے پہلے کہ فارس کو اپنے گارڈ یا واچ مین سے یہ بات پتا چلے اسے خود ہی بتا دینی چاہیے۔'' فیصلہ کر کے موبائل اٹھا لیا اور تیزی سے ٹائپ کر کے میسج لکھا۔

''مجھے تمہیں ایک بہت ضروری بات بتانی ہے۔''

''اچھا۔'' حیرت لیے تاثر۔ ''میں گھر آ رہا ہوں۔ تب بتا دینا۔'' مختصر سا جواب آیا۔

''ٹھیک ہے، کوئی جلدی نہیں۔'' مطمئن ہو کر اندر چلی گئی۔

شام کے کھانے کے بعد وہ کچھ وقت مسز شیرازی کے ساتھ ان کے اسٹوڈیو میں گزار کر باہر آئی تو فارس اسے کچن میں جاتا دکھائی دیا۔ وہ اس کے پیچھے وہیں آ گئی۔ جانتی تھی، اب وہ اپنے لیے کافی بنائے گا اور آفس روم میں بند ہو جائے گا۔

''تم نے پوچھا نہیں، میں نے تم سے کیا بات کرنی ہے؟'' اس کے پیچھے جا کر کہا۔

وہ نیلی جینز پر سیاہ ڈینم شرٹ میں ملبوس تھا جس کے تمام بٹن کھلے ہوئے تھے۔ سفید ٹی شرٹ پر حرف ''آر'' لکھا نظر آ رہا تھا۔

''اوہ ہاں۔'' اسے یاد آیا تو فوراً جنت کی طرف مڑا۔ پھر فریزر سے پانی کی بوتل نکال کر کاؤنٹر ٹیبل پر رکھی۔ ''مجھے بھی کرنی ہے۔ واچ مین بتا رہا تھا کہ کوئی خاتون آئی تھیں تم سے ملنے۔ کون آئی تھیں؟''

جنت کا سانس رکا۔ غالباً فارس سمجھ رہا تھا اس کی کوئی رشتہ دار یا کوئی دوست یا پھر کوئی جان پہچان کی خاتون ہوں گی۔ مگر وہ تو جویریہ حبیب کو جانتی تک نہ تھی۔

''ہاں وہ..... کوئی جویریہ حبیب آئی تھیں۔''

https://novelskiduniya.com/

اس نے گھبراہٹ پر قابو پاتے ہوئے کہہ دیا۔ ایک تو اس لڑکی کی باتیں پر اسرار اور عجیب سی تھیں دوسرا اسے فارس کے رویے سے زیادہ پریشانی ہو رہی تھی۔ کہیں ڈانٹ ہی نہ پڑ جائے کہ گھر میں کیوں آنے دیا۔

''جویریہ حبیب؟'' گلاس میں پانی ڈالتے ہوئے اس کی طرف دیکھا۔ وہ اس نام کی کسی خاتون کو نہیں جانتا تھا۔ بزنس اور انویٹیشن کارڈ پر جنت کی گرفت یکا یک مضبوط ہوئی۔

''ہاں۔'' اس کا حلق خشک ہوا۔ ''اصل میں وہ مجھے انویٹیشن کارڈ دینے آئی تھیں۔ کوئی آرزو جہانگیر ہیں۔ انہوں نے مجھے اپنی میک اپ پروڈکٹ کے لانچنگ ایونٹ پر انوائٹ کیا ہے اور......''

کانچ کا گلاس فارس وجدان کے ہاتھ سے چھوٹ کر نیچے گرا تھا اور جھماکے سے ٹوٹ کر بکھر گیا تھا۔ وہ ٹکڑوں سے بچتی ایک دم سے بوکھلا کر پیچھے ہوئی تھی۔

خطرے کی گھنٹی بج اٹھی۔ کہیں کچھ غلط ہو گیا تھا یقیناً۔ شدت سے دھڑکتے دل کے ساتھ سر اٹھا کر فارس کو دیکھا۔

آن کی آن میں فارس وجدان کے تیور بدلے تھے، تاثرات بدلے تھے، مزاج بدلا تھا۔ اس کی آنکھوں میں سختی اتری تھی، غصہ ٹھہرا تھا۔ لہجے میں ہر طرح کی تلخی گھل گئی تھی۔

''وہ اندر کیسے آئی؟'' اس کے قریب پہنچ کر اس قدر سختی سے پوچھا کہ وہ گھبرا سی گئی۔

''میں......وہ......میں سمجھی کہ آنٹی کی اسٹوڈنٹ......''

''ممی کی اسٹوڈنٹ؟ تم نے ایک ایسی عورت کو اندر آنے دیا جسے تم جانتی تک نہیں تھیں؟'' فارس کے لہجے میں وہی اجنبیت، بے گانگی ایک ہی پل میں لوٹ آئی تھی۔

''وہ......مجھے لگا کہ......''

''تمہیں لگا؟'' وہ پھٹ پڑا۔ جنت اپنی جگہ ساکت کھڑی رہ گئی۔ اسے فارس وجدان اس لمحے

کسی طور اپنے حواسوں میں نہ لگا۔ شدید غصے کے عالم میں اس کے ہاتھ سے کارڈ جھپٹ لیا۔ برتر جلا کر آگ میں جھونک دیا۔

وہ اس کے پیچھے سانس روکے کھڑی تھی۔ متوحش سی۔ پریشان اور ساکت۔

''کوئی چور ڈاکو آ کر کہے میں فارس وجدان کا دوست ہوں، جمیلہ داؤد کا اسٹوڈنٹ ہوں تو تم اسے بھی اندر آنے دو گی؟''

جنت کا سر جھک گیا۔ لب بھنچ گئے۔ آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں۔ ''میں نے کہا نا غلطی سے.....''

''یہ غلطی نہیں ہے۔'' اس کی آواز یکا یک بلند ہوئی تھی۔ لہجہ پہلے سے زیادہ سخت، زیادہ کرخت ہوا تھا۔

''آخر ہو کیا گیا ہے تمہیں؟'' سر اٹھا کر سسک پڑی۔ ''ایک ذرا سی بات پر اس طرح ہائپر کیوں ہو رہے ہو؟ ایکسکیوز کر تو رہی ہوں۔ تم پھر بھی.....'' ضبط کر کے سسکی دبالی۔ ''اگر نہ بتاتی جھوٹ بولتی یا..... چھپا لیتی..... پھر کیا کر لیتے تم؟''

''ایک ذرا سی بات؟'' فارس کے لب ہلے۔

آنکھوں میں غم و غصے کی لہر اٹھی مگر وہ ضبط کیے رہا۔ آگ دل میں تھی، اسے دل تک رکھنا ضروری تھا۔

''میرے لیے یہ ذرا سی بات نہیں ہے۔''

''آئم سوری!'' وہ لب بھینچ کر رونے پر قابو پاتے آہستگی سے بولی۔

فارس چند لمحوں تک مٹھیاں بھینچ کر اسے سرخ پڑتی آنکھوں سے دیکھتا رہا پھر ہر ایک شے کو تہس نہس کر دینے کی خواہش لیے سیڑھیاں چڑھتا کمرے میں بند ہو گیا۔

سوچوں میں غلطاں وہ کانچ کے ٹکڑوں کے درمیان پریشان سی کھڑی رہ گئی۔

''صرف اس لیے کہ اس کی اجازت کے بغیر کسی کو اندر آنے دیا۔'' اس نے اذیت سے پلکیں جھپکیں۔

فرش پر بکھرے کانچ کو دیکھا، پھر اس راکھ کو جو برز پر تھی۔

کئی لمحے اس کے رویے کو سمجھتے، اپنی غلطی کو پرکھتے گزر گئے۔ بات چھوٹی تھی۔ ردعمل پہاڑ جیسا تھا۔اس کی سمجھ میں نہ آیا وہ اتنا تلخ کیوں ہو گیا تھا۔

وہ اسی وقت مسز شیرازی کے اسٹوڈیو میں آ گئی۔

وہیل چیئر پر براجمان وہ سامنے دیوار پر لگی پینٹنگ کی جانب متوجہ تھیں۔ اسے دیکھ کر کچھ حیران ہوئیں کہ غم و غصے کی عکاسی کرتے تاثرات ہی ایسے تھے۔ یوں لگتا تھا ابھی رو دے گی مگر ضبط کیے ہوئے تھی۔ ساری بات من وعن سنا دی۔ مسز شیرازی حیران و ششدر بیٹھی رہ گئیں۔ سماعت پر کچھ لمحوں تک یقین نہ آیا۔

''میں تو انہیں جانتی تک نہیں ہوں۔ مجھے واقعی میں لگا آپ کی کوئی اسٹوڈنٹ آئی ہو گی۔ یہ میری غلطی ہے میں مانتی ہوں۔ وہ صرف انویٹیشن کارڈ دینے آئی تھی۔ میں نے منع کر دیا۔ مگر فارس میری کسی بات پر یقین ہی نہیں کر رہا۔ اسے غصہ ہے، میں نے اندر کیوں آنے دیا۔ غلط فہمی ہو گئی۔ ایکسکیوز بھی کیا مگر وہ.....'' دکھ سے بات ادھوری چھوڑ دی۔

''اتنی چھوٹی سی بات پر وہ اس طرح ری ایکٹ کر رہا ہے جیسے پتا نہیں میں نے کیا کر دیا۔''

مسز شیرازی اسے دیکھ رہی تھیں۔ اسے سن رہی تھیں۔ دم سادھے، منجمد، ساکت، ویران اور خاموش ہو کر۔

جنت کا دل کچھ ہلکا ہوا تو اس کی توجہ مسز شیرازی کے تاثرات کی طرف گئی۔ صحیح معنوں میں پریشان تو اب ہوئی۔ انہوں نے رنگوں سے توجہ ہٹا لی۔ برش رکھ دیا۔ وہیل چیئر کا رخ مکمل طور پر اس کی جانب کر لیا۔

''بیٹھو!''

انہوں نے سنجیدگی سے کہا تو وہ مضطرب ہوئی۔ کیا کچھ غلط ہو گیا ہے؟ خشک لبوں کو تر کرتی ان کے پاس بیٹھ گئی۔

چند لمحوں تک زرکار روشنیوں کے دامن میں خاموشی چھائی رہی۔ جیسے کچھ کہنے سننے کو نہ رہا ہو۔ پھر انہوں نے اپنا موبائل اٹھایا۔ کچھ ٹائپ کر کے اس کی طرف بڑھا دیا۔ ناسمجھی کے عالم میں انہیں کچھ پریشانی سے دیکھتے اس نے موبائل لے لیا۔

''اللہ کرے سب خیر ہو!'' اس کا دل شدت سے دھڑ کے جا رہا تھا۔ موبائل پر گرفت بڑھائے اسکرین پر نظر ڈالی۔

سرچ بار پر آرزو جہانگیر لکھا ہوا نظر آ رہا تھا۔ نیچے مختلف تصاویر تھیں۔ اسے چہرہ جانا پہچانا سا لگا جیسے پہلے دیکھ چکی ہو۔ اگلے ہی پل ذہن میں جھماکا سا ہوا۔ ایک غیرملکی چینل پر لیڈی ایسپرانزا کے نام سے جس خاتون کا اس نے انٹرویو دیکھا تھا وہ یہی تھیں۔

آرزو جہانگیر۔ ایک کامیاب بزنس وومن۔ ایک کامیاب ماڈل۔ سوشل میڈیا کے ہر پلیٹ فارم پر ان کے لاکھوں مداح تھے۔ گوگل کا سرچ انجن ان کی ہر طرح کی تصاویر سے بھرا ہوا تھا۔ ان کے انٹرویوز، ٹویٹس، اسٹوریز، ویڈیوز، آرٹیکلز...... ہر ایک شے کھل کر سامنے آ گئی۔ ایک سرسری نگاہ دوڑاتے آہستگی سے اسکرول کیا اور اگلے ہی پل اپنی جگہ صدمے سے گنگ رہ گئی۔ آنکھوں پر کسی طور یقین نہ آیا۔

''ناممکن!'' یہ پہلا تاثر تھا۔ تاثر ہی رہا۔ حقیقت نہ بن سکا۔ اس کا سر گھوم کر رہ گیا۔

''یہ حیرت تو مجھے بھی ہے کہ آپ میم کو نہیں جانتیں۔'' حیرانی لیے آنکھوں کا تیکھا سا تاثر۔ کچھ جتاتی ہوئی مسکراہٹ۔ ''حالانکہ خاصا گہرا رشتہ ہے آپ کا ان سے۔'' اس کے آس پاس جیسے دھماکے ہوئے۔ سر بے اختیار نفی میں ہلا۔ آنکھوں میں صدمہ اترا۔ لب ساکت ہوئے۔

https://novelskidunya.com/

آرزو جہانگیر کے فارمر سپاؤسز میں پہلا نام ہارون اعظم شیرازی کا تھا۔ چلڈرن میں فارس ہارون شیرازی کا نام لکھا ہوا آ رہا تھا۔

''ایسا کیسے؟'' سر اٹھا کر مسز شیرازی کو دیکھا۔

پتھرائی ہوئی نگاہیں دوبارہ اسکرین پر جمائیں کہ شاید آنکھوں کو دھوکا ہوا ہے۔ مگر جو دیکھا وہی حقیقت تھی جس سے نظریں چرانا ممکن نہ تھا۔

''پانچ سال کا تھا جب آرزو اسے چھوڑ کر گئی تھی۔'' وہ بولیں تو لہجہ نرم مگر کسی پوشیدہ درد کی عکاسی کر رہا تھا۔ آنکھوں میں ایک سوچ ٹھہری تھی۔ انہیں جیسے کچھ بتانے کے لیے بہت کچھ یاد کرنا پڑ رہا تھا۔

جنت گہرے صدمے میں تھی۔ اسے تو جیسے ابھی بھی یقین نہیں آ رہا تھا۔ مسز شیرازی کے ساتھ فارس کی جو محبت تھی اور جس طرح سے وہ فارس کو چاہتی تھیں۔ اسے دیکھ کر کوئی نہیں کہہ سکتا تھا وہ ان کی سگی اولاد نہیں تھا۔ اس کا سر پھر سے نفی میں ہلا۔ حقیقت کو تسلیم کرنے میں وقت ہوئی۔ ایسا مضبوط رشتہ، خلوص اور محبت سے بندھا ہوا۔ خون سے زیادہ گہرا۔

''تو آپ نے...... آپ نے فارس کی پرورش کی۔'' کافی دیر بعد کچھ کہنے کے قابل ہوئی تو اس نے پوچھا۔

مسز شیرازی خاموش رہیں۔ نہ نفی میں سر ہلایا نہ اثبات میں۔ جواب کہیں درمیان میں رہ گیا۔ اب وہ گردن موڑے کھڑکی سے باہر دیکھ رہی تھیں۔ گو کہ وہاں اندھیرا تھا اور لائٹ پولز کی روشنی بھی ناکافی تھی مگر وہاں کچھ تھا۔ کچھ ایسا جو صرف تاریکی میں ہی نظر آ سکتا تھا۔

''ان کے ساتھ فارس کا ریلیشن کیسا ہے؟'' اس نے محتاط ہو کر پوچھا۔

آرزو جہانگیر فارس وجدان کی بائیولوجیکل ماں تھی۔ اسے اتنی آسانی سے وہ اپنی زندگی سے بے دخل تو نہیں کر سکتا تھا۔

"فارس کا رویہ دیکھنے کے بعد تمہیں کیا لگتا ہے کیسا ہو سکتا ہے؟" انہوں نے گردن موڑ کر اس سے پوچھا۔ آنکھوں کی نمی گہری تھی۔ چہرے پر کرب سا نظر آ رہا تھا۔ جنت کے اندر عجیب سی بے چینی اور دکھ پھیل گیا۔ جس بات کو وہ چھوٹا سمجھ رہی تھی، فارس وجدان کے لیے وہ چھوٹی نہیں تھی۔ ماں اور بیٹے کے درمیان اختلاف معمولی نوعیت کا نہیں تھا۔

"آرزو چاہتی ہے فارس کے ساتھ سب ٹھیک ہو جائے مگر فارس، ایسا نہیں چاہتا۔" ان کی نظریں اب جھکی ہوئی تھیں۔ وہ اپنی ہتھیلیوں کو دیکھ رہی تھیں۔

جنت کو ایک دم سے احساس ہوا آرزو جہانگیر کا ذکر مسز شیرازی کے لیے بھی خوش گوار نہیں تھا۔

"کیا وجہ صرف یہ ہے کہ وہ اسے چھوڑ کر گئیں؟"

"کیا یہ وجہ نا کافی ہے بیٹا؟" انہوں نے سر اٹھا کر پوچھا۔ جنت کی آنکھیں بھیگ گئیں۔ سر بھی جھک گیا۔ اس کی ماں نے اسے چھوڑ دیا تھا۔ اس کے باوجود وہ ان سے کبھی نفرت نہیں کر سکی تھی۔

اس کی ہمت نہ ہوئی، وہ ان سے مزید کوئی سوال کرتی یا کچھ جان سکتی۔ سوال غم دیتے تھے، اذیت سے دوچار کرتے تھے۔ اسے اپنے دکھ، اپنے کرب، اپنی محرومیاں یاد آ گئیں۔ ایک وقت اس پر بھی گزرا تھا جب وہ اپنی حکایتوں سے چھپتی پھرتی تھی۔ خاموشی مانگتی تھی۔ خاموشی چاہا کرتی تھی۔

"آپ دونوں کی محبت دیکھ کر ایک لمحے کے لیے بھی میرے ذہن میں یہ گمان نہیں گزرا کہ آپ اس کی بائیولوجیکل مدر نہیں ہیں۔ اب بھی اگر آپ نہ بتاتیں تو شاید میں کبھی یقین نہ کرتی۔"

"وہ میرا بیٹا ہے۔" انہوں نے جس مان، استحقاق اور محبت سے کہا، جنت کی آنکھیں بھر آئیں۔ دل میں ان کی عزت اور مقام مزید بڑھ گیا۔

"میں چاہتی ہوں تم فارس سے اس بارے میں دوبارہ کوئی بات مت کرو۔ وہ بہت ڈسٹرب ہو جاتا ہے۔"

جنت نے ان کے ہاتھ اپنے گرفت میں لے لیے۔

مسز شیرازی سے سر اٹھایا اور اگلے ہی پل اپنی جگہ رک گئیں۔

آنکھوں میں غم اور غصہ لیے فارس وجدان دروازے میں کھڑا تھا۔ مٹھیاں بند تھیں، جبڑے بھینچے ہوئے تھے۔ وہ گفتگو سن چکا تھا۔ تبھی مدھم ہونے کے بجائے مزید اشتعال میں آ گیا تھا۔ دکھ، کرب، غصہ اور بے بسی کا احساس لیے وہ کچھ کہتے کہتے رکا اور پھر جھٹکے سے پلٹ گیا۔

''فارس!'' انہوں نے ایک دم سے پریشان ہو کر اسے پکارا تھا۔ جنت ایک دم سے ہوش میں آئی۔ فوراً ہی اٹھ کھڑی ہوئی۔

''میں دیکھتی ہوں۔'' عجلت میں قدم اٹھاتی وہ فارس کے پیچھے باہر آ گئی تھی۔

کی بٹن سے وہ اپنی گاڑی ان لاک کر چکا تھا۔ دروازہ کھولا ہی تھا کہ جنت اس کے سامنے آ گئی۔

''اس وقت کہاں جا رہے ہو؟''

''جہنم میں۔ چلو گی ساتھ؟'' غصے سے پھٹ پڑا۔

وہ لمحے بھر کے لیے رکی۔ ''ہاں! بس مجھے پانچ منٹ دو، میں کپڑے بدل کر آتی ہوں۔''

وہ جبڑے بھینچ کر رہ گیا۔ ''ہٹو آگے سے۔''

''یہاں سے تو میں کہیں نہیں جاؤں گی۔'' ڈرائیونگ سیٹ کے ادھ کھلے دروازے کو زور سے بند کرتی جم کر کھڑی ہو گئی۔ ''ساتھ لے کر جاؤ ورنہ کہیں مت جاؤ۔''

''ہاں تاکہ اینڈ آف دی روڈ تم مجھ سے کہو میں کتنا بے حس، ظالم اور سنگ دل انسان ہوں۔ جسے اس عورت سے بے تحاشا نفرت ہے جس نے اسے نو ماہ تک پیٹ میں رکھا۔''

وہ دل میں ایک درد سا محسوس کرتی اپنی جگہ کھڑی رہ گئی۔

''اوہ! شاید تمہیں اس بات سے بھی مسئلہ ہو کہ میں اسے ''عورت'' کیوں کہہ رہا ہوں۔ اور مجھ

جیسی ایک نافرمان اولاد کی دنیا وآخرت تو یہیں تباہ ہو گئی۔ اور تم کتنی بد قسمت ہو کہ تمہیں میرا ساتھ ملا۔'' داہنے ہاتھ سے اپنی طرف اشارہ کیا۔

تکلیف میں وہ تھا اور درد اسے محسوس ہونے لگا۔ غم اس کا تھا اور دل اس کا پھٹنے لگا۔

''اب ہٹو میرے راستے سے۔ میں کچھ وقت اکیلے.....'' اس کا جملہ ادھورا رہ گیا۔ جنت نے آگے بڑھ کر اسے خود سے لگا لیا تھا۔ اپنے تمام تر غصے اور اشتعال سمیت فارس وجدان اپنی جگہ منجمد کھڑا رہ گیا۔

''میں نے کہا نا، اگر باہر جا رہے ہو تو ''ہمیں'' ساتھ لے کر جاؤ گے ورنہ نہیں جاؤ گے۔'' وہ اپنی گرفت مضبوط کیے کھڑی رہی۔

https://novelskidunya.com/

اس نے پلکیں جھپکیں، چند لمحوں تک کھڑا رہا۔ ساکت، صامت۔ مکمل خاموشی اور ویرانیوں کی زد میں۔

مسز شیرازی آنکھوں میں پریشانی لیے گلاس والز سے انہیں ہی دیکھ رہی تھیں۔

جنت نے الگ ہو کر اس کی آنکھوں میں جھانکا، پھر اس کا ہاتھ تھام لیا۔ ''بولو، کیا کرنا ہے اب؟'' گرفت اتنی مضبوط کہ اسے لگا وہ اپنا ہاتھ چھڑانا بھی چاہے گا تو نہیں چھڑا سکے گا۔

اگلے کئی لمحوں وہ آنکھوں میں حزن کی نمی لیے تاریکی کا حصہ بنا رہا۔

''صرف دو منٹ ہیں تمہارے پاس۔'' لہجہ ویسا ہی روکھا سا۔ جنت کی آنکھیں چمک اٹھیں۔ ''بس ہم ابھی گئے اور ابھی آئے۔''

وہ اسی وقت اندر چلی گئی۔ سیدھا مسز شیرازی کے پاس گئی۔ ''میں سنبھال لوں گی سب، آپ فکر نہ کریں۔'' ہاتھ تھام کر تسلی دی۔ کپڑے بدلے اور باہر آ گئی۔ وہ گاڑی اسٹارٹ کر چکا تھا۔ پسنجر سیٹ پر بیٹھتے ہی کشن رکھتے سیٹ بیلٹ باندھتے جب تک فارغ ہوئی، گاڑی مرکزی شاہراہ پر پہنچ چکی تھی۔

کتنی ہی دیر تک گاڑی میں خاموشی چھائی رہی۔ وہ ڈرائیونگ کرتا رہا۔ اور جنت باہر دیکھتی

رہی۔ سفر لمبا تھا۔ سڑکیں کہیں سنسان اور کہیں آباد ہو جاتی تھیں۔ آسمان، شہر کی روشنیاں، آبادی، اور ان کا سفر..... خاموش سفر، اداس سفر۔

"تمہیں پتا ہے، تمہارے بابا کتنے عجیب انسان ہیں۔ گھنٹہ ہو گیا ہے، ہم سڑکوں پہ گھوم رہے ہیں اور ان سے یہ نہیں ہوا کہ آئس کریم ہی کھلا دیں۔" وہ اپنے بچے سے مخاطب تھی۔

اسٹیرنگ وہیل پر گرفت جمائے فارس نے اسے سخت نظروں سے دیکھا۔ "میں نے کہا مجھے خاموشی چاہیے۔"

"ہاں تو میں کون سا تم سے بات کر رہی ہوں؟" کندھے اچکا کر رخ بدل گئی۔

جبڑے بھینچ کر اس نے قریبی آئس کریم پارلر کے سامنے گاڑی روک دی۔

"انسان مروتاً پوچھ ہی لیتا ہے کہ گاڑی میں کھانا چاہو گی یا باہر؟" وہ دروازہ کھولنے ہی لگا تو بول پڑی۔

"فرمائیے! کیا خواہش ہے؟" تپ کر پوچھا۔

"اب تم پوچھ ہی رہے ہو تو، کیوں نا پہلے پیزا کھا لیا جائے؟" ضبط کر کے وہ اس کی طرف مڑا۔

"شام کا کھانا کھائے ابھی دو گھنٹے ہوئے ہیں۔"

"تین گھنٹے۔" فوراً ہی تصحیح کی۔ "یہ جو ایک گھنٹہ سے ہم سڑکوں پر خوار ہو رہے ہیں اسے بھی تو کاؤنٹ کرو۔ بلکہ....." رک کر اپنی انگلیوں پر حساب کتاب شروع کیا۔ "ہماری جب کچن میں لڑائی ہوئی تو اس وقت آٹھ بج رہے تھے۔ پھر جب باہر نکلے تو اس وقت نو بجے کا وقت تھا۔ اب دس بجنے والے ہیں۔ کچھ دیر بعد تین گھنٹے پورے ہو جائیں گے۔"

"میں تمہیں اپنے ساتھ کیوں لایا ہوں؟" جھلا اٹھا۔

"ہم خود آئے ہیں۔" جتا کر بولی۔

اسٹیرنگ وہیل گھماتے گاڑی کو سڑک پر ڈال دیا۔ کچھ دیر بعد وہ پیزا ہٹ میں موجود تھے۔ اس

https://novelskidunya.com/

کے لیے آرڈر دے کر وہ خود اجنبیوں کی طرح سینے پر بازو باندھے بیٹھ گیا تھا۔ اس وقت اس کا نہ کچھ کھانے کا موڈ تھا نہ کوئی بات کرنے کا۔ کافی سے زیادہ جھلایا ہوا تھا۔ اسے تو جیسے کچھ بھی اچھا نہیں لگ رہا تھا۔

پیزا سے فارغ ہو کر پھر آئس کریم پارلر کا رخ کیا گیا۔

کھلے آسمان تلے، بلندی سے ریلنگ کے اس پار شہر کی روشنیوں کو دیکھتے جنت کمال اپنی آئس کریم سے لطف اندوز ہوتی رہی۔ فارس اپنا کپ ہاتھ میں لیے چپ چاپ بیٹھا تھا۔ اس کے تاثرات پہلے سے کچھ بہتر تھے۔ آنکھوں کی سختی کم ہو چکی تھی۔ پیشانی پر اب کوئی بل نہ تھا۔ وہ اس کے کندھے سے سر ٹکائے اوپر کہیں آسمان کی طرف دیکھ رہی تھی اور مسلسل بولتی جا رہی تھی۔ اس کی تمام باتوں میں کہیں بھی آرزو جہانگیر کا ذکر نہیں تھا۔ تجسس نہیں تھا۔ غصہ، نفرت یا اس کے رویے کو لے کر حقارت نہیں تھی۔ اسے اس بات سے فرق نہیں پڑا تھا وہ اپنی ''ماں'' سے نہیں ملتا۔ اس بات سے بھی نہیں کہ وہ ان سے ''نفرت'' کرتا ہے۔

''آئم سوری!'' وہ چپ ہوئی تو اس نے کہا۔

بہت اچانک اور بغیر کوئی حوالہ دیے۔

''کس لیے۔'' وہ حیران ہوئی تھی۔ فارس خاموش رہا۔ غالباً وہ اپنے رویے کی معذرت کر رہا تھا۔

''میری طرف سے بھی سوری۔'' کچھ سوچ کر اس نے بھی کہہ دیا۔

''کس لیے؟''

''میں بھی تو کافی الٹا سیدھا بول گئی۔''

''وہ تو تم ہمیشہ بولتی ہو۔''

بھنویں سکیڑ کر اس نے فارس کو گھورا۔ ''مطلب کہ۔ حد ہے؟'' جھنجھلا گئی۔ ''میں نے اپنا سوری واپس لیا۔'' کہہ دیا۔

وہ ایک مسکراتی نظر اس پر ڈالے کہیں دور دیکھنے لگا۔

''اگر میں تمہارے ساتھ نہ آتی تو کہاں جاتے؟'' آسمان کی بلندیوں میں روشن ستاروں کو کھوجتے پوچھا۔

''یہیں آتا، جہاں ہم ہیں۔''

اس نے متعجب ہو کر اطراف میں نگاہ دوڑائی۔

''یعنی یہ تمہارے لیے کوئی خاص جگہ ہے۔''

''تم دیکھ سکتی ہو یہاں سے پورا شہر نظر آتا ہے۔''

''آخری بار تم یہاں کس کے ساتھ آئے تھے؟'' اس نے پوچھا۔

''میں یہاں اکیلا ہی آتا ہوں۔''

اس نے دیکھا، پہاڑی کے نیچے گھومتی ہوئی سڑک کے اس پار سرسبز خطے کے وسط میں ایک قصر نما گھر نظر آ رہا تھا۔ اس کی تمام تر بتیاں رات کے اس پہر اس طرح سے روشن تھیں کہ دن کے اجالے کا گمان ہو رہا تھا۔ منظر انتہائی خوب صورت تھا۔

''تم وہ دیکھ رہی ہو؟'' فارس نے ہاتھ بڑھا کر اشارہ کیا۔

''ہاں۔''

''یہ شیرازی ہاؤس ہے۔''

جنت نے چونک کر سر اٹھایا۔

''میرے دادا یہیں رہتے تھے۔ اس قصر میں۔''

''اوہ! تو اس لیے یہ جگہ تمہارے دل کے بہت قریب ہے۔'' اپنے بھول پن میں بول گئی۔ فارس کی نگاہیں ٹھہری رہیں۔ چہرہ بے تاثر رہا۔

https://novelskidunya.com/

وہ اب گردن اونچی کیے دور تک دیکھ رہی تھی۔

"گھر میں کون رہتا ہے؟"

"کوئی نہیں۔"

"تو لائٹس کیوں آن ہیں؟"

خاموشی......

رخ موڑ کر فارس کو دیکھا۔ اس نے جیکٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈال لیے۔ وہ اپنے بھائی، باپ اور دادا کے بارے میں کوئی بات نہیں کرتا تھا۔ جنت محسوس کر کے خاموش ہوگئی کہ اس کا دل بہلانے آئی تھی۔ مزید ٹینشن سے دوچار کرنے تو نہیں۔ بیگ سے موبائل نکال کر چند ایک میسج ٹائپ کیے۔ وہ مسز شیرازی کو تسلی دے رہی تھی کہ سب ٹھیک ہے آپ سو جائیں۔ پھر فرصت سے اس کی طرف متوجہ ہوئی۔

وہ کین ہاتھ میں لیے بیٹھا تھا۔

"ویسے ایک سوال ہے میرے ذہن میں۔ اور کافی عرصے سے ہے۔ مگر میں نے تم سے کبھی پوچھا نہیں۔" اس نے کہا۔

"کیسا سوال؟" گردن موڑ کر اسے دیکھنے لگا۔ اتنی دیر تک خاموش رہنے کے بعد اب وہ گفتگو میں حصہ لے رہا تھا۔ آنکھوں میں سرخی ٹھہری تھی مگر تاثرات کافی حد تک نارمل ہو چکے تھے۔ وہ بہت ریلیکسڈ لگ رہا تھا۔

"میں اس پر کبھی بات تو نہیں کرنا چاہتی تھی۔ لیکن......" کچھ کہتے کہتے رک گئی۔ "تم جانتے ہو مجھے پہلی ڈی ووریس کس لیے ہوئی تھی؟"

فارس بنچ پر بازو پھیلائے اس کی آنکھوں میں دیکھ کر رہ گیا۔ اسے توقع نہیں تھی وہ اپنے ماضی سے جڑے کسی اذیت بھرے وقت کا حوالہ دے سکتی ہے۔ وہ بھی اس مضبوطی کے ساتھ۔

''تمہیں برا نہیں لگتا؟ مطلب...... تمہیں پہلے بہت نفرت ہو گئی تھی مجھ سے کہ...... میں ایسی ہوں اور یہ کہ میں نے ایک بچے کی جان لینے کی کوشش کی۔ پھر ایسا کیا ہوا کہ...... تم نے اس بات کو ہمارے درمیان سے نکال دیا؟''

فارس اس کے عجیب وغریب سوال پر متحیر سا بیٹھا رہ گیا۔ کیا وہ اپنا معاملہ چھیڑ کر اس کا ذہن بھٹکانے کی کوشش کر رہی ہے؟ یا پھر وہ واقعی میں اس کا مؤقف جاننا چاہ رہی ہے؟

''مجھے ایک نے چھوڑ دیا کہ میں ''ایسی'' ہوں۔ مجھے دوسرا یہ جان کر کیسے اپنا سکتا ہے کہ میں ''ویسی'' ہی ہوں۔'' اس کی آواز کمزور تھی، نہ آنکھیں نم تھیں نہ تاثرات میں کسی دکھ کا شائبہ تھا۔ وہ جیسے اپنی نہیں، کسی دوسرے، تیسرے یا کسی چوتھے انسان کی بات کر رہی تھی۔

ایسے جیسے اس کے اندر ایک الجھن ہو۔ کوئی گرہ جو کھلنے کا نام نہ لیتی ہو۔

''تم پھر سے کچھ الٹا سیدھا سوچ رہی ہو؟''

''نہیں تو...... یہ تو بس ایک سوال ہے۔''

وہ چپ ہو گیا۔ کچھ دیر تک چپ ہی رہا۔

''میں بہت پہلے جان گیا تھا تم کسی کی جان نہیں لے سکتیں۔''

کین لبوں سے لگا کر اس نے سپ لیا۔ جنت دم سادھے اسے دیکھ کر رہ گئی۔

''یہ الگ بات ہے کہ تسلیم نہیں کرنا چاہتا تھا۔'' کہہ کر دور تک دیکھا۔ اشارہ ان تلخ باتوں کا تھا، طنز اور طعنوں کا تھا۔ اس ذہنی اذیت کا جس سے وہ اسے دوچار کرتا رہا تھا۔

''کیا مطلب؟ کیسے جان گئے تھے؟'' جنت کی آنکھوں میں حیرت اتری۔ اس کی حقیقت تو صرف اس کے پاس ہی تھی۔ اگر کہیں سے معلومات لیتا بھی تو اسے مثبت جواب تو کبھی نہ ملتا۔ خاندان بھر میں سب ہی اسے مجرم گردانتے تھے۔ سو اس کی حمایت میں کوئی کچھ بولا تو ہرگز نہیں ہو گا تو پھر......

اس کی آئس کریم تقریباً ختم ہو چکی تھی۔

"جب مجھے اپنا فاٹیلٹک شاک ہوا تھا تب۔" اس نے کہا۔ کین سے مزید چند گھونٹ لیے۔ "یو سیوڈ مائی لائف! ری ممبر؟"

"اس سے یہ کیسے ثابت ہوا کہ میں بے گناہ ہوں؟"

وہ چند لمحوں تک پرسوچ نگاہوں سے سامنے جھاڑیوں کو دیکھتا رہا۔

"تم نے مجھے سی پی آر دیا تھا۔"

"ہاں تو......؟" اس کے لیے یہ اتنی بڑی بات نہ تھی کہ اس کا یوں ذکر کیا جاتا۔

"یہ جانتے ہوئے بھی کہ اس رشتے کو نبھانے کا میرا کوئی ارادہ نہیں۔" وہ رک گئی۔ آنکھوں میں ناسمجھی کا تاثر لیے اسے دوبارہ دیکھا۔

فارس نے گردن موڑ کر جنت کو دیکھا۔ کیا وہ ابھی بھی نہیں سمجھی؟

"کیا مطلب؟"

"اگر تمہارے لیے کسی کی زندگی سے زیادہ اپنا مفاد اہم ہوتا تو تم مجھے سی پی آر نہ دیتیں، سمپل!" وضاحت دے کر اس کی مشکل آسان کرنا چاہی۔

جنت ہونق سی اسے دیکھ کر رہ گئی۔ کیسا مفاد؟ کون سا مفاد؟

"تم کہنا کیا چاہ رہے ہو؟"

"فارس وجدان کی بیوہ ہونا زیادہ فائدہ مند ثابت ہوتا یا دوسری بار طلاق یافتہ ہونا؟" اس نے جھلا کر کہا تو جنت کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ منہ حیرت اور صدمے سے کھل گیا۔

"اللہ!" دونوں ہاتھ گال پر اور پھر اپنے منہ پر رکھ لیے۔ "یہ تو میرے ذہن میں آیا ہی نہیں۔" حیرت، شاک، صدمہ...... جیسے دماغ کی چولیں ہل کر رہ گئی ہوں۔ فارس نے گردن موڑ کر اسے دیکھا۔

''افسوس ہو رہا ہے اب؟'' جبڑے بھینچ کر پوچھا۔

''بہت زیادہ۔''

وہ تاسف سے سر ہلا کر اٹھ گیا۔

''رکو۔'' جھٹ سے اپنا پرس اٹھایا اور تیزی سے اس کے پیچھے آئی۔ ''اف! میں کتنی بے وقوف ہوں، کتنی بے وقوف ہوں۔'' اپنا سوال، فارس کا جواب، اس کا موقف۔ اپنی ذات پر اس کی ایسی نگاہ، ردعمل پر ایسا تجزیہ۔ لب بھینچ کر مسکراہٹ دباتی اس کے قریب ہوئی۔

''اگر ذرا سا بھی۔'' انگوٹھے کی پور کو انگلی سے جوڑ کر کہا۔ ''ذرا سا بھی میرا کرمنل دماغ ہوتا تو تمہاری ساری پراپرٹی مجھے مل جاتی..... شیرازی انٹرپرائزز کی سی ای او میں ہوتی؟''

وہ اس کی روشن آنکھوں میں شرارت کا رنگ دیکھ سکتا تھا۔

''میں تمہیں اپنے ساتھ کیوں لے آیا۔'' بڑبڑا کر رہ گیا۔

اس کے برابر میں چلتے ہوئے وہ دل کھول کر ہنسی۔ اور اس طرح ہنستے ہوئے بہت پیاری لگی۔ ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ ماضی کی کسی تکلیف دہ بات پر اس کے چہرے پر دکھ بھرے تاثرات نہیں تھے۔ وہ ہنس کر اس کا موقف انجوائے کر رہی تھی۔

''اتنی سی بات سے میری پوری شخصیت کا اندازہ لگا لیا۔''

''دیکھ لو، تم کتنی آسان ہو۔'' وہ جیبوں میں ہاتھ ڈالے کہہ رہا تھا۔ اور وہ اس کے آگے الٹے قدم پیچھے ہو رہی تھی۔

''تم مجھے انڈر ریسٹیمیٹ کر رہے ہو، میں تمہاری سوچ سے زیادہ خطرناک ہوں۔ میں کچھ ایسا کر سکتی ہوں جو تم بھی نہیں کر سکتے۔''

فارس کے لبوں کو مسکراہٹ چھو کر گزری۔ ہاں وہ ایسی ہی تھی۔ صدق دل۔ سچے جذبات اور

معصومیت سے، اپنی دعا اور امید سے ناممکن کو ممکن کر دکھانے والی۔

''مثلاً؟''

''میں تمہاری جان لے سکتی ہوں۔'' آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولی۔

''وہ تو تم لے چکیں۔''

''اوہ واؤ، کیا تم نے ابھی تسلیم کیا تم ایک ذومبی ہو؟'' آنکھیں چمک اٹھیں۔ چہرہ خوشی سے کھل اٹھا۔

وہ مسکرا کر رہ گیا۔

''میں ایک ذومبی کے ساتھ پھر رہی ہوں۔'' آواز کچھ بلند تھی۔

قریب سے گزرتے ایک انکل اور آنٹی صاحبہ نے مڑ کر اچنبھے سے اسے دیکھا پھر اس کے ذومبی کو۔

''سوری! میری وائف کو دورے پڑتے ہیں۔'' اسے بازو کے گھیرے میں لیتے معذرت خواہانہ لہجے میں گویا ہوا۔ جنت کے سر پر لگی، تلووں میں بجھی۔

''کیا کہا؟'' وہ اس کی گرفت میں مچل کر چیخی تھی۔ وہ اسے ساتھ لیے سیڑھیوں کا رخ کر گیا۔ اترتے وقت اس نے ایک دو مکے تو جنت سے کھا ہی لیے تھے۔

''تم سے میری خوشی ذرا برداشت نہیں ہوتی۔''

اس کا موڈ ٹھیک کرنے اس کے ساتھ گئی تھی۔ واپسی پر اپنا موڈ خراب کر کے آگئی۔

''میری وائف کو دورے پڑتے ہیں۔'' پسنجر سیٹ پر بیٹھی تھی جم کر نقل اتاری۔ غصہ اتارا۔ بڑبڑاتی رہی۔

لب بھینچ کر مسکراہٹ دبائے وہ سنی ان سنی کیے یکسوئی سے ڈرائیونگ کرتا رہا۔

☆......☆......☆

گھر پہنچتے ہی وہ مسز شیرازی کے کمرے میں چلا گیا۔ وہ بیڈ پر نیم دراز ان کے انتظار میں جاگ رہی تھیں۔ حالانکہ جنت نے میسج کر کے ان سے کہا تھا سب ٹھیک ہے۔ وہ سو جائیں مگر فارس کو دیکھے بغیر انہیں نیند نہیں آسکتی تھی۔ جاتے وقت برہم تھا۔ مگر اب اس کے تاثرات بہتر تھے تاہم آنکھوں میں ابھی بھی حزن کی نمی تھی۔ ان کے پاس بیٹھا تو انہوں نے گال پر ہاتھ رکھا۔ پھر اپنی گرفت میں لے کر اسے خود سے لگا لیا۔

کچھ دیر بعد جنت انہیں دیکھنے آئی تو ادھ کھلے دروازے میں ہی رک گئی۔ فارس ان کے پاس ہی سو گیا تھا۔ مسز شیرازی اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے دعائیں پڑھ کر پھونک رہی تھیں۔ سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

''لائٹس آف کر دوں؟''

اس نے سرگوشی میں پوچھا۔ انہوں نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ کمفرٹر فارس پر پھیلاتے ہوئے اس نے سائڈ ٹیبل کا لیمپ بند کر دیا۔ پانی مسز شیرازی کی میز پر رکھا اور لائٹس آف کر کے آہستہ سے دروازہ بند کرتی اپنے کمرے میں آگئی۔

بیڈ پر بیٹھتے ہوئے اس نے ایک گہری سانس لی۔ پورے دن کے واقعات ذہن میں دوڑ گئے۔ اس انکشاف کو سوچا جو آج اس پر ہوا تھا۔ آرزو جہانگیر کی اس تک پہنچنے کی کوشش سمجھ سے باہر ہو گئی، وہ بھی اس صورت میں جب کہ وہ اپنے بیٹے کی نفرت سے واقف تھیں۔

اس نے لیپ ٹاپ اٹھا لیا۔ ان کا نام سرچ کر کے ان سے متعلق آرٹیکلز پڑھتی گئی۔ وہ انٹرویوز جو انہوں نے دے رکھے تھے، وہ کلپس جو آن کی آن میں وائرل ہو جاتی تھیں۔ ان کی ادائیں، میک اپ، ڈریسنگ سینس کمال کی تھی۔ مغربی لباس ہو یا مشرقی۔ ہر روپ میں ڈھل کر قیامت ڈھا رہی تھیں۔

دو سال پہلے تک کے جو انٹرویوز تھے ان میں ان کی ذاتی زندگی زیادہ ڈسکس نہیں ہوتی تھی مگر اب جو انٹرویوز تھے ان میں وہ بہت دھڑلے سے اپنے ''بیٹے'' کا ذکر کرتی تھیں اور بہت فخر سے اپنے

ساتھ اس کا نام جوڑتی تھیں۔

حالیہ انٹرویو اس نے پھر سے دیکھا۔ اسے آج سمجھ میں آیا فارس نے ٹی وی کیوں بند کر دیا تھا۔ وہ آرزو جہانگیر کو دیکھنا تو درکنار، ان کی آواز تک نہیں سننا چاہتا تھا۔

اتنے قریبی رشتے کے لیے اتنی نفرت اور تلخی اسے اندر تک اذیت میں مبتلا کر گئی۔ مائیں چھوڑ دیتی ہیں، مائیں توڑ دیتی ہیں۔ مگر جانے کیا بات تھی کہ اپنی ماں کی تمام تر نفرت سہتے ہوئے بھی وہ ان سے کبھی بھی نفرت نہیں کر سکی تھی۔ آخری وقت تک اس کی خواہش رہی تھی وہ اسے اپنا لیں۔ آخری وقت تک اس نے چاہا تھا وہ ان کی ہو جائے۔ مرنے کے بعد بھی ان کی ناراضی اور نفرت کسی طور اسے چین نہیں لینے دیتی تھی۔ دل آج بھی غم سے بھر جاتا تھا۔ اپنے نقصان پر رو پڑتا تھا۔

''سنا ہے آپ دادی بننے والی ہیں۔'' انٹرویو کو اس مقام تک لے آئی جہاں سے اس نے نہیں دیکھا تھا۔ اینکر سوال کر رہی تھی۔ آرزو جہانگیر کا چہرہ کھل اٹھا تھا۔ وہ جواب دیتے ہوئے بہت خوش نظر آ رہی تھی۔ اینکر ان کے بیٹے کا پوچھ رہی تھی۔ بیٹے کی چند ایک تصاویر بیک گراؤنڈ پر دکھائی جا رہی تھیں۔ اور وہ بتا رہی تھیں کہ ان کا بیٹا اپنی لائف کو پرائیوٹ رکھنا پسند کرتا ہے اور وہ خود بھی ایسا ہی چاہتی ہیں۔

کچھ پرانی پوسٹس اور آرٹیکلز بھی تھے۔ ایک ایسی پوسٹ بھی تھی جب انہوں نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر بہت اچانک فارس وجدان کی تصویر شیئر کر کے اس کے ساتھ اپنے رشتے کو سب پر ظاہر کر دیا تھا۔ اس بات کو غالباً دو سال ہو چکے تھے۔ کتنے عرصے تک یہی خبریں گردش کرتی رہی تھیں اور وہ کچھ حیرت سے وہ کامنٹس پڑھتی جا رہی تھی جو اس تصویر کے نیچے دیے گئے تھے۔ کچھ فینز کے تاثرات تھے۔ اور کچھ مخالفین کے حاسدانہ تبصرے اور تجزیے۔

''یہ جانتی ہے اسے سوشل میڈیا میں کیسے اِن رہنا ہے۔''

''اب یہ اچانک بیٹا کہاں سے آ گیا؟''

https://novelskidunya.com/

''بیٹا تو قبول کرنا ہی تھا۔آئی مین لک ایٹ ہم، ہی از دا سی ای او آف شیرازی انٹر پرائزز۔''

''ایک قاتل کو اپنے ساتھ جوڑ کر ریپوٹیشن خراب کرلے گی۔''

جنت کا دل رک گیا۔

''ڈو ہی ریئلی کلڈ ہز فادر اینڈ برادر؟''

اور وہ آخری کمنٹ۔ وہ آخری سوال۔ جنت کی سانسیں تھم گئیں۔ دل رک گیا۔آس پاس سناٹے پھیل گئے۔ساکت، منجمد، پتھرائی ہوئی نگاہوں سے فارس کی تصویر کو دیکھا۔

''ویسے ان کی یہ بات تو ٹھیک ہے، تم مجھے نہیں جانتیں۔''

ایک ہی لمحے میں کئی منظر ابھرے، اور اسی ایک ہی لمحے میں اسے کئی باتیں یاد آ گئیں۔ مشتعل اعصاب کے ساتھ لیپ ٹاپ بند کر کے پرے دھکیل دیا۔لوگ بھی اتنی خطرناک باتیں کرتے اللہ سے نہیں ڈرتے۔اس نے اپنی سوچ کو بھٹکنے نہیں دیا۔ذہن کو الجھنے نہیں دیا۔خود پر قابو پاتے ہوئے اٹھ کر کھڑکیاں کھول دیں۔کتنی ہی دیر تک آنکھیں موندے گہری سانسیں لیتی رہی۔

جھوٹ، غلط بیانی، حسد میں کیے گئے تبصرے، سوال......اس نے سوچا، بار بار سوچا۔اور پھر اپنے ذہن سے ان خیالات کو نکال دیا۔

ریان شیرازی حماد شیرازی کا بیٹا تھا۔اور حماد شیرازی فارس وجدان کا سگا بھائی نہیں تھا۔

''کیا رشتے کا اختلاف اس دراڑ کا سبب بنا ہے یا پھر اس نفرت کے پیچھے کوئی اور وجہ ہے؟'' وہ گہری سوچ میں ڈوبی اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

سیاہ رنگ کی لانگ اسکرٹ پر سیاہ چمکتی ہوئی شرٹ زیب تن کیے، سرخ رنگ کی لپ اسٹک، اسی رنگ کا بیگ، پنسل ہیلز اور نفیس جیولری۔ لیئرز میں کٹے، رنگے ہوئے بال جن میں مخروطی انگلیوں کو

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

حرکت دیتی وہ گاڑی سے نکل کر سیدھا عمارت میں داخل ہو گئی تھی۔ پانچویں منزل پر اس کا لگژری اپارٹمنٹ تھا۔ لفٹ کام نہیں کر رہی تھی تو اس نے سیڑھیوں کا رخ کر لیا تھا۔ وہ پورے ایک ماہ بعد پاکستان واپس آئی تھی۔ اپنی اس واپسی پر اور ملنے والی کامیابی پر اس کا چہرہ روشن اور پرسکون نظر آ رہا تھا۔ آہستہ سے قدم اٹھاتے ہوئے وہ موبائل اسکرین پر اسکرولنگ کرتی جا رہی تھی۔

بہت سے میسجز تھے، تصویریں تھیں، کچھ چٹ پٹی سی خبریں۔ کچھ انکشاف اور کارنامے۔ لیکن اسے سب سے زیادہ خوشی موصول ہوتے صرف ایک پیغام پر ہوئی تھی۔ وہ ایک پیغام جیسے اس کی ریاضت کا ثمر تھا۔ ایک مبہم سی پراسرار مسکراہٹ اس کے لبوں کا احاطہ کر گئی۔ دل کی اتھاہ گہرائیوں میں سکون اتر گیا۔

https://novelskidunya.com/

''یہ سب کر کے تمہیں کیا مل جائے گا؟'' میسج موصول ہوا تو وہ ریلنگ پر ہاتھ جمائے رک گئی۔ کافی دیر تک رکی رہی۔ اس نے ٹائپنگ شروع کی۔

''کچھ ایسا جس کا تم تصور بھی نہیں کر سکتیں۔''

لکھ کر پھر سے قدم اٹھانا شروع کیے۔ مطلوبہ فلور پر مطلوبہ دروازہ کھولتے ہوئے وہ اندر داخل ہوئی۔ اپنے نازک قدموں کو ہیل کی گرفت سے آزاد کرنے کے بعد سلیپر پہنے۔ پھر ہاتھ بڑھا کر لائٹس آن کرنا چاہیں تو ادراک ہوا سوئچ بورڈ کام نہیں کر رہا تھا۔ نگاہیں بھٹکتی ہوئی لاؤنج اور پھر اوپن کچن کی طرف چلی گئیں۔ اگلے ہی پل وہ اپنی جگہ تھم گئی۔ حیران و ششدر۔ ساکت۔ بدحواس......

مدھم سی زرکار روشنی میں اس کے اپارٹمنٹ کا منظر کسی حد تک نمایاں ہو رہا تھا۔

گلدان، پینٹنگز، گلاس، ٹیبلو، کراکری...... غرض کہ ہر ایک شے توڑ پھوڑ کا شکار تھی۔ صوفے کے کشن بکھرے ہوئے، ٹی وی اسکرین فرش پر گری تھی۔ کچن کا تو اس سے بھی برا حال تھا۔ منہ پر ہاتھ رکھے وہ کچھ متوحش سی قدم اٹھاتی بیڈ روم کی طرف بھاگی۔ ہاتھ بڑھا کر لائٹس آن کر دیں۔ بیڈ روم کی

حالت بھی ابتر تھی۔ اس کی قیمتی نفیس جیولری، سونے کے زیورات ہر جگہ بکھرے تھے۔

وہ جھٹکے سے پلٹی اور اپنی جگہ ساکت ہوئی۔ بیرونی دروازہ آہستہ سے بند ہوا تھا۔ اس کے اپارٹمنٹ کی تمام بتیاں روشن ہو گئیں۔ دو سوٹڈ بوٹڈ مردوں کے درمیان کھڑے شخص پر نظر پڑتے ہی وہ منجمد ہو گئی۔ وقت اتنا نہیں گزرا تھا کہ وہ اسے پہچان نہ پاتی۔ وہ گندمی چہرہ، تاریک آنکھیں اور اسرار لیے تاثرات اس کے لیے ہرگز نئے نہیں تھے۔

''ت......تم......!'' صدمے سے لب ہلے۔

سیاہ پینٹ کوٹ میں ملبوس وہ اسی تمکنت سے سر اٹھائے کھڑا تھا۔ بھورے بال جیل کی مدد سے پیچھے کو جمے ہوئے تھے۔ داہنے ہاتھ میں وہی مخصوص زنجیر جسے وہ اکثر انگلیوں میں لپیٹے رکھتا تھا۔ آنکھیں کسی بھی تاثر سے عاری، اور چہرہ مکمل سپاٹ تھا۔

''مجھے خوشی ہے کہ میں آپ کو یاد ہوں۔'' اس کا انداز ویسا ہی روبوٹک سا، لہجہ آج بھی سادہ سا تھا۔ نہ غصہ، نہ سختی، نہ نرمی، نہ ہی کوئی اور تاثر جھلکتا تھا۔

وہ دم سادھے پھٹی پھٹی آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

''گھبرایئے نہیں۔ میں صرف آپ سے بات کرنے آیا ہوں۔''

وہ ہاتھ باندھے کھڑا تھا۔ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا آگے بڑھا۔ کانچ کے ٹکڑے اور بہت سی توڑ پھوڑ کا شکار چیزیں اس کے بھاری قدموں تلے چرمرا گئی تھیں۔

''بات۔'' وہ آنکھوں میں صدمے کی سرخی لیے شدید غصے کے عالم میں پھٹ پڑی۔ ''اسے بات کرنا کہتے ہیں؟ ہاؤ ڈیئر یو۔''

''پلیز وہیں رکیے۔'' کہہ کر اپنا ہاتھ اٹھایا۔

''توڑ پھوڑ گھر تک ہے تو پلیز اسے گھر تک محدود رہنے دیجیے۔'' واضح دھمکی تھی۔ وہ ایک دم سے

مشتعل اعصاب کے ساتھ رک گئی تھی۔

''تمہاری یہ ہمت کیسے ہوئی۔ میری مرضی کے بغیر میرے گھر میں داخل ہو کر یہ سب کرنے کی۔''

اس نے جیب سے سگریٹ اور لائٹر نکال کر جلایا۔ کش لے کر دھواں اڑایا۔ پھر اس دھویں کی زد میں نظر آتے عدینہ زبیر کے لال بھبھوکا چہرے کو دیکھا۔

''اتنا غصہ کیوں آرہا ہے؟ حالانکہ ایسی ہی توڑ پھوڑ آپ میرے صاحب کی زندگی میں کتنی بار کر چکی ہیں۔'' رک کر ایک گہری نظر اس پر ڈالی۔''میں نے تو بس آپ کو آپ کے طریقے سے جواب دیا ہے میڈم!''

عدینہ کے وجود میں ایک دم سے سناٹا پھیلا تھا۔ اسی سناٹے میں ایک چنگاری سی اٹھی تھی۔ وجود سلگ اٹھا تھا۔

''اب آپ سمجھ تو گئی ہوں گی میں یہاں کیوں آیا ہوں۔'' کہہ کر ایک سوالیہ نگاہ اس پر ڈالی۔ عدینہ کی مٹھیاں بھنچ گئیں۔ اپنی کسی بھی حرکت پر ملنے والا فارس وجدان کا یہ پہلا ری ایکشن تھا۔ پہلا ردعمل۔ غیر ممکنہ جواب۔ جیسا اس نے سوچا تھا ویسا نہیں ہوا تھا۔ اور جیسا وہ چاہتی تھی ویسا اب نہیں ہو سکتا تھا۔

''آپ ایک سمجھدار اور مصلحت پسند خاتون ہیں۔ امید ہے آئندہ آپ میرے صاحب کی پرائیوٹ لائف میں مداخلت نہیں کریں گی۔''

''تمہیں لگتا ہے میں ان اوچھے ہتھکنڈوں سے ڈر جاؤں گی؟'' آگ اگلتا ہوا لہجہ، قہر برساتی آنکھیں تھیں۔ ''تمہارے باس کو ابھی بھی لگتا ہے اس طرح مجھے ڈرا دھمکا کر دبا لے گا؟ کیا نہیں جانتا اس سوسائٹی میں میری ایک پہچان ہے۔ میرے تعلقات بہت اونچے لوگوں سے ہیں۔''

''خیر یہ تو میں بھی اچھی طرح سے جانتا ہوں آپ کے کتنے اونچے لوگوں کے ساتھ ''تعلقات'' ہیں۔ اور یہ بھی کہ آپ اس سوسائٹی کی کتنی عزت دار اور کامیاب ممبر ہیں۔ لیکن میں ان سب کے لیے نہیں آیا۔ مجھے اپنی بات دہرانے کی عادت نہیں ہے لیکن آپ کو ایک بار پھر بتاتا چلوں کہ میں یہاں اپنے

صاحب کی بیوی کے لیے آیا ہوں۔ان سے دور رہیے۔ یہ میری آپ کے لیے آخری وارننگ ہے۔"

"اور اگر نہ ہٹی تو......؟" لہجہ مستحکم، انداز چیلنجنگ۔

وہ مڑ کر اسے دیکھنے لگا۔ اسے جیسے کسی بات اور حرکت سے، خوف اور دھمکی سے کوئی فرق نہیں پڑا تھا۔ وہ ہٹ دھرمی کی انتہا پر تھی۔

"ایسا کر کے آپ کیا حاصل کر لیں گی؟ فارس؟ کیا آپ کو ابھی بھی لگتا ہے آپ دونوں کا پیچ اپ ہوسکتا ہے؟"

"تمہیں لگتا ہے میں اب پیچ اپ چاہتی ہوں؟" آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولی۔ "مجھے میرا حق چاہیے۔"

https://novelskidunya.com/

"آپ آل ریڈی لے چکی ہیں۔"

"اس طرح کچھ لاکھ میرے منہ پر مار دینے کا مطلب ہے مجھے میرا حق مل چکا؟" وہ غرائی۔

"قانوناً آپ کا حق نہیں بنتا تھا اس کے باوجود فارس صاحب نے آپ کو رقم ادا کر دی تھی۔" اس نے اپنے مخصوص لہجے میں کہا۔

"یہ کام میں نے کیا تھا۔ میں پیسوں کا ایک بیگ آپ کے حوالے کر کے گیا تھا۔ اور وہ چند لاکھ نہیں تھے جیسا آپ کہہ رہی ہیں۔ اور وہ "حق" بھی نہیں تھا جیسا آپ سوچ رہی ہیں۔"

عدینہ زبیر کی مٹھیاں سختی سے بھنچ گئی تھیں۔ آنکھوں میں سرخی اور وحشت مزید نمایاں ہو رہی تھی۔

"اس نے اپنے انتقام کی خاطر میری زندگی برباد کر دی۔ اور تم چاہتے ہو میں خاموش رہوں؟ اس طرح توڑ پھوڑ کر کے مجھے دھمکانے آئے ہو۔"

"دھمکانے نہیں آیا، صرف بتانے آیا ہوں۔" سنجیدگی سے کہہ کر جانے کے لیے مڑ گیا۔

"میں ابھی تک چپ ہوں تو وہ سمجھ رہا ہے بات ختم ہوگئی۔ جب بولنے پر آئی تو کسی کو منہ دکھانے

کے قابل نہیں رہے گا وہ۔'' وہ غصے سے چلا اٹھی۔

''عدینہ میڈم!'' بھاری آواز اب کے قدرے بلند ہوئی تھی۔ ''کچھ بھی کرنے سے پہلے consequences کا خیال رکھیے گا۔ میرے صاحب آج تک آپ کی ہر حرکت پر خاموش رہے ہیں لیکن آئندہ ایسا نہیں ہوگا۔ یہ تو محض ایک چھوٹی سی وارننگ ہے۔''

''ہاں چھوٹی سی وارننگ۔'' وہ استہزائیہ انداز میں ہنسی۔ ''اپنے سگے باپ اور بھائی کو مار ڈالنے والے کی چھوٹی سی وارننگ ایسی ہی ہو سکتی ہے۔''

نووارد نے مڑ کر اسے دیکھا۔ ''حیرت ہے آپ پھر بھی ان سے خوف زدہ نہیں ہیں۔''

مسکراہٹ داہنے گال کی جانب اٹھ گئی۔ پراسراریت مزید بڑھ گئی۔

عدینہ لب بھینچ کر کھڑی رہی۔

کچھ ہی دیر بعد وہ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ فلیٹ سے نکل گیا۔ دروازہ بند ہوا تو ٹوٹی ہوئی ایک ایک چیز سے ہوتی ہوئی اس کی نگاہ دیوار گیر آئینے پر جا ٹھہری۔

وہ پہلے صدمے میں تھی۔ اب صدمہ اشتعال میں بدلنے لگا تھا۔ تباہ کاریوں کا شکار اس کا اپارٹمنٹ اس کی اندرونی توڑ پھوڑ کا غماز ہونے لگا۔ وہ پاگل ہونے لگی۔

''میں تمہیں برباد کر دوں گی فارس! جینے کے قابل نہیں چھوڑوں گی میں تمہیں۔'' ایک دم سے چیختے ہوئے اس نے اسٹینڈ زمین پر دے مارا تھا۔

سر تھامے وہ نیچے بیٹھ گئی۔ چہرہ غم و غصے سے سرخ ہونے لگا تھا۔ مٹھیاں سختی سے بھنچ گئی تھیں۔ اس نے اپنے ہاتھ میں آنے والی شے اٹھا کر دیوار پر دے ماری تھی۔ ٹوٹے ہوئے گلدان کے مزید ٹکڑے ہوئے تھے۔

''تمہیں اس کی بھاری قیمت چکانی پڑے گی۔ بہت بھاری۔'' اندر باہر ایک آگ سی جل رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/
NovelsKiDunya

آئینے کے ٹکڑوں میں اس کا خوب صورت چہرہ کئی حصوں میں بٹ چکا تھا۔اور ہر حصے میں اس کی شکل نامکمل اور غیر واضح نظر آرہی تھی۔

☆......☆......☆

نیند گہری تھی مگر سکون بھری نہ تھی۔ کچھ دیر بعد اس کی آنکھ کھل جاتی تھی۔ایسے جیسے کسی نے جھنجھوڑ کر جگادیا ہو۔یا بلندی سے گرادیا ہو۔کئی بار اس نے کروٹ بدلی۔تکیہ کبھی سر کے نیچے رکھا۔کبھی گرادیا۔ کبھی کمفرٹر چہرے تک لیا۔اور کبھی پورا کا پورا ہٹا دیا۔اس الجھن اور بے چینی میں اسے مسز شیرازی کا لمس یاد رہا۔وہ اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیے جانے کیا کچھ پڑھ کر پھونکتی رہیں۔اب کے جب آنکھ لگی تو آس پاس کا کوئی ہوش نہیں رہا۔مکمل خاموشی اور سناٹے کی زد میں وہ کتنی دیر تک سویا رہا کچھ پتا نہ چلا۔

اس کے سکون میں خلل ایک دم سے اٹھنے والے شور نے ڈالا تھا۔بند دروازے کے اس پار ٹھک ٹھک کی آواز ابھری تھی۔کوئی چیز نیچے گری تھی۔کچھ ٹوٹا بھی تھا شاید۔

اس نے کہنی کے بل اوپر ہو کر کمرے میں نگاہ دوڑائی۔دروازہ بند تھا۔بیڈ روم میں اس کے سوا اور کوئی نہیں تھا۔ٹیبل کلاک پر وقت دیکھا تو دس بج رہے تھے۔آوازیں تیز تھیں پہلے۔اب اچانک مدھم ہوگئی تھیں۔

اٹھ کر بیٹھتے ہوئے سلیپرز پہنے،موبائل اٹھا کر اسکرین پر کچھ دیکھا پھر اسے جیب میں ڈالتے ہوئے باہر آ گیا۔

راہداری کی دوسری طرف لاؤنج کے عین سامنے جو چہرہ نظر آیا وہ زید کا تھا۔ساتھ ایک جیسی شکل والے دو چشما ٹو بچے بھی تھے۔لاؤنج کے صوفوں کے گرد چیختے ہوئے بھاگ رہے تھے۔اس پر نظر پڑی تو رک گئے۔وہ ان کے سر پر آ گیا۔

''پکنک پر آئے ہو؟'' جس طرح سے انہوں نے اودھم مچا رکھا تھا تو اسے غصہ چڑھ گیا۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

"آئے ہیں۔" زید سر اٹھائے فارس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کھڑا ہو گیا۔ غصے سے گال پھولے ہوئے۔ اس کے چشماٹو کزن بھی اس کے پیچھے تھے تو ہمت اور جرأت دیکھنے لائق تھی۔ کچھ پسٹل بھی تھے جو جیبوں میں اڑسے ہوئے تھے اور جن سے چھوٹی چھوٹی گیندیں فائر ہوتی تھیں۔ سب سے چھوٹے والے کے پاس جادوئی تلوار بھی تھی اور تیر کمان بھی۔ (پلاسٹک کے)

"ہو از ہی؟" اتنے بڑے گھر میں انہیں نیا چہرہ نظر آیا تو پوچھے بنا نہ رہ سکے۔

"تو ون۔" زید نے ان سے کہا۔

ایک تو وہ ان کے شور سے بیدار ہوا تھا دوسرا زید کا جواب اسے اندر تک سلگا گیا۔

تو ون؟ آگ کے شعلوں میں لپٹا فارس گھٹنوں پہ ہاتھ رکھے جھکا۔ تاکہ آمنے سامنے برابری پر بات ہو سکے۔ بات کیا ہونی تھی، زید کے اس طرح سینہ تان کے گھورنے پر ضبط کر کے ہاتھ اٹھائے اور اس کے گال پکڑ کر کھینچ ڈالے۔

وہ ایک دم سے چیخ اٹھا۔ "آہ! جنہ جانی! ہیلپ۔"

جنت جو اپنے چھوٹے مہمانوں کے لیے کھانے کا انتظام سنبھالے ہوئے تھی اوپن کچن سے منظر دیکھتے ہی ہوش اڑے۔ فوراً آ گئی۔

"فارس!" زید کے گال چھڑوائے، فارس کو پیچھے ہٹایا۔

"کیا کر رہے ہو تم؟"

"پیار کر رہا ہوں۔" دانت پر دانت جمائے۔ آواز نیند سے متاثر لگ رہی تھی۔ بھاری، مدھم، گہری۔

"ایسے کرتے ہیں پیار؟ گال لال کر دیے بے چارے کے۔" زید کو خود سے لگاتے ہوئے فارس کو گھورا۔ جینز پر سفید ٹی شرٹ پہنے وہ بھنویں سکیڑے کھڑا تھا۔ پیشانی پر بال بے ترتیب ہو رہے تھے۔ آنکھوں میں نیند کا خمار تھا۔ یقیناً وہ بچوں کی آواز اور شور سے ہی بیدار ہوا تھا۔ ورنہ اس نے تو سوچا تھا وہ

دوپہر سے پہلے اسے نہیں جگائے گی کہ اتنی مشکل سے اور اس قدر سکون سے سویا ہوا تھا جیسے کافی عرصے بعد نیند آئی ہو۔ پتا نہیں بچے مسز شیرازی کے بیڈروم تک کیسے پہنچ گئے تھے۔ الجھ کر راہداری میں نظر دوڑائی۔ چونکہ کارپٹ نہیں بچھا ہوا تھا تو انہیں اپنی گاڑیوں کے لیے ایک لمبی سڑک مل گئی تھی۔ اس نے بچوں کو باہر بھیج دیا۔

"یہ یہاں کیا کر رہے ہیں؟" وہ کچھ برہمی سے پوچھ رہا تھا۔

"مسز فاروق اپنی نند کے ساتھ ہاسپٹل گئی ہوئی ہیں۔ ان کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں۔ تو اس لیے بچوں کو یہاں چھوڑ دیا۔"

"کیا گھر میں کوئی آیا نہیں تھی جو ان کی دیکھ بھال کرتی؟" وہ آس پاس ہر طرف کھلونوں کا بکھیڑا دیکھ کر بہت اریٹیٹ لگ رہا تھا۔ نہ اس شور کی عادت تھی، اور نہ موڈ ایسا کہ کوئی بھی بدلاؤ قبول کر پاتا۔ اس کے ماتھے پر شکن اور اعصاب تناؤ کا شکار لگ رہے تھے۔

جنت نے گہری سانس لے کر اس کی آنکھوں میں دیکھا۔ "تم آرام کرو۔ میں خیال رکھوں گی اب کوئی آواز نہ آئے۔"

"کوئی ضرورت نہیں۔" بگڑے تیوروں کے ساتھ کہہ کر باہر آ گیا۔ دس بجے کا وقت تھا مگر باہر بے دھوپ سے موسم میں غروب آفتاب کا گمان ہو رہا تھا۔ آسمان بادلوں سے ڈھکا ہوا تھا۔ اب ہلکی ہلکی بوندا باندی بھی ہونے لگی تھی۔

اس نے موبائل نکال کر کچھ دیکھا پھر سیڑھیوں پر بیٹھتے ہوئے پلر کے ساتھ سر ٹکا لیا۔

وسیع و عریض لان میں اب فٹ بال کھیلا جا رہا تھا۔ اور گیندیں بھی فائر ہو رہی تھیں۔ زویا اقصیٰ سے نیل پالش لگوا رہی تھی۔ کھلی فضا میں گہری سانس لیتے اس نے آنکھیں موند لیں۔ چند لمحوں کے بعد کھولیں تو زویا بالکل اس کے پاس کھڑی تھی۔ اپنی بڑی بڑی آنکھوں میں کچھ حیرت سمو کر اسے بغور

دیکھتی ہوئی۔ ننھے ننھے سرخ ناخن۔ آنکھوں پر ہلکا سا گلابی میک اپ۔ لائنر بھی لگا تھا۔ ایک آنکھ پر کچھ موٹا، دوسری پر کچھ باریک۔ لپ اسٹک بھی تھی جو اس کے باریک سے ہونٹوں پر پھیلی ہوئی تھی۔ گلابی ڈریس تھا تو، میچنگ آئی شیڈو۔ ایک آنکھ زیادہ پنک، ایک آنکھ زیادہ جامنی۔ اقصیٰ کے کارنامے۔

اپنی بہن کو اس کے پاس کھڑا دیکھ کر زید فوراً الرٹ ہو کر بھاگا چلا آیا۔

''زویا سویٹی!'' اسے بازو سے پکڑ کر پیچھے ہٹایا۔ ''ڈونٹ ٹاک ٹو ہم!''

ہاں! وہ تو جیسے اس کی بہن کو کھا ہی جاتا۔ تپ کر رہ گیا۔

زویا کچھ دیر تک اپنے بھائی اور کزنز کے ساتھ فٹ بال کھیلتی رہی اور جب وہ چپس کھانے بیٹھے تو ایک بار پھر اس کے پاس آ گئی۔

''جاؤ یہاں سے۔'' اس نے ہاتھ ہلا کر زویا کو جانے کو کہا مگر وہ بھی زید کی بہن تھی۔ کہیں نہیں گئی۔

فارس کو اس لمحے نہ موسم اچھا لگ رہا تھا، نہ بارش، نہ ماحول، نہ بچے اور نہ شور۔

کافی کا مگ ہاتھ میں لیے جنت باہر آئی۔ زویا کو اس کے پاس کھڑا دیکھا تو گہری سانس لے کر مگ اسے تھما دیا اور خود اس کے برابر میں بیٹھ گئی۔

''کب سے کھڑی ہے وہ۔ ذرا سا پیار کر لیتے تو کیا ہو جاتا؟'' اس نے خفگی سے کہا۔ فارس نے کوئی جواب نہ دیا۔

''پتا نہیں اپنے بچے کے وقت کیا کرو گے۔'' بڑبڑا کر زویا کی طرف اپنے بازو پھیلائے۔ ''یہاں آؤ میرا بے بی!'' وہ خوشی خوشی اس کے سینے سے آ لگی، برابر میں بیٹھ کر اپنے ناخن دکھائے، میک اپ دکھایا۔ ابھی تو وہ مہندی بھی لگوائے گی۔ ننھی ننھی ہتھیلیاں پھیلا کر کہا۔ اس سے باتیں کرتے جنت نے گدگدایا تو کھلکھلاتے ہوئے بھاگ گئی۔

گہری سانس لے کر فارس کی طرف مڑی تو وہ اسی پوزیشن میں گھونٹ گھونٹ کافی پیتا کسی گہری

سوچ میں گم سرسبز گھاس کو دیکھ رہا تھا۔ شرٹ کی ہوڈی اب سر پر تھی۔

''آنٹی تمہارا پوچھ رہی ہیں۔''

وہ چپ رہا۔

''اسٹوڈیو میں ہیں۔'' مزید بتایا۔

خاموشی......

جیسے کچھ سنا ہی نہ ہو۔ ایک بار پھر جنت کا دل خوف کے شکنجے میں آیا تھا۔ فکر میں دھڑکا تھا۔ بیٹھے بیٹھے بہت اچانک جانے اسے کیا ہو جاتا تھا۔ ایک پہر اگر وہ ٹھیک ہوتا تھا تو دوسرے پہر اس کا مزاج بالکل سمجھ میں نہیں آتا تھا۔ جتنا وقت وہ اس کے ساتھ گزار چکی تھی، اس حساب سے اتنا تو جان گئی تھی کہ وہ پہلے ایسا نہیں تھا۔ اس کے مزاج مستقل، اس کے اعصاب متحمل رہتے تھے۔ لیکن اب تو جیسے ایک چھوٹی سی بات بھی اس کا اچھا خاصا پارہ چڑھا دیتی تھی۔

''یہاں کیا ہوا؟'' داہنے ہاتھ کی انگلیوں پر نیل کا نشان تھا۔ اس نے چھو کر دیکھنا چاہا تو فارس نے ہاتھ جھٹک دیا اور پھر اٹھ کر اندر چلا گیا۔

جنت کچھ پریشانی سے اسے دیکھ کر رہ گئی۔ شام تک سب ٹھیک تھا۔ جہاں تک اس کا خیال تھا۔ لونگ ڈرائیو سے واپسی کے بعد وہ کافی حد تک نارمل تھا۔ لیکن اب وہ ایک بار پھر اسے عجیب برتاؤ کرتا ہوا نظر آ رہا تھا۔ جنت کی پریشانی میں ایک دم سے اضافہ ہوا تھا۔

☆......☆......☆

بچے چار بجے تک چلے گئے تھے۔ موسم کچھ ایسا تھا کہ بارش شروع ہوئی تو رات دیر تک ہوتی رہی۔ کچھ وقت وہ مسز شیرازی کے پاس بیٹھا رہا پھر اپنے آفس میں بند ہو گیا۔ عدیل کے ساتھ فائنانس منیجر بھی آئے ہوئے تھے۔ ملازمہ کے ہاتھ اس کے آفس میں کافی بھجوانے کے بعد وہ خود کمرے میں

کھڑکیوں کے سامنے کھڑے ہو کر شیشے پر پھسلتی بارش کو دیکھنے لگی۔ آج صبح اس کی روبی سے بات ہوئی تھی اور کچھ دیر پہلے دوسری بار بھی ہوئی تھی۔

روبی جاننا چاہتی تھی وہ ریان کو کب لینے آ رہی تھی۔ گھر میں طارق صاحب کی دوسری بیٹی کے شادی کے انتظامات ہو رہے تھے اور ریان کی طبیعت ابھی بھی ٹھیک نہیں تھی۔ وہ ڈاکٹر کو دکھانے بھی نہیں لے جاسکی تھی۔ رشیداں اپنے میکے گئی ہوئی تھی اور اس پر بھی کام کا بوجھ بڑھا ہوا تھا۔ وہ سن رہی تھی تو دل وحشتوں میں گھر گیا تھا۔ بے چینی مزید بڑھ گئی تھی۔ مسئلہ بات سے حل ہونے والا نہیں تھا۔ وہ فارس سے بات کر کے دیکھ چکی تھی۔ دوبارہ بات کر کے مزید بد مزگی وہ نہیں چاہتی تھی۔ خصوصاً اس کے ردعمل کے بعد وہ پہلے سے زیادہ محتاط ہو گئی تھی۔ وہ اس کی مرضی کے بغیر کچھ بھی نہیں کرنا چاہتی تھی مگر اب جیسے سب ہی آپشن ختم ہو گئے تھے۔

کسی معاملے کی گہرائی میں اترنے کا فی الحال اس کے پاس وقت نہ تھا۔ اسے بس جلد از جلد ریان کے لیے کچھ کرنا تھا۔ اس کی چچی ہونے کے ناتے وہ اس سے ملنے جاسکتی تھی۔ وہ بیمار تھا تو اسے ڈاکٹر کو بھی دکھا سکتی تھی۔ فارس اگر اسے اپنے پاس نہیں رکھنا چاہتا تھا تب بھی وہ ایک یتیم بچے کے لیے اوصاف منزل کے مکینوں کو خوف خدا اور شرم تو دلا ہی سکتی تھی۔ خبر گیری کرنے والا ہوتا تو شاید وہ بچے کے ساتھ اچھا سلوک کرتے مگر اب تو جیسے بے حسی کی انتہا ہو گئی تھی۔ فارس کی طرف سے بھی اور اوصاف منزل کے مکینوں کی طرف سے بھی۔

ایک ملاقات سے کیا ہوگا؟ اس نے سوچا۔ اپنے ضمیر سے پوچھا۔ حق کو دیکھا، سچ کو پرکھا۔ اس وقت کیا اہم ہے؟ وہ خود سے الجھتے ہوئے بارش کی سنگت میں اس مسئلے کا حل ڈھونڈتی رہی۔ اور درمیانہ حل کوئی نہ تھا۔ آر یا پار۔ ریان سے ملاقات۔

ساری رات اس نے اسی کشمکش و پیچ میں گزار دی۔ صبح فارس آفس کے لیے جا چکا تو اس نے

خاصی سوچ و بچار کے بعد آئمہ کو کال کر کے گھر بلایا۔ وہ کچھ مصروف تھی مگر شام تک وقت نکال کر اس سے ملنے آ گئی۔ گھر میں رونق سی لگ گئی۔ باتوں باتوں میں وقت گزرنے کا پتا ہی نہ چلا۔ ڈائننگ ہال میں کھانا کھاتے ہوئے دنیا جہان کی باتیں تھیں جو آئمہ گوش گزار کرتی رہی۔ زیادہ تر اس کے شکوے فارس سے تھے جو سنی ان سنی کیے کھانا کھاتا رہا۔ مسز شیرازی نے بھرپور ساتھ دیا۔ جنت بھی مسکراتی رہی۔

چائے پینے کے بعد جنت مسز شیرازی کے ساتھ ان کے بیڈ روم میں آ گئی۔ انہیں میڈیسن دی۔ بیڈ پر تکیے درست کیے اور کمفر ٹر اچھے سے ڈالتے ہوئے ملازمہ کو کچھ ضروری ہدایت دے کر انہیں شب بخیر کہتی ڈرائنگ روم میں آ گئی جہاں آئمہ پہلے سے ہی کتاب ہاتھ میں لیے اس کے انتظار میں ٹہل رہی تھی۔

''سوری! اس طرح تمہیں ڈسٹرب کرنے کے لیے۔'' اس نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے کچھ نروس ہو کر کہا۔ آئمہ نے گہری سانس لے کر آنکھیں گھمائیں۔ ''فار گاڈ سیک جنت! کتنی بار سوری کرو گی تم؟'' کتاب شیلف میں رکھتی اس کے پاس آ بیٹھی۔ اب وہ پوری طرح سے جنت کی طرف متوجہ تھی۔

خشک لبوں کو تر کرتے ہوئے جنت نے ہمت مجتمع کر لی۔ ہر طرح کے خوف اور واہموں کو سلا دیا۔ بات ایک معصوم بچے کی تھی۔ اس کے لیے اب زندگی اور موت کا معاملہ ہو گیا تھا۔

''مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا تو سوچا تم سے بات کرنی چاہیے۔'' وہ صوفے کی بیک سائیڈ پر بازو رکھے آہستگی سے بولی۔

''کہو، میں سن رہی ہوں۔''

''پہلے وعدہ کرو یہ بات صرف ہم دونوں کے درمیان رہے گی۔''

''وعدہ رہا۔''

''مجھے تمہاری ہیلپ چاہیے۔'' ایک سرسری سی نگاہ ڈرائنگ روم کے بند دروازے پر ڈالتے ہوئے اس نے مدھم آواز میں کہا۔ عقب میں کھڑکیاں بند تھیں۔ پردے ڈوریوں میں بندھے ہوئے

تھے۔رات تاریک اور چاند مکمل روشن تھا۔

''کس سلسلے میں ہیلپ چاہیے؟'' آئمہ نے گود میں کشن رکھ لیا تھا۔

''میں تمہارے ساتھ کہیں جانا چاہتی ہوں۔''

''کہاں؟''

''کسی سے ملنے جانا ہے۔اور میں یہ بات فارس کو نہیں بتا سکتی۔''

''مطلب فارس سے چھپ کر کسی سے ملنا ہے۔'' آئمہ کی آنکھیں پھیلیں۔آواز یکا یک سرگوشی میں ڈھل گئی۔''واٹ آر یو ٹرائنگ ٹو ڈو؟''

''آئم جسٹ ٹرائنگ ٹو ہیلپ سم ون۔''

آئمہ اسے دیکھ کر رہ گئی۔جنت کی آنکھوں میں ایک خوف سا ٹھہرا تھا۔چہرے سے پریشانی نظر آ رہی تھی۔

''میں کچھ سمجھ نہیں پا رہی۔''

جنت چند لمحوں تک سر جھکائے چپ رہی۔

''میں تمہیں ہر بات نہیں بتا سکتی لیکن......'' کچھ کہتے کہتے رک گئی۔''سمجھو یہ زندگی اور موت کا معاملہ ہے۔مجھے ایک بچے سے ملنے جانا ہے۔''

''تو یہ بات تم فارس بھائی سے کیوں چھپا رہی ہو؟ وہ تمہیں منع تو نہیں کریں گے۔''

''وہ منع کر چکا ہے۔'' اس کی نگاہیں جھکی ہوئی تھیں۔لہجہ درد کی عکاسی کر رہا تھا۔''فارس نہیں چاہتا میں وہاں جاؤں۔لیکن اس بچے کے لیے میرا وہاں جانا ضروری ہے۔''

''اس لیے تم چھپ کر وہاں جانا چاہتی ہو؟''

جنت نے آہستہ سے سر ہلا دیا۔

''اگر فارس بھائی کو پتا چل گیا تو؟'' اس نے خدشے کا اظہار کر دیا۔ جس طرح سے وہ گھبرائی ہوئی تھی تو اس سے صاف ظاہر تھا فارس کے لیے یہ بات معمولی نہیں ہوگی۔

''اسی لیے مجھے تمہاری مدد چاہیے۔ میں نہیں چاہتی فارس کو کچھ بھی پتا چلے۔ تب تک نہیں جب تک میں اسے یہاں لے نہیں آتی۔''

''تمہیں لگتا ہے یہ بات فارس بھائی سے چھپی رہ سکتی ہے؟ پھر مجھے کہنے دو۔ یو رئیلی ڈونٹ نو ہم!''

''میرا اس وقت اس بچے کے پاس جانا بہت ضروری ہے۔ باقی تمام معاملات سمجھو میرے لیے ثانوی ہو گئے ہیں۔'' اس نے کہہ دیا۔ بھاری دل کے ساتھ اور مضطرب ہو کر کہہ دیا۔

''فارس بھائی بھی؟''

وہ چپ رہی۔ سر جھکا رہا۔

''میں نہیں جانتی اصل معاملہ کیا ہے۔ لیکن میرا یقین کرو جنت مجھے یہ سب ٹھیک نہیں لگ رہا۔ اگر انہوں نے منع کیا ہے تو تمہیں......''

''تم میری مدد کرو گی یا نہیں؟'' اس نے سر اٹھا کر دوٹوک لہجے میں جس طرح سے پوچھا، آئمہ اسے دیکھ کر رہ گئی۔ آنکھوں میں ہلکی سی نمی تھی۔ تاثرات سنجیدہ ہو رہے تھے۔

''اگر تم مدد نہیں کرنا چاہتیں تو اٹس او کے۔ میں خود مینج کر لوں گی۔'' کہہ کر اٹھنا چاہا تو آئمہ نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔

''بتاؤ! کیا کرنا ہے۔'' اس نے گہری سانس لے کر جس طرح سے پوچھا جنت کی آنکھیں خوشی سے نم ہو گئیں۔ ''تھینک یو سو مچ آئمہ! تھینک یو سو مچ!'' اس کے دونوں ہاتھ اپنی گرفت میں لے لیے۔

''شکریہ بعد میں ادا کرنا پہلے یہ بتاؤ کرنا کیا ہے؟''

جنت نے گہری سانس لے کر اسے دیکھا پھر مدھم آواز میں اسے اپنے منصوبے سے آگاہ کرنے

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا NovelsKiDunya.org

لگی۔ خاموشی سے جنت کی بات سنتے آئمہ کے تاثرات کئی بار بدلے تھے، کئی بار اس نے کچھ حیرت اور پھر کچھ تشویش سے جنت کو دیکھا تھا۔ چند ایک آئیڈیاز اس کے بھی تھے۔ جانتی تھی فارس اسے اب اکیلے میں کہیں آنے جانے نہیں دیتا تھا۔ حتیٰ کہ اس کے گھر بھی نہیں۔ فیملی گیدرنگ اور فنکشن اٹینڈ کرنا تو دور کی بات تھی۔ سو اب پہلا مشن ہی یہی تھا کہ وہ کسی طرح جنت کو اپنے گھر بلائے۔ یہ کام فارس کی مرضی اور اجازت کے بغیر قطعی ناممکن تھا اور اسے ممکن بنانے کے لیے جنت کمال نے پوری کہانی ترتیب دے ڈالی تھی۔

''ایک بار پھر سوچ لو۔'' آئمہ کو پتا نہیں کس بات کی فکر تھی۔ بار بار کہہ رہی تھی۔

''بہت سوچا ہے۔ مزید سوچنے میں وقت ضائع کیا تو کچھ برا ہو سکتا ہے۔''

اس نے کہا۔ آئمہ خاموش ہو گئی۔ تمام معاملات طے کر کے وہ چلی گئی۔ دو دن کا انتظار کر کے تیسرے دن اس نے صبح سویرے پلان کے مطابق فارس کو آئمہ کی کال کے بارے میں بتایا اور اس کی طبیعت خرابی کے بارے میں آگاہی دی۔ ''گھر میں اکیلی ہے تو زیادہ پریشان ہو رہی ہے۔ بھائی اور بھابھی کو نہیں بتایا کہ وہ پریشان نہ ہو جائیں۔''

''ہوا کیا ہے اسے؟'' فارس نے پوچھا تھا۔

''فوڈ پوائزنگ۔'' جنت کا حلق خشک ہوا۔ وہ جھوٹ بول رہی تھی تو دھڑکن مزید تیز ہو چکی تھی۔

''رات ہاسپٹل گزار کر آئی ہے۔'' اس نے مزید کہا۔

بات مسز شیرازی کے سامنے ہو رہی تھی تو وہ انکار نہ کر سکا۔

''ٹھیک ہے چلی جاؤ۔ کب تک واپس آؤ گی؟''

اس نے اجازت دی تو جنت نے بے اختیار سکھ بھری سانس لی۔

''اگر ٹھیک ہوئی تو جلدا جاؤں گی ورنہ ہو سکتا ہے اس کے پاس آج رات رک جاؤں؟ کیا خیال ہے؟'' وہ چند لمحوں تک اسے دیکھتا رہا۔ اور اس کے اس طرح دیکھنے پر جنت کے اندر ہلچل سی ہوئی۔

''تم جانتے ہو مجھے جھوٹ اور دھوکا پسند نہیں۔ جب کہہ دیا ہے اسے فائر کر دو سو فائر کر دو۔ نو سیکنڈ چانس۔'' فارس کے آفس روم سے ایک بار اس نے یہ لفظ سنے تھے۔ وہ نظریں چرا گئی۔

''ٹھیک ہے، جیسے مناسب لگے۔'' کوٹ پہنتے ہوئے اجازت دے دی۔

''میں ڈراپ کر دوں یا؟'' رک کر پوچھا۔ اسے آج ضروری میٹنگ اٹینڈ کرنی تھی۔ شہر سے باہر بھی جانا تھا۔

''تمہیں آفس لیے دیر ہو جائے گی۔ مجھے تو ابھی تیاری بھی کرنی ہے۔'' سنبھل کر کہا۔

''او کے، خیال رکھنا اپنا۔'' وہ اپنا والٹ، چابیاں اور موبائل اٹھائے باہر چلا گیا۔ ٹھیک آدھے گھنٹے بعد وہ ڈرائیور کے ساتھ ظہیر ہاؤس پہنچ گئی تھی۔

https://novelskidunya.com/

ڈرائیور تو اسے چھوڑ کر چلا گیا مگر گارڈ وہیں کھڑا رہ گیا۔ جنت کچھ پریشانی سے اندر آ گئی۔

''آخر تم نے ایسا کیا کیا کہ فارس بھائی کو تمہارے پیچھے جنات جیسے گارڈ لگانے پڑے۔ کیا میری غیر موجودگی میں تم اغوا ہوئی ہو؟'' آئمہ نے مشکوک ہو کر پوچھا۔

''اللہ نہ کرے۔ یہ کیا بک رہی ہو؟''

ناولز کی دنیا Novels Ki Dunya

جنت خفیف سی ہو کر ادھر ادھر دیکھنے لگی۔

''آخر اتنی سخت سکیورٹی کی وجہ کیا ہے؟'' آئمہ بہت حیران ہوئی تھی۔

دل ہی دل میں عدینہ زبیر کو کوستے ہوئے جنت رخ بدل کر رہ گئی۔ نہ وہ ایک چھوٹی سی بات پر اتنی ٹینشن لیتی اور نہ فارس اس طرح روک ٹوک اور پابندی عائد کرتا۔

''اب کیا ہوگا؟'' پریشان ہو کر پوچھا۔

''مجھے اندازہ تھا ایسا ہو سکتا ہے۔'' کہہ کر اپنا بیگ کندھے سے لگایا۔ پھر رسٹ واچ پر ٹائم دیکھا۔

''ہم پچھلے دروازے سے باہر نکلیں گے۔ گاڑی تیار کھڑی ہے۔''

جنت کی اٹکی ہوئی سانسیں یک دم بحال ہوئیں۔

''لو یو آئمہ!'' متشکرانہ نگاہوں سے اسے دیکھتے کہا۔ آئمہ گہری سانس لے کر رہ گئی۔ کچھ ہی دیر بعد وہ آئمہ کے ہمراہ عقبی دروازے سے باہر نکل گئی۔ گاڑی سامنے ہی کھڑی تھی۔ آئمہ نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھال لی تو دل ہی دل میں دعا کرتے ہوئے وہ بھی گاڑی میں سوار ہوگئی۔ اس بات سے قطعی بے خبر کہ ریان کے لیے اٹھایا جانے والا یہ قدم اس کے راستے میں کتنی بڑی مشکل لانے والا تھا۔

☆......☆......☆

راولپنڈی شہر کی حدود میں داخل ہونے کے بعد مطلوبہ ایڈریس تک پہنچتے پہنچتے انہیں کوئی آدھا گھنٹہ لگ گیا تھا۔ آئمہ نے قدرے فاصلے پر گاڑی روک دی تھی۔

راستہ تنگ تھا۔ گلی کے اندر مطلوبہ گھر تک اسے اب خود جانا تھا۔ روبی کو کال کرتے ہوئے وہ گاڑی سے اتر گئی۔

''میں آؤں تمہارے ساتھ؟'' اس نے پوچھا۔

''نہیں، یہیں رکو! میں بس ریان کو لے کر ابھی آ رہی ہوں۔'' اس نے کہا تو آئمہ نے اسٹیئرنگ وہیل چھوڑ کر اثبات میں سر ہلا دیا۔ وہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی آگے بڑھتی گئی۔ بالکل سامنے ہی جس صحن سے جامن کا درخت جھانک رہا تھا وہی دو منزلہ مکان ہی اوصاف منزل تھا۔ جس کی بیرونی دیواروں پر لائٹنگ کا اہتمام ہو رہا تھا۔

آس پاس لائٹس کا انتظام سنبھالتے لڑکے کھڑے تھے۔ روبی فون نہیں اٹھا رہی تھی تو اس نے اپنے طور سے لڑکوں سے اوصاف منزل کی بابت پوچھ کر کنفرم بھی کر لیا کہ وہ صحیح جگہ پہنچ گئی ہے۔ ادھ کھلے مین گیٹ کے سامنے رک کر گہری سانس لی پھر خود کو سنبھالتی اندر داخل ہوگئی۔

گاڑی کی کھڑکی سے آئمہ نے اسے اندر جاتا دیکھا پھر سیٹ کے ساتھ پشت ٹکا کر ایزی ہوگئی۔

دونوں ہاتھ ہنوز اسٹیرنگ وہیل پر تھے۔ انگشت شہادت متحرک تھی۔ گلاسز بالوں پر اٹکا کر موبائل اٹھالیا۔

جنت اسے پانچ منٹ کا کہہ کر گئی تھی مگر جب پورے پندرہ منٹ گزر جانے کے بعد بھی اس کی آمد کے کوئی آثار نظر نہ آئے تو اس نے جنت کو کال کی۔ بیل جا رہی تھی مگر دوسری جانب کوئی رسپانس نہیں آرہا تھا۔

جامن کے درخت پر چڑھا ایک لڑکا بے ہنگم انداز میں پھیلی ہوئی ان شاخوں کو کاٹ رہا تھا جو دروازے پر نیچے تک جھکی ہوئی تھیں۔

وہ کھڑکی سے باہر نگاہ دوڑاتی رہی۔ کلائی موڑ کر وقت دیکھا۔

''ابھی تک آئی کیوں نہیں؟''

اس سے پہلے کہ وہ دروازہ کھول کر باہر آتی، اس نے جنت کو بیرونی گیٹ سے باہر نکلتے اور عجلت میں قدم اٹھاتے گاڑی کی جانب آتے دیکھا۔ بچہ اس کے ساتھ نہیں تھا۔

''اسے کیا ہوا؟'' جنت کے تاثرات دیکھ کر وہ ایک دم سیدھی ہوئی۔

اس کی آنکھیں پھیلی ہوئی تھیں۔ چہرہ زرد ہو رہا تھا۔

گاڑی میں بیٹھتے ہی اس نے دروازہ بند کر دیا۔

''تم ٹھیک ہو؟'' آئمہ نے پریشان ہو کر پوچھا تھا۔ آنکھوں میں وحشت لیے اس نے گردن موڑ کر اسے دیکھا۔

''گاڑی اسٹارٹ کرو۔'' سانسیں بھاری۔

''کیا ہوا؟ از ایوری تھنگ آل رائٹ؟'' وہ پریشان ہو کر پوچھ رہی تھی۔ ''اور تم..... تم بچے کو نہیں لائیں؟''

''آئمہ پلیز چلو یہاں سے۔'' ایک دم سے بھیگی آواز میں کہا تو اس نے ادصاف منزل کے بیرونی گیٹ پر ایک نظر ڈالتے گاڑی اسٹارٹ کر دی۔ کچھ ہی دیر میں وہ گاڑی مرکزی شاہراہ پر ڈال چکی تھی۔

جنت اپنا سر تھامے بیٹھی تھی۔ آنکھوں میں صدمہ نظر آ رہا تھا۔ وحشت نظر آ رہی تھی۔ اذیت بھرا صدمہ تھا۔ حیرت تھی اور بے یقینی کا تاثر تھا۔ اسے آنکھوں پر یقین نہیں آیا تھا۔ سماعت پر یقین نہیں آیا تھا۔

''آپ مجھ سے میری جان کیوں نہیں مانگ لیتیں ممی؟''

متحرک گاڑی میں وہ بالکل ساکت، بالکل خاموش اور ویران سی بیٹھی تھی۔

''آپ نے کہا واپس آ جاؤ، میں آ گیا۔ آپ نے کہا شادی کر لو، میں نے کر لی۔ مگر یہ نہیں......خدا کے لیے یہ نہیں۔''

https://novelskidunya.com/

اس کا دل بھاری ہوا۔ سینے پر بوجھ بڑھ گیا۔ سانس لینے میں دشواری ہونے لگی۔

''بہت حساس تھا وہ۔ جب بے رحم ہوا تو سب کے لیے ہوا۔ بے حس ہوا تو پوری طرح سے ہوا۔ اسے الزام مت دو جنت! میں بھی نہیں دیتی۔''

بے اختیار ہونٹوں پر ہاتھ رکھا۔ اپنا رخ شیشے کی طرف کر لیا۔

''تم ٹھیک ہو جنت؟'' آئمہ نے پوچھا تھا۔ اس کی طبیعت بالکل بھی ٹھیک نہیں لگ رہی تھی۔

''یہ میں نے کیا کر دیا؟'' اس کے لب ہلے۔ اس کا دل لرزا۔

''جنت! کچھ تو کہو یار! کیا ہوا ہے؟'' آئمہ کی آواز کہیں دور رہ گئی۔ آس پاس کے تمام منظر دھندلا گئے۔ لبوں پر کپکپاہٹ تھی۔ آنکھوں میں تحیر تھا۔ اس نے اپنی کلائی پر گرفت جمالی۔

''فارس کو اچھا نہیں لگے گا اس کی بیوی حماد کے بیٹے سے ملے۔ تمہیں اپنے شوہر کے احساسات کا خیال ہونا چاہیے۔''

اس نے اذیت سے آنکھیں میچ لیں۔

''آئندہ نام نہیں لو گی تم اس کا میرے سامنے۔ اور نہ ہی ملنے کی کوشش کرو گی۔''

دل شدت سے دھڑکا تھا۔ وجود خوف کے آہنی شکنجے میں جکڑا گیا۔

آئمہ نے آدھے گھنٹے تک مسلسل ڈرائیو کرنے کے بعد پیٹرول پمپ پر گاڑی روک دی تھی۔ گردن موڑ کر اسے دیکھا تو وہ سیٹ کے ساتھ پشت ٹکائے، آنکھیں موندے بیٹھی تھی۔ چہرے پر درد بھرے تاثرات ٹھہرے تھے۔ بائیں ہاتھ میں داہنا ہاتھ تھا۔ اور گرفت بے انتہا مضبوط۔

''کیا ہو گیا ہے؟'' آئمہ کے لہجے میں تشویش نمایاں تھی۔ اس نے جواب نہیں دیا۔ وہ جواب دینے کی پوزیشن میں نہیں رہی تھی۔

☆......☆......☆

''میم! فارس صاحب آئے تھے۔''

وہ گھر پہنچے تو ملازمہ نے آئمہ کو اطلاع پہنچائی۔

''ف......فارس آیا تھا؟'' جنت کا دل کسی گہرے پاتال میں جا گرا۔ آنکھوں میں وحشت بھر گئی۔ وجود کانپ اٹھا۔

آئمہ نے صدمے سے جنت کو دیکھا۔ ''تم تو کہہ رہی تھیں انہیں شہر سے باہر جانا ہے؟''

''یہ کیا ہو گیا؟'' جنت کا دل سوکھے پتے کی طرح لرزنے لگا۔ ''اسے پتا چل گیا ہو گا آئمہ! اسے پتا چل گیا ہو گا میں وہاں گئی تھی۔'' جنت کی رنگت سفید پڑ گئی۔ آنکھوں میں ہراس پھیل گیا۔ صرف نام لینے اور ذکر کرنے پر وہ اس کا ری ایکشن دیکھ چکی تھی۔ اب جب پتا چلے گا وہ وہاں سے ہو کر آئی ہے تو وہ کیا کرے گا؟

''ہے ریلیکس!'' آئمہ نے فوراً اسے بازو سے پکڑ کر اسے صوفے پر بٹھایا۔ اس کے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے۔

''میں فارس بھائی سے کہہ دوں گی میں نے جھوٹ بولا تھا۔ میں خود تمہیں اپنے ساتھ لے کر گئی تھی۔ یہ میرا آئیڈیا تھا۔ ہم باہر گھوم پھر کر واپس آ گئے۔ ہم راولپنڈی گئے تھے، یہ بات ہم انہیں کبھی نہیں بتائیں گے۔''

https://novelskidunya.com/

وہ کہہ رہی تھی۔ سمجھا رہی تھی۔ تسلی اور دلاسے دے رہی تھی مگر اس کی تشفی نہیں ہو رہی تھی۔ آنکھیں ہنوز پھیلی ہوئیں۔ رنگ ہنوز اڑا ہوا تھا۔ مٹھیاں بھینچ کر اس نے خود پر قابو پانے کی کوشش کی تھی مگر ٹینشن کسی صورت کم نہیں ہوئی تھی۔

''اگر اتنا ہی کوئی رسکی کام تھا تو پھر تم گئی ہی کیوں؟''

''مجھے لگا......'' اس کے لب ہلے۔ بات ادھوری رہ گئی۔ ''میں کچھ اور سمجھ رہی تھی۔ مجھے نہیں پتا تھا، وہ بچہ......'' وہ رک گئی۔ سانسیں پھر سے پھول گئیں۔

اس کی حالت کے پیش نظر آئمہ ایک دم سے متفکر ہوئی۔

''کوئی بات مت کرو۔ ریلیکس رہو، تمہیں کچھ ہو گیا تو فارس بھائی مجھے تو زندہ نہیں چھوڑیں گے۔''

جنت کے آنسو آنکھوں میں ٹھہر گئے۔ خوف سے آئمہ کا ہاتھ پکڑ لیا۔ ''مجھ سے غلطی ہو گئی ہے، مجھ سے بہت بڑی غلطی ہو گئی ہے۔ یہ معاملہ میرا نہیں تھا۔ میں اس میں کچھ بھی نہیں کر سکتی تھی۔ اسی لیے آنٹی نے مجھے کچھ نہیں بتایا۔ انہوں نے مجھے دور رہنے کا کہا آئمہ۔ انہوں نے مجھے منع کیا تھا۔'' لرزتے، کانپتے سسک پڑی۔

''خود کو کمپوز کرو، اس طرح تو فارس بھائی کو پکا شک ہو جائے گا کہ ہم وہاں گئے تھے۔'' آئمہ نے سمجھایا۔ ''اب انہیں کال کرو اور بالکل نارمل ہو کر بات کرو۔''

اس نے گہری سانس لے کر اعصاب پر قابو پانے کی کوشش کی پھر کپکپاتی انگلیوں سے فارس کو کال کی۔ بیلز جاتی رہیں مگر دوسری جانب سے کال ریسیو نہ ہوئی۔ اس کا حلق خشک پڑ گیا۔ سنبھل کر دوسری، پھر تیسری کوشش کی۔

''وہ فون نہیں اٹھا رہا۔''

''بزی ہوں گے۔''

وہ بزی تھا یا نہیں، مگر اس نے کال ریسیو نہیں کی نہ ہی اس کے کسی میسج کا ریپلائے دیا۔
وہ اب گھر جانا چاہتی تھی۔ ڈرائیور کو کال کی مگر کوئی جواب نہ آیا۔ گارڈ بھی گھر کے بیرونی گیٹ پر موجود نہ تھا۔ اس کا پورا وجود اندیشوں میں گھر گیا۔ وسوسوں میں دب گیا۔
''آئمہ! مجھے تم گھر ڈراپ کر دو پلیز!'' مزید وہاں بیٹھنا اس کے لیے دشوار ہو گیا تھا۔ آئمہ نے اس کا ٹھنڈا پڑتا ہاتھ اپنی گرفت میں لیتے اثبات میں سر ہلا دیا۔
وہ گھر پہنچی تو اس وقت شام کے چھ بج رہے تھے۔ آئمہ اس کے ساتھ اندر آنا چاہتی تھی مگر جنت نے اسے منع کر دیا۔
''میں سب سنبھال لوں گی۔'' لہجہ مضبوط کر کے کہا اور قدم بڑھا دیے۔
پورچ میں فارس کی گاڑی کھڑی تھی۔ اسے ایک بار پھر اپنی سانسیں اٹکتی ہوئی محسوس ہوئی تھیں۔ آواز ایک بار پھر گونجی۔ خوف نے پھر سے سر اٹھایا۔ خدشات نے پھر سے گھیر لیا۔
مین گیٹ کے سامنے وہ کچھ دیر تک کھڑی رہی پھر ہمت مجتمع کرتی اندر داخل ہوئی۔ روشنیوں کا گھر مکمل خاموشی میں ڈوبا ہوا تھا۔
''مسز شیرازی کہاں ہیں؟'' اپنے اندر کے اضطراب پر قابو پاتے ہوئے ملازمہ سے پوچھا۔
''ان کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں تھی، اس لیے آرام کر رہی ہیں۔'' ملازمہ نے فوری جواب دیا۔
''اور...... اور فارس......؟'' اس نے ڈرتے ڈرتے پوچھا تھا۔ اس سے قبل کہ ملازمہ کوئی جواب دیتی، اس کے عقب میں آفس روم کا دروازہ کھل گیا تھا۔
جنت کی دھڑکنیں تھم گئیں، سانس رک گیا۔ دیکھے بغیر ہی وہ جان گئی تھی اس کے پیچھے اس وقت کون موجود تھا۔ وہ نہ پلٹ سکی، نہ اپنی جگہ سے ایک انچ ہل سکی۔
ملازمہ ادب سے سر خم کرتی وہاں سے چلی گئی۔ چند لمحوں کے بعد اس نے خود کو سنبھالتے ہوئے

https://novelskidunya.com/

آہستہ سے رخ بدلا۔

تاثرات سے عاری، سپاٹ چہرہ اور خون سے سرخ پڑتی آنکھیں لیے فارس وجدان اس کے سامنے کھڑا تھا۔

جنت کمال کو ایک دم سے اپنی ٹانگیں بے جان ہوتی محسوس ہوئیں۔تاہم وہ متحمل رہی۔مٹھیاں بھینچ کر اپنے ہاتھوں کی کپکپاہٹ پر قابو پانے کی سعی کی۔تاثرات سے واضح تھا وہ جان چکا ہے۔اس نے ڈرائیور نہیں بھیجا۔اس نے گارڈ کو بلوالیا۔کالز ریسیو نہیں کیں۔میسج کا جواب نہیں دیا۔ہاں وہ جان چکا ہے۔وہ سب جان چکا ہے۔

وہ لاعلم تھی۔اس سے یہ غلطی، یہ بھول، لاعلمی میں ہوئی تھی۔اس نے سوچا۔اس نے سوچ کر خود کو خود ہی سنبھالا۔

پھر کھنکار کر گلا صاف کیا۔کچھ کہنے کے لیے ہمت مجتمع کی۔پلکیں جھپکا کر نمی کو روکا۔

اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتی، فارس نے ایک ہی جست میں اسے بازو سے جکڑ کر دیوار کے ساتھ لگا دیا تھا۔

جنت ایک دم سے بوکھلا گئی۔آنکھوں میں ہراس پھیل گیا۔رگ و پے میں سرد لہر دوڑ گئی۔

''واٹ ڈو یو ٹیک می فار؟'' اس کی آنکھوں کو اپنی آنکھوں کے فوکس میں لیتے غرایا۔

''آئم سوری۔آئم ریئلی سوری۔مجھے نہیں پتا تھا۔''

''تمہیں نہیں پتا تھا؟'' اس کی آواز غم و غصے سے پھٹ گئی تھی۔

جنت کا دل خوف اور دہشت سے بھر گیا۔ٹانگیں سن ہونے لگیں۔

''منع کیا تھا میں نے تمہیں۔'' بازوؤں پر آہنی گرفت مزید سخت ہوئی۔

''میں وہاں صرف......میں ریان کے لیے گئی تھی۔'' روتے ہوئے کہا۔''میں صرف اس کے

https://novelskidunya.com/

لیے......آنٹی کے لیے......میں......میں نہیں جانتی تھی۔"

"میں نے تمہیں ان سب سے دور رہنے کو کہا تھا۔ میں نے تمہیں منع کیا تھا۔" وہ چیخا۔

"فارس آئم......آئم ریئلی سوری۔"

راہداری کے دوسرے سرے پر مسز شیرازی وہیل چیئر پر براجمان دروازہ کھول کر باہر آئی تھیں۔ ملازمہ ان کے پیچھے، ان کے ساتھ تھی۔ پھٹی پھٹی نگاہوں سے انہیں دیکھ کر رہ گئیں۔

ان کی موجودگی سے قطعی بے خبر فارس ایک جھٹکے سے جنت کو چھوڑ کر پیچھے ہٹ گیا تھا۔ وہ روتے ہوئے اب کچھ کہہ رہی تھی۔ وضاحت دے رہی تھی اور معافی چاہ رہی تھی۔ پھر اس نے فارس کے پاس آنے کی کوشش کی تھی۔

"اسٹے آوے فرام می!" اسے خود سے دور کرتے ہوئے مشتعل ہو کر دھاڑا۔

دکھ، صدمہ، خوف اور پریشانی لیے مسز شیرازی اسے دیکھ کر رہ گئیں۔

جنت رو رہی تھی۔ فارس چیخ رہا تھا۔

معاملہ ریان کا تھا۔ اس کی ننھی جان کا تھا۔

"میں نے کہا تھا۔" مضبوط، مستحکم مگر بے طرح سے ٹوٹا ہوا سا لہجہ۔ "میں نے کہا اگر تم چاہتی ہو ہمارے درمیان سب ٹھیک رہے تو تم اس میں نہیں پڑو گی، مگر تم......" اس پر جنون کی سی کیفیت طاری تھی۔ اپنے حواسوں میں وہ بالکل نہیں لگ رہا تھا۔ "تمہیں میری فیلنگز کا خیال نہیں ہے، میں کس بات سے روک رہا ہوں، اس سے تمہیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔" وہ چیخ اٹھا۔ آواز دور تک گونجی تھی۔

مسز شیرازی کے لب ہلے۔ مگر آواز نہ نکلی۔ ہاتھ اٹھانا چاہا مگر ہمت نہ رہی۔ وہ اب سانس لینے کی کوشش کر رہی تھیں اور انہیں سانس نہیں آ رہا تھا۔ درد بازو میں اٹھا تھا۔ پھر سینے تک پہنچ گیا۔ دل میں ایک برقی لہر سی دوڑی۔

''بیگم صاحبہ!'' ملازمہ ایک دم سے چیخی تھی۔
جنت کمال متوحش ہو کر پلٹی۔ مگر تب تک دیر ہو چکی تھی۔
ان کی آنکھوں کے سامنے دھند چھا گئی۔ گردن ڈھلک گئی۔ وجود بے جان ہونے لگا۔
''ممی! ممی! کیا ہو گیا ہے آپ کو؟ ممی پلیز آنکھیں کھولیں...... ممی......!'' آخری آواز جو انہوں نے سنی وہ فارس وجدان کی تھی۔ اس کے بعد انہیں کوئی ہوش نہیں رہا تھا۔

https://novelskidunya.com/

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

نمرہ احمد کا بہت خوبصورت نیا ناول
مالا
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

سمیرا حمید کا بہت خوبصورت نیا ناول
مشک بام
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

Novels Ki Duniya

قسط نمبر 14

ہاسپٹل کے ٹھنڈے سرد کوریڈور میں بے نام سی خاموشی چھائی تھی۔ کافور میں لپٹا احساس وحشتوں میں دھکیلے جا رہا تھا۔ غم کا اندھیرا تھا۔ وحشت کی تاریکی تھی۔ کچھ کھو دینے کا خوف تھا۔ وہ قدرے خاموش حصے میں آئی سی یو کے سامنے بنچ پر سر جھکائے بیٹھی تھی۔ چہرہ آنسوؤں سے تر تھا۔ سسکیاں بندھی ہوئی تھیں۔ لب خاموش تھے۔ اندر جیسے ایک محشر سا بپا تھا۔

https://novelskiduniya.com/

بند دروازہ کھلا تو فارس نے آگے بڑھ کر ڈاکٹر کو گھیرا تھا۔ وہ بھی اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی۔ اب وہ دھندلی نگاہوں سے اسے بات کرتا دیکھ سکتی تھی۔

ناولز کی دُنیا Novels Ki Duniya

ہاسپٹل کی سرد سفید راہداریاں ایک دم سے سنسان ہوئیں۔ قدموں کی آہٹ تھم گئی۔ ڈاکٹرز کا عملہ، اسٹاف ممبرز، نرسز کی آمد و رفت، فون کی گھنٹی، سب ختم ہو گیا۔ وہ ریلنگ پر گرفت جمائے، سناٹوں میں گھری رہ گئی۔

فارس کے ہاتھ سر کی پشت سے کندھوں تک اور بے جان ہو کر پہلو میں آ گرے۔

مسز شیرازی کی حالت بہت نازک تھی۔ اگلے اڑتالیس گھنٹے انتہائی اہم تھے۔ ڈاکٹرز پر امید نہیں تھے۔ وہ انہیں دعا کا کہہ رہے تھے۔ اور دعا کا سن کر اس کے اندر سب اندھیر ہوا تھا۔

دعا...... یعنی اب ان کا کیس صرف ڈاکٹرز کے ہاتھ میں نہیں رہا۔

دعا...... یعنی اب کوئی معجزہ ہی انہیں بچائے تو بچائے!

پے در پے صدموں سے لڑتا، الجھتا دل سہم گیا۔ ہمت، سکت، حوصلہ ختم ہو گیا۔

"لیٹس ہوپ فار دی بیسٹ!" ڈاکٹر نے فارس کا کندھا تھپتھپاتے تسلی دینا چاہی۔ وہ دیوار سے لگ کر کچھ دیر کھڑا رہا پھر وہ فرش پر پنجوں کے بل بیٹھ گیا۔ دونوں ہاتھ گردن پر پیچھے کی طرف تھے۔ سر آگے کو جھک گیا۔

اس کی آنکھیں آنسوؤں سے لبریز، اس کے چہرے پر کرب ٹھہرا تھا۔

منہ پر ہاتھ رکھے وہ گرنے کے سے انداز میں بنچ پر بیٹھ گئی۔

"پلیز اللہ! یہ نہیں! یہ غم نہیں! یہ دکھ نہیں!"

اس طرح کمزور، بے بس، نڈھال اور اس قدر اذیت میں اس نے فارس وجدان کو پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ دل چاہا وہ اس کے پاس جائے، اس کا ہاتھ پکڑے، اسے تسلی دے، اس کی امید بندھائے، یقین کی بات کرے، دعا کی بات کرے۔ مگر ہمت نہ ہوئی، بالکل ہمت نہ ہوئی۔ اسے اپنا آپ مجرم سا محسوس ہونے لگا۔ نہ وہ ریان سے ملنے جاتی۔ نہ یہ سب ہوتا۔ غلطی اس کی تھی۔ اسے سمجھنا چاہیے تھا۔ اسے فارس کو سمجھنا چاہیے تھا۔ اسے مسز شیرازی کی بات ماننی چاہیے تھی۔

بہت کوشش سے، کچھ ہمت پکڑ کر وہ اس کے پاس گئی۔ مٹھیاں بھینچ کر، اور پھر کھول کر اپنا لرزتا ہاتھ فارس کے بازو پر رکھا۔ اس کا نام لیا، اسے متوجہ کرنا چاہا۔

مگر اس نے ہاتھ ہٹا دیا۔ اس نے جنت کمال کا ہاتھ ہٹا دیا۔ اپنی جگہ سے اٹھ گیا۔ اپنے بالوں کو مٹھیوں میں بھینچ کر رخ بدلا۔ اور قدم اٹھاتا گیا۔

اڑتالیس گھنٹے!

وہ کیفیت کیسی تھی جیسے موت لمحہ بہ لمحہ آنکھوں میں آنکھیں ڈالے بڑھ رہی ہو۔

"موت!" اس نے سر اٹھایا۔

''موت!'' اس کا دل ایک دم ہی بھاری ہوا۔

مر کون رہا تھا؟

اور اب مرنے کون لگا تھا؟

اڑتالیس گھنٹے......

یہ اس کی زندگی کی مدت تھی۔

اڑتالیس گھنٹے...... یہ سانسوں کا تسلسل تھا۔

اڑتالیس گھنٹے......

https://novelskidunya.com/

ہاسپٹل سے باہر کھلی فضا میں بھی اس کا سانس بند ہونے لگا۔ اندھیرے سے وحشت ہونے لگی۔ ٹریفک کا شور، لوگوں کی آمد و رفت، زندگی کا بہاؤ اس کے حواسوں پر سوار ہونے لگا۔

''صرف ایک خواہش، میری آخری خواہش، اس کے بعد کبھی کچھ نہیں مانگوں گی۔''

''آپ مجھ سے میری جان کیوں نہیں مانگ لیتیں ممی!'' ہاتھ تھام کر، کچھ مشتعل ہو کر، کچھ اذیت کے عالم میں جواب دیتا، انکار کرتا، اپنا ہاتھ چھڑاتا، خود کو تنہا کرتا وہ۔

''جو زندہ ہے اس کے ساتھ جینا نہیں چاہتیں۔ جو مر چکا ہے اس کے ساتھ مرنا چاہتی ہیں۔''

اپنی گاڑی میں وہ کچھ دیر تک بیٹھا رہا۔ منجمد احساسات آگ کی لپیٹ میں آتے رہے۔ سوال اٹھتے رہے، جواب ملتے رہے، بوجھ بڑھتا گیا۔ دل پھٹنے لگا۔

خشک لبوں کو تر کرتے اس نے گاڑی اسٹارٹ کر دی، کسی نامعلوم سی منزل کی جانب رواں ہو گیا۔ ڈیڑھ گھنٹہ تک گاڑی اسلام آباد کی سڑکوں پر اس کی زندگی کی طرح بے مقصد بھٹکتی رہی۔ پھر اس نے گاڑی کا رخ مین روڈ کی جانب موڑ دیا۔ رفتار بڑھا لی۔

اس کے ہاتھوں پر لرزہ طاری تھا۔ اس کی نگاہیں روشنیوں میں بھٹک رہی تھیں۔

حماد شیرازی کی ماں...... ریان شیرازی کی دادی تھیں۔ وہ ان دو رشتوں سے تھیں، ان دو رشتوں میں تھیں۔ وہ تو دکھ کا سبب، ایک اذیت کی وجہ تھا۔ ایک کرب کی نشانی، ایک غم کا رمز تھا۔

تاریک رات کا سفر اس کی زندگی سے مشابہ ہو گیا۔ جہاں کبھی پہنچنا نہ چاہتا تھا وہاں پہنچ گیا۔ جس دروازے پر دستک نہ دینا چاہتا تھا، وہاں دستک دے ڈالی۔

☆......☆......☆

شادی کا گھر تھا۔ خوشیوں کا گھر تھا۔ وہ اس گھر سے اپنے سکون کا جنازہ لینے آیا تھا۔

اوصاف منزل کے مکینوں کو تو پہلے پہل یقین ہی نہ آیا اور جب یقین آیا تو اس کی خاطر مدارت میں دوڑے۔ اور وہ سپاٹ، سخت اور سنجیدہ تاثرات کے ساتھ وسط میں کہیں خاموش کھڑا رہا۔ اسے ان کی باتیں سمجھ میں نہیں آ رہی تھیں، ان کی مسکراہٹیں، ان کا پر اخلاق رویہ، ان کی خاطر مدارت۔ کچھ بھی دکھائی نہیں دے رہی تھی۔

وہ اندر سے ایک دم سے خالی ہو گیا۔ دکھ، غم، خوف، گھبراہٹ، وحشت جیسے احساسات مردہ ہو گئے۔ وہ زندہ لاش، اور بھٹکتی روح ہو گیا۔ منجمد، ساکت مجسمہ ہو گیا۔

اوصاف منزل کے مکینوں کو اصل جھٹکا تو تب لگا جب انہیں علم ہوا، اس بچے کے لیے آیا تھا۔

طارق صاحب کی ہوائیاں اڑ گئیں۔ بوکھلا کر فارس کو دیکھا۔ اپنے مستقبل کی فکر لگ گئی۔ ان پیسوں کی جو انہیں ماہانہ بنیادوں پر ملتے تھے۔

''ممکن ہے صرف ملنے آیا ہو۔'' خود کو تسلی دی۔ فوراً کسی خاتون کو اندر بھیجا۔ روبی نے کچھ حیرت اور بے یقینی سے بچے کے چچا کو کمرے کی کھڑکی سے دیکھا تھا۔

''یہ کیا ہوا تھا؟ یہ کیسے ہوا تھا؟''

دروازہ کھول کر ثمرین اندر آئی۔

''جلدی کپڑے بدلواس کے۔'' ہاتھ میں بڑی بھابھی کے بیٹے کے نئے کپڑے تھے۔ روبی نے کپڑے لے لیے، بچہ اس حالت میں اس کے سامنے لایا جاتا تو کیا منہ دکھاتے۔ عزت کی پروا تھی۔ ایک دم سے بدل گئے۔

اس نے سوئے ہوئے ریان کے کپڑے بدلے تو وہ جاگ گیا، چھوٹے سے بیگ میں فیڈر، ڈائپر اور ضرورت کی چند اشیاء رکھیں جو ثمرین اسے دے کر گئی تھی۔ بچے کے بال سیٹ کیے۔ اسے پوری طرح سے اور اچھے سے تیار کیا تا کہ اس کے چچا کو اوراک ہو، یہاں سب اس کا کتنا خیال رکھتے تھے۔

''وہ صبح ریان کی مما کہہ کر گئی تھیں کہ کل تک وہ ریان کو لے جائیں گی!'' روبی نے ڈرتے ڈرتے ثمرین کو بتایا۔ یہ وہ حکم تھا جو ریان کی ماں اسے دے کر گئی تھی۔ چچا سے پہلے ماں نے ارادہ بنالیا تھا۔ پورے ایک سال بعد دونوں ہی اسے لینے آگئے تھے۔ کیا دعائیں ایسے بھی قبول ہوتی ہیں؟ روبی کو خوش ہونا چاہیے تھا مگر وہ خوش نہیں ہو پا رہی تھی۔ اسے ایک دم سے بچے کے چچا کو دیکھنے کے بعد ریان کی فکر ہونے لگی تھی۔

''پھپھو بھی عجیب ہیں!'' ثمرین بڑبڑاتی ہوئی باہر نکل گئی۔ روبی اس کے پیچھے دروازے تک آئی تھی۔

ثمرین مسکراتی ہوئی فارس کے پاس گئی۔ وہ جو مردوں کے گھیرے میں بالکل خاموش کھڑا تھا۔

''یہ رہا ہمارا ریان!'' دکھاوے کو بچے کے گال کو چوما۔ پھر اس کی طرف بڑھایا۔ وہ چند لمحوں کے لیے رکا، پھر اس نے ہاتھ بڑھا کر وہ بچہ لے لیا۔ اس کا چھوٹا بیگ بھی لے لیا۔ مزید کچھ بھی کہے سنے بغیر وہ باہر نکل گیا۔

''پھپھو کتنا تماشا کریں گی جب انہیں پتا چلے گا!'' ثمرین نے اب کے اپنے والد سے کہا تھا۔

''اب ہم اس کی وجہ سے اپنے پیروں پر کلہاڑی تو نہیں مار سکتے!'' بیگم صاحبہ نے نخوت سے کہا

پھر اپنے شوہر کی طرف مڑیں۔ "کیا کہہ کر گیا ہے، کب تک چھوڑ کر جائے گا بچے کو؟"

"میں یہ سوال پوچھتا اچھا لگتا؟" طارق صاحب پہلے سے ٹینشن میں تھے، چڑ کر بولے۔

ارادہ تھا، اگلے دو تین ماہ کے خرچے سے ایک گاڑی اور لے لیں گے۔ اسٹور میں سامان بھی ڈلوانا تھا۔ بیٹی کی شادی پر تو اچھا خاصا خرچا ہو گیا تھا۔ انہیں زیادہ فکر ہو رہی تھی۔ بچہ واپس آئے، ان کی بھی یہی خواہش تھی۔ وہ بھی یہی چاہتے تھے۔

روبی انہیں دیکھ رہی تھی۔ انہیں سن رہی تھی۔ پھر رخ بدل کر اندر چلی گئی۔ عقبی کمرے کی ایک کھڑکی سے تنگ گلی کے اس سرے پر دیکھا۔ وہاں جہاں سیاہ رنگ کی گاڑی کھڑی تھی۔ جس کی ہیڈ لائٹس اندھیرے میں دور تک روشنی کیے ہوئے تھیں۔

ریان کا ہاتھ اپنے چچا کے کندھے پر تھا۔ دوسرا ہاتھ بند اپنے سینے پر۔ جیسا کہ وہ رکھا کرتا تھا۔ دروازہ کھل گیا۔ اس نے پسنجر سیٹ پر اسے بٹھا دیا۔ جھک کر بیلٹ باندھی۔ دیکھے بغیر، محسوس کیے بنا۔ وہ گھوم کر اپنی سیٹ سنبھال چکا تھا۔ دروازے لاکڈ ہوئے۔ گاڑی میں دو نفوس رہ گئے۔

ایک پہلے سے عدم تھا۔ دوسرا اب ہو رہا تھا۔

اپنے اندر کسی کو مردہ کر دینے کی خواہش لیے اس نے گاڑی اسٹارٹ کر دی۔

جمود پتھر جیسا تھا۔ اس کے اندر لاوے جیسی آگ تھی۔ اس آگ میں تلاطم سا برپا ہوا۔ خول میں دراڑ سی پڑی۔ اس دراڑ نے رگ و پے میں ایک محشر سا بپا کر دیا۔ بہت سے پردے اٹھا دیے، بہت سی باتیں سنا دیں۔ ضبط کر کے، اس نے ان دیکھا کر دیا۔ دراڑ کو، وجود کو، زخموں کو، اور زخموں سے اٹھتی ٹیسوں کو بھی۔

"گاڑی میں اس کے ساتھ کوئی نہیں ہے!" اس نے سوچا۔ اس سوچ پر یقین بڑھایا۔ اسلام آباد پہنچنے تک اسے یہی کرنا تھا۔ وہ ڈرائیونگ کرتے ہوئے، گہری سانس لیتا اپنی نگاہوں کو، ذہن، سوچ

اور خیالات کو بھٹکنے نہیں دے رہا تھا۔ اس کے پہلو میں حماد شیرازی نہیں تھا، اس کا بیٹا نہیں تھا۔ وہ اکیلا ہے! بالکل اکیلا!

اسلام آباد پہنچنے تک اب اسے یہی کرنا تھا۔ یہی سوچنا تھا۔

☆......☆......☆

گاڑی اسٹارٹ ہوئی تو ریان شیرازی کی سوئی ہوئی معصوم آنکھوں میں حیرت سی ابھر آئی۔ جانے پہچانے سے چہرے کہیں گم ہو گئے تھے۔ حرکت کرتی کسی شے میں سواری کا پہلا تجربہ تھا۔ اس کا ننھا سا دل اور شدت سے دھڑکنے لگا تھا۔ پہلے پہل تو وہ نہیں رویا۔ اوپری لب نچلے لب میں دے کر قابو پانے کی کوشش کی مگر پھر وہ ڈر گیا۔ بہت بری طرح سے ڈر گیا۔ بڑی بڑی سی معصوم آنکھیں بھر آئیں۔ اس کی عمر جتنا ضبط بالکل ختم ہو گیا اور اس نے ایک دم سے رونا شروع کر دیا۔

حماد شیرازی کا بیٹا!

قلب کے جوار بھاٹے سے آگ کے شرر نکلے اور فارس کے وجود پر پھسل گئے۔ اس نے طویل سانس لیتے شیشہ کھول دیا، بٹن کھول دیا۔ اپنا رخ شیشے کی طرف کیا، اس کے اندر کا شور ایک دم سے بڑھ گیا۔ رونے کی ایک آواز پہلو سے تھی، اور دوسری آواز ماضی سے آرہی تھی۔

ایک لمحے کے لیے اس کا وجود شعلوں کی لپیٹ میں آ گیا۔ وہ ایک لمحہ، اندھیرا بن کر اس کے دل و دماغ کی مثبت روشنیوں کو نگل کر وحشت اور بے سکونی کی دلدل میں اتار گیا۔ ایک لمحے میں سب بگڑ گیا۔ سب بدل گیا۔

"شٹ اپ! جسٹ شٹ اپ!" اسٹیرنگ وہیل پر گرفت جمائے وہ پلٹ کر ریان شیرازی پر دھاڑا۔

وہ اس کے اس طرح چیخنے پر اور زیادہ رونے لگا۔ اس کی سمجھ میں بالکل نہیں آرہا تھا، یہ کیا ہو رہا ہے، کیسے ہو رہا ہے، کیوں ہو رہا ہے۔ اپنی جگہ سے ہلنے کی کوشش کی، ایک ہی ہاتھ سے بیلٹ کو کھینچنا چاہا۔

پھر وہ اس شدت سے رویا کہ آس پاس کا ہر شور ختم ہو گیا۔ ٹریفک کی آواز بھی معدوم ہو گئی۔ صرف ریان کی آواز تھی جو رہ گئی۔ صرف ریان کا شور تھا جو ٹھہر گیا۔

دراڑ پھٹ چکی تھی، خول چیخ گیا تھا۔ آگ، اندر باہر..... ہر طرف آگ جیسی کیفیت تھی۔ اسٹیئرنگ وہیل پر اس کی گرفت بڑھ گئی۔ اس کی حالت پر کسی نے قہقہہ لگایا۔ اس کے درد پر کوئی ہنستے ہوئے اس کی گردن تک آ گیا۔

"جسے مار دینا چاہیے، اسے ساتھ لے جا رہے ہو؟"

ماضی کا ہر زخم ہرا ہوا، روح اور آنکھوں میں درد نے بسیرے کر لیے۔ حال ختم ہو گیا۔ زندگی ختم ہو گئی۔ اشتعال میں آ کر اس نے ایک جھٹکے سے گاڑی روک دی۔ اسی سرعت سے باہر نکلا۔ پسنجر سیٹ کا دروازہ کھولا۔ ریان کو اٹھائے گاڑی کی دوسری جانب بلند و بالا درختوں اور سبزے کے جھنڈ تک لایا۔

ٹریفک میں بڑے بڑے ٹرک اور ٹرالر گزرنے لگے تھے، ان کا شور بھیانک تھا۔ اس نے ریان شیرازی کو وہیں چھوڑ دیا، جھٹک دیا۔ نفرت سے، غصے سے۔ بے انتہا اذیت میں آ کر، آگ میں سلگتے ہوئے......

اس نے اس بچے کو وہیں چھوڑ دیا۔

ریان پہلے خوف زدہ تھا۔ اب کے متوحش سا بوکھلا کر روتے ہوئے زور زور سے چیخنے لگا۔

فارس شیرازی نے گاڑی کی جانب قدم بڑھا لیے تھے۔ ریان شیرازی پیچھے رہ گیا تھا۔

☆......☆......☆

مجھے سنو

جیسے کوئی بارش کو سنتا ہے

نہ توجہ سے اور نہ بے خیالی سے

دھیمے قدموں کی خاموش آہٹ میں
ابر برساتی اس رم جھم کے درمیاں
اور ہوا میں گرتے اس پانی کے جیسے
ہوا لہرائے ایسے کہ وقت گزرتا ہو جیسے
یہ دن ہے کہ اب گزرا چاہتا ہے
وہ رات ہے کہ آیا چاہتی ہے
اس موڑ پر موجود دھندلکے کی رنگینی میں
اس موڑ پہ موجود وقت کی بے چینی میں
مجھے سنو
جیسے کوئی بارش کو سنتا ہے
مجھے سنے بغیر
سنو میں کیا کہتا ہوں
کھلی آنکھوں کے ساتھ جیتے جاگتے
پانچوں حسوں کو تمام، بیدار رکھتے ہوئے
ابر برس رہا ہے، دھیمے قدموں جیسے
الفاظ کی دھیمی سرسراہٹ کے جیسے
ہوا، پانی اور لفظ بنا کوئی آواز کیے
یہ جو ہم ہیں اور یہ ماہ و سال و لمحے
نارسا وقت کی گراں بار اداسی لیے

مجھے سنو

جیسے کوئی بارش کو سنتا ہے

(اکتاویو پاز)

☆......☆......☆

اور گرمیوں کی وہ چھٹیاں کبھی نہیں آئی تھیں۔ وہ وعدہ کبھی ایفا نہیں ہو سکا تھا۔ وہ خوشیوں بھرے پل، معصومیت بھری مسکراہٹیں، وہ آنکھوں کی روشنی اور زندگی کا احساس کبھی لوٹ کر نہیں آیا تھا۔

https://novelskidunya.com/

اپنے آنے والے کل سے قطعی بے خبر چودہ سالہ فارس وجدان پہلی بار اپنے حالات کو نہیں دیکھ رہا تھا، نہ غموں کو سہہ رہا تھا، نہ زخموں کو جھیل رہا تھا۔ اس کے اندر سکون کی سی کیفیت تھی۔ ایک لمبے سفر کے بعد کہیں پڑاؤ جیسی کیفیت۔

یکے بعد دیگرے دو گاڑیاں شیرازی مینشن کے احاطے سے باہر نکلی تھیں۔ دونوں کا راستہ مختلف، منزل بھی مختلف تھی۔

ناولز کی دنیا NovelsKiDunia

اس کی گاڑی اپنے سفر میں گامزن ہوئی تو وہ گردن موڑ کر باہر دیکھنے لگا۔ ہاسٹل تک کا سفر تین گھنٹوں پر مشتمل تھا۔ گاڑی سرسبز درختوں سے گھری ایک طویل شاہراہ پر تھی۔ بلندی سے وہ نیچے اور قدرے دور سے نظر آتی دوسری سڑک کو دیکھ سکتا تھا۔ تاحد نگاہ پھیلی ہوئی وادیاں، سبزہ اور باغات کو دیکھ سکتا تھا۔ اس کے ہاتھ میں نوٹ پیڈ تھا، وہ اس پر کچھ لکھنے لگا تھا۔ چند ایک لفظ تھے، وقت تھا، مہینوں کی مدت تھی اور تاریخ تھی۔ شیرازی ہاؤس میں واپسی کی تاریخ۔

وہ گرمی کی چھٹیوں میں ضرور آنے والا تھا۔ اس نے جنت کے خوابوں میں حقیقت کا رنگ بھرنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ اس نے پہاڑیوں تک، اور دریاؤں تک، اور ہر ایک گھاٹی اور وادی تک جانے کا تہیہ کر لیا تھا۔ زندگی کا وہ احساس خوب صورت تھا۔ اسی خوب صورت احساس کو جیتے اس نے سر اٹھا کر کھڑکی

سے باہر دیکھا تھا۔ دور، بہت دور اور قدرے نیچائی میں ایک اور سڑک تھی۔ اور اسی سڑک پر اسے آغا علی کی جیپ دوڑتی ہوئی نظر آ رہی تھی۔ پہلے پہل اسے وہ منظر ایک دھوکا، ایک سراب جیسا لگا تھا۔ مگر اس نے جو دیکھا، وہ حقیقت تھی۔ اس کے تاثرات یکا یک بدل گئے تھے، آنکھوں میں غیر مبہم سا تاثر ٹھہر گیا تھا۔ ل

گاڑی تو خراب تھی۔ اور ریپئرنگ کے لیے ورک شاپ میں موجود تھی تو یہ...... بے اختیار مڑ کر پیچھے تک دیکھا۔ گھنے درختوں کا سلسلہ شروع ہوا تو گاڑی اوجھل ہوگئی۔ بلندی سے ڈھلوان کا رخ کرتی، گھنے درختوں میں چھپ کر گزرتی ہوئی وہ گاڑی اسے الجھن میں مبتلا کر گئی۔

وہ اعظم شیرازی کے زیر استعمال رہنے والی مخصوص گاڑیوں میں پہلے کبھی سوار نہیں ہوا تھا۔ نہ ہی ایسا کوئی حکم ملازموں کو کبھی دیا گیا تھا۔ اسے چھوڑنے اور لے جانے کی ذمہ داری صرف آغا علی پر عائد تھی۔ صرف وہی اس کے شیڈول اور معاملات سے باخبر رہتا تھا۔ اس کے متعلق جو بھی حکم ہوتا، اسے ہی ملا کرتا تھا۔

مگر اب آغا علی نہیں تھا۔ دو گارڈ تھے اور ان کے انداز سے واضح تھا، وہ بھی کسی سخت حکم کے تابع تھے۔

وہ ذرا سا مشکوک اور کچھ مضطرب ہو کر دونوں گارڈز کو دیکھنے لگا تھا۔

ایک گارڈ ڈرائیو کر رہا تھا تو دوسرا چوکنا ہو کر بیٹھا تھا۔ جانے کیا وجہ تھی کہ اس کے احساسات عجیب ہونے لگے۔ چھٹی حس نے خبر کر دی، کچھ غلط ہونے کو ہے۔

گہری سانس لے کر ہر طرح کے منفی خیالات کو جھٹکتے وہ نوٹ پیڈ پر جھک گیا۔ مزید چند ہی لفظ گھسیٹے تھے جب فائرنگ کی آواز کے ساتھ گاڑی ایک جھٹکے سے بے قابو ہوئی تھی۔ شیشے چھناکے سے ٹوٹ کر بکھرے تھے۔ اس کے ہاتھ سے قلم چھوٹا تھا، نوٹ پیڈ بھی، پانی کی بوتل بھی۔ گولی ڈرائیور کا سینہ چیر گئی تھی۔ ایک زبردست جھٹکے سے وہ اگلی نشست سے، پیچھے کی طرف اور پھر دروازے سے ٹکرایا تھا۔ اس شدت سے کہ شیشے کے ٹکڑے پشت اور سینے پر گھسے چلے گئے۔

چوٹ سر کے پچھلے حصے پر لگی۔ گاڑی گھومتی ہوئی درختوں سے ٹکرا کر کہیں کھائی میں الٹ گئی۔

https://novelskidunya.com/

اس کی آنکھیں کھلی تھیں مگر کچھ دکھائی نہیں دے رہا تھا، نہ ہی سماعت کام کر رہی تھی۔ وہ سیٹ بیلٹ میں پھنسا ہوا تھا۔ اس کے ہاتھ بے جان سے لٹک رہے تھے۔ پیشانی سے پھوٹتی خون کی دھار قطرہ قطرہ گرنے لگی، شیشے کے ٹکڑوں کو رنگنے لگی۔ اس نے آنکھیں کھول کر دیکھنے کی کوشش کی تھی۔

گاڑی کا اگلا حصہ جھماکے سے آگ کی لپیٹ میں آیا تھا۔ دھواں بڑھ گیا، دھواں پھیل گیا۔ اندر اور باہر۔ ایک جیسی کیفیت۔

بمشکل سانس لیتے اس نے پلکیں جھپکائیں۔

فائرنگ کی آواز پھر سے گونجی۔ دوسرا گارڈ بھی مارا گیا۔ اس نے کسی قدر کوشش سے اپنے ہاتھ کو جنبش دی۔ بمشکل کھینچ کر بیلٹ تک لایا۔

کھلتی بند ہوتی آنکھیں ان قدموں کو دیکھ سکتی تھیں جو اس کی کھڑکی کے پاس آرکے تھے۔

سڑک پر تیزی سے فراٹے بھرتی آغا علی کی جیپ آنکھوں میں لہرائی۔ ذہن میں کوئی خیال درد بن کر ابھرا۔ تلخ حقیقت نے اسے گردن سے پکڑ لیا۔ آنکھ کنارے آنسو خون میں شامل ہوا، صفحے پر گرا، تاریخ پر ثبت ہوا۔

"ملازموں کے بچے ان گاڑیوں میں سفر کر سکتے ہیں؟"

"جی، صاحب نے اجازت دی ہے۔"

شاک سے گزرتے، کرب اور اذیت کا ادراک کرتے، بمشکل سانس لیتے، ہمت پیدا کر کے بیلٹ کو کھولنا چاہا۔ پوری قوت سے، پوری شدت سے مگر انگلیوں میں طاقت نہ رہی۔

آہنی دروازہ ایک جھٹکے سے کھینچا گیا تھا، غالباً کھولنے کی کوشش کی جا رہی تھی۔ گاڑی میں دھواں بھرتا جا رہا تھا۔ شعلے تیز ہو رہے تھے۔

"ہر حال میں لڑکا چاہیے، اور زندہ چاہیے!" جانے کس نے چنگھاڑ کر کہا تھا۔ دروازہ کھینچنے میں

https://novelskiduniya.com/ Novels Ki Duniya

شدت آ گئی تھی۔ گاڑی کے باقی ماندہ شیشوں کو بھاری بوٹ سے توڑا گیا۔

اس نے بند ہوتی آنکھیں کھول کر دیکھنا چاہا۔ اس سے اگلی نشست پر دو لاشیں تھیں اور تیسری لاش وہ ہو رہا تھا۔

سیٹ بیلٹ کھول دیا گیا۔ دو مضبوط ہاتھوں نے اسے پکڑ کر کھینچا۔ شیشے کی رگڑ سے پشت چھل گئی۔ درد کی لہر داہنے بازو سے، اور کندھوں سے اٹھتی ہوئی اسے پسلیوں تک محسوس ہوئی۔ وہ بے جان ہوتا ایک دم سے چیخا تھا۔ اور اگلے ہی پل وہ گاڑی سے باہر تھا۔ اسے کھینچتے ہوئے شعلوں کی زد میں آتی اس گاڑی سے دور کر دیا گیا۔

https://novelskidunya.com/

اس نے دھندلی نگاہوں سے آگ کی لپیٹ میں آتی اس گاڑی کو دیکھا۔ آواز دھماکے کی تھی۔

اس کا وجود اندر تک لرز اٹھا تھا۔ وہ آخری منزل، وہ آگ......وہ شعلوں کا منظر......موت کا منظر۔

''میں گرمیوں کی چھٹیوں میں ضرور آؤں گا۔''

سبزہ، ہریالی، اور باغ اور دور تک پھیلا ہوا سبزہ آن کی آن میں راکھ ہوا۔ روشنیاں گل ہوئیں۔ درخت مرجھا گئے۔

Novels Ki Duniya

''وعدہ؟''

آسمان تاریک اور ایک دم سے سیاہ ہو گیا۔

''پکا وعدہ!''

وہ کسی جنت سے کہہ رہا تھا۔

اس کی سوچ، خیالات، درد کا احساس، خوف کا ادراک......سب جامد ہوا۔ آنکھیں بند ہو گئیں۔

تاریکی نے جیسے اسے مکمل طور پر نگل لیا تھا۔

☆......☆......☆

مجھے سنو!
جیسے کوئی بارش کو سنتا ہے
گیلے تارکول کے اوپر چمک دار برستا ابر
دھواں سا اٹھائے اور غائب ہو جائے
رات اتر کر مجھے دکھانا شروع کر جائے
تم ہی تم ہو اور تمہارا دملتا ہوا جسم
تم ہی تم ہو اور رات جیسا تمھارا چہرہ
تم ہی تم ہو اور یہ صبر آزما گرج چمک
گلی پار کر کے مرے دل و دماغ میں بس گئی
قدموں کے نشاں مری آنکھوں کے روبرو ہیں
مجھے سنو،
جیسے کوئی بارش کو سنتا ہے!

☆......☆......☆

جمیلہ داؤد کا امریکا میں یہ دوسرا ہفتہ تھا۔ اور اس دوران ایک بار بھی ان کا رابطہ فارس وجدان سے نہیں ہو سکا تھا۔ وہ کئی بار شیرازی مینشن میں کال کر چکی تھیں۔ ہر بار ملازم فارس کا نام سنتے ہی ان سے معذرت کر لیتے تھے۔ اعظم شیرازی کا حکم تھا۔ وہ اپنے مالک کی خلاف ورزی نہیں کر سکتے تھے۔ انہوں نے اعظم شیرازی کو بارہا فون کیا تھا۔ ان کی منت کی تھی۔ وہ صرف فون پر رابطہ کروا دیں مگر انہوں نے انکار کر دیا تھا۔

"پہلے ہی تم نے اس لڑکے کو سر پر چڑھا کر اچھا خاصا بگاڑ دیا ہے۔ اب جبکہ وہ بورڈنگ اسکول میں سیٹ ہو چکا ہے تو میں مزید کوئی غلطی برداشت نہیں کر سکتا۔"

وہ مین بٹن بیچ پر اپنے عالی شان گھر کی دیوار گیر کھڑکیوں کے سامنے بے قراری سے ٹہل رہی تھیں۔ جھٹکے سے رک گئیں۔

''آپ نے..... آپ نے فارس کو بورڈنگ اسکول بھیج دیا ہے؟'' دماغ صدمے سے ماؤف ہوا تھا۔

انہیں وہ تمام وعدے یاد آ گئے جو انہوں نے فارس سے کیے تھے۔ وہ خوشیوں بھرے لمحے، امید بھری باتیں۔ وہ محبت، یقین اور اعتبار کی ساعتیں۔ وہ سب جیسے شیشے کا محل تھا۔ جھماکے سے ٹوٹ کر انہیں لہولہان کر گیا۔

''بابا! یہ آپ نے کیا کیا ہے؟'' وہ تقریباً رو دینے والی ہو گئیں۔ ''آپ نہیں جانتے، میں جانتی ہوں اسے۔ بہت حساس ہے وہ، نئے ماحول میں اس طرح ایڈجسٹ نہیں کر پائے گا۔ آپ پلیز اسے واپس بلا لیں۔''

''جمیلہ!'' ان کی کاٹ دار آواز نے ان کا نام لیا تھا۔ نچلا لب کاٹتے، آنکھوں میں نمی لیے وہ چپ ہوئیں۔

''مجھے اس کے ساتھ کیا کرنا ہے اور کیا نہیں، میں یہ بہت اچھی طرح سے جانتا ہوں۔ تمہیں وہاں میں نے اسی لیے بھیجا ہے تاکہ تم اپنے شوہر اور بیٹے پر فوکس کر سکو! فارس میری ذمہ داری ہے۔ یو سٹے آؤٹ آف اِٹ!''

''آپ کو اس پر ترس نہیں آتا؟'' ان کا لہجہ بھیگا ہوا تھا۔ پیشانی پر ہاتھ رکھے وہ بے بسی کی انتہا پر تھیں۔

''وہ آپ کا خون ہے۔ آپ کے اس طرح اسے رد کر دینے سے اس کی یہ حقیقت تو کبھی نہیں بدل سکتی۔''

''ہاں! یہ حقیقت کہ وہ اس بدنام زمانہ لڑکی کا بیٹا ہے، کبھی نہیں بدل سکتی۔'' انہوں نے جبڑے بھینچ کر کہا۔

''وہ ہارون کا بیٹا ہے بابا!''

''ہارون کی غلطی۔ ہارون کا گناہ ہے وہ.....'' اس قدر اشتعال میں آ کر بات کی کہ وہ اپنی جگہ رک گئیں۔

''میں اس نکاح کو مانتا ہوں، نہ ہی اس کے رشتے کو تسلیم کرتا ہوں۔ وہ لڑکا ابھی تک زندہ ہے تو صرف اس لیے کہ میں ہارون کو ان معاملات سے دور رکھنے کے لیے ایسا کرنا چاہ رہا ہوں۔ مجھے مجبور مت کرو جمیلہ! کہ میں کوئی انتہائی قدم اٹھاؤں جس پر تمہیں پچھتانا پڑے۔'' سخت لہجے میں انہوں نے متنبہ کیا تھا۔ ''اس کی ماں کی جو اوقات ہے، میں اسے بھی اسی میں رکھوں گا۔''

''آپ آرزو کا غصہ فارس پر کیوں نکال رہے ہیں؟''

''میں کسی کا غصہ کسی پر نہیں نکال رہا۔ جو ہونا چاہیے، وہی کر رہا ہوں۔ وہ لڑکا ہمارے خاندان کا حصہ کبھی نہیں بن سکتا۔ کبھی نہیں!'' ان کی بھاری رعب دار آواز ان کے حتمی فیصلے کی غماز تھی۔

انہوں نے غصے میں کال کاٹ دی۔ جمیلہ ہاتھوں میں فون لیے بیٹھی رہ گئی تھیں۔ حلق میں آنسوؤں کا پھندا اٹک گیا تھا۔

اس رات وہ باوجود کوشش کے سو نہیں سکی تھیں۔ رہ رہ کر فارس کا خیال آتا رہا۔ گزشتہ چھ سال ثانیوں میں سمٹ کر ذہن میں گھومتے رہے۔ انہیں اپنی بے بسی پر غصہ، ان حالات پر، ایسے رشتوں پر، ان کی سوچ پر غصہ آتا رہا۔ رونا آتا رہا۔

''وہ اتنی مجبور کیوں تھیں۔ ان کے بس میں کچھ کیوں نہیں آتا تھا؟'' اٹھ کر گھر میں ٹہلتی رہیں۔

''تم جاگ رہی ہو ابھی تک؟'' ہارون کی آنکھ کھلی تو انہیں کھڑکی کے سامنے دیکھ کر پوچھے بنا نہ رہ سکا۔ وہ مڑ کر انہیں دیکھنے لگیں۔

وہ اس کی سگی ماں نہیں تھیں، پھر بھی اس کے لیے بے چین ہو رہی تھیں۔ اور وہ اس کا سگا باپ ہو کر بھی سکون کی نیند سو یا رہا تھا۔

"کچھ نہیں۔ایسے ہی نیند نہیں آ رہی تھی!" پلکیں جھپکا کر آنسوؤں کا اثر زائل کرتی وہ رخ بدل گئی تھیں۔بات کرنے کا کوئی فائدہ نہ تھا۔دونوں باپ بیٹوں کے پاس اپنے اپنے موقف کی ٹھوس دلیلیں تھیں۔اور وہ چاہ کر بھی ان دلیلوں کو رد نہیں کر پاتی تھیں۔

"کیا تم جانتے ہو، بابا نے فارس کا ایڈمیشن بورڈنگ اسکول میں کروا دیا ہے۔" اگلے دن جیسے ہی حماد اسکول کے لیے روانہ ہوا، انہوں نے ناشتے کی ٹیبل پر ہارون سے کہا۔

کپ پر اس کی گرفت بس ایک لمحے کے لیے مضبوط ہوئی تھی۔تاثرات بھی ایک لمحے کے لیے بدلے تھے۔نظروں کا ارتکاز بھی اسی مدت کے لیے بھٹکا تھا۔چند لمحوں کا کھیل، چند ثانیوں کا قصہ تھا اور ہارون شیرازی نے گزشتہ سات سالوں کی طرح اب بھی خود کو سخت پتھر کر لیا تھا۔

"بابا جیسا مناسب سمجھیں، کر سکتے ہیں۔" اس نے دوسرے ہاتھ سے اخبار کھول کر پھیلا لیا۔وہ نیوی بلیو تھری پیس سوٹ میں ملبوس تھا، جیل سے بال پیچھے کی طرف جمے ہوئے تھے۔ترا شیدہ داڑھی چہرے کی وجاہت میں اضافے کا باعث بن رہی تھی۔تاثرات سنجیدگی میں ڈھل گئے تھے۔

"وہ فارس کو جان سے ماردیں تو کیا آپ تب بھی یہی کہیں گے؟"

"جمیلہ!" ڈائننگ ہال میں ہارون شیرازی کی آواز سخت ہو کر گونجی تھی۔آنکھوں کا تاثر پتھریلا ہو گیا تھا۔

"کیا میں غلط کہہ رہی ہوں؟ آپ کو غصہ آ گیا ہے؟ جو کچھ وہ سہہ رہا ہے۔آپ اسے زندگی کہتے ہیں؟"

ہارون نے مٹھیاں سختی سے بھینچ لی تھیں۔کپ میز پر پٹخ دیا تھا۔

"بابا اس کا بہت خیال رکھ رہے ہیں۔اسے کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔"

"چیزوں کی کمی نہیں ہے۔انسانوں کی تو ہے۔رشتوں کی تو ہے۔اس کے پاس آپ نہیں ہیں۔میں نہیں ہوں۔اس کی ماں نہیں ہے۔"

"آرزو سے شادی میری زندگی کی سب سے بڑی غلطی تھی۔ کیا اس بات کا احساس دلانا چاہتی ہو تم؟" وہ بھڑک اٹھا۔

"آپ غلط کیوں سوچ رہے ہیں؟"

"بالکل ٹھیک سوچ رہا ہوں میں!" اس کی آنکھوں کی سرخی بڑھ گئی تھی۔

"میں آپ سے آپ کے بیٹے کی بات کر رہی ہوں ہارون!"

وہ اپنی جگہ رک گیا۔ چند ثانیوں کے لیے ایک سکوت سا طاری رہا۔ جیسے کچھ کہنے کو باقی نہ رہا ہو۔ لڑنے کو کوئی دلیل، وضاحت کے لیے کوئی لفظ، برات کے لیے کوئی حجت نہ رہی ہو۔

"بابا نے کہا ہے، میں اسے بھول جاؤں۔" وہ کرسی دھکیل کر اٹھ گیا تھا۔ "اور میں اسے بھولنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ کیوں تم بار بار....."

"وائے ڈو یو ہیو ٹو فارگیٹ یور اون چائلڈ؟" وہ روتے ہوئے اس پر چیخ پڑیں۔ ہارون منجمد سا اپنی جگہ رک گیا۔ مڑ کر انہیں دیکھا۔

"کیوں ضروری ہے آپ کے لیے اسے ڈس اون کرنا؟ اس خوف سے کہ کہیں بابا آپ کو اپنی تمام جائیداد سے عاق نہ کر دیں؟" ان کی آواز رندھی ہوئی تھی۔ "آپ کو لگتا ہے، بابا واقعی ایسا کر سکتے ہیں؟ ایک بار بات تو کریں۔ اپنے بچے کے لیے کوئی اسٹینڈ تو لیں۔ میں وعدہ کرتی ہوں، آپ کا پورا ساتھ دوں گی۔" وہ اٹھ کر اس کے پاس آئیں۔ نرمی سے اس کے بازو پر ہاتھ رکھا۔ کاجل سے لبریز آنکھوں میں حزن ٹھہرا تھا۔ "ہم اسے یہاں لے آئیں گے۔ وہ ہمارے ساتھ رہے گا۔"

"بابا کیا کر سکتے ہیں اور کیا نہیں، یہ مجھ سے بہتر کوئی نہیں جان سکتا۔" اس نے جمیلہ کا ہاتھ اپنے بازو سے ہٹا دیا۔ کچھ دیر ان کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیے کھڑا رہا۔ "یہ پہلے میرا اور فارس کا معاملہ تھا، یہ اب بابا کا اور فارس کا معاملہ ہے۔ تم بھول رہی ہو مگر مجھے یاد ہے۔ وہ وعدہ جو میں نے بابا سے کیا تھا۔"

جمیلہ نے صدمے سے اسے دیکھتے نفی میں سر ہلاتے، اپنا ہاتھ چھڑا لیا۔

''جمیلہ!''

انہوں نے الٹے قدم پیچھے ہوتے ہوئے ہاتھ اٹھا کر اسے مزید کچھ بھی کہنے سے روک دیا۔

''میں بھی کس میں احساس جگانے کی کوشش کر رہی ہوں؟'' نم آنکھوں کے ساتھ کچھ اذیت سے ہنس پڑیں۔

''آپ نے تو خود اپنے بچے کو ڈس اون کیا ہے۔ آپ نے تو اس کی ایک ملازم کی حیثیت کو سب سے پہلے قبول کیا ہے اور میں...... میں آپ سے بات کر رہی ہوں۔''

تاسف اور دکھ سے سر ہلاتی وہ ڈائننگ ہال چھوڑ کر چلی گئیں۔ ہارون شیرازی اپنی جگہ کھڑا رہ گیا تھا۔

☆......☆......☆

پاکستان میں رابطے کی ہر کوشش تقریباً ناکام رہی تھی۔ شیرازی مینشن سے تو اعظم شیرازی نے ان کا رابطہ مکمل طور پر منقطع کروا دیا تھا۔ فارس سے متعلق کوئی بھی بات یا خبر ان تک نہیں پہنچ سکتی تھی۔ وہ پاکستان میں کیسا تھا، کس حال میں تھا۔ اپنے ہاسٹل میں ایڈجسٹ ہو پایا تھا یا نہیں۔ فکر اور پروا کی لے پر اٹھتے کسی بھی سوال کا کوئی جواب نہیں مل سکتا تھا۔

انہیں اپنی زندگی ایک دم سے بہت ادھوری سی لگنے لگی۔ رحم بھرا دل ایک ماں کا دل تھا۔ تڑپ بھی ویسی ہی رکھتا تھا۔ بچے کی جدائی میں بے قراری ان کے انگ انگ سے جھلکتی تھی۔

حالات کو بدلا نہیں جا سکتا تھا۔ نہ ہی زندگی کو روکا جا سکتا تھا۔ انہیں اپنی ذات سے جڑے دوسرے رشتوں کا بھی خیال رکھنا تھا۔ اپنا بھی خیال رکھنا تھا۔ اس غم اور پریشانی سے نکلنے کے لیے انہوں نے خود کو زندگی میں مصروف رکھنے کی سعی کی تھی۔ اپنا اسٹوڈیو ترتیب دیا۔

اپنے تخیل کی دھار پر بکھرے رنگوں کو چنا اور اپنے پہلے سولو ایگزیبیشن کی تیاری شروع کر دی۔

وہ اپنے ذہن کو بھٹکانا چاہتی تھیں۔ تمام تر فکر اور اندیشوں کو سلانا چاہتی تھیں۔ فارس پاکستان میں اکیلا ہے، اس خیال سے جو تکلیف پہنچتی تھی، اس تکلیف کو دبانا چاہتی تھیں۔

وہ ایک لینڈ اسکیپ آرٹسٹ تھیں۔ رنگوں سے قدرتی مناظر تخلیق کیا کرتی تھیں۔ قدرتی مناظر میں زندگی کا رنگ دکھاتی تھیں۔ سبزہ، بہار، اونچے لمبے پہاڑ، وادیاں، پوری رات کا خوب صورت چاند اور پھولوں کے دلفریب نظارے۔ انہیں رنگ بھلے لگتے تھے مگر اب تو جیسے ان کی ہر پینٹنگ گہرے، بھورے، سیاہ اور مبہم رنگوں کا امتزاج ہو گئی تھی۔

توجہ کا مرکز اب حماد تھا۔ وہ اسے اپنی طرف سے پورا وقت دیتی تھیں۔ اس کی ہر بات سنتی تھیں۔ اس کا ہر لحاظ سے خیال رکھتی تھیں مگر پھر بھی حماد کو لگتا تھا ممی کہیں کھوگئی ہیں۔ اسے سن نہیں رہیں۔ اسے دیکھ نہیں رہیں۔

شاپنگ کے لیے جاتیں تو بے دھیانی میں کچھ نہ کچھ فارس کے لیے بھی دیکھنے لگ جاتیں۔ مارکرز، ڈائریز، چھوٹے سائز کی آرائشی کاریں جو وہ اکثر اپنی رائٹنگ ٹیبل پر سجائے رکھتا تھا، کتابیں، رجسٹرز، ریموٹ کنٹرول کارز، انہیں جہاں بھی جو چیز پسند آتی وہ اس کے لیے لے لیتیں۔ گھر آ کر وہ کتنی ہی دیر تک ان چیزوں کو ہاتھوں میں لیے بیٹھی رہتیں۔

"وہ بڑا ہو جائے گا اور یہ چیزیں اس کے لیے چھوٹی ہو جائیں گی۔ غیر اہم، غیر ضروری اور اس کی پسند کے ہر دائرے سے باہر نکل جائیں گی۔" انہیں افسوس ہوتا۔ گزرتے وقت سے خوف آتا۔ کچھ بھی خریدتے وقت جو ایکسائٹمنٹ ہوتی، وہ گھر آ کر غم میں بدل جاتی۔ وہ چیزیں ان کے ہاتھوں سے پھر آغوش میں ہوتیں۔ سینے سے لگ جاتیں۔ جیسے وہ فارس کو خود میں سمیٹا کرتی تھیں۔ اس کی مسکراہٹ یاد آتی۔ اس کی آنکھوں کا رنگ یاد آتا۔ اس کے چھوٹے چھوٹے ہاتھوں کا اپنی ہتھیلیوں پر ٹھہرنا یاد آتا۔ وہ وقت، لمحے، اور خوب صورت یادیں ماضی ہو کر انہیں زیادہ تکلیف پہنچانے لگی تھیں۔

☆......☆......☆

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے
کسی فرحت کے موقع پر
جہاں ہجوم برپا ہو
کسی تقریب کے دوران
اچانک لب ٹھہر جائیں
زباں خاموش ہو جائے
وہاں سے پھر دبے پاؤں
اچانک لوٹ آنا ہو
کھلی آنکھوں سے بستر پر محض لیٹے ہی رہنا ہو
دلِ نادان ایسے ہو کہ جیسے درد جاگا ہے
جو سینے سے اٹھے اور دل کے اندر تک چلا جائے
مسرت، قہقہے اور آرزوئیں یوں مچلتی ہوں
کسی دھوئیں کی مانند آسمانوں میں بکھرتی ہوں
اسی ساعت میں دانستہ مسلسل رونے لگ جاؤ
تمہیں معلوم ہی ہوگا
کبھی ایسا بھی ہوتا ہے
(ہرمن ہیسے)

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Dunya

مہینے کے آخر میں وہ حماد کے ساتھ مال گئی تھیں۔ اس کے دوست کی پارٹی تھی اور وہ اپنے لیے نئے کپڑے خریدنا چاہتا تھا۔ اس نے اپنے لیے سفید رنگ کی ایک ہوڈی پسند کی جو انہیں بھی بہت اچھی لگی۔ انہوں نے باقاعدہ شاپ اسسٹنٹ سے اس کے سائز کا پوچھا۔

"بارہ سال کے لڑکے کے لیے۔" انہوں نے قریب کھڑے ایک لڑکے کی جانب اشارہ کیا۔ "اس سے ذرا چھوٹا۔" شاپ اسسٹنٹ کسی اور رنگ میں وہی شرٹ ان کے لیے خاص طور پر مطلوبہ سائز میں نکال لایا۔ اور اس تمام عرصے میں خاموشی سے اپنی بے خبر ماں کو دیکھتے ہوئے پندرہ سالہ حماد نے وہ ہوڈی کاؤنٹر پر پٹخ دی۔

"مجھے نہیں چاہیے!" کہہ کر غصے سے نکل گیا۔

وہ پریشانی کے عالم میں، عجلت میں قدم اٹھاتی تیزی سے اس کے پیچھے آئیں۔

"کیا ہو گیا حامی؟" بیچ راستے میں اسے روک کر کچھ فکرمندی سے پوچھا تھا۔

"آپ کیوں اس سرونٹ بوائے کے لیے میرے جیسی چیزیں لیتی ہیں؟"

جمیلہ داؤد آنکھوں میں شاک لیے اسے دیکھ کر رہ گئیں۔ "جب بھی آپ کے ساتھ شاپنگ کے لیے آتا ہوں، آپ یہی کرتی ہیں۔ آپ میرے لیے کچھ لیتی ہیں تو سیم وہی چیز اس کے لیے بھی لیتی ہیں۔ آپ کیوں کرتی ہیں ایسا؟"

وہ ساکت و صامت حماد کو دیکھ کر رہ گئیں۔ حماد یہ کیا سوچ رہا تھا؟ کیا کہہ رہا تھا؟

انہوں نے کبھی بھی حماد کی کوئی چیز فارس کو نہیں دی تھی۔ استعمال شدہ بھی نہیں۔ انہوں نے کبھی بھی حماد کے سامنے کھل کر فارس کا ذکر نہیں کیا تھا۔ وہ گھر میں اس کا نام بھی نہیں لیتی تھیں۔ لیکن حماد جانتا تھا فارس ان کے لیے کتنا اہم ہے۔ شیرازی مینشن میں وہ ان کی توجہ، اہتمام اور محبت دیکھ چکا تھا۔ وہ تب بھی غصے میں آجاتا تھا، اور اب بھی آگیا تھا۔ جس طرح وہ اپنی چیزیں شیئر نہیں کرتا تھا، اس طرح رشتوں میں شیئرنگ بھی

اسے پسند نہیں تھی۔ دادا اس کا تھا، باپ بھی صرف اس کا تھا۔ ماں بھی صرف اس کی ہونی چاہیے۔

اسے اندازہ ہی نہ ہوا۔ کب کس طرح وہ بے ضرر سا بچہ حماد کے حواسوں پر سوار ہونے لگا۔ وہ تو ہمیشہ محتاط ہو کر رہتی تھیں۔ اپنی ذمہ داریوں میں انہوں نے کبھی کوتاہی نہیں کی تھی۔ حماد کے پاس سب کچھ تھا۔ اسے محبتوں کی، رشتوں کی کوئی کمی نہیں تھی۔ اس کے باوجود اس کا یہ ردعمل انہیں حیران کر رہا تھا۔

''الگ سے لیتی ہوں بیٹا! تمہارا حصہ تو نہیں دیتی کسی کو!'' صدمے سے نکل کر پیار سے سمجھانا چاہا۔

''پر کیوں؟ آپ میری ماں ہیں۔ آپ اس لڑکے کے لیے..... آپ اس طرح کیوں کرتی ہیں؟ مجھے اس طرح کچھ بھی شیئر کرنا اچھا نہیں لگتا۔''

''او کے فائن! میں نہیں خرید رہی۔ واپس چلو اور اپنی ہوڈی اٹھاؤ۔'' اسے کندھوں سے تھام کر مسکراتے ہوئے اس کا موڈ بحال کرنا چاہا۔ بگڑے تیوروں کے ساتھ اس نے ہوڈی تو خرید لی مگر واپسی پر بھی اپنا موڈ خراب رکھا۔

جمیلہ داؤد کے لیے اس کا ردعمل سمجھ سے باہر رہا۔ وہ اس کے رویے اور اشتعال کو سوچ سوچ کر پریشان ہوتی رہی تھیں۔

☆......☆......☆

انہوں نے ہارون شیرازی سے ذکر کرنا چھوڑ دیا تھا مگر اعظم شیرازی سے وہ اب بھی فارس کے معاملے میں الجھ پڑتی تھیں۔ کسی خوف یا دباؤ میں آئے بغیر وہ اب بھی انہیں احساس دلاتی رہتی تھیں۔ اس دن بھی انہوں نے یہی کیا تھا۔ وہ اسٹڈی روم میں تھے جب وہ اندر داخل ہوتے ہی شروع ہو گئی تھیں۔ وہ ایک بار پھر فارس کو اپنے اور ان کے درمیان لے آئی تھیں۔

''تمہیں اندازہ بھی ہے تم کس کے لیے اسٹینڈ لینے کی کوشش کر رہی ہو؟'' پتھر دل موم نہیں ہوتا تھا مگر وہ ان پر حیران ہوتے تھے۔ صحیح حیران ہوتے تھے۔ بھلا جو سوتیلی ہوں، وہ سگوں جیسا برتاؤ کیسے کر سکتی ہیں؟

''میں تمہیں بہت ذہین سمجھتا تھا۔ مگر غلط تھا۔''

''بے حسی ذہانت ہوتی ہے؟''

''ایک ماں اپنی اولاد کی خاطر بے حس ہی اچھی لگتی ہے!''

انہوں نے اعظم شیرازی کو تاسف سے دیکھا۔

''جس بچے کی تمہیں اتنی فکر ہو رہی ہے۔ ذرا سوچا ہے، کل وہ حماد کے لیے، تمہارے لیے کتنے پرابلمز کھڑے کر سکتا ہے؟''

''اور یہ جو ظلم، ہم سب مل کر اس پر کر رہے ہیں۔ آپ کا خیال ہے یہ ظلم ہماری زندگیوں میں آسانیاں لائے گا؟''

اعظم شیرازی نے لب بھینچ کر اپنی بہو کو دیکھا۔

''تمہیں سمجھانا ناممکن ہے۔'' انہوں نے تسلیم کیا۔

''آپ اس پر بہت ظلم کر رہے ہیں!''

اعظم شیرازی نے رخ موڑ کر انہیں دیکھا، کتاب رکھ کر ان کے پاس آ گئے۔

''تمہیں لگتا ہے میں اس پر ظلم کر رہا ہوں؟'' سوالیہ ابرو اٹھائے کچھ سنجیدگی مگر تحیر سے بولے۔

وہ خاموش رہیں۔

''میں اسے adoption (کسی کو گود لینے کے لیے) دے سکتا تھا۔ کسی بھی ملک میں اسے بھیج دیتا۔ کسی ایسی جگہ جو پاکستان سے بہت دور ہوتی۔''

ان کی آنکھوں سے نفرت کی چنگاریاں پھوٹ رہی تھیں۔ اور لہجہ برفیلا ہو رہا تھا۔ ''یا پھر میں اسے کسی حادثے کا شکار کر دیتا۔ اتنی پلاننگ کے ساتھ کہ کسی کو شک بھی نہ ہوتا کہ کیا ہوا ہے۔ ایک پانچ چھ سال کا بچہ سوئمنگ پول میں ڈوب کر مر گیا۔ اسے سوئمنگ نہیں آتی تھی اس لیے۔'' انہوں نے بے رحمی

سے اپنا جملہ مکمل کیا۔ رک کر اپنے ہاتھ اٹھائے۔ ذرا سا مسکرائے بھی۔ جمیلہ کا حلق خشک تھا۔ آنکھیں تر ہو گئیں۔ وہ دوپٹے کو سختی سے بھینچے ہوئے ان کی آنکھوں میں کچھ بے یقینی سے دیکھ رہی تھیں۔

اعظم شیرازی اتنی سختی اور برودت کے ساتھ اپنے پوتے کی بات کر رہے تھے۔ وہ پوتا جس کی ماں خاندانی نہیں تھی۔ وہ نکاح جس میں وہ شامل نہیں تھے۔ وہ رشتہ جوان کے معیار کا نہیں تھا۔

"لیکن میں نے ایسا کچھ نہیں کیا۔ یوسٹل تھنک، کہ میں......اعظم شیرازی، اس پر ظلم کر رہا ہوں؟" وہ جھوٹ نہیں کہہ رہے تھے، وہ ایسے ہی تھے۔ ہر بات واضح کر دیتے تھے۔ کہہ رہے تھے تو ایسا کر بھی سکتے تھے۔

https://novelskidunya.com/

ان کا ایک ایک لفظ ان کے سخت ارادوں کی طرح ان کی شخصیت کے ہر پہلو کو ان پر عیاں کر رہا تھا۔

"حماد کے علاوہ تم کسی اور کے لیے فکر کرتی ہو تو مجھے اچھا نہیں لگتا۔" انہوں نے بہت نرمی اور پیار سے ان کے بازو پر ہاتھ رکھا۔ "ہماری فیملی مکمل ہے جمیلہ۔ تم اسے ادھورا کرنے پر کیوں تلی ہو؟"

وہ آنکھوں میں نمی لیے سر جھکائے رہیں۔

بازو تھپتھپا کر وہ آرام چیئر پر براجمان ہو گئے۔

"ابھی تو آپ اسے ایک تھریٹ کے طور پر دیکھ رہے ہیں بابا، لیکن......" آنکھوں میں نمی لیے وہ دانستہ رک گئیں۔ انہوں نے یونہی سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔

"لیکن جب کبھی آپ کا دل اس کے لیے نرم پڑا، تو آپ پر آپ کے رویے اور ان فیصلوں کا پچھتاوا کتنا بھاری پڑ جائے گا۔"

وہ فائل کھولتے ہوئے مسکرا دیے۔ "میں اپنے فیصلوں پر کبھی نہیں پچھتایا۔ اچھی طرح سے جانتا ہوں، میں کیا کر رہا ہوں۔ اور کس لیے کر رہا ہوں۔ تمہیں فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔"

وہ چند لمحوں تک انہیں دیکھتی رہیں پھر بوجھل دل کے ساتھ جانے کے لیے مڑ گئیں۔

"ہاں! وہ کیوں پچھتائیں گے؟ جب اسے اپنا خون تسلیم ہی نہیں کیا تو یہ احساسات کیونکر بیدار ہو سکتے تھے؟ رحم کیسے جاگ سکتا تھا؟ محبت کیسے ہو سکتی تھی؟"

"کیا میں چاہوں گا، اس گھٹیا عورت کی نشانی میرے بیٹے کی زندگی میں موجود رہے؟"

فارس کی پہچان ان کے نزدیک صرف اور صرف اس کی ماں تھی۔ وہ آرزو جہانگیر کا خون، آرزو جہانگیر کا بیٹا تھا۔

اس دن کے بعد سے انہوں نے دوبارہ کبھی اعظم شیرازی سے فارس سے متعلق کوئی بات نہیں کی تھی۔

اعظم شیرازی امریکا آتے تو دو تین ماہ گزار کر ہی جاتے۔ فیملی گیدرنگ، آؤٹنگز، کچھ آفیشلز کے ساتھ ڈنر، کچھ تقاریب میں شرکت کرتے، میٹنگز اٹینڈ کرتے اور چلے جاتے۔ حماد شیرازی میں ان کی جان اٹکی تھی۔ وہ خاص طور پر اس کے لیے آتے تھے۔

شیرازی انٹر پرائزز کا ہیڈ کوارٹر پاکستان میں تھا تو وہ زیادہ تر پاکستان میں ہی رہنا پسند کرتے۔ مگر جب بھی آتے ان کی ایک مخصوص سی روٹین ہمیشہ انہیں الجھا دیتی۔ وہ ویک اینڈ پر خصوصاً پاکستان کال کرتے، ہر ایک رپورٹ لیتے، مختصر اور جامع بریفنگ مگر آغا علی سے ہمیشہ ان کی تفصیلی بات ہوتی۔ وہ فون کان سے لگائے خاموشی سے سنتے جاتے۔ اور آخر میں چند ایک حکم ہوتے اور کچھ ضروری باتیں۔

وہ اچھی طرح سے جانتی تھیں فارس کی تمام تر ذمہ داریاں انہوں نے آغا علی کو سونپی تھیں اور یہ طویل کالز بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی تھیں۔

انہیں ہرگز علم نہیں تھا کہ وہ فارس کے معاملات اس طرح سے دیکھتے ہیں۔ اس پر ایسے اور اس طرح نظر رکھتے ہیں۔

"کیا ایک تیرہ سال کے لڑکے سے انہیں واقعی میں کوئی خطرہ پیش آ سکتا ہے؟" وہ سوچتیں اور حیران ہوتیں۔

یہ ان کا رویہ ہی تو تھا جو فارس کو شیرازی خاندان سے متنفر کر رہا تھا۔ نفرت کی جڑ ان کی وجہ سے مضبوط ہو رہی تھی۔ عناد کی یہ دیوار ان کی ہی وجہ سے قائم ہو رہی تھی۔ اور انہیں یہ لگتا تھا کہ خطرہ فارس کی طرف سے ہوگا۔ پہل تو وہ خود کر رہے تھے۔ وہ اس معصوم دل میں عداوت کو خود اپنے رویے اور فیصلوں سے پروان چڑھا رہے تھے۔ انہیں یہ بات سمجھ میں کیوں نہیں آتی تھی؟

''کسی کو آپ نفرت دیں تو بدلے میں وہ آپ کو محبت تو نہیں دے گا بابا!'' انہوں نے بغیر کوئی حوالہ دیے یونہی کہہ دیا۔

وہ مین ہٹن بیچ پر ٹہل رہے تھے۔ جب حماد کے ان سے قدرے دور ہونے پر جمیلہ داؤد نے کہا۔ انہوں نے گردن موڑ کر اپنی بہو کو دیکھا۔

''تمہیں کیوں لگتا ہے مجھے اس تھرڈ کلاس عورت کے بیٹے سے کوئی محبت چاہیے؟'' ان کا لہجہ ایک دم سے استہزائیہ ہوا تھا۔

''آپ بہت غلط کر رہے ہیں!'' نا چاہتے ہوئے بھی وہ کہہ گئیں۔ سر جھکا کر، نظریں گرا کر۔

''یہ تو وقت ثابت کرے گا میں کتنا صحیح، اور کتنا غلط ہوں۔'' جیبوں میں ہاتھ ڈالتے وہ دھوپ میں بالکل سامنے دیکھنے لگے۔ ''ایک دن تم بھی تسلیم کرو گی کہ میرا ہر فیصلہ درست تھا۔''

آہستگی سے قدم اٹھاتے آگے بڑھ گئے اور جمیلہ داؤد ہمیشہ کی طرح اپنے ہی خول، اپنے ہی دائرے میں، اپنی ہی فکروں میں سمٹی کھڑی رہ گئی تھیں۔

☆......☆......☆

مسز درانی نے شیرازی ہاؤس میں منعقد ہونے والی اس دعوت میں اعظم شیرازی کا بھرپور جائزہ لیا تھا۔ ان کا سینہ چوڑا تھا، کمر بالکل سیدھی، پیٹ اندر کو تھا۔ رعب دار اور گریس فل سی شخصیت تھی۔ بے تحاشا بھورے بال جن میں کہیں کہیں سیاہی بھی جھلکتی تھی۔ سیاہ اور سفید کا یہ امتزاج ان کی شخصیت کی

جاذبیت میں اضافے کا باعث بنتا تھا۔ وہ خود کو بہت فٹ رکھتے تھے۔ انہیں دیکھ کر آج بھی کئی خواتین کے دل دھڑک اٹھتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ آج بھی اگر وہ ان کے رشتے کی بات کریں گی تو انہیں بہترین سے بہترین رشتہ مل سکتا ہے۔

کھانے کی میز پر انہوں نے ایسے ہی ذکر چھیڑا تو وہ ہنس پڑے۔ جمیلہ انہیں دیکھ کر رہ گئیں۔ گو کہ ان سے ناراض تھیں اور بہت کم بات کرتی تھیں مگر مسز درانی کی بات پر جس طرح وہ ہنسے، وہ انہیں نظر انداز نہیں کر سکیں۔ وہ انہیں اپنی شخصیت سے کچھ مختلف سے لگے۔ وہ بہت کم ہی ہنسا کرتے تھے۔ زیادہ تر ان کے تاثرات صرف حماد کی موجودگی میں ہی خوش گوار ہوا کرتے۔

''کیا میں آپ سے کوئی غلط بات کہہ رہی ہوں جو آپ اس طرح ہنس رہے ہیں۔ بھئی، آپ کو کوئی خاتون انکار نہیں کرے گی، لکھوا لیں مجھ سے۔''

''اس اسٹیٹس اور جائیداد کے ہوتے ہوئے واقعی میں کوئی ''خاتون'' انکار نہیں کرے گی۔''

ہارون ایک لمحہ کے لیے ساکت ہوا تھا۔ چمچ ہاتھ میں لیے، اس نے ذرا سی نظر اٹھا کر باپ کو دیکھا۔

''کوئی ایسی خاتون آپ کو مل جائے جسے آپ یہ بتائیں کہ میں خالی ہاتھ ہوں، میرے پاس کچھ نہیں ہے اور وہ پھر بھی میرے ساتھ رہنے پر آمادہ ہو جائے۔ اس لیے کہ میں اپنے اصولوں کا پابند اور اپنی بات پر قائم رہنے والا انسان ہوں۔ تو پھر کچھ سوچا جا سکتا ہے۔'' معمول کے برعکس وہ کچھ خوش گوار موڈ میں لگ رہے تھے۔

''تو آپ یہ کہیے نا کہ آپ شادی ہی نہیں کرنا چاہتے۔'' مسز درانی برا مان گئیں۔

سب ہی ہنس پڑے۔ ماسوائے ہارون شیرازی کے۔

اعظم شیرازی مبہم سا مسکراتے ہوئے اپنی پلیٹ پر جھک گئے۔ جمیلہ نے بھی نظر ہٹا لی۔ کہ جانتی تھیں اشارہ کس طرف تھا۔ وہ ابھی تک ہارون شیرازی کی اس غلطی کو معاف نہیں کر پائے تھے۔ آج بھی آرزو جہانگیر کا وجود ان کے درمیان آجاتا تھا۔

https://novelskiduniya.com/

فارس کی صورت، ماضی کی صورت......اور شاید یہی وجہ تھی کہ ہارون کو دن بدن شدت سے اپنی اس غلطی کا احساس ہو رہا تھا جو اس نے محبت میں مجبور ہو کر کر ڈالی تھی۔ وہ نکاح جو اس کا آرزو جہانگیر سے ہوا تھا۔ وہ رشتہ جو آٹھ سال تک قائم رہا تھا۔ وہ محبت جو پیسوں کے عوض اسے چھوڑ کر گئی تھی۔ وہ پیسے جو اعظم شیرازی نے اسے آفر کیے تھے۔ حقیقت دیر سے ہی سہی مگر ہارون شیرازی پر کھل گئی تھی۔ پہلے صرف اس بات کا غصہ تھا کہ آرزو نے طلاق لے لی تھی۔ اب اس بات کی نفرت تھی کہ اس کے باپ سے معاہدہ کر کے لی تھی۔ اس دن ہارون شیرازی کا غصہ اور اشتعال دیکھنے لائق تھا۔

"یہ تو ایک سمپل سائنیسٹ تھا۔ میں دیکھنا چاہ رہا تھا، وہ عورت تمہارے ساتھ کتنی مخلص ہے۔" اعظم شیرازی ایک مختصر سا جملہ کہہ کر بری الذمہ ہو گئے۔ اور وہ چاہ کر بھی نہ اختلاف کر سکا تھا نہ ہی کوئی احتجاج۔

محبت نے اسے توڑا تھا۔

اور بہت بری طرح سے توڑا تھا۔

☆......☆......☆

اعظم شیرازی پاکستان جا رہے تھے۔ روانگی کے وقت جمیلہ داؤد نے ایک بیگ الگ سے تیار کر کے انہیں دے دیا۔

"یہ فارس کے لیے ہے۔" انہوں نے سوالیہ ابرو اٹھائی تو جواب دیا۔

کچھ دیر تک وہ اپنی جگہ کھڑے رہے۔

"اس کا کیا کروں؟"

"اس تک پہنچا دیں۔" حماد اپنے دوستوں کے ساتھ آؤٹنگ کے لیے گیا ہوا تھا۔ اندر داخل ہوا اور اپنی جگہ رک گیا۔ وہ اس کی موجودگی سے قطعی بے خبر اعظم شیرازی کی طرف متوجہ تھیں۔

"تمہیں اتنا یقین کیوں ہے کہ میں یہ سامان اس تک پہنچا دوں گا؟"

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

''چیزوں سے کیا فرق پڑتا ہے؟ ان کا انتظام تو آپ نے بھی خوب کر رکھا ہے۔''
وہ نوٹ کر رہے تھے کہ وہ پہلے کی طرح کھل کر ان سے بات نہیں کرتی تھیں۔ اور ان سے تو فارس کا ذکر کرنا بھی تقریباً چھوڑ دیا تھا۔

''ضروری نہیں کہ میرا نام لیں۔ بس پہنچا دیں۔''

اعظم شیرازی کی نظر ان کے عقب میں حماد پر پڑی تو سنجیدہ سے تاثرات ایک دم سے نرمی میں ڈھلے۔ بیگ سے نظر ہٹاتے اس کے پاس چلے گئے۔

''آپ جا رہے ہیں بابا؟'' وہ ان کی باہوں میں سما گیا۔

''ہوں!'' اس کی پیشانی کا بوسہ لیا۔ اس کے بالوں کو بھی بکھیر دیا۔

''میں بھی آپ کے ساتھ پاکستان جانا چاہتا ہوں پر ڈیڈ، وہ کچھ مانیں تب نا!''

''تمہارے ڈیڈ کو بھی میں ہی منع کرتا ہوں۔''

جمیلہ نے وہ بیگ ان کے سوٹ کیس پر رکھ دیا۔

''حالات کچھ بہتر ہو جائیں تو پھر ہی پاکستان آنا۔''

''اگلے سال کا وعدہ کر کے جائیں۔ کہ آپ یہاں نہیں آئیں گے بلکہ میں آپ کے پاس آؤں گا۔''

''وعدہ!'' انہوں نے کہا۔ جمیلہ داؤد اور حماد شیرازی سے مل کر وہ باہر چلے گئے۔

ملازم مستعد تھے، باہر ان کی گاڑی بھی تیار کھڑی تھی۔

سیاہ بیگ ان کے سوٹ کیس ہینڈل کے ساتھ اٹکا رہ گیا تھا۔ جمیلہ داؤد بھاری دل کے ساتھ بیرونی دروازے کے اسٹیپس پر کھڑی تھیں۔ البتہ دادا کے جاتے ہی حماد کے تاثرات پل بھر میں بدلے تھے، آنکھوں میں خفگی سی آ گئی تھی۔ وہ جانتا تھا، سیاہ بیگ میں کیا تھا، اور کس کے لیے تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

امریکا میں یہ ان کا تیسرا سال تھا۔ اعظم شیرازی کے بزنس پارٹنر فواد خاکوانی کے بیٹے کی شادی تھی۔ انہیں بھی خصوصاً مدعو کیا گیا تھا۔ اعظم شیرازی نے فون پر رابطہ کر کے ٹکٹ کی بات کی تو کچھ دیر تک تو انہیں اپنی سماعت پر یقین ہی نہیں آیا۔ خوشی سے آنکھیں نم ہو گئیں۔ حماد ایک ماہ پہلے ہی اپنے دادا سے ملنے پاکستان گیا ہوا تھا۔ پندرہ دن بعد انہیں بھی ہارون کے ساتھ پاکستان جانا تھا۔ سب معاملات طے ہو چکے تو انہوں نے فارس کے لیے شاپنگ کی۔ اس کے لیے شرٹس، ہوڈیز اور ٹراؤزرز خریدے۔ بیگ خریدا۔ کچھ کتابیں منتخب کیں۔ وہ اتنی خوش تھیں کہ پاؤں زمین پر نہیں ٹک رہے تھے۔ سینے سے بوجھ سرکتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔

ہاں وہ ان سے شدید ناراض ہوگا، لڑے گا، روئے گا۔ بات نہیں کرے گا مگر وہ اسے منا لیں گی۔ وہ ہمیشہ اسے منا لیتی تھیں۔ جب بھی اس کا چہرہ ہاتھوں میں لیتی تھیں، اس کا نام لیتی تھیں۔ اس کا ہاتھ پکڑتی تھیں تو وہ اپنی تمام تر خفگی کے باوجود نرم پڑ جاتا تھا۔ وہ ان سے زیادہ دیر ناراض نہیں رہ سکتا تھا۔ وہ خیالوں میں سب ترتیب دیتی جا رہی تھیں۔ سب اچھا اور پہلے جیسا کرنے کا سوچ رہی تھیں۔ مگر ہمیشہ ویسا تو نہیں ہوتا جیسا آپ سوچتے ہیں۔ جیسا آپ چاہتے ہیں۔

جمیلہ داؤد کے ساتھ بھی یہی معاملہ پیش آنے والا تھا۔ ان کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ پاکستان پہنچنے تک انہیں کتنی بری خبر ملنے والی ہے۔

☆......☆......☆

مجھے سنو!
جیسے کوئی بارش کو سنتا ہے
سال گزر جاتے ہیں
اور لمحے پلٹ آتے ہیں

کیا اگلے کمرے میں قدموں کی چاپ سنتی ہو؟
وہ جو یہاں نہیں اور وہاں بھی نہیں ہیں
سنو!
تم انہیں کسی اور زمانے میں سنتی ہو
جو ہے نہ گزرے کل کا
نہ آنے والے کا
جو ہے تو صرف ابھی،
ہاں ابھی کا
مجھے سنو!
جیسے کوئی بارش کو سنتا ہے

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya

☆......☆......☆

اس کے حواس کچھ بیدار ہوئے تو درد کا احساس ہوا۔ خون سے آدھا چہرہ تر ہو رہا تھا۔ آنکھیں نہیں کھل رہی تھیں۔

قدموں کی آہٹ کے ساتھ ہی مخصوص دھن کی آواز سماعت سے ٹکرائی۔ لبوں کو گول کر کے وہ جانے کب سے گنگنا رہا تھا۔

بالوں سے پکڑ کر سر اٹھایا۔ اب وہ اس کا چہرہ دیکھنا چاہتا تھا۔ کپڑا ہٹا دیا۔ چندھیا دینے والی روشنی آنکھوں کو چیرتی ہوئی محسوس ہوئی۔ کمرہ تاریک تھا، سر گھوما ہوا۔ چوٹ گہری۔ اس نے کس قدر کوشش سے سر اٹھانے کی سعی کی۔ ہاتھ بندھے ہوئے تھے، فرش ٹھنڈا تھا۔ ٹانگیں بے جان معلوم ہوتی تھیں۔ بمشکل سانس لیتے اس نے اس درد کو سہا جو سر کے پچھلے حصے سے اٹھ رہا تھا۔

"یہ حماد تو نہیں ہے!" کرخت، بھاری آواز۔

"گاڑی میں یہی لڑکا تھا صاحب!"

کسی کو گھونسا پڑا تھا۔

"مجھے معاف کر دیں صاحب! غلطی ہو گئی! بہت بڑی غلطی ہو گئی۔"

تاریک کوٹھری میں کوئی اور بھی تھا۔ گھٹنوں کے بل گرتا، کچھ روتا، گڑگڑاتا ہوا۔ آواز پہچانی ہوئی سی لگی۔ اس نے ایک بار پھر پلکیں جھپکائیں۔ ایک بار پھر دیکھنے کی سعی کی۔ منظر دھندلا تھا۔

سانس لیتے کروٹ بدلی۔ ہاتھوں کو جنبش دی۔ داہنے کندھے اور گردن سے سینے تک کا حصہ درد کی لپیٹ میں آ گیا۔ اسے گاڑی کا ٹکراؤ یاد آیا۔ فائرنگ کی آواز پھر سے سنائی دی، شیشے ایک بار پھر ٹوٹے تھے۔ وجود میں کھپتے محسوس ہوئے تھے۔

"صاحب! حماد شیرازی اسی گاڑی میں تھا، میں یقین سے کہہ رہا ہوں۔ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔" آواز گھٹ گئی۔ گردن کسی آہنی شکنجے میں آ گئی تھی۔

"تمہیں کچھ اندازہ بھی ہے، تمہاری اس غلطی نے میرے لیے کتنا بڑا مسئلہ کھڑا کر دیا ہے؟"

"صاحب! معاف کر دیجیے۔" یہ دوسری آواز تھی۔

لب بھینچ کر اس نے ایک بار پھر سر اٹھایا۔ دھند لمحے بھر کے لیے چھٹ گئی تھی۔ نڈھال آنکھوں نے وہ چہرہ دیکھا۔ آغا علی کا دست راست۔ اعظم شیرازی کے خاص ترین آدمیوں میں سے ایک تھا وہ۔ روتا، گڑگڑاتا، اپنی زندگی کی بھیک مانگتا ہوا، پستول کی نوک اس کی کنپٹی کے ساتھ لگی تھی۔

دھندلی سی یادداشت میں کوئی بھولا بسرا منظر تمام تر اذیتوں کے ساتھ واضح ہوا۔

"آپ کی جیپ کہاں ہے؟" اس نے پوچھا تھا۔

"خراب ہے، مکینک کو ٹھیک کرنے کے لیے دی ہے۔ کچھ دن لگ جائیں گے۔" آغا علی کہہ رہا تھا۔

https://novelskiduniya.com/

کار ایکسیڈنٹ سے پہلے، روانگی کے وقت دوسری شاہراہ پر اس نے جیپ دیکھی تھی۔ جیپ میں حماد تھا۔ اس کی گاڑی بدلی گئی تھی۔ اسے بحفاظت کہیں پہنچانے کے لیے اس کی زندگی داؤ پر لگائی گئی تھی۔ اسے صدمہ ہوا، مگر غلط صدمہ ہوا۔ اس کی زندگی اہم نہیں تھی۔ اس کے ساتھ ایسا کیا سکتا تھا۔

اس نے ایک بار پھر درد کی لہر کو دباتے ہوئے اٹھنے کی کوشش کی اور ایک بار پھر منہ کے بل گرا۔ سر کا درد ایک دم سے بڑھ گیا۔ حلق سے کراہ نکل گئی۔

اس شخص نے مڑ کر پیچھے دیکھا۔ وہ فارس وجدان کے عین سامنے پنجوں کے بل بیٹھ گیا۔ آنکھوں میں غصہ تھا، نقاب میں لپٹا چہرہ اور تاثرات متحمل سے تھے۔

بالوں سے پکڑ کر اس کا سر اٹھایا۔

"یہ کون ہے؟" وہ اب اسے بغور دیکھ رہا تھا۔ فارس کی پیشانی سے خون کی دھار کان اور پھر گردن سے اس کی سفید شرٹ کو مزید رنگنے لگی۔

"صاحب! اعظم صاحب کے ملازم کا بیٹا ہے۔" عقب میں عبدل نے جھکے سر کے ساتھ کانپتی آواز میں کہا تھا۔

"ملازم کا بیٹا؟" استفہامیہ نگاہوں سے اس نے فارس کا چہرہ، پھر شرٹ کا کالر، سویٹر، جینز اور جوتے دیکھے۔

"ملازموں کے بیٹے کیا اس طرح برانڈڈ کپڑے پہنتے ہیں؟" استہزائیہ انداز میں کہتے اب کے اس نے عبدل کو دیکھا۔ داہنے ہاتھ سے اپنے پسٹل کی نوک سے سر کھجایا۔

عبدل نے گھبرا کر فارس کو دیکھا پھر گرتا پڑتا نقاب پوش کے سامنے جھک گیا۔ اب وہ اپنی سوچ اور فہم کے مطابق جو کچھ اس کے بارے میں جانتا تھا، بتاتا جا رہا تھا۔

"انٹرسٹنگ!" پوری بات سن لینے کے بعد وہ اسے چھوڑ کر اٹھ گیا۔ عبدل سر جھکاتا مؤدب سا

پیچھے ہو کر اپنے قدموں پر کھڑا ہو گیا۔

"تو تم مجھے یہ بتانا چاہتے ہو کہ یہ کسی وجدان کا بیٹا ہے جو کہ اعظم شیرازی کا آدمی تھا؟"

"جی صاحب!"

"کبھی ملے ہو اس سے؟"

"جی؟" چونک کر سر اٹھایا۔

"وجدان سے ملے ہو کبھی؟ تم کافی عرصے سے کام کر رہے ہو۔ اعظم شیرازی کے ہر آدمی کو تم سے بہتر اور کون جان سکتا ہے؟"

عبدل نے کچھ ہکلا کر اسے دیکھا۔ وہ کسی "وجدان" سے کبھی نہیں ملا تھا۔ خشک لبوں کو تر کرتے اس کی نگاہ فارس پہ گئی۔ جس کی بوجھل آنکھوں میں شاک اور صدمہ اترا ہوا تھا۔ خوف اور وحشت ٹھہری ہوئی تھی۔

جانے ان آنکھوں میں کیا تھا کہ وہ لمحے بھر کے لیے اپنی جگہ ٹھہر سا گیا۔ وہ اس کے سب سے چھوٹے بیٹے کا ہم عمر تھا جسے بچانے کے لیے اسے مجبوراً یہ سب کرنا پڑا تھا۔

"جی...... جی صاحب! جانتا ہوں اسے۔"

"ٹھیک ہے، کافی ہے اتنا۔" ہاتھ اٹھا کر اسے روک دیا۔

عبدل ایک سہمی ہوئی سی نگاہ فارس پر ڈالتا کچھ پریشانی سے چپ ہو گیا۔

نقاب پوش پنجوں کے بل بیٹھا اب اسے دیکھ رہا تھا۔ اس کی کھوجتی پرکھتی آنکھوں میں عجیب سا تاثر نظر آ رہا تھا۔ وہ اسے جانچتے ہوئے جیسے اس کی اہمیت کا اندازہ لگانے کی کوشش کر رہا تھا۔ وہ اس کی ذات میں اعظم شیرازی کی کوئی کمزوری ڈھونڈنا چاہ رہا تھا۔ ایک مردہ ملازم کا بیٹا بھلا ان کے کس کام آ سکتا تھا؟ وہ اس کے ذریعے کیا پا سکتے تھے؟ ایسا کون سا دباؤ تھا جو وہ اعظم شیرازی پر ڈال سکتے تھے؟ خونی

رشتہ ہوتا تو الگ بات تھی مگر وہ تو کچھ بھی نہ تھا۔

''تو تمھارے مالک نے تمہیں ہمارے آگے ڈال دیا تا کہ وہ اپنے پوتے کو بچا سکے۔'' وہ کافی دیر تک ہنستا رہا۔اس کے غم پر، دکھ پر، صدمے پر بے خبر ہو کر ہنستا رہا۔'' وہ مجھے ہمیشہ حیران کرتا ہے، مگر اس بار......نا قابلِ یقین!''

بمشکل سانس لیتے فارس نے لب بھینچ لیے تھے۔

''تو اب.....تمہارا کیا کریں؟'' چمکتی سلگتی آنکھیں اس کے چہرے پر جم گئیں۔''تم ہی بتا دو لڑکے۔اب ہم کیا کریں؟'' اس کا انداز استہزائیہ تھا۔''اب تو تمہارا باپ بھی زندہ نہیں ہے جو تمہارے بڑے صاحب کے پاؤں پکڑ کر منت کرے کہ میرے بیٹے کو بچا لو۔''

کوئی شے اس کے دل کے آر پار ہوئی تھی۔کوئی زخم پھر سے ہرا ہوا تھا۔

''بھئی، ایسا کچھ ہو جاتا تو ہمارے وارے نیارے ہو جاتے۔یہ جو ہم نے اتنی محنت کی ہے۔اس کے بدلے بھاری تاوان وصول کرتے۔کیوں ٹھیک کہہ رہا ہوں نا میں؟'' گردن موڑ کر اپنے آدمیوں سے تصدیق چاہی۔انہوں نے کچھ خفیف ہو کر شرمندگی سے سر جھکا لیے تھے۔جانتے تھے کہ ان کے ''مالک'' کو پیسوں کی تو سرے سے کوئی کمی ہی نہیں تھی۔

اپنے کپکپاتے ہاتھوں کو بھینچ کر فارس نے خشک پڑتے لبوں کو دبایا۔اس کی آنکھیں مکمل بھر گئی تھیں۔اس کے نیم کھلے لب کپکپا رہے تھے۔وجود بے جان اور ٹھنڈا پڑ رہا تھا۔مگر وہ پورے ہوش و حواس میں اسے دیکھ رہا تھا۔اسے سن رہا تھا۔

''بھئی......ایسے نہیں دیکھو مجھے۔ترس آ جائے گا تو میں ایک گولی سے ہی تمہارا کام تمام کر دوں گا۔''

اس کی سسکیاں سینے میں تھیں اور وہ باوجود کوشش کے بھی انہیں دبا نہیں سکا۔

''ارے تم تو رو رہے ہو؟'' وہ قہقہہ لگا کر ہنس دیا۔''تمہیں لگ رہا تھا، تمہارا صاحب اگر تمہیں

اتنے مہنگے اسکول میں پڑھنے بھیجتا ہے، یا تمہیں یہ مہنگے کپڑے پہننے کو دیتا ہے تو اس کا مطلب ہے تمہاری پروا کرتا ہوگا؟"

وہ اس کے سامنے جم کر بیٹھ گیا۔ چہرے سے نقاب بھی ہٹا دیا۔ نیم تاریکی میں اس کے خدوخال کچھ مبہم، کچھ دھندلے سے تھے۔

اسے اس معصوم لڑکے کی بے وقوفانہ سوچ پر ہنسی آ رہی تھی۔ کتنا بڑا صدمہ تھا ایک نوکر کے لیے کہ مالک نے اسے چارے کے طور پر کسی کے آگے ڈال دیا تا کہ وہ خود سے جڑے رشتوں کو محفوظ رکھ سکے۔

"تمہیں ایک پتے کی بات بتاتا ہوں۔ ہم لوگ اکثر ایسا کرتے ہیں۔ خوب پیسہ لگاتے ہیں، اہمیت دیتے ہیں، اعتماد جیتتے ہیں اور پھر جب وقت آجائے تو......" ہاتھ پھیلا کر، ابرو اٹھاتے چٹکی بجائی۔ "اپنے فائدے کے لیے قربان کر دیتے ہیں۔ جیسے کہ تم...... کافی انویسٹ کیا ہوگا انہوں نے تم پر۔ کیونکہ اگر گاڑی میں تم نہ ہوتے تو حماد کی جلی ہوئی لاش ملتی اسے۔"

آخری جملے میں اس کا لہجہ کافی سے زیادہ سرد ہو چکا تھا۔ اس کے اندر بہت غصہ اور بے انتہا نفرت بھری ہوئی تھی۔ کوئی پرانی مخاصمت تھی۔ کوئی عداوت، یا انتقام۔ اس کا رویہ، اس کے ارادے، اس کی تمام پلاننگز یہی بتلاتی تھیں۔ وہ اپنی ناکامی پر مشتعل ہو رہا تھا۔ بس نہیں چل رہا تھا وہ اعظم شیرازی کے اس ملازم لڑکے کو ابھی کے ابھی جان سے مار ڈالے۔

اس نے اپنی پسٹل کی نالی فارس کی پیشانی سے ٹکا دی۔

خیال تھا وہ جس خوف میں ہے تو اپنی زندگی کی بھیک مانگتے ہوئے روئے گا، گڑگڑائے گا، مگر اس نے لب بھینچ کر آنکھیں بند کر کے، اپنا سر جھکا کر اسے حیران کر دیا۔ وہ لڑکا مرنے کے لیے مکمل تیار بیٹھا تھا۔

"جیسا مالک ہے، ملازم بھی ویسے ہیں۔" گردن سے دبوچ کر اس نے ٹریگر پر ذرا سا دباؤ بڑھایا۔ عبدل نے کچھ بے قراری سے پہلو بدل لیا۔

گن کچھ دیر تک اس کی کنپٹی سے لگی رہی۔ پھر اس نے ہٹالی۔

''ایسے نہیں اور اتنی آسانی سے بھی نہیں۔'' بڑبڑاتے ہوئے اٹھ گیا۔ پھر اپنے آدمی کی طرف مڑا۔''شیر دل سے کہو، اس لڑکے کو لے جائے!''

عبدل کی پیشانی پسینے سے تر ہوئی تھی۔ وہ پشت پر ہاتھ باندھے کھڑا تھا۔ مگر ہاتھوں میں کپکپاہٹ واضح ہو رہی تھی۔ شیر دل کون تھا اور کیا کام کرتا تھا یہ حقیقت اس سے چھپی ہوئی نہیں تھی۔

''اور ہاں!'' رک کر مڑا۔''اس سے کہنا لاش ہم اعظم شیرازی کو ہی بھیجیں گے۔ اسے پتا چلنا چاہیے اگر حماد ہمارے ساتھ آ جاتا تو ہم اس کا کیا حشر کرتے۔'' کہہ کر لمبے لمبے ڈگ بھرتا وہ باہر نکل گیا۔ کوٹھری کا دروازہ بند ہوا تو تاریکی ہر سو پھیل گئی۔ فرش سے، دیواروں سے فارس وجدان کے اندر تک آ گئی۔

نم ساکت آنکھوں میں ویرانی لیے وہ متوحش سا اپنی جگہ بیٹھا رہ گیا تھا۔

باہر تالا لگنے کی آواز کے ساتھ قدموں کی چاپ ابھری۔ دو لوگ آپس میں مخاطب تھے۔ مخصوص دھن کی وہ آواز اب دور ہوتی جا رہی تھی۔ یکا یک فائر کی آواز گونجی۔ سیڑھیوں کے اوپر سے کوئی لڑھکتا ہوا نیچے آ گرا تھا۔ نقاب پوش نے گہری سانس لے کر اپنی پسٹل کی نالی سے ایک بار پھر سر کو چھوا۔''کتنی بار کہا ہے غلطی نہیں ہونی چاہیے! نہیں ہونی چاہیے! نہیں ہونی چاہیے! مگر یہ سمجھتے نہیں۔'' آہنی گیٹ زور سے بند کرتا وہ نظروں سے اوجھل ہو گیا تھا۔

☆......☆......☆

صبح صبح ناشتے سے فارغ ہو کر جنت بھاگتی ہوئی شیرازی مینشن پہنچ گئی۔ مدحت سے معلوم ہوا فارس تو صبح دس بجے جا چکا ہے۔ اس کے ننھے سے دل کو صدمہ سا پہنچا۔ رونی صورت بنائے ڈاکٹر مصطفیٰ کے پاس گئی اور سسکیاں لے لے کر بتایا کہ اس پر کتنا ظلم ہو گیا تھا۔

''جنہ! وہ آپ سے کل شام کو مل کر تو گیا تھا۔'' انہوں نے اس کے آنسو پونچھتے، پیار کرتے یاد دلایا۔ وہ اس کے اس طرح ایموشنل ہونے پر حیران تھے۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

''کل شام ملا تھا۔ صبح بھی تو ملنا چاہیے تھا۔''

اس کا سرخ چہرہ اور بھری ہوئی آنکھیں دیکھ کر وہ مسکراہٹ ضبط کرتے نرم پڑے۔

''ہاں واقعی! بہت غلط کیا ہے اس نے۔ مل کر جانا چاہیے تھا اسے۔''

''اللہ حافظ بھی بولنا چاہیے تھا اس کو۔ ہاتھ بھی ہلانا چاہیے تھا۔''

''بالکل!'' تائید میں سر ہلایا۔

''آپ اس کو ڈانٹیں گے نا؟''

''ضرور ڈانٹوں گا اسے۔ بھئی ایسے کیسے کر سکتا ہے وہ؟''

سلیم نے اپنے سر پر ہاتھ مارا۔ اگر ان کی جنہ کو چیونٹی کے گھر سے بھی کوئی مسئلہ ملے گا تو وہ نکال لائے گی۔

وہ آنکھیں رگڑتی اپنے دوستوں کے پاس باہر چلی گئی۔ ان کو پوری بات بتائی۔

اس کے تمام بیسٹ فرینڈز، مونی، کاکا، ٹیپو اور شاکا......سب کا خیال تھا، فارس نے بہت غلط کیا تھا۔ صبح سویرے ملے بغیر چلا گیا۔ دوست بھلا ایسے کرتے ہیں؟

''اب جب وہ آئے گا تو ہم اس سے بات نہیں کریں گے۔'' ٹیپو نے سب کو بڑی سمجھداری سے تلقین کی۔

وہ اب اس بڑی گھنی مونچھوں والے ڈراؤنے انکل کے پاس کھڑے اپنی خفیہ میٹنگ کر رہے تھے جو باغ والے دروازے کی رکھوالی کرتا تھا۔

''اس کے ساتھ باغ میں بھی نہیں جائیں گے اور اس کو مچھلیاں بھی نہیں دکھائیں گے۔'' کاکا نے ننھا سا مکا بنا کر فضا میں لہرایا۔

جنت لب بھینچے، آنکھیں رگڑ رگڑ کر صاف کر رہی تھی۔ ڈراؤنے انکل نے جیب سے رومال نکال

کر دیا تو بڑی نزاکت سے لے لیا۔

ڈراؤنے انکل نے کچھ دیر پہلے انہیں اندر بھی جانے دیا تھا۔

''ڈراؤنے انکل بہت اچھے تھے!''

گن کو کندھے سے لگائے وہ چوکیدار اکتایا ہوا سا کھڑا تھا۔

صبر کا امتحان تھے یہ بچے۔ اتنی باتیں اور اتنے سوال کرتے تھے۔ اللہ کی پناہ!

''فارس کب گیا تھا؟ کیسے گیا تھا؟ کس گاڑی میں گیا تھا؟ اور اتنی صبح کیوں گیا تھا؟ ان سے ملنے کیوں نہیں آیا تھا؟''

https://novelskidunya.com/

اور اس گھنگھریالے سرخ بالوں والے ٹیپو نے تو حد کر دی۔ ''آپ اس کو روک لیتے کہ تمہارے فرینڈز آئیں گے، ان سے مل کر جانا۔ آپ نے اس کو کیوں نہیں روکا۔''

ڈراؤنے انکل کا دل چاہا وہ اپنا سر پیٹ لے۔

پتا نہیں اس کے بڑے صاحب نے اس دروازے پر اس کی ڈیوٹی کیوں لگا دی تھی؟ نہ یہاں کوئی خطرہ تھا نہ یہاں کوئی آتا جاتا تھا۔ ماسوائے ان بچوں کے۔

کتنا شوق تھا اسے کہ وہ شیرازی مینشن کے بیرونی گیٹ پر رکھوالی کرے۔

سرد آہ بھر کے پھر اس ٹولے کو دیکھا۔ جو اپنی دوست کو دلاسا دیتے اب وہاں سے جا رہے تھے۔ سکھ بھری سانس لے کر رہ گیا۔

''کاش! اس کے صاحب دروازہ پورا بند کر دیں تو ٹینشن ہی باقی نہ رہے۔''

اسے نہیں پتا تھا ایسا ہونے والا تھا۔

ایسا سچ مچ میں ہونے والا تھا۔

☆......☆......☆

آغا علی کو اسلام آباد گئے ہوئے دو دن ہو چکے تھے اور وہ ابھی تک واپس نہیں آیا تھا۔

مدحت کے لیے آغا علی کا شیرازی مینشن سے دور رہنا پریشانی اور اچنبھے کا باعث تھا۔ ایسا پہلے کبھی نہیں ہوا تھا کہ وہ اس طرح غیر حاضر رہے ہوں یا فون پر اپنی خیریت کی اطلاع نہ پہنچائی ہو۔ ان کی روٹین ملف تھی۔ وہ جانتی تھی۔ اس بات کا بھی علم تھا کہ حماد شیرازی کی آمد کے بعد سے حفاظتی اقدام میں اضافہ ہوا تھا اور خطرات کے پیش نظر اعظم شیرازی نے انہیں نئی ذمہ داریاں سونپ دی تھیں۔ ایسا پہلے بھی کئی بار ہو چکا تھا مگر اب کی بار جب ان کی طرف سے کوئی خبر موصول نہ ہوئی تو اسے فکر ہونے لگی۔

اس نے صادق خان سے آغا علی کے بارے میں پوچھا۔ خبر ملی وہ اسلام آباد میں تھا۔ خبر یہ بھی ملی کہ اعظم شیرازی آج شام کی فلائٹ سے واپس آ رہے تھے۔ وہ ایک دم سے حیران ہوئی۔ اعظم شیرازی چار دن پہلے ہی جرمنی روانہ ہوئے تھے اور اب اس طرح ان کی اچانک واپسی نے اسے اچنبھے میں مبتلا کر دیا تھا۔ جانے کیا معاملہ تھا۔ اسے ایک دم سے کسی انہونی کا احساس ہوا۔

"سب خیریت ہے؟" وہ پوچھے بنا نہ رہ سکی۔

صادق خان نے مڑ کر اسے دیکھا۔ گاڑی میں کچھ ضروری سامان رکھا جا چکا تھا۔ اپنی بندوق سنبھالتے اس نے سر ہلایا۔

"ہاں، سب خیر ہے! ہم آغا علی سے رابطہ ہونے پر تم کو بتا دے گا۔"

کہہ کر گاڑی میں سوار ہو گیا۔ اس نے جیپ کو بیرونی دروازے سے باہر نکلتے دیکھا، پھر گہری سانس لے کر پلٹ گئی۔

☆......☆......☆

وہ دیوار کے سہارے بے حس و حرکت پڑا تھا۔ لب باہم پیوست، اور آنکھیں ساکت تھیں۔ چہرے پر تکلیف دہ تاثرات نمایاں ہو رہے تھے، سانس لینے میں دشواری آ رہی تھی۔

پلکیں جھپکاتے وہ کس قدر کوشش سے اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔ تاریکی میں اپنے آس پاس زندگی کو کھوجنے لگا تھا۔ موت کی سرگوشی میں، وحشت کے سناٹے تھے۔ اندھیرے تھے اور بے انتہا اندھیرے تھے کہ ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نہیں دیتا تھا۔ وہ ساکت بیٹھا تھا۔ فقط سانسوں کا زیر و بم تھا اور دل کی دھڑکن تھی جو زندگی کا احساس دلاتی تھی۔ دماغ ماؤف...... سوچ جامد...... درد ساکت...... اذیت مجسمہ کر رہی تھی۔

وہ ساڑھے چودہ سال کا تھا۔ اس سے پہلے بھی اس نے بہت سی وحشت بھری راتیں کاٹی تھیں۔ اس وقت جب ہارون اسے چھوڑ کر گیا تھا اور اس وقت بھی جب اسے ہاسٹل میں شفٹ کر دیا گیا تھا۔ ہاں! ایسی ہی خوف بھری، وحشت ناک راتیں کئی بار زندگی میں آئی تھیں مگر تب وہ آنکھیں کھولتا تھا تو ہر ایک شئے کو ہیئت ملتی تھی، چاند نظر آتا تھا۔ آوازیں سنائی دیتی تھیں مگر اب ایسا کچھ نہ تھا۔ اسے گمان ہوا اس کی سماعت کام نہیں کر رہی۔ اس کی بینائی ختم ہو چکی ہے۔ متوحش ہو کر اٹھنے کی کوشش کی مگر اٹھ نہ سکا۔ لبوں کو جنبش دی تو آواز حلق سے نہ نکلی۔ نیم کھلی آنکھیں بھیگ گئیں۔

https://novelskidunya.com/

ہر زخم کی ایک ٹیس تھی۔ ہر درد کا ایک مصدر تھا۔ اسے ہارون شیرازی اور آرزو جہانگیر کا خیال آیا۔

اس کی ماں اس وقت کسی مشہور برانڈ کے خوب صورت کپڑوں میں ملبوس ریمپ پر جلوہ افروز ہو رہی ہوگی۔ یا کسی مشہور با اثر فیشن میگزین کے لیے اس کا فوٹو شوٹ ہو رہا ہوگا۔ وہ اس کی حالت سے قطعی بے خبر اس وقت کسی انٹرویو میں ہنستے مسکراتے اپنی کامیابیوں کے گن گا رہی ہوگی۔

اس کا باپ امریکا میں شیرازی انٹر پرائزز کی کسی برانچ میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ساتھ میٹنگ اٹینڈ کر رہا ہوگا۔ یا کسی فائیو اسٹار ہوٹل میں کچھ کاروباری شخصیات کے ساتھ اس کی ڈیل ہو رہی ہوگی۔ بے تحاشا پیسہ، کامیابی اور اپنی مضبوط پہچان اس کا مقصد ہو چکی تھی۔

اور جمیلہ دادو اپنے بیٹے حماد کے ساتھ خوشیوں بھری ساعتوں میں مگن ہوں گی۔

اس وقت اپنی زندگیوں میں مصروف اس کے خونی رشتوں میں سے کسی کو بھی اس کا خیال نہیں آ

رہا ہوگا۔انہیں تو اب تک وہ یاد بھی نہیں رہا ہوگا۔

ہر منظر خود سے بنتا تھا اور تاریک آنکھوں میں سما جاتا تھا۔ ہر رشتے کی اپنی ایک کہانی تھی۔ اور اس کہانی میں اس کا نام ونشان تک نہ تھا۔ ایک غیر ضروری کردار۔ ایک اضافی بوجھ جسے وہ بہت پہلے ہی مار چکے تھے۔

نہ ہارون شیرازی کی زندگی رکی تھی، نہ آرزو جہانگیر نے پلٹ کر خبر لی تھی۔ وہ ان کے لیے تو "زندہ" تھا ہی نہیں تو پھر انہیں خیال آتا بھی تو کس لیے؟ احساس ہوتا بھی تو کیوں؟ یاد آتی بھی تو کس وجہ سے؟ صرف پانچ سال ہی تو گزارے تھے اس نے۔ صرف پانچ سال ہی تو زندہ رہا تھا وہ ان کے لیے۔

سکون، خوشیوں بھرے پل، امید بھری باتیں، ہنسی اور مسکراہٹ بھرے لمحے مٹنے لگے۔ تاریکی اندر تک چھانے لگی۔

اسے جمیلہ داؤد یاد آئیں، ڈاکٹر مصطفیٰ یاد آئے۔ ان بچوں کا خیال آیا جو اس کے آگے پیچھے پھرتے تھے، شور کرتے تھے، بہت زیادہ ہنستے تھے۔ بولتے تھے، مسکراتے تھے۔ اسے جنت سے کیا ہوا اپنا وعدہ یاد آیا۔

"پھر ہم پارک جائیں گے اور پہاڑوں پر بھی چڑھیں گے۔ اور وہاں دور تک جائیں گے۔"

اس کا چہرہ جذبات کی حدت سے سرخ پڑنے لگا۔ اس کے ساکت لبوں پر لرزہ طاری ہوا۔ وہ سسک پڑا۔ پھر رونے لگا۔ روتے روتے ہچکیاں بندھ گئیں۔ اس نے وہ تمام منظر دیکھے، تمام رنگ، اور پھول، سبزہ اور ہریالی، اونچے پہاڑ اور ندیاں بھی دیکھیں۔ اس نے تصور ہی تصور میں ہر وادی چھان لی۔ ہر پھول چن لیا۔

"بہت سارا گھومیں پھریں گے۔ مونی، کاکا، میں اور ٹیپو۔ اور تم اور...... اور سلیم...... ہم سلیم کو نہیں لے کر جائیں گے۔ وہ بابا سے میری شکایتیں لگاتا ہے۔"

''ٹھیک ہے۔'' اس کے لب ہلے۔''ہم سلیم کو لے کر نہیں جائیں گے۔'' اس نے کہا۔ اور کہتے ہوئے سر جھکا گیا۔ وہ ان چار دنوں میں ایک بار بھی نہیں رویا تھا۔ اب رو رہا تھا۔ شدت سے رو رہا تھا۔ آواز لرز کر، دیواروں سے ٹکرا کر واپس اس کی طرف پلٹ رہی تھی۔

اسے بچوں کے ساتھ دوستی نہیں کرنی چاہیے تھی۔ اسے جنت کے ساتھ وقت نہیں گزارنا چاہیے تھا۔ وہ جب بھی خوش ہوتا ہے، کچھ نہ کچھ ہو جاتا ہے۔ خواب دیکھتا ہے تو خواب ٹوٹتا ہے۔ امید سوچتا ہے تو امید کاٹتی ہے۔ یقیناً یہ سزا تھی۔ بہت بڑی سزا تھی۔ ہنسنے کی، مسکرانے کی سزا تھی۔

اس کی ہمت، سکت اور حوصلہ ختم ہو رہا تھا۔ وہ اعتماد جو گزشتہ تین سالوں میں بحال ہوا تھا وہ ریزہ ریزہ ہو کر بکھر رہا تھا۔ بھروسا، یقین، زندگی، مسکراہٹ، خوشیاں...... وہ ہر ایک احساس سے ماورا ہونے لگا۔ صرف غم تھے جو رہ گئے، صرف دکھ تھے جو ٹھہر گئے۔

اسے ایک دم سے ہر شے سے، ہر ایک رشتے، ہر ایک یاد سے خوف آنے لگا۔ ہر اس آواز سے جو اس سناٹے میں اس کے آس پاس گونجنے لگی تھی۔ ہر وہ بات جواب اسے یاد آنے لگی تھی۔

''تم آرزو کے بیٹے ہو۔ تمہاری اوقات یہی تھی کہ تمہیں کچرے کے ڈھیر پر پھینک دیا جاتا۔''

اور اسے پھینک دیا گیا تھا۔

وہ کم عمر تھا، اعصاب کی مضبوطی بھی بس ایک حد تک تھی۔ اتنا مضبوط نہیں تھا کہ بہادری دکھا سکتا۔ یا کوئی امید جگا سکتا۔

بار بار کچھ چہرے آنکھوں میں آ رہے تھے، چنگھاڑتی آواز تھی۔ موت کا پیغام تھا۔

اس کی ریڑھ کی ہڈی میں سرد لہر دوڑی تھی۔ جسم کا روم روم کانپ اٹھا تھا۔ اندھیرا، اور موت۔ موت اندھیرے میں ڈھل گئی تھی۔ کوٹھری قبر ہو گئی تھی۔

دماغ سن ہونے لگا۔ رگ و پے میں خوف سرایت کر چکا تھا۔

"مجھے...... مجھے نکالو یہاں سے۔" وہ ایک دم سے متوحش ہو کر چیخا۔ اور کافی دیر تک چیختا رہا۔ آواز راہداریوں سے ہو کر واپس پلٹ آئی تھی۔ اسے کیسے پکارنا چاہیے، کسے آواز دینی چاہیے۔ کسی کی منت کرنی چاہیے۔ کون تھا جو اسے بچا سکتا تھا؟ یہاں سے زندہ سلامت نکال سکتا تھا؟

اسی اذیت میں اس کا دماغ ایک بار پھر غنودگی میں چلا گیا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

"فارس کا فون نمبر ہے؟"

وہ صبح سویرے، اسکول جانے سے پہلے اپنے دوستوں کے ساتھ اس سے یہ پوچھنے آئی تھی۔ مدحت مسکرا کر رہ گئی۔ اسکول یونیفارم اور دو پونیوں کے ساتھ۔ نکھرا نکھرا سا چہرہ، بیگ اور دوسرے ہاتھ میں پانی کی بوتل تھی۔ آنکھوں میں اشتیاق ٹھہرا تھا۔

"نہیں، اس کا کوئی فون نمبر نہیں ہے۔" پنجوں کے بل بیٹھ کر اس کی پونیوں کو درست کیا۔ ماتھے پر برابر کٹے بالوں کو ترتیب سے بکھیرا۔ قمیص کا اوپر والا بٹن نیچے والے بٹن میں پھنسا ہوا تھا۔ انداز سے ظاہر تھا جلد بازی میں تیار شیار ہو کر وہ یہاں آئی تھی تاکہ سلیم کی نظروں سے بھی بچ سکے اور دین بھی نہ چھوٹے۔ اس کے سپاہی دوست بھی اس کے ساتھ ہی تھے۔ ٹیپو نے اسکول سے چھٹی کی تھی۔ اس کے چچا دوسرے شہر سے آئے تھے۔ کاکا بیمار تھا۔ اور ایسا بیمار تھا کہ فریش فریش سا ہنستا مسکراتا بھاگم بھاگ اس کے کہنے پر چلا آیا تھا۔ مونی البتہ اسکول کے لیے تیار ہو کر آئی تھی۔ جنت کی مدد کر کے اس نے پھر اپنے اسکول جانا تھا۔

"پھر آپ اس سے بات کیسے کرتی ہیں؟"

مدحت کچھ کہتے کہتے چپ ہو گئی۔

"میرے بابا کہتے ہیں ویک اینڈ پر اس سے ملنے جائیں گے۔ اتنے سارے دن بعد ویک اینڈ آئے گا۔"

مدحت کو احساس ہوا وہ بچی فارس کو مس کر رہی تھی۔ پچھلے دو دنوں میں یہ اس کا تیسرا چکر تھا۔ پہلے دن وہ دوپہر میں اپنا غصہ ٹھنڈا ہو جانے کے بعد یہ کنفرم کرنے آئی تھی آیا وہ واقعی جا چکا ہے یا نہیں۔ اسے جانے کیوں یہ لگ رہا تھا کہ وہ کمرے میں کہیں چھپا ہوا ہے اور اس سے ملنا نہیں چاہتا۔

مدحت نے فارس کے کمرے کا دروازہ کھول کر اسے دکھایا کہ وہ یہاں نہیں ہے۔

''وہاں ہوگا۔'' وہ شیرازی مینشن کی طرف اشارہ کر رہی تھی۔ گو کہ ملازمین کو وہاں بلا ضرورت جانے کی اجازت نہیں تھی نہ ہی بغیر اجازت کوئی صدر دروازہ عبور کر سکتا تھا مگر چونکہ وہ سرونٹس کی ہیڈ مدحت آغا تھی۔ اس کا ہاتھ تھامے اپنے ساتھ لے کر گئی۔ گھما پھرا کر پورا گھر دکھایا کہ تمہارا دوست فارس یہاں بھی نہیں ہے۔ اسے مدحت پر یقین نہیں تھا۔ آوازیں دے کر اسے بلاتے ہوئے اپنی تسلی کرتی رہی۔

''مجھے پتا ہے تم یہیں ہو، باہر آؤ۔''

مگر وہ باہر نہیں آیا تھا۔

وہ بوجھل دل کے ساتھ واپس چلی گئی۔ تیسرے دن وہ اس کا حال احوال پوچھنے آئی تھی اور مدحت گم صم اسے دیکھ کر رہ گئی۔ جانے کیا بات تھی اس بچی کا فارس کے لیے ایسا رویہ، ایسی فکر، ایسا انتظار اسے دکھی کر گیا۔

اور آج وہ اس سے فون نمبر مانگنے آئی تھی۔ فارس ہاسٹل میں رہتا ہے، روزمرہ کی بنیاد پر اس سے کوئی بات نہیں ہو سکتی۔ یہ باتیں ننھی جنہ سمجھ نہیں پا رہی تھی۔

☆......☆......☆

فارس اسے بتا کر گیا تھا وہ گرمیوں کی چھٹیوں میں ضرور آئے گا۔ اب اتنے سارے دنوں کے بعد گرمیوں کی چھٹیاں آنی تھیں۔ ''اتنا سارا'' انتظار کون کرے؟

ان چند دنوں میں جتنی ڈرائنگز اس نے بنائی تھیں، وہ اسے دکھانا چاہتی تھی۔ جو ٹیسٹ اچھے

نمبروں سے پاس کیے تھے، وہ ٹیسٹ بھی۔ اس کی کلاس ٹیچر نے گال پر اسٹار بنایا تھا۔ وہ اسٹار بھی دکھانا ضروری تھا۔ اور وہ اسٹیکر جو ہاتھ کی پشت پر لگے ہوئے تھے، وہ اسٹیکرز بھی۔ مگر وہ کیا کرتی؟

اس نے اسکول کی کینٹین سے دو چاکلیٹس خریدیں۔ ایک کھالی تھی۔ دوسری فارس کے لیے رکھ لی۔ شام تک اداس ہو کر وہ بھی کھالی۔ پھر اس بات کا غم کہ اسے فارس کے لیے رکھ لینا چاہیے تھا۔ پھر تسلی کہ کل دوسری لے لینا تھی۔ اپنا ہوم ورک کر کے پھر اپنے نانا کے پاس پہنچ گئی۔

ویک اینڈ میں پورے چار دن باقی تھے۔

"کیا ہم واقعی جائیں گے......"

"بالکل جائیں گے۔" مسکراتے ہوئے کہا۔ وہ بھی مسکرائی۔

"کیوں نا آپ اس کے لیے گفٹ پیک کریں۔ کچھ ڈرائنگز بنائیں۔"

"وہ تو میں نے بنائی ہیں۔ ابھی دکھاتی ہوں۔" بھاگ کر گئی اور سارے صفحے سمیٹ لائی۔

"یہ گھر فارس کا ہے۔ یہ میرا ہے۔ اور یہ والا آپ کا ہے بابا!"

اسے گود میں بٹھائے وہ اس کے بنائے گئے نمونے دیکھنے لگے۔ اس نے ڈرائنگ پیپر پر فارس اور اپنے نانا کے گھر ان کے قد کے حساب سے بڑے بڑے، اونچے لمبے بنا رکھے تھے۔ اپنا گھر قدرے چھوٹا رکھا تھا۔ وہ خود بھی تو چھوٹی تھی۔

"ارے الگ الگ گھر۔ ہم تینوں کو تو ایک ہی گھر کافی تھا۔"

اس نے رک کر لمحے بھر کو کچھ سوچا۔ "نہیں بابا! الگ الگ ٹھیک ہیں۔ اتنے بڑے بڑے۔ ہمارا سامان بھی تو زیادہ ہے۔ اور فارس کی اتنی ساری کتابیں ہیں۔ ایک ہی گھر میں ہوں گی تو جگہ تنگ ہو جائے گی۔" اپنی سوچ و فہم سے وضاحت دی۔

"لیکن مجھے تو الگ گھر نہیں چاہیے۔" بانہوں میں سمیٹ کر اس کا گال چوما۔ "مجھے تو اپنی جنت

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Dunya

کے ساتھ اس کے گھر میں رہنا ہے۔"

اور ان کی جنہ کو نئی فکر لگ گئی۔

"آپ میرے گھر میں پورے نہیں آؤ گے۔"

وہ ہنس دیے۔ پھر ہنستے ہی رہے۔

"میں یہ فارس کو دوں گی۔" گود سے اتر کر گوند سے جڑے صفحے دیے۔

"یہ کیا ہے؟"

کاغذ کھول کر دیکھا۔ وہ بھی گھر تھا۔ ہر تصویر میں گھر تھا، پھول تھے، درخت تھے اور پہاڑ تھا۔ پرندے تھے اور ندی تھی نیلے رنگ کی جس کا پانی پہاڑ سے سیدھا گھر کے آگے سے گزرتا تھا۔ اور نہر میں چند ایک مچھلیاں تھیں۔

ان کی مسکراہٹ سمٹ گئی۔ آنکھوں میں حزن آ گیا۔ سر اٹھا کر اپنی جنت کو دیکھا۔ وہ دوسرے صفحے الٹ رہی تھی۔ کچھ اور ڈھونڈ رہی تھی۔ آج اس نے اسکول سے بلیوں کے اسٹیکرز خریدے تھے۔ اگر فارس اصلی بلیوں سے دور بھاگتا ہے تو اسٹیکر والی بلیاں اسے اچھی لگیں گی۔ وہ اپنی دھن میں جانے اور کیا کہہ رہی تھی، کیا بتا رہی تھی مگر وہ چپ چاپ گھر ہاتھ میں لیے اسے بس دیکھے جا رہے تھے۔

"آپ فارس کو مس کر رہی ہیں؟" انہوں نے بہت نرمی سے پوچھا۔

"وہ میرا دوست ہے، دوستوں کو مس کرتے ہیں بابا۔" سمجھایا۔ وہ لاجواب ہوئے۔

"ہم روز ملنے نہیں جا سکتے؟" سارے صفحے سمیٹ کر ٹیبل پر رکھے، اپنی گردن تک کٹے اور ہیر بینڈ سے نکلتے بالوں کو کان کے پیچھے کر کے پوچھا۔ ایک ماہ پچیس دن فارس یہاں گزار کر گیا تھا۔ وہ ہر روز اسے دیکھتی تھی، ہر روز اس سے ملنے جاتی تھی۔ اس کی غیر موجودگی میں اس پر اثر پڑا تھا۔ وہ بہت اداس ہو رہی تھی۔

''نہیں، ہم صرف ایک بار جا سکتے ہیں۔بس یہ چار دن تو رہ گئے ہیں۔'' انہوں نے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے نرمی سے سمجھایا۔

اس کے لیے وہ چار دن ''بس چار دن'' نہیں تھے مگر نانا یہ بات نہیں سمجھ سکتے تھے۔وہ گود میں چڑھ کر اپنا ٹیسٹ دکھانے لگی۔اس کی کلاس کے قصے،اور دوستوں کی باتیں تھیں۔اور وہ سنتے ہوئے اس کا پورا ساتھ دے رہے تھے۔حیران کن بات پر حیران ہو رہے تھے،جو بات جنت کے لیے مزاحیہ تھی،اس پر ہنس رہے تھے۔

لمحوں میں سارے دن کی تھکن اتر گئی۔جنت ان کا سکون تھی۔وہ اس کی موجودگی میں ہر پریشانی سے مبرا ہو جاتے تھے۔

☆......☆......☆

نیم غنودگی کے عالم میں کسی نے سہارا دے کر اس کے لبوں سے پانی کا گلاس لگایا تھا۔وہ عبدل تھا،اس کی آنکھوں میں وحشت ٹھہری تھی،اس کے ہاتھ بھی کپکپا رہے تھے۔وہ اپنے لبوں کو جنبش دیتے ہوئے کچھ کہنے کی کوشش کرتا تھا مگر لفظ ادا نہ ہوتے تھے۔

''مجھے معاف کر دو، میں مجبور تھا۔بات نہ مانتا تو میرا بیٹا مارا جاتا۔مجھے نہیں پتا تھا گاڑی میں تم ہو......میں سمجھا......وہ......حماد بابو......'' کہتے کہتے رک گیا۔فارس وجدان کی نیم کھلی آنکھوں میں ابھرتا وہ بے جان سا تاثر تھا ہی ایسا۔

عبدل ایک جھٹکے سے پیچھے ہٹا اور اٹھ کر چلا گیا۔کوٹھری ایک بار پھر اندھیر ہو گئی۔اس نے اپنے گھٹنوں پر سر رکھ لیا۔آنکھیں بوجھل تھیں۔وجود زخموں سے چور اور نڈھال تھا۔جو تھوڑی بہت سکت تھی وہ چیخنے چلانے میں ختم ہو چکی تھی۔

جانے مزید کتنا وقت گزرا اسے کچھ اندازہ نہ تھا۔وہ یہ بھی نہیں جانتا تھا دن کا وقت یا رات کا

https://novelskidunya.com/

سماں تھا مگر کوٹھری کا دروازہ ایک بار پھر کھل گیا تھا۔ فلیش لائٹ ایک بار پھر چمکی تھی۔ عبدل ہاتھ میں پانی کا گلاس لیے داخل ہوا تھا۔ مڑ کر باہر دیکھتے اس نے اپنی طرف سے جیسے کسی بات کی تسلی کی تھی۔

انداز سے واضح تھا، وہ پانی کے بہانے محض اس سے بات کرنے ہی آیا ہے۔

اس نے گلاس نیچے رکھ دیا۔

اس کے پیچھے کی جانب بندھے ہوئے ہاتھوں کی رسی اس نے ڈھیلی کر دی۔

''یہ لوگ...... یہ لوگ کل شام تک تمہیں مار دیں گے۔'' کندھوں سے تھام کر اسے آگاہی دی تھی۔ ''یہ تمہاری لاش اعظم شیرازی کو بھیجیں گے۔ سن رہے ہو، میں کیا کہہ رہا ہوں؟''

اس نے سر اٹھا کر خالی نظروں سے اسے دیکھا تھا۔ پہچاننے کی کوشش کی تھی۔ وہ کیا کہہ رہا تھا، اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔

''میں دس منٹ تک پچھلی طرف کا دروازہ کھول دوں گا، پہرے دار کھانا کھانے جائے گا تو میں اسے اوپر ہی روک لوں گا۔ تم پچھلے دروازے سے باہر بھاگ جانا۔ باغ سے آگے سڑک ہے...... کسی طرح سڑک تک پہنچ جانا۔ سن رہے ہو، میں کیا کہہ رہا ہوں؟''

اسے کندھوں سے تھام کر جھنجھوڑ ڈالا کہ وہ بس کسی طرح کوئی تو جواب دے۔ مگر وہ کوئی بھی جواب نہیں دے رہا تھا۔ اس میں خود سے فرار ہونے کی کوئی سکت نہیں رہی تھی۔ سکت تھی بھی تو ہمت نہیں رہی تھی۔ وہ بے جان سا لگ رہا تھا۔ عبدل نے فیصلہ کرنے میں محض ایک لمحہ لیا۔ دوسرے ہی پل اس کے ہاتھ کھول دیے۔ اسے بازو سے پکڑ کر اٹھایا اور کھینچتے ہوئے راہداری میں لے آیا۔ اسے ساتھ لیے کچھ عجلت میں انداز اً قدم اٹھاتا آگے بڑھتا گیا۔

آگے سیڑھیاں تھیں، جس کی دوسری طرف آہنی دروازہ تھا۔ یہ دروازہ عبدل نے چابی سے کھولا تھا اور اسے کھلی فضا میں باہر دھکیلا تھا۔

"جاؤ لڑکے! بھاگو یہاں سے۔"

عقب میں نیچے کہیں آہٹ ہوئی تھی۔ گیٹ کھل گیا تھا۔ عبدل نے دروازہ کھینچ کر بند کر دیا۔

فارس ساکت اور متوحش سا اپنی جگہ کھڑا رہا۔ اسے سوچنے سمجھنے میں دشواری ہو رہی تھی۔ اسے کیا کرنا تھا، کہاں جانا تھا، کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔

آسمان مکمل طور پر بادلوں سے ڈھکا ہوا تھا۔ چاند اور ستارے چھپ گئے تھے۔ دھرتی کی تاریکی ان کی غیر موجودگی میں کچھ اور بڑھ گئی تھی۔ اسی تاریکی میں تیز ہواؤں اور بارش کی سنگت میں سنسان سی وادی میں سر اٹھائے اونچے لمبے درخت خوف کا سماں پیدا کر رہے تھے۔

عین اسی لمحے گن شاٹ کی آواز گونجی۔

"عبدل!" بند دروازے کو دیکھتے وہ الٹے قدم پیچھے ہٹا۔ اور اگلے ہی لمحے وہ گرتا پڑتا مخالف سمت، باغ کی طرف اندھا دھند بھاگتا چلا گیا۔

درختوں سے ٹکراتے، جھاڑیوں سے الجھتے، بارش میں بھیگتے کہیں ٹھوکر کھا کر گرتے، کہیں ہمت پکڑ کر اٹھتے وہ سڑک تک پہنچ گیا۔ دوسری طرف جلتی بجھتی، مبہم ہوتی نقطہ نقطہ روشنیاں تھیں۔ اطراف میں مکان تھے، آبادی تھی۔

بالکل سامنے ہی ایک دکان تھی۔ تمام تاریکیوں میں، گھروں کے دامن میں صرف وہی ایک دکان لوڈشیڈنگ سے بچی ہوئی نظر آ رہی تھی۔ دکان کا شٹر اٹھا ہوا تھا۔ فلیش لائٹس روشن تھیں۔ اندر کوئی شخص کھڑا تھا۔

وہ اس تک پہنچا تو دکاندار نے مڑ کر کچھ حیرت سے اس زخمی اور حال سے بے حال ہوتے لڑکے کو دیکھا۔ فارس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا وہ اس سے کیا کہے اور کیسے کہے۔ دماغ بالکل خالی تھا۔ آنکھوں میں وحشت سی ٹھہری ہوئی تھی۔ وہ لوگ اس جگہ سے زیادہ دوری پر نہیں تھے۔ بعید نہیں تھا کہ وہ اسے

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

ڈھونڈتے ہوئے یہاں تک آجاتے۔

''مجھے...... مجھے فون کرنا ہے۔'' اس کی آواز لرز رہی تھی۔

دکاندار اس کی حالت دیکھ کر ایک دم سے گھبراہٹ کا شکار ہوا تھا پھر اسے اندر آنے دیا۔ اپنا موبائل نکال کر اسے دیا۔ وہ بارش میں مکمل طور پر بھیگا ہوا کچھ دیر تک کھڑا رہا۔ اس کے ہاتھ کانپ رہے تھے۔ دماغ بالکل ماؤف تھا۔

''کال کیسے کرے؟'' اس کی سانسیں بھاری تھیں۔ رک کر سوچا۔ ذہن پر زور دیا۔ پھر نمبر ملانا شروع کیا...... تو نمبر بھولنے لگا۔

دکاندار منجمد سا اسے دیکھے جا رہا تھا۔

اس نے دوسری بار نمبر ملایا، پھر تیسری بار۔

رک رک کر، ذہن پر زور دے کر، یاد کر کے......

بیل جانے لگی تو اس نے ہانپتے ہوئے مڑ کر سڑک کی طرف دیکھا تھا۔ اکا دکا گاڑیاں گزر جاتی تھیں ورنہ سڑک سنسان سی نظر آتی۔

چوتھی سے پانچویں بیل پر فون اٹھا لیا گیا۔

''ہیلو!'' آواز جنت کی تھی۔ وہ کرسی پر چڑھ کر فون کان سے لگائے کھڑی تھی۔

''ہیلو!'' اس کے لب ہلے۔

''جنت!''

''آپ کون؟''

''میں...... میں...... فارس...... نانا کو فون دو۔ مجھے ان سے بات کرنی ہے۔'' اس کا ایک ایک لفظ بمشکل ادا ہوا تھا۔ گن شاٹ کی آواز جیسے سماعت میں ٹھہری ہوئی تھی۔

"فارس!" وہ ایک دم سے چیخی۔ پھر کرسی پر کھڑے کچن کی طرف منہ کیا۔ "سلیم! فارس کا فون ہے! میں نے کہا تھا نا وہ فون کرے گا۔" خوشی سے چہرہ چمک اٹھا تھا۔

برتن دھوتے ہوئے سلیم نے ایک لمبی سی سانس لی۔ یہ کوئی تیسری کال تھی جسے ریسیو کرتے اس ننھی افلاطون کا خیال تھا کہ فارس کا ہوگا۔ وہ ہاسٹل سے یہ بتانے کے لیے فون کرے گا وہ بالکل ٹھیک ہے کیونکہ اس نے مدحت کو خط دیا تھا اور خط اب تک پہنچ بھی گیا ہوگا۔

"میں نے تمہیں بہت مس کیا۔ تمہیں پتا ہے ٹیپو کی سائیکل چوری ہوگئی؟" وہ فون کورڈ کو اپنے بازو میں گھماتی وہیں بیٹھ گئی۔ "اور بابا نے کہا......"

"جنت!" اس نے فوراً سے اس کی بات کاٹی۔

"جنت! میری بات سنو۔" آواز بھیگی ہوئی تھی۔ لہجہ گلوگیر ہو رہا تھا۔ "نانا سے بات کرواؤ میری۔"

"بابا تو بزی ہیں۔ تم مجھ سے بات کرلو۔"

وہ دیوار پر ہاتھ رکھے کھڑا تھا، اپنی پیشانی بھی ٹکالی۔ "پلیز میری...... میری بات کروادو۔" وہ کتنی مشکل سے ضبط کیے کھڑا تھا، رو دیا۔ "ان سے کہو، میں اس وقت......" گردن موڑ کر سڑک کی طرف دیکھا۔ سنسان راستے اور تاریکی کو دیکھا۔ "میں...... پتا نہیں اس وقت کہاں...... ہوں!" لبوں میں جنبش ہوئی۔ آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا۔

"فارس رو رہا ہے؟" جنت اب کے حیران، پھر صحیح معنوں میں پریشان ہوئی۔ "بابا تو گھر پہ نہیں ہیں۔ تمہیں کیا ہوا؟ تم کیوں رو رہے ہو؟ تمہیں چوٹ لگی ہے؟"

"ہاں! مجھے...... چوٹ لگی ہے......"

"سلیم!" وہ کرسی سے اتر کر کچن کی طرف بھاگی۔

اس سے پہلے کہ وہ مزید کچھ کہتا، سڑک پر گاڑی کے ٹائر چرچرائے تھے۔ جھٹکے سے بریک لگائی

گئی تھی۔فون اس کے ہاتھ سے چھوٹ گیا۔وہ حواس باختگی کے عالم میں مڑا۔اس نے بارش میں کسی کو گاڑی سے نکلتے دیکھا تھا۔تیز روشنی سے آنکھیں چندھیا گئی تھیں۔اس کا وجود مکمل عیاں ہو گیا تھا۔وہ اسے دیکھ سکتے تھے۔اس تک پہنچ سکتے تھے۔

اس نے کسی کو اپنی جانب عجلت میں قدم اٹھاتے دیکھا تھا۔حواس باختگی کے عالم میں وہ دکان سے نکل کر مخالف سمت بھاگا تھا۔

سامنے ہی بائیں طرف سے آتی گاڑی کی ہیڈ لائٹس روشن ہوئی تھیں۔وہ ایک جھٹکے سے رک گیا تھا۔

''فارس!'' کوئی چیخا تھا۔فضا گولیوں کی تڑتڑاہٹ سے گونج اٹھی۔اس کے وجود کو یکے بعد دیگرے دو جھٹکے لگے۔تیسری گولی اس وجود نے کھائی جو ایک دم سے اس کے آگے آ گیا تھا۔

وہ بے جان ہو کر نیچے آ گرا۔دور کہیں پولیس سائرن کی آواز گونجی تھی۔شور ایک دم سے تیز ہوا تھا۔اس کی آنکھیں کھلی ہوئی تھیں۔مگر کچھ نظر نہیں آ رہا تھا۔وہ زندہ تھا مگر وجود بے جان پتھر ہو رہا تھا۔ہاتھ بھاری......انگلیوں کو حرکت دینا بھی مشکل تھا۔اس کی سانسیں اکھڑنے لگیں۔اس کا ذہن تاریک ہونے لگا۔

آس پاس کا شور،آوازیں تھم گئیں۔بارش رک گئی،ہر ایک شے حرکات و سکنات سے عاری منجمد پتھر ہو گئی۔

''گاڑی لاؤ......جلدی سے لاؤ۔'' کوئی چیخا تھا۔

اس کے سینے کے نیچے داہنے حصے پر دباؤ ڈالتے ہاتھ جم گئے۔وہاں جہاں گولی لگی تھی،وہاں جہاں سے خون بہہ رہا تھا۔ضائع ہو رہا تھا،ہاتھ خون سے لتھڑے گئے تھے۔

اس کا خون......ان کا خون......بارش میں ایک ہو رہا تھا۔

☆......☆......☆

اسے ایمرجنسی روم میں لے جایا گیا۔ ڈاکٹرز کا عملہ فوری طور پر متحرک ہوا تھا۔ اینستھیا لوجسٹ نے اپنی جگہ سنبھالتے windpipe میں بریتھنگ ٹیوب ڈالی۔ اسی سرعت سے دوسری نرس نے بقیہ ماندہ خون سے لتھڑے کپڑے کاٹ کر جسم سے الگ کر دیے۔ اس کی قلبی حرکات و سکنات کا جائزہ لینے کے لیے الیکٹروکارڈیوگرام سنسرز سینے سے چسپاں کر دیے گئے۔

لڑکے کے سروائیول چانسز بہت کم تھے، کافی سے زیادہ خون بہہ چکا تھا۔ چیسٹ کمپریشن شروع کیا گیا۔ کچھ سیمپلز لیے گئے، ایکس رے مشین کھینچ کر قریب کر لی گئی۔ آئی وی لائن کو اس کے بازو سے منسلک کیا گیا تاکہ خون دیا جا سکے۔

https://novelskidunya.com/

اور تب ہی اچانک اس کا دل رک گیا۔

دھڑکن ختم ہو گئی۔

خون کی کمی کے باعث اسے کارڈیک ارسٹ ہوا تھا۔

سرجن فاریہ محض ایک ثانیے کے لیے منجمد ہوئی تھیں، اگلے ہی پل انہوں نے سرجیکل ٹرے سے اسکاپل اٹھا لیا۔

ناول کی دنیا Novels Ki Duniya

انہوں نے thoracotomy پرفارم کرنے کا ارادہ کر لیا تھا۔

دل ایکسپوز کر کے انہوں نے aorta کو اس طرح سے کلیمپ کیا تاکہ وہ خون کی سرکولیشن جسم کے نچلے حصے سے منقطع کر کے اسے دماغ تک پہنچا سکیں۔ اس دوران وہ اوپن ہارٹ مساج کے ذریعے اسے revive کرنے کی کوشش کرتی رہیں جو کہ کامیاب رہی۔

ان کے اطراف میں نرس اور ریزیڈنٹس اپنے کام میں جتے رہے۔ گولی نکالتے، زخم کا معائنہ کرتے، خون روکتے، اسٹیچز لگاتے، ڈرگز ایڈمنسٹریٹ کرتے رہے۔ الیکٹروکارڈیوگرام پر ڈوبتی ابھرتی لکیریں متحرک رہیں۔

☆......☆......☆

آسمان پر کہیں بادل گرجے تھے۔ بجلی چمک کر اندھیرے میں دراڑ ڈالتی ختم ہو گئی تھی۔ بارش تیز ہو رہی تھی۔ وہ گاڑی میں بیٹھے تھے۔ چہرہ سپاٹ، آنکھوں میں سختی ٹھہری تھی۔ ان کے ہاتھ اور کپڑوں پر خون کے نشان تھے، گاڑی کی عقبی نشست پر بھی...... ڈرائیور اور گارڈ کے علاوہ، ان کے برابر میں آغا علی بیٹھا تھا۔

''میری غلطی ہے، میں نے آپ سے رابطے کی کوشش کی تھی مگر آپ سے بات نہیں ہو سکی۔ اور حماد بابو، وہ بہت زیادہ مجبور کر رہے تھے۔'' وہ رک گیا۔ ''میں نے اس دن آپ سے بات کی تھی۔ آپ نے کہا تھا، میں حماد کو جب بھی اسلام آباد لاؤں تو اپنی جیپ میں لاؤں، کوئی سیکورٹی نہیں۔'' اس کی آواز کمزور ہو رہی تھی۔

توجیہات اور دلیلیں سب دھندلی ہو رہی تھیں۔ یہ سچ تھا کہ اسے یہ قدم حماد کی وجہ سے اٹھانا پڑا تھا۔ اس میں اعظم شیرازی کی اجازت شامل نہیں تھی کہ ان سے رابطہ ممکن نہیں ہو سکتا تھا۔

شیرازی مینشن میں حماد محض تین دن تک رہا تھا۔ چوتھے دن اس کی واپسی تھی۔ اس دن جب وہ آغا علی کو فون پر شیڈول سے آگاہ کر رہے تھے تو اس نے فارس کی بابت پوچھا تھا۔ وہ ایک لمحے کے لیے رک گئے تھے۔ انہیں فارس کے معاملے میں سرے سے کوئی خطرہ نظر نہیں آیا تھا۔

''سنڈے تک گاڑی واپس آ جائے گی، تب اسے ہاسٹل ڈراپ کر دینا۔''

وہ حکم دے کر چلے گئے مگر شام تک انہوں نے منع کر دیا تھا۔ حماد شیرازی ایک ہفتے کے بعد ہی اسلام آباد جا سکتا تھا۔ خود انہیں ضروری میٹنگ کے لیے جرمنی جانا پڑا تھا۔

مگر حماد نے تو جیسے واپسی کی ضد باندھ لی تھی۔ اسے ہر صورت اسلام آباد جانا تھا اور کل ہی جانا تھا۔ مجبوراً اسے حماد کی بات ماننی پڑی تھی۔ اس سے بہت بڑی غلطی، بہت بڑی بھول ہوئی تھی۔ اسے اعظم شیرازی کا حکم ماننا چاہیے تھا۔ اگر وہ ایسا نہ کرتا تو فارس وجدان کی زندگی اس طرح خطرے میں نہ آتی۔

''مجھے معاف کر دیں صاحب! یہ...... یہ میری غلطی ہے۔'' آغا علی نے بہت ہی دکھ اور شرمندگی

https://novelskidunya.com/

سے ایک بار پھر اعتراف کیا تھا۔

انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ رخ موڑ کر کھڑکی سے باہر اسپتال کی عمارت کو دیکھنے لگے۔ پھر کلائی موڑ کر وقت دیکھا۔ حیدر نے گاڑی کے شیشے پر دستک دی تو انہوں نے شیشہ نیچے کر دیا۔

فارس کو آئی سی یو میں شفٹ کر دیا گیا تھا۔ thoracotomy کامیاب رہی تھی۔ گو کہ اس کے بچنے کے چانسز بہت کم تھے اور وہ ابھی بھی خطرے سے باہر نہیں تھا۔ اس نے سرجن فاریہ کے الفاظ من و عن اعظم شیرازی کو سنا دیے تھے۔

"تم جانتے ہو، اب تمہیں کیا کرنا ہے؟" انہوں نے کہا۔ اور پھر کہہ کر اپنا حکم دہرایا۔

آغا علی نے سر اٹھا کر کچھ صدمے سے اعظم شیرازی کو دیکھا۔ حیدر کے تاثرات بھی کچھ ایسے ہی تھے۔ اگلے ہی پل وہ سر ہلا کر چلا گیا تھا۔ انہوں نے گاڑی کا شیشہ بند کر دیا۔

بارش ہنوز برستی رہی۔ ان کی نگاہیں باہر، لائٹ پولز کے عکس پر جمی رہیں جو بارش کے جمع شدہ پانیوں میں جگہ جگہ منعکس ہو رہی تھیں۔

☆......☆......☆

مجھے سنو

جیسے کوئی بارش کو سنتا ہے

زمانے کے ان بھٹکتے

لڑکھڑاتے قدموں کی چاپ سنو

جہاں مکاں کے تخلیق کار کا

کہیں کوئی وجود ہی نہیں

اس بارش کو بھی تو سنو

جو چھت پہ گرے جاتی ہے
گھنے جنگل میں یہ رات
کچھ اور رات ہوئی جاتی ہے
گرجتی بجلی نے پتوں کے درمیاں
اک گھروندا بنالیا ہے
اور ایک بے قرار اجڑے باغ میں
آوارگی کی تصویر لیے
تمہارا سایہ اس صفحے پہ
اپنی پرچھائی کو پھیلاتا جارہا ہے

https://novelskidunya.com/

☆......☆......☆

اوراگلے دن ٹھیک ڈھائی بجے ایک شخص ریسیپشن پر کسی لڑکے کے بارے میں دریافت کرنے آیا تھا جسے گولی لگی تھی اور جسے کل شام ہی ہاسپٹل لایا گیا تھا۔ اسے بتایا گیا لڑکا مر چکا تھا اور اس کے ورثا ڈیڈ باڈی لے جا چکے تھے۔ اس نے مزید تحقیق کرتے ہوئے گہرائی میں جانا چاہا تو ڈاکومنٹس بھی دکھا دیے گئے۔ موت کی وجہ، ٹائمنگ، عمر، نام......تمام تر تفصیلات درج تھیں۔

اس کا چہرہ سپاٹ مگر آنکھوں میں ایک چمک سی اتری تھی۔ وہ ایک صحافی کے روپ میں تمام تر تفصیلات لینے آیا تھا۔ واپسی پر کافی مطمئن تھا۔

''اس مصیبت سے تو جان چھوٹی!'' فون پر اپنے صاحب سے بات کی تو اس نے کہا۔ ''لڑکے نے میرا چہرہ دیکھا تھا، وہ مجھے پہچان ہی لیتا۔''

''ویسے حیرت کی بات ہے صاحب! اعظم شیرازی خود اس کے لیے آئے تھے۔''

اور یہ بات تو اس کے صاحب کو بھی حیران کر رہی تھی۔
سارا معاملہ عبدل کی وجہ سے گڑبڑ ہوا تھا۔ اسی نے مخبری کی تھی۔ جگہ کا پتا دیا تھا۔ آن کی آن میں نہ صرف پولیس کی بھاری نفری وہاں موجود تھی بلکہ اعظم شیرازی کے آدمی بھی وہاں آن پہنچے تھے۔ فائرنگ میں ان کے دو آدمی بھی ہلاک ہوئے تھے۔ عبدل کو تو اسی وقت ہی مار دیا گیا تھا جب اس نے فارس کی مدد کی تھی۔ وہ شیرازی خاندان کا ملازم تھا۔ ذرا دیر کو بیٹے کی جان بچانے کے لیے بدلا تھا...... تمام تر اخلاص تو پھر بھی ان کے ساتھ جڑا رہ گیا تھا۔ آخری وقت تک۔
''کڑی نظر رکھنا ان پر...... کچھ بھی پتا چلے تو مجھے فوری آگاہ کرنا۔''
''جیسا آپ کا حکم باس!''
اس کے باس نے کال کاٹ دی تھی۔

☆......☆......☆

وہ اپنے کمرے میں تھا جب ملازم نے دروازے پر دستک دے کر اسے اعظم شیرازی سے متعلق آگاہ کیا۔ انہوں نے اسے اپنے آفس روم میں بلایا تھا۔
''بابا۔ یہیں ہیں؟'' حماد شدید حیران ہوا تھا۔
''وہ کب آئے تھے؟ ابھی کچھ دن پہلے ہی تو وہ بزنس کے سلسلے میں جرمنی گئے تھے۔'' وہ ایک لمحے کو رکا پھر خوشگوار تاثرات کے ساتھ سیڑھیاں اترتا نیچے آ گیا۔
آفس روم کا دروازہ کھولتا وہ اندر داخل ہوا۔ اعظم شیرازی آفس ٹیبل کے اس پار گلاس وال کے سامنے کھڑے تھے۔ دیوار گیر کھڑکیوں سے مارگلہ کی پہاڑیاں نظر آ رہی تھیں۔
''بابا!'' اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتا انہوں نے پلٹ کر اسے دیکھا۔
''آغا علی کو آرڈر کس نے دیے تھے؟'' ان کی آنکھوں میں سختی تھی۔ اور چہرے سے سرد مہری

نظر آ رہی تھی۔

ان کے سرد لہجے میں پوچھنے پر وہ اپنی جگہ رک گیا تھا۔ دادا کے تاثرات پتھریلے تھے۔ مٹھیاں بھینچی ہوئی تھیں۔ رگیں ابھری ہوئی...... وہ شدید غصے میں تھے مگر خود پر ضبط کر کے بات کر رہے تھے۔

پہلے پہل تو وہ ان کی بات سمجھ ہی نہ پایا کہ آیا وہ کس آرڈر کی بات کر رہے تھے مگر جب سمجھ میں آیا تو ایک شریری مسکراہٹ اس کے لبوں کا احاطہ کر گئی۔

''تو آپ اس لیے ناراض ہیں؟''

اعظم شیرازی کے تاثرات میں کوئی تبدیلی نہیں آئی تھی۔ اسے یکا یک ادراک ہوا انہوں نے اپنے داہنے ہاتھ کی مٹھی سختی سے بھینچ لی تھی۔

''کیا میں نے تم سے یہ نہیں کہا تھا ایک ہفتے کے بعد ہی اسلام آباد آ و گے؟'' متحمل اعصاب کے ساتھ انہوں نے لب بھینچ کر کچھ برہمی سے یاد دلایا۔

حماد کے لیے اپنے دادا کا یہ رویہ حیران کن تھا۔ آج سے قبل انہوں نے سختی سے دیکھنا تو درکنار، کبھی اس لہجے میں بات بھی نہیں کی تھی۔

''ہاں لیکن......''

''لیکن؟'' ان کا لہجہ کاٹ دار ہوا۔ حماد شیرازی منجمد ہوا۔ ایک بار پھر اپنے دادا کو دیکھا۔ وہ اس سے بے انتہا محبت کرتے تھے، کبھی آواز بلند نہیں کی تھی، کبھی لہجہ سخت نہیں کیا تھا۔

وہ اس قدر شدید محبت کرتے تھے کہ وہ کبھی بھی ان کے رعب میں نہیں آیا تھا مگر آج پہلی بار اسے ان کے رویے اور لہجے سے پریشانی ہوئی تھی۔ اپنا آپ عجیب خوف اور مخمصے کا شکار لگا تھا۔

''آئی نو، آپ سیکورٹی ایشوز کی وجہ سے ایسا کہہ رہے تھے۔'' وہ سنبھل کر اپنے صدمے سے باہر آیا۔

''بٹ بلیوی بابا...... ایسا کوئی مسئلہ نہیں ہوا۔ میں بالکل ٹھیک ہوں، سفر میں بھی کوئی پرابلم نہیں ہوئی۔''

مگر اس کی وضاحت اور جوابی بیانیے سے نہ آنکھوں میں نرمی اتری تھی۔ نہ تاثرات سے سرد مہری مفقود ہوئی تھی۔ وہ اس کے دادا تھے۔ وہ اسی غصے اور اشتعال میں متحمل سے کھڑے رہے۔

''سب ٹھیک نہیں رہا۔'' انہوں نے ایک ایک لفظ پر زور دے کر کہا۔ وہ اپنے اعصاب پر قابو پاتے برداشت کا مظاہرہ کرر ہے تھے۔

''بابا! آئم فائن!''

''آئم ناٹ ٹاکنگ اباؤٹ یو!''

حماد کی آنکھوں میں حیرت سی اتری۔ بات کیا تھی آخر، ماجرا کیا تھا۔ وہ صحیح معنوں میں الجھن کا شکار ہوا تھا۔

''فارس نے ہاسٹل جانا تھا۔'' انہوں نے کہا۔

''ہواز فارس؟'' اس کے منہ سے بے ساختہ نکلا۔ سیکنڈ کے ہزارویں حصے میں حماد کو یاد آ گیا تھا، وہ کس فارس کی بات کرر ہے تھے۔ اس کے لب بھینچ گئے۔ اس لڑکے کے تصور سے ہی اس کا موڈ غارت ہو چکا تھا۔

''میں نے آغا سے کہا تھا، وہ اسے آپ کی گاڑی میں پہنچا سکتا ہے۔'' ضبط کر کے کہا۔ یہ احساس کہ یہ تمام غصہ وہ ایک ملازم لڑکے کے لیے دکھار ہے تھے، اسے اندر تک اشتعال دلا گیا۔

''یو آر ناٹ ان آ پوزیشن ٹو میک سچ آرڈرز!'' میز پر ہاتھ مارتے انہوں نے شدید غصے کے عالم میں کہا تھا۔

حماد اپنی جگہ تھم گیا تھا۔

''ڈو یو ہیو اینی آئیڈیا (تمہیں اندازہ ہے) کہ تم نے کیا کیا ہے؟''

''بابا!''

"یو شڈ ہیو فالو ڈ مائی آرڈرز!" متحمل اعصاب کے ساتھ انہوں نے کہا۔ "یہ پاکستان ہے۔ امریکا نہیں ہے کہ تم اپنی مرضی سے باہر آجا سکو۔ تم اچھی طرح سے جانتے ہو...... یو ہیو سیکورٹی ایشوز ہیئر! اسی لیے میں نے تمہیں ایک ہفتے تک وہاں رکنے کا کہا تھا! آئی میڈ اٹ کلیئر ٹو یو کہ خطرہ ہے۔"

حماد لب بھینچے خاموش کھڑا رہا۔

"اس کے باوجود تم نے رسک لیا۔"

اس کی پیشانی پر شکنیں ابھر آئی تھیں۔ آنکھوں میں خفگی کا تاثر تھا۔

"بابا! سب ٹھیک تو ہے۔ میں کسی خطرے میں نہیں آیا۔"

"دیٹ بوائے از ان ڈینجر بکاز آف یو!"

(تمہاری وجہ سے وہ لڑکا خطرے میں ہے۔)

انہوں نے جس لہجے میں کہا، حماد اپنی جگہ ٹھہر گیا۔

"وہ اس گاڑی میں تھا جس گاڑی میں ان کا خیال تھا تم ہو سکتے تھے۔"

"میں...... میں...... یہ بات نہیں جانتا تھا۔"

"یو مے لیو ناؤ۔" اپنی بات ختم کر کے، انہوں نے اشارہ کر دیا تھا۔ ان کا غصہ، ناراضی وہ بھی کسی ملازم کے بچے کے لیے۔ حماد کو ایک دم سے اشتعال دلا گئی تھی۔ تاہم وہ خود پر قابو پائے رہا۔

"بابا! آئم سوری۔" اس کے لب ہلے۔

"تم جا سکتے ہو۔" اپنی بات دہرا کر انہوں نے اپنا رخ دیوار گیر کھڑکی کی طرف کر لیا۔ اسے ان کا آفس چھوڑ کر باہر آنا پڑا۔

بند دروازے کے اس طرف وہ کچھ دیر تک مٹھیاں سختی سے بھینچے کھڑا رہا۔ چہرے پر سرخی آ گئی تھی۔ آنکھوں میں غصہ نظر آ رہا تھا۔

''زندگی میں پہلی بار اعظم شیرازی نے اس پر آواز بلند کی تھی اور وہ بھی کس کے لئے؟ ایک ملازم لڑکے کے لیے؟'' اس نے صدر دروازے سے کسی کو آتے اور پھر دستک دے کر اسٹڈی روم میں داخل ہوتے دیکھا۔

''ٹو ہیل ود فارس!'' بڑبڑاتے ہوئے سیڑھیاں چڑھتا کمرے میں بند ہو گیا۔ علیزے نے صوفے سے گردن موڑ کر اسے دیکھا پھر ببل کا غبارہ پھوڑتی دوبارہ میگزین کے صفحے پر جھک گئی۔ قینچی سے کتر کتر وہ پھر سے تصویریں کاٹنے لگی تھی۔

❁ ❁

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

نمرہ احمد کا بہت خوبصورت نیا ناول
مالا
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

سمیرا احمید کا بہت خوبصورت نیا ناول
مشک بام
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جا رہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

قسط نمبر 15

ڈاکٹر مصطفیٰ پھٹی پھٹی آنکھوں سے مدحت کو دیکھ رہے تھے۔ سماعت پر یقین نہیں آیا تھا۔ شاک اور صدمے کی کیفیت میں انہوں نے بے اختیار دیوار کا سہارا لیا تھا۔ دو روز پہلے وہ فارس کی کال کی بابت استفسار کرنے آئے تھے مگر مدحت کو اس حوالے سے کچھ علم نہ تھا۔ پھر وہ اس کے ہاسٹل گئے تھے، واپسی پر آغا علی سے رابطے کی بھی کوشش کی تھی۔ اعظم شیرازی سے بھی بات کرنا چاہی تھی مگر وہ کامیاب نہیں ہو سکے تھے اور اب پورے تین دن بعد مدحت انہیں ایک اندوہناک خبر سے آگاہ کر رہی تھی۔ وہ انہیں فارس وجدان کی وفات کے بارے میں بتا رہی تھی۔ حادثہ چند روز پہلے پیش آیا تھا۔ فارس کو دو گولیاں لگی تھیں۔ ہاسپٹل پہنچتے تک وہ دم توڑ گیا تھا۔

وہ گنگ ہو گئے تھے۔ کچھ دیر تک کچھ کہہ بھی نہ سکے تھے۔

"ایسا کیسے ہو سکتا تھا؟"

بے اختیار دیوار کا سہارا لیتے آگے بڑھے تھے۔ ٹانگیں وزن اٹھانے سے قاصر ہوئیں تو سیڑھیوں پر بیٹھ گئے۔ ان کی نم آنکھوں میں صدمہ اور بے یقینی تھی۔

"یہ کیا ہو گیا تھا؟ کیسے ہو گیا تھا؟"

ابھی ہفتہ پہلے وہ ان سے مل کر گیا تھا۔ ویک اینڈ پر ملنے کا پروگرام طے کیا گیا تھا۔ وہ بہت خوش تھا۔ وہ ان سے جنت کی بات کر رہا تھا۔ وہ چھٹیوں میں شیرازی مینشن آنے والا تھا۔ اب اچانک...... یہ

کیا ہوا تھا؟ وہ اتنے صبر اور ہمت والا بچہ..... پے در پے کئی مصیبتوں، کئی آزمائشوں سے الجھتا ہوا، ان کا پیارا دوست.....ان کا پیارا ساتھی..... یہ اس کے ساتھ کیا ہو گیا تھا؟

انہوں نے اپنا سر ہتھیلیوں میں گرا لیا۔ کئی لمحے، باتیں، اور وعدے انہیں یاد آ گئے تھے۔

''دیکھنا، ایک دن سارے مسئلے حل ہو جائیں گے۔'' انہوں نے خود کو کہتے سنا تھا۔ ''زندگی ٹھیک ہو جائے گی، حالات ٹھیک ہو جائیں گے!'' وہ کہہ رہے تھے، وہ خود کو سن رہے تھے۔

مدحت سامنے کھڑی تھی۔ وہ کچھ اور کہہ رہی تھی، کچھ اور بتا رہی تھی۔ ان کا دل غم سے پھٹنے لگا۔ ان کا چہرہ آنسوؤں سے تر ہونے لگا۔ ان کی ٹانگیں بے جان تھیں۔ ان کا وجود سن ہو رہا تھا۔

''کیسے ٹھیک ہو گا سب؟'' وہ ان کے سامنے ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے کھڑا تھا۔ جانتے تھے اشارہ کس طرف تھا۔ اس کے دادا، والد اور ماں..... وہ ان رشتوں سے محروم تھا، اپنی شناخت سے محروم تھا۔ اپنے حق سے، اپنی پہچان سے محروم تھا۔ وہ لاجواب تھے۔ لاجواب رہے۔

ہوا پتوں سے سرسرا کر گزری، آسمان کی تاریکی میں کچھ اور اضافہ ہوا..... بادلوں کی اوٹ میں چاند مدہم ہو گیا۔

انہوں نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا تھا۔ ''تم بس اپنی پڑھائی پر فوکس کرو..... خوب محنت کرو..... آگے بڑھ جاؤ۔ میں چاہتا ہوں تم اپنی زندگی میں بہت کامیاب رہو..... جیسے.....''

''جیسے اعظم شیرازی ہیں؟'' اس نے ان کی بات کاٹی تھی۔ وہ چپ ہو گئے تھے۔ اب فارس وجدان کو دیکھ رہے تھے۔ وہ ساڑھے تیرہ سالہ لڑکا پلے گراؤنڈ میں، نشست پر ان کے پاس بیٹھا تھا اور اس کی آنکھوں کی سختی ان کے اندر بہت سے اندیشے جگا رہی تھی۔

''تمہیں کسی کے جیسا نہیں ہونا۔ تمہیں صرف وہی ہونا ہے جو تم ہو.....''

''میں ان کے ساتھ بہت برا کروں گا، میں ان سے سب چھین لوں گا۔ بالکل اکیلے رہ جائیں

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

گے وہ، آپ دیکھنا!''

''فارس!'' ایک دم سے اسے کندھوں سے پکڑ کر اسے پکارا تھا۔ کچھ غصے سے، سختی سے، خوف اور دہشت سے...... انہیں نہیں پتا تھا وہ ایسی باتیں کیوں کرتا تھا۔ وہ اعظم شیرازی کے خلاف ان کے سامنے اتنا کیوں بولتا تھا۔ وہ نہیں جانتے تھے اعظم شیرازی اس سے ملنے آتے تھے اور ان کی ہر ملاقات کے بعد وہ ایسے ہو جایا کرتا تھا۔

''صبر اور برداشت کے لیے صرف میں ہی رہ گیا ہوں؟''

مدحت آنسو پونچھتے بھرائی ہوئی آواز میں حادثے کی تمام تفصیلات ان کے گوش گزار کر رہی تھی۔ کار ایکسیڈنٹ کے بعد وہ اغوا ہوا تھا۔ پانچ دن تک اغوا رہا تھا۔ پھر اس نے فرار کی کوشش کی تھی اور......

آغا علی قدرے فاصلے پر سر جھکائے رخ بدل گیا تھا۔

وہ اٹھ گئے تھے۔ شکست خوردہ سے قدم اٹھاتے عقبی دروازے سے باغ کا رخ کر چکے تھے۔ مدحت نے انہیں روکنا چاہا تھا مگر آغا علی نے منع کر دیا تھا۔ وہ نیم اندھیرے میں چلتے چلتے اچانک رک گئے تھے۔ وہ اس درخت کے سامنے تھے جس پر وہ غصے سے لکیریں کھینچا کرتا تھا۔ پھول توڑ کر نوچ کھسوٹ کر پھینکا کرتا تھا۔ وہ گھٹنوں کے بل جھک گئے۔ ضبط مکمل ختم ہو گیا اور وہ سسک پڑے۔

''ایک وعدہ مجھ سے بھی کرو!''

''آپ کے وعدے بہت مشکل ہوتے ہیں۔'' وہ بگڑے تیوروں کے ساتھ کھڑکی میں ایک ٹانگ باہر اور ایک اندر کیے کافی غصے میں بیٹھا تھا۔ اپنے سے بڑی عمر کے لڑکوں سے الجھ بیٹھا تھا جس کے نشان گال اور ہونٹوں پر نظر آ رہے تھے۔

''وعدہ کرو کہ نہ خود کو نقصان پہنچاؤ گے اور نہ ہی کسی اور کو!''

''بھلے سے اگلا انسان مجھے جان سے مار ڈالے؟'' غصے سے پوچھا تھا۔

https://novelskidunya.com/

اور وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دیے۔ انہیں نہیں پتا تھا گزشتہ پانچ دن اس نے کس اذیت میں گزارے تھے۔ تنہا، اکیلے، جانے اس پر کیا بیتی ہوگی۔

وہ پہلے سے بہت دکھی تھا، ناامید اور مایوس تھا، پریشان تھا، اپنی زندگی سے ناخوش تھا۔ ان سب سے گزرنے کے بعد...... وہ کیسے رہا ہوگا۔

انہیں اس کی آخری کال یاد آئی۔ مدد کے لیے اس نے انہیں ہی پکارا تھا۔ اور وہ اس کے لیے کچھ بھی نہیں کر سکے تھے۔ کچھ بھی نہیں......

"فارس کو چوٹ لگی ہے بابا! وہ بہت رو رہا تھا۔" جنت گزشتہ تین دنوں سے ان کا سر کھا رہی تھی۔

بار بار ایک ہی بات......

انہوں نے مٹی ہاتھوں میں بھر لی تھی۔

"اسے دو گولیاں لگیں۔ اس کا خون بہہ گیا۔ ہاسپٹل پہنچنے تک...... اس کی ڈیتھ ہو گئی۔" مدحت کے الفاظ ان کا دل چیر رہے تھے۔

"دیکھنا سب ٹھیک ہو جائے گا۔" وہ کہا کرتے تھے۔ بار بار کہا کرتے تھے۔ "تمہیں بہت خوشیاں ملیں گی۔ انعام ملے گا، کامیابی ملے گی۔ اور جنہوں نے تمہیں چھوڑ دیا ہے وہ ایک دن تمہارے پاس آئیں گے۔ تمہیں ڈھونڈتے ہوئے...... تمہیں چاہتے ہوئے......"

ان کا سر جھک گیا تھا۔ ان کی اذیت بڑھ گئی تھی۔

وہ ساری باتیں، امیدیں، خواب، دلاسے اور تسلیاں یہیں رہ گئے تھے، اور وہ کچھ بھی لیے بغیر چلا گیا تھا۔ اس نے وقت کا انتظار نہیں کیا تھا۔ زندگی نے ایسی کوئی مہلت بھی نہیں دی تھی۔

اس رات انہیں گھر پہنچتے کافی وقت لگ گیا تھا۔ جنت ان کے انتظار میں زبردستی جاگتی پھر رہی تھی۔ اسے تو یہ جاننا تھا کہ فارس کو جو چوٹ لگی تھی، اور جس کی وجہ سے وہ فون پر رو رہا تھا، وہ چوٹ ٹھیک

ہوئی یا نہیں؟ اس کا درد ختم ہوا یا نہیں؟

اپنے بابا کو گھر میں داخل ہوتا دیکھ کر وہ سرپٹ بھاگی تھی۔ خیال تھا اس کا دوست فارس بھی ساتھ ہوگا مگر وہ اکیلے تھے۔ نڈھال سے صوفے پر بیٹھ گئے تھے۔ ان کا چہرہ اور آنکھیں سرخ تھیں۔ وہ ایک دم سے بہت کمزور اور دکھی نظر آرہے تھے۔

وہ ان کے پاس آگئی تھی۔ کچھ پریشان ہو کر انہیں پکارنے لگی تھی اور جیسے اس کی عادت تھی اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے، گردن موڑ کر جھکاتے ہوئے انہیں دیکھنے لگی تھی کہ بابا کو کیا ہوا؟

''فارس ٹھیک ہے نا بابا؟''

وہ آنکھوں میں آنسو لیے، سسکیاں دبائے، لب بھینچے اسے دیکھتے رہے۔ پھر کسی قدر کوشش سے اثبات میں سر ہلایا۔

''وہ اب روتو نہیں رہا تھا؟'' اس نے پوچھا۔ فکرمندی سے، پریشانی سے..... بڑوں کے سے انداز اور سمجھداری سے۔ وہ اپنی جنہ کو دیکھ کر رہ گئے۔ وہ اتنا اس کے ساتھ اٹیچ کیسے ہوگئی تھی؟ وہ جب سے شیرازی مینشن سے گیا تھا وہ تب سے اس کے لیے بے چین اور فکرمند ہو رہی تھی۔ وہ اسے تلاش کرتی رہی تھی۔ ہاسٹل جانے پر اکساتی رہی تھی۔ شیرازی مینشن میں خط پہنچاتی رہی تھی۔ ایسا برتاؤ اس نے پہلے کبھی نہیں کیا تھا۔ ایسی فکر اس نے پہلے کبھی کسی کے لیے نہیں دکھائی تھی۔

انہوں نے نفی میں سر کو جنبش دی کہ ہاں! اس کا دوست فارس اب رو نہیں رہا تھا۔ پھر سلیم کو اشارہ کیا وہ اسے لے جائے۔ مزید کوئی بھی سوال سننے کی ان میں ہمت نہیں تھی۔

''ڈاکٹر صاب! سب ٹھیک ہے؟ خیر تو ہے؟'' بوا پوچھنے لگی تھیں۔ سلیم پریشان ہو کر دیکھ رہا تھا۔ جنت ان کا گھٹنا ہلا رہی تھی۔ وہ اپنی بات کر رہی تھی۔

''ہم اسے گھر لے آئیں بابا؟ اس کو چوٹ لگی ہے۔ وہ ٹھیک ہو جائے گا تو پھر ہم اسے اسکول

چھوڑ آئیں گے۔"

"سلیم!" ان کی آواز بھرائی تو وہ جنت کا بازو پکڑے کھینچتے ہوئے سیڑھیوں کی طرف لے جانے لگا۔ ڈاکٹر مصطفیٰ نے اپنا سر ہتھیلیوں پر گرا لیا تھا۔ بوا کا داہنا ہاتھ بے ساختہ دل پر آن ٹھہرا۔ فارس وجدان کی موت کی خبر ان کے لیے بھی کسی صدمے سے کم نہ تھی۔

☆......☆......☆

پورے تین سال بعد جمیلہ دادو امریکا سے واپس پاکستان آ گئی تھیں۔ شادی اٹینڈ کرنے کے بعد کچھ عزیز واقارب کی دعوتوں سے فارغ ہو کر انہوں نے کوئٹہ جانے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ اس کے لیے انہیں صرف اور صرف اعظم شیرازی کی اجازت درکار تھی مگر وہ دیکھ رہی تھیں کہ اعظم شیرازی پہلے کی طرح بات نہیں کر رہے تھے۔ وہ اپنے کاروباری معاملات میں اس قدر مصروف تھے کہ گھر بھی تاخیر سے آنے لگے تھے۔ انہیں ان کے رویے اور روٹین کا یہ بدلاؤ عجیب سا لگا تھا کہ وہ ہمیشہ اپنی فیملی کو فوقیت دیتے تھے۔ خصوصاً حماد جب بھی چھٹیوں میں پاکستان آتا تھا تو وہ زیادہ سے زیادہ وقت اس کے ساتھ گزارتے تھے۔

شیرازی ہاؤس میں گزارے گئے ان چند دنوں میں انہوں نے حماد شیرازی کے رویے میں خاطر خواہ تبدیلی محسوس کی تھی۔ دونوں دادا پوتا کے درمیان کھانے کی میز پر اب کوئی بات نہیں ہوتی تھی۔ جیسی دونوں کی مثالی دوستی اور محبت تھی، اس لحاظ سے یہ پراسراری خاموشی انہیں بے طرح سے کھٹکی تھی۔

حماد بہت خاموش، کچھ حد تک اکھڑا ہوا سا، اور بات بے بات ملازموں پر مشتعل ہونے لگا تھا۔ کمرے سے کم نکلتا تھا اور اعظم شیرازی کو تو جیسے اپنے مصروف شیڈول سے فرصت نہیں تھی۔ وہ حیران ہوئی تھیں کہ ایسا خلا ان کے مابین کیسے آ گیا تھا؟

انہوں نے علیزے سے پوچھا تو وہ محض کندھے اچکا کر رہ گئی۔ لیکن اس نے یہ ضرور بتا دیا کہ اعظم شیرازی نے ایک بار حماد کو اسٹڈی میں بلا کر ڈانٹا تھا۔ آواز باہر تک آ رہی تھی تاہم مسئلہ کیا تھا، وہ یہ

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا

نہیں سمجھ پائی تھی۔

''کچھ تو ہوا تھا یقیناً......''جمیلہ کھٹک گئیں۔

ان کی چھٹی حس بتا رہی تھی کوئی مسئلہ تھا۔ اس رات کھانے کے بعد وہ حماد کے کمرے میں گئیں اور پاس بیٹھ کر اس کے رویے کے بارے میں استفسار کیا۔ وہ جاننا چاہتی تھیں ان کے بیٹے سے ایسی کون سی غلطی ہوئی تھی جس کے باعث اس کے بے انتہا محبت کرنے والے دادا اسے ایوائیڈ کر رہے تھے؟

حماد جو گزشتہ دو ہفتوں سے اپنے دادا کی سختی اور بے پروائی کو جھیل رہا تھا، جذبات پر قابو نہ پا سکا۔ غصے سے من وعن سب سنا دیا۔

پہلے پہل تو وہ کچھ سمجھ ہی نہ پائیں کہ حماد کس شیڈول، حفاظتی اقدام اور خطرے کی بات کر رہا تھا۔ اعظم شیرازی کی مخصوص گاڑیوں میں سفر کرنے کے بجائے وہ کیوں ایک عام سی جیپ میں اسلام آباد آ رہا تھا؟

ایسا کون سا خطرہ تھا جو درپیش تھا؟ ایسی کون سی پلاننگ تھی جو ترتیب دی گئی تھی۔ وہ آنکھوں میں ناسمجھی کا، فکرمندی کا تاثر لیے اپنے سترہ برس کے بیٹے کو دیکھے جا رہی تھیں۔ جسے غم تھا اور بے تحاشا غصہ تھا۔ اس کے دادا ایک چھوٹی سی غلطی پر برہم ہو گئے تھے۔ ایک ملازم لڑکے کی وجہ سے بات نہیں کر رہے تھے۔ اس کی معذرت قبول نہیں کر رہے تھے۔ انہیں لگتا تھا اس کی وجہ سے اس لڑکے کی زندگی خطرے میں آ گئی تھی۔ حالانکہ اس نے تو جان بوجھ کر کچھ بھی نہیں کیا تھا۔

وہ اس لڑکے کے لیے حماد کی آنکھوں میں غیض کی چنگاریاں اور لہجے سے نفرت جھلکتی ہوئی دیکھ سکتی تھی۔

''میں نے آغا علی سے صرف اتنا کہا کہ وہ اسے بابا کی گاڑی میں ہاسٹل ڈراپ کر دیں۔ اینڈ بلیو می ممی......آئی ڈونٹ نو کہ یہ سب ہو گا......''

جمیلہ داؤد کے سر پر جیسے پہاڑ ٹوٹ کر گرا۔شیرازی مینشن سے ہاسٹل میں صرف ایک ہی لڑکا جاتا تھا۔شیرازی خاندان کی کفالت میں صرف ایک ہی لڑکا پلتا تھا۔وہ ایک دم سے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھیں۔تاثرات بدل گئے تھے۔رنگ اڑ گیا تھا۔انہیں اب سمجھ میں آیا تھا وہ کس لڑکے کی بات کر رہا تھا۔

حماد نے کچھ حیرت سے اپنی می کو دیکھا تھا۔اسے بھی جیسے اب احساس ہوا تھا وہ لڑکا اس کی می کے لیے کتنا اہم رہا تھا۔بہت سی باتیں اشتعال اور غصے میں نظر انداز ہو جاتی تھیں۔اس کے ساتھ بھی یہی ہوا تھا۔

وہ ماؤف ہوتے دماغ کے ساتھ حماد کے کمرے سے باہر آ گئیں۔

وہ ہر طرح کے واہموں اور خیالات کو جھٹکتی عجلت میں قدم اٹھاتی دروازہ دھکیل کر اعظم شیرازی کی اسٹڈی میں داخل ہوئی تھیں۔آنکھوں میں ہراس ٹھہرا تھا۔چہرے پر فکر مندی کے آثار تھے۔حماد کے لیے وہ چھوٹی بات تھی۔ایک شکوہ تھا جو اس نے بے تحاشا محبت کرتے دادا کے رویے پر کیا تھا۔ان جانے میں وہ اس واقعے کا تذکرہ کر گیا تھا۔کچھ غصے اور برہمی سے انہیں سب بتا گیا تھا۔حملہ اس پر ہونا تھا،کسی اور پر ہو گیا تھا۔ٹارگٹ وہ تھا اور قبضے میں کوئی اور آ گیا تھا۔اور اعظم شیرازی نے اس بات پر اسے بہت بری طرح سے ڈانٹا تھا۔

اعظم شیرازی ان کے تاثرات دیکھ کر اپنی جگہ رک گئے تھے۔

"فارس کہاں ہے بابا؟ کیسا ہے وہ؟ کیا ہوا ہے فارس کے ساتھ؟" ایک ہی سانس میں کچھ فکر مندی اور وحشت سے انہوں نے سوال کر ڈالے۔اعظم شیرازی اپنی جگہ کھڑے رہ گئے تھے۔

جس بات کو وہ پوشیدہ رکھنا چاہتے تھے وہ پوشیدہ نہیں رہی تھی۔توقع نہ تھی کہ حماد اپنی غلطی کا ذکر اس طرح اپنی ماں سے کر ڈالے گا کہ ایسی بہت سی باتیں اور بہت سے معاملات تھے جو وہ دونوں اپنی ذات تک محدود رکھا کرتے تھے۔وہ حماد کے ساتھ دوستوں کی طرح رہتے تھے۔اس کی بہت سی غلطیوں

پر پردہ رکھتے تھے۔ بہت سی کوتاہیوں پر پردہ ڈالتے تھے۔

''بابا! فارس...... فارس کہاں ہے، مجھے بتائیں کہاں ہے وہ؟'' وہ ایک دم سے چیخی تھیں۔ ان کا سکون مٹ چکا تھا۔ فارس اغوا ہوا تھا اس خیال سے ان کی جان نکل رہی تھی۔ وہ زندہ تھا یا نہیں...... اس سوال سے حواس مختل ہو رہے تھے۔

''جمیلہ!'' انہوں نے سختی سے نام لیتے اسے بازو سے پکڑ کر روکا تھا۔ وہ آنکھوں میں درد کی نمی لیے کھڑی رہ گئی تھیں۔

''بابا! پلیز بتائیں فارس کہاں ہے؟ کیا ہوا ہے اس کے ساتھ!'' انہوں نے روتے ہوئے پوچھا تھا۔

''ہی از فائن!'' وہ محض اتنا ہی کہہ سکے تھے۔ بات مختصر کر کے ختم کرنا چاہتے تھے۔ جو کچھ ہوا تھا حماد کی غلطی سے ہوا تھا۔ بہت اچانک، اور بغیر کسی مقصد کے ہوا تھا۔ وہ جمیلہ داؤد کو ایک بار پھر سے فارس وجدان کے ہر معاملے سے دور رکھنا چاہتے تھے مگر جمیلہ داؤد نے انہیں ایسا کرنے نہیں دیا تھا۔

''مجھے فارس کے پاس جانا ہے۔ ابھی کے ابھی...... اسی وقت......'' روتے ہوئے ہاتھ جوڑ کر منت کی۔ ''پلیز بابا!''

ان کی بے قراری اور بے تابی...... ان کی تڑپ...... ان کا خوف اور دہشت!

وہ اپنا لہجہ اس پل سخت نہیں کر سکے تھے۔ کوئی حکم نہیں جما سکے تھے۔ ان کا مطالبہ بھی رد نہیں کر سکے تھے۔ اعظم شیرازی پہلی بار جمیلہ داؤد کو انکار نہیں کر سکے تھے۔

☆......☆......☆

ننھی جنہ سمجھنے سے قاصر تھی۔ نانا چپ چپ سے کیوں تھے، کھانا کیوں نہیں کھا رہے تھے، بات کیوں نہیں کر رہے تھے۔ کلینک پر کیوں نہیں جاتے تھے۔ اب تو وہ اس کا ہوم ورک بھی نہیں دیکھتے تھے۔ اسکول کے قصے بھی نہیں سن رہے تھے اور اسے فارس کے بارے میں بھی کچھ نہیں بتا رہے تھے۔ وہ بہت

اداس ہو رہی تھی۔ اسی اداسی میں وہ کتنی ہی دیر تک کرسی رکھے فون کے پاس بیٹھی رہی تھی۔ اسے لگ رہا تھا فارس دوبارہ فون کرے گا۔ وہ روز اس کے فون کا انتظار کرتی تھی۔ سلیم گہری سانس لیتا تاسف سے اسے دیکھ کر رہ گیا تھا۔ زبردستی وہاں سے ہٹا دیا۔

''اگر وہ فون کرے گا تو میں تمہیں بتا دوں گا۔''

''تم فون اٹھاؤ گے تو فارس تم سے بات نہیں کرے گا۔ اسے تم بالکل اچھے نہیں لگتے۔'' اس نے نہایت سنجیدگی سے جواب دیا۔

سلیم نے ایک گہری سانس لے کر اسے دیکھا۔

اسے بازو سے پکڑ کر اس کے کمرے میں لے گیا۔ کھلونوں کا ڈھیر اس کے سامنے رکھتا گیا کہ وہ کہیں مصروف ہو۔ اس کا ذہن بھٹکے۔ اور کوئی کام نہیں تھا جو وہ اس کے ذمے لگاتا۔ چالاکو اتنی تھی کہ اپنا ہوم ورک بھی اسکول میں کر کے آجاتی تھی۔ تاکہ گھر میں آسانی سے اچھل کود کی جا سکے۔

''میں فارس کے لیے ڈرائنگ بناتی ہوں۔ جب ہم اس سے ملنے جائیں گے نا، تو دوں گی۔'' وہ کہہ رہی تھی۔

سلیم نے سر پکڑ لیا۔ اس کی ہر بات فارس سے شروع ہو کر فارس پر ہی ختم ہو رہی تھی۔ وہ اپنی ڈرائنگ بک اٹھا لائی۔ کچھ رنگ اپنے پاس رکھے۔ کچھ سلیم کو دیے تاکہ وہ بور نہ ہو۔ مزے سے رنگوں سے کھیلتے وہ اسے بھی گائیڈ کرتی جا رہی تھی۔ اور بتاتی جا رہی تھی کہ اس نے درخت کی شاخیں کتنی چھوٹی بنائی ہیں۔ رنگ کتنا برا کیا ہے۔ اور اس سے زیادہ اچھی ڈرائنگ تو کاکا کا چھوٹا بھائی بناتا تھا۔ کاکا کا چھوٹا بھائی تقریباً تین سال کا تھا۔

سلیم چپ رہا۔ وہ اس کا ساتھ تو دے رہا تھا مگر اندر سے بہت دکھی ہو رہا تھا۔ جس کے لیے وہ یہ ساری چیزیں تیار کر رہی تھی، اس تک ان میں سے کچھ بھی پہنچنے والا نہیں تھا۔

''ڈاکٹر صاحب آخر اسے بتا کیوں نہیں دیتے؟'' اس نے سوچا اور سوچ کر خود کو کوسا۔ پے در پے کئی صدموں سے گزرنے والی اپنی اس معصوم نواسی کو وہ ایسی کوئی بات کیسے بتا سکتے تھے؟

ایک پریشان سی نظر اس نے جنت پر ڈالی اور سر جھکا گیا۔

جنت نے خوب صورت رنگوں کے ملاپ سے منظر کشی کی اور اس پر بڑا سا گیٹ ویل سون لکھا۔ کچھ پھول لان سے توڑے اور کچھ باغ سے اور دوپہر میں شیرازی مینشن چلی گئی۔

''یہ فارس کے لیے ہے۔ آپ نے اسے میرا خط دیا تھا نا۔ آپ اسے اب یہ بھی دے دینا۔ بابا ابھی بہت بزی ہیں تو ہم اس سے بعد میں ملنے جائیں گے۔''

آنکھوں میں نمی لیے مدحت اسے دیکھ کر رہ گئی۔ پھر اس نے وہ صفحہ لے لیا۔ ساتھ میں پھول بھی تھے۔ یہ سب فارس کے لیے تھا۔ اسے پتا نہیں کیوں یقین سا تھا کہ وہ چیزیں فارس تک پہنچا دیں گی۔ اس کا خط بھی۔ چاکلیٹ بھی۔

''فارس نے مجھے کال کی تھی۔ وہ دوبارہ بھی کرے گا نا؟''

مدحت نے خاموشی سے سر ہلا دیا۔ اس کے نانا نے اسے کچھ نہیں بتایا تھا تو وہ بھی نہیں بتا سکی تھی۔

وہاں سے پھر وہ اپنے دوستوں کے پاس گئی۔ گھر کے عین سامنے باغ کے وسط میں کہیں ان کے ساتھ کھیلتی رہی۔ کاکا نے نئی سائیکل لی تھی۔ پرانی والی جو چوری ہو گئی تھی۔ اب سب باری باری اس پر طبع آزمائی کر رہے تھے۔

جنت کی اپنی سائیکل تھی۔ وہ زور زور سے پیڈل مارتی دائیں سے بائیں گھومتی جا رہی تھی۔ موتی اس کے پیچھے بھاگ رہی تھی۔ ان کی ہنسی کی قلقاریاں چہار سو گونج رہی تھیں۔ سلیم نے یہ منظر دور سے اور سکھ بھری سانس لے کر دیکھا تھا کہ چلو شکر جنت کا ذہن بھٹکا۔ شام میں کچھ سامان لے کر گھر آیا تو جھٹکے سے رک گیا۔ وہ فون کے پاس کرسی پر چڑھی بیٹھی تھی۔

وہ اسے دیکھ کر رہ گیا۔ خفگی سے منہ موڑ گئی۔ بوا سے ڈانٹ پڑی تھی۔ فون کے پاس سے جو نہیں ہٹ رہی تھی۔ وہ ایک بار پھر اس کے سامنے کھڑا تھا۔

''تم یہاں کیا کر رہی ہو؟''

''دیکھ نہیں رہے۔ بیٹھی ہوئی ہوں۔'' بھنویں سکیڑ کر جواب دیا۔

''میری تو یہ بالکل نہیں سن رہی۔'' بوا نے الگ شکایت لگائی۔

کھانے کی میز پر بھی وہ اپنے نانا سے یہی پوچھتی رہی کہ وہ فارس سے کب ملنے جانے والے تھے۔ اس کے نانا چپ تھے۔ ذرا سا مسکرا کر کوئی اور سوال کرتے، اسے کسی اور بات میں الجھانے لگتے تھے۔

☆......☆......☆

وہ ہاسپٹل سے گیارہ بجے گھر پہنچی تھیں اور تب سے اپنے کمرے میں بند تھیں۔ خاموش اور ویران...... آنکھیں سرخ و متورم، چہرہ ستا ہوا تھا۔ انگ انگ میں کرب ٹھہرا تھا۔ منظر ایک ہی تھا اور وہ آنکھوں میں تھا۔

انہوں نے فارس کا بے جان سا ہاتھ پکڑا تھا، اس کے زخموں کو دیکھا تھا، اس کی بند آنکھوں کو چھوا تھا۔ بالوں میں ہاتھ پھیرا تھا۔ اسے لرزتی کپکپاتی آواز میں پکارا بھی تھا۔ وہ تو یہ توقع کیے ہوئے تھیں کہ وہ ان سے ناراض ہوگا مگر اس کی ناراضی کچھ ایسی ہوگی اس کا تو انہوں نے گمان بھی نہیں کیا تھا۔ حالات ایسے ہو جائیں گے۔ زندگی ایسا کر جائے گی۔ سانسیں یوں تنگ ہوں گی۔ درد ایسے بھی ملے گا۔

ان کا دل غم سے پھٹ رہا تھا، بے بسی پر رو رہا تھا۔ لب دعا گو تھے۔ اس کی زندگی کے لیے، صحت یابی کے لیے، آسانیوں کے لیے دعا گو تھے۔

دروازہ کھول کر ہارون اندر داخل ہوا تو ان کا ارتکاز خالی دیوار پر ہی ٹھہرا رہا۔ ہمیشہ کی طرح وہ اٹھ کر ان کے پاس نہیں گئی تھیں۔ کوٹ نہیں لیا تھا۔ کپڑے نہیں نکالے تھے۔

وہ دوستوں سے ملنے گیا تھا، تبھی تاخیر سے واپسی ہوئی تھی۔ ڈریسنگ روم سے کپڑے بدل کر باہر آیا تو ان کی جانب سے اپنی کسی بھی بات کا کوئی جواب نہ پا کر رک گیا۔

''خیریت ہے؟'' برابر میں بیٹھتے، کمفرٹر لیتے، تکیے کو درست کرتے بالکل نارمل لہجے میں پوچھا تھا۔

ان کی بھیگی ہوئی آنکھیں اپنے شوہر کے چہرے پر ٹھہر گئیں۔ تاثرات بتلاتے تھے اس کا اپنے دوستوں کے ساتھ اچھا وقت گزرا تھا۔

وہ لاابالی سا ہارون شیرازی اب اپنی زندگی میں مکمل سنجیدہ تھا۔ بزنس سوسائٹی میں اب اس کی ایک پوزیشن تھی۔ اثر تھا، نام تھا، پہچان تھی۔ اس کے بارے میں آرٹیکلز چھپتے تھے۔ اس کے انٹرویوز لیے جاتے تھے۔ وہ اپنے خاندانی بزنس کو مزید وسعت دینے والا تھا۔ مزید آگے بڑھانے والا تھا۔

''کیا ہوا؟ طبیعت تو ٹھیک ہے؟''

اس کی آواز پر ذہن بھٹکا تھا۔ سوچ منتشر ہوئی تھی۔ وہ ابھی بھی اسے ہی دیکھ رہی تھیں۔

ہارون شیرازی اپنے بیٹے کے معاملات سے گزشتہ نو سالوں سے لاعلم تھا۔ گزشتہ نو سالوں سے وہ اس کی روزمرہ روٹین، اس کے مسائل، اس کی پریشانیوں اور اس کی اذیتوں سے بے خبر تھا۔ اس حادثے سے بھی جس نے اسے موت کے منہ میں لاکھڑا کیا تھا۔ ان زخموں سے بھی جو روح سے اب جسم پر آ گئے تھے۔

غالباً وہ یہ سوچ کر مطمئن تھا کہ اس کا بیٹا نئے ماحول میں ایڈجسٹ ہو گیا ہوگا۔ نئی زندگی کا عادی ہو چکا ہوگا۔ وہ اپنی ترجیحات سے اپنی اولاد کو کب کا خارج کر چکا تھا، وہ اپنی زندگی میں کب کا آگے بڑھ چکا تھا۔

حوالہ دینے، ذکر کرنے، احساس دلانے کا نہ پہلے کوئی فائدہ تھا، نہ اب کوئی فائدہ ہونے والا تھا۔ ان کی ہر دلیل بودی، ان کا ہر جواز ادھورا تھا۔ ان کا ہر خیال ناقص، ان کی ہر وضاحت مصنوعی تھی۔ مگر پھر بھی......

اس حادثے کے بعد وہ خاموش نہیں رہ سکتی تھیں۔ ہمت مجتمع کرتے سیدھی ہو بیٹھی تھیں۔

"آپ نے ایک بار مجھے کہا تھا کہ آپ یہ سب فارس کے لیے کر رہے ہیں۔"

ہارون چونک کر انہیں دیکھنے لگا تھا۔ گزشتہ دو سالوں میں انہوں نے ایک بار بھی فارس سے متعلق اس سے کوئی بات نہیں کی تھی مگر اب اچانک وہ کر رہی تھیں۔ وہ ایک بار پھر فارس وجدان کو اپنے اور ہارون کے بیچ لے آئی تھیں۔

"نو سال پہلے تک آپ بابا پر ڈپینڈڈ تھے، آپ کے ہاتھ میں کچھ نہیں تھا۔ لیکن اب......" آنسوؤں کا پھندا حلق میں اٹک گیا۔ انہوں نے خشک لبوں کو تر کرتے اپنی آواز کو مضبوط کر لیا۔ "اب آپ کی ایک حیثیت ہے، نام ہے، آپ شیرازی انٹرپرائزز کی امریکا برانچ کے سی ای او ہیں۔ کامیاب ہیں۔ پہلے کی طرح نہ کمزور ہیں اور نہ ہی بے بس...... اب تو آپ۔" ان کی آواز لمحے بھر کے لیے بھیگی۔ "آپ اپنے بیٹے کو قبول کر سکتے ہیں۔"

https://novelskidunya.com/

ہارون شیرازی پر لمحے بھر کے لیے سکتہ سا طاری ہوا تھا۔ آنکھیں منجمد سی ہو گئی تھیں۔ ان میں ایک بے نام سا تاثر ٹھہر گیا تھا۔ وہ تاثر جمیلہ شیرازی کی سمجھ سے باہر ہو گیا تھا۔

اسے سنبھلنے میں چند ثانیے لگے، تاثرات بدل کر بے ساختہ مسکرا دیا۔

"یہ تم اچانک کیا باتیں لے کر بیٹھ گئی ہو۔" ہلکے پھلکے سے انداز میں کہا۔

"میں آپ کو آپ کی بات یاد دلا رہی ہوں۔ آپ نے کہا تھا آپ فارس کے لیے......" انہوں نے کہنا چاہا۔

"وہ سب میرا ماضی ہے جمیلہ۔" ہارون نے ان کی بات کاٹ دی۔ "میں اپنے ماضی کا اب کوئی بھی اثر اپنے مستقبل پر نہیں چاہتا۔" لہجہ حتمی تھا۔ آواز مضبوط ارادوں کی عکاسی کر رہی تھی۔

جمیلہ ساکت ہو گئیں۔ فارس کے ذکر پر ہارون ہمیشہ خاموش اور لاجواب ہو جایا کرتا تھا۔ ہر بات پر اپنے باپ کا حوالہ دیا کرتا تھا۔ ہر سچویشن میں اپنی کمزوری کا اظہار کیا کرتا تھا۔ پشیمانی اور دکھ

آنکھوں سے نظر آتے تھے۔ اب کے جب وہ مضبوط تھا تو اس کا انداز، اس کے الفاظ یکسر بدل چکے تھے۔

"مجھے اب اندازہ ہوتا ہے کہ بابا نے جو کیا ٹھیک کیا۔" وہ سنجیدگی سے کہہ رہا تھا۔ جمیلہ داؤد اذیت کی گہرائیوں میں اترتی جا رہی تھیں۔ "ان کا فیصلہ درست تھا۔ آرزو سے میری شادی ایک غلطی تھی۔ میں محبت میں اندھا ہو گیا تھا۔ آئی ریئلی ڈونٹ وانٹ ٹو ٹاک اباؤٹ دس بٹ لٹ می ٹیل یو ون تھنگ...... آئی ڈو کیئر اباؤٹ مائی ریپوٹیشن ناؤ!"

جمیلہ داؤد نے صدمے سے نکلے گال پر بہتے آنسو صاف کیے۔ چاروں شانے چت ہو کر ایک بار پھر ہمت پکڑی۔ ایک بار پھر سر اٹھایا۔

"آپ نے آرزو سے نکاح کیا تھا۔ یہ ایک جائز رشتہ تھا۔ آپ کا اس سے ایک بچہ ہے۔ آپ نے اس بچے کو سوالیہ نشان بنا دیا ہے۔ صرف اتنا قبول کر لینے میں کہ وہ آپ کی اولاد ہے۔ اسے اس کا جائز حق دلانے میں، کیا ہو جائے گا؟ لوگ چار دن باتیں کریں گے اور سب بھول جائیں گے۔"

"کوئی کچھ نہیں بھولتا...... کم از کم میں اپنی کامیابی کی پیک پر ایسا کوئی اسکینڈل افورڈ نہیں کر سکتا جسے لوگ ہمیشہ یاد رکھیں۔"

وہ اندر تک ختم گئی تھیں۔

"اینڈ آئی نو ہر ویری ویل! وہ اس سچویشن کا فائدہ اٹھائے گی۔"

جمیلہ داؤد پھٹی پھٹی آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھیں۔ وہ آج شام اعظم شیرازی کے منع کرنے کے باوجود ہارون کو فارس کے حادثے کے بارے میں بتانے والی تھیں۔ اس کا بیٹا پانچ دن تک اغوا رہا ہے۔ اسے گولیاں لگی ہیں، اس کی سرجری ہوئی ہے۔ وہ شدید تکلیف میں، زندگی اور موت کے درمیان ہے۔ ہاں وہ اسے سب کچھ بتانے والی تھیں۔

تاہم اب لب سل گئے تھے۔ آواز گم ہو گئی تھی۔

ہارون شیرازی نے خود کو اپنے باپ کے رنگ اور فیصلوں میں ڈھال لیا تھا۔ وہ ویسا ہو گیا تھا جیسا اعظم شیرازی چاہتے تھے۔ وہ اسے نہیں بدل سکتی تھیں۔ وہ کسی کو نہیں بدل سکتی تھیں۔

ہارون ان سے مخاطب تھا۔ ان کے تاثرات سے کچھ پریشان ہو رہا تھا۔ انہیں کیا ہوا تھا وہ جاننا چاہتا تھا مگر وہ دم سادھے چپ چاپ نم آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھیں۔ ایک بار پھر اس میں فارس کا باپ ڈھونڈ رہی تھیں اور وہ انہیں مل نہیں رہا تھا۔ فارس کا باپ اب انہیں کبھی مل نہیں سکتا تھا۔

''کیا سب ٹھیک ہے؟''

وہ چپ رہیں۔ ایک لفظ بھی ادا نہ کیا۔ طبیعت خرابی کا بہانہ کر دیا۔

حقیقت چھپانے کو اب صرف بہانے ہی رہ گئے تھے۔ ورنہ آنکھیں جو راز عیاں کرتی تھیں، انہیں سمجھنے کی نظر کہیں کھو گئی تھی۔

☆......☆......☆

وہ پچھلے دو ہفتوں سے ایک ہی جیسے اور انجان چہرے دیکھتا آ رہا تھا۔ کتنی دیر ہوش میں رہتا تھا تو وہی چہرے ہی نظر آتے تھے۔ ایسی آوازیں جنہیں وہ مفہوم پہنانے سے قاصر رہتا تھا۔ باتیں وہ جو سمجھ میں نہیں آتی تھیں۔ ذہن جو دھند میں لپٹا ہر خیال کو تاریک سا کرتا رہتا تھا۔ درد کا احساس انگ انگ سے اٹھتا ہوا محسوس ہوتا تھا اور پھر وہی تاریکی اور عدم کا احساس...... اسے چہار سو اپنی لپیٹ میں لے لیتا۔ کئی بار وہ بند تاریک کوٹھری میں ڈوبتی ابھرتی سانسوں کے تصور سے چیخا تھا۔ کئی بار اس نے گھبرا کر اور کچھ بوکھلا کر وجود کو حرکت دینے کی سعی کی تھی۔ اٹھنے کی کوشش کی تھی اور پھر اپنے زخموں سے اٹھتی درد کی ٹیسوں کو بھی سہا تھا۔ وہ متوحش ہو جایا کرتا تھا۔ دہشت اور خوف سے کپکپانے لگتا تھا۔ اجنبی چہرے، اجنبی لوگ۔ سفید جگہ...... سفید احساس...... منجمد، برف کا سا...... مگر اب کی بار جو چہرہ اس نے دیکھا وہ جانا پہچانا تھا۔ مبہم، دھندلا...... مگر روشن۔

پہچان کی منازل طے ہوئیں تو اندر تک سب درہم برہم ہو گیا۔ وہ دواؤں کے زیر اثر ابھرنے والا وقتی سکون..... وہ درد کو دباتا محلول..... سب بے اثر ہو گیا۔

اس کا ہاتھ ان کے ہاتھ میں تھا۔ ان کا ہاتھ اس کے گال پر تھا۔ ان کا چہرہ آنسوؤں سے تر تھا۔ وہ رو رہی تھیں۔ جمیلہ داؤد رو رہی تھیں۔

اس نے ایک دم سے لبوں کو جنبش دیتے، آنکھیں میچ کر کھولتے، اپنے ہاتھ کو حرکت دی تھی۔ ہاتھ بھاری تھا۔ جانے وہ کیا کہہ رہی تھیں، وہ سن نہیں پا رہا تھا۔ اس نے کس قدر کوشش سے اپنا ہاتھ ان کی گرفت سے نکالنے کی کوشش کی تھی۔ کیوں کی تھی، وہ نہیں جانتا تھا۔

''چھوڑیں۔'' وہ کہنا چاہتا تھا مگر کہہ نہیں پا رہا تھا۔ آواز حلق میں گھٹ کر رہ گئی تھی۔ ''چھوڑیں مجھے.....'' اس نے کہا تھا۔ اس نے ایک دم سے بھرائی ہوئی آواز میں زور لگا کر کہا تھا۔

جمیلہ داؤد کی گرفت ایک دم سے ڈھیلی پڑی تھی۔

''جائیں!'' اپنا رخ دوسری طرف کرتے، وہ روتے ہوئے چیخا تھا۔

وہ چہرہ..... وہ اسے یہاں کیوں نظر آیا تھا؟

اب کیوں نظر آیا تھا؟

وہ آواز کیوں سنائی دے رہی تھی۔

نرس نے جمیلہ کو وہاں سے ہٹا دیا تھا۔ وہ ان کی منت، اور اصرار کے باوجود انہیں روم سے باہر لے گئی تھی۔

انہیں یہاں نہیں ہونا چاہیے تھا.....

انہیں یہاں نہیں ہونا چاہیے تھا۔

وہ آنکھیں موندے روئے جا رہا تھا۔ ذہن پر دھند چھائی ہوئی تھی۔ اسے درد ہو رہا تھا۔ سینے میں، بازو پر، سر کے پچھلے حصے اور پیٹ کی بائیں طرف درد ہو رہا تھا۔

https://novelskiduniya.com/ Novels Ki Duniya

اس نے گزشتہ رات بھی اٹھنے کی، یہاں سے فرار کی کوشش کی تھی۔ یہی کوشش وہ ایک بار پھر کر رہا تھا۔ اپنے مختل ہوتے حواسوں کے ساتھ...... وہ اپنے زخموں کی پروا کیے بغیر پھر سے اٹھنے لگا تھا۔

پہلے اعظم شیرازی تھے۔ اب سیاہی مائل ہیولا تھا۔ بند کوٹھری تھی اور اندھیرا تھا۔ بارش کی آواز تھی اور عبدل کا چہرہ تھا۔ گاڑی کے شیشے بار بار ٹوٹ رہے تھے۔ ہر بار وہ گھومتی ہوئی گاڑی کے اندر فنا ہو رہا تھا۔ وہ بار بار لہولہان ہو رہا تھا۔ نرس اسے زبردستی پکڑ کر بیڈ پر لٹا چکی تھی۔ وہ اس سے کچھ کہہ رہی تھی۔ وہ اپنے ہاتھ کھینچ رہا تھا۔ وہ شدت سے رو رہا تھا۔

وہ نارمل نہیں تھا۔ وہ اس حادثے کے بعد نارمل ہو بھی نہیں سکتا تھا۔ اتنا درد، اذیت، اپنوں کی بے رخی سہنے کے بعد، بے خبری میں رہنے کے بعد، خوف میں اترنے کے بعد وہ کسی طور نارمل نہیں ہو سکتا تھا۔ وہ اپنے ڈاکٹرز، نرسز کے قابو میں نہیں آ رہا تھا۔ اسے یقین سا تھا زندگی کے جھانسے میں وہ ایک بار پھر مرنے والا تھا۔ بار بار مرنے والا تھا...... اس کا اعتماد، بھروسا، ختم ہو چکا تھا۔ اسے ہر چہرہ اپنا دشمن نظر آ رہا تھا۔

بند دروازے کے اس پار اس کی آواز سنتی جمیلہ داؤد منہ پر ہاتھ رکھے اپنی سسکیاں دبائے کھڑی رہ گئی تھیں۔

☆......☆......☆

وہ دوپہر میں گھر آئی تھیں اور کسی طور اپنے حواسوں میں نہیں لگ رہی تھیں۔ کھانا انہوں نے نہیں کھایا تھا۔ کمرے میں بند ہو کر آرام کرنے کی کوشش کی تھی مگر نیند آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔ کتنی ہی دیر تک وہ کچھ بے قراری سے پورے گھر میں ٹہلتی رہیں، بڑبڑاتی رہیں۔ سر تھام کر اپنے آنسو دباتی رہیں۔ گھر کے افراد کے سامنے انہیں ہشاش بشاش چہرے کے ساتھ آنا تھا۔ دعوت کا انتظام دیکھنا تھا۔ نبیلہ شیرازی کے ساتھ شاپنگ پر جانا تھا۔ آج کے دن اور آنے والے مختلف دنوں کے لیے مختلف پروگرام تھے۔ ان کا دماغ ماؤف تھا۔ وہ علیزے کو سن رہی تھیں مگر کوئی بھی جواب نہیں دے رہی تھیں۔ شام تک

انہوں نے سارے پلانز کینسل کر دیے۔ جو دعوت ہفتے کو رکھی گئی تھی، اسے ملتوی کر دیا۔ فیملی گیدرنگ کے لیے معذرت کر لی۔ ان سے کوئی بھی کام ٹھیک سے نہیں ہو رہا تھا۔ ہارون ان کے لیے کچھ پریشان ہوا تھا مگر انہوں نے طبیعت خرابی کا بہانہ کر دیا تھا۔ گھر میں صرف اعظم شیرازی جانتے تھے ان کی یہ حالت کس وجہ سے تھی۔ حیرت انگیز طور پر انہوں نے ان پر کوئی دباؤ نہیں ڈالا تھا۔ نہ ہی انہیں ہاسپٹل جانے سے روکا تھا۔ وہ جیسے انہیں وقت دے رہے تھے۔ سنبھلنے کا وقت...... پلٹنے کا وقت!

''ڈاکٹرز کہہ چکے ہیں وہ اب خطرے سے باہر ہے، اس پر اتنا اسٹریس لینے کی کیا ضرورت ہے؟''

وہ اعظم شیرازی کو دیکھ کر رہ گئی تھیں۔ کم از کم اس حادثے کے بعد ایسے رویے کی توقع نہیں تھی انہیں۔ کچھ نہ سہی، فارس کی اذیت پر انسانی ہمدردی کے ناتے وہ ذرا سی نرمی دکھا سکتے تھے۔ تسلی کے چند بول، دعا...... بہتری کی امید...... کچھ تو کہہ سکتے تھے۔

ان کے لیے بس یہ اہم تھا کہ لڑکا ''زندہ'' تھا۔ ان کے لیے سانسوں کا چلنا ''زندگی'' تھی۔

ان کی سوچ شخصیت اور ارادوں میں کوئی فرق نہیں آیا تھا۔ انہیں اپنے کسی فیصلے پر دکھ تھا، نہ ہی پشیمانی ہو رہی تھی۔ جو بھی ہوا تھا حماد کی غلطی اور من مانی سے ہوا تھا۔ لڑکا زندہ تھا۔ اس کی سانسیں چل رہی تھیں صرف یہی ایک بات زندگی کی دوڑ میں واپس لانے کے لیے کافی تھی۔

اگر فارس کی جگہ حماد ہوتا تو کیا وہ تب بھی یہ بات کہتے؟ انہوں نے سوچتے ہوئے آنسو اپنے اندر اتار لیے۔ بے رحمی ان کی تھی۔ دل ان کا کتنا تھا۔ رویہ ان کا تھا، تکلیف انہیں ہوتی تھی۔

انہوں نے کچھ نہ کہا۔ کوئی بحث نہ کی، کوئی سوال نہ رکھا، کوئی احساس نہ جگایا۔ ان باتوں کا اب کوئی فائدہ نہ تھا۔ وہ ان سے اجازت لے کر سیڑھیوں کی جانب بڑھ گئی تھیں۔

اعظم شیرازی کوٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے انہیں دیکھتے رہے تھے۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

دروازے پر دستک دے کر حماد اجازت ملتے ہی اندر آ گیا تھا۔

اعظم شیرازی نائٹ گاؤن میں ملبوس ایک فائل ہاتھ میں لیے بیڈ پر بیٹھے تھے۔ ملازم چائے کا کپ اور پانی کا گلاس سائیڈ ٹیبل پر رکھ رہا تھا۔ اس پر نظر پڑتے ہی انہوں نے فائل رکھ دی۔ گلاسز اتار دیے۔ ملازم اشارہ ملتے ہی جا چکا تو فرصت سے اس کی طرف متوجہ ہوئے۔

''میں آپ سے سوری کہنے آیا ہوں۔''

اعظم شیرازی چند لمحوں تک اسے دیکھتے رہے۔

''میں نے بہت غلط کیا ہے مجھے آپ کی بات ماننی چاہیے تھی۔'' وہ شرمندہ لگ رہا تھا۔

وہ پچھلے ایک ماہ سے مسلسل اسے نظرانداز کر رہے تھے۔ دونوں کے مابین کھانے کی میز پر کوئی بات نہیں ہوتی تھی۔ آؤٹنگ کا پروگرام نہیں بنتا تھا۔ ایک دوسرے کو وقت دینے کی روٹین ختم ہو چکی تھی۔ وہ اس سے اس قدر ناراض ہوئے تھے کہ خود سے مخاطب بھی نہیں کرتے تھے۔

اس کے لیے یہ سب ناقابل برداشت تھا۔ اس طرح کے غصے اور ناراضی کا سامنا وہ پہلی بار کر رہا تھا۔ کتنی بار اس نے معذرت کی کوشش کی تھی مگر وہ موقع نہیں دے رہے تھے۔ اپنے کاروباری معاملات میں اس قدر مصروف رہنے لگے تھے کہ اب گھر بھی دیر سے آتے تھے۔

اعظم شیرازی کچھ دیر تک اسے دیکھتے رہے۔ پھر اسے اپنے پاس بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ وہ بیٹھ گیا مگر سر ہنوز جھکا ہوا تھا۔

''اپنی پوزیشن اور اسٹیٹس کے لحاظ سے تمہیں اندازہ ہونا چاہیے تھا کہ تمہارا ایک غلط فیصلہ.....ایک غلط مطالبہ صرف تمہارے لیے ہی نہیں بلکہ ہم سب کے لیے کتنے بڑے مسائل کھڑے کر سکتا ہے۔''

حماد کا سر جھکا رہا۔

''تمہیں میرا حکم ماننا چاہیے تھا۔'' وہ اب اسے سمجھا رہے تھے۔

ان کا لہجہ معمول کی طرح اب نرم تھا۔ تاثرات میں سختی نہ تھی۔ خفگی کا کوئی شائبہ نہ تھا۔ وہ انہیں خاموشی سے سن رہا تھا۔ اسے اندازہ تھا اس سے کتنی بڑی غلطی ہوئی تھی۔ اس نے اپنے دادا کا حکم نہیں مانا تھا۔ ان کا اعتماد توڑا تھا۔ مگر یہاں کوئی اور بات تھی جو اسے دکھی کر رہی تھی۔ اس کے اندر کے اطمینان کو سلب کر رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/

وہ اسے سمجھا کر خاموش ہوئے تھے تو اس نے سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔ لمحے بھر کے لیے کچھ سوچا۔

''از ہی امپورٹنٹ ٹو یو (کیا وہ آپ کے لیے اہم ہے)؟'' اندر کہیں سلگتے انگاروں کی سی تپش تھی۔

''ہو؟'' (کون)

''فارس!''

اعظم شیرازی نے گردن موڑ کر اسے دیکھا۔

آنکھوں میں لمحے بھر کے لیے حیرت اتری تھی۔ حماد کا سوال ہی ایسا تھا۔

''کیا وہ فارس کی حقیقت جان گیا ہے؟''

Novels Ki Dunya

''تم سے زیادہ اہم میرے لیے اور کوئی نہیں ہو سکتا۔''

''لیکن آپ نے یہ نہیں کہا کہ وہ امپورٹنٹ نہیں ہے!''

اعظم شیرازی لمحے بھر کے لیے تھمے تھے۔ نظر اٹھا کر اپنے سترہ برس کے پوتے کو دیکھا۔ اس کا سوال، انداز اور لہجہ...... اس کی آنکھیں کسی گہری سوچ کی غماز لگ رہی تھیں۔ وہ اندرونی خلفشار کا شکار لگ رہا تھا۔

''وائے آر یو کمپیئرنگ یور سلف ود ہم؟'' انہوں نے متحمل ہو کر پوچھا تھا۔ ان کے پوتے کے ذہن میں فارس وجدان کیسے آ گیا تھا۔ وہ اس کے ساتھ اپنا موازنہ کیونکر کر رہا تھا؟

''کیونکہ آپ......'' حماد کچھ کہتے کہتے رک گیا۔ وہ اس دن کا حوالہ دینا چاہتا تھا جب اسے ڈانٹ پڑی تھی۔ جب اعظم شیرازی نے اس پر آواز بلند کی تھی۔ جب اس پر غصہ دکھایا تھا۔ اور پھر پورے ایک ماہ تک، وہ ناراض ہی رہے تھے۔ اس نے ہمت مجتمع کر کے ان سے کہہ دیا۔ وہ سب جو اس عرصے میں اس کے ذہن میں چل رہا تھا۔

''یہ سب اس لڑکے کی وجہ سے نہیں تھا۔'' انہوں نے سنجیدگی سے کہا۔ چہرے کے تاثرات ہمیشہ کی طرح سپاٹ، آواز مضبوط تھی۔

''تمھاری یہ غلطی معمولی نہیں تھی۔ تم نے اپنے لیے خطرہ مول لیا تھا اور میں اس پر ایسے ہی ری ایکٹ کر سکتا تھا۔''

https://novelskidunya.com/

وہ اپنے دادا کو دیکھ رہا تھا۔

''ان لوگوں کا ٹارگٹ تم تھے۔ اگر انہیں ذرا سی بھنک پڑتی کہ تم کس گاڑی میں سفر کر رہے ہو تو آج......'' انہوں نے دانستاً بات ادھوری چھوڑ دی۔ حماد کو اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ اسے اپنے دادا کا غصہ، ناراضی جیسے اب بہتر طور پر سمجھ آ رہی تھی۔ اس نے فارس سے پہلے خود اپنی زندگی کو خطرے میں ڈالا تھا۔ اسے خوشی تھی کہ وہ اس کے علاوہ کسی اور کے لیے فکر مند نہیں تھے۔

NovelsKiDunya

وہ جانتا تھا فارس نامی لڑکا ان کی ہی کفالت میں تھا۔ ان کی ہی وجہ سے شیرازی مینشن میں رہتا تھا۔ وہ لڑکا اس کی ممی کے لیے بھی اہم تھا۔ وہ کبھی سمجھ نہیں پایا تھا وہ اسے اتنی اہمیت کیوں دیتی تھیں۔ دوسرے ملازموں کی نسبت ان کی تمام تر توجہ صرف اس ایک لڑکے پر کیوں رہتی تھی۔ وہ اس کے معاملے میں کلاس کا فرق تک بھول جاتی تھیں۔ مہنگی سے مہنگی چیز اس لڑکے کی دسترس میں ہوتی تھی۔ ہر وہ چیز جس پر اس کا حق تھا۔ ہر وہ چیز جو اس کے اسٹیٹس کے حساب سے صرف اس پر جچتی تھی وہی چیز فارس وجدان کے پاس ہوا کرتی تھی۔

تین سال پہلے تک وہ یہ فرق اپنی آنکھوں سے دیکھتا آیا تھا۔ تین سال بعد وہ یہی فرق ایک بار پھر دیکھ رہا تھا۔ اور اسے یہ سب بالکل اچھا نہیں لگا تھا۔ ممی کی فکر...... اور دادا کی ناراضی......

یہی وجہ تھی کہ اس کے احساسات آگ جیسے ہوتے رہے تھے۔

مگر اب اس نے دیکھا تھا کہ دادا کے انداز اور لہجے میں اس لڑکے کے لیے کوئی فکر نہیں تھی۔ انہوں نے اب تو اس کا ذکر بھی نہیں کیا تھا نہ پہلے کسی تفصیل سے آگاہی دی تھی نہ اب دے رہے تھے۔ دادا فارس نامی اس لڑکے کو اس بحث سے مکمل طور پر خارج کر چکے تھے۔

حماد کو ایک دم سے تسلی کا احساس ہوا۔ دادا جھوٹ نہیں بولتے تھے۔ ان کی فکر صرف اس کے لیے تھی۔ خوف صرف اس کے لیے تھے۔ محبت صرف اس کے لیے تھے۔

''بھلا ایک ملازم لڑکے کے ساتھ اس کا کیا موازنہ؟''

وہ کتنا بے وقوف تھا۔ کتنا غلط سوچ رہا تھا۔ اس کے تاثرات ایک دم سے بہتر ہو گئے۔ آنکھوں سے الجھن مفقود ہو گئی۔ دل میں غصہ نہ رہا۔

وہ مطمئن ہو کر چلا گیا تھا۔ گلاسز آنکھوں پر لگاتے اعظم شیرازی نے اپنی فائل دوبارہ اٹھالی تھی۔ ذہن لمحے بھر کے لیے بھٹکا تھا۔ سوچ کسی اور طرف چلی گئی تھی۔ سائن کرتے کرتے وہ رک گئے تھے۔ سر جھٹک کر وہ پھر سے فائل اسٹڈی کرنے لگے تھے۔

☆......☆......☆

اسے وہ تاریکی یاد تھی مگر اغوا کار کے چہرے یاد نہیں تھے۔ ان کی باتیں ذہن میں گونجتی تھیں لیکن اب سمجھ نہیں آتی تھیں۔ منظر جھلکیوں میں ابھرتے تھے، کبھی کھلی آنکھوں میں خواب کا روپ دھار لیتے۔ ہر بار وہ کہیں قید ہوتا۔ چیختے چلاتے ہوئے کسی کو بلا رہا ہوتا۔ قید...... اندھیرا...... اور بندھے ہوئے ہاتھ۔

گولیوں کی آوازیں، اور پھر سناٹا۔ اسے باتیں یاد نہیں آ رہی تھیں۔ اسے چہرے بھولتے جا رہے تھے۔

یہ ادویات کا اثر نہیں تھا، نہ ہی سائیڈ افیکٹس کا کوئی دخل تھا۔ اس کا دماغ حفاظتی دیواریں سی بناتا جارہا تھا۔ کچھ وقت، حالات اور واقعات کو مٹاتا جارہا تھا۔ مناظر دھندلے ہورہے تھے۔ باتیں مدھم ہورہی تھیں۔ سب یاد ہوتے ہوئے بھی وہ بہت کچھ بھولتا جارہا تھا۔

وہ ایک ماہ ہاسپٹل میں رہا اور اس دوران یہی سب ہوتا رہا۔ اب وہ گھر میں تھا اور یہ سب پھر سے ہورہا تھا۔ وہ پھر سے ناسمجھ میں آنے والی اس کیفیت پر رو رہا تھا۔ وہ خوف جو اس کی روح کھینچ رہا تھا۔ وہ درد جو انگ انگ سے اٹھتا ہوا محسوس ہورہا تھا۔

دروازہ کھل گیا۔ دبے قدموں کے ساتھ کوئی چلتا ہوا اندر آگیا۔ اوپری منزل کی تمام بتیاں روشن ہوچکی تھیں۔ آغا علی دروازے میں رک گیا تھا۔ جمیلہ داؤد اس کے پاس آگئی تھیں۔ اس کا کمرہ ہر وقت روشن رہتا تھا مگر وہ پھر بھی اندھیروں میں گھر جاتا تھا۔

گزشتہ ایک ماہ سے وہ جنہیں مسلسل نظر انداز کررہا تھا، جن سے کوئی بات نہیں کررہا تھا۔ جنہیں اپنے قریب آنے نہیں دے رہا تھا تو اس لمحے باوجود ہمت اور کوشش کے وہ انہیں خود سے دور نہیں کرسکا۔ ان کی آغوش میں ایک سکون تھا۔ ان کے حصار میں آرام تھا۔ ان کا لمس زخموں پر مرہم تھا۔ وہ ہاسپٹل میں تھا تب بھی وہ اس سے ملنے آتی رہی تھیں۔ گھر پر تھا تو یہاں بھی۔ اکثر اوقات رات میں بھی ٹھہر جاتی تھیں۔ وہ اپنا وقت اور روٹین کیسے مینج کر پارہی تھیں وہ نہیں جانتا تھا۔ اعظم شیرازی کے سخت قوانین کے باوجود اس کے پاس کیسے آجاتی تھیں یہ بھی نہیں جانتا تھا۔ علم تھا تو صرف ایک بات کا کہ......

وہ ''وہاں'' تھیں جہاں وہ تنہا تھا۔

''کوئی نہیں ہے یہاں۔ کچھ بھی نہیں ہے۔ تم خواب میں ڈر گئے تھے۔ ریلیکس......'' خود سے لگائے وہ کہہ رہی تھیں۔

دروازے پر کوئی کھڑا تھا۔ وہ ایک نیا چہرہ تھا۔ وہ جمیلہ داؤد سے کچھ پوچھ رہا تھا۔ اور وہ اس سے

پوچھ رہی تھیں۔

''کیا وہ سینے میں کہیں درد محسوس کر رہا ہے؟ کیا اسے تکلیف کا احساس ہو رہا ہے؟''اس کے لب خاموش تھے۔وجود لرز رہا تھا۔مگر چہرہ تر تھا۔

آواز ابھی بھی تھی......

گولیوں کی......

بارش کی......

تاریک کوٹھری میں

مبہم قہقہے کی......

https://novelskidunya.com/

☆......☆......☆

رات کے آخری پہر اس کی آنکھ کھل گئی تھی۔نظر بالکل سامنے کاؤچ کے آگے سجدہ ریز وجود پر پڑی۔اور پھر ٹھہری رہ گئی۔نیم تاریکی میں منظر بدلنے لگا تھا۔اندھیرا احساسات سے الجھنے لگا تھا۔خوف کو جگانے لگا تھا۔

ناولز کی دنیا NovelsKiDunya

تاریک کوٹھری،مدھم سا قہقہہ،سوالیہ لہجہ اور انداز......اور گولیوں کی آواز۔

اس کی پیشانی پسینے سے تر ہوئی تھی۔رنگت سفید ہو رہی تھی۔سانسیں بھاری،وجود پر ایک کپکپی سی طاری تھی۔

اس نے سفید چادر کو مٹھیوں میں بھینچ لیا تھا۔

وہ سجدے سے اٹھ کر بیٹھ گئیں،پھر وہ سلام پھیرنے لگی تھیں۔کسی احساس کے تحت مڑ کر اس کی جانب دیکھا۔بے اختیار اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئیں۔

مدھم سی نیلگوں روشنی اس کے تاثرات نمایاں کر رہی تھی۔لب باہم پیوست کیے وہ بھاری

سانسیں لیتا انہیں ہی دیکھ رہا تھا۔ وہ خشک لبوں کو تر کرتی آہستگی سے قدم اٹھاتی اس کے پاس آ گئی تھیں۔
اس کی آنکھوں کے تاثر سے دل کٹ کر رہ گیا تھا۔ وہ خوفزدہ لگ رہا تھا۔

محتاط ہو کر وہ اس کے پاس بیٹھ گئی تھیں۔ اس کا سختی سے بھینچا ہوا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا تھا۔ ہاتھ کپکپا رہا تھا۔ پھر اس نے اٹھنے کی کوشش کی تھی مگر اٹھ نہیں پا رہا تھا۔

"لیٹے رہو۔" وہ ایک دم سے پریشان ہوئی تھیں۔

"لائٹ...... آن...... کر دیں۔"

وہ خوفزدہ تھا، اس کا وجود کپکپا رہا تھا۔ اسے سانس لینے میں دشواری ہو رہی تھے۔ اس کے گال آنسوؤں سے تر ہو رہے تھے۔

جمیلہ نے کمرے کی لائٹس آن کر دیں۔ جھک کر اسے اپنے حصار میں لے لیا۔

"شیش...... میں تمہارے پاس ہوں۔ سب ٹھیک ہے۔" اس کے گرد اپنی گرفت مضبوط کیے، اس کی پشت پر ہاتھ پھیرتے اسے خود میں سمو لیا۔

"وہ مجھے...... وہ مجھے مار دیں گے۔" اس کی سانسیں چڑھی ہوئی تھیں۔ وہ بری طرح سے کپکپا رہا تھا۔

دروازہ آہستگی سے کھلا تھا اور کھلا ہی رہ گیا تھا۔ قدموں کی حرکت وہیں تھم گئی تھی۔ ہاتھ ہینڈل پر ٹھہر گیا تھا۔

"کوئی تمہیں کچھ نہیں کہے گا۔ میں ہوں نا تمہارے پاس جسٹ ریلیکس......" وہ آنکھوں میں نمی لیے اس سے کہہ رہی تھیں، اسے سمجھا رہی تھیں۔ اسے کوئی خوف اور خطرہ نہیں ہے۔ وہ اب محفوظ ہے۔

مگر وہ محفوظ نہیں تھا۔ وہ اب کبھی بھی خود کو محفوظ تصور نہیں کر سکتا تھا۔

یہ حادثہ چھوٹا نہیں تھا، یہ واقعی معمولی نہیں تھا۔

وہ اسے خود میں چھپائے برابر میں ہی اس طرح سے نیم دراز ہوگئی تھیں تاکہ اس کا خوف کچھ کم ہو سکے۔ وہ اس دہشت بھری کیفیت سے باہر نکل سکے۔ وہ ان کی آغوش میں خود کو محفوظ تصور کر کے سو جائے۔ اور وہی ہوا تھا۔ وہ جیسے جیسے مختلف دعائیں اور آیات پڑھ کر پھونکتی رہی تھیں تو وہ سچ مچ پر سکون ہو کر سو گیا تھا۔

ہینڈل سے ہاتھ ہٹ گیا تھا۔ دبے قدم کوئی پیچھے ہوا تھا۔ راہداری میں قدموں کی اب کوئی چاپ بھی نہ رہی تھی۔

☆......☆......☆

وہ جس ایک چہرے کو جانتا تھا، اب اس سے منہ نہیں موڑ پا رہا تھا۔ وہ اس کے کام کرنے لگی تھیں اور وہ انہیں کرنے دے رہا تھا۔ ان کے ہاتھ سے کھانا کھا رہا تھا۔ ان کے ساتھ لان میں واک پر جا رہا تھا۔ وہ اس کی ادویات کا علم رکھتی تھیں۔ اس کے زخموں کی بینڈیج بھی وہ کرنے لگی تھیں۔ وہ ہر کام جو نرس کے ذمے تھا، انہوں نے اپنے سر لے لیا تھا۔ وہ اسے جلد از جلد صحت مند دیکھنا چاہتی تھیں، وہ پہلے کی طرح ہنسے، بولے، مسکرائے۔ ان کی دوستی پھر سے پروان چڑھے۔ تعلق پھر سے بحال ہو۔ اس کی اذیت ختم ہو۔ خوف کم ہو۔

لیکن یہ سب آسان نہیں تھا۔ ہرگز آسان نہیں تھا۔

وہ ان کی اس کوشش کو ناکام بنا رہا تھا۔ وہ ٹھیک نہیں ہونا چاہ رہا تھا۔ وہ اپنے خوف کا سامنا نہیں کر رہا تھا۔

اس کی خاموشی کا حصار تب ٹوٹا تھا جب شام کے آٹھ بجے اس نے کچھ آوازیں سنی تھیں۔ وہ ان آوازوں کے تعاقب میں اٹھ کر کمرے سے باہر آیا تھا اور پہلی بار خود سے آیا تھا۔ دیوار کے ساتھ قدم اٹھاتے کسی مانوس آواز کے سماعت سے ٹکراتے اپنی جگہ رک گیا تھا۔ آواز بائیں جانب سے آ رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

لاؤنج میں کوئی جمیلہ داؤد کے ساتھ موجود تھا۔ وہ اس آواز کو، لہجے کو، انداز کو بہت اچھے سے پہچانتا تھا۔

جمیلہ داؤد کی واپسی کی ٹکٹ کنفرم ہو چکی تھی۔ اعظم شیرازی انہیں واپسی کا کہہ رہے تھے، وہ انکار کر رہی تھیں۔ اور اس انکار سے ایک بحث چھڑ گئی تھی۔

''اگر میں نے تمہیں فارس سے ملنے دیا ہے تو اس کا ہرگز مطلب یہ نہیں ہے کہ تم اپنی من مانی کرو گی۔ کل تمہاری فلائٹ ہے اور تم اپنی فیملی کے ساتھ واپس جا رہی ہو۔ اینڈ ویٹس اٹ!'' ان کا لہجہ محکم اور آواز رعب بھری تھی۔

''آپ ایک ماں سے کہہ رہے ہیں وہ اپنے بیمار بچے کو چھوڑ کر جائے۔''

''وہ تمہارا بچہ نہیں ہے۔''

''وہ میرا بچہ ہے۔'' ایک ایک لفظ پر زور دیتے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

''نو سال ہو گئے ہیں بابا، آپ ابھی تک یہ بات نہیں سمجھ پائے۔''

''جمیلہ!'' اعظم شیرازی کی مٹھیاں سختی سے بھینچ گئی تھیں۔

انہوں نے تحمل سے اسے روکا تھا۔ وہ مزید کوئی لفظ نہیں سننا چاہتے تھے۔ چاہتے تھے تو صرف یہی کہ ابھی اسی وقت ان کے ساتھ گھر چلے۔ اور وہ جانا نہیں چاہتی تھیں۔

صرف اس لیے کہ ڈاکٹرز نے سفر سے منع کیا تھا، وہ فارس کو ابھی تک لندن نہیں بھیج سکے تھے۔ ورنہ اب تک یہ معاملہ ہی ختم ہو چکا ہوتا۔ جمیلہ داؤد کے پاس رکنے کا کوئی جواز نہ بچتا۔ وہ ایسے مطالبے کو حق بھی نہ رکھتیں۔

''تم ہارون کے ساتھ نہیں جاؤ گی تو سو سوال اٹھیں گے، تمہیں اندازہ ہونا چاہیے کہ ہمارے ہر move پر نظر رکھی جا رہی ہے۔ خطرہ صرف حماد کو نہیں تھا۔ اس کی لپیٹ میں تم بھی آ سکتی ہو۔ ہارون بھی

آ سکتا ہے۔اس لیے بہتر یہی ہوگا کہ تم خاموشی سے چلی جاؤ۔''

''اور فارس......اسے یہاں اکیلا چھوڑ دوں؟''

''وہ اکیلا نہیں ہے۔میرے آدمی اس کا خیال رکھ سکتے ہیں۔'' انہوں نے کہا تھا، اور وہ آنکھوں میں نمی لیے چند لمحوں تک کھڑی رہی تھیں۔

''میں امریکا نہیں جاؤں گی۔'' لہجہ حتمی تھا۔

اعظم شیرازی کی پیشانی کی رگیں ابھر آئی تھیں۔تاہم وہ ضبط کیے کھڑے تھے۔

''تم ایسا کوئی مطالبہ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہو۔'' سخت لہجے میں کہہ کر جانے کے لیے مڑے۔

''اگر آپ مجھے فورس کریں گے تو میں اپنے میکے چلی جاؤں گی لیکن فارس کو اس حالت میں چھوڑ کر کہیں نہیں جاؤں گی۔''

اعظم شیرازی کے قدموں کی حرکت تھم گئی تھی۔مڑ کر انہیں دیکھا تھا، کچھ حیرت اور صدمے سے۔ان کے لفظ تھے ہی ایسے۔ان کی بات تھی ہی ایسی۔وہ منجمد تاثرات کے ساتھ آنکھوں میں بے یقینی لیے انہیں دیکھ رہے تھے۔

پہلی بار جمیلہ داؤد نے ان کا کوئی حکم اس طرح سے رد کیا تھا۔پہلی بار اس لہجے اور انداز میں بات کی تھی۔وہ انہیں اس لمحے کسی طور اپنے حواسوں میں نہیں لگ رہی تھیں۔

فارس وجدان دیوار پر ہاتھ رکھے بھاری سانسوں کے ساتھ ساکت کھڑا تھا۔اعظم شیرازی اسے نظر نہیں آرہے تھے مگر وہ جمیلہ داؤد کو دیکھ سکتا تھا۔وہ رو رہی تھیں۔وہ اعظم شیرازی کے سامنے اس کے لیے رو رہی تھیں۔وہ اس کے لیے لڑ رہی تھیں۔

گزشتہ تین سال اس نے غصے میں گزار دیے تھے۔وہ ان سے ناراض تھا، بہت زیادہ ناراض

تھا، ابھی تک ناراض تھا۔

وہ ان سے کوئی بات نہیں کرتا تھا۔ جواب نہیں دیتا تھا، نظر اٹھا کر دیکھتا بھی نہیں تھا، اور اب وہ دیکھ رہا تھا۔ تین سال اس کے لیے مشکل رہے تھے تو جمیلہ داؤد کے لیے بھی وہ وقت آسان نہیں رہا تھا۔

''یہ میری غلطی ہے کہ میں نے اس لڑکے کو شیرازی مینشن میں رکھا اور تمہیں اس سے ملنے دیا۔ یہ بھی میری غلطی ہے کہ تمہیں یہاں اس کے پاس آنے کی اجازت دی۔'' اعظم شیرازی کی آنکھیں شعلہ بار ہو رہی تھیں۔ لہجہ برف کی طرح ٹھنڈا تھا۔

''آپ اپنی رحم دلی کو غلطی کہہ رہے ہیں؟''

وہ ایک بار پھر اپنی جگہ تھمے تھے۔

''آرزو کا بیٹا میرے رحم کا مستحق نہیں ہے!'' کچھ غصے اور نفرت سے انہوں نے کہا۔

وہ لڑکا نہ ہوتا تو جمیلہ آج اس طرح نہ کر رہی ہوتیں۔

جمیلہ لب بھینچے انہیں دیکھ کر رہ گئیں۔

''شاید تم بھول رہی ہو کہ یہ لڑکا میری ذمہ داری ہے اور مجھے اسے زندہ رکھنا ہی ہے۔ یہی وعدہ تھا۔''

وہ اپنے فیصلے پر قائم تھے۔

بات کل بھی وعدے کی تھی۔ آج بھی وعدے کی تھی۔

جمیلہ نم آنکھوں کے ساتھ کھڑی تھیں۔

''آپ پھر سے میرا رابطہ اس سے بند کروا دیں گے؟ پھر سے مجھے دور کر دیں گے؟''

''جو ضروری ہو میں وہی کرتا ہوں۔ نکال دو اس لڑکے کو اپنے دماغ سے ...... فار گاڈ سیک......''

ان کی آواز ایک دم سے بلند ہوئی تھی۔

جمیلہ کا چہرہ آنسوؤں سے تر ہونے لگا۔ نظریں جھک گئیں۔

''کون کرتا ہے ایسے جیسے تم کر رہی ہو؟''

وہ چپ رہیں۔

''مجھے فورس مت کرو کہ میں کچھ ایسا کر دوں جس پر تمہارے پاس سوائے پچھتاوے کے اور کچھ نہ رہے۔''

جمیلہ کی سسکیاں بندھ گئیں۔

''نہ وہ تمہارا بچہ ہے، نہ ہی تمہاری ذمہ داری..... گھر جاؤ اور اپنی پیکنگ کرو۔ صبح کی فلائٹ ہے۔'' کہہ کر لمبے لمبے ڈگ بھرتے باہر چلے گئے۔

جمیلہ کچھ دیر تک اپنی جگہ کھڑی رہیں۔ کتنی دعائیں تھیں جو انہوں نے اعظم شیرازی کے دل کی نرمی کے لیے مانگی تھیں۔ ایک ذرا سا احساس..... فارس کے لیے احساس کی چاہ کی تھی۔

اتنا بڑا حادثہ ہو گیا اور وہ پھر بھی اپنی جگہ، اسی انا کے ساتھ قائم تھے۔ کوئی فرق ہی نہیں پڑا تھا انہیں۔

فارس وجدان بے آواز قدموں کے ساتھ واپس پلٹ گیا تھا۔

☆......☆......☆

وہ کمرے میں آئیں تو وہ سامنے ہی بیڈ پر سر جھکائے بیٹھا تھا۔ ان کا تو خیال تھا سو رہا ہو گا۔ لبوں پر مسکراہٹ لیے اس کے برابر میں آ بیٹھیں۔

''کیا ہوا؟ نیند نہیں آئی؟''

فارس نے گردن موڑ کر انہیں دیکھا۔ ان کی آنکھیں رونے کے باعث سوجی ہوئی سی لگ رہی تھیں مگر لبوں پر مسکراہٹ سی ٹھہری ہوئی تھی۔ وہ منتظر تھا اب وہ اس سے کیا کہنے والی تھیں۔ امریکا جانے کے حوالے سے کیا جواز پیش کرنے والی تھیں مگر جمیلہ خاموش تھیں۔ ان کے پاس کہنے کو کچھ نہیں تھا۔ وہ کل کی فلائٹ سے واپس جانے والی تھیں یہ بتانے کے لیے بھی کوئی لفظ نہیں تھا۔ ہمت نہیں تھی۔ وہ ہمیشہ

ہی اسے چھوڑ کر چلی جاتی تھیں جب اسے سب سے زیادہ ضرورت ہوتی تھی۔ بار بار پلکیں جھپکاتے ہوئے آنکھوں کی نمی دبا رہی تھیں۔ گلا کھنکھار کر، بدقت مسکراتے ہوئے وہ خود کو اس کیفیت سے نکالنے کی کوشش کر رہی تھیں۔

انہیں اندازہ تھا اب کے وہ ناراض ہوگا تو پھر کبھی نہیں مانے گا۔ اب کے وہ اسے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے کھونے والی ہیں۔

انہیں علم نہ تھا جو خاموش تھا اتنے دنوں سے وہ آج حقیقتاً خاموشی توڑنے والا تھا۔ اس کے دل سے بھاری بوجھ سرکانے والا تھا۔

''میں......ڈاکٹر مصطفیٰ سے ملنا چاہتا ہوں۔'' اس کے لب ہلے۔

وہ چونک کر اسے دیکھنے لگیں۔ اتنے دنوں بعد فارس نے ان سے بات کی تھی۔ اب تو خوشی بھی دل کو بھاری کر دیتی تھی۔

''آپ تو ویسے بھی چلی جائیں گی......تو میں سوچ رہا تھا کہ......'' وہ ایک ہی تسلسل میں اپنی بات مکمل نہیں کر پاتا تھا۔ ''میں سوچ رہا تھا کہ......میں ان کے پاس چلا جاؤں۔''

جمیلہ داؤد اپنی جگہ بیٹھی رہ گئیں۔

''کیا اس نے اعظم شیرازی کے ساتھ ہونے والی ان کی گفتگو سن لی تھی؟'' ان کے اندر غم بڑھ گیا۔ دل تڑپ گیا۔

کیا وہ ساری کی ساری سخت باتیں......اس نے اس حالت میں اپنے کانوں سے سن لی تھیں۔

''ڈاکٹر مصطفیٰ کے پاس......؟'' ان کی آنکھیں دھندلا رہی تھیں۔ آواز بھیگ رہی تھی۔

فارس کا سر جھکا ہوا تھا۔ جیسے کہ اس کی عادت تھی۔ وہ ان کے دوپٹے کا پلو اپنے ہاتھوں میں لے چکا تھا جیسا کہ ہمیشہ لیا کرتا تھا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

''انہوں نے ایک بار مجھے کہا تھا وہ مجھے اپنے ساتھ رکھ سکتے ہیں! وہ ہاسٹل میں بھی...... مجھ سے ملنے آتے تھے۔''

جمیلہ اپنے رونے پر قابو پائے چپ رہیں۔ ان کے لیے وہاں بیٹھنا مشکل ہو رہا تھا۔ فارس کو دیکھنا مشکل ہو رہا تھا۔

''ہاں میں...... میں آغا سے بات کروں گی کہ وہ ڈاکٹر مصطفیٰ سے تمہارا رابطہ کروا دے۔'' انہوں نے انگلی کی پشت سے بائیں آنکھ کا آنسو صاف کیا۔

''آپ جانے سے پہلے مل کر تو جائیں گی!'' سر اٹھا کر ان کی آنکھوں میں دیکھتے پوچھا۔

اپنے آپ پر جبر کرتے، آنسوؤں پر ضبط کے پہرے بٹھاتے اسے دیکھ کر رہ گئیں۔ وہ انہیں جانے کی اجازت دے رہا تھا۔ ظاہر کر رہا تھا جیسے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ جیسے اس کے لیے یہ کوئی بڑی بات نہیں تھی۔ وہ سب خود سے مینج کر لے گا۔ وہ ان کے لیے واپسی کا سفر آسان کر رہا تھا۔ اپنے طریقے سے انہیں الوداع کہہ رہا تھا۔ جمیلہ داؤد اسے چھوڑ کر جا سکتی ہیں۔ فارس وجدان نے ہر خواہش مٹا دی تھی۔ ناراضی ہٹا دی تھی۔

جمیلہ داؤد کو وہ اپنی عمر سے ایک دم سے بڑا لگا، زیادہ سمجھدار لگا۔ اس رات وہ بھاری دل کے ساتھ گھر واپس آ گئی تھیں۔ اس رات وہ باوجود کوشش کے بھی سو نہیں سکی تھیں۔

☆......☆......☆

وہ ایک بار پہلے بھی اسے چھوڑ کر گئی تھیں۔ ایک بار پھر اسے چھوڑ کر جا رہی تھیں۔ فارس نے ملنے کا کہا تھا مگر وہ اس سے ملنے نہیں آئی تھیں۔ ایک بار پھر الوداع کی ہمت نہیں تھی۔ پچھلی بار وعدوں کا سہارا تھا، رابطے کی تسلی تھی، واپسی کا ارادہ تھا۔ اور وہ کسی ایک عمل میں بھی کامیاب نہیں ہو سکی تھیں۔ اب کے ان کے پاس کچھ نہ تھا۔ نہ کوئی عہد...... نہ دینے کو کوئی امید، تسلی اور نہ ہی ملاقات کا وعدہ...... انہیں تو یہ بھی نہیں پتا تھا اب دوبارہ پاکستان کب آنے والی تھیں۔ جانے سے پہلے انہوں نے آغا علی سے ضرور

بات کی تھی۔ وہ چاہتی تھیں آغا ڈاکٹر مصطفیٰ سے فارس کی ملاقات کروا دے۔ مگر آغا اعظم شیرازی کے فیصلوں کا پابند تھا۔ فارس کی کسی سے بھی بات نہیں کروا سکتا تھا۔

''شاید آپ کو علم نہیں ہے مگر...... وہاں سب یہی جانتے ہیں کہ فارس مر چکا ہے۔''

شیرازی ہاؤس کے لان میں جمیلہ داؤد اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھیں۔ انہیں سماعت پر یقین نہیں آیا تھا۔ انہیں اعظم شیرازی کے اس فیصلے کی بھی سمجھ نہیں آئی تھی۔

''مر چکا ہے؟'' ان کے لب کپکپائے تھے۔ دل لرز اٹھا تھا۔

''سب یہی جانتے ہیں۔ سب ملازم...... گارڈز بھی۔'' آغا علی سر جھکائے مؤدب سا کہہ رہا تھا۔ ''یہ ضروری تھا کیونکہ......''

جمیلہ نے ہاتھ اٹھا کر اسے روک دیا۔ مزید کچھ سننے کی تاب نہیں تھی۔ اعظم شیرازی اب کیا کر رہے تھے جاننے کا اشتیاق نہیں تھا۔

آغا کہنا چاہتا تھا فارس کی زندگی ابھی بھی خطرے سے خالی نہیں تھی۔ جنہوں نے اسے اغوا کیا تھا وہ اس کے پیچھے دوبارہ بھی آسکتے تھے۔ ایک ذرا سی بھنک کہ وہ زندہ ہے بہت سے مسائل کھڑے کر سکتی ہے۔

فارس نے ان کا چہرہ دیکھا ہے، تبھی اسے مارنے کی کوشش کی گئی تھی مگر جمیلہ داؤد کو جیسے اب کوئی تفصیل نہیں چاہیے تھی۔ فارس وجدان کا وہ آخری مطالبہ...... انہیں ہر صورت پورا کرنا تھا۔ بہتر تھا وہ اس ماحول سے نکل جائے۔ اعظم شیرازی کے قہر بھرے حصار سے نکل جائے۔

اس نے آغا سے مدحت کا نمبر لے لیا۔ اسے کال کی۔ اس سے ڈاکٹر مصطفیٰ کے بارے میں پوچھا۔ دو ماہ پہلے تک وہ کوئٹہ میں ہی تھے مگر اب وہ وہاں نہیں تھے۔ ان کا گھر بھی بند، کلینک بھی بند تھا۔ وہ کہاں چلے گئے تھے کسی کو اس بات کا علم نہیں تھا۔

''تمھاری جب بھی ان سے بات ہو، میرا یہ نمبر انہیں دے دینا۔'' ساتھ ہی اپنا نمبر لکھوا دیا۔

''اور یہ بات صرف ہم دونوں کے درمیان رہنی چاہیے۔ تم میرے لیے اتنا تو کر ہی سکتی ہو؟''

https://novelskidunya.com/

''آپ بے فکر رہیں، کسی کو کچھ نہیں بتاؤں گی!'' مدحت نے یقین دہانی کروائی تھی۔
ان کی فلائٹ امریکا کے لیے روانہ ہوئی تو لگا دل وہیں رہ گیا ہے۔ سکون ختم۔ بے قراری انگ انگ میں سما گئی تھی۔
وہ فارس وجدان سے آخری بار ملے بغیر ہی جا رہی تھیں۔ اور یہ حقیقت ان کے وجود پر، ان کی روح پر بہت بھاری ہو رہی تھی۔

☆......☆......☆

''آرزو جہانگیر کے بیٹے کے لیے میرے دل میں کوئی رحم نہیں ہے۔'' وہ بیڈ سائیڈ سے ٹیک لگائے نیچے کارپٹ پر گھٹنوں سے ٹھوڑی لگائے بیٹھا تھا۔ کمرہ روشن تھا۔ کھڑکیاں بھی کھلی ہوئی تھیں۔ ہوا سے مخملیں پردے لہرا رہے تھے۔ کھڑکیوں سے سرسبز لان کے اس پار براؤن رنگ کا بڑا گیٹ نظر آتا تھا۔ وہ گیٹ آج صبح سے بند تھا۔ کوئی گاڑی حدود میں داخل نہیں ہوئی تھی۔ کوئی اسے الوداع کرنے نہیں آیا تھا۔ اس نے بیٹھے بیٹھے اپنا سر اٹھایا۔
''شاید تم بھول رہی ہو کہ یہ لڑکا میری ذمہ داری ہے اور مجھے اسے زندہ رکھنا ہی ہے۔ یہی وعدہ تھا۔''
ذمہ داری......زندگی......اور وعدہ!
ویران آنکھیں نم ناک ہونے لگیں۔ خاموش لبوں پر غم ٹھہر گیا۔
دروازہ کھلا ہوا تھا۔ حیدر وہاں سے گزر رہا تھا تو چونک کر رک گیا۔ اسی وقت اندر آ گیا۔ کمرے کی کھڑکیاں اس نے بند کر دیں۔ پردے بھی پھیلا دیے۔ اسے ایک پل میں انکشاف ہوا تھا کہ اس نے اپنی آج رات کی میڈیسن نہیں لی تھی۔ تبھی وہ رات کے اس پہر تک جاگ رہا تھا۔ اسے فارس پر اعتماد کرنے پر افسوس ہوا تھا۔ اب سمجھ میں آیا جمیلہ داؤد اسے اپنے ہاتھ سے ہی کیوں دوا کھلاتی تھیں۔
''آپ کو اب آرام کرنا چاہیے۔'' وہ اس کی حقیقت سے کچھ حد تک واقف تھا تب ہی لہجے اور انداز سے ادب جھلکتا تھا۔

https://novelskidunya.com/

ایسا ادب جس کا وہ مستحق نہیں تھا۔

اس نے حیدر کی طرف دیکھا۔ وہ پانی کے ساتھ ادویات پیش کر رہا تھا۔

فارس کچھ دیر تک آدھے خالی، آدھے بھرے ہوئے گلاس کو دیکھتا رہا پھر اس نے لے لیا۔ جانتا تھا اسے نیند جلد آنے والی تھی۔ ایسے درد جلد مٹنے والا تھا۔ جو تھکاوٹ وجود میں اتری ہوئی تھی، وہ ایسے ختم نہیں ہو سکتی تھی۔ جو اذیت اس پل محسوس ہو رہی تھی، اس سے بچنے کا اور کوئی راستہ نہ تھا۔

وہ سو چکا تو حیدر کمرے کی لائٹس آف کرتے رک گیا۔ اسے جمیلہ داؤد کی تنبیہ یاد آئی۔ باہر نکلتے ہوئے دروازہ بھی کھلا چھوڑ دیا۔ شیرازی ہاؤس مکمل اندھیرے میں ڈوب گیا تھا مگر وہ ایک کمرہ صبح تک روشن رہا تھا۔

❁ ❁

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

رنگا رنگ کہانیوں سے سجا، خوبصورت اور دلکش

سوہنی ڈائجسٹ

SohniDigest.Com

اگر آپ بھی لکھ رہے ہیں اور اُردو قارئین کی تلاش میں ہیں تو اپنی کہانیاں Inpage میں کمپوز (ٹائپ) کر کے پورے اعتماد کے ساتھ سوہنی ڈائجسٹ میں بھیجئے۔ نئے لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

ابھی sohnidigest@gmal.com پر ای میل کریں۔

قسط نمبر 16

"مجھے اسے زندہ رکھنا ہی تھا، یہی وعدہ تھا۔"

وہ بچپن سے ہی اعظم شیرازی کی سخت تلخ باتیں سنتا آ رہا تھا۔ ہاسٹل میں تو ضبط کھو دیتا تھا۔ کئی کئی راتوں تک سو نہیں پاتا تھا۔ اس کا تکیہ آنسوؤں سے بھیگتا رہتا تھا۔ اس کے دل میں اذیت ٹھہری رہتی تھی۔ اسے نارمل ہونے میں وقت لگتا تھا۔ ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ اس نے کوئی وقت نہیں لیا تھا۔ اس کی آنکھیں نم نہیں ہوئی تھیں۔ وہ اپنے کمرے میں چھپ کر رویا نہیں تھا۔ اس کے اندر ایک دم سے سب سرد پڑ گیا تھا۔ سب منجمد ہو گیا تھا۔

جمیلہ داؤد اس کی زندگی سے جا چکی تھیں۔ وہ ڈاکٹر مصطفیٰ اور جنت کو کھو چکا تھا۔ اسے اپنے کسی بھی نقصان پر غم نہیں ہو رہا تھا۔ اپنے کسی بھی کرب پر رونا نہیں آ رہا تھا۔ اسے اچھا وقت یاد نہیں آ رہا تھا۔ اسے برا وقت ساکن نہیں کر رہا تھا۔

وہ بیڈ پر لیٹا تھا اور اٹھ کر باہر آ گیا۔ سامنے ہی سوئمنگ پول تھا۔ وہ پول کے کنارے کھڑا ہو گیا۔ اب وہ وعدے کو سوچ رہا تھا جو اس کے باپ سے کیا گیا تھا۔ اسے "زندہ" رکھنے کے لیے کیا گیا تھا۔ بھلے سے وہ مٹ جائے، فنا ہو جائے، مگر اس کی سانسیں چلنی چاہئیں۔ اس کا دل دھڑکنا چاہیے۔

اس کی آنکھیں نم ہو کر خشک ہو گئیں۔ اس نے اپنی چیخوں کا گلا گھونٹ دیا۔ خود کو اندر کہیں دفن کر دیا۔

دور سے کہیں ہارن کی آواز گونجی۔ عقب میں شیرازی فارم ہاؤس کے بیرونی گیٹ کھول دیے

گئے تھے۔تین گاڑیاں آگے پیچھے احاطے میں داخل ہوئی تھیں۔اس نے مڑ کر پیچھے دیکھا۔

سیاہ گاڑی سے ہارون شیرازی باہر نکلا تھا۔اس کے ہاتھ میں بیگ تھا،دوسرے ہاتھ میں موبائل تھا۔اس کے ساتھ چند ایک دوست بھی تھے۔وہ کسی بات پر ہنس رہے تھے۔اس کا کلین شیوڈ چہرہ تروتازہ تھا۔اس کے بال جیل سے جمے ہوئے تھے۔اس کے کپڑوں سے مہنگے پرفیوم کی خوشبو اٹھ رہی تھی۔وہ بہت خوش اور پرسکون دکھائی دے رہا تھا۔وہ کسی بات پر قہقہہ بھی لگا رہا تھا۔اس نے ملازموں کو کوئی حکم بھی دیا تھا۔اور پھر اس کی نظر اس پر پڑی تھی اور وہ اپنی جگہ ساکت ہو گیا تھا۔

''فارس وجدان...... کسی ملازم کا بیٹا!''

وہ سوئمنگ پول کے اس پار کھڑا تھا۔وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔وہ اپنے دوستوں میں گھرا ہوا تھا۔اپنی جگہ منجمد ہوا تھا۔ابھی تک کسی کی بھی توجہ چودہ پندرہ سالہ اس لڑکے کی طرف نہیں گئی تھی۔

لان میں باربی کیو کا انتظام ہونے لگا۔جو ملازم شیرازی ہاؤس سے ساتھ آئے تھے،وہ اپنا کام شروع کرنے لگے۔کوئلے دہکائے جانے لگے۔کھلی فضا میں دھواں سا بھرنے لگا۔اس کا سانس گھٹنے لگا۔

''اگر جو وہ ''پاپا'' کہتے ہوئے اس کے پاس آ گیا تو......؟''

وہاں کوئی ملازم بھی نہ تھا،کوئی روک ٹوک یا دیوار بھی نہ تھی۔نہ مدحت نہ آغا علی تھا۔نہ اعظم شیرازی تھے۔اب وہاں صرف وہ تھا،اور اس کا بیٹا تھا۔

نو سال بیت چکے تھے اور ہارون شیرازی اپنے اندر کہیں وقت کے اسی دائرے میں،اسی مقام پر کھڑا تھا۔اس کا خوف،اس کا خدشہ،اس کی گھبراہٹ آج بھی وہی تھی۔

وہ لڑکا......

وہ فارس......

صرف ایک لفظ پاپا،اور سب ختم،سب فنا۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Dunya

اس نے فارس وجدان کی آنکھوں میں آگ دیکھی۔ ہر شے تہس نہس کر دینے کا جنون دیکھا۔

اس نے سب پانے کے لیے جسے چھوڑ دیا، وہی سب راکھ کرنے کے لیے اب سامنے تھا۔ منظر جیسے ایک جھلک تھی۔ آنے والے وقت کا ٹریلر کہ وہ کیسی سکت رکھتا ہے۔ کس طرح انہیں برباد کر سکتا ہے۔ مگر وہ نہ ہوا جس کا ڈر تھا۔

فارس وجدان قدم گھسیٹتا اندر چلا گیا۔ اس نے دروازہ بند کر لیا۔ اس نے کھڑکیاں بھی بند کر دیں۔ ان پر پردے ڈال دیے۔ یوں جیسے اس نے اپنے باپ کے دل کی ہر حکایت پڑھ لی ہو، ہر خوف دیکھ لیا ہو، ہر خدشہ سہہ لیا ہو۔

https://novelskidunya.com/

آنکھوں میں خدشات لیے ہارون شیرازی اپنی جگہ کھڑا رہ گیا۔

وہ آخری نگاہ! وہ منجمد، مردہ اور سلگتی ہوئی زخمی نگاہ۔

نو سال کا عرصہ بیت گیا تھا۔ مگر ایک چھ سالہ بچے کا پکارتے ہوئے اس کی ٹانگوں کے گرد لپٹنے کا وہ منظر ٹھہر سا رہ گیا تھا۔

ناولز کی دنیا NovelsKiDunya

آج تو کوئی رکاوٹ بھی نہ تھی۔ نہ آغا تھا، نہ مدحت تھی، نہ کوئی گارڈ، نہ ملازم۔ آج کوئی بھی نہیں تھا۔ اور اس کا بیٹا واپس پلٹ گیا تھا۔ اس نے کوئی حرف ادا نہیں کیا تھا۔ اسے کوئی آواز نہیں دی تھی۔ وہ اس کی محفل میں مخل نہیں ہوا تھا۔ اس کے دوستوں کے سامنے نہیں آیا تھا۔

وہ حواس باختہ تھا۔ اپنی جگہ منجمد کھڑا تھا۔

اور تب ہی حیدر عجلت میں قدم اٹھاتا صدر دروازے سے باہر آگیا۔ اسے حیرت ہوئی کہ وہ اعظم شیرازی کا پرسنل گارڈ تھا۔ وہ ہمہ وقت ان کے ساتھ کسی سائے کی طرح رہتا تھا۔ ان کے ہر بیرونی دورے پر وہ ان کے ساتھ ہوتا تھا۔ اسے یقین نہیں آیا کہ اعظم شیرازی اس کے بغیر ہی اپنے کسی سفر پر تھے۔

حیدر کے انداز میں ایک تشویش نمایاں تھی۔ ہارون سے بات کرتے ہوئے اس نے اپنی تسلی کو

اس جانب ضرور دیکھا تھا جہاں سے فارس کے کمرے کی کھڑکیاں اور باہر کو ایک دروازہ کھلتا تھا۔ اس کے لیے ہارون شیرازی کی آمد غیر متوقع تھی۔ شاید دوستوں کے ساتھ بہت اچانک ہی پلان بن گیا تھا۔

ہارون سر جھٹک کر اپنے دوستوں کی جانب متوجہ ہوا۔ اس نے زبردستی مسکرانے کی سعی کی مگر وہ مسکرا نہیں سکا۔ سوال کرتی زخمی نگاہیں ذہن پر نقش ہو گئیں۔ اس کی کیفیت عجیب ہونے لگی۔ وہ کرسی سے اٹھ گیا۔ اس کے لیے وہاں ٹھہرنا مشکل ہو گیا۔

وہ اپنے دوستوں کے ساتھ خود پلان بنا کر آیا تھا اور اب معذرت کر رہا تھا۔ وہ یہاں کھانا کھا سکتے ہیں، انجوائے کر سکتے ہیں مگر وہ یہاں نہیں ٹھہر سکتا۔ اس نے ضروری کال کا بہانہ کر دیا۔ کام کا بہانہ کر دیا۔

اسے اپنے وعدے کا بھی پاس رکھنا تھا۔ اسے اپنے مقصد کو بھی فراموش نہیں کرنا تھا۔ اگر وہ رک گیا تو کبھی آگے نہیں بڑھ پائے گا اور اگر مڑ گیا تو سب یہیں ختم ہو جائے گا۔ خود کو قائل کرتے، سمجھاتے، فائدے نقصانات گنواتے، وہ گاڑی میں سوار ہو کر اسی وقت شیرازی فارم ہاؤس سے چلا گیا۔ فارس کی ایک جھلک ماضی کے تمام زخموں کو ہرا کر گئی تھی۔

اسے آرزو جہانگیر یاد آ گئی۔ اس کے ساتھ گزرا ہوا ایک ایک پل یاد آ گیا تھا۔

وہ آنکھیں آرزو کی تھیں، چہرہ بھی اس کا ہی تھا۔ نو سال پہلے اس نے اسے توڑ کر رکھ دیا تھا۔ نو سال بعد اس نے وہی تاثر اپنے بیٹے کی آنکھوں میں دیکھ لیا تھا۔

☆......☆......☆

حیدر فرصت سے اندر آیا تو معمول کی طرح دروازہ ہلکا سا کھلا ہوا تھا۔ مگر کمرے میں اندھیرا تھا۔ حادثے کے بعد ان چار ماہ میں ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ اس کے کمرے میں اندھیرا تھا۔ اس نے ایک دم سے ہاتھ بڑھا کر لائٹس روشن کر دیں۔

وہ کھڑکی کے نیچے قالین پر بیٹھا تھا۔ جیسا کہ عموماً وہ شیرازی مینشن میں اپنے کمرے کی کھڑکی

کے نیچے بیٹھا کرتا تھا۔ گھٹنوں پر کہنیاں رکھے، سامنے کسی غیر مرئی نقطے کو دیکھتا ہوا۔

اس کی آنکھیں بالکل خاموش اور سنسان سی تھیں۔ چہرہ سپاٹ تھا۔ وہ ٹھنڈے فرش پر بیٹھا تھا لیکن اسے سردی نہیں لگ رہی تھی۔ وہ کپکپا نہیں رہا تھا۔ اپنے کمرے میں دن رات روشنی چاہنے کے باوجود وہ ایک دم سے اندھیرے کو اپنانے لگا تھا۔

حیدر کچھ دیر تک اپنی جگہ کھڑا رہا۔ اسے وہ ٹھیک نہیں لگ رہا تھا۔ اس کی یہ حالت یقیناً اپنے باپ کو دیکھنے پر ہوئی تھی مگر وہ حیران تھا۔ وہ فون پر رپورٹ کرنے کے بعد بھی حیران تھا۔ وہ اپنے باپ کے پاس نہیں گیا تھا۔ اس نے ان کی محفل میں کوئی خلل نہیں ڈالا تھا۔ کوئی تماشا نہیں کیا تھا۔ شیرازی فارم ہاؤس میں جیسے اس کا باپ نہیں، کوئی اجنبی آیا تھا۔

ایک عادت جو بچپن سے تھی، وہ اسی عادت پر قائم رہا تھا۔ کمرے کی کھڑکی ہر جگہ ایک سی لگتی تھی۔ شیرازی مینشن کا سرونٹ کوارٹر، اس کا کمرہ، اس کی کھڑکی۔ وہ کھڑکی جو ایک مکمل خاندان کا منظر دکھاتی تھی۔ وہ منظر جس میں اس کا باپ ہوا کرتا تھا۔ باپ جو اس کے "بغیر" خوش تھا۔ آج بھی خوش نظر آ رہا تھا۔

☆......☆......☆

ہاسپٹل کے آئی سی یو کے سامنے وہ بنچ پر سر جھکائے بیٹھی تھی۔ موبائل ہاتھ میں تھا۔ اب تک جانے وہ کتنی بار فارس وجدان کو کال کر چکی تھی مگر وہ اس کی کال ریسیو نہیں کر رہا تھا۔ عدیل احمد کو، اس کے گارڈز کو، کسی کو علم نہ تھا وہ کہاں گیا تھا۔ رات کے اس پہر اپنی سرخ پڑتی آنکھوں کو بار بار رگڑتے گہری سانس لے کر اس نے سر اٹھایا تھا۔ نگاہیں ایک بار پھر بند دروازے پر ٹھہر گئی تھیں۔ اس کا چہرہ تر ہونے لگا۔ ایک ہی جگہ پر، ایک ہی پوزیشن میں بیٹھے رہنا مشکل ہو گیا۔ کمر میں درد ہونے لگا تھا تو اٹھ کر ٹہلنے لگی۔ لرزتے کانپتے ہاتھوں سے اسے دوبارہ کال کی۔ میسج کیے۔ اب اسے فارس کا موبائل بند مل رہا تھا۔ اسے اپنا دل بند ہوتا محسوس ہوا۔ اس کی حالت ایسی ہو رہی تھی جیسے وہ بس ایک ہی پل میں سب کھو دینے والی ہو۔

ہاں وہ سب کھو دینے والی تھی۔

نرس سے پوچھ کر وہ نماز کے لیے مختص کیے گئے ایک کمرے میں چلی گئی تھی۔

سجدے میں روتے ہوئے اس نے مسز شیرازی کی صحت یابی اور فارس کی واپسی کی دعا کی۔ ایک بار پہلے بھی وہ سجدے میں گئی تھی۔ اپنی ماں کے وقت اس قدر صدمے میں تھی کہ ٹھیک دعا کا موقع ہی نہ مل سکا تھا۔ وہ کچھ کر ہی نہ سکی تھی۔ کچھ کہہ ہی نہ سکی تھی۔ اور اب وہ اپنے رب سے سب کہہ دینا چاہتی تھی۔ غلطیاں اس سے بھی بہت ہوئی تھیں۔ لیکن اس کی سزا یہ نہیں ہونی چاہیے۔ اس طرح نہیں ہونی چاہیے۔ اب کوئی بھی رشتہ کھو دینے کا اس میں حوصلہ نہیں تھا۔ اب کسی نفرت کا مقابلہ کرنے کی سکت نہیں تھی۔ وہ پھر سے تنہا، بے سہارا نہیں ہونا چاہتی تھی۔ اس نے بہت کرب اور شدت سے، روتے اور سسکتے ہوئے ان تمام رشتوں کو مانگا جن کی محبت کی ڈوریاں اس کے ہاتھوں سے چھوٹتی جا رہی تھیں۔

اس کے قدموں سے زمین نکل رہی تھی۔ اسے سر سے آسمان ہلتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔

تاہم لبوں پر ایک ہی دعا تھی۔

"بھلے سے اس کے ہاتھ خالی رہ جائیں۔ تنہائی مقدر ہو جائے۔ راستے جدا ہو جائیں۔ غلطی کی جو سزا ہو مل جائے مگر فارس وجدان کی زندگی سے مسز شیرازی نہ جائیں۔ وہ ٹھیک ہو جائیں۔ واپس آ جائیں۔"

اس کی بہنوں نے ماں کو اس کی وجہ سے کھویا تھا۔ وہ خود کو ان کا مجرم سمجھتی تھی۔

اس کی وجہ سے فارس اپنے کسی پیارے رشتے کو نہ کھوئے۔ اس کی بس اب ایک ہی دعا تھی۔

☆......☆......☆

اس کا ماؤف ہوتا دماغ کسی اور نہج پر چل نکلا تھا۔ جو باتیں کبھی نہ سوچی تھیں، وہ اب سوچنے لگا تھا۔ جو خیال کبھی نہ آیا تھا اب آنے لگا تھا۔ اسے شیرازی خاندان سے الگ ہونا تھا۔ اسے اس گھر کو چھوڑنا تھا۔ اعظم شیرازی کے تسلط سے آزاد ہونا تھا اور ایسا صرف ایک صورت میں ہی ممکن تھا۔

اس نے فرار کے لیے رات کا وقت چنا تھا۔ بارہ بجے کے بعد وہ باہر نکل گیا تھا۔ ہر سو تاریکی میں لائٹ پولز کی روشنی میں باغ کا وہ راستہ نمایاں ہو رہا تھا۔ وہ اس پر بھاگتا ہوا پتھریلی سیڑھیوں تک پہنچ گیا تھا۔ یہ جگہ روشن تھی۔ یہاں دن کا سماں معلوم ہوتا تھا۔ نیچے کی طرف روڈ تھا اور اوپر کہیں ریستوران کی کھڑکیاں نظر آ رہی تھیں۔ وہ قدم اٹھاتے اپنی جگہ ٹھٹک کر رک گیا تھا۔

اعظم شیرازی شلوار سوٹ میں ملبوس، سیاہ رنگ کی شال کندھوں پر ڈالے اپنے گارڈ کے ہمراہ سیڑھیاں اترتے اسی طرف آ رہے تھے۔ بیچ راستے میں اسے ننگے پیر سیڑھیاں چڑھتا دیکھ کر رک گئے۔ وہ بھی رک گیا۔ دس بارہ سیڑھیوں کا جو فاصلہ تھا وہ فاصلہ پھر انہوں نے طے کیا تھا۔

ان کے لیے اترنا آسان تھا۔

اس کے لیے چڑھنا مشکل ہو گیا تھا۔

اس کے گھٹنے چھلے ہوئے تھے۔ جینز بھی پھٹی ہوئی تھی۔ غالباً وہ اوپر چڑھتے ہوئے کہیں گرا بھی تھا۔

کار حادثے کے بعد باضابطہ طور پر یہ پہلی ملاقات تھی۔ وہ پہلی بار اس طرح اس کے سامنے آئے تھے۔ اسے لگتا تھا اگر وہ اسے کہیں نظر آئیں گے تو وہ ضبط کھو دے گا۔ وہ چیخنے لگے گا۔ وہ ان پر حملہ کر دے گا۔ مگر وہ کچھ بھی نہیں کر سکا تھا۔ وہ اپنی جگہ سے ایک انچ بھی نہیں ہل سکا تھا۔

کیا یہی تھا وہ رعب جو وہ اس کے اندر بچپن سے بھرتے آ رہے ہیں؟ کیا یہ وہی خوف ہے جو اس کے قدم جکڑ چکا ہے؟ اسے تو لگتا تھا نفرت کے سوا وہ کچھ بھی محسوس نہیں کرتا۔ وہ کبھی بھی ان کے سامنے جھک نہیں سکتا، ڈر نہیں سکتا۔ اس کے اندر ان کے لیے صرف آگ جیسے جذبے تھے۔ تو اب اچانک...... یہ اس کے ساتھ کیا ہوا تھا؟ وہ رک کیوں گیا تھا؟ وہ ان پر چیخ کیوں نہیں رہا تھا؟ کچھ کہہ کیوں نہیں رہا تھا؟ اس کے اندر لاوے جیسی آگ تھی۔ اس کے جذبات دہکتے ہوئے انگارے تھے۔

س کی روح کے زخم پھر سے ادھڑ رہے تھے۔ وہ بہت سی چیخوں کی زد میں تھا۔ آئینے کی طرح ٹوٹ کر
ٹکڑوں میں بٹا ہوا۔ اپنے عکس میں ہی زخمی ہو رہا تھا۔ مگر وہ انہیں کوئی بھی ردعمل نہیں دے سکا تھا۔

اعظم شیرازی...... اس کے سامنے تھے۔ اور وہ لب بھینچے کھڑا تھا۔

''کہاں جا رہے ہو تم؟'' انہوں نے کلائی موڑ کر وقت دیکھتے ہوئے اس سے پوچھا۔

اسے وہ سوال اپنا مذاق اڑاتا ہوا لگا۔ وہ اچھی طرح سے جانتے تھے بھری دنیا میں نہ اس کی کوئی
جگہ تھی، نہ گھر، نہ منزل۔ اور وہ پھر بھی فرار کے راستے ڈھونڈ رہا تھا۔

انہوں نے یہاں وہاں نگاہ دوڑائی۔ جیسے کچھ ڈھونڈ رہے ہوں۔

فارس اپنی آنکھوں میں غصہ اور قہر لیے اپنی جگہ کھڑا رہا۔ بھاگنے سے سانس چڑھی ہوئی تھی۔ چہرہ
سرخ ہو رہا تھا۔ گارڈ فاصلے پر رک گیا تھا۔

''یہاں سے نکل کر کہاں جاؤ گے؟'' اپنے طور پر سنجیدگی سے کریدا۔ ''آرزو کے پاس؟''

اس کی مٹھیاں سختی سے اس قدر بھینچ گئیں کہ انگلیوں کے جوڑ سرخ ہو گئے۔

اس کی آنکھوں سے نفرت اور عداوت کی چنگاریاں پھوٹنے لگیں۔ ایسا ہی ایک سرد اور ہیبت
ناک سا تاثر ان کی آنکھوں میں بھی ٹھہر گیا۔ لبوں پر تلخ مسکراہٹ سی آ گئی۔

''تمہاری ماں نے بھی مجھے ایسے ہی دیکھا تھا جب میں نے اسے نوکری سے نکالا تھا۔ اس کا
خیال تھا وہ مجھے پھنسا لے گی۔ لیکن پھر ہارون اسے آسان ٹارگٹ لگا۔''

وہ انکشاف اس کے حواسوں پر بجلی بن کر گرا۔ اور وہ اندر تک ساکن ہو گیا۔ عداوت کے تانے
بانے پیچھے کہیں اور جا کر ملتے تھے۔ نفرت کے پیچھے ایک وجہ تھی۔ انتقام یونہی نہیں لیا جاتا۔ برباد کرنے
کے لیے بھی اصول وضع کرنے پڑتے ہیں۔

''وہ ایک چالاک عورت ہے۔ گھاٹے کا سودا کبھی نہیں کرتی۔ انتقام لینے پر آئے تو پھر ہر حد سے

گزر جاتی ہے۔"

اس کے قدموں سے زمین کھنچ گئی۔اس کے اندر توڑ پھوڑ ہونے لگی۔

"تمہارا کیا خیال ہے اس نے ہارون سے طلاق لینے کے لیے، مجھ سے کتنے پیسے لیے ہوں گے؟"

وہ متوحش سا ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے کھڑا تھا اور ایک دم سے اس کی آنکھیں جھکی تھیں۔

اس نے کہیں اور دیکھنا چاہا، کسی اور طرف......

"ابھی پچھلے ہفتے اس نے شادی کی ہے۔ میری عمر کے آدمی سے۔ پیسے میں اتنی طاقت ہوتی ہے۔لیکن سی اب یہ شادی کتنے عرصے تک چلتی ہے۔"

https://novelskiduniya.com/

اسے لگا وہ اس پر ہنس رہے ہیں۔اس کی ذات کا، اس کے وجود کا تمسخر اڑا رہے ہیں۔اسے بتا رہے ہیں وہ ایسی عورت کا بیٹا ہے۔

"اگر ماں کے پاس جا رہے ہو تو سوچ لو، کیسی ماں کے پاس جا رہے ہو؟"

انہوں نے خود سے، اپنے طور پر قیاس کر لیا تھا وہ ان کے تسلط سے آزاد ہو کر صرف اپنی ماں کے پاس ہی جانا چاہے گا۔وہ ماں جس نے گزشتہ دس سالوں میں ایک بار بھی پلٹ کر خبر نہیں لی تھی۔

NovelsKiDuniya

وہ عورت جو اس کی زندگی میں نہیں تھی۔وہ اس کے وجود سے ہی پہچانا جا رہا تھا۔وہ اس کا نام ادھورا کر چکے تھے۔اس کی پہچان مسخ کر چکے تھے۔اس سے تمام رشتے چھین چکے تھے۔پھر بھی ان کی نفرت، ان کا غصہ کم نہیں ہو رہا تھا۔ان کا دل نرم نہیں ہو رہا تھا۔ان کا انتقام ختم نہیں ہو رہا تھا۔انہیں اور کیا چاہیے؟ اس کا دماغ پھٹنے لگا، آنکھیں نم ہو گئیں۔

وہ مٹھیاں سختی سے بھینچے، گہری سانسیں لینے لگا۔

"اس کے دادا کو اس سے اور کیا چاہیے؟"

وہ یہاں وہاں دیکھتے، اپنے اندر کی چیخوں میں فنا ہو رہا تھا۔

''پچھلے کچھ مہینوں سے آرزو ہارون سے ملنے کی کوشش کر رہی ہے؟ تمہارا کیا خیال ہے۔ کس لیے؟ اسے اب کیا چاہیے؟'' انہوں نے آنکھوں میں سختی لیے سوال اچھالا۔ ''تم......؟ اور تم سے کیا چاہیے؟''

سوال کر کے انہوں نے اس کی ذات کے پرخچے اڑا دیے۔

''جے انٹرنیشنل ہماری حریف ہے۔ وہ اس کمپنی کے چیئرمین کی اب دوسری بیوی ہے۔ باقی تم خود سمجھدار ہو۔ مجھ سے ملنے آئے گی تو میں تمہارا ڈیتھ سرٹیفکیٹ اسے دکھا دوں گا۔ قبر پر جانا چاہے گی تو وہ بھی تیار ہے۔''

https://novelskidunya.com/

منصوبہ ساز نے سب ہی منصوبے تیار کر رکھے تھے۔ انہیں ایک لمحے کے لیے بھی اپنے لفظوں کی تلخی کا کوئی احساس نہیں ہوا۔ اس بات کا بھی نہیں کہ وہ اس معصوم ذہن میں زہر بھرتے ہوئے اسے اپنے آپ میں ختم کرتے جا رہے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی نہیں سوچا کہ وہ موت کی سرحدوں کو چھو کر پلٹا تھا اور ابھی تک اس حادثے کے اثر سے باہر نہیں نکلا تھا۔ انہیں یہ بھی یاد نہیں رہا کہ اس کے نفسیاتی معالج نے اسے صدموں سے بچائے رکھنے کا مشورہ دیا تھا۔ کوئی بھی ایسی بات نہ ہو جو اس کی طبیعت پر گراں گزرے۔ کوئی بھی ایسا سوال جو اس حادثے کی یاد تازہ کرے۔ کوئی بھی ایسا واقعہ جو اس کی تکلیف کو ٹریگر کر دے۔

''یہ تمہاری بھول ہے کہ تم میری مرضی کے بغیر کہیں جا سکتے ہو۔'' قدم اٹھاتے قریب سے گزرے۔ ''کم از کم اپنے خاندان کا تماشا بنانے کے لیے میں تمہیں اس عورت کے حوالے کبھی نہیں کروں گا، کبھی نہیں۔''

وہ سیڑھیاں اترنے لگے اور اترتے گئے۔ اپنے گارڈ کے ہمراہ......

وہ سانس روکے انہیں دیکھتا رہا، دیکھتا رہا۔ یہاں تک کہ وہ نظروں سے اوجھل ہو گئے۔

اس نے یوں سانس لیا جیسے وہ بس آخری سانس ہو۔ اور یوں محسوس کیا جیسے وہ سچ مچ میں کسی قبر میں اتارا جا چکا ہو۔ اسے اعظم شیرازی سے کسی بھی نرمی اور رحم کی توقع نہیں تھی مگر اتنی سختی کی بھی نہیں کہ وہ

اسے جیتے جی مار دیتے۔ اس کی قبر بھی تیار کر لیتے۔ وہ بمشکل سانس لیتے نیچے بیٹھ گیا۔ دور سے حیدر پتھریلی سیڑھیاں چڑھتا اس کی طرف آ رہا تھا۔ اس نے اسے دیکھا اور سر گرا لیا۔

اس دن کے بعد اس نے فرار کی کوشش دوبارہ کبھی نہیں کی تھی۔

☆......☆......☆

رات کے آخری پہر ہارون شیرازی کی آنکھ کھل گئی تھی اور وہ اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔ ہتھیلیوں پر کتنی ہی دیر تک سر جھکائے رہا تھا۔ وہ جب سے پاکستان سے آیا تھا اس کی کیفیت کچھ عجیب سی تھی۔ روزمرہ معمولات میں تو کسی قسم کا فرق نہیں تھا مگر اب رات میں اکثر وہ اٹھ جاتا تھا۔ اسے ٹھیک سے نیند نہیں آتی تھی۔ بیٹھے بیٹھے کوئی نہ کوئی بات کرتے ہوئے، سنتے ہوئے، کوئی کام ذمے لگاتے ہوئے وہ اپنے لفظوں میں الجھ جاتا تھا۔ اس کا ذہن بھٹک جاتا تھا۔ اس کی سوچ میں بس ایک چہرہ ٹھہر جاتا تھا۔ سماعت میں بس ایک آواز اتر جاتی تھی۔ گزشتہ نو سال اس نے کس قدر مضبوطی سے، بے حسی سے، اور اپنی ذات کے لیے بہت مطمئن ہو کر گزار دیے تھے۔ اس کے پاس اپنے ہر فیصلے کی حجت اور دلیل تھی۔ وہ خود کو مظلوم سمجھتا تھا۔ باپ کا فیصلہ جبراً مسلط کیا گیا تھا۔ اسے ماننا اس پر فرض کر دیا گیا تھا۔

جو وار آرزو جہانگیر نے اس کی ذات پر، اس کے اعتماد پر کیا تھا تو اس وار سے وہ ان نو سالوں میں ٹھیک نہیں ہو سکا تھا۔

اس کے لیے آرزو جہانگیر اور فارس ایک ہو گئے تھے۔ اپنی اس اذیت سے نکلنے کے لیے وہ دونوں کو ہی نظر انداز کرنے لگا تھا۔ آرزو اس کی زندگی سے نکل گئی تھی۔ فارس کو اس نے خود ہی نکال دیا تھا۔ وہ اس کا ایک ماضی، اس کی غلطی، اس کی زندگی کا ایک ناپسندیدہ باب ہو گیا تھا۔

اس کا صرف ایک ہی بیٹا ہے، وہ اس پر خود کو یقین دلا چکا تھا۔ اپنے نام، اسٹیٹس، خاندانی جاہ و حشمت کے حساب سے وہ خود کو ایک بت میں ڈھال چکا تھا۔ اس کی سوچ اپنے باپ جیسی ہو گئی تھی۔ اس

کی نظر اب کسی ممکنہ اسکینڈل پر ٹھہر گئی تھی۔ اس کے حریفوں کو کمزوری مل جائے گی اور اس کی ذات پر کیچڑ اچھالا جائے گا۔ آرزو جہانگیر نے شہرت، دولت اور دنیاوی کامیابیوں کے لیے ہر حد پار کر ڈالی تھی۔ اس کے متعلق جو خبریں میڈیا کی زینت بنتی تھیں، وہ اچھی نوعیت کی نہیں تھیں۔ ایسی کسی بھی عورت کی زندگی کا حصہ یا اس کا سابقہ شوہر ہونا اس کے لیے شرمندگی کا باعث تھا۔

اسے اپنی غلطی کا احساس شدت سے ہوا تھا۔ آرزو سے اس کی اولاد نہیں ہونی چاہیے تھی۔ اسے چاہیے تھا وہ فارس کو واپس لانے کے بجائے کسی فوسٹر ہوم میں چھوڑ دیتا۔ اس سے یہ ہوتا کہ وہ اس کی زندگی سے مکمل طور پر خارج ہو جاتا۔ کسی سزا کی طرح اس کے آس پاس نہ رہتا۔

اس کی سوچ کو ایک دم سے بریک لگی تھی۔ وہ اپنی جگہ رک گیا تھا۔ پتھر ہو گیا تھا۔

''وہ یہ کیا سوچ رہا تھا؟ کیا چاہ رہا تھا؟ وہ ایسا پہلے تو کبھی نہیں تھا، ایسا بے حس تو کبھی نہیں! وہ اب ایسا کیوں ہو رہا تھا؟'' متوحش ہو کر اس نے اپنا سر پکڑ لیا۔

گزشتہ نو سالوں میں صرف ابتدائی چند مہینے اس کے لیے مشکل رہے تھے جب وہ اپنے چھوٹے سے بچے کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے چھوڑ کر گیا تھا۔ اور اب...... اب اچانک اس کے لیے ہر لمحہ بہت مشکل ہو گیا تھا۔ اس کے بیٹے کی آنکھوں نے اس کا سکون چھین لیا تھا۔ وہ آنکھیں اس کی آنکھوں میں گڑ گئی تھیں۔ وہ تاثر سب راکھ کر رہا تھا۔

☆......☆......☆

صبح چار بجے کی فلائٹ تھی۔ کار حادثے کے پورے چھ ماہ بعد وہ لندن جا رہا تھا۔ یہ اس کا پہلا سفر نہیں تھا۔ ہاں مختلف نوعیت کا ضرور تھا۔ وہ ملک سے باہر جا رہا تھا۔ اور یقیناً ہمیشہ کے لیے جا رہا تھا۔ ایئرپورٹ پر، پرواز سے پہلے، اور ہیتھرو ایئرپورٹ پر پہنچنے کے بعد بھی حیدر مسلسل کسی سے اپنے فون پر رابطے میں رہا تھا۔ پل پل کی خبر تھی جو وہ پہنچا رہا تھا۔ اس پر نظر رکھنے کی ہدایات دی جا رہی تھیں۔ حیدر کو

شک تھا وہ کچھ کر نہ دے۔ ممکن ہے ایئرپورٹ پر ہی گم ہو جائے۔ باہر نکلتے ہی فرار ہو جائے۔

اسے فارس کی خاموشی کسی طور پر نارمل نہیں لگ رہی تھی۔ جیسا آغا نے بتایا تھا تو اس حساب سے تو بالکل نہیں۔ تاہم اس نے کچھ نہ کیا۔

ایئرپورٹ سے باہر گاڑی ان کی منتظر تھی۔ وہ گاڑی میں سوار ہوئے تو ایک بار پھر کال آئی۔ اس نے کال سننے کے بعد ڈرائیور کو کوئی اور ایڈریس دیا۔ اور اس تمام عرصے میں فارس وجدان چپ چاپ باہر گرتی ہوئی برف کو دیکھتا رہا۔

گاڑی لندن کی سڑکوں پر دوڑتی ہوئی ایک رہائشی کالونی میں طویل شاہراہ کے اطراف میں بنے ایک گھر کے سامنے رک گئی تھی۔ صبح کا وقت تھا۔ آسمان بادلوں سے ڈھکا ہوا، لندن میں گزشتہ کئی روز سے جاری رہنے والی بارش چند ساعتوں کے توقف کے بعد پھر سے شروع ہو چکی تھی۔

حیدر نے سیڑھیاں چڑھ کر بیل بجائی تھی۔ فارس سر جھکائے اس کے پیچھے کھڑا تھا، اس کے دونوں ہاتھ کوٹ کی جیبوں میں تھے، مفلر گردن کے گرد لپٹا تھا۔ تاثرات سنجیدہ۔ ہیزل آنکھوں میں ایک خاموشی سی ٹھہری ہوئی تھی۔ اس کی نگاہیں بند دروازے سے، سیاہی مائل اسٹیپس پر، اور پھر برف کی دبیز تہہ پر جم گئی تھیں۔

کچھ ہی دیر میں دروازہ کھل گیا تھا۔ حیدر نے بے ساختہ بھنویں اچکائی تھیں۔ دروازہ کھولنے والے کو ایک دم سے صدمہ ہوا تھا۔ جس سرعت سے دروازہ کھلا تھا، اسی سرعت سے بند ہونے ہی والا تھا کہ حیدر نے اپنا چوڑا کندھا پھنساتے ہوئے اس کی ہر کوشش کو ناکام بنا دیا۔

لبوں پر مسکراہٹ ٹھہر گئی۔

''تم...... یہاں......؟''

اجڑے بکھرے، ہلکا سا کرل لیے، سرخی مائل شیڈ دیتے سیاہ بال، ہلکی سی تراشیدہ داڑھی، سیاہ

فریم والے گلاسز سے جھانکتی سیاہ تاریک آنکھیں۔ منہ میں برش لیے اس نے بے ساختہ تھوک نگلا۔

"ہیلو راحم! کیسے ہو؟"

ہینڈل پر گرفت جمائے وہ بمشکل صدمے سے نکلا۔ دروازہ چھوڑ کر اسے اندر آنے کا راستہ دیتا پیچھے ہٹا۔ فارس حیدر کے پیچھے پیچھے خاموشی سے اندر آ گیا۔

برش ہاتھ میں پکڑے وہ واش روم میں چلا گیا۔ حیدر اس کے پیچھے دروازے میں آ کھڑا ہوا۔ اسے تفصیل سے کچھ بتانے لگا۔ فارس آتش دان کے سامنے کھڑا تھا۔ ان کی آواز بہت آسانی سے سن سکتا تھا۔

"مطلب...... میں کچھ، سمجھا نہیں۔"

"مطلب یہ کہ فارس تمہارے ساتھ یہاں رہے گا۔"

دانتوں پر برش کرتے، کھانستے، منہ دھو کر واش روم سے باہر آ گیا۔

"مذاق کر رہے ہو مجھ سے۔ یہ بھلا یہاں کیوں رہے گا؟"

حیدر سنجیدہ تھا۔ اس کے تاثرات میں کوئی ردوبدل نہیں ہوا تھا۔ "بڑے صاحب کا حکم ہے۔"

"تمہارے باس کہیں بھول تو نہیں گئے کہ میں اب ان کے لیے کام نہیں کرتا ہوں۔" دانت پیس کر زور دیا۔

"بہتر تھا رہائش کا کوئی بندوبست ہی کر لیتے کہ ہم تم تک نہ پہنچ سکتے۔" حیدر نے طنز کیا۔

"فری میں نہیں رہتا، کرایہ دیتا ہوں میں۔" وہ چڑ گیا۔

"اتنے بڑے گھر کا جو چھوٹے سے فلیٹ جتنا کرایہ تم دیتے ہو میں بہت اچھے سے جانتا ہوں۔"

"جب تمہارے باس کو کوئی مسئلہ نہیں ہے تو تمہیں کیوں تکلیف ہو رہی ہے؟" پیشانی پر بل ڈال کے پوچھا۔

"مجھے بھلا کیوں تکلیف ہو گی؟ جو باتیں تم بھول رہے تھے، وہ یاد دلا رہا ہوں۔"

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

راحم لب بھینچے اسے گھورتا رہا۔

''تو پھر کیا سوچا ہے؟'' چند لمحوں کا توقف دے کر اس نے پوچھا۔

''انکار۔اس چڑیل علیزے کی وجہ سے میں شیرازی خاندان کے کسی بچے کی ذمہ داری نہیں لینے والا۔''

''وہ شیرازی خاندان سے نہیں ہے۔''

کھڑکیوں کے پاس کھڑے فارس وجدان نے وہ جملہ واضح سنا تھا۔وہ کھڑکی سے باہر برف کو گرتا ہوا دیکھ رہا تھا۔اس کی بائیں طرف آتش دان میں شعلے سے بھڑک رہے تھے۔

راحم نے گردن موڑ کر راہداری سے لاؤنج کی طرف اس کی پشت کو دیکھا۔

''کسی دوست کا بیٹا ہے؟''

''یہی سمجھ لو۔لیکن بہت اہم ہے۔پاکستان میں اس کی زندگی کو خطرہ ہے اس لیے یہاں لانا پڑا۔''

''کیسا خطرہ؟'' سینے پر بازو باندھ کے ذرا دلچسپی دکھائی۔اس کی آنکھوں میں جوش اور تجسس سا نظر آ رہا تھا۔

''ہے کوئی خطرہ۔تمہیں تفصیلات میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔یہ یہاں رہے گا۔تم اس کا مکمل خیال رکھو گے اور بس!''

''اور بس؟ واؤ گریٹ۔یہ کام اگر اتنا آسان ہے تو تم کیوں نہیں کر لیتے؟''

''راحم! کیا اس بحث میں پڑنا ضروری ہے؟'' حیدر کے لہجے میں اب کے اکتاہٹ تھی۔

''بالکل! بہت ضروری ہے۔پچھلی بار تم نے مجھ سے چھ ماہ کی بات کر کے وہاں پورا ایک سال لٹکائے رکھا تھا۔اوپر سے وہ گلہری؛ علیزے شیرازی۔اس نے جتنا مجھے پاکستان میں خوار کیا ہے، اتنا خوار تو میں تمہارے اعظم شیرازی صاحب کے ساتھ کام کر کے بھی نہیں ہوا۔مجھے ابھی تک ڈراؤنے

خواب آتے ہیں۔تمہاری باتوں میں آجاتا ہوں اس لیے تم مجھے ہمیشہ یوز کرتے ہو۔"

"اعظم شیرازی صاحب کو اپنے فیملی معاملات میں تم سے زیادہ کسی اور پر بھروسا نہیں ہے۔" حیدر نے کہا۔

"ہاں لیکن یہ فیملی تو نہیں ہے۔" ایک معنی خیز مسکراہٹ کے ساتھ لاؤنج کی جانب اشارہ کرتے بڑے مزے سے دیوار کے ساتھ کندھا لگا کر کھڑا ہو گیا۔حیدر کو بات کو ختم ہو جانے کے بعد پتا چلا وہ کیا کہہ چکا ہے۔

"لسن!" حیدر نے ضبط کر کے پیشانی مسلی۔

"ہاں،ہاں!سن رہا ہوں۔" اپنے لمبے قد کے ساتھ اس کی طرف جھکا۔"کوئی راز کی بات ہے تو کان میں بتادو،تم جانتے ہو میں بالکل بھی کسی کو پتا نہیں چلنے دوں گا کہ اصل معاملہ کیا ہے۔"

"کیا تم تھوڑے سے پروفیشنل ہو کر بات نہیں کر سکتے؟"

"بالکل پروفیشنل طریقے سے بات کر رہا ہوں۔وہ کیا ہے کہ مجھے تم پر اور تمہارے باس پر کوئی بھروسا نہیں رہا۔" کندھے اچکا کر اپنی جیبوں میں ہاتھ ڈال لیے۔

"ہاں!بھروسا نہیں رہا لیکن گھران کا استعمال کرنا ہے؟"

"کتنی بار بتاؤں،فری میں نہیں رہتا۔" برا مان کر کچن میں چلا گیا۔کرسی گھسیٹ کر ٹانگ پر ٹانگ جمائے بیٹھ گیا۔

حیدر نے کلائی موڑ کر وقت دیکھا۔اسے دیر ہو رہی تھی۔نو بجے سے پہلے پہلے اسے کہیں پہنچنا تھا۔اس نے بریف کیس سے کچھ کاغذات نکال کر اس کے سامنے رکھے۔سرسری سی نظر دوڑاتے وہ ایک بار پھر سیدھا ہو بیٹھا۔

"تمہارے باس کو خود آکر بات کرنی چاہیے تھی۔"

''تمہارے ساتھ سب ہی معاملات شروع سے میں طے کرتا آیا ہوں۔'' حیدر سامنے کھڑا رہا۔

''ہاں! لیکن یہ ایک ایکسپشنل کیس ہے۔اسے تم پاکستان سے یہاں حفاظت کے لیے لائے ہو اور پھر بھی مجھے ہائیر کرنا چاہ رہے ہو جبکہ اسے کوئی خطرہ بھی نہیں ہے۔''

یہ تو حیدر خود بھی نہیں جانتا تھا اعظم شیرازی صاحب نے یہ فیصلہ کیوں کیا تھا۔

''خطرہ یہاں بھی ہوسکتا ہے۔''

اس نے ہاتھ اٹھا کر نفی میں سر ہلاتے اس کی بات رد کر دی۔

''بات یہاں صرف زندگی کی نہیں ہے۔تمہارے باس کو مجھ سے کچھ اور بھی چاہیے۔'' اس نے میز کے وسط میں رکھے کینڈی باکس سے ایک کینڈی نکال لی۔

https://novelskidunya.com/

حیدر چپ رہا۔

''مجھے ایسا کیوں لگ رہا ہے حفاظت نہیں کرنی، نظر رکھنی ہے۔'' ساتھ ہی ہنس دیا۔اس کے سائیڈ والا دانت ہنسنے پر لبوں کو چھونے لگا تھا۔

ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya

حیدر نے گہری سانس لے کر پین اس کے سامنے رکھ دیا۔ ''سمجھ دار ہو۔بات کی تہہ تک خود ہی پہنچ گئے ہو تو سائن بھی کر دو۔''

''شرائط مرضی کی ہوں تو ہی سائن کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔''

''راحم! آئم گیٹنگ لیٹ......!''

''مجھے بھی اپنی ورک شاپ میں کام کرنا ہے۔صبح یونیورسٹی بھی جانا ہے۔مسز گرانٹ اپنے کیفے کی صفائی کروا رہی ہیں۔انہوں نے تمام پڑوسی لڑکوں کی لسٹ میں میرا نام سب سے اوپر لکھا ہے۔کل شام سات بجے تک مجھے وہ کام بھی کرنا ہے۔'' اس نے گہری سانس لے کر کندھے اچکائے جیسے روئے زمین پر اس جیسا مصروف انسان کوئی نہیں۔

''کیا چاہتے ہو؟''

''زیرو بڑھا دو۔''

وہ چند لمحوں تک تحمل سے راحم کے مسکراتے چہرے کو دیکھتا رہا پھر جھک کر پین اٹھایا۔ ایک زیرو کا اضافہ کر دیا۔

''ایک اور......''

حیدر کی گرفت قلم پر سخت ہوئی۔ نظر اٹھا کر اسے دیکھا۔ ''یہ کافی بڑی رقم ہے راحم!'' آواز میں غراہٹ آ گئی۔

https://novelskidunya.com/

''جو کام تم مجھے دے رہے ہو، وہ بھی چھوٹا نہیں ہے۔''

''تمہیں صرف ایک بچے کا خیال رکھنا ہے۔'' حیدر زچ ہو کر بولا تھا۔

''وہ بچہ نہیں، ٹین ایجر ہے۔ ٹین ایجر زیادہ مشکل ہوتے ہیں۔''

بھنویں سکیڑ کر اسے دیکھتے ہوئے ذرا سا تردد کرتے اس نے زیرو بڑھا دیا۔ چھ ماہ تک کے لیے یہ کافی ضخیم رقم تھی۔ راحم نے چیک کو اٹھا کر، لہرا کر دیکھا۔ ذرا اطمینان سے اپنی جیب میں ڈال لیا۔ جھک کر صفحات پر سائن کر دیے۔ وہ جان گیا تھا بات کچھ اور تھی۔ مسئلہ چھوٹا نہیں تھا۔ وہ ایک ایسے لڑکے کی ذمہ داری اسے سونپ رہے تھے جس کے متعلق کوئی بھی آگاہی وہ اسے دینا نہیں چاہتے تھے۔

کچھ ہی دیر بعد وہ فارس سے بات کر کے وہاں سے چلا گیا تھا۔

راحم کافی کے دو مگ تیار کر کے لاؤنج کی طرف آ گیا۔ تعارفی مراحل سے بھی تو گزرنا تھا۔ بھاپ اڑاتے مگ اس کے ہاتھوں میں رہے کہ وہ لڑکا آتش دان کے سامنے والے صوفے پر اپنے کوٹ، مفلر، دستانے، جوتے سمیت سو گیا تھا۔ سفری تھکان اس کے چہرے سے عیاں تھی۔

''گریٹ!'' اس نے پہلے ایک کپ سے گھونٹ لیا۔ پھر دوسرے سے لیا۔ پھر باری باری دونوں

مگوں سے گھونٹ لیتا سیڑھیاں چڑھ گیا۔کیا اس نے کافی بنانے میں زیادہ وقت لگالیا؟ابھی تو وہ ناشتے کے بارے میں بھی پوچھنے والا تھا۔

گھوم کر راہداری کے آخر میں کونے پر دیوار کے پاس لٹکے ایک سنہری پنجرے کے پاس چلا گیا۔ اندر طوطا تھا۔بائیں طرف اس کا کمرہ تھا۔بڑا بڑا سا "آر۔اے" لکھا ہوا نظر آ رہا تھا۔ڈینجر زون۔ سرخ رنگ میں۔

پچھلے سال اس نے بگونیا ہاؤس کے کچھ کمرے کرایے پر دیے تھے اور تب کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت سے بچنے کے لیے دروازے کو ایسا شاہکار بنا ڈالا تھا۔اب تو گھر خالی تھا اور اس کے مزاج سے عاجز آ کر کوئی رہنا بھی نہیں چاہتا تھا۔

اس نے اپنے کمرے کا بکھیڑا سمیٹ ڈالا۔ چارٹ بورڈ، کارڈ بورڈ، تصاویر، اخبارات کے تراشے، میگزین کے صفحوں سے لی جانے والی معلومات اور جانے کیا کچھ الماری میں لاک کر کے رکھ دیے تھے۔کچھ صفحے آگ میں جھونک کر جلا دیے تھے۔کچھ چیزیں ڈسٹ بن میں پھینک دی تھیں۔ذہن میں بہت کچھ چل رہا تھا۔

زور سے وارڈ روب بند کرتا برابر والے کمرے میں چلا گیا۔جلدی جلدی کچھ غیر ضروری چیزیں سمیٹ کر اسے رہائش کے قابل بنایا۔کمرہ ویسے بہتر تھا۔بس صفائی نہیں ہوئی تھی۔اپنے کام سے فارغ ہو کر وہ ایک بار پھر نیچے آیا تھا تاکہ اس کا سامان بھی کمرے میں رکھ سکے۔سامان کمرے میں پہنچا کے اس کے بیگ کی ہر طرح کی تلاشی لینے کے بعد وہ اپنے کمرے میں بند تھا۔

اور یکسوئی سے وہ کام کر رہا تھا جو اس لمحے کرنا ضروری ہو گیا تھا۔

☆......☆......☆

گھر کا نام بگونیا ہاؤس تھا۔اس لیے تھا کہ اس میں بگونیا پھول کبھی پروان نہیں چڑھتا تھا۔جلد

مرجھا کر مرجاتا تھا۔ تو چونکہ اس گھر میں بگونیا پھول کی اتنی اموات ہو چکی تھیں کہ اس کا نام راحم نے بگونیا ہی رکھ دیا تھا۔ دوسری منزل کی گیلری میں اس نے بے انتہا خوب صورت پھول لگا رکھے تھے اور وہ ان کا بہت خیال بھی رکھا کرتا تھا۔ ایک طوطا بھی تھا اور باقی وہ خود بھی تھا۔

اور اب ایک فارس نامی لڑکا تھا۔ ایک پراسراری خاموشی تھی اور بے انتہا تجسس تھا۔

وہ لڑکا راحم سے کوئی بات نہیں کرتا تھا۔ اس کے کسی سوال کا جواب نہیں دیتا تھا۔ ناشتا، دوپہر کا کھانا اور شام کے کھانے کے سوا وہ کمرے سے باہر نہیں آتا تھا۔ وہ رج کے اسے ایسے ہی نظر انداز کر رہا تھا جیسے برابر والے گھر کی فلورا گرانٹ اسے کرتی تھی۔ گھر میں واحد ایک طوطا ہی تھا جس سے راحم باتیں کرتا ہوا پورے گھر کے چکر لگاتا تھا۔ نیچے بیسمنٹ میں اس کا ورک شاپ تھا۔

وہ ایک منی ایچر میکر ہاؤس تھا۔ اس کی ایک ویب سائٹ تھی اور وہ اس پر آرڈر پر وکٹورین طرز کے گھر بناتا تھا۔ زیادہ تر وہ بیسمنٹ میں ہوتا۔ اوپر آتا تو فارس اسے یا تو اپنے کمرے میں ملتا یا پھر سیڑھیوں پر بیٹھا ہوتا۔ دونوں کے درمیان باقاعدہ طور پر کوئی بات نہیں ہوتی تھی۔ اسے کبھی کبھار گمان ہوتا کہ اس نے حیدر کے ساتھ ہونے والی اس کی تمام گفتگو حرف بہ حرف سن لی ہے تب ہی خود کو ایک خول میں بند کر کے لب سی لیے ہیں۔ جیسے اسے ڈر ہو کہ اگر وہ راحم کے ساتھ بات کرے گا تو سارے راز افشا ہو جائیں گے۔ لیکن یہ محض اس کا خیال تھا۔ اس کے چہرے کے تاثرات کو سمجھنا بھی راحم کے لیے مشکل تھا۔ وہ فارس سے کوئی بات کرنا بھی چاہتا تو وہ جواب نہیں دیتا تھا۔ سنی ان سنی کیے رخ موڑ لیتا۔ اپنی جگہ سے اٹھ جاتا۔

اس کی آنکھیں کسی نہ کسی سوچ میں غرق ہوتیں۔ اس کا ذہن کہیں نہ کہیں بھٹکا ہوتا۔ کھانا کھاتے اکثر وہ رک جاتا۔ کبھی پہلے چند نوالوں کے بعد اور کبھی بیچ میں ہی چھوڑ کر اٹھ جاتا۔ کمرے میں اس کی ہر ایک شے اپنی جگہ پر ہوتی تھی۔ تھوڑی سی بے ترتیبی کسی بھی شے میں نظر نہیں آتی تھی۔ رات سوتے وقت کمرے کی لائٹس مکمل آن ہوتیں۔ دروازہ بھی وہ اندر سے لاک نہیں کرتا تھا۔

اس کے روزمرہ کے معمولات کو پرکھتے سمجھتے وہ اچنبھے میں پڑ گیا تھا۔ بھلا ایک بے ضرر سے بچے سے اعظم شیرازی کو کیا خطرہ ہو سکتا ہے؟ پھر اسے یاد آیا یہاں وہ اس کی حفاظت کے لیے بھی تھا۔ بات کچھ اور تھی۔ معاملہ بیچ میں کچھ اور تھا۔

کھانے کے بعد اسے کچھ میڈیسن لیتے دیکھ کر اس نے وہی میڈیسن اٹھا کر دیکھیں۔ post thoracotomy pain کے لیے۔

''کیا اس کی ہارٹ سرجری ہوئی ہے؟'' بھنویں اچکا کر سوچا۔ دوسری چند ادویات ڈپریشن، انزائٹی وغیرہ کے لیے تھیں۔

حیدر مسلسل اس کے ساتھ رابطے میں تھا۔ روزانہ کی رپورٹ وہ اسے دیتا تھا۔ وہ اس کے رویے کے بارے میں جاننا چاہتا تھا اور راحم کو سمجھ میں نہیں آتا تھا اسے کیا کہنا چاہیے۔ محض ایک خاموشی سے وہ اس کی سوچ کا اندازہ کیسے لگا سکتا تھا؟ اس کے ذہن میں کیا چل رہا ہے، اس تک کیسے پہنچ سکتا تھا؟

صبح سویرے ہیری کے پنجرے کی صفائی کر کے وہ اسی ششڈ و پنج میں ٹہلتا پھر رہا تھا جب دروازے کی گھنٹی بجی۔ آگے بڑھ کر دروازہ کھولا تو سامنے دس سالہ اسپائڈر مین اور گیارہ سالہ بیٹ مین کھڑے تھے۔

اس نے بے اختیار اپنی آنکھیں گھمائیں۔ دونوں نے اپنے ماسک اتار کر مسکراہٹیں دکھائیں۔ ہاتھ میں ایک ڈبہ تھا۔ اس میں بہت ساری چاکلیٹس تھیں۔

''جیمز اینڈ ولیم۔'' دونوں نے اپنے اپنے سینے پر لگے بیجز کی طرف اشارہ کر کے تعارف کروایا۔

''کہاں سے آئے ہو؟'' چاکلیٹس لیتے ہوئے پوچھا۔ انہوں نے سڑک کے اس پار سرخ باڑ والے گھر کی پچھلی جانب اشارہ کر دیا۔ وہ نئے گھر میں اسی ہفتے شفٹ ہوئے تھے۔

''تم لوگوں کو کسی نے بتایا نہیں کہ وہ گھر ہانٹڈ ہے؟''

''ریئلی؟''

راحم جو خوف بھرے تاثرات دیکھنے کا متمنی تھا، سر جھٹک کر رہ گیا۔

''نام کیا بتایا تم نے؟'' سپائیڈر مین دوبارہ نام بتانے لگا تھا کہ اس نے ہاتھ اٹھا کر روک دیا۔

پڑوسیوں کے بچے دردِ سر ہوا کرتے تھے۔

''ٹینشن نمبر 1۔'' راحم نے ہاتھ جھاڑ کر جیمز کی طرف اشارہ کیا۔ یہ اس کا نام طے ہوا۔

''ٹینشن نمبر 2۔'' دوسرا اشارہ ولیم کی طرف تھا جو ہونق بنا اسے دیکھ رہا تھا۔ دونوں کے نام طے کر کے وہ اندر چلا گیا۔

''یہ ابھی اس نے کیا کہا؟'' ایک بھائی نے دوسرے بھائی سے پوچھا تھا۔ جیمز نے لب بھینچ لیے۔ گردن اندر ڈالی۔ سامنے ہی وہ اوپن کچن ٹیبل پر برتن خالی کر رہا تھا۔

گہری سانس لے کر، خالی ڈبہ ان کے حوالے کر دیا۔

جیمز نے باکس کھول کر دیکھا کہ شاید اس میں کچھ ہو کہ برابر والی مسز گرانٹ نے تو کافی سارے کوکیز ڈال کے دے دیے تھے۔ مگر یہ کوئی بہت ہی کنجوس قسم کا پڑوسی تھا۔ خالی ڈبہ دیتے ہوئے اسے کوئی شرم بھی نہیں آئی۔

''اپنی ممی سے شکریہ کہنا۔''

''کہہ دیں گے۔'' وہ جل کر بولا۔ پھر دونوں اپنے گھر چلے گئے۔

''مام! اس نے کہا ہمارا گھر ہانٹڈ ہے۔'' جیمز نے فکرمندی سے اپنی ماں کو بتایا۔

''جس کے تم دونوں جیسے بچے ہوں، اسے بھلا ہانٹڈ ہاؤس سے کیا ڈر؟'' مسز اینڈرسن گہری سانس لے کر گروسری کی لسٹ بناتی رہیں۔

☆......☆......☆

جیمز اور ولیم اپنا پڑوس جاننے چار بار اس سے ملنے آ چکے تھے۔ ایک بار طوطا دیکھنے آئے تھے۔ دوسری بار ہانٹڈ ہاؤس سے متعلق معلومات چاہیے تھیں۔ تیسری بار ولیم کو مسٹر ویل سمتھ کے بارے میں پوچھنا تھا۔ اسے ان کا گھر باہر سے بہت اچھا لگا تھا۔ چوتھی بار وہ اس سے اپنی کوئی کہانی ڈسکس کرنے آئے تھے اور ہر بار باوجود کوشش کے بھی وہ انہیں گھر سے نکال نہیں سکا تھا۔ دروازے پر بڑا بڑا ڈینجر بورڈ لگانے کا کوئی فائدہ نہیں تھا کہ اس سے جیمز اور ولیم جیسی مخلوقات زیادہ اٹریکٹ ہوتی تھیں۔

چوتھے دن ان کا اسکول شروع ہوا تو اس نے بھی سکھ کی سانس لیتے گھر کی تمام کھڑکیوں پر پردے ڈال دیے۔ دروازہ بند کر دیا۔ یونیورسٹی دوستوں کے ساتھ جوائنٹ اسٹڈی کا پروگرام تھا۔ سات بجے نکلنا تھا۔ ایک بار پھر سر اٹھا کر سیڑھیوں کی طرف دیکھا۔ فارس آج نیچے نہیں آیا تھا۔ اسے حیدر کی بات یاد آئی۔ اس کا حکم بھی۔ بالوں میں ہاتھ پھیرتے اس کے کمرے میں گیا۔ وہ رائٹنگ ٹیبل پر ہی کوئی کتاب کھولے بیٹھا تھا۔ اس نے بتایا وہ دو چار گھنٹوں تک واپس آ جائے گا۔ فارس نے اسے کوئی جواب نہ دیا۔ وہ کچھ دیر تک اسے دیکھتا رہا پھر سر جھٹک کر چلا گیا۔ چار گھنٹوں کا کہہ کر وہ ڈیڑھ گھنٹے بعد ہی واپس آ گیا تھا۔ اس کا سر گھوما ہوا تھا۔

"میرے اپنے سو کام ہیں۔ اب میں ہر وقت اس کے ساتھ باؤنڈ ہو کر تو گھر میں نہیں بیٹھ سکتا۔ تم کیا چاہتے ہو میں یونیورسٹی بھی چھوڑ دوں؟"

رک کے کچھ سنا، لہجے میں غصہ آ گیا۔ "ہمارے درمیان یہ طے نہیں ہوا تھا۔" چند لمحوں کا توقف کر کے پیشانی مسلی۔

"تمہیں چاہیے تھا پہلے اسے کسی نفسیاتی ڈاکٹر کو دکھاتے، پھر میرے پاس چھوڑتے۔"

"وہ کوئی بات ہی نہیں کرتا تو میں کیا کہہ سکتا ہوں؟"

فون پر کسی سے بحث کرتے اس کی نظر فارس پر پڑی تو رک گیا۔ وہ سیڑھیوں پر بیٹھا تھا۔ اسے

ایک دم سے اپنے جملے کی سنگینی کا اندازہ ہوا۔ کال کاٹ دی۔ فارس اٹھ کر اپنے کمرے میں چلا گیا۔ راحم گہری سانس لے کر رہ گیا تھا۔

☆......☆......☆

لندن میں اس کا تیسرا ہفتہ تھا۔ اور اس عرصے میں وہ پہلی بار باہر نکلا تھا۔ مردہ قدم اٹھاتے چلتا گیا تھا۔ اس کے قریب سے ہی سائیکل کے پیڈلز پر زور زور سے پاؤں مارتی پانچ چھ سال کی بچی گزر گئی۔ اس نے دو پونیاں بنا رکھی تھیں۔ اس کا فراک گلابی رنگ کا تھا۔ ایک جھلک میں اسے وہ ڈاکٹر مصطفیٰ کی نواسی جنت لگی تھی۔ اس نے نظر ہٹا کر رخ موڑ لیا۔ اپنے اندر ایک خالی پن سا محسوس کرتے کہیں اور دیکھنے لگا۔ ایسے بہت سے مناظر تھے جو گزرے وقت کا حوالہ ذہن کی تاریکیوں میں روشن کرتے تھے۔

جیسے بارش کی رات اور بند کمرہ کا تصور اس کے حواسوں پر بھاری پڑتا تھا۔ ایسے ہی بچوں کا شور، مسکراہٹیں، قہقہے بھی اسے پریشان کرتے تھے۔

کوٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے وہ آگے چلتا رہتا اگر راستے میں ہی اسے موسم کے بدلاؤ کا احساس نہ ہوتا۔ بارش برسنے لگی تو وہ رک گیا۔ مزید آگے بڑھنا مشکل ہو گیا۔ اس نے واپسی کا رخ کر لیا تھا لیکن بگونیا ہاؤس تک پہنچنے سے پہلے اس کی نظر دور سے اس عالی شان گاڑی پر پڑ گئی تھی جو ابھی وہاں آ کر رکی تھی۔ اس نے حیدر کے ہمراہ اعظم شیرازی کو نکلتے دیکھا تھا۔ چھتری کے سائے میں بیرونی دروازے کی طرف بڑھتے دیکھا تھا۔

وہ الٹے قدم پیچھے ہٹا۔ سڑک کے اس پار ایک طویل گلی کے دامن میں دیوار سے لگ کر کھڑا ہو گیا۔ سہ پہر کا سورج غروب ہونے میں کافی وقت تھا۔ بوندا باندی اب بارش کا روپ دھار چکی تھی۔ ہوڈی سر پر چڑھاتے، وہ سیڑھی پر بیٹھ گیا تھا۔

اعظم شیرازی کی ایک جھلک تھی اور ذہن کے پردوں پر مناظر بکھر گئے تھے۔اب تک کہی جانے والی ہر تلخ و ترش بات اس کے اطراف میں گونجنے لگی تھی۔سامنے بارش کا پانی جمع ہو رہا تھا۔وہ اپنے گرد بازو لپیٹے اس پانی کو دیکھنے لگا تھا۔اپنا فوکس کہیں اور جمانے لگا تھا۔لب کپکپا رہے تھے اور آنکھیں بے تحاشا نم ہوگئی تھیں۔

اس کی ہر تکلیف کا سبب اعظم شیرازی تھے۔اس کے ہر دکھ کی ابتدا ان سے ہوتی تھی۔اس کی ہر سزا کا تعین وہی کرتے تھے۔اس نے لرزتے ہاتھوں کو کوٹ کی جیب میں ڈال کر سختی سے بھینچ لیا۔

بالکل سامنے ہی جیمز اور ولیم ایک دوسرے سے بحث کرتے لڑتے جھگڑتے چلے آ رہے تھے۔فارس پر نظر پڑی تو چونک کر رک گئے۔

وہ دونوں ہی بھیگے ہوئے رین کوٹس میں ملبوس اسے چند لمحوں تک دیکھتے رہے۔انہیں اس گلی سے ہی گزر کر اپنے گھر کی طرف جانا تھا۔وہ اس کے سامنے آ کر رک گئے۔

فارس نے ذرا سا سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔

''ہم سے راحم پوچھے گا تو ہم کہہ دیں گے ہم نے تمہیں بالکل بھی نہیں دیکھا۔''

جیمز دوستانہ لہجے میں گویا ہوا۔ولیم اس کا ہاتھ کھینچے جا رہا تھا تاکہ وہ یہاں سے چلتا بنے۔لیکن اسے تو جیسے فارس کی گڈ لسٹ میں شامل ہونا تھا۔فارس نے سر جھکا لیا۔نگاہیں بارش کے پانی پر ٹھہرا لیں۔

''اگر تم چاہو تو ہمارے گھر آ سکتے ہو۔میں مام سے کہہ دوں گا کہ جس بال سے کل کھڑکی کا شیشہ ٹوٹا تھا وہ تمہاری تھی اور تم ہمارے گھر معذرت کرنے آئے ہو۔مام معذرت کرنے والوں کو بڑا پیار دیتی ہیں،ان کو لگتا ہے غلطی تسلیم کرنا بہت بڑی بات ہے۔''اب بغیر کسی وجہ کے تو وہ اسے اپنے گھر نہیں بلا سکتا تھا۔

وہ سنی ان سنی کیے رہا۔

''پتا نہیں کیسا عجیب لڑکا تھا۔راحم ٹھیک ہی کہتا ہے اس کے بارے میں۔''جیمز لب بھینچ کر رہ گیا۔

''جیسے تمہاری مرضی۔'' بے عزتی کا جو ہلکا پھلکا سا احساس ہو رہا تھا اسے رد کرتے، جانے کے لیے آگے بڑھے۔

آسمان پر ایک دم سے بجلی کڑکی تھی۔ آواز تیز، بھاری، خطرناک۔ ہاتھ سختی سے بھینچے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا، بہت ہی اچانک اور ایک جھٹکے سے۔

بارش اک دم سے تیز ہو گئی۔ یہاں آئے روز ایسا ہی موسم ہو جاتا تھا۔ لندن بارشوں کے حوالے سے کافی سے زیادہ مشہور تھا۔

جیمز حیران ہوا تھا۔ کیا وہ واقعی میں ان کے گھر آنے والا تھا۔ قدم اٹھائے تو وہ بھی ان کے پیچھے چلتے ہوئے ان کے گھر کی بیرونی باڑ تک آ گیا۔ جیمز کو جیسے یقین نہیں آیا تھا۔

''آؤ..... آؤ!'' خوش اخلاقی کا مظاہرہ کرتے اندر لے آئے۔ ولیم کافی سے زیادہ پریشان ہو رہا تھا۔ جیمز نے گھر کے اندر جا کر لمبا چوڑا سا انٹروڈکشن دیا۔

''لیکن وہ بال تو ولیم کی تھی۔'' مسز اینڈرسن نے فارس کو دیکھتے اپنے بیٹے کو گھورا۔ اس نے سر جھکا لیا۔

''ہاں! ولیم ہی تو اس کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ اب یہ ایکسکیوز کرنے آیا ہے۔''

اور جو ایکسکیوز کرنے آیا تھا وہ چپ چاپ صوفے پر کھڑکی سے قدرے فاصلے پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس کا سر ہنوز جھکا ہوا، اس کی انگلیاں گھٹنے پر متحرک تھیں۔ اس کا چہرہ سپاٹ مگر آنکھوں سے عجیب سا تاثر جھلک رہا تھا۔

''جیمی! اگر یہ تمہاری ہی کوئی بنائی ہوئی کہانی ہے تو......'' انہیں اس کی کسی بات پر یقین نہیں آیا تھا۔

''ٹھیک ہے، میں کہانیاں سناتا ہوں لیکن اس کا مطلب یہ تو نہیں ہے کہ میں ہر وقت کہانیاں ہی سناتا رہتا ہوں۔ آپ کو مجھے سنجیدہ لینا چاہیے مام!'' ولیم اس کے پیچھے چھپا کھڑا تھا۔ بھائی اس کے سر پہ سے سارے الزام جو ہٹوانے میں لگا تھا۔ تو مورل سپورٹ بھی کسی چیز کا نام ہے۔

https://novelskidunya.com/

انہوں نے گہری سانس لے کر فارس کو دیکھا۔

''پھر معذرت کیوں نہیں کی اس نے ابھی تک؟''

''مجھ سے کر لی نا۔ بس بات ختم۔''

''لیکن تم نے کہا، وہ یہاں مجھ سے بات کرنے آیا ہے۔''

''صرف چار کریک ہی تو آئے ہیں شیشے پر۔ صرف چار کریک۔ آپ اس بات کو بھولتی کیوں نہیں ہیں؟'' ذرا سا روہانسا ہوا۔

''تمہیں کیوں یاد رہتا ہے گھر میں اب کون سا نیا نقصان کرنا ہے؟'' انہوں نے ڈانٹ دیا۔ وہ بھنویں سکیڑ کر رہ گیا۔

''مجھے تمہاری چالاکیوں کا پوری طرح سے علم ہے۔''

وہ تاسف سے سر ہلاتی فارس کے پاس آ گئیں۔ جانے اس کے بیٹے کیا کہہ کر بے چارے کو اپنے ساتھ لے آئے تھے۔

''کیا تم ٹھیک ہو؟'' انہوں نے پوچھا تھا مگر اس نے جواب نہیں دیا تھا۔ پانی کی آفر کی گئی تھی تو پانی نہیں لیا تھا۔ اس کی بے چینی اور بے قراری ہر گزرتے لمحے کے ساتھ بڑھتی جا رہی تھی۔

''راحم کا کیا لگتا ہے یہ؟'' اندر جا کر اپنے بیٹے سے پوچھا۔ وہ ٹو ڈلر کھا رہا تھا، سر اٹھایا۔

''دشمن!'' اس نے یہی سنا تھا۔

''کیا؟''

''پتا نہیں! کچھ تو لگتا ہوگا۔'' ہڑبڑا کر رہ گیا۔

وہ گہری سانس لے کر باہر آئیں تو دروازے پر دستک ہونے لگی تھی۔ جیمز نے بھاگ کر دروازہ کھولا تھا۔ سامنے ہی راحم کھڑا تھا۔ چھتری اٹھائے۔ اچھا خاصا تپا ہوا۔

https://novelskidunya.com/

"فارس کو دیکھا ہے کہیں؟" وہ قطار میں سب ہی گھروں کے دروازے کھٹکھٹاتا، اس کے بارے میں پوچھتا ہوا یہاں تک آیا تھا۔ ڈیڑھ گھنٹہ ہو گیا تھا اسے ڈھونڈتے ہوئے۔ ہر جگہ سے پتا کروا لیا تھا۔

"نہیں، بالکل بھی نہیں! ہمیں کیا پتا وہ کہاں ہے؟ ہم کیا جانیں وہ کہاں ہو سکتا ہے!" ہاتھ لہرا کر بات کرتا وہ اس کا پارہ مزید چڑھا گیا۔ لیکن اس سے پہلے کہ مزید کوئی بات ہوتی، اس کی ماں نے اسے کان سے پکڑ کر کھینچتے ہوئے پیچھے ہٹایا تھا۔ وہ کراہتا کرلاتا رہ گیا تھا۔

"ہاں وہ بچوں کے ساتھ آیا تھا۔" جیمز کو پیچھے ہٹاتے انہوں نے کہتے ہوئے، اندر آنے کا راستہ دیا تھا اور فارس وجدان پر نظر پڑتے ہی راحم بمشکل ضبط کر سکا تھا۔ زبردستی مسکرا کر مسز اینڈرسن کو دیکھا۔

"ہاں وہ...... ویسے ہی بس۔ میں ڈھونڈ رہا تھا۔" دانت پیس کر قدم اٹھاتے اس کے سر پر پہنچا۔ کسی اور کے گھر میں تھا تو کچھ کہہ بھی نہیں سکتا تھا ورنہ دل تو چاہ رہا تھا رکھ کر ایک تھپڑ اس کے گال پر تو ضرور جڑ دے۔ مگر ضبط کر کے اسے بازو سے پکڑا اور کھینچتے ہوئے باہر لاتے مسز اینڈرسن کا شکریہ ادا کرنا نہیں بھولا۔

دائیں طرف گلی سے گزرتے اس نے فارس کا بازو جھٹکے سے چھوڑ دیا۔

"سمجھ کیا رکھا ہے مجھے تم نے؟ بے بی سٹر ہوں تمہارا؟ اپنے سارے کام چھوڑ کر تمہیں دوسروں کے گھر ڈھونڈتا پھروں گا؟"

وہ چپ رہا۔

منہ ہی منہ میں بڑبڑاتے ہوئے، وہ چھتری تلے لمبے لمبے ڈگ بھرتا آگے بڑھا اور فارس کو بھیگنے کے لیے چھوڑ دیا۔ پھر رک کر مڑا۔ وہ اپنی جگہ پر دہیں کھڑا تھا۔ پیشانی مسلتے واپس اس کے پاس آیا۔

"اب کیا مسئلہ ہے؟" زچ ہو کر پوچھا۔ اسے جو مسئلہ تھا۔ وہ اسے بتا نہیں سکتا تھا۔ گھر میں اعظم شیرازی تھے۔ جب تک وہ وہاں تھے، وہ گھر نہیں جانا چاہتا تھا۔ وہ ساری رات یہیں بارش میں باہر ہی

گزار لینا چاہتا تھا۔

راحم نے گہرا سانس لے کر اسے دیکھا۔

''اعظم شیرازی جاچکے ہیں۔'' جانے کیسے، مگر وہ سمجھ گیا وہ گھر کیوں نہیں جارہا تھا۔

''اب چلو۔'' لہجے میں اب کے نرمی تھی۔

اس نے خاموشی سے قدم اٹھالیے۔

سڑک کے اس پار بگونیا ہاؤس کے سامنے، پورچ میں کوئی گاڑی نہیں کھڑی تھی۔ گھر کے اندر بھی وہ نہیں تھے۔ صرف حیدر موجود تھا۔ وہ اس کے لیے شاپنگ کر کے لایا تھا۔ جس نئے اسکول میں اس کا ایڈمیشن ہوا تھا اس کی آگاہی دینے آیا تھا۔ ڈرائنگ روم میں فارس صوفے پر اس کے سامنے بیٹھا چپ چاپ اسے سنتا رہا تھا۔

https://novelskidunya.com/

☆......☆......☆

اگلے دن وہ اسے اپنے ساتھ اسکول لے کر بھی گیا۔ کلاس پریزیڈنٹ نے اسے پورے اسکول کا ٹور بھی کروادیا۔ کلاسز کی تفصیلات سے بھی آگاہ کردیا گیا۔ کتابیں، یونیفارم، سمسٹر کا شیڈول، سب بتادیا گیا۔ حیدر اس کی آسانی کے لیے آیا تھا۔ نئے ماحول میں، نئے اسکول میں، نئی جگہ پر ایڈجسٹ ہونے تک وہ اس کے پاس ہی رہنا چاہتا تھا۔ اسے یہی حکم ملا تھا۔ مگر فارس وجدان نے اسکول جانے سے انکار کردیا۔ اس کی دلچسپی ہر ایک شے سے ختم ہوچکی تھی۔ اس کے اندر جینے کی، آگے بڑھنے کی خواہش مٹ چکی تھی۔ وہ ایک ہی مقام پر منجمد ہوگیا تھا۔ وقت کے دائرے میں رہ کر کہیں ساکن ہوگیا تھا۔

NovelsKiDunia

وہ اب پہلے جیسا نہیں ہوسکتا تھا۔ پہلے کی طرح ''زندہ'' نہیں ہوسکتا تھا۔ اسے اب کوئی بات متحرک نہیں کرتی تھی۔ اب کوئی خواب مسحور نہیں کرتا تھا۔ اب کوئی خواہش، کوئی امنگ بھی نہیں رہی تھی۔ اسے اپنا آپ کسی شے میں قید ہوتا ہوا محسوس ہوتا تھا۔

حیدر چاہتا تھا وہ اسکول جائے۔ اس نے ہر ممکن کوشش بھی کی۔ اسے سمجھاتا بھی رہا مگر فارس کسی صورت اس کی بات ماننے کو تیار نہ تھا۔ وہ کچھ دن کے لیے چلا جاتا، پھر آ جاتا۔ دوبارہ بیٹھ کر سمجھاتا۔ اس کے ذمے ایک کام تھا۔ اسے وہ کام ہر صورت پورا کرنا تھا۔

"آپ کو اپنی تعلیم حاصل کرنی چاہیے۔ آگے بڑھنا چاہیے۔" اس دن بھی وہ ملنے آیا تو سمجھانے لگا۔ راحم صوفے پر نیم دراز کرچ کرچ چپس کھاتے ہوئے انہیں ہی دیکھے جا رہا تھا۔

"جب اس نے اپنی زندگی برباد کرنے کا فیصلہ کر ہی لیا ہے تو تم اسے کیوں فورس کر رہے ہو؟" اسٹرا منہ میں دبا کر ایک لمبا گھونٹ بھرا۔ حیدر ہمیشہ ہی اس کے ٹانگ اڑانے پر زچ ہوتا تھا۔ ایک تو اسے فارس کو ذہنی طور پر تیار کرنا نہیں آ رہا تھا۔ دوسرا جو ذہن سازی وہ تعلیم کے فوائد گنوا کر کرتا تھا، اسے راحم فنا کر دیتا تھا۔

"پڑھائی وڑھائی میں کچھ نہیں رکھا۔ غنڈے بن جاؤ۔ بڑا اسکوپ ہے۔"

"راحم!" حیدر نے گھور کر اسے متنبہ کیا تھا۔

"کیا؟" بازو پھیلا کر حیرانی کا اظہار کیا۔

"اپنا منہ بند رکھو اور مجھے بات کرنے دو۔"

"پچھلے دو ہفتوں سے تم بات ہی کر رہے ہو، کوئی حل نکلا؟"

حیدر دانت پیس کر رہ گیا۔

"جب وہ اسکول نہیں جانا چاہتا تو تم اسے کیوں فورس کر رہے ہو؟"

"تم ہمارے درمیان مت آؤ!"

"میں کہاں آ رہا ہوں؟ دیکھو...... میں تو یہاں بیٹھا ہوا ہوں۔" اس نے لاؤنج سے ہانک لگائی۔ وہ دونوں ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھے تھے۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

حیدر کو احساس ہوا۔ اسے فارس کو سمجھانے کے لیے کسی الگ کمرے کا انتخاب کرنا چاہیے۔ جہاں راحم کی کوئی مداخلت نہ ہو مگر ایسا ہو نہیں سکتا تھا۔ ابھی بات ہو ہی رہی تھی کہ گھنٹی بجنے لگی۔

''اس وقت کون آ گیا؟'' راحم جز بز ہوتا کاہلوں کی طرح صوفے سے اٹھ کر دروازے پر گیا۔ اس نے چھوٹی سی کھڑکی سلائیڈ کر دی۔ سامنے جیمز اور ولیم کھڑے تھے۔

''ہم طوطے سے ملنے آئے ہیں۔''

''طوطا سو رہا ہے۔'' اس نے سلائیڈ کھٹ سے بند کر دی۔

دوبارہ بیل بجی تو اس نے سلائیڈ دوبارہ کھولی۔

''اگر میں قاتل کو ہی پولیس فورس میں شامل کر دوں اور اسے تمام قتل کیس انویسٹی گیٹ کرتا دکھاؤں تو......؟'' دانستہ رک کر فاتحانہ مسکراہٹ دکھائی کہ اب تو انوکھا آئیڈیا مل ہی گیا۔

''تم ابھی بھوتوں پر کام کرو۔ اس پر بعد میں آنا۔''

''اوہ بھوتوں سے یاد آیا۔ مسٹر ڈیل سمتھ کا گھر ہانٹڈ ہے کیا؟''

''نہیں۔''

''لیکن مجھے ایسا کیوں لگتا ہے؟''

''تمہارے دماغ میں کوئی خلل ہوگا۔'' بڑبڑا کر سلائیڈ بند کی اور اس سے قبل کہ دوبارہ بیل بجائی جاتی اس نے سلائیڈ کھول کر سر آگے کیا۔

''لسن مسٹر ولیم!''

''جیمز......!'' فوراً اسے ٹوکا گیا۔

''میں اس وقت بہت مصروف ہوں۔ بہت زیادہ۔ میرے پاس تمہارے کسی سوال کا کوئی جواب نہیں ہے۔''

عقب میں حیدر نے جھٹ سے دروازہ کھول کر اسے باہر دھکیل دیا۔ ”نہیں یہ بالکل مصروف نہیں ہے۔اسے لے جاؤ۔ٹاٹا، بائے بائے!“

اس سے پہلے کہ وہ سیڑھیوں پر توازن سنبھالتے ہوئے سیدھا ہوتا، دروازہ زور سے بند ہو گیا۔

”حیدر!“ وہ دروازہ بجاتے ہوئے چلایا۔سلائیڈ سے اس کے جوتے باہر پھینک دیے گئے۔

”کیا ہے یار! دروازہ کھولو۔“

مگر حیدر بے حد سنجیدگی سے فارس وجدان کے سامنے جا بیٹھا۔اسے لگا اب وہ بہت سکون سے بات کر سکتا ہے۔اسے سمجھا سکتا ہے۔

باہر راحم نے گردن موڑ کر جیمز اور ولیم کو دیکھا۔اس کی ایسی عزت افزائی پر انہیں ہنسی آئی تھی مگر وہ سنجیدہ سا چہرہ بنائے کھڑے تھے، جیسے انہوں نے تو اسے باہر نکلتے دیکھا ہی نہیں تھا۔

☆......☆......☆

پاکستان سے آئے ہوئے جمیلہ داؤد کو پورے چار ماہ ہو چکے تھے اور اس دوران وہ ایک لمحے کے لیے خود کو فارس کے معاملے سے غافل نہیں کر سکی تھیں۔ان کا دل ہر ایک شے سے اچاٹ ہو چکا تھا۔وہ اپنے اسٹوڈیو میں اب نہیں جاتی تھیں۔پینٹنگز ادھوری تھیں۔کام نامکمل۔دل واہموں میں ڈوبا رہتا تھا۔آنکھیں فکرمندی سے نم ہونے لگتی تھیں۔فارس انہیں بہت یاد آتا تھا۔انہیں اس کی بہت فکر رہتی تھی۔وہ صورت حال کا جائزہ لیتیں تو انہیں اپنا آپ مجرم لگتا تھا۔وہ پاکستان میں تھیں تو انہیں اسٹینڈ لینا چاہیے تھا۔جیسی دھمکی دی تھی تو اس پر قائم بھی رہنا چاہیے تھا۔انہیں فارس کو چھوڑ کر نہیں آنا چاہیے تھا۔انہیں اپنا وعدہ نبھانا چاہیے تھا۔

جانے اب وہ کیسا ہو گا۔کس حال میں ہو گا۔اعظم شیرازی نے اب کے اس کے ساتھ کیا کیا ہو گا۔کسی اور شہر میں بھیج دیا ہو گا یا پھر ابھی بھی وہ اسلام آباد میں ہو گا؟

وہ رات دیر تک جاگتی رہتیں۔ راہداری میں ٹہلتے ہوئے باہر لان میں پہنچ جاتیں۔ تاریک رات کے دامن میں کتنی ہی دیر تک پچھتاووں میں گھری رہتیں۔ وہ بے بس تھیں۔ وہ اس کے لیے کچھ بھی نہیں کر سکتی تھیں۔ یہ احساس ان کے دل پہ بھاری پڑتا تھا۔

انہیں مین ہٹن نیچ پر اپنے عالی شان گھر میں ایک پرفیکٹ وائف، ایک پرفیکٹ ماں کے روپ میں رہنا ہوتا تھا۔ وہ اپنی ذمہ داریوں سے غافل نہیں تھیں مگر ضمیر کا بوجھ اور حالات کی بے بسی نے انہیں عجیب دوراہے پر لا کھڑا کیا تھا۔ وہاں جہاں صرف دکھ، اذیت اور پچھتاووں کے سوا کچھ نہیں رہا تھا۔

دن بدن ان کی صحت گرتی جا رہی تھی۔ سوچ اور خیالات نے برانگیختہ جذبات کی بھٹی میں دھکیل دیا تھا۔ ڈاکٹر مصطفیٰ سے ان کا رابطہ نہیں ہو سکا تھا، فارس وجدان سے بھی نہیں ہو سکا تھا۔ وہ اب کہاں تھا اس کی کوئی خبر نہ تھی۔ سکون ختم، بے قراری انگ انگ میں سما چکی تھی۔ وہ بیمار ہو کر بستر سے لگ گئیں۔ اعظم شیرازی امریکا آئے تو ان کی حالت دیکھ کر دنگ رہ گئے۔ وہ برسوں کی بیمار لگ رہی تھیں۔

''یہ کیا حالت کر لی ہے تم نے اپنی؟'' وہ بیڈ پر نیم دراز تھیں اور وہ ان کے پاس کرسی پر بیٹھے تھے۔ بہو تھی۔ بیٹیوں جیسی تھی۔ اس کی ایسی حالت دیکھی نہ گئی۔ وہ چپ ہی رہی تھیں۔ کوئی شکوہ اور شکایت نہیں کی تھی۔ کوئی حوالہ نہیں دیا تھا۔ کوئی مطالبہ نہیں کیا تھا۔ وہ پتھر تھے، ان کا دل موم نہیں ہو سکتا تھا۔ ان کی خواہش ناممکن سی تھی۔ وہ کچھ دیر تک بیٹھے رہے تھے۔ شام میں دوبارہ بھی آئے۔

بیڈ سائیڈ ٹیبل پر ایک صفحے پر کچھ لکھ کر رکھ دیا۔ چلے گئے تو انہوں نے اٹھا کر دیکھا۔

ٹکونیا ہاؤس۔ مکمل ایڈریس۔ نیچے عبارت تھی۔

''اب لندن تم اس حالت میں تو جا نہیں سکو گی!''

اور وہ صدمے سے گنگ اپنی جگہ بیٹھی رہ گئیں۔ آنکھوں پر یقین نہیں آیا تھا۔ نظر دھندلی ہونے لگی تھی۔ دل ساکن ہو گیا تھا۔ سر اٹھا کر دروازے کی طرف دیکھا۔ کاغذ مٹھی میں لیے، لحاف ہٹا دیا۔ کس

قدر کوشش سے قدم اٹھاتی باہر آئیں۔

''ممی! آپ یہاں......!'' حماد فریج سے کچھ نکال رہا تھا۔ فوراً ان کے پاس آ گیا۔

''تمہارے دادا کہاں ہیں؟''

''وہ تو چلے گئے۔ نو بجے ان کی فلائٹ ہے جرمنی کی۔ پاپا بھی ساتھ جا رہے ہیں۔ آپ سو رہی تھیں اس لیے جگایا نہیں میں نے۔''

وہ انہیں کندھوں سے تھامے کھڑا تھا۔ ان کی آنکھیں نم ہو رہی تھیں۔ وہ ایک دم سے روتے ہوئے نیچے بیٹھ گئی تھیں۔

''ممی!''

ان کے دل پر بڑا بوجھ تھا۔ انہیں لگ رہا تھا وہ مر جائیں گی۔ انہوں نے سسکتے ہوئے آنکھوں پر ہاتھ رکھا۔

حماد سمجھ نہیں پایا وہ کیا کہہ رہی تھیں۔

''ممی! آپ میرے ساتھ اندر چلیں۔ آرام کریں۔ آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔'' وہ انہیں سہارا دے کر اٹھاتے ہوئے اندر لے گیا تھا۔ وہ اسے بتانا چاہتی تھیں۔ ان کی طبیعت ابھی ہی تو ٹھیک ہوئی تھی۔ جو گمان میں نہیں تھا، وہ ہو گیا تھا۔ اعظم شیرازی نے انہیں فارس سے ملنے کی اجازت دے دی تھی۔ وہ ابھی بھی بے یقینی کی سی کیفیت میں تھیں۔

ایسا کیسے ہوا تھا؟ انہوں نے فیصلہ کیسے بدل لیا تھا؟ انہوں نے فارم ہاؤس میں جس سختی سے بات کی تھی تو انہیں لگا تھا وہ زندگی بھر اسے ملنے نہیں دیں گے۔ مگر اب اچانک سے اجازت دے کر انہوں نے حیران کر دیا تھا۔

انہوں نے اگلے دن انہیں فون کیا۔ وہ ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتی تھیں۔

https://novelskidunya.com/

''طبیعت کیسی ہے تمہاری؟'' وہ پوچھ رہے تھے۔

''بہتر ہوں!'' وہ اتنا ہی کہہ سکیں۔

''بہتر ہی رہنی چاہیے۔ اپنا خیال رکھو لڑکی!'' ان کے لہجے میں شفقت بھرا تحکم تھا۔ انہوں نے لب کاٹتے کھڑکی سے باہر ساحل سمندر کی طرف دیکھا۔

''بابا! میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ آپ کا یہ احسان میں کبھی نہیں بھولوں گی۔''

دوسری طرف وہ کچھ دیر تک خاموش رہے۔

''فارس کے ساتھ تمہارے رابطے کا اثر ہماری فیملی پر نہیں پڑنا چاہیے۔ حماد پر بالکل نہیں!'' ان کا لہجہ پھر سے سخت اور تحکمانہ ہو گیا تھا۔

''میں نہیں چاہتا تم اپنی صحت کے حوالے سے لاپروائی برتو۔ یا اپنی زندگی سے اس طرح بے زار ہو جاؤ۔'' سنجیدگی سے مزید سمجھایا۔

''میں کوشش کروں گی۔'' انہوں نے کہا۔ دل سے بھاری بوجھ سرک گیا تھا۔ دعائیں رنگ لے آئی تھیں۔ کبھی سوچا بھی نہ تھا کہ اعظم شیرازی اس طرح انہیں اجازت دیں گے۔

کسی دن ان کا دل اس کے لیے بھی نرم ہو جائے۔ انہوں نے دعا کی تھی۔ اور بہت دل سے دعا کی تھی۔

☆......☆......☆

اگلے دن حیدر آیا تو پندرہ بیس منٹ تک، بند کمرے میں وہ فارس سے بات کرتا رہا۔ راحم نیچے تھا۔ پاپ کارن کھاتے ہوئے کوئی فلم دیکھ رہا تھا۔ ہر تھوڑی دیر بعد نظر اٹھا کر سیڑھیوں کی طرف ضرور دیکھ لیتا تھا۔ جانے کیا بات ہو رہی تھی۔ پھر وہ اسے اپنے ساتھ لیے چلا گیا تھا۔

شام تک واپسی ہوئی تھی۔ اس کے پوچھنے پر حیدر نے بتایا تھا وہ اسے کسی سائیکاٹرسٹ کو دکھانے

https://novelskidunya.com/

کے لیے لے گیا تھا۔ اگلا سیشن ایک ہفتے بعد تھا اور اس طرح کے کئی سیشن، اگلے کئی مہینوں تک چلنے والے تھے۔ وہ ذہنی طور پر بہت ڈسٹرب تھا اس بات کا ادراک اسے بھی تھا۔

''اس طرح سائیکاٹرسٹ کو دکھانے سے بہتر نہیں ہے کہ اعظم شیرازی صاحب، اب اسے اس کی فیملی کے حوالے کر دیں؟''

حیدر سامنے ہی ضروری کال اٹینڈ کر کے مڑا تو اس نے کہا۔ وہ اس کی بات پر ٹھٹک گیا تھا مگر اس نے پھر یوں ظاہر کیا جیسے کچھ سنا نہ ہو۔

وہ رات میں فارس کو اپنے ساتھ پارک لے گیا۔ اور اگلے کئی دنوں تک وقفے وقفے سے گھماتا پھراتا رہا۔ خیال تھا اس سے اس کی نفسیات پر اچھا اثر پڑے گا۔ مگر اس نے محسوس کیا تھا وہ مزید ڈسٹرب ہو جاتا تھا۔ اسے واپس گھر جانے اور اپنے کمرے میں بند ہونے کی جلدی ہوتی تھی۔

اس کے ساتھ جو کچھ ہوا تھا حیدر کو اس کا بہت افسوس تھا۔ وہ صحیح معنوں میں اس کے لیے فکر مند نظر آ رہا تھا۔ وہ چاہتا تھا فارس اسکول جانا شروع کر دے۔ مگر فارس اپنا ارادہ بدلنے کو تیار نہ تھا۔ حیدر مایوس ہو کر چپ ہو گیا۔ جانے کس کی ہدایت اور حکم پر، کہ دوبارہ گھر میں پڑھائی یا اسکول کا بھی ذکر نہ ہوا۔ راحم نے تو خود کو ویسے بھی اس کے معاملات سے دور رکھا ہوا تھا۔ اس کا جو کام تھا۔ وہ صرف وہی کر رہا تھا۔ حیدر نے بھی اسے قائل کرنا چھوڑ دیا تھا۔ اور پھر ایک صبح وہ بگو نیا ہاؤس سے ہی چلا گیا تھا۔

☆......☆......☆

جمیلہ داؤد نے حیدر کو اندر بلایا تھا۔ اعظم شیرازی آرام فرما رہے تھے۔ وہ فارس کے حوالے سے اس سے بات کرنا چاہتی تھیں۔ اس کی خیریت معلوم کرنا چاہتی تھیں۔ حماد کے ایگزامز ہونے والے تھے۔ سو وہ ابھی لندن نہیں جا سکتی تھیں۔ ایک ماہ بعد کا پلان متوقع تھا۔

حیدر ان کے سامنے سر جھکائے مؤدب سا کھڑا تھا اور سنجیدگی سے ان کے سوالات کا جواب دیتا

جا رہا تھا۔ وہ اپنے اندر ایک کرب سا محسوس کرتے اسے سنتی جا رہی تھیں۔

گزشتہ چھ ماہ کا حوالہ وہاں سے شروع ہو رہا تھا جہاں سے وہ اسے چھوڑ کر گئی تھیں۔ وہ ایک دم سے بہت خاموش ہو گیا تھا۔ اس نے کمرے سے نکلنا بھی چھوڑ دیا تھا۔ وہ لان میں واک کے لیے بھی نہیں جاتا تھا۔ وہ رات میں اکثر چیختے ہوئے اٹھ کر بیٹھ جایا کرتا تھا۔

کمرہ روشن ہوتا تھا اور اسے پھر بھی لگتا تھا اندھیرا ہے۔ اس نے فارم ہاؤس سے دو بار فرار کی کوشش کی تھی۔ وہ اپنی سائیکاٹرسٹ کے ساتھ کوئی تعاون نہیں کر رہا تھا۔ اس نے حادثے کے متعلق ابھی تک کوئی معلومات فراہم نہیں کی تھیں۔ وہ اس پر بات بھی نہیں کرنا چاہتا تھا۔ اب اس کی صحت بہتر تھی مگر ذہنی طور پر وہ بہت ڈسٹرب تھا۔ وہ اب اسکول جانے کو تیار نہیں تھا۔

انہوں نے حیدر کو جانے کی اجازت دے دی اور خود کتنی ہی دیر تک وہاں بیٹھی رہیں۔ اعظم شیرازی نیند سے بیدار ہونے کے بعد تیار ہو کر نیچے آئے تو وہ انہیں ملازم کے ہمراہ باہر جاتا دیکھتے ہوئے گلاس وال کے پاس آ کھڑی ہوئیں۔

آٹھ ماہ گزر چکے تھے اور فارس وجدان ابھی تک اس حادثے کے اثر سے باہر نہیں نکلا تھا۔ وہ اس طرح اپنے خول میں پہلے کبھی بند نہیں ہوا تھا۔ شاید اس لیے کہ تب وہ اس کے پاس ہوتی تھیں۔ یا پھر ڈاکٹر مصطفیٰ۔ جن کی موجودگی کا اس کی زندگی پر گہرا اثر تھا۔ وہ ان کی ہی وجہ سے اپنے ہاسٹل میں ایڈجسٹ ہو پایا تھا۔

''تو کیا اعظم شیرازی نے فارس کی حالت کے پیش نظر انہیں ملنے کی اجازت دی تھی؟'' وہ اپنی جگہ، اپنے اندر لمحے بھر کے لیے سکتے میں آئی تھیں۔

''کیا یہ فیصلہ فارس کی وجہ سے بدلا گیا تھا؟ کیا انہیں اس کی فکر تھی؟ اس کے مستقبل کی، اس کی زندگی کی؟'' وہ آنکھوں میں پریشانی لیے انہیں دیکھ رہی تھیں۔ ملازم نے بریف کیس گاڑی میں رکھ دیا

تھا۔ دوسرے نے عقبی دروازہ کھول دیا تھا۔ وہ اپنی سفید رنگ کی گاڑی میں سوار ہو رہے تھے۔ انہوں نے گہرا سانس لے کر انہیں دوبارہ دیکھا۔

''کیا دعائیں رنگ لا رہی ہیں؟ کیا ان کا دل اب اس کے لیے نرم ہو رہا ہے؟ کیا اب وہ اسے اپنا بنا لیں گے؟''

ذہن میں ایک مثبت خیال اجاگر ہوا۔ انہوں نے امید قائم رکھی۔ دعا جاری رکھی۔

''سب ٹھیک ہو جائے گا۔'' زیرِ لب دہراتے اپنے سسر کو دیکھا۔

''سب ٹھیک ہو جائے گا!'' وہ واپس پلٹ گئیں۔

اس رات انہوں نے حیدر کے دیے گئے نمبر پر فون کیا۔ نمبر راحم کا تھا۔ وہ اعظم شیرازی کے خاندان کے ایک ایک فرد کو جانتا تھا۔ ان سے بات کرتے ہی انہیں پہچان گیا۔ وہ فارس سے بات کرنا چاہتی تھیں۔ اس نے کچھ ہی دیر میں موبائل فارس کو دے دیا۔ اس نے صرف ''ہیلو'' کہا۔ اور ان کی آنکھیں نم ہو گئیں۔ جانے کیوں انہیں لگ رہا تھا وہ ان کی آواز سنتے ہی فون بند کر دے گا۔ انہوں نے اپنا وعدہ پورا نہیں کیا تھا۔ وہ اسے چھوڑ کر چلی گئی تھیں۔ وہ چپ تھیں۔ ان سے کوئی بھی لفظ ادا نہیں ہو رہا تھا۔ وہ نہیں چاہتی تھیں فارس فون بند کر دے۔

''فارس......!''

''ممی؟'' وہ انہیں جان گیا۔ پہچان گیا۔ اسے اس طرح سے فون صرف وہی کر سکتی تھیں مگر اسے بھی یقین نہیں آیا تھا۔ انہوں نے اسے فون کیسے کر لیا تھا۔ وہ اس تک کیسے پہنچ گئی تھیں۔ سر اٹھا کر راحم کو دیکھا۔ وہ اپنے طوطے کے ساتھ باتوں میں لگا ہوا تھا۔

اس نے فون بند نہیں کیا۔ گرفت بڑھائے کھڑا رہا۔ ان سے بولا نہیں جا رہا تھا۔ اس سے بھی نہیں..... کہ ذہن ایک دم سے خوف اور اندیشوں میں گھر گیا تھا۔

وہ نہیں چاہتا تھا مزید کوئی بدمزگی ہو یا اس کے دادا جمیلہ داؤد پر غصہ کریں۔ وہ نہیں چاہتا تھا دادا اس کے لیے لڑیں یا کوئی اسٹینڈ لیں۔

''فارس!'' انہوں نے پکارا۔ اس نے جواب نہیں دیا۔ کافی دیر تک نہیں دیا۔

''اس طرح نہیں کرو۔ مجھ سے بات کرو بیٹے۔'' ان کی آواز بھیگی ہوئی تھی۔

راحم نے گردن موڑ کر فارس کی طرف دیکھا۔ اس کی آنکھیں ضبط سے سرخ پڑ رہی تھیں۔ چہرے پر کرب ٹھہرا ہوا تھا۔ اس عرصے میں پہلی بار اس نے فارس وجدان کے تاثرات بدلتے دیکھے تھے۔

''مجھے معاف کر دو۔ اپنی ممی کو معاف کر دو۔ میں تمہیں چھوڑ کر چلی گئی۔''

''آپ مجھے فون مت کریں۔'' بولا تو یوں جیسے کافی عرصے بعد بولنے کی طاقت ملی ہو۔

جمیلہ کے دل پر ضرب لگی۔

وہ ڈرا ہوا نہیں تھا۔ وہ جانتی تھیں، فارس یہ بات ان کی فکر میں کہہ رہا تھا۔ وہ خود کو ہر صورت ان سے دور رکھنا چاہ رہا تھا۔ اس نے فون بند کر دیا۔ اس کے بعد جتنی بار انہوں نے کوشش کی، فارس نے ان سے بات نہیں کی تھی۔

☆......☆......☆

صبح سویرے فارس وجدان کو اسکول یونیفارم میں ملبوس دیکھ کر راحم اپنی جگہ گنگ رہ گیا۔ جس طرح کی ضد اس نے باندھی تھی اسکول نہ جانے کی اور جس قدر ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس نے حیدر کو تنگ کیا تھا تو اب اچانک اسکول جانے کا فیصلہ کر کے اس نے حیران کر دیا۔ وہ کچھ دیر تک مشکوک نگاہوں سے اسے دیکھتا رہا۔ کسی سائے کی طرح دن رات اس کے ساتھ مسلط رہنے کے باوجود وہ اس کی سوچ کو کسی طور پڑھ نہیں پا رہا تھا، نہ ہی اس کے ارادوں کو سمجھ پا رہا تھا۔

ذہن میں ایک ہی لمحے میں بہت کچھ گھوم گیا۔ اسکول کے بہانے وہ کہیں فرار ہونے کا تو نہیں

https://novelskidunya.com/
NovelsKiDuniya

سوچ رہا؟ یا پھر اسکول کی بلڈنگ سے چھلانگ لگانے کا تہیہ کیا ہو؟ کہیں اسکول میں کوئی مسئلہ کھڑا کر کے اعظم شیرازی کے لیے مسائل تو پیدا نہیں کرنا چاہ رہا۔

"تم تو کہتے تھے کبھی اسکول نہیں جاؤ گے! اچانک کیا بدل گیا؟"

"مجھے لگتا ہے انتقام کے لیے اسکول جانا بہت ضروری ہے۔"

راحم کی بولتی صحیح معنوں میں بند ہوئی تھی۔ انتقام کیسا تھا، کس نوعیت کا تھا اسے سمجھنے کے لیے مسلسل ایک ہفتے تک اسے فارس کے ساتھ اس کے اسکول جانا پڑا تھا۔

وہ کلاس کے اندر، بریک کے وقت، پلے گراؤنڈ میں، غرض ہر جگہ ایک گارڈ کے روپ میں اس کے ساتھ ساتھ رہا۔ پورے ایک ہفتے بعد وہ اس نتیجے پر پہنچا کہ فارس وجدان کا فوکس اپنی پڑھائی کے سوا اور کہیں نہیں تھا۔ پورے ایک ہفتے کی بے آرامی کے بعد وہ پرسکون ہو کر سویا۔ دوپہر میں اسکول کی طرف سے کال گئی۔ اس نے کسی لڑکے کا بازو توڑ دیا تھا۔

☆......☆......☆

اس نے بازو نہیں توڑا تھا۔ صرف ایک سینیئر لڑکے کے تنگ کرنے پر، اپنا دفاع کرنے کی کوشش کی تھی اور نتیجتاً وہ اپنے ہی وزن سے الجھ کے سیڑھیوں سے گر کر اپنا بازو تڑوا بیٹھا تھا۔ سینیئر لڑکا بضد تھا اسے سیڑھیوں سے جان بوجھ کر، اس وقت گرایا گیا جب کہ وہ کچھ بھی نہیں کر رہا تھا۔ لڑکا موٹا تھا اور لمبا تھا۔ اسے سیڑھیوں سے پکڑ کر گرانا کم از کم فارس کے بس کی بات نہیں تھی۔

راحم نے پوری صورت حال کا تجزیہ کر کے بحث مباحثے میں موٹے لڑکے کی اماں کو ایسا الجھایا کہ وہ بوکھلا گئیں۔ فیک شہادتوں کے باوجود پرنسپل کو ماننا پڑا کہ غلطی اس لڑکے کی ہی تھی۔ اتنی مشکل سے پورے مسئلے سے جان چھڑا کر وہ اسے گھر لایا اور پھر جو شروع ہوا تو دس پندرہ منٹ تک مسلسل برستا گرجتا ہی رہا۔

''تم ایک بار واضح طور پر ہمیں بتا دو کہ تم چاہتے کیا ہو تا کہ ہم تمہارے اعظم شیرازی صاحب کو بتا دیں۔اور پھر وہ تمہارا کوئی مستقل حل دیکھیں۔''

اس کا کوئی مستقل حل نہیں تھا۔وہ چپ چاپ بیٹھا رہا۔

☆......☆......☆

راحم کو ہمیشہ سے لگتا تھا جیسے اس کے دماغ میں کچھ چل رہا ہے۔وہ کچھ سوچ رہا ہے، کچھ بن رہا ہے۔لیکن کیا؟ اس کا اندازہ کسی صورت ہو نہیں پاتا تھا۔گن کر چند ایک لفظ ہی تھے جو وہ ادا کرتا تھا۔میڈ کے کچھ سوالات جس کے بیشتر جواب ہاں یا نہیں پر مشتمل ہوتے تھے۔زیادہ تر وہ اپنے کمرے تک محدود ہوتا تھا۔اسکول میں بھی کوئی دوست نہ تھے، واپسی پر بھی وہ تقریباً اکیلا ہی ہوتا تھا۔جیمز اور ولیم نے بھی ایک بار شکوہ کیا تھا وہ ان سے کوئی بات نہیں کرتا۔ان کے خیال میں ان کے پڑوس میں صرف راحم ہی تھا جو مسٹر پرفیکٹ تھا۔جوان کا خیال رکھتا تھا۔وہ اس کے بہت بڑے فین تھے۔

مسز گرانٹ البتہ اس کی خاموشی اور لیے دیے سے انداز کو کسی خاطر میں نہیں لاتی تھیں۔صرف اس لیے کہ برف ہٹانے میں اس نے ذرا سی مدد کر دی تھی وہ اس کی دیوانی ہو گئی تھیں کہ ایسا کوئی احسان ان پر بگونیا ہاؤس کے مکینوں کی طرف سے پہلے کبھی نہیں کیا گیا تھا۔فارس کا احسان تھا کہ اتر ہی نہیں رہا تھا۔خصوصی کو کیز دینے آتی تھیں۔ بھاری بھر کم وجود سنبھالے کتنی ہی دیر تک صوفے پر بیٹھی رہتیں۔عینک درست کرتی کتاب پڑھے جاتیں۔فلورا پنجرے میں پھڑ پھڑا رہی ہوتی اور راحم کا طوطا ہیری اس کی آواز میں جواب دے رہا ہوتا۔

دونوں کا ملن کسی صورت ممکن نہ تھا کہ راحم اور مسز گرانٹ کے تعلقات کچھ اچھے نہ تھے۔وہ بگونیا ہاؤس میں راحم کو زچ کرنے اور مکمل نظر انداز کرنے کے لیے بھی آتی تھیں۔ایسا ناہنجار پڑوسی کبھی کسی دشمن کو بھی نصیب نہ ہو۔آتے جاتے، اپنے گلاسز کو درست کرتے، اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے، وہ جز بز ہوتا رہتا۔

https://novelskidunya.com/

سامنے آؤ تو مسئلہ، نہ آؤ تو بھی مسئلہ......!

اس دن فارس اپنے اسکول سے واپس آیا تو چہرے پر، گال اور آنکھ کے اوپر سوجن کا نشان واضح تھا۔ ہونٹ کا کونا بھی سرخ ہو رہا تھا۔ دونوں کے مابین کوئی بات نہیں ہوتی تھی تو استفسار کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا مگر جب دوسرے اور پھر تیسرے دن بھی اس کے ہاتھ کی پشت پر بھی زخم کا نشان نظر آیا تو رہا نہیں گیا۔

''یہ روز تم کس سے مار کھا کر آتے ہو؟'' فارس نے ذرا سی نظر اٹھا کر اسے دیکھا۔ اور خاموشی سے کھانا کھاتا رہا۔ اگلے دن وہ اس کے پیچھے اسکول تک گیا۔ چھپ کر۔ واپسی پر بھی سڑک کے اس پار پوشیدہ ہی رہا۔ چند لڑکوں نے اسے گھیرا تھا۔ پھر وہ عقب میں عمارت کی طرف چلا گیا تھا۔ وہاں سے دائیں طرف اور بائیں طرف۔ راحم کسی ممکنہ خطرے کے احساس سے بھاگا اور پھر جھٹکے سے رک گیا۔ وہ دو لڑکے تھے۔ عمر میں بھی بڑے تھے۔ فارس اس قدر بے دردی سے پیٹ رہا تھا کہ اگر جو وہ اس کے پاس جا کر، اسے کھینچ کر پیچھے نہ ہٹاتا تو یقیناً اس لمبے چوڑے کارٹون نما لڑکے کی شکل مزید بگڑ چکی ہوتی۔ لڑکے اسے دیکھتے ہی بھاگ گئے۔

راحم کو یقین نہیں آیا۔ صدمے سے اسے دیکھے گیا۔

''تم پڑھنے جاتے ہو یا بدمعاشی کرنے؟'' گھر پہنچتے ہی بلاوجہ کا ذرا رعب جھاڑ کر پوچھنا چاہا۔

''تمہارا مطلب ہے، چپ چاپ مار کھاتا رہوں؟'' سوال سادہ تھا۔ راحم کا منہ بند ہوا۔ بازو چھڑا کر اس نے اپنا بیگ اٹھایا اور چلتا بنا۔ شام میں اس نے حیدر کو رپورٹ دی۔

''اگر کبھی تمہیں یہ خبر ملی کہ کسی کا سر پھاڑنے، بازو توڑنے یا لاتیں مارنے کی پاداش میں فارس جیل میں ہے تو مجھے الزام مت دینا۔''

''کیا مطلب؟ تمہیں الزام مت دوں؟ تم وہاں کس لیے ہو؟ نظر نہیں رکھ سکتے اس پر؟ سمجھا نہیں سکتے؟'' حیدر نے جھاڑ کر رکھ دیا۔

''میں کوئی اس کا باپ ہوں جو اسے ایسی نصیحتیں کروں؟ اور تمہیں اس کے ایٹی ٹیوڈ کا جیسے کوئی اندازہ نہیں ہے۔''

''تم پیسے کس چیز کے لے رہے ہو؟'' حیدر کو غصہ چڑھ گیا تھا۔

''یہ جو رپورٹ میں نے تمہیں دی ہے، اس کے۔'' وہ صوفے پر پنجوں کے بل بیٹھا تھا۔ فون کان سے لگائے، گھنگھریالے سرخی مائل شیڈ دیتے بالوں میں عادتاً ہاتھ پھیرتے ہوئے، چیونگم چباتے ہوئے۔

''راحم آفاق؟'' حیدر غرایا۔

''اوہ! کہیں تمہیں یہ خوش فہمی تو نہیں تھی کہ میں بے بی سٹر ہوں اس کا؟ مجھے نہیں لگتا اسے میری کسی انسٹرکشن کی ضرورت ہے۔''

حیدر نے فون ہی کاٹ دیا۔ اسے انہونی سی خوشی کا احساس ہوا کہ اب تو حیدر کچھ ماہ کے لیے یہاں ضرور آئے گا مگر خوشی وقتی تھی۔ کچھ ہی دیر میں اسے دھمکیوں بھرا ایسا پیغام موصول ہوا کہ اسے پڑھتے ہوئے جھنجھلا کر رہ گیا۔

سمجھ میں نہیں آیا فارس سے کیا کہے کہ کسی کا منہ توڑنا بہت بری بات ہے۔ بھلے سے وہ آپ کا ہاتھ بھی توڑ دے؟

دروازے پر دستک دیتا اس کے کمرے میں داخل ہوا۔ اسے اپنے ساتھ باہر کھانا کھانے کی دعوت دی۔ فارس چند لمحوں تک بیٹھا رہا۔ پھر اٹھ گیا۔ آدھے گھنٹے کے بعد وہ ایک ریستوران میں آمنے سامنے موجود تھے۔

کھانا پیش کر دیا تو راحم نے گلا کھنکھار کر، لمبا چوڑا سا لیکچر دیا کہ جیل جانے سے بہتر ہے کہ اگر کچھ لڑکے اسے تنگ کریں بھی تو وہ فرار ہو جائے، ان کے ہاتھ نہ آئے لیکن ان پر ہاتھ نہ اٹھائے۔ اسے قطعی طور پر سمجھانا نہیں آ رہا تھا۔ لاتوں اور گھونسوں سے باتیں کرنے والا، کیسے کہہ دے چپ چاپ مار

کھاتے رہو، جواب نہ دو؟

حیرت انگیز طور پر اس کا الٹا سیدھا عجیب وغریب دلیلوں والا لیکچر فارس وجدان نے چپ چاپ سنا۔ ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ وہ براہ راست اس سے مخاطب تھا۔ اور فارس چپ چاپ اسے سن رہا تھا۔ اور پھر مختصر اور چھوٹی چھوٹی باتوں پر دونوں کے درمیان باضابطہ طور پر گفتگو سی شروع ہوئی۔ اس کے کچھ مختصر لاجواب کرتے ہوئے سوال تھے۔ راحم خاموشی سے سن رہا تھا۔ کچھ جواب دے رہا تھا، کچھ پر جھنجلا رہا تھا۔

''میں نے یہ کب کہا ہے مار کھاتے رہو، جو حالت تم نے ان کی کی ہوئی تھی اس سے بہتر نہیں ہے کہ بھاگ جاؤ، ان کے ہاتھ ہی نہ آؤ۔ سمپل!''

برگر کھاتے ہوئے وہ رک کر اس کی شکل دیکھنے لگا۔

''کیا غلط کہہ دیا میں نے جو ایسے گھور رہے ہو؟'' رک کر اپنا کین اٹھایا۔ ''شریفوں کی طرح رہنا سیکھو۔ انسان کو اپنا رعب بنا کر رکھنا چاہیے۔ یہ کیا کہ دو چار لڑکے اکٹھے ہوئے تو ان پر پل پڑو۔ اور میں نے تمہیں دیکھا تھا تم تو ایسے لڑ رہے تھے جیسے ان کی جان لے لو گے۔''

شاید وہ خود بھی نہیں جانتا تھا کیا کہہ رہا تھا۔ فارس سر جھٹک کر پھر سے کھانے لگا۔ کوئی جواب نہ دیا۔

باہر نکل کر فٹ پاتھ پر چلتے ہوئے، اطراف کا نظارہ کرتے، ایک لمبا چوڑا سا لڑکا راحم کے قریب سے گزرا، جیب میں ہاتھ ڈال کے والٹ چراتا ہوا۔ راحم نے پکڑ کر، بازو مروڑ کر، دو چار لاتیں گھونسے مارتے اسے دھنک کر رکھ دیا۔ بے چارا معافیاں مانگتا، جان چھڑاتا ہی رہ گیا۔ مگر وہ بلکتا جھکتا اسے کسی طور چھوڑنے کو تیار ہی نہ تھا۔

اور جب اسی ہاتھا پائی میں فارس پر نظر پڑی تو اسے ایک دم سے صبر وتحمل کی اس مثال کا خیال آیا جو وہ فارس پر قائم کرنا چاہتا تھا۔ گرفت ڈھیلی ہوئی۔ شریفوں کی طرح رہنے والا سارا امیج برباد ہو گیا۔ لڑکا اپنی جان بچا کر بھاگا۔

راحم برف پر مردہ سا ڈھے گیا۔اس نے آنکھیں بند کرلیں۔وہ مر چکا ہے۔اس نے ظاہر کیا۔
فارس نے بھی یقین کرلیا۔کچھ بھی کہے بغیر وہاں سے چلا گیا۔

☆......☆......☆

رات کا جانے کون سا پہر تھا اس کی ایک جھٹکے سے آنکھ کھل گئی اور وہ اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔سر تھامے،
بمشکل سانس لیتے ہوئے، ہانپتے ہوئے۔یوں جیسے میلوں دوڑتا رہا ہو۔
باہر بارش ہو رہی تھی۔بجلی گھن گرج اور کڑک کی آواز پر تھوڑی دیر بعد فضا پر چھا جاتی تھی۔اسے
اپنے سینے میں درد اٹھتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔اس کا سر پھٹ رہا تھا۔سماعت میں مخصوص آوازیں،
ہتھوڑے کی طرح برس رہی تھیں۔
مخصوص دھن کی آواز، فائرنگ، کار ایکسیڈنٹ کے دوران جب چھماکے سے شیشے ٹوٹے تھے اور
جب اسے گولی لگی تھی۔وہ روتے ہوئے آگے کو جھک گیا۔
کمرے کا دروازہ ہمیشہ کی طرح ہلکا سا کھلا ہوا تھا۔راحم راہداری سے گزر رہا تھا۔ٹھٹک کر رک گیا۔
دروازے تک آیا اور پھر اپنی جگہ کھڑا رہ گیا۔فارس وجدان کو اس کے ساتھ بگونیا ہاؤس میں رہتے یہ تیسرا
مہینہ تھا۔اور اس عرصے میں پہلی بار وہ اسے سر پکڑ کر اور اس قدر بے بسی سے روتا دیکھ رہا تھا۔اس کی
سسکیاں بارش کے شور میں بھی نمایاں ہو رہی تھیں۔اس کا وجود بری طرح سے کپکپا رہا تھا۔وہ چھوٹے
بچوں کی طرح رو رہا تھا۔وہ اندر داخل ہوتے ہوتے رک گیا۔اس کی آواز سنتے اپنی جگہ کھڑا رہا۔
ایک بار پھر تکیے پر سر رکھتے فارس نے اپنے کان پر دوسرا کشن رکھا تھا۔یوں جیسے کسی شور کو دبانا چاہ
رہا ہو۔وہ یوں پریشان اور بے چین تھا جیسے انگاروں کے بستر پر لیٹا ہوا ور اسے کسی پل سکون نہ آتا ہو۔
ذرا سی خاموشی چھائی تو وہ چپ چاپ واپس پلٹ گیا۔اپنے کمرے میں، رائٹنگ ٹیبل کے
سامنے بیٹھ کر، اپنا اسائنمنٹ تیار کرنے کی کوشش کی مگر کر نہ سکا۔ذہن مسلسل الجھا رہا۔کچھ دیر بعد پھر اٹھ

کر گیا تو وہ بظاہر سوتا ہی نظر آیا، مگر اس کے علم میں نہ تھا وہ سچ مچ میں سو گیا تھا یا پھر جاگ رہا تھا۔ وہ اس کے سر پر کھڑا تھا۔

"کیا اس کی ہر رات ایسی ہی ہوتی ہے؟ اس نے پہلے دھیان کیوں نہ دیا؟ پہلے خیال کیوں نہ کیا؟" وہ سوچ کر رہ گیا تھا۔

☆......☆......☆

اگلے دن اس کا اچانک ہی کلائمبنگ سینٹر جانے کا ارادہ بن گیا۔ فارس کو بھی آفر کر دی۔ اس کا خیال تھا وہ بس یونہی آؤٹنگ کے بہانے ساتھ لے جا رہا ہے۔ مگر وہاں جا کر پتا چلا، وہ صرف ایک بہانہ نہیں تھا، وہ اسے ان رول کرنے کے لیے ہی اپنے ساتھ لایا تھا۔

https://novelskidunya.com/

کاسل کلائمبنگ سینٹر میں نہ صرف مسز گرانٹ موجود تھیں بلکہ جیمز اور ولیم بھی اپنی ماں کے ساتھ آئے ہوئے تھے۔

"راحم تمہارا بہت شکریہ! میں یہ تو سوچ رہی تھی کہ انہیں سوئمنگ کلب میں داخل کروا دیتی ہوں مگر یہ ذہن میں نہیں آیا۔ اب تم بھی یہاں ہوتے ہو تو مجھے بہت تسلی رہے گی!"

Novels Ki Dunya

"شکریہ کی کوئی بات نہیں، یہ میرے لیے اعزاز کی بات ہے کہ میں آپ کے کام آیا۔"

جیمز اور ولیم نے اسے آنکھوں ہی آنکھوں میں کھا جانے کی کوشش کی تھی۔ جواباً اس نے بھی ان کی ماں کی نظروں سے بچتے ہوئے منہ چڑایا تھا۔ جانتا تھا ایک کو بلندیوں سے ڈر لگتا تھا۔ دوسرا کچھ موٹا تھا تو چڑھنے میں دقت ہوتی تھی۔

فارس البتہ خاموش تھا۔ وہ صورت حال کو سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا۔

"میں نے ایسی کسی خواہش کا اظہار نہیں کیا تھا۔"

"جانتا ہوں۔ میں اپنی خواہش پر تمہیں یہاں لایا ہوں۔ مہینے کی ممبر شپ کی بات تھی لیکن سوچ

رہا ہوں سالانہ کردوں۔" قلم کے ساتھ ہی اسے فارم پکڑا دیا۔

"اب کس کا حکم آیا ہے؟"

بھنویں اچکاتے وہ اس کی طرف مڑا۔

"حکم؟" یوں انجان بنا جیسے کچھ پتا ہی نہ ہو۔

فارس نے لب بھینچ لیے۔ وہ سر کھجاتا اس کے پاس آیا۔

"تمہاری وجہ سے میں اپنے بہت سے اہم کاموں سے بریک لے چکا ہوں لیکن یہ نہیں چھوڑ سکتا۔ تین ماہ کا بریک کافی ہے۔"

اب کے فارس نے سوالیہ ابرو اٹھائی۔

"تمہیں اگر ذرا دیر کے لیے بھی گھر میں چھوڑ دو تو حیدر یوں ری ایکٹ کرتا ہے جیسے کوئی الارم بم گھر میں رکھ دیا ہو اور وہ بس ٹک ٹک ٹک...... پھٹنے ہی والا ہو۔ اب میں ہر وقت تو گھر بیٹھ کر تم پر نظر نہیں رکھ سکتا۔ اس لیے میں نے سوچا ہے جب باہر کہیں جانا ہوگا تو تم میرے ساتھ ہی جاؤ گے۔ تب تک جب تک حیدر کو یقین نہیں ہو جاتا کہ تم میرے ساتھ بھی اور میرے بغیر بھی بالکل سیف (محفوظ) ہو۔" سنجیدگی سے کہہ کر مڑ گیا۔ فارس کچھ دیر تک بیٹھا رہا پھر اس نے فارم فل کر دیا۔

مسز گرانٹ کاسل کلائمبنگ سینٹر کی ریگولر ممبر تھیں۔ اسے وہاں دیکھ کر بہت خوش ہوئیں۔ اور پھر جیسے یہ ویک اینڈ کا معمول بن گیا۔ وہ راحم کے ساتھ وہاں آنے لگا۔ پڑھائی کے علاوہ یہ پہلی سرگرمی تھی جس میں وہ حصہ لے رہا تھا۔ اسے راک کلائمبنگ کے دوران اپنا فوکس گرفت میں آتے پتھروں پر جمانا ہوتا تھا۔ خود سے طے کرنا ہوتا تھا اسے کب، کس طرف جانا ہے اور کس پتھر پر گرفت بڑھا کر نیچے کس مقام پر اپنا وزن رکھنا ہے۔ کئی بار وہ کریش پیڈ پر توجہ کے فقدان کے باعث گرا تھا۔ اور کئی بار اسے چوٹیں بھی آئی تھیں۔

''بولڈرنگ میں اتنا وقت لے رہے ہو۔ راک کلائمبنگ میں اللہ ہی حافظ ہے۔'' راحم ٹہلتے ہوئے کہے جاتا۔

''گرنے سے ڈرتے ہو، مسلسل گر بھی رہے ہو۔''

''اپنے بازو سیدھے رکھو۔ جوتے کی نوک پر وزن جماؤ۔'' وہ اس کے ساتھ ساتھ ہوتا اور انسٹرکشنز دیے جاتا۔

''تمہاری گرفت مضبوط ہونی چاہیے۔ توازن برقرار نہ رکھنے کی صورت میں، گرنے کا بھی ایک طریقہ تھا۔ گرو تو اس طرح کہ پاؤں میں موچ آئے نہ کوئی چوٹ لگے۔ آپ دوبارہ بھی اٹھ سکیں۔ پھر سے کوشش کر سکیں۔'' مسز گرانٹ وہاں کھڑی رہتیں۔ وہ اس کی ہر حرکت کو ملاحظہ کرتیں۔ اس کے حوصلے بڑھاتیں۔ وہ جب گرتا تو سراہنے لگتیں۔ اٹھنا اگر خاص ہے تو گرنا بھی کوئی عام بات نہیں۔ رات سونے سے پہلے کلائمبنگ سینٹر کا منظر اس کی آنکھوں میں چل رہا ہوتا۔ جاگنگ سے تھکا ہوا ہوتا تو فوراً نیند بھی آ جاتی۔ وہ اب خود میں توانائی سی محسوس کر رہا تھا۔ اندر کا شور تھمنے لگا تھا۔ درد اور تکلیفوں سے کچھ دیر کے لیے توجہ ہٹ رہی تھی۔ سوچنے اور فکر کرنے کے لیے اسے کوئی اور مقصد مل گیا تھا۔

اسے خود کو تھکانا پڑا اور اس نے تھکا دیا۔ مشقت میں پورا زور لگا دیا۔ اسے کچھ وقت لگا اور وہ سیکھ گیا۔

''جتنا فارس کو سپورٹ کرتی ہیں، اس سے تھوڑا سا بھی ہمیں کرتیں تو ہم بھی کاسل اسیسمنٹ فوراً پاس کر لیتے۔'' جیمز اور ولیم ابھی تک بولڈرنگ میں اٹکے ہوئے تھے اور بغیر کسی کی سرپرستی کے ان سے کچھ بھی نہیں ہوتا تھا۔ ان کے برعکس فارس روب کلائمبنگ شروع کر چکا تھا۔ اور دن بہ دن بہتر ہوتا جا رہا تھا۔

''اور نہیں تو کیا۔'' ولیم نے بھی اپنا حصہ ڈالا۔

''وہ تو اپنے کیفے میں ہمیں گھسنے بھی نہیں دیتیں۔ اور فارس وہاں سارا دن بیٹھ کر ہوم ورک کرتا ہے۔ کہتے ہیں رائٹرز کے لیے ایسی جگہیں بہت اچھی ہوتی ہیں۔ ونڈو سائڈ پر بیٹھ کر اگر کچھ سوچو تو اچھے

آئیڈیا ز ذہن میں آتے ہیں۔" وہ رائٹر تھا۔ اسے جگہوں کی بہت فکر رہتی تھی۔

پچھلے بنچ پر راحم آنکھوں پر بازو رکھے چت لیٹا تھا۔ اٹھ کر بیٹھ گیا۔ دونوں بھائیوں کی گردنوں میں بازو ڈالتے ہوئے جھکا۔

"یہ سارا برف کا کمال ہے برو! تم لوگ بھی یہ ٹرک آزما لو۔ سب ٹھیک ہو جائے گا!"

"کیسی ٹرک؟"

"فارس نے مسز گرانٹ کے گھر کے سامنے سے برف ہٹانے میں مدد کی تھی اور دیکھو......" اس نے آنکھوں سے سامنے اشارہ کیا۔ فارس نیچے اترا تھا اور مسز گرانٹ اسے پانی کی بوتل دے رہی تھیں۔

جیمز اور ولیم کی آنکھیں ایک دم سے پھیلیں۔ صرف اتنی سی بات پر اتنی مراعات؟

"ریئلی؟" انہیں یقین نہیں آیا۔

"اور نہیں تو کیا، آزما کر دیکھ لو۔"

"تو کیا پھر وہ ہمیں اپنے کیفے میں بھی بیٹھنے دیں گی؟ کھڑکی کے پاس؟ سارا سارا دن؟"

راحم کندھے اچکاتا واپس بنچ پر دراز ہوا۔ اگلے دن چھٹی تھی۔ صبح صبح ہی وہ دونوں بروم اٹھائے مسز گرانٹ کے گھر پہنچ گئے۔ ڈرائیو وے سے برف ہٹانے لگے۔ اب انہیں تب تک وہاں کھڑے ہو کر یہ کام کرنا تھا جب تک کہ مسز گرانٹ انہیں دیکھ نہ لیتیں۔ انہیں نہیں پتا تھا مسز گرانٹ نو بجے سے پہلے نہیں اٹھتی تھیں۔

راحم کافی کا مگ لیے کھڑکی سے باہر دیکھتا، ہنستا "اوئیس!" کرتا رہا۔

"تم کتنے مکار ہو۔" فارس نے کہا۔

"مکار!" گردن موڑ کر اسے دیکھا۔ حیرت سے......

"اس دن جب تم مسز گرانٹ سے بحث کر رہے تھے، میں سن رہا تھا۔"

''اوہ!'' اس کے لب گول ہوئے۔ آنکھوں میں شرارت اتری۔

''اسے مکر نہیں ذہانت کہتے ہیں۔ ایسا پلان کہ سب کو فائدہ ہو۔'' کافی ٹیبل پر ٹانگ رکھے بیٹھ گیا۔

''فائدہ!''

''ہاں اب دیکھو، جیمز کو مسز گرانٹ کے کیفے میں اپنی کہانی لکھنے کا شوق پورا کرنا ہے۔ مسز گرانٹ چاہتی ہیں، ان کا ڈرائیو وے روز برف سے صاف ہوتا رہے اور میں چاہتا ہوں ہیری کی فلورا سے شادی ہو جائے۔'' مزے سے گھونٹ بھرا۔ ''انہوں نے کہا اگر میں روز یہ کام سرانجام دوں تو ہیری اور فلورا کی شادی ہو سکتی ہے اور میں نے کام کر دیا۔ وہ دیکھو! صفائی ہو رہی ہے۔ ہاہاہا!'' ہنستے ہوئے کھڑکی کی طرف دیکھا۔ ''جیت ہی جیت ہے بھئی! تمہیں تو مجھے اپ سیٹ کرنا چاہیے۔''

فارس آنکھوں میں الجھن سی لیے چند لمحوں تک اسے دیکھتا رہا۔ پھر اس کے تاثرات میں سرد پن اتر آیا۔

''میرے معاملے میں بھی تم نے اپنے اعظم شیرازی صاحب سے ایسا ہی ڈرامہ کیا ہے؟''

راحم آفاق کی مسکراہٹ سمٹی۔ اس نے سر اٹھا کر فارس وجدان کو دیکھا۔ اس کا چہرہ بے تاثر تھا۔

''ون ون سچویشن آئی مین۔''

اپنے ہر معاملے میں فائدہ اور آسانی دیکھنے والا راحم اس پل کچھ کہہ نہ سکا۔

راحم، اعظم شیرازی اور فارس وجدان کے درمیان فائدہ دو فریقین کا تو ضرور تھا مگر اس مشترکہ فائدے میں ایک فریق اپنا خسارہ جتا رہا تھا۔

اس نے کتابیں اٹھائیں اور سیڑھیاں چڑھتا اوجھل ہو گیا۔

شام میں جیمز اور ولیم راحم کا شکریہ ادا کرنے آئے۔ مسز گرانٹ نے نہ صرف انہیں گھر بلا کر ناشتا

کروایا بلکہ جیمز کو کیفے میں بھی بیٹھنے دیا۔اس نے کھڑکی کے پاس بیٹھ کر ایک بہت اچھا سین لکھا تھا۔اس نے وہ سین راحم کو بھی پڑھنے کے لیے۔ برف ہٹاتے کسی دکھی بچے کی روداد تھی جسے وہیں سپر پاور زل گئیں۔ وہ بہت خوش تھا۔مسز گرانٹ اپنی بیٹی سے ملنے گئیں تو فلورا کو اس کے حوالے کر کے گئیں۔دو طوطے ایک ہوئے۔اس نے بڑے پنجرے کا انتظام کیا۔اس کی خوشی دیکھنے لائق تھی۔

فارس اپنی کتاب ہاتھ میں لیے اسے اور پنجرے کو دیکھتا رہا، پھر کروٹ بدل کر کتاب کے صفحے پر نظریں جمالی تھیں۔

☆......☆......☆

کاسل کلائمبنگ سینٹر کے علاوہ وہ اس کے ساتھ جم اور جاگنگ کے لیے پارک بھی جانے لگا تھا۔ یونیورسٹی دوستوں کے ساتھ آؤٹنگ کا پلان بنتا تو راحم اسے بھی زبردستی ساتھ لیے پھرتا۔

''کیا کروں مجبوری ہے! ٹک ٹک ٹک!'' وہ اپنے دونوں ہاتھ جوڑ کر اور پھر ایک دم سے پھیلا کر ہٹاتے ہوئے دھماکے کی نشان دہی کرتا۔

''ایک بچہ ہمارے ساتھ ہے، سب محتاط ہو کر رہنا۔'' راحم اپنے دوستوں میں اعلان کرتا۔اسے اس لفظ ''بچے'' سے بڑی چڑ تھی۔

''تم پتا نہیں کیسے اس کے ساتھ ایک گھر میں رہ رہے ہو۔'' راحم کے دوستوں کو اس سے ہمدردی ہوتی۔

''یہ تو آدھا پاگل ہے!''

''پورا پاگل ہے۔''اس نے کتاب سے نظریں ہٹا کر تصحیح کی۔راحم کے دوست قہقہہ لگا کر ہنسے۔

''جب انسان پر اس طرح کی مصیبتیں نازل ہوں۔''اس نے فارس کی طرف اشارہ کیا۔''تو وہ پورا ہی پاگل ہو جاتا ہے۔''فارس سنی ان سنی کیے رخ موڑ کر کتاب ہی پڑھتا رہا۔

اگلے دن وہ اسکول سے واپس آیا تو راحم کہیں جانے کی تیاری کر رہا تھا۔

''کچھ پاکستانی آرٹسٹ کا ایگزی بیشن ہے۔ چلو گے میرے ساتھ؟'' فارس بیگ رکھ کر کچن میں چلا گیا۔

''تم سے پوچھ کیوں رہا ہوں میں......'' یاد آنے پر اپنی پیشانی پہ ہاتھ مارا کہ وہ اجازت تو ہرگز نہیں لیتا تھا۔ ''میں آج شام ایگزی بیشن دیکھنے جا رہا ہوں۔ تم بھی ساتھ چلو گے۔ اکیلا نہیں چھوڑ سکتا۔''

شام میں وہ اس کے ساتھ چلا گیا۔

آرٹ گیلری میں کچھ پاکستانی آرٹسٹوں کے فن پاروں کو دیکھتا وہ کچھ لاپروائی سے ٹہلتا رہا۔

قدرتی مناظر کی خوب صورت پینٹنگز کو دیکھتے، اس کی سکیچر پر نظر پڑی اور وہ اپنی جگہ رک گیا۔ دھڑکن تیز ہو گئی۔

جیبوں میں ہاتھ ڈالے اس نے گھوم کر چاروں طرف دیکھا اور تب ہی اس کی نظر جمیلہ داؤد پر پڑی اور وہ جہاں کا تہاں کھڑا رہ گیا۔ وہ چند قدموں کے فاصلے پر تھیں۔ کسی سے بات کر رہی تھیں۔ ان کی نظر اچانک اس پر پڑی۔

فارس نے گہری سانس لے کر رخ موڑ لیا۔ جیسے اس نے انہیں نہیں دیکھا۔ عجلت میں قدم اٹھاتا راہداری سے گزر کر باہر نکل گیا۔ رفتار بڑھا لی۔ وہ جلد از جلد یہاں سے چلے جانا چاہتا تھا۔ اور پھر وہ رک گیا۔ مزید آگے بڑھنا جیسے دشوار ہو گیا تھا۔ جمیلہ داؤد نے اسے آواز دے کر روکا تھا۔ اور اسے رکنا پڑ گیا تھا۔

انہوں نے آگے بڑھ کر اسے خود سے لگا لیا۔ وہ رو رہی تھیں۔ پھر اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں لیا تھا۔ اس کے ہاتھ اپنے لبوں سے لگا لیے تھے۔

ان کی محبت، ان کی تڑپ، ان کا اصرار دیکھ کر اس کے دل کو کچھ ہوا۔ باوجود کوشش کے بھی ہاتھ نہیں چھڑا سکا۔ فاصلہ نہیں بڑھا سکا۔ انہیں چھوڑ کر وہاں سے جا نہیں سکا۔ وہ کمزور پڑ گیا تھا۔ بے بس ہو گیا تھا۔

وہ اس کا ہاتھ تھامے اسے اپنے ساتھ قریبی ریستوران میں لے آئی تھیں۔ وہ اس سے حال

احوال اور خیریت پوچھ رہی تھیں اور وہ چپ بیٹھا تھا۔ اس کی آنکھوں سے اضطراب اور انداز سے گھبراہٹ واضح تھی۔

جمیلہ داؤد کو ایک دم سے بہت اجنبیت کا احساس ہوا۔ ان کا دل غم سے بھر گیا۔ ان کا فارس کھل کر کوئی بات نہیں کر رہا تھا۔ اسے وہاں سے اٹھنے کی بھی جلدی تھی۔ اسے ان کے بارے میں جاننے میں بھی کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ ان کا نہیں خیال تھا وہ وہاں ان کی نمائش دیکھنے آیا تھا۔ انہیں لگا، وہ راستہ بھٹک گیا تھا۔ انہیں یہ بھی لگا وہ ان کے ساتھ بیٹھنا نہیں چاہتا تھا۔ یہ پانچ منٹ کافی تھے جو اس نے انہیں دے دیے تھے۔ وہ بس اب جلد از جلد اٹھ جانا چاہتا تھا اور وہ اٹھ گیا۔

وہ باہر نکل کر سڑک کراس کرتا کسی ہجوم میں گم ہو جانا چاہتا تھا۔ اور وہ ہو گیا تھا۔ اسے جاتا دیکھتے انہوں نے کتنے ہی آنسو اپنے اندر اتار لیے تھے۔

☆......☆......☆

شام میں راحم گھر پہنچا تو فارس سو چکا تھا۔ صبح اٹھ کر بات کرنا چاہی تو وہ نظر انداز کرتا اسکول چلا گیا۔ گھر واپس آیا تو جمیلہ داؤد سامنے کھڑی تھیں۔

''آپ کو یہاں نہیں آنا چاہیے تھا۔'' اس کے لب ہلے۔ نظریں جھکی ہوئی تھیں۔ اس کے انداز اور لہجے میں خوف نہیں تھا مگر وہ محتاط ہو کر بات کر رہا تھا۔ وہ نہیں چاہتا تھا جمیلہ داؤد اس کی وجہ سے کسی پریشانی کا شکار ہوں۔ یا اعظم شیرازی ان پر کوئی دباؤ ڈالیں۔

''تمہارا کیا خیال ہے میری تم سے ملاقات ہو گی اور...... اور تمہارے دادا کو اس کا علم نہیں ہو گا؟'' انہوں نے نرمی سے پوچھا تھا۔

''وہ میرے دادا نہیں ہیں۔'' اس کا سر ہنوز جھکا ہوا تھا۔ جمیلہ کو دکھ ہوا۔ وہ اس کے پاس آ گئیں۔

''میری طرف دیکھو فارس!''

https://novelskidunya.com/

''آپ مجھے پریشان کر رہی ہیں۔'' اس کی آواز ایک دم سے کمزور پڑی۔ انہیں لگا وہ ابھی رو دے گا۔ ''پلیز! آپ جائیں یہاں سے۔'' اس نے بازو چھڑا لیا۔ قدم پیچھے ہٹا لیے۔ ''آپ اپنے گھر جائیں۔ اپنے بیٹے کے پاس جائیں۔''

''میرا ایک بیٹا تو یہاں بھی ہے۔''

فارس نے چہرے کا رخ موڑتے اپنی آستین سے آنسو صاف کیے۔

''میں کسی کا بیٹا نہیں ہوں۔ میرا آپ سے کوئی رشتہ نہیں ہے۔'' پیچھے ہو کر وہ میز پر ہاتھ جمائے کھڑا ہو گیا۔

''ابھی تک ناراض ہو؟''

''میں کسی سے ناراض نہیں ہوں۔'' خشک لبوں کو تر کرتے نظریں فرش پر گاڑ دیں۔ ''اعظم شیرازی کو پتا چلے گا تو وہ......''

انہیں ایک دم سے صدمہ ہوا۔ وہ ان سے خوف زدہ نہیں تھا۔ وہ بس ان کی سزاؤں سے بچنا چاہ رہا تھا۔

جمیلہ داؤد کو اپنا دل کٹتا محسوس ہوا۔ اعظم شیرازی کو اندازہ ہی نہیں تھا وہ اس بچے کے ساتھ کیا کر چکے تھے۔

انہوں نے اسے کندھوں سے تھام لیا۔ پہلے سر جھکا کر دیکھتی تھیں۔ آج سر اٹھا کر دیکھنا پڑ رہا تھا۔ ان کا فارس کتنا بڑا ہو گیا تھا۔ اس کے گال کو چھوا۔ بالوں میں ہاتھ پھیرا۔

''ایک بار میری طرف دیکھو!''

اس کی بھیگی ہوئی ہیزل آنکھیں ان کے چہرے پر ٹھہر گئیں۔ کتنا درد تھا ان آنکھوں میں، کتنی تڑپ، کتنا حزن اور بے بسی تھی۔ وہ لب کاٹ کر رہ گیا۔

https://novelskidunya.com/

''مائیں اپنے بچوں کو نہیں چھوڑتیں۔ وہ ڈٹ جائیں تو اللہ راستہ نکال ہی دیتا ہے۔''
وہ لب بھینچے چپ رہا۔ یوں جیسے خود پر ضبط کیا ہو۔
''آؤ!'' انہوں نے بازو پھیلایا تو وہ ان کے گلے سے لگ گیا۔ وہ انہیں بتا نہیں پایا، اس تمام عرصے میں وہ انہیں کتنا یاد کرتا رہا ہے۔ اور اسے ان کی کتنی ضرورت رہی ہے۔ وہ کتنا پریشان ہوا ہے۔ اس نے لب سیے رکھے۔ اسے اب ان کے سامنے کمزور نہیں پڑنا تھا۔ ان پر انحصار نہیں کرنا تھا۔ ان کا عادی نہیں ہونا تھا۔ وہ اکیلا تھا۔ اسے اکیلا ہی رہنا چاہیے۔ وہ سوچ رہا تھا۔ وہ طے کر رہا تھا۔ مگر جمیلہ داؤد نے اسے ایسا کرنے نہیں دیا تھا۔

☆......☆......☆

وہ دو ہفتوں تک لندن میں رہیں اور اس دوران روز ہی اس سے ملنے آتی رہیں۔ چند ایک بار انہوں نے باہر کھانا بھی کھایا۔ وہ اسے شاپنگ پر بھی ساتھ لے کر گئیں۔ کچھ سیاحتی مقامات کی سیر بھی کرائی۔ وہ خاموش اور کچھ حد تک اپنے خول میں بند تھا۔ ان سے کھل کر کوئی بات نہیں کر رہا تھا۔ صرف ساتھ دے رہا تھا۔
وہ امریکا واپس چلی گئیں مگر اس کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں۔ روز فون کرتی تھیں۔ حال احوال پوچھتیں۔ پڑھائی کا ذکر کرتیں۔ اس کی پسند و ناپسند کو زیرِ بحث لاتیں۔ آہستہ آہستہ وہ اسے اپنے اعتماد میں لینے میں کامیاب ہو گئیں۔ جو فاصلہ ان کے درمیان آ گیا تھا وہ فاصلہ ختم ہو گیا۔ وہ پہلے کی ہی طرح ان سے اپنی ہر بات شیئر کرنے لگا۔ زیادہ تر حوالہ روزمرہ کے معمولات کا ہوتا تھا یا پھر راحم کی شکایتیں......
''وہ بہت اچھا لڑکا ہے۔'' راحم انہیں پسند تھا۔ ''بہت ذمہ دار، میچور اور کانفیڈنٹ!'' اس کی تعریف سنتے اس نے راحم کو دیکھا جو جیمز کو کسی ویڈیو گیم میں ہرا کر یوں خوش ہو رہا ہوتا جیسے اس نے کوئی عظیم کارنامہ سرانجام دیا ہو۔

''میچور اور ذمہ دار؟'' اسے اختلاف ہوا مگر اظہار نہ کیا۔

''راحم تمہارے دادا کے پاس انٹرویو کے لیے تب آیا تھا جب سترہ سال کا تھا۔ بہت ذہین اور سمجھدار ہے۔ انہوں نے فوراً اسے چن لیا۔''

اس نے خاموشی سے سنا۔

شام میں حیدر ملنے آیا تو اس نے کھانے کی میز پر دانستہ یہ ذکر چھیڑ دیا۔

''بھلا سترہ برس کی عمر کے لڑکے سے ایک بزنس ٹائیکون کیسے انٹرویو لے سکتا ہے؟ اور کس بنیاد پر لے سکتا ہے؟''

راحم کو اچھی خاصی کھانسی آ گئی۔ حلق میں کچھ پھنس گیا۔ پانی کا گلاس چڑھانے سے بھی کوئی افاقہ نہ ہوا۔

''ہم اسے لائے تھے۔ یہاں سے پکڑ کر!'' حیدر نے اپنی گردن کے پیچھے ہاتھ رکھ کر فارس کو بتایا۔ راحم نے چمچ رکھ کر آنکھوں ہی آنکھوں میں حیدر کو دھمکیوں سے نوازا تو وہ مسکراہٹ ضبط کرتے پلیٹ پر جھک گیا۔

فارس وجدان کو پہلی بار اندازہ ہوا، کام صرف وہ نہیں تھا جو راحم بظاہر کرتا تھا۔ کام کچھ اور بھی تھا۔ جو وہ درپردہ اعظم شیرازی کے لیے کرتا تھا۔ مگر اس نے کبھی بھی تفصیلات میں جانے کی کوشش نہیں کی تھی۔ وہ اعظم شیرازی کے کسی بھی معاملے میں دلچسپی نہیں رکھتا تھا۔

☆......☆......☆

اور پھر جیسے یہ ایک معمول بن گیا۔ جمیلہ داؤد ہر تیسرے مہینے لندن کا چکر ضرور لگاتی تھیں۔ نبیلہ شیرازی کی فیملی وہیں آباد تھی۔ ایک بہانہ رشتے داروں سے ملاقات کا تھا اور دوسرا انگیزی جیشن کا۔ مگر وہ وہاں صرف اور صرف فارس کے لیے آتی تھیں۔ وہ جانتا تھا۔ حیرت انگیز طور پر اعظم شیرازی نے

مداخلت نہیں کی تھی نہ ہی جمیلہ داؤد کو منع کیا تھا۔ وہ چند ایک بار بگونیا ہاؤس بھی آ چکے تھے تاہم اس کی ملاقات نہیں ہو سکی تھی۔

اس نے اسکول سے واپسی پر گاڑی دروازے پر دیکھ لی تھی اور گھر نہیں گیا تھا۔ دوسری بار گھر میں تھا اور عقبی دروازے سے باہر نکل گیا تھا۔ تیسری بار وہ اپنے کمرے میں بند رہا تھا۔

وہ کیوں آتے تھے؟ کس لیے آتے تھے؟ اس نے راحم سے کبھی نہیں پوچھا۔ راحم نے بھی کبھی ذکر نہیں کیا۔ زندگی اپنی ڈگر پر رواں تھی۔ اس نے اپنا تمام تر فوکس پڑھائی پر کر لیا تھا۔

https://novelskidunya.com/

☆......☆......☆

ویک اینڈ پر راحم آفاق نے اسے پورے گھر کی صفائی میں بری طرح تھکا ڈالا تھا۔ جو کام میڈ کے ذمے تھے وہ بھی اس کے سر ڈال دیے۔ خود وہ بیسمنٹ میں گھسا ہوا تھا۔ پھر کچن کیبنٹ کی صفائی کے بعد اوپری منزل کا رخ کیا اور وہاں سے فارغ ہونے کے بعد اب وہ لان میں موجود تھے۔ پودوں کی کانٹ چھانٹ ہو رہی تھی۔

ناولز کی دنیا
NovelsKiDunya

پھولوں کے ذکر پر تفصیلات سے آگاہ کرتا راحم اپنی فطرت سے مجبور کسی اور طرف چل نکلا۔ انتہائی سنجیدگی سے بگونیا پھول کی اس گھر کے ساتھ جڑی ہوئی روداد سنائی تو فارس اچنبھے سے اسے دیکھ کر رہ گیا۔

''تم نے اس وجہ سے گھر کا نام بگونیا رکھا کہ بگونیا پھول مرجھا جاتے ہیں؟'' تصدیق کے لیے دوبارہ پوچھا۔

''ہاں، بالکل!''

''تمہاری اس سوچ کے مطابق تو قبرستان کا نام زندگستان ہونا چاہیے۔''

راحم نے گردن موڑ کر اسے دیکھا۔ حیران اور متاثر ہو کر۔ ''واؤ! یہ نام تو میرے ذہن میں آیا ہی نہیں۔''

''یقین نہیں آتا تم آئی ٹی کے اسٹوڈنٹ ہو۔''اس نے تاسف سے سر ہلایا۔

''کیوں یقین نہیں آتا؟''

''اس کے لیے دماغ نہیں چاہیے؟''

کٹر سے غیر ضروری شاخ کاٹتے راحم نے سمجھے بنا اپنا سر ہلایا جیسے کہ ٹھیک کہہ رہے ہو۔ بالکل دماغ چاہیے۔ مگر جب بات سمجھ میں آئی تو حرکت تھم گئی۔ پارہ چڑھ گیا۔

''میں پودے کیوں کاٹ رہا ہوں؟ مجھے تو تمہارا سر کاٹنا چاہیے۔'' کٹر اٹھا کر اس کے پیچھے بھاگا تھا اور اس دن مسز گرانٹ نے پہلی بار فارس کو ہنستے دیکھا۔ وہ باہر لان میں ہی اخبار اور چائے کا کپ ہاتھ میں لیے بیٹھی تھیں۔ مسکراتے ہوئے انہیں دیکھتی رہیں۔

''تم تو ہنستے بھی ہو۔'' راحم اپنا غصہ بھول گیا۔

اس کی ہنسی تھم گئی۔ یوں جیسے غلطی ہو گئی ہو۔ وہ اسی وقت سنجیدہ سا اندر چلا گیا۔ راحم نے گہری سانس لے کر اسے دیکھا۔ پھر مسز گرانٹ کو دور سے ہاتھ ہلایا تو وہ نخوت سے منہ موڑ گئیں۔ آج کل ان کی پھر سے ناراضی چل رہی تھی۔

☆......☆......☆

اس کی زندگی کے سیاہ تاریک ابواب میں سے ایک باب علیزے شیرازی کا تھا۔ وہ اعظم شیرازی کی بہن کی پوتی تھی۔ شیرازی خاندان کی ایک لاڈلی سرپھری سی اولاد۔ جسے اپنی ہر ایک شے پر بہت ناز تھا۔ وہ فخر اور کچھ غرور سے گردن اکڑا کر چلتی تھی۔ بظاہر کسی کو گھاس نہ ڈالنے کا رویہ رکھتے ہوئے بھی، اس کی نظر ہر کسی پر ہوتی تھی۔

علیزے شیرازی کے ساتھ اس کی پہلی ملاقات بگونیا ہاؤس میں تب ہوئی تھی جب ایک دن اچانک ہی وہ راحم سے ملنے آ گئی تھی۔ یہ پہلی ملاقات تھی اور ایسی کوئی خوش گوار نہ تھی کہ وہ اسے ذہن کے

https://novelskidunya.com/
NovelsKiDuniya

گوشوں میں کہیں سنبھال کر رکھتا۔ البتہ راحم کے ساتھ اس کی اچھی علیک سلیک تھی۔ بہت ہنس کر اور فرینڈلی ہو کر بات کر رہی تھی۔

''گاڈ! میں وہ وقت بھول نہیں سکتی! تمہیں یاد ہے۔ میرے کالج کی لڑکیاں تمہاری بہت بڑی فین تھیں۔''

''میں برا وقت یاد نہیں رکھتا مس!'' اسے مشروب کا گلاس پیش کرتے خود وہ صوفے پر بیٹھ گیا۔

وہ ہنس دی۔

''کہیے! کیسے آنا ہوا؟'' اس کا لہجہ بظاہر خوش گوار مگر انداز محتاط تھا۔

''میں تو بس یہ دیکھنے آئی تھی کہ تم ابھی بھی یہیں ہو یا پاکستان جا چکے ہو۔'' گلاس لبوں سے لگا کر گھونٹ بھرا۔ گردن موڑ کر فارس کو دیکھا۔ وہ کچن سے نظر آرہا تھا۔ راحم کی نگاہوں نے اس کا تعاقب کیا۔

''میں یقین نہیں کر سکتا۔'' وہ مسکرایا۔

''مجھے عامر نے میسج کیا تھا۔ فوٹو گرافی کے لیے۔ شاید تمہیں میری ہیلپ چاہیے۔''

''آپ سے ہیلپ چاہیے ہوتی تو میں یقیناً آپ سے ہی رابطہ کرتا۔''

گہری مسکراہٹ کے ساتھ جتا دیا۔ وہ خفیف سا ہو کر مسکرائی۔

''مجھے پتا ہے تم ایسا کبھی نہ کرتے۔ اس لیے میں نے سوچا خود ہی ہیلپ کر دوں۔ ویسے بھی میں آج کل فری ہوں۔ آفر پر ڈیل ہو گی۔ کچھ دنوں کے لیے، خسارے میں نہیں جاؤ گے۔''

اپنی تھوڑی پر ہاتھ پھیرتے ہوئے راحم نے لمحے بھر کے لیے کچھ سوچا۔

''ٹھیک ہے! ویسے آج تو وقت نہیں میرے پاس۔ اگر آپ کل آجائیں تو۔''

''ضرور!'' اس کی گردن ایک بار پھر کچن کی طرف گھوم گئی تھی۔

''یہ کون ہے؟'' اس نے راحم سے پوچھا۔ ''پہلے کبھی دیکھا نہیں اسے۔''

''میرا چھوٹا بھائی ہے۔'' ٹانگ پر ٹانگ جما کر تعارف کروایا۔

''تمہارا...... چھوٹا بھائی؟'' علیزے کی آنکھیں تحیر سے پھیلیں۔ ''شکل تو کہیں سے نہیں ملتی۔''

''ضروری تو نہیں کہ بہن بھائیوں کی شکلیں بھی ملیں۔'' سنجیدگی سے جواب دیا۔ ''ایک بھائی ماں پر چلا جاتا ہے۔ایک بھائی باپ پر۔''

''اوہ آئی سی۔'' اس نے سمجھ کر سر ہلایا۔

جانے سے پہلے اس نے فارس سے بھی مخاطب ہونے کی کوشش کی۔ وہ ہیری کے پنجرے میں کھانا ڈال رہا تھا، اسے مکمل نظر انداز کر دیا۔ وہ چونکی۔ پھر سر جھٹک کر چلی گئی۔

اگلے دن وہ اپنی کسی دوست کے ساتھ دوبارہ آئی۔ بیسمنٹ میں رکھے ہاؤس ماڈلز کی اس نے مختلف زاویے سے تصویریں کھینچیں۔ ساتھ ہی وہ راحم کو دکھاتی جا رہی تھی۔ کئی کئی تصویریں لینے کے بعد جا کر کوئی ایک فائنل کرتی۔ لائٹنگ، بیک گراؤنڈ، ٹیکسچر، گھر کے اندر کے زاویے کو خوب صورتی سے کیپچر کرتے ہوئے......

''کمال!'' وہ اس کی محنت کو سراہے بنا نہ رہ سکی۔

''یہ والا مجھے دے سکتے ہو؟'' اس نے کونے میں رکھے سفید رنگ کے وکٹورین گھر کی جانب اشارہ کیا۔

''آرڈر پر تیار کیا ہے۔'' اس نے کہا۔

فارغ ہو کر وہ اوپر آئی۔ کافی پیتے ہوئے اس نے راحم کو اپنا البم دکھایا۔ اس کا البم کافی ضخیم تھا۔ اس میں اس نے خاص طور پر وہ تصویریں لگا رکھی تھیں جو اس کے دل کے بہت قریب تھیں یا جن کے ساتھ کوئی نہ کوئی یاد یا واقعہ جڑا رہ گیا تھا۔ وہ دنیا کے بیشتر ممالک گھومی ہوئی تھی اور اس نے قدرتی سحر انگیز تصاویر محفوظ کر رکھی تھیں۔

راحم صفحے پلٹتا جا رہا تھا۔فارس برابر میں ہی بیٹھا تھا۔پیر جھلاتی علیزے کی تمام تر توجہ اس پر تھی۔اس کی آنکھوں کا رنگ، اس کی پیشانی پر بکھرے بالوں کا خم، سنجیدہ اور سپاٹ چہرہ۔اس کا دل فارس وجدان کو اپنے کیمرے کی آنکھ میں محفوظ کرنے کو چاہا۔

سامنے ہی صفحے پر کچھ تصویریں تھیں۔راحم دیکھتے ہی رک گیا۔

''آئی ری میمبر دس گرل!''اس نے دو پونیوں والی بچی پر انگلی رکھی۔''یہ باغ میں اپنے دوستوں کے ساتھ پریاں ڈھونڈ رہی تھی!''البم دیکھتے ہوئے راحم کو یاد آیا تو ہنس کر بتانے لگا۔''مجھے وہاں دیکھ کر کہنے لگی۔آپ یہاں سے جائیں۔آپ کو دیکھ کر پریاں ڈر جائیں گی۔''

علیزے کو بھی جیسے کوئی بھولا بسرا منظر یاد آ گیا تھا۔شیرازی مینشن میں گزارا گیا وقت۔اور وہ شرارتی بچے۔اسے گرتا دیکھ کر کتنا ہنسے تھے۔منہ کے زاویے بگاڑتے اس نے سر جھٹکا۔

''میں نے یہ پک صرف اس لیے سنبھال کر رکھی ہے کیونکہ وہ زیادہ پیارا آیا ہے۔''

البم میں جنت کی تصویر پر نظر ڈال کر ہٹاتا فارس وجدان کرسی کی پشت سے کمر لگاتا سیدھا ہو بیٹھا۔وہ خاموش تھا۔وہ ان کی گفتگو میں کسی طور حصہ نہیں لے رہا تھا۔

''تمہارا بھائی کتنا عجیب ہے،کوئی بات ہی نہیں کرتا۔''

جانے سے پہلے اس نے راحم سے کہا۔

''وہ کیوں کسی سے بات کرے؟''اس نے الٹا سوال کیا۔

''تم نے اسے بتایا نہیں، میں کون ہوں یا کس فیملی سے میرا تعلق ہے؟''

راحم نے جیب سے ہاتھ نکالتے ہوئے بھنویں اچکا کر اسے دیکھا۔''یہ بتانے سے کیا ہوگا؟''

''آئی مین اسے بھی کچھ ریسپیکٹ شو کرنی چاہیے۔''

راحم کی بھنویں بے اختیار سکڑی تھیں۔بالواسطہ طور پر وہ یہ کہنا چاہ رہی تھی اسے اس کے آگے

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Dunya

پیچھے پھرنا چاہیے۔ اس سے بات کرنی چاہیے۔ اسے سر آنکھوں پر بٹھانا چاہیے۔ آخر وہ اتنے امیر خاندان کی لڑکی ہے۔ ایسے کیسے اسے نظر انداز کیا جا سکتا ہے؟

''مس علیزے!'' وہ مصنوعی مسکراہٹ کے ساتھ آگے کو جھکا۔ ''شاید آپ بھول رہی ہیں کہ میں آپ کا گارڈ تھا، میرا بھائی نہیں۔''

وہ بھی مسکرائی۔ ''جانتی ہوں۔'' وہ بیگ کاندھے پر ڈالتی چلی گئی۔ اس کی آنکھوں کے تاثر نے راحم کو عجیب مخمصے میں ڈالا تھا۔

''بہت چالاک لڑکی ہے یہ۔ اس سے بچ کر رہنا۔'' اندر جا کر اس نے فارس سے کہا۔

''پہلے تم تو بچ کر دکھا دو۔'' دوبدو جواب دینے پر راحم رک کر مڑا۔ ''کیا کہا؟''

''جب اس کا دل کرتا ہے، آ جاتی ہے۔''

وہ ہنس دیا۔ ''کام سے آتی ہے۔''

چند دن چھوڑ کر وہ دوبارہ آئی اور اس کے بعد بھی۔ پھر اس نے معمول بنا لیا۔ فوٹو گرافی کا کام ختم ہو گیا مگر اس نے آنا بند نہ کیا۔

''تم اسے منع نہیں کر سکتے؟''

''کسے؟'' راحم نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

''علیزے شیرازی کو۔'' اس دن وہ غصے میں تھا۔ غالباً وہ راحم کی غیر موجودگی میں آئی تھی۔

''کیا ہوا؟''

''پہلے اس نے تمہارا پوچھا۔ میں نے بتا دیا تم گھر پر نہیں ہو۔ میں لان میں گھاس کاٹ رہا تھا۔''

''او کے۔''

''شی ٹرائیڈ ٹو ٹیک مائی پکچرز۔''

''اینڈ دین؟'' راحم اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا۔ اس کے لیے یہ کوئی بڑی بات نہ تھی۔

''ہماری لڑائی ہوگئی۔''

''واٹ؟'' راحم کا منہ کھلا۔

''اس نے میری اجازت کے بغیر میری تصویریں لیں۔ میں نے اس سے کیمرہ مانگا ڈیلیٹ کرنے کے لیے۔ اس نے نہیں دیا۔ وہ مجھے زچ کر رہی تھی۔ پتا نہیں کیا فنی تھا۔ ہنس بھی رہی تھی۔

''وہ بول رہا تھا تو ابھی بھی اس کی آنکھوں سے، لہجے سے، تاثرات سے غصہ جھلک رہا تھا۔'' اور پھر......''

''پھر میں نے اس کا کیمرہ توڑ دیا۔''

راحم نے بے اختیار ہاتھ اٹھا کر اپنا سر پکڑا۔

''صرف اس لیے کہ اس نے تصویریں لیں۔ تم نے......تم نے اس کا کیمرہ توڑ دیا۔''

''اسے اجازت کس نے دی، وہ میری اجازت کے بغیر میری تصویریں لے؟'' وہ بھی پھٹ پڑا۔

''اوہ گاڈ فارس! تم جانتے بھی ہو اس کے کیمرے کی کتنی قیمت ہوگی؟'' راحم کے ہوش اڑے ہوئے تھے۔

''کیمرہ قیمتی ہے تو کیا اس کو اجازت ہے وہ بغیر پوچھے دوسروں کی تصویریں لے؟''

وہ بے بسی سے اسے دیکھ کر رہ گیا۔

''یار۔ فارس!''

''وہ یہاں کیوں آتی ہے؟ تم اسے منع کیوں نہیں کرتے؟'' اسے راحم پر غصہ آیا تھا۔

''اعظم شیرازی کی رشتہ دار ہے۔ اچھی طرح سے جانتی ہے یہ گھران کا ہے۔ سو مجھے مناسب نہیں لگتا کہ میں اس طرح سے اسے منع کروں۔''

فارس کی مٹھیاں سختی سے بھنچ گئی تھیں۔ ''سو واٹ؟ گھر ان کا ہے تو اسے پاس مل گیا ہے آنے جانے کا؟ دیکھ نہیں رہی، یہاں ہم رہتے ہیں۔ اور تم نے تو کہا تھا کرایہ دیتے ہو۔''

راحم کچھ حیرت سے اسے دیکھ رہا تھا۔ اسے احساس ہوا پہلی بار ہی وہ اس طرح کھل کر بحث کر رہا تھا۔ جواب پر جواب دے رہا تھا۔ اعتراض اٹھا رہا تھا۔

''اوکے فائن۔ میں بات کروں گا۔ نہیں آئے گی یہاں۔''

''کس سے بات کرو گے؟''

''حیدر سے، آف کورس!''

فارس وجدان کا پارہ ایک بار پھر چڑھا تھا۔

''حیدر سے پوچھے بغیر تم سے کوئی کام نہیں ہوتا؟''

سر میں ہاتھ پھیرتا وہ بڑی معصومیت سے صوفے پر بیٹھ گیا۔ گردن نفی میں ہلا دی کہ نہیں! بالکل نہیں ہوتا۔

فارس بڑبڑاتا ہوا اوپر چلا گیا۔

جانے راحم نے کسی سے بات کی یا پھر علیزے شیرازی کو ہی اس کے رویے کا غصہ تھا کہ وہ اگلے دو ہفتوں تک نہیں آئی۔ تیسرے ہفتے وہ دوپہر میں ایک بار پھر دروازے پر کھڑی تھی اور اس پر نظر پڑتے ہی فارس کا غصہ پھر سے عود کر آیا تھا۔ تاہم وہ ہینڈل پر گرفت جمائے تحمل سے کھڑا رہا۔

اس کے ہاتھوں میں پھولوں کا بکے تھا۔ چاکلیٹ کا ڈبہ بھی۔

باہر ہلکی ہلکی سی بوندا باندی ہو رہی تھی۔

''راحم گھر پر ہے؟''

''نہیں!'' کہہ کر دروازہ بند کرنا چاہا۔

https://novelskidunya.com/

علیزے شیرازی کو ایک دم سے ہتک کا احساس ہوا تھا۔ مگر ضبط کرتے زبردستی مسکرائی۔ ''مجھے اس نے بلایا ہے۔'' کہہ کر جتایا کہ وہ اسے اس طرح یہاں سے جانے نہیں دے سکتا۔ فارس نے لب بھینچ کر گہری سانس لی پھر دروازہ کھول کر اسے آنے دیا۔

میڈ کچن میں کھانا بنا رہی تھی۔ وہ سامنے ہی صوفے پر بیٹھ گئی۔ اس نے پرس بھی رکھ دیا۔ بیگ بھی۔

''کب تک آجائے گا؟''

''اس نے ٹائم دیا ہے تو بتایا بھی ہوگا۔'' ڈائننگ ٹیبل پر پلیٹیں رکھتے اس نے سرد لہجے میں پوچھا۔ وہ بغور اسے دیکھتی، چپ رہی پھر اٹھ کر اس کے پاس آئی۔

''میں جانتی ہوں تم مجھ سے سخت ناراض ہو۔ میں نے اس دن.....''

''میں راحم کو فون کرتا ہوں۔'' اسے بات مکمل کرنے کا موقع دیے بغیر وہ سیڑھیاں چڑھتا اوپر چلا گیا۔ علیزے کا چہرہ غصے سے سرخ پڑا۔ غرور کس بات کا تھا اس لڑکے کو؟ اس کا رویہ۔ اس طرح سے نظرانداز کرنا اسے سخت ناگوار گزر رہا تھا۔

میڈ کھانے کا انتظام مکمل کرنے کے بعد چلی گئی تو کلائی موڑ کر وقت دیکھتے اس نے ایک بار پھر سر اٹھا کر فارس کو دیکھا۔ وہ فریزر کھولے کھڑا تھا۔

''تم لندن بزنس اسکول میں پڑھ رہے ہو؟'' سامنے میز پر کچھ پمفلٹس اور اس کی کتابیں رکھی تھیں۔ اسٹوڈنٹ آئی ڈی بھی۔ اس کے آنے سے قبل وہ یہیں بیٹھ کر اپنا کام کر رہا تھا۔

گلاس میں پانی ڈالتے اس کی حرکت تھمی۔ سنی ان سنی کیے وہ کیبنٹ کھول کر کچھ تلاش کرتا خود کو مصروف ظاہر کرتا رہا۔ عموماً راحم اب تک آجاتا تھا۔ جانے کیوں تاخیر ہو رہی تھی۔ فون بھی نہیں اٹھا رہا تھا۔ اس نے کچھ میسج کیے تھے تو ان کا جواب بھی ابھی تک نہیں آیا تھا۔

وہ کاؤنٹر ٹیبل کے اس پار کھڑی خود سے مخاطب ہو رہی تھی۔ اپنے خاندان اور اپنے باپ کے

کاروبار کا حوالہ دیتی، اس پر جیسے اپنی دھاک بٹھانے کی کوشش کر رہی تھی۔ وہ اس کی جانب پشت کیے، کچن میں سلاد کاٹ رہا تھا۔ اعظم شیرازی کی طرح اسے بھی اپنی حیثیت پر بہت ناز تھا۔ فخر تھا، غرور تھا۔ علیزے کو خوش فہمی تھی ایسی باتیں کر کے وہ اس کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے گی۔

اسی دوران میسج موصول ہوا تو اس نے موبائل اٹھا کر دیکھا۔

"علیزے آئی ہے؟ کیوں کس لیے؟" راحم کا حیرت بھرا جواب آیا تھا۔ وہ اپنی جگہ لمحے بھر کے لیے رکا۔ پھر میسج لکھا۔ "کہہ رہی ہے تم نے بلایا ہے۔"

"میں نے نہیں بلایا۔" راحم کا جواب پڑھتے اس کے لب سختی سے بھینچ گئے تھے۔

اس نے موبائل رکھ دیا۔ چھری بھی......

"میرے خیال سے اب آپ کو چلے جانا چاہیے۔" مڑ کر کہا۔ لہجہ کھردرا تھا۔ آنکھوں میں سختی اتری ہوئی تھی۔

"اور اگر میں نہ جانا چاہوں تو؟" لہجے میں نرمی اور آنکھوں میں محبت سمو کر پوچھا۔

"پھر مجھے آپ کو اس گھر سے نکالنا پڑے گا۔"

وہ ہنس پڑی۔ "میرے اپنے گھر سے؟"

فارس ضبط کیے کچن سے باہر آ گیا۔ وہ اس کے سامنے آن کھڑی ہوئی۔

"اس دن تم نے میری انسلٹ کی۔ میرا کیمرہ بھی توڑ دیا۔ اگر تم سے محبت نہ کرتی تو بہت برا بدلہ لیتی۔"

وہ لمحہ بھر کے لیے سکتے میں آیا تھا۔ اس نے بات ہی کچھ ایسی کر دی تھی۔

"جائیے یہاں سے!" اس نے تحمل سے دروازے کی طرف اشارہ کر دیا۔

"تمہارا چہرہ ہر وقت میری آنکھوں میں ٹھہرا رہتا ہے۔ اتنا چاہنے لگی ہوں کہ تمہارے لیے کچھ بھی کر سکتی ہوں۔ مگر تم ہو کہ......"

"یہ آپ کی بھول ہے کہ میں اس ڈرامے کو حقیقت سمجھ لوں گا۔ پلیز آپ جائیے یہاں سے۔" اس کی آواز پہلے سے بلند اور زیادہ پتھریلی ہوئی تھی۔ علیزے لمحے بھر کے لیے تھمی۔

"ڈرامہ؟ میری محبت کا مذاق اڑا رہے ہو؟ آزما کر دیکھ لو، میں تو تمہارے لیے اپنے خاندان سے بھی ٹکر لے سکتی ہوں۔"

"مجھے تم میں، اور تمہارے خاندان میں کوئی دلچسپی نہیں۔" وہ اب آپ سے تم پر آ گیا تھا۔ اس کا چہرہ سرخ ہو چکا تھا۔

"فارس......!" اس نے قریب آنا چاہا۔

"ڈونٹ یو ڈیئر!" ہاتھ اٹھا کر اسے روک دیا۔ اس کی آنکھوں سے نفرت کے شرارے پھوٹ رہے تھے۔ علیزے کو اپنا آپ جھلستا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔

"بگونیا ہاؤس میں تم راحم کی وجہ سے آتی رہی ہو۔ اس تک محدود رہو۔ آئی ہیو نتھنگ ٹو ڈو ود یو۔" غصے سے کہہ کر جانے کے لیے مڑا۔ اگر وہ گھر سے نہیں نکل رہی تھی تو وہ خود ہی جانے کا تہیہ کر چکا تھا۔

"فارس! پلیز۔ میری بات تو سنو۔" اس نے آگے بڑھ کر راستہ روکتے، اس کا بازو، پھر شرٹ دبوچی تھی۔ فارس وجدان کا دماغ گھوم گیا تھا۔ دوسرے ہی پل وہ اپنا آپ چھڑاتا، اسے بازو سے پکڑ کر کھینچتے ہوئے دروازے تک لایا۔ اور اسی سرعت سے دروازہ کھول کر باہر دھکیل دیا تھا۔ اس نے کوئی لحاظ مروت نہیں رکھی تھی۔

"دوبارہ یہاں کبھی مت آیئے گا۔" دروازہ اس کے منہ پر بند کر دیا تھا۔

علیزے اس کی اس حرکت پر صدمے سے گنگ کھڑی تھی۔ وہ خاموش اور ریزرو سا رہنے والا لڑکا اس قدر اشتعال میں آ گیا تھا جیسے سب بھسم کر دے گا۔ وہ اس کی محبت کا جواب اپنی نفرت کے طمانچے سے دے گیا تھا۔ علیزے شیرازی کا چہرہ غصے اور توہین سے سیاہ پڑ گیا۔

https://novelskidunya.com/

وہ ایک اونچے بڑے خاندان کی لڑکی۔ اس کا اپنی ہی نظروں میں تماشا بن گیا تھا۔

''فارس کی یہ جرأت!'' اس کا وجود شعلوں کی لپیٹ میں آ گیا۔

''اسے غرور کس بات کا تھا آخر؟ کس زعم میں تھا وہ لڑکا؟ اس نے سمجھا کیا تھا اسے؟'' گھر جا کے وہ جلے پیر کی بلی بنی اپنے کمرے میں گھومتی رہی۔ اس کا غصہ کسی طور کم نہیں ہو رہا تھا۔ نہ ہی بے عزتی کے احساس کے تحت جلنے والی آگ بجھنے کا نام لے رہی تھی۔

اس کے ساتھ ایسا سلوک پہلے کسی نے نہیں کیا تھا۔ نہ کبھی کوئی اسے نظرانداز کر سکا تھا۔ نہ کوئی بے عزت کر سکا تھا۔

اس نے خود کو فارس وجدان کے سامنے جھکا دیا تھا۔ اپنی عزت مٹی کر دی تھی۔ کسی طور اب یہ غصہ کم نہیں ہو رہا تھا۔

''میں تم سے...... میں تم سے اس بے عزتی کا وہ بدلہ لوں گی کہ تم ساری عمر یاد رکھو گے۔'' اس نے انتقام کی آگ میں جلتے ہوئے فیصلہ کیا تھا۔

☆......☆......☆

''علیزے کہاں ہے؟'' راحم گھر پہنچا تو پہلا سوال یہی کیا۔

''جا چکی ہے۔'' وہ اپنے کمرے میں رائٹنگ ٹیبل پر بیٹھا تھا۔ سر آگے کو جھکا ہوا تھا۔ نوٹ بک پر قلم تیزی سے حرکت کر رہا تھا۔

''کس لیے آئی تھی؟ کچھ بتایا اس نے؟''

اس نے نفی میں سر ہلا دیا۔ راحم اس کی خاموشی سے الجھن کا شکار ہوتا کچھ دیر تک وہاں کھڑا رہا۔ اسے علم تھا، وہ علیزے شیرازی کی آمد سے کچھ زیادہ خوش نہیں ہوتا تھا۔ وہ پہلے اسے منع بھی کر چکا تھا۔ وہ پچھلے دو ہفتوں سے نہیں آئی تھی سو وہ بھی اس بات کو تقریباً بھول ہی گیا تھا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

نیچے جا کر گھر کا جائزہ لیا تو پھول ڈسٹ بن میں گرے ہوئے ملے۔ وہ کچھ دیر کھڑا رہا۔ پھر اس نے اپنی پیشانی مسلی۔ دوبارہ اس کے کمرے میں آ گیا۔

''کیا بات ہے؟ کوئی مسئلہ ہے کیا؟''

''نہیں!''

علیزے شیرازی اس کے خاندان کی لڑکی تھی۔ رشتے میں کزن۔ وہ اس واقعے کا کسی طور بھی اس کے سامنے ذکر نہیں کرنا چاہتا تھا۔ جو آگ اس کے اندر جل رہی تھی، اسے خود تک ہی محدود رکھنا چاہتا تھا۔ شیرازی خاندان سے اس کی نفرت علیزے شیرازی کی اس حرکت کے بعد مزید بڑھ چکی تھی مگر وہ خود کو ضبط کیے بے پروا سا نظر آنے کی کوشش کر رہا تھا۔ راحم اسے دیکھ رہا تھا۔ اس کے تاثرات سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا۔ اس نے علیزے کو کال کی تو اس کا موبائل بند ملا۔ جانے کیا بات تھی اسے کچھ ٹھیک نہیں لگ رہا تھا۔

اس دن کے بعد سے علیزے شیرازی دوبارہ بگو نیا ہاؤس نہیں آئی تھی۔ نہ ہی اس نے راحم آفاق سے رابطہ کرنے کی کوشش کی تھی۔

☆......☆......☆

علیزے ایک ماہ کی چھٹیوں پر امریکا چلی گئی تھی۔ حالانکہ نبیلہ شیرازی چاہتی تھیں، وہ ان کے ساتھ پاکستان جائے مگر اس نے ان کی بات نہیں مانی تھی۔ اپنے بدلے اور انتقام کے لیے اس کا امریکا جانا ضروری تھا۔ وہ اچھی طرح سے جانتی تھی، اعظم شیرازی اور نبیلہ شیرازی کے درمیان اس کے اور حماد کے رشتے کی بات چل رہی ہے۔ معاملات تقریباً طے تھے۔ دسمبر تک باقاعدہ منگنی ہونی تھی۔ سب کچھ جانتے بوجھتے ہوئے بھی اس نے اپنی بے عزتی کا بدلہ لینے کے لیے ایک رسک لینے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ وہ شروع سے ایسی ہی تھی۔ نڈر اور بے باک۔ جہاں جذبات اور عزت کی بات ہوتی، وہاں کسی طور وہ سمجھوتہ نہیں کرتی تھی۔ معاف کرنا تو جیسے اس نے سیکھا ہی نہیں تھا۔ سزا یا انتقام سے آگے اس کی سوچ اور کہیں نہیں جاتی تھی۔

وہ امریکا میں پورا ایک ماہ رہی اور اس دوران وہ خود کو بجھا بجھا سا اور بہت دکھی پوز کرتی رہی۔ حماد اس کے لیے بہت حساس تھا۔ وہ اسے روز ہی باہر لے جاتا تا کہ اس کا موڈ فریش ہو۔ جمیلہ داؤد بھی اس کی بہت فکر کرتی تھیں۔ اعظم شیرازی کی تو وہ ویسے بھی بہت لاڈلی تھی۔

جانے سے دو روز پہلے اس نے اعظم شیرازی سے بات کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ اس دن جمیلہ داؤد اور ہارون شیرازی کسی دعوت پر گئے ہوئے تھے۔ حماد بھی گھر پر نہیں تھا۔ یہ اچھا موقع تھا۔ وہ اطمینان سے ان سے سب کہہ سکتی تھی۔

https://novelskidunya.com/

اس وقت وہ اپنے آفس روم میں بیٹھے کچھ فائلیں دیکھ رہے تھے جب وہ دستک دے کر ان کے کمرے میں آئی تھی۔

کچھ دیر تک ان کے سامنے بیٹھ کر خود پر ایک دکھ اور کرب کی سی کیفیت طاری کیے رہی۔ یوں ظاہر کرتی رہی جیسے اسے ان سے بات کرنے میں دشواری ہو رہی ہو۔ پھر اس نے یوں ظاہر کیا جیسے ان کے ہمت دلانے پر اسے کچھ حوصلہ آ گیا ہو۔

ناولز کی دنیا Novels Ki Dunya

اس نے کھل کر بتا دیا کہ "وہ حماد شیرازی کے ساتھ اپنے اس رشتے پر راضی نہیں ہے۔ وہ کسی اور سے محبت کرتی ہے اور اسی سے شادی کرنا چاہتی ہے۔"

اعظم شیرازی کچھ دیر تک اسے ساکت نگاہوں سے دیکھتے رہ گئے۔ انہیں اس لڑکی کی جرأت پر حیرت ہوئی تھی۔ وہ اپنے ماں باپ سے کچھ کہنے کے بجائے ان سے بات کر رہی تھی۔ اعظم شیرازی خاندان کے بڑے تھے۔ حماد کے ساتھ اس کے رشتے کا فیصلہ ان کا تھا۔ وہ ان کی ہی پسند تھی۔

راحم آفاق بھی ان کا ہی آدمی تھا۔ وہ اسی طرح ہی اپنی بے عزتی کا بدلہ لے سکتی تھی۔

آفس روم کے دروازے کے اس پار دستک دیتا حماد اپنی جگہ تھم گیا تھا۔ اس کا یہ اعتراف اس کے حواسوں پر بجلی بن کر گرا تھا۔ وہ اس کی بچپن کی دوست تھی۔ دونوں ساتھ پلے بڑھے تھے۔ وہ اس

کے لیے بہت اہم تھی۔ وہ اس سے محبت کرتا تھا۔ اور دادا کے اس فیصلے کو اس نے دل سے قبول کیا تھا۔

''کون ہے وہ؟'' ضبط کر کے انہوں نے تحمل سے وہی سوال پوچھا تھا جو سوال وہ چاہتی تھی اس سے پوچھا جائے۔

راحم آفاق ایک جانا پہچانا نام تھا۔ وہ اس کے ذریعے اس لڑکے تک پہنچ سکتے تھے۔ وہ اپنے خاندان کی عورتوں کے ساتھ افیئر چلانے والوں کا حشر بگاڑ سکتے تھے۔ اسے کوئی عام سا بدلہ کوئی عام سی سزا نہیں چاہیے تھی۔ اب وہ تفصیلات میں جا رہی تھی۔ گزشتہ ایک سال سے وہ راحم کے بھائی فارس وجدان کے ساتھ رابطے میں تھی۔ وہ اس سے محبت کرتا تھا۔ اس سے شادی بھی کرنا چاہتا تھا۔ علیزے شیرازی اس اجازت کے لیے آئی تھی۔

''میری خوشی اور رضا بھی اسی میں ہے۔ میں اس کے ساتھ ہی شادی کرنا چاہتی ہوں۔''

اعظم شیرازی شدید صدمے میں بیٹھے تھے۔ دروازے کے اس پار حماد بھی پتھر ہوا کھڑا تھا۔

''تمہیں اندازہ بھی ہے تم کیا کہہ رہی ہو؟'' وہ غصے کے عالم میں محض اتنا ہی کہہ سکے۔

''میں جانتی ہوں، آپ کا فیصلہ ہم سب کے لیے مقدم ہے۔ مجھے آپ کی عزت کا بھی احترام ہے۔ پر بابا! یہ میرے دل کا معاملہ ہے۔ ہم دونوں ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ شادی کرنا چاہتے ہیں۔ میں...... میں اس سے بہت محبت کرنے لگی ہوں اور اس کے بغیر جینے کا تصور بھی نہیں کر سکتی۔ اگر آپ ایک بار اس سے مل لیں۔ اگر......''

''علیزے......!'' انہوں نے ایک دم سے ہاتھ اٹھا کر اسے مزید کچھ بھی کہنے سے روک دیا تھا۔ شاید وہ لڑکی ہوش میں نہیں تھی۔ اسے پتا نہیں تھا وہ کیا کہہ رہی تھی۔ انہیں اس کی یہ کوئی شرارت، کوئی مذاق لگا تھا۔ وہ ایسی ہی تھی۔ اتنا تو وہ اسے جانتے تھے، مگر جس طرح رو رو کر وہ ان سے اپنی محبت کی بھیک مانگ رہی تھی، وقت جیسے تھم سا گیا تھا۔

https://novelskidunya.com/

فارس وجدان! حال ہی میں وہ لڑکا اٹھارہ برس کا ہوا تھا اور اس نے ابھی سے یہ کھیل شروع کر دیا؟
ان کا چہرہ سرخ ہوا، پیشانی کی رگیں ابھر آئی تھیں۔ ان کی آنکھوں میں غضب کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔

علیزے کا خیال تھا، شاید وہ اس لڑکے سے متعلق اس سے مزید سوال پوچھیں گے۔ مگر وہ کچھ بھی پوچھ نہیں رہے تھے۔ ضبط کرتے ہوئے انہوں نے دروازے کی طرف اشارہ کیا۔ وہ چاہتے تھے علیزے وہاں سے اٹھ جائے۔

''آج تو جو تم نے کہہ دیا، سو کہہ دیا۔ آئندہ ایسی کوئی بھی بات کرنے کی جرأت مت کرنا۔ میں سمجھوں گا، تم نے مجھ سے ایسی کوئی بات نہیں کی۔ دسمبر میں تمہاری اور حماد کی منگنی ہے۔'' انہوں نے حتمی لہجے میں کہہ دیا۔

ان کی نظروں سے بچ کر اس نے ایک جانچتی ہوئی نگاہ ان پر ڈالی۔ اندازہ لگانے کی ایک کوشش کہ وہ فارس نامی اس لڑکے کے ساتھ کیا کر سکتے تھے۔ پھر اسی معصومیت اور دکھ بھرے تاثرات کے ساتھ آنسو صاف کرتی اٹھ کر چلی گئی۔

حماد اپنے کمرے میں بند ہو گیا۔

''فارس وجدان!'' اس کا دماغ جیسے پھٹنے کو تھا۔ اس کے اندر باہر آگ سی جل اٹھی تھی۔ جس لڑکی سے وہ محبت کرتا تھا، جسے اپنا ساتھی بنانا چاہتا تھا۔ اسی کزن کے ساتھ فارس وجدان نے افیئر چلا دیا تھا۔ آج وہی علیزے اس کے دادا کے سامنے بلاخوف و خطر اسی محبت کے لیے رو رہی تھی۔

فارس وجدان تو پاکستان میں تھا۔ لندن میں کیا کر رہا تھا؟ اس کے دادا نے ابھی تک اسے اپنی کفالت میں رکھا ہوا تھا؟ ہو کیا رہا تھا آخر؟ اس کے اندر کا غصہ تھا کہ کسی طور کم ہی نہیں ہو رہا تھا۔

☆......☆......☆

حیدر نے اسے فون کیا تھا۔ اعظم شیرازی لندن آئے ہوئے تھے اور کچھ ہی دیر میں بگونیا ہاؤس

پہنچنے والے تھے۔

''اس طرح اچانک...... خیریت ہے؟'' لالی پاپ منہ میں ڈالے ارحم دیوار پر پینٹ کر رہا تھا۔ اس نے حیران ہو کر پوچھا۔

''معلوم نہیں! پر بہت غصے میں ہیں۔''

دیوار پر پینٹ برش پھیرتے اس کا ہاتھ رک گیا۔ اس نے موبائل رکھ دیا۔ دستانے اتار دیے۔ پینٹ کے لیے مختص کیا گیا لباس بھی۔ دروازے پر گھنٹی بجی تو اس نے فوراً کھول دیا۔

سامنے ہی اعظم شیرازی کھڑے تھے۔ ان کے تاثرات کچھ اچھے نہ تھے۔

فارس سیڑھیاں اتر کر نیچے آ رہا تھا۔ اعظم شیرازی پر نظر پڑتے ہی وہ ٹھٹک کر رک گیا۔

راحم کو اپنے راستے سے ہٹاتے ہوئے انہوں نے آگے بڑھ کر اس کے گال پر پوری قوت سے تھپڑ جڑ دیا تھا۔ راحم اپنی جگہ تھم گیا۔

فارس نے گال پر ہاتھ رکھے ان کی طرف دکھ سے دیکھا۔ پورے چار سال بعد ہونے والی ملاقات کا آغاز ایک تھپڑ سے ہوا تھا۔ اعظم شیرازی کے تاثرات پتھریلے ہو رہے تھے۔ آنکھوں میں خون اترا ہوا تھا۔ ان کا بس نہیں چل رہا تھا وہ اس کی جان نکال لیں۔

''جانتا تھا! جو گندا خون تمہاری رگوں میں دوڑ رہا ہے، وہ ایک نہ ایک دن اپنا اثر ضرور دکھائے گا۔'' قہر بھرے لہجے میں، نفرت اور حقارت کے ساتھ انہوں نے کہا تھا۔ بارعب آواز میں چنگھاڑ تھی۔

فارس متوحش سا اپنی جگہ پتھر ہوا کھڑا تھا۔

''نقب لگانے ملا بھی تو ہمارا خاندان! چالیں چلنے میں تمہاری ماں سے زیادہ تیز اور شاطر دماغ اور کسی کا نہیں تھا۔'' اسے گریبان سے پکڑ کر دبوچ لیا۔ ''کیا سمجھ رہے تھے علیزے کو پھنسا کر، اسے متنفر کر کے تم اس خاندان کا حصہ بن جاؤ اور میں ایسا ہونے دوں گا؟ اوقات کیا ہے تمہاری؟ علیزے سے شادی

کرو گے؟ حماد کی فیانسی سے؟ تم نے ایسا سوچا بھی کیسے؟'' وہ کسی شیر کی طرح دھاڑے تھے۔

فارس وجدان ساکت نگاہوں سے اپنے دادا کو دیکھ رہا تھا۔ آنکھوں میں وحشت ٹھہری تھی۔ آگ کا نظارا تھا۔ دکھ کی لہر تھی۔ بے یقینی کا تاثر کہیں نہیں تھا۔ دکھ ان کے رویے اور شاید تھپڑ کا بھی نہیں تھا۔ صدمہ اس الزام کا تھا جو اس پر لگا تھا۔ سالوں بعد بھی انہیں اس میں اس کی ماں کا ہی کردار نظر آیا تھا۔ وہ ان کی دولت کو ہتھیانا چاہتا ہے۔ ان کی نیک نامی کو ڈبونا چاہتا ہے۔ ان کے پوتے کی خوشیاں چھیننا چاہتا ہے۔ انہوں نے ایک جھٹکے سے پیچھے دھکیلتے ہوئے اسے چھوڑ دیا تھا۔

''مجھے پتا تھا، میں ایک سانپ کو دودھ پلا رہا ہوں۔ مجھے پتا تھا تم ایک دن ضرور اپنی اصلیت دکھاؤ گے۔'' کتنا یقین تھا ان کے لہجے میں۔ کتنا وزن تھا آواز اور لفظوں میں۔

''چاہیے تو یہ تھا کہ جب تمہارا ایکسیڈنٹ ہوا تھا تو میں تمہیں وہیں مرنے کے لیے چھوڑ دیتا۔'' شدید غصے میں، نفرت سے وہ سب کچھ کہتے جا رہے تھے۔ آرزو جہانگیر کا بیٹا اس قابل نہیں تھا کہ اس کے ساتھ کوئی اچھائی کی جاتی۔

وہ اپنی جگہ سانس روکے کھڑا تھا۔ نگاہیں اعظم شیرازی کے چہرے پر جمی ہوئی تھیں۔

''آئندہ......'' انہوں نے انگلی اٹھا کر دھمکی دی۔ ''آئندہ اگر میرے خاندان کے آس پاس پھٹکنے کی بھی کوشش کی تو جان نکال لوں گا تمہاری۔'' وہ اس پر دھاڑے۔ آواز بلند تھی۔ پنجرے میں ہیری سہم گیا تھا۔

''میں نے تمہیں اس پر نظر رکھنے کا کہا تھا۔ یہ علیزے سے ملتا ہے۔ تم نے یہ بات کبھی رپورٹ نہیں کی۔'' پھر وہ پلٹ کر راحم پر برس پڑے تھے۔

''سر! ایسا کچھ نہیں ہے۔'' راحم ہوش میں آتے ہی آگے بڑھا۔

''بس بہت ہوا راحم! تم نے مجھے بہت مایوس کیا ہے۔''

وہ کچھ کہنے کی کوشش کرر ہا تھا مگر اعظم شیرازی نے ایک نہیں سنی تھی۔ وہ اسی وقت وہاں سے چلے گئے تھے۔

فارس اپنی جگہ مردہ سا کھڑا تھا۔

شیرازی خاندان کی ایک لڑکی نے اس کے انکار کا بدلہ اس سے لے لیا تھا۔

اور کیا غضب کا بدلہ لیا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

اعظم شیرازی راحم آفاق سے سخت ناراض تھے۔ وہ کسی طور پر بھی اس سے ملنا نہیں چاہتے تھے۔ حیدر سے بات کر کے وہ پہلے ان کے اپارٹمنٹ اور اگلی صبح ان کے آفس چلا آیا تھا۔ اس نے ان کے سامنے اپنا لیپ ٹاپ کھول کر رکھ دیا۔

بگونیا ہاؤس میں دو کیمرے تھے۔ ایک کیمرہ بیرونی احاطے کو کور کرتا تھا۔ دوسرا کیمرہ لاؤنج کے ایریا، سیڑھیوں اور کچن کو کور کرتا تھا۔ گزشتہ دو ماہ میں ریکارڈ کی گئی مختلف ایام کی ویڈیوز تھیں۔ خصوصاً ان دنوں کی جب علیزے وہاں آتی رہی تھی۔ گھر کے اندر کی کسی ایک ویڈیو میں بھی فارس وجدان اس سے مخاطب ہوتا ہوا نظر نہیں آیا تھا۔ وہ اس کے قریب تک نہیں کھڑا تھا۔ ٹیبل پر ایک بار البم پر بات ہو رہی تھی تو تب بھی وہ چپ چاپ اور قدرے فاصلے پر کھنچا کھنچا سا بیٹھا تھا۔ ہاں البتہ بات بے بات علیزے ضرور اس سے مخاطب ہوتی نظر آ رہی تھی۔

وہ اس کا راستہ بھی روک لیتی تھی۔ ہنستے مسکراتے کچھ نہ کچھ کہنے کی کوشش بھی کرتی تھی۔ آئس کریم، چاکلیٹ یا بسکٹس آفر کرتی ہوئی۔ ہر بار وہ بس ایک نظر اس پر ڈالتا وہاں سے اٹھ جاتا تھا۔ اس کے راستے سے ہٹ جاتا تھا۔ بیرونی احاطے میں محض چند ایک بار ہی دونوں کا سامنا ہوا ہوگا۔ اور فارس کا رویہ ہر جگہ ایک سا تھا۔ سرد، محتاط، نظر انداز کرتا ہوا۔

لان میں تصویریں لینے پر کیمرہ توڑنے کا وہ منظر بھی محفوظ تھا۔ دونوں کی اس پر تلخ کلامی بھی ہوئی تھی۔

اعظم شیرازی لب بھینچے خاموشی سے اسکرین پر دیکھتے جا رہے تھے۔ ایک ویڈیو ختم ہوتی تھی تو دوسری چلنے لگتی تھی۔ دوسری ختم ہوتی تو پھر تیسری۔ اور سب سے آخری ویڈیو ایک ماہ پہلے کی تھی۔ اس رات جو ہوا تھا، وہ ان کے سامنے تھا۔

علیزے جس سے محبت اور شادی کا دعوا کر رہی تھی اس نے بہت نفرت سے دھتکار کر اسے گھر سے باہر نکالا تھا۔

''کچھ بھی کرنے سے پہلے اگر آپ مجھ سے بات کر لیتے تو میں آپ کو سب بتا دیتا! بلکہ ویڈیوز بھی دکھا دیتا۔'' راحم بہت ضبط سے کہہ رہا تھا۔

''فارس یونیورسٹی سے سیدھا گھر آتا ہے۔ آج تک اس کے حوالے سے مجھے کبھی بھی کہیں سے شکایت نہیں ملی۔ کیسی نیچر اور کریکٹر کا ہے، مجھ سے بہتر اور کوئی نہیں جان سکتا۔ آپ ہمارے پڑوس میں کسی سے بھی پوچھ سکتے ہیں۔ میں حیدر کو ہر رپورٹ دیتا ہوں۔ جب علیزے اس کے لیے کبھی بگونیا ہاؤس آئی ہی نہیں تو میں یہ بات کیسے مینشن کر سکتا تھا؟ علیزے فوٹوگرافی کے لیے آتی رہی ہے۔ فارس کا اس میں نہ کوئی دخل تھا اور نہ ہی وہ کبھی اس کے ساتھ فری ہوا۔'' سانس لینے کو اس نے ایک لمحے کا توقف لیا۔

''اس کا کام ختم ہو گیا وہ پھر بھی آتی رہی۔ پھر میں نے اسے خود ہی منع کر دیا۔ وہ اس پر بہت غصہ ہوئی کہ میری یہ جرأت کہ میں اسے اس گھر میں آنے سے منع کروں جو آپ کا ہے۔ کیا میں اندھا ہوں؟ کیا میں علیزے کے کسی بھی عمل سے یہ نہیں سمجھ سکتا تھا کہ وہ کس طرح کی پہل کر رہی تھی؟' اس کے تاثرات سے لگ رہا تھا اسے اعظم شیرازی کے ردعمل سے شدید اختلاف تھا۔ اس پوری سچویشن پر غصہ تھا۔ وہ بہت ضبط اور تحمل سے بات کر رہا تھا مگر اس کی آنکھیں......

اعظم شیرازی پہلی بار چپ تھے۔ جس ہاتھ سے انہوں نے فارس کو تھپڑ مارا تھا، وہ ہاتھ سختی سے بند ہوا تھا۔

''اور آپ کیا کہہ رہے تھے، ایک سال تک افیئر؟ دو مہینے بھی نہیں ہوئے محترمہ کو بگو نیا ہاؤس کا چکر لگاتے ہوئے!'' کہہ کر لیپ ٹاپ بند کر دیا۔ راحم آفاق نے علیزے کی اصلیت ان کے سامنے کھول کر رکھ دی تھی۔ ان کے آفس میں سکوت چھا گیا تھا۔

''فارس نے گھر چھوڑ دیا ہے۔ میں اسے ہر جگہ ڈھونڈ چکا ہوں مگر وہ مجھے نہیں ملا۔ اس کے کلاس فیلوز بھی اس کے بارے میں نہیں جانتے۔''

اس نے رک کر پیشانی مسلی۔ بالوں میں ہاتھ پھیرا۔

''آپ نے یہ ذمہ داری مجھ پر ڈالی تھی۔ آپ کو پہلے مجھ سے بات کرنی چاہیے تھی۔ آپ کو علیزے کے بارے میں سوال مجھ سے کرنا چاہیے تھا۔''

وہ کہہ کر چلا گیا تھا۔ اعظم شیرازی اپنی جگہ بیٹھے رہ گئے تھے۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

قسط نمبر 17

ضبط جتنا اور جس قدر تھا اس کی حد ختم ہو گئی۔ اعصاب شل اور حواس مفلوج ہو گئے۔ غصے اور انتقام کی آگ میں جلتے اس نے سب تہس نہس کرنے کا ارادہ کر لیا۔ جس تباہی کو وہ صرف اپنی سوچ تک محدود رکھتا تھا اس تباہی کو حقیقت میں لانے کا فیصلہ کر لیا۔ اعظم شیرازی کو آرزو سے خطرہ تھا۔ وہ اسے اس کی پہنچ سے دور رکھے ہوئے تھے۔ اس نے سوچ لیا، وہ ان سے مل کر رہے گا۔ ہر صورت، ہر حال میں......

ایک ضد سی ہو گئی کہ اب اسے ہر وہ کام کرنا ہے جس سے روکا گیا ہے۔ ہر وہ حد کراس کرنی ہے جس کا پابند کیا گیا ہے۔

شام چھ بجے کی ٹرین پکڑ کر وہ ایڈن برگ روانہ ہو گیا تھا۔ اس کے پاس ایک مکمل ایڈریس تھا۔ چیریٹی فیشن ویک کا شیڈول بھی۔ جس میں آرزو جہانگیر اگلے ہفتے شرکت کرنے والی تھی۔ وہ ایک سیلیبریٹی تھی۔ اس کی ہر خبر فیشن میگزین اور اخبارات کی زینت بنتی تھی۔ آج کل وہ اپنے شوہر کے ساتھ ایڈن برگ میں مقیم تھی۔

اسے جہاں جانا پڑے گا وہ جائے گا، جس سے بات کرنا پڑی وہ کرے گا۔ اس نے سوچا۔ وہ جنگل میں آگ کی طرح یہ خبر ہر جگہ پھیلا دے گا کہ وہ آرزو جہانگیر اور ہارون شیرازی کا بیٹا ہے۔ وہ اپنے اندر جلتے ہوئے اس الاؤ میں ہر ایک کو گرانے والا تھا۔ سب راکھ ہوں گے۔ سب برباد ہوں گے۔

سیاہ جینز پر آسمانی رنگ کا سویٹر، اس پر سیاہ رنگ کا کوٹ زیب تن کیے، وہ ریل گاڑی میں کھڑکی

کے ساتھ سر لگائے تاریکی میں روشن لکیروں کو دیکھتا جا رہا تھا۔

اس نے گھر چھوڑ دیا تھا۔

یہ پہلا مرحلہ تھا، پہلی کوشش تھی، پہلا قدم تھا۔ آگے سب تاریک اور اندوہناک تھا۔ اس کا دماغ خالی ہو رہا تھا۔ اسے اپنے فیصلے کی بھی ٹھیک سے سمجھ نہیں آ رہی تھی۔ وہ کیا چاہ رہا ہے۔ اس کی بھی نہیں۔

"مجھے پتا تھا، میں ایک سانپ کو دودھ پلا رہا ہوں۔ مجھے پتا تھا۔ تم ایک دن ضرور اپنی اصلیت دکھاؤ گے۔" ان کی نفرت کی تپش وجود کو جھلسانے لگی۔ وجود انگاروں کی مانند سلگنے لگا۔

ایک آخری کوشش...... وحشت ناک خیالات کے ہجوم میں بے بس ہوتے ہوئے اس نے اپنا سر تھام لیا۔ اس نے صبح سے کچھ نہیں کھایا تھا۔ بھوک کا احساس پھر بھی نہیں ہو رہا تھا۔ عجلت میں گھر چھوڑا تھا۔ پیسے وہ ساتھ نہیں لایا تھا۔ جانے کا کرایہ تھا۔ واپسی کے لیے کوئی رقم نہ تھی۔ شاید اسے آنا بھی نہ پڑے۔ اس نے سوچا اور سوچ کر آنکھیں بند کر لیں۔

لمحوں کو گنتے، ثانیوں میں الجھتے، کبھی کھڑکی سے باہر اور کبھی اندر دیکھتے اس نے ساری رات آنکھوں میں گزار دی۔

شام بارہ بجے وہ ایڈن برگ پہنچ گیا۔ وہاں سے مطلوبہ ایڈریس تک اسے پیدل چل کر جانا پڑا۔ وہ فون پر اپنے یونی فیلو سے مسلسل رابطے میں تھا، جس نے اپنے کزن کی مدد سے اسے تمام معلومات پہنچائی تھیں۔

"مجھے نہیں لگتا وہ تمہیں اندر جانے دیں گے۔ بہت سخت سیکورٹی ہو گی۔ پریس کو بھی جانے کی اجازت نہیں!"

اسے آخری میسج موصول ہوا۔ جسے پڑھ کر اس نے موبائل جیب میں ڈال لیا تھا۔

رات کی تاریکی میں آرزو جہانگیر کا شیشوں سے بنا عالی شان گھر روشنیوں میں نہایا ہوا نظر آ رہا

تھا۔ لیٹ نائٹ پارٹی چل رہی تھی۔ وہ آہنی گرلز سے اندر کا منظر با آسانی دیکھ سکتا تھا۔ کئی مشہور اور کاروباری شخصیات کو مدعو کیا گیا تھا۔ مختلف قومیت کے لوگ اسے نظر آ رہے تھے۔ سرسبز لان میں کرسیوں اور میزوں کے اطراف میں۔ ملازم ٹرے اٹھائے مشروب پیش کرتے گھوم رہے تھے۔ دور کہیں پیانو بج رہا تھا۔ بہت سے لوگ ابھی بھی آ رہے تھے۔ ان کے لیے دروازے کھول کر انہیں اندر جانے دیا جا رہا تھا۔

وہ جہاں تھا، وہیں کھڑا تھا۔ بیرونی گیٹ تک جانے کی، اپنا تعارف کروانے اور آرزو جہانگیر کا نام لینے کی اس میں ہمت نہیں رہی تھی۔ اسے ایک دم سے احساس ہوا۔ کسی اور سے پہلے اس نے خود کو ہی مصیبت سے دوچار کر لیا ہے۔

وہ سڑک کے اس پار کھڑا تھا۔ ہمت مجتمع کرتے آگے بڑھا۔ ایک طرف اعظم شیرازی تھے، دوسری طرف آرزو جہانگیر تھی، اسے اب ان دونوں کو ہی تباہ کرنا تھا۔ آرزو جہانگیر کا شوہر فاروق حبیب...... غالباً وہی اعظم شیرازی کے کاروباری حریف تھے۔ ایک اونچی پہنچ اور اثر رسوخ رکھنے والے انسان تک یہ بات پہنچا کر وہ ان کی زندگی میں بھونچال لا سکتا ہے۔

کسی قدر کوشش سے وہ گیٹ تک پہنچ گیا تھا۔ اس کے پاس دعوت نامہ نہیں تھا۔ گارڈز کسی صورت اسے اندر جانے نہیں دے سکتے تھے۔ باقی صرف ایک تعارف ہی بچتا تھا۔ اور اس تعارف کو اپنے لبوں پر لاتے اس کا دل کٹنے لگا تھا۔ ضبط مٹنے لگا تھا۔

وہ کیا کر رہا ہے......؟

کیوں کر رہا ہے......؟

''میں آرزو جہانگیر سے ملنے آیا ہوں!''

اپنے آپ سے لڑتے سر اٹھا کر کہا۔ غالباً اسے اس کا کوئی مداح سمجھ کر ہٹانے کی سعی کی جانے لگی۔

''میں اس کا بیٹا ہوں، مجھے اس سے بات کرنی ہے۔'' اپنا آپ چھڑاتے ہوئے چیخ کر کہا تو وہ

https://novelskidunya.com/

دونوں کچھ بے یقینی سے ایک دوسرے کی شکل دیکھنے لگے۔ اس نے بات ہی کچھ ایسی کر دی تھی۔
سیاہ فام شخص نے دوسرے کو اشارہ کیا تو وہ اندر چلا گیا جبکہ دوسرا شخص اسے وہاں پر رو کے کھڑا رہا۔ دس سے پندرہ منٹ کے بعد دوسرا آدمی واپس آیا۔

''سوری! وہ اس وقت مصروف ہیں، کسی سے نہیں مل سکتیں۔'' جواب دیا گیا۔

وہ ''کسی'' نہیں، ان کا بیٹا تھا۔

آواز بازگشت بن کر اس کے اندر گونجی۔ چھناکے سے اندر کچھ ٹوٹا۔ آرزو جہانگیر سے اسے کوئی امید، خوش گمانی نہ تھی، پھر بھی دکھ پہنچا۔ آنکھوں میں نمی کے ساتھ ہی ایک دم سے سرخی پھیلی۔

''پچھلے کچھ مہینوں سے آرزو ہارون سے ملنے کی کوشش کر رہی ہے، تمھارا کیا خیال ہے۔ کس لیے؟ اسے اب کیا چاہیے؟''

اس نے بمشکل سانس لیتے ہاتھ اٹھایا اور رک گیا۔

''مجھ سے ملنے آئے گی تو میں تمھارا ڈیتھ سرٹیفکیٹ اسے دکھا دوں گا۔ قبر پر جانا چاہے گی تو وہ بھی تیار ہے۔''

گہری سانس لے کر وہ پیچھے ہٹا۔ دائیں جانب قدم اٹھاتا گیا، دور ہوتا گیا۔

''تمھارا کیا خیال ہے، اس نے ہارون سے طلاق لینے کے لیے مجھ سے کتنے پیسے لیے ہوں گے؟''

وہ یہاں کرنے کیا آیا ہے؟ اپنے اندر کے شور سے زچ ہو کر، تنگ آ کر خود کو جھنجھوڑ ڈالا۔

آرزو جہانگیر......

اعظم شیرازی......

ضبط سے سرخ پڑتا چہرہ...... اشتعال میں آتا وجود......

''تم نے اس کے بیٹے کو دیکھا ہے۔''

''کس کے بیٹے کو؟''

''آرزو جہانگیر کے بیٹے کو......''

قدموں کی حرکت تھم گئی۔ جھٹکے سے رک گیا۔

گردن موڑ کر دیکھا۔ گاڑی پارک کر کے دو لڑکیاں باہر نکلی تھیں۔ دونوں کا رخ سامنے بیرونی گیٹ کی طرف تھا۔

''میں نے سنا تو تھا، بیٹا پیدا ہوا ہے۔ آرزو جہانگیر اس بارے میں کوئی بات نہیں کرتی۔ میڈیا پر بھی نہیں۔ نام بھی نہیں بتایا۔ خبر بھی نہیں دی۔''

''سنا ہے، اس کے شوہر کو یہ سب پسند نہیں۔ اس لیے وہ اپنی پرائیوٹ لائف بالکل پرائیوٹ رکھنا چاہتی ہے۔''

''تم نے اس کے بیٹے کو کہاں دیکھا؟''

آوازیں مدھم ہو گئیں۔

اس کا ذہن ماؤف تھا۔ آنکھوں میں بے یقینی ٹھہری تھی۔ انگاروں جیسی تپش وجود میں اترنے لگی تھی۔

عقب میں سیاہ گاڑی کے بریک ایک دم سے چرچرائے۔

ڈرائیونگ سیٹ پر راحم بیٹھا تھا۔ پسنجر سیٹ سے حیدر باہر نکلا۔ دو ساتھی اور بھی تھے۔ اعظم شیرازی کے کارندے...... جنہیں قبر تک پیچھا کرنے کا حکم تھا۔ اس کا غصہ ایک دم سے عود کر آیا۔

''لیٹ گو آف می!'' (مجھے چھوڑ دو!)

اسے زبردستی کھینچ کھانچ کر، اس کی حد درجہ مزاحمت اور احتجاج کو کسی صورت خاطر میں نہ لاتے اپنے ساتھ لے گئے تھے۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

وہ گاڑی میں، عقبی نشست پر دو مسٹنڈوں کے درمیان پھنسا بیٹھا تھا۔ سینے پر بازو بندھے ہوئے تھے۔ آنکھیں اشتعال سے سرخ ہو رہی تھیں۔ ناک سے خون بہہ رہا تھا جسے آستین سے اس نے ایک بار پھر صاف کیا تھا۔

راحم گنگناتے ہوئے ڈرائیونگ کر رہا تھا۔ جبکہ حیدر اپنے ''چھوٹے صاحب'' کے منہ پر ایک عدد گھونسا رسید کرنے پر بہت بری طرح سے پچھتا رہا تھا۔ معذرت بھی کر رہا تھا۔ پریشان بھی ہو رہا تھا۔

''جس طرح اس نے ہمیں خوار کیا ہے، اس حساب سے ہی ٹوٹلی ڈزرواٹ!'' اسٹیرنگ وہیل پر گرفت جمائے راحم نے اسے تسلی دینا چاہی۔

''ڈونٹ وری! اعظم صاحب کچھ نہیں کہیں گے۔''

''انہوں نے کہا تھا لڑکے کو خراش بھی نہیں آنی چاہیے۔'' آواز کو پست کر کے اس نے راحم کو بتایا۔

''خراش تو واقعی میں نہیں آئی!'' بیک ویو مرر سے فارس کو دیکھتے وہ محظوظ ہوا۔ ''ہی از ٹوٹلی فائن!''

حیدر مشین اور روبوٹک سا گارڈ تھا۔ اس کے تاثرات ہمیشہ ایک سے رہتے تھے۔ مگر پہلی بار اس کے تاثرات میں بے انتہا فکر نظر آ رہی تھی۔ اس نے باکس سے کئی ٹشو نکال کر فارس کی طرف بڑھائے، جس کا خون ابھی تک نہیں رکا تھا۔

''آپ ٹھیک ہیں؟'' بھاری آواز کے ساتھ پوچھا۔

''اپنی شکل گم کرو!'' ٹشو جھپٹ کر وہ غرایا۔

پشت گاہ کے ساتھ کمر ٹکاتے ہوئے گردن کو اوپر کر کے ٹشو ناک پر رکھا۔

اس کے پہلو میں جو دو گارڈ بیٹھے تھے، انہوں نے ہنوز اس کے بازوؤں پر گرفت جما رکھی تھی۔ راحم کا حکم تھا۔ اسے اندازہ تھا کہ ذرا سی آزادی ملی تو وہ سب سے پہلے اس پر جھپٹے گا۔ گاڑی کنٹرول سے باہر ہوئی تو سب کے سب ایکسیڈنٹ میں مارے جائیں گے۔ اب اسے پروا نہیں تھی تو کیا ہوا۔ باقی

سب تو زندہ ہی رہنا چاہتے تھے۔

ایڈن برگ سے لندن تک سات گھنٹوں کا سفر تھا۔ راحم اور حیدر باری باری گاڑی ڈرائیو کرتے رہے۔ صبح کے سات بجے وہ لندن پہنچے تھے۔ بگونیا ہاؤس کے بجائے وہ اسے کسی اور جگہ لے گئے۔ ایک طویل عمارت کی غالبًا کوئی تیرہویں منزل تھی۔ تاریکیوں میں گھرا ہوا ایک پورا اپارٹمنٹ تھا۔ انہوں نے اسے ایک کمرے میں بند کر دیا۔

https://novelskidunya.com/

اعظم شیرازی کو بھی اطلاع پہنچا دی، وہ اسے لے آئے ہیں۔ عین موقع پر پہنچ گئے تھے۔ بچت ہو گئی تھی۔ اس کی ملاقات آرزو جہانگیر یا اس کے شوہر میں سے کسی کے ساتھ بھی نہیں ہو سکی تھی۔ راحم باہر کھڑا فون پر بات کر رہا تھا اور اندر وہ فرش پر دوزانو بیٹھا تھا۔ گھٹنوں پر بازو رکھے۔ کمرے کی خاموشی میں اپنے اندر کے وحشت ناک شور کو سنتا ہوا...... کنتا ہوا۔

☆......☆......☆

Novels Ki Dunya

''فارس وجدان نے گھر چھوڑ دیا تھا۔ اس نے آرزو جہانگیر سے ملنے کی کوشش کی تھی۔''

اعظم شیرازی نے جمیلہ داؤد کو بتایا تو وہ صدمے سے اپنی جگہ بیٹھی رہ گئیں۔ سماعت پر یقین نہیں آیا تھا۔ فارس ایسا کیسے کر سکتا تھا۔ وہ آرزو جہانگیر سے متعلق اس کے احساسات سے واقف تھیں۔ اس کی نفرت سے، اذیت سے، اور انتقامی جذبات سے بھی۔

''فارس ایسا نہیں کر سکتا!'' ان کے لب ہلے۔

مگر وہ ایسا کر چکا تھا۔ انہوں نے تفصیلات سے آگاہ کیا تو وہ کچھ دیر تک بول نہ سکیں۔ پریشانی مزید بڑھ گئی۔ انہوں نے اسے کہیں قید کر رکھا تھا۔ اس خیال سے دل کو تکلیف ہونے لگی۔

''بچہ ہے بابا، ناسمجھ ہے۔ معاف کر دیں اسے، نظر انداز کر دیں۔'' وہ اس کے لیے حد درجہ فکرمند اور پریشان نظر آ رہی تھیں۔ اعظم شیرازی نے مڑ کر اپنی بہو کو دیکھا۔ عرصہ ہوا، انہوں نے اب حیران ہونا

چھوڑ دیا تھا۔

''یہ جانتے ہوئے بھی کہ اس کی وجہ سے علیزے اور حماد کا رشتہ ختم ہوا۔'' دانستہ رک کر گہری نگاہوں سے انہیں دیکھنے لگے۔ خود حقیقت سے واقف تھے۔ مگر جمیلہ داؤد ابھی بھی اندھیرے میں تھیں۔ ایسے ہی بس انہیں جانچنا چاہ رہے تھے۔ کیسی محبت تھی ان کی۔ حماد اور فارس میں کوئی فرق نہیں کرتی تھیں۔

''میں ابھی تک اس معاملے کو سمجھ نہیں پائی تو کیا کہہ سکتی ہوں۔ لیکن یہ بات کنفرم ہے، فارس ایسا نہیں ہے۔ بابا! وہ تو بلا وجہ کسی سے بات تک نہیں کرتا۔ افیئر چلانا تو دور کی بات ہے۔'' مدلل انداز اپناتے ہوئے انہیں قائل کرنے کی کوشش کی۔ ''آپ پلیز ایک بار خود اس سے بات کر لیں۔ اس کی سن لیں۔ مجھے یقین ہے اصل بات کچھ اور ہوگی۔''

وہ گہری سانس لے کر پشت پر ہاتھ باندھے کھڑکی سے باہر دیکھنے لگے۔ تاریکی میں دور کہیں بتیاں جلتی ہوئی نظر آ رہی تھیں۔ شیشے پر پھسلتے بارش کے قطروں میں ان کا عکس جھلک رہا تھا۔

''جانتی ہو، وہ آرزو کے پاس کس لیے گیا تھا؟''

جمیلہ داؤد کے انگ انگ سے بے چینی اور اضطراب نمایاں ہونے لگا۔ وہ بات کر رہے تھے تو لہجے میں عجیب سی چبھن تھی۔ اذیت بھری چبھن۔

''اپنی ماں کی طرح ہماری کمزوری کا فائدہ اٹھانا چاہ رہا تھا وہ۔ اس سے اندازہ لگا لو تم۔ وہ ہمارے لیے کتنا خطرناک ہوتا جا رہا ہے۔''

وہ انتہائی سنجیدگی سے بہت گہری بات کہہ گئے تھے۔

''وہ غصے میں آ گیا ہوگا۔ دکھی ہو جائے تو بہت جذباتی ہو جاتا ہے۔ آپ پلیز معاف کر دیں اسے۔ ہو سکتا ہے وہ بس ملنے گیا ہو؟ ماں ہے اس کی۔ اس نے سوچا ہو کہ شاید......'' وہ تذبذب کا شکار ہوتی رک گئیں۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

''کہ شاید......؟'' انہوں نے گردن موڑ کر سوال کیا۔

وہ خاموش ہوگئیں۔ جس عورت نے ماں ہوتے ہوئے اسے چھوڑ دیا تھا، وہ اس کے پاس کم از کم پناہ کے لیے نہیں جاسکتا تھا۔

''تم ابھی بھی اس کی طرف داری کر رہی ہو؟'' ان کے لبوں پر مبہم سی مسکراہٹ ابھری۔

جمیلہ نے معذرت خواہانہ انداز میں سر جھکا لیا۔ وہ رخ موڑ کر کھڑکی سے باہر دیکھنے لگے۔

''فارس کے ساتھ اب کیا کرنا ہے اس کا فیصلہ ہم لندن جا کر کریں گے۔'' چند لمحوں کے توقف کے بعد انہوں نے کہا تھا۔

جمیلہ داؤد کے دل کو دھڑکا سا لگ گیا۔ اپنے سسر کی سزاؤں اور سختیوں سے واقف تھیں وہ۔ جانے اب وہ فارس کے ساتھ کیا کرنے والے تھے۔

''ہوسکتا ہے ہمیں ہارون کو بھی بلانا پڑے۔'' انہوں نے کچھ سوچ کر مزید کہا۔

ان کے آخری جملے نے جمیلہ داؤد کو سکتے میں ڈال دیا۔ ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ فارس کے کسی معاملے میں وہ ہارون کا ذکر کر رہے تھے۔

''کیا کوئی حتمی فیصلہ متوقع ہے؟'' ان کا دل شدت سے دھڑک اٹھا تھا۔

☆......☆......☆

رائٹنگ ٹیبل پر حماد بے حد خاموش بیٹھا تھا۔ ہاتھ میں قلم تھا۔ خالی صفحہ کھلا پڑا تھا۔ ٹک ٹک کی آواز گونج رہی تھی۔ نگاہیں کسی غیر مرئی نقطے پر ٹھہری تھیں۔ لب سختی سے بھینچے ہوئے تھے۔ اس نے کچھ سوچتے، تصور کرتے قلم کو اس سختی سے بھینچا تھا کہ کھٹاک کی آواز کے ساتھ وہ دو حصے ہوگیا تھا۔ نگاہیں اس تصویر پر ٹھہر گئی تھیں جو سامنے ہی اسٹینڈ پر رکھی تھی۔

وہ اور علیزے شیرازی...... منظر واضح تھا۔ مسکراہٹ اصلی تھی۔ جذبات حقیقی تھے۔

علیزے شیرازی کے ساتھ اس کے رشتے کی بات ختم ہو چکی تھی۔ اعظم شیرازی نے آج صبح اسے آگاہ کر دیا تھا۔ بے خبر ہوتا تو وجہ دریافت کرتا۔ باخبر تھا تو چپ رہا۔ غم و غصے کو اندر دبائے آگ میں سلگتا ہوا، راکھ ہوتا رہا۔ نگاہیں بار بار اپنی ماں کی طرف اٹھتی رہیں۔ ان کی پریشانی اس کی سمجھ سے باہر ہوتی رہی۔ گھر کا ماحول عجیب ہو چکا تھا۔ بڑوں کے درمیان کوئی بات تھی جسے اس سے پوشیدہ رکھا جا رہا تھا۔ خصوصاً دادا اور اس کی ممی......دادا اب کسی مسئلے میں الجھے ہوئے تھے۔ رشتے کی بات ختم کر کے یوں ہو گئے جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو۔ جو اثر اس پر فارس وجدان کی وجہ سے پڑ رہا تھا، اس سے سب بے خبر نظر آ رہے تھے۔

اس نے قلم پٹخ دیا۔ بالوں میں انگلیاں پھنسائے کچھ دیر تک جھکا رہا۔

اتنی جرأت کا مظاہرہ کرنے والے اس ملازم لڑکے کو دادا نے کسی صورت معاف تو نہیں کیا ہوگا۔ کفالت ختم کر دی ہوگی۔ وہ سوچ رہا تھا۔ سوچ کر خود کو مطمئن کر رہا تھا۔ اپنے دادا سے وہ اس کے متعلق کوئی بات نہیں کر سکتا تھا۔ منگنی ختم ہونے کی وجہ اس کے علم میں تھی، وہ اس بات کو ظاہر نہیں کرنا چاہتا تھا۔

اب وہ کمرے میں دائیں بائیں ٹہل رہا تھا۔ فارس وجدان کی محبت کا اعتراف کرتی آواز بار بار سماعت سے ٹکرانے لگی تھی۔ وجود شعلوں میں لپٹ رہا تھا۔ چہرے پر غیض ٹھہر گیا تھا۔ یہ دکھ، یہ صدمہ برداشت سے باہر ہونے لگا۔ یہ توہین حواسوں پر بھاری ہونے لگی۔

علیزے کو اس نے ابھی تک فون نہیں کیا تھا۔ سوال، شکوہ یا کوئی شکایت نہیں کی تھی۔ جواباً اس نے بھی رابطہ رکھنے کی کوشش نہیں کی تھی۔

اپنے کزن سے علم ہوا تھا، وہ پاکستان جا چکی تھی۔ بتانا بھی ضروری نہیں سمجھا تھا۔ ان کی محبت بھری دوستی، ایسے اور اس طرح ختم ہو گی، اس کا تو گمان بھی نہ کیا تھا۔

اس کی آنکھوں میں فارس وجدان کا چہرہ ٹھہر گیا۔ وہ ملازم لڑکا، اس کے حواسوں پر پوری طرح سے سوار ہونے لگا۔ اتنی مراعات اور عنایتوں کی وجہ سمجھ سے باہر ہو گئی۔

وہ لڑکا لندن میں کیوں تھا اور اس کی ملاقات، علیزے شیرازی سے کیسے ہو گئی تھی؟ کیا وجہ تھی کہ اسے اتنی اہمیت دی گئی تھی؟ وہ ان ہی سوچوں میں گھرا ہوا تھا جب دستک دے کر جمیلہ اندر آ گئی تھیں۔ علیزے کے حوالے سے وہ ڈسٹرب نہ ہو، وہ اس بارے میں ہی بات کرنے آئی تھیں۔

''ممی! آئی ڈونٹ وانٹ ٹو ٹاک اباؤٹ دس!'' (ممی! میں اس کے متعلق کوئی بات نہیں کرنا چاہتا)

اس نے واضح لفظوں میں منع کر دیا۔

وہ حیران ہوئیں کہ اس نے رشتہ ختم ہونے پر تا حال کوئی اعتراض نہیں اٹھایا تھا۔ نہ ہی وجہ دریافت کرنے کی کوشش کی تھی۔ حالانکہ وہ ایسی فطرت کا نہیں تھا۔ علیزے اس کی پسند تھی۔ اس رشتے میں سو فیصد اس کی مرضی شامل تھی مگر اب وہ یوں ہو گیا تھا جیسے یہ رشتہ اس سے غیر متعلق ہو۔ اس میں اس کی کوئی دلچسپی نہ ہو۔

وہ کچھ دیر تک اس کے پاس بیٹھی رہیں پھر اٹھ کر چلی گئی تھیں۔ وہ ایک بار پھر کھڑکیوں میں جا کھڑا ہوا تھا۔ ذہن مختلف سوچوں کی آماجگاہ بنا ہوا تھا۔ آنکھوں میں شعلے نظر آ رہے تھے۔

☆......☆......☆

وہ گزشتہ تین دنوں سے اس کمرے میں بند تھا۔ وقفے وقفے سے حیدر اور راحم اسے ملنے آتے رہے، بار بار اس سے بات کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ سمجھانے کی بھی۔ مگر وہ کچھ بھی سننے کو تیار نہ تھا۔

''گاڈ! تم ایسے تو نہیں تھے۔'' راحم کو حیرت ہو رہی تھی۔

اس کا ایک دم سے اشتعال میں آ جانا۔ اور اس طرح سے ری ایکٹ کرنا اس کی سمجھ سے باہر تھا۔ اس کے لیے فارس کی یہ سچویشن نئی تھی مگر حیدر اسے کافی عرصے سے جانتا تھا۔ اس کی پریشانی بتا رہی تھی کہ اس طرح اشتعال میں وہ پہلے کبھی نہیں آیا تھا۔ کیا یہ تھپڑ ہی ہے جس کا اس کی ذات پر اتنا اثر پڑ گیا یا پھر الزام ایسا ہے کہ برداشت نہیں ہو رہا؟

اب کی بار جب آیا تو کرسی کھینچ کر اس کے سامنے بیٹھ گیا تھا۔

''تم وہاں کیوں گئے تھے؟''

وہ آرزو جہانگیر سے ملنے گیا تھا، یہ بات اسے بہت حیران کر رہی تھی۔

''جیسے کہ تم نہیں جانتے!'' پھاڑ کھانے والا انداز تھا۔

''سچ میں! آئی مین، تمہیں کیا ضرورت پڑ گئی اس ماڈل سے ملنے کی؟ مانا کہ وہ بہت مشہور ہے، خوب صورت ہے اور اس کا تو ہر کوئی مداح......''

''منہ بند رکھو اپنا!'' وہ ایک دم سے بھڑک اٹھا تھا۔ راحم بے بسی سے اسے دیکھ کر رہ گیا۔

''اگر تم اس طرح ری ایکٹ کرو گے تو میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکوں گا!''

وہ بیڈ پر بیٹھا تھا، بھنویں سکڑی ہوئی تھیں۔ خوب صورت چہرہ غصے سے لال ہو رہا تھا۔ سامنے ٹرے میں کھانا پڑا تھا۔ اس نے ابھی تک کچھ نہیں کھایا تھا۔

''میری ہیلپ، اور تم کرو گے؟'' اس کی آنکھیں سلگ اٹھیں۔ لہجہ تلخ ہو گیا۔ ''میرے سامنے بنتے ہو تا کہ میں تم پر بھروسا کروں۔ مجھے تمہاری سب چالوں کا علم ہے۔ ایسے ہی تو اعظم شیرازی تمہیں اتنا پیسا نہیں دیتے۔''

راحم گہری سانس لے کر سیدھا ہو بیٹھا۔

''سچ میں بہت سی باتیں میرے علم میں نہیں ہیں۔''

اسی لمحے دروازہ کھول کر حیدر اندر داخل ہوا۔

''تو میرا سر کیوں کھا رہے ہو؟ حیدر سے پوچھ لو، یہ بتا دے گا تمھارے اعظم صاحب اس طرح مجھے زنجیروں میں جکڑ کر کیوں رکھنا چاہتے ہیں۔''

راحم نے ایک دم سے چونک کر حیدر کو دیکھا تھا۔ کھنکھار کر گلا صاف کرتے اس نے پشت پر ہاتھ

باندھ لیے۔

''یہ زنجیریں ونجیریں کہاں سے آگئیں؟ کون قید ہے بھئی؟'' راحم نے ہونق پن کی انتہا کردی۔

فارس رخ بدل گیا۔ وہ ان سے مزید کوئی بات نہیں کرنا چاہتا تھا۔

راحم کچھ دیر تک اسے دیکھتا رہا۔ پھر نئے سرے سے بات شروع کی۔

''فارس! سمجھنے کی کوشش کرو۔ وہ ایک چھوٹی سی مس انڈراسٹینڈنگ تھی یار! اینڈ اٹس آل اوور ناؤ!'' اشارہ علیزے والی بات کی طرف تھا۔

''چھوٹی سی مس انڈراسٹینڈنگ تھی؟'' فارس نے اچنبھے سے اسے دیکھا۔ ''اسی ''مس انڈراسٹینڈنگ'' کے لیے گھر میں کیمرے لگا رکھے تھے تم نے؟'' لہجے میں دبا دبا سا غصہ تھا۔ آنکھوں سے ناگواری جھلک رہی تھی۔

راحم نے چونک کر اسے دیکھا۔ اس کے غصے اور ناراضی کی وجہ جیسے اب سمجھ میں آئی تھی۔

''وہ میں نے اس وجہ سے نہیں لگائے تھے!'' اس نے فوراً وضاحت دی۔

''تم اعظم شیرازی کے لیے کام کرتے ہو۔ ڈونٹ ایکٹ لائک یو کیئر فارمی۔'' وہ پھٹ پڑا تھا۔ ''تم، حیدر، آغا علی۔ تم سب مجھے کنٹرول کرنے کے لیے ہو، مجھ پر نظر رکھنے کے لیے، میری ہر بات اعظم شیرازی کو بتانے کے لیے ہو۔''

''فار گاڈ سیک فارس! کیا ہو گیا ہے تمہیں؟'' اس کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوا تو بول پڑا۔ ''وہ کیمرے میں نے تمہاری وجہ سے نہیں لگائے تھے۔ میرے اپنے کچھ ایشوز ہیں، میں جہاں بھی رہوں، مجھے احتیاط کرنا پڑتی ہے۔ دیٹس مائے وے ٹو پروٹیکٹ مائی سیلف!'' (یہ اپنی حفاظت کا میرا اپنا طریقہ ہے)

فارس کی پیشانی کی رگیں ابھر کر نمایاں ہو رہی تھیں۔ آنکھوں میں آگ بھڑک رہی تھی۔ راحم سنجیدگی سے اسے دیکھ رہا تھا۔ وہ جتنا عرصہ اس کے ساتھ رہا، کبھی بھی اس قدر اشتعال میں نہیں آیا تھا۔

جب تک کوئی اسے تنگ نہ کرے، وہ متحمل رہتا تھا۔ اس کے اعصاب کنٹرول میں ہوتے تھے۔ وہ اس طرح آپے سے باہر کبھی نہیں ہوا تھا۔

اعظم شیرازی کا تھپڑ، الزام یا پھر اس قدر گھٹیا لفظوں میں ماں کا حوالہ..... کیا بات تھی جس نے اسے جلتی ہوئی آگ میں لا کھڑا کیا تھا۔ اعصاب پر ایسا وار کہ وہ سنبھل نہیں پا رہا تھا۔

وہ اس کے دکھ کا اندازہ کرنا چاہ رہا تھا۔ وہ اس کے کرب کو سمجھنا چاہ رہا تھا۔ مگر فارس کے لہجے اور انداز میں اب دکھ نہیں تھا، صرف غصہ تھا۔

https://novelskidunya.com/

راحم نے گہری سانس لے کر اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرا۔ اسے بھی احساس تھا اس کے ساتھ غلط ہوا ہے۔ بات چھوٹی نہیں تھی۔ کچھ سوچے سمجھے بغیر انہوں نے جس طرح ہاتھ اٹھایا تھا، اور اب حقیقت معلوم ہو جانے کے باوجود بھی وہ اس سے ملنے نہیں آئے تھے، سمجھ میں نہیں آ رہا تھا اب انہیں کیا کرنا چاہیے۔

حیدر، اعظم شیرازی کے ساتھ مسلسل رابطے میں تھا۔ وہ کسی کاروباری دورے پر تھے۔ تفصیل سے کوئی بات نہیں ہو پا رہی تھی۔

ناولز کی دنیا
NovelsKiDunya

اپنی طرف سے وہ دونوں بات کرنے اور اسے سمجھانے کی پوری کوشش کر رہے تھے۔ انتظار میں تھے کہ کب وہ ٹھنڈا ہوتا کہ اسے نارمل زندگی کی طرف لایا جا سکے۔ مگر اس کا غصہ تھا کہ کسی صورت کم ہی نہیں ہو رہا تھا۔

”مجھے تم دونوں نے، یہاں سے نہ جانے دیا تو میں سچ میں کچھ کر بیٹھوں گا۔“ اب وہ انہیں طرح طرح کی دھمکیاں دے رہا تھا۔ آگ لگانے کی، سب برباد کرنے کی اور اپنی جان لینے کی بھی.....

اس کی ہر ایک بات اس کے اندرونی خلفشار کا پتا دے رہی تھی۔ وہ دماغ سے نہیں سوچ رہا تھا۔ اور دل پر تو جیسے برف جم گئی تھی۔ خوف بھی کہیں نہیں تھا۔ احساسات بھی نہیں۔ وہ لڑکا جو ناپ تول کر بات کرتا تھا، جس کی آواز بلند نہیں ہوتی تھی، جس کے لفظوں میں سختی نہیں جھلکتی تھی۔ وہ اب ایک دم سے

اس کے ساتھ بھی نفرت آمیز لہجے میں پیش آنے لگا تھا۔

''میں تمہیں بتا چکا ہوں، علیزے کا معاملہ ایک مس انڈر اسٹینڈنگ تھی۔ تمہاری بے گناہی بھی ثابت ہوگئی۔ کیوں تم اس بات کو جانے نہیں دے رہے؟'' راحم جھنجھلائی ہوئی بیزار آواز میں بولا تھا۔ وہ اور حیدر اچھے خاصے تھکے ہوئے نظر آرہے تھے۔

''مس انڈاسٹینڈنگ؟'' وہ تلخی سے ہنسا تھا۔ ''یہ کیسی مس انڈر اسٹینڈنگ ہے جس پر کوئی معذرت ہی نہیں کی گئی!''

حیدر نے بے اختیار راحم کو دیکھا تھا۔ وہ اسٹول پر بیٹھا اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

''وہ یہاں نہیں ہیں۔ امریکا میں ہیں۔ یہاں ہوتے تو ضرور تم سے ملتے۔''

''میں نے ملاقات کی نہیں، معذرت کی بات کی ہے۔'' دانت پیس کر غرایا۔

''ہم ان تک تمہارا پیغام پہنچا دیتے ہیں، وہ معذرت بھی کرلیں گے۔'' دونوں نے نظروں ہی نظروں میں کچھ طے کر کے پتا پھینکا کہ وہ ذرا مدھم ہو اور اپنی عقل کا استعمال کرے۔ ٹھنڈے دماغ سے کچھ سوچے۔

''تم لوگ انہیں یہ حکم دو گے؟'' اس نے تمسخر اڑایا۔ اسے اچھی طرح سے اندازہ تھا، ایسی کوئی بھی بات وہ اعظم شیرازی سے کرنے کی ہمت نہیں رکھتے۔

''مشورہ دیں گے۔'' حیدر نے ضبط کر کے کہا۔

''اس پوزیشن میں ہو کہ مشورہ دے سکو؟''

''تم اس پوزیشن میں ہو کہ اس طرح کے مطالبے کرسکو؟'' راحم نے پھاڑ کھانے والے لہجے میں کہا۔ فارس اپنی جگہ تھم گیا۔

''اتنی سی بات تمہیں کئی دنوں سے سمجھا رہے ہیں اور تم ہو کہ.....'' حیدر نے ہاتھ کے اشارے

سے اسے مزید کچھ کہنے سے باز رکھا۔ وہ اپنے غصے پر قابو پاتے چپ ہو گیا۔ کچھ دیر بعد کرسی گھسیٹ کر بیڈ کے قریب ہوا، جہاں وہ ٹانگیں لٹکائے بیٹھا تھا۔

''میں تمہاری مدد کرنے کی کوشش کر رہا ہوں، کیوں تم اس طرح خود کو ٹارچر کر رہے ہو؟''

''تم میری کوئی مدد نہیں کر سکتے۔'' اس کا سر جھکا رہا۔

''کر سکتا ہوں۔ آزما کر دیکھو!''

اس نے آہستگی سے سر اٹھایا۔ آنکھیں ضبط سے سرخ پڑ رہی تھیں۔ ''میرے ماں باپ نے مل کر مجھے جان سے مار دیا۔ اور میرا سگا دادا مجھے دفن کرنے کے بجائے میری لاش کو یہاں وہاں گھسیٹے جا رہا ہے۔ اب مدد کرو میری۔ کر سکتے ہو تم؟'' چیخ کر اس نے جس لہجے اور انداز میں کہا، راحم آفاق صدمے سے گنگ اپنی جگہ بیٹھا رہ گیا۔

https://novelskidunya.com/

اس کا ڈر ختم ہو چکا تھا۔ اب وہ دنیا کے ایک ایک فرد کو یہ بتا سکتا تھا کہ وہ کون تھا؟ وہ کیا ہو گیا تھا۔

''اپنے صاحب سے کہو، میں ان سے ملنا چاہتا ہوں۔'' اس کا سانس بھاری ہو رہا تھا۔ ''کل..... ہر حال میں۔ ورنہ اس کے بعد جو ہوگا، اس کے ذمہ دار وہ خود ہوں گے۔'' اس کے لہجے میں ایسی کاٹ تھی کہ ایک لمحے کو تو وہ بھی اسے کچھ کہہ نہیں سکے تھے۔

ناولز کی دنیا Novels Ki Dunya

کھڑکیوں سے باہر، لندن کا آسمان بہت تاریک ہو رہا تھا۔ نیچے نائٹ لائف مکمل بیدار تھی۔ روشنیوں میں نہایا ہوا شہر..... زندگی کے شور میں کہیں گم ہو رہا تھا۔

☆......☆......☆

اعظم شیرازی کو اس کا پیغام پہنچا دیا گیا تھا۔ وہ شام کی فلائٹ سے لندن آ گئے تھے۔ مگر وہ اس سے دو دن بعد ہی ملنے آئے تھے۔ شام کو نو بجے، اس وقت جب وہ بستر پر چت لیٹا چھت کو گھور رہا تھا۔ حیدر نے اطلاع پہنچائی تو وہ اٹھ کر باہر آ گیا۔ سامنے ہی نیلگوں سی روشنی میں وہ لاؤنج کے صوفے پر بیٹھے دکھائی

دیے۔ سیاہ تھری پیس سوٹ میں ملبوس تھے۔ بھورے بال جیل سے جمے ہوئے تھے۔ آنکھوں پر نفیس گلاسز تھے۔ ان کی تراشیدہ سی سفید داڑھی کے ساتھ چہرے کے کرخت تاثرات نمایاں ہو رہے تھے۔

گارڈز ان کے پاس ہی کھڑے تھے۔ راحم البتہ وہاں نہیں تھا۔ غالباً اسے اس پرائیوٹ گفتگو میں شریک ہونے کی اجازت نہیں تھی مگر اسے یقین تھا اس نے شریک ہونے کے لیے کوئی نہ کوئی حل ڈھونڈ لیا ہوگا۔ حیدر نے اشارہ دیا تو گارڈز باہر چلے گئے۔ دروازہ بند ہوا تو وہ آہستگی سے قدم اٹھاتا ان کے سامنے صوفے پر بیٹھ گیا۔

ہمیشہ کی طرح پیشانی پر بکھرے بال آج اوپر کو اٹھے ہوئے تھے۔ اس کی کشادہ پیشانی پر عمودی لکیریں نمایاں ہو رہی تھیں۔ آنکھوں میں غصہ اور سرد مہری سی تھی۔ لب سختی سے بھینچے ہوئے۔

حیدر سر جھکائے اور ہاتھ باندھے ان کے صوفے کے عقب میں کھڑا تھا۔

''ہمیں بتایا گیا ہے تم ہم سے ملنا چاہتے ہو!'' کلائی موڑ کر وقت دیکھتے انہوں نے گفتگو کا آغاز کیا۔ آواز بھاری، بارعب سی تھی۔ آنکھوں کا تاثر سختی لیے ہوئے تھا۔ چہرے کے تاثرات میں ایک سرد مہری سی نظر آ رہی تھی۔

''کہو......! ہم سن رہے ہیں۔'' حکم دیا گیا۔ مگر وہ چپ رہا۔ جوتے کی نوک سے قالین کے ریشوں کو چھیڑتا رہا۔ وہ اسے دیکھتے رہے۔

''تو اپنی ماں سے ملنے گئے تھے تم؟'' وہ کچھ نہ بولا تو انہوں نے بات شروع کی۔ ان کے لہجے میں واضح تھا کہ انہیں اس کی اس حرکت پر کتنا غصہ ہے۔

''ماں سے نہیں، آپ کے حریف سے ملنے گیا تھا۔'' اعظم شیرازی کی آنکھیں......وہ اس کے جواب پر تھمے تھے۔

''آپ نے کہا تھا، وہ مجھے ڈھونڈ رہی ہے۔ یہی کنفرم کرنے گیا تھا۔'' سر جھکا رہا۔ داہنا قدم

متحرک رہا۔اس کی شرٹ کے اوپری بٹن کھلے ہوئے تھے۔گردن سے نیچے مندمل سی لکیر نظر آرہی تھی۔
وہ اب اپنے دادا کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔بات ماں کی ہو رہی تھی۔لہجہ اور جملے کسی بھی ادبی تقاضے سے بالاتر تھے۔

''اس کا شوہر مل جاتا تو بتا دیتا، میں کون ہوں۔وہ مل جاتی تو اسے بھی یاد دلا دیتا۔''اس کا لہجہ سخت اور ارادے واضح تھے۔وہ کمپوز ہو کر بات کر رہا تھا۔اعظم شیرازی اس کی آنکھوں میں آگ دیکھ سکتے تھے۔چار سال پہلے انہوں نے اسے جو بات بتائی تھی، وہ اسے ہتھیار کے طور پر اب استعمال کر رہا تھا۔جیسے ان کی کوئی کمزوری ہاتھ آ گئی ہو۔

''ہمیں اندازہ تھا، تم ہمارے لیے مسائل پیدا کر سکتے ہو۔''انہیں اس کی حرکت پر کوئی حیرانی نہیں تھی۔ایک امتحان انہوں نے لیا تھا اور نتیجہ ان کی سوچ کے عین مطابق نکلا تھا۔

''بتاؤ! کیا مطالبے ہیں تمہارے؟ آج ہم سن لیتے ہیں۔''انہوں نے سنجیدگی سے ہنکارا بھرتے ہوئے کہا۔

اسے توقع نہیں تھی۔اس کی باتوں کے جواب میں وہ ایک سوال رکھ دیں گے۔مشتعل ہونے کے بجائے، متحمل ہو جائیں گے۔

''بولو! کیا چاہیے؟ کوئی اسپورٹس کار......گھر......یا کوئی ایسی خواہش......؟''انہوں نے بات دانستہ ادھوری چھوڑ دی۔ظاہر کر دیا وہ اسے کچھ بھی دے سکتے ہیں۔کچھ بھی......!

اعظم شیرازی جان گئے تھے، اب وہ کنٹرول سے باہر تھا۔زبردستی کر کے یا دباؤ ڈال کر اسے قابو نہیں کیا جا سکتا تھا۔اس میں کوئی خوف نہیں بٹھایا جا سکتا تھا۔فی الحال وہ اس کا اندر جانچنا چاہتے تھے۔اس کا دماغ پڑھنا چاہتے تھے۔باقی باتیں بعد کی تھیں۔وہ کسی بھی صورت اسے اپنے خاندان کے ساتھ کھلواڑ کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے تھے۔

وہ کچھ دیر تک چپ رہا، پھر آگے ہو کر بیٹھا۔ بات دادا سے نہیں، اب ''اعظم شیرازی'' سے ہو رہی تھی۔

''مجھے میرا نام چاہیے۔ مکمل نام۔ باپ اور خاندان کا نام!'' اس نے جرأت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مطالبہ رکھ دیا۔

بات ''خواہش'' کی تھی تو خواہش بس یہی تھی۔

حیدر نے کچھ حیرانی سے اسے دیکھا۔ اسے اعظم شیرازی کے الفاظ بہت اچھی طرح سے یاد تھے۔ جس دن وہ حد سے نکلے گا، وہ اسے شوٹ کر دیں گے۔ اب وہ سامنے تھا اور ایسی طلب رکھ رہا تھا جس کے لیے اتنے سالوں تک، اس کے اندر سنگین نتائج کا خوف بٹھایا جاتا رہا تھا۔

''ورنہ؟'' انہوں نے سوالیہ نظر اٹھائی۔ ان کی نگاہیں اسے جانچ رہی تھیں۔ وہ بھی ان کا ہی پوتا تھا۔ سیاہ تاریک ہوا بیٹھا تھا۔ غیر واضح، مبہم، دھندلا......

''میں کیا کر سکتا ہوں، اور کیا نہیں، اس کا اندازہ آپ کو بخوبی ہو چکا ہوگا!''

اعظم شیرازی نے بمشکل خود پر ضبط کے پہرے بٹھائے تھے۔ آج تک کسی نے اس لہجے اور انداز میں ان سے بات کرنے کی جرأت نہیں کی تھی، کجا کہ دھمکی دینا۔

''آرزو جہانگیر ایک سیلیبریٹی ہے۔ آپ کا خاندان بھی کم مشہور نہیں، جہاں بھی زبان کھولوں گا، بات جنگل میں آگ کی طرح پھیلے گی۔''

''چھوٹے صاحب اب نہیں بچیں گے۔'' حیدر نے سوچا۔ پہلے تھوڑی بہت امید تھی، سب ٹھیک ہوگا۔ اب یقین ہو گیا سب ختم ہو جائے گا۔

''اس کی نوبت نہیں آئے گی۔ چاہیں تو ہم یہیں تمہاری جان لے سکتے ہیں۔'' وہ پرسکون لہجے میں گویا ہوئے۔

''تو لے لیجیے۔ میں اپنے ارادوں سے باز آنے والا نہیں ہوں۔'' آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر واضح کر دیا۔ اس کے اندر اب کوئی خوف نہیں تھا۔

''آ بھی سکتے ہو۔ ہم چاہیں تو......'' انہوں نے سائیڈ ٹیبل سے سنو گلوب کو اٹھا کر حرکت دی۔ ننھے ننھے سفید ذرے متحرک ہو کر چہار سو بکھر گئے۔

''میری کوئی بھی کمزوری آپ کے ہاتھ میں نہیں ہے۔''

اعظم شیرازی اس کی آنکھوں میں دیکھتے رہے۔ اس کی جلتی آنکھوں کا تاثر پتھر کر دینے والا تھا۔

''ہم نے تمہیں پڑھایا، لکھایا۔ ایک اچھی زندگی دی۔ اس کا تم ہمیں یہ صلہ دے رہے ہو؟ اس طرح دھمکیاں دے کر......'' سنو گلوب ہنوزان کے داہنے ہاتھ میں متحرک رہا۔

حیدر نے کچھ ناسمجھی سے اپنے صاحب کو دیکھا۔ وہ بہت تحمل سے بات کر رہے تھے۔ ان کا لہجہ بھی کچھ ایسا سخت نہیں لگ رہا تھا۔

''تصحیح کر لیں۔ یہ دھمکیاں نہیں ہیں۔ میں اپنا حق لینے کی بات کر رہا ہوں۔''

''حق کی بات آج کر رہے ہو؟'' سادہ سا ایک چبھتا ہوا سوال تھا۔

وہ پہلے کیوں چپ رہا، اب کیوں بات کر رہا ہے؟ اس طرح اچانک کیا بدل گیا تھا؟

''اس لیے کہ علیزے کی وجہ سے ہم نے تم پر ہاتھ اٹھایا تو تمہیں لگا اب حق کی بات کرنی چاہیے؟'' لبوں پر مسکراہٹ لیے سوال پوچھا۔

''اس لیے کہ آرزو جہانگیر میری زندگی میں نہیں ہے، تو میں اس عورت کے نام سے کیوں پہچانا جا رہا ہوں؟''

اعظم شیرازی اس اٹھارہ سالہ لڑکے کے سامنے مکمل لاجواب ہو گئے۔ فلور لیمپ کی روشنی ہلکے سے ٹمٹمائی۔ کھڑکیوں کے اس پار برف کے روئی جیسے گالے فضا میں منتشر زمین پر اترنے لگے۔

https://novelskiduniya.com/

خاموشی ایک دم سے طویل ہوگئی۔سوال جواب کا سلسلہ رک گیا۔

اعظم شیرازی اب اسے ہی دیکھ رہے تھے۔ براہ راست۔اس کی آنکھوں میں، اور اسے لگا وہ اس کے اندر، اس کی روح تک اتر گئے ہیں۔اور اسے پڑھ رہے ہیں۔

اس نے نظریں جھکا لیں۔قدموں میں دیکھتے پھر سے ریشوں کو چھیڑا۔

''علیزے ہماری بچی ہے۔اس کی اس حرکت پر ہم تم سے معذرت کر لیتے ہیں۔'' انہوں نے کمال مہارت سے موضوع بدلا۔لہجہ صلح جو تھا۔آواز میں کرختی نہ تھی۔

''آپ کے تھپڑ اور الزام کی معذرت کون کرے گا؟''

ان کے لبوں پر خفیف سی مسکراہٹ ابھری۔آنکھوں میں دلچسپی کا عنصر ٹھہر گیا۔

''کیا معذرت سے ضد ختم ہو جائے گی؟'' سادہ سا ایک سوال، مگر صدمے کی بات تھی کہ پوچھنے والے اعظم شیرازی تھے۔

''نہیں! اس سے فرق نہیں پڑتا۔'' گویا وہ اس کے لیے اتنے اہم نہ تھے کہ ان کا اعتذار اس پر کچھ اثر کرتا۔''مجھے اب صرف اپنا نام چاہیے۔''

''ہم یہ نہیں دے سکتے۔'' حتمی اٹل بات کہتے انہوں نے سنوگلوب بھی رکھ دیا۔مصنوعی فضا میں معلق، متحرک ذرے نیچے گرتے ساکت ہونے لگے۔''تم نے ایسے مطالبے کی جرأت کی، ہم تمہیں معاف کر رہے ہیں۔آئندہ ایسی غلطی مت کرنا!''

فارس وجدان کی مٹھیاں سختی سے بھینچ گئیں۔زندگی میں پہلی بار اعظم شیرازی کو اس کی آنکھوں میں وہ تاثر نظر آیا تھا جو وہ عموماً اپنے دشمنوں کی آنکھوں میں دیکھا کرتے تھے۔

اب وہ منتظر تھے، وہ کیا کہنے والا تھا۔اپنا آپ ثابت کرنے اور نام واپس لینے کے اور بہت سے طریقے تھے۔اور انہیں ہر حال میں اسے قابو کرنا تھا۔

''اپنی پڑھائی مکمل کرو۔ ہم تمہیں تمہارے حصے کا بزنس سیٹ کر کے دیں گے۔ حیدر سے کہہ دیتے ہیں تمھارے اکاؤنٹ میں ڈبل رقم ٹرانسفر کر دیا کرے۔''

انہوں نے کچھ سوچ کر مزید کالالچ دیا۔ وہ اس کے اندر اٹھتے سیلاب پر بند باندھ رہے تھے۔ فارس انہیں دیکھتا رہا۔ وہ ان سے نام کی بات کر رہا تھا، وہ مراعات کی بات کر رہے تھے۔

''اور اگر میں نہ مانوں تو؟'' صوفے کے ساتھ پشت ٹکائے، سینے پر بازو باندھے مکمل اعتماد کے ساتھ ان کی طرف دیکھتا رہا۔

https://novelskidunya.com/

''ہمارے لیے تمہیں خاموش کروانا کوئی مشکل کام نہیں۔'' خطرناک سا اشارہ تھا۔ زندہ رہنا چاہے تو اس طرح...... ورنہ موت کا راستہ ہرگز مشکل نہیں۔ بات بہت تلخ اور بھاری تھی۔ انہوں نے بہت عام سے لہجے میں کہہ دی۔

اس کی آنکھوں کی سرخی میں اب نمی اتر آئی تھی۔ بہت ہلکی سی کہ مدھم روشنیوں کا عکس ان میں جھلملانے لگا تھا۔

ناولز کی دنیا NovelsKiDunya

''میں ایک شرط پر اپنا منہ بند رکھ سکتا ہوں۔ ساری عمر کے لیے......''

اعظم شیرازی نے اب کے اسے غور سے دیکھا تھا۔

''کہو! ہم سن رہے ہیں۔'' خیال تھا وہ کوئی فرمائش کرنے والا ہے۔ کسی ضخیم رقم کی...... جائیداد اور نام کے علاوہ وہ اس کا ہر مطالبہ ماننے کے لیے تیار تھے۔

''اپنے بیٹے کے ساتھ کیا ہوا وعدہ ختم کر کے مجھے آزاد کر دیں۔''

لاؤنج میں ایک دم سے سناٹا پھیلا تھا۔ اعظم شیرازی اپنی جگہ لمحے بھر کے لیے منجمد ہوئے تھے۔ حیدر نے بے اختیار اس کی طرف دیکھا۔ وہ کم گو لڑکا اسے معمول سے بہت مختلف لگا۔ گہرا۔ پراسرار اور بے حد پیچیدہ!

''میں وعدہ کرتا ہوں۔ مرتے دم تک آپ کے خاندان کے سامنے نہیں آؤں گا۔ نہ کبھی نام کا مطالبہ کروں گا۔ نہ جائیداد کا۔ آپ کو صحیح معنوں میں مر کر دکھا سکتا ہوں میں!'' اس نے سارا مسئلہ ہی ختم کر دیا۔ بات ہی ختم کر دی۔

''گاڈ، یہ لڑکا!'' لسننگ بگ (Listening Bug) کے ذریعے ان کی گفتگو کو سنتے، راحم آفاق نے ششدر ہو کر سر اٹھایا تھا۔ وہ گاڑی میں بیٹھا تھا۔ کانوں میں ایئر فونز لگا رکھے تھے۔ اس کے اطراف میں برف کی دھند ہر سو پھیلتی جا رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/

''شرط صرف اتنی ہے کہ کوئی مجھے کنٹرول نہیں کرے گا۔ میرے پیچھے نہیں آئے گا۔ مجھ پر نظر نہیں رکھے گا!''

اعظم شیرازی ابھی تک کچھ کہہ نہیں سکے تھے۔ وہ ان کی دی ہوئی آسائشات چھوڑنے کی، اور اپنی زندگی خود سے جینے کی بات کرر ہا تھا۔ اسے ان کی دولت سے کوئی حصہ نہیں چاہیے تھا۔ کوئی مراعات یا رقم بھی نہیں۔ اس کا مطالبہ بہت آسان اور واضح تھا۔ مگر وہ خود الجھ گئے تھے۔ شدید حیرت اور غصے میں گھر گئے تھے۔

ناولز کی دنیا Novels Ki Dunya

''اور تم چاہتے ہو، ہم اس بھونڈے مذاق پر یقین کر لیں۔''

''مذاق نہیں ہے یہ۔'' وہ سنجیدگی سے گویا ہوا۔

''مسئلے کا حل ہے!'' وہ اپنی عمر سے زیادہ گہرا لگ رہا تھا۔ سوچ سمجھ کر۔ بہت مفاہمت سے۔ اپنا مطالبہ منوا رہا تھا۔

''ہم کیسے یقین کریں؟''

''میں پچھلے پندرہ سالوں سے چپ ہوں۔ میں مزید چپ رہ سکتا ہوں!''

وہ محض اٹھارہ سال کا تھا۔ اس نے عملی زندگی میں ابھی قدم نہیں رکھا تھا۔ یونیورسٹی جوائن کیے

دوسرا مہینہ تھا۔ پڑھائی بھی مکمل نہیں ہوئی تھی۔ وہ سب کچھ داؤ پر لگا کر صرف اور صرف ان کے تسلط سے آزاد ہونے کی بات کر رہا تھا۔

راحم کرسی سے کمر ٹکائے سوچوں میں غرق ہوا بیٹھا تھا۔ تو کیا اس کا گھر چھوڑنا۔ ایڈن برگ میں جانا اور اتنے دنوں تک ایسا رویہ محض ایک پلان کا حصہ تھا؟ وہ اعظم شیرازی کو اس نقطے تک لانا چاہتا تھا جہاں بیٹھ کر اس معاملے کو سلجھا کر ختم کیا جا سکے؟ بے یقینی سے نفی میں سر ہلایا۔ بالوں میں انگلیاں پھنسائیں۔ وہ اس کی ذہانت سے متاثر ہوئے بنا نہ رہ سکا۔

''تم پر یقین نہیں کیا جا سکتا!'' انہوں نے قطعی لہجے میں کہا۔

''پھر آپ کے پاس ایک ہی آپشن بچتا ہے۔ مجھے قتل کر دیں۔ دوسری ہر صورت میں تو میں لازمی زبان کھولوں گا، چاہے ہزار پہرے بٹھا دیں۔ مجھے کوئی خوف نہیں!''

ہاں..... وہ موت سے خوف زدہ نہیں تھا۔ یہ زندگی اس کے لیے جہنم تھی۔

چند لمحوں تک وہ انہیں دیکھتا رہا پھر وہ اٹھ کر کمرے میں چلا گیا۔ اپنا بیگ اٹھایا۔ مفلر دستانے اور فل کوٹ پہنے باہر آ گیا۔ اب وہ اعظم شیرازی کے سامنے کھڑا تھا۔

مطالبہ واضح تھا۔ مکمل نام اور پہچان دیں۔ یا پھر باہر جانے کی اجازت..... تیسری صورت میں وہ انہیں کسی بڑے نقصان سے دوچار کرنے کے لیے تیار تھا۔ اعظم شیرازی اس کی آنکھوں میں آگ دیکھ سکتے تھے۔

''اسے جانے دو!'' انہوں نے گہری جانچتی نظروں سے اسے دیکھتے بالآخر حیدر سے کہا۔

اس نے وہاں کھڑے اپنا دل کٹتا ہوا محسوس کیا۔ دنیا کے حوالے کرنا آسان تھا ان کے لیے..... انہوں نے اپنے لیے آسانی چن لی تھی۔

لاک کھول دیے گئے۔ رکاوٹیں ہٹا دی گئیں۔

وہ جیسے اسی انتظار میں تھا۔ جانے کے لیے قدم اٹھائے، رک کر مڑا۔ کچھ کہنے کے لیے۔ پھر ارادہ ملتوی کرتا دروازہ عبور کر گیا۔

''صاحب! میرا نہیں خیال کہ اس طرح جانے دیا جائے۔'' حیدر نے کہا۔ ''آپ کہیں تو میں اس کے پیچھے جاؤں؟''

''چھوڑ دو۔ کچھ دنوں تک دھکے کھائے گا تو خود ہی آ جائے گا۔'' انہوں نے سنجیدگی سے کہا۔

جس طرح کی آسائشات اس نے دیکھ رکھی تھیں، جس طرح کی شاہانہ زندگی اس نے گزار رکھی تھی، انہیں یقین تھا وہ چار دن بھی نہیں گزارے گا اور واپس آ جائے گا۔

☆......☆......☆

عمارت سے نکل کر وہ اندھا دھند بھاگتا رہا۔ دائیں، بائیں بغیر سوچے سمجھے، ان جان راستوں پر...... پھر وہ چلنے لگا تھا۔ رفتار قدرے تیز تھی۔ پھر اس کی رفتار میں سستی آ گئی تھی۔ اس کے بعد تھکے ہارے، نڈھال قدموں کی باری تھی۔ برف باری شدید تھی۔ ٹریفک جام، لندن برفانی طوفان کی زد میں تھا۔ دکانیں بند، سب گھروں میں مقید...... نائٹ لائف مکمل ڈسٹرب...... وہ فضا میں سرد برفیلی ہواؤں کی روانی کو اپنی ہڈیوں میں گھستا ہوا محسوس کر سکتا تھا۔ اس کے کپڑے گرم تھے، مگر اس سردی کا مقابلہ کرنے کے لیے پھر بھی کم تھے۔

چلتے چلتے وہ رک گیا تھا۔ اندھیرے میں ہر جانب دھند میں کہیں کہیں اسٹریٹ لائٹس، اسٹریٹ پولز کا مبہم سا گمان ہو رہا تھا۔ جس جگہ پر وہ تھا، اس سے آگے مدھم سی روشنیوں میں ریلنگ نظر آ رہی تھی۔

وہ بیگ کے بوجھ سے جھکتے کندھوں کے ساتھ دیوار کے ساتھ پنجوں کے بل بیٹھ گیا تھا۔

آنکھیں رگڑ کر صاف کر ڈالیں۔ ضبط کرنے کی کوشش...... پھر مفلر کو ہونٹوں سے ناک کے اوپر تک کھینچ لیا کہ سرد فضائیں سانسوں پر بھاری پڑ رہی تھیں۔

سامنے غیر واضح سا بورڈ تھا۔ اس بورڈ پر آگے جھیل کی نشان دہی کی گئی تھی۔ راستے الگ ہو گئے تو اب کیا؟ وہ کافی دیر تک اسی جگہ پر، اسی پوزیشن میں، اسی طرح بھاری کندھوں اور بھاری دل کے ساتھ بیٹھا رہا۔

اس کے برابر میں پارک کی گئی گاڑی مکمل طور پر برف میں ڈھک چکی تھی۔ اس کا وجود باقاعدہ کپکپا رہا تھا۔ اس کی آنکھوں کے کنارے سرخ اور نم ہو رہے تھے۔

دھند میں، مبہم روشنیوں کے سائے میں، کوئی چلتا ہوا ریلنگ پھلانگ کر اس پار کھڑا ہو گیا تھا۔ وہ طویل القامت تھا۔ لمبے کوٹ میں پوشیدہ سا کچھ دیر تک کھڑا رہا۔ پھر اس نے ایک چھوٹا سا پتھر دور کہیں بلندی سے نیچے پھینک دیا تھا۔

''بھاڑ میں جاؤ تم ایزابیلا!'' چلا کر کہا۔ پھر کمال مہارت سے پول کا سہارا لیتے ریلنگ پر پنجوں کے بل بیٹھ کر چند لمحوں تک دوسری طرف دیکھتا رہا۔ پھر اسی پول کے ہی سہارے خود کو توازن میں لاتا اٹھ کھڑا ہوا۔ پولز کی روشنی میں اس کا سراپا قدرے نمایاں ہوا تھا۔

وہ راحم تھا!

اس پر انکشاف ہوا وہ وہاں اس لیے جھیل میں کودنے کی تیاری کر رہا تھا۔ اس کی آنکھوں میں ایک دم سے سختی اتر آئی۔

''پاگل! کر کیا رہا تھا؟''

وہ کھڑا رہا۔ پھر چیخا، قدرے زور سے...... اس کی آواز تیز ہواؤں کے شور میں دب گئی۔

پھر وہ گھوم کر پول کراس کرتا دوسری ریلنگ پر آ گیا۔

''تمہارے دادا نے مجھے فائر کر دیا ہے۔'' سنجیدگی سے اطلاع پہنچائی۔ تو ثابت ہوا۔ وہ اس کی موجودگی سے غافل نہیں تھا۔

''آدھی پے منٹ وہ کر چکے تھے۔ آدھی بعد میں کرنی تھی لیکن اب وہ کہہ رہے ہیں سب ختم......ایسے کیسے ختم؟''

فارس نے کوئی جواب نہیں دیا۔

''حیدر کہہ رہا ہے، اب مجھے سنگین نتائج کے لیے تیار ہو جانا چاہیے۔'' اس کا سر جھکا رہا۔

''روکو گے نہیں۔ میں یہاں سے چھلانگ لگانے کا سوچ رہا ہوں؟'' انتہائی سنجیدگی سے پوچھا گیا۔ مسئلے اس کے چل رہے تھے۔ چھلانگ اسے لگانی تھی۔ بھنویں سکیڑ کر نفی میں سر ہلا دیا۔ راحم نے ایک طویل گہری سانس لی۔

''میں ہمیشہ بے حس لوگوں میں کیوں پھنس جاتا ہوں؟''

وہیں کھڑے ارادہ ملتوی کرتا الٹی قلابازی کھاتے ہوئے نیچے اترا۔ اور پھر اس کے برابر میں جم کر بیٹھ گیا۔

''میں جانتا ہوں، اس وقت تم بہت ہی مشکل وقت سے گزر رہے ہو۔ سوڈوآئی!'' ایک لمحے کا توقف کر کے لہجے میں سنجیدگی بھرنے کی کوشش کی...... ''مگر کسی نے کیا خوب کہا ہے۔ زندگی اگر تمہیں مکا دکھائے تو تم اسے ٹانگ مار دو!''

فارس نے گردن موڑ کر اس کی شکل دیکھی۔

''کس نے کہا؟''

''ایزابیلا نے!''

''وہ کون ہے؟''

''جیمز کے ناول میں ایک جادوگرنی ہے!''

''وہی ناول جو ریجیکٹ ہوا؟''

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

''بالکل وہی......!''

''ٹھیک ریجیکٹ ہوا!''

راحم نے ہنس کر اسے دیکھا۔

''جیمز کو پتا چلے تو وہ تم سے ہفتہ بات نہیں کرے گا۔''

فارس نے ہتھیلیاں رگڑتے سر اٹھایا۔ ذہن میں کوئی خیال اجاگر ہوا۔ دھند چھٹ گئی۔ حواس تازہ ہوئے۔ برابر میں راحم آفاق بیٹھا تھا۔ وہی جو اعظم شیرازی کے لیے کام کرتا تھا۔ اور جس کی کسی بھی بات پر اسے اب یقین نہیں کرنا تھا۔ غصہ پھر سے سوار ہوا تو اپنی جگہ سے اٹھ گیا۔

''اب کہاں جا رہے ہو؟'' راحم اس کا راستہ روک کر کھڑا ہو گیا۔

فارس نے اسے سخت پتھریلی نگاہوں سے دیکھا تھا۔

''تمہارے صاحب کے ساتھ میں اپنے تمام معاملات ختم کر کے آیا ہوں۔ اس لیے......'' انگلی اٹھا کر وارننگ دی۔ ''تم اور حیدر آئندہ میرے آس پاس بھی بھٹکے تو میں سچ مچ میں قتل کر دوں گا!''

''واؤ!'' راحم نے بڑے ہی متاثر کن انداز میں اس کی دھمکی کو سراہا۔ ''مزا آ گیا۔ کس فلم کا سین ہے؟''

وہ پہلے سے غصے میں تھا۔ اس کی باتوں سے مزید تپ گیا۔ ضبط کر کے قدم اٹھاتا آگے بڑھا۔

''گھر چلو۔ موسم ٹھیک ہو جائے تو بے شک پھر کہیں چلے جانا۔ اب اگر تم اس سردی میں کہیں مر ور گئے تو اعظم صاحب سے اتنی بڑی ٹکر لینے کا کیا فائدہ ہو گا؟''

فارس نے رک کر خونخوار نظروں سے اسے دیکھا۔

وہ جیبوں میں ہاتھ ڈالے اس کے پیچھے آ رہا تھا۔ رک کر ہونٹوں پر انگلی کھینچ کر زپ بند کی کہ بس اب کچھ نہیں کہے گا۔ پھر مؤدبانہ انداز میں جھک کر، بازو پھیلا کر گاڑی کی طرف اشارہ کیا۔

''یور میجسٹی!''

''گیٹ لاسٹ!'' بھڑک کر وہ وہاں سے چلا گیا۔
وہ نظروں سے اوجھل ہوا تو راحم کی مسکراہٹ بھی سمٹ گئی۔
''اس قدر شدید برفانی موسم میں وہ باہر کہاں رات گزارے گا؟''
جو بات اعظم شیرازی نے نہیں سوچی تھی، وہ راحم آفاق سوچ رہا تھا۔اور دھند میں اس کے وجود کو مٹتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

ناشتے کی میز پر معمول کی چہل پہل تھی۔ ملازم مختلف لوازمات پیش کر رہے تھے۔ چھری اور کانٹوں کی آواز ڈائننگ ہال میں گونج رہی تھی۔ پردے سمٹے ہوئے تھے۔شیشے کی دیواروں سے سورج کی روشنی سفید ٹائلز پر منعکس ہو رہی تھی۔لان کا منظر بھی نمایاں ہو رہا تھا۔
خوب صورت اور نفیس پیالی میں چائے ڈال کر جمیلہ داؤد نے اعظم شیرازی کو پیش کی تھی۔ پینٹ کوٹ میں ملبوس ہارون شیرازی آفس کے لیے مکمل تیار بیٹھا تھا۔ تاہم صدر کرسی پر براجمان اعظم شیرازی حیرت انگیز طور پر آج معمول کے حلیے میں تھے۔ان کی آنکھوں میں پھیلی ہوئی سرخی رت جگے کی گواہی دے رہی تھی۔ حال ہی میں وہ لندن سے لوٹے تھے۔تب سے انہوں نے آفس جوائن نہیں کیا تھا۔کچھ خاموش بھی تھے۔

Novels Ki Dunya

حماد ناشتا ختم کر کے یونیورسٹی کے لیے نکل گیا تھا۔
کچھ ضروری امور ڈسکس کرنے کے بعد ہارون آفس کے لیے روانہ ہوئے تو جمیلہ ان کے پاس آ گئیں۔وہ لاؤنج میں اخبار کھولے بیٹھے تھے۔
''میری فارس سے بات نہیں ہو پا رہی۔اس کا موبائل بند ہے۔راحم کا بھی۔''
انہوں نے نظر اٹھا کر بہو کو دیکھا۔وہ بہت فکر مند نظر آ رہی تھیں۔یقیناً جاننا چاہتی تھیں اس کے

معاملے کا کیا بنا تھا مگر اعظم شیرازی نے ابھی تک انہیں تفصیلات سے آگاہ نہیں کیا تھا۔ جو بات فارس وجدان سے ہوئی تھی، وہ ان کی ذات تک ہی محدود رہ گئی تھی۔ وہ اس لڑکے کے فیصلے کو ابھی تک ٹھیک سے سمجھ نہیں پائے تھے۔

''کچھ دن تک انتظار کرلو!'' کہہ کر نگاہیں دوبارہ اخبار پر جمالیں۔

کچھ بے قراری سے انگلیاں مروڑتے انہوں نے لب کاٹ کر اعظم شیرازی کو دیکھا۔ ''کیا سب ٹھیک ہے بابا؟''

''ہوں!'' انہوں نے سر نہیں اٹھایا۔ اخبار کے صفحے الٹ دیے۔

''کیا آپ نے ہارون سے بات کی تھی فارس کے سلسلے میں؟'' وہ خود سے کچھ نہیں بتا رہے تھے تو کریدنے کی کوشش کی۔

''نہیں!''

''لیکن...... آپ تو کہہ رہے تھے، بات کریں گے۔''

''ہم نے ضروری نہیں سمجھا!''

جمیلہ داؤد فکرمندی سے انہیں دیکھتی رہیں۔ کچھ تو ہوا تھا جسے وہ چھپا رہے تھے یا پھر جس کی زد میں وہ انہیں بہت خاموش نظر آ رہے تھے۔ ممکن ہے یہ ان کا صرف وہم ہو۔ وہ ان سے اجازت لے کر اٹھ گئیں۔

''حیدر کو اندر بھیج دو!''

ملازم اورنج جوس کا گلاس رکھنے آیا تو اعظم شیرازی نے حکم صادر کیا۔ چند ہی لمحوں کے بعد حیدر حاضر ہوا تھا۔

کچھ ضروری معاملات ڈسکس کرنے اور کچھ نئے احکامات صادر کرنے کے بعد انہوں نے

https://novelskidunya.com/

معمول کی طرح اس سے فارس وجدان کا پوچھ لیا۔ یونہی بے دھیانی اور بے خیالی میں...... جیسا کہ وہ عموماً پوچھا کرتے تھے۔ حیدر نے چونک کر اپنے صاحب کو دیکھا۔ وہ بھی اپنی جگہ لمحے بھر کے لیے ٹھٹکے تھے۔ گزشتہ کئی دنوں سے وہ اس طرح کا سوال اس سے کئی بار کر چکے تھے۔ خود ہی فاصلے کا حکم دیا تھا اور خود ہی استفسار کرنے لگے تھے۔ کئی سالوں کا ایک معمول تھا۔ یوں اچانک، ایک دم سے ختم نہیں ہو سکتا تھا۔ مگر حیدر نے دیکھا تھا۔ اس کے صاحب کی بھنویں ایک دم سے سکڑ گئی تھیں۔ غالباً انہوں نے اس طرح اس کا خیال آنے پر خود کو ملامت کیا تھا۔

''کیا وہ واپس نہیں آیا؟''

''نہیں صاحب!'' آگے کو ہاتھ باندھے حیدر ادب سے گویا ہوا۔

''کہاں ہے اب؟''

''کرائیڈن میں ہے۔ اسٹور پر جاب کر رہا ہے۔''

''اور یونی ورسٹی؟''

''وہ نہیں جا رہا!'' جواب دیا گیا۔

غیر محسوس انداز میں ان کی مٹھیاں سختی سے بھینچ گئی تھیں۔ یہ لڑکا تو جیسے اپنی ضد پر اڑ گیا تھا۔ وہ جانتے تھے اس کی ضد کیسے توڑنی تھی اور اسے اس کی اوقات میں واپس کیسے لانا تھا۔

حیدر اپنے صاحب کو دیکھ رہا تھا۔ اور اپنے تجزیوں میں خود ہی الجھتا جا رہا تھا۔

☆......☆......☆

شفٹ ختم ہونے کے بعد وہ اسٹور سے نکل کر قریبی ریسٹوران کی طرف جا رہا تھا۔ جب اس نے راحم کو راستے میں لائٹ پولز کے ساتھ کھڑا دیکھا۔ مکمل طور پر اسے نظر انداز کرتے ہوئے دائیں طرف مڑ گیا۔

''اب تو غصہ تھوک دو! اب تو میں اعظم شیرازی کے لیے کام بھی نہیں کرتا!''

سنی ان سنی کیے۔جیبوں میں ہاتھ ڈالے چلتا رہا۔اس سے جاب کے بارے میں پوچھنے لگا۔پے کتنی مل رہی ہے،زندگی کیسی گزر رہی ہے وغیرہ وغیرہ!

اس نے سامنے ہی ایک ریستوران میں جا کر کھانے کا آرڈر دیا اور چپ چاپ کھاتا رہا۔راحم سینے پر بازو باندھے اسے دیکھے جا رہا تھا۔

''لحاظ اور مروت بھی کوئی چیز ہوتی ہے!''

''میرے پاس ضائع کرنے کے لیے پیسے نہیں ہیں۔'' کہہ کر پلیٹ سے سلاد اٹھائی۔

راحم نے لب وا کیے۔کچھ غصے سے۔پھر ویٹر کو بلا کر اپنا آرڈر دیا۔

''مسز گرانٹ تمہارا پوچھتی رہتی ہیں۔''

کھانا پیش کر دیا گیا تو کھاتے ہوئے کہا۔وہ چپ رہا گویا کچھ سنا ہی نہ ہو۔راحم نے بغور اس کے کپڑوں کو دیکھا۔اس کا سامان ابھی تک بگونیا ہاؤس میں ہی تھا۔اس کے برانڈڈ کپڑے، جوتے، کوٹ، جیکٹس، سویٹر، گھڑیاں......

اس نے بغور فارس کی شکل دیکھی۔اس کی آنکھوں میں تھکان اتری ہوئی تھی۔بال بھی کچھ بکھرے بکھرے ہوئے تھے۔چہرے پر سنجیدگی کے ساتھ ساتھ ایک فکر بھی نظر آ رہی تھی۔اس نے وہ بوجھ اپنے کندھوں پر ڈال لیا تھا جسے اٹھانے کی اسے عادت نہ تھی۔

''بگونیا ہاؤس تمہارا اپنا گھر ہے۔تم کم از کم رہائش پر تو کوئی ضدمت کرو۔بے شک اپنے خرچے کے لیے جاب کرتے رہو۔''

وہ خاموش رہا۔

''سنا ہے کرائیڈن میں کرائم ریٹ بہت بڑھ رہا ہے۔''

''چوریاں وہاں ہوتی ہیں جہاں کچھ ہو۔ میرے پاس کچھ نہیں ہے۔'' کہہ کر مصروفیت بھرے انداز میں کھاتا رہا۔

''مجھے یہاں کا ماحول بھی کچھ خاص پسند نہیں۔'' یہاں وہاں دیکھتے اس نے اپنی فکرمندی کا اظہار کیا۔

''تمہیں کیا پسند ہے، کیا نہیں، اس سے میرا کیا لینا دینا؟''

راحم خود کو اس کا بڑا بھائی تصور کرتا تھا بھنویں سکیڑے اسے دیکھتا رہا۔

''پورے لندن میں تمہیں جاب کرنے کے لیے کیا صرف یہی علاقہ ملا؟''

''اور تمہیں بھی سر کھانے کے لیے صرف میں ہی ملا ہوں؟'' سوال کر کے لاجواب کیا تو گہری سانس لے کر، اس نے میز پر کہنیاں ٹکائیں۔

''میرے ساتھ چلو۔ بگو نیا ہاؤس میں نہیں رہنا تو مل کر کہیں اور انتظام کر لیتے ہیں۔ جاب کا کوئی حل دیکھ لیں گے بعد میں...... تم پہلے یونی ورسٹی......''

فارس نے چمچ رکھ دیا۔ کرسی کی پشت سے کمر لگائے بیٹھ گیا۔ چہرے پر ناگواری کے اثرات نمایاں ہونے لگے۔

''تمہیں کس نے بھیجا ہے؟''

''مجھے تم جیسے اکھڑ اور بدتمیز لڑکے کے پیچھے کون بھیج سکتا ہے؟'' اطمینان سے سوال کیا۔

''وہی جنہوں نے پہلے بھیجا تھا۔''

''آئم امپریسڈ! تمہیں تو لگتا ہے تمھارے دادا کو تم سے نفرت ہے۔ وہ مجھے بھلا کیوں بھیجیں گے۔''

''نظر رکھنے کے لیے۔ ذرا پتا کرو کہیں کوئی قتل کے منصوبے تو نہیں بنا رہا!''

''یعنی تم اعظم شیرازی کو قتل کر سکتے ہو؟''

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

"بالکل!"

راحم ہنس دیا۔ "قتل اور تم سے...... ہاہاہا! پہلے تم اپنی الرجی سے تو نمٹ لو۔ اس کے بعد ہی ایسی سوچ رکھنا۔"

کیٹ الرجی کا ذکر اسے طعنے کی طرح لگا، ایسی سخت نظروں سے گھورا کہ راحم نے ہنستے ہوئے ہاتھ اٹھا کر شکست تسلیم کر لی۔

"یقین کر لو۔ میں خود آیا ہوں۔ مجھے کسی نے نہیں بھیجا۔"

"کیوں؟"

"مجھے لگتا ہے جو ہوا اس میں میری غلطی تھی۔ علیزے کو فوٹو گرافی کے لیے میں نے بلایا تھا۔ اگر وہ نہ آتی تو یہ سب نہ ہوتا۔" لہجہ ذرا سا نرم، غمگین سا......

"اگر میں تمہیں نہ جانتا ہوتا تو فوراً یقین کر لیتا۔" فارس نے کین اٹھا کر لبوں سے لگا لیا۔

"حالانکہ یہ حقیقت ہے۔" اس نے زور دیا۔ "میں اس وقت سچ میں بہت سیریس اور تمہاری وجہ سے بے انتہا غمگین ہوں۔" اپنا منہ لٹکا لیا۔ دنیا جہاں کی معصومیت چہرے پر ٹھہرا لی۔

"تم ڈیورا ما میا چر (Miniature) میں اپنا وقت برباد کر رہے ہو۔ ایکٹنگ میں کافی سکوپ ہے تمھارے لیے۔"

وہ قدرے شرارت سے ہنسا۔

"تھینک یو سو مچ سر، آئی ول کنسیڈر یور سجیشن!"

کھانے کے بعد اس نے باہر کا رخ کیا تو راحم جیبوں میں ہاتھ ڈالے اس کے پیچھے چلتا رہا۔ پندرہ بیس منٹ کا سفر پیدل ہی طے ہوا۔ رہائشی عمارت کو اوپر تک دیکھتے اس نے حیرت سے آنکھیں پھیلائیں۔

"تو...... تم...... تم یہاں رہ رہے ہو؟" چہرے پر ہراس ٹھہرا لیا۔ "یہ تو وہی جگہ ہے جہاں چار سال

https://novelskidunya.com/ NovelsKiDunya

پہلے ایک اٹھارہ سالہ لڑکے کا قتل ہوا تھا۔'' سسپنس کی انتہا کرتے وہ ذرا سا خوف میں مبتلا ہو کر بولا۔

''سی......آیم ہیونگ گوسمز ناؤ! (میرے رونگٹے کھڑے ہو رہے ہیں) بہت ہی خوف ناک واقعہ تھا۔ ابھی تک قاتل کا سراغ نہیں مل سکا۔ ولیم تو اس ہانٹڈ بلڈنگ میں ویڈیو شوٹ کرنے بھی آیا تھا۔ تمہیں نہیں پتا!''

''بالکل نہیں پتا۔ اب اگر تمھاری بات ختم ہو گئی ہو تو کیا میں جا سکتا ہوں؟'' اس نے دانت پیس کر پوچھا۔

''ہاں، ہاں! جاؤ۔'' آگے سے ہٹ کر اپنا ہاتھ دراز کیا۔

فارس سامنے والی عمارت کے اندر جانے کے بجائے دائیں جانب مڑ گیا۔ اس کا کمرہ اس عمارت میں تھا ہی نہیں جس میں اس نے کسی کا ابھی ابھی قتل کروا دیا تھا۔ بے ساختہ پیشانی کو چھو کر اس کے پیچھے بھاگا۔ اب کے انکشاف کرنے سے پہلے عمارت کی تسلی کی۔ پھر منہ کھولا۔

''اس والی بلڈنگ میں تو اتنے لوگ لاپتا ہوئے ہیں کہ پوچھو ہی مت!'' فارس سنی ان سنی کیے دروازہ دھکیل کر اندر چلا گیا۔

''میں نے تو یہ بھی سنا ہے، اس کی جو لفٹ ہے یہ کبھی کبھار ایسے فلور پر رک جاتی ہے جہاں سے کوئی زندہ واپس نہیں آیا۔ مرا ہوا بھی نہیں۔''

''نان سینس!'' فارس بڑبڑاتے ہوئے لفٹ میں داخل ہوا۔ دروازے برابر ہونے تک بار بار بٹن دباتا رہا کہ وہ سوار نہ ہو سکے۔ راحم اتنا خوف ناک انکشاف کر کے کس منہ سے سوار ہوتا؟ اپنی جان بچانے کی ایکٹنگ کرتا فاصلے پر رک گیا۔

''دھیان رہے۔ کہیں تمھارا سامنا پروفیسر مگونیگل سے نہ ہو جائے، وہ بھی اس صورت میں جبکہ وہ بلی بنی ہوئی ہوں!'' ساتھ ہی قہقہہ لگایا۔ اور فارس وجدان بمشکل ہی ضبط کر سکا تھا۔

https://novelskidunya.com/

لفٹ کے دروازے برابر ہو گئے تھے۔

☆......☆......☆

اعظم شیرازی لندن آئے تو پہلی فرصت میں، فارس سے متعلق حیدر سے تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ ایک مہینہ ہونے کو تھا اور وہ ابھی تک واپس نہیں آیا تھا۔ کوئی بھی مشکوک سرگرمی فی الحال نظر میں نہیں آئی تھی۔ نہ وہ آرزو جہانگیر سے ملنے گیا تھا، نہ فاروق حبیب سے رابطے کی کوشش کی تھی۔ یونی ورسٹی وہ ابھی بھی نہیں جا رہا تھا۔

''کیا وہ لڑکا انتقاماً خود کو برباد کرنے کا ارادہ رکھتا ہے؟'' وہ سوچ کر رہ گئے تھے۔

اس کے بینک اکاؤنٹ میں ہر ماہ ایک رقم ٹرانسفر کر دی جاتی تھی اور ابھی تک کی جا رہی تھی۔ گزشتہ ایک ماہ سے ان پیسوں کو چھوا تک نہیں گیا تھا۔ فارس نے صرف گھر نہیں چھوڑا تھا، ان کی دی گئی ہر آسائش، ان کا پیسا، ان کی ہر مراعات کو خیر باد کہہ دیا تھا۔ انہیں اندازہ تھا کہ وہ اس وقت خاصی پریشان کن زندگی گزار رہا تھا ورنہ یونی ورسٹی سے غیر حاضر نہ ہوتا۔

''اگر آپ اجازت دیں تو کیا میں اس سے بات کروں؟'' حیدر نے پوچھا۔

''نہیں!'' کچھ سوچ کر انہوں نے سر اٹھایا۔

پھر اس کے ذمے ایک کام لگا دیا۔ حیدر کچھ دیر تک کھڑا رہا۔ ذہن نے پہلا سوال ہی یہی کیا، آیا ایسا کرنا درست ہوگا یا غلط؟ مگر وہ اپنے مالک کے حکم پر کوئی سوال نہیں اٹھا سکتا تھا۔ کمرے سے باہر نکلتے ہی اس نے مطلوبہ نمبر پر کال کر کے نئے حکم نامے جاری کر دیے تھے۔ شام تک فارس وجدان کو اسٹور کے اونر نے نوکری سے نکال دیا۔ کمرہ بھی واپس لے لیا گیا۔

حیدر نئی رپورٹ کا منتظر تھا۔ نئے حکم کا بھی۔ غالباً اعظم شیرازی اسے ہر حال میں گھر لانے کا کہیں گے، مگر اس کی نوبت ہی نہ آئی۔ شام تک وہ شیرازی انٹرپرائزز کے ہیڈ کوارٹرز میں ان کے آفس

کے باہر موجود تھا۔

بنا اپائمنٹ کے، اندر جانے کی اجازت نہ تھی مگر اسے فوری اندر بھیج دیا گیا۔

''میں آپ کو چھوڑ چکا ہوں! آپ مجھے کیوں نہیں چھوڑ رہے؟'' وہ ان کے عالی شان آفس روم میں کھڑا تھا۔ انہوں نے ریسیور واپس رکھ دیا۔

سیاہ ٹراؤزرز پر اس نے سرخ اور سیاہ رنگ کے امتزاج کا کوٹ پہنا ہوا تھا۔ مفلر سرخ رنگ کا تھا۔ اونی کیپ سے جھانکتے بال اس کی پیشانی پر بکھرے ہوئے تھے۔ لب سختی سے بھینچے ہوئے۔ آنکھوں سے تھکاوٹ جھلک رہی تھی۔

''ہم نے تمہیں باہر جانے کی صرف اجازت دی تھی۔ تم ابھی بھی ہماری ذمہ داری ہو۔''

''اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟'' اس کا لہجہ ہر طرح کے تاثر سے عاری تھا۔ جذبات یا احساسات نہیں تھے۔ مقابل ایک کاروباری شخصیت تھی جس کے ساتھ اس کا کوئی رشتہ نہ تھا۔

''بہت فرق پڑتا ہے۔''

''اب آپ اپنی بات سے مکر رہے ہیں۔''

اعظم شیرازی کے لبوں پر مبہم سی مسکراہٹ ابھری۔ آفس چیئر کے ساتھ پشت ٹکاتے وہ اسے بغور دیکھنے لگے۔

''مکر نہیں رہے۔ احساس دلا رہے ہیں۔ ابھی بھی وقت ہے، ضد چھوڑ دو۔'' ان کے لہجے میں ایک غیر معمولی سی نرمی تھی۔

''میں ضد چھوڑ دوں؟ آپ مجھے نہیں چھوڑ سکتے؟''

اس کا سوال ان پر لمحے بھر کے لیے سکوت طاری کر گیا۔ ان کے ہاتھوں میں ایک قلم تھا۔ اس قلم کو حرکت دیتے وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتے رہے۔

''بگونیا ہاؤس تمھارے نام پر ہے۔ تم واپس آ سکتے ہو، رہی بات جاب کی اس کے لیے عمر پڑی ہے۔ فی الحال پڑھائی پر توجہ دو!'' ان کے لہجے میں ایک حکم تھا۔

وہ رک کر انہیں دیکھنے لگا۔

''کیا آپ بھول گئے ہیں ہمارے درمیان کیا طے ہوا تھا؟''

''ہمارے درمیان کچھ بھی طے نہیں ہوا تھا۔'' انہوں نے اس کی بات کاٹی۔ وہ تھم گیا۔ پورے ایک ماہ بعد انہیں یاد آیا کہ کچھ بھی طے نہیں ہوا تھا؟

''تم اس عمر میں نہیں ہو کہ ہمارے ساتھ کوئی ڈیل کر سکو۔ ہم نے تمہیں صرف جانے کی اجازت دی تھی۔''

''جانے کی اجازت؟ میں نے آپ سے اپنی آزادی لی تھی!'' دانت پیس کر کہا۔

''اور تم قید کب تھے؟''

فارس کی مٹھیاں بھنچ گئیں۔ تنفس بھاری ہونے لگا۔

''کس چیز کی کمی ہونے دی ہے ہم نے تمہیں؟'' نظروں سے اشارہ کیا۔ توجہ اس کے حلیے پر دلائی۔ وہ جس مشکل وقت سے گزر رہا تھا، اس کا سبب وہ خود تھا۔ تعلیم، رہائش، آسائشات۔ سب کچھ چھوڑ کر خود اپنے لیے امتحان بن چکا تھا۔ ہاتھ خالی رہ گئے تھے......

فارس کا غصہ حواسوں پر سوار ہونے لگا۔

''آپ کیا چاہتے ہیں آپ کا غلام بن جاؤں؟ یا جو ملازم کی پہچان آپ نے مجھے دی ہے، اس پر پورا اتر کر دکھا دوں؟''

''ہم نے تم سے ایسا کوئی مطالبہ نہیں کیا!''

وہ چند لمحوں تک لب بھینچے رہا۔

''اب آپ مجھے فورس کر رہے ہیں۔ میں آفس سے باہر نکلوں گا اور آپ کے اسٹاف کو چیخ چیخ کر بتا دوں گا کہ میں کون ہوں؟''

''کون ہو؟'' انہوں نے سوالیہ ابرو اٹھائی۔ اتنا جماد تھا ان میں، اتنی بے حسی اور برودت۔ وہ جس طرح بغیر اثر لیے جواب دے رہے تھے، تو......

اس کا اندر باہر آگ کی لپیٹ میں آ گیا۔ ضبط کیے وہ کچھ دیر تک کھڑا رہا۔ نگاہیں ان کے چہرے سے آفس ٹیبل اور پھر نیم پلیٹ پر ٹھہر گئیں۔

میرون پلیٹ پر سنہری حروف میں انتہائی خوب صورتی سے ان کا نام لکھا ہوا تھا۔ اس کی نگاہیں لمحے بھر کے لیے ساکت ہوئی تھیں۔ نظر اٹھا کر پھر انہیں دیکھا۔ ضبط کی سرخی آنکھوں میں ٹھہری تھی۔

''مجھے آپ کی فیملی میں، جائیداد میں، خاندانی نام میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ میں پریس کانفرنس نہیں کروں گا، کوئی ہنٹ یا لیڈ میری طرف سے نہیں جائے گا، میرا وعدہ ہے۔ میرے راستے میں مت آئیں۔ میں آپ کو وارن کر رہا ہوں۔ ورنہ نتائج کے ذمہ دار آپ خود ہوں گے۔'' اپنی بات ختم کر کے جانے کے لیے مڑا۔

''اپنا مستقبل داؤ پر لگا رہے ہو۔'' مختصر جملہ یہ عیاں کرنے کے لیے کافی تھا کہ وہ کچھ نہیں کر سکتا۔ فارس کے قدموں کی حرکت تھم گئی۔ ڈورناب پر ہاتھ ٹھہر گیا۔

اس کی آنکھوں میں سرخی اتر آئی۔ مڑ کر اعظم شیرازی کو دیکھا۔ برداشت بس یہیں تک تھی۔

''میں صرف جینے کی کوشش کر رہا ہوں اعظم صاحب! کیا آپ کو نظر نہیں آ رہا؟''

وہ دروازہ کھول کر چلا گیا تھا۔ اعظم شیرازی اپنی جگہ بیٹھے رہ گئے تھے۔

☆......☆......☆

اپنے جذبات واحساسات پر قابو پائے، وہ ان کے آفس سے نکلتے ہی بے مقصد سڑکوں پر پھرتا

رہا۔اور کوئی جگہ نہ تھی جہاں رات گزار سکتا۔مسز گرانٹ کے کیفے میں چلا گیا۔رات گئے تک وہیں بیٹھا رہا۔کھڑکیوں سے باہر کا منظر دیکھتا ساکت ویران ہوتا رہا۔مسز گرانٹ اپنے کام سے فارغ ہو کر اس کے پاس بیٹھ گئیں۔بگونیا ہاؤس چھوڑے اسے مہینہ ہو چکا تھا۔اب اچانک وہ ان کے سامنے تھا۔

انہوں نے چند ایک سوال کیے جن کے مختصر ہوں ہاں میں جواب دیتے اس نے واضح کر دیا، وہ تفصیلات میں جانے کو تیار نہیں۔

وہ تشویش سے اسے دیکھتی رہیں۔کیفے بند کرنے کا وقت قریب تھا۔لائٹس مدھم کر دی گئی تھیں۔کاؤنٹر پر مخصوص یونیفارم میں ملبوس لڑکی کچھ ہی دیر میں اجازت لے کر جا چکی تھی تو اس نے سر اٹھایا۔

''کیا میں آپ کے کیفے میں جاب کر سکتا ہوں؟'' اس نے کچھ سوچ کر بہت اچانک سے پوچھا۔مسز گرانٹ حیرت سے اسے دیکھ کر رہ گئیں۔

''مجھے اس کی ضرورت ہے۔'' ذرا جھجک کر کہا۔سر ہنوز جھکا ہوا تھا۔وہ بہت مضطرب اور پریشان نظر آ رہا تھا۔ویکنسی نہیں تھی مگر وہ پھر بھی انکار نہیں کر سکیں۔وہ لڑکا انہیں بہت عزیز تھا۔

''ہاں شیور!'' کچھ سوچ کر بولیں۔''تم کریسٹی کے ساتھ کل سے کاؤنٹر سنبھال لو۔''

اس نے کھوئی ہوئی نظر اٹھائی۔انہیں دیکھا۔پھر شکریہ ادا کر کے چلا گیا۔

اگلے دن صبح سویرے ہی وہ ان کے کیفے پر موجود تھا۔

''ہو سکتا ہے آپ سے کچھ لوگ آ کر کہیں کہ مجھے جاب سے نکال دیا جائے تو کیا آپ......'' وہ کہتے کہتے رک گیا۔

''ایسی ہمت کون کرے گا؟'' مسز گرانٹ کو غصہ آ گیا۔''کیا تمہارا بھائی تمہارے لیے مسئلے کھڑے کر رہا ہے؟'' اشارہ راحم کی طرف تھا۔ان کے تاثرات سے لگ رہا تھا آج وہ اسے چھوڑیں گی نہیں۔

''نہیں، ایسی بات نہیں۔''

بڑبڑاتے ہوئے اندر چلی گئیں۔ کچھ ضروری ہدایات لینے کے بعد اس نے کاؤنٹر پر اپنے حصے کا کام سنبھال لیا۔

اعظم شیرازی کچھ بھی کر لیتے، مسز گرانٹ کم از کم ان کی کسی آفر پر اسے کام سے نہیں نکال سکتی تھیں۔ اپنی جاب سکیور کر کے رہائش کا بندوبست کرنے لگا تو پتا نہیں کہاں کہاں سے جیمز، ولیم اور راحم آفاق اٹھ کر آ گئے۔

''سامنے والی بلڈنگ میں ایک فلیٹ کرائے کے لیے خالی ہے۔ اگر ہم چاروں مل کر تھوڑا تھوڑا پے کریں تو کیسا؟'' کاؤنٹر ٹیبل پر بیٹھے راحم نے کہا تو اسے مکمل نظرانداز کرتے وہ بل بناتا رہا۔ جیمز اور ولیم کی گردنیں بھی دائیں بائیں سے نمودار ہوئی تھیں۔

''ولیم کو اپنے حصے کا ایک روم چاہیے۔ تم تو جانتے ہو، ہماری مام ہانٹڈ ہاؤس ڈاکومنٹریز کے کتنی سخت خلاف ہیں۔''

وہ سنی ان سنی کیے اپنے کام میں لگا رہا۔

''پلیز فارس! مان جاؤ۔''

''یہاں سے چلتے بنو، اس سے پہلے کہ میں مسز گرانٹ کو شکایت لگاؤں۔'' مخاطب جیمز اور ولیم تھے۔ دھمکی اس نے راحم کو دی تھی۔

وہ اسٹول پر چڑھ کر بیٹھا تھا، ڈرنے کی اداکاری کرتا سہم گیا۔ پھر مسکراتے ہوئے کہنیاں جمائیں۔

''ویسے ماننا پڑے گا تمہاری ذہانت کو، مسز گرانٹ ورسز اعظم شیرازی، وہ تمہیں جاب سے نکالنے کے بجائے حیدر کے دانت توڑ دیں گی۔'' ہنس کر قدرے شرارت سے اپنی بات انجوائے کی۔

''فارس!'' جیمز اور ولیم نے کورس کی صورت اسے اپنی طرف متوجہ کیا تھا۔ ''پلیز! پلیز!''

''تم دونوں کے ساتھ تو میں پھر بھی معاملات طے کر سکتا ہوں پر اس کے ساتھ نہیں!'' اس نے ان

کے لیڈر راحم آفاق کی طرف اشارہ کر کے واضح کیا۔ان کا لیڈر کافی کا تیسر لگ آرڈر کر چکا تھا۔دکھی ہو گیا۔

''اب میں تمھیں کیسے یقین دلاؤں کہ میں تمھارے ''دادا جی'' کے لیے کام نہیں کر رہا۔''

''پہلی بات وہ میرے ''دادا جی'' نہیں ہیں۔دوسری بات۔تم انہیں چھوڑ نہیں سکتے۔تیسری مجھے تم پر اب کوئی بھروسہ نہیں۔''

راحم کچھ دیر تک سکتے کی سی کیفیت میں بیٹھا رہا۔جیسے کسی بہت ہی گہرے صدمے سے گزر رہا ہو۔حرکت بھی نہیں کی۔نہ پلکوں میں کوئی جنبش ہوئی۔

''آر یو ڈیڈ؟''(کیا تم مر چکے ہو؟)جیمز نے اسے فکرمندی سے جھنجھوڑ ڈالا۔

''ان یور ڈریمز!''(تمہارے خوابوں میں)

جیمز کو ہٹا کر پھر سے اس کی طرف متوجہ ہوا۔

''تم میرے چھوٹے بھائی ہو۔میں بھلا کیسے تمہیں اس طرح رلنے کے لیے چھوڑ سکتا ہوں؟''

فارس وجدان تڑپ کر مڑا تھا۔''تم میرے ''بڑے بھائی'' کب سے ہو گئے؟''

''اوکے آئم آؤٹ جیمز اور ولیم!تم دونوں اس کے ساتھ معاملات طے کر لو۔''اس نے ہار مان کر میز پر ہیڈ ڈاؤن کر لیا۔

وہ بڑا خوش ہوئے کہ الگ کمرہ مل جائے گا۔مگر فارس وجدان،رہائش کے معاملے میں کم از کم راحم آفاق کی کسی چال میں پھنسنے کے لیے تیار نہیں تھا۔صاف صاف منع کر دیا۔وہ تینوں مایوس ہو کر چلے گئے۔شام میں کیفے بند ہوا تو مسز گرانٹ نے اسے روک لیا۔

''کہاں جا رہے ہو؟''

اس نے رہائش کا فی الحال بندوبست نہیں کیا تھا،سو یہ رات یا تو کسی بنچ پر گزرنے والی تھی یا پھر کسی شاپ کے شیڈ تلے۔بتانا نہیں چاہتا تھا سو چپ رہا۔

وہ فکر سے اسے دیکھتی رہیں۔ پھر اصرار کر کے اسے اپنے ساتھ ہی گھر لے گئیں۔

بگونیا ہاؤس کے لان میں جیمز، ولیم اور راحم اکٹھے بیٹھے تھے۔ راحم نے باقاعدہ دوربین آنکھوں پر ٹھہرا کر اسے دیکھا۔ حالانکہ وہ کچھ زیادہ دور بھی نہ تھا۔ ''کیا یہ وہی ہے جو نظر آ رہا ہے یا میری آنکھیں مجھے دھوکا دے رہی ہیں۔''

''وہی ہے..... وہی ہے۔ فاااارس!'' جیمز اور ولیم چیخے۔

وہ تینوں بگونیا ہاؤس کی باڑ کے ساتھ لگ گئے۔

''اگر واپس یہیں آنا تھا تو گھر چھوڑنے کی کیا ضرورت تھی؟'' راحم نے طنز کیا۔

''ایگزاکٹلی!''

''اور کیا کہہ رہا تھا یہ..... میں تو کبھی واپس نہیں آؤں گا۔'' اس کی نقل اتاری گئی۔

''صبح ہم پورا گھنٹہ کھڑے رہے۔ اس کی منتیں کرتے رہے اور اس نے ایک نہیں سنی۔''

مسز گرانٹ لاک کھول رہی تھیں اور وہ جیبوں میں ہاتھ ڈالے تپا ہوا سا کھڑا تھا۔

''یہاں سے تو میں بہت اچھے سے تم پر نظر رکھ سکتا ہوں۔ پل پل کی خبر، ہر خبر کے تیس تیس پاؤنڈز چارج کروں گا۔ میں تو بہت امیر ہو جاؤں گا۔''

لاک کھل گیا تو مسز گرانٹ نے فرصت سے گردن موڑی۔ تینوں باڑ کی اوٹ میں یوں چھپے جیسے باقاعدہ کوئی بارودی حملہ متوقع ہو۔

''میں دیکھ رہی ہوں، راحم! اور سن بھی رہی ہوں۔'' مسز گرانٹ نے چلا کر کہا۔ راحم نے آنکھیں میچ لیں۔ اس کا بدلہ اب وہ کسی اور وقت پر لیں گی۔

''میں تمہیں خبردار کر رہی ہوں۔'' بلند آواز میں کہہ کر فارس کو اپنے ساتھ اندر لے گئیں۔

''فارس بہت خوش قسمت ہے۔''

"بالکل بہت خوش قسمت ہے۔"

مسز گرانٹ سے بے عزتیاں سہنے والے جیمز اور ولیم کی رائے تھی۔ راحم آفاق کی بھی۔ چیونگم چباتے ہوئے اٹھ گیا۔

"چلو لڑکو! ہم اپنی پارٹی کریں۔ واپس لان چیئرز پر دھرنا دے دیا۔ کرسیوں کے بجائے میز پر چڑھ گئے۔ تاکہ برابر والے گھر کے مکینوں کو وہ خوش و خرم نظر آسکیں۔ اور اندر مسز گرانٹ اپنے گھر کا ایک کمرہ فارس کے لیے کھول رہی تھیں۔

"تم مجھے اس کا کرایہ دے سکتے ہو۔ میں ویسے بھی اکیلی رہتی ہوں۔ صوفی تو صرف ویک اینڈ پر آتی ہے۔"

وہ کہہ رہی تھیں۔ وہ چپ ہوا کھڑا تھا۔

"وہ لوگ جو ہیں، جو تمہارے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ وہ یہاں آئیں گے تو میں تمہیں گھر سے نہیں نکالوں گی۔ چاہے وہ مجھے کوئین الزبتھ سے ملاقات کا بھی جھانسہ دے دیں، تم پر کوئی آنچ نہیں آنے دوں گی۔" وہ جذبے اور جوش سے بولیں کہ وہ انہیں دیکھ کر رہ گیا۔

مسکرا کر، تسلی دے کر چلی گئیں۔ گہری سانس لے کر وہ کھڑکی کی طرف گیا۔ برابر والے گھر کا منظر دیکھ کر وہ بری طرح سے بدمزہ ہوا۔

باہر نکل کر باڑ کے پاس جا کھڑا ہوا۔ راحم بڑی فرصت سے اس کی طرف مڑا۔

"ارے ہم سے کوئی ملنے آیا ہے۔"

"گھورنے آیا ہے۔"

"مارنے آیا ہے۔"

"اگر تم نے میری کوئی بھی بات اپنے اعظم صاحب کو بتائی تو میں تمہاری جان لے لوں گا۔" اس نے

https://novelskidunya.com/

شدید غصے کے عالم میں خالص اردو میں دھمکی دی۔ جیمز اور ولیم نے ہونق پن سے اس کی شکل دیکھی تھی۔

"بتانے کو ہے ہی کیا؟ یہی کہ اعظم صاحب! جب سے آپ کے پوتے نے مسز گرانٹ کے کیفے میں جاب شروع کی ہے، ان کے کسٹمرز بڑھ گئے ہیں۔ خاص طور پر اسکول کی لڑکیاں بہت زیادہ آنے لگی ہیں۔ مسز گرانٹ کا بزنس تو خوب چمک رہا ہے۔" ہنستے ہوئے فارس کو دیکھا۔ "اب تم خود سوچو، میں انہیں ایسی خبریں دیتا اچھا لگوں گا؟"

جیمز اور ولیم بھی ہنسے۔ ایسے ہی خوامخواہ! اردو کی زبان بنا سمجھے۔ بس انہیں پتا تھا راحم ہنس رہا ہے تو انہیں بھی ہنسنا چاہیے۔

وہ جھنجھلا کر پلٹ گیا۔ راحم کی ہنسی اسے کافی دیر تک سنائی دیتی رہی۔

☆......☆......☆

وہ شاور لے کر ابھی باہر نکلا ہی تھا کہ دروازے پر دستک ہونے لگی تھی۔ سویٹر پہنتے ہوئے دروازہ کھولا تو مسز گرانٹ سامنے کھڑی تھیں۔

"تم سے کوئی ملنے آیا ہے!" انہوں نے کہا۔

"کون؟" بھلا اس سے یہاں کون ملنے آسکتا تھا۔ پریشانی فطری تھی۔

انہوں نے مسکراتے ہوئے اشارہ دیا کہ وہ خود آ کر دیکھ لے۔ وہ سویٹر کے بٹن بند کرتا باہر آ گیا۔ سامنے ہی لاؤنج میں جمیلہ داؤد بیٹھی تھیں۔ اس پر نظر پڑتے ہی اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئیں۔ مسز گرانٹ اسے تنہائی میں بات کرنے کا موقع دیتیں، وہاں سے ہٹ گئیں۔

"السلام علیکم ممی!" ان کے تاثرات ایسے تھے کہ اسے ہی ابتدا کرنا پڑی۔ وہ بہت غصے میں نظر آ رہی تھیں۔

"پورے ایک مہینے تک رابطہ ختم کیے رکھا اور اب السلام علیکم ممی؟"

وہ سر جھکا گیا۔

''میسجز نظر انداز کر دیے۔ کالز اٹینڈ نہیں کیں، موبائل بند کر دیا اور اب...... السلام علیکم ممی؟''

وہ ایک دم سے اپنے رویے پر شرمندہ ہوا۔ بے بسی سے انہیں دیکھتا سر جھکا گیا۔

''کیا میں تمہارے لیے ذرا سی بھی اہمیت نہیں رکھتی فارس؟''

''ایسی بات نہیں ہے ممی!''

''مجھے ممی مت کہو اگر مجھے ممی نہیں سمجھتے تو......''

کچھ بے قراری سے سر اٹھایا۔ پریشانیوں میں گھرا ہوا تھا۔ ان کا غصہ اور خفگی مزید اضطراب پیدا کرنے لگی۔ اب وہ ڈانٹ رہی تھیں اور وہ چپ چاپ انہیں سن رہا تھا۔

''میں آپ کو اگنور نہیں کر رہا تھا۔''

''تو جو یہ تم کر رہے تھے، اسے کیا کہتے ہیں؟''

''میں صرف......'' اس کے لب ہلے۔ آنکھوں سے اضطراری کیفیت جھلک رہی تھی۔

''مجھے لگا آپ مجھے ڈانٹیں گی، غصہ کریں گی۔ آخر کو یہ آپ کے بیٹے کا معاملہ تھا۔''

جمیلہ کا تمام غصہ ایک دم سے ختم ہو گیا۔

''آپ کے سسر نے بھی تو...... یہی کیا۔''

وہ اس کے پاس آ گئیں۔ سر اٹھائے اسے دیکھتی رہیں۔ وہ ان کا موازنہ اپنے دادا کے رویے سے کر رہا تھا۔ اس نے خود سے اخذ کر لیا تھا وہ بھی یہی کریں گی جو دادا نے کیا تھا۔ وہ ایسا کیسے کر سکتا ہے؟ ایسا کیسے سوچ سکتا ہے؟''

''ہاں وہ میرا بیٹا ہے! پر کیا تم نہیں ہو؟''

وہ کہنا چاہتا تھا حماد ان کی سگی اولاد تھا۔ وہ اس کے مقابلے میں اسے فوقیت نہیں دے سکتیں۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

''ٹھیک ہے، اولاد سے بھی غلطیاں ہو جاتی ہیں، مگر اس کا مطلب یہ تو نہیں ہوتا کہ آپ رشتے ہی ختم کر دیتے ہیں۔ چھوڑ دیتے ہیں؟''

''ممی! میں نے کچھ نہیں کیا تھا۔'' تڑپ کر سر اٹھایا۔ ''کوئی افیئر نہیں چلایا، کوئی شادی کی بات نہیں کی تھی، اس لڑکی نے جھوٹ بولا۔''

''کیا ہو گیا ہے فارس!'' انہوں نے اسے بازوؤں سے تھام لیا۔ ''کیا میں نے تم سے کوئی وضاحت مانگی ہے؟''

وہ خاموش ہوا۔

''میں جانتی ہوں میرا بیٹا ایسا نہیں ہے۔'' آنکھوں میں دیکھ کر یقین دلایا۔ ''اگر ایسی کوئی غلطی تم سے ہوئی بھی ہوتی، تو میں زیادہ سے زیادہ کیا کرتی؟ ناراض ہوتی، ڈانٹ دیتی، غصہ کرتی اور سمجھاتی۔ مائیں یہی تو کرتی ہیں۔ یہ تو نہیں ہوتا کہ چھوڑ دیتی ہیں! یا سب ختم ہو جاتا ہے۔'' وہ آنکھوں میں نمی لیے چپ رہا۔

''گھر چھوڑ دیا، پڑھائی چھوڑ دی، کیوں کر رہے ہو اس طرح اپنے ساتھ؟ کیوں سزا دے رہے ہو خود کو؟''

''میری برداشت اب ختم ہو چکی ہے ممی! اس طرح مزید رہا تو مر جاؤں گا۔''

وہ آنکھوں میں دکھ اور کرب لیے اسے دیکھ کر رہ گئیں۔

اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا۔ نرمی سے اس کی طرف دیکھا۔

''میں جانتی ہوں، اس وقت تم یہ بات نہیں سننا چاہتے۔ لیکن وہ تمہارے دادا ہیں۔ لاکھ پتھر دل سہی، لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ انہوں نے تمہارا خیال رکھا۔ ہی ٹرائیڈ ہز بیسٹ ٹو پروٹیکٹ یو!'' یہ جانتے ہوئے بھی کہ وہ اس پر بہت ظلم کر چکے ہیں، انہوں نے تصویر کا مثبت رخ دکھانے کی کوشش کی۔

''یہ سب اس وعدے کی وجہ سے تھا، جو آپ کے شوہر نے ان سے کیا۔''

جمیلہ دکھ سے اسے دیکھتی رہیں۔

''یہ ذمہ داری، یہ بوجھ جو میرا انہوں نے اٹھایا۔ یہ سب انہیں مجبوراً کرنا پڑا۔ میرے لیے نہیں، اپنے بیٹے کے لیے۔ مجھے تو وہ ایسے دیکھتے ہیں جیسے میں کوئی گناہ ہوں۔ گناہوں پر ہی تو پردہ رکھا جاتا ہے ممی! گناہوں کو ہی تو چھپایا جاتا ہے۔''

ان کا دل کٹ گیا۔ کچھ کہہ نہیں پائیں۔ عجیب سا درد محسوس کرنے لگیں۔

''اپنے مستقبل کا سوچو! کچھ بن جاؤ پھر بے شک الگ ہو جانا۔'' انہیں اس بات کی فکر تھی کہ وہ بھری دنیا میں اس طرح تنہا ہو کر، اپنے بل بوتے پر سب کیسے کر پائے گا۔

''انہوں نے کہا میری رگوں میں ایک گندا خون دوڑ رہا ہے۔ ان سب باتوں کے بعد آپ کا خیال ہے کہ مجھے رکنا چاہیے؟''

وہ لاجواب ہو گئیں۔

''میں نے ان سے کہا مجھے میرا نام چاہیے، مکمل نام۔ انہوں نے کہا وہ نہیں دے سکتے۔ جب میری پہچان مجھے نہیں دے سکتے تو میں ان سے اور کچھ کیوں لوں ممی؟''

اس کی آنکھوں میں اتنا درد تھا۔ اور آواز یوں جیسے وہ ابھی رو دے گا۔ اس کے احساسات چہرے کے تاثرات میں عیاں ہو رہے تھے۔ انہوں نے بے اختیار اس کے ہاتھ پر گرفت مضبوط کر لی تھی۔

''فارس!''

''میں سب مینج کر لوں گا۔ ابھی جاب شروع کی ہے۔ مسز گرانٹ کہہ رہی ہیں میں یہاں رہ سکتا ہوں۔ لیکن میں جلد ہی کمرے کا بندوبست کر لوں گا۔ میں سچ میں آپ کو جی کر دکھاؤں گا ممی! آپ میری فکر نہ کریں۔'' وہ اب انہیں سمجھا رہا تھا۔ انہوں نے گہری سانس لیتے نفی میں سر ہلا کر اسے روکا تھا۔ ''نہیں!

https://novelskidunya.com/

تمہیں خود سے اب کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تمہاری پڑھائی پر میں کوئی سمجھوتا نہیں کر سکتی۔"

"ممی!"

"چپ چاپ میری بات سنو فارس! ٹھیک ہے تمہارے دادا کے ساتھ اپنے اختلافات ہیں۔ مگر میں تمہاری ماں ہوں۔ جب تک انہوں نے تمہاری ذمہ داری اٹھائی میں ایک طرف رہی۔ اب جبکہ تم نے انہیں چھوڑ دیا ہے تو میں خود کو ایک سائیڈ پر نہیں رکھ سکتی۔ میں تمہیں فنانشلی سپورٹ کروں گی۔"

"ممی پلیز!" اس نے احتجاج کیا۔

"اور اگر تم نے یہاں بھی ضد کی تو میں ساری زندگی تم سے بات نہیں کروں گی۔"

"آپ مجھے بلیک میل کر رہی ہیں۔"

"ہاں یہی سمجھ لو۔ تم یہاں دن رات جاب کرو گے، رہائش کے لیے مارے مارے پھرو گے۔ ہزار مسئلے ہوں گے اور میں وہاں امریکا میں چپ چاپ بیٹھی رہوں؟ تم نے یہ کیسے سوچا؟"

"کیوں مجھے احسانات کے بوجھ تلے دبا رہی ہیں ممی؟"

"احسان نہیں کر رہی۔ فرض نبھا رہی ہوں۔ تمہاری جگہ حماد ہوتا تو میں اس کے لیے بھی یہی کرتی جو تمہارے لیے کر رہی ہوں۔"

"ممی! سمجھنے کی کوشش کریں۔"

"ممی بھی کہتے ہو اور سمجھا بھی رہے ہو؟"

وہ بے بسی سے انہیں دیکھ کر رہ گیا۔

"ابھی میرے ساتھ چلو! روم کا بندوبست کر لیتے ہیں۔ پھر تمہیں یونی ورسٹی بھی جوائن کرنی ہے۔ یہ سارے معاملات اسی ہفتے ہو جانے چاہییں۔"

وہ ان کے اصرار پر نہ چاہتے ہوئے بھی ان کے ساتھ چلا گیا۔ یونی ورسٹی کے قریب ہی ہال آف

ریذیڈنسی میں رہائش کا انتظام ہوا۔ ایڈوانس میں پیمنٹ انہوں نے کردی۔ ڈین سے ملاقات بھی ہوئی۔ اس کے تمام معاملات انہوں نے خود دیکھے۔ ایک ماہ کی غیر حاضری کے بعد اب وہ سارے کام خود سے ٹھیک کر رہی تھیں۔

راحم کو بھی فون کر دیا۔ وہ شام میں ہی اس کا سامان ہوسٹل میں دینے آ گیا۔

''میں آج صبح ہی سوچ رہا تھا تمہاری ساری کتابیں بیچ کر ہیری کے لیے ایک بڑا پنجرہ خرید لیتا ہوں۔''

وہ رائٹنگ ٹیبل پر اپنی اشیا رکھ رہا تھا دانت پیس کر رہ گیا۔

''کمرا تو اچھا ہے، مگر بگونیا ہاؤس کی کیا ہی بات ہے۔''

''تم یہاں صرف سامان دینے آئے ہو۔'' فارس نے یاد دلایا۔

سنی ان سنی کیے اس نے دروازہ کھول کر سر باہر نکالا۔

''کیا یہ برابر والا کمرہ خالی ہے؟'' وہ اب باہر کسی لڑکے سے پوچھ رہا تھا۔ ''اصل میں مجھے کسی پر دن رات نظر رکھنی ہے اور اس کے مجھے بہت سے پیسے ملنے والے ہیں۔ سو اگر ہم آدھا آدھا شیئر کر لیں تو کیا تم یہ کمرہ چھوڑ سکتے ہو؟''

لڑکا نفی میں سر ہلاتا، کچھ گھبرا کر الٹے قدم وہاں سے بھاگ گیا۔

فارس نے اسے کوٹ سے پکڑ کر اندر کھینچ کر دروازہ زور سے بند کیا تھا۔

''کیا بکواس کر رہے ہو تم؟'' وہ اس سے لڑ پڑا۔

''اپنا کام کر رہا ہوں۔''

''اپنا کام کر رہے ہو یا مجھے مشکوک بنا رہے ہو؟''

''تمہارے والی لائن زیادہ بہتر ہے۔'' وہ ہنسا۔ ''اینی ویز...... کال کر لینا مجھے اگر کچھ ضرورت پڑے تو...... مسز شیرازی خاص طور پر تاکید کر کے گئی ہیں۔ خیال رکھنا اپنا!'' کندھا تھپتھپایا اور باہر نکل گیا۔

وہ کچھ دیر تک بند دروازے کو دیکھتا رہا پھر گہری سانس لے کر اپنی کتابیں سیٹ کرنے لگا تھا۔

☆......☆......☆

اس نے یونی ورسٹی دوبارہ جوائن کر لی تھی۔ اب وہ دل جمعی سے پڑھائی بھی کر رہا تھا اور اپنا کام بھی۔ جمیلہ داؤد مسلسل اس کے ساتھ رابطے میں تھیں۔ ان کے ساتھ اکثر ویڈیو کال پر بات ہو جاتی تھی۔ وہ واحد انسان تھیں جن کے ساتھ وہ کھل کر اپنی ہر بات کر لیتا تھا۔ اپنی روزمرہ تفصیلات سے آگاہی دیتے، وہ حتی الامکان مطمئن اور پُرسکون نظر آنے کی کوشش کرتا مگر وہ پھر بھی اس کی پریشانیوں کو بھانپ لیتی تھیں۔ اس کے حوصلے بڑھاتیں۔ ثابت قدم رہنے کی تلقین کرتیں۔ ان کی باتیں ہمیشہ زخموں پر مرہم کا کام دیتیں۔ اکثر وہ تلخ ہو جاتا۔ اکثر وہ سنبھل بھی جاتا۔

اعظم شیرازی سے دوبارہ ملاقات نہیں ہوئی تھی۔ حیدر بھی نہیں آیا تھا۔ وہ بھی یہی چاہتا تھا۔ تاہم راحم آفاق اس سے ملنے آتا رہا تھا۔ نظر انداز کرنے اور غصہ دکھانے کے باوجود بھی......

''مسز گرانٹ نے بلایا ہے تمہیں! ان سے مل لینا۔'' اب کی بار جب آیا تو کہہ کر گیا۔ وہ مصروف تھا۔ ویک اینڈ پر ان سے ملنے چلا گیا۔ ان کی بیٹی صوفی اپنے بچوں کے ساتھ آئی ہوئی تھی۔ اچھا خاصا شور مچا ہوا تھا۔ یہاں بھی......اور بگونیا ہاؤس کے لان میں بھی......

وہ اندر چلا گیا۔ کچھ دیر تک ان کے پاس بیٹھا رہا۔ انہوں نے حال احوال پوچھا۔ اس کے جواب سے مطمئن ہوئیں۔ کچھ کتابیں گفٹ کیں۔ پیار سے کچھ نصیحتیں بھی کیں کہ وہ اپنا خیال رکھے۔ خوش رہے۔ اس نے سر ہلایا۔ شکریہ ادا کر کے باہر آ گیا۔ وہاں جہاں راحم آنٹ صوفی کے بچوں کو کچھ فضول سے میجک ٹرکس دکھا کر ان کی پاکٹ منی ہتھیا چکا تھا۔

''اچھی کمائی ہو گئی۔'' پیسے گنتے ہوئے بولا۔

''کم از کم بچوں کو تو بخش دیا کرو۔''

''تمہیں بخش دیتا ہوں، کیا یہ کافی نہیں ہے۔''

''میں کوئی بچہ نہیں ہوں۔'' دانت پیسے۔

پیسے جیب میں ڈالتا باڑ پھلانگ کر اس کے پاس آ گیا۔ وہ سر اٹھائے اب بگونیا ہاؤس کو دیکھ رہا تھا۔ چار سال گزارے تھے۔ گھر کی یاد آنا فطری بات تھی۔ راحم نے اس کی نظروں کا تعاقب کیا۔

''یہ گھر اب تمہارے نام پر ہے۔ اصولاً مجھے اس کا کرایہ کسے دینا چاہیے؟ تمہیں یا اعظم شیرازی کو؟'' خیال تھا اسے غصہ آجائے گا مگر وہ سنی ان سنی کیے باڑ کے ساتھ ٹیک لگا کر کھڑا ہو گیا۔

''کیا خیال ہے کل آؤٹنگ کر لیں؟ جیمز اور ولیم بھی فری ہیں۔ مجھ سے کہہ رہے تھے، چلو گے ہمارے ساتھ؟''

خلاف توقع اس نے کندھے اچکا دیے۔ گویا اجازت دی وہ پلان کرنا چاہے تو کر سکتا ہے۔ راحم کے لیے اس کے رویے کا یہ بدلاؤ حیران کن اور خوش گوار تھا۔

اسی لمحے ایک اڑتی ہوئی گیند اس کے سر پر آ لگی تھی۔

''واٹ دا ہیل!'' سر پکڑ کر گھوما تو آنٹ صوفی کے بچے وائے فائے سگنلز کی طرح ترتیب سے کھڑے تھے۔ ''تم جادوگر ہو، تم نے خود کو بچایا کیوں نہیں؟''

''دیکھ نہیں رہے؟ میں بات کر رہا تھا۔'' سر سہلاتے ہوئے ضبط کر کے جواب دیا۔

''تمہیں پروٹیکٹو شیلڈ لگا کر بات کرنی چاہیے۔'' جادوگر انہیں بہت عزیز تھا، سمجھداری سے مشورہ دیا۔

راحم نے کچھ کہنے کے لیے منہ کھولا، پھر لب بھینچ کر جیب سے پیسے نکال کر انہیں تھما دیے۔ ''جاؤ یہاں سے۔ ورنہ میں تم سب کو چوہا بنا دوں گا۔'' خوفزدہ کرنا چاہا۔

''کیا تم ہمیں طوطا بنا سکتے ہو؟'' اشتیاق سے پوچھا گیا۔

''طوطا نہیں چمگادڑ! میں چمگادڑ بنا سکتا ہوں۔'' ایسے ہی بازو سے پر پھیلائے تو بچے چیختے، ہنستے،

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

شور مچاتے، دروازے کی طرف بھاگے۔ مسز گرانٹ نے عاجز آ کر کھڑکی سے سر باہر نکالا۔

''راااحم!''

''آئی ڈڈ نتھنگ!'' (میں نے کچھ نہیں کیا)

جواباً اس نے بھی چلا کر جواب دیا۔

''تمہیں تو جیسے میں جانتی ہی نہیں ہوں۔'' سلگ کر کھڑکی بند کر دی۔

''آج کل کے بچے تو......'' بڑبڑا کر فارس کی طرف مڑا۔ وہ ہنوز جیبوں میں ہاتھ ڈالے کھڑا تھا۔''ہر بات کا جواب چاہیے انہیں۔''

''بڑے بھی عجیب ہیں۔ بچوں کو لوٹتے ہیں۔'' فارس نے لقمہ دیا۔

''بیس منٹ تک ٹرکس دکھائے ہیں میں نے انہیں۔''

''مشقت طلب کام ہے جیسے......'' فارس نے طنز کیا۔

''ہاں تو تم سکہ غائب کر کے دکھا دو۔''

''صرف ایک سکہ غائب کیا؟''

''نہیں۔ میں نے رومال سے گلاب کا پھول بھی نکالا۔ مسز گرانٹ کی نواسی نے منہ میں ڈال لیا کہ شاید اس طرح طاقتیں مل جائیں گی۔'' وہ بتاتے ہوئے ہنسا۔ کسی منظر نے یاد کے دروازے پر دستک دی۔ سر جھٹک کر فارس نے قدم اٹھا لیے۔ راحم باتیں کرتا اس کے ساتھ چلتا رہا۔

کچھ ہی دیر میں وہ مسز گرانٹ کے کیفے میں موجود تھے۔ جہاں ایک الگ ہی رونق لگی ہوئی تھی۔ ولیم نے اشارہ کر کے بلایا تو وہ اس کے پاس جا کھڑے ہوئے۔ نگاہیں جیمز پر جمی ہوئی تھیں جو سامنے بیٹھا آٹھ نو سال کے بچوں کو، اپنی حال ہی میں شائع ہونے والی تیس صفحوں کی کتاب پر سائن کے ساتھ آٹوگراف دے رہا تھا۔ مسز گرانٹ کے کیفے میں ایک قطار لگی ہوئی تھی۔

''زندگی اگر تمہیں مکا مارے تو تم اسے لات مار دو۔کوئی تمہیں سمندر میں پھینکے تو تم اسے لاوے میں پھینک دو۔ یہ لکھنے سے...... یہ اس کے فین......'' راحم حیران وششدر رہوا کھڑا تھا۔

''کہا تو تھا۔'' ولیم مزے سے چاکلیٹ کھاتے ہوئے بولا۔''میرا بھائی بہت ٹیلنٹڈ ہے۔''

''یہ تو کوئی مشکل کام نہیں! ہم بھی لکھ سکتے ہیں۔ کیوں فارس؟ زندگی اگر تمہیں شرٹ دے تو پینٹ تم خود خرید لو۔''

''بالکل! زندگی اگر تمہیں شیمپو دے تو شاور تم خود لے لو۔''

''زندگی اگر تمہیں زمین دے تو گھر تم خود بنا لو۔''

دونوں مل کر ہنسے تھے۔

ولیم نے دونوں کو گھور کر دیکھا تھا۔ جیمز نے بھی گردن موڑی تھی۔ وہ ایک دم سے سنجیدہ ہو گئے۔

''کیا مسئلہ ہے؟''

''کوئی مسئلہ نہیں۔''

''یہ کہہ رہے ہیں......'' ولیم ان کا بھانڈا پھوڑنے ہی لگا تھا مگر وہ اس کا منہ کیے زبردستی کھینچ کر اپنے ساتھ لے گئے۔ جیمز کندھے اچکا کر پھر سے اپنی ننھی فین کی طرف متوجہ ہو گیا تھا۔

☆......☆......☆

زندگی معمول پر آنے لگی۔ وہ راحم، جیمز اور ولیم سے ملنے لگا۔ وہ اکثر گھومنے پھرنے کا پروگرام بھی بنا لیتے۔ مسز گرانٹ کے کیفے پر بھی ملاقات ہو جاتی۔ جیمز اور ولیم تو ہر روز آ جاتے۔ راحم البتہ کبھی کبھی آتا تھا۔ آج کل وہ انتہا کا مصروف تھا۔ کچھ دنوں کے لیے مکمل غائب بھی ہو گیا۔ رابطہ بھی بند رکھا۔ پھر ظاہر ہوا تو لنگڑا کر چل رہا تھا۔ پوچھنے پر بتایا کہ پاؤں پھسل گیا تھا، چوٹ لگ گئی تھی۔ تینوں کو یقین نہ آیا۔

جیمز اور ولیم تو باقاعدہ اس کی جاسوسی میں لگ گئے۔ فارس کو بتاتے رہتے بگونیا ہاؤس میں کون آ

رہا ہے اور کون جا رہا ہے۔ اسے کوئی دلچسپی نہ ہوتی مگر سن لیتا۔ ایک گنجے سے کوئی مسٹر تھے۔ ایک لمبی سی کوئی آنٹی تھیں۔ جن کی اسٹیپس اترتے ہوئے ہیل ٹوٹ گئی تھی۔ ان کے ساتھ کوئی لڑکا بھی تھا۔ ایک سیاہ فام خاتون تھیں جو اپنے ڈرائیور کے ساتھ وکٹورین ہاؤس لینے آئی تھیں۔ ایک لمبا سا آدمی جو بہت غصے میں لگ رہا تھا۔ انہوں نے جتنے حلیے بتائے ان میں سے کوئی ایک حلیہ بھی حیدر کا نہیں تھا۔

کیا وہ واقعی میں اعظم شیرازی کے لیے کام کرنا چھوڑ چکا ہے؟ اس نے سوچا۔ اگر ہاں تو گھر کیوں نہ چھوڑا؟ راحم سے جتنی بار ملاقات ہوئی، اس نے اعظم شیرازی کا ذکر کیا نہ حیدر سے متعلق کوئی سوال پوچھا تھا۔ وہ ایسے ہی خود کو ہر اس بات سے دور رکھنا چاہتا تھا جو اسے تکلیف دیتی تھی۔

☆......☆......☆

''میں پاکستان جا رہا ہوں۔'' وہ اس سے ملنے آیا تو بتایا۔

''اس طرح اچانک......؟'' فارس حیران ہوا۔

''میں بیٹھا ہوا تھا تو سوچا، کیوں نہ پاکستان وزٹ کر لیا جائے؟''

''پاکستان وزٹ؟'' فارس نے معنی خیز نگاہوں سے اسے دیکھا۔ ''تم یہاں یہ بھی تو کہہ سکتے تھے میں اپنی فیملی سے ملنے جا رہا ہوں۔''

راحم نے مسکراتے ہوئے کافی کا مگ قریب کر لیا۔ ''اور سناؤ! پڑھائی کیسی ہو رہی ہے؟''

''ابھی ابھی کسی نے ٹاپک چینج کیا ہے۔'' فارس نے ہاتھ کھڑا کیا۔

''غیر ضروری ٹاپک!'' کہہ کر گھونٹ بھرا۔ ''پڑھائی مکمل ہو گئی۔ ڈگری حاصل کر چکا، کچھ پیسے بھی کما لیے۔ کچھ دنوں تک ناردرن ایریاز میں جاؤں گا۔ گھوموں پھروں گا، مزے اڑاؤں گا۔''

''پھر لندن واپس آ جاؤ گے؟''

''ہاں اگر اپنے کچھ دشمنوں کے ہتھے نہ چڑھا تو......'' مگ رکھ کر سر اٹھایا۔ ''کتنے بے مروت

انسان ہو تم۔ میں اتنا سفر کر کے یہاں پہنچا ہوں اور تم نے کھانے کا نہیں پوچھا ابھی تک......"

"کسی نے ابھی ابھی پھر سے ٹاپک چینج کیا ہے۔" فارس نے اعلان کیا۔

راحم کھسیانا ہو کر ہنسا۔

"بہت بھوک لگی ہے یار! پزا آرڈر کر دو۔"

فارس نے پزا آرڈر کر دیا۔ دس پندرہ منٹ میں ڈلیور کر دیا گیا۔ کھانا کھاتے ہوئے باتیں بھی ہو رہی تھیں۔

"تمہارے دادا ایک اچھے انسان ہیں۔ اگر مجھ سے پوچھو تو......" اس نے اچانک ہی کہہ دیا۔

"میں ایسا کوئی سوال تم سے کیوں پوچھوں؟"

راحم نے گہری سانس لی۔ "ویسے ہی بتا رہا تھا۔"

"تم تو تعریف ہی کرو گے۔ ان کے لیے کام جو کرتے ہو۔"

"میں صرف تمہارے دادا کے لیے کام نہیں کرتا۔ میرے اور بھی بہت سے کلائنٹس ہیں۔" سنجیدگی سے کالر جھاڑ کر انکشاف کیا۔

"کیا وہ بھی تمہیں اپنے دشمنوں پر نظر رکھنے کے لیے ہائر کرتے ہیں؟"

وہ گردن پیچھے کی طرف کیے قہقہہ لگا کر ہنسا۔

فارس لب بھینچے بیٹھا رہا۔

"دشمن! آئی لائیک اٹ، یہ خدمات صرف اعظم صاحب کے لیے، ویسے تم مجھ پر زبردستی مسلط کیے گئے تھے، ورنہ میں ان کے لیے کام کرنا چھوڑ چکا تھا۔"

"اچھا زبردستی؟"

"ہاں بالکل! ترس آ گیا مجھے تم پر۔ بے چارہ سا لڑکا۔ کہیں کسی بڑے نقصان میں نہ ڈال دے

اعظم صاحب کو۔ان کے احسانات بھی تو ہیں مجھ پر۔"

"یوں کہو کہ پیسوں کی ضرورت تھی۔"

"ظاہر ہے! فری میں سکون کون برباد کرتا ہے؟" ہنستے ہوئے اسے مزید بے عزت کیا۔

وہ بھنویں سکیڑے بیٹھا رہا۔

"تم بھی مجھے ہائیر کرلو اپنے کسی دشمن پر نظر رکھنے کے لیے۔میں صرف نظر نہیں رکھتا۔میں پھٹنے سے پہلے بم نیوٹرالائز بھی کرتا ہوں۔اور اس کے لیے بہت پیسے بھی چارج کرتا ہوں۔"

"لگے رہو۔خود سے لگے رہو۔" وہ سر جھٹک کر کھانا کھاتا رہا۔راحم مسکرا کر رہ گیا۔

اس کی فلائٹ شام چھ بجے کی تھی۔جیمز اور ولیم بھی اس کے ساتھ گئے۔اسے سی آف کرنے کے لیے۔

"تو چھوٹے چھوٹے پیارے پیارے بچو!" اس نے گلا کھنکھار کر تقریر شروع کی۔

"ہم تمہیں ابھی بھی بچے لگتے ہیں؟ تم اپنی آنکھیں ایک بار چیک کیوں نہیں کروا لیتے؟" جیمز اور ولیم کو غصہ آ گیا۔

"کیا فائدہ چار چار آنکھوں کا جب نظر خاک نہ آتا ہو۔" فارس نے بھی ان کی سائیڈ لی۔

راحم نے سیاہ فریم والے گلاسز کو پیچھے ہٹا کر سیٹ کیا۔اس کے سرخی مائل بال آج کچھ بکھرے ہوئے نہیں تھے۔

"تم لوگ جتنے بھی بڑے ہو جاؤ......" یہ اعزاز وہ اس سے کبھی نہیں چھین سکتے تھے۔

"ہاں تو میں کہہ رہا تھا کہ میں تم لوگوں کو مس نہیں کروں گا۔بالکل بھی نہیں۔میری تین عدد ٹینشنز سے جان چھوٹ رہی ہے اور میں آج بہت خوش ہوں۔"

"اور تمہیں یہ خوش فہمی کیوں ہے کہ ہم دکھی ہو رہے ہیں؟" فارس نے اس کی تقریر میں خلل ڈالا۔

"ہاں دیکھو ہمارے ہنستے مسکراتے چہروں کو؟" ولیم جھٹ سے بولا۔جیمز نے کلائی گھمائی۔

''باقی کتنا وقت ہے اس کی فلائٹ میں؟ یہ کب جائے گا!''

راحم نے دانت پیس کر تینوں کو دیکھا۔

''لحاظ اور مروت تم لوگوں کو چھو کر نہیں گزری۔ اتنا نہیں ہو رہا کہ تھوڑی سی ریسپیکٹ کرلو۔''

اسی لمحے عقب میں گاڑی رکی تھی۔ ان کی باتیں ادھوری رہ گئیں۔ راحم کی نگاہیں اس کے عقب میں پڑیں تو اس نے بے ساختہ گردن موڑی۔ عقبی نشست کا دروازہ حیدر نے کھولا تھا۔ اعظم شیرازی باہر نکل رہے تھے۔ فارس کے تاثرات ایک دم سے بدل گئے۔ نظریں ہٹا کر راحم کو دیکھا۔ ہاتھ ملایا۔ ''او کے چلتا ہوں! اللہ حافظ!'' اس نے مزید ایک لحہ بھی ضائع نہیں کیا تھا اور وہاں سے چلا گیا تھا۔ جیمز اور ولیم اس سے ملنے کے بعد فارس کے پیچھے بھاگے تھے۔ ٹیکسی سامنے ہی کھڑی تھی۔ فارس نے ایک بار بھی مڑ کر پیچھے نہیں دیکھا تھا۔

☆......☆......☆

آرزو جہانگیر کی اڑتی اڑتی طلاق کی خبریں میڈیا میں گردش کرنے لگیں۔ اخبارات کے آرٹیکلز میں، میگزین کے صفحوں پر کچھ چٹ پٹے سے تجزیے شائع کیے جانے لگے۔ خبروں کو شروع میں رد کرتے کرتے اس نے پھر ایک انٹرویو میں اس خبر کی تصدیق کردی۔ زندگی میں پہلی بار آرزو جہانگیر کی خبر کو اس نے فالو کیا تھا، اور وجہ اس کا بیٹا تھا جس کو اس نے میڈیا سے دور رکھا ہوا تھا۔ نام بھی نہیں لیتی تھی۔ اس کا کہیں ذکر نہ تھا۔ سوال بھی نہ تھا۔ معاملات پرسنل تھے۔ وہ کھولنا نہیں چاہتی تھی۔ طلاق کے ٹھیک چار ماہ بعد اس کا شوہر فاروق حبیب انتقال کر گیا۔

خبر میں دلچسپی نہ تھی مگر باوجود کوشش کے بھی وہ خود کو اس کے خاندان کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کرنے سے نہیں روک سکا تھا۔ وہ بچہ اس وقت کہاں تھا وہ بس یہ جاننا چاہتا تھا۔ فاروق حبیب نے اپنی پہلی بیوی کو طلاق دے کر ہی آرزو جہانگیر سے شادی کی تھی۔ بیٹا باپ کے پاس تھا تو اب یقیناً بھائیوں کے پاس ہوگا۔

اس دن یونی ورسٹی سے واپسی کے بعد اس نے راحم کو کال کی تھی۔
"کچھ انفارمیشن چاہیے تھی مجھے!"
"میں ابھی سے بتا رہا ہوں! فری میں کچھ نہیں کروں گا۔"
"یہ کم ہے کہ تمہارے کھانے کے بل میں ہی دیتا رہا ہوں؟" فارس نے اسے شرم دلانا چاہی۔
"پھر ٹھیک ہے۔ میں بات سننے کے پیسے چارج نہیں کرتا۔"
"حیدر بالکل ٹھیک کہتا ہے تمہارے بارے میں!" وہ بڑبڑا کر رہ گیا۔ "مجھے فاروق حبیب کے بیٹے کی معلومات چاہیے تھی۔"
"فاروق حبیب؟"
"آرزو جہانگیر کا شوہر!"
"او آئی سی۔" پوری بات سمجھتے راحم آفاق کے لب گول ہوئے۔ "ابھی پچھلے مہینے جن کی ڈیتھ ہوئی ہے۔"
"ہاں! میں جاننا چاہ رہا تھا ان کا وہ بیٹا جو آرزو جہانگیر سے ہے، وہ کس کے پاس ہے۔" اس کا لہجہ سنجیدہ تھا۔ راحم کو ایک دم سے معاملے کی نزاکت کا ادراک ہوا۔
"ہوسکتا ہے وہ اپنی ماں کے پاس ہو؟" اس نے کچھ سوچ کر کہا۔
"وہ عورت جب ڈیوورس لیتی ہے تو اپنے بچوں کو ساتھ نہیں رکھتی، نہ ہی پلٹ کر خبر لیتی ہے۔" اس کے لہجے اور انداز میں عجیب سی تلخی تھی۔
"ہوسکتا ہے اس بار انہوں نے سوچ سمجھ کر کوئی فیصلہ کیا ہو؟"
"تم کہنا کیا چاہ رہے ہو؟"
"آئی تھنک یو شڈ ٹاک ٹو یور مدر!" (میرے خیال سے تمہیں اپنی ماں سے بات کرنی چاہیے!)

فارس کے تاثرات میں سختی سی آ گئی۔

''میں نے تم سے مشورہ نہیں مانگا۔''

''تم ان کے بیٹے کے بارے میں جان کر کیا کرو گے؟''اصل سوال یہ تھا۔

''آئی جسٹ وانٹ ٹو میک شیور ہی از سیف!''(میں اس بات کی یقین دہانی کروانا چاہتا ہوں کہ وہ محفوظ ہے)

''میکس سینس!'' راحم نے سر ہلایا۔''اب ضروری تو نہیں کہ سب تمہارے دادا جیسے ہوں۔ ایکسٹرا سکیورٹی وے کر زندہ رکھیں۔''

https://novelskidunya.com/

فارس لمحے بھر کے لیے تھما تھا۔ دوسرے ہی پل وہ سلگ اٹھا۔

''دس ہیز نتھنگ ٹو ڈو ود مائی گرینڈ فادر!''(اس بات کا میرے دادا سے کوئی تعلق نہیں!)اس کا لہجہ ایک دم سے کرخت ہوا تھا۔

''تم ہمیشہ ان کے ذکر پر اتنا تپ کیوں جاتے ہو؟''

''تم میرے معاملات میں انہیں کیوں لے آتے ہو؟''

''میں انہیں نہیں لاتا۔ وہ تمہارے سب ہی معاملات میں ہر جگہ ہیں۔''

فارس وجدان کے لب بھنچ گئے۔ دونوں کے مابین ایک دم سے خاموشی چھا گئی۔

''فائن!''میں پتا کروا کر بتاؤں گا تمہیں۔''

اس سے قبل کہ مزید کوئی بدمزگی یا لڑائی ہوتی، راحم نے بات وہیں ختم کر دی۔ وہ کچھ بے چینی سے اس کی طرف سے جواب کا انتظار کرتا رہا۔ دن بدن اس کی فکر میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔

آرزو جہانگیر کی ضد، جائیداد کے مسئلے، عدالتی کارروائیاں اور ان سب سے بچنے کے لیے اس بچے کے بھائی کوئی حل تلاش کریں گے۔ اور وہ حل......

اس کا دل ایک دم سے آہنی شکنجے میں آیا تھا۔

انتظار کچھ مشکل ہوا تو اس نے خود ہی کال کر دی۔

راحم کے پاس ایک خبر تھی مگر تصدیق شدہ نہ تھی۔ وہ اسے بتانا نہیں چاہ رہا تھا۔

"کوئی بڑا مسئلہ ہے؟"

"نہیں ایسا نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کسی اور کی بات ہو۔ مجھے فاروق حبیب کی بہن کا ایڈریس ملا ہے۔ کل ان کی طرف جاؤں گا۔ کل تک کنفرم کرنے دو۔"

"کون سی بات ہے جو تم کنفرم کرنا چاہ رہے ہو؟ از ہی آل رائٹ؟"

راحم ایک دم سے خاموش ہو گیا تھا۔ بالوں میں ہاتھ پھیر کر وہ کچھ بے قراری سے یہاں وہاں ٹہل رہا تھا۔

"جو بھی بات ہے بتا دو مجھے۔"

"شاید حبیب ہاؤس میں کوئی حادثہ پیش آیا تھا۔ بچہ سیڑھیوں سے گر گیا تھا۔"

اور فارس وجدان جھٹکے سے رک گیا۔ اسے لمحے بھر کے لیے اپنا دل رکتا ہوا محسوس ہوا تھا۔ "جس نوکرانی نے مجھے یہ خبر دی ہے اسے مزید کچھ پتا نہیں۔ میں کل ان کی بہن نازیہ حبیب سے ملوں گا تو اصل بات ان سے ہی معلوم ہو سکتی ہے۔"

اس نے کال کاٹ دی۔ ہتھیلیوں پر سر گرائے کتنی دیر تک بیٹھا رہا۔ رات سے دن، اور دن کے مختلف پہر کس طرح گزرے، اندازہ نہ تھا۔ یونی ورسٹی میں اپنی کلاسز بھی اس نے غائب دماغی کے عالم میں اٹینڈ کیں۔ ذہن الجھا ہوا تھا۔ ضمیر ملامتی ہو رہا تھا۔ اسے ایک مہینے کا انتظار نہیں کرنا چاہیے تھا۔ اسے فوری طور پر ہی فاروق حبیب کے خاندان سے رابطہ کر لینا چاہیے تھا۔ کیا وہ کچھ کر سکتا تھا اس کے لیے؟ اگر ہاں تو کیا؟ کس حیثیت اور کس بنیاد پر؟ صرف یہ کہ ماں ایک تھی۔ تو کیا فاروق حبیب کے بیٹوں سے زیادہ

https://novelskidunya.com/

اس کا حق ہو سکتا تھا اس پر؟ کیا آرزو جہانگیر کے بطن سے جنم لینے والی ہر اولاد کا مقدر ایک سا ہوگا؟ دھتکار، اور آزمائشیں ان کے ہی حصے میں آئیں گی؟ موت بھی، بدسلوکی اور رشتوں سے محرومیاں بھی؟

شام کو نو بجے راحم نے کال کی تو اس نے دھڑکتے دل کے ساتھ کال ریسیو کر لی تھی۔ کوئی بری خبر نہ ہو۔ دل یہ دعا کر رہا تھا۔ حالات کچھ اور کہہ رہے تھے۔

"میں نے تمہیں تصویریں بھیجی ہیں۔ دیکھی نہیں تم نے؟"

"کون سی تصویریں؟"

"ہزنیم از عیسیٰ! (اس کا نام عیسیٰ ہے) وہ بالکل ٹھیک ہے!"

اور فارس وجدان کی اٹکی ہوئی سانسیں ایک دم سے بحال ہوئی تھیں۔ اسے ہولڈ پر رکھے فوراً سے واٹس ایپ آن کیا۔

ساڑھے تین سالہ بچے کی تصاویر۔ وہ پارک میں کہیں تھا۔ اور ایک تصویر میں وہ صوفے پر بھی بیٹھا ہوا نظر آ رہا تھا۔ میز پر کینڈی باکس سے کچھ اٹھاتا ہوا بھی۔ اس کی پیشانی پر کچھ سٹچز کے نشان نظر آ رہے تھے۔ لیکن وہ بالکل ٹھیک تھا۔

"اپنی پھوپھو کے پاس ہے۔ پہلے تو وہ یہی کہہ رہی تھیں کہ حادثہ تھا۔ بچہ گر گیا لیکن......" اس نے دانستہ بات ادھوری چھوڑ دی۔ "تمہارے خدشات درست تھے۔ جائیداد کا مسئلہ...... یو نو...... فاروق حبیب کے بیٹے اور ان کی سابقہ بیوی یہ ہرگز نہیں چاہتے کہ بچے کو اس کا حصہ ملے۔"

فارس گہری سانس لیتا بیڈ پر بیٹھ گیا۔

"اور اس کی پھوپھو! کیا عیسیٰ ان کے پاس محفوظ ہے؟"

"ہاں! وہ ایک معقول خاتون ہیں۔ عیسیٰ اب ان کے پاس ہی رہے گا۔ تم ٹینشن نہیں لو۔ وہ بالکل ٹھیک ہے۔"

''تم گھر کیسے پہنچ گئے؟ میرا مطلب ہے انہوں نے اس طرح تمہیں آنے کیسے دیا؟''

''میں نے ان سے کہا میں آرزو جہانگیر کا رشتے دار ہوں۔ وہ میرے خالہ زاد کی پھوپھو ہیں! بچے سے ملنے آیا ہوں وغیرہ وغیرہ! تو پھر انہوں نے مجھے ملنے دیا۔ اپنا فون نمبر بھی دے آیا ہوں۔ اگر کوئی ایشو ہوگا تو وہ مجھ سے رابطہ کرلیں گی۔''

فارس نے بے ساختہ سکھ بھری سانس لی۔ جیسے کوئی بھاری بوجھ سینے سے سرک گیا ہو۔

''گاڈ! عیسیٰ کی شکل تم سے بہت ملتی ہے۔ دیکھتا بھی تمہاری طرح ہے۔ گھور گھور کر......'' وہ ہنسا۔ اور فارس مسکرا بھی نہیں سکا۔

''تھینکس!''

''کیا بات ہے؟ فارس شیرازی میرا شکریہ ادا کر رہا ہے۔ میں کہیں حیرت سے وفات نہ پا جاؤں۔''

''زندہ رہو۔ ابھی ہم نے مل کر اور بھی بہت سے کام کرنے ہیں۔'' فریزر کھول کر اس نے پانی کی بوتل نکالی۔

''میری فیس...... مجھے ملنی چاہیے۔''

''لندن آؤ گے تو سب ہی حساب برابر ہوں گے۔'' اب وہ فریج میں کچھ کھانے کے لیے دیکھ رہا تھا۔

''میں کل ہی ناردرن ایریاز کی طرف جا رہا ہوں اور سوچ رہا ہوں اگر جیمز اور ولیم بھی ساتھ ہوتے تو کتنا مزا آتا۔ تم تو بے انتہا بور انسان ہو۔ تمہارے ساتھ آؤٹنگ سے بہتر ہے انسان حیدر کو ساتھ لے جائے۔''

''لگے رہو۔ مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا۔'' اس نے فریج سے انڈے، بریڈ، مایونیز، کیچپ وغیرہ نکال کر میز پر رکھا۔

''ویسے تم ان چھٹیوں میں پاکستان کیوں نہیں آ جاتے ہو؟ ہو سکتا ہے تمہارے وہ قاتل دشمن

گرمیوں سردیوں میں کہیں مرکھپ گئے ہوں؟''

''اور یہ بھی تو ہوسکتا ہے وہ زندہ جاوید پھر رہے ہوں؟''

''پھر بھی......''

''میرا نہیں خیال کہ میں کبھی پاکستان واپس جاؤں گا۔'' موبائل کندھے کے سہارے کان سے لگائے وہ انڈا پھینٹنے لگا۔

''ایسی کوئی پابندی اعظم صاحب کی طرف سے تو نہیں ہے۔''

''تو تم ان سے رابطے میں ہو؟''

''ارے نہیں یار!''

''تم ان سے میری قبر کا پوچھ لو۔ وزٹ کر لینا۔'' غصے سے کال کاٹ دی۔ راحم نے موبائل کان سے ہٹا کر سکرین کو گھورا۔ پھر سر جھٹک کر رہ گیا۔

☆......☆......☆

علیزے شیرازی کے ساتھ اپنی منگنی ختم ہونے کے بعد، وہ اس عرصے میں پہلی بار جمیلہ داؤد کے ساتھ لندن آیا ہوا تھا۔ نبیلہ شیرازی کے ساتھ فیملی تعلقات ہنوز ویسے ہی تھے۔ دعوت پر مدعو کیا گیا تو اس نے وہاں علیزے کو بھی دیکھا۔ اس دن وہ اس سے یوں ملی جیسے ان کے درمیان کبھی کچھ ہوا ہی نہ ہو۔ اسے رشتہ ختم ہونے کا کوئی غم یاد کھ نہیں تھا۔ وہ اس کے ساتھ یوں بات کر رہی تھی جیسے بچھڑے ہوئے دو دوست بہت اچانک مل گئے ہوں۔ رابطہ ختم کرنے پر کوئی اعتراض، کوئی شکوہ شکایت بھی نہ ہوئی۔

وہ سر جھٹک کر وہاں سے اٹھ گیا جہاں وہ تھی۔ اور جہاں اس کے کزنز ایک ہجوم سا بنائے باتیں کر رہے تھے۔ وہ گیلری میں جا کھڑا ہوا تھا۔ جمیلہ داؤد دیگر رشتہ دار خواتین کے ساتھ مصروف تھیں۔ ہارون شیرازی بھی کافی سے لطف اندوز ہوتے کسی بات پر ہنس رہے تھے۔ زندگی سے بھرپور ماحول...... مگر اس

https://novelskidunya.com/

کے اندر ایک دم سے تنگی بڑھ گئی تھی۔ نگاہیں بار بار علیزے کی طرف اٹھ جاتی تھیں۔ وہ کسی بات پر اتنا ہنس رہی تھی کہ آنکھوں میں پانی تک آ گیا تھا۔

''کیا اسے ذرا سا بھی افسوس نہیں ہے؟'' سوال بس ایک ہی تھا۔ اور جواب جیسے کہیں نہیں تھا۔ بھنویں سکیڑے وہ الجھا رہا۔

''میں چاہ رہا تھا اگر آپ اور میں آج کہیں باہر چلیں۔'' اگلے دن اس نے جمیلہ داؤد سے کہا۔ وہ لاؤنج کے صوفے پر ٹانگ پر ٹانگ جمائے بیٹھی تھیں۔ کافی کا مگ ہاتھ میں تھا۔ سیاہ گھنے بال سیدھے گر رہے تھے۔ عقب میں فلیٹ کی دیوار گیر کھڑکیوں سے دریائے ٹیمز نظر آ رہا تھا۔

https://novelskidunya.com/

امریکا میں ہر ویک اینڈ پر وہ آؤٹنگ کا پلان بنا لیا کرتے تھے۔ گھوم پھر کر شاپنگ کرتے۔ کسی اچھے ریسٹوران میں کھانا کھاتے۔ ہارون فری ہوتا تو وہ بھی ساتھ دیتا مگر زیادہ تر اس میں جمیلہ اور حماد ہی ہوتے تھے۔ لندن آنے کے بعد مصروفیت میں اس قدر اضافہ ہوا تھا کہ گزشتہ دو ہفتوں میں ایک بار بھی وہ اپنی ممی کے ساتھ وقت نہیں گزار سکا تھا۔ وہ خود بھی بہت بزی تھیں۔ انہوں نے اس کی بات سنی۔ سیاہی مائل بالوں میں ہاتھ پھیرتے لمحے بھر کے لیے کچھ سوچا۔

NovelsKiDunya

''آج کا پلان کیسا رہے گا؟'' ریموٹ اٹھاتے وہ صوفے پر بیٹھ گیا۔ چینلز بدلنے لگا۔ انہوں نے کافی کا مگ رکھ دیا۔ انہیں کسی بات کا خیال آیا۔

''آج تو میں کچھ مصروف ہوں۔ ضروری کام سے باہر جانا ہے۔ کیوں نا اتوار کو رکھ لیں؟'' مسکرا کر کہا۔ ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ وہ انہیں یاد دلا رہا تھا اور وہ معذرت کر رہی تھیں۔ عموماً ایسے سب ہی پلانز وہ خود ہی بنایا کرتی تھیں۔

''شیور!'' اس نے کوئی اعتراض نہ کیا۔ شام تک اس نے اپنے کزنز کے ساتھ پلان بنا لیا۔ خوب گھومتے پھرتے رہے، اس کی کزن مونا اسے اپنی ہر فیورٹ جگہ دکھانا چاہتی تھی۔ تصویریں کھینچتے،

ہنستے ہوئے وہ ان کا بھر پور ساتھ دے رہا تھا۔علیزے بھی ساتھ ہی تھی مگر وہ خود ہی اس سے ایک فاصلہ سا برقرار رکھے ہوئے تھا۔آخری منزل ''لندن آئی'' تھی۔وہ اپنے کزنز کے ساتھ وہیں موجود تھا۔برف گر رہی تھی۔موسم سرد تھا۔وہ شاہراہ پر چلتے اس منظر کو دور سے دیکھتے ہوئے آگے بڑھ رہا تھا۔اور تب ہی اس کی نگاہ سڑک کنارے جمیلہ داؤد پر پڑی اور وہ جھٹکے سے اپنی جگہ رک گیا۔ان کے پہلو میں ایک نوجوان تھا۔اس کے بال ماتھے پر بکھرے ہوئے تھے۔وہ کسی بات پر ہنستے ہوئے ان کی طرف دیکھ رہا تھا۔

''فارس!'' ذہن میں ایک دم سے جھما کا ہوا۔برفیلے موسم میں اس کا وجود آگ کی لپیٹ میں آ گیا۔

''ضروری کام سے باہر جانا ہے۔کیوں نا اتوار کو رکھ لیں؟''

ضروری کام؟ وہ سکتے میں کھڑا تھا۔اس کے کزن ایک دوسرے سے ہنستے باتیں کرتے، پیچھے رہ گئے تھے۔مونا کی کسی بات پر شور مچا رہے تھے۔اس نے حماد کا بازو پکڑ کر کھینچا بھی تھا اور وہ صدمے میں گھرا ہوا جس طرف دیکھ رہا تھا، اس طرف ہی دیکھتا رہ گیا تھا۔

شیرازی مینشن کے تمام مناظر ذہن میں تازہ ہو گئے۔بھولی بسری یادیں واضح ہو گئیں۔مہنگے کھلونے، قیمتی لباس۔ہر آسائش سے پر ایک ملازم کا کمرہ آنکھوں میں گھوم گیا۔بات زیادہ پرانی نہ تھی۔اسے دادا کا غصہ بھی یاد تھا۔ان کا قہر، ناراضی بھی۔الجھن یا صدمہ صرف ان باتوں کا نہ تھا۔اس کے تو وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ اس کی ممی فارس وجدان سے رابطے میں تھیں۔اس فارس وجدان سے جو علیزے کے ساتھ اس کا رشتہ ختم ہونے کا سبب بنا تھا۔

اسے اپنے آس پاس، اپنی زندگی میں، اپنے رشتوں میں ہر جگہ فارس وجدان نظر آنے لگا تھا۔بچپن سے لے کر آج تک وہ اپنی جگہ قائم تھا۔دادا نے اس کی کفالت ختم نہیں کی تھی۔ممی نے اس کا ساتھ نہیں چھوڑا تھا۔گزشتہ پانچ سالوں سے وہ لندن آ رہی تھیں۔ہر دوسرے، تیسرے مہینے۔کبھی دس دن کے لیے، کبھی پندرہ دن کے لیے۔وہ یہی سمجھتا رہا وہ اپنے آرٹ ایگزیبیشن کے لیے جاتی ہیں۔رشتہ

داروں سے ملنے۔ نبیلہ شیرازی کے بلاوے پر۔ ان کی پارٹیز اٹینڈ کرنے کے لیے..... تصور میں بھی نہ تھا کہ وہ فارس وجدان سے ملنے آتی تھیں۔

اس کا دماغ غصے سے پھٹ رہا تھا۔ وہ اپنے گھر کے کسی بھی فرد کو اب سمجھ نہیں پا رہا تھا۔ یہاں ہو کیا رہا تھا؟

وہ فارس کا ہاتھ پکڑے اٹھ گئی تھیں۔ اس سے بات کرتے ہوئے، اس کی سنتے ہوئے وہ شاہراہ کنارے لندن آئی کی جانب بڑھنے لگی تھیں۔

وہ اس کی ماں تھیں۔ وہ اس کا وقت کسی اور کو دے رہی تھیں۔ اسے انکار کر کے وہ فارس وجدان کے ساتھ گھوم رہی تھیں۔ اسے یوں لگا جیسے اس کے ساتھ دھوکا ہوا ہو۔ جیسے اس کی ممی نے اس کے ساتھ جھوٹ بولا ہو۔ اس کی اہمیت کو کم کیا ہو۔ کون تھا یہ فارس وجدان؟ کیا اوقات تھی اس کی کہ وہ گزشتہ تیرہ چودہ سالوں سے اس کے دلعزیز رشتوں کے حواسوں پر چھایا ہوا تھا۔ کوئی بھی اسے چھوڑنے کو تیار نہ تھا۔ نہ دادا، نہ اس کی ممی...... باوجود اس کے، جو اس نے کیا۔

بھلا ملازموں کو بھی اتنی اہمیت دی جاتی ہے جتنی اہمیت اسے دی جا رہی تھی؟ مالکان بھی اس طرح وقت نکالتے ہیں جیسے اس کی ممی اس کے لیے نکالتی تھیں؟ اس طرح غلطیاں معاف کر دی جاتی ہیں جیسے اس کی کر دی گئی تھیں؟

اس کا دل اچاٹ ہو گیا۔ موڈ خراب ہو گیا۔ وہ وہیں سے واپس پلٹ گیا۔ اس نے اپنے کزنز کی ایک نہیں سنی اور اسی وقت گھر چلا گیا۔ جمیلہ داؤد رات گیارہ بجے تک واپس آئی تھیں۔ اس نے ان سے کوئی بات نہ کی۔ انہوں نے اگلے دن اس کے ساتھ باہر جانا چاہا تو اس نے انکار کر دیا۔ کزنز کے ساتھ پارٹی ارینج کرنا چاہی تو منع کر دیا۔ ان کے ساتھ شاپنگ پر بھی نہیں گیا۔ کزنز کے ساتھ بھی سب ہی پلانز کینسل کر دیے۔ جمیلہ داؤد اس کے بدلتے رویے سے پریشان ہو گئیں۔ بار بار پوچھتی رہیں اسے کیا ہوا

تھا مگر وہ کچھ بھی بتانے کو تیار نہیں تھا۔

امریکا پہنچ کر اس کا رویہ مزید خراب ہوگیا۔ وہ ملازموں پر بات بے بات برسنے لگا تھا۔ اسے چھوٹی چھوٹی باتوں پر غصہ آرہا تھا۔ وہ گھر تاخیر سے آنے لگا تھا۔ وہ جمیلہ داؤد کی کالز نظرانداز کررہا تھا۔ وہ گھر کے کسی فرد سے بھی ٹھیک سے بات نہیں کررہا تھا۔ اعظم شیرازی نے جمیلہ داؤد سے پوچھا تھا۔ انہیں خود نہیں معلوم تھا اسے اچانک کیا ہوا تھا؟ وہ اس کے لیے بہت پریشان ہورہی تھیں۔

https://novelskidunya.com/

''تمہیں ہو کیا گیا ہے حماد؟''

وہ گھر تاخیر سے آیا تو انہوں نے لاؤنج میں ہی روک لیا۔

''مجھے کیا ہوا ہے؟'' ویسا ہی سرد اور اجنبی سا لہجہ۔ آنکھوں میں دنیا جہان کی خفگی ٹھہری تھی۔

''بات سے مسئلے حل ہوتے ہیں۔ اس طرح چپ رہنے اور غصہ دکھانے سے کیا ملے گا؟ ماسوائے ٹینشن کے۔'' پیار بھرے لہجے میں کہتے ہوئے اسے بازو سے پکڑ کر اپنے پاس بٹھالیا۔

''بتاؤ کیا ہوا ہے تمہیں؟ کیوں اتنے غصے میں رہنے لگے ہو؟''

اب جبکہ وہ استفسار کررہی تھیں۔ اسے بولنے پر اکسا رہی تھیں تو اس نے اپنے اندر کے اشتعال پر قابو پاتے ہوئے ان سے بات کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ پریشان وہ تھیں تو سکون میں وہ بھی نہیں تھا۔

''فارس کون ہے ممی؟'' اس نے سرخ پڑتی آنکھیں ان پر جما کر پوچھا۔

جمیلہ داؤد اپنی جگہ منجمد ہوگئیں۔ سوال غیر متوقع تھا۔ وہ سمجھ نہیں پائیں وہ اس طرح اچانک فارس کے بارے میں کیوں پوچھ رہا تھا۔ اب کیوں پوچھ رہا تھا؟

''حماد یہ تم......''

''میرے سوال کا جواب دیں ممی پلیز!'' وہ متوحش ہوکر بولا تھا۔

جمیلہ داؤد کچھ کہہ نہ سکیں۔ وہ اس کا سوال سمجھنے کی کوشش کررہی تھیں۔

"کیا وہ اس کی اصلیت سے واقف ہو چکا ہے؟ اس کے بارے میں سب جان چکا ہے؟" ان کی پریشانی بڑھ گئی۔

حماد آنکھوں میں دکھ لیے اگلے کئی لمحوں تک انہیں دیکھتا رہا۔ اس کی ممی نے اس سوال کا کوئی جواب نہیں دیا تھا۔ وہ کون تھا؟ وہ کیا تھا ان کے لیے، وہ نہیں بتا رہی تھیں۔

"آپ نے مجھ سے جھوٹ بولا۔ آپ نے کہا آپ بزی ہیں۔ آپ کو اپنی کسی دوست سے ملنے جانا ہے۔ لیکن...... آپ...... آپ وہاں فارس کے ساتھ تھیں۔ میں نے آپ کو دیکھا۔" دکھ، صدمے اور غصے سے وہ لفظ جوڑ کر کہہ رہا تھا۔

"آپ لندن بھی صرف اس کی وجہ سے جاتی ہیں۔ کون ہے وہ؟ کیوں آپ کے لیے اتنا اہم ہے کہ آپ اس کے لیے مجھے ہمیشہ سے اگنور کرتی آ رہی ہیں؟"

"کیا ہو گیا ہے حماد!" لہجے میں تشویش لیے اس کے بازو پر ہاتھ رکھا۔ "میں نے تمہیں کبھی اگنور نہیں کیا۔ یہ تم...... کس طرح کی باتیں کر رہے ہو؟"

"میں کس طرح کی باتیں کر رہا ہوں؟" وہ جھٹکے سے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا۔ "آپ اب بھی سمجھ نہیں رہیں میں کیا کہنا چاہ رہا ہوں؟"

گہری سانس لے کر اعصاب پر قابو پانے کی کوشش کرتے ہوئے وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھیں۔

"میں نے تمہیں اگنور نہیں کیا۔ اس دن مجھے فارس سے ملنا تھا۔ ہمارا پلان پہلے سے طے تھا۔"

"کیوں ملنا تھا آپ کو اس سے؟"

وہ بے بسی سے اسے دیکھ کر رہ گئیں۔

"بتائیں مجھے۔ کیوں امپورٹنٹ ہے وہ آپ کے لیے؟" وہ چیخا۔ "اور وہ لندن میں کیوں ہے؟

وہ وہاں کیا کر رہا ہے؟ بابا نے ابھی تک اسے نکالا کیوں نہیں؟"

"حماد!" ان کے لب ہلے۔ انہوں نے کچھ کہنا چاہا مگر وہ انہیں موقع نہیں دے رہا تھا۔

"کون ہے وہ ممی؟"

"تم جانتے ہو، وہ کون ہے؟"

تعارف وہی تھا جو اعظم شیرازی نے دیا تھا۔ وہ اسے دہرانا نہیں چاہتی تھیں۔ راز کو راز ہی رہنا تھا۔ پردہ نہیں اٹھا سکتی تھیں۔

"نہیں، میں بالکل نہیں جانتا۔ آپ، دادا، ڈیڈ...... آپ لوگ مجھ سے کچھ چھپا رہے ہیں!"

"حماد! تم خوامخواہ بات کو بڑھا رہے ہو۔" نرمی سے سمجھانے کی سعی کی۔

"وہ ایک نوکر کا بیٹا ہے۔ کیوں وہ میری جیسی زندگی گزار رہا ہے۔" وہ غصے سے پھٹ پڑا۔

وہ اپنی جگہ ساکت ہوئی تھیں۔ اس کی جیسی زندگی؟ حماد کو اندازہ بھی ہے اس کا چھوٹا بھائی کیسی زندگی گزار رہا ہے؟ کیسے درد میں رہ رہا ہے؟ کیسی تکلیفیں سہہ رہا ہے؟ ان کا دماغ ایک دم سے ماؤف ہوا تھا۔ اندر ایک ابال سا اٹھا تھا۔ خود پر قابو پاتے انہوں نے ایک بار پھر اس کی طرف دیکھا تھا۔ قوت مجتمع کی تھی۔ لفظوں کو ترتیب دیا تھا۔

"وہ تمہارے دادا کی کفالت میں ہے۔ ہی ہیز آ رائٹ ٹو۔" وہ بولیں تو آواز کھوکھلی تھی۔ لفظ ہلکے تھے۔ بے وزنی، بے معنی......

"کفالت؟" حماد کو ہنسی آ گئی تھی۔ "جو اس نے کیا، اس کے باوجود بھی کفالت؟" وہ سینے پر بازو باندھے ان کی طرف مڑا۔ آنکھوں میں سرخی اتری ہوئی تھی۔

"کیا آپ چاہتی ہیں میں آپ کو لسٹ بتاؤں ان تمام فوسٹر ہاؤسز کی جن کو بابا فنڈنگ دیتے ہیں؟ کیا ان تمام بچوں میں سے کوئی ہمارے گھر میں رہتا ہے؟ کیا ان تمام بچوں سے آپ ہر مہینے ملنے

جاتی ہیں؟ ان کے لیے گفٹس لیتی ہیں؟ ان کے ساتھ پارکس گھومتی ہیں؟"

جمیلہ آنکھوں میں نمی لیے چپ رہیں۔

"نہیں تو وہ کیوں؟" اس کا بس نہیں چل رہا تھا وہ فارس وجدان کو اپنی ماں کی زندگی سے خارج کر دے۔ ان کی یادداشت سے محو کر دے۔ ان کے دل سے نکال دے۔ اپنے سوا وہ اپنے ماں باپ اور دادا کی زندگیوں میں کسی اور کا تصور ہی نہیں کر سکتا تھا۔ کسی کی ذات اس سے زیادہ اہم نہیں ہونی چاہیے۔ نوکر کی جگہ جو ہے، اسے وہی ملنی چاہیے۔

"یہ جانتے ہوئے بھی کہ علیزے اور میرا رشتہ اس کی وجہ سے ختم ہوا۔ آپ پھر بھی اس سے ملتی رہیں۔ دادا نے بھی اسے کوئی سزا نہیں دی۔"

جمیلہ داؤد کو ایک دم سے صدمہ ہوا تھا۔ حماد کو یہ بات کیسے معلوم ہوئی تھی؟

"فارس کی وجہ سے؟" ان کے لب ہلے۔ "حماد! یہ سچ نہیں ہے۔"

"ممی! ڈونٹ ڈیفینڈ ہم۔" وہ بپھر کر بولا تھا۔ "میں سب جانتا ہوں۔ مجھے بس یہ بتائیے کہ ...... فارس وجدان ہی کیوں؟ وہ تھرڈ کلاس نوکر...... وہ گھٹیا لڑکا۔ اوقات ہے اس کی ان چیزوں کی جو آپ اسے گفٹ کرتی ہیں؟" اس کی آنکھوں اور لہجے میں حقارت تھی۔ وہ غصے اور اشتعال میں زہر اگل رہا تھا۔ اپنے دادا کی زبان بول رہا تھا۔ فرق اتنا تھا کہ دادا حقیقت سے واقف تھے۔ حماد ناواقف تھا۔

ان کا حوصلہ ختم ہو گیا، برداشت ختم ہو گئی۔ دماغ پھٹنے لگا۔

"کیونکہ وہ تمہارا بھائی ہے حماد!" ان کی آواز ایک دم سے بلند ہوئی تھی اور حماد پتھر کی طرح ساکت ہو گیا تھا۔

اس کی آنکھیں بے یقینی سے پھٹی ہوئی تھیں۔ وہ اپنی ممی کو دیکھ رہا تھا۔ اسے لگا اسے سننے میں غلطی ہوئی ہے۔

جمیلہ داؤد کا تنفس بھاری تھا۔ ان کا دل دھڑ کے جا رہا تھا۔ لفظ وہی جو ادا ہو گیا تھا۔ راز وہی جواب راز نہیں رہا تھا۔ وہ اسے کبھی نہیں بتانا چاہتی تھیں مگر بتانا پڑ گیا تھا۔ انہیں اعظم شیرازی کی تنبیہ یاد آئی تھی۔ پندرہ سالوں تک حماد کو بے خبر رکھا مگر اب جیسے مزید ہمت نہیں رہی تھی۔ اس کا شک، اس کا غصہ، اس کی بدگمانی۔ وہ بچہ نہیں رہا تھا۔ سب سمجھنے لگا تھا۔ وہ مزید جھوٹ بول کر، اس کے سوال نظر انداز نہیں کر سکتی تھیں۔

''آپ...... یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں؟'' صدمے میں تھا، بمشکل ہی پوچھ سکا۔ اسے لگا ممی ہنس کر ابھی کہہ دیں گی وہ مذاق کر رہی ہیں۔ جس لڑکے کو وہ شیرازی خاندان کا ملازم سمجھتا تھا، وہ بھلا اس کا ''بھائی'' کیسے ہو سکتا ہے؟ جس کے نام کے ساتھ ''ہارون شیرازی'' نہیں لگتا، اور جو ان کے ساتھ ان کے گھر میں بھی نہیں رہتا، وہ اس خاندان کا حصہ کیسے ہو سکتا ہے؟''

''ٹھیک کہہ رہی ہوں۔'' اندر اور باہر ہر طرف چھا جانے والے اس سکوت کو انہوں نے بہت مشکل سے توڑا۔ اپنی بات دہرا کر کئی آنسو اپنے اندر اتار لیے۔ اپنے زخمی دل کو تڑپنے کے لیے چھوڑ دیا۔

''فارس ہارون شیرازی۔ وہ تمہارا چھوٹا بھائی ہے۔''

حماد بے یقینی سے نفی میں سر ہلاتے پیچھے ہٹا۔ وہ اس بات پر یقین نہیں کر سکتا تھا۔ کسی صورت نہیں۔

''آپ کو اندازہ بھی ہے ممی! آپ کیا کہہ رہی ہیں؟'' اس کے لہجے میں غم اور غصہ تھا۔ آنکھوں میں سختی اتر آئی تھی۔ اسے اپنی تمام دنیا تقسیم ہوتی ہوئی نظر آ رہی تھی۔

رشتے، مقام، جائیداد......

''تمہارے ڈیڈ اسے گھر لائے تھے جب وہ پانچ سال کا تھا۔ تمہیں یاد ہو گا۔'' دل پر پتھر رکھ کر، انگاروں کی سی اذیت اپنے وجود میں محسوس کرتے انہوں نے اسے یاد دلایا۔

اس نے نفی میں سر ہلایا۔ اسے یقین نہیں آ رہا تھا۔

''تمہارے دادا کبھی نہیں چاہتے تھے تمہیں یہ سب معلوم ہو مگر...... مگر تم نے مجھے مجبور کر دیا۔''

وہ دکھ اور صدمے میں تھا۔ متوحش اور بے یقین سا۔

اور پھر وہ ایک دم سے ہنسنے لگا۔ زور سے ہنسنے لگا۔ جمیلہ داؤد اسے دم سادھے دیکھ کر رہ گئیں۔

''تو یوں کہیں نا کہ ڈیڈ کی ناجائز اولاد......'' اس کا جملہ ادھورا رہ گیا۔ جمیلہ داؤد نے اپنے جوان بیٹے کے گال پر تھپڑ جڑ دیا تھا۔ وہ اپنی جگہ ساکن ہو گیا۔

''ایک لفظ نہیں حماد!'' انگلی دکھا کر انہوں نے جس لہجے میں اسے وارن کیا وہ آنکھوں میں صدمہ لیے انہیں دیکھ کر رہ گیا۔

جمیلہ داؤد کی آنکھیں مکمل تر تھیں مگر آواز پتھریلی ہو رہی تھی۔

''تمہارے بابا نے دوسری شادی کی تھی۔ نکاح ہوا تھا۔ فارس ان کا بیٹا ہے۔ تمہارا بھائی ہے وہ۔'' چیخ کر کہا۔

اب وہ رو رہی تھیں۔ زندگی عجیب مقام پر لے آئی تھی۔ اپنے شوہر کے کردار کی گواہی انہیں اپنے سگے بیٹے کو دینی پڑ رہی تھی۔ انہیں فارس وجدان کی حقیقت اپنے سگے بیٹے کو بتانی پڑ رہی تھی۔

انہیں دکھ پہنچا کہ فارس کے وجود کا تصور اس کے ذہن میں ایک ناجائز اولاد کے طور پر آیا۔ اعظم شیرازی نے یہ کیسا ظلم اس کی جان پر کر دیا تھا۔ کیسا سوال اس کی ذات پر اٹھا دیا تھا۔ جائز ہوتا تو اصل مقام پر ہوتا۔ اپنی جگہ پر ہوتا۔ اس گھر میں ہوتا۔ ان کی زندگیوں میں ہوتا۔ اسے پردوں میں چھپا کر یوں اوجھل نہ رکھا جاتا۔ تب حماد کے ذہن میں ایسا کوئی سوال نہ اٹھتا۔ تب وہ ایسی کوئی بات بھی نہ کرتا۔

وہ اسے کیسے دوشی ٹھہرا سکتی ہیں؟ جب آغاز ہی غلط ہوا تھا۔ وہ جس کے نام کے ساتھ اس کے باپ کا نام بھی نہیں تھا۔ وہ اس کے لیے اپنے بیٹے کی سوچ کو الزام دے رہی تھیں۔ انہیں ایک دم سے احساس ہوا۔ انہوں نے اپنے بیٹے پر ہاتھ اٹھایا ہے۔ سمجھانے کے بجائے، اور اسے سمجھنے کے بجائے انہوں نے اعتراف کیا ان سے خطا ہوئی ہے۔

''آئم سوری...... میں نے تم پر......'' ان کی آواز کپکپائی۔

وہ اپنی ماں کی گرفت سے آزاد ہوتا پیچھے ہوا۔

زندگی میں پہلی بار دادا نے غصہ کیا تھا اور وجہ فارس وجدان تھا۔

زندگی میں پہلی بار اس کی ماں نے ہاتھ اٹھایا تھا اور اس کی وجہ بھی فارس وجدان ہی تھا۔

''حماد! میری بات سنو!''

نفی میں سر ہلاتا وہ مزید کچھ بھی کہے بنا سیڑھیاں چڑھتا اپنے کمرے میں بند ہو گیا۔ جمیلہ داؤد شکست خوردہ سی لاؤنج میں کھڑی رہ گئی تھیں۔

اور تب ہی ان کی نظر اٹھی تھی۔ اعظم شیرازی اسٹڈی روم کے دروازے پر کھڑے تھے۔ انہیں علم نہ تھا وہ گھر پر تھے۔ وہ اس تمام وقت ان کی موجودگی سے بے خبر تھیں۔ ان کا خون خشک ہونے لگا۔

''میں نے تم سے کہا تھا فارس کے ساتھ تمہارے رابطے کا اثر حماد پر نہیں پڑنا چاہیے۔'' بھاری کرخت آواز۔ وہ بے پناہ غصے میں لگ رہے تھے۔ پوری بات سن چکے تھے۔ رویہ اور موقف بھی جان چکے تھے۔ ایک ایک لفظ ان تک پہنچ گیا تھا۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

❁ ❁

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 15 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

قسط نمبر 18

شام کے دس بجے حماد کو اعظم شیرازی نے اپنی اسٹڈی میں طلب کر لیا تھا۔ وہ سرخ پڑتی آنکھوں کو رگڑ کر اپنا حلیہ درست کرتا کچھ ہی دیر میں وہاں پہنچ گیا تھا۔ اعظم شیرازی سامنے ہی کاؤچ پر بیٹھے تھے۔ اس کی ممی بھی وہاں موجود تھیں۔ ان کا چہرہ ستا ہوا تھا۔ آنکھیں بھیگی ہوئیں۔ وہ سر جھکائے ہوئے تھیں۔ انہوں نے اسے نہیں دیکھا تھا۔ وہ ایک نظر ان پر ڈال کر اپنے دادا کی طرف دیکھنے لگا تھا۔ وہ اٹھ کر اس کے سامنے آ کھڑے ہوئے تھے۔ ان کے تاثرات کچھ اچھے نہیں لگ رہے تھے۔ وہ اسے بہت سخت نظروں سے دیکھ رہے تھے۔

انہیں اس کے لہجے پر غصہ تھا۔ جس انداز میں اس نے اپنی ماں سے باز پرس کی تھی، اس انداز پر بھی......

''کیا یہ ضروری ہے کہ تمہاری ممی کسی سے بھی ملنے سے پہلے تم سے اجازت لیں؟'' وہ اس کے سامنے کھڑے تھے۔ اس سے کہہ رہے تھے۔ ''تم سے پوچھ کر کسی کو گفٹ دیں۔ یا خیال رکھیں۔ یا گھومنے جائیں؟''

ضبط سے حماد کی آنکھیں سرخ پڑنے لگیں۔ چہرہ غم اور غصے کا عکاس ہونے لگا۔

دادا وہ بات کیوں نہیں کر رہے تھے جو وہ سننا چاہتا تھا؟

وہ اس کی ممی کی باتوں کی نفی یا تردید کیوں نہیں کر رہے تھے؟

وہ فارس نامی اس ملازم لڑکے کی پہچان کی وضاحت کیوں نہیں دے رہے تھے؟
انہیں صرف اس کے رویے کا غصہ تھا۔
وہ سوال جو اس نے کیے، وہ اعتراض جو اس نے اٹھائے، وہ بحث جو اس نے کی۔ انہیں صرف اس امر کا مسئلہ تھا۔

''تمہارا اس طرح سے ری ایکٹ کرنا غیر ضروری اور بچکانہ عمل تھا۔'' وہ اب اصل مدعے پر آئے تھے۔

''آپ مجھے بلیم کر رہے ہیں؟'' حماد کے لہجے سے کرب چھلکا تھا۔ ''زندگی کے تیئس سال گزارنے کے بعد مجھے پتا چلتا ہے جس لڑکے کو میں نوکر سمجھتا رہا ہوں، وہ میرے ڈیڈ کا بیٹا ہے۔ اور میری ممی اس سے ملتی ہیں، امپورٹنس دیتی ہیں۔ اس کے لیے وہ مجھے اگنور کرتی ہیں۔ اور آپ کہہ رہے ہیں میرا ردعمل بچکانہ تھا؟''

جمیلہ داؤد نے کچھ اذیت سے بیٹے کو دیکھا تھا۔
وہ اتنا اور اس قدر بدگمان کیسے ہو گیا تھا؟

''آپ سب نے اتنا عرصہ مجھ سے یہ بات چھپائی؟'' اس کے لب ہلے۔ نظریں جھکی ہوئی تھیں۔ وہ ضبط کی انتہا پر کھڑا تھا۔

''یہ بات اتنی اہم نہیں تھی کہ تمہیں بتائی جاتی!'' ان کی آواز گمبھیر، لہجہ سنجیدگی سے پر تھا۔ پشت پر ہاتھ باندھے وہ اب اس کی آنکھوں میں دیکھ رہے تھے۔

''ہارون نے ہم سے چھپ کر اس تھرڈ کلاس عورت سے شادی کر لی۔ تمہارا کیا خیال ہے ہمیں اس تمام مسئلے سے چھٹکارا پانے کے لیے کیا کرنا چاہیے تھا؟''

حماد اب اپنے دادا کی طرف دیکھ رہا تھا۔

''کیا ہمیں تمہاری ممی کے خاندان سے دشمنی مول لینی چاہیے تھی یا پھر تمہارے ڈیڈ کو عاق کر دیتا

چاہیے تھا؟" ان کا سوال بھاری اور لہجہ بھی اتنی ہی سختی لیے ہوئے تھا۔

حماد کی آنکھوں میں ضبط کی سرخی بڑھ گئی تھی۔

"ہمارے پاس دو راستے تھے۔ یا تو ہم تمہارے ڈیڈ کو عاق کر دیتے۔ یا اس بچے کو قبول کر کے اپنے خاندان کا تماشا بنا لیتے۔"

جمیلہ داؤد نے کچھ اذیت سے آنکھیں میچ لی تھیں۔

"لیکن ہم اس فیملی کی بہتری چاہتے تھے۔ تمہاری بہتری!" کندھوں سے تھام کر اس کی آنکھوں میں دیکھا۔ وہ آنکھیں گہری ہیزل ہو گئیں۔ چہرہ دھندلا پڑ گیا۔ اعظم شیرازی نے ایک دم سے اس کے کندھے چھوڑ دیے۔

https://novelskidunya.com/

وقت پلٹ کر پیچھے کہیں، کسی منظر میں قید ہو گیا۔ ایک عدالت لگ گئی۔ ایک فیصلہ ہو گیا۔ وہ فیصلہ ان کے کندھوں پر ٹھہر گیا..... بالکل ہلکا پھلکا سا دو لفظی فیصلہ ایک دم سے ثقیل ہو گیا۔

حماد نے اپنے دادا کے تاثرات بدلتے دیکھے۔

"ہمیں جو بہتر اور مناسب لگا، ہم نے وہ کیا۔" انہوں نے سنبھل کر کہا۔ لہجے میں مضبوطی لوٹ آئی۔ سختی، برودت اور حاکمانہ پن لوٹ آیا۔

Novels Ki Dunya

"اس لڑکے کا ہمارے خاندان سے کوئی تعلق نہیں!" فیصلہ وہی جو پندرہ سال پہلے ہوا تھا۔ "نہ اس نے کبھی ہماری زندگی میں انٹرفیئر کیا ہے، نہ وہ کبھی کرے گا۔"

حماد نے اپنے دادا کو دیکھا۔ وہ اتنے یقین اور اتنے وثوق سے یہ بات کیسے کہہ سکتے تھے۔

فارس وجدان ان کی زندگیوں میں تھا، وہ اس حقیقت سے نظریں کیسے چرا سکتے تھے؟

اس کی وجہ سے اس کا رشتہ ختم ہو گیا تھا۔

اس کے ڈیڈ خود کو غیر ضروری طور پر مصروف رکھتے تھے۔

اس کی ممی اس لڑکے کے لیے فکر مند رہتی تھیں۔

اور دادا کو لگتا تھا وہ لڑکا انٹرفیئر نہیں کر رہا تھا؟

''ہماری فیملی میں سوائے تمہاری ممی کے اور کوئی اس سے نہیں ملتا! تمہارے ڈیڈ بھی نہیں!'' اعظم شیرازی نے سنجیدگی سے آگاہ کیا۔ ''تمہاری ممی خود اس سے ملنا چاہتی ہیں۔ یہ ان کا ذاتی فیصلہ ہے۔ لیکن ہم نے دیکھا ہے، انہوں نے تمہارے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں میں کوتاہی کبھی نہیں کی۔''

جمیلہ داؤد نے سانس روک کر اپنے سسر کو دیکھا تھا۔ وہ ان کی سائیڈ لے رہے تھے۔ ان کی حمایت کر رہے تھے۔ فارس وجدان کی حقیقت عیاں ہوگئی، اس پر کوئی سخت ردعمل نہیں دے رہے تھے۔ وہ اس پر کسی بھی قسم کی سختی نہیں دکھا رہے تھے۔

''مگر بابا......''

''یہی تمہاری خامی ہے حماد! تم وہاں اپنا موازنہ کرتے ہو جہاں تمہارا موازنہ نہیں بنتا!'' انہوں نے حماد کی بات کاٹی تھی۔

حماد اپنی جگہ تھم گیا۔ اس کے وجود پر دراڑ سی پڑنے لگی۔

''اگر کوئی ہماری فیملی کا حصہ ہوتا تو ہمارے ساتھ ہی رہتا۔ اس لیے بلاوجہ کا ایشو کری ایٹ مت کرو۔'' انہوں نے آخری بات سخت لہجے میں کہہ کر اس پر سکوت طاری کر دیا۔

''ہم اس ٹاپک کو یہیں ختم کر رہے ہیں۔ آئندہ فارس کا ذکر اس گھر میں نہیں ہوگا۔ نہ ہی تم اسے اپنے سر پر سوار کرو گے۔'' لہجے میں اب کوئی سختی نہ تھی مگر ایک تحکم ضرور جھلک رہا تھا۔ ''اب تمہیں اپنی ممی سے معذرت کرنی چاہیے۔''

وہ مٹھیاں بھینچ کر کھڑا تھا۔ کشادہ پیشانی پر سلوٹیں تھیں۔ آنکھوں میں قہر اترا ہوا تھا۔ غصہ ختم ہونے کے بجائے مزید بڑھ گیا تھا۔ لیکن وہ دادا سے مزید کوئی بحث نہیں کر سکتا تھا۔ فرق واضح تھا۔ باتیں

صاف تھیں۔ پہلے دادا صرف اس کی بات کرتے تھے۔ آج دادا صرف اس کی بات نہیں کر رہے تھے۔ موازنہ شروع ہو چکا تھا۔ اسے ایک دم سے احساس ہوا۔ وہ سب کچھ کھو چکا ہے۔ خالی ہو رہا ہے۔ چنگاری سے آگ بھڑکی تھی۔ اس آگ نے پورے وجود کو لپیٹ میں لیا تھا۔

''حماد!'' جمیلہ داؤد نے اسے پکارا تھا۔ ضبط کر کے وہ سیدھا اپنی ماں کی طرف بڑھ گیا تھا۔ ان سے اپنے رویے کی معذرت کر لی تھی۔ انہوں نے بے اختیار اسے خود سے لگا لیا تھا۔ روتے ہوئے شکوہ بھی کر رہی تھی۔ وہ ان کی محبت پر شک کیسے کر سکتا ہے؟ وہ اتنا منفی کیسے سوچ سکتا ہے؟ ایک مکمل فیملی تھی ان کی، ایک حسین سا تعلق تھا سب کا، پھر یہ بدگمانی کیوں آ رہی تھی؟ وہ چپ چاپ سنتا رہا۔ غلطی بھی تسلیم کر لی۔

''مسئلے بات سے حل ہوتے ہیں۔ خاموشی سے پیچیدہ!''

اس نے سمجھ کر سر ہلایا...... انہوں نے اس کے ماتھے کا بوسہ لیا۔ اجازت لے کر باہر نکلا۔ راہداری سے گزر کر سیڑھیوں کی طرف جاتے اس کی مٹھیاں سختی سے بھنچ گئی تھیں۔

ذہن میں فارس وجدان کا چہرہ تھا۔ آنکھوں میں شعلے نظر آ رہے تھے۔

☆......☆......☆

وہ اپنے کمرے میں رائٹنگ ٹیبل پر بیٹھا پڑھائی کر رہا تھا جب اس کے موبائل پر راحم آفاق کی کال آئی تھی۔ اس نے پاکستان ٹائمنگ کا اندازہ کرتے کچھ حیرت سے کال ریسیو کر لی تھی...... اتنی رات گئے وہ کیوں فون کر رہا تھا؟ سلام دعا کے بعد اگلے چند لمحوں میں اس نے جو خبر دی اس نے لمحے بھر کے لیے اس کے وجود پر ایک سکتہ طاری کر دیا تھا۔ قلم ہاتھ میں تھا۔ چھوٹ کر کتاب پر جا گرا۔

پہلے ایک حادثہ سیڑھیوں کا تھا۔ اب ایک حادثہ سوئمنگ پول کا تھا۔ آرزو جہانگیر کا بیٹا عیسیٰ چار گھنٹوں تک زندگی اور موت کی کشمکش میں رہنے کے بعد دم توڑ گیا تھا۔ آج صبح اس کا جنازہ تھا۔ تدفین بھی ہو گئی تھی۔ وہ خاموشی اور صدمے کی کیفیت میں کرسی کے ساتھ پشت ٹکائے بیٹھا رہ گیا، ٹیبل لیمپ

کی روشنی ناکافی ہوگئی۔ وسیع کمرے کا ماحول گھٹن زدہ ہو گیا......بمشکل سانس لیتے اس نے کپکپاتی انگلیوں سے آرزو جہانگیر کا نام سرچ کیا۔

وہ عورت امریکا میں کسی گرینڈ فیسٹول میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کر رہی تھی......اس کی کچھ دیر پہلے تک لی جانے والی تازہ ترین تصویریں انٹرنیٹ پر ڈال دی گئی تھیں۔ وہ ساکت نگاہوں سے اس کا مسکراتا چہرہ دیکھ رہا تھا۔ وہ تکبر سے گردن سیدھی کیے ہاتھ ہلا رہی تھی......اسے اپنے بیٹے کی کوئی خبر نہ تھی۔ خبر تھی بھی تو کوئی احساس نہ تھا۔ اس کے لیے وہ تقریب اہم تھی۔ اپنا نام اہم تھا۔ اپنے فینز اہم تھے۔

اس کے اندر ایک دم سے غصے کا وبال اٹھا تھا۔ وہ ایسی عورت کا بیٹا ہے۔ اسے اپنے وجود سے گھن آئی۔ وہ ایسی عورت کی شبیہ ہے۔ اسے اپنے چہرے سے نفرت ہوئی۔ اسے اپنا وجود نوچنے، اپنی رگوں سے اس کا خون کھینچنے کا جی چاہا......اس کے وجود سے کراہیت آرزو جہانگیر کی وجہ سے برتی گئی تھی، اس کے حصے میں مظالم آرزو جہانگیر کی وجہ سے آئے تھے۔

موبائل اسکرین پھر سے روشن ہوئی تھی۔ راحم کال کر رہا تھا۔ اس نے سانس لیتے ہوئے سر تھام لیا۔

"اب ہر کوئی تمہارے دادا جیسا تو نہیں ہوتا۔ ایکسٹرا اسکیورٹی دے کر زندہ رکھیں؟"

موازنے اور احتساب کی پہلی سیڑھی پر اس کے قدم بے ساختہ لڑکھڑا گئے۔ اس کی سوچ بھٹک گئی۔ اس کا ذہن منتشر ہونے لگا۔

"چاہیں تو یہیں تمہاری جان لے سکتے ہیں۔"

وہ گہری سانس لیتا خود کو اس کیفیت سے نکالنے کی کوشش کر رہا تھا جس کی دلدل میں وہ دھنستا جا رہا تھا۔

"وہ تمہارے دادا ہیں۔ لاکھ پتھر دل سہی، ہی ٹرائیڈ ٹو پروٹیکٹ یو!"

منظر دھندلے پڑے۔ آوازیں گڈمڈ ہونے لگیں۔

https://novelskidunya.com/

"مجھے اسے زندہ رکھنا ہی تھا، یہی وعدہ تھا۔"

وعدہ! اعظم شیرازی کا...... ہارون شیرازی کا وعدہ!

اندر ایک بحث چھڑ گئی تھی۔ زندگی کی تمام تر تلخیاں ایک طرف تھیں۔ اعظم شیرازی کا وہ تنہا فیصلہ ایک طرف......

وہ اپنے اعصاب پر قابو پاتے کپڑوں سمیت شاور کے نیچے جا کھڑا ہوا۔

کمرے میں موبائل ہنوز بجتا رہا تھا۔

☆......☆......☆

ڈائننگ ٹیبل پر کھانا لگ چکا تھا۔ جمیلہ داؤد آفس روم کے آدھے کھلے دروازے کے سامنے دستک دیتے دیتے رک گئی تھیں۔

اعظم شیرازی کاؤچ پر بیٹھے تھے۔ حیدر پشت پر ہاتھ باندھے ان کے سامنے مؤدب سا کھڑا تھا۔ تفصیلات سے کچھ آگاہ کرتا ہوا۔ ان کا سوال سن کر انہیں جواب دیتا ہوا۔ فاصلہ اتنا بھی نہ تھا کہ وہ ان کی گفتگو نہ سن پاتیں۔ پہلے پہل انہیں لگا حماد کی بات ہو رہی ہے۔ دوسرے ہی پل انکشاف ہوا بات حماد کی نہیں، فارس وجدان کی ہو رہی تھی۔

وہ اس کے متعلق حیدر سے پوچھ رہے تھے۔ اس کا رزلٹ کیسا آیا تھا، اس کے معمولات کیسے چل رہے تھے، اس کے دوست کیسے تھے، حالات کیسے تھے، زندگی کیسی تھی۔ حیدر انہیں سب بتاتا جا رہا تھا۔ وہ جانتے تھے جمیلہ داؤد ہی اسے فائنشلی سپورٹ کر رہی تھیں۔ انہوں نے اس بارے میں ان سے کوئی استفسار نہیں کیا تھا۔ فارس وجدان کو اس کے حال پر چھوڑ دیا تھا۔ وہ اب تک یہی سمجھتی رہی تھیں مگر آج علم ہوا ایسا نہیں ہوا تھا۔

وہ ابھی بھی اس پر نظر رکھے ہوئے تھے۔ اس کے پل پل کی خبر ان تک پہنچ رہی تھی۔

وہ ڈر گز نہ لیتا ہو، کسی غلط سرگرمی میں نہ پڑ گیا ہو، کسی مسئلے سے دوچار نہ ہو۔ وہ خدشات کی لے پر سوال کر رہے تھے۔ ان کے انداز اور لہجے میں عجیب سی فکر جھلکتی ہوئی نظر آ رہی تھی۔ بظاہر سختی اور برودت لیے ہوئے تاثرات تھے مگر وہ ایک جھلک دیکھ کر ہی جان گئی تھیں اعظم شیرازی اس لمحے وہ نہیں تھے جو ہمیشہ ہوا کرتے تھے۔ کہیں کچھ صحیح معنوں میں بدل گیا تھا۔

ممکن ہے وہ ابھی بھی...... ہارون کی وجہ سے......

انہوں نے اس تغیر کو کوئی وجہ دینا چاہی...... مگر دے نہ سکیں۔

ہارون شیرازی نے آج تک اپنے بیٹے کے متعلق گھر کے کسی فرد سے بات نہیں کی تھی۔ کوئی اسٹینڈ نہیں لیا تھا، کوئی فکر نہیں دکھائی تھی۔ اس نے تو کبھی یہ جاننے کی کوشش بھی نہ کی کہ اس کا بیٹا کن حالات میں تھا۔

گہری سانس لے کر وہ دروازے پر دستک دیتیں اندر آ گئیں۔

حیدر اجازت لیتا اسی وقت چلا گیا۔

''کھانا لگ چکا ہے۔'' انہوں نے کہا۔ وہ سر ہلاتے اٹھ گئے۔

ڈائننگ ہال میں کھانے کے دوران ایک عجیب سی خاموشی چھائی رہی۔ صرف ہارون ہی تھے جو بات کر رہے تھے۔ حماد کا سر جھکا ہوا تھا۔ مختصر ہوں ہاں میں جواب دیتا وہ اپنے دادا کی طرف نہیں دیکھ رہا تھا۔ مختلف ڈشز اس کے سامنے رکھتے ہوئے جمیلہ داؤد خود ہی اس سے مخاطب ہو رہی تھیں۔

کھانا کھانے کے بعد ہارون اور اعظم شیرازی جا چکے تو انہوں نے فرصت سے فارس کو کال کی۔

''تمہارا پیپر کیسا ہوا؟''

''اچھا ہو گیا۔'' وہ بیگ کندھے سے لگائے اپنی یونیورسٹی کے ہال وے سے گزر رہا تھا۔ پیچھے اسٹوڈنٹس کا شور اور آوازیں آ رہی تھیں۔ وہ کیفے ٹیریا میں چلا گیا۔ ویڈیو کال ہو رہی تھی۔ وہ اسے بغور

دیکھنے لگیں۔ فارس اپنی میز پر اکیلا بیٹھا تھا۔ اس کے آس پاس سے کوئی گزر نہیں رہا تھا۔ کسی نے مخاطب کر کے بات کرنے کی کوشش نہیں کی تھی۔

''تم نے دوست نہیں بنائے؟'' وہ حیدر کی باتیں سن چکی تھیں۔ فارس وجدان ہمیشہ، ہر جگہ تنہا ہی نظر آتا تھا۔

''ضرورت نہیں پڑی!'' اب وہ موبائل کو سیدھا رکھے مسکراتے ہوئے بول رہا تھا۔ انہوں نے گہری سانس لی۔ حماد کا فرینڈ سرکل تو ختم ہونے کا نام ہی نہیں لیتا تھا اور ایک فارس تھا۔ جس کی کانٹیکٹ لسٹ میں بمشکل ہی چند نمبر محفوظ تھے۔ تین تو وہ جانتی تھیں۔ راحم، جیمز اور ولیم...... ایک مسز گرانٹ کا تھا۔ باقی وہ خود تھیں اور بس......

https://novelskidunya.com/

''میں نے تم سے کہا تھا یونی ورسٹی لائف انجوائے کرو۔ فرینڈز بناؤ۔''

اس نے مسکرا کر سن لیا مگر جواب نہیں دیا۔ بات کرنے کے لیے اور بہت کچھ تھا۔ وہ اب انہیں کلاسز شیڈول کے بارے میں بتانے لگا۔ جیمز کے ساتھ کلائمبنگ سینٹر جانے کا ارادہ تھا اس کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ مسز گرانٹ کے ساتھ وہ اگلے ہفتے کچھ دنوں کے لیے فن ڈسٹرکٹ جانے والے تھے جہاں ان کا آبائی گھر تھا۔ فری کی موج مستی اور دعوت...... انہیں حیرت ہوئی کہ تینوں کیسے مان گئے۔ یہ تو بعد میں علم ہوا کہ وہ راحم کو جلانا چاہتے تھے۔ جس طرح وہ پاکستان بھر میں ان کے بغیر ہی موج مستیاں کرتا پھر رہا تھا تو بس یہ سب اس لیے تھا...... وہ سن کر مسکراتی رہیں۔

یہ ظاہر تھا کہ فارس وجدان کی نفسیات پر کافی اچھا اثر پڑ گیا تھا۔ اس کا چہرہ اب کسی دکھ یا غم سے بوجھل نہیں لگتا تھا۔ اس کی خاموشی اب زیادہ طویل نہیں ہوتی تھی۔ اس کی آنکھوں میں زندگی کے رنگ اب انہیں دکھائی دے جاتے تھے۔ وہ کھل کر ہنسنے اور مسکرانے بھی لگا تھا۔

دادا سے الگ ہونے کا فیصلہ اس کے لیے بہترین ثابت ہوا تھا۔ جو بوجھ اس کے اعصاب پر

پڑتا تھا وہ ختم ہو چکا تھا۔ عزت اور خودداری کا احساس نئی منزلوں کی جانب گامزن کر چکا تھا۔ اس کی شخصیت کی یہ تبدیلی انہیں اچھی لگی تھی۔

بات ختم ہوگئی تو وہ اٹھ کر سیڑھیوں کی جانب بڑھ گئیں۔ پلر کی اوٹ میں دیوار کے ساتھ پشت ٹکائے حماد شیرازی نے مٹھیاں سختی سے بھینچ لی تھیں۔ اس کے چہرے پر دھوپ پڑ رہی تھی۔ آنکھوں میں آگ جل رہی تھی۔

آواز اب صرف فارس کی تھی۔ جو اس کے اندر.....اور بہت اندر تک گونج رہی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

راحم گلاسز درست کرتا لیپ ٹاپ اسکرین کے سامنے اکڑ کر بیٹھا تھا۔ جیمز، ولیم اور فارس، سب ہی آن لائن تھے۔ وہ اپنی سیر و تفریح کے قصے سنا رہا تھا۔ باقی دو تو توجہ سے سن رہے تھے مگر فارس کی نگاہیں اس کے کمرے کا جائزہ لینے میں لگی ہوئی تھیں۔ ہر بار اس کا کمرہ مختلف ہوتا تھا۔

"تم پاکستان گھوم رہے ہو یا پاکستان تمہارے پیچھے گھوم رہا ہے؟"

"فی الحال تو دونوں کام ہو رہے ہیں۔" کھسیانا ہو کر ہنسا۔

"یعنی تم کسی الٹے سیدھے کام میں پڑ گئے ہو۔" فارس نے مشکوک ہو کر اسے دیکھا۔

"نہیں، وہ غلطی صرف میں نے تمہاری ذمہ داری لیتے وقت کی تھی۔ باقی کوئی بھی کام ہو میں سوچ سمجھ کر کرتا ہوں۔"

فارس لب بھینچ کر رہ گیا۔

"وہ خاص کام کیا ہے جس کے بارے میں تم نے ہمیں بتانا تھا؟" جیمز نے ایک دم سے اسے یاد دلاتے ہوئے اپنی طرف متوجہ کیا۔

"ہاں وہ خاص کام! بیس ہزار پاؤنڈز والا!" ولیم بھی اپنی نیند سے جاگا۔

"پاؤنڈز نہیں، روپیز......" راحم نے تصحیح کی۔
نوٹ پیڈ پر خالی لکیریں کھینچتے فارس نے چونک کر سر اٹھایا۔ "کیسا کام؟"
"اصل میں......" سنجیدگی سے بات کرتے راحم لیپ ٹاپ اسکرین پر جھکا۔ سسپنس کی انتہا کرتے اپنی آواز پست کی۔
"مجھے کسی کو اغوا کرنا ہے۔"
فارس ششدر رہ گیا۔
جیمز اور ولیم کے منہ کھل گئے۔
"آر یو آؤٹ آف یور مائنڈ!" وہ چیخ اٹھا۔
"نہیں میرا مائنڈ میرے اندر ہی ہے۔" وہ مزے سے سیدھا ہو بیٹھا۔
"کس کو اغوا کرنا ہے؟ کیوں اغوا کرنا ہے؟" جیمز اور ولیم لیپ ٹاپ میں گھس گئے۔
راحم مزید اکڑ گیا۔ اس نے فوراً گلاسز ہٹا کر سیاہ گاگلز لگا لیے...... کہ وہ بہت معتبر اور پروفیشنل سی شخصیت لگے۔
"تو غور سے سنو سب! مجھے ایک بچے کو اغوا کرنا ہے۔"
"جرائم کے علاوہ تمہارا دماغ اور کسی چیز میں چلتا بھی ہے یا نہیں!" فارس کو اس پر ٹھیک ٹھاک غصہ آ گیا۔
"ایک تو میں جب بھی نیکی کا کام کرتا ہوں، تم میرے پیچھے پڑ جاتے ہو۔"
"نیکی؟ تم ایک بچے کو اغوا کرو گے اور یہ نیکی ہے؟" ان کی بحث چھڑ گئی۔
"تو بچے کو اغوا کروا کون رہا ہے؟ تم یہ بھی تو دیکھو۔ اس کا بے چارہ سگا باپ!"
جیمز اور ولیم نے مشترکہ "او" کہہ کر بات کو سمجھا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

''بیس ہزار روپے کے لیے نیکی ہو رہی ہے۔'' فارس نے طنز کیا۔

''پوری بات تو سن لو پہلے...... پھر لیکچر دینا۔ دوست ہے میرا۔ اس کی بیوی رشتے میں کزن بھی ہے۔ دونوں فیملیز کے درمیان بہت بڑی جنگ چھڑی ہوئی ہے۔ مسئلہ بڑوں کا ہے۔ لیکن بیچ میں دو دونوں پس رہے ہیں۔ لڑکے والے باپ کو بچے سے بھی نہیں ملنے دے رہے۔ تو میں چند گھنٹوں کے لیے اسے غائب کروں گا۔ اور اسے واپس دے آؤں گا۔''

فارس نے ضبط کر کے اس کی پوری بات صبر و تحمل سے سنی۔

''اگر جو بچے نے منہ کھول کر تمہارا بھانڈا پھوڑ دیا تو......؟''

''وہ دو سال کا ہے۔ کیا بولے گا؟'' راحم نے گویا ناک سے مکھی اڑائی۔ ''پانچ منٹ کا کام ہے یار!'' اس نے چٹکی بجائی۔

وہ یوں بات کر رہا تھا جیسے بس گلی کے نکڑ تک جا کر واپس آ جانا ہے۔ فارس کو ایک دم سے راحم پر شک ہوا۔

کیسی کیسی سرگرمیوں میں ملوث رہا ہو گا یہ؟

جیمز اور ولیم حد سے زیادہ ایکسائیٹڈ ہوئے۔

''اٹ از ناٹ اے کرائم یو نو، راحم ایک بچے کو اس کے باپ سے ملوا رہا ہے۔''

بھلا وہ کیونکر برداشت کر سکتے تھے کوئی ان کے راحم کو ''مجرم'' کہے۔ طے پایا کہ وہ کل ہی کسی بہانے لڑکی والوں کے گھر جائے گا اور بچے کو کسی طرح اغوا کر کے اپنے دوست کے پاس لے جائے گا۔

''اوہ تم کوشش کرنا اگر بے بی کاٹ سے بچے کو اٹھاؤ تو اندر کچھ رکھ دینا۔ جس سے سب کو یہی لگے کہ بچہ ابھی بھی وہیں ہے۔'' جیمز کے ''رائٹرانہ'' مشورے شروع ہو چکے تھے۔

''دو سال کا ہے وہ...... بے بی کاٹ میں کیا کر رہا ہو گا؟'' ولیم نے کھڑکا۔

''راحم ایک بچے کے ساتھ تمہیں دیوار پھلانگنے میں کتنی دقت ہوگی.....'' جیمز کو اور فکر ہوئی۔

''شاید تمہیں یاد نہیں فلورا اور ہیری کے پنجرے کے ساتھ یہ مسز گرانٹ کی کھڑکی تک کیسے چڑھ کر گیا تھا۔ بالکل بندر کی طرح......''

''بندر کی طرح؟'' راحم معترض ہوا۔

''تو ہم اور کیا کہیں؟'' وہ اس کے تاثرات سے خائف ہوئے کہ کہیں اس ساری کارروائی سے انہیں بلاک ہی نہ کر دیا جائے۔

https://novelskidunya.com/

جس وقت وہ ساری پلاننگ ہو رہی تھی، فارس ضبط کیے چپ رہا۔

اگلے دن وہ یونی ورسٹی چلا گیا۔ جیمز اور ولیم پل پل کی خبر اسے دیتے رہے۔ دوپہر تین بجے کے بعد راحم آفاق کے ساتھ ان کا رابطہ ختم ہو گیا۔ آخری بار جب بات ہوئی تو اس نے یہی بتایا کہ وہ بس پہنچ گیا ہے۔ آگے کیا ہوا؟ کچھ خبر نہ تھی۔

شام تک انہوں نے اس کا انتظار کیا۔ اور پھر یقین کر لیا وہ پکڑا گیا ہوگا۔ اب اتنے بھرے پرے گھرانے میں پورے خاندان کی موجودگی میں ایک بچے کو غائب کرنا کوئی آسان کام تھوڑی نہ تھا۔

یہ تو راحم تھا جسے لگ رہا تھا بس یوں گیا۔ اور یوں آیا۔ کہہ تو رہا تھا ملاقات کے بہانے جائے گا۔ ہو سکتا ہے اس نے ارادہ بدل لیا ہو اور دیوار پھلانگی ہو۔ اور کسی ماموں، چچا کی بندوق کی زد میں آیا ہو......

وہ سینکڑوں طریقوں سے اسے بھاگتے، گرتے، گولی کھاتے، پھسلتے، مرتے دیکھ چکے تھے۔ جیمز کا ''رائٹرانہ'' دماغ ان کے چھکے چھڑا رہا تھا۔ فارس اور ولیم نے اسے جھڑک کر اس کا منہ بند کروا دیا۔

رات گئے تک وہ راحم سے رابطے کی کوشش کرتے رہے۔ تھک ہار کر اپنے گھروں کو لوٹ گئے۔ کروٹیں بدلتے رات گزر گئی۔ نہ بے چینی کم ہوئی، اور نہ ٹھیک سے نیند آسکی۔ اگلے دن دوپہر بارہ بجے اس سے رابطہ ہو سکا۔

''مشن اکامپلشڈ!'' بچے اور بچے کے باپ کے ساتھ لی گئی سیلفی انہیں بھیجی۔

وہ اسے بالکل ٹھیک ٹھاک دیکھ کر مایوس ہوئے۔

''تمہیں گولی نہیں لگی؟''

''دیوار سے نہیں گرے؟''

''کوئی ہڈی نہیں ٹوٹی؟''

''تمہیں پولیس نے نہیں پکڑا؟''

انہیں اتنے بڑے ایڈونچر کا اختتام بہت بوجھل اور بورنگ لگا۔

''تم تینوں کے ساتھ دوستی رکھنے سے بہتر ہے انسان سانپ پال لے۔'' راحم کو غصہ چڑھ گیا۔

''ہم بندر پالیں گے۔'' انہوں نے طے کرلیا۔

راحم نے تینوں کو بلاک کردیا......

☆......☆......☆

فائنانس ایم بی اے کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد اس نے انٹرن شپ کے لیے اپلائے کیا تو سب سے پہلے جمیلہ داؤد سے بات کی۔ ان سے دعا کا کہا۔ وہ زندگی کے ہر موڑ پر قدم ملائے اس کے ساتھ ساتھ تھیں۔ اس کی ہمت اور حوصلہ بڑھاتی ہوئیں۔ مثبت راہ دکھا کر آگے بڑھنے کا شوق دلاتی ہوئیں۔

اس نے اپنی پہلی سیلری بھی انہیں ہی بھیجی۔ وہ چاہتا تھا وہ اسے خرچ کریں۔ انہوں نے سنبھال کر رکھ لی۔

''جانتا ہوں۔ آپ کی ایک پینٹنگ کی قیمت اس سے کئی گنا زیادہ ہوگی۔''

''میرے لیے تمہاری پہلی تنخواہ سے زیادہ مہنگی کوئی پینٹنگ نہیں!''

وہ ان کی طرف دیکھتا، مسکرادیا۔ اس کی مسکراہٹ انہیں خوشی کا احساس دلاتی۔ وہ ان کا بیٹا تھا۔ اس

https://novelskidunya.com/

کی ہر خوشی اور کامیابی ان کے لیے باعث افتخار تھی۔ وہ اسے زندگی میں مطمئن اور کامیاب دیکھنا چاہتی تھیں۔
جس کمپنی سے اس نے انٹرن شپ کی، اسی کمپنی نے اس کی اسکلز سے متاثر ہو کر اسسٹنٹ منیجر اکاؤنٹنگ کی جاب آفر کر دی۔ راحم کو علم ہوا تو اس نے کھنکھار کر گلا صاف کیا۔
"یہ سب میری وجہ سے ہے۔ اگر جو میں تمہیں کبھی غنڈہ بننے کا مشورہ نہ دیتا، تو تم کبھی بھی اس مقام پر نہ ہوتے جہاں ہو!"
"میں پتا نہیں تمہیں کال کیوں کرتا ہوں۔" فارس کو اپنی غلطی کا شدت سے احساس ہوا۔ وہ ہنس دیا۔
"سو پیچی فار یو برو!" اس نے پھر تھمبز اپ دکھا کر اسے سراہا۔ "جب تم اپنا بزنس شروع کرو تو پارٹنر شپ کے لیے میں حاضر!"
"جس دن میرا اپنا بزنس ڈبونے کا ارادہ ہوگا، میں ضرور تم سے رابطہ کروں گا۔" اس نے کہا۔ راحم ڈھٹائی سے ہنستا رہا۔
اس نے گرین وچ میں ہی کرائے پر چھوٹا سا فلیٹ لے لیا۔ اب وہ اپنے تمام اخراجات خود اٹھا رہا تھا۔ چاہتا تھا اب جمیلہ داؤد اسے فائنشلی سپورٹ نہ کریں۔ مگر وہ پھر بھی اس کے بینک اکاؤنٹ میں ماہانہ رقم ٹرانسفر کر دیا کرتی تھیں۔
"اب میں جاب کر رہا ہوں ممی!"
"تو کرتے رہو۔ میں نے کچھ کہا؟" وہ آنکھوں میں شرارت لیے اسے دیکھتیں۔
"میں پیسے استعمال نہیں کروں گا۔ ضائع ہو جائیں گے۔"
"تو کیا اب تم مجھے یہ بتانا چاہتے ہو کہ لائف میں بالکل سیٹل ہو گئے ہو؟"
"جی ہاں!" وہ لیپ ٹاپ اسکرین کے سامنے کرسی کھینچ کر بیٹھ گیا۔
"پھر تو تمہیں شادی کر لینی چاہیے۔"

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

اس نے پانی کا گلاس لبوں سے لگایا ہی تھا کہ ایک دم سے کھانسی شروع ہوگئی۔

"دھیان سے بیٹا......"

اس نے سنبھل کر، سانس لے کر ان کی طرف دیکھا۔ کچھ صدمے سے......

"کیا خیال ہے تمہارے لیے کوئی لڑکی دیکھوں؟" وہ اس کے تاثرات کی پروا کیے بغیر کہنے لگیں۔

"میں چوبیس سال کا ہوں ممی!"

"شادی کے لیے بالکل مناسب ایج ہے۔"

"اگلے دس سالوں تک میرا شادی کا کوئی ارادہ نہیں!" اس نے حتمی فیصلہ سنادیا۔ جمیلہ خفا ہوگئیں۔

"یہ آج کل کے لڑکوں کو کیا ہوگیا ہے؟ حماد بھی کہتا ہے ابھی شادی نہیں کرنی۔ تم بھی یہی کہہ رہے ہو...... پھر کب کرنی ہے شادی؟"

حماد کے ذکر پر اس کی مسکراہٹ ایک دم سے سمٹ گئی۔ دونوں بھائیوں کے درمیان کبھی بھی کوئی بات نہیں ہوئی تھی۔ نہ ہی ان کی زندگی یا معاملات ایک جیسے تھے۔ مگر ان جانے میں جمیلہ داؤد اکثر اس کا نام لے جاتی تھیں۔ اس کے کسی نہ کسی رویے یا جواب سے انہیں حماد یاد آجاتا تھا۔

"وہ بھی ایسے ہی کرتا ہے!"

"حماد بھی یہی کہتا ہے!"

ہر بار یہ مماثلت اس پر خاموشی سی طاری کردیتی تھی۔ وہ خود میں شیرازی خاندان کے کسی فرد کی شبیہ یا جھلک نہیں دیکھ سکتا تھا۔ حماد اور اس کا نہ موازنہ تھا، نہ مقابلہ تھا، نہ برابری تھی۔ اسے اپنے بڑے بھائی کی نفرتوں کا ادراک بچپن سے تھا...... مگر جمیلہ داؤد کے لیے وہ دونوں برابر تھے۔

"کہاں کھو گئے؟"

"یہیں ہوں!"

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

''کیا تمہیں کبھی بھی کوئی لڑکی پسند نہیں آئی؟'' متبسم لہجے میں قدرے سنجیدگی سے پوچھنے لگیں۔

''ممی!'' وہ ایک دم سے سرخ ہوا تھا۔

اس کے تاثرات دیکھ کران کی ہنسی چھوٹ گئی۔

''آپ یہ ٹھیک نہیں کر رہیں۔'' وہ چڑ گیا تھا۔

وہ مسکراہٹ ضبط کر کے اسے محبت پاش نظروں سے دیکھنے لگیں۔''میں صرف اتنا کہہ رہی ہوں شادی کے لیے سوچو! مائنڈ نہیں بن رہا تو بھی بناؤ۔ یہ کوئی بات نہیں کہ دس سال بعد کرو گے یا پندرہ سال بعد!''

وہ چپ رہا۔

''کوئی مناسب رشتہ مل جائے تو ابھی کرلو، کیریئر سے ذہن نہیں بھٹکے گا۔ بلکہ تم اپنی فیملی کے لیے مزید محنت کرو گے، زندگی میں ایک ٹھہراؤ آ جائے گا۔ تمہیں اپنے اہداف سمجھ میں آنے لگیں گے۔ مجھے بہت خوشی ہوگی اگر تم اپنی زندگی میں سیٹل ہو جاؤ گے۔''

اس نے کوئی بحث نہ کی۔ کوئی دلیل، اعتراض...... کچھ نہ دیا۔

زندگی، محبت، رشتے اور خوشیوں پر اسے اپنا حق کبھی محسوس نہیں ہوا تھا...... اس کی زندگی میں نہ کوئی لڑکی تھی۔ نہ کسی کو لانے کا کوئی ارادہ تھا۔ نہ اس کے احساسات ایسے تھے۔ نہ ترجیحات میں کوئی شامل تھا۔ یہ ایک سرسری سی بات تھی۔ فیصلہ تو پھر بھی اس کا ہی تھا۔ اس نے واضح انکار کر دیا۔ وہ ایسا کچھ نہیں سوچ رہا، اس نے جمیلہ داؤد کو بتا دیا۔

اسے نہیں پتا تھا وہ بہت جلد اپنا ارادہ بدلنے والا تھا۔ ایک نئی زندگی کی شروعات کرنے والا تھا۔ ایک نیا رشتہ نبھانے والا تھا۔ وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ اس کی سوچ، اس کا ذہن، اس کے احساسات ایک بار پھر اس پر کڑی آزمائش بن کر اترنے والے تھے۔

☆......☆......☆

عدینہ زبیر سے اس کی پہلی ملاقات اسی کمپنی میں ہی ہوئی تھی جس میں وہ جاب کر رہا تھا۔اس کے ڈیڈ فائنانس منیجر تھے۔وہ ان کے آفس میں انہیں کچھ ضروری فائلز دینے آیا تھا جہاں وہ پہلے سے موجود تھی۔

موبائل اسکرین پر اسکرولنگ کرتے اس کی نگاہ جونہی اٹھی۔وہیں ٹھہر گئی۔

سیاہ تھری پیس سوٹ میں ملبوس وہ عجلت میں قدم اٹھا کر اندر داخل ہوتا اپنی جگہ رک گیا تھا۔فائنانس منیجر سہیل صاحب کہیں نہیں تھے......

https://novelskidunya.com/

اسے بہت فرصت اور غور سے دیکھتے وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

''ام.....ڈائریکٹر نے بلایا تھا تو وہ وہیں گئے ہیں۔''اس نے گفتگو میں خود ہی پہل کر دی۔سیاہ جینز پر سرخ ٹاپ پہنے،بالوں کو کھلا چھوڑے وہ نزاکت سے میز کے ساتھ لگ کر کھڑی ہو گئی۔

''آپ رک کر انتظار کر سکتے ہیں!''

عدینہ کی بات سنتے،خفیف سا سر ہلا کر وہ وہیں رک گیا۔

Novels Ki Duniya

''بائے داوے،آئم عدینہ زبیر!''تعارف کرواتے ہوئے اس نے آفس ٹیبل کی طرف گردن کو جھکایا۔''ان کی بیٹی!''

وہ اس کمپنی میں غالباً نیا تھا۔تبھی وہ اس سے ناواقف تھا۔مگر حیرت اس بات کی تھی کہ وہ اسے نہیں دیکھ رہا تھا۔اس کی زندگی میں ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ کوئی ایک نظر ڈال کر اسے دوبارہ نہیں دیکھ رہا تھا۔اس نے گفتگو میں پہل نہیں کی تھی۔کوئی اس کے حسن کا اسیر نہیں ہوا تھا۔

عموماً لوگ خود ہی اس سے مخاطب ہونے کی کوشش کرتے تھے۔اس کے آگے پیچھے پھرتے تھے۔اسے ناز اٹھوانے کی عادت تھی۔مگر یہاں معاملہ الٹ پڑ گیا تھا۔زندگی میں پہلی بار،کسی کے سحر انگیز روپ اور شخصیت کے اثر میں آتے ہی پہل اس نے کر دی تھی۔جواباً ردعمل ویسا نہیں تھا۔جیسا ہوتا

چاہیے تھا۔ ایک تعارف اس کا تھا۔ دوسرا تعارف اس کا ہونا چاہیے تھا۔ مگر وہ کلائی موڑ کر وقت دیکھتا گلاس ڈور کے سامنے ہی کھڑا رہ گیا تھا۔ عقب میں اسٹاف کام کرتا نظر آ رہا تھا۔

کچھ ہی دیر میں سہیل صاحب آ گئے تھے۔ وہ فائل لیے ان کی آفس ٹیبل کی طرف آ گیا تھا۔ انہوں نے اپنی کرسی سنبھال لی تھی۔ تاہم وہ جھک کر فائل میں کچھ ڈاکومنٹس پر نشاندہی کرتے ہوئے خالص برٹش لہجے میں انہیں تفصیل سے کچھ بتانے لگا تھا۔ وہ سنتے ہوئے سر ہلا رہے تھے۔ متاثر ہو کر سراہ بھی رہے تھے، اس کی کوشش اور اس کی اسٹریٹجز کو بھی۔ وہ دونوں بات کر رہے تھے اور عدینہ زبیر ٹانگ پر ٹانگ جمائے اس کا جائزہ لے رہی تھی۔ وہ اسے اچھا لگا تھا۔

''کون ہے یہ؟ کوئی نیا ایمپلائی؟ کہاں سے ہے؟'' وہ جا چکا تو اس نے اپنے ڈیڈ سے پوچھا۔ وہ پاکستان سے اب لوٹی تھی۔ تبھی نہیں جانتی تھی۔ انہوں نے مختصراً اس کے بارے میں بتا دیا۔ وہ اس کی صلاحیت اور قابلیت کی بھی تعریف کر رہے تھے۔ اپنے ڈیڈ کے آفس سے نکلنے کے بعد وہ رک کر سامنے دیکھنے لگی۔ شرٹ کی آستین کہنیوں تک فولڈ کیے، وہ میز پر ہتھیلیاں جمائے اسٹاف سے بات کر رہا تھا۔

اگلے کئی دنوں تک وہ بے نیاز سا چہرہ، وہ آنکھیں، وہ مضبوط اور توانا سراپا اس کے حواسوں پر چھایا رہا۔ وہ اپنے ڈیڈ کے آفس میں کبھی کبھار ہی جاتی تھی۔ اب روز جانے لگی۔ نگاہیں فارس وجدان کی تلاش میں رہتیں۔

وہ اپنے آفس میں بیٹھا ہوا...... کال سنتے، فائلز دیکھتے، لیپ ٹاپ اسکرین پر نگاہیں جمائے تیزی سے ٹائپ کرتے۔ انتہا کا مصروف نظر آتا...... وہ گلاس والز کے اس پار دیوار سے لگ کر اسے دیکھتی رہتی۔

کوئی اتنا پیارا کیسے ہو سکتا ہے؟ اتنا پرفیکٹ؟ اتنا مکمل؟

اور پھر کوئی اسے اس طرح نظر انداز کیسے کر سکتا ہے؟

جتنی بار وہ وہاں آئی۔ اس نے ہر بار اس سے بات کرنے کی کوشش کی۔ اور ہر بار اس کی سخت نظروں کی ہی زد میں آئی۔ نو لفٹ کا سائن واضح تھا۔ اس کا رویہ صرف اس کے ساتھ ہی نہیں، کمپنی کے فی میل اسٹاف کے ساتھ بھی ایسا ہی تھا۔ اس کے حد درجہ بے پرواہ رویے سے وہ پھر بھی دل برداشتہ نہ ہوئی...... نہ ہی اس نے کمپنی میں آنا ترک کیا۔

اپنے جذبات احساسات کو سمجھتے اس پر ایک دم سے انکشاف ہوا وہ اس سے محبت کرنے لگی ہے۔ جو چہرہ دن رات آنکھوں میں رہے، اور جس کی ایک جھلک دیکھنے کو ہی دل بے قرار رہے، اسے پانے کی خواہش سر اٹھاتی ہے۔ اس کے اندر بھی اٹھانے لگی تھی۔ وہ اس اجنبیت کو مٹانا چاہتی تھی۔ وہ فارس وجدان کے دل میں جگہ بنانا چاہتی تھی۔

اس کا سکون ختم ہونے لگا۔ نیند غائب ہونے لگی۔ اس نے خاصی سوچ و بچار کے بعد ویک اینڈ پر گھر میں ڈنر کا پلان رکھ لیا۔ اس کے ڈیڈ اکثر اپنے پاکستانی کولیگز کو ڈنر پر مدعو کرتے رہتے تھے۔ وہ جانتی تھی اس بار فارس بھی ان میں شامل ہونے والا تھا۔

☆......☆......☆

اس رات وہ خاص طور پر تیار ہوئی۔ اس نے سفید رنگ کی اسکرٹ پر ہلکے جامنی رنگ کا سویٹر پہنا۔ سنہرے بالوں کو اونچی پونی میں مقید کیا۔ گول گول ایئر رنگز پہنے، لائٹ سا میک اپ کیا۔

ڈور بیل بجتے ہی اس نے فوراً سے دروازہ کھولا۔ نیلگوں جینز پر سیاہ شرٹ زیب تن کیے وہ بالکل عام سے حلیے میں کھڑا اس کی دھڑکنیں منتشر کر گیا۔ اس کے بال اوپر کو اٹھے ہوئے تھے۔ نفیس فریم لیس گلاسز سے جھانکتی آنکھوں میں ہنوز اجنبیت سی ٹھہری ہوئی تھی۔

اس نے مسکراتے ہوئے اسے اندر آنے کا راستہ دیا۔

وہ مہمان بن کر اس گھر میں آیا تھا۔ بد اخلاقی کا مظاہرہ نہ کر سکا۔ نہ ہی کسی قسم کا سخت رویہ دکھا

سکا۔وہ بات بات پر اس سے مخاطب ہونے کی کوشش کر رہی تھی اور اسے جواب دینا پڑ رہا تھا۔اس رات وہ دیگر مہمانوں کی موجودگی میں، سہیل صاحب کے ہوتے ہوئے، ان کے ہی گھر میں ان کی بیٹی کو نظر انداز نہیں کر سکا تھا۔

اس رات پہلی بار عدینہ زبیر کو اسے قریب سے دیکھنے اور جانچنے کا موقع ملا۔وہ کم گو، خاموش طبع اور سنجیدہ سا نوجوان تھا۔اس کی شخصیت میں لا ابالی پن نہیں تھا۔وہ اپنی عمر سے زیادہ میچور نظر آتا تھا۔باتیں مختصر مگر جامع مفہوم لیے ہوئے ہوتی تھیں۔خواہ سیاست ہو یا کاروباری بحث،اس کی گفتگو اسے اچھی لگی تھی۔

اپنے ڈیڈ کے موبائل سے اس کا نمبر حاصل کر کے وہ اسے کالز اور میسج کرنے لگی،کبھی رات کے وقت،کبھی آفس ٹائمنگ کے دوران،کبھی وہ اسی پارک میں آجاتی جہاں وہ اکثر جاگنگ کرتا تھا۔اسی جم میں بھی جہاں وہ ورک آؤٹ کے لیے جاتا تھا۔وہ اس کے ساتھ رابطے میں رہ کر،اس سے بات کر کے، اس کے ساتھ ملاقات کر کے اس کے لیے لازم و ملزوم ہونا چاہتی تھی۔

ساری جستجو لگن اس کی طرف سے ہی تھی۔وہ ایک ابتدا سے چاہنے لگی تھی۔مگر فارس وجدان کا رویہ ایک سا تھا۔محتاط......ریزروسا،خاموش،فارمیلٹی پوری کرتا ہوا۔اس کے ڈیڈ کی وجہ سے اس کے ساتھ لحاظ برتتا ہوا......

وہ اس کے سرد رویے سے عاجز آنے لگی۔

کیا اسے محبت کا اعتراف کر لینا چاہیے؟ تھک ہار کر اس نے سوچا تھا۔وہ محبتوں کا اعتراف سننے کی عادی تھی۔خود سے اعتراف اس نے کبھی نہیں کیا تھا۔کوئی اسے اپنے قابل لگا ہی نہیں تھا۔کوئی اسے اپنے پہلو میں جچتا ہوا محسوس ہوا ہی نہیں تھا۔فارس وجدان وہ واحد انسان تھا جس کی ایک جھلک اس کی دھڑکنوں کو منتشر کر دیتی تھی۔جس کی آواز سننے کو وہ بے تاب رہنے لگی تھی،جس کا ساتھ اب اسے عمر بھر کے لیے چاہیے تھا۔

راستہ ایک ہی تھا، حل بھی ایک...... وہ اس سے ملے۔ اور اپنے جذبات کا اظہار کر دے۔ اس نے ویک اینڈ پر ضروری بات کے لیے اسے ریستوران میں بلایا اور اس کے سامنے اپنی محبت کا اظہار کر دیا۔

اگلے کئی لمحوں تک آنکھوں میں ایک ناسمجھی کا تاثر لیے وہ کنفیوژ ہو کر اسے دیکھتا رہا۔

''تم نے مجھے...... یہاں...... یہ بتانے کے لیے بلایا ہے؟''

عدینہ زبیر کو ایک دم سے اپنا وجود خاک ہوتا ہوا محسوس ہوا۔ انا اس کی بھی تھی، عزت نفس بھی۔ وہ اس شخص کے لیے جتنا خود کو جھکا رہی تھی۔ وہ اتنا ہی اس کی پہنچ سے دور ہوتا جا رہا تھا۔

''ہاں!'' اس کے لب ہلے۔ ''میں تم سے محبت کرنے لگی ہوں۔''

''ڈیئر از نو سچ تھنگ کالڈ لو!'' (محبت نام کی کوئی چیز نہیں)

عدینہ دم سادھے اسے دیکھ کر رہ گئی۔

''میرے دل میں تو ہے، تمہارے لیے......'' ہمت جوڑ کر بولی۔ ورنہ اس نے پرخچے اڑانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی۔

وہ اسی وقت ٹیبل چھوڑ کر اٹھ گیا تھا۔ وہ عجلت میں قدم اٹھاتی تیزی سے اس کے پیچھے آئی تھی۔ ریستوران کے باہر لوگوں کے ہجوم میں کہیں وہ اسے روکنے میں کامیاب ہو گئی تھی۔

''محبت کرتی ہوں میں تم سے، اپنی ساری زندگی تمہارے ساتھ گزارنا چاہتی ہوں فارس!'' آنکھوں میں نمی لیے اس نے بلند آواز میں کہا تھا۔ اپنا بازو اس کی گرفت سے چھڑاتا وہ اسے حیران ہو کر دیکھتا رہ گیا۔ اس کی نیلی بلوریں آنکھیں مکمل طور پر بھر گئی تھیں۔ اس کا چہرہ بھی سرخ پڑنے لگا تھا۔ وہ جیسے بس اب رو دینے کو تھی۔

''تم اس طرح...... میری محبت کو نہیں ٹھکرا سکتے۔'' اس نے کہہ دیا۔

''مگر میرے دل میں ایسا کچھ نہیں ہے!''

عدینہ زبیر کے اندر ایک دم سے اذیت نے سر اٹھایا تھا۔

"مجھے کوئی مسئلہ نہیں! میرے لیے صرف یہ اہم ہے کہ میں تمہیں چاہتی ہوں۔"

ہر وہ بات جو فارس وجدان کو کہنی چاہیے تھی، اب وہ کہہ رہی تھی۔ ہر وہ ابتدا جو ایک مرد سے ہونی چاہیے تھی، وہ خود کر رہی تھی۔ فارس وجدان جیسے اب اس کی ضد ہو چکا تھا۔ اسے تسخیر کرنا ہی تھا۔ اس کے ساتھ صرف وہی بچ سکتا تھا۔ اس کا انتخاب صرف وہی ہو سکتا تھا۔

وہ چند لمحوں تک اسے دیکھتا رہا۔ پھر معذرت کر کے وہاں سے چلا گیا۔ چند دنوں کے بعد وہ اسے پارک میں ملی۔ وہ جاگنگ ٹریک سے اتر کر سبزے پر بیٹھا تھا۔ اور وہ وہیں آ گئی تھی۔ اس نے ایک بار پھر وہی بات شروع کر دی۔

"تم ایک ایسے انسان کے ساتھ کیوں رہنا چاہو گی جو محبت پر یقین ہی نہیں رکھتا!" وہ اب سامنے کہیں دیکھ رہا تھا۔

"دل کا معاملہ ہے، کیا کہہ سکتی ہوں۔" لبوں پر مسکراہٹ لیے آہستہ سے بولی۔

نگاہیں جاگنگ ٹریک پر ایک جوڑے پر پڑیں۔ برابر قدم اٹھاتے، ہنستے بھاگتے ہوئے......

"میں بھی زندگی کے ٹریک پر، تمہارے ساتھ اسی طرح چلنا چاہتی ہوں!"

"میرے ساتھ چلو گی تو خاک ہو جاؤ گی۔" اس نے پانی کی بوتل لبوں سے لگالی۔

"تمہارے ساتھ خاک ہونا بھی قبول ہے۔" اس کے لہجے میں مسرت کا رنگ جھلکا۔

"مگر میں نہیں چاہوں گا کوئی میری وجہ سے خاک ہو۔" جواب دے کر اٹھ گیا۔

اس کا وہ جواب اسے کئی دنوں کے بعد جا کر سمجھ میں آیا۔ وہ کتنی پاگل ہے۔ وہ یہ بھی تو کہہ سکتی تھی کہ وہ اسے خاک نہیں ہونے دے گی۔

اسے خود پر غصہ آیا۔ فارس وجدان پر بھی...... اس نے انکار بھی کس مہارت سے کیا تھا۔ وہ اسے

ایک دم سے بہت مشکل اور پیچیدہ سا لگنے لگا۔

"شادی تو تم نے ویسے بھی کرنی ہی ہے۔ تو پھر مجھ سے کیوں نہیں؟" وہ اس کے آفس آئی ہوئی تھی۔ بغیر اجازت اندر آ کر بڑے دھڑلے سے کہہ دیا تھا۔

لیپ ٹاپ اسکرین سے نظر اٹھائے وہ اسے دیکھتا رہا۔

"میرا شادی کا اگلے دس پندرہ سالوں تک کوئی ارادہ نہیں!" اس نے کہہ دیا۔ وہ ہنسی۔

"یعنی اس کے بعد ارادہ بن سکتا ہے؟ تو میں انتظار کر لیتی ہوں۔" کرسی کھینچ کر بیٹھ گئی۔

"دس پندرہ سالوں تک؟"

"بالکل! تم نے میری محبت کو کیا مذاق سمجھ رکھا ہے؟"

وہ دھیرے سے مسکرایا۔

اور عدینہ زبیر کی دھڑکنیں تھم گئیں۔ وہ کم ہی مسکراتا تھا۔ اور جب مسکراتا تھا تو......

"میں یقین سے کہہ سکتی ہوں تمہیں کوئی لڑکی میرے جتنا چاہ ہی نہیں سکتی!"

"تمہیں ایسا کیوں لگتا ہے مجھے کسی کی محبت کی چاہت ہے؟"

وہ چپ ہوئی تھی۔ اور وہ کال آنے پر فائل ہاتھ میں لیے اٹھ کر چلا گیا تھا۔ تسلسل کے ساتھ اور کچھ دنوں کا وقفہ کر کے وہ پارک میں ضرور ملنے آ جاتی تھی۔ اسے اس کی آفس اور جم کی ٹائمنگ، اس کے آنے جانے کے وقت کا پتا ہوتا تھا۔

"میرے ڈیڈ رشتے دیکھ رہے ہیں۔ کافی ویل آف فیملیز کے رشتے ہیں۔"

"دیٹس آ گڈ نیوز!" آہستہ سے کہہ کر قدم اٹھاتا رہا۔

"لیکن میں نے سب کو انکار کر دیا۔"

"کس لیے؟"

"شادی تو مجھے وہاں کرنی ہے، جہاں میرا دل چاہے گا۔"

"جہاں تمہارا دل چاہے، وہاں تمہارے ڈیڈ نہ مانے تو؟"

"میرے ڈیڈ کم از کم اس معاملے میں مجھ پر دباؤ نہیں ڈالیں گے۔ وہ آزاد خیال انسان ہیں۔"

اس نے کہہ دیا۔

وہ چپ رہا۔

ہفتے کی شب وہ اسے دوبارہ پارک میں ملی۔

"تو پھر تم نے کیا سوچا ہے؟"

"کس بارے میں؟"

"میرے بارے میں؟"

"کچھ بھی نہیں!"

اسے بہت اندر تک دکھ پہنچا۔ وہ ایک بے انتہا حسین لڑکی، فارس وجدان کے سامنے خود کو خاک ہوتا محسوس کرتی تھی۔

"کیا مجھ میں کوئی ایک بھی ایسی خوبی نہیں جس کی بنا پر تم مجھے اپنا سکو؟" اس نے سوال کر کے اس پر خاموشی طاری کر دی۔ وہ جیبوں میں ہاتھ ڈالے کھڑا رہا۔

"میں اپنی آنے والی زندگی کا تصور کرتی ہوں تو تمہارے بغیر مجھے سب اندھیرا لگتا ہے، بار بار تمہارے پیچھے آتی ہوں اور تم....." اس کی آواز لمحے بھر کے لیے بھرا گئی تھی۔

"عدینہ!" اس نے کچھ کہنا چاہا۔

"مجھ سے میری فرینڈز کہتی ہیں میں خوب صورتی کی بنا پر کچھ بھی حاصل کر سکتی ہوں۔ لیکن یہاں وہ غلط ہیں۔ بعض معاملات تو صرف دل کے ہوتے ہیں۔ باطن تک..... ظاہری حسن کوئی اثر نہیں کرتا۔"

https://novelskidunya.com/

ہمیشہ وہی اٹھ کر چلا جاتا تھا۔ آج وہ چلی گئی تھی۔ وہ کچھ دیر تک بنچ پر بیٹھا رہا۔ گھر پہنچ کر اس نے جمیلہ داؤد کو کال کی، وہ جس طرح ان سے اپنی ہر بات شیئر کرتا تھا، یہ بھی شیئر کر دی۔ پہلے تو وہ خوش ہوئیں کہ زندگی میں پہلی بار وہ ان سے کسی لڑکی کی بات کر رہا تھا۔

''لڑکی کیسی ہے؟'' انہوں نے پوچھا تو کچھ لمحوں تک وہ اپنے اندر ہی اپنے دل سے اس سوال کا جواب ڈھونڈتا رہا۔ مگر اندر ایک مہیب سا سناٹا تھا۔

''ٹھیک ہے۔ اچھی ہے۔'' مختصر جواب دیتا صوفے پر بیٹھ گیا۔

''صرف ٹھیک ہے؟ صرف اچھی ہے؟'' انہوں نے کریدا۔

''میں صرف یہی کہہ سکتا ہوں۔''

وہ ایک دم سے مسکرائیں۔

''پسند کرتے ہو اسے؟''

''مشکل سوال ہے۔'' وہ اس وقت خود کو سمجھنے سے قاصر تھا سو جھوٹ نہیں بول سکتا تھا۔

''تم نے انکار نہیں کیا، سو یہ ایک خوش آئند بات ہے۔'' وہ محظوظ ہوئیں۔ ''کیا وہ پسند کرتی ہے تمہیں؟''

''کہتی تو یہی ہے۔''

مسز شیرازی کو ایک دم سے خوش گوار سی حیرت نے گھیرا تھا۔ فارس اتنی آسانی سے کسی کو اپنے قریب نہیں آنے دیتا تھا۔ بات اگر اعتراف تک پہنچ چکی تھی تو یقیناً دونوں میں بات چیت ہوئی ہوگی۔ ایک دوسرے کو سمجھنے کا موقع بھی ملا ہوگا۔

''اور تمہارا کیا خیال ہے؟''

''مجھے لگتا ہے میں اس کے لیے تیار نہیں ہوں۔''

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

''پر کیوں؟'' وہ حیران ہوئیں۔

''رشتے محبتوں سے بنتے ہیں، آئی ڈونٹ فیل اینی تھنگ ٹووارڈز ہر!'' (میں اس کی طرف کچھ بھی محسوس نہیں کرتا)

''اور کس نے کہا ایک اچھی اور خوش گوار زندگی کے لیے صرف ''محبت'' ضروری ہے؟'' انہوں نے نرمی سے پوچھا تو وہ کچھ کہہ نہ سکا۔

''ایک دوسرے کو سمجھنا، ایک دوسرے کا احترام کرنا، عزت دینا، ضرورتوں کا خیال رکھنا.....خوشی اور غمی میں ساتھ دینا۔ اس کے لیے وعدہ اور احساس ذمہ داری چاہیے ہوتی ہے۔ نکاح کیا ہوتا ہے فارس؟ ایک معاہدہ! کہ آپ یہ سب کریں گے، کیا تم یہ سب نہیں کر سکتے؟ اور یہ محبت! یہ رحم سے، انسیت سے، خیال رکھنے سے ہی تو دل میں اترتی ہے۔''

وہ چپ بیٹھا رہا تھا۔ اندر ایک جنگ سی چھڑی ہوئی تھی۔ سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا تھا۔

''میں یہ سب کروں اور محبت نہ کر سکوں تو.....''

''کیوں نہیں کر سکو گے؟''

''مجھے محبت کرنا آتی ہی نہیں ہے ممی!''

جمیلہ داؤد اپنی جگہ تھم گئی تھیں۔

''آئی مین.....'' وہ کچھ کہتے کہتے رک گیا تھا۔ ''مجھے تو کسی پر بھروسا کرنا بھی نہیں آتا، مجھے احساسات سمجھ میں نہیں آتے۔''

مسز شیرازی کو بہت اندر تک تکلیف کا احساس ہوا۔

''ابھی تو وہ محبت کا کہہ رہی ہے۔ ہو سکتا ہے بعد میں..... آئی مین شادی کے بعد اسے میں پسند نہ آؤں۔ میری عادات اچھی نہ لگیں۔ میری شخصیت سے مسئلہ ہو۔ واٹ اف.....'' اس کے اندر اپنی

زندگی کو لے کر جتنے خدشات تھے، اس نے کہہ دیے۔ وہ کچھ اذیت سے سنتی رہیں۔ اسے فکر تھی ابھی وہ صرف اس کا ساتھ مانگ رہی ہے۔ ساتھ چاہ رہی ہے۔ وہ اس سے محبت نہیں کرتا، اس طرح کے احساسات نہیں رکھتا۔ اس بات سے عدینہ زبیر کو پروا نہیں ہے، لیکن بعد میں پروا ہوگی...... اس کے لیے اپنے دل کے دروازے کھولنا مشکل تھا۔

''فارس!'' انہوں نے اسے ٹوک دیا تھا۔ وہ بہت منفی سوچنے لگا تھا۔ وسوسوں میں گھرنے لگا تھا۔ آنے والی زندگی میں ایک ساتھی کے ساتھ اسے اپنی زندگی گھٹن زدہ سی لگ رہی تھی۔ اس کی کیفیت اور احساسات اس کی اپنی سمجھ سے باہر ہو رہے تھے۔

وہ خود میں الجھا ہوا تھا۔ اندر ہی اندر...... اپنی ذات کی گرہوں میں پھنسا ہوا......

جنہیں اپنے والدین کی محبت نہ ملے، انہیں پھر دنیا کی ہر محبت پر شک رہتا ہے۔ جمیلہ داؤد اسے پریشانی سے دیکھ کر رہ گئیں۔

ہر وہ تکلیف جو اس کے ماضی کا حصہ تھی۔ وہ اب اس کے حال پر اثر انداز ہو رہی تھی۔ سگے رشتوں کی نفرتوں نے محبت پر سے اس کا یقین اٹھا دیا تھا۔ اس کے اندر خوف بٹھا دیا تھا۔

اور انہیں یہ سوچ کر دکھ ہو رہا تھا۔

بہت زیادہ دکھ......!

☆......☆......☆

ویک اینڈ پر وہ ایک بار پھر اس کے سامنے تھی۔

''تم ہار نہیں مانو گی؟''

''نہیں!'' کوٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے مسکرائی۔ قدرتی سا کرل لیے بالوں کو اکٹھا کر کے اس نے کیچر میں جکڑا ہوا تھا۔ کچھ لٹیں دودھیا گالوں پر لہرا رہی تھیں۔ ہونٹ شوخ سرخ رنگ کے تھے۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

نیلی آنکھیں چمک رہی تھیں۔اس کی سنگت میں،اس سے بات کرتے اس کا چہرہ ایسے ہی کھل جاتا تھا۔

''مجھے نہیں لگتا تمہارے ڈیڈ کبھی میرے لیے ہامی بھریں گے۔''

''کیوں نہیں بھریں گے؟''

وہ سامنے چلتے ہوئے بنچ پر بیٹھ گیا تو وہ بھی، کچھ دیر تک خاموشی چھائی رہی۔پھر وہ گردن موڑ کر اس کی طرف دیکھنے لگا۔وہ بھی اسے ہی دیکھ رہی تھی۔

''میں بہت چھوٹا تھا جب میرے پیرنٹس کی سیپریشن ہوگئی تھی۔''اس نے سوچ سمجھ کر وہ بات کہنے کا فیصلہ کیا جو شادی اور رشتوں کے حوالے سے اس کے ذہن میں تھی۔''میں اپنے کچھ relatives کے ساتھ رہا۔''بات سچ تھی مگر اسے یوں لگا جیسے وہ جھوٹ کہہ رہا ہو۔وہ اپنے کسی رشتہ دار کے ساتھ نہیں رہا۔اسے یہی حقیقت لگ رہی تھی۔''میں پچھلے بیس سالوں سے اپنے پیرنٹس کے ساتھ کانٹیکٹ میں نہیں ہوں۔وہ کہاں ہوتے ہیں مجھے علم نہیں۔تمہیں اس لیے بتا رہا ہوں کیونکہ رشتے کی بات گھر کے بڑے کرتے ہیں......آئی ڈونٹ تھنک کہ میرے گھر سے کوئی ''بڑا'' آسکے گا۔اور تمہارے فادر کبھی بھی کسی ایسے لڑکے کے ساتھ تمہارا رشتہ طے نہیں کریں گے جس کے بڑے اس کے ساتھ نہ ہوں......وہ فیملی بیک گراؤنڈ کے بارے میں پوچھیں گے۔آئی ہیو نو آنسر ٹو دس کوئسچن!وہ میرے پیرنٹس سے رابطے کی بات کریں گے......تو میرے پاس جواب کے لیے صرف انکار ہوگا۔''

عدینہ زبیر دم سادھے اسے دیکھے جا رہی تھی۔

''اس لیے، تمہیں وہی کرنا چاہیے جو تمہارے فادر چاہتے ہیں۔''

اپنی بات ختم کر کے، وہ سرد پڑتے دونوں ہاتھوں کو رگڑتے ہوئے ہونٹوں کے قریب لے آیا۔

وہ کچھ دیر تک چپ رہی۔

''میں پانچ بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹی ہوں۔میرے ماموں کی اولاد نہیں تھی تو میرے

باپ نے مجھے انہیں دے دیا۔"

وہ گردن موڑ کر اسے دیکھنے لگا۔

"میرے ڈیڈ رشتے میں میرے سگے ماموں ہیں۔اور مجھ سے اتنی محبت کرتے ہیں کہ تم سوچ بھی نہیں سکتے ......سو ایسا ممکن ہی نہیں ہے کہ میں ان کے سامنے اپنی پسند کا اظہار کروں اور وہ تمہیں اس لیے ریجیکٹ کر دیں کہ تم اکیلے ہو یا تمہارے پیرنٹس تمہارے ساتھ کانٹیکٹ میں نہیں ہیں۔"

وہ دھیرے سے، مگر کچھ اذیت سے مسکرا دیا۔

اسے یقین تھا اس کے ڈیڈ منع کر دیں گے۔اسے یقین تھا یہ مختصر سا حوالہ انہیں مکمل طور پر اس سے متنفر کرنے کے لیے کافی رہے گا۔مگر یہ اس کی خام خیالی رہی۔دو دن کے بعد اس نے فون کیا تھا۔

"تو تم میرے گھر رشتے کے لیے کب آ رہے ہو؟"

وہ کچن میں کھانا بنا رہا تھا۔اپنی جگہ کھڑا رہ گیا۔

"کیا تم نے......؟"

"ہاں، میں نے اپنے ڈیڈ سے بات کی۔انہیں منانے میں تھوڑا وقت لگا مگر وہ مان گئے۔" وہ بے انتہا خوش تھی۔

وہ پریشان ہو گیا۔اس نے برنر بند کر دیا۔

"انہوں نے اعتراض نہیں کیا؟"

"اعتراض تو تھے۔زندگی میں نے گزارنی ہے، جب مجھے اعتراض نہیں تو بات ہی ختم......" وہ کھلکھلائی۔"ویسے بھی انہیں تم بہت پسند ہو۔ہر وقت تو تعریف کرتے تھے۔اب کیسے انکار کر دیتے؟"

اس کے لہجے اور انداز میں خوشی اور مسرت کے رنگ تھے۔

"یہ سب اتنی آسانی سے ہو گیا؟" اسے یقین نہیں آیا تھا۔

''محبت میں بہت طاقت ہوتی ہے۔'' اس نے جتایا۔ ''ویسے بھی وہ جانتے ہیں مجھے خاندان میں تو شادی کرنی ہی نہیں ہے۔ نہ ہی میرا پاکستان جانے کا کوئی ارادہ ہے۔ سو......'' اس نے رک کر گہری سانس لی۔ ''میں تو پاکستان میں اپنی مدر سے بھی بات کر چکی ہوں۔ جھوٹ نہیں بولوں گی۔ وہ راضی نہیں ہیں۔'' ہنس کر کہا۔ ''لیکن جب تک ڈیڈ میرے ساتھ ہیں، مجھے کسی کی فکر نہیں!''

سہیل صاحب پاکستان جانے والے تھے۔ ان کا وہیں سیٹل ہونے کا پلان تھا۔ تاہم وہ پاکستان کبھی نہیں جانا چاہتی تھی۔

شام میں اس نے جمیلہ داؤد سے بات کی تو ان کے پاؤں زمین پر نہیں ٹک رہے تھے۔

''میرا نہیں خیال میں اس کے ڈیڈ سے مل پاؤں گا۔''

''تمہیں ملنے کی ضرورت بھی نہیں۔ دسمبر میں میں لندن آ رہی ہوں۔ تمہارا رشتہ میں مانگوں گی۔''

اور انہوں نے اتنی سی بات کہہ کر اس کے سینے سے منوں بوجھ اتار دیا تھا۔

☆......☆......☆

دسمبر میں مسز شیرازی لندن آئیں تو انہوں نے عدینہ زبیر کے ڈیڈ سے ملاقات کی۔ وہ رشتے کے لیے باقاعدہ ان کے گھر گئی تھیں۔ وہ فارس وجدان کی رشتے دار تھیں اور ماں سے بڑھ کر تھیں۔ اپنی بیٹی کی خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے انہوں نے ہاں کر دی تھی۔ دسمبر کے اختتام تک دونوں کا سادگی سے نکاح ہو گیا۔ فارس کی طرف سے جمیلہ داؤد نے اور عدینہ کی طرف سے دور کے چند رشتہ دار احباب نے شرکت کی تھی......شادی پاکستان میں سرانجام پانا تھی۔ عدینہ کا خاندان وہیں آباد تھا۔ تاہم فارس پاکستان نہیں جانا چاہتا تھا۔ اس کے کچھ تحفظات تھے۔ گو کہ مسز شیرازی نے بھی اسے تسلی دی تھی کہ کوئی مسئلہ نہیں ہو گا مگر پھر بھی......

''تم فکر کیوں کرتے ہو۔ میں ہوں نا...... میرے ہوتے ہوئے تمہیں بھلا کیا خطرہ ہو سکتا ہے؟''

راحم کو پوری بات پتا چلی تو جی بھر کر تنگ کرنے کے بعد اس نے کہا۔

https://novelskidunya.com/

"سب سے بڑا خطرہ تو مجھے تم سے ہی ہے۔" بڑبڑا کر رہ گیا۔

وہ ہنسا۔

"ایک بار پھر سوچ لو۔ شادی کا فیصلہ..... بڑی ذمہ داری ہے۔ ایسے نہیں میں کنوارہ پھر رہا ہوں، ورنہ مجھے رشتوں کی کوئی کمی ہے؟"

"ہاں میں جانتا ہوں..... پورا پاکستان تمہیں اپنا داماد بنانے کے لیے بے تاب ہے۔"

راحم مسکرا کر رہ گیا۔

علوی صاحب کو پاکستان گئے چار ہفتے بھی نہیں ہوئے تھے جب ان کا کار ایکسیڈنٹ میں انتقال ہو گیا۔ پاکستان میں جتنا پیسا انہوں نے کاروبار پر لگایا تھا، جو فیکٹری کھڑی کی تھی، اس پر ان کے سگے بھتیجوں نے قبضہ کرلیا۔ چند اراضی اور بنگلے پر بھی..... یہ کام عدینہ کے اپنے باپ اور بھائیوں نے بھی کیا تھا۔

عدینہ کے پاس صرف لندن کا فلیٹ بچا تھا جسے بیچ کر اسے اپنے ڈیڈ کے قرضے اتارنے پڑے۔ اس کے پاس کل تک سب کچھ تھا اور اب وہ ایک دم سے بالکل خالی ہوگئی تھی۔ ایک ہی رشتہ تھا وہ بھی نہیں رہا تھا۔ حالات ایک دم سے بہت تنگ اور پریشان کن ہوگئے تھے۔ وہ صدمے میں بھی تھی۔ اس کے ماں باپ اب اسے پاکستان بلا رہے تھے اور وہ کسی طور نہیں جانا چاہتی تھی۔

"میں انہیں کہتی رہی پاکستان نہیں جائیں مگر انہوں نے میری ایک نہیں مانی....." وہ اس سے ملنے آیا تو اپنی دوست کے گھر میں تھی۔ رو رو کر اپنا برا حشر کر چکی تھی۔

"گھر چلو! میرا نہیں خیال اس طرح کسی اور کے گھر رہنا ٹھیک رہے گا۔" اسے ادراک تھا وہ اب اس کی قانوناً شرعاً بیوی تھی۔ اس کی ذمہ داری تھی۔ اس کے ڈیڈ کے شادی کے حوالے سے خواب تھے۔ اس کے بھی تھے۔ مسز شیرازی نے بھی بہت کچھ سوچا ہوا تھا۔ نیا صدمہ تھا۔ فوتگی ہوئی تھی۔ سو وہ سادگی سے رخصت کر کے اسے اپنے فلیٹ لے آیا تھا۔

https://novelskidunya.com/

وقت کے ساتھ عدینہ کچھ سنبھل گئی۔خود کو اس غم کی کیفیت سے نکال لیا۔شوہر، من پسند ساتھی تھا جسے وہ جنون کی حد تک چاہتی تھی.....وہ اس کی سوچ سے بڑھ کر اس کا خیال رکھ رہا تھا۔ بظاہر reserve سا، بہت کم بات کرنے والا، بہت کم جذبات کا اظہار کرنے والا، مگر اس کا رویہ اس کے ساتھ اس کی توقع سے بھی زیادہ اچھا تھا۔

عدینہ کی طلب جیسے یہاں تک نہیں تھی۔وہ بھی اس سے محبت کا اعتراف سننا چاہتی تھی۔اس کی آنکھوں میں محبت کا تاثر دیکھنا چاہتی تھی۔فارس بھی اس کی تعریف کرے، جذبات کا اظہار کرے۔اس نے شکوہ کیا تو فارس کوئی فائل چیک کرتے کرتے رک گیا۔سر اٹھا کر کچھ حیرت سے اسے دیکھا۔شادی شدہ زندگی کے چھے ماہ بعد وہ اس سے پہلی بار محبت کے بارے میں استفسار کر رہی تھی۔کیا وہ اس سے محبت کرتا ہے؟ اسے یہ سوال آؤٹ آف کانٹیکسٹ لگا۔جس کی کوئی لاجک، کوئی تک نہیں بنتی تھی۔

عدینہ زبیر کو تو اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا کہ اس کا دل خالی ہے.....محبت جیسے جذبات احساسات نہیں ہیں۔اس کے لیے تو صرف وہ محبت اہم تھی جو وہ اس سے کرتی تھی۔گو کہ وہ اس کا خیال رکھتا تھا، احترام کرتا تھا۔کبھی غصے سے بات نہیں کی تھی۔اس کے کسی معاملے میں مداخلت کر کے، اس کے کسی معاملے پر اعتراض نہیں کیا تھا۔وہ اپنی مرضی سے اس گھر میں جیسے چاہے رہ رہی تھی۔پھر بھی وہ اس سے یہ سوال کر رہی تھی۔

''اب تک تمہیں اندازہ ہو جانا چاہیے۔''

''میں تمہارے منہ سے سننا چاہتی ہوں تمہیں مجھ سے محبت ہے۔''

''پہلے تمہیں اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا۔'' اس نے یاد دلایا۔

''اب پڑتا ہے۔''

وہ اسے دیکھ کر رہ گیا۔

"ہر عورت کو پڑتا ہے.....وہ لفظوں سے اظہار چاہتی ہے۔ ہماری شادی کو چھ ماہ ہو چکے ہیں اور تم نے.....تم نے آج تک کبھی نہیں کہا محبت کرتے ہو یا تعریف..... کچھ بھی نہیں۔"

"تم مجھے اچھی لگتی ہو، تبھی میری زندگی میں ہو۔ اس سے بڑھ کر اور اعتراف کیا چاہیے۔" اس نے سنبھل کر اس سے کہا۔

اس بات سے عدینہ زبیر کے دل کو ایک دم سے سکون پہنچا تھا۔ وہ مسکرا دی تھی۔ اس کا اعتراف محبت بھی انوکھا تھا۔

"صرف اچھی لگتی ہوں؟"

"کبھی کبھی بری بھی لگتی ہو۔ جب اس طرح کی باتیں کرتی ہو۔"

اور وہ ہنس دی تھی۔ فارس مسکرا کر رہ گیا۔ اس نے فائل بند کر دی۔ لیپ ٹاپ آن کر لیا۔

اس نے سوچا تھا وہ شادی تک رہائش کا بہتر انتظام کرے گا مگر سب آناً فاناً اتنی جلدی میں ہوا تھا کہ وہ کچھ بھی نہیں کر سکا تھا۔ فلیٹ چھوٹا تھا مگر دو لوگوں کے لیے کافی تھا۔ وہ جلد ہی بہتر رہائش کا بندوبست کرنے والا تھا۔

☆......☆......☆

شادی کے ایک سال بعد اس کے گھر میں خوش خبری آئی تھی۔ وہ رپورٹس دیکھ کر اپنی جگہ کھڑا رہ گیا تھا۔ عدینہ جتنی خوش تھی اس کے احساسات اتنے ہی الجھن کا شکار ہوئے تھے۔ وہ بمشکل مسکرا سکا تھا۔ بمشکل ہی مبارک دے سکا تھا۔ اسے سمجھ نہیں آیا تھا اس کا ردعمل کیسا ہونا چاہیے.....اسے اس پل خوشی محسوس ہونی چاہیے تھی اور وہ ایک دم سے بلینک ہو گیا تھا۔ سیاہ..... تاریک خاموش اور ویران......

جس طرح وہ شادی کے وقت تردد کا شکار ہوا تھا۔ بالکل اسی طرح وہ اب اس خوش خبری پر بھی واہموں میں گھر گیا تھا۔ اس کے وجود پر ایک اضطراری کیفیت طاری تھی۔ ایک نئی زندگی کا آغاز کر

کے..... خود کو آنے والی ہر نئی سچویشن کے لیے تیار کر کے بھی..... وہ اب بے سکون ہو رہا تھا۔ اس کے ذہن میں بار بار ہارون شیرازی اور آرزو جہانگیر کا تصور ابھر رہا تھا۔ بار بار..... اسے اپنی زندگی اپنا ماضی..... اپنا بچپن نظر آ رہا تھا۔ اسے ڈر تھا کہیں وہ پتھر نہ ہو جائے۔ اپنی اولاد کو نہ چھوڑ دے۔ وہ اپنا اندر ٹٹول رہا تھا اور منجمد احساسات سے گھبرا رہا تھا۔

اس نے جمیلہ داؤد کو فون کر کے خوش خبری سنائی تو ان کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔

''ممی..... مجھے..... مجھے لگ رہا ہے جیسے میں اس کے لیے تیار نہیں ہوں۔'' ہمت کر کے ان سے کہہ دیا۔ وہ لمحے بھر کے لیے چونکیں۔ پھر مسکرا دیں۔

''جب تمہارا بچہ اس دنیا میں آئے گا، اسے اٹھاؤ گے تو اس کی خاطر ہر جنگ کے لیے تیار ہو جاؤ گے، یہ قدرتی طور پر ہوتا ہے۔ انسان پورا کا پورا بدل جاتا ہے۔'' بہت نرمی اور پیار سے سمجھاتے ہوئے انہوں نے اس کی گھبراہٹ کم کرنے کی کوشش کی۔ لبوں پر مسکراہٹ ٹھہری تھی۔

''ہر باپ ایسا تو نہیں ہوتا ممی! ہر باپ جنگ نہیں لڑتا۔ کچھ والدین زندگی کے میدان میں اولاد کو تنہا چھوڑ دیتے ہیں۔''

وہ ایک دم سے خاموش ہوئی تھیں۔ انہیں اس کے احساسات جیسے اب سمجھ میں آئے تھے۔

''تم خوش نہیں ہو؟''

''مجھے اندازہ نہیں ہے میں کیا محسوس کر رہا ہوں۔''

اس کا وہ ایک جملہ جمیلہ داؤد پر خاموشی طاری کر گیا۔ کتنی ہی دیر تک وہ کچھ کہہ نہ سکیں۔ فارس شیرازی کو تو اپنی خوشی پر خوش ہونا بھی نہیں آ رہا تھا۔

''جب وہ دنیا میں آئے گا تو تم اپنے احساسات کو سمجھ جاؤ گے۔''

''نہ سمجھ سکا تو.....؟ نہ بدل سکا..... پھر؟''

"تم ہارون یا آرزو نہیں ہو، فارس ہو۔"

"خون تو انہی کا ہوں...... بہت آسانی سے چھوڑ دیا تھا انہوں نے مجھے۔"

وہ اس کی آواز میں گہرے دکھ کو محسوس کر سکتی تھیں۔

"تم ایسے نہیں ہو...... ہو ہی نہیں سکتے۔" ان کے لہجے میں اس کے لیے محبت کی چاشنی تھی۔

"ممی آپ...... مجھے سمجھ کیوں نہیں رہیں۔"

"سمجھ رہی ہوں۔ اسی لیے تو کہہ رہی ہوں۔ تمہاری اولاد بہت خوش قسمت ہوگی...... تم کبھی بھی اسے نہیں چھوڑو گے یہ تو خوشی کا موقع ہے تم کیوں خود کو الجھا رہے ہو۔"

انہوں نے سمجھایا۔ وہ خاموشی سے انہیں سنتا رہا۔ گھبراہٹ ختم نہ ہوئی مگر اندر کا شور کچھ حد تک کم ہو گیا۔

اگلے دن وہ آفس سے واپسی پر بچوں کی ایک دکان میں چلا گیا۔ وہ اپنے احساسات بدلنے کی، اپنا خوف مٹانے کی کوشش کر رہا تھا۔ وہ خود کو صحیح معنوں میں بدلنا چاہ رہا تھا۔ مگر کھلونے اٹھا کر دیکھتے، انہیں محسوس کرتے، ان کی قیمت دیکھتے، اسے خیال پھر بھی ماں باپ کا ہی آ رہا تھا۔

کیا انہوں نے بھی اس کا انتظار کیا ہوگا؟ چاہت اور محبت سے؟ پھر اس کی پیدائش کے بعد بھی خوشی محسوس کی ہوگی۔ اسے صدق دل سے own کیا ہوگا...... اس کے بعد؟ صرف پانچ سال تک وہ ان کے لیے ضروری رہا تھا۔ ان کی ذات کے لیے اور رشتے کے لیے بھی...... صرف پانچ سالوں تک وہ محبت قائم رہی تھی۔

اس کے بعد سب کیوں بدل گیا تھا؟ وہ چاہت کیوں ختم ہو گئی تھی؟ اس کے لیے اس کے اپنے ہی ماں باپ کا دل کیوں پتھر ہو گیا تھا؟ انہوں نے اسے کیسے چھوڑ دیا تھا؟ کیا اولاد کو چھوڑنا اتنا آسان تھا؟ وہ ایک بار پھر سے اور اندر تک تاریکیوں میں گم ہو رہا تھا۔ اگر اس کا باپ اسے چھوڑ سکتا ہے تو کیا وہ بھی......؟ شاپ اسسٹنٹ اس کے پاس آ گئی تھی۔ اس کی مدد کرنے کے لیے کہ اسے کس عمر کے بچے کی

خریداری کرنی ہے؟

وہ ایک پانچ سالہ فارس کا ہاتھ تھامے کھڑا تھا۔ اس کا ذہن ایک دم سے خالی ہو گیا۔ کچھ بھی خریدے بغیر وہ وہاں سے چلا گیا۔ عدینہ نے چند ایک بار ذکر کیا انہیں شاپنگ کرنی چاہیے۔ مگر اس نے جواب نہ دیا۔ وہ خاموش تھا۔ وہ خود کی مصروفیت بڑھا چکا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

عدینہ کی دوست عروبہ کے گھر وہ اس کی بھانجی کے عقیقے پر مدعو تھے۔ وہ صوفے پر بیٹھا حمدان بھائی سے کوئی بات کر رہا تھا جب عدینہ نے ایک نومولود بچی اچانک ہی اس کی گود میں ڈال دی تھی۔ وہ چھوٹی سی بچی، اس کا کوئی وزن ہی نہ تھا۔ وہ آنکھیں موندے سوئی ہوئی تھی۔ اس کے ننھے ننھے سے بند ہاتھ، انگلیاں...... بھینچے ہوئے لب، اور......

فارس نے ایک دم سے گھبرا کر وہ بچی فوراً اسے واپس کر دی تھی۔ عدینہ حیران رہ گئی۔ گھر جا کر وہ اس پر ناراض ہوا۔ اس نے اچانک، اس طرح یہ حرکت کیوں کی تھی۔

Novels Ki Duniya

''کیسی حرکت؟'' عدینہ گنگ سی اسے دیکھ کر رہ گئی۔ وہ اس کے سوال کا جواب نہیں دے سکا۔

''تمہیں بچے پسند نہیں ہیں؟''

''میں نے یہ نہیں کہا۔''

''تو کیا کہہ رہے ہو تم؟''

''یو شڈ ہیو آسکڈ می اف آئی وانٹڈ ٹو ہولڈ ہر اپ آر ناٹ!'' (تمہیں مجھ سے پوچھنا چاہیے تھا کہ میں اسے اٹھانا چاہتا ہوں یا نہیں)

عدینہ گنگ سی ہوئی۔ یہ لہجہ، یہ انداز، کیا واقعی میں مسئلہ اس بچی کا تھا...... ان کا نہیں؟

اس کی آنکھوں میں غصہ اتر آیا تھا۔ ''تم مجھ سے...... ہمارے بچے کی بات کر رہے ہو۔''

فارس کو اپنے حلق میں کوئی چیز اٹکی ہوئی محسوس ہوئی تھی۔

"آئم ناٹ!"

"یس یو آر! جب سے تمہیں پتا چلا ہے ہم ایک چائلڈ ایکسپیکٹ کر رہے ہیں، تب سے تم پریشان ہو۔"

"ایسا کچھ نہیں ہے۔" اس نے سنبھل کر تردید کی۔

"تو پھر کیا مسئلہ ہے فارس؟"

وہ چند لمحوں تک خاموش رہا......

"صرف اتنا کہ میں...... اس کے لیے تیار نہیں ہوں۔ مجھے کچھ وقت لگے گا۔"

آج سے پہلے کبھی بھی اس نے عدینہ زبیر کو کوئی وضاحت نہیں دی تھی۔ اب دے رہا تھا تو وہ کسی طور سمجھ نہیں رہی تھی۔ وہ اس فارس کو نہیں جانتی تھی جو اس کے اندر تھا۔ جو دنیا سے چھپا ہوا تھا۔ وہ اس کے اندھیروں سے ناواقف تھی۔ وہ اس کے غموں کو نہیں جانتی تھی۔ اسے اس کی تکلیفوں کا، محرومیوں کا کوئی اندازہ نہیں تھا۔

"تو ٹھیک ہے۔ اِٹس ناٹ آ بگ ڈیل کہ تم ہمارے بچے کے لیے تیار نہیں ہو۔ ہم کچھ سال انتظار کر لیتے ہیں۔ ابھی بھی وقت ہے میں ابارشن کروا لیتی ہوں۔"

فارس وجدان نے ششدر ہو کر اسے دیکھا تھا۔ اس ایک لمحے میں اسے اپنی روح کھنچتی ہوئی محسوس ہوئی تھی۔

"یہ تم کیا کہہ رہی ہو؟ تم نے یہ سوچا بھی کیسے؟" اس کا لہجہ ایک دم سے سخت پتھریلا ہوا تھا۔

"فارس میں صرف ایک بات......"

"یہ صرف ایک بات نہیں ہے۔" وہ پھٹ پڑا۔

عدینہ اپنی جگہ تھم سی گئی۔ اس کی شادی شدہ زندگی میں فارس ایک بار بھی اس طرح غصے میں نہیں

آیا تھا۔نہ کبھی اس کی آواز بلند ہوئی تھی۔

''میں نے صرف ایک بات کی ہے تمہارا اندر جاننے کے لیے کہ تم کیا چاہتے ہو؟'' اس نے آگے بڑھ کر اس کے بازو پر ہاتھ رکھتے ہوئے نرمی سے کہا۔''مجھے تمہارا رویہ ٹھیک نہیں لگ رہا۔ ہر نیا کپل خوش ہوتا ہے۔ پر ہم......ہم خوش نہیں ہو رہے۔ میں بہت ایکسائٹڈ ہوں پر تم...... میں نہیں جانتی تمہارے ذہن میں کیا چل رہا ہے لیکن تم خوش نہیں ہو۔ میں شاپنگ کی بات کرتی ہوں اور تم اگنور کر دیتے ہو۔ ہم نے ابھی تک آنے والے کل کی کوئی بات ہی نہیں کی۔ ہم نے نام تک نہیں سوچا۔ ہم نے یہ بھی ڈیسائیڈ نہیں کیا کہ ہم مل کر اپنے بچے کے لیے کیا کچھ کرنے والے ہیں...... دیٹس واٹ آنارمل کپل یوژلی ڈو...... عروبہ کی بھابھی کا تیسرا بے بی ہے......اور وہ ابھی سے اس کے لیے اس طرح سے ایکسایئٹڈ ہیں جیسے وہ پہلی بار ماں باپ بن رہے ہوں۔'' اس نے توقف کیے بغیر ایک ہی سانس میں وضاحت دے ڈالی تھی۔

https://novelskidunya.com/

''میں جو بھی سوچوں...... یہ آخری بات ہوگی جو تم نے سوچی اور اتنے دھڑلے سے کہہ بھی دی۔'' اس نے بھاری سانسوں کے بیچ کہا۔ لہجہ ہنوز سرد، آنکھوں میں خون اترا ہوا تھا۔

''آئم سوری...... میں...... مجھ سے غلطی ہوگئی۔'' اس نے تسلیم کر لیا۔

''میری زندگی میں جو بھی چینج ہو میں اسے فوراً قبول نہیں کر سکتا۔ مجھے تھوڑا وقت چاہیے ہوتا ہے۔ یو نیڈ ٹو انڈر اسٹینڈ دس!'' سنجیدگی سے کہہ کر وہ ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کرتا ہوا بیڈروم میں چلا گیا۔ عدینہ اپنی جگہ کھڑی رہ گئی۔ فارس وجدان کا رویہ اس کی سمجھ سے باہر ہوا تھا۔ اس کا غصہ، گھبراہٹ، خاموشی......اور پھر ابارشن کے ذکر پر ایسا ردعمل......

اس کے دماغ میں آخر چل کیا رہا تھا۔ وہ سمجھنے سے قاصر تھی۔

☆......☆......☆

اگلے چند دنوں میں اس کے تمام خدشات غلط ثابت ہو گئے۔ جیسا وہ سوچ رہی تھی ویسا کچھ نہ تھا۔ فارس ویکلی چیک اپ کے لیے اس کے ساتھ گیا تھا۔ اور اس کا پہلے سے بھی زیادہ خیال رکھنے لگا تھا۔

یہ الگ بات تھی کہ وہ بچے کے متعلق کوئی بات نہیں کرتا تھا۔ اس نے دوپہر میں اس سے بچے کی شاپنگ کی بات کی۔ خیال تھا وہ بہانا کر دے گا جیسا کہ وہ پچھلے ایک ماہ سے کر رہا تھا مگر اس کی حیرت کی انتہا نہ رہی جب وہ اس کے لیے تیار ہو گیا۔ اس رات وہ دونوں اکٹھے ہی مال گئے تھے۔ یہ پہلی شاپنگ تھی۔ طے پایا گیا تھا۔ خواہش کے مطابق وہ دونوں شاپنگ کریں گے۔ بتائے بغیر......

"کم آن عدینہ!" وہ ذرا سا اریٹیٹ لگ رہا تھا۔

"کوئی ایکسکیوز نہیں۔" وہ اس سے پہلے ہی شاپ میں گھس گئی۔ کوٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے وہ اس کی بچکانہ سوچ پر سر جھٹک کر رہ گیا۔

شاپ میں داخل ہوتے ہی کچھ دیر تک تو بس ایسے ہی ٹہلتا رہا کہ اسے اپنی خواہش کو سمجھنے میں بہت دقت ہو رہی تھی۔ مگر بعد میں چھوٹی چھوٹی مختلف اشیا کو دیکھتے اس کے قدم گرلز سیکشن کی جانب اٹھ گئے۔ وہ گلابی رنگ کے کھلونوں اور کپڑوں کو، ننھے جوتوں اور سویٹرز کو دیکھنے لگا۔ کئی کھلونے اس نے ہاتھوں میں لیے..... کئی چیزوں کی قیمت چیک کی۔ نگاہیں اطراف میں گھومتی بھٹکتی رہیں۔ پھر ایک ننھی سی فراک اٹھا لی۔

عدینہ عقب سے جانے کہاں سے نمودار ہوئی۔ ہنستے ہوئے اس کے ہاتھوں سے فراک لے کر دیکھنے لگی۔

"تو تمہیں بیٹی چاہیے!"

"میں نے ایسا تو نہیں کہا۔" وہ ایک دم سے گڑبڑایا۔

"تمہارے دل تک پہنچنا اتنا بھی مشکل نہیں!" وہ ہنس کر بولی۔

فارس وجدان کو بیٹی چاہیے تھی۔ عدینہ زبیر کو بیٹے کی خواہش تھی۔

"جب تک بے بی جینڈر کا علم نہیں ہوگا کیا ہم اسی طرح الگ الگ شاپنگ کریں گے؟" گھر پہنچ کر اس نے فارس سے کہا۔

وہ مسکرا کر رہ گیا۔ "میرے خیال سے ہمیں انتظار کر لینا چاہیے۔" نگاہیں فائل پر جم گئیں۔ وہ کام میں مصروف نظر آ رہا تھا۔ وہ گال کے نیچے باز ور کھے اسے دیکھتی رہی۔ کیا وہ واقعی خوش ہے یا بس دکھاوے کو اس کا ساتھ دے رہا ہے؟ اس نے سوچا۔ حالانکہ آج وہ اس کے ساتھ مال گیا تھا۔ اس کا رویہ بھی ٹھیک تھا اور وہ اسے خوش بھی لگ رہا تھا۔

اگلے دن اس نے بچوں کے نام کے حوالے سے بات کی۔ ایک لمبی سی لسٹ اسے تھما دی۔ وہ اپنے سارے کام چھوڑ کر اس کے ساتھ بیٹھ گیا۔ کتنے ہی نام تھے جو عدینہ نے پسند کیے اور اس نے ریجیکٹ کر دیے۔ کتنے ہی نام ایسے تھے جو اسے پسند آ رہے تھے مگر وہ ریجیکٹ کر رہی تھی۔ اندر اندر سے وہ جانچ بھی رہی تھی۔ وہ اپنے بچے کے لیے کتنا سنجیدہ ہے؟ اسے نظر آ رہا تھا۔

"میری طرف سے دو نام فائنل سمجھو!" بالآخر اس نے لسٹ نیچے رکھ دی۔

"اور وہ دو نام کون سے ہیں؟" وہ میز پر کہنی جمائے، نیلی بلوریں آنکھوں میں الفت سی لیے پوچھنے لگی۔

"بیٹی ہوئی تو جنہ..... بیٹا ہوا تو ریان!" جو نام لسٹ میں نہ تھے، وہ نام اس نے طے کر لیے۔

"جنہ.....ریان؟" تاثرات یوں ہوئے جیسے کچھ خاص پسند نہ آئے ہوں۔ فارس اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔ "تم انہیں ریجیکٹ نہیں کر سکتی کم از کم جنہ تو بالکل بھی نہیں!" اس نے واضح کر دیا۔

"کیوں ایسی کیا خاص بات ہے اس نام میں؟"

"اچھا نام ہے، چھوٹا ہے، کیوٹ لگے گا۔" وہ ہلکے پھلکے لہجے میں گویا ہوا۔ فائل پھر سے اٹھالی۔

"یا پھر اس نام کی کوئی لڑکی تمہاری زندگی میں آ چکی ہے؟"

فائل پر سائن کرتے فارس وجدان کی حرکت تھم گئی۔ سر اٹھا کر عدینہ کو دیکھا۔ وہ اس کے چہرے پر ابھرتے سنجیدہ تاثرات کو دیکھ کر ایک دم سے سنبھلی۔ "جسٹ کڈنگ یار! تم تو سیریس ہی ہو گئے ہو۔" ہنس کر کاغذات سمیٹنے لگی۔ فارس وجدان کی نگاہیں کافی دیر تک اس پر جمی رہی تھیں۔

☆......☆......☆

سنڈے کو اس کا آف تھا۔ وہ عدینہ کو اس دن اپنی جاب پروموشن کی خوشی میں ایک مہنگے ریستوران میں لایا تھا۔ اس دن اس نے اپنی جیب کی پروا کیے بغیر اسے کافی مہنگی شاپنگ بھی کروائی تھی۔ اس نے جس چیز پر ہاتھ رکھا تھا اسے دلا دی تھی۔ کھانا کھاتے ہوئے اوپن ایریا میں وہ اس کے ساتھ بیٹھی خود کو دنیا کی خوش قسمت ترین لڑکی تصور کر رہی تھی۔ فارس وجدان کی سنگت میں، آنے والے کل کو سوچتے ہوئے ایک مکمل سی زندگی کا تصور کرتے ہوئے وہ صدق دل سے مسکرا بھی رہی تھی۔ اس نے جو خواہش کی پوری ہوئی تھی۔ جس کا ساتھ چاہا تھا اسے مل گیا تھا۔ وہ اس کے ساتھ باتیں کر رہی تھی، جذبات کا اظہار بھی۔ وہ مبہم سا مسکراتے ہوئے اسے جواب دے رہا تھا۔

کھانا کھانے کی بعد وہ رسٹ روم چلی گئی تھی۔ ہاتھ دھوتے ہوئے اس نے آئینے میں خود کو دیکھا تھا۔ میک اپ سے مکمل عاری چہرہ فریش لگ رہا تھا۔ اس کے گھنگھریالے سے سنہری بال جوڑے میں مقید تھے۔ اس نے چند ایک لٹوں کو بل دے کر کان کے پیچھے اڑس دیا۔ ہینڈ بیگ شولڈر پر ڈالتے ہوئے باہر آ گئی۔

ریلنگ کے پاس کسی انگریز لڑکی کے ہمراہ بیٹھے حماد شیرازی کی نگاہ اس پر پڑی تھی۔ وہ پہلی نظر یوں پڑی کہ وہ ہٹانا بھول گیا تھا۔

اس کی نگاہوں نے عدینہ زبیر کا دور تک تعاقب کیا تھا اور اگلے ہی پل اسے فارس وجدان کے برابر بیٹھتا دیکھ کر وہ اپنی جگہ تھم گیا تھا۔ ویٹر اب انہیں کافی پیش کر رہا تھا۔ وہ لڑکی اب کسی بات پر ایک دم

سے مسکرائی تھی۔اس کی کیفیت لمحے بھر میں بدل گئی۔وجود شعلوں میں گھر گیا۔وہ اپنی میز چھوڑ کر اٹھ گیا۔

ویٹر کو بل پے کرتے فارس وجدان بھی اپنی بیوی کے ہمراہ اٹھا تھا۔اور دوسرے ہی پل وہ آمنے سامنے ہوئے تھے۔

فارس وجدان

اور حماد شیرازی......

فارس کے چہرے سے مسکراہٹ کے تمام رنگ ایک دم سے غائب ہوئے تھے۔آنکھوں کی نرمی ختم ہوگئی۔لب بھنچ گیے۔حماد اپنے ٹراوزرز کی جیب میں ایک ہاتھ ڈالے عدینہ زبیر کی طرف متوجہ ہوا تھا۔عدینہ نے لمحوں میں ہی جان لیا کہ مہنگے قیمتی کپڑوں میں ملبوس وہ شخص کوئی عام نہیں تھا۔

''ہیلو فارس! کیسے ہو؟'' سلام کے لیے ہاتھ بڑھاتے ہوئے وہ اچانک ہی یوں مخاطب ہوا تھا جیسے ان کے مابین اسی طرح سلام دعا ہوتی رہتی ہو۔فارس نے ہاتھ نہیں تھاما تھا۔حماد نے مسکراتے ہوئے پیچھے ہٹالیا۔

''غالباً آپ......!''اس نے سوالیہ سی نگاہ عدینہ زبیر پر ڈالی۔

''مسز فارس!''مسکراتے ہوئے اس نے اپنے شوہر کے بازو میں ہاتھ ڈالا۔

اس نے بھنویں اچکا کر کچھ حیرت سے فارس کو دیکھا،وہ ابھی تک اپنی جگہ منجمد سا خاموش کھڑا تھا۔

''تم نے بتایا ہی نہیں شادی کر لی۔کارڈ بھیج دیتے۔ہماری پوری فیملی شادی اٹینڈ کرتی۔مجھے تو بہت خوشی ہوئی۔'' وہ اس سے یوں مخاطب تھا جیسے بہت پرانی دوستی ہو۔یوں جیسے وہ ایسے ہی فارمل ہو کر ایک دوسرے سے بات کرتے رہتے ہوں۔وہ اپنے اندر آگ لیے ضبط سے،تحمل سے کھڑا تھا۔وہ حماد کو اپنے راستے سے ہٹا کر وہاں سے نکلنا چاہتا تھا۔

''اور آپ...... غالباً فارس کے دوست ہیں؟'' عدینہ اس کے تاثرات سے قطعی بے پروا اپنی

دھن میں پوچھنے لگی۔

''ارے نہیں، فرینڈ نہیں...... فارس میرے گرینڈ فادر کے ملازم کا بیٹا ہے۔ ہی یوز ڈ ٹو لیو ان آور ہاؤس! میرے گرینڈ فادر نے ہی اس کی کفالت کی۔ میرے گرینڈ فادر! یو مسٹ نو ہم! اعظم شیرازی! ہیڈ آف شیرازی انٹر پرائزز!''

حماد شیرازی کے تعارف نے عدینہ زبیر کے سامنے اس کے وجود کے پرخچے اڑا دیے تھے۔ اس نے کمال ضبط کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی مٹھیاں سختی سے بھینچ لیں۔

عدینہ لمحے بھر کے لیے ساکت ہوئی تھی۔ اس سے پہلے کہ وہ کچھ سمجھ پاتی حماد کو کچھ غصے اور نفرت سے دائیں طرف دھکیلتے وہ عدینہ زبیر کا ہاتھ گرفت میں لیے وہاں سے چلا گیا۔ ٹراؤزرز کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے، ایک خفیف سی مسکراہٹ لبوں پر سجائے حماد شیرازی اسے جاتا ہوا دیکھتا رہا تھا۔

☆......☆......☆

وہ جب سے گھر آئے تھے ان کے مابین ایک خاموشی سی چھائی ہوئی تھی۔ عدینہ کچھ الجھن کا شکار تھی۔ حماد شیرازی نے جو بات کی تھی اسے وہ کسی طور ذہن سے نکال نہیں پا رہی تھی۔ فارس کے تاثرات سے تو یہی لگ رہا تھا جیسے دونوں کے مابین کوئی پرانی مخاصمت ہو۔ اور پھر اس نے حماد کی بات کی کوئی تردید بھی نہ کی تھی۔

''تم نے کبھی بتایا نہیں کہ......'' وہ کچھ کہتے کہتے رک گئی تھی۔

فارس لیپ ٹاپ کھولے بیٹھا تھا۔

''کہ کیا؟'' سر اٹھا کر عدینہ کو دیکھا۔ اس کے لہجے میں سختی اتر آئی تھی۔

''جو...... حماد شیرازی نے کہا......''

''کیا بتانا ضروری تھا؟''

''میں ایسا تو نہیں کہہ رہی ہوں۔''

''پھر کیا کہہ رہی ہو؟''

''میں تو بس...... صرف یہ جاننا چاہ رہی ہوں۔ تمہاری زندگی...... تمہارے بارے میں......''

''شادی سے پہلے تمہیں میرے بارے میں کچھ بھی جاننے کی خواہش نہیں تھی۔'' اس نے نظر اٹھا کر اسے یاد دلایا۔ وہ ایک دم سے چپ ہوگئی۔

''تب تمہیں صرف میری ذات سے غرض تھی۔ اب تمہیں سب جاننا ہے؟''

اس کا لہجہ بے حد تلخ ہو رہا تھا۔ عدینہ کو ایک دم سے احساس ہوا۔ اس کا سوال غلط تھا۔ جواب بھی غلط تھا۔ وہ ایک دم سے محتاط ہو کر سنبھل گئی۔ ''میں تو بس...... میں تو بس یہ جاننا چاہ رہی تھی جو بات اس نے کہی...... آئی مین...... کیا تمہارے ڈیڈ واقعی میں ان کے سرونٹ......''

''کیا اس سے کوئی فرق پڑتا ہے؟'' تردید یا تائید کیے بغیر اس نے عدینہ کی آنکھوں میں سختی سے دیکھتے سوال پوچھا تھا۔

''نہیں میرا مطلب یہ نہیں تھا۔ میں تو بس......'' کہہ کر اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ پر رکھا۔ خود کو کمپوز کرتی مسکرائی۔ ''صرف بات کر رہی تھی۔''

''ایسا کچھ نہیں ہے، جیسا وہ کہہ رہا تھا۔'' مختصر کہہ کر اس نے فائل اٹھالی۔ عدینہ کچھ دیر تک اسے دیکھتی رہی۔ بھلا حماد شیرازی کو کیا ضرورت پڑی تھی اس طرح فارس وجدان کے متعلق غلط بیانی کرنے کی؟ وہ تو پورے وثوق سے کہہ رہا تھا اس کے دادا نے ہی فارس کی کفالت کی تھی۔ جانے اس بات میں کتنی سچائی تھی مگر وہ الجھن میں ضرور پڑ گئی تھی کہ آج تک سوائے جمیلہ داؤد کے وہ اس کے کسی بھی رشتہ دار سے نہیں ملی تھی۔ فارس نے اپنے پیرنٹس کا کبھی ذکر نہیں کیا تھا۔ اس کی فیملی پاکستان میں کہاں رہتی تھی، یہ تک نہیں بتایا تھا۔

واحد جمیلہ داؤد ہی تھیں جو اس کے ساتھ رابطے میں تھیں۔ فارس نے بتایا تھا وہ اس کی دور پرے کی رشتہ دار تھیں اور اس کے لیے ماں جیسی تھیں۔ وہ صرف ماں جیسی نہیں تھیں، ماں سے بھی بڑھ کر تھیں۔ روز ہی فون کال ہوتی تھی۔ اس کے ساتھ بھی رابطے میں رہتی تھیں، مگر جو کچھ حماد شیرازی نے بتایا تھا وہ اسے الجھن میں ڈال چکا تھا۔ کیا فارس اس سے کچھ چھپا رہا ہے؟ اس نے سوچا۔ سوال کو صرف سوچ تک ہی محدود رکھا۔ فارس سے پوچھ کر وہ بدمزگی نہیں چاہتی تھے۔

اس نے کپڑے تہ کرتے ہوئے فارس پر نظر ڈالی...... اس کی پیشانی پر ہنوز بل ٹھہرے ہوئے تھے۔ آنکھوں سے غصہ جھلک رہا تھا۔ وہ گہری سانس لے کر وہاں سے اٹھ گئی تھی۔

☆......☆......☆

عروبہ کسی شادی پر انوائٹڈ تھی۔ وہ اکیلے نہیں جانا چاہتی تھی تو اسے بھی دعوت دے ڈالی تھی۔ فارس نے اجازت دی تو وہ اس کے ساتھ ہی چلی گئی۔ خیال تھا کوئی چھوٹا سا فنکشن ہوگا مگر شادی ہال میں داخل ہوتے ہی اسے یوں لگا جیسے وہ کسی محل میں آ گئی ہو۔ ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ وہ کسی ایلیٹ کلاس کا کوئی فنکشن اٹینڈ کر رہی تھی۔

عروبہ کے پہلو میں پورے اعتماد کے ساتھ چلتے ہوئے اس نے گردن سیدھی کی تھی۔ اسے اپنے حسن کا ادراک تھا۔ اس امر کا بھی کہ ایسے کسی فنکشن میں خود کو کیسے پوز کرنا ہے۔ توجہ اور نگاہوں کا مرکز کیسے بننا ہے۔ اہم کیسے ہونا ہے۔

اس نے سیاہ رنگ کی سلک ساڑھی زیب تن کر رکھی تھی۔ سنہری مائل بالوں کا جوڑا بنا رکھا تھا۔ سرخ رنگ کا ہلکا سا میک اپ، سرخ رنگ کی ہیلز اور کلائی بھری چوڑیاں...... پاکستانی شادی کا فنکشن تھا تو وہ اسی مناسبت سے تیار ہوئی تھی۔ اس میں کوئی شک نہیں تھا کہ وہ بے انتہا حسین لگ رہی تھی۔ اور اسی وجہ سے وہ ہر ایک کی نظروں میں بھی آ رہی تھی۔ مروتاً اور اخلاقاً مسکراتے ہوئے وہ عروبہ کی کولیگز سے مل

اور پھر ایک میز سنبھال کر بیٹھ گئی۔ گردن اونچی کیے اب وہ ہر طرف دیکھ رہی تھی۔ اور تب اچانک اس کی نگاہ حماد شیرازی پر پڑی تھی۔

وہ شہزادوں کی سی آن بان کے ساتھ سیاہ تھری پیس سوٹ میں ملبوس اسپائرل اسٹیر کیس سے اترتا ہوا نیچے آ رہا تھا۔ وہ اسے دیکھ چکا تھا۔ وہ اب اس کی طرف ہی آ رہا تھا...... مروتاً اسے بھی اپنی جگہ سے اٹھنا پڑا تھا۔ اس کے قیمتی کپڑے، پرفیوم...... اس کی شہزادوں جیسی آن اور شان...... وہ ایک دم سے متاثر اور مرعوب ہوئی تھی۔

https://novelskidunya.com/

''اٹ از نائس ٹو میٹ یو اگین!''

''یو ٹو......!'' اس نے مسکراتے ہوئے اپنا ہاتھ نزاکت سے اس کے ہاتھ میں دے دیا۔

''آپ کے شوہر ساتھ نہیں آئے؟''

''نہیں وہ میں اپنی فرینڈ عروبہ کے ساتھ آئی ہوں۔''

اس نے بھنویں اچکائیں اور پھر مسکرایا۔

''آیئے میں آپ کو اپنی ممی سے ملواتا ہوں۔''

وہ اسے ساتھ لیے بالکل سامنے ہی کھڑی کچھ خواتین کی جانب بڑھا تھا۔ اور اس کے پکارنے پر جس خاتون نے مڑ کر اسے دیکھا، ان پر نظر پڑتے ہی وہ اپنی جگہ پتھر ہو گئی۔

جمیلہ داؤد فارس وجدان کی رشتے دار خاتون...... جتنی سرعت سے اس کی آنکھوں میں حیرت اتری تھی۔ اتنی ہی سرعت سے ان کے تاثرات بدلے تھے۔ اسے یہاں، اس طرح اور پھر اپنے بیٹے کے ساتھ دیکھ کر وہ بھی سکتے میں آ گئی تھیں۔

''آپ......''

''کیسی ہو بیٹا!'' انہوں نے خود کو سنبھالتے ہوئے تاثرات نارمل کر لیے۔ ایک نظر حماد کو دیکھتے

اسے گلے لگایا۔

''ارے.....آپ تو جانتی ہیں اسے.....'' وہ مسکرایا۔

مسز شیرازی اس لمحے بالکل بھی مسکرا نہ سکیں۔عدینہ کے تاثرات سارا وقت کنفیوژن لیے رہے۔
ٹھیک سے وہ کچھ بھی انجوائے نہ کر سکی.....شام دس بجے وہ گھر آئی تو فارس کچن میں تھا۔اس نے برنر پر
دودھ چڑھا رکھا تھا۔موبائل فون کان سے لگائے.....وہ آفس کے معاملات ڈسکس کر رہا تھا۔

گردن موڑ کر اسے دیکھتے ہوئے ہاتھ ہلایا۔

اپنا پرس کاؤنٹر پر رکھتی وہ کرسی کھینچ کر بیٹھ گئی۔فریز کھول کر پانی کا گلاس اس کے سامنے رکھتے
ہوئے اس نے برنر بند کر دیا۔

''کیسا رہا تمہارا دن؟''

''ٹھیک رہا۔'' کہہ کر چند گھونٹ مزید لیے۔پھر گلاس رکھ دیا۔'' کافی اونچے بڑے خاندان کے
لوگ آئے ہوئے تھے۔مجھے اندازہ نہیں تھا عروبہ شیرازی انٹرپرائزز میں جاب کرتی ہے۔''

فارس اپنی جگہ ساکت ہوا۔

''جمیلہ آنٹی بھی وہاں تھیں۔ان سے بھی ملاقات ہوئی۔'' وہ کہہ رہی تھی۔

اسے اپنا سانس لمحے بھر کے لیے رکتا ہوا محسوس ہوا تھا۔

وہ اس کے خاندان کی شان و شوکت، ان کی دولت، اسٹیٹس.....ان کا رہن سہن دیکھ کر آئی
تھی.....جس ہال میں شادی کی گئی تھی وہ لندن کا مہنگا ترین ہال تھا۔اس کے تاثرات بدلے ہوئے سے
نظر آ رہے تھے۔آنکھوں کی چمک بڑھی ہوئی تھی۔

''تم نے بتایا ہی نہیں کہ وہ..... ہارون شیرازی کی وائف ہیں۔میں تو انہیں ایک عام سی خاتون
سمجھتی رہی۔''

فارس کو ایک دم سے اپنا دم گھٹتا ہوا محسوس ہوا۔ عروبہ کو دعوت نامہ ملا تھا۔ وہ اسے بھی ساتھ لے گئی تھی۔ کاش اسے پتا ہوتا تو وہ اسے نہ جانے دیتا۔

''فارس! کیا سچ میں؟ اگر وہ تمہارے ریلیٹو ہیں تو تم......'' اشارہ اس جانب تھا کہ وہ اتنی شان دار اور فارس اتنی عام سی زندگی کیوں گزار رہا ہے۔ ان حالات میں کیوں رہ رہا ہے۔

فارس وجدان کو اپنا دماغ ایک دم سے ماؤف ہوتا ہوا محسوس ہوا۔ وہ اسے کیا جواب دے گا۔ کیا وضاحت، کیا دلیل......

اس کی گھبراہٹ ایک دم سے بڑھ گئی۔

''کافی پیو گی؟'' اس نے سنبھل کر پوچھا۔

''تم موضوع بدل رہے ہو؟''

''میرا نہیں خیال اس پر کوئی بات بنتی ہے۔'' وہ رخ بدل گیا۔

''آنٹی تمہاری رشتے دار ہیں......یعنی شیرازی خاندان کے ساتھ تمہارا تعلق ہے۔'' اس کی آنکھیں پھیلی ہوئی تھیں۔

فارس کے اندر خطرے کی گھنٹی اندر کہیں بج اٹھی۔ زمین قدموں سے نکلی نہیں تھی مگر وہ خود کو فضا میں کہیں معلق سا محسوس کر رہا تھا۔ اس کے پاس اس لمحے عدینہ زبیر کی تردید کرنے کے لیے کوئی لفظ نہیں تھا۔ قسمت نے کیا خوب چال چلی تھی۔ ایک تعارف حماد شیرازی نے دیا تھا۔ ایک تعارف وہ جمیلہ داؤد کی طرف سے اپنا کروا چکا تھا۔ تائید یا تردید وہ دونوں نہیں کر سکتا تھا۔

''فارس!''

''میں بزی ہوں...... بعد میں بات کرتے ہیں۔'' برنر بند کرتے وہ اسی وقت کچن سے نکل گیا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

اگلے کئی دنوں تک جتنی بار اس نے اس مسئلے سے، اس ٹاپک سے، اس گفتگو سے فرار کی کوشش کی، عدینہ زبیر نے اتنی ہی بار سوال کیے......

اسے اچانک ہی اس کے خاندان، اس کے رشتے داروں میں دلچسپی پیدا ہو گئی تھی۔ وہ اس کے بارے میں سب کچھ جاننا چاہتی تھی۔ وہ کسی بات کا کوئی جواب نہیں دے رہا تھا۔ وہ اپنی مرضی کے مفہوم اور نتیجے اخذ کرتی، اس کی پریشانی بڑھاتی جا رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/

اس کا خیال تھا چونکہ وہ اس کے رشتے دار ہیں اسے ان سے ہیلپ لینی چاہیے۔ وہ اپنی جاب میں اسٹرگل کر رہا ہے۔ اسے ان سے بات کرنی چاہیے۔ شیرازی انٹر پرائزز میں جاب کرنے والوں کو کتنی مراعات ملتی تھیں اس کا اندازا اسے بہت اچھے سے ہو گیا تھا۔ عروبہ کو اچھی خاصی پے ملتی تھی۔

"فارس! تم سن بھی رہے ہو میں کیا کہہ رہی ہوں؟"

"عدینہ! جسٹ......سٹاپ!" اس کی برداشت ختم ہوئی تو جھلا کر روک دیا۔ "آئی ڈونٹ وانٹ ٹو ٹاک اباؤٹ اٹ!"

ناولز کی دنیا
NovelsKiDunya

"تم ہر بات پر انکار کرتے ہو...... حالات کیسے بدلیں گے۔ زندگی کیسے بدلے گی۔" وہ لڑ پڑی۔

"کیا ہے ہمارے حالات کو......؟" اسے بھی غصہ آگیا۔ "اور کیا ہے ہماری زندگی کو جسے بدلنے کی ضرورت ہے؟"

"اسے تم زندگی کہتے ہو؟ یہ گھر ہے جہاں ہم اپنے بچے کو ویلکم کریں گے؟ اس گھر میں؟" ہاتھ پھیلا کر اس نے اس چھوٹے سے فلیٹ کا مذاق اڑایا جسے وہ اپنی جاب سے اس وقت افورڈ کر سکتا تھا۔ عدینہ زبیر کو وہ چھوٹا سا ڈربہ......ایک قید خانہ، ایک بند کوٹھڑی سی لگ رہا تھا...... وہ ساکت نگاہوں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

"کچھ دن پہلے تک یہ گھر بھی تمہارے لیے ٹھیک تھا۔ میرے حالات بھی ٹھیک ہے۔ اور اب اچانک......"

''اچانک کچھ نہیں ہوتا۔ میں کتنے ٹائم سے تمہیں کہہ رہی ہوں کہ ہمیں کوئی اچھا سا فلیٹ لینا چاہیے۔تمہاری تنخواہ سے ہم دونوں کا گزارا مشکل ہوتا ہے اورتم......''

فارس اسے دیکھے جا رہا تھا۔کیا یہ وہی عدینہ زبیر تھی جو ایک کمرے کے فلیٹ میں بھی اس کے ساتھ رہ سکتی تھی۔ جسے اس کے حالات اور زندگی سے کوئی سروکار نہیں تھا۔جس کے لیے فقط اس کی ذات اہم تھی۔ساتھ اہم تھا۔جس نے کبھی بھی کسی چیز کو، پیسوں کو اس پر فوقیت نہیں دی تھی...... جو ہے، جیسا ہے کی بنیاد پر اسے قبول کر کے اب وہ ہر چیز میں کیڑے نکال رہی تھی۔

اپنی پیشانی مسلتے وہ اپنی جگہ کھڑا تھا۔ضبط کرتا ہوا...... لہجے کو حتی الامکان نرم رکھتا ہوا، اسے وضاحت دے کر، اپنا موقف بتلاتا ہوا۔مگر عدینہ کی ایک ہی رٹ تھی۔جمیلہ داؤد سے بات کر کے وہ اپنی جاب کا بندوبست کرے۔ان سے ہیلپ لے۔لون مانگے۔کچھ کرے تا کہ ان کے حالات بہتر ہوں۔

''اگر تم بات نہیں کر سکتے تو میں ان سے......''

''ڈونٹ یو ڈیئر عدینہ!''اس نے سختی سے منع کر دیا۔

''فارس! مسئلہ کیا ہے تمہارے ساتھ؟''

''آئی لائیڈ او کے!''(میں نے جھوٹ بولا) وہ پھٹ پڑا۔''وہ میری ریلیٹو نہیں ہیں۔سو جسٹ سٹاپ میٹشنگ ہر!''(ان کا ذکر کرنا بند کر دو)

وہ اپنی جگہ ساکت ہوئی......

''تم یہ......کیا کہہ رہے ہو؟''

''وہی جو تم نے سنا۔ان کے ساتھ میرا کوئی رشتہ نہیں ہے! شیرازی خاندان کے ساتھ میرا کوئی تعلق نہیں ہے۔''دل پر جبر کر کے اس نے سخت لہجے میں واضح کر دیا۔

''تم نے جھوٹ کہا؟''اس کے لب ہلے۔آنکھوں میں صدمہ ٹھہر گیا۔تو کیا وہ سچ میں شیرازی

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا NovelsKiDunya

خاندان کے کسی ملازم کا بیٹا تھا؟ کیا سچ میں جمیلہ داؤد کے ساتھ اس کا کوئی رشتہ نہ تھا؟

''آنٹی نے ہمارے نکاح میں تمہاری طرف سے شرکت کی تھی۔ انہوں نے ڈیڈ سے میرا رشتہ مانگا تھا۔ اب تم مجھ سے کہہ رہے ہو وہ تمہاری رشتہ دار بھی نہیں ہیں؟ تم کیا چھپا رہے ہو مجھ سے؟'' وہ چیخ پڑی۔ غصے سے چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔ فارس بے بسی سے اسے دیکھ کر رہ گیا۔ ایسی مشکل سچویشن میں وہ پہلے کبھی نہیں پھنسا تھا۔ اپنی ذات پر اٹھتے کسی سوال پر ایسا جبر...... اور ایسا صبر بھی اس نے پہلے کبھی نہیں کیا تھا۔

''عدینہ!''

وہ اسے دور رہنے کا اشارہ کرتی شدید غصے میں الٹے قدم پیچھے ہٹی تھی۔

''تم نے کہا تھا تمہیں کسی بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔'' وہ بولا تو لہجے میں کرب پنہاں تھا۔

''جھوٹ سے پڑتا ہے۔'' وہ غصے سے پاؤں پٹختی کمرے میں بند ہو گئی تھی۔ فارس اپنی جگہ کھڑا رہ گیا تھا۔

☆......☆......☆

ساری رات وہ ٹھیک سے سو نہ سکا۔ صبح اٹھتے ہی اس نے عدینہ سے بات کرنا چاہی۔ اس کا موڈ بری طرح سے آف تھا۔ وہ اس کی طرف دیکھ بھی نہیں رہی تھی۔

''میں نے تم سے کوئی جھوٹ نہیں بولا۔'' ناشتے کی میز پر اس نے کہا۔ وہ تلخی سے ہنسی۔

''تو سچ کیا ہے، دوبارہ بتا دو۔''

وہ بے بسی سے اسے دیکھ کر رہ گیا۔

''ابھی بھی اپنی بات پر اڑے ہوئے ہو تم! ابھی بھی تم اس ڈسکشن سے بھاگ رہے ہو۔''

''میرا نہیں خیال اس طرح کی باتیں ہمارے درمیان ڈسکس ہونی چاہئیں۔''

''کیوں نہیں ہونی چاہئیں؟'' اس نے پلیٹ میں چمچ پٹخ دیا۔ کرسی دھکیل کر اٹھ گئی۔ ''کیا

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Dunya

تمہارے بارے میں کچھ بھی جاننے کا حق نہیں رکھتی میں؟"

اس نے مٹھیاں سختی سے بھینچ لی تھیں۔

"تمہارے پیرنٹس کون ہیں؟ کہاں ہیں؟ ایسا بھی نہیں ہوتا کہ اولاد کا اپنے ماں باپ سے کوئی رابطہ بھی نہ ہو۔"

"میں نے تمہیں شادی سے پہلے بتادیا تھا۔" بہت ہمت اور برداشت سے، اس نے اپنے لہجے کو حتی الامکان نرم رکھا تھا۔

"جھوٹ بتایا...... اب مجھے تمہاری کسی بات پر یقین نہیں۔"

وہ ضبط کیے رہا۔

"بتاؤ کون ہو...... کیا ہو...... کہاں سے ہو تم؟"

لب بھینچ کر جس بدتمیزی سے اس نے سوال کیے، وہ بمشکل ہی خود پر قابو پا سکا۔

"یہ سوال تمہیں شادی سے پہلے پوچھنا چاہیے تھے۔"

"اب پوچھ رہی ہوں نا! اندھا بھروسہ کرنے سے انسان کو مار ہی لگتی ہے۔" اس کا لہجہ عجیب سلگتا ہوا سا تھا۔

کوئی بھی جواب دیے بغیر وہ میز چھوڑ کر اٹھ گیا۔ ناشتے کے بغیر ہی آفس چلا گیا...... شام میں گھر واپس آیا تو وہ اس کا انتظار کیے بغیر ہی سو چکی تھی۔ شادی شدہ زندگی میں ایسا پہلی بار ہوا تھا وہ ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھا اب اکیلے ہی کھانا کھا رہا تھا۔ اسے نہیں پتا تھا آنے والے دنوں میں یہ تنہائی ایک روٹین بننے والی تھی۔ اسے نہیں پتا تھا اجنبیت اور بدگمانی کی یہ فضا جو اس گھر پر اتری تھی، مستقل طور پر ٹھہر جانے والی تھی۔

☆......☆......☆

سارا دن اپنے آپ میں سلگتے الجھتے رہنے کے بعد اس نے موبائل اٹھا کر جمیلہ داؤد کو کال کر دی تھی۔
''فارس...... آپ کا کیا لگتا ہے؟'' مختصر سلام دعا کے فوراً بعد اس نے سوال کیا تھا۔
جمیلہ داؤد تحیر سے اپنی جگہ کھڑی رہ گئیں۔
''آپ نے میرے ڈیڈ سے کہا تھا کہ آپ اس کی رشتہ دار ہیں۔ فارس اب کہہ رہا ہے کہ آپ اس کی رشتہ دار نہیں ہیں۔'' اس سے پہلے کہ وہ بات جاری رکھتی، فارس نے اس سے فون لے لیا تھا۔
''یہ کیا بدتمیزی ہے فارس!'' وہ چیخ پڑی۔
''ہیلو......!'' جمیلہ داؤد فون کان سے لگائے ایک دم سے پریشان ہوئیں۔
اس نے موبائل کچھ غصے سے بیڈ پر پھینک دیا تھا۔''کیا کرنے کی کوشش کر رہی ہو تم؟'' آنکھوں میں خون اتر آیا تھا۔
جو سوال تم نہیں سننا چاہتے، وہی سوال جمیلہ آنٹی سے کر رہی ہوں۔''
''انہیں اس سب میں مت گھسیٹو!''
''کیوں نہ گھسیٹوں؟ ہاں؟ میرا رشتہ انہوں نے مانگا تھا ڈیڈ سے...... یہ بتا کر کہ وہ تمہاری رشتے دار ہیں۔ یہ کیسی رشتے داری ہے؟ دھوکا ہوا ہے میرے ساتھ۔''
''کیسا اور کہاں کا دھوکا......'' وہ چیخ اٹھا۔ ''تم مجھ سے شادی کرنا چاہتی تھیں۔ تمہیں اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا کہ میں اپنے پیرنٹس سے رابطے میں نہیں ہوں۔ تم نے مجھ سے کہا تھا میں تمہارے ڈیڈ سے خود رشتے کی بات کر سکتا ہوں۔ اس وقت میرے خاندان، فیملی، ماں باپ...... رشتے دار...... تمہیں کسی کے بارے میں، کچھ بھی جاننے کا شوق نہیں تھا۔ اور اب...... اچانک تمہارا حق بن گیا ہے اس طرح کے سوالات کرنا۔''
وہ اپنی جگہ ساکت کھڑی تھی۔

''شادی کا فیصلہ میرا تھا۔ اس بات کا طعنہ دے رہے ہو تم مجھے؟''

وہ اسے دیکھ کر رہ گیا۔ اس نے کیا کہا تھا۔ وہ کیا سمجھ رہی تھی۔

''سچ کہتے ہیں، عورت محبت کا اعتراف کر کے خود کو مرد کی نظروں سے گرا دیتی ہے۔'' وہ جھٹکے سے پلٹ کر اپنے کمرے میں بند ہوگئی۔ وہ کتنی ہی دیر تک اس بند دروازے کو دیکھتا رہا، پھر اس نے جمیلہ داؤد کو فون کیا۔

''ممی! کیا آپ عدینہ کا نمبر بلاک کر سکتی ہیں؟''

وہ پہلے سے پریشان ہو رہی تھیں۔ اس کے اس مطالبے پر اور زیادہ ہو گئیں۔ شادی ہال میں ملاقات کے بعد سے انہیں شک تھا کوئی نہ کوئی بات ضرور ہے مگر فارس نے انہیں مطمئن کر دیا تھا۔

''میں سب ٹھیک کرنے کی کوشش کر رہا ہو۔ جب تک...... وہ سمجھ نہیں جاتی، تب تک......'' اس نے رک کر آنکھوں کو مسلا۔ وہ نہیں چاہتا تھا عدینہ زبیر کی جمیلہ داؤد سے دوبارہ کبھی ملاقات بھی ہو۔

''کیا بات زیادہ بڑھ گئی ہے؟''

''وہ جاننا چاہتی ہے میرے پیرنٹس کون ہیں؟''

انہیں شاک لگا۔ یہ بحث ان کے درمیان پہلے کبھی نہیں آئی تھی۔ ایک دم سے ایسا کیا ہوا تھا کہ وہ ان باتوں کو اہمیت دے رہی تھی جن باتوں پر اس نے کبھی سوال بھی نہیں اٹھایا تھا۔

''شادی کے پورے ڈیڑھ سال بعد...... وہ مجھ سے میرے ماں باپ کا پوچھ رہی ہے۔'' اس کی آواز میں ایک کرب پنہاں تھا۔ کتنی ہی دیر تک وہ کچھ کہہ نہ سکیں۔

''تو اب تم نے کیا سوچا ہے؟'' جانتی تھیں ان باتوں کا اثر اس کی شادی شدہ زندگی پر پڑ رہا تھا۔

''کچھ بھی نہیں!'' وہ کچھ بے بسی سے گویا ہوا۔

''کہنے کو کچھ ہے بھی نہیں! اپنا خیال رکھیے گا۔ جلد رابطہ کروں گا۔'' اس نے بات ختم کر دی۔ واش بیسن کے سامنے خود کو آئینے میں دیکھتے کتنی دیر تک کھڑا رہا۔

''خود کو صحیح معنوں میں مر کر دکھا سکتا ہوں میں!''

ٹھنڈے پانی سے بار بار چہرہ دھوتا رہا۔

''میں پچھلے پندرہ سالوں سے چپ ہوں۔ مزید چپ رہ سکتا ہوں۔'' لب بھینچ کر بیسن پر گرفت جماتا سر جھکا گیا۔

''اسے جانے دو۔'' اعظم شیرازی کی آواز گونج بن گئی۔

وہ اب آئینے میں خود کو دیکھ رہا تھا۔ شکست واضح تھی۔ آزادی کا ایک جھوٹا گمان تھا جس کے پیچھے وہ چلتا رہا تھا۔ حقیقت وہ نہیں تھی جو وہ سمجھتا رہا تھا۔

اپنے اندر کے شور کو سنتے اس نے سر جھکا لیا۔ بیڑیاں کبھی نہیں کٹی تھیں۔ وہ آج بھی، کچھ فیصلوں اور وعدوں کی گرفت میں، اعظم شیرازی کا ہی قیدی تھا۔ بس انکشاف دیر سے ہوا تھا۔

بہت زیادہ دیر سے ہوا تھا۔

☆......☆......☆

عدینہ زبیر کی شکایات بڑھتی جا رہی تھیں۔ اختلافات بڑھتے جا رہے تھے۔ اسے فارس کی ہر بات پر اعتراض ہونے لگا تھا۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر وہ گھر کا ماحول جہنم بنانے لگی تھی۔ مشتعل ہو کر توڑ پھوڑ کرنے لگی تھی۔ اس کے سوال زیادہ ہو گئے تھے۔ بحث زیادہ ہو گئی تھی۔ شکوک وشبہات بھی...... وہ اکثر اسے جواب نہیں دیتا تھا۔ خیال ہوتا تھا وہ چپ رہے گا تو بات آگے نہیں بڑھے گی۔ وہ لڑ جھگڑ کر اپنی بھڑاس نکال کر چپ ہو جائے گی۔ وہ چپ ضرور ہو جاتی تھی، مگر اگلے دن پھر سے شروع ہو جاتی۔

فارس سمجھ نہیں پا رہا تھا اس طرح اسے کیا ہوا تھا۔ کیوں وہ اتنی بدگمان اور روڈ ہو رہی تھی۔ کیوں وہ اس رشتے کی پروا نہیں کر رہی تھی۔ جتنی شدتوں سے چاہتی رہی تھی، اب اتنی ہی شدتوں سے نفرت کرنے لگی تھی۔ اسے فارس میں عیب نظر آنے لگے تھے۔ اس کی ذات سے اختلاف ہونے لگا تھا۔ وہ

اس کے ساتھ اپنے کسی بھی مسئلے کو حل نہیں کر پا رہا تھا۔

اکثر ایسا ہونے لگا وہ بتائے بغیر ہی تیار ہو کر چلی جاتی۔ رات تاخیر سے گھر آتی۔ موبائل آف رکھتی۔ میسجز نظر انداز کر دیتی۔ وہ تحمل سے اعتراض اٹھاتا تو آپے سے باہر ہو جاتی۔

"ہماری شادی ہوئی ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم ایک دوسرے کو قید کر کے رکھیں گے۔" بدمزگی زیادہ نہ ہو، اس نے روک ٹوک ترک کر دی۔ مگر زیادہ دیر تک ایسا نہ کر سکا کہ وارڈ روب سے کپڑے نکالتے اس کے ہاتھ میں ایسا پرفیوم آ گیا جس کی قیمت اس کی ایک ماہ کی تنخواہ کے برابر تھی۔ وہ اس قدر قیمتی چیز دیکھ کر لمحے بھر کے لیے سکتے میں آ گیا تھا۔ لاؤنج میں جا کر پرفیوم دکھا کر پوچھا تو وہ ایک دم سے گڑبڑا گئی۔

"فرینڈ نے گفٹ کیا ہے۔"

"اتنا مہنگا گفٹ!"

"جو چیز تم افورڈ نہیں کر سکتے اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ میرے سرکل کے لوگ بھی نہیں کر سکتے۔" اسے غصہ آ گیا۔

"تمہیں نہیں لینا چاہیے تھا۔" فارس کی برداشت اب ختم ہو رہی تھی۔

وہ ضبط کر کے مڑی۔ "کیوں نہیں لینا چاہیے؟ میری دوست ہے، میرا تحفہ ہے۔ تم اس طرح کی بات مجھ سے کیسے کہہ سکتے ہو۔"

"عدینہ! کیا ہو گیا ہے تمہیں؟"

"واہ......اب میں بری ہو گئی ہوں؟ مجھ کچھ ہوتا جا رہا ہے؟ تم نے خود کو دیکھا ہے؟ ایک ایک چیز کے لیے ترسا کر رکھا ہوا ہے مجھے، میرے پاس بہت اچھے اور ویل آف فیملیز کے رشتے آ رہے تھے۔ میں نے سب کو تمہاری خاطر انکار کر دیا اور تم......تم نے مجھے آج تک دیا ہی کیا ہے؟ اس ڈربے نما فلیٹ

میں رکھ کر تم سمجھ رہے ہو تم نے میرا ہر حق ادا کر دیا۔"

وہ غصے اور اشتعال میں بولتی جا رہی تھی۔ وہ اسے دیکھتا جا رہا تھا۔ اسے سنتا جا رہا تھا۔ اس کا ایک ایک لفظ اس کے اعصاب پر بھاری پڑ رہا تھا۔ اسے اپنے حواس مفلوج ہوتے ہوئے محسوس ہو رہے تھے۔

کیا یہ وہی عدینہ تھی؟ اس نے مزید کوئی بات، کوئی بحث نہ کی۔ اسی وقت گھر سے چلا گیا۔ شام دس بجے واپس آیا تو وہ گھر میں نہیں تھی۔ اس کا موبائل بھی آف تھا۔ وہ لاؤنج کی تاریکی میں بیٹھا اس کا انتظار کرتا رہا۔ تقریباً ایک بجے وہ واپس آئی تھی۔ ہاتھ بڑھا کر لائٹس آن کرتی بیڈ روم میں چلی گئی۔ جیسے وہ اسے نظر ہی نہ آیا ہو۔

"کہاں تھیں تم؟"

وارڈ روب سے کپڑے نکالتے وہ اس کی طرف مڑی۔

"کہیں بھی ہو سکتی ہوں۔ تمہیں اس سے کیا مطلب؟"

"شوہر ہوں میں تمہارا......"

اس نے غصے سے کپڑے نیچے پٹخ دیے۔

"ہاں تو شوہر ہو، کیا چاہتے ہو اس گھر میں قید ہو کر رہوں۔ نہ فرینڈز سے ملوں، نہ کہیں گھومنے پھرنے جاؤں؟"

"رات کے ڈھائی بج رہے ہیں عدینہ!"

"بھلے سے چار بھی بج رہے ہوں۔ جب میں تم سے کچھ نہیں پوچھتی، تو تم کیوں میرے پیچھے پڑ جاتے ہو؟" آنکھوں میں آنکھیں ڈالے شدید غصے سے بولی۔

وہ لب بھینچے کھڑا رہ گیا۔

☆......☆......☆

اسے ویک اینڈ پر چیک اپ کے لیے جانا تھا۔ وہ نہیں گئی......اسے ڈاکٹر نے جو گولیاں پرسکرائب کی تھیں، اس نے لینا چھوڑ دیں۔ اسے اپنی صحت کی اب کوئی فکر نہیں تھی۔ وہ اپنی پریگنینسی کے متعلق مکمل لاپرواہ ہوگئی۔

''یہ سب کب تک چلے گا!'' وہ ایک بار پھر اس کے سامنے کھڑا تھا۔ وہ سنی ان سنی کیے اپنے ناخن فائل کرتی رہی۔

''کیا تمہیں نہیں لگتا یہ ماحول ہمارے بچے کے لیے ٹھیک نہیں ہے۔''

اس کی حرکت تھم گئی۔ سر اٹھا کر فارس کو دیکھا۔

''اب اچانک تمہیں اپنے بچے کی بھی فکر ہونے لگ گئی ہے۔'' اس کا لہجہ استہزائیہ تھا۔

''میں کبھی تم سے یا اپنے بچے سے بے پروا نہیں ہوا۔''

''نہیں۔ شاید مجھے تمہیں یاد دلانا چاہیے کہ پریگننسی نیوز کے بعد تمہارا رویہ کیسا تھا۔''

فارس لب بھینچے اسے دیکھتا رہا۔ وہ جب بھی معاملہ حل کرنے کی کوشش کرتا تھا، وہ اسی طرح اس کے اعصاب پر چوٹ کرتی تھی۔

''میں اس بات کی وضاحت دے چکا ہوں تمہیں۔''

''وضاحت؟'' وہ ہنسی۔ ''میں ہی بے وقوف تھی کہ تمہاری اس وضاحت کو سمجھ نہیں پائی۔''

''عدینہ!''

''میرے سامنے ناٹک بند کر دو اب تم!'' پلٹ کر بولی۔ ''میں اندھی نہیں ہوں۔ سب دیکھتی ہوں اور سمجھتی بھی ہوں۔'' وہ پاؤں پٹختی کمرے میں بند ہوگئی۔ فارس لاؤنج میں تنہا کھڑا رہ گیا۔

اب وہ دھڑلے سے محرومیوں کا ذکر کرنے لگی تھی۔ کلاس کا فرق بتانے لگی تھی۔ اسے ان کا فلیٹ اب چھوٹا لگنے لگا تھا۔ اسے اپنے خریدے گئے کپڑوں سے مسئلہ ہونے لگا تھا۔ اسے اس کی تنخواہ کم لگنے لگی

تھی۔ اسے اس کا ساتھ بوجھ لگنے لگا تھا۔ وہ تحمل اور برداشت سے اس رشتے کو نبھانے کی، اسے اپنے طور پر سمجھانے کی ہر ممکن کوشش کررہا تھا...... مگر کچھ بھی ٹھیک نہیں ہورہا تھا۔

☆......☆......☆

وہ اسے چیک اپ کے لیے ہاسپٹل لے کر گیا اور اس دن اس پر انکشاف ہوا وہ ایک بیٹی کا باپ بننے والا ہے۔ وہ خبر ازدواجی زندگی کے تنگ حالات میں ٹھنڈی ہوا کا جھونکا ثابت ہوئی۔ وہ مسکرایا تو یوں جیسے کافی عرصے بعد مسکرایا ہو۔ ایک تبدیلی اسے اس لمحے بہت اچانک ہی اپنے اندر محسوس ہوئی تھی۔ ایک نئی زندگی اور زندگی میں ہی ایک نئے بدلاؤ کے لیے...... اس نے ان حالات میں بھی بہت سے پلان سوچے...... کئی خواب دیکھے، وہ اپنے باپ سے مختلف...... ایک اچھا باپ بننا چاہتا تھا۔ وہ اپنے اور عدینہ کے مابین ان اختلافات کو بھی مٹانا چاہتا تھا۔ اس نے ایک بار پھر اس سے بات کی تھی۔

وہ اب جتنا خوش اور مطمئن تھا، عدینہ کے لیے وہ سب اتنا ہی بھاری اور بے سکونی کی علامت ہوتا جا رہا تھا۔ وہ اب اپنے بچے کے لیے بھی ایکسائٹڈ نہیں تھی۔ جو بھی شاپنگ تھی وہ خود ہی کررہا تھا۔ بچی کے لیے کپڑے، جوتے، ننھے فراک...... وہ سب خود خرید رہا تھا۔ مسز شیرازی کو علم ہوا تو انہوں نے امریکا سے ہی اس کے لیے لیاٹ سیٹ (نومولود بچے کے کپڑے، اشیا) بھیجا۔ عدینہ کے تاثرات عجیب سے ہوتے۔ اسے بچے کی شاپنگ دیکھ کر خوشی نہیں ہوتی تھی۔ وہ اس کے ساتھ اب باہر کہیں جانا بھی نہیں چاہتی تھی۔

اس رات وہ مال اکیلے ہی گیا تھا۔ اسے اپنی ضرورت کی کچھ اشیا خریدنی تھیں مگر وہ گھومتے پھرتے بچوں کی شاپ میں جا کھڑا ہوا تھا۔ نگاہیں مختلف کھلونوں سے ہوتی ہوئیں ایک کچن سیٹ پر ٹھہر گئیں۔ گو کہ ابھی بہت وقت تھا۔ دنیا میں آنے کے بعد اس کھلونے تک پہنچنے، اسے سمجھنے، اس کے ساتھ کھیلنے میں بھی کئی سال پڑے تھے، مگر اس نے وہ سیٹ لے لیا تھا۔ وقت سے پہلے...... وہ بہت سے کام ابھی سے کرنا چاہتا تھا۔ وہ احساس اور چاہت کو، اس انتظار اور محبت کو شدت سے محسوس کرنا چاہتا تھا۔

خود کو اس ان دیکھے وجود سے جوڑ لینا چاہتا تھا۔ اسے اپنے دل میں کسی بھی قسم کی تختی نہیں چاہیے تھی۔ جو وجود اس دنیا میں، اس کی وجہ سے آنے والا تھا۔ اس کی زندگی میں کوئی کمی بیشی، تکلیف، دکھ، محرومی..... کچھ بھی نہیں چاہیے تھا۔

ایک طرف وہ تھا۔ اس کی سوچ، اس کے خواب، اس کے تاثرات تھے۔ دوسری طرف عدینہ زبیر تھی جس نے اس رات بہت اچانک ہی طلاق کا مطالبہ رکھ دیا تھا۔

وہ صدمے سے گنگ اسے دیکھ کر رہ گیا۔

''تمہیں اندازہ بھی ہے تم کیا کہہ رہی ہو؟'' بے یقینی سے اسے دیکھتے، اس کے لب ہلے تھے۔ صدمہ گہرا تھا۔ چوٹ گہری تھی۔

''ہاں! اچھے سے اندازہ ہے۔ شاید تم نے ٹھیک سے سنا نہیں ہے..... مجھے طلاق چاہیے!'' وہ اس کی آنکھوں میں برودت سے دیکھتے ہوئے ڈٹ کر کھڑی ہوگئی تھی۔ شادی کا مطالبہ بھی اس کا تھا۔ علیحدگی کا مطالبہ بھی وہی کر رہی تھی۔

''عدینہ!'' اس کا نام لبوں میں ٹھہرا رہ گیا۔ وہ اتنی بڑی بات اتنی آسانی سے کیسے کہہ سکتی تھی۔

''تم سے شادی میرا بہت غلط فیصلہ تھا۔ انسان کی صرف شکل وصورت میٹر نہیں کرتی۔ اور بھی بہت کچھ دیکھنا پڑتا ہے۔ مجھے عروبہ نے سمجھایا تھا۔ میں ہی بے وقوف تھی جو نہیں سمجھ پائی۔ میں نے غلط فیصلہ کیا!'' وہ مشتعل ہو کر کہہ رہی تھی۔ اپنے فیصلے پر پچھتا رہی تھی۔

''ہم ایک بچہ ایکسپکٹ کر رہے ہیں عدینہ!'' اسے احساس دلانا چاہا۔ لہجے سے کرب جھلک رہا تھا۔

''میں اپنی پوری زندگی ایک بچے کے لیے داؤ پر نہیں لگا سکتی۔''

بے شمار اذیتوں کو آنکھوں میں لیے وہ اپنی جگہ تھم گیا۔ جس نے ساری زندگی ساتھ گزارنے کا وعدہ کیا تھا، وہ اسے بیچ راستے میں چھوڑ کر الگ ہونا چاہتی تھی۔

شادی، زندگی، بیٹی، طلاق...... اس کا سر پھٹنے لگا، اس کے حواس مختل ہونے لگے۔

"مجھے طلاق چاہیے فارس!" سخت لہجے میں پھر سے کہا۔ اسے یہ لفظ جیسے ابھی کے ابھی سننا تھا۔ اسے یہ رشتہ ابھی کے ابھی ختم کرنا تھا۔

"میں چاہوں گا ڈلیوری تک ہم اس پر کوئی بات نہ کریں۔" اس نے تحمل سے کہا۔

"میں اتنا انتظار نہیں کر سکتی۔"

وہ ہزار ہا ٹکڑوں میں منقسم ہوتا اسے دیکھ کر رہ گیا۔ غلطی کس سے اور کہاں ہوئی تھی؟ اسے انداز ہ نہ تھا اس کی اولاد کے حصے میں بھی آرزو جہانگیر جیسی ماں آنے والی تھی۔ اسے شدتوں سے چاہنے والی وہ لڑکی اس کی اولاد کے لیے اتنی بے حس، اتنی بے رحم ہو جانے والی تھی......

"اپنے بچے کے لیے یہ کرنا پڑے گا۔"

"جب علیحدگی کا فیصلہ ہو ہی چکا ہے تو اب ہمیں یہ بچہ رکھنے کی کیا ضرورت ہے۔" وہ بدتمیزی سے چیخی۔ "ابھی بھی زیادہ وقت نہیں گزرا۔ ہم یہ سب ختم کر سکتے ہیں۔"

"عدینہ!" اس کی آواز غصے سے پھٹ گئی تھی۔ وہ ایک دم سے چپ ہوئی۔ فارس نے انگلی اٹھا کر اسے وارن کیا تھا، وہ اس کے بچے کے متعلق کوئی بات نہ کرے۔

"تمہیں طلاق چاہیے، مل جائے گی۔" اس نے بھاری سانسوں کے ساتھ سخت لہجے میں کہا۔

"ڈلیوری کے بعد ہمارے راستے الگ ہو جائیں گے۔"

"جب ہم نے ساتھ نہیں رہنا تو اس بچے کو دنیا میں لانے کی کیا ضرورت ہے؟" وہ غصے سے چیخ پڑی۔

"یہ میری اولاد ہے!" مشتعل اعصاب کے ساتھ وہ پھٹ پڑا۔ "میری بیٹی ہے۔ صرف چار مہینے مانگ رہا ہوں تم سے۔ جہاں ڈیڑھ سال گزار دیا وہاں یہ چند مہینے بھی گزار دو۔ کیا چلا جائے گا؟"

وہ ضبط کیے، لب بھینچے، اس کی آنکھوں میں دیکھ رہی تھی۔

"یعنی تم چاہتے ہو میں مزید اس جہنم میں رہوں!"

"میرے اس جہنم میں رہنے کا فیصلہ ہمیشہ سے تمہارا تھا۔ میرے ساتھ خاک ہونے کی طلب تم نے کی تھی۔ میرے ساتھ پوری زندگی گزارنے کا وعدہ تم نے کیا تھا۔"

وہ ایک دم سے لاجواب ہوئی تھی۔

"میں تمہارے ساتھ کوئی وعدہ، دعویٰ نہ کر کے بھی، اس رشتے میں آخری حد تک مخلص رہا ہوں۔ مجھے اب صرف اپنی بیٹی سے غرض ہے۔ میں اس پر کوئی سمجھوتا نہیں کر سکتا۔" اس کے ارادے واضح تھے۔ وہ اس طرح سے رشتہ ختم نہیں کر رہا تھا جس طرح سے وہ چاہتی تھی۔ وہ اولاد کی کسی زنجیر میں بندھنا نہیں چاہتی تھی۔ وہ فارس وجدان کے ساتھ مزید کوئی رشتہ، کوئی تعلق نہیں رکھنا چاہتی تھی۔ اسے کل سے پہلے آج ہی طلاق چاہیے تھی۔

"لیکن میں ایسا نہیں چاہتی!"

"میری بیٹی کی زندگی اور موت کا فیصلہ تم نہیں کرو گی!" اس کی آنکھوں میں لہو اترا ہوا تھا۔ اس کے تاثرات سخت پتھریلے ہو رہے تھے۔ عدینہ ضبط کیے کھڑی رہی۔

وہ اسے چھوڑ کر اسی وقت باہر چلا گیا۔ کھلی فضا میں گہری سانسیں لیتے اپنے اعصاب پر چھائے اس بوجھل پن کو کم کرنے کی کوشش کرتا رہا۔ واپس آیا تو وہ اس کے سامنے کھڑی تھی۔

"مجھے اس گھر میں اب نہیں رہنا!"

وہ خاموش رہا۔ ساری رات اس نے آنکھوں میں گزار دی۔

کافی تردد کے بعد اس نے بگونیا ہاؤس جانے کا فیصلہ کر لیا۔

عدینہ چھ ماہ کی حاملہ تھی۔ وہ مزید کچھ ماہ سکون سے گزارنا چاہتا تھا۔ جب تک ان کی اولاد نہ ہو جائے۔ اسے یہ فیصلہ دل پر پتھر رکھ کر کرنا پڑا تھا۔ کم از کم گھر کے معاملے میں تو وہ بحث نہیں کرے گی۔

صرف چار ماہ کی بات تھی۔

وہ اسے بگونیا ہاؤس میں لایا تو وہ ایسا شان دار گھر دیکھ کر حیران رہ گئی۔قیمتی فرنیچر،صوفے، پردے،قالین......اوپری منزل کے کمرے......

''یہ گھر کس کا ہے؟''

''تمہیں اس بات سے سروکار نہیں ہونا چاہیے!'' وہ سنجیدگی سے جواب دے کر سیڑھیاں چڑھتا اوپر چلا گیا تھا۔

وہ آنکھوں میں ایک غصے کا تاثر لیے اسے جاتا دیکھتی رہی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

رات کا جانے کون سا پہر تھا کہ اس کی آنکھ کھل گئی تھی۔فارس کچھ دیر پہلے ہی اٹھ کر باہر گیا تھا۔وہ بڑے سے بیڈ روم میں ایک طائرانہ نگاہ دوڑاتی کھڑکی میں آ کھڑی ہوئی۔باہر لان کے اس پار فارس کے سامنے ہی ایک طویل القامت شخص کھڑا تھا۔سیاہ گاڑی بھی نظر آ رہی تھی۔وہ پہلے بھی چند ایک بار آ چکا تھا۔فارس نے یہی بتایا تھا وہ آفس کام سے آیا ہے۔اس کا سینئر ہے۔جس طرح کچھ ادب سے اور جھک کر محتاط ہو کر وہ فارس سے بات کر رہا تھا،اسے وہ کسی طور اس کا کولیگ نہیں لگا......اس کی آنکھوں میں سوچ کی پرچھائیاں لہرانے لگیں۔سر جھٹک کر واپس پلٹ گئی۔اور نیچے......جیبوں میں ہاتھ ڈالے فارس حیدر کے سامنے کھڑا تھا۔

''صرف تین مہینوں کے لیے یہاں ہوں!تمہارے صاحب کو کرایا مل جائے گا!''

''آپ کا گھر ہے۔آپ جتنا عرصہ چاہیں رہیں!''

فارس چہرے کا رخ موڑے کہیں اور دیکھنے لگا۔

آنکھیں رت جگے کی گواہی دے رہی تھیں۔

رنگت زرد......

''کیا آپ ٹھیک ہیں؟''

''کیوں آئے ہو؟'' اس نے سرد لہجے میں پوچھا۔

''جمیلہ میڈم نے کچھ سامان بھیجا تھا...... آپ کے لیے...... دراصل ''بے بی'' کے لیے!'' کہہ کر مسکرایا۔ فارس کے تاثرات سنجیدہ سے رہے۔ لبوں پر خاموشی ٹھہری رہی۔ سامان رکھ کر حیدر جا چکا تو وہ لاؤنج کے صوفے پر ہی سو گیا۔ صبح بغیر ناشتے کے آفس چلا گیا۔ گھر واپس آیا تو عدینہ زبیر اس کا راستہ روک کر کھڑی ہو گئی۔

https://novelskidunya.com/

''تمہارا شیرازی خاندان کے ساتھ کیا تعلق ہے؟''

''کوئی تعلق نہیں!'' اس نے سخت کھردرے لہجے میں جواب دے کر اسے راستے سے ہٹا دیا تھا۔ کپڑے بدل کر نیچے آیا تو اس نے موبائل پر تصویریں نکال کر رکھ دیں۔ اعظم شیرازی نے کسی تقریب میں شرکت کی تھی۔ اس کے پیچھے جو سوٹڈ بوٹڈ گارڈ تھا وہ حیدر تھا۔ وہی حیدر جو اکثر اوقات اس سے ملنے آتا رہتا تھا۔

ناولز کی دنیا Novels Ki Dunya

''تمہارا کولیگ...... ہاں؟ مزید کتنے جھوٹ بولو گے تم مجھ سے؟''

لب بھینچ کر اس نے موبائل ہٹا دیا۔ اس نے غصے سے فارس کا رخ اپنی طرف کیا۔

''تم چاہتی کیا ہو؟'' باوجود کوشش کے بھی وہ اپنے لہجے کو نرم نہیں رکھ سکا تھا۔

''سچ جاننا چاہتی ہوں......''

''کیسا سچ؟''

''جو تم چھپا رہے ہو۔ ایک عام سے فلیٹ سے، یہاں لے آئے۔ تم نے یہ افورڈ کیسے کر لیا؟ اور پھر ایسے ظاہر کرتے ہو جیسے شیرازی خاندان کے ساتھ تمہارا کوئی تعلق نہیں۔ تم تو جمیلہ آنٹی سے کوئی مدد بھی نہیں چاہتے تھے۔ اور پھر میں دیکھتی ہوں کہ اعظم شیرازی کا گارڈ یہاں آتا ہے؟ کیوں آتا ہے؟''

کوئی بھی جواب دیے بغیر وہ گھر سے چلا گیا۔ چھٹی کا وہ دن اس نے گھر سے باہر گزارا۔ واپسی پر مسز گرانٹ کے پاس کچھ دیر تک بیٹھا رہا۔ مسز اینڈرسن سے تو روز ملاقات ہو جاتی تھی مگر مسز گرانٹ چونکہ بیمار رہنے لگی تھیں تو وہ زیادہ گھر سے باہر نہیں نکلتی تھیں۔

وہ بستر پر لیٹی اسے دیکھتی رہیں۔ انہیں وہ خاصا پریشان لگا۔ حالانکہ مسکرا کر بات کر رہا تھا۔

''تمہاری بیوی کیسی ہے؟''

''ٹھیک ہے!''

''بے بی کا نام سوچا ہے؟''

''ہاں!''

''کیا سوچا ہے؟'' وہ اشتیاق سے پوچھنے لگیں۔

''جنت!''

وہ اب انہیں مطلب بتا رہا تھا۔ وہ خوش ہوئی تھیں۔

''تم اپنی بیٹی کو...... یہاں تو لاؤ گے نا؟'' انہوں نے بہت مان سے پوچھا۔ اس نے سر ہلا دیا۔

''مجھے خوشی ہے تم واپس آگئے...... اب کہیں مت جانا!''

وہ ان کے پاس بیٹھا رہا۔ گھر پہنچا تو عدینہ کچھ غصے سے لاؤنج میں ٹہلتی پھر رہی تھی۔ آج صبح سے وہ گھر سے غائب تھی۔ کچھ دیر پہلے ہی لوٹی تھی۔

''تم کون ہو؟ تمہارے پیرنٹس کون ہیں؟'' وہ ایک بار پھر اس کے سامنے کھڑی تھی۔

''میرا نہیں خیال اب ہمارے درمیان ایسی کسی بھی گفتگو کا جواز بنتا ہے!'' اس کا لہجہ اجنبیت لیے ہوئے تھا۔

''بالکل بنتا ہے کیونکہ میں ابھی بھی تمہاری بیوی ہوں۔ اور تمہارے بارے میں جاننے کا پورا حق رکھتی ہوں۔''

https://novelskidunya.com/

وہ ضبط کیے کھڑا رہا۔

"جواب دو مجھے!" اس کی آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں۔ "کون ہو تم؟" اب اس کی ذات کو سوالیہ نشان بنا رہی تھی۔ اس کے کردار پر آ رہی تھی۔ اسے اس کا برتھ سرٹیفکیٹ چاہیے تھا۔ ماں باپ کا نام چاہیے تھا۔ اب وہ اس بارے میں سب کچھ جاننا چاہتی تھی۔ وہ یوں ظاہر کر رہی تھی جیسے فارس نے اسے دھوکا دیا تھا۔ وہ اس کی ذات کو، اس کے وجود کو، اس کے کردار کو مشکوک بنا رہی تھی۔

"میں نے ایک ایسے انسان سے شادی کی جسے اپنے پیرنٹس کا بھی علم نہیں......"

"ڈونٹ یو ڈیئر عدینہ!" اس نے شدید غصے کے عالم میں اسے مزید کچھ بھی کہنے سے روکا۔

"تو پھر بتاؤ کس خاندان کی...... جائز...... یا پھر ناجائز اولاد ہو تم؟"

اور اگلے ہی پل فارس وجدان نے اس کے گال پر تھپڑ جڑ دیا تھا...... اس کا صبر...... اس کی برداشت...... اس کا حوصلہ بس یہیں تک تھا۔

وہ گال پر ہاتھ رکھے متوحش نگاہوں سے اسے دیکھ کر رہ گئی۔

"ناٹ اور ورڈ!" وہ خون ہوتی آنکھوں سے اسے دیکھتے غرایا۔

"میری ذات پر سوال اٹھایا تو جان نکال لوں گا میں تمہاری!" کنپٹی کی رگیں ابھر آئی تھیں۔ آنکھوں سے شعلے جھلک رہے تھے۔

گال پر ہاتھ رکھے عدینہ پھٹی پھٹی نگاہوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔ وہ دروازہ کھول کر زور سے بند کرتا باہر نکل گیا۔

وہ ساری رات اس نے باہر گزار دی...... صبح کے وقت واپس آیا تو پورے گھر میں ہر ایک شے توڑ پھوڑ کا شکار تھی۔ اس نے صرف اسے نہیں توڑا تھا۔ بے بی کاٹ کو بھی...... کھلونوں کو بھی...... بچے کے لیے خریدی جانے والی ہر ایک شے کو برباد کر دیا تھا۔ وہ پاگل ہو گئی تھی۔ دوپہر تک اس نے انتظار کیا وہ

واپس نہیں آئی تھی۔ شام تک اس نے عروبہ کو کال کی تھی۔ پھر اس کی دوستوں سے رابطہ کیا تھا۔ کسی کو بھی اس کے بارے میں علم نہیں تھا۔ غصے میں جو ہوا، وہ نہیں ہونا چاہیے تھا۔ فکر اپنی بیٹی کی تھی۔ اس نے ہر اس جگہ اسے ڈھونڈا جہاں وہ ہو سکتی تھی۔ مگر وہ نہیں آئی تھی...... وہ نہیں رہنا چاہتی تو نہ رہے۔ اسے آزادی چاہیے تو وہ اسے آزاد کر دے گا۔ وہ اپنی بیٹی کو پاس رکھے گا اور اسے چھوڑ دے گا۔ اس رشتے کو مزید گھسیٹنے کی، آزمانے کی اس میں ہمت نہیں رہی تھی۔ وہ اب سب ختم کرنا چاہتا تھا۔

پورا ایک ہفتہ اس کی تلاش میں اس نے جس اذیت میں گزارا یہ صرف وہی جانتا تھا۔ منگل کے دن اسے میل موصول ہوئی۔

لفافہ چاک کرتے، کاغذات کو کھول کر پڑھتے اس کے پیروں تلے سے زمین نکل گئی تھی۔ ایک میں ابارشن رپورٹ تھی۔ دوسرے میں طلاق کے پیپرز تھے۔ وہ طوفانوں کی زد میں، سکتے اور صدمے میں کھڑا رہ گیا تھا۔ آن کی آن میں اس کے وجود کے پرخچے اڑ گئے تھے۔

بیس سال پہلے ایک عورت نے اس کی پیدائش کے پانچ سال بعد اسے مار دیا تھا۔ بیس سال بعد ایک عورت نے...... اس کے بچے کو پیدائش سے پہلے مار دیا تھا۔ وہ دیوار کا سہارا لیتے لڑکھڑاہٹ پر قابو پاتے اندر آیا۔

تمام مناظر گڈمڈ ہونے لگے۔

❁ ❁

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

http://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

قسط نمبر 19

وہ دیوار کا سہارا لیتے لڑکھڑاہٹ پر قابو پاتے اندر آیا۔ تمام مناظر گڈمڈ ہونے لگے۔ سانسیں بھاری ہونے لگیں۔ اس کا دل بس اب جیسے بند ہونے کو تھا۔ وہ بے قابو ہو کر فرش پر جھک گیا تھا۔ یہ اس کے ساتھ کیا ہوا تھا۔ اس کی بیٹی کے ساتھ۔ اسے سانس نہیں آ رہا تھا۔ وہ مر رہا تھا۔ ختم ہو رہا تھا۔ اس کے اندر سب ایک دم ختم ہو گیا۔ ہر سکت، ہمت اور حصلہ۔ ہر امید، لگن اور یقین۔ پہلا وار تھا۔ دوسرا وار۔

موبائل کی ایک کمپل سی بیپ تھی۔ اس نے لرزتی انگلیوں سے لاک کھولا۔ دھڑا دھڑ تصاویر کھلتی گئیں۔ عدینہ اور حماد شیرازی کی تصاویر۔ وہ اس کے ساتھ مال میں تھی، وہ مہنگی ترین دکانوں پر شاپنگ کر رہی تھی۔ ریستوران میں لنچ کر رہی تھی، ڈانس فلور پر اس کی باہوں میں باہیں ڈالے کھڑی تھی۔ پارک میں گھوم رہی تھی۔ ہنس رہی تھی۔ مسکرا رہی تھی۔

قارس وجدان اندر تک فنا ہو گیا۔

اس کی شادی شدہ زندگی کو آگ لگانے والا، اس کی بیٹی کو جان سے مارنے والا دوسرا چہرہ۔ حماد شیرازی کا تھا۔

آنکھوں میں وحشت بھرا جنون لیے وہ اشتعال میں اٹھ کر گھر سے نکلا تھا۔

اس کا رخ شیرازی انٹرپرائزز کی طرف تھا۔ معلوم نہ تھا وہاں اس وقت کون ہو سکتا تھا۔ اعظم یا ہارون۔ وہ دونوں میں سے کسی سے بھی مل سکتا تھا۔ صدر دروازے سے اندر داخل ہوتے، ریسپشن پر کسی

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

کے متوجہ ہونے سے پہلے، شدید غصے کے عالم میں سیڑھیاں چڑھتے، اس نے میٹل پلانٹ اسٹینڈ سے گلاس والز پر پے در پے کئی وار کر کے شیشے توڑ دیئے۔ ایک شور سا اٹھا۔ دائیں طرف، بائیں طرف، گزرتے لوگ متوجہ ہوئے۔ خوف اور ہراس بھری کیفیت الگ سے پھیلی۔

اعظم شیرازی لفٹ سے نکل کر اپنے آدمیوں کے ہمراہ رپورٹ سنتے، بات کرتے آ رہے تھے۔ ابھی ابھی میٹنگ ختم ہوئی تھی۔ ہارون شیرازی پہلو میں تھا۔ اعظم شیرازی آگے تھے۔ وہ اندر داخل ہوتے ہی سفید روشن ٹائلز پر قدم دھرتے ان پر اچانک حملہ آور ہوا تھا۔ سکیورٹی گارڈز ایک دم سے آگے ہوئے تھے۔ اسے پیچھے ہٹانے لگے تھے۔

اعظم شیرازی کی آنکھوں میں تعجب کے ساتھ ہی بے یقینی کا تاثر ٹھہر گیا۔

''میں حماد کے راستے میں کبھی نہیں آیا۔ آپ نے حماد کو میرے راستے میں کیوں آنے دیا؟''

وہ بھرپور مزاحمت کے ساتھ اپنا آپ چھڑاتے ہوئے اعظم شیرازی پر چیخا تھا۔ ہارون شیرازی سکتے میں کھڑا رہا۔

''کتنی بار ماریں گے آپ مجھے۔ اور کتنی بار قتل کریں گے میرا۔''

اعظم شیرازی کی پھٹی ہوئی نگاہیں اس کے چہرے پر جمی تھیں۔ ان کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔ بات کیا تھی۔ ماجرا کیا تھا۔ معاملہ کیا تھا۔ کیوں وہ اس طرح پاگل ہو رہا تھا۔ متوحش ہو رہا تھا۔

سکیورٹی گارڈز پکڑ کر کھینچ کر اسے قابو کرنے لگے۔ وہ پانچ لوگ تھے۔ وہ ایک تھا۔ وہ اپنی تمام تر مزاحمت کے ساتھ ڈٹ گیا تھا۔ لہو رنگ آنکھیں اعظم شیرازی پر، ان کے بیٹے پر جمی رہ گئی تھیں۔ صرف ایک گھونسا، جو پیٹ میں لگا تھا، ایک ضرب جو سر پر لگی تھی۔ وہ اسے قابو کر کے نیچے گراتے فرش کے ساتھ لگا چکے تھے۔

''چھوڑ دو اسے۔'' اعظم شیرازی کی آواز گرج بن گئی تھی۔ گارڈ نے چونک کر انہیں دیکھا۔ یہاں انہیں خطرہ تھا۔ کون جانے وہ نوجوان ان ک ساتھ کیا کر سکتا تھا۔

''میں نے کہا، چھوڑ دو اسے۔'' اب کے دھاڑ کر بولے۔ راہداری میں دور تک سناٹا پھیل گیا۔

https://novelskidunya.com/

ان کے حکم پر اسے آزاد کر دیا گیا۔

ان کے قدم بے ساختہ اس کی طرف اٹھے۔اور پھر رک گئے۔اس کا سر جھکا ہوا تھا۔اس کی سسکیاں ان پر ایک رعشہ سا طاری کر گئیں۔

وہ آہستگی سے اٹھ گیا۔

ایک زخمی، بپھری ہوئی نگاہ ان پر ڈالتا وہیں سے پلٹ گیا۔مہیب سناٹوں کی زد میں اعظم اور ہارون شیرازی کھڑے رہ گئے تھے۔

https://novelskidunya.com/

☆......☆......☆

مجھے سنو
جیسے کوئی بارش کو سنتا ہے
نہ توجہ سے اور نہ بے خیالی سے
دھیمے قدموں کی خاموش آہٹ میں
ابر برسانی اس رم جھم کے درمیاں
اور ہوا میں گرتے اس پانی ک جیسے
ہوا لہرائے ایسے کہ وقت گزرتا ہو جیسے
یہ دن ہے کہ اب گزرا چاہتا ہے
وہ رات ہے کہ آیا چاہتی ہے
اس موڑ پہ موجود دھندلے کی رنگینی میں
اس موڑ پہ موجود وقت کی بے یقینی میں
(اکتایو پاز)

Novels Ki Dunya

کسی بھٹکے ہوئے مسافر کی طرح وہ لندن کی گلیوں میں یہاں وہاں بس ایسے ہی پھرتا رہا۔ اس کا موبائل مسلسل بجتا رہا تھا۔ میسج آ رہے تھے۔ وہ گھر نہیں گیا تھا۔ اس نے ابھی تک کسی سے بات بھی نہیں کی تھی۔ ٹاور برج کے پاس رک کر اس نے مردہ ویران نگاہوں سے نیچے گہرائیوں تک دیکھا۔ رات کی تاریکی میں ٹھٹھرتے ہوئے سرد موسم میں بلندی سے وہ منظر خاصا ہیبت ناک لگ رہا تھا۔ اس نے گہری سانس لے کر ریلنگ پر گرفت جما لی تھی۔ موبائل پھر سے بجنے لگا تھا۔ اب کے اس نے موبائل نکال کر اسکرین کو دیکھا تھا۔ جمیلہ داؤد کی کال تھی۔ وہ آنکھوں میں نمی لیے کھڑا رہا۔ پھر اس نے کال ریسیو کر لی۔

''فارس۔'' ان کی آواز میں ایک تڑپ تھی۔ ''کہاں ہو تم؟ فون کیوں نہیں اٹھا رہے تھے۔ تم ٹھیک ہو؟'' ان کی آواز سے لگ رہا تھا جیسے وہ روتی رہی ہوں۔

وہ موبائل کان سے لگائے اپنی جگہ کھڑا رہا۔ سرخ پڑتی آنکھیں پھر سے نم ہونے لگیں۔

''کچھ بولو بیٹا۔ مجھ سے بات کرو۔'' وہ بے تاب ہو کر بولیں۔ اس کے ساتھ کیا ہوا تھا، انہیں علم ہو چکا تھا۔

''آپ کو معلوم ہے ممی، ابارشن کیسے کرواتے ہیں؟'' اس کی آواز بھاری، گلوگیر سی تھی۔ جمیلہ داؤد کو لگا ان کا دل بند ہو جائے گا۔

''فارس۔'' ان کی آواز کانپی۔

''لاسٹ ویک میں اس کی ہارٹ بیٹ سنی تھی۔ ایوری تھنگ واز نارمل۔'' اس کا لہجہ کمزور اور آواز بھاری ہو رہی تھی۔ آنکھیں مسل کر آنسوؤں کا اثر دبانا چاہا۔

''لیکن۔ اس نے میری بیٹی کے ٹکڑے کر دیئے۔ ممی! اس نے میری بیٹی کو مار دیا۔ عدینہ نے۔ آپ کے بیٹے نے۔ آپ کے بیٹے نے۔'' وہ آنکھوں پر ہاتھ رکھے ہچکیوں کے ساتھ رو رہا تھا۔ جمیلہ داؤد کا دل پھٹنے لگا۔

"وہ فارس کی بیٹی تھی۔اس لیے اس کے ساتھ یہ سب ہوا۔"

ابارشن۔ایک جیتا جاگتا وجود کس اذیت سے گزرا ہوگا۔سوکر اس کا دل پھر سے کٹنے لگا۔

"میں نے سوچا تھا۔میں اسے پروٹیکٹ کروں گا۔میں اسے کبھی بھی کوئی تکلیف نہیں ہونے دوں گا۔آئی ویل میک شیور کہ اس کا باپ اس کے ساتھ زندگی کے ہر موڑ پر موجود ہو۔میں ہارون نہیں ہونا چاہتا تھا لیکن،میں بھی وہی ہوں۔ممی!میں اسے نہیں بچا سکا۔میں اپنی بیٹی کو نہیں بچا سکا۔"

"فارس بیٹا!" وہ تڑپ کر آوازیں دیتی رہ گئیں۔"بیٹا!تم کہاں ہو اس وقت؟مجھے بتاؤ میں حیدر کو بھیج رہی ہوں۔پلیز۔فارس۔"موبائل کی بیٹری اسی لمحے ڈیڈ ہوگئی۔وہ سر پکڑ کر کتنی ہی دیر تک بیٹھا رہا۔

عدینہ زبیر اور حماد شیرازی کی تصویریں آنکھوں میں لہرانے لگیں۔وجود سلگ اٹھا۔ذہن گزشتہ اکیس سالوں کی اذیتوں کو بار بار دہرانے لگا۔

بھٹکا ہوا تو پہلے سے تھا۔مزید بھٹک گیا۔راستوں کی پہچان ختم ہوگئی۔کچھ سمجھ میں نہ آیا تو رک گیا۔دیوار کے ساتھ لگ کر بیٹھ گیا۔

اس کے اطراف میں لوگوں کی آمدورفت موسم کی مناسبت سے کم پڑ گئی۔سڑکیں،راستے،گلیاں ویران ہوگئیں۔ہوائیں ایک دم سے تیز ہوئیں تو سردی کی شدت سے وجود ٹھٹھرنے لگا۔

تیز ہواؤں کی زد میں آہستگی سے قدم اٹھاتے کوئی شخص تاریکی میں ابھر کر سامنے آیا تھا۔اسے بازو سے پکڑ کر اٹھاتے ہوئے وہ سہارا دے کر اسے تنگ گلی سے اندر کہیں لے جانے لگا۔وہاں جہاں آگ جل رہی تھی۔جہاں بے گھر لوگوں کا ایک جمگھٹا سا نظر آ رہا تھا۔لوہے کی ٹین میں لکڑیاں کاغذ وغیرہ ڈال کر جگہ جگہ آگ بھڑکائی جا رہی تھی۔سردی سے بچنے کا مشترکہ انتظام کیا جا رہا تھا۔اس شخص نے اسے اپنی پناہ گاہ میں بیٹھنے کو جگہ دی تھی۔اس نے بیگ سے ایک پھٹی ہوئی سی شال نکال کر اس کے کندھوں پر ڈالی تھی۔وہ کیتلی میں پانی ڈال کر اس بھڑکتی ہوئی آگ پر چڑھا چکا تھا۔پھر اس نے گرم قہوہ

بنا کر وہ پلاسٹک کا مگ اس کے ہاتھ میں دیا تھا۔ اس کا وجود بخار سے تپ رہا تھا۔ اس کی حالت ابتر ہو رہی تھی۔ وہ مردہ زندہ سا، اپنی حالت سے یکسر بے نیاز بیٹھا ہوا تھا۔

"اسے پیو، بہتر محسوس کرو گے۔"

اس نے مگ ہاتھ میں لیے آہستگی سے نگاہ اٹھائی تھی۔ منظر دھندلا کر واضح ہو گیا تھا۔ اس شخص نے ڈبل کپڑے پہن رکھے تھے، کوٹ جگہ جگہ سے پھٹا ہوا تھا۔ جینز کے پائنچے ادھڑے ہوئے تھے۔ پرانے جوتے، تسمے گھٹنوں کے گرد کس کر بندھے ہوئے تھے۔ اس کی بھوری داڑھی تھی۔ بھورے بال قدرے لمبے، اونی کیپ سے جھانک رہے تھے۔ دستانوں سے جو انگلیاں جھانک رہی تھیں وہ نیلی ہو رہی تھیں۔ وہ اسے اپنی جانب دیکھتا پا کر مسکرایا تھا۔

"ہوم لیس (بے گھر) لگتے تو نہیں ہو۔ باہر کیوں ہو؟"

وہ اس پہر، اس وقت۔ وہ "ہوم لیس" ہی تھا۔ اسے پوری دنیا خود پر تنگ ہوتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔ وہ نظریں جھکا گیا۔ بھاپ اڑاتا مگ انگلیوں میں دبا ہوا تھا۔

"کچھ کھو دیا ہے کیا؟" اسے پھر سے دیکھتے جانچتے اپنے مخصوص عرب انگلش لہجے میں پوچھا۔

اس نے ماؤف ہوتے دماغ کے ساتھ اس کا سوال سمجھنے کی کوشش کی۔

اسے اس پل خود میں اور سامنے بیٹھے اس شخص میں کوئی فرق نظر نہیں آ رہا تھا۔ مگر فرق تھا۔ ظاہری نہیں۔ باطنی بھی۔

اس شخص کی آنکھوں میں زندگی تھی۔ حزن بھی تھا۔ اعتماد تھا۔ وہ بات بے بات مسکرا رہا تھا۔ بظاہر اس کے پاس کچھ نہیں تھا مگر اطمینان ایسا جیسے سب کچھ ہو۔

"یعنی میری طرح۔" اس نے خود سے ہی کچھ سمجھ کر اپنے پلاسٹک کے مگ سے ایک لمبا گھونٹ لیا۔ فارس نے اس کی طرف دیکھا۔ اس کا غم کسی کے جیسا نہیں ہو سکتا تھا۔

https://novelskidunya.com/

"تم مرنے کے لیے باہر ہو۔ ہم زندہ رہنے کے لیے باہر ہیں۔" اپنی بات کہہ کر دھیرے سے ہنسا۔ خالی مگ میں دوبارہ قہوہ انڈیلا۔ آگے کو ہو کر فارس کی طرف دیکھا۔ ان کے مابین آگ کے شعلے بھڑک رہے تھے۔

"اللہ کسی کی وسعت اور برداشت سے زیادہ اس پر بوجھ نہیں ڈالتا لڑکے۔" آیت پڑھ کر سناتا وہ سیدھا ہو بیٹھا۔ چند لمحوں تک وہ فارس کو دیکھتا رہا۔

"مسلمان ہو؟"

اس نے آہستگی سے سر کو جنبش دی۔

"کیا کھو دیا ہے؟" اس نے دوبارہ پوچھا۔ اتنے عرصے بعد۔ اسے پہلی بار احساس ہوا تھا جیسے وہ ڈاکٹر مصطفیٰ کے سامنے بیٹھا ہے۔

"سب کچھ۔"

خاموشی ایک بار پھر چھا گئی۔ وقت سرکنے لگا۔ آس پاس باتوں کا شور مدھم ہوتا کم ہو گیا۔ وہ اپنی جگہ، ایک ہی پوزیشن میں بیٹھا ہوا تھا۔ اس شخص کی نگاہیں اس پر جمی ہوئی تھیں۔ وہ اب اسے آنکھیں مسلتے آنسو پیتے، اور گہری سانس لے کر ضبط پکڑتے دیکھ سکتا تھا۔

"تمہیں پتا ہے۔ یہ مصحف میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے تمام اصحاب کرام ہیں۔ صرف زید بن حارثہ کا ہی کیوں نام لیا؟"

سرد بے نام سی خاموشی میں اس شخص کی آواز کافی دیر بعد گونجی۔ وہ اینٹ پر سر رکھے کروٹ کے بل لیٹا ہوا تھا۔ سردی کی شدت سے ٹھٹھرتا ہوا، کپکپا بھی رہا تھا۔ نگاہیں فارس پر ہی جمی ہوئی تھیں۔ وہ ایک لمحے کے لیے بھی اس پر سے نظر نہیں ہٹا سکا تھا۔ یوں لگتا تھا وہ لمحے بھر کے لیے غافل ہو گا اور یہ نوجوان کچھ کر لے گا۔

''ایسی کتاب جس میں انبیاء اور جلیل فرشتوں کے نام لیے گئے ہیں۔ اس میں صرف ایک صحابی زید بن حارثہ کا نام ہی کیوں؟''

فارس کی آنکھوں میں ایک ویرانی سی جھلک رہی تھی۔ ایک خالی پن سا انگ انگ میں اترا ہوا تھا۔ وہ اس لمحے سمجھنا بھی چاہتا تھا تو سمجھ نہیں سکتا تھا۔ جاننا بھی چاہتا تو جان نہیں سکتا تھا۔ وہ شخص اٹھ کر بیٹھ گیا۔ چند ایک لکڑیوں کا آگ میں اضافہ کر دیا۔

''زید بن حارثہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے کے طور پر جانے جاتے تھے۔ زید بن محمد! یہ ان کی پہچان تھی۔ جب قرآن میں منہ بولے بیٹوں کے تعارف کے حوالے سے آیت نازل ہوئی تو ان سے یہ اعزاز چھن گیا۔ یہ جو نام کے ساتھ محمد لگتا تھا۔ یہ نام ہٹا دیا گیا۔ تو یہ بات انہیں شدید غم سے دوچار کر گئی۔'' دور کہیں دھند میں ہیولا سا ابھرتا دکھائی دیا تھا۔ ''پھر ان کی طلاق بھی ہو گئی تھی۔ اس وقت وہ بہت مشکل سے گزر رہے تھے۔ اللہ سبحان وتعالیٰ نے وہ نعمتیں جو ان سے، اس وقت لے لی گئیں۔ ان کے بدلے میں انہیں یہ اعزاز عطا کیا۔ ان کا نام اپنی آخری عظیم کتاب میں شامل کر دیا۔ نام لے کر حوالہ دیا۔ قیامت تک پڑھی جانے والی، آوابین کی، تائبین کی۔ اولیا، صالحین کی کتاب، میں ان کا ذکر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے درج ہو گیا۔'' وہ شخص اب اس کی زخمی مردہ نگاہوں میں کوئی تاثر دیکھنا چاہتا تھا۔ جو جمود ہوا اس کے اعصاب پر طاری تھا، اسے توڑنا چاہتا تھا۔ فارس صدمے میں تھا۔ اس پر کوئی ضرب کام نہیں کر رہی تھی۔ اس کے اعصاب نرم نہیں پڑ رہے تھے۔ اس کی اذیت کم نہیں ہو رہی تھی۔ اسے اس کے وجود میں اپنی ذات، اپنا چہرہ، اپنا غم نظر آنے لگا۔

''اللہ نے مجھے چھوڑ دیا ہے۔'' اس کے لب ہلے۔

''صرف وہی تو نہیں چھوڑتا۔'' بہت سال پہلے ڈاکٹر مصطفیٰ نے بھی یہی کہا تھا۔

''آپ نہیں جانتے میں کن حالات سے گزر رہا ہوں۔''

https://novelskidunya.com/

''تم بھی نہیں جانتے، میں کن حالات سے گزر کر یہاں پہنچا ہوں۔'' وہ مسکرایا تھا۔ فارس گردن موڑ کر اسے دیکھنے لگا۔ ہیولا پہلے ایک تھا۔ اب دو، اور تین ہو گئے۔ سرد تاریک رات میں کسی کی تلاش جاری تھی۔

''اس آیت سے میں نے سیکھا ہے۔ زندگی میں جب بھی۔ تم کچھ ایسا کھو دو جسے کھونے کا تصور بھی نہ کیا ہو تو جان لو۔ تمہیں اللہ کی طرف سے کچھ ایسا ضرور ملنے والا ہے جسے پا لینے کا تم نے گمان بھی نہیں کیا ہوگا۔ چھن جائے تو صبر کر لو۔ ہم نہیں جانتے۔ بدلے میں ہمیں کیا ملنے والا ہے۔ اس میں ہمارے لیے کیا مصلحت پوشیدہ ہے۔''

https://novelskidunya.com/

روانی سے بات کرتے اب وہ اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا۔

''زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے ایک پہچان لے لی گئی۔ پھر بدلے میں جو اعزاز ملا۔ اس سے اندازہ کر لو اللہ کتنا کریم ہے۔ اس کی عطائیں کتنی اعلا ہیں۔ اس کا اجر کتنا عظیم ہے۔ وہ اپنے بندوں کے غم اور بوجھ سے کبھی غافل نہیں ہوتا۔''

ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya

قدموں کی آوازیں زیادہ قریب سے آنے لگیں۔ فارس کی نگاہیں اس شخص پر ٹھہری رہیں۔

''آپ نے کیا کھویا؟''

دور کہیں سے گاڑی گزری تھی۔

''گھر، وطن، ماں، باپ، اولاد، خاندان۔ سب۔ ہم سریا کے لوگ۔ ہمارے حصے میں دنیا کی ساری آزمائشیں ایک ساتھ آ گئیں۔'' مسکراہٹ مزید گہری ہوئی تو سبزی مائل آنکھوں کی تلخی مزید بڑھ گئی۔ اس نے اپنی ہتھیلی کو اوپر نیچے چومتے آسمان کی طرف دیکھا۔ ''اللہ کریم۔'' (اللہ کرم والا ہے)

دیارِ غیر میں، ایک بے گھر کے روپ میں، سخت کڑی سردی میں وہ کھلے آسمان تلے بیٹھا۔ بات بات پر شکریہ اللہ کا ہی ادا کر رہا تھا۔ اس کی مسکراہٹ گہری تھی۔ سکون بھری۔ اس کی آنکھوں سے غم

جھلک رہا تھا صبر بھرا غم۔ اس کا خیال تھا ساری دنیا اسے ترک کر چکی تھی مگر اس کا اللہ ابھی بھی اس کے ساتھ ہی تھا۔ وہ اسے ابھی بھی اپنی آنکھوں میں لیے ہوئے تھا۔

جانے ایسا یقین، اعتماد اور مثبت سوچ وہ شخص کہاں سے لایا تھا۔ اپنے پانچ جوان بچوں کو کھونے کے بعد بھی وہ بھٹکا نہیں تھا۔ اس کی اولاد تو ابھی اس دنیا میں آئی بھی نہیں تھی۔ ابھی تو اس نے دیکھا یا چھوا بھی نہیں تھا۔ اگر اس کا دل صرف تصور سے پھٹ رہا ہے تو وہ سب کچھ آنکھوں سے دیکھ لینے کے بعد بھی اتنے صبر میں کیسے بیٹھا ہوا ہے۔

https://novelskidunya.com/

''اتنا سب کچھ کھو دینے کے بعد۔ آپ کو کیا ملا؟''

بوڑھا چند لمحوں تک اسے دیکھتا رہا۔

''مجھے اللہ ملا ہے۔'' اس نے کہا۔ ''پہلے میں ایک عیسائی تھا۔ اب میں ایک مسلمان ہوں۔''

فارس وجدان کی منجمد نگاہیں اس کے چہرے پر ٹھہری رہیں۔ اس نے ہاتھ بڑھا کر اس کا کندھا تھپتھپایا۔ یوں جیسے تسلی دی ہو۔ ''یہ وقت بھی گزر ہی جائے گا۔''

ناولز کی دنیا NovelsKiDunya

خاموشی ایک بار پھر چھا گئی۔ کتنی ہی دیر تک فارس اسے دیکھتا رہا۔ پھر اس کے لبوں میں جنبش ہوئی۔

''میں آپ کے جیسا نہیں ہوں۔ میں یہ نہیں سوچ سکتا کہ مجھے میرے گمان سے بڑھ کر کچھ ملے گا۔ میں یہ سوچ رہا ہوں۔ مزید مجھ سے کیا چھین لیا جائے گا۔'' اس کی آنکھیں مکمل طور پر نم ہو چکی تھیں۔ وہ مایوسی کی اتھاہ گہرائیوں میں اترا ہوا تھا۔

''تم شیطان کو خود پر حاوی ہونے دے رہے ہو۔''

''یہ شیطان نہیں ہے۔ یہ میں ہوں۔ یہ میں ہو چکا ہوں۔''

بوڑھے نے تاسف بھری نگاہوں سے اسے دیکھا۔

''آزمائش مومن کے لیے آتی ہے۔ شیطان بنانے کے لیے نہیں۔''

فارس وجدان کے اندر باہر ایک دم سے خاموشی چھا گئی۔

''ایک دن تمہیں اندازہ ہوگا۔ میں کتنا درست تھا۔ تم کتنے غلط تھے۔ اس وقت جب تمہیں تمہارے حصے کا انعام ملے گا۔''

''میرے حصے میں ایسا کچھ نہیں ہوگا۔''

''بدگمان رہو گے تو برا ہو جائے گا۔''

''میں نے اچھا سوچا تھا۔ میرے ساتھ اچھا بھی نہیں ہوا۔''

''اسے کہتے ہیں، قسمت، نصیب، آزمائش۔''

فارس خاموشی سے اسے دیکھ رہ گیا۔

''آج نہ سہی، لیکن کبھی تو تم سمجھ ہی جاؤ گے۔''

اپنی بات ختم کر کے وہ اینٹ پر سر رکھے سونے کے لیے لیٹ گیا۔

وہ رات فارس وجدان نے کھلے آسمان تلے گزاری۔ ماسوائے اس کے وہاں سب ہی سکون سے بیٹھے تھے، لیٹے تھے، پڑے تھے۔ صبح وہ نیم تاریکی میں ہی اٹھ کر جانے ہی والا تھا جب دیوار کے ساتھ ترتیب سے رکھیں چھوٹی چھوٹی پینٹنگز توجہ کا مرکز بن گئیں۔ بوڑھا وہیں پہلو میں ہی سویا ہوا تھا۔ اجالے میں اب وہ واضح نظر آیا تھا۔ اس کے برشز اور رنگوں سے تھیلا بھرا ہوا تھا۔ اس کی داڑھی قدرے لمبی تھی۔ آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئیں۔ کپڑے بھی کافی پرانے تھے۔ مگر ٹیلنٹ کمال کا تھا۔ اس نے چھوٹی چھوٹی پینٹنگز پر خطاطی کر رکھی تھی۔ جن میں قدرتی مناظر کی جھلک نظر آ رہی تھیں۔

''خریدنا چاہو گے؟'' وہ اٹھ کر بیٹھ گیا۔ قیمت بھی بتانے لگا۔ اس نے وہیں کھڑے کھڑے اپنی جیبوں میں ہاتھ ڈالا۔ جیبیں خالی تھیں۔ والٹ گھر رہ گیا تھا۔ اس نے اپنی نفیس گھڑی اتار کر اس کے سامنے رکھ دی۔ تین پینٹنگز اٹھائے وہاں سے چلا گیا۔ ان میں ایک چھوٹی سی پینٹنگ عسریسرا کی تھی۔

خزاں بہار کا منظر دکھاتی ہوئی۔
ایک شامی پناہ گزیں کی پینٹنگ۔

☆......☆......☆

''تم نے یہ کیا حرکت کی ہے حما؟'' کال ریسیو ہوتے ہی جمیلہ داؤد غصے سے چیخ پڑی تھیں۔

''کیسی حرکت؟'' وہ انجان ہوا تھا۔

''تم اتنا گر جاؤ گے۔ مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی۔'' ان کی آواز شدت جذبات سے کانپنے لگی۔

''تم نے۔ تم نے اس کا گھر اجاڑ دیا۔''

''اور جو اس نے میرے ساتھ کیا۔ اس کا کیا؟''

جمیلہ داؤد اپنی جگہ تھم سی گئیں۔ اذیت سے آنکھیں میچ کر اپنی پیشانی پر ہاتھ رکھا۔

''بچپن سے لے کر اب تک میں ہمیشہ دیکھتا آیا ہوں۔ آپ نے فارس کو اہمیت دی۔ آپ نے فارس کا خیال رکھا۔ آپ نے مجھے تک بھلا دیا۔'' اشتعال میں اپنی آواز پر قابو پاتے وہ سرد لہجے میں بولا تھا۔

فون کان سے لگائے جمیلہ داؤد اپنی جگہ منجمد کھڑی رہ گئی تھیں۔

''ڈیڈ ایک مشین بن گئے۔ انہوں نے خود کو مصروف کر لیا۔ اور میں؟ آپ سب کی اس جنگ میں، میں کہاں تھا ممی؟'' وہ چیخ پڑا۔ ان کا شدت سے دھڑکتا دل ڈوبنے لگا۔

''اس نے علیزے کے ساتھ افیئر چلایا۔ ہمارا رشتہ ختم ہو گیا اور آپ۔ آپ پھر بھی اس کے ساتھ کھڑی رہیں۔ اس کی حمایت میں۔ آپ کے اپنے بیٹے کا معاملہ تھا۔ اور آپ۔'' وہ بہت اذیت اور غصے سے کہہ رہا تھا۔ ''آپ کو اس دن اس بات کی کوئی پرواہ نہیں تھی کہ مجھ پر کیا بیتے گی؟ اس دن بھی آپ کو یہی فکر تھی کہ فارس کے ساتھ کیا ہوگا؟ آپ لوگوں نے مجھ سے اس کی حقیقت چھپائی۔ جھوٹ بولا۔ جب وہ سارا وقت ہی ہماری زندگیوں میں تھا تو۔ آپ سب یہ کیوں کہتے رہے کہ وہ نہیں ہے؟''

''تم۔ مجھے قصوروار ٹھہرا رہے ہو؟'' ان کے لبوں میں جنبش ہوئی۔

وہ ضبط کیے چپ رہا۔

''اور اپنا موازنہ فارس سے کر رہے ہو؟'' ان کی آواز اب کپکپا رہی تھی۔

''وہ ہمارے گھر آیا تو اس وقت پانچ سال کا تھا۔ تمہارے ڈیڈ اسے چھوڑ کر چلے گئے، تمہارے دادا نے اس کا سرنیم بدل دیا۔ اس کی پہچان بدل دی۔ اسے گمنام کر دیا۔ اس کے پاس تو کوئی رشتہ ہی نہیں ہے۔ مگر تمہارے پاس، تمہارے پاس تو سب کچھ ہے حماد۔ تمہارے ڈیڈ۔ دادا۔''

''کوئی نہیں ہے میرا، آپ سب مجھے بے وقوف بناتے رہے۔'' بپھر کر بولا۔

''کس چیز کی کمی ہونے دی ہم نے؟'' انہوں نے اذیت سے پوچھا۔ ''میں پہلی بار فارس کو چھوڑ کر گئی تھی تو وہ تمہاری وجہ سے۔ تم امریکا میں تھے۔ میرے بعد اس پہ کیا گزری تمہیں کوئی اندازہ نہیں۔ دوسری بار تمہاری غلطی سے اس کے ساتھ کو کچھ ہوا، کیا اس سے بھی غافل ہو سکتے ہو؟''

حماد کے ہاتھ بھنچ گئے۔

''اور تیسری بار جب میرا اس سے رابطہ ہوا۔ میں یہاں امریکا میں تمہارے ساتھ۔ چوبیس گھنٹے رہی ہوں۔ فارس کے پاس تو میں صرف دو ہفتوں کے لیے جاتی تھی۔ تمہیں وہ دو ہفتے نظر آ رہے ہیں کہ ان میں ممی تمہارے پاس نہیں تھیں۔ وہ پورا سال۔ یا دن۔ مہینے۔ جب میں تمہارے ساتھ تھی۔ ان کا کیا؟'' وہ چیخ پڑیں۔ حماد لہو رنگ آنکھوں کے ساتھ فون کان سے لگائے کھڑا رہا۔

''میں نے کبھی تم پر کسی کو فوقیت نہیں دی۔ فارس کا جو حق تھا تو اسے وہ بھی نہیں دے سکی۔ اسے اس گھر میں، اس چھت کے نیچے ہونا چاہیے تھا۔ اسے تمہارا کمرہ تمہارے ساتھ شیئر کرنا چاہیے تھا۔ تم دونوں کے کپڑے بھی ایک جیسے ہونے چاہئیں تھے۔ کھانا بھی ایک ہی ٹیبل پر۔ اسکول بھی ایک ہی جیسا۔ یہ ہوتی ہے اولاد کی مساوات۔ تمہیں سب ملا۔ اسے کچھ نہیں ملا۔ اور تمہیں۔ تمہیں ان کچھ چیزوں

سے بھی مسئلہ ہے جو اسے مل گئیں؟"

حماد دم سادھے اپنی ماں کو سن رہا تھا۔

"تم بیمار ہوتے تھے تو میں تمہارے لیے جاگتی تھی۔ فارس کے ساتھ تو کوئی نہیں ہوتا تھا۔ اس لیے پلیز۔ کم از کم فارس کے ساتھ اپنا موازنہ مت کرو۔ اس کے ساتھ تمہارا موازنہ نہیں بنتا۔"

"آپ ابھی بھی فارس کی سائیڈ لے رہی ہیں۔ مجھے شک ہونے لگا ہے جیسے وہ آپ کی سگی اولاد۔"

"کاش!" انہوں نے اس کی بات کاٹ دی۔ "کاش وہ میری سگی اولاد ہی ہوتا۔ اسے میں نے جنم دیا ہوتا۔ پھر شاید میں اس کے لیے وہ سب کر سکتی جو میں نے تمہارے لیے کیا۔ صلہ مجھے تم سے بھی نہیں چاہیے کہ ماں کو اولاد سے کوئی اجر نہیں چاہیے ہوتا۔ لیکن اتنی بے حسی بھی نہیں ہونی چاہیے کہ ماں کا درد سمجھ ہی نہ سکے۔"

"مجھے پہلے صرف شک تھا۔ اب یقین ہو چکا ہے۔ آپ کے لیے صرف وہ اہم ہے۔ اس کی ذات، اس کے غم، اس کی خوشیاں، اس کی زندگی۔"

"تب ہی تم نے اسے برباد کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اس کا گھر اس کی زندگی اجاڑ دی۔" انہوں نے کرب سے پوچھا۔

"ہی براٹ اٹ اپون ہم سیلف! (یہ سب اس نے خود کیا ہے اپنے ساتھ" وہ چیخا۔ "ہی از دا ون ہو انٹرفیئرڈ ان مائی لائف (وہ ایک ہی تھا جس نے میری زندگی میں مداخلت کی تھی) اس نے علیزے کو مجھ سے چھینا تھا۔"

جمیلہ داؤد کو شاک لگا۔

"حماد! یہ تم کیا کہہ رہے ہو۔ علیزے نے فارس کو خود اپروچ کیا تھا۔ وہ اس میں انٹرسٹڈ تھی۔ تم

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Dunya

نے کبھی آ کر ہم سے بات کی ہوتی تو یہ معاملہ بھی واضح ہو جاتا۔ وہ تمہارے ساتھ اپنے رشتے میں سینئر تھی ہی نہیں۔ اس نے فارس کے ساتھ افیئر چلانے کی کوشش کی۔ جب کوئی رسپانس نہیں ملا تو تمہارے دادا سے وہ بکواس کر دی۔ تمہیں لگتا ہے بابا کو بے وقوف بنانا آسان ہے؟ اگر اس بات میں ذرا سی صداقت ہوتی تو وہ دونوں آج ساتھ ہوتے۔ تمہارے دادا نے کم از کم علیزے کے راستے میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈالی تھی۔ صرف تمہارا رشتہ ختم کیا تھا کیونکہ وہ ان کی نظروں سے گر چکی تھی۔"

وہ لب بھینچے خاموش رہا۔

"معافی مانگ لو اپنے دادا سے۔ پلیز حماد۔ واپس آ جاؤ۔"

"دادا نے دھمکی دی ہے، گھر سے نکالا ہے۔ ایسے تو پھر ایسے ہی سہی۔"

"ایک غلطی کر چکے ہو۔ دوسری غلطی مت کرو۔" انہوں نے روتے ہوئے سمجھانا چاہا۔

"میں نے کوئی غلطی نہیں کی۔ اپنا بدلہ لیا ہے۔ اور شادی تو میں اسی سے کروں گا۔ چاہے آپ لوگ اعتراض کریں یا انکار۔" اس نے حتمی لہجے میں بات کر کے کال کاٹ دی تھی۔ جمیلہ داؤد اپنی جگہ کھڑی رہ گئی تھیں۔

☆......☆......☆

ہارون شیرازی دیوار گیر کھڑکیوں کے سامنے لندن کی بلند ترین عمارتوں پر نگاہیں جمائے کھڑا تھا۔ اندھیرے میں روشنیاں سی بکھرتی ہوئی نظر آ رہی تھیں۔ مکمل بیدار نائٹ لائف میں اسے اپنے آس پاس کہیں موت کا گمان ہو رہا تھا۔ دھمکے سے جیسے کچھ پھٹنے کو ہو۔ زندگی اجڑنے اور ذات کا تماشا بننے کو ہو۔

"میں برباد کر دوں گا! میں سب کو تباہ کر دوں گا۔"

فارس وجدان کی آواز گھر کی دیواروں سے ٹکرا کر بار بار پلٹ رہی تھی۔ ان کے تمام تر سوئے ہوئے خدشات بیدار ہو چکے تھے۔ خوف کو آواز مل گئی تھی۔ ذہن ماؤف سا ہو رہا تھا۔ فارس وجدان اعظیم

شیرازی کو دھمکی دے کر گیا تھا۔اس کی وہ دھمکی اسے پریشانی میں مبتلا کر رہی تھی۔یوں لگ رہا تھا کسی بھی لمحے ان کی خفیہ شادی کی خبریں سرعام پھیل جائیں گی۔آرزو جہانگیر کا قصہ پھر سے شروع ہو جائے گا۔ان کے کردار پر سوالیہ نشان لگ جائے گا۔

ان کا خیال تھا کہ اعظم شیرازی معاملے کو اپنے طور پر سلجھا دیں گے۔ویسے بھی جیسے وہ ہمیشہ سے کرتے آ رہے تھے مگر ان کی جانب سے مکمل خاموشی تھی۔انہوں نے ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں سنایا تھا۔کوئی حکم نہیں دیا تھا اب جب وہ کچھ نہیں کر رہے تھے تو اسے ہی کچھ کرنا تھا۔ساری رات وہ سوچتا رہا۔اکیس سالوں کے بعد اچانک ملاقات کا فیصلہ کچھ مشکل لگا۔اس سے پہلے کہ وہ غصے اور انتقام میں کچھ کرے۔وہ اس سے ملاقات کر لیں۔وہ اس طوفان کے آگے بند باندھ ہی لیں۔

سوال یہ تھا وہ اسے کیا دے سکتا ہے؟ پیسے میں بہت طاقت ہوتی ہے۔وہ اس کی زندگی کو یکسر بدل سکتا ہے۔وہ اپنے اور اس کے معاملات کو ٹھیک کر سکتا ہے۔فارس سب بھول جائے گا۔جیسے وہ بھول گئے تھے۔

ہارون نے شام تک حیدر کو حکم دیا اور وہ اسے فارس وجدان کے فلیٹ تک لے کر گیا۔ایک بیگ ملازم کے ہاتھ میں تھا۔

فلیٹ کی بیل بجاتے منتظر سا کھڑا رہا۔بار بار کلائی موڑ کر وقت دیکھتا اور اندر سے ابھرتے اضطراب پر قابو پاتا رہا۔

کچھ ہی دیر میں دروازہ کھل گیا تھا۔

فارس وجدان سامنے کھڑا تھا۔لمحے بھر کے لیے اس کی سرخی مائل آنکھوں میں آگ کا تاثر بھڑک کر سرد ہو گیا تھا۔لب سختی سے بھنچے رہے تھے۔گرفت ہینڈل پر جمی رہی۔اسے اپنے باپ کا چہرہ یاد نہ ہوتے ہوئے بھی یاد رہ گیا تھا۔

''کیا ہم بات کر سکتے ہیں؟'' ہارون کی آنکھوں میں دکھ کی شبیہہ نظر آ رہی تھی۔ چہرے سے پریشانی کے تاثرات نمایاں ہو رہے تھے۔ دو دن پہلے جس حال میں اسے دیکھا تھا۔ وہ منظر اور حالت۔ وہ ابھی بھی اس پر حاوی تھی۔ اس کی کیفیت پہلے سے کچھ بھی مختلف نہ تھی۔

حیدر اس کے پیچھے ہی کھڑا تھا۔ سر جھکائے مؤدب سا۔

''شاید آپ غلط جگہ پر آ گئے ہیں۔''

''میں تم سے ضروری بات کرنا چاہتا ہوں۔''

وہ چند لمحوں تک انہیں دیکھتا رہا۔ ہارون شیرازی کا خیال تھا وہ دروازہ بند کر دے گا مگر اس نے انہیں اندر آنے کا راستہ دے دیا۔ کچھ حساب باقی تھے۔

ہارون شیرازی نے اندر داخل ہوتے ایک طائرانہ نگاہ اطراف میں دوڑائی۔

اس کا چھوٹا سا فلیٹ بہت سرد ہو رہا تھا۔ کھڑکیوں پر پردے گرے ہوئے تھے۔ روشنیاں مبہم سی نیلگوں تاثر لیے ہوئے تھیں۔ فلیٹ تقریباً خالی تھا۔ بس لاؤنج میں دو صوفے رکھے نظر آ رہے تھے۔

وہ جینز پر ہلکے رنگ کا سویٹر زیب تن کیے اپنی سرخ اور متورم آنکھوں کے ساتھ سامنے بیٹھ گیا تھا۔ اس کی آنکھوں میں شناسائی کی کوئی رمق نہیں تھی۔ کوئی شکوہ، نہ کوئی شکایت، نہ گلہ۔'' رویہ ایسا جیسے وہ کسی اجنبی کے سامنے بیٹھا ہو۔ کوئی انجان شخص بس ایسے ہی اس کے گھر کے اندر آ گیا ہو۔

''مجھے بہت دکھ ہے جو تمہارے ساتھ ہوا۔'' ہارون نے گفتگو کا آغاز کیا۔ وہ سرد تاثرات کے ساتھ چپ چاپ بیٹھا رہا۔

''حماد نے جو کیا اس کی میں تم سے معافی مانگتا ہوں۔ یہ بہت غلط حرکت تھی۔'' ہارون نے مزید کہا۔

جلتی ہوئی آگ میں فارس وجدان کو کھڑا کر دیا گیا۔

https://novelskidunya.com/

"میں تمہارے اس نقصان کو کمپنسیٹ کرنا چاہتا ہوں۔" اشارہ ملتے ہی ملازم نے اس کے سامنے پیسوں سے بھرا ایک بیگ رکھ دیا۔

شعلوں کی تپش اب وجود سے آنکھوں میں اتر آئی تھی۔ لب باہم پیوست رہے۔ وہ اجنبی نگاہوں سے انہیں دیکھتا رہا۔ وہ اس کی آنکھوں کے تاثر سے کچھ جز بز ہوئے۔

اس نے ابھی تک کچھ نہیں کہا تھا۔ مگر وہ اسے سننا چاہتے تھے۔ کوئی مطالبہ، کوئی اعتراض، شکوہ، کوئی بات ہی سہی۔ تاکہ وہ کھل کر اس کے سامنے اپنی آفر رکھ سکیں۔ مگر اس نے لب سیئے رکھے۔ اس کی خاموشی نے ہارون کا اضطراب بڑھا دیا۔

"میں چاہتا ہوں تم یہ سب بھول کر موو آف کر جاؤ۔ میں ہر طرح سے تعاون کے لیے تیار ہوں۔" وہ اسے فائنشلی سپورٹ کرنے کی بات کر رہے تھے۔ بھاری رقم اور بزنس کی آفر دے رہے تھے۔ وہ اس کا آخری دم تک ساتھ دیں گے۔

ان کے تمام دعوؤں میں ولدیت کا ذکر کہیں نہیں تھا۔ ہارون نے یہ نہیں کہا وہ اسے اپنا لیں گے۔ اپنے نام اور اس کی حقیقی پہچان سے نواز دیں گے۔ ان کا دماغ حساب کتاب میں بہت تیزی سے چل رہا تھا۔ وہ اس کے زخموں پر مرہم پیسوں سے رکھ رہے تھے۔ وہ اس کی محرومیوں کو آسائشات سے تول رہے تھے۔ سچویشن ایسی بن رہے تھے جیسے بس اب لوٹ آئے ہوں۔ سب ٹھیک کرنے کے لیے۔ سارے حقوق۔ سارے فرائض ادا کرنے کے لیے۔

وہ انہیں دیکھ رہا تھا۔ انہیں سن رہا تھا۔

"آپ ہمیشہ سے یہی چاہتے تھے، ہمیشہ سے۔" اس کے لب ہلے۔ ہارون شیرازی بات ادھوری چھوڑ کر اسے ناسمجھی سے دیکھنے لگے۔

"اسی لیے آپ کبھی بھی میرے پیچھے نہیں آئے۔"

ہارون شیرازی ایک دم سے گڑبڑا گئے۔ جتنی توجہ اور خاموشی سے وہ ان کی بات سن رہا تھا انہیں لگا وہ وہ اسے قائل کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔

''فارس۔''

''اعظم شیرازی کا وعدہ صرف ایک بہانہ تھا۔ مجھے چھوڑنا آپ کا ذاتی فیصلہ، آپ کی اپنی خواہش تھی۔''

ہارون شیرازی اپنی جگہ تھم گئے۔ ان کا پورا وجود جیسے کسی آہنی شکنجے میں جکڑا گیا ہو۔ جس گفتگو سے وہ بچنا چاہ رہے تھے وہ شروع ہو چکی تھی۔ جس معاملے کو وہ اکیس سال پہلے دفن کر چکے تھے وہ پھر سے زندہ ہو رہا تھا۔ وہ یہاں اس لیے نہیں آئے تھے۔ اس بحث میں پڑنے، ان سوالات میں الجھنے نہیں آئے تھے۔

ان کا سر بے اختیار نفی میں ہلا۔ ''ف۔ ر اس۔ ایسا نہیں ہے۔''

''ایسا ہی ہے۔'' اس کی کاٹ دار آواز سناٹے میں گونج کر رہ گئی۔

''فارس! میں، میں بہت مجبور تھا۔ تم اس وقت بہت چھوٹے تھے۔ تم شاید نہیں جانتے لیکن تمہارے دادا نے۔'' وہ شروع ہو گئے۔

فارس وجدان کی خاموش نگاہیں ہارون شیرازی کے چہرے پر ٹھہری رہ گئیں۔ وہ خود کو بری الزمہ کرتے ہوئے کسی معاہدے کا حوالہ دے رہے تھے۔ وہ اسے دادا کے فیصلوں سے آگاہی دے رہے تھے۔ وہ کتنے مجبور، بے بس اور لاچار تھے، انہیں نہ چاہتے ہوئے بھی اسے چھوڑنا پڑا تھا۔

اور وہ خاموش ویران آنکھوں سے اپنے باپ کو دیکھ رہا تھا۔

ہارون شیرازی کی تحریر بالکل صاف تھی۔ ان کے نامہ اعمال میں کسی ظلم کا حوالہ نہیں تھا۔ حقوق اور فرائض کی کوئی بات نہیں تھی۔ ذکر صرف ایک ''مجبوری'' کا تھا۔ وہ ہر الزام سے بری تھے۔ جو بھی ہوا تھا اعظم شیرازی سے ہوا تھا۔ وہ انکے باپ تھے۔ وہ ان کی حکم عدولی نہ کر سکے۔ وہ اتنے کمزور تھے کہ اسٹینڈ نہ لے سکے۔

پتھر کے مجسمے میں ڈھلا ہوا فارس اپنے باپ کو دیکھ رہا تھا۔ وہ باپ جو ستائیس سالوں کے بعد اس سے ملاقات کر رہا تھا۔ وہ باپ جسے اپنی کسی غلطی کا ادراک تھا نہ احساس۔ نہ کسی فیصلے پر دکھ تھا۔ نہ پشیمانی۔ کیسا چہرہ تھا جو انہوں نے پینٹ کر رکھا تھا۔ اپنی ہی مرضی کا۔ اپنے حساب سے۔ کیسی شان دار سی تصویر تھی ان کی۔ جس میں وہ خود کو کھڑا رکھتے تھے اور کیسا عظیم سا پتلا تھا ان کے نفس کا۔ جس کے سامنے وہ خود ہی اپنا سر جھکائے ہوئے تھے۔

''اعظم شیرازی کو بیچ میں مت لائیں۔'' صوفے سے اٹھتے ہوئے اس نے تحمل سے دانت پیس کر متنبہ کیا۔ ''جس طرح میں اس وقت آپ کے اور اپنے بیچ کسی کو نہیں لا رہا، آپ بھی مت لائیں۔'' اس کی آنکھیں لہو رنگ ہو رہی تھیں۔ آواز غصیلی، وجود سلگ رہا تھا۔

''فارس!''

''مجھے سب سے پہلے ملازم کا بیٹا آپ نے کہا تھا۔ مجھے یتیم سمجھ کر میرے سر پر پہلا ہاتھ آپ نے رکھا تھا۔ میری آواز سن کر کال آپ نے کاٹی تھی۔ مجھے بازوؤں سے پکڑ کر خود سے الگ آپ نے کیا تھا۔'' اس کی مضبوط آواز میں بے انتہا درد اور غصہ جھلک رہا تھا۔ کرب اور شدت نظر آ رہی تھی۔

''وہاں کوئی اعظم شیرازی نہیں تھا، وہاں کوئی اعظم شیرازی کبھی نہیں تھا۔'' وہ حلق کے بل چیخا۔ ہارون شیرازی کو اپنے اندر سب فنا ہوتا ہوا محسوس ہوا۔

''فیصلہ آپ کے باپ نے کیا۔ آپ نے ایک باپ ہو کر کیسے مان لیا۔'' اس نے درشتی سے پوچھا۔ وہ لاجواب ہو گئے۔ اتنے سرد ماحول میں انہیں اپنی ہتھیلیاں بھیگتی ہوئی محسوس ہوئیں۔

''ڈر تھا جائیداد سے عاق نہ کر دیں۔ محبت جائیداد سے تھی۔ جائیداد کے لیے مجبور ہوئے۔''

جس آئینے میں وہ اپنا عکس دیکھتے تھے ٹوٹ کر چور ہوا۔ اس کے ٹکڑے روح کے اندر گہرائیوں تک اترتے گئے۔

"کیا مجبوری میں اولاد کا قتل جائز ہے؟ اسے چھوڑنا، اسے بھولنا، اس کی ذمہ داری سے ہاتھ کھینچ لینا بھی؟" وہ پھنکارا۔ "کیا کہہ رہے تھے آپ۔ بیٹے کی غلطی؟ اعظیم شیرازی کا فیصلہ؟ میرے ساتھ ان اکیس سالوں میں جو کچھ بھی ہوا اس کے ذمہ دار صرف آپ ہیں۔ میرے ہر دکھ اور ہر غم کی وجہ آپ ہیں۔ میری بیٹی کی جان آپ کی وجہ سے گئی ہے۔ وہ گھٹیا لڑکی مجھے میرے منہ پر ناجائز کہہ کر گئی۔ آپ کی وجہ سے۔ اور آپ کو لگتا ہے آپ سے کبھی کوئی غلطی نہیں ہوئی ہے؟"

اپنے ضمیر کے ٹوٹے ہوئے آئینے میں اپنا بکھرا ہوا عکس دیکھتے، اندر کی جنگ لڑتے، کٹتے، مرتے ہوئے وہ کس قدر کوشش سے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑے ہوئے۔

https://novelskidunya.com/

ان کی سالہا سال سے بند آنکھیں کھل گئی تھیں۔

"اور آج۔ آپ کو میرا ایک نقصان نظر آیا۔ اور اسے کمپنسیٹ کرنے چلے آئے۔ ان پیسوں سے؟" آنکھیں سلگ اٹھیں۔ "آپ کو کیا لگا میں بھی آپ کے جیسا ہوں؟ پیسہ دیکھ کر اولاد کا غم بھول جاؤں گا؟ آپ کی غلطی، آپ کا ظلم بھول جاؤں گا؟" اس کے الفاظ چابک تھے۔ ان کا وجود لہولہان ہو گیا۔

"فارس۔ بیٹے۔" وہ ایک دم سے بے اختیار ہو کر آگے بڑھے۔

Novels Ki Dunya

"میرا نام مت لیں۔" اس نے ضبط کر کے پیچھے ہٹتے ہوئے انہیں روکا۔ ہاتھ بڑھا کر ایک فاصلہ قائم رکھنے کی تاکید کی۔ "اور مجھے پلیز بیٹا مت کہیں۔ یہ حق صرف میرے باپ کا تھا اور میرا باپ مر چکا ہے۔"

ان کا دل پھٹنے لگا۔

"اکیس سال پہلے مجھے آپ کی ضرورت اور چاہت تھی۔ پھر میں نے آپ کو مار دیا۔ میں نے ساڑھے چھ سال کی عمر میں، اپنے اس دماغ میں، آپ کو ایک نہر میں گرا کر مار دیا۔ پھر پہاڑ سے گرا کر مارا، پر ایکسیڈنٹ میں۔"

ان کی سانسیں تھم گئیں۔ آنکھوں میں ایک کرب سا جھلکنے لگا۔

''پھر میں نے آپ کی قبر بنائی، دفن کیا اور پھر سمجھ لیا میں یتیم ہوں۔ میرے ماں یا باپ نہیں ہیں۔ میں ہر رات یہی کرتا تھا، میں ہر رات آپ کو اور آرزو جہانگیر کو دفن کرتا تھا ایسے آسانی رہتی تھی۔ بھولنے میں آسانی رہتی تھی۔''

ان کی آنکھیں مکمل بھیگ گئیں۔ وہ کچھ بھی کہنے کے قابل نہ رہے۔

''میں نے آپ کو اندر آنے دیا۔ سوچا سن لوں۔ اعظم شیرازی کا بیٹا آج مجھ سے کیا کہنے والا ہے۔ ہوسکتا ہے میری بیٹی کی تعزیت کے لیے آیا ہو۔ ہوسکتا ہے اسے اپنے ظلم کا احساس ہوگیا اور معافی مانگنے آیا ہو، لیکن ہارون اعظم شیرازی پیسوں سے بھرا ہوا ایک بیگ لایا ہے۔'' اس نے اپنی آنکھوں میں نفرت لیے ہاتھ سے اشارہ کیا۔ ''اسے ڈر ہے میں چیخ چیخ کر پوری دنیا کو یہ نہ بتادوں کہ میرا باپ کون ہے۔'' اس کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔ کنپٹی کی رگیں ابھری ہوئی تھیں۔

ہارون شیرازی زمین کی تہوں میں اترتے چلے گئے۔

''اگر آج آپ بھری دنیا میں اعلان بھی کریں کہ میں آپ کا بیٹا ہوں تو میں آپ سے لاتعلقی کا اظہار کروں گا۔ میں اپنی رگوں سے آپ کا خون نہیں نکال سکتا لیکن میں اپنے نام کے ساتھ آپ کا نام نہیں لکھوں گا۔''

اس نے میز سے پیسوں کا بیگ اٹھا کر ان کے قدموں میں پھینک دیا۔ کچھ نفرت اور حقارت سے۔

''ہارون شیرازی نہیں جانتا ایسی تربیت نہیں ہوئی میری کہ پیسوں کو دیکھ کر پاگل ہو جاؤں۔ اور ایسے چھوٹے غم بھی نہیں میرے کہ دنیا کی دولت ان کا مداوا کر سکے۔''

بس وہ آخری وار۔ وہ آخری جملہ اور ضرب تھی اور ان کا خود ساختہ بت پاش پاش ہوگیا۔

''اب آپ جاسکتے ہیں۔'' اس نے دروازہ کھول کر انہیں جانے کا راستہ دکھایا۔ وہ کچھ دیر تک یونہی کھڑے رہے۔ قدم اٹھائے تو بھاری محسوس ہوئے۔ نگاہیں بھٹک کر دوبارہ اس کے چہرے تک گئیں۔ وہ

چہرہ جس میں ہمیشہ انہیں آرزو جہانگیر کی جھلک نظر آتی تھی۔ وہ آنکھیں جو اس کے دھوکے کی یاد دلاتی تھیں۔ وہ تاریک اور ویران آنکھیں۔ وہ کسی آرزو جہانگیر کی نہیں تھی، وہ چہرہ بھی اس کا نہیں تھا۔ وہ دروازے تک آئے اور رک گئے۔ گردن موڑ کر اسے دیکھا۔ وہ بھی انہیں ہی دیکھ رہا تھا۔ جیسے دشمن، کسی حریف، کسی ظالم کو دیکھا جاتا ہے۔ وہ اس کی آنکھوں سے جھلکتے شدید نفرتوں کے طوفان میں گم ہونے لگے۔

اکیس سال۔ کسی نے ہر رات انہیں مارا اور وہ دن کے اجالے میں پھر سے زندہ ہوئے۔

اکیس سالوں تک، کوئی ان کی مسلسل قبر بناتا رہا اور وہ دفن ہو کر باہر نکلتے رہے۔

وہ جسے ڈھال ہونا چاہیے۔ وہ تلوار بن گیا۔ جسے وار سہنا چاہیے، وہ مقابل ہو گیا۔

وہ فلیٹ سے باہر نکلے اور دروازہ زور سے بند ہو گیا۔ وہ راہداری میں بیگ ہاتھ میں لیے اپنے ملازم کے ہمراہ کھڑے تھے۔ آنکھیں بھیگی ہوئی تھیں۔ سر جھکا ہوا تھا۔ جس اعتماد کے ساتھ وہ آئے تھے وہ ریزہ ریزہ ہو چکا تھا۔ جس استحقاق سے خسارہ پورا کرنا چاہتے تھے وہ استحقاق مٹی ہوا تھا۔

اور اندر فارس وجدان دروازے کے ساتھ پشت ٹکائے، ٹھنڈے فرش پر اپنا سر ہاتھ میں دبائے بیٹھا رہ گیا تھا۔

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya

☆......☆......☆

مرے لیے کون سوچتا ہے؟
جدا جدا ہیں مرے قبیلے کے لوگ سارے
جدا جدا سب کی صورتیں ہیں
سب ہی کو اپنی انا کے اندھے کنویں کی تہ میں پڑے ہوئے
خواہشوں کے پنجر
ہوس کے ٹکڑے
حواس ریزے

ہر اس کنکر تلاشنا ہیں
سبھی کو اپنے بدن کی شہ رگ میں
قطرہ قطرہ لہو کا لاوا انڈیلنا ہے
سبھی کو گزرے دنوں کے دریا کا دکھ
وراثت میں جھیلنا ہے
مرے لیے کون سوچتا ہے
سبھی کی اپنی ضرورتیں ہیں۔
مری رگیں چھلتی جراحت کو کون بخشے
شفا کی شبنم
مری اداسی کو کون بہلائے
کسی کو فرصت ہے مجھ سے پوچھے
کہ میری آنکھیں گلاب کیوں ہیں
مری مشقت کی شاخ عریاں پر
سازشوں کے عذاب کیوں ہیں
مری ہتھیلی پہ خواب کیوں ہیں
میرے سفر میں سراب کیوں ہیں
مرے لیے کون سوچتا ہے
سبھی کے دل میں کدورتیں ہیں
(محسن نقوی)

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

کروٹوں پر کروٹیں بدلتے وہ کچھ بے چینی اور بے قراری کے عالم میں اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔ اس ک کمرے کی کھڑکیاں کھلی ہوئی تھیں۔ پھر بھی دم گھٹتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔ سلیپنگ پلز سے کوئی افاقہ نہیں ہوا تھا۔ بے آرامی وجود کا حصہ رہی تھی۔ وہ سر تھامے کتنی ہی دیر تک بیٹھا رہا۔ ایک عجیب سی منجمد کرتی ہوئی روٹین اب زندگی کا خاصا ہو چکی تھی۔ نہ اسے اپنی ذات سے کوئی سروکار رہا تھا نہ زندگی کی کوئی فکر تھی۔ وہ پاکستان لوٹ آیا تھا۔ اپنا رابطہ اور تعلق ہر کسی سے ختم کرنے کے باوجود اسے اپنا وجود مختلف ڈوریوں سے جڑا ہوا، لپٹا ہوا، بھٹکتا ہوا محسوس ہوتا تھا۔

سکون ختم ہو چکا تھا۔ بے قراری انگ انگ میں گھر کر چکی تھی۔ صدمے پر صبر آ گیا تھا مگر تکلیف پھر بھی محسوس ہوتی تھی۔

وہ صبح سے شام تک کوٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے مارگلہ کی پہاڑیوں پر بے مقصد ٹہلتے کسی بنچ پر مجسمے میں ڈھل کر وقت گزار دیتا۔

گھر آتا تو دم گھٹتا اور چیخنے کا دل چاہتا۔ سناٹے سے وحشت ہوتی۔ ابھی بھی اس کی کیفیت ایسی ہی تھی۔

آہٹ کا احساس ہوا تو چونک کر اٹھ بیٹھا۔ اس کا فلیٹ تیسری منزل پر تھا مکمل طور پر محفوظ کہ دروازہ بھی لاکڈ رہتا تھا۔ اٹھ کر باہر آ گیا۔ سامنے ہی گیلری میں سایہ سا لہرایا۔ اس نے ہاتھ بڑھا کر ڈنڈا اٹھا لیا۔ دیوار کے ساتھ لگ کر کھڑا ہو گیا۔ ڈور سلائیڈ ہوتے ہی کسی نے اندر سر ڈالا۔ وہ گھما کر مارنے ہی لگا تھا کہ پورے چاند کی روشنی میں گھنگھریالے بال نمایاں ہوئے۔ پھر عینک۔ پھر چہرہ۔

''کوئی ایک کام تو تم نارمل انسانوں جیسا کر لیا کرو۔'' راحم آفاق پر نظر پڑتے ہی اسے تپ چڑھی۔ جو بھاری ڈنڈا ہاتھ میں تھا اسے بڑے صبر کے ساتھ نیچے کیا ورنہ دل یہ ہی چاہ رہا تھا کہ وہ اسے جڑ دے۔

''دروازہ بند تھا یار، میں اندر کیسے آتا؟'' معصومیت کی انتہا، لنگڑا کر چلتا صوفے پر ڈھے گیا۔ جھوٹ سے جوتا اتارا۔ ریلنگ پھلانگتے وقت پاؤں کہیں پھنس گیا تھا اور نتیجتاً بہت سخت چوٹ آئی تھی۔

''ڈوربیل ڈیکوریشن کے لیے نہیں لگائی گئی۔'' فارس اس کے سر پر کھڑا تھا۔

''اوہ مجھے بالکل پتا نہیں تھا۔'' جرابیں اتار کر زخم کا معائنہ کرتے سر اٹھایا۔ نیم تاریکی میں وہ سیاہ جینز پر سفید رنگ کی شرٹ زیب تن کیے کھڑا تھا۔ آنکھوں کے حلقے نمایاں تھے، رنگت بھی زرد۔ چہرے پر کوئی تاثر نہیں تھا۔ ویرانی، خاموشی اور سناٹا۔ اندر بھی اور باہر بھی۔ اس کے چھوٹے سے فلیٹ میں زندگی بس اس دل تک محدود تھی جو دھڑک رہا تھا ورنہ وجود تو ایک زندہ لاش جیسا تھا۔

اپنے زخم کو چھوڑ چھاڑ کر اٹھ کھڑا ہوا۔ ''تم پاکستان آگئے اور مجھ سے رابطہ نہیں کیا۔''

''میں نے ضروری نہیں سمجھا۔'' مڑ کر کچن میں چلا گیا۔ کیبنٹ سے فرسٹ ایڈ باکس نکال کر اس کے سامنے میز پر رکھ دیا۔ راحم ہنوز اپنی جگہ کھڑا رہا۔

''تم نے ضروری نہیں سمجھا۔'' اس کا لہجہ چبھتا ہوا تھا۔

''زخم صاف کرلو، انفیکشن نہ ہو جائے۔'' اس کی بات ختم ہونے سے پہلے ہی اسے گھونسا پڑا تھا۔ وہ میز پر لڑھک کر نیچے جا گرا۔ ہونٹ کا کونا پھٹ گیا۔ خون کی دھار بہہ نکلی۔

''بہت کھجلی ہو رہی تھی اس ہاتھ میں۔'' اپنے ہاتھ کو جنبش دیتے اس نے کہا۔ گریبان سے دبوچ کر دیوار کے ساتھ لگا دیا۔ اس نے راحم کو اس سے پہلے اس قدر شدید غصے میں نہیں دیکھا تھا۔ ''پانچ مہینے ہو گئے ہیں مجھے تمہیں ڈھونڈتے ہوئے اور تم نے ضروری نہیں سمجھا۔'' آنکھوں میں قہر لیے اس کی گرفت سخت پڑی تھی۔ وہ سر جھکائے چپ رہا۔

وہ اس کا گریبان چھوڑ کر بکتا جھکتا سیدھا کمرے میں گیا۔ لائٹس آن کر کے، اس کا سامان مشتعل ہو کر الٹ پلٹ کرتا ہوا۔ کچھ ڈاکومنٹس تھے، بس کے ٹکٹس اور ایک ہینڈ گن۔ وہ اسے اٹھائے باہر آیا۔

https://novelskidunya.com/

"پنڈی کیوں جا رہے ہو تم؟ اور یہ گن کس لیے ہے؟" اس کی آنکھوں میں خون اترا ہوا تھا۔ حالات بدل چکے تھے، وقت گزر چکا تھا مگر راحم آفاق کے سامنے وہ ہمیشہ وہی ٹین ایجر فارس ہو جاتا تھا جسے کچھ جواب اور وضاحتوں کی ہمت نہیں پڑتی تھی۔ بس خاموشی اور صرف خاموشی۔

"کچھ پوچھ رہا ہوں تم سے؟" وہ پھٹ پڑا۔ وہ دم سادھے چپ رہا۔

"اس لیے کہ اس گھٹیا لڑکی نے تمہارے بھائی سے شادی کر لی تو تم نے اپنی زندگی برباد کرنے کا فیصلہ کر لیا؟ یہ نہیں سوچ رہے کہ اچھا ہوا۔ وہ ناگن تمہاری زندگی سے نکل گئی۔"

فارس کی مٹھیاں سختی سے بھنچ گئیں۔ اس کی سرخی مائل آنکھوں میں قہر کی نمی بڑھتی گئی۔

"کیا پلان ہے تمہارا؟ اب کیا کرنا چاہتے ہو تم؟"

خاموشی چھائی رہی۔

"یہ بتاؤ مجھے یہ سب میرا وہم اور شک ہے۔ تم ایسے کچھ نہیں کر رہے۔" اسے گریبان سے دبوچ کر جھنجوڑ ڈالا۔

"یہ گن میری پروٹیکشن کے لیے ہے اور راولپنڈی میں جاب کے لیے جا رہا ہوں۔" اس نے سختی سے اپنا گریبان چھڑا لیا تھا۔ ضبط سے چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔ آنکھوں کی نمی بڑھ چکی تھی۔

راحم لب بھینچے اسے دیکھتا رہا۔ انداز سے واضح تھا اسے فارس کی کسی بات پر یقین نہیں آیا تھا۔

"یہ ٹھیک نہیں ہے جو تم سوچ رہے ہو یا جو کرنا چاہ رہے ہو۔ فارس یہ ٹھیک نہیں ہے۔"

وہ تحمل سے چند لمحوں تک راحم کو دیکھتا رہا پھر اس نے لاؤنج ٹیبل کی دراز سے کچھ کاغذات نکال کر اس کے سامنے رکھے۔ اپائنٹمنٹ لیٹر اسے پنڈی سے موصول ہوا تھا۔ جس کمپنی کی طرف سے، اس کمپنی کا نام بھی لکھا تھا۔ اس کی لائسنس شدہ گن پچھلے پانچ ماہ سے اس کے پاس تھی۔ یہ وقت کافی تھا۔ کسی بھی حملہ کرنے، کسی کی جان نکالنے کے لیے بھی۔

https://novelskidunya.com/

"شاید تم نہیں جانتے۔ تمہارے صاحب کا پوتا اپنی بیوی کے ساتھ لندن میں ہے۔"

راحم کے اندر کے تمام خوف اور خدشات جھاگ کی طرح بیٹھ گئے۔ اپنے چہرے پر ہاتھ پھیرتے، اس نے گہری سانس لے کر اپنے اعصاب پر قابو پانے کی کوشش کی تھی۔

پھر وہ اس کی طرف متوجہ ہوا تھا۔ لندن میں وہ جتنا عرصہ اس کے ساتھ رہا۔ ہمیشہ سوال نظر انداز کر کے وضاحتوں کو چھپا لیا کرتا تھا۔ سن کر ان سنی کرتا ہوا۔ کوئی کیا سوچتا ہے اس سے بے پرواہ نظر آتا ہوا۔ مگر پہلی بار اس نے راحم آفاق کو کوئی وضاحت دی تھی۔

"تمہارے ساتھ جو کچھ بھی ہوا۔ اس کا مجھے بہت افسوس ہے۔"

"لیکن مجھے نہیں ہے، میں یہ سب ڈیزرو کرتا تھا۔" اس کی ویران آنکھوں میں زندگی کی رمق نہ تھی۔ اس کے چہرے سے مسکراہٹ ختم ہو چکی تھی۔ اس کے دل میں اب کوئی احساس نہ تھا۔ راحم چند لمحوں تک اسے دیکھتا رہا۔ وہ اس کے لیے بھائیوں جیسا تھا۔ اس کی تکلیف ہمیشہ اسے عجیب سا دکھ دیتی تھی۔

"یہاں تم غلط ہو۔" اسے گلے سے لگاتے ہوئے پشت تھپتھپائی۔ "تم بس یہ ہی ایک مکا ڈیزرو کرتے ہو جو میں نے تمہیں مارا ہے۔"

فارس کے لبوں پر تلخ سی مسکراہٹ ابھر کر معدوم ہو گئی۔

"بہت بھوک لگی ہے یار، تمہارے پاس کچھ کھانے کو نہیں ہے۔" الگ ہو کر وہ کچن کی طرف بھاگا۔ فریزر کھول کر نگاہ دوڑائی۔ ایک ہاتھ میں جوس پکڑا، دوسرے سے سالن کا بول نکالا۔ "روٹی منگوا دو بس۔ صبح سے کچھ نہیں کھایا۔"

جم کر میز پر بیٹھ گیا۔

گہری سانس لیتے فارس نے کوٹ اٹھایا اور باہر نکل گیا۔ جوس پیتے ہوئے راحم کی نگاہیں اس ہنڈ گن پر ٹھہری رہیں جو لاؤنج کی ٹیبل پر رکھی تھی اور جس پر پورے چاند کی روشنی پڑ رہی تھی۔

☆......☆......☆

مجھے سنو
جیسے کوئی بارش کو سنتا ہے
مجھے سنے بہیر
سنو میں کیا کہتا ہوں
کھلی آنکھوں کے ساتھ جیتے جاگتے
پانچ حسوں کو تمام، بیدار رکھتے ہوئے
ابر برس رہا ہے، دھیمے قدموں جیسے
الفاظ کی دھیمی سرسراہٹ کے جیسے
ہوا، پانی اور لفظ بنا کوئی اوزان لیے
یہ جو ہم ہیں اور یہ ماہ و سال و لمحے
نارساں وقت کی گراں بار اداسی لیے
(اکتاویو پاز)

☆......☆......☆

وہ اپنی ای میلز دیکھ رہا تھا۔ لاشاری گروپ آف انڈسٹریز کی جانب سے گزشتہ رات ہی جواب موصول ہوا تھا۔ اس کی سی وی دیکھی جا چکی تھی۔ اسے انٹرویو کے لیے بلایا گیا تھا۔

وہ کچھ دیر تک پیشانی مسلتا رہا۔ پنڈی سے ایکسپیرینس لیٹر اسے مل چکا تھا لیکن اس کی خواہش لاشاری گروپ آف انڈسٹریز سے جڑنے کی تھی۔ شیرازی انٹرپرائزز کے مقابلے میں بس لاشاری گروپ ہی آ سکتا تھا۔ مقابلہ شاید ان کا ہی تھا۔ ان میں ہی تھا۔ اعظم شیرازی بزنس میں مات دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے تھے۔

''حیدر تمہیں ڈھونڈ رہا ہے۔'' اس کے برابر میں صوفے پر دھم سے بیٹھتے ہوئے راحم نے ہیڈ فون ہٹا کر کہا۔

''تمہاری ممی بھی۔ چھ مہینے ہو گئے ہیں۔ تم نے کوئی رابطہ نہیں کیا۔ سب تمہارے لیے بہت پریشان ہیں۔''

اس کا سر جھکا رہا۔ انگلیاں کی پیڈ پر متحرک رہیں۔ وہ نئی میل ٹائپ کر رہا تھا۔

''ٹھیک ہے جو ہوا سو ہوا۔ لیکن اس طرح رابطہ ختم کر دینے سے کیا ہوگا۔''

وہ بتا نہیں سکا اس خاندان سے دوری میں ہی اس کی بھلائی تھی۔

راحم ٹہلتے، چاکلیٹس کھاتے، لیپ ٹاپ پر کوئی کام کرتے مسلسل اسے دیکھتا رہا۔ اٹھ کر اس کے پاس پنجوں کے بل بیٹھ گیا۔ گردن آگے کر کے اسے دیکھا۔ مشکوک ہو کر۔

''کیا چل رہا ہے تمہارے دماغ میں؟''

فارس نے اس کی پیشانی ٹھونک کر پیچھے کیا۔

''آؤچ۔'' وہ سر پکڑ کر کراہا۔ ''کیا ہے یار۔''

''اپنے کام سے مطلب رکھو۔'' اتنے عرصے بعد اس نے باقاعدہ طور پر کوئی بات کی تھی۔

''دیکھو اگر تم قتل کی پلاننگ کر رہے ہو تو تمہیں پہلے مجھ سے بات کرنی چاہیے۔''

لیپ ٹاپ بند کر کے ایک طرف کر دیا۔ ''تم سے کیوں بات کرنی چاہیے؟''

راحم کی آنکھیں پھیل گئیں۔ ''آئی نیو اٹ، تم واقعی میں کچھ کرنے والے ہو؟'' اسے کندھے سے تھام کر جھنجوڑ ڈالا۔ ''ہوش میں آؤ فارس۔ ایک بار پھر سن لو۔ ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کا قتل۔'' وہ چیخا۔

''بات وہ کر رہا ہے جو بچوں کو اغوا کرتا ہے۔''

''وہ ایک نیکی کا کام تھا۔'' جتا کر کہا۔

"فارس تاسف سے سر ہلاتا رخ موڑ کر کچھ اور لکھنے لگا۔ اس نے گھوم کر اور صوفے کے پیچھے کھڑے ہو کر باقاعدہ اس کا لیٹر پڑھا۔

"ہم۔ لاشاری گروپ آف انڈسٹریز۔ کیا کرنا چاہتے ہو؟ ویسے اس کا مالک مجھے بھی کچھ خاص پسند نہیں۔ کیوں نہ مل کر ہم لاشاری گروپ آف انڈسٹریز کا بیڑہ غرق کر دیں؟"

"کیا تم مجھے کام کرنے دو گے؟" جھلا کر کہا تو وہ ہاتھ کھڑے کیے واپس صوفے پر آ بیٹھا۔ میز پر ٹانگ پر ٹانگ رکھی۔ شک بھری نگاہوں سے اسے دیکھنے لگا۔

"میں فی الحال صرف جاب تلاش کر رہا ہوں۔"

اس نے ضبط کر کے وضاحت دی۔

"ہاں۔ وہ بھی صرف اس کمپنی میں جو اعظم شیرازی کے مقابلے میں ہے۔ تم اپنا سارا غصہ ان پر نکالنا چاہتے ہو۔ انہیں تباہ کر کے۔"

فارس لب بھینچے اسے دیکھتا رہا۔ وہ ہمیشہ اس کے دماغ تک، اس کی سوچ تک پہنچ جاتا تھا۔ آج بھی پہنچ گیا تھا۔

"ویسے کیا تم جانتے ہو ان کے ساتھ اعظم شیرازی کی رشتہ داری بھی ہے؟"

فارس نے چونک کر سر اٹھایا۔ "کیسی رشتے داری؟"

"داؤد لاشاری تمہاری ممی کے والد ہیں۔"

فارس حیران سا بیٹھا رہ گیا۔

وہ گہری مسکراہٹ کے ساتھ اٹھ کر چلا گیا۔ اگلے دن صبح سویرے جاگنگ سے واپسی پر ماتھے سے پسینہ صاف کرتے اس کے پاس آیا۔ فارس سیاہ تھری پیس سوٹ میں ملبوس اپنے جاب انٹرویو کے لیے مکمل تیار نظر آ رہا تھا۔

"بیسٹ آف لک۔" کندھا تھپتھپا کر صوفے پر جا بیٹھا۔ ٹی وی آن کر لیا۔ چپس کا پیکٹ بھی کھول لیا۔

"تم یہاں سے کب تک جانے والے ہو؟"

چپس کھاتے ہوئے اس کا منہ رک گیا۔ گردن موڑ کر فارس کو دیکھا۔ تاثرات ایک دم سے خطرناک ہو گئے۔

"شرم نہیں آتی اپنے بڑے بھائی سے ایسا سوال کرتے ہوئے؟" غصے سے بھڑک کر بولا۔

"بھول گئے وہ وقت۔ جب میں نے تمہیں بگونیا ہاؤس میں پورے چار سالوں تک برداشت کیا تھا۔"

"اس برداشت کے پیسے بھی تم نے بہت لیے ہیں۔ میں فری میں یہاں کیوں رکھوں؟" وہ سرد لہجے میں بولا۔ آنکھوں میں شک تھا۔ کہیں اسے دوبارہ نہ بھیجا گیا ہو۔

"ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔ کرایہ لے لینا مجھ سے۔" الجھا کر اپنے مطلب کی بات تک لانا راحم آفاق کے داہنے ہاتھ کا کھیل تھا۔

فارس وجدان کا پارہ چڑھ گیا۔

"تمہارا اپنا کوئی گھر نہیں ہے جو تم یہاں رہو گے؟"

"میں آج کل بہت غریب ہو چکا ہوں۔ کھانے کے لیے پیسے بھی نہیں ہیں۔" مسکین سی شکل بناتے اپنے ٹریک سوٹ کی خالی جیبیں بھی دکھائیں۔

"غریب کے پاس گاڑی ہے، موبائل ہے، لیپ ٹاپ ہے، برانڈڈ کپڑے ہیں۔ بس گھر نہیں ہے۔" فارس نے دانت پیسے۔

"نظر کیوں لگاتے ہو۔ ماشاءاللہ بولو۔ اللہ مجھے اور رزق دے۔"

فارس ضبط کر کے باہر نکل گیا۔

☆......☆......☆

اس کا انٹرویو لیا گیا، سی وی دیکھی گئی، تجربے اور صلاحیتوں سے متاثر ہو کر ہائر کر لیا گیا۔ کمپنی جوائن کرتے ہی اس نے تمام معاملات پر بہت باریک بینی سے نظر رکھنا شروع کی تھی۔ جیسا کہ اس کا خیال تھا۔ شیرازی بزنس ایمپائر کو حریف کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ مقابلہ جیسے ان سے تھا۔ ان سے ہی ہو سکتا تھا۔

اسے کمپنی جوائن کیے تیسرا ہفتہ تھا جب اسے داؤد لاشاری کے بیٹے کی آمد کی اطلاع ملی تھی۔ جو امریکا کے ٹرپ سے حال ہی میں لوٹا تھا۔ فائل اٹھائے اپنے آفس سے نکل کر آفس اسٹاف کی گیدرنگ میں نظر آتے، کچھ انجانے چہروں کو دیکھتے وہ دائیں طرف لفٹ میں داخل ہوا تھا۔ اس کے ساتھ نیوی تھری پیس سوٹ میں ملبوس پینتالیس سالہ اسمارٹ اور سلم سا مرد اندر داخل ہوا۔ موبائل پر کچھ دیکھتے وہ ایک ہاتھ جیب میں ڈالے رک گیا تھا۔

اسکرین اسکرول کرتے کچھ دیکھ کر مسکراتے وہ ایک دم سے گنگنانے لگا تھا۔ عادتاً، یونہی سرشاری کے عالم میں۔

وقت رک گیا۔ لفٹ کی چاروں دیواریں فارس وجدان پر ایک دم سے تنگ ہوئیں۔ اس کی پیشانی عرق آلود ہونے لگی۔ آنکھوں میں دہشت کا تاثر ٹھہر گیا۔ سناٹے میں وہ مخصوص دھن بار بار گونجتی ہوئی ایک دم سے بلند ہونے لگی۔ اتنی بلند کہ فارس کو اپنے کان پھٹتے ہوئے محسوس ہوئے۔

”یہ حماد تو نہیں ہے۔“ تیز روشنی میں ایک دھندلی سی شبیہ نمایاں ہوئی۔

”تو تمہارے مالک نے تمہیں ہمارے آگے چارے کی طرح پھینک دیا تاکہ وہ اپنے پوتے کی جان بچا سکے۔“

بھاری قدموں کی آہٹ، تاریک کوٹھڑی کا اندھیرا۔ دہشت بھری سخت پتھریلی آواز۔ اور وہ گنگناہٹ۔

”شیر دل سے کہو اس لڑکے کو لے جائے۔“

''اور ہاں۔ اس سے کہنا لاش ہم اعظم شیرازی کو ہی بھیجیں گے، اسے پتا چلنا چاہیے اگر حماد ہمارے ہاتھ آجاتا تو ہم اس کا کیا حشر کرتے۔''

کوٹھڑی کی تاریکی نے اسے مکمل طور پر نگل لیا۔

اب وہ فون کان سے لگا چکا تھا۔ کچھ سنتے ہی غصے میں آگیا تھا۔ ''کیا میں نے یہ نہیں کہا تھا مجھے رپورٹ شام چھ بجے تک مل جانی چاہیے۔''

وہی سرد لہجہ۔ کرخت آواز۔

''یہ میرا کام ہے۔ تو میرے طریقے سے ہی ہوگا، انڈر اسٹوڈ؟''

اس نے کس قدر کوشش سے گردن موڑ کر اس کا چہرہ دیکھا۔ سیاہی مائل گہری آنکھیں، جیل سے سیٹ ہوئے بال، کلین شیوڈ چہرہ۔ کال سنتے پتھریلے ہوتے تاثرات۔

لفٹ مطلوبہ فلور پر رکی تو وہ بات کرتے اس سے پہلے ہی نکل گیا۔ دروازے برابر ہو گئے۔

فائل اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر نیچے جا گری۔

داؤد لاشاری کا بیٹا، جنید لاشاری

لاشاری گروف آف انڈسٹریز کا وارث۔

جمیلہ داؤد کا بھائی

فارس وجدان اپنی جگہ ساکت کھڑا رہ گیا۔

☆......☆......☆

''میں نے حیدر کو بتا دیا ہے تم یہاں رکے ہوئے ہو'' چار پانچ دن تک غائب رہنے کے بعد راحم اس سے ملنے آیا تو سنجیدگی سے بتایا۔ ''اب کل کلاں کو کوئی اونچ نیچ ہوگی، تو سب میرا گلا ہی دبوچیں گے۔ تو اسی لیے۔''

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Dunya

فارس چپ رہا۔ یوں جیسے کچھ سنا ہی نہ ہو۔ عموماً وہ ایسی باتوں پر سخت رد عمل دیتا تھا۔

''ہیلو۔'' اس کی آنکھوں کے سامنے ہاتھ لہرایا۔ ''یہیں ہو یا کہاں ہو؟''

وہ گردن موڑ کر اسے دیکھنے لگا۔ آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں۔ حلقے بھی نمایاں تھے جیسے وہ راتوں تک سویا نہ ہو۔

''تم ٹھیک ہو؟'' وہ ایک دم سنجیدہ ہو گیا۔ اس نے نفی میں سر ہلا دیا۔

''کس کی بات کر رہے ہو تم؟''

''جس نے مجھے اغوا کیا تھا۔''

راحم کو شاک لگا۔ ''کیا سچ میں۔ کیسے؟ تم تو کہتے تھے تمہیں کچھ یاد نہیں ہے۔''

فارس نے گہری سانس لے کر اپنا سر ہتھیلیوں پر گرا لیا۔ اس کی حالت ابتر تھی۔ وہ اسی ٹراما سے گزرتا ہوا نظر آ رہا تھا۔

''وہ داؤد دلاشاری کا بیٹا ہے، ممی کا بھائی۔''

راحم آفاق اپنی جگہ حیران و ششدر بیٹھا رہ گیا۔ سماعت پر جیسے یقین نہیں آیا۔

''تم نے اسے کیسے پہچانا؟'' صدمے سے نکل کر پوچھا۔

''آواز سے۔ گنگناہٹ سے۔ وہ دھن کبھی میرے ذہن سے نہیں نکلی۔''

راحم نے حیران ہو کر اسے دیکھا۔

''ہو سکتا ہے تمہیں غلط فہمی ہوئی ہو۔''

''نہیں میں اس کی آواز نہیں بھول سکتا۔ مجھے سب یاد ہے۔'' اس کا رنگ اڑا ہوا تھا۔ سانسیں بھاری چل رہی تھیں۔

''آر یو شیور؟''

اس نے سر کو اثبات میں جنبش دی۔

''اگر میں نے اسے پہچان لیا ہے تو ہوسکتا ہے نام کی وجہ سے وہ بھی مجھے پہچان لے۔''

''تمہاری اس کے ساتھ ملاقات ہوئی ہے؟''

''ابھی تک نہیں۔''

معاملہ ایک دم سے پیچیدہ لگنے لگا۔

''تم اب کیا سوچ رہے ہو؟''

''میں ریزائن کرنا چاہتا ہوں۔''

''تم ڈر رہے ہو؟''

''محتاط ہو رہا ہوں۔''

راحم خاموش ہو گیا۔ بات ختم ہو گئی۔ اگلے دن وہ ایک بار پھر اس کے سامنے تھا۔

''میرے خیال سے ہمیں اعظم صاحب سے بات کرنی چاہیے۔'' وہ چائے کا مگ ہاتھ میں لیے گیلری میں کھڑا تھا۔

''یہ میرا مسئلہ ہے۔ اسے سلجھاؤں گا بھی میں ہی۔''

''بے وقوفی کی باتیں مت کرو۔''

''وہ ان کی بہو کا بھائی ہے۔ اتنا قریبی اور اہم رشتہ ہے۔ تمہیں لگتا ہے وہ تمہاری بات پر یقین کر لیں گے؟''

راحم کچھ کہہ نہ سکا۔

''اور ممی۔ وہ کیا سوچیں گی؟ اس وقت جس طرح کے حالات چل رہے ہیں، سب کی نظر میں ولن تو میں ہی ہوں۔'' فارس کا لہجہ سرد ہو گیا تھا۔

''تمہیں ثبوت چاہیے؟''

''ہاں۔شاید تب ہی کوئی یقین کر سکے۔''

''تمہارے ارادے کیا ہیں؟'' راحم اب کے سینے پر بازو باندھے کھڑا ہوگیا۔

اس نے گردن موڑ کر اسے دیکھا۔

''مدد کرو گے میری؟''

''اگر پلان شیئر کرو گے تو۔''

اس نے گہری سانس لی۔ ''یہ آسان نہیں ہے لیکن میں اس پر نظر رکھنا چاہتا ہوں۔''

''ڈن ہوگیا پھر، یہ مجھ پر چھوڑ دو۔'' کندھا تھپتھپا کر چلا گیا۔ اس نے اپنی نوکری سے اسی دن ریزائن دے دیا۔ شام تک راحم اپنے کمرے سے برآمد ہوا۔ لیپ ٹاپ میز پر اس کے سامنے کھول کر رکھ دیا۔

''ذرا یہ دیکھو، بس تھوڑی سی ایفرٹ۔'' نیند سے بوجھل آنکھیں۔ گھنگھریالے الجھے ہوئے بال۔ اسے نیند بھی آ رہی تھی۔ بھوک بھی لگ رہی تھی اور وہ مارگلہ ہلز پر ہائیکنگ کا بھی کہہ رہا تھا۔

فارس نے اچنبھے سے اسے اور پھر لیپ ٹاپ اسکرین کو دیکھا۔ جس پر لاشاری گروپ آف انڈسٹریز کے ہیڈ آفس والی عمارت کے تمام کیمروں کی سی سی ٹی وی فوٹیج لائیو چلتی ہوئی نظر آ رہی تھی۔

''یہ تم نے کیا کیا؟''

''میں نے آئی پی ایڈریس کو آن لائن سرچ کیا، لوگنگ ان۔ بہت سمپل۔ پھر سکیچر انفارمیشن کی کوشش۔ پاس ورڈز ٹرائے کیے اور بوم۔'' کرسی کو گھماتے ہوئے یوں بولا جیسے بہت آسان کام ہو۔ ''تم نے لاشاری گروپ آف انڈسٹریز کا سارا اسکیورٹی سسٹم ہیک کر لیا۔'' فارس صدمے سے اسے دیکھ رہا تھا۔

''ہاں۔تم نے کہا تھا تمہیں میری ہیلپ چاہیے۔لو ہوگئی ہیلپ۔''

https://novelskidunya.com/

فارس اسے دیکھ کر رہ گیا۔

لیپ ٹاپ اسکرین پر مختلف اسکرینز کے مناظر واضح تھے۔ پارکنگ ایریا تک کی ریکارڈنگز،
راہداریوں کی، ریسپشن کی، اندرونی احاطے کی بھی۔

''تم نے۔تم نے یہ سب کیسے کرلیا؟''

''آئی اسٹوڈنٹ ہوں، کیا تم بھول گئے؟'' کرسی کا رخ گھماتے ہوئے لیپ ٹاپ کا رخ اپنی
طرف کرلیا۔

''میرا نہیں خیال تھا کہ اس کے لیے ہمیں سکیورٹی سسٹم کی ضرورت پڑے گی۔میں صرف اس کی
کالز ٹریس کرنا چاہ رہا تھا۔''

''اسی کے لیے ہی تو یہ سب کیا ہے۔تم اس کے دماغ تک پہنچنا چاہتے ہو۔جب کہ میں اس کے
آفس، اس کے فون تک، پھر ہمیں یہ بھی دیکھنا ہے وہ کن لوگوں سے ملتا ہے۔کن سائٹس کو وزٹ کرتا
ہے۔'' وہ اب محتاط اور بہت پروفیشنل گفتگو کر رہا تھا۔قدرے سنجیدہ بھی لگ رہا تھا۔

''اس میں خطرہ بھی ہوگا۔''

''یہ والے کام مجھ پر چھوڑ دو۔'' اس نے مطمئن ہو کر کہا۔

''تم کیا کرو گے؟''

''دیکھتے جاؤ بس۔'' وہ اپنی جیکٹ اٹھاتا وہاں سے چلا گیا۔

اس رات رہائشی عمارت کے نیچے اعظم شیرازی کی گاڑی آ کھڑی ہوئی۔حیدر اوپر آ گیا تھا۔وہ
اس کے فلیٹ کا دروازہ بجا رہا تھا۔اس نے دروازہ نہیں کھولا۔اس نے کالز بھی ریسیو نہیں کی۔اور میسج
بھی نہیں دیکھے۔موبائل آف کیے اپنے کمرے میں بند ہو گیا۔

''اعظم صاحب تم سے ملنا چاہتے ہیں۔'' جاگنگ سے واپس آ رہا تھا۔حیدر نے اسے راستے میں آ لیا۔

''میں کسی سے نہیں ملنا چاہتا۔ بار بار مجھے ڈسٹرب کرنا بند کر دو۔'' سخت لہجے میں کہہ کر وہ چلا گیا۔ اس کے بعد بھی دو بار ان کی گاڑی اسے نظر آئی مگر وہ ان سے ملنے، ان کی بات سننے نہیں گیا تھا۔

☆......☆......☆

راحم آفاق نے اپنا کام مکمل کر لیا تھا۔ بگ ڈیوائس وہ اس کے آفس میں لگا چکا تھا۔ سی سی ٹی وی کیمرے مکمل اس کے کنٹرول میں تھے۔ موبائل کالز تک ٹریس ہو سکتی تھیں۔ اس کی گاڑی پر بھی ٹریکر موجود تھا۔ اب وہ جنید لاشاری کی کالز بھی سن سکتا تھا، میسج بھی دیکھ سکتا تھا۔ اس نے ان تین دنوں میں یہ کام اس قدر محنت اور ہوشیاری سے کی تھا کسی کو بھنک تک نہیں پڑی تھی۔

''اندازہ نہیں تھا تم اس کام میں اتنے پروفیشنل ہو۔'' وہ متاثر ہوئے بنا نہ رہ سکا۔

''دیکھ لو۔'' اس نے فخر سے کالر سیدھے کیے۔ ''خواہ مخواہ میں ہلکا لیتے رہتے ہو۔ میرے جیسے دوست اور بھائی قسمت والوں کو ملتے ہیں۔''

فارس کی کھوجتی نگاہیں اس کے چہرے پر جمی رہیں۔

''کون ہو تم؟'' اس نے سنجیدگی کے عالم میں بہت اچانک سے پوچھا۔

''یہ کیسا سوال ہے؟'' راحم نے اچنبھے سے فارس کو دیکھا۔

''بلیک ہیٹ ہیکر۔ وائٹ ہیٹ ہیکر۔'' وہ میز پر کہنیاں جما کر آگے ہوا۔

''کول۔'' راحم ہنستے ہوئے سیدھا ہو بیٹھا۔

''یا پھر، ریڈ ہیٹ ہیکر؟'' رک کر کہا۔

''یہ تم مجھے میرے بالوں کی وجہ سے کہہ رہے ہو؟'' راحم نے ہنسی میں بات اڑاتے اس کی توجہ اپنے سیاہ بالوں کی طرف دلائی جن میں سرخی مائل شیڈ نظر آتا تھا۔

''یہ میرے سوال کا جواب نہیں ہے۔'' فارس کی نگاہیں اس کے چہرے پر جمی رہیں۔ وہ جیسے

اسے پڑھنے کی کوشش کر رہا تھا۔

"میں تو بس ایک راحم ہوں، صرف ایک راحم۔" بازو پھیلا کر کہا۔

"اب سمجھ میں آ رہا ہے اعظم شیرازی نے تمہیں سترہ سال کی عمر میں ہی کیوں ہائر کر لیا۔"

"ہاہاہا۔ کیا سمجھ آ رہا ہے؟" اس نے پلیٹ سے بادام اٹھا لیے۔

"یقیناً تم شیرازی انٹرپرائزز کا کوئی سسٹم ہیک کرتے پکڑے گئے تھے۔"

"میں کبھی پکڑا نہیں جاتا۔" پورے اعتماد سے نفی کی۔

"مگر حیدر تمہیں گردن سے پکڑ کر لایا تھا۔" یہ اس نے کہا۔

"وہ روبوٹ تو کچھ بھی کہتا رہتا ہے اس کی باتوں کو سیریس مت لیا کرو۔" اعتماد سے گویا ہوا۔

"تو......"

"تو یہ کہ میرا سر نہ کھاؤ اور اپنے دشمنوں کی جاسوسی کرو۔" عادتاً اس کی پیشانی ٹھونک کر چاکلیٹ سے ریپر اتارتے ہوئے اٹھ کر چلا گیا۔

☆......☆......☆

اگلے چند دنوں میں جنید لاشاری کی کالز سنتے، میسجز پڑھتے، اس کی ایک ایک حرکت پر نظر رکھتے فارس وجدان پر انکشاف ہوا، اس کا فوکس اعظم شیرازی کے اور کہیں نہیں تھا۔

بظاہر ان کے ساتھ رشتے داری کا لحاظ برتتا ہوا مگر اندر ہی اندر ان کی کمزوریوں کا متلاشی۔ انہیں نقصان کے منصوبے بناتا ہوا۔ مطلوبہ ڈیلز ہتھیانے کی کوشش کرتا ہوا۔ سالوں کی دشمنی تھی جو در پردہ چلتی آ رہی تھی۔ کاروباری مفاد مقدم رکھ کر جو رشتہ بنایا گیا تھا وہی راستہ بہت سے فائدوں میں آڑے رہا تھا۔ اپنے ہر خسارے کا ذمہ دار وہ اعظم شیرازی کو ہی سمجھتا رہا تھا۔ کچھ قانونی جنگیں بھی تھیں۔ کچھ اراضی کا مسئلہ تھی۔ جیت ہر جگہ اعظم شیرازی کی ہی ہوتی تھی۔ نہ اس کا سر جھکتا تھا نہ وہ ٹوٹتے تھے اور نہ ہی انہیں گرایا جا سکتا تھا۔

جنید لاشاری کے تمام احکامات ان کے متعلق تھے۔ آنے جانے کا وقت، روٹین، کاروباری معاملات، ڈیل، وہ ایک ایک چیز کی خبر رکھتا تھا۔ ایک ایک بات کی رپورٹ لیتا تھا۔ اس کی بات جمیل داؤد سے بھی ہوئی تھی۔ ہارون شیرازی سے بھی۔ حماد پاکستان کب تک آنے والا ہے۔ یہ سوال وہ کئی بار تینوں سے پوچھ چکا تھا۔ کئی غیر قانونی کاموں میں بھی ملوث تھا۔ اس کے آدمی ایک طرح سے مجرم ہی تھے جن سے وہ ہر طرح کا کام کروا سکتا تھا۔

اسے جنید لاشاری پر نظر رکھتے تیسرا ہفتہ تھا جب ایک فون کال نے اس کے اندر سناٹے پھیلا دیئے۔

بات حماد کی ہو رہی تھی۔ وہ پاکستان آ چکا تھا تاہم وہ اپنے گھر نہیں گیا تھا۔ جنید لاشاری جانتا تھا اس وقت وہ کہاں اور کس کے ساتھ تھا۔ چالاک اور ہوشیار انسان تھا۔ جان گیا اس وقت حماد کے اپنی فیملی کے ساتھ کچھ اختلافات چل رہے ہیں۔ اس نے اپنی مرضی سے شادی کر لی تھی۔ اس کی بیوی منظر عام پر نہیں آئی تھی۔ ان کی شادی کو ابھی تک پبلک نہیں کیا گیا تھا۔

فارس کی رگوں میں خون دوڑنے لگا۔

''تیار رہنا میں کسی بھی وقت حکم دے سکتا ہوں۔''

اس نے سنا۔ سن ہو کر۔ ہیڈ فونز ہٹاتے کتنی دیر تک وہ اپنی جگہ بیٹھا رہا۔ منصوبہ واضح تھا، مبہم مختصر لفظوں میں ہونے والی بات اتنی مشکل بھی نہ تھی کہ اس کی سمجھ میں نہ آتی۔ سولہ سال پہلے۔ وہ جال حماد کے لیے ہی بچھایا گیا تھا۔ اور سولہ سال بعد۔ ایک بار پھر وہی جال بچھایا جا رہا تھا۔ وہ سانپ جسے اعظم شیرازی دشمنوں میں ڈھونڈتے رہے۔ وہ سانپ ان کے بے حد قریب۔ ان کے قریبی رشتے میں موجود تھا۔

جس کی موت کی خواہش تھی اور جس کی ذات سے وہ انتقام لینا چاہتا تھا۔ اس کی باری آ رہی تھی۔ اس کے قتل کے منصوبے بن رہے تھے۔

''دشمن کو ہرانا ہو تو پہلے اس کی طاقت ختم کرنی چاہیے۔'' گاڑی میں ہونے والی وہ گفتگو اس نے

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا

واضح سنی تھی۔ یہ الفاظ جنید لاشاری کے تھے۔ اس کے دشمن کی طاقت اس کا بیٹا اور پوتا ہی تھا۔ اس کے وارث جن کے لیے بزنس ایمپائر کھڑا کیا گیا تھا۔

حماد شیرازی۔ ہارون شیرازی۔

نیم تاریکی میں فارس اپنی جگہ بیٹھا انہیں دیکھ رہا تھا۔ انہیں سوچ رہا تھا۔ موبائل سامنے ہی پڑا تھا۔ اس نے ابھی تک کسی کو کال نہیں کی تھی۔ بدلہ، انتقام، غصہ اور اشتعال۔ آگ ہنوز جل رہی تھی۔

حماد شیرازی۔ جمیلہ داؤد کا بیٹا!

اس نے ذہن سے ہر ایک منفی جذبے کو جھٹک کر اسے ایک نئی پہچان دی۔ اپنے ذاتی اختلاف بھلا کر صرف جمیلہ داؤد کا سوچا۔ حماد ان کا بیٹا تھا۔ صرف ان کا بیٹا۔

اس رات جب اسے اعظم شیرازی کی گاڑی نظر آئی تو وہ رک گیا۔ شیشہ نیچے ہوا تو وہ کھڑکی میں کہنیاں جماتے ہوئے بس چند لمحوں کے لیے رکا۔ اس نے اعظم شیرازی کی طرف نہیں دیکھا۔ مگر وہ اسے ہی دیکھ رہے تھے۔ ہلکی ہلکی بارش سے اس کے بال بھیگے ہوئے تھے۔ چہرے پر وہ تازگی نہیں تھی جو نظر آیا کرتی تھی۔

''حماد کی زندگی کو خطرہ ہے۔ بہتر ہوگا آپ اسے واپس بلا لیں۔''

وہ اسے دیکھ کر رہ گئے۔

''اگر میں خود سے کچھ کہتا تو آپ یقین نہ کرتے۔ جلد ہی سارے ثبوت بھجوا دوں گا۔'' کہہ کر پیچھے ہٹ گیا۔ ہوڈی کو سر پر چڑھاتے ہوئے مخالف قدم اٹھاتا گیا۔ بارش کی دھند میں اس کا وجود مبہم ہونے لگا۔ اعظم شیرازی کو یہ ہی لگا۔ مگر دھند ان کی آنکھوں میں تھی۔ وہ آنکھیں جن میں نمی ٹھہری ہوئی تھی نظر آ رہی تھی۔

☆......☆......☆

اس رات وہ سو نہیں سکا۔ وہ بار بار میسجز، فونز کالز، بگنگ ڈیوائس سے ملنے والے سگنلز کا منتظر رہا۔ اور اگلا دن بھی اسی میں لگ گیا۔ شام ساڑھے چھ بجے کی کال تھی۔ ہارون شیرازی پنڈی کے لیے روانہ ہو رہا تھا۔ وہ غالباً اپنے بیٹے کو لینے جارہا تھا۔

''ایک نہ سہی دو ہی سہی۔ یہ بھی ٹھیک ہے۔'' اس نے جنید لاشاری کی سرد آواز سنی۔ ''نو بجے سے پہلے پہلے یہ کام ہو جانا چاہیے۔''

وہ بمشکل سانس لیتے ہیڈ فونز نوچ کر اٹھ گیا۔ اس نے حماد کے لیے اپنی تمام تر غصے اور نفرت کو دباتے ہوئے اعظم شیرازی کو کال کی۔ ان کا موبائل بند جا رہا تھا۔ جمیلہ داؤد کو، جو فون نہیں اٹھا رہی تھیں۔ پھر راحم سے رابطہ کیا۔ ہارون شیرازی سے بات کرنا چاہی۔ میسج کیے۔ کالز جاتی رہیں مگر کسی نے جواب نہیں دیا۔ غالباً اس وقت ان کے پاس جو نمبر تھا وہ اس کے پاس نہیں تھا۔ وہ کچھ بے قراری سے اپنے کمرے میں ٹہل رہا تھا۔ دل اندیشوں میں کھڑا تھا۔ دھڑکن تیز تھی۔ جیسے کچھ برا ہونے والا ہو۔

☆......☆......☆

ائیرنگز اتارتے ہوئے عدینہ زبیر صدمے سے گنگ اور ساکت کھڑی رہ گئی۔ لمحے بھر کے لیے سماعت پر یقین نہ آیا اور جب یقین آیا تو زمین گھومتی ہوئی محسوس ہوئی۔

''تم مجھے ابارشن کا کہہ رہے ہو؟'' اسے یہی لگا تھا۔

حماد شیرازی نے مڑ کر کچھ تحیر سے اسے دیکھا۔ اس کے شاک بھرے تاثرات اسے عجیب لگے۔

''ہاں۔ یہ کوئی مشکل کام تو نہیں ہے۔ تم ایسا پہلے بھی تو کر چکی ہو۔''

عدینہ کے چہرے پر سایہ سا لہرا گیا۔

''ایکچولی میں تم سے کچھ دنوں میں بات کرنے ہی والا تھا۔'' اس نے کف لنکس لگانے کے بعد کوٹ پہنا، پرفیوم چھڑکا اور پھر دراز سے کچھ پیپرز نکال کر اس کے سامنے رکھ دیے۔

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا Novels Ki Dunya

طلاق کے پیپرز۔
عدینہ اپنی جگہ پتھر ہوگئی۔
''وی شڈ ٹارپ اور وائز ناؤ۔'' (ہمیں اپنے راستے اب جدا کر لینے چاہئیں)
وہ اب اپنے بیگ میں ضرورت کی اشیاء رکھ رہا تھا۔
''تم یہ فیصلہ کیسے کر سکتے ہو۔ ہم نے تو ساتھ میں زندگی گزارنے کا وعدہ کیا تھا۔''
''نکاح کرتے وقت سب ہی یہی وعدہ کرتے ہیں۔'' ہنس کر اس کی بات مذاق میں اڑائی۔
''تم۔تم مجھ سے محبت کرتے تھے حماد۔'' اس نے یاد دلانا چاہا۔
''تم بھی تو فارس سے محبت کرتی تھیں۔''
وہ سن ہوئی۔
''وی آر ایون ناؤ۔'' (اب ہم برابر ہیں)
عدینہ زبیر کی بے یقین آنکھیں حماد شیرازی پر ٹھہری رہ گئیں۔
''تم یہ کیا کر رہے ہو۔'' وہ رو دینے کو تھی۔
''میں اپنے لیے بہتری کا فیصلہ کر رہا ہوں عدینہ ڈیئر۔''
اعظم شیرازی نے اکاؤنٹ فریز کر دیا تھا۔ گھر سے نکال دیا تھا۔ جائیداد کاروبار سے اس کا ہر حصہ ختم ہو چکا تھا۔ اسے اندازہ نہیں تھا عدینہ زبیر کے ساتھ اس کی شادی اتنی مہنگی پڑ سکتی ہے۔ بدلہ یا انتقام وہی تھا جو پورا ہو چکا تھا۔ اب اسے اس کی ذات میں کوئی دلچسپی نہیں رہی تھی۔
وہ صدمے میں کھڑی تھی۔ کیا کیا خواب تھے جو اس نے نہیں دیکھے تھے۔ شیرازی خاندان کے وارث سے۔ حماد سے شادی کر کے اور اب اپنے راستے الگ کرنے کی بات کر رہا تھا۔
''میں صرف اتنا جانتا ہوں سب کچھ چھوڑ کر دادا کے پاس جاؤں گا تو وہ مجھے معاف کر دیں گے۔''

''اور میں؟''

''تم کیا؟''

''تم نے مجھ سے شادی کی۔''

''زبردستی نہیں کی۔''

''میں نے تمہارے لیے فارس کو چھوڑا۔''

''اپنی مرضی سے چھوڑا۔ کیا میں نے فورس کیا تھا؟'' سوال کرتے تلخی سے مسکرایا اور عدینہ کے اندر غصے کی آگ بھڑک اٹھی۔

''تم میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتے۔ میں نے تمہارے لیے کیا کیا نہیں کیا۔'' بازو سے اس کا رخ موڑ کر چیخی۔

''آواز نیچی رکھو عدینہ۔'' اس کا ہاتھ جھٹک کر غصے سے غرایا۔ ''میں فارس نہیں ہوں کہ تمہارا ایسا لہجہ برداشت کر سکوں۔''

وہ اپنی جگہ تھم گئی تھی۔ اسے کچھ غصے سے پرے ہٹاتے اس نے اپنے بازو کی شکن درست کی۔ آنکھوں میں آنسو بھرتے اس کے قریب ہوئی۔ ''حماد پلیز ایسے نہیں کرو۔ میں نے تمہارے لیے کیا کیا نہیں کیا۔''

''اور میں نے بھی تو تمہیں پیسوں میں نہلا دیا ہے۔''

وہ جواب نہیں دے سکی۔

''پلیز ایسے نہیں کرو۔ میں نے تمہارے لیے۔''

''اوہ کم آن عدینہ! یہ کیا تمہارے لیے، تمہارے لیے لگا رکھی ہے تم نے؟'' اکتا کر بازو پیچھے کیے۔ ''یوڈونتھنگ فارمی۔ جو کیا اپنے لیے کیا۔ میں نے تو صرف ایک آفر کی تھی۔''

''محبت کا دعویٰ جھوٹا تھا؟'' اس کے لب ہلے۔

''محبت؟ تم اتنی خوب صورت ہو۔ تمہیں پانے کی خواہش تھی۔ اب ظاہر ہے۔ ساری عمر تو اس طرح بے گھر ہو کر نہیں گزاری جاسکتی۔ مجھے اپنے گھر واپس جانا ہے۔ اینڈ ایکچولی۔ آئم کمنگ ٹو ریلائز کہ تمہارے ساتھ شادی کا فیصلہ غلط تھا۔ انسان کی صرف شکل وصورت میٹر نہیں کرتی اور بھی بہت کچھ دیکھنا پڑتا ہے۔''

اور بھی بہت کچھ دیکھنا پڑتا ہے۔

عدینہ زبیر کے اپنے الفاظ طمانچے کی طرح اس کے منہ پر آ لگے۔ وہ بولنے کے قابل بھی نہ رہی۔ خوابوں کا محل چکنا چور ہو گیا۔ جو کسی کے ساتھ کر چکی تھی ویسا ہی اس کے ساتھ ہو گیا۔ اب وہ بچہ رکھنا چاہتی تھی تو مقابل ابارشن کا کہہ رہا تھا۔ اب وہ گھر بسانا چاہتی تھی تو مقابل طلاق کی بات کر رہا تھا۔

''تم میرے خلوص کا یہ صلہ دے رہے ہو؟'' آواز صدمے سے پھٹ گئی تھی۔

''خلوص؟ انوسنٹ مت بنو ڈیئر۔ میں جانتا ہوں تم کس نیچر کی ہو۔ کل تمہیں کوئی اور پسند آ جائے گا تو تم اس کے پاس چلی جاؤ گی۔ دیٹس واٹ یو آلویز ڈو۔''

اس نے پیسوں سے بھرا ہوا لفافہ بیگ سے نکال کر میز پر اچھال دیا۔ عدینہ زبیر کے ساتھ اس کا قصہ یہیں ختم ہو رہا تھا۔

''ایک ہفتے کا ٹائم ہے۔ تب تک یہ فلیٹ خالی کر دینا۔ یا پھر خود ہی پیمنٹ دے دینا۔'' ایک ہاتھ سے بیگ اٹھاتے، دوسرے ہاتھ سے فون کان سے لگائے وہ اسی وقت باہر نکل گیا۔

''جی ڈیڈ۔ میں بس نیچے پہنچ رہا ہوں۔'' وہ عجلت میں سیڑھیاں اترتا جا رہا تھا اور اس کے قدموں کی دھپ دھپ، عدینہ زبیر کے دل پر پڑ رہی تھی۔ اس کے خواب ٹوٹے مسلے جا رہے تھے۔ اس کی دنیا تباہ ہو رہی تھی۔

وہ ساکت، ویران اور متوحش سی اپنے کمرے میں کھڑی رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

وہ فکرمندی کے عالم میں ٹہل رہا تھا جب ڈور بیل بجی۔ دروازہ کھول کر دیکھا تو راحم تھا۔ وہ اس کے ساتھ ہی باہر نکل گیا۔

''اس نے بہت اچانک اپنے آدمیوں کو حکم دے دیا۔ وہ صرف موقع کی تلاش میں تھا۔''

راحم نے گاڑی ڈرائیو کرتے ہوئے اس کی بات سنی۔

''میں نے حیدر سے بات کرلی ہے۔ اعظم شیرازی میٹنگ میں ہیں، لیکن وہ سب دیکھ لے گا۔ یہ نمبر ٹرائے کرو۔''

https://novelskidunya.com/

اس نے ہارون شیرازی کا دوسرا نمبر دیا۔

''ہارون شیرازی اکیلے نہیں ہیں۔ ان کے ساتھ گارڈز بھی ہیں۔ وہ حماد کو لینے ہی گئے ہیں۔ ڈونٹ وری۔'' وہ کہہ رہا تھا۔

فارس کے ذہن میں جمیلہ داؤد کا چہرہ ایک بار پھر لہرایا۔ اس نے گہری سانس لے کر خیال جھٹک دیا۔ اب وہ نئے نمبر پر کال کر رہا تھا ہارون شیرازی نے اس کی کال ریسیو کرلی تھی۔ ''ہیلو؟''

اس نے آواز سنی۔ لب بھینچ کر ایک لمحے کا توقف لیا۔

Novels Ki Duniya

''آپ اس وقت کہاں ہیں؟''

وہ فارس کی آواز سنتے ہی چونک گئے۔ آنکھوں میں دکھ بھرے اضطراب کی لہر آگئی۔ اس آخری ملاقات کے بعد کتنا ڈھونڈا تھا انہوں نے اسے مگر وہ انہیں نہیں ملا تھا۔

''ف۔ فارس۔ بیٹے۔''

''جواب دیجیے آپ اس وقت کہاں ہیں۔'' اس کا لہجہ اجنبی سا تھا۔

''ہم اسلام آباد پہنچنے ہی والے ہیں۔'' وہ ناسمجھی کے عالم میں گویا ہوئے۔

''آپ پلیز اپنا ٹریک چینج کرلیں۔ آپ کوئی اور راستہ اختیار کرلیں۔''

''بس تھوڑا سا سفر باقی ہے۔'' وہ سمجھ نہ پائے۔

''ولسن ٹومی۔'' اس نے زور دے کر کہا۔آپ ابھی اور اسی وقت۔''

فائرنگ کی آواز ایک دم سے گونجی تھی۔دھماکے سے ہی گاڑی کے ٹائر چرچرائے تھے۔اس کے الفاظ آدھے ادھورے وہیں رہ گئے۔وجود ساکت ہو گیا۔

اور دور کہیں جھماکے سے شیشے ٹوٹے، الٹتی ہوئی گاڑی گھسٹ کر ٹرالر سے جا ٹکرائی۔تڑتڑ۔گولیوں کی آواز۔شور اور پھر پھیلتا ہوا وحشت ناک موت بھرا سناٹا۔

https://novelskidunya.com/

فارس وجدان کے ہاتھ سے فون چھوٹ کر نیچے جا گرا۔

منظر بدل رہے تھے، آوازیں بدل رہی تھیں، جگہ بدل رہی تھی۔

احساسات منجمد، آنکھیں دھندلی، دماغ ماؤف۔سکتے کی کیفیت میں اس نے خود کو ہاسپٹل کے کاریڈور میں قدم رکھتے ہوئے پایا۔اس کے کان ہنوز بند تھے۔اسے کوئی آواز نہیں آرہی تھی۔اسے اب جیسے کچھ دکھائی نہیں دے رہا تھا مگر اسٹریچر کے پہیوں کا شور بہت تیز تھا۔اس شور سے جڑا ہوا منظر واضح تھا۔سفید چادر جو خون سے رنگی ہوئی تھی۔وجود جو گولیوں سے چھلنی لگ رہا تھا۔دو سٹریچر۔خون سے سرخ پڑتی چادریں۔لٹکتا ہوا بے جان ہاتھ۔زخمی چہرے، بند آنکھیں۔

Novels Ki Dunya

اس نے بے اختیار دیوار کا سہارا لیتے رک کر سر اٹھایا۔اس نے جمیلہ داؤد کو چیختے، اور روتے ہوئے، سٹریچر سے چادر ہٹاتے ہوئے دیکھا۔اس نے اعظم شیرازی کو فرش پر جھکتے اور گرتے دیکھا۔

وہ خون سے سرخ پڑتے کپڑوں کے ساتھ اپنی جگہ پر ساکت سا، بے حس ہوا کھڑا تھا۔اس کے تاثرات میں موت کی سی ویرانی اتری ہوئی تھی۔اس نے خود کو جمیلہ داؤد کے سامنے پایا۔انہیں بازوؤں میں بھر کر وہ پیچھے ہٹا رہا تھا۔وہ چیختے ہوئے اپنا آپ چھڑا رہی تھیں۔وہ اپنے مضبوط بازوؤں کے حصار میں لے چکا تھا۔وہ اس کے سینے میں منہ چھپائے رو رہی تھیں۔وہ بے قابو ہو کر بار بار اپنے شوہر اور بیٹے

کی طرف لپک رہی تھیں۔ وہ منظر دھندلا پڑنے لگا۔ اس کی سکت اور ہمت ختم ہونے لگی۔

''حماد! حماد۔'' وہ اسے آوازیں دے رہی تھیں۔

راحم قدرے فاصلے پر ہی رک گیا تھا۔

اگلی صبح تک کار کریش کی خبر شہ سرخیوں میں دکھادی گئی تھی۔

حالانکہ وہ موت کا کھیل فائرنگ سے شروع ہوا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

اس نے جنید لاشاری کو ہارون اور حماد شیرازی کے جنازے پر شرکت کرتے دیکھا۔ اپنی بہن کے غم میں نڈھال انہیں گلے لگا کر ان کے بیٹے کے لیے روتے دیکھا تھا۔ وہ اعظم شیرازی کے سامنے بھی رکا تھا۔ وہ شخص اس کے سامنے ہی کھڑا تھا۔ کئی سال پہلے اس نے اس کی جان لینے کی کوشش کی تھی اور کئی سال بعد اس نے اپنی بہن کا گھر اجاڑ دیا تھا۔ کیا پیسہ، دولت میں اتنی طاقت ہے کہ اس کے لیے قیمتی زندگیوں سے کھیلا جائے؟ وہ اس شخص کی آنکھوں میں جیت اور فتح کا رنگ دیکھ سکتا تھا۔ اس نے اپنے طور پر اعظم شیرازی کی نسل ختم کردی تھی۔ اس نے اپنے حریف کو اکیلا تنہا، لاچار بے بس کر دیا تھا۔ بہن نیم پاگل تھی۔ اب جو کچھ بھی تھا۔ صرف اس کا تھا۔ کنٹرول بھی، حکومت بھی۔ جس دشمنی کو دبانے کے لیے اور جس کاروبار کو فروغ دینے کے لیے یہ شادی ہوئی تھی۔ تو وہ مقصد بالآخر پورا ہو ہی گیا تھا۔ یہ گھر، بنگلے، جائیداد اور شیرازی انٹرپرائزز۔ یہ سب کچھ اب ان کے قبضے میں جانے والا تھا۔ وہ اس شخص کی شاطر نگاہوں کو دیکھ سکتا تھا۔

تین دن کی تعزیت اور پھر گھر میں ایک خاموشی، ایک سناٹا چھا گیا۔ غم اور سوگواری فضا ہر طرف پھیلی رہی۔ کمرے سنسان، ملازموں کی سرگوشیاں معدوم۔ روشنیوں میں سفید ٹائلز، سفید کفن جیسے لگنے لگیں۔

اس رات وہ وہیں تھا۔ وہ اعظم شیرازی کے ساتھ ان کے کمرے میں ان کا خیال رکھنے کے لیے رکنا

چاہ رہا تھا۔ جہاں سب ملازم جنید لاشاری کے حکم پر کمرہ چھوڑ کر چلے گئے تھے۔ وہ وہاں کھڑا رہ گیا تھا۔

"سنا نہیں میں نے کیا کہا؟" جنید لاشاری نے ایک دم سے تلخ ہو کر حکم دیا۔ اس کی خطرناک حد تک سرخ پڑتی آنکھوں میں غیض و غضب کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔ مٹھیاں سختی سے بھینچ کر اپنے غصے پر قابو پالیا۔ ایک گیم اس نے کھیلا تھا۔ تو ایک چال اسے بھی چلنی تھی۔

"مجھے انہیں اکیلا چھوڑنے کی اجازت نہیں ہے۔" وہ بولا تو آواز بے حد کرخت تھی۔

"کون ہو تم؟" جنید لاشاری کو اس کے لہجے سے عجیب خطرے کا احساس ہوا تھا۔ ملازم کم از کم اس طرح اس لہجے میں بات نہیں کر سکتے تھے۔

"اعظم شیرازی کا ملازم ہوں۔ فارس۔ فارس وجدان۔"

صوفے پر نڈھال سے بیٹھے اعظم شیرازی نے نیم وا آنکھیں کھول کر اسے دیکھا۔ وہ اپنی وہی پہچان برقرار رکھے ہوئے تھا جو انہوں نے اسے دی تھی۔ حالانکہ اس لمحے، اس کی موجودگی میں، اپنی کمزوری کی حالت میں، وہ کسی انتقامی کارروائی کی توقع رکھے ہوئے تھے۔ اس کے دل میں کوئی خوف جانے والا نہیں رہ گیا تھا۔ گرج دار آواز اب مردہ ہو گئی تھی۔ تحکمانہ لہجہ ختم ہو چکا تھا۔ وہ اسے دیکھ رہے تھے۔ اس بات سے قطعی بے خبر کہ جنید لاشاری اسی وقت جھٹکے سے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ دوسرے ہی پل اس نے اپنے شاک بھرے تاثرات کو چھپانے کی کوشش کی تھی۔ وہ لڑکا اجنبی سا سہی تصور میں اس کی تصویر بھی نہ تھی مگر اسے وہ نام یاد رہا تھا۔ فارس وجدان۔ وہ اسے کبھی بھی بھول نہیں سکا تھا۔

نام کے ساتھ ہی اس کے خدوخال میں اس چودہ پندرہ برس کے لڑکے کی واضح شبیہ نظر آنے لگی تھی۔ خصوصاً آنکھوں کا رنگ۔

کیا وہ اسے پہچان چکا ہے؟ یہ پہلا خیال تھا جو جنید لاشاری کے ذہن میں آیا تھا۔

"اوہ۔ کبھی دیکھا نہیں تمہیں۔"

"خاص آدمیوں میں سے ایک ہوں۔ ہر جگہ نظر نہیں آتا۔" اس کی لہجے کی برودت آنکھوں سے جھلک رہی تھی۔ اعظم شیرازی کے لب کپکپائے۔

"حیدر سے بھی خاص؟" یونہی سوال کیا۔ اسے اعظم شیرازی کے ایک ایک آدمی کا علم تھا۔ ان کے کئی گارڈز تک اس کے اشاروں پر چلتے تھے۔

"اگر آپ مل چکے ہوں تو۔" جواب دیئے بغیر اس نے دروازہ کھول کر انہیں باہر کا راستہ دکھایا۔ "صاحب آرام کرنا چاہتے ہیں۔"

جنید لاشاری کی پیشانی پر پسینے کے قطرے نمودار ہوئے تھے، آنکھوں میں مبہم سا شاک ہنوز ٹھہرا رہا۔ تاثرات البتہ سنجیدہ تھے۔ وہ کمپوزڈ لگ رہا تھا۔

"ٹھیک ہے۔" اس نے مزید بحث کا ارادہ ترک کر دیا۔ اس لڑکے کو وہ یاد تھا یا نہیں۔ یہ الگ ہی معاملہ تھا مگر ایک بات طے تھی۔ وہ اسے پہچان نہیں سکا تھا۔ ایسا کر لیتا تو کم از کم اس طرح سے بات نہ کرتا۔ یقیناً اسے وہ حادثہ یاد نہیں رہا ہوگا۔

جنید لاشاری جا چکا تو ضبط کی سرخی آنکھوں میں لیے اس نے اعظم شیرازی کی طرف قدم اٹھائے۔ اس وقت کمرے میں ان دونوں کے سوا اور کوئی نہیں تھا۔ وہ ان کی نظروں میں عجیب سا تاثر دیکھ سکتا تھا۔ دہشت یا خوف بھرا نہیں۔ بس اس بات کا ادراک کرتا ہوا تاثر کہ وہ لڑکا اب ان سے ایک ایک ظلم کا بدلہ لے گا۔

ان تین دنوں میں ایک بار بھی انہوں نے اسے اپنے بھائی یا باپ کے لیے روتے نہیں دیکھا تھا۔ وہ تعزیت کے دوران سفید شلوار سوٹ میں ملبوس ایک ہی جگہ پر، ایک ہی کونے میں اطراف سے یکسر بے نیاز، خاموش، ویران بیٹھا رہا تھا۔ تعزیت پر کوئی ایک انسان بھی اس کے پاس نہیں گیا تھا۔ کسی کو بھی اس کے نقصان، خسارے اور رشتے کا علم نہیں تھا۔

وہ سر اٹھائے اسے دیکھ رہے تھے۔ شاید وہ کچھ کہنے آیا ہے۔ شاید کوئی غصہ، بدلہ، انتقام، کہ ان کے پاس کمرے میں رہنے کا حکم اسے اور کون دے سکتا ہے؟ وہ تو اس حالت میں بھی نہیں تھے کہ کچھ کہہ پاتے۔

فارس نے خاموشی سے تکیہ درست کیا تھا۔ لحاف ہٹا کر جگہ بنائی تھی۔ پھر انہیں سہارا دے کے صوفے سے اٹھایا تھا۔ بیڈ پر لٹایا تھا۔ پانی کا گلاس بھر کر اپنے ہاتھوں سے ہی پلانے لگا کہ ان کے ہاتھ بری طرح سے کپکپا رہے تھے۔

انہیں لگ رہا تھا، وہ ان کی جان نکالنے آیا ہے۔ اور وہ جان ایسے نکالے گا کہ اس کا تو گمان بھی نہیں تھا۔

وہ ایک دم سے پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ اس کے سامنے، اسے خود سے لگائے انہیں ایک دم سے احساس ہوا۔ ان کا اور اس کا نقصان ایک ہی تھا۔ قریبی رشتوں کو دونوں نے کھو دیا تھا مگر اسے رونا نہیں آ رہا تھا۔ اس کا دل پتھر اور ساکت تھا۔ اس کی آنکھ سے ابھی تک ایک آنسو بھی نہیں ٹپکا تھا۔

انہوں نے اپنے بیٹے کو، جوان پوتے کو کھویا تھا۔ ان کی ساری زندگی کی جمع پونجی ختم ہو گئی تھی۔ ان کے تمام فیصلے، ارادے، خواب اور امید خاک مٹی دھول ہو کر رہ گئی تھی۔

وہ روتے رہے۔ وہ بیٹھا رہا۔ اس نے اپنے بازوؤں کی گرفت بھی ڈھیلی نہیں کی۔ انہیں حوصلے کے لیے کوئی ایک جملہ بھی نہیں کہا۔ کتنے سال لگے تھے انہیں ایک بت میں تراشتے ہوئے۔ اب وہ مجسمہ ہو کر کیسے بول پڑتا؟

اس رات وہ ان کے کمرے میں ہی رہا۔ اس رات بھی وہ سو نہیں سکا۔

☆......☆......☆

جنید لاشاری کا دماغ گھوما ہوا تھا۔ آنکھوں میں شاک اور بے یقینی کا تاثر تھا۔ فارس وجدان اگر کوئی ملازم ہوتا تو زندہ نہ ہوتا۔ اور اگر زندہ ہوتا تو اسے مردہ نہ کیا جاتا۔ اعظم شیرازی کی یہ چال سمجھ سے

باہر ہو گئی۔ اس لڑکے کو اس حد تک بچانے کی کوشش کیوں کی گئی؟ اسے چھپایا کیوں گیا؟ اور وہ دو بار شیرازی ہاؤس گیا اور ہر بار وہ اعظم شیرازی کے ساتھ ہی نظر آیا۔ وہ ایک لمحے کے لیے بھی انہیں چھوڑ کر نہیں جاتا تھا۔ اس کے سامنے تو بالکل بھی نہیں۔ اس کی چال، انداز، لہجے اور تاثرات سے یہ نہیں لگتا تھا کہ وہ کوئی ملازم ہے مگر وہ دیکھ رہا تھا۔ وہ یہی بن کر دکھا رہا ہے۔

فارس وجدان!

اس رات اسے خبر ملی شیرازی ہاؤس میں وکیل کو بلایا گیا ہے۔ جو شک تھا وہ یقین میں بدل گیا۔ اتنا بڑا پوائنٹ وہ کیسے مس کر گئے۔ اتنی بڑی خبر سے کیسے بے خبر رہے؟ ان سے یہ غلطی کیسے اور کیونکر ہو گئی۔

"وہ مجھے پہچان گیا ہے۔" یہ پہلا خیال تھا جو اسے آیا۔ یہ پہلی بات تھی جو اس نے سوچی۔ دماغ ایک دم سے کام کرنے لگا۔ منصوبہ طے ہوا۔ پولیس اپنی تحقیقات کر رہی تھی۔ معاملے کو نیا رنگ اور موڑ دینے کا وقت آ گیا تھا۔

☆......☆......☆

سوشل میڈیا پر یہ خبر وائرل ہو گئی۔ اخبار کے فرنٹ صفحات پر، کچھ نجی ٹی وی چینلز پر بھی چلا دی گئی۔ "جائیداد کے لالچ میں ناجائز بیٹے نے اپنے باپ اور بڑے بھائی کا قتل کر دیا۔"

اس خبر نے کھلبلی سی مچا دی کہ بزنس ٹائیکون اعظم شیرازی کا تو ایک ہی پوتا تھا۔ کئی سوال اٹھائے گئے، بدنامی الگ سے۔ اپنے وجود پر ایسا دھبہ۔ اور ایسا سوال اسے شدید اذیت سے دوچار کر گیا۔ پہلا تعارف اور پہچان۔ وہ پہچان جو بھری دنیا میں پھیلا دی گئی تھی۔ ناجائز اولاد! اس کی تصویریں وائرل ہو گئیں۔ میگزین، اخبارات اور نجی چینلز کو ایک چٹپٹا سا ٹاپک مل گیا۔

وہ گیسٹ روم میں کتنی ہی دیر تک سر جھکائے بیٹھا رہا۔ جنید لاشاری نے پہلی چال چل دی تھی۔ سارا ملبہ اس کے سر ڈالنے کا ایک راستہ نکال لیا تھا۔ کیسا شاطر دماغ تھا اس کا۔ اس کی حقیقت تک پہنچنے

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا
Novels Ki Dunia

میں ایک لمحہ نہ لگا۔ پلاننگ بھی کر لی۔ حملہ بھی۔ وار ایا کہ وجود حصوں میں بکھیر دیا۔

اسے لگا وہ شیرازی ہاؤس سے باہر نہیں نکل سکے گا۔ کسی کا سامنا نہیں کر پائے گا۔ کسی سوال کا جواب نہیں دے سکے گا۔ اس کی ہر وضاحت کھوکھلی۔ اس کی ہر دلیل کا مذاق اڑایا جائے گا۔ اپنی چیخوں کا گلا گھونٹے اس نے سجدے میں سر رکھا تھا اور کتنی ہی دیر تک رکھے رہا تھا۔ اس کی حقیقت اس طرح سے نہیں کھلنی چاہیے تھی۔ وہ اپنے بیمار دادا سے کچھ کہہ بھی نہیں سکتا تھا۔

شام تک سوشل میڈیا پر ایک اور بحث چھڑ گئی۔ جو منظر دکھایا جا رہا تھا وہ دھندلا پڑ گیا۔

یہ کام راحم آفاق نے کیا تھا۔ آرزو جہانگیر کے ساتھ ہارون شیرازی کے نکاح، ڈائی وورس، پیدائشی سرٹیفکیٹ، اس نے بڑے آرام سے تمام ڈاکومنٹس ایک ایک کر کے ہر جگہ پھیلا دیئے تھے۔ اس نے جنید لاشاری کی چند ایک آڈیوز بھی شائع کر دیں۔ وہ جن غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث رہا تھا، ان کے متعلق کچھ دستاویزات تھیں۔

''ایسے ہے تو پھر ایسے ہی سہی۔ اب دیکھتا ہوں میں اسے۔'' لیپ ٹاپ پر کھٹ کھٹ انگلیاں چلاتے وہ گویا ہوا۔ ایک سے زائد آئی ڈیز۔ اور ہر آئی ڈی سے جگہ جگہ بحث کرتا ہوا، لڑتا ہوا، لنک شیئر کرتا ہوا۔

فارس اس کے پیچھے کھڑا تھا۔ گول عینک پیچھے کھسکا کر وہ کرسی پر پنجوں کے بل بیٹھا گھوم بھی رہا تھا۔

''یہ جنید لاشاری تو ہاتھ دھو کر تمہارے پیچھے ہی پڑ گیا ہے۔ بہت بڑا دھچکا لگا ہے بے چارے کو تمہاری صورت میں۔ پاگل ہی ہو گیا ہے۔'' ہنس کر لیپ ٹاپ کی اسکرین اس کی طرف گھمائی۔ ''ذرا ان تصویروں پر یہ لڑکیوں کے کمنٹس تو چیک کرو۔'' اس کے تاثرات سے قطعی بے نیاز وہ اپنی کہہ رہا تھا۔

''تم یہ سب کیوں کر رہے ہو؟'' اس نے راحم سے مدد نہیں مانگی تھی۔ اسے تو یہ بھی نہیں پتا تھا کہ اس کے مسئلے کا کوئی حل بھی اس کے پاس ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں جو اس کی ذات سوالیہ نشان بنی تھی تو وہ سوالیہ نشان کو یوں مٹا دے گا اس کا تو وہم و گمان بھی نہیں تھا۔

"میں نے اعظم صاحب سے بات کی اور انہوں نے وہ تمام ڈاکومنٹس دے دیئے جو مجھے درکار تھے۔ اگر شکر ادا کرنا ہے تو اپنے دادا کا کرو۔ میں نے تو یہ سب صرف پبلک کیا ہے۔ اور ہاں یہ سب فری آف چارج نہیں کر رہا۔ اس سب سے نکلتے ہی تم مجھے میری منہ مانگی قیمت ادا کرو گے۔ کیا سمجھے؟ انگلیاں دکھ گئی ہیں میری ٹائپنگ کر کر کے۔ آن لائن جنگ لڑنا کوئی آسان کام ہے؟" کرسی گول گھما کر پھر اس کی طرف رخ کیا۔

"اور دیکھو جیمز اور ولیم نے بھی ساتھ دیا ہے۔ وہ اسکرین شاٹ لے کر مجھ سے صرف اتنا پوچھتے ہیں۔ راحم یہ پازیٹو کامنٹ ہے یا نیگیٹو۔ اور بس۔ پھر وہ جانیں اور ان کے کلاس فیلوز۔ یہ آدھے سے زیادہ جو انگریزوں نے تمہاری حمایت میں کمنٹس کر رکھے ہیں تو یہ امداد وہاں سے آ رہی ہے۔" ہنس کر بولا۔

اس کی آنکھوں میں نمی ٹھہر گئی۔ لب بھینچے رہے۔ وہ ضبط کے کڑے مراحل سے گزرتا ہوا اٹھ کر باہر چلا گیا۔ کتنی ہی دیر بند دروازے کے ساتھ پشت ٹکائے کھڑا رہا۔ اندر ایک آگ سی جل رہی تھی۔ جو کچھ ہو رہا تھا وہ اس کے اعصاب پر بھاری پڑ رہا تھا۔

اسے اعظم شیرازی کے کمرے میں بلایا گیا۔ سامنے ہی ان کے وکیل بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ وہیل چیئر پر تھے۔ حیدر ان کے پیچھے کھڑا تھا۔

فائلز میں ان گنت ڈاکومنٹس تھے۔ اس کا نام، اس کی پہچان۔ اس کا سب کچھ لوٹا دیا گیا تھا۔ صرف سائن کرنے کی دیر تھی۔ اعظم شیرازی نے اپنی تمام کی تمام جائیداد اپنے پورے ہوش و حواس میں فارس وجدان کے نام کر دی تھی۔

وہ صدمے سے اور ساکت نگاہوں سے انہیں دیکھتے ہوئے اپنی جگہ پر کھڑا رہ گیا تھا۔ اشارہ ملتے ہی حیدر، وکیل، ملازم۔ سب کمرے سے چلے گئے تھے۔

وہ اعظم شیرازی کو دیکھ رہا تھا اور وہ گردن اٹھائے اسے۔

''میں اس لیے یہاں نہیں رکا تھا۔'' اس کی آنکھیں سرخ ہو چکی تھیں۔ اس کی آواز بھیگی ہوئی تھی۔ اس کا وجود لرز رہا تھا۔ اعظم شیرازی کی کیفیت بھی اس لمحے مختلف نہ تھی۔

''اعظم صاحب میں۔'' اس نے اپنے دادا کو اس لمحے سسک کر اپنا سر ہتھیلیوں میں گراتے دیکھا۔

''آپ اب میرا تماشا بنا رہے ہیں۔ آپ اب مجھ پر لگائے گئے ایک ایک الزام کو سچ کر رہے ہیں۔ میں اس لیے یہاں نہیں رکا تھا۔'' وہ چیخ پڑا۔

''صرف اس لیے کہ کوئی آپ کے مرے ہوئے بیٹے پر سوال نہ اٹھائے۔ آپ نے نکاح نامہ پبلک کیا۔ صرف اس لیے کہ کوئی آپ کے بیٹے کے کردار پر بات نہ کرے۔ آپ میرا برتھ سرٹیفکیٹ سامنے لے آئے۔''

اعظم شیرازی کا سر نفی میں ہلا تھا۔ بہت کوشش سے وہیل چیئر سے اٹھے تھے۔

''فارس!''

وہ دو قدم پیچھے ہٹا تھا۔

''مجھے آپ کا ہر سبق اچھی طرح سے یاد ہے۔ مجھے آپ کی نفرت یاد ہے۔ مجھے آپ کا غصہ یاد ہے، آپ کے فیصلوں کے زخم میری روح پر ابھی بھی تازہ ہیں۔ آپ اب یہ نہیں کریں گے۔ اب آپ اس طرح سے مجھے کوئی اور غم نہیں دیں گے۔'' وہ رو رہا تھا۔ وہ ان کے سامنے پنجوں کے بل جھکا، شکست خوردگی کے عالم میں۔ اعظم شیرازی کے انگ انگ میں اذیت سما گئی۔

''ہم غلط تھے۔ ہم شروع سے غلط تھے۔ ہم نے تم پر بہت ظلم کیا۔''

''کسی یتیم کے سر پر ہاتھ رکھنا ظلم نہیں ہوتا۔''

اعظم شیرازی کا دل چیرا گیا۔

''آپ کے بہت احسانات ہیں مجھ پر۔ اور میں ہی ان احسانات کی وجہ سے رکا۔ اس نام کے

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا
Novels Ki Dunya

لیے نہیں رکا۔ اپنے نام کے لیے نہیں۔ شیرازی خاندان کے لیے نہیں۔ میں یہاں۔'' اس کی آواز ایک دم سے کمزور پڑی۔ ''میں یہاں صرف ممی کے لیے۔ آپ کے لیے رکا تھا اعظم صاحب۔''

اعظم شیرازی کو لگا انہیں اگلا سانس نہیں آئے گا۔

''مجھے یہ نہیں چاہیے۔'' اس نے تمام کاغذات پھینک دیئے۔ ''میری ذات آج پورے میڈیا پر ڈسکس ہو رہی ہے۔ صرف اتنا کریں۔ مجھے پھر سے گمنام کر دیں۔ جیسے پہلے کیا تھا۔ مجھے ایک بار پھر سے مار دیں جیسے۔ جیسے پہلے مارا تھا۔ ایک اور قبر۔''

وہ جس طرح سے بات کر رہا تھا۔ ٹوٹا ہوا، اذیت میں، کرب سے۔ ان کا دل بس پھٹنے کو تھا۔

''فارس۔'' کس قدر کوشش سے اس کا نام لیا۔

''آپ پھر سے کوئی حکم دیں۔ کوئی پلان کریں۔ کچھ تو کریں۔'' وہ چیخا تھا۔ اپنی ذات پر تہمت صرف عدینہ زبیر کی سہی تھی۔ اب تو کھلے عام اس کا وجود ڈسکس ہو رہا تھا۔ نکاح نامے پر بات ہو رہی تھی۔ آرزو جہانگیر کو گھبرا رہا تھا۔ وہ انٹرویوز دینے سے کترا رہی تھی۔ ایک قاتل بیٹے سے وہ خود کو بھلا کیوں جوڑتی۔ وہ اس خبر کی وضاحت یا تردید کچھ بھی نہیں کر رہی تھی۔ اب وہ حالات سے لڑنے کی قوت کہاں سے لاتا؟

وہ اسے دیکھ رہے تھے۔ کتنا توڑ دیا تھا انہوں نے اسے۔ کتنا مسخ کر دیا تھا اس کی ذات کو۔ کتنی بڑی اذیت سے دوچار کر چکے تھے وہ اسے۔

''یہ ہمارا فیصلہ تھا۔ ہم نے تمہیں تمہارے باپ سے جدا کر دیا۔'' ان کی آواز بھاری، کمزور تھی۔ اولاد اور پوتے کا صدمہ انہیں ختم کر گیا تھا۔

''ہم نے کیا۔ ہماری نسل صرف جمیلہ کی اولاد سے چلے گی۔ دیکھو تو ہمارے غرور اور تکبر نے ہمارے ساتھ کیا کیا۔ جو بات اللہ طے کرتا ہے وہ ہم نے طے کرنا چاہی۔''

فارس آنکھوں میں نمی لیے انہیں دیکھتا رہا۔

''ہم نے تم سے تمہارا حق، تمہاری پہچان چھینی۔ اور ہم سے بھی سب لے لیا گیا۔''

اس نے بے اختیار نفی میں سر ہلایا۔

''ہم نے تمہیں تنہا کیا۔ آج ہم بھی تنہا ہو گئے۔''

وہ اندر تک ٹوٹنے لگا۔ مزید وہاں بیٹھنا، انہیں سننا، انہیں دیکھنا مشکل ہو گیا۔

''ہم نے حاکم بن کر فیصلے کیے۔ ہم پر اصلی حاکم کا فیصلہ آ گیا۔''

ان کا پورا وجود لرز رہا تھا۔

وہ اسی وقت اٹھ کر چلا گیا۔ اعظم شیرازی کا چہرہ تر ہونے لگا تھا۔ ان کی سسکیاں سناٹے میں گونجنے لگی تھیں۔ ان کے آس پاس اب اندھیروں کے سوا کچھ بھی نہ رہا تھا۔

☆......☆......☆

حیدر قانونی معاملات دیکھ رہا تھا۔ قتل کی تحقیقات جاری تھیں، ثبوت اتنے ٹھوس تھے کہ جنید لاشاری کو فوراً ملک چھوڑنے کا فیصلہ کرنا پڑا۔ مگر اسے ائیر پورٹ پر ہی گرفتار کر لیا گیا۔ تحقیق نئے سرے سے شروع ہوئی۔ عدالت میں کیس چلا اور اس عرصے میں جتنا پروپیگنڈا اس کے خلاف ہو سکتا تھا کیا گیا۔ مقابلہ دو خاندانوں کے بیچ تھا۔ اور معاملہ بھی چھوٹا نہیں تھا۔ اس نے آخری حد تک لڑنے کا فیصلہ کر لیا۔

ساڑھے آٹھ ماہ تک وہ جنگ جاری رہی۔ اس نے کوئی اثر یا دباؤ نہیں لیا۔ کسی دھمکی کو خاطر میں نہ لایا۔

بالآخر جنید لاشاری کو عمر قید کی سزا سنا دی گئی۔ اس رات جب وہ گھر آیا تو جمیلہ داؤد کو سیڑھیوں پر بیٹھے ہوئے پایا۔ اس نے کبھی بھی انہیں اس قدر ٹوٹا ہوا نہیں دیکھا تھا۔ ان کی رنگت زرد تھی۔ وہ بیمار رہنے لگی تھی۔

https://novelskidunya.com/

''بھائی تھا میرا۔'' وہ ان کے سامنے بیٹھا تو وہ روتے ہوئے بولیں۔ ''مجھ سے سب مانگتا تو دے دیتی۔ کم از کم میرا گھر تو نہ اجاڑتا۔'' اس نے آنسو صاف کرتے ان کا سر اپنے کندھے سے لگایا۔

''میری شادی ایک بزنس تھا ان کے لیے۔ منافع کا سودا۔ بہن کی زندگی پر کاروبار ہو رہا تھا۔'' ان کا دل غم سے پھٹا جا رہا تھا۔

''ممی۔''

''لاشاری خاندان تک میرا پیغام پہنچا دو۔ میرے لیے وہ سب مر چکے ہیں۔ اب کوئی میرے پیچھے نہ آئے۔ سن رہے ہو فارس۔'' وہ ہذیانی انداز میں چیخی تھیں۔

''ہاں! میں کسی کو نہیں آنے دوں گا۔ آپ پلیز، آپ سنبھالیں خود کو ممی۔'' وہ انہیں سہارا دے کر اٹھائے ہوئے ان کے کمرے تے لے گیا۔ ان کی حالت ٹھیک نہیں تھی۔ وہ نفسیاتی طور پر بے حد ڈسٹرب ہو چکی تھیں۔ ڈاکٹر نے جو ادویات دی تھیں ان کے سہارے چند گھنٹوں کی نیند لے کر اٹھ جاتیں۔ پورے گھر میں گھبرائی ہوئی سی بولائی بولائی پھرتیں۔ حماد کے کمرے میں۔ حماد کی چیزوں سے لپٹی ہوئی پائی جاتیں۔ وہ ان کے پاس گھنٹوں بیٹھا رہتا۔ چپ چاپ۔ دم سادھے۔ انہیں سنتا رہتا۔ حماد کی باتیں۔ اس نے انہیں کبھی نہ ٹوکا۔

اعظم شیرازی بیمار ہو کر بستر سے لگ گئے تھے۔ وجود کو جنبش دینے سے قاصر۔ آواز ختم۔ اب وہ کوئی بات نہیں کر سکتے تھے۔ نگاہیں منتظر سی۔ درد میں ڈوبی، اذیتوں سے پر اس کے چہرے پر جمی رہتیں۔ وہ انکا ہر کام خود کر رہا تھا۔ ان کی دیکھ بھال کسی ملازم کے ذمے نہیں تھی۔ وہ کھانا اس کے ہاتھ سے کھاتے تھے۔ وہ پانی اس کے ہاتھوں سے پیتے تھے۔ طاقت ختم ہوتے ہوتے بس آنکھوں تک رہ گئی تھی۔ آنکھیں جو محض آنسوؤں سے دھندلا جاتی تھیں۔ ان کی نگاہیں اس کے چہرے پر جمی رہتیں۔ انہوں نے اتنے پیارے چہرے کو اتنی نفرت سے کیوں دیکھا۔

اب وہ اس کے گال پر ہاتھ رکھنا چاہتے تھے۔ رکھ نہیں سکتے تھے۔ ماتھا چومنا چاہتے تھے اور چوم نہیں سکتے تھے۔ معافی مانگنے کی خواہش تھی اور مانگ نہیں سکتے تھے۔ اس رات بھی وہ ان کے کمرے میں تھا۔ وہ ان کے پاس ہی بیٹھا ہوا تھا۔

''میں ہمیشہ سے آپ کو تنہا دیکھنا چاہتا تھا۔ میں چاہتا تھا آپ ٹوٹ جائیں۔ آپ اکیلے رہ جائیں۔ آپ کے پاس کوئی رشتہ باقی نہ رہے۔'' اس کی آواز ایک دم سے کمزور پڑی۔ ''لیکن بابا!'' اس نے پہلی بار انہیں اس رشتے سے پکارا جوان کا تھا۔ ''مجھے آپ کو اس طرح سے دیکھ کر خوشی نہیں ہوتی۔''

اعظیم شیرازی کا دل رک سا گیا۔ ''آپ پہلے جیسے کیوں نہیں ہو جاتے؟ آپ پہلے کی طرح۔ آپ۔'' وہ ایک دم سے سسک پڑا۔

''آپ پہلے جیسے کیوں نہیں ہو جاتے بابا؟'' ان کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے وہ معصوم بچے کی طرح روتے ہوئے کہہ رہا تھا۔ انہیں اس حالت میں دیکھ کر سب سے زیادہ تکلیف اسے تھی۔ سب سے زیادہ غم میں وہ تھا۔ جس انسان کو اس نے ہمیشہ چٹانوں کی طرح مضبوط دیکھا تھا۔ اسے ریزہ ریزہ دیکھنا برداشت سے باہر ہو رہا تھا۔ اس رات کس قدر کوشش سے انہوں نے اپنی انگلیوں کو جنبش دی تھی۔ اس نے ان کا ہاتھ تھام لیا۔ وہ ہاتھ اوپر تک لرزتا، کپکپاتا اس کے گال تک آیا۔ ان کی خواہش کا ادراک کرتے اس نے وہ ہاتھ اپنے گال پر ٹھہرائے رکھا۔ ان کی آنکھیں پھر سے نم ہوئیں۔ کپکپاتے ہونٹوں پر کوئی لفظ ٹھہر گیا۔ شاید انہوں نے اس کا نام لیا تھا۔ شاید وہ کچھ کہنا چاہتے تھے۔

''بابا!'' جیسے وہ جان گیا ہو، وہ اس سے کیا سننا چاہتے تھے۔

''میں آپ سے ناراض نہیں ہوں۔ میں نے آپ کو معاف کر دیا۔ میرے باپ نے مجھے خود چھوڑا تھا۔ انہوں نے مجھے آپ کے حوالے کیا۔ یہ صرف آپ کا فیصلہ نہیں تھا۔ یہ ان کی خواہش تھی۔''

اعظم شیرازی کی سسکیاں بندھ گئیں۔ ''آپ چاہتے تو مجھے مار سکتے تھے۔ زندہ رکھا آپ نے۔''

اعظم شیرازی کا وجود بے جان ہونے لگا۔ "آپ چاہتے تو مجھے ان پڑھ جاہل رکھ سکتے تھے۔ نہیں رکھا۔ مجھے صرف دکھاوے کا مردہ نہیں کیا۔ چھپا کر محفوظ بھی رکھا۔ یہ احسانات ہیں آپ کے۔ آپ نے میرے ساتھ کچھ برا نہیں کیا۔ مجھے آپ سے کوئی گلہ نہیں ہے۔"

ان کے اندر کی چیخیں اندر ہی رہ گئیں۔ گمان میں بھی نہیں تھا کہ وہ ان کے مظالم کو ایسا رنگ دے گا۔ ان کی تکلیف کم کرنے کے لیے، ان کا بوجھ ہلکا کرنے کے لیے، ان کی آسانی کے لیے، وہ ایسا احسان کرے گا۔ کاش طاقت لوٹ آئے وہ اس کے منہ پر ہاتھ رکھ دیں۔ ہاتھ جوڑ کر منت کریں کہ وہ اس طرح نہ کہے۔ وہ چیخے۔ وہ چلائے۔ وہ اپنی تکلیفوں کا الزام ان کے سر ڈالے۔ انہیں کبھی معاف نہ کرے مگر فارس وجدان نے معاف کر دیا تھا۔

اس لمحے اعظم شیرازی کا شدت سے دل چاہا وقت پلٹ جائے۔ وہ لمحہ پھر سے میسر ہو جب ہارون شیرازی ننھے فارس کی انگلی تھامے شیرازی مینشن میں داخل ہوا تھا۔ وہ لمحہ جب سہمی ہوئی نگاہوں میں ان کا عکس ابھرا تھا۔ ماضی سمٹ کر حال کا حصہ بن جائے۔ موقع پھر سے ملے۔ وہ بچہ ان کے سامنے ہو اور وہ اسے قبول کر لیں۔ اپنی انا، ضد اور ہٹ دھرمی کو فنا کر دیں۔ وقت پلٹ کر پیچھے جائے اور فارس کا بستر ان کے کمرے میں ہو۔ اس کے نام کے ساتھ ہارون شیرازی لگتا ہو۔ وہ ان کے ہمراہ گھوڑے پر سوار ہوتا ہو۔ اور اپنے بھائی کا ہاتھ تھامے سبزہ زار میں گھومتا ہو۔ کھیلتا ہو اور خوب ہنستا ہو۔ فارس وجدان شیرازی مینشن میں اوپر نیچے ہر جگہ پر بھاگتا پھرتا ہو۔ کہیں کوئی حد، لکیر یا دیوار نہ ہو۔ نہ وہ بورڈنگ اسکول میں جائے۔ نہ وہ راتوں میں بے قابو ہو کر چیختا ہو۔

وقت موقع دے کہ وہ صرف اس کو خاص کر لیں۔ اور پوری دنیا ان کے لیے عام ہو جائے۔ نہ ندامت کا ڈر رہے نہ لوگوں کا خوف۔

وہ اس کے لیے ڈٹ جائیں۔ لڑ جائیں۔

https://novelskidunya.com/

بس ایک موقع ملے اور فارس کا ہر درد چن لیں۔ اس کی یادداشت سے اپنی تمام تر تلخ باتیں نکال دیں۔ اپنا غصہ، اپنی نفرت، اپنا تکبر ہر منفی جذبہ، احساس مٹادیں۔

بس ایک موقع۔ صرف ایک موقع کہ وہ اس محبت کو پہچان لیں جو ان کے اندر روز اول سے تھی۔ وہ محبت جو اکثر راتوں میں بے قرار کردیتی تھی۔ وہ فون جو وہ اکثر اس کے ہاسٹل میں کرتے تھے۔ وہ ملاقات جو ہر ویک اینڈ پر ہوتی تھی۔ وہ گولی جو انہوں ین اس کے سامنے آ کر اسے بچاتے ہوئے کھالی تھی۔ انہوں نے سمجھا تھا محض جذبات ہیں ذمہ داری کے۔ وعدہ کی رسی ہی قدموں کو جکڑتی ہے۔ سمجھے بنا احساسات کو مبہم کرتے رہے۔ اپنی انا کی خاطر فاصلے بڑھاتے رہے۔ اس کا وجود مسخ کر کے۔ اس کی ذات کو مٹاتے رہے۔

کتنے دکھ تھے جو انہوں نے اسے دیے۔ کتنا کرب تھا جو انہوں نے اس کی آنکھوں میں ٹھہرا دیا۔ کاش وہ آنکھیں بند کر کے کھولیں اور وہ منظر سامنے ہو۔ پانچ سالہ فارس انگلی پکڑ کر قدم رکھتا ہوا۔ ان کے بلانے پر ان سے ہاتھ ملا کر ان کے گلے لگتا ہوا۔ کیسا خواب ناک سا منظر تھا۔ آنکھوں میں ٹھہرا ہوا۔ بار بار ابھرتا ہوا۔ مٹتا ہوا۔ ان کی سسکیوں میں ڈوبتا ہوا۔

''مجھے آپ سے کوئی گلہ نہیں۔'' وہ بچہ ان سے کہہ رہا تھا۔

اس رات وہ آخری الفاظ تھے جو انہوں نے سنے۔ اس رات وہ آخری بار روئے۔ وہ آخری رات تھی جو فارس وجدان نے اپنے بیمار نحیف دادا کے کمرے میں ان کے پہلو میں سو کر گزار دی۔ وہ پہلی اور آخری رات۔ زندگی میں وہیں ٹھہر گئی کہ اگلے دن کا سورج جب طلوع ہوا تو وہ اس دنیا سے رخصت ہو چکے تھے۔

اپنے باپ اور بھائی کی موت پر نہ رونے والا فارس وجدان اس دن اپنے دادا کی موت پر اپنے چہرے پر ہاتھ رکھے بہت شدت سے رویا تھا۔

اس نے حقیقتاً اب جیسے کوئی رشتہ کھو دیا۔ ان کی قبر میں اس کے اندر کا کوئی حصہ بھی دفن ہو گیا۔ وہ

تین قبریں۔وہ تین حصوں میں بٹا ہوا۔رات گئے تک وہاں بیٹھا رہا تھا۔

☆......☆......☆

عجیب رت ہے
کسی نے ہم کو گنوا دیا ہے
کسے پکاریں گے سخت وقتوں کی زد میں آ کر
کہ جس کی سنگت شکستگی
میں بھی پھر سے اٹھنے کا تھی سہارا
اسی نے ہم کو گرا دیا ہے
جو غم کے دریا میں تھا ہمارا سکوں کنارہ
اسی نے ہم کو بہا دیا ہے
جو اپنے وعدوں میں ساری دنیا سے معتبر تھا
ہمارا عمر و سے ہمسفر تھا
اسی نے رنج وداع دیا ہے
کسی نے ہم کو گنوا دیا ہے
عجیب رت ہے
(ارسلان عباس)

☆......☆......☆

ہاسپٹل کے سفید کاریڈور کی خاموشی میں مدحت کی آواز گونج رہی تھی۔جنت کی نگاہیں اس کے چہرے پر ٹھہری تھیں۔وہ اسے سن رہی تھی۔سوال مختصر سا تھا اور جواب بہت طویل ہو گیا تھا۔شروع سے

آخر تک۔ وہ جو کچھ بھی جانتی تھی اس نے جنت کمال کو سب بتا دیا تھا۔ وہ اس کی آیا رہ چکی تھی۔ اس کے دکھ، تکلیف اور آزمائشوں سے واقف تھی۔ اچھی طرح سے جانتی تھی وہ ایسا کیوں تھا۔ اپنے باپ، دادا اور بھائی کے لیے اس کا دل اتنا خالی۔ اتنا ویران کیوں تھا۔ اپنی ماں سے بے پناہ محبت کرنے والا فارس اپنے بھتیجے سے اتنا دور کیوں تھا۔

اس کی نفرت کبھی بھی بلا سبب نہیں رہی تھی۔ اس کا غصہ کبھی بھی بلا وجہ نہیں رہا تھا۔ وہ اپنے ماضی سے کبھی بھی نہیں نکل سکا تھا۔ وہ اپنے غم اور اذیتوں کو کسی طور بھی بھلا نہیں سکا تھا۔

https://novelskidunya.com/

اس کا دل ٹوٹا تھا۔ مان بھروسا۔ اسے محبت کے نام پر توڑا گیا تھا۔ اسے رشتے میں الجھا کر مارا گیا تھا۔ اسے اپنوں کی سختی بچپن سے جھیلنا پڑی تھی۔

اس کے برابر میں بیٹھی مدحت آغا اب خاموش ہو گئی تھی۔

جنت آنکھوں میں دکھ اور غم کا تاثر لیے بیٹھی رہ گئی۔ اس نے شال کو کھینچ لیا۔

جس عورت کی وہ شکل تک نہیں دیکھنا چاہتا تھا اس عورت کا وہ نام لیتی رہی۔ بات بات پر اس کا حوالہ دیتی رہی۔ اسے اپنے اور فارس کے بیچ لاتی رہی۔

Novels Ki Dunya

اس نے سارے الزام اس کے سر ڈال دیے۔ اسے بے حس، ظالم اور جانے کیا کچھ سمجھ لیا۔

اسے فارس پر بھروسا کرنا چاہیے تھا۔ اس نے روکا تھا تو رک جانا چاہیے تھا۔ اس کو سمجھنا چاہیے تھا۔

''میں نے اسے بہت دکھ دیے ہیں۔ بہت برا کیا ہے۔'' وہ رو پڑی۔

''آپ کے علم میں کچھ نہیں تھا۔''

''پھر بھی مجھے اس پر بھروسا کرنا چاہیے تھا۔ اس نے مجھے روکا تھا۔ میں نے اس کی بات نہیں مانی۔ میں۔ میں اس سے چھپ کر ریان سے ملنے گئی۔ میں۔'' اس نے بے اختیار اپنی پیشانی پر ہاتھ رکھا۔ ''مجھے پتہ ہی نہیں کہ یہ سب۔ یہ سب اس کے لیے کتنا مشکل رہا ہوگا۔ میں نے کبھی سمجھا ہی نہیں کہ

جب وہ آنٹی کی ہر بات مان لیتا ہے تو پھر یہاں۔اس معاملے میں اتنی سختی کیوں جغ۔اور آنٹی، وہ اسے فورس کیوں نہیں کر پاتیں۔"

"آپ لاعلم تھیں۔آپ کی غلطی نہیں ہے۔"

"میری غلطی ہے۔" سر اٹھا کر بھیگی آنکھوں سے کہا۔"میں نے اس کے سب زخم ادھیڑ دیے۔ میری وجہ سے آنٹی اس حال کو پہنچ گئیں۔میری وجہ سے۔شاید میں۔شاید میں واقعی منحوس ہوں۔میرے وجود سے بس دکھ اور غم ہی مل سکتے ہیں۔"

"جنت بی بی۔ایسا نہیں ہے۔" مدحت نے نرمی سے کہا۔

"ایسا ہی ہے۔میں اس کا سامنا کیسے کر پاؤں گی۔میں اس سے کوئی بات، ہمارے درمیان اب کچھ بھی ٹھیک نہیں ہو پائے گا۔میں یہ سب کیسے؟" وہ سسک پڑی۔

مدحت نے نرمی سے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا۔"آپ پلیز سنبھالیں خود کو۔"

"میں بس۔میں صرف آنٹی کے لیے وہاں گئی تھی۔میں صرف ان کے لیے ریان کو واپس لانا چاہتی تھی۔میں نے ان سے وعدہ کیا تھا۔میں ان کا یہ وعدہ پورا کرنا چاہتی تھی۔مجھے نہیں پتا تھا ان کی خواہش کے ساتھ فارس کا غم جڑا ہے۔مجھے نہیں پتا تھا۔"

"قصور آپ کا نہیں ہے۔قصور فارس کا، یا کسی اور کا بھی نہیں ہے۔بس حالات ایسے ہو گئے۔اور حالات پر تو انسان کا اختیار نہیں ہوتا۔" مدحت نے سمجھایا۔

"اگر آنٹی کو کچھ ہوا تو وہ مجھے کبھی بھی۔"

"نہیں۔" مدحت نے ٹوک دیا۔"بیگم صاحبہ کہتی تھیں ایسے حالات میں صرف دعا اور بس دعا۔ اور کوئی سوچ خیال نہیں۔"

اس نے گہری سانس لے کر پیشانی پر ہاتھ رکھ لیا۔ایک بار پھر فارس کو کال کی تھی۔اس کا موبائل

https://novelskidunya.com/ NovelsKiDunya

ابھی تک آف تھا۔ ان گنت خوف اور واہموں میں گھرا ہوا دل شدت سے دھڑک رہا تھا۔ ایک انجانی سی کیفیت رگ و پے میں سرایت کر چکی تھی۔ اس کے لیے انتظار۔ اور مزید انتظار بہت مشکل ہو رہا تھا۔

☆......☆......☆

سڑک پر گزرتے کار ٹریلرز کا شور ایک دم سے تیز ہوا تھا۔ فارس وجدان نے ریان شیرازی کی چیخیں سنی تھیں۔ اس کے قدم جکڑے گئے تھے۔ وہ اپنی گاڑی کے سامنے رک گیا۔ اس نے رات کی تاریکی میں عجیب سی وحشت بکھری دیکھی۔ وہ پنجوں کے بل جھک گیا۔ گھٹنے زمین پر ٹکائے اپنا سر ہتھیلیوں میں گرالیا۔

کتنا مشکل امتحان تھا اس کا۔ کتنی بڑی آزمائش چن لی گئی تھی اس کے لیے۔

ریان شیرازی بوکھلایا ہوا سا، خائف، شدت سے روتا ہوا، کرلاتا ہوا، ہاتھ اٹھائے یہاں وہاں دیکھتے چھوٹے چھوٹے قدم اٹھانے لگا تھا۔ اس کے لیے وہ ماحول، اندھیرا اور تنہائی بے انتہا وحشت کی علامت تھی۔

اس لمحے اسے نظر آنے والا وہ واحد انسان فارس ہی تھا۔ وہ الجھ کر گرا، پھر رو کر چیختے ہوئے اس کے گھٹنوں پر ہاتھ رکھتے، اس واحد انسان کو متوجہ کرنے کی کوشش کی۔ جس کا دل اس کے لیے پتھر ہو چکا تھا۔ وہ انسان جسے اپنا ہر غم، اپنی ہر تکلیف یاد آ رہی تھی۔ جس کا وجود لرز رہا تھا، جس کی سسکیاں بندھ گئی تھیں۔ جس کا چہرہ تر ہونے لگا تھا۔

اس کے احساسات اور نفرتوں سے قطعی بے نیاز وہ روتے چیختے اپنی جگہ، اپنا راستہ بناتا، اس کے گھٹنوں سے اوپر اس کے بازوؤں کے نیچے گھس کر سینے سے لپٹ گیا۔ شرٹ دبوچ لی۔ منہ چھپالیا۔ وہ اس لمحے، بس یہی کر سکا۔ اس کے ننھے سے ذہن میں بس یہی ایک خیال آ سکا۔ وہ بس ایسے محفوظ رہ سکتا ہے۔

فارس کا لرزتا وجود ساکت ہو گیا۔ اس کے اندر ایک دم سے سناٹے پھیل گئے۔ نم آنکھیں پتھرا

سی گئیں۔ایسی جرأت اس نے کبھی نہیں کی تھی۔ایسا حوصلہ اس میں کبھی نہیں آیا تھا۔جس سے بچنا چاہیے تھا وہ اسی میں پناہ ڈھونڈ رہا تھا۔جس سے ڈرنا چاہیے تھا وہ اس میں سکون دیکھ رہا تھا۔

اس نے کسی قدر قوت اور کوشش سے اسے خود سے الگ کرنے کی کوشش کی تھی۔

اسے پکڑ کر خود سے الگ کیا۔وہ لڑھک کر پیچھے ہوا اور پھر روتے ہوئے سر اٹھایا۔پہلے بائیں طرف دیکھا پھر دائیں طرف۔پھر اسے۔

اور اس کے اندر کا طوفان تھم گیا۔آگ بجھ گئی۔سکتہ طاری ہو گیا۔

وہ پہلا سامنا تھا جو فارس وجدان کا اپنے آپ سے ہوا تھا۔وہ پہلی ملاقات تھی جو اس لمحے،اس پل فارس وجدان کی اپنے کسی روپ سے ہوئی تھی۔

وہ جس کی شکل تک نہ دیکھنا چاہتا تھا۔وہ عدینہ زبیر کا بیٹا تھا نہ حماد شیرازی کا۔

وہ بس ڈیڑھ سال کا ایک فارس تھا۔جس کی پیشانی پر ایک زخم تھا۔جس کی گردن پر بھی ایک لکیر سی تھی۔نیل جیسی مبہم ہوتی ہوئی۔جس کی ٹھوڑی پر بھی ہلکی سی چوٹ نظر آ رہی تھی۔اور جو شدت سے روتا چیختا جا رہا تھا۔وہ ایک ایسا فارس تھا جس کا باپ حقیقتاً مر چکا تھا اور جس کی ماں اسے واقعتاً چھوڑ چکی تھی۔کہیں کوئی ڈیل نہیں ہوئی تھی۔وہ ایک ایسا فارس تھا جس کی زندگی میں اعظم شیرازی اس کی پیدائش کے ساتھ ہی داخل ہو چکا تھا۔جو اس کے معصوم چہرے پر اس کی ماں کو کھوج رہا تھا۔اور اس کی خوب صورت آنکھوں میں اس کے باپ کو دیکھ رہا تھا۔

تصویر وہی تھی۔منظر بھی۔بس کردار بدل گئے تھے۔حکایت پھر سے لکھی جا رہی تھی کہ اعظم شیرازی کی جگہ فارس وجدان آ گیا تھا۔فارس وجدان کی جگہ ریان شیرازی نے لے لی تھی۔

قلم اٹھا لیے گئے

صحیفے پھیلا دیے گئے

https://novelskidunya.com/

امتحان شروع ہو گیا

فارس وجدان کا امتحان

اس یک ساکت نگاہیں ریان شیرازی کے چہرے پر ٹھہری رہ گئیں۔ وہ پھر سے گھٹنوں کے بل رینگتا ہوا آگے ہوا، اس کے گھٹنوں پر ہاتھ رکھے۔ اس کے اندر چھپنے کی کوشش کرنے لگا۔

وہ فارس۔

ایک اور فارس۔

اس نے سر گرا لیا تھا

اس نے شکست تسلیم کر لی۔

ریان شیرازی اب اس کی گرفت میں تھا۔ اس کے سینے سے لگا ہوا، شدت سے روتا بلکتا ہوا۔ ڈرا ہوا۔ سہا ہوا۔

اندھیرے سمٹنے لگے۔ ہوائیں رک کر پھر سے چلنے لگیں۔ پتوں کی سرگوشیاں بلند ہوئیں۔ زمین نے وسعت پکڑ لی۔

وہ اسے گرفت میں لیے اٹھ کر گاڑی میں بیٹھ گیا۔ وہ ہنوز اس کی شرٹ دبوچے اپنے دوسرے ہاتھ کو بند رکھے اپنا منہ اس کے سینے میں ہی دیے ہوا تھا۔ اس کا رونا ابھی تک بند نہیں ہوا تھا۔ اس کا ننھا دل بہت شدت سے دھڑک رہا تھا۔ فارس وجدان کا کپکپاتا ہاتھ اس کی پشت پر آ ٹھہرا۔

اس کی کپکپاہٹ کچھ مدھم پڑی۔ مگر اس کی ہچکیاں بند نہ ہوئیں۔ اس کا رونا کم نہ ہوا۔

اس نے ہاتھ بڑھا کر گاڑی کی لائٹس آن کر دیں تاکہ روشنی میں اس کا خوف کم ہو۔ چہرہ لال ہو رہا تھا۔ آنکھیں پھٹی ہوئیں۔ ایسی دہشت تھی ان میں جیسے اس نے پتا نہیں کیا دیکھ لیا ہو۔ ٹشو سے اس کی ناک منہ صاف کیا۔ پانی کی بوتل اس کے لبوں سے لگائی۔ کچھ پانی گر رہا تھا۔ کچھ اس کے حلق میں جا رہا تھا۔ مگر اس کی پیشانی ختم نہیں ہو رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/

وہ اسے چپ کیسے کروائے؟

اس نے پھر اس بیگ کو کھولا جس میں اس کا سامان تھا۔ اس میں فیڈر رکھا تھا۔ اس نے فیڈر کا ڈھکن ہٹا کر اس کے لبوں سے لگایا۔ بھوک کی شدت سے نڈھال وہ دودھ پینے لگا۔ ہچکیاں ختم ہو گئیں۔ صرف سسکیوں کا گمان ہونے لگا۔

وہ کچھ سنبھل گیا تو اس نے اسے پسنجر سیٹ پر بٹھانا چاہا اور وہ چپ ہوتے ہوتے ایک بار پھر مچل کر شدت سے رونے لگا۔ وہ کسی صورت بھی اس سے الگ ہونے کو تیار نہیں تھا۔ مجبوراً ایک بازو میں اسے لیے اس نے دوسرے ہاتھ سے اسٹیئرنگ وہیل سنبھال لیا۔ گاڑی اسٹارٹ ہو گئی۔

سفر شروع ہو گیا۔

ریان کی نگاہیں اب جلتی بجھتی موتیوں پر تھیں۔ کار اسکرین پر ابھرتے لفظوں پر تھی۔ رسٹ واچ کے چمکتے ڈائل پر بھی۔

چلتی ہوئی گاڑی میں خاموشی اور سناٹے میں نیند غالب آنے لگی۔ اس کی گردن بازو پر ڈھلک گئی۔

ریان شیرازی اپنے ننھے ہاتھ سے اس کی شرٹ ہنوز دبوچے رہا تھا۔

یہ گرفت خوف سے بچنے کے لیے تھی۔

یہ گرفت تحفظ اور امن کے لیے تھی۔ ایسی مضبوط گرفت جسے دنیا کی کوئی بھی طاقت اب چھڑا نہیں سکتی تھی۔

❁ ❁

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

قسط نمبر 20

وہ راہداری میں تھی۔ آئی سی یو کے سامنے ہی کھڑی تھی۔ موبائل ہاتھ میں تھا۔ تین گھنٹے ہو چکے تھے فارس کو ہاسپٹل سے گئے ہوئے۔ اور ابھی تک وہ واپس نہیں آیا تھا۔ ابھی تک اس کی کوئی کال بھی ریسیو نہیں کی گئی تھی۔ موبائل بند تھا۔ کوئی پیغام، خیریت کی کوئی خبر، اسے کچھ بھی موصول نہیں ہو رہا تھا۔

جنت کے ہاتھ پیر ٹھنڈے پڑ رہے تھے۔ فکر، خوف اور اندیشوں میں گھرا دل بہت شدت سے دھڑک رہا تھا۔ اسے اپنی سانسیں رکتی ہوئی محسوس ہو رہی تھیں۔ اس کی پریشانی بڑھنے لگی تھی۔ وہ اس حالت، اس سچویشن میں آخر جا کہاں سکتا ہے؟ راہداری سے نکل کر اس نے لفٹ کا رخ کیا تھا۔ گراؤنڈ فلور پر پہنچتے ہی وہ باہر چلی گئی تھی۔

اس کی رنگت سفید پڑ رہی تھی۔ ہاتھ کپکپا رہے تھے۔ حلق خشک ہو رہا تھا۔ متلاشی نگاہیں یہاں وہاں بھٹک رہی تھیں۔ مگر اسے فارس کہیں بھی نظر نہیں آ رہا تھا۔

''تم کہاں ہو فارس...... پلیز، پلیز واپس آ جاؤ۔''

اس کا رخ پارکنگ ایریا کی طرف تھا۔ عجلت میں قدم اٹھاتے اب وہ اس کی گاڑی کو ڈھونڈ رہی تھی۔

''اگر تم چاہتی ہو، ہمارے درمیان سب ٹھیک رہے تو آئندہ اس معاملے میں نہیں پڑو گی تم۔'' وہ منظر، وہ آواز، وہ کیفیت ایک بار پھر حاوی ہوئی تھی۔

''تمہیں میری فیلنگز کا خیال نہیں ہے، میں تمہیں کس بات سے روک رہا ہوں، اس سے تمہیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔''

''جنت بی بی!'' مدحت پریشانی کے عالم میں اس کے پیچھے لپکی تھی۔

اس نے منتشر ذہن کے ساتھ ہر طرف دیکھا۔ تھکاوٹ سے جسم کا جوڑ جوڑ دکھ رہا تھا۔ غم اور پچھتاوں میں روح الگ تڑپ رہی تھی۔ اس سے یہ غلطی کیونکر سرزد ہوئی۔ اس نے اتنے بڑے امتحان میں کیوں ڈال دیا انہیں۔ احساس کیوں نہ کیا۔

ذہن کے پردوں میں گزرے وقتوں کے کئی مناظر پھر سے ابھرنے لگے۔ وہ نفرتیں جو بہنوں نے دکھائیں۔ وہ رویہ جو خاندان نے اپنایا۔ وہ سزائیں جو اس کے لیے چن لی گئیں۔

ایک بار پھر کوئی حساب شروع ہونے والا تھا۔ اس کی غلطیوں کا خمیازہ اب کوئی اور بھگتنے والا تھا۔

اس کے قدموں کی حرکت ایک لمحے کے لیے تھم سی گئی تھی کہ بھٹکتی ہوئی نگاہیں جس گاڑی پر ٹھہری تھیں، وہ فارس کی ہی تھی۔

وہ ڈرائیونگ سیٹ پر تھا۔

عجلت میں قدم اٹھاتے اس نے فارس کی طرف کا دروازہ کھول دیا تھا۔ اگلے ہی پل اس کا وجود ساکت ہوا تھا۔

وہ اکیلا نہیں تھا۔ اس کے داہنے بازو میں ریان شیرازی تھا۔ نیند سے بیدار۔ آنکھیں کھولے۔ اس کے سینے پر سر رکھے ہوئے، شرٹ کو پکڑے ہوئے۔ سجا ہوا سا۔

وہ صدمے سے متجمد کھڑی رہ گئی۔ آنکھوں پر یقین نہیں آیا تھا۔

فارس بمشکل سانس لیتا اپنی جگہ ہنوز بیٹھا ہوا تھا۔ وہ اس کے چہرے کو سفید پڑتا دیکھ سکتی تھی۔

اس نے کس قدر کوشش سے ہاتھ بڑھا کر ریان کو لینا چاہا مگر ریان نے ایک دم سے روتے

ہوئے اپنا ہاتھ واپس کھینچ لیا۔ سینے میں منہ دیے رونے لگا۔ جنت نے اسے فارس سے لے لیا جسے مدحت نے سنبھال لیا۔

"فارس!" دروازے پر ہاتھ رکھے وہ تر ہوتے چہرے کے ساتھ فارس کی طرف جھکی تھی۔

اس نے آہستگی سے جنت کی طرف دیکھا۔ اس کی سرخ پڑتی آنکھوں میں جنت کمال کو اپنا آپ ڈوبتا ہوا محسوس ہوا۔ جو ہمت تھی مخاطب ہونے کی وہ ختم ہونے لگی، جو حوصلہ تھا بات کرنے کا مٹنے لگا۔ جس طرح وہ اسے دیکھ رہا تھا، اسے لگا وہ اپنے آپ کو کبھی معاف نہیں کر پائے گی۔

"کیا ممی؟" اس کے لب ہلے۔ وہ بمشکل لفظ ادا کرتا، ٹوٹتا بکھرتا نظر آ رہا تھا۔

"نہیں۔ نہیں۔ فارس!" اس نے بے اختیار اس کے ٹھنڈے پڑتے، کپکپاتے ہاتھ تھام لیے۔ وہ رو رہی تھی تو وہ سمجھا...... کچھ ہو گیا ہے۔ اس نے اپنی ماں کو کھو دیا ہے۔

"وہ ٹھیک ہو جائیں گی۔ وہ بالکل ٹھیک ہو جائیں گی۔"

آنکھوں میں درد لیے وہ گہری سانس لیتا اپنی ہتھیلیوں میں سر گرا گیا۔

"وہ ہمیں چھوڑ کر نہیں جا سکتیں۔ تمہیں چھوڑ کر نہیں جا سکتیں۔ آئم رئیلی سوری یہ سب ہو گیا۔"

اس نے بازو سے پکڑ کر اٹھانا چاہا تو وہ بمشکل قدم گھسیٹتا آگے بڑھا۔

ریان کو اٹھائے مدحت ان کے پیچھے تھی۔ وہ فارس کو دیکھ رہی تھی۔ کتنی محبت تھی اسے جمیلہ داؤد سے کہ صرف جدائی کے تصور سے ہی وہ اسے مرتا ہوا نظر آ رہا تھا۔ کتنے برس بیت گئے، کتنا بڑا ہو گیا وہ۔ مگر جہاں جمیلہ داؤد تھیں، وہاں وہ چھوٹا سا فارس ہی تھا جسے اپنی پوری دنیا تاریک ہوتی ہوئی نظر آتی تھی۔

راہداری سے لفٹ اور پھر کاریڈور میں قدم اٹھاتا آئی سی یو میں چلا گیا۔ یوں جیسے آنکھوں سے دیکھ کر تسلی کرنا چاہتا ہو جمیلہ داؤد کی سانسیں چل رہی ہیں۔ زندگی سے ان کا تعلق ختم نہیں ہوا ہے۔ وہ ان کا ہاتھ تھامے ان پر جھکا ہوا تھا۔ وہ آنسوؤں سے تر آنکھوں سے انہیں قریب سے دیکھ رہا تھا۔

''ممی!''

ان کی آنکھیں بند تھیں۔ان کے لب ساکت تھے۔وہ اس کی پکار پر فوری جواب دیتی تھیں۔ اب نہیں دے رہی تھیں۔ان کا ہاتھ اس کی گرفت میں بے جان معلوم ہورہا تھا۔دھڑکنوں کی نشان دہی کرتی لکیروں میں اسے زندگی نظر نہیں آرہی تھی۔

نرس اور ڈاکٹر اندر داخل ہوئے تو اسے باہر جانا پڑا۔ بند دروازے کے سامنے وہ بالوں میں انگلیاں پھنسائے کھڑا رہا۔منتظر تھا،غموں سے چور،زخموں سے نڈھال......

جنت اٹھ کر اس کے پاس آ گئی۔ بہت نرمی سے بازو سے پکڑ کر اسے بنچ پر بٹھایا۔ پانی کی بوتل ہاتھ میں پکڑائی۔ بمشکل چند گھونٹ لیے۔اب وہ گہری سانسیں لیتا خود کو اس کیفیت سے نکالنے کی کوشش کررہا تھا جو ایک دلدل جیسی تھی۔

''وہ ٹھیک ہو جائیں گی۔'' اندر سے ریزہ ریزہ ہوتے جنت کمال نے اوپر سے مضبوطی دکھائی۔ وہ مضبوطی جو اس نے اپنے سجدوں اور دعاؤں سے لی تھی۔

وہ بیٹھا رہا۔یوں جیسے کوئی آواز اس تک نہ پہنچ رہی ہو۔اس کے اندر سب کچھ ایک دم سے تھما ہوا تھا۔نہ شور،نہ آوازیں۔نہ چیخ نہ پکار۔وہ اس کی آنکھوں میں حزن کا سمندر دیکھ سکتی تھی۔اس کے چہرے سے کرب کی تحریر کھوج سکتی تھی۔

اس نے فارس کا ٹھنڈا پڑتا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیا۔اس نے ہاتھ نہیں جھٹکا۔غصہ نہیں دکھایا۔

''سب ٹھیک ہو جائے گا!سب ٹھیک ہو جائے گا۔'' وہ کہہ رہی تھی۔وہ دہرا رہی تھی۔

''آنٹی بہت بہادر ہیں۔وہ اپنی بیماری سے لڑنا جانتی ہیں۔وہ جلد اٹھ جائیں گی۔''

وہ چپ رہا۔سر جھکا ہوا تھا۔جنت کی گرفت اس کے داہنے ہاتھ پر مضبوط ہونے لگی۔اسے رونا آرہا تھا مگر وہ ضبط کیے ہوئے تھی۔

"فارس!" لرزتی آواز میں پکارا۔ کچھ تو کہے وہ۔
اس نے ابھی تک ایک لفظ بھی ادا نہیں کیا تھا۔ جیسے کچھ بولنے سننے کی ہر صلاحیت ختم ہو چکی ہو۔

☆......☆......☆

ان کے حواس بیدار ہو رہے تھے۔ سفید دھند میں، روشنی کا مبہم سا تصور تھا۔ آوازیں تھیں اور مدھم سا شور تھا۔ شیرازی مینشن کا باغ، گھوڑے، طویل راہداریوں میں بھاگتے دوڑتے حماد کا تصور۔ اس کی ہنسی۔ مسکراہٹ اور پھر بھاگ کر ان سے لپٹنے کا وہ منظر بند آنکھوں پر ٹھہر گیا۔ وہ اسے دیکھ رہی تھیں۔ اسے سن رہی تھیں۔ وہ ایک مکمل فیملی۔ ایک مکمل زندگی کو ماضی کے پردوں پر ایک بار پھر ابھرتا ہوا دیکھ رہی تھیں۔ وہ حماد، وہ ایک دم سے چھوٹا سا بچہ ہو گیا۔ وہ بے بی کاٹ میں تھا۔ وہ اسے اٹھا رہی تھیں۔ وہ دروازے میں ہارون شیرازی کو کھڑا ہوا دیکھ سکتی تھیں۔ سورج کی زرکار روشنیوں میں وہ منظر۔ وہ زندگی۔ وہ سکون بھرے لمحات انہیں وہیں کہیں معلق کر گئے۔ وہ بس وہیں کہیں ٹھہر جانا چاہتی تھیں۔ اپنے بیٹے، اپنے شوہر کے ساتھ۔ اپنے ہی گھر میں۔ اپنی ہی زندگی میں۔ وہ اس مکمل تصویر کا ہی ایک حصہ ہو جانا چاہتی تھیں۔

"ممی!"

گرد و نواح میں وہ آواز بہت آہستگی سے گونجی تھی۔ ان کے ہاتھ میں پینٹنگ برش تھا۔ وہ سفید کینوس پر مہارت سے سمندر کی ٹھاٹھیں مارتی لہروں کا منظر بنا رہی تھیں۔

منظر بدل گیا تھا۔ اب وہ کچن میں تھیں۔ وہ حماد کے لیے سینڈوچ بنا رہی تھیں۔

"ممی پلیز!"

وہ کشادہ سے کمرے میں، کارپٹ پر بکھرے کھلونوں کو باسکٹ میں ڈال رہی تھیں۔ حماد ان کے آس پاس ہنستے ہوئے بھاگتا پھر رہا تھا۔ وہ ان کی گردن میں بازو ڈالے جھول گیا تھا۔

ہارون کافی کا مگ تھامے کھڑکی کے پاس ہی کھڑا تھا۔ اس کی نرم مسکراہٹ زندگی کا احساس دلا رہی تھی۔

''وہ ایک غلطی تھی۔'' ہارون کہہ رہا تھا۔

''کیا؟'' وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئیں۔

''آرزو سے شادی۔ وہ ایک غلطی تھی۔''

ان کے لبوں کی مسکراہٹ، ایک دم سے معدوم ہوگئی۔ خوشیوں کے رنگ، کہیں کہیں سے پھیکے اور ماند پڑنے لگے۔ روشنیاں مدھم ہونے لگیں۔ ننھے حماد کی قلقاریاں ختم ہوگئیں۔

''کون آرزو؟ کیسی شادی؟'' ان کے لب ہلے۔

''آنکھیں کھولیں ممی!'' انہیں اپنا ہاتھ مضبوط گرفت میں محسوس ہوا۔ ان کے ہاتھ کی پشت پر آنسوؤں کے قطرے ابھرنے لگے۔

اور پھر منظر بدل گیا۔ وہی تصویر، وہی زندگی، وہی خواب اور چاہت۔ وہ ایک دائرہ تھا۔ بار بار گھوم رہا تھا۔ وہ اس کے وسط میں کھڑی، زندگی کے حسین ترین لمحات کو جی رہی تھیں۔ وہ اس دائرے سے اب کبھی نکلنا نہیں چاہتی تھیں۔

''ممی!''

منظر بس ایک لمحے کے لیے بدلا۔ دیواروں میں دراڑ سی نظر آئی۔ وہ آواز جو بہت ہلکی تھی، وہ ایک دم سے بلند ہوئی۔

''آپ میرے ساتھ ایسے نہیں کرسکتیں۔ آپ مجھے چھوڑ کر نہیں جاسکتیں۔''

وہ حماد کو سینے سے لگائے، وہیں ٹہل رہی تھیں۔ رک گئیں۔ گردن موڑ کر ادھ کھلے دروازے کو دیکھنے لگیں۔

''چلیں؟'' آؤٹنگ کا پروگرام تھا۔ ہارون پوچھ رہا تھا۔ انہوں نے سر ہلایا۔
وہاں کوئی تھا۔ انہوں نے حماد کو بے بی کاٹ میں سلا دیا۔ آہستگی سے قدم اٹھاتی دروازے تک آئیں۔
پھر راہداری میں اور اب وہ دیوار کے ساتھ لگی بند الماری کے سامنے کھڑی تھیں۔
''جمیلہ!'' ہارون ان کے پیچھے آئے مگر دکھائی نہ دیے۔ حماد کی آواز بھی کہیں گم ہوگئی۔
خوف اور ہراس سے بھری ہوئی ہیزل آنکھیں، تر چہرہ، بکھرے ہوئے بال اور اپنے آپ میں سمٹا ہوا وہ بچہ......
وہ گرنے کے سے انداز میں نیچے بیٹھ گئیں۔ شیرازی مینشن اندھیرے میں ڈوبتا جا رہا تھا۔ وہ ایک دم سے وہاں اکیلی رہ گئیں۔
''فارس!'' آواز دیتے ہوئے اٹھیں۔
''فارس!'' اس کی تلاش میں وہ یہاں وہاں بے تابی سے قدم اٹھانے لگی تھیں۔ انہوں نے ہر ایک منظر کو آئینے کی سطح پر ابھرتے، ٹوٹتے اور بکھرتے ہوئے دیکھا۔ وہ دھیمی دھیمی سسکیاں تھیں جو سماعت سے ٹکرائی تھیں اور اگلے ہی پل ان کی آنکھ کھل گئی تھی۔ انہوں نے ایک دم سے سانس کھینچتے ہوئے داہنے ہاتھ کو جنبش دی تھی۔ مانیٹر کی بیپ......ڈاکٹرز نرسز کی آواز۔ ان کا وجود بھاری ہو رہا تھا۔
ان کی آنکھیں دکھ رہی تھیں۔ لب کپکپا رہے تھے۔ وہ آواز دینے سے مکمل قاصر تھیں۔
جو منظر روشنیوں کی زد میں تھا وہ آہستگی سے تاریک ہونے لگا۔ ان کے آس پاس اندھیرے چھانے لگے۔ شور ختم ہونے لگا۔ وہ سکون کی وادیوں میں اتر رہی تھیں۔
داہنا ہاتھ ابھی بھی کسی کی گرفت میں تھا۔
''ممی!'' وہ ان کا ہاتھ پکڑے جھکا ہوا تھا۔ دوسرے ہی پل وہ ہوش وخرد سے بے گانہ ہوگئیں۔
پھر انہیں جانے کتنی دیر بعد ہوش آیا۔

وہ ان کا ہاتھ پکڑے جھکا ہوا تھا۔ کچھ کہہ بھی رہا تھا۔ آنکھ کھلی تو انہوں نے لبوں کو جنبش دی۔ انگلیاں متحرک ہوئیں۔ نیم تاریکی میں فارس کی موجودگی کا احساس ہوا۔ گردن موڑے وہ اسے دیکھے گئیں۔ ان کے برابر میں ہی کرسی پر بیٹھے وہ وہیں سو گیا تھا۔ ان کا داہنا ہاتھ پیٹ پر دھرا تھا۔ آہستگی سے حرکت دیتے اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرا۔ نیند سے کچھ چونک کر بیدار ہوتے اس نے سر اٹھایا۔ اور پھر اتنی ہی سرعت سے کرسی چھوڑ کر اٹھ گیا۔

''ممی!''

اس کے بال بکھرے ہوئے تھے، شیو بڑھی ہوئی تھی۔ شرٹ کے کالر درست نہیں تھے۔ رت جگے کی گواہی دیتی آنکھوں میں بہت سا درد ٹھہرا تھا۔ وہ اسے دیکھتی رہیں۔ کچھ کہنے کی سکت نہ تھی۔ بس اس پر گرفت بڑھائے رہیں۔

کچھ ہی دیر میں ڈاکٹر آ گیا تھا۔ وہ ان کے سوالات کا جواب سر کی جنبش سے دے رہی تھیں۔

انہوں نے اپنے بائیں اور پھر داہنے ہاتھ کی انگلیوں کو بھی حرکت دینے کی کوشش کی تھی۔ ان کا بیڈ سیٹنگ پوزیشن میں ایڈجسٹ ہو چکا تھا۔ نرس ڈرپ بدل رہی تھی۔ فارس قدرے فاصلے پر ہی کھڑا تھا۔

پھر وقفے وقفے سے جتنی بار وہ نیند سے بیدار ہوئیں، انہوں نے اسے ہی دیکھا، وہ وہاں تھا۔ ان کے بے حد قریب۔ ان کی کھلتی بند ہوتی آنکھوں کو بہت تڑپ اور انتظار سے دیکھتا ہوا۔ بہت سے پچھتاوؤں اور اذیتوں میں گھرا ہوا۔

☆......☆......☆

موبائل فون کان سے لگائے عدینہ اپنی جگہ صدمے سے گنگ ہوئی تھی۔

''کیا کہہ رہے ہیں آپ؟''

''ریان کا چچا اسے لے گیا ہے۔''

وہ صوفے سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔ آنکھوں میں بے یقینی کا تاثر لیے۔ ایک دم سے مشتعل ہوئی تھی۔
"آپ نے کیوں لے جانے دیا ہے اسے۔ میں کہہ کر گئی تھی ریان کو میں لے جاؤں گی۔"
"بس کرو عدینہ!" طارق صاحب جو اس ممکنہ صورت حال سے پہلے سے گھبرائے ہوئے تھے جھنجھلا کر بولے۔ "بچے کا چچا ہے، ہم کیسے منع کر سکتے تھے۔"
"لیکن میں نے آپ سے کہا تھا۔"
طارق صاحب نے ضبط کر کے اپنی پیشانی مسلی۔ "تو کیا ہم اسے منع کر دیتے؟ کس حق سے منع کرتے کہ اس کی ماں کی اجازت نہیں ہے؟ تم تو اسے اپنے ساتھ رکھنا ہی نہیں چاہتی تھیں؟"
اس نے غصے سے کال ہی کاٹ دی۔
اسے یقین نہیں آ رہا تھا، فارس شیرازی اس کے بیٹے کو لے گیا تھا۔ یہ صدمہ تھا۔ اور یہی صدمہ اس کے حواس پر بھاری ہو رہا تھا۔
گہری سانس لیتی وہ ابھی بھی بے یقینی کی سی کیفیت میں تھی۔ جنت کا وہاں آنا اور پھر فارس کا اس بچے کو اس گھر سے خود لے جانا۔ اس کا سر نفی میں ہلا تھا۔ ایسا کیسے ممکن ہے۔ آنکھوں میں غصہ اتر آیا۔ لب سختی سے بھنچ گئے تھے۔
وقت جیسے پلٹ رہا تھا۔ فارس وجدان کے ساتھ گزاری گئی زندگی، حماد سے نکاح سب آنکھوں میں آ رہا تھا۔ جس رات حماد اسے طلاق دے کر گیا تھا، اسی رات اس نے ابارشن کا فیصلہ کر لیا تھا مگر اگلے دن شہ سرخیوں میں نظر آتی اس کی حادثاتی موت کی خبر اس کا ارادہ بدل گئی تھی۔ اپنے خسارے میں اسے بہت بڑا فائدہ دکھائی دینے لگا تھا۔ وہ حماد کی ہی اولاد کا استعمال کر کے اس خاندان سے جڑ سکتی تھی۔ وہ اس بچے کے ذریعے پوری جائیداد پر قابض بھی ہو سکتی تھی۔
لمحوں میں اس نے پلاننگ کر کے تمام حساب کر لیے۔ وہ اس خاندان کی جاہ و حشمت اور امارت

سے واقف تھی۔ بیٹے اور پوتے کا غم لیے اعظم شیرازی اپنی نسل کی بقا کے لیے اسے رد نہیں کریں گے۔

وہ جو طلاق کے غم اور صدمے میں تھی، ایک دم سے ہلکی پھلکی ہوگئی۔ کندھوں سے ہر بوجھ سرک گیا۔ اپنے فلیٹ میں خوشی سے گھومتی رہی، جھومتی رہی، سوچتی رہی۔ سب اس کا ہوگا۔ اس کی اولاد کا ہو گا۔ انتظار ایک ہفتے تک تھا۔ اس نے کرلیا۔ اتوار کی شب اس کا اسلام آباد جانے کا ارادہ تھا۔ وہ جمیلہ داؤد اور اعظم شیرازی سے ملنا چاہتی تھی۔ نکاح، طلاق کے کاغذات اور پریگننسی رپورٹ۔ اس نے سب کاغذات اٹھا لیے۔ کیا کہنا ہے، سوچ لیا۔ کس طرح سے بات کرنی ہے، طے کرلیا۔

مگر اس رات اچانک بریک ہونے والی خبر نے اس کے حواسوں پر بجلی گرا دی تھی۔

حماد شیرازی اکلوتا نہیں تھا۔ ہارون شیرازی کا دوسرا بیٹا منظر عام پر آچکا تھا۔ وہ صدمے سے گنگ اور ساکت کھڑی رہ گئی تھی۔

وہ فارس وجدان کی تصویر تھی جو دکھائی جا رہی تھی، وہ فارس وجدان کا ہی ذکر تھا جو ہر جگہ ہو رہا تھا۔ اپنے باپ اور بھائی کا قاتل...... شیرازی خاندان کی اولاد۔ اس کا دماغ ماؤف ہونے لگا تھا۔ چکرا کر رہ گئی تھی۔ وہم و گمان میں بھی نہ تھا، ایسا کچھ ہو جائے گا۔ جسے سوالیہ نشان بنا کر چھوڑ چکی ہے، اس کا تعلق اسی خاندان سے نکل آئے گا۔

اس نے ملاقات کا ارادہ ترک کر دیا۔ توجہ خبروں پر لگا کر بیٹھ گئی۔ فارس وجدان پر قتل کا الزام لگایا جا رہا تھا۔ اسے اپنے باپ اور بھائی کی موت کا ذمہ دار ٹھہرایا جا رہا تھا۔ دانتوں سے ناخن کاٹتے، بالوں میں ہاتھ پھیرتے، بے قراری سے اپنے کمرے میں ٹہلتے وہ پوری کہانی کو جیسے اب سمجھ پا رہی تھی۔

حماد نے اسے ایسے ہی نہیں اپروچ کیا تھا۔ وہ فارس کی حقیقت سے واقف تھا۔ اس کے علم میں سب کچھ تھا۔

وہ اس کی خوب صورتی نہیں تھی جو حماد کو اس کی طرف لائی تھی۔ وہ بھائی سے مخاصمت تھی جس نے

اسے مہرہ بنا دیا تھا۔ وہ انتقام کے اس کھیل میں بس صرف استعمال ہی ہوئی تھی اور یہ ادراک اسے انگاروں پر لا رہا تھا۔

غلطی اس کی تھی۔ منصوبہ اس کا تھا۔ حماد شیرازی نے اسے طلاق کے لیے فورس نہیں کیا تھا۔ ابارشن کا فیصلہ اس کا بھی تھا۔ فارس وجدان کے مقابلے میں حماد شیرازی اپنے خاندانی اسٹیٹس کی وجہ سے بہتر لگا تھا۔ وہ اسے اپنانے کے لیے ہر حد سے گزر رہا تھا۔ اتنے امیر نوجوان کی ایسی دیوانگی کے بعد، وہ اور کیا چاہ سکتی تھی؟

وہ ہر صورت فارس وجدان سے جان چھڑا کر حماد شیرازی سے شادی کرنا چاہتی تھی۔ اسے اپنی زندگی عیش و عشرت سے گزارنی تھی۔ وہ اولاد کی کسی زنجیر میں نہیں جکڑنا چاہتی تھی۔ وہ فارس وجدان کے ساتھ مزید کوئی تعلق نہیں رکھنا چاہتی تھی۔ وہ اسے طلاق دینے کو تیار نہیں تھا۔ ابارشن کے لیے بھی تیار نہیں تھا۔ رکاوٹ صرف اولاد ہی تھی۔ وہ اولاد جسے وہ اب نہیں چاہتی تھی۔

اس رات پڑنے والا وہ تھپڑ بس آخری حد ثابت ہوا تھا۔ وہ لمحوں میں فیصلہ کرتی تھی۔ ثانیوں میں اسٹیپ اٹھاتی تھی۔ اس نے ابارشن کروا کر اپنے راستے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جدا کر دیے تھے۔ اس نے ہر وہ رکاوٹ مٹا دی تھی جو اس کے اور حماد کے راستے میں آ سکتی تھی۔

رکاوٹ ختم۔ شادی بھی ہوگئی۔ محض چھ ماہ تک اس کے ساتھ رہنے کے بعد حماد شیرازی نے اسے طلاق دے دی تھی۔ اس کی پلاننگ میں اس کا وجود بس یہیں تک تھا۔ حسن کا جادو بس جادو ہی تھا۔ ذرا دیر تک اثر دکھا کر، ختم ہو جانے والا۔ حماد شیرازی مر چکا تھا مگر جو مار وہ اسے دے کر گیا تھا، وہ اس سے سنبھل نہیں پا رہی تھی۔

"کیسا لگتا ہے جب آپ کو آپ کے جیسا انسان مل جائے؟"

یادوں کو جھٹک کر اب وہ لیپ ٹاپ اسکرین پر دیکھ رہی تھی۔ فارس وجدان پر اپنے باپ اور

بھائی کے قتل کا الزام تھا۔ نچلا لب کاٹتے، ذہن میں ابھرتے بے تحاشا خیالات کی زد میں اب وہ چاہنے لگی تھی یہ الزام سچ ثابت ہو جائے۔ فارس وجدان کو سزا ہو۔ وہ اس کے راستے سے ہٹ جائے اور تمام جائیداد اس کی اولاد کے حصے میں آجائے۔

مگر جیسا وہ چاہ رہی تھی، ویسا نہیں ہوا تھا۔ پہلے اس کی ذات پر لگا ناجائز اولاد کا شبہ دور ہوا تھا کہ آرزو جہانگیر اور ہارون شیرازی کا نکاح نامہ پبلک کر دیا گیا تھا۔

اور اس کے چند ہی دنوں بعد اعظم شیرازی نے اپنی تمام جائیداد فارس وجدان کے نام کر دی تھی۔

اس نے شدید غصے میں لیپ ٹاپ فرش پر دے مارا تھا۔ وہ پاگل ہو رہی تھی۔ جو سوچ رکھا تھا، وہ اب ناممکن نظر آ رہا تھا۔ ذہن میں طرح طرح کے خیال آ رہے تھے، غصہ آ رہا تھا۔

اسے اپنے اندر غصے اور آگ کی وجہ پہلے سمجھ میں نہیں آئی تھی۔ اب آ رہی تھی۔ فارس وجدان کو چھوڑنے پر اب وہ بے طرح سے پچھتا رہی تھی۔ جلد بازی میں فیصلہ نہ کرتی تو آج بھی اس کی بیوی ہوتی۔ حماد کے چکروں میں نہ پھنستی تو آج سب کچھ اس کا ہی ہوتا۔

وقت پلٹ نہیں سکتا تھا۔ وہ اپنے ماضی کو اب بدل نہیں سکتی تھی مگر اپنے مستقبل کے لیے اب وہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے نہیں بیٹھ سکتی تھی۔ اسے کچھ تو کرنا ہی تھا۔

وہ پہلی فرصت میں اسلام آباد روانہ ہوئی تھی۔ ہاتھ میں نکاح کا پیپر تھا۔ طلاق کے کاغذات۔ پریگننسی رپورٹ۔ وہ پوری تیاری کے ساتھ آئی تھی مگر اس کی ملاقات نہیں ہو سکی تھی۔ وہ بار بار مختلف فون نمبرز ٹرائی کرتی رہی۔ پیغام بھجواتی رہی۔ کسی طرح جمیلہ داؤد یا کسی سے اس کا رابطہ ہو سکے مگر اس کے مقابلے میں بھی فارس وجدان ہی تھا۔ اس کے تمام تر ارادوں کو خاک میں ملاتا۔ اس کے لیے شیرازی خاندان کا ہر دروازہ بند کرتا ہوا۔

اب ضروری ہو گیا تھا وہ اس کے شبہات دور کر دے۔ اپنی محبت کے جال میں جس طرح پہلے

پھنسا چکی تھی، ویسے ہی دوبارہ پھنسا لے۔ وہ اس کی بیوی رہ چکی ہے۔ ڈیڑھ سال کا ساتھ ہے۔ وہ ساری غلطیوں کا ملبہ حماد کے سر ڈال دے گی۔ معافی مانگ لے گی۔

اسے دولت، پیسہ، کچھ بھی نہیں چاہیے۔ صرف فارس کا ساتھ چاہیے۔

اس نے فون کالز کیں، میسجز بھیجے۔ اس کے آفس میں گئی۔ اس نے ہر جگہ پر اس کا راستہ روکا۔ ہر جگہ آنسو بہائے، وضاحت دینا چاہی مگر اس کے ہاتھ سوائے نفرت اور دھتکار کے کچھ نہ آیا۔

اسے اپنے خسارے کا احساس جیسے اب شدت سے ہو رہا تھا۔ کچھ بھی اس کے حساب سے نہیں ہو رہا تھا۔ اس کی ہر تدبیر الٹی جا رہی تھی۔ صرف جمیلہ داؤد سے ملاقات ہی اس کی جگہ شیرازی ہاؤس میں بنا سکتی تھی۔ ایک بار وہ شیرازی ہاؤس میں داخل ہو جائے۔ فارس تک رسائی خود ہی حاصل ہو جائے گی۔ جمیلہ داؤد اپنے بیٹے کی اولاد کو کسی طور بھی کھونا نہیں چاہیں گی۔ وہ اپنے بیٹے کی اولاد کے لیے، ان کا پیچ اپ بھی کروا سکتی ہیں۔

وہ رابطے کی کوشش میں لگ گئی۔ قسمت اچھی تھی کہ کامیاب ہو گئی۔ فون پر انہیں سب بتا دیا۔ اپنی رپورٹس بھی ارسال کر دیں۔ اس کے حالات تنگ ہیں۔ اس کے خاندان کے لوگ قبولنے کو تیار نہیں۔ اس نے روتے ہوئے دکھ اور پچھتاووں کی زد میں اپنے لہجے کو حتی الامکان غمگین کر کے بات کی۔ انہوں نے کال کاٹ دی۔ کچھ نہ کہا۔ وہ منتظر رہی۔ کچھ دنوں بعد انہوں نے اسے گھر بلا لیا۔ اس کی خوشی کا کوئی ٹھکانا نہ رہا۔ پہلی فرصت میں ہی شیرازی ہاؤس پہنچ گئی۔ صدر دروازے سے اندر داخل ہوتے جس پہلے انسان پر اس کی نظر پڑی وہ فارس ہی تھا۔ اسے دیکھتے ہی وہ اپنی جگہ پتھر ہوا تھا۔ اس کی اولاد کی جان لینے والی، اس کے گھر میں، اس کے سامنے کھڑی تھی۔ جس نے اس کی زندگی کو جہنم بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی۔ وہ اب غم سے نڈھال اور کرب میں ڈوبی پچھتاووں کی زد میں نظر آ رہی تھی۔ تڑپ کر اس کی طرف بڑھی۔ روتے ہوئے معافی مانگنے لگی۔

''فارس! پلیز...... میری بات سنو۔ میں ایسا نہیں کرنا چاہتی تھی۔ مجھے پتا نہیں کیا ہو گیا۔ حماد نے تمھارے خلاف بہت بھڑکایا۔ میں...... میں بھٹک گئی۔ میں آج بھی تم سے محبت......''

شدید غصے کے عالم میں فارس نے انتہائی نفرت سے اس کا ہاتھ جھٹک دیا۔ اس کی آنکھیں لہو رنگ ہو رہی تھیں۔ وہ سامنے تھی تو اس کا گلا گھونٹ دینا چاہتا تھا۔ وہ اس سے ایک ایک جرم کا حساب لے لینا چاہتا تھا۔ مگر ضبط سے پیچھے ہٹتے اس نے آغا علی کو اسے گھر سے نکالنے کا حکم دے دیا تھا۔

اور تب ہی جمیلہ دادو آ گئی تھیں۔ انہوں نے فارس کو روک دیا تھا۔

''یہ آپ کیا کر رہی ہیں ممی؟'' آنکھوں میں وحشت لیے وہ بے یقین سا کھڑا رہ گیا تھا۔

''ماں بننے والی ہے!'' ان کی آنکھیں رو رو کر سوجی ہوئی تھیں۔ چہرہ اترا ہوا تھا۔ بیٹے کے غم سے نڈھال وہ برسوں کی بیمار لگ رہی تھیں۔ وہ حماد کی اولاد کو کھونا نہیں چاہتی تھیں۔ وہ عدینہ زبیر کو اس گھر میں رکھنے کے لیے تیار تھیں۔

''آپ اسے جانتی بھی ہیں ممی!'' اس کی رگیں ابھری ہوئی تھیں۔ ''غور سے دیکھیں کون ہے یہ۔''

''فارس!'' وہ سسک پڑیں۔

''ممی! یہ عورت ایک بربادی ہے۔''

وہ ہتھیلیوں پر سر گراتی صوفے پر بیٹھ گئیں۔ وہ رو رہی تھیں۔ ان کا دل پھٹ رہا تھا۔ انہیں اپنے بیٹے کی یاد آ رہی تھی۔

''فارس...... حماد نے مجھے...... اس نے بھڑکایا۔''

''ایک لفظ نہیں۔'' اب کے بہت ضبط اور تحمل سے اپنے غصے کی آگ میں جھلستے ہوئے وہ اس کی طرف مڑا۔ اس کی آنکھوں میں شعلے نظر آ رہے تھے۔

''کتنے پیسے چاہئیں تمھیں؟'' قریب پہنچ کر سنسناتی ہوئی آواز میں پوچھا۔ اس کی آنکھوں کا قہر بھرا

تاثراس لمحے عدینہ زبیر کی ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ دوڑا گیا۔فارس اب وہ نہیں تھا جسے وہ جانتی تھی۔

''فارس...... یہ تم کیا کہہ رہے ہو۔میں یہاں...... اس لیے نہیں آئی۔''

''تمہاری قیمت بہت آسانی سے لگ جاتی ہے۔بتاؤ اب کتنے میں بکنا چاہتی ہو؟''

وہ کرخت لہجے میں پوچھا جانے والا سوال عدینہ زبیر کے منہ پر زناٹے دار تھپڑ کی طرح لگا۔پھٹی پھٹی آنکھوں سے وہ اسے دیکھ کر رہ گئی۔ذلت کی توقع تھی۔مگر وہ اسے اپنی نظروں میں اتنا گرا دے گا۔اس کی توقع نہیں تھی۔

''حد میں رہو۔''بے عزتی برداشت نہ ہوئی۔

''حد میں تم رہو۔''درشتی سے بات کاٹ کر اس نے انگشت شہادت لہرائی۔

''دوبارہ اس گھر میں آئیں تو میں بھول جاؤں گا تم ایک عورت ہو۔پھر میں تم سے،تمہارے حساب سے نمٹوں گا۔''

اس کی کرخت آواز،سخت لہجہ،اورانداز......

''ناؤ گیٹ آؤٹ......!''اس نے صدر دروازے کی طرف اشارہ کیا۔

''بہت پچھتاؤ گے تم!''آنکھوں میں آنسو لیے سخت لہجے میں کہہ کر وہ تن فن کرتی گھر سے نکل گئی تھی۔

بے عزتی کا غصہ ایک طرف،اپنی پلاننگ ناکام ہونے کا دکھ زیادہ تھا۔جو کچھ سوچ رکھا تھا،کسی طور ممکن نہ تھا۔فارس وجدان اس کے ہر راستے کی سب سے بڑی رکاوٹ تھا۔وہ اس بچے کے ہوتے ہوئے بھی کچھ حاصل نہیں کرسکتی تھی۔

تاہم اس نے بھی انتقام کا فیصلہ کرلیا۔ضد باندھ لی۔

''ایسے ہے تو پھر ایسے ہی سہی۔''

ابارشن کا ارادہ ایک بار پھر کر کے ترک کر دیا۔بچے کو دنیا میں لا کر فارس کی زندگی جہنم بنائی جا سکتی

تھی۔ وہ اس کا مقابلہ ایسے ہی کر سکتی تھی۔ اپنی تذلیل کا بدلہ ایسے ہی لے سکتی تھی۔

وہ اسلام آباد شفٹ ہوگئی۔ اس نے اپنے اور حماد کے تعلق کو پبلک کرنا شروع کر دیا۔ وہ ایلیٹ کلاس کے لوگوں میں اٹھنے بیٹھنے لگی۔ دوستیاں بنانے لگی۔ خبریں پھیلانے لگی۔ وہ شیرازی انٹر پرائز ز کے سی سی او فارس وجدان کی پہلی بیوی ہے۔ اس سے طلاق لے لی۔ وہ تشدد کرتا تھا تبھی اسے چھوڑنا پڑا۔ حماد شیرازی نے اس کی جان بچائی۔ حماد شیرازی نے ہی اسے سہارا دیا۔ وہ اس کا امیج جتنا خراب کر سکتی تھی، اس نے کیا۔ جتنی افواہیں پھیلا سکتی تھی اس نے پھیلائیں۔ جتنی باتیں وہ اس کے کردار پر کر سکتی تھی، کرتی رہی۔ اس نے اپنی شادی کی تصاویر کسی ویب سائٹ پر ڈال دیں۔ خیال تھا اب کے فارس اسے ضرور اپروچ کرے گا مگر وہ اس کی کسی بھی بات پر کوئی ردعمل نہیں دے رہا تھا۔

ڈلیوری کے بعد وہ بچہ لے کر اس کے آفس گئی۔ وہاں ملاقات نہ ہوئی تو وہ گھر پر گئی۔ گھر میں کوئی نہ تھا۔ جمیلہ داؤد کو فالج اٹیک ہوا تھا۔ وہ ہاسپٹل میں تھیں۔ اس نے ایک ماہ کے انتظار کے بعد ریان کی تصاویر جمیلہ داؤد تک بھجوا دیں۔

وہ برے حالات میں ہے۔ وہ بچے کے ساتھ شیرازی ہاؤس میں آنا چاہتی تھی۔

ایک اور وار...... ایک اور کوشش......

کمزور ہدف جمیلہ داؤد ہی تھیں۔ وہ ان کے احساسات کا فائدہ اٹھانا چاہتی تھی۔ مگر دوسری طرف بھی فارس وجدان ہی تھا۔ مضبوط چٹان کی طرح ایستادہ۔ جمیلہ داؤد کو اس کی پہنچ سے دور رکھے ہوئے۔

گمان تھا اپنے پوتے کی تصاویر دیکھنے کے بعد وہ ضرور اس سے رابطہ کریں گی مگر ان کی طرف سے خاموشی تھی۔ غالباً وہ فارس وجدان کے آگے بے بس ہوگئی تھیں۔

اس رات وہ گھر پہنچی تو اس نے حیدر کو اپنے فلیٹ کے دروازے پر کھڑے ہوئے پایا۔ اس کے ہاتھوں میں ایک بیگ تھا۔ پیسوں سے بھرا ہوا۔

اتنی خطیر رقم دیکھ کر وہ چند لمحوں کے لیے سکتے میں آ گئی تھی۔

"یہ کافی ہے یا کچھ اور بھی چاہیے۔" وہ کھردرے لہجے میں پوچھ رہا تھا۔ وہ آنکھوں میں سرد مہری کا تاثر لیے حیدر کو دیکھ رہی تھی۔ وہ جیسے فارس وجدان کی اگلی چال کو سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی۔

"تمہارا صاحب کیا چاہتا ہے، میں لوگوں کو اس کی اصلیت نہ بتاؤں؟"

"صرف ایک ہی مطالبہ ہے۔ آج کے بعد آپ جمیلہ میم سے رابطے کی کوشش نہیں کریں گی۔"

وہ لب بھینچ کر اسے دیکھتی رہ گئی۔

"اور حماد کا بیٹا......"

"فارس صاحب اس سے کوئی تعلق نہیں رکھیں گے۔"

وہ آنکھوں میں سختی لیے چند لمحوں تک اسے دیکھتی رہی۔ رقم بہت زیادہ تھی۔ انکار نہیں کرنا چاہتی تھی۔ سودا منظور کر لیا۔ جمیلہ داؤد سے رابطہ کرنے میں ویسے بھی کوئی فائدہ نہیں تھا۔ اب سب معاملات فارس وجدان کے ہاتھ میں تھے۔ اس نے پیسے رکھ لیے۔ اپنے دو ماہ کے بچے کو اپنی ماں کے پاس چھوڑ کر لندن چلی گئی اور بھول گئی ایک بیٹا بھی ہے۔ وقفے وقفے سے اس کی ماں کی کال آ جاتی۔ وہ بچے کی وجہ سے بہت پریشان تھیں۔

"میں ریان کی دادی سے رابطہ کرنا چاہتی ہوں۔"

"اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ ریان کا چچا آپ کی بات نہیں ہونے دے گا۔" وہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی اپنے بال بنا رہی تھی۔

"تمھارے بھائی بہت پریشان کر رہے ہیں عدینہ! تم ریان کو اپنے پاس کیوں نہیں بلا لیتیں؟"

"میں یہاں مصروف ہوں۔ جاب کر رہی ہوں۔ بچہ نہیں سنبھال سکتی۔"

وہ بار بار کال کرتیں اور ان کا مطالبہ ایک ہی ہوتا۔

"میں ریان کو اس کے ددھیال بھیجنا چاہتی ہوں!" انہوں نے فیصلہ کر لیا تھا۔

"بھیجنا چاہتی ہیں تو بھیج دیں۔ لیکن یاد رکھیں۔ وہ اسے مار دے گا۔"

اس نے اس قدر سخت جملہ کہا، وہ اپنی جگہ دہل گئیں۔

"یہ کیا کہہ رہی ہو تم؟"

"اس نے اپنے بھائی کی جان لے لی، بچے کو کیوں بخشے گا؟"

کئی دنوں تک اس کی ماں عجیب کشش و پنج میں مبتلا رہیں۔ گھر کے حالات کچھ تنگ تھے۔ بچہ بیمار تھا۔ مجبوراً خرچے کے لیے رابطے کی کوشش کی۔ اپنا پیغام ایک ملازم کے ذریعے اس تک پہنچا دیا۔ جمعہ کی شب ہی دروازے پر دستک ہوئی۔ باہر سیاہ گاڑی کھڑی تھی۔ کوئی شخص انہیں پیسے دینے آیا تھا۔ ماہانہ خرچا ریان شیرازی کے لیے اس کے چچا کی طرف سے تھا۔ ان کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو آ گئے۔ فوری شکریہ ادا کیا۔

پیسوں کا آنا ہی تھا کہ وہ گھر جو اپنی ماں پر اس لیے تنگ پڑ رہا تھا کہ وہ عدینہ کے بچے کو سنبھالے ہوئے تھیں، ایک دم سے کشادہ ہو گیا۔ بہوؤں کا رویہ اچھا ہو گیا۔ بیٹے مؤدب ہو گئے۔ اب اس ننھے سے وجود کے لیے کسی کا دل تنگ نہ تھا۔ انہوں نے فون پر عدینہ سے دوبارہ کوئی شکایت نہ کی۔

ماں کے انتقال پر وہ پاکستان آئی اور ریان سے ملے بغیر ہی چلی گئی۔ اس کے بھائیوں نے بھی بچے کے حوالے سے کوئی دباؤ نہ ڈالا کہ خرچا باقاعدگی سے مل رہا تھا۔ جسے گھر والے اب اپنی شہ خرچیوں پر اڑانے لگے تھے۔ گاڑی خرید لی۔ فرنیچر بدل لیا، ٹائلز لگوالیں۔ کاروبار شروع کر دیا گیا۔ بھائیوں کے حالات بدل گئے مگر اس نے پلٹ کر ریان کی کوئی خبر نہ لی۔ اسے اب اپنے بچے سے کوئی سروکار نہ تھا۔ وہ اپنی زندگی میں مصروف ہو چکی تھی۔

اور اب پورے ایک سال بعد وہ اپنی بھتیجی کی شادی پر بھائیوں کے گھر آئی تھی۔ وہم و گمان میں

بھی نہ تھا کہ اس گھر میں اس کی ملاقات جنت کمال سے ہو جائے گی۔

جنت کمال...... فارس وجدان کی دوسری بیوی۔ وہ وہاں ریان سے ملنے آئی تھی۔ بیرونی دروازے سے اندر برآمدے میں رکھی چارپائی پر بیٹھے اس کی نظر جیسے ہی عدینہ پر پڑی تھی، وہ صدمے میں چلی گئی تھی۔

''یہ...... یہ کون ہے؟''

''یہی تو ریان کی امی ہے۔'' روبی نے بتایا اور جنت کے حواسوں پر جیسے بجلی آ گری۔ عدینہ زبیر کی آنکھوں میں بے یقینی تھی۔ قدم اٹھاتی اس کے سر پہ پہنچ گئی۔

''تم یہاں کیا کر رہی ہو؟''

جنت کے لیے وہاں کھڑے رہنا مشکل ہو گیا تھا۔ وہ اسے کوئی بھی جواب دیے بنا سرعت سے قدم اٹھاتی گھر سے نکل گئی تھی۔

''یہ یہاں کیا کر رہی تھی۔ کیوں آئی تھی وہ یہاں؟'' کچھ اور سمجھ میں نہ آیا تو مشتعل ہو کر روبی پر برس پڑی۔

''وہ جی...... ریان سے ملنے آئی تھیں۔''

عدینہ اپنی جگہ تھم گئی۔ اسے اپنے اندر خطرے کی گھنٹی محسوس ہوئی۔

''کیا وہ اس بچے کو اپنے ساتھ رکھنے کو تیار ہیں؟''

اس کا سر بے اختیار نفی میں ہلا۔ فارس اس کی اولاد کو کبھی قبول نہیں کر سکتا تھا۔

''اور اگر کر لیا تو؟'' ساری رات وہ بے چین رہی۔ صبح اٹھتے ہی اس نے گھر والوں کو اپنا فیصلہ سنا دیا۔ اسے ضروری کام سے کراچی جانا تھا۔ ریان کو فی الحال وہ ساتھ نہیں لے جا سکتی تھی مگر واپسی پر وہ اسے اپنے ساتھ رکھے گی۔

اس کے بھائیوں کو اس کے فیصلے پر اعتراض ہوا۔ بچے کو وہ اپنے ساتھ ہی رکھنا چاہتے تھے۔ ذرا سی بحث کے بعد بات ختم ہوگئی تھی۔ اس کی اولاد تھا وہ۔ اسے اپنے ساتھ رکھنے کا حق صرف اس کے پاس تھا۔ وہ کراچی چلی گئی۔

ایسا کیسے ممکن تھا؟

وہ شخص جو اس سے شدید نفرت کرتا تھا، اس کی اولاد کو کیسے رکھ سکتا تھا؟

ہو کیا رہا تھا؟

یہ کیسی چال تھی جو وہ چل رہا تھا؟

اس کے لیے صبر مشکل ہو رہا تھا۔ وہ پہلی فرصت میں اسلام آباد جانا چاہتی تھی۔

''وہ ریان کو اپنے ساتھ رکھے گی۔ وہ ریان کو اپنے ساتھ لندن لے جائے گی۔'' اس نے اچانک ہی فیصلہ کرلیا تھا۔

☆......☆......☆

جنت دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئی تھی۔

کشادہ سا وی آئی پی روم ونگ جس کی دیوار گیر کھڑکیوں پر پردے گرے ہوئے تھے۔ تمام سہولیات سے مزین کمرہ نیم تاریکی میں ڈوبا ہوا تھا۔ صرف وہی حصہ روشن تھا جہاں مسز شیرازی کا آئی سی یو بیڈ رکھا تھا۔ اس کی نگاہیں فارس کی تلاش میں مشرقی دیوار کی طرف اٹھ گئی تھیں۔ وہ صوفے پر بیٹھے بیٹھے ہی سو گیا تھا۔ آہستگی سے دروازہ بند کرتی وہ اس کے پاس ہی چلی آئی۔ لنچ باکس اور پرس اس نے میز پر رکھ دیا۔ شال اتار کر اس پر پھیلا دی۔ گردن ایک طرف کو جھکی ہوئی تھی۔ اس نے بے حد احتیاط سے سیدھا کرنا چاہی اور اس کی آنکھ کھل گئی۔ جس طرح سے جھکی ہوئی تھی، گھبراہٹ کے عالم میں فوراً سے سیدھی ہوگئی۔

وہ آنکھیں مسلتا سیدھا ہو بیٹھا۔

بال پیشانی پر بے ترتیبی سے بکھرے ہوئے تھے۔ آنکھیں سوجن کا شکار لگ رہی تھیں۔ کلائی موڑ کر وقت دیکھا۔ رات کے نو بج رہے تھے۔ پھر سر اٹھا کر اسے دیکھا۔ وہ یہاں کیا کر رہی تھی؟ سات بجے وہ اسے ریان کے ساتھ گھر بجوا چکا تھا۔

''کچھ کھا لو۔'' وہ بیگ کھول رہی تھی۔ کور پیپر ہٹا کر برگر اس کے داہنے ہاتھ میں تھما دیا۔ فرنچ فرائز باکس بھی کھول کر پیش کر دیا۔

کچھ دیر تک وہ بیٹھا رہا۔ پھر اس نے آہستگی سے بائٹ لیا تو اس نے بیگ سے کین کی بوتل نکالی۔ ڈھکن کھول کر میز پر رکھ دیا۔

وہ اس کی آنکھوں میں تھکان اور فکر دیکھ سکتا تھا۔ شرمندگی، پچھتاوا، دکھ......

اس کے چہرے پر ہر تحریر نظر آ رہی تھی۔ وہ سامنے بیٹھی تھی تو اضطراب ابھی بھی نمایاں ہو رہا تھا۔ اس نے نظریں ہٹا لیں۔

وہ مسز شیرازی کے پاس کچھ دیر تک بیٹھی رہی تھی، پھر وہ اس کے پاس آ گئی تھی۔

''نیچے کینٹین سے کافی لے آؤں؟'' وہ اب اس سے پوچھ رہی تھی۔ اسے سر درد کی گولی تو نہیں چاہیے؟ کسی چیز کی ضرورت تو نہیں۔ وہ نفی میں سر ہلاتا کھڑکیوں کے پاس جا کھڑا ہوا۔ گویا مزید کسی سوال کی چاہت نہ تھی۔

وہ کچھ دیر تک انگلیاں مسلتی بیٹھی رہی۔ معافی، معذرت، دکھ اور پچھتاوے...... وہ اس سے بات کرنا چاہتی تھی، مگر کر نہیں پا رہی تھی۔

''ریان کی چوٹ کیسی ہے؟''

اس نے چونک کر سر اٹھایا۔ فارس پوچھ رہا تھا۔ وہ اس کے سوال پر لمحے بھر کے لیے تعجب میں آئی تھی۔

"جی از فائن!" اس نے جواب دیا۔ "ڈاکٹر نے کہا اس کا ہاتھ جلد ٹھیک ہو جائے گا۔"

گھر جانے سے پہلے اس کا چیک اپ ہوا تھا۔ ہاتھ پر بینڈ یج لگی تھی۔ کافی خوف زدہ تھا۔ اور بہت پریشان بھی کیا تھا۔ ابھی بھی وہ اسے گھر میں بہت مشکل سے سلا کر آئی تھی۔ مدحت نہ ہوتی تو وہ دوبارہ ہاسپٹل بھی نہ آ پاتی۔

اپنے سوال کا جواب لے کر وہ دوبارہ رخ موڑ گیا۔

وہ اس کی پشت کو دیکھتی رہی۔ ایک بار پھر دل چاہا، اٹھ کر جائے، اس کا ہاتھ پکڑے اور بات کرے۔ معافی ہی تو ہے، مانگ لے۔ یہ جو دوری سی آگئی ہے، مٹ جائے گی۔ اور یہ جو اجنبیت سی ہے، ختم ہو جائے گی۔

وہ جیبوں سے ہاتھ نکالتا واپس آ گیا۔ اس نے ہمت مجتمع کرتے کچھ کہنے کو سر اٹھایا۔ مگر وہ کاؤچ سے اپنی جیکٹ اور موبائل اٹھاتا اسی لمحے روم سے چلا گیا۔

وہ آنکھوں میں نمی لیے، اپنی جگہ بیٹھی رہ گئی تھی۔

فارس وجدان ریان شیرازی کو گھر میں لے آیا تھا۔ مگر جو دراڑ ان کے بیچ آ چکی تھی، اسے بھرنا اب اسے مشکل سا لگ رہا تھا۔ شاید یہ خوف ہی تھا جو اسے پرے دھکیل رہا تھا۔ یا وہ دکھ جو وہ اسے دے چکی تھی۔ مسز شیرازی کی اس حالت کی ذمہ دار وہ خود تھی۔ نچلا لب کاٹتے آنکھیں مسل ڈالیں۔ جانے کچھ ٹھیک ہوگا بھی یا نہیں۔ اس کی تو اب بات کرنے کی ہمت بھی نہیں ہو رہی تھی۔

☆......☆......☆

ان کے حواس بیدار ہوئے تو انہوں نے جنت کو دیکھا۔

نیلگوں روشنی میں وہ اس کی آنکھوں میں آنسو اور لبوں پر نرم مسکراہٹ دیکھ سکتی تھیں۔

"اب آپ کی طبیعت کیسی ہے؟" مدھم آواز میں ان کے گال پر ہاتھ رکھتے ہوئے پوچھا۔

انہوں نے آہستگی سے سر کو جنبش دی تھی۔ آنکھیں کچھ بوجھل، اور وجود بھاری تھا۔ نگاہیں فارس کی تلاش میں یہاں وہاں بھٹکی تھیں۔ جنت نے پردے کھینچ کر ہٹا دیے۔ ان کا بیڈ سٹنگ پوزیشن میں ایڈجسٹ کیا۔

"فارس کہاں ہے؟" نحیف آواز میں بمشکل لفظ ادا کرتے ہوئے پوچھا۔ ساری طاقت جیسے ختم ہو کر رہ گئی تھی۔ نہ صدمہ کم تھا، نہ جھٹکا کم تھا۔ کمزور دل پر وہ سچویشن بے حد بھاری پڑی تھی۔

"باہر گیا ہے۔" جھک کر بے حد آہستگی سے کہا۔ جب سے انہیں روم میں شفٹ کیا گیا تھا، وہ ان کے ساتھ ہی تھا۔

سائیڈ ٹیبل پر نرس ان کا لنچ رکھ رہی تھی۔ پاس ہی بیٹھ کر وہ اپنے ہاتھوں سے انہیں سوپ پلانے لگی۔ ساتھ میں بولتی بھی جا رہی تھی۔ "زندگی کتنی خالی سی ہے۔ گھر کتنا ویران ہو گیا ہے۔ اس کا تو اب کہیں دل بھی نہیں لگتا۔"

"آپ گھر میں نہیں ہیں تو ہم بھی بے گھر ہو گئے ہیں۔"

آنکھیں نم تھیں۔ مسکرانا چاہا، مسکرا نہ سکیں۔ بہت سی باتیں یاد آ رہی تھیں۔ فارس کا وجود آنکھوں میں ٹھہر گیا تھا۔ اس کا غصہ، اشتعال۔ انہوں نے خشک لبوں کو تر کرتے آنکھیں موند لی تھیں۔ وہ سچویشن تصور میں بھی دل پر بھاری پڑنے لگی تھی۔

"آپ کو کسی سے ملوانا چاہتی ہوں۔" لنچ کے بعد اس نے کہا۔

کچھ ہی دیر بعد دروازہ کھول کر مدحت اندر آئی تھی۔ اس نے چھوٹے سے بچے کو اٹھا رکھا تھا۔ ان کی آنکھوں میں ناسمجھی کا تاثر ابھرا۔ دوسرے پل حیرت اور پھر بے یقینی کا۔

"یہ ریان ہے۔ ریان شیرازی......"

جنت نہ بھی بتاتی تو وہ پہچان گئی تھیں۔ وہ ان کے حماد کا بیٹا تھا۔ ان کا دل ایک دم سے ڈوبنے

لگا۔ بے اختیار اٹھنے کی کوشش کی۔ اٹھ نہیں سکتی تھیں۔

جنت نے ریان ان کے حوالے کر دیا۔ اس نے سفید شارٹس پر آسمانی رنگ کی شرٹ پہنی ہوئی تھی۔ بال سلیقے سے جمے ہوئے تھے۔ دودھیا رنگت...... بڑی بڑی آنکھیں تو ان کے جیسی تھیں۔ اس میں انہیں حماد کی شبیہ نظر آئی۔ اس کا ماتھا چوما۔ اس کی خوشبو کو اندر اتارا۔ رونے لگیں۔

''آنٹی!'' جنت نے فکرمندی سے پکارا۔ ریان ان کے سینے پر سر رکھے، بہت خاموش، پرسکون سا تھا۔

''کون لایا ہے اسے؟'' وہ کپکپاتی آواز میں پوچھ رہی تھیں۔

''فارس لایا ہے۔''

سماعت پر لمحے بھر کے لیے یقین نہیں آیا۔

دکھ اور اذیت انگ انگ میں اتر گئی۔

''آپ کے لیے لایا ہے۔''

ریان ایک دم سے رونے لگا تو مدحت اسے اٹھائے باہر چلی گئی۔

کمرے میں مکمل خاموشی تھی اب۔ تاریکی بھی تھی۔ وہ تاریکی جو بہت اندر تک اتر رہی تھی۔ خوشی کا احساس ایک طرف، دل پر ایک بھاری بوجھ سا پڑ رہا تھا۔ کچھ ہی دیر میں نرس آ گئی تھی۔ جنت ان کے پاس تب تک بیٹھی رہی جب تک کہ وہ اپنی ادویات کے زیر اثر سو نہیں گئی تھیں۔

دوبارہ آنکھ کھلی تو کمرے میں صرف فارس تھا۔ وہ ان کے پاس ہی کرسی پر بیٹھا ہوا تھا۔ ان کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیے، انہیں دیکھتا ہوا۔ جانے کب سے وہ وہاں بیٹھا ہوا تھا۔ منتظر سا۔

طبیعت میں پہلے سے کچھ بہتری تھی کہ اب وہ انگلیوں کو حرکت دے پا رہی تھیں۔ فارس کو اپنے ہاتھ پر ان کی گرفت بڑھتی ہوئی محسوس ہوئی۔ اٹھ کر پاس بیٹھ گیا۔

وہ اپنے بیٹے کو دیکھتی رہیں۔ جانے کن طوفانوں سے لڑ کر آیا تھا وہ۔ لبوں پر کپکپاہٹ سی ٹھہر گئی۔ بہت کچھ کہنا چاہتی تھیں، پر کہہ نہیں پا رہی تھیں۔

''ممی!'' نفی میں سر ہلایا۔ جیسے وہ ان کی آنکھوں میں آنسو نہ دیکھنا چاہتا ہو۔

''بہت بڑی قربانی مانگ لی میں نے تم سے۔'' ان کی آواز بھیگی ہوئی تھی۔ ''بہت بڑے امتحان میں ڈال دیا ہے میں نے تمہیں۔''

نفی میں سر ہلاتے انہیں مزید کچھ کہنے سے روک دیا۔

''سب کچھ لے لیں۔ سارے امتحان، ساری قربانیاں، لیکن چھوڑ کر مت جائیں مجھے۔'' اس کی آواز جذبات کی شدت سے کپکپائی۔

''آئم سوری بیٹا! آئم ریئلی سوری!'' ان کی آواز لرز رہی تھی۔

اس نے ان کے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر، ان کی آنکھوں میں دیکھا۔

''کیا آپ میرے لیے اتنا نہیں کرسکتیں؟ اپنی بیماری سے نہیں لڑسکتیں؟''

انہوں نے اس کے گال پر اپنا ہاتھ رکھا۔

''آئم سوری، پتا نہیں کیا ہوا مجھے۔'' اسے اس حال میں دیکھ کر یوں بولیں جیسے بے حد شرمندہ ہوں۔ ان کی طبیعت خراب کیوں ہوئی، انہوں نے اپنے بچوں کو پریشان کیوں کر دیا۔

وہ اب اسے دیکھ رہی تھیں۔ بہت غور سے۔ بہت دکھ اور کرب سے۔ بظاہر وہ ٹھیک لگ رہا تھا۔ اس کی آنکھیں مسکراہٹ کا ساتھ دے رہی تھیں۔ پھر بھی ان کا دل واہموں میں گھرا ہوا تھا۔ انہیں تکلیف ہو رہی تھی۔

''فارس!''

''جی ممی!''

وہ اب اس کی آنکھوں میں دیکھ رہی تھیں۔ بہت غور سے، سنجیدگی سے، فکرمندی سے۔ وہ جو اس کے اندر کی حکایتوں کو اکثر بھانپ لیا کرتی تھیں، آج ناکام ہو رہی تھیں۔

''کیا تم ٹھیک ہو؟'' ان کے لب ہلے۔

اس نے کچھ حیران ہو کر اپنی ماں کو دیکھا۔ پھر اثبات میں سر کو جنبش دی۔

انہیں یہ جواب نہیں چاہیے تھا۔

''کیا بات ہے ممی! آپ پریشان کیوں لگ رہی ہیں؟''

انہوں نے کئی آنسو اپنے اندر اتار لیے۔

''میں اپنے بیٹے سے پوچھ رہی ہوں، کیا وہ ٹھیک ہے۔''

زردی مائل مدھم سی روشنی میں ان کی آنکھوں میں آنسو نمایاں ہو رہے تھے۔ بہت ضبط سے پوچھ رہی تھیں۔ بہت کرب سے گزر رہی تھیں۔ ریان شیرازی اس کے گھر میں تھا، اس کی نظروں میں تھا۔ وہ اس کے دکھ، اس کے کرب سے واقف تھیں۔

''اگر، اگر بہت مشکل ہو رہا ہو تو تم مجھے بتا سکتے ہو۔ میں نہیں چاہتی کہ میرا بیٹا کسی تکلیف سے گزرے۔'' بھاری دل سے، بے بس ہو کر، کہہ دیا۔ ان کی کپکپاتی انگلیوں کی گرفت بہت مضبوط ہونے لگی۔ وہ انہیں دیکھ رہا تھا۔

''میں ٹھیک ہوں ممی!'' مسکرا کر بولا۔ اس کی مسکراہٹ انہیں آنکھوں میں بھی نظر آئی۔ حزن میں ڈوبی ہوئی۔

''کیسے؟ وہ ٹھیک کیسے ہو سکتا ہے؟ جس بچے کا وہ نام تک نہیں سننا چاہتا تھا، اس بچے کو وہ گھر میں کیسے لا سکتا ہے۔ اس طرح، اچانک کیا ہوا تھا۔ کیا وہ ان کی وجہ سے اس فیصلے پر مجبور ہوا ہے؟ کیا وہ ایک بار پھر کسی آزمائش سے گزر رہا ہے؟ اپنے آپ کو مار رہا ہے؟''

"تم ریان کو لے آئے۔" ان کے لب ہلے۔ وہ جیسے اب سمجھا تھا انہیں کس بات کا خوف تھا، کس بات کی فکر لاحق تھی۔ وہ اپنے آپ میں جیسے اب تھما تھا۔

منظر ذہن میں ابھر آیا۔ اس رات کی تاریکی آنکھوں میں اتر آئی۔ جان گیا وہ کیا سوچ رہی تھیں۔ کیا پوچھ رہی تھیں۔

وہ کچھ دیر تک چپ رہا۔ احساسات بتانے کو نہ مناسب لفظ تھے، نہ کوئی بات ذہن میں آ رہی تھی۔

"میں نہیں چاہتا شیرازی خاندان میں کوئی اور فارس ہو۔"

جمیلہ داؤد کی آنکھوں میں آنسو تھم گئے۔ اپنی جگہ ٹھہری گئیں۔ توقع نہیں تھی ایسا جواب ملے گا۔ جو وضاحت ہوگی، وہ اتنی مختصر ہو کر بھی دل پر نقش ہو جائے گی۔ اس کا ماضی، اب ان کے سامنے آ رہا تھا۔

"آپ چاہتی تھیں، میں اسے خود لے آؤں، میں اسے لے آیا ہوں۔"

پلکوں کی باڑ پھلانگتے آنسو ان کے گالوں پر پھسل گئے۔ لبوں میں جنبش ہوئی پر کچھ کہہ نہ سکیں۔

"وہ آپ کا ہے، آپ کے پاس ہی رہے گا، مجھے معاف کر دیں کہ میں آپ دونوں کے درمیان آ گیا۔"

ان کا دل ایک دم سے بھاری ہوا۔

"نہیں، تم درمیان میں نہیں آئے۔" نفی میں دوبارہ سر ہلایا۔ "میں نے تمہیں چنا تھا، میں نے تمہارے ساتھ رہنے کا فیصلہ کیا تھا۔ میں تم دونوں کو ساتھ دیکھنا چاہتی تھی۔" نہ چاہتے ہوئے بھی وہ رو پڑیں۔ "میں مرنے سے پہلے تمہیں اور ریان کو ساتھ دیکھنا چاہتی تھی۔"

"ممی پلیز! ایسے تو مت کہیں۔" تڑپ کر انہیں روکا۔ "آپ مجھ سے موت کی کوئی بات نہیں کریں گی۔" واضح کر دیا۔ مگر وہ بہت حساس ہو رہی تھیں۔

"ممی! آپ پھر سے رو رہی ہیں۔" وہ فکرمند ہوا۔ "ڈاکٹر نے آپ کو اسٹریس لینے سے منع کیا ہے۔"

انہوں نے آنسو صاف کرتے ہوئے خود کو سنبھالا۔ گہری سانس لی۔ فارس کی آنکھوں میں دیکھا۔

الحمدللہ! کتنی بڑی خوشی مل گئی تھی انہیں۔ جو کبھی سوچا بھی نہ تھا۔ وہ ہو گیا تھا۔

''آپ بس ٹھیک ہو جائیں۔'' ان کی آنکھوں میں دیکھتے تاکید کی۔

''میں اب بالکل ٹھیک ہوں۔ مجھے تم ابھی گھر لے چلو۔''

اور وہ دھیرے سے ہنس دیا۔ ''یہ کام تو ڈاکٹر کی اجازت سے ہی ہو سکتا ہے۔''

وہ نم آنکھوں کے ساتھ مسکرا کر رہ گئی تھیں۔

☆......☆......☆

اگلے دن جنت آئی تو ریان بھی ساتھ ہی تھا۔ وہ پہلے سے قدرے بہتر تھیں۔ ریان کو گود میں لیے اس کا منہ چومتی رہیں۔ باتیں کرتی رہیں۔ اس کے ہاتھ پر بینڈ ایج لگی تھی۔ ٹھوڑی پر بھی نشان نظر آ رہا تھا۔ پیشانی پر بھی۔ اس عمر کے بچوں کو، ایسی چوٹیں تو نہیں لگتیں۔ اس کا ننھا سا ہاتھ پکڑ کر رونے لگیں۔ دادی تھیں۔ دل جان گیا تھا اس کا ننھیال میں خیال نہیں رکھا جاتا۔ جنت نے انہیں تسلی دی تھی کہ اب تو وہ گھر آ گیا ہے۔

ان سے بات کرتے ہوئے اس نے گردن موڑ کر کمرے میں نگاہ دوڑائی۔ فارس کا موبائل والٹ وہیں رکھا تھا۔ مگر وہ خود وہاں نہیں تھا۔ وہ جب بھی ہاسپٹل آتی تھی، وہ کہیں نہ کہیں چلا جاتا تھا۔

مسز شیرازی سے باتیں کرتی ان کے پاس ہی بیٹھی رہی۔ جانے لگی تو وہ اسے راہداری میں بیٹھا ہوا نظر آیا۔ کھڑکی کے پاس ہی۔ سینے پر بازو باندھے۔ بالکل خاموش۔

وہ آنکھوں میں حزن کی نمی لیے کھڑی رہی۔ پھر آنسو صاف کرتی ریان کا ہاتھ تھامے جانے کے لیے مڑ گئی تھی۔

☆......☆......☆

جمیلہ داؤد ہاسپٹل سے ڈسچارج ہو کر گھر آ گئی تھیں۔ جو دوست احباب ہاسپٹل ملنے نہیں آ سکے

تھے وہ انہیں گھر پر ملنے آ رہے تھے۔ پھولوں کا ڈھیر تھا جوان کے کمرے میں لگ چکا تھا۔ مہمانوں کی خاطر مدارت میں وہ دن بھر مصروف رہی۔ سب سے آخر میں مسز عثمان گئی تھیں۔ ان کے جانے کے بعد مسز شیرازی اپنا پرہیزی کھانا کھانے کے بعد سو گئیں تو وہ باہر آ گئی۔ اس نے فارس کو کچن کی طرف جاتے دیکھا تو اس کے پیچھے وہیں آ گئی۔

''میں کھانا لگا دیتی ہوں۔''

''میں خود کر لوں گا۔'' سنجیدگی سے کہہ کر اس نے کیبنٹ کھول کر برتن نکالے۔ مائیکروویو میں پلاؤ گرم کیا، پلیٹ اٹھائے عین سامنے شیشے کی دیوار کے پاس رکھے صوفے پر جا بیٹھا۔ وہاں سے سوئمنگ پول اور عقبی لان کا وسیع و عریض منظر نظر آتا تھا۔

وہ لب کاٹ کر رہ گئی۔

''چائے پیو گے؟'' کافی تردد کے بعد وہ کچھ ہمت مجتمع کرتی اس کے پاس دوبارہ آئی۔ اس نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔ پیشانی پر بال بے ترتیبی سی لیے ہوئے تھے۔ قدرتی نم آنکھوں میں سرخ ڈوریاں نظر آ رہی تھیں۔

''خود بنا لوں گا۔''

رخ موڑ کر کھانا کھانے لگا۔ جنت نچلا لب کاٹ کر رہ گئی۔ کھانا کھانے کے بعد وہ چائے بنا کر اپنی اسٹڈی میں بند ہو گیا۔ گزشتہ کئی روز کا یہی معمول تھا۔ دونوں کے مابین اب کوئی بات نہیں ہوتی تھی۔ وہ کرنا بھی چاہتی تو فارس نظر انداز کر دیتا تھا۔ غلطی اس کی بھی تھی کہ اس نے ابھی تک اپنے رویے کی معافی نہیں مانگی تھی۔ کچھ دیر تک وہ یونہی بے مقصد راہداری میں ٹہلتی رہی۔ پھر کافی بنائی اور دروازے پر آہستہ سے دستک دیتی اندر داخل ہوئی۔ وہ سامنے ہی آفس ٹیبل پر لیپ ٹاپ کھولے بیٹھا تھا۔ اس پر نظر پڑتے ہی اس کی بھنویں غیر محسوس انداز میں سکڑ گئی تھیں۔

"مجھے کافی نہیں چاہیے۔" لیپ ٹاپ پر فارس کی انگلیاں تیزی سے متحرک رہیں۔ جنت نے مگ اس کے سامنے رکھ دیا۔

نچلا لب کاٹتے ہوئے وہ چند لمحوں تک اس کے پاس کھڑی رہی۔

"کیا ہم بات کر سکتے ہیں؟" نرمی سے پوچھا۔ جتنی دیر ہو چکی تھی، اب مزید نہیں کرنا چاہتی تھی۔

"میں مصروف ہوں۔" سرد سا لہجہ۔ جنت کی ہمت ختم ہونے لگی۔ جو لفظ ترتیب دے رکھے تھے، گم ہونے لگے۔ جو سوچ رکھا تھا وہ محو ہونے لگا۔

"صرف پانچ منٹ......" منت بھرے لہجے میں کہا۔

وہ سنی ان سنی کیے اپنا کام کرتا رہا۔

"پلیز......! فارس۔" کندھے پر ہاتھ رکھا تو اس نے لیپ ٹاپ بند کر کے اپنی آفس چیئر کا رخ اس کی طرف گھما دیا۔ سینے پر بازو باندھے اسے دیکھنے لگا۔ اس کی آنکھوں کا تاثر جنت کو پریشان کر گیا۔ ایسی سرد مہری تھی ان میں۔ اور ایسا خالی پن تھا جیسے ان میں کبھی کچھ تھا ہی نہیں۔

"آئم رئیلی سوری۔"

"کس لیے؟" اس کا لہجہ اجنبی سا تھا۔

"مجھ سے جو غلطی ہوئی۔" وہ بے حد شرمندہ تھی۔

"کیا تم سے بھی غلطی ہوتی ہے؟" اس کا سرد لہجے میں پوچھا جانے والا سوال اس کے اعصاب پر بھاری پڑا۔ وہ لب کاٹ کر رہ گئی۔

"میں مانتی ہوں میں نے تمہیں ہرٹ کر دیا، میں تمہاری اجازت کے بغیر......"

"میری اجازت کے بغیر......تم میرے بھتیجے کو میرے ہی ظلم سے بچانے گئی تھیں۔ اس میں یہ غلطی کہاں سے آ گئی؟"

جنت کمال لاجواب ہو کر رہ گئی۔ فارس وجدان نے اس کے لیے ہر حجت، دلیل کا جواز ہی ختم کر دیا۔ اس نے پلکیں جھپکا کر آنکھوں کی نمی کو دبایا۔

"فارس!"

"مجھے تمہارے وہاں جانے سے اب کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ پہلے تھا بھی تو اب نہیں ہے۔ یو مے لیو ناؤ!" اس نے لیپ ٹاپ دوبارہ کھول لیا۔ جنت نے آنسو ضبط کیے۔

"میں مانتی ہوں۔ مجھے تم پر بھروسا کرنا چاہیے تھا۔" اس کی آواز کمزور ہو رہی تھی۔

"میں تمہارے بھروسے کے لائق نہیں ہوں۔"

جنت کو اپنا دل مٹھی میں جکڑتا ہوا محسوس ہوا۔

"ایسے نہیں کرو پلیز! میں اپنی غلطی تسلیم کر رہی ہوں۔" مضطرب ہو کر کہا۔

"جب غلطی تھی ہی نہیں تو تسلیم کیا کر رہی ہو؟"

جنت کمال کچھ کہہ نہ سکی۔

"میں صرف آنٹی کے لیے وہاں گئی۔" لب ہلے۔ ہمت ختم ہو رہی تھی۔

"ہاں تو ٹھیک ہے۔ کیا میں اب کوئی شکوہ یا اعتراض اٹھا رہا ہوں؟"

وہ آنکھوں میں نمی لیے اسے دیکھ کر رہ گئی۔

"اب تم جا سکتی ہو۔" وہ اپنا کام کرنے لگا۔

وہ کچھ دیر تک کھڑی رہ گئی۔ پھر آہستگی سے قدم اٹھاتی اسٹڈی روم سے نکل گئی تھی۔

☆......☆......☆

سارا دن مسز شیرازی سے ان کی دوستیں ملنے آتی رہیں۔ ان کا موبائل اس کے پاس تھا۔ کالز وہ اٹینڈ کر رہی تھی۔ ان کی صحت یابی کے تمام پیغامات بھی وہی لکھ رہی تھی اور فارس کی موجودگی میں اپنے

آپ کو یہاں وہاں گم کر لینے کی جستجو بھی جاری تھی۔رات جو بات ہوئی تھی اس کے بعد سے وہ اس کا سامنا نہیں کر پا رہی تھی۔سختی، سرد مہری اور بے گانگی کا تاثر اس کی آنکھوں میں آنسو لا رہا تھا۔کتنی ہمت کر کے وہ اس کے پاس گئی تھی اور اس نے دو منٹوں میں ہی سب فنا کر دیا۔ایسی بات کہہ دی جسے رد کرنے کو کچھ باقی ہی نہ رہا۔

اب وہ کیسے یقین دلائے کہ وہ اس کے لیے غیر اہم نہیں ہے۔اس نے سوچا اور دماغ نے ایک لمبی سی چارج شیٹ دکھا دی۔

وہ اہم ہوتا تو وہ اس کی بات کو اہمیت دیتی۔اس کی ناراضی سے ڈرتی۔اس کا لحاظ کرتی۔جھوٹ نہ بولتی۔پلاننگ کر کے نہ جاتی۔سارا دن وہ دکھی اور پریشان سی رہی۔شام میں مسز شیرازی کے کمرے میں تھی جب وہ دستک دے کر اندر داخل ہوا۔اس کی دھڑکنیں تیز ہو گئیں۔موبائل سامنے کرتی اپنی نظریں جھکا گئی۔

ریان اس کی گود میں سر رکھے اپنا فیڈر پی رہا تھا۔اس کا بایاں ہاتھ اس کے بالوں میں چل رہا تھا۔ دوسرے ہاتھ سے ٹائپنگ ہو رہی تھی۔گاہے بگاہے وہ فارس کو بھی دیکھ لیتی۔وہ بیڈ پر ان کے پاس بیٹھا باتیں کر رہا تھا۔چہرے پر نرمی تھی۔مسکراہٹ بھی۔

اسی دوران اس کے موبائل پر آئمہ کا میسج آ گیا۔

''میں نے فارس بھائی کو سوری کا اتنا بڑا میسج لکھ کر بھیجا اور انہوں نے مجھے بلاک کر دیا۔'' ساتھ ہی روتے دھوتے ایموجی موصول ہوئے۔''مجھے ڈر لگ رہا ہے جنت...... بھائی کو پتا چلے گا تو وہ مجھے بہت ڈانٹیں گے۔''

اس نے چپکے سے اس کا واٹس ایپ کا کانٹیکٹ نمبر کھولا یہ جاننے کے لیے کہ کہیں وہ تو بلاک نہیں ہو گئی۔اس نے بھی تو کل رات ہی بات کی تھی اس سے۔

صد شکر کہ رینج روور کی ڈی پی نظر آ رہی تھی۔ دل کو سکون سا ملا۔
بلاک ہو کر زیادہ دکھ ہونا تھا اسے۔
''فارس بھائی کے ساتھ صلح ہو گئی؟'' اس نے اگلا سوال کیا۔ ان کے معاملات ٹھیک ہو گئے تو تلوار اس کے سر پر سے بھی ہٹ جائے گی۔
''ابھی تک تو نہیں۔'' اس نے کچھ مایوسی سے جواب لکھا۔
''تو انہیں مناؤ نا۔''
''کیسے مناؤں؟ وہ اب کوئی بات ہی نہیں کرتا۔''
''تم ان کے لیے کوئی گفٹ لو یا ڈنر ارینج کر لو۔'' اس نے بڑی فکرمندی سے اسے مشورہ دیا۔ اگلے ہفتے وہ اپنے بھائی کے پاس دبئی جا رہی تھی۔ اور چاہتی تھی اس سے پہلے ہی یہ معاملہ ٹھیک ہو جائے۔ بھائی کو فی الحال تو کچھ پتا نہیں تھا مگر فارس پر کیا بھروسہ۔ اس کے وہاں پہنچتے ہی فون کھڑکا دے۔
''گفٹ......!'' جنت کی آنکھیں چمکیں۔ ''یہ تو میرے ذہن میں ہی نہیں آیا۔ مجھے کیا لینا چاہیے؟''
''اب یہ بھی میں بتاؤں؟'' آئمہ کا صدمے بھرا جواب آیا۔
''گھڑی، پرفیوم یا پھر کف لنکس۔'' وہ سوچ میں پڑ گئی۔
''ڈیسائیڈ کر کے جلدی سے انہیں راضی کرو۔'' آئمہ کہہ رہی تھی۔
''تم تو جیسے اپنے فارس بھائی کو جانتی ہی نہیں ہو۔'' جنت چڑ گئی۔
''میں نہیں جانتی۔ تم تو جانتی تھی نا۔ پھر بھی انہیں ناراض کر دیا۔''
جنت کے لب بھنچ گئے۔ آئمہ سے بات کرنے کے بعد کچھ دیر تک سوچوں میں گھری وہیں بیٹھی رہی۔
ریان شیرازی اس کے پہلو میں بے خبر سو گیا تھا۔ وہ سر جھکا کر اسے دیکھنے لگی۔ اس کے آس پاس نہ کوئی شور تھا، نہ گرمی کی تپش۔ اس نے تو دودھ بھی سیر ہو کر پیا تھا۔ اس میں کوئی ملاوٹ بھی نہ تھی۔

اسے وہاں ڈانٹ بھی نہیں پڑ رہی تھی اور بچے اسے تنگ بھی نہیں کر رہے تھے۔اور اسے مار بھی نہیں رہے تھے۔اور روبی ذرا ذرا سی دیر بعد اسے بھول کر اور بھاگتے ہوئے پاس بھی نہیں پہنچ رہی تھی۔

جنت اسے دیکھتی رہی۔ جتنے سکون سے ریان سو رہا تھا، وہ بھی اس لمحے اتنے ہی سکون سے سونا چاہتی تھی۔مگر اس کا سکون اور آرام تو فارس وجدان کی ناراضی میں ہی ختم ہو کر رہ گیا تھا۔ گہری سانس لے کر اٹھ گئی۔ ریان کو مسز شیرازی کے پاس سلا کر باہر آئی تو فارس اسٹڈی روم میں تھا۔اس کے پاس جانے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی۔ بار بار اس کی باتیں ذہن میں آ رہی تھیں۔اس کا اجنبی سرد لہجہ دل میں خوف سا بٹھا رہا تھا۔ پتا نہیں سب کیسے ٹھیک ہوگا؟ وہ بے بسی سے بند دروازے کو دیکھ کر رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

اس کی آنکھ کھلی تو بیڈ پر جنت کو نہ پا کر فوراً سے اٹھ بیٹھا۔ ہاتھ بڑھا کر لیمپ آن کر دیا۔ ٹیبل کلاک پر وقت دیکھا تو ڈھائی بج رہے تھے۔

''یہ کہاں چلی گئی؟'' تیزی سے اٹھ کر وہ باہر آ گیا۔راہداری سنسان تھی۔کچن لائٹس آف۔نماز والے کمرے میں بھی کوئی نہ تھا۔مسز شیرازی کے کمرے میں بھی۔ وہ پریشانی کے عالم میں سرعت سے قدم اٹھاتا لائبریری تک گیا۔ڈرائنگ روم پھر عقبی دیوار کا شیشے کا دروازہ کھولتا دائیں طرف مڑا اور جھٹکے سے رک گیا۔ وہ اسے سامنے ہی بیٹھی دکھائی دی۔سوئمنگ پول کے عین سامنے۔ پول چیئرز پر بیٹھی۔ پلیٹ ایک ہاتھ میں۔دوسرے ہاتھ میں چمچ لیے۔مزے سے بریانی کھا رہی تھی۔کین پاس ہی رکھا تھا۔ اس پر نظر پڑی تو تاثرات بدل گئے۔ جس طرح وہ اسے دیکھ رہا تھا۔کچھ غصے سے تو اسے لگا وہ بری پھنسی۔کیا سوچے گا روتی آنکھوں کے ساتھ اسٹڈی روم سے نکلی تھی اور اب اتنے مزے سے کھلی فضا میں کھانا کھا رہی تھی۔

''میں سچ میں بہت دکھی ہوں۔'' اپنے حلق سے بمشکل نوالہ اتارتے ہوئے تیزی سے بولی۔

''مجھے بھوک لگ رہی تھی۔ میں نے سوچا تھوڑا سا کھا لیتی ہوں۔ ورنہ میں...... میرا مطلب ہے۔ سچ میں اس بات پر اداس ہوں کہ تم ناراض ہو۔''

''کیا میں نے کچھ کہا؟'' دانت پیس کر پوچھا تو وہ شرمندہ ہوگئی۔ وہ اسے سرد نگاہوں سے گھورتا واپس پلٹ گیا۔ کچن میں تپ کر فریزر کھولا۔ ڈرا ہی دیا تھا اس نے تو۔ اب رات کے اس پہر لان میں کھانا کون کھاتا ہے بھلا؟

''کیا تم میری فکر میں اٹھ کر آ گئے؟'' بے حد قریب سے آواز گونجی۔

''پانی پینے آیا ہوں۔''

''پانی تو کمرے میں بھی رکھا ہے۔''

دانت پیس کر واٹر بوتل کا ڈھکن کھولا۔ ''مجھے ٹھنڈا پانی چاہیے تھا۔''

''روم فریج میں بھی ٹھنڈا ہی رکھا ہے۔''

وہ ضبط کر کے مڑا۔

''کیا تمہیں مجھ سے کوئی مسئلہ ہو رہا ہے؟''

اس نے فوراً سے نفی میں سر ہلایا۔ ''مجھے بھلا کیا مسئلہ ہوگا؟ بھلے سے تم سوئمنگ پول کا پانی پیو، میں کون ہوتی ہوں اعتراض کرنے والی؟'' بہت سمجھ داری اور سنجیدگی سے اپنے لہجے کو ڈھالتے ہوئے بولی کہ مزید کوئی بدمزگی نہ ہو مگر اس کا آخری جملہ فارس کا پارہ چڑھا گیا۔

''یعنی میرا رات کو اٹھ کر پانی پینے کے لیے کچن میں آنا نارمل نہیں ہے؟''

''میں نے یہ کب کہا؟''

''تم یہی کہہ رہی ہو۔''

اس نے پہلے نفی میں سر ہلا کر پھر فوراً سے اثبات میں گردن ہلائی۔ ''نارمل بات ہے۔ میں تو ویسے

ہی کہہ رہی تھی۔" پلیٹ ہاتھ میں تھی۔ چمچہ منہ میں ڈالا۔ اس کے پاس آکر کھڑی ہوگئی۔" کچھ کھاؤ گے؟"

"تم بس اپنی شکل گم کرلو!" اس نے ہاتھ کے اشارے سے اسے وہاں سے جانے کو کہا۔

"اگر پاس کھڑی رہوں گی تو کیا ہوجائے گا؟"

"میرا دماغ اڑ جائے گا۔" داہنے ہاتھ کو پیشانی تک لاتے بھنا کر جواب دیا۔ وہ بریانی کھاتے ہوئے اس کے پیچھے پیچھے کمرے میں آگئی۔

"اصل میں باہر صرف کھانا نہیں کھا رہی تھی۔ بیٹھ کر سوچ بھی رہی تھی کہ تمہارے ساتھ میری صلح اب کیسے ہوسکتی ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔ پہلے میں نے سوچا آنٹی سے بات کرنی چاہیے۔"

"ڈونٹ یو ڈیئر!" اس نے لحاف ہٹا کر بیڈ پر بیٹھتے اسے کڑے تیوروں گھورا۔ جنت کے حلق میں سچ مچ کچھ اٹک گیا۔ ڈر کر فوراً بات بدلی۔

"ہاں ہاں بالکل! مجھے بھی یہی لگا کہ یہ اچھا آئیڈیا نہیں ہے۔ آنٹی کو ٹینشن دینا بالکل بھی درست نہیں ہے۔"

وہ لحاف تان کر لیٹ گیا۔

"پھر میں نے سوچا کہ تمہیں تھوڑا سا وقت اور اسپیس دینی چاہیے۔"

"تھینک یو ویری مچ!" اس نے جس طرح سے سلگ کر کہا تو اسے لگا اس بات پر وہ راضی ہو رہا ہے۔ ٹائم اور اسپیس چاہیے موصوف کو۔

"لیکن پھر میں نے سوچا کتنا ٹائم اور اسپیس؟"

"ول یو پلیز لیٹ می سلیپ ناؤ؟" اس نے لحاف ہٹا کر غصے سے کہا تو جنت کی آنکھوں میں خفگی در آئی۔ بے عزتی جیسی فیلنگز تھیں۔

"شیور!" آہستہ سے بولی۔" میں کون سا کہہ رہی تھی میرے ساتھ جاگو۔ خود ہی تو اٹھ کر آگئے۔

میں تو لان میں بیٹھی ہوئی تھی۔" بڑبڑا کر اٹھ گئی۔ کچھ قدم چل کر واپس پلٹ آئی۔ اس کے سرہانے بڑی مشکل سے جھکی۔

"آر یو شیور تمہیں ٹائم اور اسپیس چاہیے؟"

وہ لب بھینچ کر رہ گیا۔

"اب میرا کوئی میکہ بھی نہیں ہے جہاں میں کچھ دنوں کے لیے چلی جاؤں۔" بڑی بے چارگی سے کہہ کر سیدھی ہوئی۔ فارس کی لحاف میں بند آنکھیں کھل گئیں۔

"مدحت بانو کے ساتھ اپنے دوسرے گھر شفٹ ہو جاؤں کچھ دنوں کے لیے؟ میرا مطلب ہے اگر...... تم چاہو تو...... اس طرح تم مجھے بار بار نظر آتے ہو تو میرا بات کرنے کا دل چاہتا ہے اور تم غصے میں آجاتے ہو۔"

اس نے چہرے سے لحاف ہٹا دیا۔ اس کے تاثرات سے اسے ایک دم اپنی بے وقوفی کا احساس ہوا کہ اس گھر میں اس نے ناراض ہو کر ہی جانا تھا، ناراض کر کے تو نہیں۔ اب جو اگر اس نے کہہ دیا کہ ہاں! چلی جاؤ! تو پھر کیا کرے گی وہ؟

"آئی تھنک مجھے ہی گھر چھوڑ دینا چاہیے۔" وہ اٹھنے لگا تو وہ فوراً سے منع کرنے لگی۔

"نہیں نہیں...... آئم سوری۔ تم آرام کرو۔ میں کچھ نہیں کہوں گی۔ کچھ نہیں بولوں گی۔ گڈ نائٹ۔ اللہ حافظ!" فوراً سے اسے کہتی باہر نکل گئی۔ دروازہ بھی بند کر دیا۔

وہ لب بھینچے اپنی جگہ بیٹھا رہ گیا تھا۔

☆......☆......☆

اگلے دن اس نے جیسے تیسے خود پر ضبط کیا اور فارس سے مخاطب نہیں ہوئی۔ سارا دن وہ اداس رہی اور فارس آفس روم میں کیک، پیسٹریز اور جانے کیا کچھ منگوا کر کھاتا رہا۔ گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ سوئمنگ بھی

کی۔شام تک کہیں گھومنے بھی چلا گیا۔

وہ بہت صبر سے سب ملاحظہ کرتی رہی۔

کوئی بات نہیں جنت......دل دکھایا ہے تم نے اس کا۔اعتبار توڑا ہے۔ذرا سا صبر کرو، سب ٹھیک ہو جائے گا۔وہ خود کو سمجھاتی رہی۔

رات کا کھانا اس نے ڈائننگ ٹیبل پر اکیلے بیٹھ کر کھایا کہ موصوف نے گل خان سے پیزا بنوالیا تھا۔اوراب لان میں اکیلے تناول فرما رہا تھا۔وہ کئی بار ضبط کر کے دروازے تک گئی اور پھر زبردستی کی مسکراہٹ لبوں پر سجائے واپس پلٹ آئی۔

''وقت اور اسپیس......!'' گہری سانس لے کر دہرایا۔''سب ٹھیک ہو جائے گا۔'' ہاتھ پھیلا کر خود سے کہا۔فاصلہ بس ایک دن تک ہی رکھ سکی کہ اگلے دن صبح سویرے ہی اس کے جم پہنچ گئی۔

''اینی پرابلم؟''

وہ چست پریس مشین پر تھا اور اسے دیکھتے ہی ہینڈل چھوڑ کر اٹھ گیا تھا۔

''کیا ہمارے درمیان اب کچھ بھی ٹھیک نہیں ہوگا؟'' بہت بے چارگی بھرے دکھ سے پوچھا۔

وہ آنکھوں میں خفگی لیے اسے دیکھتا رہا۔

''اب میں تم سے معافی مانگ تو رہی ہوں۔'' اسٹیپس اتر کر نیچے آ گئی۔

''کیا میں نے کہا مجھے معافی کی ضرورت ہے یا میں تم سے ناراض ہوں؟''

جنت کی بھنویں سکڑ گئیں۔

''میں مانتی ہوں میں نے غلط کیا۔مجھے تمہاری بات ماننی چاہیے تھی۔''

''کیا میں کوئی شکوہ کر رہا ہوں؟''

جنت کچھ کہہ نہ سکی۔

''اور اگر تمہیں اپنی کسی ڈیل یا وعدے کی پرواہے تو فکر مت کرو۔ مجھے سب یاد ہے۔''
جنت نے روہانسا ہو کر اسے دیکھا۔ وہ کیا کہہ رہی تھی اور وہ اسے کیا سنا رہا تھا۔
''کیسی ڈیل؟ کیسا وعدہ؟ ہمارے درمیان سب ٹھیک تو ہو گیا تھا۔''
فارس نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔ ''کب ٹھیک ہوا تھا؟''
''وہ...... میری آخری غلطی سے پہلے۔'' شرمندہ ہو کر بولی۔
''اگر سب ٹھیک ہوتا تو کیا تم وہ حرکت کرتیں جو تم نے کی۔''
جنت اپنی جگہ تھم گئی۔
''ابھی تم کہہ رہے تھے تم مجھ سے ناراض نہیں ہو۔'' وہ روہانسا ہو کر بولی۔
''میں نے یہ کب کہا ہے؟'' اس کی پیشانی پر بل آگئے۔
''تو جس وجہ سے ناراض ہو، اس وجہ پر۔ آئم رئیلی سوری۔''
''یو مے لیو ناؤ!'' اس نے کہہ دیا۔ تحکم سے۔
وہ بجھے دل کے ساتھ اپنے کمرے میں بند ہو گئی۔
''کیا بنا؟'' کچھ ہی دیر میں آئمہ کی کال آ گئی تھی۔ وہ دبئی میں تھی اور چونکہ ابھی تک بڑے بھائی نے باز پرس نہیں کی تھی تو کچھ مطمئن لگ رہی تھی۔
''مجھے تو کچھ بھی سمجھ میں نہیں آ رہا۔''
اس نے موبائل کو ہٹا کر گھورا۔ اور پھر کان سے لگایا۔ ''جنت تم......''
''آئمہ! میں ویسے ہی بہت پریشان ہوں۔ پلیز مجھے کچھ مت کہو۔''
وہ گہری سانس لے کر رہ گئی۔ دوپہر میں اس نے دوبارہ کال کی۔ وہ پریشان سی لاؤنج میں بیٹھی تھی۔
''اچھا تم ایسا کرو۔ مجھے بتاؤ وہ کس برانڈ کی ایسیسریز استعمال کرتے ہیں۔ میری دوست کل

پاکستان جارہی ہے میں اس کے ہاتھ بھجوادیتی ہوں۔" پیچھے سے کچھ شور بھی سنائی دے رہا تھا۔ وہ کسی مال میں تھی شاید۔

"برانڈ تو میں نہیں بتا سکتی۔"

آئمہ نے ایلگزینڈر میکوین کے کف لنکس بھیجے۔

بس انسانی کھوپڑیاں تھیں جو اسے نظر آئیں۔

"کون لیتا ہوگا یہ؟" اس کی آنکھوں میں ناگواری اتر آئی۔ "مسلمان پہنتے ہوں گے تو نماز تو نہیں ہوتی ہوگی۔" کچھ اور تصاویر کو بھی رد کر دیا۔

"تم مجھے ٹھیک سے بتادوگی تو میں کوئی بہتر گفٹ لے سکوں گی نا۔" آئمہ تنگ آ گئی۔

"مجھے کیا پتا میں خود پہلی بار یہ خرید رہی ہوں۔" اس نے ہاتھ کھڑے کر دیے۔ "پاکستان کی کوئی چیز ہوتی تو مجھے سمجھ میں بھی آتی۔ اس کا تو سب کچھ باہر کا ہی ہے۔"

"نہ تمہیں کارٹیئے کی سمجھ آرہی ہے نہ ایلیگزینڈر میکوین کی۔ تم فارس بھائی سے پوچھ لو۔ انہیں کس برانڈ کی پسند ہیں تو وہی بتادو۔ میں لے آؤں گی۔"

"اگر وہ میرے کسی سوال کا جواب دیتا تو کیا ہی بات تھی۔" ٹھنڈی آہ بھر کر آہستگی سے دروازہ کھولتی کمرے میں داخل ہوئی۔ لائٹس آف تھیں۔ وہ سو رہا تھا۔

"ایک سیکنڈ!" سرگوشی میں کہتے ہوئے وارڈروب کا رخ کیا۔ کھڑکیوں پر پردے گرے ہوئے تھے مگر زرد روشنی پھر بھی محسوس ہو رہی تھی۔ آہستہ سے وارڈروب سلائیڈ کی۔ دراز کھولے۔ اس کے کف لنکس کا شان دار سا کلیکشن سامنے تھا۔ موبائل کی فلیش لائٹ آن کیے، کچھ تصویریں کھینچ کر بھیجیں۔

آئمہ کچھ دیر تک تو الجھتی رہی، پھر اسے چند ایک سمجھ آ گئیں۔

"ہاں یہ تو cartier ہی کی لگ رہی ہے۔ اور اس طرف dunhil کی ہے۔ بھائی پہنتے ہیں

اسے۔اور یہ.....اومیگا ہے آئی گیس۔اور یہ پتا نہیں کس برانڈ کی ہے۔"

"میں دیکھتی ہوں۔"

چند ایک سیاہ رنگ کے باکس تھے۔انہیں کھول کر دیکھا۔ برانڈ کا نام چیک کیا۔بھول گئی کمرے میں ہے۔اور فارس بھی سو رہا ہے۔ پہلے جو محتاط ہو کر چیک کر رہی تھی۔اب بے احتیاطی سے اٹھا پٹخ ہونے لگی تھی۔

"مونٹ بلانک!" اس نے نام پڑھ کر بتایا۔

"موں بلاں!" عقب میں گمبھیر آواز میں کچھ سختی سے تصحیح کی گئی۔"ٹی اور سی سائلنٹ ہیں۔"

وہ ایک ہاتھ میں موبائل، دوسرے ہاتھ میں باکس لیے اپنی جگہ پتھر ہوئی۔منہ بند کر کے آنکھیں میچ لیں۔وہ لحاف ہٹاتا اٹھ گیا۔لائٹس آن کر دیں۔

"کیا کر رہی ہو؟" گردن موڑ کر اپنی وارڈ روب پر سرسری سی نگاہ دوڑائی۔اب وہ بتا دیتی کیا کر رہی تھی تو سرپرائز کا تو یہیں بیڑہ غرق ہو جانا تھا۔تیزی سے باکس اندر رکھا، دراز بند کی۔وارڈ روب بند کر دی۔پھر دھیرے سے مسکراتے ہوئے مڑی۔

"کچھ نہیں بس ویسے ہی۔دیکھ رہی تھی۔تمہارے کف لنکس کافی اچھے ہیں نا تو اس لیے۔" مسکراہٹ۔

وہ بھنویں سکیڑے اسے دیکھتا رہا۔

"میرے کف لنکس کا تم نے کیا کرنا ہے؟" اکھڑا ہوا لہجہ۔

"کچھ نہیں۔میں بھلا کیا کروں گی۔یہ تو ایسے ہی بس۔میں چلتی ہوں۔تم آرام کرو۔" کھسکنا چاہا تو وہ راستے میں ایستادہ ہو گیا۔

"کیا میں نے یہ نہیں کہا تھا آرام کر رہا ہوں، مجھے ڈسٹرب نہ کیا جائے۔" لہجہ سخت تھا۔

"ہاں۔بالکل! کہا تھا۔میں بس......وہ......غلطی سے......سوری!"

اپنی جان بچاتی دائیں طرف کھسک کر باہر نکل گئی۔

"اف!" سانسیں بحال کرتے ہوئے سینے پر ہاتھ رکھا۔ پھر آئمہ کو کال کی۔اس نے تینوں برانڈز کے کف لنکس کی مختلف تصاویر بھیجیں۔اب وہ بغور دیکھتے ہوئے پسند کررہی تھی۔موں بلاں کا اسے پسند آ گیا۔ایک اومیگا کا لیا۔سب ڈن کر کے مطمئن ہوگئی۔شام تک آئمہ نے بتایا اس کی دوست کل کی فلائٹ سے واپس نہیں آرہی تھی۔

"یہ آج کل میرے ساتھ اتنا برا کیوں ہورہا ہے؟" وہ رو دینے کو تھی۔سوچا تھا کل ہی گفٹ دے کر بات کرے گی مگر......

اب وہ شیشے کی دیوار کے سامنے دائیں سے بائیں،اور بائیں سے دائیں مارچ کرنے لگی تھی۔
بہتر ہے کہ وہ یہیں سے کچھ خرید لے۔اچھا سا قلم یا پھر گھڑی۔کل اسے ہاسپٹل چیک اپ کے لیے جانا تھا۔اس نے پرسوں کا پلان بنالیا۔فارس قریب سے گزر رہا تھا تو مسکراتے ہوئے اس کے پیچھے آئی۔

"ہیلو مسٹر شیرازی! پانچ منٹ ہوں گے آپ کے پاس؟"

"نہیں!" صاف انکار۔

تحمل سے اس کا بازو پکڑ کر روک لیا۔

"اس طرح منہ بنا کر رہنے سے بہتر نہیں ہے کہ تم مجھے تھوڑا سا ڈانٹ دو،غصہ دکھا دو،تھوڑا سا لڑ جھگڑ لو۔میں چپ چاپ سن لوں گی۔تمہیں کچھ بھی نہیں کہوں گی۔"

"اور میں ایسا کیوں کروں؟"

"تا کہ ہمارے درمیان سب ٹھیک ہو جائے۔"

"کیوں ٹھیک ہو جائے؟"

جنت نے بے بسی سے اسے دیکھا۔

''فارس!''

ایک ہاتھ جیب میں ڈالے، دوسرا ہاتھ ریلنگ پر رکھے اسے گھورتا ہوا سیڑھیاں چڑھ گیا۔

وہ لب بھینچ کر رہ گئی تھی۔

☆......☆......☆

مسز شیرازی کی صحت بہتر ہوئی تو وجدان ہاؤس میں دعوت رکھ لی گئی تھی۔ گھر روشنیوں میں نہایا ہوا تھا۔ دوست احباب اور کچھ رشتہ داروں کو مدعو کیا گیا تھا۔ اس کی طرف سے سائرہ خالہ اور ابراہیم انکل بھی آئے تھے۔

کھانے کا انتظام وسیع لان میں کیا گیا۔ گول میزوں کے گرد ترتیب سے کرسیاں رکھی گئیں۔ ملازم مستعدی سے اپنا کام سرانجام دیتے مہمانوں کا بہت اچھے سے استقبال کر رہے تھے۔ مہمانوں کی توجہ کا مرکز ریان بنا ہوا تھا۔ سب اس سے مل رہے تھے۔ اسے پیار کر رہے تھے۔ وہ اپنی دادی کی گود میں تھا۔ اور اتنے سارے بچوں کی موجودگی میں نیچے نہیں اتر رہا تھا۔ وہ بچوں کو دیکھ رہا تھا لیکن ان کے ساتھ کھیلنا نہیں چاہتا تھا۔ بھاگنا نہیں چاہتا تھا۔ چند ایک بار مسز شیرازی نے اسے نیچے اتارا تھا مگر وہ رونے لگ گیا تھا۔

''کیا وہ ڈر رہا ہے؟'' جنت پریشان ہوئی۔ روبی نے بتایا تھا اوصاف منزل کے بچوں کی وجہ سے ہی اسے کئی بار چوٹیں آئی تھیں۔ مسز شیرازی کے سینے پر سر رکھے، وہ جس طرح سے کچھ پریشان سا سب کو دیکھ رہا تھا تو اس کے دل کو کچھ ہوا۔ حالانکہ سارا دن وہ کافی فریش رہا تھا۔

اسی دوران اپنے بھائی اور پڑوس کے بچوں کے ساتھ کھیلتی زویا کی نظر اس پر پڑی اور وہ سب چھوڑ چھاڑ کر رک گئی۔ اس پر ایک دم سے انکشاف ہوا کہ وہ بہت چھوٹا سا بے بی ہے۔ اپنے سفید فراک

میں بھاگتی ہوئی پاس آ کھڑی ہوئی۔
مسز شیرازی باتوں میں مصروف تھیں۔ پہلے وہ بڑی بڑی آنکھیں پھیلائے اسے دیکھتی رہی۔
"بے بی......!"
اسے وہ اچھا لگا۔ ہاتھ اٹھا کر اس کا ہاتھ پکڑنا چاہا تو ریان نے فوراً سے کھینچ لیا۔ وہ گھوم کر دوسری طرف آئی تو ریان بھی گردن موڑ کر اسے دیکھنے لگا۔ اس نے پھر اپنے ننھے سے پرس کی زپ کھول کر اس میں سے ٹافی نکال کر اس کی طرف بڑھائی۔
"بے بی! یہ لو۔" پیاری سی آواز میں پچکارا۔ دائیں جانب سر جھکا کر، محبت سے اسے دیکھتے قریب ہو کر اپنا ہاتھ مزید اوپر کیا۔ پھر خیال آیا، کھول کر دینا چاہیے۔ کھول کر دیا تو مسز شیرازی متوجہ ہو گئیں۔ انہوں نے اس کے ہاتھوں سے لے کر ریان کے منہ میں دی۔ میٹھی سی نرم چیز تھی۔ اس نے چبا چبا کر کھا لی۔ پھر وہ بھاگ کر گئی۔ اور اپنی ممی کے بیگ سے ایک چاکلیٹ اور چپس کا آدھا کھلا ہوا پیکٹ نکال لائی۔ مسز شیرازی نے مسکرا کر اسے دیکھا۔ پھر ریان کو نیچے اتار دیا۔ وہ ان کے گھٹنوں سے لگ کر کھڑا رہا۔ اب وہ چھوٹے چھوٹے چپس کے ٹکڑے اس کے منہ میں دے رہی تھی۔ بہت سنجیدگی اور بڑی ذمہ داری سے......
"بے بی! یہ بھی لو۔" ریان اس کے ساتھ ہی نیچے بیٹھ گیا۔ وہ اس کے منہ میں جو ڈال رہی تھی، وہ کھا رہا تھا۔ جنت کو وہ منظر بہت پیارا لگا۔ مسز عثمان کی باتیں سنتی مسکراتے ہوئے انہیں دیکھتی رہی۔ اسے نہیں پتا تھا یہ کیوٹ سا ایٹریکشن کچھ ہی دیر میں ایک خطرناک موڑ لینے والا تھا کہ جب مہمانوں کے لیے کھانا لگایا جا رہا تھا تو زویا نے ایک الگ ہی قسم کا مطالبہ رکھ دیا۔ اس کے پاس آ گئی تھی۔
"جنہ بابی! میں بے بی کو اپنے گھر لے جاؤں؟"
وہ جو تھکاوٹ کا شکار سارے انتظام کو دیکھ رہی تھی، رک گئی۔ آنکھیں پھیلا کر زویا کو دیکھا۔ کچھ

حیرت سے۔اسے ریان چاہیے تھا۔ایسے نہیں کہ کھیلنے کے لیے یا دوستی کے لیے چاہیے تھا۔وہ اسے اپنے ساتھ گھر لے جانا چاہتی تھی۔

"زویا! وہ تو بہت چھوٹا ہے۔آپ اسے گھر کیسے لے جائیں گی؟"

"میں اشکا کھیال رکھوں گی۔کھانا بھی دوں گی۔بہت شاری چاکیت (چاکلیٹ) دوں گی۔ بیشت (بسکٹس) دوں گی۔"

جنت کو ہنسی آگئی۔

"لیکن وہ بہت چھوٹا ہے۔بہت روئے گا۔"

"میں اسے چپ کروالوں گی۔" وہ پر اعتماد تھی۔

"آپ روز یہاں آجایا کریں، ریان کے ساتھ یہاں کھیلنا، چاکلیٹ اور بسکٹ بھی دینا۔" دلیل سے سمجھانا چاہا مگر زویا کو اور کوئی حل قبول نہیں تھا۔ضد باندھ لی۔رونے لگی۔اپنی مما کو کھانا بھی کھانے نہیں دے رہی تھی۔

"اسے جو بچہ پسند آتا ہے کہتی ہے ممی گھر لے چلیں۔" وہ ہنس کر بتانے لگیں۔

جنت کی کچھ اور سمجھ میں نہ آیا تو کہہ دیا، ریان فارس کا ہے۔زویا فارس سے بہت ڈرتی تھی۔قوی امید تھی کہ اپنی ضد سے پیچھے ہٹ جائے گی مگر وہ چوزی اپنے سفید فراک میں گھومتی فارس کے پاس پہنچ گئی۔

"فارش انکل!" اس کے گھٹنے پر ہاتھ رکھ کر متوجہ کیا تو وہ بات ادھوری چھوڑتا اس کی طرف مڑا۔

"جنہ بابی نے کہا بے بی آپ کا ہے۔"

پہلے تو اسے سمجھ میں کچھ نہ آیا وہ کیا کہہ رہی ہے۔

"وہ والا بے بی آپ کا ہے؟" تصدیق کے لیے دور اشارہ کیا۔مسز شیرازی کی طرف۔فارس کی بھنویں سکڑ گئیں۔

"میں بے بی کو اپنے ساتھ گھر لے جاؤں؟" اب وہ بڑی سنجیدگی سے اجازت چاہ رہی تھی۔

ایک تو اس کی جنت بھابھی!

اس نے دانت پیس کر جنت کی تلاش میں نگاہ دوڑائی تو وہ اپنی کرسی پر بیٹھی نچلا لب دانتوں میں دبائے جمیلہ داؤد کے پیچھے چھپ گئی۔

"اللہ! یہ کیا ہوگیا۔ اب اور ناراضی..... کیا سوچے گا بچی کو سکھا کر بھیج دیا کہ بے بی اس کا ہے۔ اب اسے پوری بات کون سمجھائے؟

"آپ اسے مجھے دے دو۔ میں کھیلوں گی۔ میں بہت خیال رکھوں گی۔" وہ اس سے ڈر بھی رہی تھی، جھجک بھی رہی تھی اور مطالبہ بھی کر رہی تھی۔

اس کے والد صاحب وہیں بیٹھے تھے۔

"چلو فارس جلدی سے مجھ سے میری بیٹی کا رشتہ مانگو اور بس!"

"آپ کے دونوں بچوں کے رشتے اسی گھر میں ہوں گے؟" اس نے جس طرح سے تپ کر پوچھا، عبید بھائی کا قہقہہ سا بلند ہوا۔

وہ سر جھٹک کر رہ گیا۔

جنت نے زید کو بھیج کر زویا کو مشکل سے وہاں سے ہٹا دیا۔

کھانا لگ چکا تھا۔ وہ اب تمام انتظامات دیکھ رہی تھی۔ گو کہ ملازم موجود تھے مگر پھر بھی اسے نگرانی کرنی پڑ رہی تھی۔

مہمان کھانا کھانے لگے تو وہ سائرہ خالہ کے پاس ہی بیٹھ گئی۔ پاؤں دکھ رہے تھے اور تھکاوٹ کی وجہ سے کمر میں بھی درد ہو رہا تھا۔ مہمانوں میں بیٹھنا بھی ضروری تھا۔ اٹھ کر جا بھی نہیں سکتی تھی۔ حالانکہ مسز شیرازی نے کہا تھا وہ کچھ دیر آرام کرلے مگر اسے مناسب نہیں لگ رہا تھا۔

سائرہ خالہ اب اس سے بات کررہی تھیں۔ان کے علم میں نہیں تھا کہ فارس کا بھتیجا بھی ہے۔

"اپنے ننھیال میں تھا۔" اس نے بتایا۔

"تو اب یہیں رہے گا؟"

اس کی نگاہیں بھٹکتی ہوئی فارس تک گئیں۔

"جی۔ان شاءاللہ۔یہیں رہے گا۔" اس نے کہا۔کچھ دیر تک ادھر ادھر کی باتیں کرتی رہی۔پھر چپ ہوگئی۔

"وہاں سب کیسے ہیں؟" آہستہ سے پوچھا۔"سب" سے مراد اس کی بہنیں تھیں۔

"سب ٹھیک ہیں۔ہانیہ کی ماشاءاللہ سے بیٹی ہوئی ہے۔پچھلے ہفتے سب اس کی طرف تھے۔"

وہ ذرا سا مسکرائی لیکن آنکھوں کی نمی کو نہ دبا سکی۔نہ کوئی لفظ ادا کرسکی۔نہ جذبات کے اظہار کے لیے کچھ کہہ سکی۔وہاں سب اکٹھے تھے اور وہ نہیں تھی۔غم، خوشی، دعوت یا ملاقات۔کوئی تعلق ہی اس سے نہیں رکھا گیا تھا۔اس کی خوشی میں بھی ان میں سے کوئی نہ پہلے شامل ہوا تھا، نہ اب ہوسکتا تھا۔

اس کے بچے کی چھ خالائیں تھیں اور ان میں سے کوئی بھی اس کی پیدائش پر نہیں ہوگی۔

گہری سانس لے کر اس نے خیالات کو جھٹک دیا۔وہ ان معاملات سے نکل چکی ہے۔اس نے خود کو سمجھایا۔وہ آگے بڑھ چکی ہے۔بار بار دہرایا۔اب وہ کھانا کھا رہی تھی۔سائرہ خالہ اسے دیکھ رہی تھیں۔

بہنوں کے سوا اس نے کبھی بھی خاندان کے کسی دوسرے فرد کے بارے میں نہیں پوچھا تھا۔ماہین، برہان، اپنے تایا کی فیملی کے بارے میں بھی نہیں۔ان کی آنکھیں سوچ میں ڈوب رہی تھیں۔وہ اسے بتانا چاہتی تھیں، کچھ ایسی باتیں جو تا حال اس کے علم میں نہیں تھیں مگر پھر انہوں نے ارادہ ترک کر دیا۔جن کا ذکر تکلیف سے دوچار کردے، وہ ذکر بہتر ہے کیا ہی نہ جائے۔

کچھ دیر کے بعد وہ اٹھ کر مہمانوں کو دیکھنے لگی۔کسی کو کسی چیز کی ضرورت نہ ہو۔ملازم سلاد، رائتہ،

اورمختلف ڈشز سروکرتے نظر آرہے تھے۔ پانی کی بوتل پکڑے مسز شیرازی کے پاس بیٹھ گئی۔ ریان ان کی گود میں ہی سو گیا تھا۔ زویا اپنی مما کے پاس بیٹھی کھانا کھا رہی تھی۔ وہ کچھ دیر کے لیے ریان کو بھول گئی تھی۔ جنت نے مسکرا کر اسے دیکھا۔

اطراف میں چہل پہل اور رونق سی نظر آرہی تھی۔ سب بہت اچھا لگ رہا تھا۔ کرسی پر بیٹھے بیٹھے، تکلیف کو چھپاتے ہوئے اس نے پوزیشن بدلنے کی کوشش کی۔

''تم جاؤ اب، تھوڑا آرام کرلو۔'' مسز شیرازی نے فکرمندی سے کہا۔

''نہیں، بس ٹھیک ہے۔'' کلائی موڑ کر وقت دیکھا۔ مسز شیرازی دوست سے باتیں کرنے لگیں۔ پانی کے چند گھونٹ لیے۔ اور تب ہی اسے فارس اندر جاتے ہوئے دکھائی دیا تو معذرت کرتی فوراً سے اٹھ کر اس کے پیچھے صدر دروازہ عبور کرتی راہداری میں چلی گئی۔ وہ فون کال اٹینڈ کر رہا تھا۔ منتظر سی کھڑی رہی۔ اس کا برٹش لہجہ دماغ گھما رہا تھا۔ کچھ باتیں سمجھ میں آگئیں۔ کچھ نہیں آئیں۔ گفتگو کاروباری نہیں تھی، کسی راحم کا ذکر ہو رہا تھا جس سے غالباً فارس کا رابطہ نہیں ہو پا رہا تھا۔ بات کرتے کرتے جونہی مڑا تو نظر جنت پر پڑی۔ وہ الرٹ ہوگئی۔

''فرمائیے!'' کال ڈسکنکٹ کرتا اس کی طرف مڑا۔

ایک تو اتنا فارمل اور اجنبی سا رویہ ہوتا تھا اس کا کہ بس......

آہستہ سے مسکرائی۔

''میں نے سوچا پوچھ لوں، کسی چیز کی ضرورت تو نہیں ہے۔''

''کچھ چاہیے ہوگا تو خود لے لوں گا۔ تمہیں فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔'' سرد لہجے میں جواب دیتا رخ بدل گیا۔ نگاہیں موبائل اسکرین پر جمی ہوئی تھیں۔ کچھ ٹائپ کر رہا تھا۔

''کیوں فکر نہ کروں۔ آخر کو تم میرے شوہر ہو۔'' جتا کر کہتے ہوئے اس کے سامنے کھڑی ہوگئی۔

"پتا نہیں کتنے دنوں تک ہوں۔" اس کی بڑبڑاہٹ واضح تھی۔

"کتنے دنوں تک سے کیا مطلب؟ ہمیشہ کے لیے ہو۔"

"کسی نے خلع کے لیے کورٹ بھی جانا تھا۔" اس نے یاد دلایا۔

"اچھا۔" وہ انجان بن گئی۔

"اور جس کے خلاف جانا تھا، وہ کوئی وحشی ظالم اور درندہ تھا۔" اسکرولنگ کرتے کچھ او کے کر کے سینڈ کر دیا۔

"صرف ظالم!" جنت نے فوراً سے ٹوک دیا۔ "میں نے وحشی درندہ تمہیں کبھی نہیں سمجھا۔ ہاں یہ ضرور سوچتی تھی کہ کتنا کھڑوس ہے۔ ضدی اور بدتمیز ہے اور کتنا مغرور ہے یہ۔ بات بھی نہیں کرتا۔ جواب نہیں دیتا اور دیکھو میری چائے پی گیا۔ بھوکا کہیں کا۔"

اپنی دھن میں بول رہی تھی زبان کو بریک لگی کہ مٹھیاں بند کرتے ہوئے فارس نے جس طرح سے لب بھینچ کر سر اٹھایا تھا تو اسے لگا اب اس کی خیر نہیں۔

"یہ تو میں پرانی باتیں کر رہی ہوں۔ جو میں پہلے سوچتی تھی۔ تب تو میں بہت ہی پاگل تھی۔" فوراً اعتراف کیا۔ بڑی ہی معصوم سی مسکراہٹ دکھائی۔ جس کا کوئی فائدہ نہ ہوا۔

"اور رہ کیا گیا ہے؟" فارس کا پارہ چڑھ گیا تھا۔

"تم رہ گئے ہو۔ باقی جو کچھ بھی سمجھتی تھی، وہ ختم ہو گیا۔"

وہ اپنی جگہ ٹھہر گیا۔ وہ آنکھوں میں نمی لیے اسے دیکھتی رہی۔ وہ سر جھٹک کر رخ بدل گیا۔

"ایسا کب تک چلے گا؟" بہت ہی نرمی اور پیار سے پوچھتے ہوئے اپنی گردن کو دائیں طرف جھکایا۔

"بہت لمبے عرصے تک۔" جواب فوراً مل گیا۔ وہ گھوم کر اس کے سامنے کھڑی ہوئی۔ سر اٹھا کر اسے بغور دیکھا۔

"میں نے پہلی بار غور کیا ہے۔ تم ناراض ہو کر زیادہ اچھے لگتے ہو۔" ہاتھ بڑھا کر اس کی ٹائی ناٹ درست کی۔

"تم بھی بہتر لگو گی، اگر مجھ سے دور رہو گی تو۔" تحمل سے وارننگ دی۔

"پھر میں بری ہی ٹھیک ہوں۔" خوشی خوشی اس کا بازو پکڑ کر داہنا گال کندھے سے لگا لیا۔

فارس کا موبائل بج اٹھا۔ کسی جیمز اینڈرسن کی کال تھی۔ اس نے بازو چھوڑ دیا۔ وہ کال ریسیو کرتا گیلری میں جا کھڑا ہوا۔

جنت گہری سانس لیتی صوفے پر جا بیٹھی۔ گردن کو پیچھے کیے، پنکھے کو گھورنے لگی۔ پتا نہیں اس کی ناراضی کب ختم ہوگی۔ نگاہیں گیلری تک گئیں۔ وہ فون کان سے لگائے بات کر رہا تھا۔ اس کے لبوں پر مسکراہٹ نظر آ رہی تھی۔ وہ سیدھی ہو بیٹھی۔ کتنے دنوں بعد وہ اس طرح مسکرا رہا تھا۔ اس نے نگاہ ہٹا لی۔ جیسے نظر لگ جانے کا خدشہ ہو۔

پھر دوپٹہ درست کرتی باہر چلی گئی۔

☆......☆......☆

آسمان کی اجلی نیلی رنگت میں کہیں کہیں سفید بادل پھیلے ہوئے نظر آ رہے تھے۔ چمکیلی دھوپ لان کا سبزہ نکھارے ہوئے تھی۔ مسز شیرازی گلاس وال کے سامنے بیٹھی تھیں۔ مدحت ان کے سامنے چائے کا کپ رکھ رہی تھی۔

فارس لاؤنج میں بیٹھا چینل سرفنگ کر رہا تھا۔ نیوز چینل لگا کر کشن کو سر کے نیچے رکھتا ایزی ہو کر بیٹھ گیا۔ ملازمہ فرنچ فرائز کی پلیٹ ٹیبل پر رکھ کر چلی گئی۔

اسی لمحے جنت بیڈ روم سے نکل کر کچن کی طرف جاتی ہوئی دکھائی دی۔ ریان اس کے ساتھ ہی تھا۔ وہ اس کا فیڈر بنانے لگی تھی۔

ریان ڈینم اوور آل میں ملبوس اس کے پاس ہی کھڑا تھا۔ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا کچن سے باہر آ گیا۔

وہ سائیڈ ٹیبل تک گیا۔ پھر گھوم کر دوسری طرف کشادہ کھڑکیوں کی جانب جہاں نیلا آسمان نظر آ رہا تھا۔ شیشے پر ننھے ننھے ہاتھ رکھے اپنی ناک ٹکا کر باہر دیکھا۔ پھر اس کی توجہ کا مرکز فارس بن گیا۔ وہ میز بھی جس پر فرنچ فرائز کی پلیٹ رکھی تھی۔ موبائل اور چند ایک دوسری اشیا بھی، چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا میز تک گیا۔ چند لمحوں تک آنکھوں میں معصومیت لیے اسے دیکھا، پھر اپنا ننھا سا ہاتھ بڑھا کر پلیٹ پر رکھ دیا۔ فارس کی نظر اٹھی تو وہ ہاتھ رکھے اسے دیکھنے لگا۔ یوں جیسے اس کے ردعمل کا اندازہ کرنا چاہ رہا ہو کہ کہیں کچھ کہے گا تو نہیں؟

میگزین سائیڈ پر کرتے اس نے کیچپ سے خالی فرنچ فرائز کا قدرے نرم ٹکڑا توڑ کر اسے دیا۔ ذرا سا قریب ہو کر اس نے پورے استحقاق سے لے لیا۔ پہلے انگلیوں میں لے کر دیکھا، غور سے کہ کیا چیز ہے۔ پھر منہ میں ڈالا۔ مزے کا لگا تو مزید پاس آ گیا۔ اس نے دوسرا توڑ کر دیا، پھر تیسرا۔ اس کے تاثرات بتا رہے تھے اسے فرنچ فرائز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کتنے پسند آ رہے تھے۔ مسز شیرازی بالکل سامنے ہی گلاس والز کے پاس بیٹھی تھیں۔ ان کی نگاہیں دونوں پر جمی رہ گئیں۔ ریان اور فارس۔ فارس اور ریان۔ خواب سا منظر تھا۔ گمان میں بھی نہ تھا وہ انہیں ایک ساتھ اس طرح بھی دیکھ پائیں گی۔ اتنے قریب......اور اس طرح سے!

اس نعمت پر وہ اپنے رب کا جتنا شکر ادا کرتیں کم تھا۔

جنت نے ایک طویل گہری سانس لی۔ ذرا دیکھو تو، چاچا بھتیجے کی دوستی ہو گئی۔ مگر وہ پھر بھی ولن رہی۔

پھر ریان کو ہی جنت کا خیال آیا تو اب کے جو ٹکڑا فارس نے دیا تو اسے لے کر اس کے پاس چلا گیا۔ ننھا سا ہاتھ اوپر کر کے دیا کہ لو آپ بھی کھاؤ۔ جنت کا دل محبت سے بھر گیا۔

"ریان! آپ اتنے پیارے کیوں ہو ہاں؟" جھک کر اس کے گال کھینچے۔ پھر منہ کھول کر اس کے ہاتھوں سے کھالیا۔ غالباً وہ گھر میں اس کے ہاتھوں سے کئی بار چیزیں لے کر کھا چکی تھی۔ نظر آ رہا تھا وہ ان چند دنوں میں اس کے ساتھ کتنا مانوس ہو چکا تھا۔

فارس کے موبائل پر کال آئی تو وہ اٹھ کر باہر چلا گیا۔ جمیلہ داود کی مسکراتی متشکر نگاہیں دور تک اس پر جمی رہی تھیں۔

☆......☆......☆

اس نے جنت کو اس تمام عرصے میں پہلی بار اسلام آباد میں دیکھا تھا۔ وہ زنیرہ آپا کی طرف آئی تھی۔ چیک اپ کے لیے اسے ہاسپٹل جانا پڑا تھا۔ بینچ پر برہان کے ہمراہ بیٹھے، اپنی باری کا انتظار کرتے اس کی نظر جونہی اٹھی، وہیں ٹھہر گئی۔ جنت کمال دروازہ کھول کر باہر نکل رہی تھی۔ اس کے سراپے پر نظر ڈالتی وہ پتھرا گئی تھی۔

گمان تھا وہ اسے بہت دکھ اور تکلیف میں دیکھے گی۔ دربدر کی ٹھوکریں کھاتے ہوئے، بے عزتی اور دھتکار سہتے ہوئے مگر جو آنکھیں دیکھ رہی تھیں۔ وہ منظر کچھ اور ہی تھا۔ اس نے سنا تھا اس کی شادی کسی امیر شخص سے ہوئی تھی۔ اس نے یہ بھی سنا تھا وہ اپنے گھر سے کہیں بھاگ گئی تھی۔ یہ بھی کہ اس کا کردار کتنا برا ہے۔ اس کی سزائیں کتنی مختصر۔ اس کا عذاب کتنا ادھورا ہے۔

ماہین عبدالکریم جنت کمال کو دیکھ رہی تھی۔ برہان واصف کی ساکت نگاہیں بھی اس پر ٹھہر گئی تھیں۔

کتنا مطمئن تھا اس کا چہرہ۔ اس کی مسکراہٹ کتنی گہری تھی۔ اسے اپنے کیے پر پچھتاوا تھا نہ کوئی افسوس۔

صدمہ تو اس بات کا تھا کہ وہ پریگننٹ تھی۔

وہ بانجھ لڑکی جس پر دنیا کی ہر محرومی کا اختتام سمجھا جاتا رہا، وہی لڑکی ماں بننے والی تھی۔ ماہین کا پورا وجود شعلہ ہو رہا تھا۔ کیوں؟ کیسے؟

بیگ میں پیپرز رکھتے جنت نے سر اٹھایا تو اپنی جگہ تھم گئی۔ اس کی نظر ساکت ہوئی۔ اس کے چہرے کا ہر رنگ مفقود ہو گیا۔ اقصیٰ جو اس کے انتظار میں بیٹھی تھی، فوراً اٹھ کر پاس آ گئی۔

برہان واصف اور ماہین عبدالکریم۔ جن دو چہروں کو وہ کبھی نہیں دیکھنا چاہتی تھی، وہی دو چہرے اس کے سامنے تھے۔ وہ برہان کی آنکھوں میں اپنے لیے نفرت ابھی بھی دیکھ سکتی تھی۔ وہ لڑکی جس نے اسے چیٹ کیا، دھوکا دیا۔ بچے کو مارنے کی کوشش کی۔ وہ لڑکی...... اس کا چہرہ۔

''آپی!'' اقصیٰ نے اس کا ہاتھ ہلایا تو وہ جیسے ہوش میں آئی۔ اپنی کپکپاہٹ پر قابو پاتے ہوئے بہت ضبط اور ہمت سے۔ وہ برابر سے گزر کر باہر نکل گئی۔ ماہین نے گردن موڑ کر اسے نظروں سے اوجھل ہو جانے تک دیکھا تھا۔ برہان کے تاثرات سخت پتھریلے ہو رہے تھے۔ آنکھوں میں جو حکایت تھی، وہ ماہین کی سمجھ سے باہر ہو رہی تھی۔

☆......☆......☆

جنت کمال کی سانسیں بھاری ہو رہی تھیں۔ اس نے گاڑی میں بیٹھنے تک اپنی چال کو مضبوط، اپنے کندھوں کو سیدھا کیے رکھا تھا۔ اب جب وہ نظروں سے اوجھل تھی تو ہر پردہ اٹھ گیا تھا۔ ہر کیفیت اس کے چہرے سے عیاں ہونے لگی تھی۔ وہ خوف اور دہشت کا تاثر نہیں تھا۔ غم اور غصے کی آگ تھی جو اسے اندر ہی اندر جلا رہی تھی۔ اذیتوں کا احساس تھا جو ماضی کی تلخ یادوں میں دھکیل رہا تھا۔

وہ اس کے سامنے اس طرح کیوں آ گئے۔ اس نے کیوں دیکھ لیا انہیں۔ کیوں منجمد ہو گئی۔ کیوں کچھ کہہ نہ سکی۔ جو غصہ تھا، جو نفرت تھی ان کے لیے۔ چند لفظوں کا اظہار ہی سہی، کچھ تو کرتی وہ۔ وہ اندر ہی اندر سے جیسے خود کو نوچ رہی تھی۔ اس کی زندگی برباد ہوئی۔ اس کی ماں دنیا سے چلی گئی۔ بدنامی الگ حصے میں آئی۔ اور وہ...... وہ ان دونوں سے کچھ کہہ ہی نہ سکی۔ اسے برہان کی آنکھوں میں اپنے لیے نفرت اور حقارت کا تاثر ابھی بھی نظر آ رہا تھا۔ وہ نگاہیں وجود کو چھلنی کر رہی تھیں۔

ابھی تک اپنے ہی زعم میں تھے وہ۔ ابھی تک کچھ بھی تو نہیں بگڑا تھا ان کا۔ کوئی حساب نہیں ہوا تھا۔ کوئی احساس نہیں ہوا تھا انہیں۔۔ ابھی بھی وہ مظلوم، ایک وہی ظالم تھی۔

''آپ ٹھیک ہیں آپی؟'' اقصیٰ کو پریشانی ہوئی۔ ڈاکٹر کے آفس سے نکلتے وقت تو وہ بالکل ٹھیک تھی۔ اچانک کیا ہوا۔ وہ دو لوگ کون تھے جنہیں دیکھتے ہی اس کی حالت ایسی ہو گئی تھی۔

وہ نچلا لب بے دردی سے کاٹتی کھڑکی کی جانب رخ کر گئی تھی۔

گھر پہنچ کر بھی وہ کھوئی کھوئی سی رہی۔ مسز شیرازی اس کے رویے کا بدلاؤ محسوس کر گئیں۔ کھانا بھی ٹھیک سے نہ کھا پائی۔ لان میں چائے کا دور چل رہا تھا تو وہ ان کے پاس غافل سی بیٹھی رہی۔ کچھ باتوں کا جواب دیتی۔ کچھ پر خالی الذہنی کے عالم میں چونک پڑتی۔ وہ کچن میں گئی، اس سے گلاس ٹوٹ گیا۔

چولہے پر دودھ چڑھا رکھا تھا، ابل کر پھیل گیا۔ وہ واش بیسن کا نل بند کرنا بھول گئی۔ وہ جو روز فارس کی اسٹڈی میں جانے، اس سے بات کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ ایک دم سے خاموش ہو گئی۔

وہ سیڑھیاں اتر کر نیچے آیا تو اس نے جنت کو سٹنگ ایریا میں دیوار کا رخ کیے بیٹھا ہوا دیکھا۔ چہرہ بے تاثر سا تھا۔ نگاہیں کسی نقطے پر جمی ہوئیں۔ ساکت اور ویرانی لیے ہوئے۔

جیبوں میں ہاتھ ڈالے وہ آہستہ سے قدم اٹھاتا اس کے پاس آ رکا۔ وہ جو قدموں کی آہٹ پر چونک پڑتی تھی، متوجہ نہ ہوئی۔

اس نے کندھے پر ہاتھ رکھا تو ایک دم سے بوکھلا کر گردن موڑی۔ فارس اسے دیکھ کر رہ گیا۔ اس کی آنکھوں میں جانے جب سے ٹھہرے ہوئے آنسو گالوں پر پھسل گئے تھے۔ اس نے فوراً سے آنسو صاف کر لیے۔

''یہاں کیوں بیٹھی ہو؟''

''ایسے ہی...... کچھ بے چینی ہو رہی تھی تو......'' آواز بھیگی ہوئی تھی۔ انگلیاں مسل کر گھبراہٹ پر

قابو پانے کی کوشش کی۔فارس نے کلائی موڑ کر وقت دیکھا۔عموماً وہ اس وقت تک سو جاتی تھی۔

''طبیعت ٹھیک ہے؟''

اس نے اثبات میں سر کو جنبش دی۔

''تم آج چیک اپ کے لیے گئی تھیں۔از ایوری تھنگ آل رائٹ؟'' اسے احساس ہی نہ ہوا۔وہ جو اتنے دنوں سے خاموش تھا وہ اب خود سے بول رہا تھا۔آج وہ اسے اپنی رپورٹس بھیجنا بھول گئی تھی۔

اثبات میں سر کو جنبش دی۔سب ٹھیک تھا۔لیکن وہ ٹھیک نہیں لگ رہی تھی۔

کھوئی ہوئی بھٹکی ہوئی سی تھی۔

اس نے ہاتھ بڑھایا تو وہ تھام کر احتیاط سے اٹھ گئی۔لب بھینچ کر خود پر ضبط کرتی ہوئی،پلکیں جھپکا جھپکا کر آنسوؤں کو روکتی ہوئی۔دل چاہا،لب کھولے اور بتا دے وہ بہت تکلیف میں ہے۔اسے برا لگ رہا ہے۔اسے غصہ آ رہا ہے۔اسے وحشت ہو رہی ہے۔اسے رونا آ رہا ہے۔

وہ اس کے ساتھ کمرے میں آ گئی تھی۔لحاف ہٹاتے،تکیہ درست کرتے وہ آرام سے لیٹ گئی۔

''کچھ چاہیے؟''

اس نے نفی میں سر ہلاتے ہوئے اپنی طرف کا لیمپ آف کر دیا۔

وہی منظر،وہی نگاہیں،وہی تھپڑ،طلاق اور آوازیں......

اس نے آنکھیں بند کر لیں۔

☆......☆......☆

زنیرہ آپا کے گھر میں وہ بیڈ پر بیٹھی لب کاٹ رہی تھی۔برہان لان میں ٹہل رہا تھا۔وہ اندر نہیں آیا تھا۔اس نے کھانا بھی ٹھیک سے نہیں کھایا تھا۔اس کا موڈ بری طرح آف تھا اور وہ اس سے کوئی بھی بات کر نہیں پا رہا تھی۔

جنت کمال! جس کے ساتھ ایک لڑکی اور گارڈ تھا۔ جو شان دار گاڑی میں بیٹھ کر ہاسپٹل سے روانہ ہوئی تھی۔ جس کے گھر میں ایک خوش خبری آنے والی تھی۔ جس لڑکی کو برباد کر کے اس نے گھر سے نکلوایا تھا، وہ اسے مکمل طور پر آباد نظر آ رہی تھی۔ اس کا چہرہ آنکھوں میں گھوم رہا تھا۔ بے بسی سے لب کاٹتے وہ اندر سے جل رہی تھی۔ بھسم ہو رہی تھی۔ اسے توقع نہیں تھی وہ اپنی آنکھوں سے ایسا کوئی منظر دیکھے گی۔ جسے ادھورا سمجھا تھا۔ اسے مکمل دیکھے گی۔

حسد کی آگ میں جلتے ہوئے اٹھ کر باہر زنیرہ آپا کے پاس جا بیٹھی۔ برہان گاڑی نکال کر کہیں چلا گیا تھا۔

"پتا نہیں برہان کو کیا ہوا ہے۔ مجھے اس کا موڈ ٹھیک نہیں لگ رہا۔" زنیرہ آپا بیٹی کو سلا رہی تھیں۔ مدھم آواز میں بولیں۔

"جنت کو جو دیکھ لیا۔"

بچی کی پشت تھپکتے زنیرہ آپا کے ہاتھ ساکت ہو گئے۔ حیرت سے ماہین کو دیکھا۔

"جنت کو؟ کہاں دیکھ لیا تم لوگوں نے؟"

"ہاسپٹل آئی ہوئی تھی وہ آپا..... اللہ کی پناہ وہ پہچانی ہی نہیں گئی۔ اتنی آزاد اور ماڈرن۔ اتنے چست کپڑے پہنے ہوئے تھے اس نے۔" اس کی زبان اب زہر اگل رہی تھی۔ جو باتیں پہلے کرتی رہی تھی۔ اب پھر سے کر رہی تھی۔ وہ آگ جو اندر جل رہی تھی۔ وہ ایسے ہی کم ہو سکتی تھی۔

"استغفر اللہ! مجھے تو دیکھ کر شرم آئی۔"

زنیرہ آپا اپنی بیٹی کو چھوڑے اس کی طرف گھوم گئیں۔

"اور برہان..... انہیں تو غصہ آ گیا۔"

"تو اس لیے موڈ آف ہے اس کا۔" آپا نے سمجھ کر سر ہلایا۔ "اللہ کا شکر ہے جان چھوٹ گئی اس

بدکردار لڑکی ہے۔ شادی شدہ ہوتے ہوئے بھی چکر چلاتی رہی۔ اب آزاد ہو کر تو گل کھلانے ہی ہیں اس نے۔" آپا کے لہجے میں حقارت تھی۔

"سچ میں آپا رشتہ ختم ہو گیا اس کا؟" کھوجتے ہوئے سوال کیا۔ ایک خبر جو پہلے ملی تھی اس کی تصدیق ضروری تھی۔

"اور نہیں تو کیا۔ گھر سے بھاگ گئی تھی یہ۔ اس کا شوہر ڈھونڈ رہا تھا۔ اسی لیے وہ لاہور گیا تھا۔"

آپا کو بس اتنا ہی پتا تھا۔ جنت کے بارے میں مزید انہیں کوئی خبر نہ تھی۔ اڑتی اڑتی خبر بس یہ تھی کہ اس کی دوسری بار بھی طلاق ہو چکی تھی۔

وہ لب بھینچے کمرے میں آ گئی۔ اپنی کزنز کو فون گھما ڈالا۔ وہ ایک بار پھر اس کے کردار پر آ گئی تھی۔ کیچڑ اچھال رہی تھی۔ جن باتوں کی سرے سے کوئی حقیقت ہی نہ تھی، انہیں حقیقت بنا کر پھیلا رہی تھی۔ جنت کمال...... ایک آزاد خیال، ایک بدکردار لڑکی۔ اس کا لباس کتنا برا تھا۔ وہ مردوں میں گھوم رہی تھی۔ اس کا فیشن، اس کے مہنگے کپڑے۔ اس کی ادائیں جو وہ لوگوں کو دکھا رہی تھی۔ زبان سے جو کہہ سکتی تھی کہہ دیا۔ مگر نہ آگ کم ہوئی، نہ جلن ختم ہوئی۔ نہ ذہن سے بوجھ سرکا۔ نہ دل میں سکون اترا۔ جو خوشی جنت کی طلاق پر ہوئی تھی۔ وہ خوشی محسوس کرنے سے قاصر رہی۔ بس نہیں چل رہا تھا وہ ایک بار پھر اسے سب کی نظروں سے گرا دے۔ ایک بار پھر وہ کہانی دہرا دے۔ اب کے دل چاہا وہ اپنے دوسرے شوہر کی نظروں سے گرے۔ اسے اب کی بار سچ مچ میں طلاق ہو جائے۔ وہ بات جو افواہ ہے۔ وہ حقیقت بن جائے۔ اس کے متعفن خیالات کا اثر چہرے پر نظر آنے لگا۔ اس کی شکل عجیب ہیئت اختیار کرنے لگی۔

جنت خوش کیوں ہے؟ وہ مطمئن کیوں ہے؟ اس کے پاس تو اب برہان بھی نہیں ہے۔

دروازہ کھول کر برہان اندر آیا تو وہ بھی جیسے خیالات کی دنیا سے نکل آئی۔ سونے کی کوشش کی تو نیند نہ آئی۔ اٹھ کر بیٹھی تو معلوم ہوا برہان بھی جاگ رہا ہے۔

"کیا سوچ رہے ہیں آپ؟"
"کیا سوچ سکتا ہوں؟"
اس کے لب بھینچ گئے۔
"اس فضول لڑکی کی وجہ سے اپنا سکون کیوں برباد کر رہے ہیں؟"
"اس فضول لڑکی کے ساتھ میں نے پانچ سال گزارے ہیں ماہین۔ میرے ساتھ اتنا بڑا دھوکا کر کے، مجھے اس طرح سے اذیت دے کر وہ کیسے خوش رہ سکتی ہے۔ کوئی احساس ہی نہیں اسے۔"
ماہین کی آنکھوں میں تعجب سا اتر آیا۔ کیا وہ اسے شرمندہ دیکھنے کا خواہش مند تھا؟ اسے اپنے آس پاس ایک دم سے دھماکے ہوتے ہوئے محسوس ہوئے۔ کیا وہ چاہ رہا تھا جنت کمال اس سے معافی مانگے۔ اپنی غلطیوں کا ادراک کرے؟ وہ متوحش نگاہوں سے اپنے شوہر کو دیکھ رہی تھی۔
"شی از پریگننٹ! یہ سب کیسے......" اس کا دماغ جیسے ماؤف ہو رہا تھا۔ وہ اسے غصے کی آگ میں دیکھ سکتی تھی مگر اس آگ میں کچھ اور بھی تھا۔ کوئی ایسا جذبہ اور احساس۔ کوئی ایسی کیفیت...... جو واضح نہیں ہو رہی تھی۔ ماہین عبدالکریم کو اس لمحے اپنا آپ فنا ہوتا محسوس ہوا تھا۔
"برہان! اس نے ہم سب کے ساتھ برا کیا ہے۔ اسپیشلی آپ کے ساتھ! مجھے سمجھ میں نہیں آتا، کس چیز کی کمی ہونے دی آپ نے اور اس نے...... اس نے پھر بھی آپ کو چیٹ کیا۔ آئم سو سوری آپ کو ان سب سے گزرنا پڑا۔" لہجے کو نرم کرتے ہاتھ پر ہاتھ رکھا۔ مگر دل دھڑکے جا رہا تھا۔ سانسیں تیز چل رہی تھیں۔ برہان واصف کا یہ رویہ اسے مخمصے میں ڈال رہا تھا۔ جس لڑکی کا وہ نام تک نہیں سننا چاہتا تھا۔ اس کا ذکر کیسے کر رہا تھا۔ طلاق کے بعد جنت کمال کی صرف ایک جھلک، کہاں لے گئی تھی اسے؟
"آپ نے کتنا خیال رکھا اس کا، اور اس نے آپ کے بچے کو ہرٹ کرنے کی کوشش کی۔ مجھے تکلیف پہنچائی۔" آنکھوں میں آنسو بھر لائی۔ اپنا سر اس کے کندھے سے ٹکا دیا۔

''اسی بات کا تو دکھ ہے مجھے۔'' لب بھینچ کر بولا۔ ''اس نے ہمارے رشتے کا بھی لحاظ نہیں کیا۔ جتنی محبت میں نے اسے دی، اس کے باوجود اس نے مجھے دھوکا دیا۔''

جنت کمال اور اس کی خوش گواری زندگی۔ وہ مسکراہٹ جو اس کے ہونٹوں پر تھی اور اس پر نظر پڑتے ہی اڑ نچھو ہوئی تھی۔ وہ آنکھیں جن کا نرم تاثر اسے دیکھ کر سخت ہوا تھا۔ وہ جنت کمال جو اس کے بغیر جینے کا تصور بھی نہیں کر سکتی تھی، وہ اس کے بنا کتنی خوش، کتنی مکمل نظر آ رہی تھی۔ جانے وہ کیسا احساس تھا جو ایک دم سے حاوی ہوا تھا۔ سلگتا ہوا، انگاروں جیسا۔ رگ و پے میں سرایت کرتا ہوا۔ آنکھوں میں لہو بھرتا ہوا۔

ماہین تو پھر بھی سونے کے لیے لیٹ گئی تھی مگر وہ آنکھوں میں شعلے لیے رات گئے تک جاگتا رہا تھا۔

☆......☆......☆

ناشتے کے بعد وہ کمرے میں تھی۔ ریان پاس ہی بیٹھا ہوا تھا۔ فارس آئینے کے سامنے کھڑا ٹائی کی ناٹ باندھ رہا تھا۔ جو میگزین ہاتھ میں تھا، اس کا صفحہ گول گول گھمانے لگی۔ کلائی پر گھڑی پہنتے ہوئے فارس نے مڑ کر اسے دیکھا۔ اس کا چہرہ مکمل طور پر اترا ہوا تھا۔ وہ پتا نہیں کن سوچوں میں گم تھی۔

وہ سر جھٹک کر باہر چلا گیا۔ ملازم اس کا بریف کیس گاڑی میں رکھ رہا تھا۔

اقصیٰ مین گیٹ سے باہر نکل رہی تھی۔ رک گئی۔ مؤدب سی۔ کہیں ڈانٹ نہ پڑ جائے۔ (بغیر وجہ کے)۔ اس کی وین آ چکی تھی۔ ڈرائیور ہارن دیے جا رہا تھا۔

''میں جاؤں صاحب! وین آ گئی!''

اس نے وہیں کھڑے ہاتھ ہلایا تو ڈرائیور اس کا اشارہ سمجھتے وین کو لے گیا۔

''اب کیا میں کالج پیدل جاؤں گی؟'' وہ بوکھلائی۔ اس کی سہیلیوں نے وین سے گردن نکال نکال کر اسے دیکھا کہ وہاں کس کے ساتھ کھڑی ہے اور کیا کر رہی ہے۔

''ڈرائیور سے کہہ دیتا ہوں وہ ڈراپ کر دے گا تمہیں۔'' اقصیٰ کی جان میں جان آئی۔

"کل تم اپنی آپی کے ساتھ ہاسپٹل گئی تھیں؟"

"جی صاحب!"

"وہاں کچھ ہوا تھا کیا؟"

"نہیں تو......بس سیڑھیوں پر ایک بڑے بابا جی بے ہوش ہو گئے تھے تو جو بڑی اماں ان کے ساتھ تھیں، انہوں نے شور مچا دیا۔"

"میں اس کی بات نہیں کر رہا۔" ضبط کر کے اسے روکا۔ "تمہاری آپی سے کوئی ملا تھا کیا؟" اس نے اپنا سوال مزید واضح کیا۔

اقصیٰ نے رک کر آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے اپنا ذہن یہاں وہاں دوڑایا۔

"اوہ ہاں! یاد آیا۔ ایک میاں بیوی تھے۔"

"ایک میاں بیوی!" فارس نے برداشت کی انتہا پر سینے پر بازو باندھے۔

"مطلب ہزبنڈ وائف تھے شاید۔ وہ جنت آپی کو دیکھ رہے تھے اور جنت آپی انہیں دیکھ رہی تھیں۔ پتا نہیں کیا بات تھی وہ تو بس پتھر ہی ہو گئیں۔ پھر سارا وقت گاڑی میں بھی بالکل چپ رہی ہیں۔ حالانکہ انہوں نے مجھ سے کہا تھا اقصیٰ! واپسی پر آئس کریم بھی کھائیں گے۔" ایک ہی سانس میں سب بتا دیا۔

فارس نے اسے جانے کا اشارہ کر دیا۔ ساتھ ہی ڈرائیور کو حکم دیا کہ وہ اسے اس کے کالج ڈراپ کر دے۔ اتنی بڑی گاڑی میں کالج جانے کے تصور سے خوش ہوتی وہ اٹھلاتی گاڑی میں بیٹھ گئی۔ دوستوں کے علاوہ جو بھی لڑکی اسے گاڑی سے نکلتا دیکھے گی، جل کر سواہی ہو جائے گی۔

آفس پہنچ کر فارس نے ڈاکٹر شازیہ کا نمبر ملایا۔ وہ مسز شیرازی کی دوست تھیں۔ سلام دعا کے بعد وہ بے حد سنجیدگی سے اصل مدعے پر آ گیا۔

"آپ سے ایک ہیلپ چاہیے تھی۔"

"جی بیٹا! کیا ہیلپ چاہیے؟"

وہ جنت کے بعد چیک اپ کے لیے آنے والی خواتین کے بارے میں پوچھ رہا تھا۔ ان کے نام جاننا چاہ رہا تھا۔ انہوں نے اپنی اسسٹنٹ سے لسٹ منگوائی۔ چند ایک ناموں کے بعد ہی ماہین عبد الکریم کا نام آ گیا۔ مسز برہان واصف۔

وہ موبائل فون کان سے لگائے اپنی جگہ بیٹھا رہ گیا۔

"آپ کا بہت شکریہ۔" اس نے کال کاٹ دی۔ آنکھوں میں عجیب سا تاثر اتر آیا۔

کیا اس کی یہ حالت اس لیے ہے کہ اس نے اپنے سابقہ شوہر کو دیکھ لیا ہے؟

اپنی آفس چیئر پر بیٹھے فارس وجدان کی مٹھیاں سختی سے بھنچ گئی تھیں۔

☆......☆......☆

وہ الجھے ہوئے دماغ کے ساتھ کچھ دیر تک مسز شیرازی کے پاس بیٹھی رہی تھی۔ پھر لان میں ٹہلنے لگی تھی۔ اس کے بعد اس نے لائبریری کا رخ کیا تھا۔ کتابوں کی سیٹنگ بدل ڈالی تھی۔ شاور لے کر کچھ دیر تک آرام کیا اور پھر جب اٹھی تو دماغ ہلکا تھا۔ وہ ہر طرح کے منفی خیالات کو بار بار جھٹکتی اپنی توجہ واپس اپنی حالیہ زندگی کی طرف لا رہی تھی۔ اسے فارس کی ناراضی کا خیال آیا۔ آہستہ سے مسکرائی۔ نئے سرے سے کچھ سوچا۔ یاد آیا گفٹ لینا تھا۔ کارڈ۔ پھر معافی۔ شاید یہ دوری اس لیے بھی تھی کہ اس نے ابھی تک اس سے کوئی بات نہیں کی تھی۔ نہ جذبات کا اظہار کیا تھا۔ نہ احساسات۔ اس نے سوچا اور سوچ کر تہیہ کر لیا۔ مسز شیرازی سے اجازت لے کر مال چلی گئی۔

آج آرام اور تسلی سے بات کرے گی۔ اس نے تا حال گلہ شکوہ نہیں کیا تو وہ اسے موقع دے گی۔ اس کی سنے گی۔ اور اپنی سنائے گی بھی۔ وہ ریان کے لیے شاپنگ کر رہی تھی۔ کپڑے، کھلونے اٹھا کر دیکھتے ہوئے مسکرائی۔ چند ایک تصویریں مسز شیرازی کو بھیج کر ان سے رائے لی۔

اور تب ہی فارس کی کال آ گئی تھی۔

''اف!'' گڑبڑا کر فوراً سے کال ریسیو کی۔ ''ہیلو!''

''کہاں ہو تم؟''

''میں؟ وہ میں......شاپنگ کے لیے آئی ہوں۔''

''کس فلور پر ہو؟'' گویا جانتا تھا ڈرائیور اسے کہاں چھوڑ کر گیا تھا۔

اس نے کان سے ہٹا کر موبائل اسکرین کو اچنبھے سے دیکھا۔ کیا وہ یہاں آ گیا ہے؟ فوراً سے اپنی لوکیشن بتائی۔ پھر ایسے ہی ٹہلتے ہوئے کپڑے دیکھنے لگی۔ دل شدت سے دھڑک کے جا رہا تھا۔ ڈانٹ الگ سے پڑے گی کہ وہ بتائے بغیر کیوں آ گئی۔

''بہت خوش نظر آ رہی ہو تم؟ آنا بھی چاہیے کہ احساس شرمندگی نام کی کوئی چیز تم میں ہے بھی تو نہیں۔''

اس کے ہاتھ میں ایک پندرہ ماہ کے بچے کا ڈریس تھا۔ چھوٹ گیا۔ وہ برہان واصف کو اتنے قریب سے دیکھنے پر، اس کی آواز سننے، اس کی آنکھوں میں اترنے پر بے طرح سے بوکھلائی تھی۔

دبے قدم پیچھے ہوتے اس نے کپکپاتے ہاتھوں کو بھینچ لیا تھا۔ وہ آنکھوں میں غصے کی سرخی لیے لب بھینچ کر اسے دیکھ رہا تھا۔ جیسے ضبط کے کسی کڑے امتحان سے گزر رہا ہو۔

''میں نے تمہیں کس چیز کی کمی ہونے دی اور تم نے کیا کیا؟''

آنکھوں میں وحشت لیے، بھاری سانسوں کے ساتھ وہ اسے دیکھ کر رہ گئی تھی۔ اس کی ہمت کیسے ہوئی تھی۔ مخاطب ہونے کی۔ راستہ روکنے اور بات کرنے کی بھی۔ مڑ کر جانے لگی تو اس نے راستہ روک لیا۔ ''بات کر رہا ہوں میں تم سے۔''

''برہان!'' شاپنگ بیگ ہاتھ میں لیے ماہین فوراً سے آ گئی تھی۔ جلن کی آگ میں......

''آپ بھی کس لڑکی کے منہ لگ رہے ہیں۔ جس کو اپنی ماں کی عزت کا لحاظ نہیں تھا۔ اس سے

آپ بات ہی کیوں کر رہے ہیں۔"

جنت کی تر آنکھوں میں ماہین کا عکس ابھرا۔ وہ اپنی جگہ منجمد ہوئی کھڑی تھی۔ اس کے اندر سر اٹھاتا غصے کا، نفرت کا، غم کا طوفان محض آنکھوں اور چہرے پر امڈتا آ رہا تھا۔ مگر وہ ساکت تھی۔ وہ خاموش تھی۔ وہ زور سے چیخنا چاہتی تھی مگر چیخا نہیں جا رہا تھا۔ وہ کچھ کہنا چاہتی تھی مگر بولا نہیں جا رہا تھا۔

برہان اور ماہین......

"برہان! یہاں سے چلیں۔"

"تمہاری محبت کے سارے دعوے جھوٹے تھے۔ تم معافی مانگ سکتی تھیں مجھ سے۔ تم کہہ سکتی تھیں غلطی ہوگئی۔ لیکن تم نے کیا کیا؟ اس لائف اسٹائل کے لیے وہ سارے تماشے کیے تھے تم نے۔ اپنی ماں کا بھی خیال نہیں کیا۔ اپنے نانا کی تربیت۔"

برہان واصف...... وہ کر کیا رہا تھا۔ کہہ کیا رہا تھا۔

بات ماں کی تھی۔ ذکر نانا کا تھا۔ اس کے کردار کا۔ گناہوں کا۔ غلطیوں کا تھا۔

اس نے گھر، شہر، خاندان...... سب چھوڑ دیا۔ مگر وہ لوگ اپنی زبانوں سے اس کا ذکر نہ چھوڑ سکے۔ وہ شخص...... جس کی صورت وہ کبھی نہیں دیکھنا چاہتی تھی۔ جس کی آواز وہ کبھی نہیں سننا چاہتی تھی۔ جس کا تصور ہمیشہ اس پر پہاڑ بن کر ٹوٹتا تھا۔ جس کی محبت کا خیال وحشت ناک اندھیروں میں ڈبوتا تھا۔ وہی شخص۔ اس کے سامنے کھڑا بہت کچھ کہہ رہا تھا اور وہ کھڑی تھی۔ وہ اسے کہنے دے رہی تھی۔ بیوی بن کر بھی اس نے سب خاموشی سے سنا تھا۔ بیوی نہ ہو کر وہ ایک بار پھر وہی کر رہی تھی۔ اس کا طریقہ پھر سے ایک سا ہو رہا تھا۔ وہی خوف، وہی دہشت، وہی سر جھکا کر، سب تسلیم کر لینے کی عادت۔ وہی عادت پھر سے سر اٹھا رہی تھی۔ وہ ایک بار پھر قدموں میں جا رہی تھی۔

فارس وجدان کی نگاہ دور سے اس پر پڑی تھی۔ اس کے ساتھ کھڑے اس شخص پر بھی۔ جسے وہ

دیکھ رہی تھی۔ موبائل جیب میں رکھتے وہ عجلت میں قدم اٹھاتا آگے بڑھا تھا۔

"تم سے محبت اور شادی...... میری زندگی کی سب سے بڑی غلطی تھی۔"

ماں اور نانا کی تربیت...... بات کردار کی تھی۔ اس الزام کی بھی جو اس پر لگایا گیا تھا۔ پورا کھیل ماہین عبدالکریم کا سجایا ہوا تھا۔ پوری پلاننگ اس کی تھی۔ اس کے آس پاس لوگوں کی آمد و رفت، ملبوسات کی قیمتیں دیکھتی خواتین، کاؤنٹر پر کیشیر، مشین کی ٹاپنگ، ٹائلز پر گھسٹتی ٹرالیز کا شور سب مدھم اور ماند پڑنے لگا۔ ہر ایک شے تاریکی کا حصہ ہوگئی۔ ماہین کا وجود بھی عدم ہوگیا۔ روشنی اگر کہیں تھی تو وہ برہان واصف کے وجود پر پڑ رہی تھی۔ ساڑھے پانچ سالوں کا اعتماد محض چند مہینوں میں خاک ہوا تھا۔ ساڑھے پانچ سالوں تک جو کردار زینت بنا رہا تھا۔ وہی کردار...... برہان واصف کی آنکھوں میں دھول مٹی ہوا تھا۔ کوئی شے سالوں سے مضبوط رہنے کے بعد ایک ہلکی سی ضرب سے ٹوٹی تھی۔ اور وہ آج بھی وہیں تھا۔ اسی مقام پر...... اسی گمان میں...... اسی خوش فہمی اور خیال میں...... کہ مجرم وہی تھی۔ ہر سزا، ہر عذاب، ہر مصیبت کی حق دار بھی وہی......

وہ اس کے گھر میں تھی۔ وہ اس پر چیخ رہا تھا۔ وہ چلا رہا تھا۔ وہ خطوں کو اس کے منہ پر مار رہا تھا۔ وہ پھولوں کے بکے اور کارڈ کو پھاڑ کر اس سے استفسار کر رہا تھا۔

وہ جمود سا ایک جو طاری ہوا تھا۔ اس جمود پر ایک دراڑ سی پڑی۔ اس نے بہت عرصے تک سب خاموشی سے سہا تھا۔ اب نہیں سہہ سکی تھی۔ اس نے ایک دم سے قوت پکڑی۔ اور پورے زور سے برہان واصف کے گال پر تھپڑ جڑ دیا۔ ماہین نے ایک دم سے منہ پر ہاتھ رکھا۔

بھرے خاندان میں رسوا کر کے طلاق دی تھی جس نے۔ اس نے گردن موڑ کر صدمے سے گنگ اس کی طرف دیکھا۔

عجلت میں قدم اٹھا کر اس کی طرف بڑھتے فارس وجدان کے قدموں کی حرکت تھم گئی۔ مدھم

سے شور میں تھپڑ کی آواز تو کہیں دب گئی تھی مگر پاس میں کھڑے چند ایک لوگ ان کی طرف متوجہ ضرور ہوئے تھے۔

جنت نے اپنا کپکپاتا ہاتھ نیچے کرلیا۔ اس کی سانسیں چڑھی ہوئی تھیں۔ اس کی رگوں میں انگارے دوڑ رہے تھے۔ اس کے آنسو جانے کیسے پلکوں کی باڑ پر اٹکے ہوئے غم پر ٹھہرے رہ گئے تھے۔ وہ جتنی مضبوطی دکھا سکتی تھی، اس نے دکھا دی۔

اس کا پورا وجود طوفانوں کی زد میں لگ رہا تھا۔ مگر وہ کھڑی تھی۔ وہ ڈٹ کر اور سر اٹھائے اس انسان کے سامنے کھڑی تھی جو اس کی زندگی کی تباہی کا سبب بنا تھا۔ پہلا مرد۔ زندگی میں آنے والا پہلا رشتہ۔ پہلی محبت۔ پہلا گھر۔ پہلا شوہر۔ وہ اسے دیکھ رہا تھا۔ ماہین اس کی جرأت پر ساکت تھی۔

''تمہاری یہ ہمت......'' ماہین مشتعل ہوئی۔

جنت کمال نے کچھ نہ کہا۔ کوئی گلہ شکوہ۔ کچھ بھی نہیں۔ ہمت پکڑ کر رخ بدلا اور پھر فارس پر نظر پڑتے ہی رک گئی۔

وہ آنسو جو برہان اور ماہین کے سامنے آنکھوں میں ٹھہرے رہے تھے۔ وہ اب اس کے گالوں پر پھسل گئے تھے۔ وہ سسکیاں جو سینے میں دبی ہوئی تھیں۔ آہستہ آہستہ ابھر رہی تھیں۔ وہ اس کی جنگ تھی، اسے لڑنے دے دی گئی۔

اس نے فارس کی طرف ایک قدم اٹھایا۔ پھر دوسرا۔ اور رک گئی۔ اس کی سسکیاں اب ہچکیوں میں بدل چکی تھیں۔ سر جھک گیا تھا۔ مزید آگے بڑھنے کی اب ہمت نہیں رہی تھی۔

بقیہ فاصلہ فارس وجدان کا تھا۔ اس نے طے کرلیا۔ اس کا ہاتھ گرفت میں لیتے ہوئے برہان واصف کی طرف قدم اٹھائے۔

''آئندہ میری بیوی کا راستہ روکنے اور اس سے بات کرنے کی کوشش کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو

گا۔" اس نے انتہائی درشت لہجے میں اس کے قریب رک کر وارن کیا تھا۔ اس کی آنکھوں میں آگ جل رہی تھی۔ برہان واصف کا وجود جنت کمال کے آس پاس اسے ایک لمحے کے لیے بھی برداشت نہیں ہوا تھا۔

یہی وقت ہے۔ ماہین کو لگا، یہی لمحہ ہے۔ وہ اپنا کام دکھا سکتی ہے۔ وہ جنت کمال سے اپنے شوہر کی اس بے عزتی کا بدلہ لے سکتی ہے۔ وہ ایک بار پھر اس کی شادی شدہ زندگی کو آگ لگا سکتی ہے۔

"بہت شوق ہے آپ کی بیوی کو شادی شدہ ہوتے ہوئے بھی شادی شدہ مردوں پر ڈورے ڈالنے کا۔ ہمارے خاندان کی ہے تو جانتے ہیں کس کردار کی ہے۔ آپ پتا نہیں اس کے چکروں میں کیسے آگئے۔" اس نے زہرخند لہجے میں انتہائی حقارت سے جنت کا ذکر کیا۔

وجاہت کا پیکر۔ وہ شان دار سا مرد جنت کمال کے پہلو میں کھڑا اسے حسد کی آگ میں جلا رہا تھا۔

"آر یو ٹاکنگ اباؤٹ مائی وائف؟" (کیا آپ میری بیوی کے بارے میں بات کر رہی ہیں؟) وہ اس کی طرف مڑا۔ ماہین کو لگا تھا وہ اس شخص کو ایک دم سے غصے اور اشتعال میں آتا ہوا دیکھے گی۔ اس کی آنکھوں میں شک ہوگا۔ بدگمانی کے تاثرات ابھریں گے۔ مگر وہ مرد اس کی آنکھوں میں دیکھتا تحمل سے پوچھ رہا تھا۔

"کیا آپ بھی انہی لوگوں میں سے ہیں جن سے یہ شادی سے پہلے رابطے میں تھی؟" سنبھل کر دوسرا نقطہ جوڑا۔ "اس کے تو کافی افیئرز تھے۔ برہان نے اسی لیے تو اسے طلاق دے دی تھی۔ اور اس نے تو ہمارا بچہ تک ضائع کرنے کی کوشش کی۔ شاید آپ کو یہ سب کسی نے بتایا ہی نہیں۔"

جنت کا پورا وجود لرز رہا تھا۔ فارس کے پیچھے کھڑے اس نے آنکھیں میچ کر خود پر ضبط کا پہرہ بٹھایا تھا۔ ماہین کو جواب دینے کے بجائے اس نے برہان کو دیکھا۔

"کیا آپ کی بیوی کو ہمیشہ سے جنت پر کیچڑ اچھالنے کا شوق تھا یا آپ سے شادی کے بعد ہوا ہے؟" وہ سوال، ماہین پر کسی تلوار کے وار سے کم نہیں تھا۔ برہان واصف کی نگاہیں اس پر جمی رہ گئیں۔

"کیونکہ میں نے اپنی بیوی کے کردار میں آج تک کوئی جھول نہیں دیکھا۔"

ماہین پھٹی پھٹی نگاہوں سے فارس کو دیکھ رہی تھی۔ اسے نہیں پتا تھا اس طرح اس کے شوہر کے سامنے منہ کھولنا اسے اتنا بھاری پڑ جائے گا۔

ایک سخت اور سرد پڑتی نگاہ برہان واصف پر ڈالتے ہوئے وہ جنت کو بازو کے حصار میں لیتا جانے کے لیے مڑ گیا تھا۔

برہان واصف کی نگاہیں فارس وجدان کی پشت پر جمی رہ گئی تھیں۔

وہ شخص اس لڑکی کو اپنائے ہوئے تھے جو اس کے لیے بدکردار ہو چکی تھی۔

جسے اس نے چھوڑ دیا۔ اسے کسی اور نے اپنا لیا تھا۔ جسے اس کے گھر میں کچھ نہ ملا، اسے کسی اور کے گھر میں آباد کر دیا گیا تھا۔

وہ لڑکی......

وہ جنت کمال......

اس کی سابقہ بیوی۔ کس پچھتاوے کی زد میں نہ کل تھی نہ آج نظر آ رہی تھی۔ وہ جو اس کے بغیر جینے کا تصور بھی نہیں کر سکتی تھی، اسے مکمل اور زندہ نظر آ رہی تھی۔

"برہان!" ماہین عبدالکریم کی آنکھوں میں قہر کی نمی تھی، غصہ تھا۔ برہان واصف سناٹوں میں گھرا کافی دیر تک کھڑا رہا تھا۔

☆......☆......☆

مال کے ریستوران کے پرائیوٹ کیبن میں، وہ اس کے پاس ہی بیٹھا تھا۔ اس کا سر جھکا ہوا تھا۔ چہرہ سرخ، نم آنکھیں لال ہو رہی تھیں۔ دھیمی دھیمی سسکیاں۔ انگلیاں مسلتی وہ سر جھکائے بیٹھی تھی۔ اس کا وجود بھی کپکپا رہا تھا۔

"تم مال آ ہی رہی تھیں تو مجھ سے رابطہ کر لیتیں۔"

اس نے سر اٹھا کر فارس کو دیکھا۔ وہ خالی گلاس میں پانی انڈیل رہا تھا۔

وہ بتا نہیں سکتی تھی اس کے لیے تحفہ لینے آئی تھی۔ آج کے لیے کتنے پلانز تھے اس کے۔

آنسو پھر سے بہہ نکلے۔ لب بھینچ کر رونے پر قابو پانے کی کوشش کی مگر بے سود۔

"لو، پانی پیو!" گلاس تھما دیا۔ اس نے چند گھونٹ لے کر گلاس ہاتھوں میں دبائے رکھا۔ جیسے کسی مضبوطی کی ضرورت ہو۔ گہری سانس لیتے اس نے خود کو کسی حد تک سنبھال لیا۔ سر اٹھا کر اس کی آنکھوں میں دیکھا۔

وہاں غصہ تھا، نہ خفگی۔ شک کی کوئی لہر اور نہ ہی کوئی استہزاء۔

"تمہیں اکیلے مال آنا ہی نہیں چاہیے تھا۔"

"تم ناراض تھے۔ تم سے کیسے کہتی؟" اس نے رومال دیا تو آنسو صاف کر لیے۔

وہ چند لمحوں تک لاجواب ہو کر بیٹھا رہا۔

"کہہ سکتی تھیں۔ میں کوئی ایسا ناراض بھی نہیں کہ ساتھ نہ آتا۔"

وہ ذرا سا چپ ہوئی۔ آنکھوں میں آنسو ٹھہرے رہے۔

"تمہارے لیے گفٹ لینا تھا۔ تمہیں کیسے لاتی؟" اصل مسئلہ تو یہ تھا۔

"گفٹ؟" حیرت سے ابرو اچکا کر سیدھا ہو بیٹھا۔ "اس کی کیا ضرورت پڑ گئی۔"

وہ ٹھیک ٹھاک باتوں میں الجھا کر اس کا ذہن بھٹکا چکا تھا۔

وہ پہلے انگلیاں مسلتی رہی۔ "میں نے سوچا تھا تمہیں گفٹ دوں گی اور بات کروں گی اور......"

"اور......؟"

"معافی مانگوں گی۔" نظریں جھکائے رہی۔

وہ گہری سانس لیتا اسے دیکھے گیا۔

''میں ناراض نہیں ہوں۔''

''تو جو راضی ہوتے ہیں کیا وہ ایسے کرتے ہیں جیسے تم کر رہے ہو؟''

وہ کچھ دیر چپ چاپ بیٹھا رہا۔

''اچھا ٹھیک ہے، چلو!''

''کہاں؟'' سر اٹھا کر پوچھا۔

''جو تم نے کام کرنے ہیں۔ وہ جلدی سے کرو۔ پھر گھر چلتے ہیں۔''

وہ آنکھوں میں حیرت لیے اسے دیکھ کر رہ گئی۔ وہ کیبن کا دروازہ کھول کر باہر نکل گیا تو ہینڈ بیگ اٹھاتی اس کے پیچھے باہر آ گئی۔

''کیا خریدنا ہے تمہیں؟'' لفٹ کا رخ کرتے ہوئے پوچھا تاکہ اسی حساب سے وہ اس کی مدد کر سکے۔

''گھڑی لینی تھی۔'' لب کاٹ کر بتا دیا۔ اسے پتا تھا کس فلور پر اسے کس طرح کے برانڈ مل جائیں گے۔ وہیں لے گیا۔

سیلز مین انہیں نفیس، قیمتی اور بے انتہا مہنگی گھڑیاں دکھانے لگا۔

وہ ذرا سا کنفیوز ہوئی کھڑی تھی۔

''تم اپنی پسند کا گفٹ لو گی یا گفٹ میری پسند کا ہوگا؟'' کتنے دنوں بعد وہ پہلے کی طرح بات کر رہا تھا۔ میز پر کہنی ٹکا کر پوچھا تو وہ پزل ہو کر کھڑی رہی۔ چہرہ ہنوز سرخ سا، پلکیں بھیگی ہوئیں۔

''تم......تم خود پسند کر لو۔''

''او کے۔'' کہہ کر اس نے سب سے مہنگی ترین گھڑی پر ہاتھ رکھ دیا۔ نکال کر کلائی پر پہن کر بھی دیکھا۔ جنت نے قیمت پوچھی تو ہوش اڑ گئے۔ اتنے پیسے اس کے پاس اس وقت نہیں تھے۔

"ایسا کرتی ہوں میں گفٹ دے رہی ہوں تو مجھے ہی پسند کرنا چاہیے۔" گڑ بڑا کر اس کی کلائی سے گھڑی اتروا کر سیلز مین کو واپس کر دی جیسے وہ کوئی دھماکہ خیز چیز ہو۔

"اتنے پیسوں سے تو اقصیٰ کے گاؤں میں دو تین گھر بن جائیں۔" سوچ کر پھر دوسری طرف گئی۔ وہ اب جیبوں میں ہاتھ ڈالے کھڑا تھا۔

اس نے ایک گھڑی پسند کی۔ اس کی قیمت پوچھی۔ مناسب تھی۔ مگر اس وقت اس کے پاس بیگ میں جتنی رقم تھی، اس پر بھاری۔ نچلا لب کاٹ کر رہ گئی۔ اب اسے کیا پتا تھا یہاں اتنی مہنگی گھڑیاں ہوں گی۔ ابھی تو اسے اور بھی شاپنگ کرنی تھی۔

"گفٹ تم لے لو، پے منٹ میں کر دوں گا۔" اس نے جس طرح سے کہا، جنت کا چہرہ خفت سے سرخ ہو گیا۔ وہ اس کی مسکراہٹ ابھرتی اور چھپتی دیکھ سکتی تھی۔ وہ اس کے تاثرات سے محظوظ ہو رہا تھا۔

"لو!" کریڈٹ کارڈ نکال کر دے دیا۔ "رولکس یا راڈو کی لو گی تو اچھا رہے گا۔" مشورہ دے کر خود شاپ سے باہر بنچ پر جا بیٹھا۔

اس نے گہری سانس لے کر رولکس کی چند گھڑیاں چیک کیں۔ قیمت دیکھی۔ اب رنگ دیکھ رہی تھی۔ ایک گولڈ کلر میں تھی۔ دوسری سلور۔

"سلور بہتر رہے گی۔" اس کے کندھے پر جھک کر بولا۔ اس کی آواز سنتی بوکھلا کر سیدھی ہوئی۔ پتا نہیں کب اندر آیا۔ ابھی تو باہر بیٹھا تھا۔

"اوہ......اچھا۔ ٹھیک ہے۔ سلور ہی ٹھیک ہے۔"

مشکل حل ہو گئی۔ گھڑی پیک ہو گئی۔ خرید کر باہر آ گئے۔

"دوسرا کیا کام ہے؟"

"دوسرا کچھ زیادہ خاص کام نہیں تھا۔" بیگ کی اسٹرپس پر گرفت بڑھائی۔

''کام تو تھا۔''اس نے کریدا۔

''ہاں وہ......اصل میں......مجھے......کارڈ لکھوانا تھا۔'' جھجک کر بتا دیا۔ سارے پلانز شیئر کرنے پڑ رہے تھے۔ سرپرائز کا بیڑہ غرق۔

گاڑی کا دروازہ کھولتے اس نے رک کر جنت کو دیکھا۔ اچنبھے سے۔

''کیسا کارڈ؟''

''وہ لکھواتے ہیں کوئی اچھی سی بات، دعا یا کوئی میسج۔'' پسنجر سیٹ پر بیٹھ کر وضاحت دی۔

''آل رائٹ......سمجھ گیا۔''اس نے گاڑی اسٹارٹ کر دی۔

جہاں کارڈ لکھوانا تھا، وہاں پہلے سیاہ رنگ کا کارڈ پسند کیا۔ اس پر نقرئی روشنائی سے اب کوئی عبارت لکھوانی تھی۔

وہ پیچھے دیوار سے پشت لگائے جیبوں میں ہاتھ ڈالے کھڑا تھا۔ اور وہ آگے میز پر کچھ دیکھتی سوچ رہی تھی۔ لکھوانا کیا ہے۔ پہلے تو ارادہ کیا تھا آئمہ سے پوچھے گی۔ آئمہ تو ساتھ ہی نہیں تھی۔ جو ساتھ تھا اس سے اپنی بے عزتی کروانے کا موڈ نہیں تھا۔

''کچھ نہیں لکھا؟'' قریب آ کر خالی صفحے پر نظر دوڑاتے پوچھا۔

''ابھی سوچ رہی ہوں۔''

''اتنا سوچ رہی ہو؟''

''تمہارا کیا بھروسا برا ہی مان جاؤ۔'' جتا دیا۔

''پیغام لکھنا ہے یا کوئی دھمکی دینی ہے؟''

وہ دھیرے سے ہنس دی۔

''اچھا ٹھیک ہے، مجھے سوچنے دو اب۔''

''بس سمپل سا لکھ دو۔ ڈبے میں ڈبہ، ڈبے میں کیک......'' اس نے ایک دم سے فارس کو دیکھا اور ہنس پڑی۔ ہنسی کی جلترنگ میں آس پاس زندگی کے آثار بکھر گئے۔ جیسے کوئی بھولی بسری بات یاد آ گئی ہو۔ ''اللہ! تم نے بھی یہ شعر سنے ہوئے ہیں؟'' وہ اس کی طرف گھوم گئی۔

''ہاں! کسی نے لکھ کر دیے تھے مجھے۔ غالباً فرینڈ شپ ڈے تھا۔'' جیبوں میں ہاتھ ڈالے بولا۔

''میں تمہیں بتا نہیں سکتی یہ شعر میرا کتنا فیورٹ تھا۔ میں اتنا عرصہ اپنی فرینڈز کو یہی لکھتی رہی۔ ایک اور بھی تھا۔'' اب وہ یاد کر کر کے اسے سنانے لگی۔ وہ مبہم سا بس مسکراتا رہا۔

''اب سچ میں یہی لکھوا دوں؟'' رک کر شرارت سے پوچھا۔

''اپنے بچوں کو فخر سے دکھا سکو تو لکھ دو۔''

وہ ہنستی چلی گئی۔ پھر نچلا لب دبائے کاغذ پر جھکی۔ اس نے لکھ کر دے دیا۔ کارڈ پرنٹ ہو گیا۔ گفٹ کے ساتھ پیک کر کے رکھ رہی تھی، وہ بولا۔

''اب اور کیا باقی ہے؟''

''کچھ بھی نہیں۔ کسی ریستوران میں کھانا کھا لیں؟ کیا خیال ہے؟'' اس کا لہجہ خوش گوار تھا۔ وہ اب پریشان نہیں لگ رہی تھی۔

''فائن!'' اس نے گاڑی مرکزی شاہراہ پر ڈال دی تھی۔ پندرہ منٹ کی ڈرائیو کے بعد وہ ایک ریستوران میں موجود تھے۔ کھانا کھانے کے بعد جنت نے گہری سانس لی۔

جو گفٹ اس کے پیسوں سے خریدا۔ وہ اسے پیش کر رہی تھی۔ جو کارڈ اس کے ساتھ لکھوا کر آئی، وہ اب اوپر رکھ رہی تھی۔ وہ بند مٹھی ٹھوڑی پر رکھے اسے دیکھ رہا تھا۔ ہونٹ سنجیدگی سے بھینچے ہوئے۔ کمال مہارت سے مسکراہٹ روکی گئی تھی۔ جنت کو ایسی سچویشن میں پھنس کر اپنا آپ بہت ہی بے وقوف سا محسوس ہو رہا تھا۔

"کیا مجھے گفٹ کھولتے وقت کچھ ایکٹنگ بھی کرنا ہوگی۔ جیسے میں کسی شاک میں ہوں۔ یقین نہیں آرہا کہ تم مجھے گفٹ دے سکتی ہو۔ یا ایسا کچھ؟" وہ پوچھ رہا تھا۔

"اللہ!" اس کی آنکھوں میں تارے ناچ گئے۔ ٹھیک ٹھاک بے عزتی تھی۔ خفت سے چہرہ سرخ پڑ گیا۔

"ٹھیک ہے اب۔ اس کی کوئی ضرورت نہیں۔ بالکل بھی ضرورت نہیں۔" ضبط کر کے اس نے گھڑی کا باکس اور کارڈ اٹھا کر اپنے بیگ میں واپس ٹھونس دیے۔ کبھی نہ دینے کا عزم کر کے۔ حد ہے......

"میں تو صرف تمہاری ہیلپ کرنا چاہ رہا ہوں۔"

"تم میرا مذاق اڑا رہے ہو۔" زور دے کر ناراضی سے بولی۔ "خود سے ساری باتیں اگلوالیں تم نے۔ ورنہ میں نے تو تمہیں سرپرائز ہی دینا تھا۔"

"ٹھیک ہے ٹھیک ہے۔ آئم سوری۔ تم جو کرنا چاہ رہی ہو، وہ کرو۔ میں چپ ہوں۔"

"میں اب کچھ نہیں کروں گی۔" غصے سے جواب دے کر اٹھ کھڑی ہوئی۔

"کپل عموماً ایک دوسرے کی پسند سے گفٹ لیتے ہیں اور اکٹھے بھی لیتے ہیں۔ یہ کوئی ایسی بڑی بات تو نہیں ہے۔" اس نے معاملے کو ٹھنڈا کرنا چاہا۔

"ہاں مگر وہ یہ تو نہیں پوچھتے کہ گفٹ لیتے وقت مجھے کیسا ری ایکشن دینا ہوگا۔ حیران ہونا ہوگا یا پریشان ہونا ہوگا یا شاک میں جانا ہوگا۔"

جس انداز میں اس نے کہا، اور جس طرح آخری جملے میں اس نے نقل اتاری۔ وہ ہنس دیا۔

"ہاں ہاں اب ہنسو۔ مجھ پر ہنسو۔" وہ اچھا خاصا چڑ کر باہر نکل گئی۔

وہ بل ادا کر کے باہر آیا تو جنت گاڑی کے پاس ناراض سی کھڑی تھی۔

"میں تو اس لیے پوچھ رہا تھا۔ جیسا ری ایکشن تم چاہو گی، میں ویسا ہی دے دوں گا۔" اس کے پاس آ کر کہا۔

"تو تمہارے اپنے احساسات کا کیا؟" اس نے مڑ کر پوچھا تو وہ اپنی جگہ رک گیا۔
"میرے احساسات گئے بھاڑ میں۔" اس نے ہلکے پھلکے انداز میں کہتے ہوئے گاڑی کا لاک کھول دیا۔
وہ اپنی جگہ تھم کر رہ گئی۔
"آئس کریم کھانا چاہو گی؟" وہ پوچھ رہا تھا۔ اپنے حواسوں میں لوٹتے دروازہ کھول کر بیٹھ گئی۔ نفی میں سر کو جنبش دی۔ اس کا دل ایک دم سے بھاری ہو گیا تھا۔
"گھر چلتے ہیں۔"
اس نے سر ہلا کر گاڑی اسٹارٹ کر دی تھی۔ دوران سفر ایک عجیب سی خاموشی چھائی رہی تھی۔ وہ کھڑکی کی طرف رخ کیے گہری سوچ میں غرق تھی۔ اس کے چہرے پر تکلیف دہ تاثرات ابھرتے مٹتے جا رہے تھے۔ اندر کا درد آنکھوں سے عیاں ہو رہا تھا۔
"کیا اب گفٹ دینے کا تمہیں کوئی ارادہ نہیں ہے تمہارا؟"
وہ بات کر رہا تھا تو جنت جواب نہیں دے رہی تھی۔ وہ اس کی طرف دیکھ بھی نہیں رہی تھی۔ گہری سانس لے کر اس نے گاڑی روک دی۔
"میں صرف مذاق کر رہا تھا۔"
جنت نے پلکیں جھپکا کر آنسو روکتے ہوئے اس کی طرف دیکھا۔ چند لمحوں تک جیسے اپنے اندر ہمت مجتمع کی۔
"جب میں تم سے سوال کرتی تھی۔ تمہارے باپ، بھائی یا دادا کے بارے میں۔ اور تمہاری ایکس وائف کے بارے میں بھی۔ میں چاہتی تھی، تم مجھے اپنے بارے میں بتاؤ، میں جاننا چاہتی تھی۔ مجھے لگتا تھا میں سوال کروں گی تو تم جواب دو گے۔ وضاحت دو گے۔ لیکن تم کچھ نہیں کہتے تھے۔ کسی

سوال کا جواب نہیں دیتے تھے۔"

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتا خاموش بیٹھا رہ گیا۔

"میرے ذہن میں ایسے چھوٹے موٹے سے اختلاف آ جاتے تھے۔ بھائی سوتیلا ہے اس لیے کوئی مسئلہ ہوگا۔ باپ کے ساتھ کوئی ایشو۔ دادا سے کوئی ناراضی۔ لیکن میں نے کبھی یہ نہیں سوچا تھا تمہارے ساتھ یہ سب ہوا ہوگا۔ میں نے کبھی نہیں سوچا۔ ان کا ذکر تمہارے لیے کتنا تکلیف دہ رہا ہوگا۔ تم سنتے رہے لیکن تم نے مجھے نہیں روکا۔" اس کی آواز بھیگی۔ "جب مدحت بانو نے مجھے سب بتایا تو......" رک کر لب بھینچے۔ "میں تب سے خود کو معاف نہیں کر پا رہی۔" وہ بہت تکلیف میں نظر آ رہی تھی۔

وہ اسٹیئرنگ وہیل پر ایک ہاتھ رکھے ہوئے تھا۔ تاثرات سنجیدہ تھے۔ لبوں پر سکوت ٹھہرا ہوا تھا۔

"میں...... میں عدینہ سے بہت جیلس تھی۔" آنسو صاف کر کے لہجے کو حتی الامکان مضبوط کرتے ہوئے بولی۔ "میں اس کی باتوں میں آ گئی۔ اس نے کہا تم دونوں کی محبت کی شادی تھی۔ میں نے مان لیا۔ اس نے کہا تم اس کی وجہ سے کسی سے شادی نہیں کرنا چاہتے تھے۔ میں نے یہ بھی مان لیا۔ اس نے کہا وہ کسی بھی وقت تمہیں ہاں کہہ کر تمہاری زندگی میں واپس آ سکتی ہے۔ میں نے اس پر بھی یقین کر لیا۔ تمہاری نفرت نے مجھ سے سب منوا لیا فارس!"

وہ پچھتاوؤں کی زد میں بہت دکھی نظر آ رہی تھی۔ اس نے شک کیا۔ غلط سمجھا۔ غلط سوچا۔

"میرے ذہن میں یہ خیال کبھی نہیں آیا کہ پہلی شادی کا تجربہ اتنا برا تھا کہ تم دوبارہ کسی رشتے میں نہیں پڑنا چاہتے تھے۔"

سڑک پر گاڑی گزر گئی۔ اندھیرے میں کہیں بتیاں روشن ہوئیں۔ فارس لمحے بھر کے لیے نظر ہٹا کر کہیں اور دیکھنے لگا۔

"غلطی تمہاری بھی ہے۔ تم اپنے بارے میں کچھ بتاتے بھی تو نہیں تھے۔ میں نے اپنی لاعلمی میں

تمہیں بہت ہرٹ کیا۔ جو بات تکلیف دیتی ہو، انسان اس کا ذکر نہیں کرتا۔ آنٹی بھی اس لیے خاموش تھیں کہ بات معمولی نہیں تھی۔ حماد بھائی نے عدینہ سے شادی کی......اور......" وہ رک گئی۔

"میں سمجھتی رہی کہ سوتیلا بھائی ہے۔ شاید اسی وجہ سے...... کسی ناراضی یا اختلاف کے باعث تم ریان کو گھر نہیں لا رہے۔ مجھے یہ بات بہت ڈسٹرب کرتی تھی کہ وہ یتیم بچہ ہے۔ اور تم پھر بھی نہیں لا رہے۔ یہ اس بچے پر ظلم تھا۔ روبی سے میری روز بات ہوتی تھی۔ ریان وہاں ٹھیک نہیں تھا۔ اس کے ہاتھ پر چوٹ لگی تو اسے ہاسپٹل لے کر جانے والا کوئی نہیں تھا۔ تم مجھے بتاؤ۔ میں یہ سب سنتی اور کیسے...... کیسے چپ بیٹھی رہتی؟

میں نے تم سے بات کرنے کی کوشش کی اور تم غصے میں آگئے۔ میں حقیقتاً نہیں چاہتی تھی اس معاملے کا اثر ہمارے رشتے پر پڑے۔ میں بالکل نہیں چاہتی تھی۔ لیکن جب روبی سے بات ہوئی اور اس نے مجھے بتایا ریان کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ اور اس کی کوئی فکر بھی نہیں کر رہا تو میں...... تمہارے منع کرنے کے باوجود، جھوٹ بول کر وہاں گئی۔

میں جانتی تھی جب اسے گھر لے آؤں گی تو تم ضرور ناراض ہو گے۔ لیکن مجھے لگ رہا تھا۔ میں سب سنبھال لوں گی۔ مجھے لگ رہا تھا سب ٹھیک ہو جائے گا۔ میں نے پورا پلان کر لیا تھا کہ اگر تم بچے کو نہیں دیکھنا چاہو گے تو تمہارے سامنے نہیں آنے دوں گی۔ لیکن سب کچھ جانتے بوجھتے اسے وہاں چھوڑ کر اس ظلم میں نہ خود شریک ہوں گی، نہ تمہیں ہونے دوں گی۔" اس نے رک کر خشک لبوں کو تر کیا۔ "میں وہاں گئی۔ اس لیے نہیں کہ تمہارے احساسات کا خیال نہیں تھا۔ یا تمہاری ناراضی کی پروا نہیں تھی۔ پروا بھی تھی، فکر بھی تھی۔ لیکن میں پھر بھی گئی۔ یہ سب...... بس ہو گیا مجھ سے۔"

فارس نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا۔ وہ رو رہی تھی۔

"اس طرح تمہیں ہرٹ کرنے پر تکلیف مجھے بھی ہے۔ کیونکہ اب تمہیں لگتا ہے جیسے مجھے

تمہارے احساسات کی پروا نہیں ہے۔لیکن مجھے پروا ہے۔'' وہ اپنی بات کہہ کر نظر جھکاتی، آنسو صاف کرتی چپ ہوگئی۔ ''مجھے معاف کردو فارس! آئندہ تمہیں ہرٹ نہیں کروں گی۔''

اس نے نم آنکھوں کے ساتھ فارس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھ دیا۔ وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔اس کی حکایتیں مبہم سی تھیں۔آنکھوں میں ہلکی سی نمی نظر آ رہی تھی۔لب سنجیدگی سے بھینچے ہوئے تھے۔مگر چہرے کے تاثرات سخت نہیں تھے۔وہ اسے دیکھ رہا تھا اور ایک بار پھر وہ اسے مختلف اور منفرد روپ میں نظر آ رہی تھی۔وہ جنت کمال جو اس کی خاموشی سے ناراضی کا عنصر لیے ہوئے تھی جانتی تک نہ تھی کہ اس کا وجود ہمیشہ سے اس کی زندگی میں ایسے ہی رہا ہے۔اس کی دخل اندازی ہر بار اس کی زندگی کو کسی اور رخ میں ڈال دیتی تھی۔

وہ جنت کمال جس نے سات سال کی عمر میں اس کی سردمہری کو کسی کھاتے میں نہ لاتے ہوئے اسے ہنسنا اور جینا سکھایا۔وہی جنت کمال چودہ سال بعد اس کی زندگی میں آئی اور اس کا جمود توڑ دیا۔اس کی نفرتوں کو دھو دیا۔اس کے اندر باہر کی دنیا کو یکسر بدل دیا۔وہ جب اپنی من مانی کرتی تھی یا ضد پکڑتی تھی یا ڈٹ کر فیصلہ کرتی تھی تو اس کے خوف کے طوفان تھم جاتے تھے۔وہ کام جو مشکل ہوتا تھا اس کا ساتھ آسان کر دیتا تھا۔اس کی سنگت میں زندگی تاریکیوں میں بھی خوب صورت لگتی تھی۔اس کا خیال، اس کے ارادے،اس کی باتیں،اس کا پرعزم انداز اسے نئے سرے سے جینا سکھا دیتا تھا۔

دل کے معاملات دل میں تھے۔محبت کی شدت بس آنکھوں سے نظر آ سکتی تھی۔

اس نے بے حد نرمی سے اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا۔مبہم سا مسکرایا۔''میں نے پہلے بھی کہا تھا، میں ناراض نہیں ہوں۔تھا بھی...... تو اب نہیں ہوں۔''

''پھر تم میرے ساتھ ٹھیک سے بات کیوں نہیں کر رہے تھے؟'' نم آنکھوں کے ساتھ شکوہ کیا۔

اب وہ وجہ بتا کر تیسری جنگ عظیم نہیں چھیڑ سکتا تھا۔

''شاید مجھے...... وقت چاہیے تھا۔'' مختصر جواب دیا۔

وہ چند لمحوں تک اس کی آنکھوں میں دیکھتی رہی۔
''تم پکا ناراض نہیں ہوتا؟'' تصدیق چاہی۔
''نہیں۔''
اس کا وہ مختصر سا پر یقین لہجے میں ادا کیا ہوا لفظ اس کے اندر سکون بٹھا گیا۔ دل سے بوجھ سرک گیا۔ وجود ہلکا پھلکا سا ہو گیا۔
''اب گھر چلیں؟'' وہ پوچھ رہا تھا۔
''ہاں، ہاں چلو! لیکن مجھے آئس کریم بھی کھانی ہے۔'' آنسو صاف کرتی، ہشاش بشاش ہو گئی۔ اس کی آنکھوں میں چمک اتری ہوئی تھی۔ لب بھی مسکرا رہے تھے۔ فوراً سے بیگ کھول کر اس کا تحفہ اور کارڈ اسے واپس تھما دیا۔
''کیا کر رہی ہو؟'' ایک ہاتھ سے اسٹیرنگ وہیل سنبھالے، دوسرے ہاتھ سے چیزیں سنبھالتا تپ گیا۔
''آئس کریم، مت بھولو۔'' وہ سیٹ پر ایزی ہو کر بیٹھ گئی تھی۔
فارس گہری سانس لے کر رہ گیا۔
آٹھ بجے گھر پہنچے تو لاؤنج روشنیوں میں نہایا ہوا تھا۔ ٹی وی آن۔ کارپٹ پر کھلونے بکھرے ہوئے۔ ملازمہ ریان کے ساتھ بیٹھی تھی۔ مسز شیرازی وہیل چیئر پر۔ وہ فون کال سن رہی تھیں۔ انہیں اندر داخل ہوتا دیکھا تو ہاتھ ہلاتے ہوئے مسکرائیں۔
ریان تو فوراً سے اٹھ کر، سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر جنت کی طرف لپکا۔ ٹانگوں سے لپٹ گیا۔ پھر اپنے ننھے ہاتھ اوپر کیے۔ بیگ صوفے پر رکھتے اسے جھک کر اٹھا لیا۔ ہاتھ میں گفٹ پیک لیے، دوسرے ہاتھ سے ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کرتا اپنے کمرے میں چلا گیا۔
''آپ کو پریشان تو نہیں کیا؟'' مسز شیرازی کے پاس بیٹھتے ہوئے پوچھا۔ دوسرے ہاتھ سے

ریان کے بال سنوارے۔

"میری جان مجھے پریشان کر سکتی ہے بھلا...... بار بار تمہارے کمرے کی طرف جا رہا تھا۔" مسکرا کر بتانے لگیں۔

"مس کر رہے تھے آپ مجھے؟ ہاں؟" اس نے ریان کا گال چوم لیا۔ "دیکھو تو میں کیا لائی ہوں۔" شاپنگ بیگ کھول کر اس کی چیزیں نکالنے لگی۔ وہ ہاتھ میں لے کر دیکھنے لگا تھا۔ اس کی مسکراہٹ بہت پیاری تھی۔ اس کا کھلتا ہوا چہرہ زندگی کا احساس دلاتا تھا۔ مسز شیرازی مسکراتے ہوئے انہیں دیکھتی رہی تھیں۔

☆......☆......☆

اپنے کمرے کی کھڑکیوں کے سامنے وہ صوفے پر بیٹھی باہر دیکھ رہی تھی۔ سوئمنگ پول کی دائیں طرف سٹنگ ایریا میں فارس کاؤچ کے ساتھ ٹیک لگائے کارپٹ پر بیٹھا اپنا کام کر رہا تھا۔ لیپ ٹاپ ٹیبل پر رکھا تھا۔ فائلز کا ڈھیر تھا۔ کافی کا مگ...... قلم...... وہ اپنے کام میں بہت مصروف نظر آ رہا تھا۔

مدحت ریان کو اٹھائے فارس کے پاس آ گئی تھی۔ اب وہ اس سے کچھ کہہ رہی تھی۔ خالی فیڈر ہاتھ میں تھا۔ فارس نے سر کو اثبات میں جنبش دی تو وہ ریان کو اس کے چند کھلونوں کے ساتھ اس کے پاس ہی بٹھا کر چلی گئی۔ صوفے کی پشت کے ساتھ گردن ٹکائے وہ آنکھوں پر پڑتی دھوپ سے قطعی بے نیازانہیں دیکھے گئی۔

پہلے تو ریان اپنے کھلونے کی طرف متوجہ رہا پھر اپنی کار اٹھائے فارس کی گود میں چڑھنے لگا۔

لیپ ٹاپ اسکرین سے نظر ہٹاتے اس نے ریان کو خود سے الگ کر کے نیچے بٹھا دیا۔ وہ پھر سے اٹھ کر اس کے پاس آیا اور اب کی بار وہ اسے خود سے دور نہیں کر سکا۔

ریان اب پورے استحقاق سے گود میں چڑھ کر بیٹھ گیا تھا۔ گاڑی ہاتھ میں تھی۔ اپنی ٹانگ جھلاتے وہ آگے پیچھے ہو رہا تھا۔ جیسے بہت اچھے موڈ میں ہو۔

جنت کی نگاہیں فارس کے چہرے پر جمی رہیں۔اس کے تاثرات لمحے بھر کے لیے مبہم ہو گئے تھے۔

وہ اپنے کام پھر سے کرنے لگا تھا مگر......ریان کی وجہ سے اب توجہ نہیں ٹھہر رہی تھی۔وہ اپنی گاڑی اسے دے رہا تھا۔اس کے بے مفہوم سے چھوٹے چھوٹے لفظ تھے،وہ ادا کرتا ہوا،اب اس کے لیپ ٹاپ پر ہاتھ رکھنا چاہ رہا تھا۔فارس نے اس کا ہاتھ ہٹا دیا۔

اسی لمحے مدحت وہاں آ گئی تھی۔جھک کر اسے اٹھانا چاہا تو ریان نے ایک دم سے اس کا ہاتھ ہی جھٹک دیا۔جنت کے لبوں پر مسکراہٹ آ گئی۔وہ جہاں بیٹھا تھا،وہیں بیٹھے رہنا چاہتا تھا۔

''فیڈر نہیں چاہیے کیا؟'' مدحت نے پچکارا۔

اس نے دونوں ہاتھوں سے فیڈر لے لیا۔لیکن اس کے پاس نہیں گیا۔

وہ آنکھوں میں دلچسپی لیے انہیں دیکھتی رہی۔

کیا اسے فارس میں اپنے باپ کی خوشبو آتی ہو گی؟اس نے سوچا۔وہ بظاہر سب کے پاس چلا جاتا تھا کہ سب اٹھاتے تھے اور پیار بھی کرتے تھے مگر فارس کے ساتھ اس کا معاملہ الگ تھا۔وہ اس کے پاس خود جاتا تھا۔اس نے کئی بار نوٹس کیا تھا۔ڈائننگ ٹیبل پر ریان نے کئی مرتبہ ہاتھ اس کی جانب اٹھائے تھے۔فارس لاؤنج میں بیٹھا ہوتا تو اس کے پاس پہنچ جاتا۔ٹانگ سے لگ کر کھڑا رہتا۔

اس مختصر عرصے میں اس نے ایک بار بھی فارس کو ریان کی طرف اس طرح سے متوجہ ہوتے نہیں دیکھا تھا جیسے آج دیکھ رہی تھی۔مدحت اسے وہاں چھوڑ کر جا چکی تھی۔دودھ پینے کے بعد وہ اس کی گود سے نکل گیا۔اپنے کھلونے اٹھا اٹھا کر اس کے لیپ ٹاپ کے پاس ہی ٹیبل پر رکھنے لگا۔ایک گاڑی اسے بھی دے دی۔جو کہ فارس نے لے کر رکھ دی۔کی پیڈ پر تیزی سے کچھ لکھتے وہ گاہے بگاہے اس پر بھی نظر دوڑا لیتا۔

ریان اب کافی ٹیبل کے نیچے گھسنا چاہ رہا تھا۔شاید وہاں کچھ گر گیا تھا۔فارس نے بازو سے پکڑ کر اسے باہر نکالا اور پھر رک سا گیا۔ریان کا بازو اس کے ہاتھ میں تھا۔جنت نے محسوس کیا،وہ کچھ دیکھ رہا

ہے۔دوسرے ہی پل وہ سیدھی ہو بیٹھی۔ذراسا آگے ہو کر غور کرنا چاہا۔

فارس اب اس کی شرٹ اتار رہا تھا۔جنت کے تاثرات میں پریشانی اتر آئی۔ریان کی پشت پر نیل جیسے نشان تھے جواب کافی ہلکے ہو چکے تھے۔وہی نشان اب فارس دیکھ رہا تھا۔اس کے بازو پر، گردن کے نیچے،اور پیشانی پر جگہ جگہ مندمل ہوتے زخموں کے کئی نشان تھے۔

اس نے فارس کے تاثرات پڑھنے کی کوشش کی۔وہ ریان کو دیکھ رہا تھا۔اس کی آنکھوں میں کچھ تھا جسے وہ سمجھ نہیں پارہی تھی۔

اب وہ اس سے پوچھنا بھی چاہتا کہ یہ چوٹیں کیسے آئی تھیں،تو وہ بتا نہیں سکتا تھا۔

معصومیت سے اسے دیکھتے،ریان پھر سے کافی ٹیبل کے نیچے جانے لگا۔فارس نے پکڑ کر بٹھا دیا۔شرٹ پہنانے کے بعد اس نے ملازم لڑکے سے کہا،وہ اسے لے جائے۔

اس کے کھلونے،فیڈر اور جو چیزیں وہاں بکھری پڑی تھیں،اس نے اٹھانے کا کہا۔

جنت اپنی جگہ سے اٹھ کر کھڑکی کے پاس آ کھڑی ہوئی۔آنکھوں میں نمی سی اتر آئی۔نگاہیں فارس کے چہرے پر جمی رہیں۔ملازم لڑکا وہاں سے جا چکا تھا۔ریان بھی اب وہاں نہیں تھا۔نہ کوئی ڈسٹربنس تھی نہ کوئی شور یا بے توجہی۔لیکن فارس اب کام نہیں کر پارہا تھا۔چند ایک صفحات پر سائن کرتے،لیپ ٹاپ پر کچھ لکھتے وہ پیشانی مسل کر پیچھے ہو گیا۔صوفے پر اپنی گردن گرائے،دائیں سے بائیں اپنے بازو پھیلائے وہ آنکھیں موند چکا تھا۔

جنت اسے دیکھ رہی تھی۔اس کی آنکھوں میں نرمی اور محبت سی نظر آرہی تھی۔

اب تک اس کا یہی خیال تھا وہ محض اپنی ماں کے لیے ریان کو واپس لایا ہے مگر آج اس کی یہ غلط فہمی دور ہو گئی تھی۔جس طرح اس نے ریان کو بیٹھنے دیا تھا اور جس طرح سے شرٹ اتار کر اس کے زخم کا معائنہ کیا تھا تو اب اسے ایسا نہیں لگ رہا تھا۔وہ ریان کا چچا ہی تھا جو اسے واپس لے آیا تھا۔

☆......☆......☆

سامنے تو ہو تو کدھر دیکھوں
تو ہی محسوس ہو جدھر دیکھوں
جانے کیوں تجھ سے جی نہیں بھرتا
جس قدر چاہوں، جس قدر دیکھوں
تو ہی کافی ہے عمر بھر کے لیے
اور تجھ سا نہ عمر بھر دیکھوں
جھیل جیسی ہیں وہ کنول آنکھیں
ان میں ایک روز ڈوب کر دیکھوں
ایک ہی شخص ہے بہت ناصر
کیوں کوئی اور ہم سفر دیکھوں

(ناصر زیدی)

جنت اسے ڈھونڈتی ہوئی باہر آئی تو فارس اسے پول میں سوئمنگ کرتا ہوا دکھائی دیا۔

''سنو!'' ریلنگ کے پاس آ کر آواز دی۔

وہ چہرے پر ہاتھ پھیرتا کنارے پر آ گیا۔

''آنٹی نے مجھے بتایا ہے ہم کوئٹہ جا رہے ہیں؟'' اس کے لہجے اور انداز میں ایکسائٹمنٹ نظر آ رہی تھی۔

''ہاں!'' وہ کنارے پر کہنیاں ٹکائے بولا۔

''تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں؟'' جنت کی اب سمجھ میں آیا وہ اس کی ڈاکٹر سے پریگنینسی میں سفر کے بارے میں کیوں پوچھ رہا تھا۔

''ابھی کنفرم نہیں ہوا۔'' کنارے سے ہٹ کر وہ ڈبکی لگا تا دور ہو گیا۔

''کنفرم نہیں ہوا تو کر لو۔'' وہ حفاظتی ریلنگ پر ہاتھ جما کر بولی۔

''کیوں؟''

''تم بھول بھی گئے؟''

وہ آنکھوں میں نا سمجھی کا تاثر لیے اسے دیکھنے لگا۔

''وہاں میرے نانا کا گھر ہے۔'' بہت مایوس ہو کر اسے بات یاد دلائی۔ آخر وہ کیسے بھول گیا؟

''اوہ ہاں...... کروڑوں کی زمین۔''

جنت نے لب بھینچ لیے۔

''اب جب میں کچھ الٹا سیدھا نہیں سوچ رہی تو تم بھی مجھے الٹا سیدھا سوچنے پر مجبور مت کرو۔''

وہ مسکرا کر رہ گیا۔

''تو کب تک جانا ہے؟'' اس کا بس چلتا تو ابھی اڑ کر پہنچ جاتی۔

''کل کا ارادہ ہے۔''

وہ جیسے بس یہی جواب سننے آئی تھی۔

''یس......!'' ہاتھ جوڑ کر خوشی خوشی قدم اٹھاتی وہاں سے چلی گئی۔

☆......☆......☆

حفصہ نے کمال منزل کے دروازے کھلوا دیے تھے۔ آج صبح سے ہی وہ یہاں تھیں۔ شام تک دوسری بہنیں بھی یہاں اکٹھی ہونے والی تھیں۔ نفیسہ کی وفات کے بعد سے یہ ایک معمول سا تھا کہ تمام بہنیں ویک اینڈ پر اکٹھی ہوتی تھیں۔ گھر کی صفائی بھی کرتیں۔ صدقہ خیرات اور اللہ کے نام پر دعوت بھی۔ ماں باپ کے اجر کے لیے۔

ان کی اپنی ملازمہ اپنے گاؤں گئی ہوئی تھی تو انہوں نے سکینہ کو بلوا کر گھر کی صفائی شروع کروادی تھی۔امی کے کمرے کا دروازہ کھول دیا تھا۔اپنی نگرانی میں جھاڑ پونچھ کروا رہی تھیں۔

''بس، کیا کہیں...... بیٹیوں کا غم اللہ سوہنا کسی کو نہ دے۔'' الماری سے ان کی تصویر نکال کر دیکھتے، اس پر ہاتھ پھیرتے، نم آنکھوں کے کنارے صاف کرتے وہ اس ایک جملے کو سنتے لمحے بھر کے لیے رک گئی تھیں۔مڑ کر اسے دیکھنے لگیں۔

''کبھی کبھار تو مجھے لگتا ہے سارا قصور میرا ہی ہے۔'' کھڑکی کے پٹ صاف کرتے سکینہ دل گرفتی کے عالم میں بولتی سیدھی ہوئی۔''نہ میں بڑی بی بی کو جنت کے بارے میں بتاتی، نہ وہ اس طرح ہر بات دل پر لیتیں۔پر کیا کرتی۔خود ہی تو پوچھتی تھیں۔''

حفصہ کی آنکھوں میں ایک دم سے تحیر اترا تھا۔

حیرت، صدمہ......

نفیسہ جنت کا نام تک نہیں لیتی تھیں۔پوچھنا تو دور کی بات تھی۔

''تم کیا کہہ رہی ہو؟'' وہ اس کے پاس آئیں۔

سکینہ نے ایک ٹھنڈی سانس بھر کر حفصہ کو دیکھا۔''بی بی جی! وہ جب برہان صاحب کی شادی ہوئی تھی نا دوسری...... تو...... اس کے بعد...... وہ مجھ سے پوچھتی تھیں۔''

حفصہ کا دل ایک دم سے زوروں سے دھڑکا تھا۔

''کس کے بارے میں پوچھتی تھیں؟''

''جنت بی بی کے بارے میں جی...... کہ گھر کے حالات کیسے ہیں؟ شوہر کیسا ہے؟ کیا چل رہا ہے؟ وہ پہلے گھر آتی تھی نا یہاں...... پر وہ نہیں ملتی تھیں۔پھر اس نے آنا ہی چھوڑ دیا۔'' سکینہ اپنے تئیں انہیں یاد کروا رہی تھی۔

''تم سے.....تم سے وہ جنت کا حال احوال پوچھتی تھیں؟''

''جی بی بی جی۔اور میں سب سچ سچ بتاتی رہی۔بھول گئی۔بیٹیاں تو ایسی باتیں چھپاتی ہیں کہ ماؤں کو تکلیف نہ ہو۔پر مجھے لگتا تھا۔انہیں دکھ نہیں ہوتا ہوگا۔اب بتائیں کون نہیں جانتا، وہ چھوٹی سے کتنی نفرت کرتی تھیں۔پر دل کا حال تو اللہ جانے۔وہ جس دن ان کا انتقال ہوا تھا نا۔اس سے ایک دن پہلے میں نے انہیں بتایا کہ گھر میں جھگڑا ہوا ہے۔جنت بی بی گھر میں چھپ چھپ کر روتی رہیں۔اور برہان بابو تو انہیں منہ بھی نہیں لگاتے۔بات بھی نہیں کرتے۔کہنے لگیں حفصہ آئے تو بات کرتی ہوں، اسے گھر لے آئے۔بس جی.....''

حفصہ کا دل ایک دم سے گہرے پاتال میں جا گرا۔

''امی نے یہ کہا تھا؟'' الفاظ کچھ صدمے سے ٹوٹ کر نکلے۔

سکینہ نے سر ہلایا۔''قسم لے لو جی۔آواز مانو کان میں کھڑی ہے۔''

وہ صدمے سے اپنی جگہ پتھر ہو گئیں۔ذہن میں ایک منظر ابھرا۔پھر لفظ۔آواز۔نام.....

سینے پر ہاتھ رکھے بے اختیار دیوار کا سہارا لیا۔جو بات وہ یکسر نظر انداز کر چکی تھیں وہ ایک دم سے ذہن میں تازہ ہو گئی تھی۔

ناول **عُسرِ یُسرا** کی آخری قسط آپ اگلے ماہ کی **15** تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

قسط نمبر 21

اسے اپنے سامان کی پیکنگ کرنا تھی۔اپنی نگرانی میں ملازمہ سے وہ کام مکمل کروایا۔شام کا کھانا کھانے کے بعد کچھ دیر تک مسز شیرازی کے پاس بیٹھی رہی پھر ریان کو ساتھ لیے کمرے میں آ گئی۔ گزشتہ کئی دنوں کا معمول تھا کہ وہ اب اسے کمرے میں لانے لگی تھی اور اپنے پاس بھی سلانے لگی تھی۔ اس کے کھلونے اب یہاں بھی بکھرے رہتے۔دادی کے پاس بھی جگہ تھی مگر جنت ان کے آرام کے لیے اپنے پاس ہی سلانے لگی تھی کہ اکثر وہ رات میں خوف زدہ ہو کر اٹھ جاتا تھا۔وہ نہیں چاہتی تھی جمیلہ دادو بے آرام ہوں۔

اسے پہلو میں کروٹ کے بل لٹائے،آہستہ سے پشت تھپتھپاتے ہوئے وہ فارس کو دیکھ رہی تھی۔ نیلی جینز پر سفید اور سیاہ رنگ کے امتزاج کی ہوڈی زیب تن کیے موبائل پر کسی سے بات کر رہا تھا۔کچھ فائلز، لیپ ٹاپ اور ضروری ڈاکومنٹس کافی ٹیبل پر پڑے تھے۔

ضروری ہدایات دے کر اس نے لیپ ٹاپ اٹھا لیا۔

ریان کی آنکھیں مکمل بند ہو چکی تھیں۔وہ نیند میں بے حد پرسکون ہو چکا تھا۔اس کی طرف سے کچھ تسلی کی۔لحاف درست کر کے فیڈر ایک طرف رکھا اور اٹھ کر اس کے پاس آ بیٹھی۔

پیشانی پر بکھرے بالوں کو وہ دوسرے ہاتھ سے کچھ اوپر کرتا بغور کچھ پڑھ رہا تھا۔جنت کی نگاہیں اس کے ریم لیس گلاسز کی زد میں نظر آتے عدسوں پر ٹھہر گئیں۔

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دُنیا Novels Ki Duniya

''کیا میں تم سے ایک سوال پوچھ سکتی ہوں؟''

''ہاں!'' مصروفیت بھرے لہجے میں جواب آیا۔

وہ عجلت میں تھا۔ کوئٹہ روانگی سے پہلے وہ اپنے بہت سے کام سرانجام دے لینا چاہتا تھا۔ وہ
صوفے پر سر رکھے کچھ دیر تک دیکھتی رہی۔ جانے کیا سوچ کر لبوں پر مسکراہٹ آ گئی جسے لب بھینچ کر
دباتے ہوئے اس نے کشن گود میں رکھ لیا۔

''میں پوچھنا چاہ رہی تھی کہ...'' ذرا سا ڈرامائی وقفہ دیا۔

''کہ؟'' اس نے مگ سے گھونٹ لے کر واپس رکھ دیا۔ ٹائپنگ ہنوز جاری تھی۔

''تمہیں مجھ سے پیار کب ہوا تھا؟''

کی پیڈ پر متحرک انگلیوں کی حرکت تھم گئی۔ گردن موڑ کر شہزادے نے اسے دیکھا۔ کچھ تعجب سے......

وہ صوفے کی پشت پر سر رکھے، بہت مطمئن بیٹھی تھی۔ آنکھوں میں نرمی تھی۔ چمک اور محبت بھی......

لیپ ٹاپ سے ہاتھ کھینچتا وہ سیدھا ہو بیٹھا۔ نگاہیں ہنوز اس کے چہرے پر ٹھہری رہیں۔

''محبت؟'' سوالیہ ابرو اٹھاتے وہ سنجیدہ ہوا۔

اس کے تاثرات سے جنت کمال نے حظ اٹھایا۔

''کب تمہاری نفرت ختم ہوئی، کب محبت شروع ہوئی، کب تم نے ارادہ بدلا؟''

فارس نے کچھ کہنے کے لیے منہ کھولا تو اس نے ہاتھ اٹھا کر اسے روکا۔

''اب یہ مت کہنا مجھے تم سے محبت نہیں ہے یا میں نے کب کہا مجھے تم سے محبت ہے۔'' آواز
بھاری کر کے فارس کی نقل کی۔

''کہہ بھی سکتا ہوں!'' اس نے مسکراہٹ دبالی۔

پتا نہیں وہ اس کی نقل اتارتے ہوئے اتنی کیوٹ کیوں لگتی تھی۔

''اپنے آپ کو جھٹلاؤ گے؟'' جتا کر پوچھا تو وہ مسکرا کر رہ گیا۔

''اب بتاؤ بھی۔'' وہ مصر ہوئی۔

ایک لمحے کا توقف کر کے فارس نے رخ بدل کر سامنے دیکھا۔ یوں جیسے کچھ سوچا ہو۔ پھر تاثرات ایسے جیسے کچھ یاد نہ ہو۔

''پتا نہیں، یاد نہیں۔'' کندھے اچکا دیے۔

اس کے لاپرواسے رویے پر جنت کمال کو غصہ آتے آتے ختم ہو گیا۔ چہرے پر مسرت کے رنگ پھوٹ پڑے۔ موصوف نے پہلی بار تردید نہیں کی۔

ثابت ہوا محبت تو اسے ہے۔ لب بھینچ کر اپنے جذبات پر قابو پاتے ہوئے ذرا سنجیدہ ہوئی۔

''ایسا بھی ممکن ہے کہ تمہیں کچھ پتا نہ ہو۔ یا تمہیں کچھ یاد نہ ہو؟'' گردن سیدھی کیے، ایک ادا سے کریدا۔

وہ صوفے کی پشت پر بازو پھیلائے مبہم سا مسکرایا۔

''بالکل ممکن ہے!''

''جیسے کہ میں تمہیں جانتی نہیں ہوں!''

''تو بتاؤ کتنا جان گئی ہو؟'' مخصوص چیلنج کرتی مسکراہٹ دل کے تار چھیڑ گئی۔

''پورے سو فیصد!'' وہ پراعتماد تھی۔

''پھر تو تمہیں پتا ہونا چاہیے میں نے کب اور کیوں ارادہ بدلا؟'' سوال کر کے پھنسا دیا۔

جنت کے لب بھنچ گئے۔ آنکھوں میں خفگی ابھر آئی۔ ہر بار وہ اسے باتوں میں لگا کر اس نہج پر لے آتا تھا جہاں وہ سوال کر کے جواب دینے والی بن جاتی تھی۔

''کبھی یہ اپنے منہ سے کچھ کہے گا بھی یا نہیں؟'' بدمزہ ہو کر سر جھٹکا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

اب اتنے اچھے موڈ کو غارت کرنا کوئی اچھی بات نہ تھی۔ اتنی مشکل سے تو صلح ہوئی تھی۔ سوچ میں پڑ گئی۔ ثابت کرنا بھی ضروری ہے کہ سو فیصد جان گئی ہے۔

وہ کشن گود میں رکھے اس کے چہرے کے اتار چڑھاؤ سے محظوظ ہوتا انتہائی سنجیدگی سے اسے دیکھتا رہا۔

''لاہور سے واپسی کے بعد؟ لیکن تب تو ہماری کوئی بات ہی نہیں ہوتی تھی۔'' سر اٹھا کر فارس کو دیکھا، اس کے تاثرات نے پھر سے کنفیوز کر دیا۔ گہری سوچ میں ڈوب کر یہاں وہاں دیکھا۔ اور پھر کسی خیال کے تحت ایک دم سے اس کی آنکھیں پھیلیں، منہ کھلا، گردن موڑ کر فارس کو دیکھا۔ ''اس تھپڑ کے بعد.....'' صدمے سے آواز نکلی۔

فارس وجدان کی مسکراہٹ اڑنچھو ہوئی۔

''جی نہیں!'' چڑ کر فوراً اس کی بات کاٹی۔

جنت کی ہنسی چھوٹ گئی۔

''کہا ناں! ایسا نہیں ہوا۔'' وہ تپ کر بولا۔

''بالکل یہی ہوا۔'' ریان کا احساس کر کے اپنی ہنسی ضبط کرنے کی کوشش کرتے آواز پست کی۔

''میں بے وقوف یہی سمجھتی رہی تمہارا تھپڑ سے دماغ ہل گیا ہے، اس لیے تم اتنا بدل گئے ہو۔'' اس کا چہرہ سرخ ہو چکا تھا۔ وہ ہنس ہنس کر بے حال ہو رہی تھی۔

فارس کا پارہ چڑھ گیا۔ جبڑے بھینچ کر اس نے کشن اٹھایا۔

''تو ناظرین! فارس وجدان شیرازی کی محبت کی شروعات ایک تھپڑ سے ہوئی۔'' اینکر پرسن بن کر خبر پڑھی۔ کشن منہ پر رکھا۔ ہنسی پھر بھی نہ تھمی۔

''کیا مسئلہ ہے تمہارا؟''

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا

''مسئلہ میرے ساتھ ہے؟'' جنت کو گدگدی سی ہو رہی تھی۔ ''میں تو ایک پہیلی بوجھنے کی کوشش کر رہی ہوں۔'' کمال کا اطمینان تھا۔

''جیسا تمہارا دماغ ہے، کچھ مت بوجھو۔'' وہ تپا ہوا تھا۔

''کیوں نہ بوجھوں؟''

''مجھے تم سے کوئی محبت نہیں ہوئی۔ اٹھ جاؤ یہاں سے۔''

وہ نہیں اٹھی۔ ڈھٹائی سے ہنستی بیٹھی رہی۔

''جنت کمال!'' ضبط کر کے وارننگ دی۔ ''جب میں کہہ رہا ہوں ایسا نہیں ہوا تو......''

''او کے...... ٹھیک ہے۔ آئم سوری۔'' اپنی ہنسی پر قابو پاتے ہوئے دونوں ہاتھ اٹھا کر اپنی شکست مان لی۔

وہ بڑبڑا کر رہ گیا۔ ایسے خفا خفا سا اس کی بات کا برا مانتا وہ اس لمحے اپنے دل کے بہت قریب لگا۔ مسکراتی نگاہوں سے اسے دیکھتے ہوئے گلا کھنکھار کر اس کے کان میں بولی۔

''لیکن یہ تو حقیقت ہے نا تم اس کے بعد ہی بدل گئے تھے۔'' آواز سرگوشی کے مشابہ تھی۔

''مجھے اب تمہاری آواز نہیں آنی چاہیے۔'' وہ لیپ ٹاپ گود میں رکھے اپنا کام شروع کر چکا تھا۔

''کیا اس وجہ سے تمہاری فیلنگز بدل گئیں کہ میں نے سی پی آر دیا تھا؟'' چند لمحوں کے بعد پھر سے سرگوشی ہوئی۔

''تم باز نہیں آؤ گی؟'' جبڑے بھینچ کر پوچھا گیا۔

''نہیں۔'' نفی میں سر ہلایا۔

لیپ ٹاپ اٹھا کر واپس ٹیبل پر رکھ دیا۔

''یاد کرو، ہم دونوں کی ایک جنگ چل رہی تھی اور تم نے اچانک ہتھیار پھینک دیے تھے۔''

https://novelskidunya.com/

''مجھے اتنا یاد ہے تم نے پھر بھی اٹھائے رکھے۔'' وہ اب اس کی طرف متوجہ ہو چکا تھا۔

''ہاں تو مجھے خود کو ڈیفنڈ جو کرنا تھا۔ اب تم مسلسل فائرنگ کر رہے تھے۔ نہ ہار تسلیم کی، نہ امن کا پیغام دیا اور ایک دم سے گن پھینک دی۔ ایسی سچویشن میں، میں نے تو یہی سمجھا کہ چونکہ تم اپنی گن سے مجھے نہیں مار سکے تو اب کسی اور طریقے سے مجھے ختم کرنا چاہو گے۔ ہو سکتا ہے تمہارے ہاتھ میں کوئی بم ہو جس سے تم مجھے اڑا کر رکھ دو۔ سو آئی ہیڈ ٹو ٹیک مائی سیفٹی پریکاشنز...... (میرے لیے حفاظتی تدابیر پر عمل کرنا ضروری ہو گیا تھا۔)

اس کی انوکھی منطق اور تجزیے نے فارس کے لبوں پر مسکراہٹ بکھیر دی۔ آنکھوں میں نرمی کا تاثر تھا۔ بازو کے حصار میں لیتا وہ اسے اپنے ساتھ لگا چکا تھا۔

''تو اس لیے تم نے ہتھیار نہیں پھینکے۔''

''بالکل! مجھے اس وقت تم پر کوئی بھروسا نہیں تھا۔''

''لیکن میں تو کر چکا تھا۔''

''مگر تم نے مجھے تو نہیں بتایا کہ چلو جنگ ختم کرتے ہیں۔ دوست بن جاتے ہیں یا ایسا کچھ۔'' وہ اس کے سینے پر سر رکھے کہہ رہی تھی۔

''ہاں یہ میری غلطی ہے۔''

''اور بہت بڑی غلطی ہے۔'' جتا کر بولی۔

اگلے کئی لمحوں تک خاموشی سی چھائی رہی۔ ماضی کو سوچتے فارس وجدان لمحے بھر کے لیے جیسے اپنے خول میں بند ہوا تھا۔

''تمہیں میرا انتظار کرنا چاہیے تھا۔''

''تم پر بھروسا ہوتا تو ضرور کرتی۔''

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

''میں نے سرپرائز کا کہا تھا۔تم میرے جواب کے لیے رک سکتی تھیں۔''

''تمہارے سرپرائز سے بھی بہت ڈر گئی تھی میں۔'' ذرا سا الگ ہو کر سر اٹھایا تو فارس اس کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔ کچھ دکھ سے، کچھ خوف اور پریشانی سے، جیسے وہ وقت ان کے مابین پھر سے آ کر ٹھہر گیا ہو۔

جیسے اس رات اسٹریچر سے چادر ہٹانے پر اسے جنت کا چہرہ نظر آ گیا ہو۔

اس نے جنت کے گال پر پھسلتی لٹ کو کان کے پیچھے کر دیا۔ چند لمحوں کا توقف کیے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیا۔

''ہم لندن بزنس ٹور پر نہیں جا رہے تھے جیسا کہ میں نے کہا تھا۔ میں نے ہنی مون پلان کیا تھا۔ اور یہ بات میں لندن پہنچنے سے پہلے تمہیں بتانے والا نہیں تھا۔''

جنت کمال اپنی جگہ تھم سی گئی تھی۔

''میں نے تمہارے لیے رنگ بھی لی۔ میرا ارادہ تھا ہم وہاں کچھ وقت ساتھ میں گزاریں گے۔ میں تمہیں سمجھوں گا، تم مجھے سمجھنے کی کوشش کرو گی۔ ہم ایک نئی شروعات کریں گے۔ آئی پلانڈ ایوری تھنگ۔ لیکن پھر تمہاری چچی آ گئیں اور سب وہیں ختم ہو گیا۔''

اسے اب یاد آ رہا تھا کراچی جانے سے پہلے وہ کتنے خوش گوار موڈ میں تھا۔

اور اسے لگا نیا سرپرائز ایک سزا کے روپ میں ملنے والا تھا۔ عدینہ زبیر اس کی زندگی میں واپس آنے والی تھی۔ خود سے سب اخذ کر لیا۔

''میں نے تمہیں بہت ڈھونڈا!'' وہ گم ہو گئی تھی تو اپنے آپ میں وہ بھی نہیں رہا تھا۔

آنکھوں میں نمی لیے وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتی رہی۔ وہ بوا کے گھر اسے لینے آیا تو سمجھ لیا مجبور آیا ہے۔ پھر یہ گمان کر لیا بچے کے لیے اپنا لیا ہے مگر اس کے دل میں تو وہ تب سے تھی جب وہ جاننا بھی نہ

https://novelskidunya.com/

تھا کہ وہ ایکسپکٹ کر رہی تھی۔

فارس وجدان نے اسے تمام تر محرومیوں، الزام اور نفرتوں کے باوجود اپنالیا تھا۔

اسے وہ نانا جیسا لگا۔ محبت بھی ان کے جیسی تھی۔ احساس بھی ویسا۔ فکر بھی ویسی ہی۔

تاثرات میں ایک غم سا لیے اس کے سینے پر سر رکھ دیا۔

گھر چھوڑنا ایک غلطی تھی۔ آخری ملاقات کے لیے ہی سہی، جواب کے لیے ہی سہی، وہ رک سکتی تھی۔ وہ انتظار کر لیتی تو شاید ان دونوں کے درمیان سب وہیں ٹھیک ہو جاتا۔ نفرت اور بدگمانیاں مٹ جاتیں۔ ڈر ختم ہو جاتا۔ اعتماد بڑھ جاتا۔

https://novelskidunya.com/

''تھکی ہوئی لگ رہی ہو، سو جاؤ اب۔'' نرمی سے بولا۔

آنکھوں میں تھکاوٹ اور ہلکی سی نیند کا تاثر تھا مگر وہ اٹھنے کے موڈ میں نہیں تھی۔ پاس ہی بیٹھی رہی۔

وہ اپنا کام کرنے لگا تو وہ بولتی رہی، کچھ وہ کہتا رہا۔ اپنا سوال بھول گئی۔ باتوں میں گم ہو گئی۔

جانے کیا کچھ یاد آ رہا تھا اسے ہنس کے بتا رہی تھی وہ مسکراتے ہوئے سن رہا تھا۔

''اب کی بار ہم لاہور جائیں گے تو اس لڑکے سے ضرور ملیں گے جس نے ہمیں اپنے سٹور میں جگہ دی تھی، اس کے پکوڑے کھائیں گے۔ وہ کہہ رہا تھا بہت اچھے بناتا ہے اور ہاتھوں پر دستانے چڑھا کر رکھتا ہے اور صفائی کا بہت خیال رکھتا ہے۔''

''ہاں بے چارہ بہت پریشان تھا تمہاری حرکتوں سے..... اور تمہارے کرتب سے کافی متاثر بھی لگ رہا تھا۔''

اسے یاد تھا کیسے اس بے چارے نے جنت کو پھسلتا دیکھ کر اپنی پیشانی پر ہاتھ مارا تھا۔

جنت نے تپ کر، سلگ کر فارس وجدان کو دیکھا۔

''تم سے برداشت نہیں ہوتا ناں کہ میں تھوڑی دیر کے لیے خوش ہو جاؤں؟'' بگڑ کر پوچھا۔ غصہ

الگ آ رہا تھا۔آخر یہ ساری بے عزتی والی باتیں اسے کیوں یاد رہ جاتی ہیں۔

وہ ہنس دیا۔

اسی لمحے ریان اٹھ کر رونے لگا تو جنت فوراً سے اس کے پاس چلی گئی۔ برابر میں بیٹھ کر اسے دوبارہ سے لٹاتے ہوئے پشت تھپتھپانے لگی تو وہ ذرا سا پرسکون ہو کر پھر سے سو گیا۔فارس اب اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

''یہ نیند میں زیادہ نہیں اٹھنے لگا؟''

''ہاں آنٹی بتا رہی تھیں اس عمر میں بچوں کو تھوڑی بے آرامی ہوتی رہتی ہے۔''

وہ جواب دے کر اس کے اندر کا شور بڑھا گئی۔وجہ جو بھی ہو۔مگر اسے ہمیشہ یہی لگتا تھا وہ کسی خوف میں آ کر ہی اٹھتا ہے۔وہ تسلی کرتا تھا اس کے آس پاس کوئی ہے یا وہ اکیلا ہے۔اور یہاں وہاں گھبرا کر یوں دیکھتا ہے جیسے کچھ ایسا نظر نہ آ جائے جو وہ نہیں دیکھنا چاہتا۔

وہ رات جو اس کی آنکھوں میں تھی۔اس کا خوف کہیں نہ کہیں، کسی بھیانک خواب کی صورت اس کے ننھے ذہن میں بھی ٹھہر گیا تھا۔

نظر ہٹا کر خود کو اپنے کام میں مصروف کرتے خیالات جھٹک دیے۔

ریان کے برابر میں نیم دراز جنت کمال کو ایک دم سے کچھ یاد آیا تو فارس کو دیکھا۔

''ہماری بات تو وہیں بیچ میں رہ گئی۔''

''کون سی بات؟''

جنت نے دانت پیسے۔

''وہی بات، محبت والی کہ کب ہوئی تھی؟''

اس نے فارس کے لبوں پر مسکراہٹ ابھرتے دیکھی۔اس نے جواب نہیں دیا۔

''تم مجھے اگنور کر رہے ہو اب؟'' ریان کی وجہ سے آواز سرگوشی میں ڈھلی ہوئی تھی۔

''تمہیں مجھے بتانا ہی ہوگا کہ تمہیں مجھ سے محبت کب اور کس وقت ہوئی تھی۔''

وہ مسکراہٹ جو ہونٹوں پر تھی، اب آنکھوں میں بھی نظر آ رہی تھی۔ جنت کمال محبت کی بات کر رہی تھی۔ فارس وجدان نے تو نام بھی اس کا خود رکھا تھا۔

وہ بڑبڑا کر نظریں ہٹا گئی۔

ریان کے برابر میں لیٹے موبائل پر کچھ دیکھتے اس کی آنکھ لگ گئی۔

اپنے کام سے فارغ ہو کر بیڈ پر آیا تو ساڑھے بارہ کا وقت تھا۔ جنت پر لحاف درست کرتے لیمپ بند کرنے ہی لگا تھا کہ ریان پھر سے جاگ گیا تھا۔ رونے کی تیاری پکڑتے اٹھ کر بیٹھ گیا۔ دوسرے ہی پل اس نے اسے گود میں اٹھا لیا تھا۔ تحفظ کا احساس ہوتے ہی وہ فوراً چپ ہو گیا۔ آنکھوں میں نیند بھری ہوئی تھی۔ سینے سے لگا اونگھنے لگا۔ اسے برابر میں لٹائے، کچھ دیر تک وہ اس کے چہرے کو دیکھتا رہا۔ پھر اس نے لیمپ آف کر دیا تھا۔

☆......☆......☆

''تم نے ابھی تک مجھے وہ رنگ دی کیوں نہیں؟''

اگلے دن صبح سویرے ہی جنت کمال نے اسے لان میں جا لیا۔ وہ ٹریک سوٹ میں ملبوس جاگنگ سے ابھی ابھی لوٹا تھا۔ متحیر سا ہو کر اسے دیکھنے لگا۔

''کون سی رنگ؟''

بہت ضبط سے مسکرائی۔

''وہی جو تم نے میرے لیے خریدی تھی۔''

''اوہ بھول گیا۔''

''تم ہر اہم بات بھول جاتے ہو۔'' برہمی سے بڑبڑا کر رہ گئی۔

''میں تمہیں لندن میں دینے والا تھا مگر جس طرح کے ہمارے حالات چل رہے تھے تم نے رنگ میرے منہ پر دے مارنی تھی۔''

جنت کا منہ کچھ صدمے سے کھلا، کتنا غلط سوچتا ہے وہ اس کے بارے میں۔

''اب میں اتنی بھی بدلحاظ نہیں تھی کہ ڈائمنڈ رنگ منہ پر دے مارتی۔''

اس کے برابر قدم اٹھاتا وہ جھٹکے سے رک گیا۔

''ڈائمنڈ رنگ؟''

جنت کا رنگ اڑ گیا۔

''تمہیں کس نے کہا میں ڈائمنڈ رنگ دینے والا تھا؟''

وہ اندھی گونگی بہری سب ہو گئی۔ قریب سے کھسکنا چاہا تو اس نے بازو پکڑ کر روک لیا۔

''وہ...... مجھے لگا ڈائمنڈ ہی ہو گی۔'' گھبرا کر وضاحت دی۔

''ڈائمنڈ ہی کیوں ہو گی؟'' وہ بھی اڑ گیا۔

وہ لب کاٹ کر رہ گئی۔

''کیا تمہاری خفیہ سرگرمیوں میں میرے سامان کی تلاشی لینا بھی شامل ہے؟''

''نہیں تو...... بھلا میں کیوں تلاشی لوں گی۔'' گڑبڑا سی گئی۔

''تو پھر......؟''

''دراز میں رکھی ہوئی تھی، نظر آ گئی۔'' سچ بتانا پڑ گیا۔

''نظر آ گئی تو اٹھا کر پہن لیتیں۔''

''مجھے کیا پتا تھا میرے لیے ہے۔''

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

سر اٹھا کر فارس کو دیکھا۔ اس کی مسکراتی نگاہوں کی زد میں جھنجلا کر رہ گئی۔

چند لمحوں تک اس کے تاثرات سے محظوظ ہوتے اس نے اپنے ٹریک سوٹ کی جیب میں ہاتھ ڈال کر نکالا تو وہی مخملیں ڈبیہ سامنے تھی۔

جنت کمال بوکھلا سی گئی۔ چہرے پر خفت کے سب ہی رنگ چھا گئے۔ گویا وہ جانتا تھا صبح اٹھتے ہی پہلا سوال انگوٹھی کے متعلق ہی ہوگا اور وہ اسے جیب میں ڈالے گھوم رہا تھا۔

''مذاق اڑا رہے ہو تم میرا؟''

''تمہیں رنگ دے رہا ہوں۔ مذاق کہاں سے آ گیا۔'' حیران ہوا۔

''ابھی دینی ہے۔ شام میں نہیں دے سکتے تھے؟'' ڈانٹ دیا۔

فارس کی ہنسی بے ساختہ تھی۔

وہ تپ کر جانے لگی۔

''تم میری سمجھ سے باہر ہو۔'' وہ اس کے پیچھے تھا۔

''بات مت کرو مجھ سے۔''

''ہوا کیا ہے؟''

''تم نے خود رات کو کہا رنگ دینا چاہتے تھے تو میں نے پوچھ لیا کہ کیوں نہیں دی۔ اس کا مطلب یہ تو نہیں ہے کہ تم اسی وقت مجھے دینے لگ جاؤ۔'' دماغ گھوما ہوا تھا۔ خود بھی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کیا کہہ رہی تھی۔

''اگر اسی وقت بھی دے دی تو کیا ہو گیا؟''

''اتنی مہنگی چیز جیب میں ڈال کر کیوں گھوم رہے تھے۔'' پھر سے لڑ پڑی۔ اصل غم ہی اس بات کا تھا کہ انگوٹھی جیب میں کیوں تھی۔ آخر اسے پہلے سے کیسے پتا چل جاتا ہے وہ کیا کہنے والی ہے۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

''فائن! شام میں دے دوں گا۔غصہ ٹھنڈا کرو۔''

''شام میں بھی نہیں چاہیے مجھے!'' ضبط کر کے سر جھٹکتی اندر چلی گئی۔غصہ ہنوز چہرے پر دھرا ہوا تھا۔وہ ٹریک سوٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے اس کے پیچھے اپنے بیڈروم میں آ گیا۔وارڈ روب کھولے وہ اس کے کپڑے نکال رہی تھی۔

''پہلے لندن میں دینے کا ارادہ تھا تو تمہارے مزاج نہیں ملتے تھے۔'' ایک لمحے کا توقف کیا۔

''جس ڈنر پر دینے کا ارادہ تھا تو تمہارے ہاتھ میں زید کی انگوٹھی تھی۔''

ہینگر سے کپڑے نکال کر بیڈ پر رکھتی جنت کے لبوں پر مسکراہٹ آ گئی۔

''سو مجھے بریسلٹ پر اکتفا کرنا پڑا۔''

''پھر؟'' مڑ کر اس کے سامنے ہوئی۔

''پھر میں نے اس گفٹ کو اپنے بچے کی پیدائش تک کے لیے محفوظ کر لیا۔''

اور اس کا جواب جنت کی آنکھوں میں محبت کے کئی رنگ ٹھہرا گیا۔چہرہ متبسم تھا۔

''اب تم بتاؤ کیا کروں؟'' اس کی آنکھوں میں جھانک کر پوچھا۔

''کس بارے میں؟''

''ڈائمنڈ رنگ کے بارے میں۔''

''جو آخری فیصلہ کیا تھا۔اس پر قائم رہو۔''

صدق دل سے مشورہ دیتی سر جھٹک کر چلی گئی۔وہ مسکرا کر رہ گیا۔

☆......☆......☆

مال میں ہونے والی بدمزگی ماہین عبدالکریم کی زندگی پر اثر انداز ہو رہی تھی۔ جنت کا تھپڑ، اس کے شوہر کا یوں استفسار کرنا اس کی پوزیشن کو کسی حد تک کمزور کر گیا تھا۔ بر ہاں ایک دم سے خاموش ہو گیا

تھا۔ وہ اب اس سے کوئی بات بھی نہیں کر رہا تھا۔ وہ غصے سے پاگل ہو رہی تھی۔ بار بار لب کاٹتی، دائیں بائیں ٹہلتی بے چینی کی انتہا پر تھی۔ زنیرہ آپا الگ متجسس تھیں کہ انہیں کیا ہوا۔ دو دن پہلے تک تو بالکل ٹھیک تھے۔ شام تک انہیں کراچی کے لیے روانہ ہونا تھا۔ برہان کمرے میں آیا تو وہ تیزی سے اٹھ کر اس کے پاس آ گئی۔

"آپ میری کالز کیوں نہیں اٹھا رہے تھے برہان! اتنی پریشانی ہو رہی تھی مجھے!"

برہان نے سرد نظروں سے اسے دیکھا۔ وہ غصے میں لگ رہا تھا۔ شاید بے عزتی کا احساس، یا پھر جنت کا تھپڑ ہی اس نہج پر لے آیا تھا۔ شاید وہ ابھی تک اس صدمے سے نکل نہیں پایا تھا۔ جواب دیے بنا وہ کپڑے بدل کر باہر چلا گیا۔

ماہین اسے کسی طور سمجھ نہیں پا رہی تھی۔ اس طرح اچانک ایک خلا سا کیوں آ گیا تھا۔ جنت کمال ان کی زندگیوں میں اس طرح واپس کیوں پلٹ آئی تھی۔ نہ ہو کر بھی وہ اس طرح کیوں اثر انداز ہو رہی تھی؟

کراچی انہیں بائے روڈ جانا تھا۔ دورانِ سفر اس نے برہان سے بات کرنا چاہی۔ مگر وہ چپ تھا۔ جنت کمال کے شوہر کا وہ سوال دونوں کے درمیان ایک لکیر سی بنا گیا تھا۔

کیا وہ اس پر شک کر رہا ہے؟ برابر میں بیٹھے لب کاٹتے وہ متفکر ہوئی۔

"اس نے ایسا کیوں کہا؟" کافی دیر بعد وہ کچھ بولا تو ماہین اندر تک ہل گئی۔

"کس نے؟" اس کا حلق خشک ہوا تھا۔ گویا وہی سوال ہی برہان کے حواسوں پر سوار ہو گیا تھا۔ وہ جنت کے شوہر کے سامنے اپنی زبان کھولنے پر بری طرح سے پچھتائی تھی۔

"تم جانتی ہو میں کس کی بات کر رہا ہوں۔"

اسٹیئرنگ وہیل پر گرفت جمائے وہ جبڑے بھینچے ہوئے تھا۔

"آپ مجھ سے پوچھ رہے ہیں؟ کیا آپ جنت کو نہیں جانتے؟ وہ تو آپ کی آنکھوں میں بھی

ڈھول جھونکتی رہی ہم سب کو معلوم ہے۔ وہ خط، گفٹس اور اس کے موبائل میں جو نمبرز سیو تھے اور وہ میسجز۔ وہ تو آپ نے خود پڑھے تھے۔ کتنی گھٹیا گفتگو تھی جو وہ دوسروں سے کر رہی تھی۔ کیا آپ بھول گئے؟"

برہان کبھی نہیں بھولا تھا۔ ماہین کی بنائی ہوئی تصویر پر وہ جو ایک دھندسی آنے لگی تھی چھٹ گئی۔ میسج اس نے خود دیکھے تھے۔ رانگ کالز بھی خود ریسیو کی تھیں۔ خط اور گفٹس بھی اس کی موجودگی میں آتے رہے تھے۔ جنت کمال نے اسے دھوکا دیا تھا۔ جنت کمال نے اس کی امانت میں خیانت کی تھی۔ وہ مجرم تھی اس کی۔ وہ اپنے دل کو پھر سے سخت پتھر کر رہا تھا۔ وہ نفرتوں کا رخ پھر سے اس کی طرف موڑ رہا تھا۔

"تو یہ سب اس کے شوہر کو کیوں نظر نہیں آ رہا؟" آنکھوں میں لہو کی سرخی لیے وہ بولا تو ماہین کے آس پاس سناٹے چھا گئے۔

سنبھل کر برہان کے بازو پر ہاتھ رکھا۔ "بہت مکار لڑکی ہے وہ۔ اپنے شوہر کو بھی بے وقوف بنایا ہوا ہے۔ جلد ہی اس کی اصلیت اس پر بھی کھل جائے گی۔ تائی امی ٹھیک کہتی ہیں جنت جیسی لڑکیاں گھر نہیں بسا تیں۔ وہ وہاں بھی صرف پیسوں کے لیے ہے۔ وہ وہاں بھی......" وہ کہہ رہی تھی جو بھی اندر تھا۔ زہر کی صورت لفظوں میں ڈھلتا ہوا۔ وہ بولتی جا رہی تھی۔ اس کے اندر کی آگ اب آنکھوں میں بھی نظر آ رہی تھی۔

مگر اضطراب بڑھتا جا رہا تھا کہ وہ جنت کمال کی ہر اصلیت سے واقف تھی۔ وہ جانتی تھی اس کا کردار کتنا شفاف تھا۔ اس کی نیت کتنی صاف تھی۔ وہ بے گناہ تھی اور یہی حقیقت اب اس کے حواسوں پر سوار ہو رہی تھی۔ وہ چہرہ جو وہ سب کو دکھا رہی تھی، وہ اسے نظر نہیں آتا تھا۔

وہ جنت کمال کو اسی روپ میں دیکھنا چاہتی تھی جو اس نے بنا دیا تھا۔ بدکردار، بے حس اور آوارہ لڑکی۔ وہ اپنے اندر کی سیاہیوں میں غرق ہوتے برہان سے باتیں کرتی ایک بار پھر اس کے کردار کو سوالیہ نشان بنا رہی تھی اور اسی لمحے...... ایک دم سے گاڑی بے قابو ہوئی تھی۔

"برہان......!" ماہین چیخ اٹھی تھی۔

جھٹکا شدید تھا۔ اسے اپنا سر گھومتا ہوا محسوس ہوا تھا۔ دوسرے ہی پل وہ ہوش و خرد سے بے گانہ ہو گئی تھی۔

☆......☆......☆

دوپہر میں روانگی کا پلان تھا۔ مکمل تیاریوں کے ساتھ گاڑی میں سوار ہونے لگی تو اقصیٰ نے رو رو کر برا حال کر لیا۔

"پلیز آپی!"

"تم چھٹیوں میں گاؤں نہیں جانا چاہتیں تو اور کہاں جاؤ گی؟" جنت حیران ہوئی۔

"جہاں آپ جا رہی ہیں مجھے بھی ساتھ لے جائیں۔ مجھے گھر نہیں جانا۔ آپ کو نہیں پتا اماں پھر سے شادی رشتے کا ذکر چھیڑ دیں گی۔ وہ جیدے سے منگنی کرنا چاہتی ہیں۔ اور جیدا شازیہ کو پسند کرتا ہے۔"

فارس وجدان سے احکامات لیتے عدیل احمد کے کان کھڑے ہو گئے۔

"ابھی تو میں نے بہت سارا پڑھنا ہے۔ آپی میں ڈاکٹر بنوں گی۔"

"ہاں تو کون منع کر رہا ہے؟" اس کے کندھوں پر ہاتھ رکھے پیار سے بولی۔

"گاؤں جاؤں گی تو نکاح منگنی کچھ نہ کچھ یہ لوگ میرا کر دیں گے۔ پھر آگے سے خالہ کی الگ ڈیمانڈ آئے گی کہ رشتہ پکا ہو گیا ہے، ہمارے بیٹے کو پسند نہیں ہے لڑکی پڑھنے جائے۔"

"لیکن تمہارے بابا تو تمہارے ساتھ ہی ہیں نا!"

"لیکن اماں سے وہ ہار گئے تو؟ پلیز آپی ساتھ لے جائیں۔ ابا سے کہہ دیں اقصیٰ کی بڑی ضرورت ہے آپ کو...... پلیز! پہلے بھی فارس صاحب نے ہی ابا کو کہا تھا مجھے پڑھنے دیں۔" ہاتھ پکڑ کر منت کی۔

جنت کنفیوز ہو گئی۔ عدیل کے چہرے پر اب پریشانی سی نظر آ رہی تھی۔ جنت اسے تسلی دیتی فارس

https://novelskidunya.com/

کے پاس چلی گئی۔ وہ عقبی نشست پر ریان کو کار چیئر پر بٹھائے بیلٹ باندھ رہا تھا۔ فارس سے بات کی
اس نے سر اٹھا کر اقصیٰ کو ہی دیکھا۔ وہ مؤدب سی سر جھکا گئی۔ اس نے سر ہلایا تو کوارٹرز کی طرف چلی
گئی۔ کچھ دیر بعد واپس آئی تو لبوں پر مسکراہٹ نظر آ رہی تھی۔

"میں نے تمہارے ابا سے بات کی ہے، وہ تو کہہ رہے ہیں جب تک ان کی بیٹی ڈاکٹر نہیں بن
جاتی وہ اس کا رشتہ کہیں پر طے نہیں کریں گے۔"

"سچ میں آپی؟"

"ہاں! اب آرام سے گھر جاؤ، چھٹیاں گزارو، مزے کرو!"

اقصیٰ خوشی سے اس کے گلے لگ گئی۔ "تھینک یو آپی! تھینک یو سو مچ!"

عدیل احمد کے چہرے پر مکمل اطمینان اتر آیا۔

فارس کی نظر پڑی تو اس نے فوراً سے مسکراہٹ سنبھالی۔ مؤدب سا دروازہ کھول کر پیچھے ہٹ
گیا۔ فارس کی پرسوچ نگاہیں دور اقصیٰ تک گئیں پھر سر جھٹک کر گاڑی میں سوار ہو گیا تھا۔

☆......☆......☆

کوئٹہ کا سفر طویل اور خوش گوار سا رہا تھا کہ دوران سفر وہ وقفے وقفے سے گاڑی رکوا کر قدرتی
حسین مناظر کا مزا لیتے، تصویریں کھینچتے اور اپنی پسند کی چیزیں کھاتی رہی تھی۔ ڈاکٹر کی بھی ہدایت تھی کہ
چہل قدمی ضروری ہے سو یہ سفر بہت آرام، تسلی اور کافی تاخیر سے طے ہوا۔ بیچ میں ہوٹل پر بھی رکا گیا۔
جنت نے خاصا انجوائے کیا کہ جمیلہ داؤد بھی ساتھ تھیں۔

جس وقت گاڑی شیرازی مینشن کے احاطے میں داخل ہوئی اس وقت ساڑھے بارہ کا وقت تھا۔
جنت نیند کی وادیوں میں تھی۔ باہر موسم ٹھیک نہیں تھا۔ تیز بارش ہو رہی تھی۔ وہ اتنی تھکی ہوئی تھی کہ شدت
سے برستی بارش کا شور اور کڑکتی بجلی سے بھی اس کے آرام میں کوئی خلل نہیں آیا تھا۔

پسنجر سیٹ پر براجمان مسز شیرازی نے سر اٹھا کر شیرازی مینشن کو دیکھا۔ عالی شان قصر رات کی اس تاریکی میں روشنیاں بکھیر رہا تھا۔ ملازم منتظر کھڑے تھے۔ یکے بعد دیگرے اندر داخل ہوتی تینوں گاڑیاں صدر دروازے کے عین سامنے پورچ میں روک دی گئی تھیں۔

"جنت بیٹا! اٹھ جاؤ۔ ہم پہنچ گئے ہیں۔" مسز شیرازی نے اسے آواز دی مگر وہ نیند میں ایسی غرق تھی کہ فرق ہی نہ پڑا۔

فارس ان کی طرف کا دروازہ کھول چکا تھا۔ ویل چیئر پاس ہی تھی۔ وہ احتیاط سے انہیں اٹھائے کرسی پر بٹھا رہا تھا۔ مدحت دوسری گاڑی سے نکل کر ان کے پاس آ گئی تھی۔ اب انہیں اندر لے جا رہی تھی۔

"محترمہ اٹھیے!" اس نے عقبی نشست کا دروازہ کھولا۔

ریان اپنی کار چیئر میں تھا۔ وہ اس کا بیلٹ کھولنے لگا۔

"سونے دو مجھے!" نیند میں بڑبڑائی۔

اس سے بہتر تو ریان تھا۔ شور شرابا سن کر فوراً الرٹ ہو کر اٹھ گیا۔ اس نے ریان کو ملازم کے حوالے کر دیا کہ اسے اندر لے جائے۔ گرج چمک اور بارش کی بوچھاڑ سے وہ خوف زدہ ہو کر رونے لگا تھا۔

"جنت!"

"ہوں......؟" بدقت آنکھیں کھولیں۔

"ہم پہنچ گئے ہیں!"

"کہاں؟"

"کوئٹہ!"

"کوئٹہ کیوں؟"

"اور کہاں جانا تھا ہم نے؟" تحمل سے پوچھا۔

اب کے نیند سے بوجھل آنکھیں کھولتے یہاں وہاں دیکھا۔ ذرا سا ہوش آیا تو جوتوں کی فکر ہوئی۔ دوپٹہ، شال ہر چیز سنبھالتی اس کا سہارا لیے باہر آ گئی۔

''ریان.....ریان کہاں ہے؟'' مزید ہوش آیا تو پوچھا۔

''وہ اندر ہے!''

اس کے بازو پر گرفت جمائے وہ اس کے ساتھ صدر دروازہ عبور کر گئی تھی۔ ایک تو تھکاوٹ، اوپر سے نیند کا غلبہ ایسا تھا کہ بار بار جھول رہی تھی۔

''کیا کر رہی ہو؟'' راہداری سے گزرتے ہوئے اس نے آہستگی سے جھڑکا تو ذرا سا بیدار ہوئی۔

''ڈانٹ کیوں رہے ہو تم مجھے؟''

لفٹ سے اوپری منزل پر پہنچتے ہی اس نے کمرے کا رخ کیا۔ اندر داخل ہوتے ہی بیڈ پر سو گئی۔ دوسرے ہی پل ہڑبڑا کر اٹھی۔ ''ریان!''

''میں اسے دیکھتا ہوں، تم آرام کرو۔''

تکیہ درست کرتے شال، لحاف اوڑھاتے وہ باہر آ گیا۔

ریان شیرازی نے رو رو کر حشر کر لیا تھا۔ اجنبی سے چہرے تھے۔ نہ اسے دادو نظر آ رہی تھیں، نہ مدحت۔ پھر فارس نظر آیا تو جان میں جان آئی۔ فارس نے اسے ملازم سے لے لیا۔ سینے سے لگ کر فوراً چپ ہو گیا۔ آنکھوں میں آنسو ہنوز ٹھہرے تھے۔

''بیگم صاحبہ کہہ رہی ہیں آپ آرام کریں۔ ان کے ساتھ مدحت ہے۔'' ملازمہ نے ریان کا بیگ پکڑاتے ہوئے آگاہ کیا تو وہ سر ہلا کر اپنے کمرے میں چلا گیا۔ آسمان پر بجلی زور سے چمکی تھی۔ شیرازی مینشن کے تاریک کمرے اور راہداریوں کو روشن کرتی پھر سے اندھیروں میں ڈبو گئی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

حواس بیدار ہوئے تو ماہین ہاسپٹل میں تھی۔ سر پر، بازو پر، ہاتھوں پر سخت چوٹیں آئی تھیں۔ گاڑی کا شیشہ ٹوٹا تھا۔ وہ زندہ سلامت تھی۔ برہان بھی خیریت سے تھا۔ مگر ایک خبر تھی جو بتا دی گئی تھی۔ ایک رپورٹ تھی جو دکھا دی گئی تھی۔ برہان دکھ اور صدمے میں تھا۔ اس کے آس پاس جیسے دھماکے ہو رہے تھے۔ سماعت پر یقین نہیں آ رہا تھا۔ نفی میں سر ہلاتی متوحش ہونے لگی۔ اسے اپنی زندگی اپنی دنیا فنا ہوتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔

یہ کیا ہو گیا تھا؟ یہ کیسے ہو گیا تھا؟ وہ تو بالکل ٹھیک تھی۔ اس کا بچہ بھی ٹھیک تھا۔ یہ حادثہ...... یہ حادثہ کیوں کر پیش آیا۔ اس کے ساتھ یہ سب کیسے ہو گیا۔ یقیناً کوئی مذاق کر رہا ہے۔ یقیناً اس کے حواسوں سے کھیلنا چاہ رہا ہے۔ اس کے لبوں پر سکتہ ٹھہر گیا تھا۔ اس کا دماغ مفلوج ہو گیا تھا۔ اس کی آنکھیں پتھرا کر رہ گئی تھیں۔

وہ حادثہ......کوئی معمولی حادثہ نہ تھا۔

''تم بانجھ ہو جنت! اور بانجھ عورت مرد پر ایک بوجھ کے سوا کچھ نہیں ہوتی۔''

اسے بہت زعم تھا۔ غرور تھا کہ وہ ماں بننے والی ہے۔ اس نے جنت کو حقیر سمجھ لیا تھا۔ قدرت کی تمام مہربانیاں خود پر تصور کر کے خود کو بنی اسرائیل کی طرح لاڈلا کر لیا۔ پکڑ نہیں ہو گی، سزا نہیں ملے گی، عذاب نہیں آئے گا۔

وہ جنت کمال کو بانجھ پن کا طعنہ دینے والی، وہ اب ماں نہیں بن سکتی تھی۔

رپورٹس اب اس کے ہاتھ میں تھیں۔ بالکل ویسے ہی جیسے جنت کمال کے ہاتھوں میں ہوا کرتی تھیں۔ جو جواب جنت کو دیا تھا۔ وہی اسے مل گیا تھا۔ اس نے بھی وہی الفاظ سن لیے تھے جو اس نے جنت کو کہے تھے۔ بارہا کہے تھے۔ جتا کر، تکبر سے، تمسخر اڑاتے ہوئے کئی بار کہے تھے۔ اس نے جنت کمال کو "بوجھ" کہا تھا۔

اس نے خود کو خدا سمجھ لیا تھا۔

اس نے عطا اور جزا، کرم اور نعمتوں کے معاملے اپنی ذات سے جوڑ لیے تھے۔

اس نے ایک محروم شخص کو ان عطاؤں سے اذیت پہنچائی تھی جو اللہ کی طرف سے تھیں۔ جس میں اس کا بذات خود نہ کمال تھا نہ دخل ...... وہ تو رزق تھا جو اوپر کہیں آسمانوں پر طے ہوا تھا۔ جو دے رہا تھا وہ لینے پر بھی قدرت رکھتا تھا۔ بلندیوں سے اٹھا کر زمین میں دھنسا سکتا تھا۔ یہ سب معاملات تو اس کے تھے۔

اسے پہلی وارننگ جنت کی شادی کے دوسرے ماہ ہی مل گئی تھی۔ اس کا چھ ماہ کا بچہ ضائع ہو گیا تھا۔ صدمہ کھا کر وہ ایک دم سے سنبھلی تھی۔ اسے چند ماہ بعد پھر سے خوش خبری ملی تھی۔ اور یہ خوش خبری بھی تین ماہ بعد چھن گئی تھی۔ اس کی ماں کو، خاندان بھر میں سب کو یہی لگتا تھا جنت ہی کچھ کروا رہی ہے۔ کوئی سفلی عمل، کوئی جادو...... اپنے ضمیر کو مردہ کیے اس نے بھی یہی سمجھ لیا۔ اب کی بار چار ماہ تک حمل ٹھہرا اور اس حادثے میں اس نے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ماں بننے کی صلاحیت کو ہی کھو دیا۔

وہ وہیں آ گئی تھی۔ اسی مقام پر...... جہاں کبھی اس نے جنت کمال کو کھڑے دیکھا تھا۔

اس رات اس نے خود اپنا ہاتھ زخمی کیا تھا۔ اب کی بار گاڑی کے شیشے سے ہوا تھا۔ اس رات توڑ پھوڑ اس نے خود کی تھی۔ اب کی بار کر دی گئی تھی۔

پہلے وارننگ ملی تھی، پھر سزا...... پہلے پکار آئی تھی، پھر فیصلہ...... اس نے ایک ساتھ کئی گھر، کتنی زندگیاں، کئی دل اجاڑ دیے۔ پر سکون زندگیوں کو جہنم بنا دیا۔ اپنے غرور اور تکبر میں اپنی ہی خوشیوں کا سودا کر دیا۔

بھلا کوئی عورت اپنے ہی بچوں کی قاتل ہوتی ہے؟ وہ ہو گئی تھی۔ اس نے سب ختم کر دیا تھا۔ اپنے ہاتھوں سے، اپنی سوچ، اپنی تدبیروں سے...... اپنے دھوکے، جھوٹ اور فراڈ سے۔ جنہیں گرانے کی کوشش کی تھی وہ گر کر اٹھ گئے تھے۔ جہاں گرانا چاہا تھا وہاں وہ خود گر گئی تھی۔

وہ اندر ہی اندر اپنی سیاہیوں میں گم ہوتی پاگل ہو رہی تھی۔ سکتے میں بے یقین سی اپنے آپ میں بکھرتی جا رہی تھی۔

یہ اس کے ساتھ کیا ہو گیا تھا؟ دماغ ہنوز سوالات پر اٹکا تھا۔ اپنا جرم پھر بھی نظر نہیں آ رہا تھا۔

ابھی بھی وہ سکتے میں بے یقین سی ڈنائیل میں تھی۔

شب کی تاریکی آنکھوں میں اتر کر اس کے وجود کو ساکن کرنے لگی۔ برہان باہر تھا۔ اپنے غم اور صدمے سے نڈھال وہ ٹوٹ کر بکھرتا جا رہا تھا۔ وہ رات ان کے لیے تاریک اور بے حد طویل کر دی گئی تھی۔ نہ سینے سے بوجھ ہٹ رہا تھا، نہ تھکن کا احساس ختم ہو رہا تھا۔

☆......☆......☆

برستی ہوئی بارش کی مدھری آواز سنتے اس کی آنکھ کھل گئی تھی۔ آنکھیں مسل کر پیشانی پر ہاتھ رکھ پھر جماہی لیتے ہوئے کوشش سے اٹھ کر بیٹھ گئی۔

قیمتی فرنیچر سے آراستہ وسیع و عریض کمرے میں اس کی نگاہیں چاروں طرف گئیں۔ دیوار گیر کھڑکیوں پر پھیلے ہوئے پردے، ایرانی قالین، سیلنگ کی سجاوٹ۔ دیواروں کی پینٹنگز، صوفہ...... اس نے عالی شان کمرے کا جائزہ لیتے اپنے پہلو میں دیکھا۔ فارس کی پشت اس کی طرف تھی۔ اس کی دوسری جانب ریان تھا۔ اس کے بازو کے نیچے...... اس کا ننھا بازو دوسری طرف سے نکلا ہوا تھا۔ ٹانگ کسی اور طرف تھی۔

بے ترتیب بالوں کو کان کے پیچھے کرتے ہوئے وہ اٹھ کر دوسری طرف آ گئی۔ لبوں پر مسکراہٹ بکھر گئی۔ جس طرح سے وہ سوئے ہوئے تھے، اسے وہ منظر پیارا لگا۔ بے حد احتیاط سے اس نے فارس کا بازو ذرا سا نیچے کیا۔ ریان کی ٹانگیں سیدھی کر کے لحاف ٹھیک کیا۔

پھر کھڑکی سے پردے سرکا کر باہر دیکھا تو آسمان پر گھٹائیں چھائی ہوئی نظر آئیں۔ بارش ہنوز

https://novelskidunya.com/

برس رہی تھی۔ دور تا حد نگاہ دھندسی تھی۔ سبزے میں کہیں کہیں درختوں کا بھی گمان ہو رہا تھا۔ شال اوڑھ کر وہ آہستہ سے دروازہ کھول کر باہر آئی۔ کشادہ راہداریوں میں خاموشی سی چھائی تھی۔ دھیرے سے قدم اٹھاتی ہر طرف دیکھ رہی تھی۔ پھر لفٹ سے نیچے آ گئی۔ کچن کی دوسری طرف لاؤنج تھا اور اس کے عین سامنے اسپائرل اسٹیر کیس نظر آ رہا تھا۔

اس گھر کی دیوار گیر کھڑکیوں پر لٹکتے پردوں سے لے کر ہر ایک شے قیمتی تھی۔ وہ اب ان پینٹنگز کو دیکھ رہی تھی جو دیواروں پر لگی ہوئی تھیں۔ وہ قیمتی ڈیکوریشن پیس جو شوکیس میں سجے ہوئے تھے۔ اسٹڈی روم میں رک کر اس نے ریک میں ترتیب سے سجی ہوئی کتابوں کو دیکھا۔

https://novelskidunya.com/

پھر دروازہ کھول کر گیلری میں آ گئی۔ گہری سانس لے کر دور تا حد نگاہ سبزہ زار کو دیکھا۔ موسم ٹھیک ہو جائے تو وہ فارس سے کہے گی اسے نانا کے گھر لے جائے۔ سوچ کر اندر آ گئی۔ ایک بار پھر سر اٹھا کر اس نے اسپائرل اسٹیر کیس کو دیکھا۔ وہ گویا ایک محل میں تھی۔ اوپر تک...... کتنا خوب صورت انٹیریر تھا شیرازی مینشن کا۔ اور کتنا قیمتی اور نفیس فرنیچر تھا جو نظر آ رہا تھا۔ کارپٹ، صوفے، قالین، پینٹنگز، ٹائلز اور سیلنگ...... ہر ایک شے نفیس اور منفرد تھی۔

ناولز کی دنیا Novels Ki Duniya

کچن میں ناشتے کا انتظام ہو رہا تھا۔ وہ کچھ دیر بعد کمرے میں واپس چلی گئی۔ بیگ سے کپڑے نکالے، شاور لے کر کمرے میں آئی تو ذرا سی حیران رک گئی۔ ریان جاگ گیا تھا۔ اور اتنے سکون سے اور چپ چاپ لیٹا ہوا تھا۔ (فارس کا بازو جو اوپر تھا) مجال ہے جو ذرا سا شور کیا ہو یا رویا ہو۔

بہت احتیاط سے فارس کا بازو ہٹا کر اسے بیڈ سے اتار دیا۔ فارس کی آنکھ کھل گئی۔ ادھ کھلی آنکھوں سے جنت کو دیکھتے وقت کا پوچھا پھر اٹھ کر باہر چلا گیا۔

''تمہاری طبیعت کیسی ہے؟'' وہ ریان کا منہ ہاتھ دھلوا کر سامنے صوفے پر بیٹھی اس کے کپڑے بدل رہی تھی جب پوچھا۔

''میں ٹھیک ہوں بس ذرا سی تھکاوٹ ہوگئی ہے۔''

دروازے پر دستک ہونے لگی۔ ناشتا لگ چکا تھا۔ مسز شیرازی نیچے آگئی تھیں۔ انہیں بلایا جارہا تھا۔

''تم جاؤ! میں فریش ہوکر آتا ہوں۔''

وہ ریان کو ساتھ لیے وسیع و عریض ڈائننگ ہال میں چلی گئی۔ مسز شیرازی سے مل کر ان کے پاس بیٹھ گئی۔ عجیب سی فکر نے گھیرا، ان کی آنکھیں متورم سی لگ رہی تھیں۔ اس گھر میں انہوں نے ایک مدت گزاری تھی۔ شوہر، باپ جیسے سسر اور بیٹے کی یاد غم زدہ کررہی تھی۔ انہوں نے ریان کو گود میں لے لیا۔ اس کے گال اور ماتھا چوما اپنے ہاتھوں سے پھر اسے سیریلیک کھلانے لگیں۔

کچھ ہی دیر میں فارس آگیا تو ناشتا شروع کردیا گیا۔ چھری کانٹوں کی آواز کے ساتھ ڈائننگ ہال میں گفتگو ہوتی رہی۔ گھومنے پھرنے کا پلان بنایا جارہا تھا اور اس پلان میں جنت کمال شامل نہیں تھی۔

ریان...... اس کی دادو، اس کا چچا...... بس یہ تین!

''اور میں؟''

''تم گھر میں آرام کرو۔''

''میری ڈلیوری تک اپنے سارے پلانز کینسل کرو تم!'' وہ بھی اڑ گئی۔

''اب تمہاری وجہ سے ہم بھی اپنی زندگی انجوائے نہ کریں؟'' فارس نے پوچھا۔

جمیلہ دادو ہنس پڑیں۔ ''کیا ہے فارس! ہم انتظار کرلیتے ہیں۔''

وہ مسکرا کر پلیٹ پر جھک گیا۔

☆......☆......☆

اپنے پرسوچ خیالات میں غلطاں حفصہ گم صم سی کمرے میں بیٹھی تھیں۔ گزشتہ کئی دنوں سے ان کا دل پریشان تھا۔ سکینہ کی باتیں ذہن میں گونجتی تھیں تو بے سکونی بڑھ سی جاتی تھی۔ بہت سے سوال سر

اٹھانے لگتے تھے۔ جنت کا چہرہ آنکھوں میں آ جاتا تھا۔

ابھی بھی انہیں کچھ سوچتے، کچھ سمجھتے اپنی سانسوں پر ایک وزن سا محسوس ہو رہا تھا۔ سائیڈ ٹیبل پر رکھا موبائل بجنے لگا تو انہوں نے ہاتھ بڑھا کر اٹھا لیا۔ تائی امی کی کال تھی۔ ان کی آنکھوں میں اضطراب آ گیا۔ ریسیو کرنا چاہتی تھیں کر نہ پائیں۔ پھر میسج بھیجا گیا جسے پڑھتے ہی ان کے اندر دکھ کی لہر دوڑ گئی۔ انہیں اب گھر میں بلایا جا رہا تھا۔ حادثے کی کچھ معلومات ایمان کے پاس بھی تھیں۔ اس سے بات کرنے کے بعد بچوں کو ماسی کے حوالے کیے وہ اسی وقت روانہ ہو گئیں۔

https://novelskidunya.com/

تائی امی کے گھر پہنچ کر ان کے احساسات ایک بار پھر بدلنے لگے۔ جنت کی طلاق کے بعد جیسے وہ اب وہاں قدم رکھ رہی تھیں۔ مرکزی دروازے سے اندر لاؤنج میں تقریباً خاندان کے سب بڑے مرد اور خواتین موجود تھیں۔ سائرہ خالہ کو بھی بلایا گیا تھا۔

ان کی آمد سے جو گفتگو جاری تھی، ختم ہو گئی۔ جو سناٹا چھایا، وہ ان کی رفتار سست کرنے لگا۔ سب کی آنکھوں میں ان کے لیے جو غصے اور نفرت کا تاثر تھا وہ انہیں اندر تک زخمی کر گیا۔ جنت کے گناہوں اور غلطیوں کی سزا وہ چھ بہنیں پچھلے سولہ مہینوں سے بھگت رہی تھیں۔

Novels Ki Dunya

برہان سامنے ہی سینے پر بازو باندھے کھڑا تھا۔ اس کا سر جھکا ہوا تھا۔ اس کے تاثرات میں ویرانی اتری ہوئی تھی۔ اس کی آنکھوں میں غم ٹھہرا ہوا تھا۔

فائزہ چچی کی ان پر نظر پڑی تو ایک دم سے غصے اور اشتعال میں اپنی جگہ سے اٹھ گئیں۔

"آ گئیں بد بخت! دیکھو تمہاری منحوس بہن نے کیا کیا میری بچی کے ساتھ؟ ڈائن گھر چھوڑ گئی لیکن اپنے ہتھکنڈوں سے باز نہ آئی۔ میری ماہین کا یہ تیسرا بچہ ضائع ہوا ہے۔ اس کی وجہ سے...... میری بچی کی گود بار بار اجڑ رہی ہے۔ وہ جھوٹی مکار، تعویز گنڈے کرواتی پھر رہی ہے۔ کچھ نہ کچھ کر گئی ہے اس گھر کے ساتھ۔ جو اس کے جاتے ہی اتنا کچھ ہو گیا۔" اب وہ دکھ اور صدمے سے رو رہی تھیں۔

ایک بار پہلے بھی وہ یہ الزام جنت کمال کے سر ڈال چکی تھیں۔اب پھر وہی کر رہی تھیں۔تب غصے میں وہ اس کے گھر اسلام آباد تک چلی گئی تھیں۔اب بھی شاید وہ کچھ کرنے والی تھیں۔بات چھوٹی تھی نہ حادثہ معمولی تھا۔

تائی کا چہرہ بھی غصے سے لال ہو رہا تھا۔ان کا برہان کتنی اذیت سے گزر رہا تھا۔اس کی تباہیوں کی ذمہ دار صرف اور صرف جنت تھی۔

دروازہ کھل گیا تو ماہین کی دوست فرح سیاہ سوٹ میں ملبوس، بیگ کندھے پر ڈالے، دوسرے ہاتھ میں موبائل لیے اڑی رنگت کے ساتھ اندر داخل ہوئی تھی۔لمحے بھر کے لیے اپنی جگہ تھمی تھی کہ اتنے لوگوں کی موجودگی کی توقع نہیں تھی اسے۔مشترکہ سلام کرتی وہ ماہین سے ملنے کے لیے راہداری کی طرف بڑھ گئی تھی۔

''ابھی کے ابھی اسے کال کرو۔اور بولو بند کرے وہ یہ تماشا!'' تائی امی بھڑک کر بولیں۔ بیچ راستے میں فرح کی رفتار سست پڑی۔مڑ کر اس نے سامنے کھڑی حفصہ کو دیکھا۔سب کی نگاہیں ان پر تھیں۔سب کا غصہ بھی ان پر تھا۔ماہین کی ساس مشتعل ہو کر بہت کچھ کہہ رہی تھیں۔جنت کا کردار ایک بار پھر زیرِ بحث آ رہا تھا۔

جنت تعویز گنڈوں کے چکروں میں کبھی نہیں پڑی تائی!'' حفصہ کے لب آہستہ سے ہلے۔ ''جب وہ کبھی اپنی اولاد کے لیے کسی مزار، کسی پیر کے پاس نہیں گئی، کسی اور کے لیے کیسے جا سکتی ہے؟''

بات حقیقت تھی۔لبوں پر آ گئی۔جنت کمال نے تو اپنی ساس کے کہنے پر بھی کسی مزار کا رخ کیا تھا نہ کسی پیر سے ملاقات کی تھی۔

''اچھا تو یہ جو ہمارے ساتھ ہو رہا ہے یہ ایسے ہی ہو رہا ہے؟'' وہ چیخ پڑیں۔

فرح کے اٹھتے ہوئے قدم ایک بار پھر تھم گئے تھے۔اس کے سینے پر بوجھ بڑھ گیا۔اس کی گردن

جیسے کسی آہنی شکنجے میں آ گئی۔ بیگ کی اسٹرپس پر اس کی گرفت اتنی مضبوط ہو گئی کہ انگلیوں کے پور سرخ ہونے لگے۔

''تمہیں کیا لگتا ہے ہم اندھے ہیں۔ ہمیں کچھ نظر نہیں آ رہا۔ جب سے وہ یہاں سے گئی ہے سارے نقصان ہو رہے ہیں ہمارے۔ پہلے برہان کی جاب چلی گئی۔ پھر گاڑی کا خسارہ ہوا۔ مشی کو طلاق ہو گئی۔ بڑی مشکل سے حالات کچھ ٹھیک ہوئے تو یہ بار بار ہو رہا ہے اور تم ہم سے کہہ رہی ہو کہ وہ کچھ نہیں کر رہی۔'' ان کا بس نہیں چل رہا تھا کہ جنت کسی طرح ان کے سامنے ہو اور وہ اس کا گلا گھونٹ دیں۔

''جنت یہ نہیں کر سکتی!'' مجرم بنی حفصہ کے لب ایک بار پھر ہلے۔

اتنا تو وہ جانتی تھیں اپنی بہن کو...... شرک وہ نہیں کر سکتی تھی۔ جادو، تعویز گنڈوں کے چکروں میں وہ اپنا ایمان خطرے میں کبھی نہیں ڈال سکتی تھی۔ اتنا جانتی تھیں وہ اسے۔ نانا کی یہ تربیت...... خود اپنی آنکھوں سے دیکھی تھی اس نے......

''یہی تو میں کہہ رہی ہوں، اس طرح بغیر کسی ثبوت کے اس پر الزام لگانا درست نہیں ہے۔'' سائرہ خالہ اپنے طور پر سمجھا چکی تھیں مگر وہاں کوئی کچھ سمجھنے کو تیار ہی نہ تھا۔

''ثبوت؟ ابھی ہم بڑے پیر صاحب سے بات کر کے آئے ہیں، جنت کا نام لیا اس نے، بول رہے تھے وہی سب کروا رہی ہے۔''

''تائی پلیز!'' حفصہ نے کچھ بے بسی سے انہیں دیکھا۔ آنکھیں نم ہو گئی تھیں۔ آواز کپکپا رہی تھی۔

''بڑی حمایت میں بول رہی ہو بہن کے۔ بھول گئیں کیا نہیں کیا اس نے؟ ماہین کو نقصان پہنچانے کی جو کوشش کی اس نے، یہ کوئی زیادہ پرانی بات تو نہیں ہے اور تمہاری ماں...... وہ کس کی موت مری ہیں بھلا؟''

فرح کے چہرے پر ایک سایہ سا لہرا گیا۔ ماہین کا کمرہ سامنے تھا۔ آگے بڑھنے کی ہمت وہیں ختم ہو گئی۔

پھپھو فوراً سے میدان میں کود یں۔ ''اور اب یہ تیسری بار ماہین کا نقصان ہوا ہے۔ وہ اپنی کوششوں میں لگی ہوئی ہے۔نہیں بسنے دے رہی وہ ہمارے برہان کا گھر۔''

انگلیاں مسلتے ہوئے انہوں نے اضطراب چھپانے کی کوشش کی۔بس وہ یہیں آ کر لاجواب ہو جاتی تھی۔ کچھ کہہ نہیں پاتی تھی۔

کس قدر کوشش سے آگے بڑھتے ہوئے فرح نے ماہین کے بیڈروم کا ادھ کھلا دروازہ اندر دھکیل دیا۔ ماہین صوفہ بیڈ پر بیٹھی تھی۔ اس کا سر جھکا ہوا تھا۔ اس کی بھٹکتی ہوئی نگاہیں ان رپورٹس پر تھیں جو اس نے ابھی بیگ سے نکالی تھیں۔ وہ برہان کے ساتھ اسلام آباد گئی تھی۔ اس کا مس کیرج وہیں ہوا تھا۔ فون پر گھر والوں کو اطلاع تو کر دی گئی تھی مگر وہ خبر نہیں بتائی گئی جو اس وقت اس کی رپورٹس میں لکھی ہوئی تھی۔ وہ خبر جس نے برہان واصف کو غم اور سکتے میں ڈال دیا تھا۔ جس نے اسے مکمل فنا کر دیا تھا۔

آہٹ پر سر اٹھا کر اس نے فرح کو دیکھا۔ اس کے تاثرات میں ایک وحشت سی نظر آ رہی تھی۔

''فرح! دیکھو...... یہ میرے ساتھ کیا ہو گیا؟'' آنکھوں سے آنسو ٹوٹ کر گرے۔

اور راہداری کے اس جانب لاؤنج سے ایک واضح آواز پھر سے گونجی۔

''وہ تو ہے ہی بانجھ...... وہ بھلا کیوں چاہے گی ماہین کا بچہ ہو۔ خود گھر نہیں بسا سکی تو کسی اور کا کیوں بسنے دے گی۔ ارے! اس نے تو اپنے دوسرے شوہر کا گھر بھی چھوڑ دیا تھا۔''

حفصہ آپی نے لرزتی پلکوں کو اٹھاتے پھپھو کو دیکھا۔

اور اندر کمرے میں ماہین فرح کے سامنے سسک پڑی۔

''فرح! میرا تیسرا بچہ بھی ضائع ہو گیا اور اب میں کبھی ماں نہیں بن سکتی۔'' جو بات ابھی تک ماں کو، ساس کو بھی نہیں بتا سکی تھی، اپنی عزیز دوست اور راز دان کو بتا دی۔

فرح کے کندھے سے بیگ پھسل کر نیچے آ گرا۔ اس کی آنکھیں ساکت ہو گئیں۔ اس کا چہرہ سفید

پڑ گیا۔ وہ اپنی دوست کو دیکھ رہی تھی اور اسے پہچاننے کی کوشش کر رہی تھی۔

وہ آنکھیں جن میں ہمیشہ فتح کا تاثر ہوتا تھا۔ وہ تاریک سی نظر آ رہی تھیں۔ جو گردن ہمیشہ غرور اور تکبر سے اکڑی رہتی تھی وہ جھکی ہوئی تھی۔ جو خدا کی نعمتوں کو اپنا خصوصی انعام سمجھتی تھی۔ وہ اب خالی ہاتھ تہی دامن ہو گئی تھی۔

''یہاں آپ غلط ہیں آپا......! وہ اپنا گھر چھوڑ کر کہیں نہیں گئی۔ وہ ماں بننے والی ہے!'' سائرہ خالہ نے بروقت جواب دیا۔ لاؤنج میں ہر جانب ہر کسی کو سکتہ ہو گیا۔ بے یقینی ہر آنکھ میں اتر آئی تھی۔ تحیر سے انہیں دیکھا گیا۔

''مذاق کر رہی ہو سائرہ!''

''وہ ماں کیسے بن سکتی ہے؟''

''ضرور تمہیں کوئی غلط فہمی ہوئی ہے۔''

انہیں اس بات کا زیادہ صدمہ تھا کہ ایسا کیوں ہو گیا۔ وہ ماں کیسے بن گئی۔ اس کے یہاں یہ خوش خبری کیسے آ گئی۔ جس لڑکی کو وہ برباد دیکھنا چاہتے تھے، اس کا گھر آباد کیسے ہو گیا۔ جس کی محرومیوں کا حساب رکھنا چاہتے تھے، اس پر نعمتوں کا نزول کیسے ہو گیا؟

برہان خاموش رہا۔

اور اندر صوفے پر بیٹھی ماہین نے فرح کو دیکھا۔ وہ اس طرح منجمد سی دروازے میں ہی کیوں کھڑی تھی۔ وہ ابھی تک اندر کیوں نہیں آئی تھی۔

''یہ ہم نے کیا کیا ماہین؟'' فرح کے لب ہلے۔

ماہین اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

''اللہ برباد کرے اسے۔ اللہ غارت کرے اسے۔'' فائزہ چچی کی آواز بلند ہوئی۔

وہ لفظ گویا تیر کی طرح فرح کے سینے کے آر پار ہوئے۔ یوں لگا جیسے وہ بددعا اس کے لیے ہو۔ نفی میں سر ہلاتے وہ سرخ پڑتی آنکھوں کے ساتھ الٹے قدموں پیچھے ہوئی۔ اس کے تاثرات سے اگلے قدم کا اندازہ لگاتے ماہین عبدالکریم کو اپنے پیروں سے زمین نکلتی ہوئی محسوس ہوئی۔ وہ اسے آواز دیتی تیزی سے پیچھے لپکی۔ مگر فرح نہیں رکی تھی۔ اس نے ماہین کو برباد ہوتا دیکھ لیا تھا۔ خود نہیں ہو سکتی تھی۔

''جنت بے گناہ ہے، اس نے کچھ نہیں کیا۔'' لاؤنج میں پہنچ کر اس نے بھاری سانسوں کے ساتھ چیخ کر کہا۔

ماہین کے قدم وہیں تھم گئے۔ سب کی گردنیں فرح کی طرف گھوم گئیں۔ حفصہ نے آہستگی سے سر اٹھایا۔

فائزہ آنٹی جھولی بھر بھر جنت کو بددعائیں کوسنیں دے رہی تھیں۔

''بس کریں آنٹی! اور بددعائیں نہ دیں۔ یہ جنت کو نہیں لگ رہیں، یہ آپ کی اپنی بیٹی کو لگ رہی ہیں، مجھے لگ رہی ہیں۔''

گھر کے بڑوں کو سکتہ ہو گیا۔ ماہین صدمے سے پتھر ہو گئی۔ اس کی زبان کو تالا لگ گیا تھا۔ اس کی ہمت، قوت سلب کر لی گئی تھی۔

''جنت بدکردار نہیں تھی۔'' فرح کے وجود پر ایک کپکپی سی طاری تھی۔ وہ ایسے خوف کی زد میں تھی جو اس کی بنیادیں اندر تک ہلا گیا تھا۔ ''اس کا کسی کے ساتھ کوئی افیئر نہیں تھا۔ اس کا فون نمبر میں نے پھیلایا تھا۔ مجھے ماہین نے ایسا کرنے کو کہا، اسے رانگ کالز میری وجہ سے آتی تھیں۔ گھر میں پھول، خط، تحفے، وہ سب میں بھجواتی رہی تھی۔ اس کے موبائل پر جتنے میسجز تھے وہ میرے اور ماہین کے درمیان تھے۔ وہ سب ہم دونوں نے مل کر کیا تھا۔''

https://novelskidunya.com/

برہان واصف صدمے سے، بے یقینی سے، پھٹی پھٹی آنکھوں سے اسے دیکھ کر رہ گیا تھا۔
فصہ کمال پتھر ہوگئی تھیں۔
''میں نے ان بندوں کو ہائیر کیا تھا، جو دروازے پر آتے تھے۔ جو اس کا راستہ روکتے تھے۔ وہ سب، وہ میں نے ماہین کے ساتھ مل کر کیا تھا۔''
ماہین عبدالکریم کا دماغ ماؤف ہونے لگا۔ ٹانگیں بے جان ہونے لگیں۔ اس کے آس پاس جیسے دھماکے ہو رہے تھے۔ اسے اپنا گھر، اپنی زندگی، اپنی دنیا فنا ہوتی ہوئی نظر آ رہی تھی۔
تائی امی کو سکتہ ہوگیا تھا۔ پھپھو خاموش ہوگئی تھیں اور فائزہ چچی کو جیسے اب سانس نہیں آ رہا تھا۔
''ماہین چاہتی تھی جنت برہان سے طلاق لے کر اس گھر سے چلی جائے اور وہ جا نہیں رہی تھی۔ پھر اس نے کہا وہ اسے جانے پر مجبور کر دے گی۔ اس رات ماہین نے اسے خود کمرے میں بلایا تھا۔ دروازہ اندر سے لاک کر کے ساری توڑ پھوڑ اس نے خود کی تھی۔ ہاتھ بھی خود زخمی کر لیا، یہ سب ہم نے پہلے سے طے کیا تھا۔''
وہ بھاری دل سے سب کچھ بتاتی جا رہی تھی۔ ساکت ویران کھڑی حفصہ کے قدم لڑکھڑا گئے۔ ارض وسماں انہیں گڈمڈ ہوتے ہوئے محسوس ہوئے۔ ان کے سر پر جیسے پہاڑ ٹوٹا تھا۔
''وہ بے گناہ تھی۔ اس کے ساتھ جو ہوا، ہم نے کیا۔'' فرح سسکی بھر کر بولی۔
بے جان مجسمہ ہوتی ماہین کی بھٹکتی ہوئی دہشت زدہ نگاہیں برہان تک گئیں اور اس کے اندر کا جمود ٹوٹ گیا۔
''غلط کہہ رہی ہے۔ جھوٹ بول رہی ہے۔ بکواس کر رہی ہے یہ!'' وہ حلق کے بل چلائی۔ اس کا انداز ہذیانی تھا۔ وہ حواسوں میں نہیں لگ رہی تھی۔
فرح رو رہی تھی۔ ماہین نے ایک حادثے کا ڈرامہ کیا۔ اس کے ساتھ سچ مچ کا حادثہ ہوگیا۔ اس

نے کسی کی محرومی کا مذاق اڑایا۔ وہی محرومی اس کے حصے میں آ گئی۔ اب اس کی باری تھی۔ اب اس کے ساتھ کچھ ہونے والا تھا۔ اب وہ کسی تباہی کے دوراہے پر آنے والی تھی۔

تائی صوفے پر بیٹھی رہ گئیں۔ فائزہ چچی ویران سی کھڑی تھیں۔ پھپھو کا منہ بند ہو چکا تھا۔ سب کو جیسے سانپ سونگھ گیا تھا۔ برہان واصف کی پتھرائی ہوئی نگاہیں ماہین پر جم گئیں۔

وہ تیزی سے اس کے پاس آئی تھی۔ وہ ایک لمحے کے لیے بھی برہان کی آنکھوں میں اپنے لیے شک، صدمہ، نفرت، برداشت نہیں کر پائی تھی۔

https://novelskidunya.com/

''نہیں نہیں برہان! فرح جھوٹ بول رہی ہے۔ ایسا نہیں ہوا۔ میں نے ایسا کچھ نہیں کیا۔ تائی امی، برہان، میں ایسا کچھ کر ہی نہیں سکتی۔ یہ بکواس کر رہی ہے۔'' وہ بوکھلاہٹ کا شکار وحشت کے عالم میں کہنے لگی۔ اس کا چہرہ فق ہو چکا تھا۔

''بس کرو ماہی!'' فرح چیخ پڑی تھی۔ ''اب بس کرو خدا کے لیے۔ اب اور کچھ نہ کرو، میں نے ساتھ دیا ہے تمہارا، میں اس سب میں تمہارے ساتھ تھی۔ میں نے.....''

''پاگل ہو گئی ہو تم؟ کیا کہہ رہی ہو سب کو؟ جھوٹی مکارن! میرا گھر برباد کرنا چاہتی ہو؟'' وہ متوحش سی اسے جھنجھوڑنے لگی۔ اس پر چیخنے لگی۔

Novels Ki Dunya

فرح نے تاسف سے اسے دیکھا۔ اتنا کچھ ہو جانے کے بعد بھی..... اتنی تباہی اور بربادی کے بعد بھی وہ وہیں تھی۔ نہ اس نے وارننگ سے کچھ سمجھا تھا۔ نہ اعتراف جرم کی سعی کی تھی۔

''برہان! یہ سچ نہیں ہے۔'' پھر تڑپ کر برہان کی طرف لپکی۔ اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔ ''فرح جھوٹ بول رہی ہے۔ آپ مجھے جانتے ہیں، میں ایسا کر ہی نہیں سکتی۔ میں ایسا کچھ.....'' آنکھوں سے آنسو بہتے جا رہے تھے۔

اس کا ہاتھ جھٹک کر وہ بے جان قدموں کے ساتھ پیچھے ہٹا۔ آنکھوں میں غم، صدمہ، دکھ لیے.....

"کیا آپ کی بیوی کو ہمیشہ سے جنت پر کیچڑ اچھالنے کا شوق ہے یا آپ سے شادی کے بعد ہوا ہے؟"

اسے لگا دماغ کی نس پھٹ جائے گی۔

"کیونکہ میں نے اپنی بیوی کے کردار میں آج تک جھول نہیں دیکھا۔" پورے یقین سے اپنی بیوی کے کردار پر ہونے والی ہر بات کو ایک ہی سوال سے رد کرتا اس کا شوہر حواسوں پر چھا گیا۔

"کیونکہ میں نے اپنی بیوی کے کردار میں آج تک کوئی جھول نہیں دیکھا۔"

روتے، سسکتے، گھبرا کر اس کا سامنا کرتی جنت کمال......

"برہان! یہ، یہ جھوٹ بول رہی ہے!" اس کے لفظ...... طلاق سے پہلے...... خوف کی حالت میں کپکپاتی آواز میں ادا کیے گئے، وہ آخری الفاظ!

کمرے کا منظر...... ٹوٹا ہوا آئینہ، تھپڑ سے لڑکھڑا کر کانچ کے ٹکڑوں پر گرتی جنت کمال......

اسے سانس لینے میں دشواری ہونے لگی تھی۔ سر پکڑ کر وہ پنجوں کے بل فرش پر جھکا، یہ اس سے کیا ہو گیا؟

حفصہ اپنی جگہ صدمے سے ساکت کھڑی تھیں۔ پلکوں پر اٹکے آنسو گال پر پھسلنے لگے۔

"آپی...... آپی! میں نے کچھ نہیں کیا۔ میرا یقین کریں آپی!" حفصہ کی سانسیں بھاری ہونے لگیں۔

"یہ تم نے کیا کر دیا ماہین! یہ تم نے کیا کیا؟ اللہ!" متوحش ہو کر ماہین کو پکڑ لیا۔ روتے ہوئے جھنجھوڑ ڈالا۔ سائرہ خالہ نے انہیں پکڑ کر پیچھے ہٹایا۔

"حفصہ! سنبھالو خود کو!"

"آپی! مجھے امی کو دیکھنے دیں۔ پلیز! امی کو آخری بار! آپی!"

ان کا دل ایک دم سے پھٹنے لگا۔ وہ سچ بول رہی تھی۔ وہ سارا وقت اپنی صفائی میں سچ بول رہی تھی۔ وہ جنت کمال جو جانوروں کے غم میں بوجھل ہو جاتی تھی، کسی انسان کی جان کیسے لے سکتی تھی۔ جو

اتنی حساس تھی کہ بلیوں کے لیے رو پڑتی تھی۔ وہ کسی انسان کے لیے کیسے بے حس ہو سکتی تھی۔ کسی کے ساتھ برا کیسے کر سکتی تھی۔

انہوں نے کیوں نہ سنی بات...... کیوں یقین نہ کیا۔ کیوں نانا کی تربیت پر شک کر لیا۔ کیوں اس پر ظلم ہونے دیا۔ بے گھر ہونے دیا۔ کیوں انہوں نے اسے بھری دنیا میں تنہا چھوڑ دیا۔ چھ سگی اور شادی شدہ بہنوں کے ہوتے ہوئے بھی اس کی زندگی کا فیصلہ دوسروں نے کیا۔ ان کے ہوتے ہوئے بھی وہ لاوارثوں کی طرح رہی۔

https://novelskidunya.com/

"میں تمہیں کبھی معاف نہیں کروں گی ماہین! میں تمہیں کبھی معاف نہیں کروں گی۔" وہ چیخ رہی تھیں۔

"حفصہ!" سائرہ خالہ انہیں اٹھا رہی تھیں۔ وہ شدید غصے اور اشتعال میں اپنا آپ چھڑا رہی تھیں۔

ان سے ظلم ہو گیا۔

"میں نے کچھ غلط نہیں کیا۔" ماہین پھٹ پڑی۔ "جب میں نے اسے کہہ دیا تھا برہان سے طلاق لے کر الگ ہو جائے تو کیوں اس نے میری بات نہیں مانی۔ کیوں ضد کی اس نے، اس نے مجھے مجبور کیا۔" وہ کہہ رہی تھی۔ وہ اب اور بھی بہت کچھ کہہ رہی تھی۔ فرح کو لگا وہ حواس کھو چکی ہے۔ تائی امی کا چہرہ ویران ہو رہا تھا۔ فائزہ چچی میں جیسے اب جان نہیں رہی تھی۔

سائرہ خالہ، حفصہ کو سہارا دیتیں باہر لے گئی تھیں۔ ماہین ابھی بھی چیخ رہی تھی۔ پردہ یوں چاک ہو گا، حقیقت یوں عیاں ہو گی، یہ تو اس نے کبھی سوچا ہی نہیں تھا۔

ابھی بھی اس کا غصہ جنت پر ہی تھا۔ ابھی بھی تباہی کا سبب اس کا وجود ہی تھا۔ حسد کی آگ میں جل کر راکھ ہوتے اسے اپنا ہی نقصان نظر آ رہا تھا۔

برہان کا وجود ایک ان دیکھی آگ میں جل رہا تھا۔ تاثرات میں جنون اور وحشت سی تھی۔

"برہان! پلیز میرا یقین کریں، میں آپ سے...... میں آپ سے بہت محبت کرتی ہوں، میں نے......"

وہ اس کا ہاتھ جھٹک کر شدید غصے میں دو قدم پیچھے ہوا۔ اس کی آنکھوں میں انگارے سے نظر
رہے تھے۔

''برہان پلیز! میری بات سنیں۔'' تڑپ کر آگے بڑھی۔ بازو پکڑا۔ منت کی۔ ''تائی امی کہتی تھیں
وہ نحوست جب تک اس گھر سے نہیں نکلے گی، کچھ بھی ٹھیک نہیں ہوگا۔ میں نے تو بس وہی کیا جو وہ چاہتی
تھیں۔ میں نے تو.....''

اپنی آنکھوں میں کرب لیے برہان نے اپنی ماں کو دیکھا۔ وہ نفی میں سر ہلاتے لبوں کو جنبش دیے
کچھ بھی کہنے کے قابل نہیں رہیں۔

''برہان! میں آپ سے پیار.....''

''بس کر دو ماہین!'' وہ اس پر برس پڑا۔ ہاتھ بھی اٹھا دیتا اگر بروقت پھپھو بیچ میں آ کر اسے روک
نہ لیتیں۔ اسے لگ رہا تھا وہ مزید وہاں رکا تو پاگل ہو جائے گا۔ وہ اسی وقت دکھ اور صدمے میں مشتعل سا
گھر سے نکل گیا۔

ماہین عبدالکریم اسے آوازیں دیتی رہ گئی تھی۔

☆.......☆.......☆

فارس تیار ہو کر جا چکا تھا۔ مسز شیرازی اپنے کمرے میں تھیں۔ وہ کچھ دیر تک ان کے پاس بیٹھی
رہی تھی۔ حماد کی، ہارون شیرازی کی باتیں سنتی رہی تھی۔ ریان کمرے میں یہاں وہاں گھوم رہا تھا۔ اپنے
کھلونوں سے کھیل رہا تھا۔ اپنے پاپا کی ہی تصویر کے فریم کو چھیڑ رہا تھا۔ بہت صبر اور ہمت والی خاتون
تھیں مسز شیرازی۔ بہت ضبط سے بات کر رہی تھیں۔ بہت تحمل سے برداشت کر رہی تھیں۔

ان کی ہتھیلی سہلاتے وہ ان کی سنتی رہی اور دلاسا بھی دیتی رہی۔ پھر اس نے ٹاپک بدل دیا۔
کتاب اٹھا لی۔ پھر میگزین، وہ ان سے باتیں کر رہی تھی۔ اپنی باتیں اور ریان کی باتیں.....

ریان کی ہنسی، ریان کا وجود ان کے دل کو ہلکا کر دیتا تھا۔ اپنے پوتے میں تو جان تھی ان کی۔

ریان ہنستے کھیلتے اپنا فیڈر پیتے دادو کے پاس ہی سو گیا تو وہ ان سے اجازت لیتی اٹھ کھڑی ہوئی۔ ''اب آپ بھی آرام کیجیے۔ کافی وقت ہو چکا ہے۔'' تکیہ درست کر کے انہیں لیٹنے میں مدد دیتے ہوئے بولی۔

''فارس ابھی تک نہیں آیا؟''

جنت نے وال کلاک پر وقت دیکھا۔

''کہہ تو رہا تھا دس بجے تک آجائے گا۔ میں اسے کال کر کے پوچھتی ہوں۔''

شب بخیر کہہ کر لائٹس آف کرتے، دروازہ آہستگی سے بند کر کے وہ نیچے آگئی۔

لاؤنج میں بیٹھ کر اسے کال کی۔ اس نے ریسیو نہ کی۔ پھر میسج لکھا۔ ''کہاں ہو؟ کب تک آجاؤ گے؟''

غالباً وہ کسی ایسی جگہ پر تھا جہاں سگنلز کا مسئلہ تھا کہ میسج موصول ہوتے نظر نہیں آرہے تھے۔

واٹس ایپ پر اقصیٰ آگئی۔ وہ اپنے گاؤں پہنچ گئی تھی اور بہت خوش تھی۔

''آپ کو جیدے نکے کی تصویر دکھاؤں آپی؟''

''ہاں!''

پھر تصویر دکھادی۔ جیدا نکا کسی ٹاہلی پر چڑھ کر بیٹھا ہوا تھا۔ کافی دلچسپ لگا۔

''جیدا اتنا برا بھی نہیں ہے اقصیٰ!'' اس نے ہنس کر لکھا۔

اقصیٰ برا مان گئی۔ جو اسے برا لگتا ہے وہ اس کی آپی کو بھی برا لگنا چاہیے۔

''شازیہ پسند کرتی ہے اسے۔ پتا نہیں شازیہ کو اس میں کیا نظر آتا ہے۔ آپ کو پتا ہے خالہ کہتی ہیں شازیہ اور جیدے کا رشتہ تو وہ کبھی نہیں ہونے دیں گی۔''

''کیوں بھئی؟ تمہاری خالہ کیوں ولن بن رہی ہیں؟''

"انہیں میرا رشتہ چاہیے۔ میں بھلا وہاں کیوں شادی کروں جن کو میری پڑھائی پر ہی اعتراض ہے؟"
"بالکل۔ تمہارے لیے تو تمہارے ابا بہت اچھا سا لڑکا ڈھونڈیں گے۔" اس نے مسکراتے ہوئے لکھا تو دوسری طرف اپنے گاؤں میں کھلے آسمان تلے چارپائی پر لیٹی اقصیٰ شرما گئی۔
"ہاں! آپ بھی نا...... ابھی تو میں بہت سارا پڑھوں گی اور ڈاکٹر بنوں گی۔" اس کے بہت سے خواب تھے۔
"تو وہ بھی تو پڑھائی کے بعد ہی کچھ سوچیں گے نا۔"
اقصیٰ مسکرائی۔ اسے اپنے ابا پر بہت پیار آتا تھا۔
"فی الحال اسٹڈیز پر دھیان دو اور اپنے خاندان کی سیاست کو اگنور کرو۔"
"اوکے آپی!"
اور جیدا بھی کہتا ہے، اقصیٰ تو پڑھائی نہ چھوڑیں تاکہ اماں تیرے سے میرا ویاہ نہ کرے۔"
"کمال ہے۔" وہ ہنسی۔
"اچھا آپی صبح بات کروں گی، اور گاؤں کی تصویریں بھی بھیجوں گی۔"
"ٹھیک ہے۔" اقصیٰ سے بات کرنے کے بعد اس نے دوبارہ فارس کو کال کی۔ اس کا موبائل اب آف جا رہا تھا۔ وہ اس کے انتظار میں راہداری میں ہی ٹہلنے لگی تھی۔
کمر پر ہاتھ رکھے، آہستگی سے قدم اٹھاتے، دائیں طرف دیکھا، سامنے طویل کاریڈور تھا۔ دو دروازے تھے۔ ایک راہداری کے اختتام پر تھا اور دوسرا دائیں طرف۔ پہلا دروازہ اسٹور روم کا تھا۔ کھول کر سرسری سا اندر جھانکا۔ ملازموں کو اس نے کئی بار یہاں آتے دیکھا تھا۔ ایک طرح کا اسٹور روم مگر یہاں زیادہ تر فائلز، ڈاکومنٹس کا ذخیرہ تھا۔ کچھ غیر ضروری سامان، گملے، کچھ پرانی پینٹنگز، پردے، گل دان اور گلاس ٹیبلز کے علاوہ بہت سی آرائشی اشیا پیک شدہ حالت میں رکھی تھیں۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

ہال نما کمرہ تھا تو ریک ترتیب سے وسط میں رکھے گئے تھے۔ ان میں کتابیں، کاغذات، فائلز نظر آ رہی تھیں۔ کہنے کو اسٹور روم تھا مگر اس کی بھی جیسے باقاعدگی سے صفائی کی جاتی تھی۔ مٹی و گرد کا نشان تک نہ تھا۔

دروازہ بند کر کے سامنے براؤن دروازے کو دیکھا۔ اس منزل پر یہ واحد دروازہ تھا جو بند رہتا تھا۔

''اس طرف جانے کی اجازت نہیں ہے۔''

پورے گھر کا ٹور کراتے ہوئے مدحت نے آج صبح ہی اس سے کہا تھا۔ یقیناً یہ احکامات ملازموں کے لیے ہوں گے۔

کچھ سوچ کر وہ اسی طرف آ گئی۔ اس نے ہینڈل گھما کر دروازہ اندر کی جانب دھکیل دیا۔ نیم تاریکی میں بلب کی روشنی اندر تک گئی۔ بالکل سامنے ہی کھڑکیاں تھیں جن سے باہر کی تاریکی نظر آ رہی تھی۔ اس نے سامنے والے دروازے کو بھی آہستگی سے کھول دیا۔ کمرے میں تاریکی تھی۔ ہاتھ بڑھا کر سوئچ دبایا تو لائٹس آن ہو گئیں۔ پورا کمرا روشنی میں نہا گیا۔

وہ ایک ہاتھ ہینڈل پر رکھے اپنی جگہ کھڑی رہ گئی۔

''کیا یہ فارس وجدان کا کمرہ ہے؟'' اس کی آنکھوں میں حیرت کے ساتھ اضطراب اتر آیا۔

نیلگوں تھیم میں سجا ہوا کمرا۔ کھڑکیوں کے پردے ہم رنگ تھے۔ کتابوں کے ریک، الماری جس میں اوپر تک مختلف اسناد اور ٹرافیز سجی ہوئی تھیں۔

وہ بھاری سانسوں کے ساتھ اندر آ گئی تھی۔

پیک شدہ کارٹنز، کچھ کھلے، کچھ کھول کر بند کیے ہوئے۔ شیشے سے جھانکتی ٹرافیز، کچھ سلامت، اور کچھ ٹوٹ کر جڑی ہوئیں۔ اسکول اور فارس کا نام بے حد نمایاں تھا۔

نظر آ رہا تھا وہ کتنا ذہین اور محنتی تھا۔ وہ اپنی ٹین ایج میں پڑھائی اور دیگر سرگرمیوں میں شان دار

کارکردگی دکھاتا رہا تھا۔ اس نے گلاس ایک طرف سلائیڈ کر دیا۔

وجدان ہاؤس میں تو اسے بچپن سے جڑی چند اشیاء ہی نظر آئی تھیں مگر یہاں تو جیسے اس کا پور

بچپن تھا۔

وہ رزلٹ کارڈ اٹھا کر دیکھنے لگی۔ پھر اس نے ڈائریز اٹھالیں۔ سیاہ جلد والی جس کے تمام کے

تمام صفحے تقریباً خالی تھے۔ خرید کر جیسے یونہی رکھ دی گئی تھی۔ اس نے سیاہ کور کے ایک کونے پر سنہری کیلی

گرافی میں لکھے لفظ VON کو چھوا۔ پھر اسے رکھ کر باکس اپنی جانب کھینچا۔ کنارے پر رکھی کوئی شے مل

گئی۔ وہ لمحے بھر کے لیے ٹھٹک گئی کہ جس تلوار پر نظر پڑی وہ اس کی تھی۔ وہی نیلگوں نشان، وہی سیاہ لکیروں

سے جھلکتا سنہری دستہ، وسط میں جڑا سرخ نگینہ، نقرئی بلیڈ اور دستے کے ساتھ جڑی باریک سی زنجیر......

''یہ یہاں کیسے؟ اوہ!'' لمحے بھر کے لیے ششدر ہوئی تھی۔ پھر اس نے سر اٹھایا۔ جس جگہ سے

تلوار اٹھائی تھی، اسی جگہ پر گرد کی ہلکی سی تہہ پر تلوار کی ہی چھاپ نظر آ رہی تھی۔ گویا وہ چیز یہاں کافی

عرصے سے موجود تھی جبکہ اس کی تلوار تو باکس میں ہمیشہ موجود رہی تھی۔

شدت سے دھڑکتے دل کے ساتھ اس نے دوسری چیزوں کو الٹ پلٹ کرنا شروع کیا۔

تصویروں کے کچھ البم مگر وہ صرف قدرتی تصویروں سے بھرے ہوئے تھے۔ ایک باکس جس میں کچھ

چیزیں رکھی تھیں۔ ایک گلابی ہیئر پن جس پر اسٹرابری بنی ہوئی تھی۔ زرد رنگ کی ننھی سی گھڑی، ایک نیل

پالش...... چھوٹا سا آئینہ جس کے پیچھے مٹا مٹا سا ''جنہ'' لکھا تھا۔

جنت کمال اپنی جگہ صدمے سے گنگ رہ گئی۔

اس نے سفید شیٹ میں دھرے کاغذات باہر کھینچے......

اور کچھ تصویریں نکل کر قدموں میں بکھر گئیں۔

ایک سات سالہ، دس سالہ اور بارہ سالہ فارس وجدان کے ہمراہ کھڑے اس کے نانا......

ڈاکٹر مصطفیٰ!

وہ آنکھوں میں بے یقینی لیے ساکت سی اپنی جگہ کھڑی رہ گئی۔

پتھر......

حرکات وسکنات سے مکمل عاری......

اسے لگا آنکھوں نے دھوکا کھایا ہے۔ شاید ہر ادھیڑ عمر شخص میں اسے اپنے نانا کا گمان ہوتا تھا۔

بہت احتیاط سے نیچے فرش پر بیٹھتے ہوئے اس نے کپکپاتی انگلیوں سے تصویریں اٹھائیں۔ انہیں قریب سے دیکھا۔

وہ اس کے نانا ڈاکٹر مصطفیٰ ہی تھے۔ وہی بانور چہرہ، چمکتی ہوئی روشن آنکھیں۔ وہی مہربان مسکراہٹ۔ وہ جس بچے کو اپنے ساتھ لیے ہر تصویر میں نظر آرہے تھے وہ کوئی اور نہیں، فارس وجدان تھا۔ تصویروں کے پیچھے سرسبز میدان کے اس پار ایک عالی شان قصر نظر آرہا تھا۔ اس کے ذہن کے پردوں پر دھندلی شبیہ واضح ہونے لگی۔

پھولے تنفس کے ساتھ وہ نیچے بیٹھی دیگر اشیاء نکالتی گئی۔ اس کی ڈرائنگ کا ایک ڈھیر تھا۔ اور ہر صفحے پر اس کا نام لکھا تھا۔

''میڈ بائے جنہ مصطفیٰ''

ڈرائنگز میں باغ کا منظر تھا، ندیوں اور نالوں کا، اونچے پہاڑوں کا...... بڑی ساری حویلی اور اس کے سامنے کھڑے ایک چھوٹے سے گھر کا۔ وہ گھر اس کا تھا۔ وہ باغ اس کا تھا۔ وہ خوشیوں بھرے پل وہ صفحے پر بکھرے رنگ، وہ منظر میں ڈھلتی یادیں اس کی تھیں۔

نانا، جنہ اور تیسرا فرد جو ہر صفحے پر تھا، وہ فارس تھا۔

اس کا داہنا ہاتھ بے ساختہ لبوں پر آگیا۔ آنکھیں مکمل بھر گئیں۔ سانس بھاری ہو گیا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

''آج تاریخ کیا ہے سلیم؟''

''تین نومبر!''

''ابھی دو دن باقی ہیں۔'' کیلنڈر دیکھ کر وقت کا حساب لگاتے نانا عینک اتار کر آنکھیں پونچھتے نمی کو چھپاتے کچھ سوچ کر مسکراتے۔

''ایسی کیا خاص بات ہے پانچ نومبر میں؟'' سلیم اس کے پاس آ کر پوچھ رہا تھا۔

''بابا کے دوست کا برتھ ڈے ہے۔''

''کس دوست کا؟'' سلیم کو جیسے ان کے تمام دوستوں کے نام ازبر ہوتے تھے۔

''فارس کا۔''

''کون فارس؟ حارث کی بات کر رہی ہو؟''

''مجھے کیا معلوم؟'' کندھے اچکا کر کسی اور کام میں مصروف ہوتی وہ......

''بیس سال!'' انگلیوں پر حساب کرتے نانا۔ ''ہاں اب پورے بیس سال کا ہوتا وہ۔''

اس کی آنکھوں سے آنسو ٹوٹ کر گرے۔

''تمہیں یاد نہیں، تم بہت چھوٹی تھیں۔ مجھے یاد ہے وہ۔ مجھے وہ نہیں بھولتا۔ میں اسے بھول بھی نہیں سکتا۔''

نانا کے تمام دوستوں میں سب سے کم عمر۔ سب سے تنہا۔ سب سے پریشان حال دوست۔ و اسے بھی بہت یاد آتا تھا۔

''تم سے پہلے میں نے اسے کبھی بھی کسی بچے سے بات کرتے نہیں دیکھا تھا۔'' وہ اکثر کہتے تھے۔

''تمہارے ساتھ وہ بہت ہنستا تھا۔''

اس کا دل درد سے پھٹنے لگا۔

https://novelskidunya.com/

"حادثاتی موت تھی۔ کار ایکسیڈنٹ سے ہوئی تھی۔"

اس کی سسکیاں بندھ گئیں۔ چہرہ تر ہونے لگا۔

"بہت پیارا لڑکا تھا۔ بہت ویل مینرڈ اور دھیمے مزاج کا۔"

نومبر کا مہینہ ہو اور نانا اپنے دوست کا ذکر نہ کریں، ایسا کیسے ممکن تھا؟

"اب خیر سے آپ اسے ویل مینرڈ اور دھیمے مزاج کا تو نہ کہیں۔" سلیم ان دنوں چھٹیوں پر آیا ہوا تھا۔ "اچھا خاصا بدتمیز لڑکا تھا وہ۔ معذرت کے ساتھ!"

"صرف اس لیے کہ وہ تمہیں اگنور کرتا تھا؟"

"صرف مجھے اگنور کرتا تھا؟ آپ شاید بھول گئے ہیں مگر مجھے یاد ہے۔ اسے اس بات سے بھی مسئلہ تھا کہ میں آپ کے گھر کیوں رہ رہا ہوں۔"

"وہ تم سے جیلس ہوتا تھا۔" وہ ہنسے۔ اور پھر کافی دیر تک ہنستے رہے۔ آنکھیں تر ہو گئیں۔ دل ڈوب گیا۔ پھر چپ ہو گئے۔ رات گئے تک چھت پر ٹہلتے رہے۔ "اس کے ساتھ یہ نہیں ہونا چاہیے تھا۔" زیر لب دہراتے جاتے۔ "وہ تو میرا بہادر بچہ تھا۔"

اپنا کام کرتے، پریکٹیکل جرنل بناتے، وہ سب چھوڑ کر دروازے کے پاس آ کر کھڑی ہو جاتی تھی۔ وہ اسے دیکھتے تھے اور آنکھوں میں خوف اترا ہوتا تھا۔ بہت دیر تک ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے اسے خود سے لگا لیتے۔

"خودکشی بذاتِ خود ایک مسئلہ ہے۔ کسی مسئلے کا حل ہرگز نہیں!" اس کا چہرہ اپنے نحیف ہاتھوں میں لے کر، اس کی شہد آنکھوں میں جھانک کر کہتے۔

وہ تب پندرہ سال کی تھی۔ نانا نے پہلی بار جیسے اسے آنے والے وقتوں کی تکلیفوں پر صبر اور برداشت کا سبق پڑھانے کی کوشش کی تھی۔ "سانسوں کی ڈور خود سے ٹوٹے تو ٹوٹے، تم توڑنے کی کوشش

https://novelskidunya.com/

مت کرنا۔"

اس کے ہاتھ بے جان ہوتے گود میں آگرے۔

اس کی یادداشت میں سب دھندلا ہو چکا تھا۔ مگر اسے وقفے وقفے سے ملنے والی نانا کی باتیں یاد رہی تھیں۔ وہ فارس نامی لڑکے کو کبھی نہیں بھولے تھے۔ بستر مرگ پر بھی۔

وہ اس کی عمر کا اندازہ لگایا کرتے تھے۔ ہر نومبر کی پانچ تاریخ اسی حساب کتاب کے لیے مختص ہو جایا کرتی تھی۔ اگر وہ زندہ ہوتا تو آج پورے بیس سال کا ہوتا۔ اب اس کی عمر یقیناً بائیس برس کی ہوتی۔ ہائیٹ تب بھی اچھی تھی، اب بھی اچھی ہوتی۔ لمبے بال سوٹ کرتے تھے، چھوٹے بالوں میں بھی خوب صورت لگتا تھا۔ اب تو باکمال ہوتا۔ اپنے ہم عمر لڑکوں کی طرح اول فول رف حلیے میں گھومنا اسے پسند نہیں تھا۔ بلا کا صفائی اور نفاست پسند۔

https://novelskidunya.com/

وہ انہیں دیکھتے ہوئے، انہیں سنتی رہی۔ وہ تھوڑا سا وقت، تھوڑی سی باتیں، تھوڑا سا ذکر کر کے بالکل چپ ہو جاتے۔ اوپر سے خاموش مگر اندر ہی اندر خود سے باتیں جاری رکھتے۔ وہ اس کے لیے بہت زیادہ دکھی تھے۔

ناولز کی دنیا NovelsKiDunya

انہوں نے اپنا کلینک، اپنا گھر حتیٰ کہ وہ شہر وہ علاقہ تک چھوڑ دیا مگر اس کی یادداشت سے پیچھا نہ چھڑا سکے۔ خود کو پچھتاووں سے نہ نکال سکے۔ صرف ایک تصویر اپنے بٹوے میں لگائے رکھتے۔ سب سے پہلی تصویر۔ لڑکا چھ سال کا اور وہ ساٹھ سال کے تھے۔ دوستی کی علامت ان کی پہلی تصویر پاس رکھی۔ باقی سب وہیں گھر چھوڑ آئے۔ کئی بار اس نے کہا تھا واپس چلتے ہیں۔ چند دنوں کے لیے ہی سہی۔ مگر وہ نہیں گئے تھے۔ پہلے کوہاٹ شفٹ ہوئے، پھر لاہور۔ لیکن کوئٹہ دوبارہ نہیں گئے۔

"اس کی ماں اسے اپنے ساتھ لے کر نہیں گئی۔ اس کے بابا نے اسے چھوڑ دیا۔ وہ بالکل اکیلا تھا۔ یہ بات سمجھ میں آتی ہے۔ جاتے وقت تو بہت خوش تھا۔ تم سے کہہ کر گیا تھا چھٹیوں میں واپس آئے

گا۔پھر کیا ہوا؟ کیا ہوا؟" وہ رخ موڑ کر آنسو چھپانے کی سعی کرتے تھے۔

اس نے بے ساختہ داہنا ہاتھ سینے پر رکھا۔

نانا کا دوست...... نانا کا فارس...... نانا کا بہادر بچہ......

اس کا چہرہ تر ہو چکا تھا۔ وہ اب دوسری اشیاء کو دیکھ رہی تھی۔

فرینڈ شپ ڈے کے کارڈز، اور گیٹ ویل سون کے تین چار پیپرز، وہ ٹھیک ہو گیا۔ پھر بھی اسے لکھ کر دیتی رہی۔ ہر بار وہ جب بھی پھول لے کر گئی وہ کبھی بھی کچرے کی زینت نہیں بنے۔ پلاسٹک شیٹ میں دھرے، خشک بے رنگ اس کے دیئے گئے پھول!

اس کی نیل پالش، اس کی میک اپ کٹ، اس کا آئینہ، اس کے خواب، اس کی خوشیاں۔ وہ سب جو زندگی کے حالات میں گم ہو کر وہ بھلا چکی تھی، اب یاد آ رہا تھا۔ وہ پزل کی طرح ایک ایک شے کو تخیلات پر چنتی ایک اچھوتی تصویر مکمل کرتی جا رہی تھی۔

فارس وجدان شیرازی!

سرسبز باغ، ایک وسیع و عریض لان کا سبزہ زار، اونچی دیواروں میں مقید ایک شان دار قصر نما حویلی۔ سڑک کے اس پار دوڑتے بھاگتے بچے، نہر کے کنارے پتھر، پھول، پتے اور ٹہنیاں توڑ توڑ کر پھینکتی وہ اور ایک مبہم سا ساتھی۔ ایک دھندلا سا چہرہ، ایک ہلکی سی شبیہ......

قدموں کی آہٹ کے ساتھ ہی ادھ کھلے دروازے کو اندر کی جانب دھکیلتا فارس اپنی جگہ رک گیا تھا۔ وہ نیچے ٹھنڈے فرش پر بیٹھی تھی۔ اس کی اشیاء میں اپنی یادوں کو کھوجتی ہوئی۔ کارڈز، گفٹس اور کھلونوں میں گھری ہوئی۔

آہستہ سے قدم اٹھاتے وہ اندر آ گیا۔ اس کے سامنے پنجوں کے بل جھکا تو جنت کمال نے سر اٹھایا۔ اس کی آنکھیں نم اور چہرہ تر تھا۔ اس کا وجود سسکیوں کی زد میں لگ رہا تھا۔ اس کے تاثرات بتلا

رہے تھے وہ اسے پہچان گئی تھی۔

ایک جنہ......

اور اس کا دوست فارس!

اب نہ پریوں کی باتیں کی جا سکتی تھیں، نہ شہزادیوں کے قصے سنائے جا سکتے تھے۔ نہ رنگوں کا جنون تھا، نہ خالی صفحوں کا کریز...... اب صرف وہ تھی اور فارس تھا۔ زندگی نے کسی اور موڑ پر، کسی اور وقت میں، کچھ اور حالات کی زد میں دونوں کو سامنے لا کھڑا کیا تھا۔

فارس کے احساسات دکھ کی لپیٹ میں آ گئے۔ اس کے اندر کی کیفیت بدل سی گئی تھی۔ وہ عجیب رنج کی زد میں اپنے اندر بکھر سا گیا۔ اس کے سامنے اب اس کی بیوی نہ تھی۔ وہ اب ڈاکٹر مصطفیٰ کی نواسی تھی جو اسے دیکھ رہی تھی۔

''تم جانتے ہو میں کون ہوں؟'' سوال مختصر سا، بہت اذیت سے پوچھا گیا۔

فارس کا سر اثبات میں ہلا۔

وہ اندر تک ساکن ہو گئی۔

''کب سے؟'' آنکھیں بھیگی ہوئی تھیں۔

''جب تم نے گھر چھوڑ دیا تھا۔ تب تمہارے سامان میں ان کی تصویر دیکھی تھی۔''

وہ لب بھینچ کر تحمل اور ضبط سے سرخ پڑتی آنکھوں کے ساتھ اسے دیکھے گئی۔

''مجھے کیوں نہیں بتایا؟'' شکوہ تھا۔ دکھ تھا۔ جذبات پر بمشکل قابو رکھے ہوئے تھی۔

''مجھے لگا، ممکن ہے تمہیں کچھ یاد نہ ہو۔'' فارس کے لیے اپنے ہی الفاظ کچھ بھاری ہو گئے۔

''لیکن تم تو یاد دلا سکتے تھے۔ تم تو مجھے بتا سکتے تھے۔'' وہ رو رہی تھی۔ اس کا دل ڈوب رہا تھا۔ وہ ساری یادیں، وہ وقت اور لمحے...... اس کا دوست اور ناتا۔

اسے اب نانا بہت شدت سے یاد آ رہے تھے۔

"جنت!" اس کے لبوں سے بے اختیار نکلا۔

"مجھے تمہیں خود ڈھونڈنا پڑتا ہے۔ مجھے تم تک خود آنا پڑتا ہے۔ کوئی پہل تم کیوں نہیں کرتے؟ تم خود مجھے کیوں کچھ نہیں بتاتے۔" اس نے فارس کا ہاتھ جھٹک دیا۔

"مجھے ڈر تھا۔ میں ڈاکٹر مصطفیٰ کی نواسی کا سامنا نہیں کر پاؤں گا۔"

وہ اپنی جگہ تھم کر رہ گئی۔ آنکھوں میں آنسو ٹھہر گئے۔

اپنے اندر ایک دکھ، ایک کرب سا لیے وہ ہمت مجتمع کرتا اس کے پاس بیٹھ گیا تھا۔ چند ہی لمحوں میں اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے چکا تھا۔ اس نے شکوہ کیا تھا۔ کوئی ابتدا وہ خود سے کیوں نہیں کرتا، تو ایک ابتدا وہ اب خود کر رہا تھا۔ بہت سی باتیں تھیں جو دل کی تھیں اور دل میں ہی رہ گئی تھیں۔ بہت سے اعتراف ایسے تھے جو تاحال نہیں ہو سکے تھے۔ وہ اب کہہ سکتا تھا۔ وہ اب اسے سب بتا سکتا تھا۔ وہ اس بوجھ کو اپنے دل سے ہٹا سکتا تھا۔ وہ اس خلا کو اب پر کر سکتا تھا۔

"میں دوسری شادی کبھی نہیں کرنا چاہتا تھا۔ صرف ممی کی خواہش پر میں نے مجبوراً تم سے نکاح کیا تھا۔ مجھے تم سے نفرت تھی۔ صرف تم سے ہی نہیں، اپنے نکاح میں آنے والی ہر لڑکی سے ہوتی۔ تمہاری جگہ کوئی بھی ہوتی تو میں یہی کرتا۔ نکاح کو کانٹریکٹ رکھتا اور فرصت ملتے ہی اپنی جان چھڑا لیتا۔ میرے لیے یہ آسان تھا۔ بانسبت بھروسہ کرنے کے، مجھے یہ آسان لگا۔"

جنت آنکھوں میں درد لیے، لب بھینچ کر اسے دیکھ رہی تھی۔ اس کی آنکھوں میں حزن ٹھہرا ہوا تھا۔ اس کی آواز سے درد جھلک رہا تھا۔ وہ بول رہا تھا۔ وہ اسے بولنے دے رہی تھی۔

"میں رشتے، اعتبار، وفا اور محبت جیسے معاملات سے بہت آگے نکل چکا تھا۔ میری زندگی میں ان کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ مجھے لگتا تھا میں سخت رویہ دوں گا تو تم مجھ سے کوئی امید نہیں رکھو گی۔ میں چاہتا تھا

تمہیں بھی مجھ سے نفرت ہو اور...... اور تم میرے ساتھ زندگی گزارنے کا خواب نہ دیکھو۔ تمہیں نفرت سکھاتے سکھاتے کب میں نے تم سے محبت سیکھ لی، پتا ہی نہیں چلا۔"

اس کا وہ آخری جملہ جنت کی دھڑکنیں تھما گیا۔

"مجھ سے صرف ایک بھول ہوئی۔ میرے احساسات بدل رہے تھے تو مجھے چاہیے تھا میں تمہاری ہر غلط فہمی دور کرتا، اپنے احساسات صرف دل تک محدود نہ رکھتا۔ مجھے چاہیے تھا میں تم پر اپنی مرضی مسلط نہ کرتا۔ مجھے تمہیں ٹائم دینا چاہیے تھا۔ مجھے تم پر سب واضح کرنا چاہیے تھا۔ اگر میں بات کر لیتا تو تم اس رات گھر چھوڑ کر نہ جاتیں۔"

وہ روانی سے بات کرتے ایک لمحے کے لیے رکا تھا۔ اسے دکھ تھا وہ اس کے ہوتے ہوئے بھی اس طرح بے گھر کیوں ہوئی تھی۔ کیوں اس کی زندگی میں وہ اس طرح شامل ہوئی کہ اس کے پاس نفرتوں کے سوا اور کچھ دینے کو رہا ہی نہ تھا۔

"میں نے اپنے فیصلے کبھی نہیں بدلے۔ مگر تمہارے لیے، میں نے اپنا ہر فیصلہ، اپنا ہر ارادہ بدلا۔ نکاح ممی کی پسند سے ہوا تھا مگر میں نے تمہیں اپنی مرضی سے بیوی کا درجہ دیا۔"

وہ اس کے گال پر ہاتھ رکھے اب آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔

"جو میں نے کیا، یا جو رویہ تمہیں دیا، اسے میں کسی طور جسٹیفائی نہیں کر سکتا۔ جو غلط ہے، سو غلط ہے!"

جنت کی شہد آنکھوں میں اس کا عکس جھلملانے لگا۔

"میری نفرتوں میں تمہارا کوئی حصہ نہیں ہونا چاہیے تھا۔" وہ بے حد رنجیدہ تھا۔ "اگر ڈاکٹر مصطفیٰ آج زندہ ہوتے، اور انہیں معلوم ہوتا میں نے ان کی نواسی کے ساتھ کیا کیا تو وہ مجھے کبھی معاف نہ کرتے۔"

جنت نے بے اختیار اپنے گال پر ٹھہرے اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا۔ بہت دکھ، فکر اور پریشانی سے اس کی جانب دیکھا۔

اسے جیسے اب سمجھ میں آیا تھا وہ اپنے خول میں بند کیوں تھا۔
"مجھے دنیا کا وہ آخری مرد ہونا چاہیے تھا جو تمہاری آنکھوں میں آنسو لاتا۔"
"تمہیں لگتا ہے تمہارا رویہ زیادہ برا تھا؟" وہ بولی تو بھیگی آواز میں ایک ٹھہراؤ تھا۔ لہجہ نرمی لیے ہوئے تھا۔

اپنے گال سے فارس کا ہاتھ ہٹا کر اسے مضبوطی سے تھام لیا۔
"جس طرح کی زندگی میں نے گزاری ہے، اور جس طرح کے رویے میں نے سہے ہیں، جو دکھ، محرومیاں اور اذیتیں جھیلی ہیں، ان سب کے مقابلے میں تمہارا گھر میرے لیے کسی جنت سے کم نہیں تھا۔"
آنکھوں میں غم کی سرخی لیے اسے کچھ اذیت سے دیکھا۔
"مجھے تمہارے رویے کا دکھ ضرور تھا لیکن میں سکون سے سوتی تھی اور آرام سے پورے گھر میں پھرتی تھی اور آنٹی تھیں میرے پاس اور..... کوئی کمی نہیں تھی وہاں اور تم چپ چاپ سب سنتے، دیکھتے اور برداشت کرتے تھے کیونکہ میں تمہاری کوئی بات مان نہیں رہی تھی۔"
گزارا ہوا وقت ان کے درمیان آکر ٹھہر گیا تھا۔
"جس رات تم نے صرف سیٹنگ بدلنے پر مجھے غصہ دکھایا تھا، اس رات میں نے اپنا ہر خوف مٹا دیا تھا۔ اس رات میں نے فیصلہ کر لیا تھا میں تمہاری کوئی بھی غلط بات برداشت نہیں کروں گی۔ میں حالات سے آخری سانس تک لڑوں گی اور تمہارے سامنے ہار نہیں مانوں گی۔ یہ میرا فیصلہ تھا تم سے ٹکر لینے کا۔ تمہارے مقابلے میں آنے کا، میں اس بار چپ چاپ سہنا نہیں چاہتی تھی۔ میں لڑنا چاہتی تھی تم سے، اپنی زندگی سے، حالات سے..... تو ہاں! الف ٹائم میں نے بھی تمہیں دیا ہے۔"
نرم مضبوط لہجہ..... مضبوط اعصاب کی ترجمانی کر رہا تھا۔
"مجھے یاد ہے میں تمہیں زبردستی مال لے کر گئی اور تمہارے سامنے بچے کی شاپنگ کی۔ میں

صرف تصور کرسکتی ہوں میری اس حرکت سے تمہیں اس وقت کتنی تکلیف پہنچی ہوگی۔"

سرونٹ کوارٹر کے اس کمرے کی کھڑکیوں سے باہر ہلکی ہلکی رم جھم پھر سے برسنے لگی تھی۔ اندر کا ماحول پھر سے سرد ہونے لگا تھا۔

"میں نے تم پر شک کیا۔ تمہیں کئی بار ہرٹ کیا۔ تم پر بھروسا نہیں کیا۔ غلطیاں صرف تم سے نہیں ہوئی ہیں، مجھ سے بھی تو ہوئی ہیں۔ سو تم بار بار یہ مت کہا کرو کہ وہ وقت برا تھا۔ میرے لیے وہ بہت سے برے وقتوں میں سب سے اچھا وقت تھا فارس!"

آنکھوں میں محبت کی چاشنی لیے وہ پورے اعتماد سے کہہ رہی تھی۔ فارس کا دل بھاری ہوا۔ وہ وقت آسان نہیں تھا جس کا ذکر وہ اتنی آسانی سے کر رہی تھی۔

"تمہارا غصہ، سختی، نفرت بے شک غلط تھی لیکن اس کی بھی تو وجوہات تھیں۔ تمہاری بیوی نے دھوکا دیا۔ تم نے اپنی بیٹی کو کھو دیا۔ اور جس طرح کے حالات سے تم گزرے تھے، تمہارے لیے بھروسا کرنا بہت مشکل تھا۔" وہ ایک ایک کر کے ان تمام گرہوں کو کھول رہی تھی جو ماضی کے غم کو تازہ کرتی تھیں۔ پچھتاوؤں اور دکھ کو ہوا دیتی تھیں۔ جن کا سایہ حال پر پڑتا تھا تو وہ اپنے خول میں بند ہونے لگتا تھا۔

"تم یہ دیکھو، ہم لڑے، ہم نے ایک دوسرے کی کمزوریوں کو کھوجا۔ ہم نے ان کمزوریوں کا فائدہ اٹھایا اور چھپایا بھی۔ ہم ایک دوسرے کی ڈھال بھی بنے۔ ہم نے ارادے بھی بدلے۔ اور خود کو بدلنے کی کوشش بھی کی۔" اس کے لفظ مرہم تھے، اس کی آواز میں سکون تھا۔ وہ سن رہا تھا۔ بہت توجہ اور خاموشی سے۔

"نانا ہوتے تو میں انہیں بتاتی، ان کے دوست نے مجھے اس وقت اپنا لیا جب میرے اپنے مجھے اکیلا کر چکے تھے۔ میں انہیں بتاتی میں ان کے دوست سے بہت لڑی ہوں اور وہ اپنا ہر فیصلہ بدلنے پر مجبور ہو گیا ہے۔ وہ جیسے پہلے بدل گیا تھا، ویسے ہی اب بھی بدل گیا ہے۔ میں انہیں تمہاری ایک ایک

بات بتاتی۔اور وہ خوش ہوتے۔وہ تم سے بہت خوش ہوتے!"

فارس وجدان کی آنکھیں تر ہو چکی تھیں۔جنت نے تصویریں سمیٹ لیں۔

"نانا تمہیں بہت یاد کرتے تھے۔" وہ اب کہہ رہی تھی۔"تمہاری باتیں، تمہارے سوال، وہ بار بار تمہارا ذکر کرتے تھے۔وہ دوسرے لڑکوں میں تمہیں ڈھونڈتے تھے۔انہیں تمہاری موت کا بہت دکھ تھا۔"

وہ اب تفصیل سے ان کے بارے میں بتا رہی تھی۔وہ سب باتیں جو ذہن میں تھیں۔جو اس کی ذات سے جڑی ہوئی تھیں۔وہ بھاری دل کے ساتھ سن رہا تھا۔

اس نے بات کرتے کرتے کچھ بے چینی سے پہلو بدلنا چاہا تو اس کی حالت کا خیال کرتے فارس نے سہارا دے کر اٹھاتے ہوئے سنگل بیڈ پر بٹھایا۔خود وہ اس کے پاس ہی بیٹھ گیا تھا۔

"تم نے میری سب چیزیں سنبھال کر رکھی ہوئی ہیں۔" کمرے میں طائرانہ نگاہ دوڑاتے ہوئے بولی۔

وہ مسکرایا۔

"تمہارے پاس بھی تو ابھی تک میرے گفٹس ہیں۔تلوار ہے، ڈائری ہے، اسٹیکرز ہیں۔"

وہ نم آنکھوں کے ساتھ دھیرے سے ہنسی۔

"ہاں! تمہارے ان تحفوں میں میرے نانا کی یادیں تھیں اور ایسے دوست کی بھی جو وعدہ کر کے واپس نہیں آیا تھا۔"

"آ نہیں سکا تھا، اس کی قبر بن گئی تھی۔وہ دفن ہو گیا تھا۔"

آنکھوں میں نمی لیے اسے دیکھ کر رہ گئی۔پھر اس کے کندھے پر سر رکھے اس کے بازو پر گرفت مضبوط کر لی۔

"بہت مشکل وقت تھا؟"

"بہت!"

''کیا میں تمہیں یاد آئی؟''

''پھولوں کو دیکھ کر...... ہاں! ہمیشہ!''

جنت کے لبوں پر مسکراہٹ آ گئی۔

''صرف پھولوں کو دیکھ کر؟''

''دو پونیوں کو دیکھ کر بھی۔''

وہ نم آنکھوں کے ساتھ ہنس دی۔

''اور کب؟''

''جب جب مسز گرانٹ کی نواسیاں ہیری کو دیکھنے آئیں، تب بھی۔''

''مسز گرانٹ؟ وہ کون ہیں؟''

''لندن میں ہماری ہمسایہ ہیں۔''

''اور ہیری؟''

''وہ راحم کا طوطا ہے!''

''اور راحم کون ہے؟''

''وہ بھی بس کچھ ہے۔''

''کوئی انوکھی مخلوق ہے کیا؟''

''یہی سمجھ لو۔''

مسکرا کر اس نے اطراف میں ایک بار پھر نگاہ دوڑائی۔

''تمہارے کمرے میں ہر چیز کتنی ترتیب اور صفائی سے رکھی ہے فارس!''

اس نے بھی دیکھا۔ سر اٹھا کر اور بہت ہی تکلیف سے۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

اسے مدحت سے پتا چلا تھا کہ اعظم شیرازی اکثر اس کے کمرے میں آتے تھے۔ اس کی چیزوں کو دیکھتے تھے، ڈائریز کو پڑھتے تھے اور ٹرافیز کو چھوتے تھے۔ اور چند ایک بار تو ان کی یہیں آنکھ لگ گئی تھی۔ اس کے کمرے کو صاف رکھنے کی ذمہ داری انہوں نے نبھائی تھی۔ اس نے درد سا محسوس کرتے خیالات کو جھٹکنا چاہا۔

"فارس!" اس نے آہستہ سے پکارا۔

"ہونہہ!"

"آئم سو سوری!"

"کس لیے؟"

"میں تمہیں...... بہت ہرٹ کرتی رہی۔"

وہ گردن موڑ کر اسے دیکھنے لگا۔

"میں اپنی من مانی اس لیے نہیں کرتی تھی کہ تمہیں دکھ پہنچے۔ میں صرف اپنا گھر بچانے کی کوشش کر رہی تھی۔" اس کی آنکھوں میں دیکھ کر رسانیت سے بولی۔

وہ نرمی سے مسکرایا۔

"تم نے پہلے بھی میری بات نہ مان کر میری زندگی بدل دی تھی، اب بھی تم نے وہی کیا۔" اپنے بازو کے گھیرے میں لیتے وہ آہستہ سے گویا ہوا۔

جنت کی دھڑکن تیز ہوئی۔

"پندرہ سال پہلے تم نے مجھے جینا سکھایا تھا۔ پندرہ سال بعد بھی تم نے وہی کیا۔ کوئی بچی اگر اپنے ماں باپ کی مشترکہ نفرت کو سہتے ہوئے بھی ہنس سکتی ہے۔ کھیل سکتی ہے۔ شرارتیں کر سکتی ہے۔ تو میں کیوں نہیں؟

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

اور کوئی لڑکی اگر اپنی میرج فیلیئر کے بعد، سخت الزام، خاندان بھر کی نفرت سہنے کے بعد بھی، اتنی پازیٹو ہو کر میرے ساتھ اپنی نئی زندگی کا آغاز صدق دل اور چاہت سے کر سکتی ہے تو میں کیوں نہیں؟"

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔

"اپالوجائز (معافی) تو مجھے کرنا چاہیے۔"

وہ آنکھوں میں محبت کا تاثر لیے اسے دیکھ رہی تھی۔

وہ نانا جیسا تھا۔ بہت شفیق اور مہربان سا اپنی غلطیوں کا ادراک کرتا انہیں سمجھتا ہوا۔ خود کو بدلتا ہوا، جینے کی کوشش کرتا ہوا۔

"چلیں، یہاں بہت ٹھنڈ ہے۔" فارس نے کہا تو آواز بھاری تھی۔ یہ کمرہ بہت سی ایسی یادوں سے بھی جڑا ہوا تھا جو اس کے اعصاب پر بھاری پڑ رہی تھیں۔ جنت سر ہلا کر اٹھ گئی۔ کمرے سے باہر نکلتے ہی دروازہ بند کرتے کرتے وہ رک گیا۔

کھڑکی کے عین نیچے وہاں وہ تھا۔ اور روتے ہوئے بیڈ کے نیچے بھی۔ چھپا ہوا سا، اور آنکھیں رگڑ رگڑ کر صاف کرتا۔ اور بہادری سے رونے پر قابو پاتا ہوا بھی۔

اس کے تاثرات ایک دم سے خوف اور وحشت میں بدل گئے۔

جنت کو اس لمحے شدت سے احساس ہوا اس نے یہاں آ کر تکلیف دہ یادوں میں اسے ایک بار پھر دھکیل دیا ہے۔

دروازہ بند کر کے، فارس کا بازو گرفت میں لیا۔

"چلیں؟"

اس نے چونک کر اسے دیکھا پھر اس کے ساتھ آگے بڑھ گیا۔

اور ماضی کا فارس وہیں کہیں اندھیرے میں اپنے بستر کے نیچے چھپا رہ گیا تھا۔ خاموش، ویران

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Dunya

کمرے میں بچپن کی یادیں، سسکیوں سمیت وہیں کہیں سرد فضا میں ٹھہری رہ گئیں۔

☆......☆......☆

گھر پہنچ کر انہوں نے خود کو کمرے میں بند کر لیا۔ خبر ایسی نہ تھی کہ خاندان بھر میں نہ پھیلتی۔ شام میں سب بہنیں وہیں اکٹھی ہو گئی تھیں۔ پشیمانی کا تاثر ہر ایک چہرے پر نظر آ رہا تھا۔

''آپی!'' حفصہ قالین پر دیوار کے ساتھ ہی بیٹھی ہوئی تھیں۔ ان کے بچے پریشان ہو رہے تھے۔

''یہ ہم نے کیا کر دیا!'' انہوں نے اپنا سر ہتھیلیوں پر گرا لیا تھا۔

ایمان سامنے ہی کرسی پر بیٹھی تھی۔ اس کا سر جھکا ہوا تھا۔ آنکھیں مکمل تر تھیں۔ نفیسہ کی وفات پر سب سے برا رویہ اس کا تھا، سب سے زیادہ سختی بھی اس نے دکھائی تھی۔ غم اور غصے سے روتے چیختے ہوئے جنت کو امی کے قریب بھی نہیں آنے دیا تھا۔

انہوں نے ماں کو کھو دیا تھا۔ وہ غم اس وقت دل چیر رہا تھا۔ وہ محرومی اس وقت بہت بھاری تھی۔ بھری دنیا میں بالکل تنہا لاوارث ہو جانے کا تصور ان کے حواس مفلوج کر گیا تھا۔ وہ سب بہنیں، نرم خو، احساس کرنے والی اپنی ہی سگی بہن کے لیے پتھر اور بے حس ہو گئی تھیں۔ وہ بھی جنت کو ہر تکلیف کا ذمہ دار ٹھہرانے لگی تھیں۔ ہر مصیبت اور پریشانی کو اس کے وجود سے جوڑنے لگی تھیں۔

''وہ بے گناہ تھی۔ جنت بے گناہ تھی۔'' حفصہ روتے ہوئے دہرا رہی تھیں۔ ہانیہ نے بہت دکھ اور بے بسی سے انہیں دیکھا۔ کسے علم تھا بے گناہی یوں ثابت ہو گی اور جنت کمال پر سے ہر الزام ہٹ جائے گا۔

''آپی! ہم بھی تو جن حالات سے گزرے ہیں۔ وہ......'' ماریہ کے لب ہلے۔

کوئی حجت، دلیل...... کچھ تو ہو جس سے وہ خود کو بری کر سکیں۔ مگر الفاظ گم ہو گئے۔ جو ظلم جنت کمال کے ساتھ ہوا تھا، وہ کسی طور جسٹیفائی نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اپنی سگی بہن کو لاوارث کر دینا کسی طور بھی

https://novelskidunya.com/

مسئلے کا حل نہیں تھا۔

''کسی اور سے پہلے...... ہم جنت کے مجرم ہیں۔ ہم اسے اپنی ہر تکلیف اور مصیبت کا ذمہ دار سمجھتے رہے۔ ان لوگوں کے درمیان ہنسی خوشی رہتے رہے جن کی وجہ سے ہمارا یہ گھر جہنم بنا، تباہ ہوا، جن کی وجہ سے امی نفسیاتی مریضہ بن گئیں۔''

ایمان نے آہستہ سے سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔

''تم سب چھوٹی تھیں۔ میں تو چھوٹی نہیں تھی۔'' آنکھوں میں حزن لیے، روتے تڑپتے ماضی کے وہ تمام مناظر آنکھوں میں لیتے بہت دکھ سے لب بھینچ کر بولیں۔ ''مجھے تائی امی کی، بڑی چچی کی دادی کی، پھپھو کی، سب کی باتیں، سب کے طنز، سب کی نفرتیں یاد ہیں۔ وہ سب امی کو باتیں سنانے ان کی بے بسی کا مذاق اڑانے آتی تھیں۔''

نفیسہ اور کمال کی بیٹیاں اپنی زندگی میں ایک خلا سا لیے بالکل خاموش کھڑی تھیں۔ وہ بہت کرب سے بڑی بہن کو دیکھ رہی تھیں۔

''امی چپ چاپ سنتی تھیں اور چھپ چھپ کر روتی تھیں۔ بابا کا رویہ ہمارے ساتھ کیسا ہوتا تھا ایمان؟'' اب کے اسے مخاطب کیا۔ ''یاد نہیں، ہم کیسے ان سے ڈرتے تھے اور ان کے گھر آتے ہی کمرے میں چھپ جاتے تھے؟ بات تک کرنے کی ہمت نہیں ہوتی تھی۔ ذرا ذرا سی غلطی پر مار پڑ جاتی تھی۔ دادی پورے گھر کا ماحول جہنم بنا کر رکھتی تھیں۔ ہر وقت ان پر طنز کرتی تھیں۔ بیٹیوں کی لائن لگ رکھی ہے۔ ابو کو دوسری شادی کا مشورہ کتنی بار دیا گیا۔''

کمرے میں سکوت چھایا ہوا تھا۔ وہ دم سادھے اسی وقت کے دائرے میں اسی تلخ زندگی کو ایک بار پھر جیتا ہوا دیکھ سکتی تھیں۔

''ہر بار ہم میں سے کسی نہ کسی کی پیدائش پر لوگ افسوس کرنے آتے تھے۔ اماں کتنے دنوں تک

لاپرواہ رہتی تھیں۔ بچی کو اٹھا کر دیکھتی تک نہیں تھیں۔ سب کہتے تھے ہماری ماں بدنصیب ہے۔ منحوس ہے۔ بیٹیوں کو دنیا میں لا رہی ہے۔" وہ رو رہی تھیں۔ "مگر کوئی خوشی کا اظہار نہیں کرتا تھا۔ امی بھی نہیں۔ ہر وقت کی ٹینشن میں کہاں یاد رہتا تھا خوش ہونا چاہیے؟ جب زندگی ان کے لیے عذاب ہی ہماری وجہ سے تھی؟" سسک پڑیں، آنکھیں رگڑ ڈالیں۔

"بابا کی پہلے ایک دکان تھی۔ پھر دوسری آ گئی۔ پھر انہوں نے اسٹور کھول لیا تھا۔ انہوں نے پلاٹ خرید لیا تھا۔ گھر کے حالات کچھ اچھے ہو رہے تھے۔ کسی نے نہیں کہا یہ بیٹیاں نصیب لائی ہیں۔ رزق لائی ہیں۔ بابرکت ہیں اس گھر کے لیے۔ کسی نے نہیں سمجھا۔ سب نے ہمیں ایک عذاب، ایک بوجھ، ایک کرب بنا دیا۔ اور ہم نے، پھر ہم سب نے مل کر یہی سب کچھ جنت کے ساتھ کیا۔ ہم بھول گئے ہماری مجرم تو جنت کبھی تھی نہیں۔ جو مجرم تھے ان کے ساتھ مل کر ہم نے جنت کو اکیلا کر دیا۔"

https://novelskidunya.com/

ایمان نے کچھ اذیت سے آنکھیں میچ لی تھیں۔

"مجھے امی کا رویہ کبھی بھی نارمل نہیں لگا۔ پہلے وہ ہم سے الجھتی رہیں۔ پھر حسنین پیدا ہوا تو ٹھیک ہو گئیں۔ اور جب حسنین نہیں رہا تو اپنی نفرتوں کا رخ جنت کی طرف کر لیا۔ اور ہم نے...... ہم چھ بہنوں نے ایسا ہونے دیا۔ ہم نے کبھی بھی امی اور جنت کے درمیان فاصلہ کم کرنے کی کوشش نہیں کی۔ ہم نے کبھی امی کو نہیں سمجھایا۔ ہم نے کبھی نانا سے نہیں کہا وہ جنت کو واپس لے آئیں۔" انہوں نے آنکھیں صاف کیں۔

Novels Ki Duniya

"ہم اسے خود سے دور کرتے رہے۔ اپنے سسرال میں وہ لاوارثوں کی طرح رہی۔ تایا کی پوری فیملی نے اسے جس طرح سے ذہنی ٹارچر کیا، کیا ہم اس بات سے واقف نہیں تھے؟ کیا ہم میں سے کوئی اس کی مدد کو گیا؟ کیا ہم میں سے کسی نے اس کے لیے اسٹینڈ لینے کی کوشش کی۔ وہ کتنی بار یہاں آئی۔ امی سے ملنے، امی نہیں ملیں۔ ہم تو مل سکتے تھے۔ بات کر سکتے تھے۔ سہارا دے سکتے تھے۔ کیا ہم نے دیا؟"

ایسی بے حسی پر، خودغرضی پر وہ خود کو جتنا ملامت کرتیں، کم تھا۔ ہانیہ نے کچھ شرمندگی سے سر جھکا لیا۔
''اس کی شادی ہوگئی ہم نے ایک بار بھی پلٹ کر خبر نہیں لی۔ اس نے گھر چھوڑ دیا تب بھی نہیں۔ کوئی اتنا پتھر دل بھی ہوتا ایمان؟ یہ ہمیں کیا ہو گیا تھا؟''
وقت اور حالات کچھ ایسے ہو گئے کہ جنت کمال کو اپنی بہن سمجھنا ہی انہیں کسی گناہ سے کم نہیں لگتا تھا۔ اس کا مشکوک کردار سب کی زبانوں پر رہتا تھا۔ اس کی ذات کے قصے بڑھا چڑھا کر سنائے جاتے تھے۔ اس نے جانے کن حالات میں گھر چھوڑا مگر یہی پھیلا دیا گیا وہ کسی اور کے ساتھ بھاگ گئی ہے۔ اسے تو خبر بھی نہ ہو گی کتنے افسانے تھے جو اس پر گھڑ دیے گئے تھے۔ کتنے الزام تھے جو اس پر دھر دیے گئے تھے۔ اور اس کی اپنی سگی بہنوں نے سر جھکا لیا تھا۔
''ہم نے بھی وہی کیا جو امی کرتی رہیں۔ جو ابا کرتے رہے۔ جو پورے خاندان نے کیا۔ ہم نے بھی نانا کی تربیت پر سوال اٹھا دیا۔ ہم نے بھی سچ مان لیا۔''
ایمان اٹھ کر ان کے پاس آ بیٹھی تھی۔ یہ غم کہ انہوں نے جنت کو آخری وقت میں اپنی ماں سے بھی ملنے نہیں دیا تھا، یہ غم، یہ دکھ اب دل کو چیر رہا تھا۔
زخم گہرے تھے جو انہوں نے اسے دیے۔ مسخ کر کے اپنی بہن کو، بہت بری طرح سے توڑا تھا انہوں نے۔ دھتکار کر علیحدہ کیا تھا۔ بہت نفرت سے تعلق ختم ہوا تھا۔ بھلے سے اس کی زمان سے شادی ہو یا کامران سے۔ کسی کو کوئی فرق تک نہیں پڑا تھا۔ وہ چچا کے گھر کس حال میں تھی۔ کسی کو ذرا احساس نہیں ہوا تھا۔ جس سے شادی کر رہے تھے وہ سترہ برس بڑا تھا اس سے۔ انہیں کچھ بھی نہ ہوا۔ اپنی عدت کے دنوں میں، ٹیرس کے ویران کمرے میں جانے کیسے اس نے وقت گزارا ہو گا۔ وہ سب تو اکٹھی تھیں ایک دوسرے کو سنبھالنے اور سہارا دینے کے لیے بھی، اس مشکل گھڑی میں طلاق کی اذیت اور ماں کی جدائی کا غم سہتے ہوئے، اس نے کیسے سنبھالا تھا خود کو؟

سب کو غلطی کا احساس شدت سے ہو رہا تھا۔ جنت کمال مجرم اور گناہ گار ہوتی تب بھی اسے اکیلا نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اس کی زندگی کا فیصلہ دوسروں کے ہاتھ میں نہیں دیا جا سکتا تھا۔

''اس رات.....'' انہوں نے نم آنکھوں سے بار باری سب کو دیکھا۔ ''امی نے اپنے آخری وقت میں جنت کا نام لیا۔''

ایمان نے گہرے غم اور صدمے سے ان کی طرف دیکھا۔

''وہ بات نہیں کر پا رہی تھیں لیکن اس کا نام لے رہی تھیں۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آیا۔ کاش میں جنت کو اسی وقت ہاسپٹل بلوا لیتی۔ کاش!''

خشک لبوں کو تر کرتے آنکھیں رگڑ کر صاف کیں۔

''جب سے ان کا انتقال ہوا ہے، اس کے بعد سے..... بار بار..... یہ بات..... کہ وہ نام کیوں لے رہی تھیں۔ کس لیے لے رہی تھیں۔ کہنا کیا چاہ رہی تھیں؟ پہلے تو کبھی بھی نہیں لیا۔ کبھی بھی نہیں۔ تو پھر اس وقت کیوں؟ یہ سوال..... یہ سوال مجھے بہت بے چین کرتا رہا اور میں اگنور کرتی رہی۔ میں نے کچھ سمجھا ہی نہیں۔ وہ اس وقت، وہ جنت سے ملنا چاہتی تھیں۔ وہ آخری لمحے میں..... اس وقت جنت کو پوچھ رہی تھیں اور میں نے، میں نے اپنے غصے میں ان کی بات، ان کا اشارہ نہیں سمجھا۔ سکینہ بتا رہی تھی وہ اس سے جنت کا حال پوچھتی تھیں۔ انہیں سب پتا تھا اس کے ساتھ اس گھر میں کیا ہو رہا ہے۔ وہ ان دنوں جنت کو واپس گھر لانے کا فیصلہ کر چکی تھیں۔''

دروازے پر دستک دے کر خالہ اندر آئیں تو حفصہ فوراً سے اٹھ کر ان کے پاس چلی گئیں۔ ہاتھ تھام لیا۔

''پلیز خالہ! مجھے اس کے پاس لے جائیں۔ میں اس سے ملنا چاہتی ہوں۔''

''میری اس کے شوہر سے بات ہوئی ہے۔ وہ کوئٹہ میں ہیں۔'' انہوں نے سنجیدگی سے آگاہ کیا۔

https://novelskidunya.com/

''کیا آپ مجھے وہاں لے جاسکتی ہیں؟ خالہ! صرف آپ ہی ہمیں اس سے ملواسکتی ہیں۔''

''میں تمہارے خالو سے بات کرتی ہوں۔'' انہوں نے کندھے پر نرمی سے ہاتھ رکھ کر کہا۔ تسلی دی۔

ایمان بھی ان کے ساتھ ہی جانا چاہتی تھی مگر خالہ نے منع کر دیا تھا۔

وہ نہیں جانتی تھیں اس تمام سچویشن پر جنت کا ردعمل کیا ہونے والا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

اگلے دن موسم کچھ بہتر تھا تو وہ اسے اسی عقبی دروازے سے ہی باغ میں لے گیا تھا۔ یہ درواز
حال ہی میں دوبارہ بنوایا گیا تھا۔

فارس کا ہاتھ تھامے وہ بے حد احتیاط سے قدم اٹھا رہی تھی۔ درخت، پودے، سبزہ زار، اور ٹھنڈی
یخ بستہ فضا میں سانس لیتے اس نے دور تک دیکھا تھا۔

''جنہ!'' سناٹے میں بچوں کی آواز گونجی۔ آسمان سے بادل ہٹ گئے۔ کرنیں زمین پر اتر
آئیں۔ خاموش باغ میں ایک دم سے زندگی کے آثار دور تک پھیل گئے۔

وہ باغ کے وسط میں اس جنت کو دیکھ سکتے تھے جو کھیلتی کودتی ہنستی مسکراتی بھاگی جا رہی تھی۔ اس
کے دوست شور مچا رہے تھے اور پیچھے کہیں فارس بھی تھا۔ اور اس کی آنکھیں تھیں اور خفگی کا ہلکا سا تاثر تھا۔
اور سائیکل تھی۔ غبارے تھے اور درختوں پر چڑھنے کی مشقیں ہو رہی تھیں۔ اور کوئی رو رہا تھا۔ کسی کو ہنسی آ
رہی تھی۔ وہ راستہ...... وہ بہت سی یادوں میں جڑا ہوا تھا۔ اور جو پھول تھے پگڈنڈی پر۔ انہیں توڑتے
سونگھتے ننھی جنہ اپنے ٹوپی بیگ میں ڈالے جا رہی تھی۔

سامنے ہی وہ گھر تھا جو نانا کا تھا۔ اس کے آہنی گیٹ پر تالا لگا ہوا تھا۔ گویا وقت کو تھام کر ہر ایک یاد
کو وہیں کہیں محفوظ کر دیا گیا تھا۔ گیٹ کھول کر اندر داخل ہوتے جنت کی نگاہیں کیاریوں سے مرکزی
دروازے تک گئیں۔

کتنی خاموشی اور ویرانی سی تھی وہاں...... رونقیں تو تھیں ہی نانا کے دم سے۔

وہ فارس کے ہمراہ لان میں کھڑی تھی۔ اور نانا کو پودوں کو پانی دیتا ہوا دیکھ سکتی تھی۔ وہ دیوار پر رنگ کر رہے تھے اور وہ فراک میں ان کے آگے پیچھے بھاگتی پھر رہی تھی۔ وہ سیڑھیوں پر بیٹھی تھی۔ اور کچھ گا رہی تھی۔ وہ چپکے سے پھل توڑ کر کھا رہی تھی۔ موتی کو بھی کھلا رہی تھی۔ دروازے سے اندر گھر میں سناٹوں کا راج تھا مگر وہ سن سکتی تھی۔ وہ نانا کی آواز اور اپنی کھلکھلاہٹیں سن سکتی تھی۔ بڑی بڑی آنکھوں میں تاروں کی چمک لیے، ہر نئے ایڈونچر کے لیے مستعد...... اپنا ٹوپی بیگ پہنے...... یہاں وہاں ہر جگہ پہنچنے کی جستجو کرتی ہوئی۔

وہ کچن میں ڈائننگ ٹیبل پر ٹانگ جھلاتے ہوئے کھانا کھا رہی تھی اور مسلسل بول رہی تھی اور سلیم کے سر میں درد ہو رہا تھا اور نانا ہنسے جا رہے تھے۔ اور وہ سوال کر رہی تھی۔ وہ کھڑکی میں بیٹھی چڑیا کا نام رکھ رہی تھی۔ بلی کو زبردستی گھر کا ایک فرد بنا رہی تھی۔

نانا اس کی پیشانی پر بکھرے بالوں کو برابر کاٹ رہے تھے۔ وہ اس کی دو پونیاں بنا رہے تھے۔ اس کے کانوں میں ٹاپس پہنا رہے تھے۔

وہ عید کے دن گلابی فراک پہنے ایک جیتی جاگتی گڑیا کے روپ میں ہنستی کھلکھلاتی اپنی عیدی گن رہی تھی۔ اس بار اسے عیدی اعظم شیرازی سے بھی ملی تھی۔ اپنی سیاہ گاڑی کو روک کر، شیشہ نیچے کر کے جس طرح پہلے ایک بار اسے ٹافی دی تھی تو اب کی بار عیدی۔

وہاں ایک فارس تھا۔ ڈاکٹر مصطفیٰ سے باتیں کرتا، خفگی دکھاتا ہوا، اپنا ہوم ورک کرتا، شکووں میں گھرا ہوا نظر آ رہا تھا۔ وہ اب اسی ٹیبل کے پاس کھڑا تھا جہاں بیٹھ کر اس نے پہلی بار دو جڑواں بچوں کی تصویریں دیکھی تھیں۔

''تم نے ممی سے کہا تمہارا نام ڈاکٹر مصطفیٰ کے کسی دوست نے رکھا تھا۔''

''ہاں!'' وہ کچن کی کھڑکی سے باہر دیکھ رہی تھی۔

''وہ میں تھا۔ تمہارا نام میں نے رکھا تھا۔''

ایک جھٹکے سے پلٹ کر اس نے فارس کو دیکھا۔ بے یقینی سے......

''تم نے رکھا تھا۔''

''ہاں!'' وہ دیوار پر لگی کسی تصویر کو دیکھ رہا تھا۔

اور وہ سمجھتی رہی تھی نانا کا کوئی دوست تھا۔ نانا ہی کا ہم عمر۔

''وہ تم تھے؟'' پاس آ کر تصدیق چاہی۔ ابھی تک سکتے میں تھی۔

''بالکل میں تھا، یہاں بیٹھ کر رکھا تھا۔''

جنت کمال اپنے شوہر سے ایک دم سے بہت مرعوب ہوئی۔ یقین ابھی بھی نہیں آ رہا تھا۔

''شاید میں وہ پہلا مرد ہوں جس نے اپنی بیوی کا نام خود رکھا ہے۔'' ہنس کر بولا تو اس کی بیوی اثبات میں سر کو جنبش دیتی بڑی متاثر نظر آئی۔ پھر کچھ کہنے کو منہ کھولا ہی تھا کہ فارس نے ہاتھ کھڑا کیا۔

''اب یہ مت پوچھنا یہ جنت کون تھی جس کے نام پر میں نے تمہارا نام رکھا۔ وہ کوئی نہیں تھی۔''

راہداری سے اس نے سیڑھیوں کی جانب دیکھا۔

''تمہاری ون کلاس کا کوئی کرش ہوگی۔''

جنت کو یقین تھا۔

''میں اس وقت ٹو میں تھا۔''

''تو یہ بھی بتا دو وہ کون تھی؟''

''میری کسی ٹیچر کی بیٹی پیدا ہوئی تھی۔ اس کا نام جنت تھا۔ اب بس یا کچھ اور بھی تفتیش باقی ہے؟''

نفی میں سر ہلا کر مسکراہٹ دباتی وہ مؤدب ہو گئی۔ آنکھوں میں شرارت نظر آ رہی تھی۔

سیڑھیاں چڑھ کر وہ اس کے ساتھ اوپر اس کے کمرے تک گیا۔ بہت سا سامان نانا ساتھ لے گئے تھے مگر بہت کچھ یہیں رہ گیا تھا۔ کھڑکیاں کھول کر باہر کا نظارہ کرتے اپنے نانا کی ہی کسی چیز کو ہاتھ میں لے کر انہیں یاد کرتے وہ آبدیدہ ہوتی رہی۔ ان کی باتیں کرتی رہی۔

کتنی آوازیں تھیں وہاں، کتنا شور اور رونق..... وہ اسے سن رہا تھا اور یاد کر کے سنا بھی رہا تھا۔ جنت کمال اپنے کھلونوں کے نام خود رکھا کرتی تھی۔ اس کے پاس ایک ٹام تھا اور جیری نہیں تھا۔ اس کی ایک بطخ تھی اور چھوٹا سا کچھوا جو سیل سے چلتا تھا۔ اب وہ یاد کر کے بتا رہا تھا۔ وہ کیسی تھی۔ وہ کیا کرتی پھرتی تھی اور کیسے باتیں کیا کرتی تھی۔ اور اس کے سوال کتنے عجیب ہوتے تھے۔ وہ پریوں کی باتیں کرتی تھی اور ٹیڈ پولز کو مچھلیاں سمجھتی تھی۔

''ابھی کچھ دن پہلے تک تو کسی کی یادداشت بہت کمزور تھی۔'' وہ اب چڑ رہی تھی۔

اس نے پھر اس کا ایک اور کارنامہ سنایا۔ مٹر کا دانہ بستر کے نیچے رکھنے سے وہ شہزادی ثابت نہیں ہو سکی تھی۔

''ایسا تو بالکل بھی نہیں ہوا تھا۔''

''بالکل یہی ہوا تھا۔''

پتا نہیں اس کی یادداشت اتنی تیز کیوں تھی؟ جنت کو پہلی بار تپ چڑھی۔ اس کی ساری بے وقوفیاں یاد تھیں اسے۔

''سلیم بہت تنگ تھا تم سے۔''

''قصور بھی اس کا ہے۔''

''وہ بے چارہ اب تجربے کے لیے گدھے اکٹھا کرتا پھرتا۔''

''ایک بچی کی خواہش کے لیے، ہاں کرنا چاہیے تھا۔'' وہ اب چھوٹی جنت کا دفاع کر رہی تھی۔

وہ مسکرا کر رہ گیا۔

اور اس کی بلیاں۔ انہیں یاد کر کے جنت کمال کو گہرے دکھ نے گھیر لیا۔ ''تمہاری وجہ سے میں بلیوں کو اب ہاتھ بھی نہیں لگا سکتی!''

''کیا میں نے منع کیا ہے؟'' اپنے کوٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے الٹا سوال کیا۔

''بیوہ بھی تو نہیں ہونا چاہتی۔'' بے بسی سے کہا۔

اور وہ ہنس دیا تھا۔

گھر سے نکل کر وہ ذرا دور تک گئے تھے۔ وہاں جہاں وہ اکثر ڈاک کے لیے جایا کرتا تھا اور جنت اپنی فوج کے ساتھ پیچھے آ جایا کرتی تھی۔ کچھ دیر کے لیے گھاس پر بیٹھے رہے تھے اور پھر وہیں سے وہ باتیں کرتے بہت سی نئی یادوں کے ہمراہ واپس پلٹ آئے تھے۔

رواں تھی صرصر پارینہ، پار میں تم تھے
اٹھی جو آنکھ، مرے ریگ زار میں تم تھے

دلوں پہ تنگ ہوا جا رہا تھا دروازہ
اداسیوں سے ادھر کی پکار میں تم تھے

نہ جانے کون سی مڈبھیڑ پاؤں میں تھی پڑی
میں راہ گزر میں تھا، راہ گزار میں تم تھے

صدا گزرتے ہوئے دور جا گری اس دن
نہ جانے نیند کے کس خارزار میں تم تھے

کسی جگہ سے بھی منہ موڑنا نہ تھا ممکن
خزاں میں تم تھے، ہوائے بہار میں تم تھے

(افضال نوید)

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

سیاہ رنگ کی میکسی نما فراک پہنے جس کی چٹی اور گلے پر نگینوں کا خوب صورت کام ہوا تھا۔ کیپ سلیوز کندھوں سے نیچے تک پھیلے ہوئے، بالوں کا جوڑا بنا رکھا تھا۔ مسکارا، آئی شیڈو کے ساتھ اس نے سرخ رنگ کی لپ اسٹک لگا رکھی تھی۔ اس کی صراحی نما گردن پر لمبے ایئر رنگز جھول رہے تھے۔ مسز شیرازی کے ہمراہ وہ مہمان خواتین کے ساتھ لان میں بیٹھی تھی۔ کھانے کے بعد وہاں چائے کا دور چل رہا تھا۔ اوپر اپنے بیڈروم کی گیلری میں کھڑا افارس ریلنگ پر کہنیاں جمائے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

وہ کسی لڑکی سے باتیں کر رہی تھی۔ اور موبائل پر کچھ دکھا بھی رہی تھی۔ پھر اس کی کسی بات پر ہنس بھی رہی تھی۔ ریان اس کے پاس ہی کھڑا تھا۔ وہ غبارے جیسی گیند کو بازوؤں میں بھرے ہوئے تھا اور ان بچوں کو دیکھ رہا تھا جو دور تک بھاگے جا رہے تھے۔ کسی بات کا جواب دے کر سر ہلاتے اس کی نگاہ زرد روشنیوں میں نظر آتی اس عالی شان گیلری کی طرف اٹھ گئی۔ وسط میں ہی وہ کھڑا تھا۔

گھریلو سے حلیے میں، سادہ ٹراؤزرز پر ڈھیلے ڈھالے سے گلے کے سویٹر میں ملبوس۔

چائے کا مگ ذرا سا اوپر کر کے سراہا تو وہ مسکرا کر رہ گئی۔

زندگی سے بھرپور مسکراہٹ اس کی آنکھوں میں ٹھہر گئی۔ جو شال اس نے لے رکھی تھی، اسے درست کرتے اپنی جگہ سے اٹھ گئی۔ احاطے میں گاڑیاں داخل ہو رہی تھیں۔ خواتین اب جانے کو تیار تھیں۔ جنت ان سے مل رہی تھی۔ وہ دوسری لڑکی کی کسی بات پر مسکرا بھی رہی تھی۔ کچھ ہی دیر بعد وہ کمرے کا دروازہ کھول رہی تھی اور وہ گیلری کی سلائیڈ بند کرتا اندر آ گیا تھا۔ خالی مگ میز پر رکھ دیا۔ جنت نے شال اتار کر کرسی پر ڈال دی۔

"کیا کوئی ہمیں مس کر رہا تھا؟"

"بالکل بھی نہیں۔"

"لیکن کوئی گیلری سے تاڑ تو رہا تھا۔"

"اب انسان کھلی فضا میں سانس بھی نہ لے۔"

وہ ہنس دی۔

"یہ انسان کچھ زیادہ عجیب نہیں ہے؟" آنکھیں روشن تھیں۔ لہجے میں شرارت۔

فارس کے نرم ہاتھوں کی گرفت اس کے کندھوں پر ٹھہر گئی۔

"اپنی بات کر رہی ہو؟"

"تمہارا ذکر کر رہی ہوں۔"

"مجھے نہیں پتا تھا میری بیوی ایک ایلین ہے۔"

بہت اچھا اور خوش گوار سا موڈ بس ایک لمحے میں غارت ہوا تھا۔ لب بھنچ گئے۔ بھنویں سکڑ گئیں۔

"تم پہلے زیادہ اچھی لگ رہی تھیں۔"

"تم مجھے اب زیادہ برے لگ رہے ہو۔"

وہ ہنس پڑا۔

اپنا نیکلیس اتارنے کو ہاتھ اٹھائے تو فارس نے ہک کھولنے میں مدد کر دی۔ خفا خفا سی اپنے لباس کا گھیرا سنبھالے ڈریسنگ ٹیبل پر جا بیٹھی۔ وہ اس کے پیچھے کھڑا تھا۔ لبوں پر مسکراہٹ تھی۔

"اتنی سی بات پر...... اتنا غصہ!"

"مجھ سے بات نہیں کرو پلیز۔"

"ظاہر ہے ایلینز کو انسانوں کی باتیں کہاں سمجھ میں آئیں گی؟"

بھنا کر رخ بدلا، لڑنے مرنے کو منہ کھولنے ہی والی تھی کہ فارس کا موبائل بج اٹھا۔

"ایک سیکنڈ!" ہاتھ اٹھا کر اسے روک دیا۔

گویا وہ بھی اس جنگ کے لیے مکمل تیار تھا بس کال ضروری تھی۔ جنت کمال لب بھینچ کر رخ بدل گئی۔ فون پر دوسری طرف آغا علی تھا۔ اس کی بات سنتے فارس نے بے اختیار جنت کی طرف دیکھا۔ ایئر رنگز اتارتے ہوئے اس نے بھی آئینے میں فارس کو ہی دیکھا۔ آنکھوں ہی آنکھوں میں اشارتاً سوال کیا

کہ کیا ہوا؟ اس کے تاثرات کچھ تھے ہی ایسے کہ نہ چاہتے ہوئے بھی وہ الرٹ ہو گئی۔

''ٹھیک ہے، آنے دو انہیں!'' سنجیدگی سے بات کرتا وہ اسی وقت کمرے سے چلا گیا۔

جنت نے جوڑا کھول کر ڈھیلی سی چٹیا بنائی۔ منہ دھویا اور کپڑے بدل کر باہر آ گئی۔ ملازمہ ریان کو ابھی تک اوپر نہیں لائی تھی۔ وہ لفٹ سے نیچے فلور پر آ گئی۔ آہستہ سے قدم اٹھاتے آگے بڑھی۔ کچھ جانی پہچانی آوازیں سماعت سے ٹکرائیں تو چونک گئی۔ خدشات کی زد میں اس کا دل زور سے دھڑکنے لگا۔

دائیں جانب لاؤنج کا منظر نمایاں ہوا تو اس کی رفتار ایک دم سے سست پڑی۔

جمیلہ داؤد وہاں تھیں۔ سائرہ خالہ...... ان کے شوہر...... اور اس کی حفصہ آپی بھی......

جنت کا وجود پتھر ہو گیا۔

❁ ❁

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

رنگا رنگ کہانیوں سے سجا، خوبصورت اور دلکش

سوہنی ڈائجسٹ

SohniDigest.Com

اگر آپ بھی لکھ رہے ہیں اور اُردو قارئین کی تلاش میں ہیں تو اپنی کہانیاں Inpage میں کمپوز (ٹائپ) کر کے پورے اعتماد کے ساتھ سوہنی ڈائجسٹ میں بھیجیے۔ نئے لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

ابھی sohnidigest@gmai.com پر ای میل کریں۔

قسط نمبر22

حفصہ کا سر دکھ اور شرمندگی سے جھکا ہوا تھا۔ ان کی آنکھیں غم میں ڈوبی ہوئی تھیں۔ ان کا چہر
آنسوؤں سے تر ہو رہا تھا۔ سائرہ خالہ اب بول رہی تھیں۔ بہت آہستگی سے...... شکستگی سے...... ذکر ماہین
عبدالکریم کا ہو رہا تھا۔ جس کی حقیقت پورے خاندان پر عیاں ہو چکی تھی۔ اب کچھ بھی چھپا نہیں رہا تھا۔
جنت کمال زخمی روح اور نڈھال وجود کے ساتھ ساکت سی کھڑی تھی۔ روتی سسکتی نگاہیں حفص
کمال پر جمی رہ گئی تھیں۔

اس کی بے گناہی ثابت ہو چکی تھی۔ قتل کا الزام ہٹ گیا تھا۔ کردار کی گواہی مل گئی تھی۔ مگر اسے
خوشی نہیں ہوئی تھی۔ اس کا درد کم نہیں ہوا تھا۔ اس کا بوجھ ہلکا نہیں ہوا تھا۔ نہ زخم مندمل ہوئے تھے۔ ن
رویے کی اذیت ختم ہوئی تھی۔

حفصہ کی نظر اس پر پڑی تو اپنی جگہ تھم سی گئیں۔ جنت کی آنکھوں سے جھلکتا حزن کا سمندر انہیں
اندر تک فنا کر گیا۔

''جنہ......!'' ان کے لب ہلے۔ انہوں نے پکارنا چاہا۔

جنت کی لرزتی پلکوں سے آنسو گال پر لڑھک گئے۔ لبوں پر کپکپی سی ٹھہر گئی۔ سن ہوتے وجود کے
ساتھ اس نے بے اختیار دیوار کا سہارا لیا۔ اس سے پہلے کہ وہ ہمت کر کے اس سے کچھ کہتیں، وہ بھاری
سانسوں کے ساتھ نفی میں سر ہلاتی واپس پلٹ گئی تھی۔

☆......☆......☆

اس نے سر اٹھا کر نیم تاریکی میں اپنے آس پاس ہر طرف دیکھنے کی کوشش کی تھی مگر اسے کچھ بھی نظر نہیں آیا تھا۔ دروازہ ایک ہی تھا جو بند تھا۔ جس پر مسلسل دستک دی جا رہی تھی۔ حفصہ کی آواز سماعتوں میں پڑ رہی تھی۔ ان کے الفاظ، ان کی منت، لجاجت بھرا لہجہ، سب سمجھ میں آ رہا تھا مگر وہ اٹھ نہیں رہی تھی۔ وہ بند دروازے سے قدرے دور سسکیوں کے ساتھ کھڑی تھی۔ اس کا چہرہ بھیگا ہوا تھا۔

جن کی آس تھی، جن کا انتظار کیا، وہ اس کے لیے نہیں آئے تھے۔ انہیں اس کی تنہائی کا احساس کبھی نہیں ہوا تھا۔ وہ اس کے غم کا اندازہ کبھی نہیں لگا سکتے تھے۔

''میں نہیں معاف کر سکتی۔ مجھ سے کوئی معافی نہ مانگے۔ یہ میرے پاس نہیں ہے۔'' وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ ''میرے پاس...... کسی کے لیے...... کوئی معافی نہیں ہے۔'' وہ ہچکیوں کے ساتھ تکلیف کی شدت سے چیخی تھی۔ حفصہ آپی دروازے کے اس پار کھڑی رہ گئی تھیں۔

وقت پلٹ گیا تھا۔ طلاق کے ساتھ گھر میں داخل ہوتی جنت کمال کو سب نے رد کر دیا تھا۔ اس وقت اس کی منتیں، اس کی پکار اور آنسوؤں کا ان پر کوئی اثر نہیں ہوا تھا۔ اس وقت انہیں اس کی بے بسی نظر نہیں آئی تھی۔ اس وقت انہوں نے ماں کے غم میں نڈھال خود کو پتھر کر لیا تھا۔

''جائیں یہاں سے۔'' اس نے بیڈ پر بیٹھتے ہوئے اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ لیے تھے۔ آنسو گر رہے تھے اور دل رو رہا تھا۔

دروازے پر پھر سے دستک ہوئی تھی۔ اب کے اس نے فارس کی آواز سنی تھی۔ آنسو صاف کرتے ہوئے اٹھ کر دروازہ کھول دیا۔

فارس اسے دیکھتا اپنی جگہ رک سا گیا۔ اس کی آنکھیں سوجی ہوئی تھیں۔ رنگت زرد پڑ رہی تھی۔ بال بکھرے ہوئے سے لگ رہے تھے۔ اسے نہیں پتا تھا، اپنے کسی رشتے کی واپسی جنت کی یہ حالت کر دے گی۔

''تم ریان کو نہیں لائے؟'' بھیگی ہوئی آواز میں یوں پوچھا جیسے اس گھر میں حفصہ کمال نہ آئی

https://novelskidunya.com/

ہوں۔ جیسے اس پر غم کا کوئی پہاڑ نہ ٹوٹ رہا ہو۔ جیسے وہ ریزہ ریزہ نہ ہو رہی ہو۔ چہرے کے اطراف میں بکھری لٹوں کو کان کے پیچھے کرتے ہوئے پلٹ گئی۔ لحاف درست کرتے ہوئے پھیلایا۔ ریان کا تکیہ اور اس کا ننھا سا کمبل رکھتے ہوئے اس کی جگہ بنائی۔ اب وہ ڈریسنگ ٹیبل کی درازیں کھول رہی تھی۔ وہ چیزوں کو الٹ پلٹ کرتی پھر سے ترتیب دے رہی تھی۔ کئی ایک بار اس نے وارڈ روب سلائیڈ کر کے اپنے کپڑوں کو ادھر ادھر کیا۔ اس کا ذہن منتشر تھا۔ وہ اپنے درد سے نکل نہیں پا رہی تھی۔

''جنت!'' فارس نے اسے ہاتھ سے پکڑ کر روک لیا۔

اس نے لب کاٹ کر آنسوؤں کو ضبط کرتے ہوئے اس کی طرف دیکھا۔

''کس سے چھپ رہی ہو؟'' فارس کے دونوں ہاتھوں کی گرفت اس کے بازوؤں پر ٹھہر گئی۔ جنت کے اندر ایک دم سے سناٹا سا چھا گیا۔ بھری ہوئی آنکھوں سے اسے دیکھتے ہوئے اپنی جگہ جامد ہو گئی۔ وہ بھول گئی تھی۔ یہ برہان واصف کا گھر تھا نہ صفدر چچا اور نہ سائرہ خالہ کا۔ وہ بھول گئی تھی نہ وہ وقت ٹھہر رہا تھا نہ حالات باقی رہے تھے۔ اب زخم چھپانے کی ضرورت نہیں رہی تھی۔ آنسو گالوں پر لڑھک گئے۔

''میں نے ان کی منت کی تھی۔ میں نے کہا تھا...... مجھے امی کو دیکھنے دیں۔ میں نے کہا تھا مجھے...... مجھے امی کا چہرہ آخری بار...... دیکھنے دیں۔ انہوں نے مجھے نکال دیا۔ فارس...... انہوں نے مجھے...... کمرے سے نکال دیا۔''

صدمہ لیے ہوئے چیخ تھی۔ ہر منظر آنکھوں میں گھوم رہا تھا۔ وہی وقت...... وہی منظر...... وہی درد......

''انہوں نے مجھے...... مجھے امی کے گھر سے نکال دیا۔ میں کہتی رہی، میں غلط لڑکی نہیں ہوں بدکردار نہیں ہوں۔ میں...... میں نے...... میں نے...... کچھ نہیں کیا۔'' وہ فارس وجدان کے سینے سے لگی بہت شدت سے رو رہی تھی۔

''میں کہتی رہی...... میں بار بار کہتی رہی۔ لیکن ان سب نے...... انہوں نے مجھے چھوڑ دیا۔ فارس انہوں نے......''

فارس کی گرفت مضبوط ہونے لگی۔ جنت کمال روتے ہوئے بولتی جا رہی تھی۔

''سب نے مل کر...... ان سب نے مل کر......'' ہچکیوں کی زد میں روتے سسکتے وہ اب بات نہیں کر پا رہی تھی۔ وہ غم سے نڈھال ایک بار پھر ٹوٹتی بکھرتی جا رہی تھی۔

''میں نے کئی بار سوچا...... میں مر جاتی ہوں۔ میں خودکشی کر لیتی ہوں۔ لیکن میں نے...... میں نے نہیں کی۔ مجھے نانا نے روکا تھا۔ لیکن ان سب نے...... فارس! ان سب نے مل کر...... مجھے مار دیا۔''

''جنہ!'' اس نے رک کر چہرہ ہاتھوں میں لیتے اس کا سر اٹھایا تو وہ ہچکیوں کے ساتھ روتے ہوئے بس چند لمحوں کے لیے چپ ہوئی تھی۔ وہ اس حالت میں نہیں تھی کہ کوئی اسٹریس برداشت کر پاتی۔

وہ اب بیڈ پر بیٹھی تھی۔ فارس کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑے، گہری سانس لیتی اب خود کو سنبھالنے کی کوشش کر رہی تھی۔ اس کے ذہن سے اس وقت نہ ماضی نکل سکتا تھا نہ اس پہر ملنے والی اذیت ختم ہو سکتی تھی۔ پانی کے چند گھونٹ لیے، آنکھیں رگڑ کر صاف کیں۔ فارس اس کے پاس ہی بیٹھا ہوا تھا۔

دروازے کے اس پار راہداری میں کھڑی حفصہ کمال بے حد خاموشی سے پلٹ گئی تھیں۔

شیرازی مینشن کی وسیع و عریض کھڑکیوں کے اس پار ٹھٹھرتی ہوئی سرد رات بے حد تاریک ہونے لگی۔

☆......☆......☆

رات کے آخری پہر کچھ اضطرابی کیفیت میں اس کی آنکھ کھل گئی تھی۔ سرخ و متورم آنکھوں کے ساتھ وہ اٹھ کر بیٹھ گئی۔ اپنے برابر میں لیٹے ریان کو دیکھا۔ پھر اس پر لحاف درست کرتے ایک نظر فارس پر ڈالتی راہداری میں آ گئی۔ سامنے ہی مسز شیرازی کا کمرہ تھا۔ لائٹس روشن تھیں۔ وہ تہجد کے لیے اٹھتی تھیں۔ ملازمہ کی آواز بھی آ رہی تھی۔ دستک دے کر اندر داخل ہوئی تو وہ نوافل کی ابتدا کر چکی تھیں۔ ذرا

https://novelskidunya.com/

روشنی میں وہ سامنے ہی صوفے پر جا بیٹھی۔ آنکھوں میں نمی لیے وہ انہیں سکون اور تسلی سے عبادت کرتے ہوئے دیکھتی رہی۔ انہوں نے فارغ ہو کر پانی پیا اور پھر اسے دیکھا۔ وہیل چیئر کا رخ موڑے اس کے پاس آ گئیں۔

''طبیعت کیسی ہے اب؟''

''ٹھیک ہوں!'' جھکے سر کے ساتھ آہستگی سے بولی مگر جمیلہ داؤد جانتی تھیں، وہ ٹھیک نہیں تھی۔

''اتنا اسٹریس لے لیا تم نے!'' وہ اس کے لیے فکرمند ہوئی تھیں۔ ہاتھ تھام لیا۔ اس کی آنکھیں پھر سے تر ہونے لگیں۔ آہستگی سے سر اٹھایا۔

''اگر میں کسی کو معاف نہ کر پاؤں تو کیا میں بہت بری ہو جاؤں گی؟ اللہ کی نظر میں بھی؟''

جمیلہ داؤد نے کچھ حیران ہو کر اسے دیکھا۔ اس کے چہرے پر کرب سا نظر آ رہا تھا۔

''معافی فرض نہیں ہے، ایک چوائس ہے بیٹا! کر سکو تو کر دو۔ نہ کر سکو تو کوئی جبر نہیں!'' انہوں نے نرمی سے سمجھایا۔

''اگر معافی یہ ہے کہ میں سب بھلا دوں تو ایسی معافی میرے پاس نہیں ہے۔'' اس کی آواز بے حد کمزور ہو رہی تھی۔

''مجھے ابھی تک...... وہ سب...... ایسے یاد ہے جیسے کل کی بات ہو۔''

مسز شیرازی ترحم بھری نگاہوں سے اسے دیکھتے وہیل چیئر مزید قریب لے آئیں۔ دروازے کو آہستگی سے اندر دھکیلتے حفصہ کمال وہیں رک گئی تھیں۔ ملازمہ نے بتایا تھا، جمیلہ داؤد جاگ رہی تھیں، اور وہ ساری رات کی بے قراری کے بعد ان سے بات کرنے آئی تھیں۔

''میں نے اللہ سے ہمیشہ ان لوگوں سے حساب لینے کا کہا جنہوں نے مجھے تکلیف دی۔ لیکن بہنوں کا خیال نہ کبھی دل میں لائی نہ ذہن میں۔ حالانکہ تکلیف مجھے ان سے بھی پہنچی تھی۔'' اس نے آنکھیں رگڑ

ڈالیں۔ ''پتا نہیں کیوں پر...... میں ان سے کبھی نفرت نہیں کر پائی۔ لیکن رات جب میں نے انہیں دیکھا اس طرح...... اپنے سامنے...... تو میری برداشت ختم ہوگئی۔ انہوں نے تو چھوڑ دیا تھا۔ پھر کیوں آ گئیں؟''

درد آنکھوں سے جھلک رہا تھا۔ آواز کپکپا رہی تھی۔

''انہیں تو تب آنا چاہیے تھا جب سب مجھے غلط سمجھ کر چھوڑ گئے تھے۔ بھلے سے تھپڑ مارتیں کمرے میں قید کر دیتیں، کوئی حق تو جتاتیں۔ کوئی حد تو رکھتیں وہ۔ پورے خاندان کے سامنے صرف اس لیے ڈٹ جاتیں کہ بہن ہوں میں...... تو سزا بھی وہ خود ہی دیں گی۔''

حفصہ کو لگا، دل پھٹ جائے گا۔ درد کی شدت اپنے اندر محسوس کرتے پچھتاوے کی زد میں سرخ متورم آنکھوں سے وہ اسے دیکھ کر رہ گئیں۔ ان کے لیے اپنے قدموں پر کھڑے رہنا مشکل ہو رہا تھا۔

''وہ ایک بار...... وہ ایک بار میری سن لیتیں۔ آنٹی! وہ ایک بار...... میں غلط نہیں تھی۔ پھر بھی معافی مانگتی رہی کہ شاید معاف کر کے مجھے نہ چھوڑیں۔ میری شادی زمان سے نہ ہونے دیں۔ آنٹی میں......''

جمیلہ داؤد نے بے اختیار اس کے گال پر نرمی سے ہاتھ رکھا۔ اس کا چہرہ تر تھا۔ وہ کپکپا رہی تھی۔ حفصہ کمال کی حالت بھی اس سے کچھ مختلف نہ تھی۔

''مجھے امی سے بھی ملنے نہیں دیا۔'' وہ ایک بار پھر رو رہی تھی۔ ہتھیلی کی پشت سے آنسو صاف کرتے انہیں دیکھا۔ ''لیکن میں نے کبھی بھی...... یہ نہیں چاہا ان میں سے کسی کے ساتھ کچھ برا ہو۔ میں نے خود سے کسی کو بھی بد دعا نہیں دی۔ ماہین کو بھی نہیں لیکن...... میں نے اللہ سے یہ ضرور کہا کہ اللہ سزا اور بدلہ لے۔ کیا ایسی خواہش رکھنا بھی آپ کو برا بنا دیتا ہے؟''

''یہ کیسی باتیں سوچ رہی ہو بیٹا؟''

''کیا میں ظالم ہوں اگر کسی کو معاف ہی نہ کر پاؤں؟''

حفصہ کے آنسو بہنے لگے۔ دروازے پر ہاتھ رکھے وہ سر جھکا گئیں۔

''اتنے سالوں کی اذیت صرف معافی سے کیسے ختم کر دی جائے؟'' وہ سسک پڑی۔

''یہ کیا سوچ رہی ہو۔'' بہت پیار اور نرمی سے انہوں نے اس کا ہاتھ اپنی گود میں رکھا۔

''یہی تو سب سوچتے ہیں۔ ظلم کے بعد معافی..... ہر حال میں معافی..... سب ختم ہو جائے۔ ایک ہی لمحے میں..... جیسے کبھی کچھ ہوا ہی نہ ہو۔''

''میری طرف دیکھو.....''

اس نے انہیں دیکھا۔

''میں نے ابھی تک اپنے شوہر اور بیٹے کے قاتل کو معاف نہیں کیا ہے۔ اپنے خاندان کو پہلے میں نے چھوڑا، پھر انہوں نے۔ ظالم کو چھوٹ دے دو، معافی دے دو، آزاد کر دو۔ میرا دل نہیں مانا، میں نے نہیں کیا۔''

https://novelskidunya.com/

وہ آنکھوں میں آنسو لیے انہیں دیکھ کر رہ گئی۔

''میرے والد نے مجھ سے کہا، میرا ایک ہی بیٹا ہے۔ میں نے کہا، میرا بھی ایک ہی تھا جسے میں نے جنم دیا۔'' ان کی آواز بھیگی۔ ''اپنے خاندان میں اب میں اس لیے بری ہوں کیونکہ میں اپنے قاتل بھائی کو معاف نہیں کر سکی۔ جبکہ یہ میرا حق ہے۔ تم بتاؤ کیا ایک ماں کا یہ فیصلہ غلط ہے؟''

جنت کا سر بے اختیار نفی میں ہلا۔

''سورہ شوریٰ کی آیت ہے۔

ترجمہ: ''اور جو کوئی ظلم اٹھانے کے بعد بدلہ لے تو ان پر کوئی الزام نہیں۔ الزام تو ان پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور ملک میں ناحق سرکشی کرتے ہیں۔ یہی ہیں جن کے لیے دردناک عذاب ہے۔ اور البتہ جس نے صبر کیا اور معاف کر دیا، بے شک یہ بڑی ہمت کا کام ہے۔'' (سورہ شوریٰ آیت 43,42,41)

وہ آنکھوں میں آنسو لیے دم سادھے انہیں دیکھ رہی تھی۔

معافی یا اپنے ظلم کا بدلہ...... یہ دو راستے ہیں جو دکھا دیے گئے ہیں۔ یہ دونوں حل ہیں جو دے دیے ہیں۔ معافی کا اجر اس لیے عظیم ہے کیونکہ وہ بہت مشکل، بہت بھاری اور بہت بڑی بات ہے۔ وہ ہر کسی کے بس کی بات نہیں ہے۔ ہر کوئی اس کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔ سالہا سال کی تکلیف پر یہ کہہ دینا کہ مجھے تم سے کوئی بدلہ نہیں چاہیے، یہ چھوٹی بات نہیں ہے۔ جب آپ ایسا چاہتے ہیں یا سوچتے ہیں آپ کا دل اس وقت بھی ہزار ٹکڑوں میں بٹ جاتا ہے۔ لیکن...... کچھ لوگ ہوتے ہیں ایسے......ان میں ہمت آ جاتی ہے۔ ہم جو بھی تکلیف سہتے ہیں اس کا ہمیں اجر ملتا ہے۔ اور جو غلط کرتا ہے، ظلم کرتا ہے، اس کا حساب لازمی دیتا ہے۔ چاہے آپ بددعا دیں نہ دیں۔"

https://novelskidunya.com/

روانی سے بات کرتے انہوں نے ایک لمحے کا توقف کیا۔

"جب ظلم کرنے والا ٹوٹ جائے، جھک جائے اور جب وہ اپنے حصے کی سزا جھیلتے ہوئے اپنے کیے پر پچھتائے اور معافی مانگے تو معاف کر دینا چاہیے۔ زبردستی کی معافی، معافی نہیں ہوتی۔ جو دل سے دی جائے، وہ ہوتی ہے۔"

ناولز کی دنیا
ZT
Novels Ki Dunya

اپنے خشک لبوں کو تر کرتے وہ انہیں خاموشی سے سن رہی تھی۔

"میں جانتی ہوں تمہاری بہنوں نے جو کیا، وہ بہت غلط تھا۔ کیونکہ ان کی خاموشی سے ہی دوسروں کو اپنے ظلم کا موقع ملا۔ ان سے ایک غلطی ہوئی۔ اور انہیں اس پر بہت پچھتاوا ہے۔" وہ بہت نرمی سے سمجھا رہی تھیں۔

حفصہ گال صاف کرتے پیچھے ہوئیں۔ جتنی اذیت وہ اپنی چھوٹی بہن کو دے چکی تھیں، اب اور نہیں دینا چاہتی تھیں۔ اب کچھ بھی ٹھیک نہیں ہو سکتا تھا۔ نہ وقت پلٹ سکتا تھا۔ نہ فیصلے بدلے جا سکتے تھے۔ وہ اپنی بہن کے ذہن سے اپنا ظلم نہیں نکال سکتی تھیں۔

شکست خوردگی کے عالم میں قدم اٹھاتی نیچے آ گئیں۔ کچھ دیر کمرے میں بیٹھی رہیں۔ روتی رہیں۔ فجر کی اذان ہونے لگی تو وضو کر کے نماز ادا کی۔ طویل سجدے میں اب اللہ کے سامنے تھیں۔ معافی اس گناہ کی، جو بہن کے حق میں کر دیا تھا۔

''کیا خالق معاف کر دے گا۔ اگر اس کی مخلوق معاف نہ کرے؟''

سجدے سے سر اٹھاتے، آنسو صاف کر کے وہ مڑیں اور اپنی جگہ تھم گئیں۔

جنت دروازے میں کھڑی تھی۔

ان کا دل ڈوب گیا۔ آنکھیں بھر آئیں۔

''بہت انتظار کیا ہے میں نے آپ کا۔''

حفصہ آنکھوں میں نمی لیے کھڑی رہ گئیں۔

''آپ آئیں گی اور پوچھیں گی، کیا ہوا تھا جنت؟ میں سب کچھ سچ سچ بتا دوں گی۔ اور آپ ...... آپ یقین کر لیں گی!''

ان کی سسکیاں بندھ گئیں۔

''چچا کے گھر آئیں گی۔ خالہ کے گھر۔ اسلام آباد جائیں گی۔ لیکن آپ نہیں آئیں۔''

وہ ان کی جنت...... وہ چھوٹی سی، معصوم سی جنت...... وہ جو پھولوں جیسی تھی۔ اور کانٹوں سے زخمی بکھر رہی تھی۔ کتنا توڑ دیا انہوں نے اسے۔ کتنا ظلم کر دیا اس پر۔

''بہت انتظار کیا میں نے۔'' اس کی آنکھیں سوجی ہوئی تھیں۔ اس کی رنگت زرد پڑ رہی تھی۔ اس کے بال بکھرے ہوئے تھے۔ انہیں نہیں پتا تھا ان کی واپسی جنت کی یہ حالت کر دے گی۔ اس کا دکھ اتنا بڑھ جائے گا کہ وہ ٹوٹ کر بکھرنے لگے گی۔

''جانتی ہوں، بیٹا! میں جانتی ہوں۔ بہت غلط کیا میں نے...... بہت ظلم کر دیا تم پر۔''

https://novelskidunya.com/

آہستگی سے قدم اٹھاتے اس کی طرف بڑھیں۔ ڈر سا تھا وہ پھر سے گم نہ ہو جائے۔ ایسا نہ ہو ہاتھ جھٹک دے۔ دور کر دے۔ کپکپاتے ہاتھوں سے اس کا چہرہ ہاتھوں میں لیا۔ اس کے آنسو صاف کیے، اس کی پیشانی پر بکھرے بالوں کو پیچھے کیا۔ پھر بھینچ کر خود سے لگا لیا۔ بالکل ویسے ہی جیسے وہ اسے بچپن میں لگایا کرتی تھیں۔ کتنی ہی دیر تک خود سے لگائے روتی رہیں۔

فارس ان کے کمرے کے باہر کھڑا تھا۔ وہ ادھ کھلے دروازے سے انہیں دیکھ سکتا تھا۔ انہیں سن سکتا تھا۔ وہ خود رو رہی تھیں مگر جنت کو چپ کروا رہی تھیں۔ پھر اسے ساتھ لیے بیڈ پر بیٹھ گئیں۔ اب وہ بول رہی تھیں اور وہ سن رہی تھی۔

وہ اسے نفیسہ کے آخری لمحوں کے بارے میں بتا رہی تھیں۔ نفیسہ نے اس کا نام لیا تھا۔ بار بار لیا تھا۔ وہ اسے اپنے گھر بھی بلانے والی تھیں۔

آنکھوں میں بے یقینی کا تاثر لیے، بہت تڑپ اور دکھ سے وہ انہیں دیکھ رہی تھی۔ امی نے اس کا نام لیا تھا۔ امی اس سے ملنا چاہتی تھیں۔ اس کی ماں......وہ آخری لمحے اس کے نام کرنا چاہتی تھیں۔

''وہ ہارٹ پیشنٹ تھیں۔ اگر ماہین وہ حرکت نہ کرتی۔ اگر تمہاری طلاق اور الزام سے انہیں صدمہ نہ پہنچتا۔ اگر یہ سب نہ ہوتا......'' انہوں نے بات ادھوری چھوڑ دی۔ وہ بہت کرب سے انہیں دیکھ رہی تھی۔

''جنہ! امی......وہ بس نارمل نہیں تھیں۔ انہیں حسنین کی وجہ سے ذہنی صدمہ ہوا تھا۔'' چہرہ ہاتھوں میں لیے آہستگی سے بولیں۔ ''تم سے نفرت نہیں کرتی تھیں۔'' وہ اٹک گئیں۔ امی کا رویہ یاد تھا۔ ''بس تمہیں دیکھ نہیں سکتی تھیں۔ انہیں حسنین یاد آ جاتا تھا۔ وہ بس بھول گئی تھیں تم بچی ہو۔ وہ بھول گئی تھیں اولاد ہو۔ نفسیاتی طور پر ٹھیک نہیں تھیں۔ وہ برداشت نہیں کر پائیں۔ ان کے لیے یہ غم بہت بڑا تھا۔''

وہ سر جھکائے ہوئے تھی۔ ماں کی وفات کا غم وہ جیسے اب بانٹ رہی تھیں۔

https://novelskidunya.com/

''معاف کر دو..... جنت! مجھے معاف کر دو بیٹا!''

ان کا چہرہ، ان کی آواز۔ ان میں نفیسہ کی کتنی شباہت نظر آ رہی تھی۔

''آپی!''

''تم ٹھیک کہہ رہی تھیں۔ اگر تم غلط ہوتیں۔ تو مجھے تب بھی تمہیں اکیلا نہیں کرنا چاہیے تھا۔ مجھے اس طرح بے رحم نہیں ہونا چاہیے تھا۔ میرا گناہ چھوٹا نہیں ہے۔''

''میں نے آپ کو کبھی بد دعا نہیں دی۔ میں نے کبھی یہ نہیں چاہا آپ کا کچھ برا ہو۔''

https://novelskidunya.com/

حفصہ کی آنکھیں پھر سے نم ہونے لگیں۔ وہ پر سکون ہونا چاہتی تھیں مگر دل پھر بھی بوجھل ہو رہا تھا۔ ان کی چھوٹی بہن، ان کی ہی وجہ سے جن حالات سے گزری تھی، اس کا تصور کر کے وہ کسی طور خود کو معاف نہیں کر پا رہی تھیں۔

''ایمان بہت دکھی ہے۔ شرمندہ ہے۔ امی کی وفات پر جو رویہ تھا اس کا..... اس پر۔'' انہوں نے بات ادھوری چھوڑ دی۔

ناولز کی دُنیا
ZT
NovelsKiDunya

جنت نے کچھ نہ کہا۔

وہ جانتی تھیں اسے وقت چاہیے تھا۔ ٹوٹ کر پھر سے جڑنے اور رشتوں کو اتنی تکلیفوں کے باوجود اپنانے میں ایک مدت لگ سکتی تھی۔ سب ایک ہی لمحے میں اور ایک ہی دم سے ٹھیک نہیں ہو سکتا تھا۔

یہی غنیمت تھا کہ وہ ان کے پاس بیٹھی تھی۔ وہ انہیں پیار کرنے دے رہی تھی۔ بولنے دے رہی تھی۔ انہیں تو لگ رہا تھا یہ آخری ملاقات ہو گی اور ان کی بہن ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ان سے رابطہ ختم کر لے گی۔ جو بے حسی انہوں نے دکھائی تھی وہی بے حسی جنت کمال انہیں نہیں دکھا سکی تھی۔

ادھ کھلے دروازے میں کھڑا افارس جنت کو دیکھ سکتا تھا۔ وہ اب رو نہیں رہی تھی۔ اور بول بھی نہیں رہی تھی۔ وہ بس سن رہی تھی۔ چہرے پر دکھ تھا۔ لیکن ٹھہراؤ بھی نظر آ رہا تھا۔ جیسے اس نے خود کو کسی حد تک

سنبھال لیا ہو۔

اس کی طرف سے کچھ تسلی کر کے وہ خاموشی سے پلٹ گیا تھا۔

☆......☆......☆

اگلی صبح ناشتے کی میز پر رونق سی تھی۔ سائرہ خالہ، ابراہیم انکل کے ہمراہ وہ جنت کے سامنے ہی بیٹھی تھیں۔ مسز شیرازی سے بات کرتے نگاہیں ان دونوں کی طرف ہی اٹھتی رہیں۔

فارس وجدان کو قریب سے دیکھنے کا موقع جیسے اب ملا تھا۔ مہذب اور سنجیدہ سا نوجوان انہیں اچھا لگا۔ بلا کا ہینڈسم اور سوبر۔

ریان کا خیال کرتے جنت اپنے شوہر کی بات اس کی طرف جھک کر سن رہی تھی۔ وہ اس کی پلیٹ میں کچھ رکھ رہا تھا۔ نفی میں سر ہلاتے اس نے ہاتھ سے اسے روکا تھا جیسے اب مزید کچھ بھی کھانے کی طلب نہ رہی ہو۔

رنگت زرد تھی۔ آنکھیں سوجی ہوئی۔ لیکن اپنے شوہر کے ہمراہ انہوں نے اسے بہت مضبوط اور مطمئن دیکھا۔

دل ہی دل میں اللہ کا شکر ادا کرتے انہوں نے کئی آنسو اپنے اندر اتار لیے تھے۔

جسے بے گھر کر دیا گیا تھا، اسے اللہ نے کتنا اچھا گھر عطا کر دیا۔ نئے رشتے بنا دیے۔ نئی محبتیں دکھا دیں۔ ماں جیسی ساس تھی۔ محبت کرنے والا شوہر تھا۔ اور ایک مکمل سی زندگی تھی۔ ٹھہراؤ سا لیے ہوئے۔ سکون سے بھری ہوئی۔

یہاں تک پہنچنے کے لیے اسے کتنی مشکلات سے گزرنا پڑا تھا اور کتنے تلخ رویے اور نفرتوں کو سہنا پڑا تھا۔

وہ نم آنکھوں کے ساتھ سر جھکا گئیں۔ ناشتے کے بعد انہوں نے کچھ وقت جمیلہ دادو کے ساتھ

https://novelskidunya.com/

گزارا۔ بہت مہربان اور نفیس خاتون تھیں۔ ہر سوال کا جواب بہت تدبر سے دینے والی۔ جنت سائر
خالہ کے ساتھ تھی۔ پھر وہ ان کے پاس بھی بیٹھ گئی تھی۔ انہوں نے کئی بار اس کا ہاتھ تھاما۔ کئی بار ماتھا چو
اور خود سے لگا لیا مگر ان کا درد کم نہیں ہوتا تھا۔ جو بوجھ دل پر تھا۔ وہ کسی صورت اترتا نہیں تھا۔

☆......☆......☆

رات کے کھانے کے بعد وہ لاؤنج میں بالکل اکیلی بیٹھی تھیں۔ صبح واپسی کا پروگرام تھا۔ بچوں
سے بات کر کے ابھی فارغ ہوئی تھیں۔ ستا ہوا چہرہ تھا اور بے حد خاموشی سے دیوار گیر کھڑکیوں سے باہر
دیکھ رہی تھیں۔ سیڑھیاں اتر کر نیچے آتا فارس وجدان ان کی موجودگی کا احساس کر کے اسی طرف آ گیا
تھا۔ وہ بے اختیار اپنی جگہ سے اٹھنے لگیں تو ہاتھ کے اشارے سے انہیں منع کر دیا۔

"آپ کو کسی چیز کی ضرورت تو نہیں؟" باضابطہ طور پر یہ پہلی بات تھی جو وہ ان سے کر رہا تھا۔
مہذب اور شستہ سا لہجہ تھا۔ انہوں نے نفی میں سر کو جنبش دی۔ اس کی بارعب سی شخصیت کا اثر ان پر بھی ہوا۔

"کیسی ہے وہ؟" انہوں نے جنت کا پوچھا اس کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں تھی اس لیے جلد سونے
چلی گئی تھی۔

"بہتر ہے اب! کافی پیئیں گی؟" اس نے پوچھا تو چند لمحوں کی خاموشی کے بعد انہوں نے
آہستگی سے اثبات میں سر کو جنبش دی۔ وہ کچن میں چلا گیا تو وہ اس کے پیچھے وہیں آ گئیں۔ کرسی پر بیٹھ کر
اسے کام کرتے ہوئے دیکھنے لگیں۔

"آپ کا بہت شکریہ! اس طرح جنت کا خیال رکھنے کے لیے۔"

"جنت مجھے "تم" کہتی ہے۔" اس کا بے ساختہ دیے جانے والا جواب لمحے بھر کے لیے ان کے
لبوں پر مسکراہٹ بکھیر گیا۔

فارس کی پشت ان کی طرف تھی۔ وہ کیپری ٹراؤزر پر سفید رنگ کا ڈھیلا ڈھالا سا سویٹر زیب تن

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

کیے کافی مگ میں انڈیل رہا تھا۔ بال پیشانی پر بکھرے ہوئے تھے۔ ہلکی سی شیو بڑھی ہوئی۔ چہرے پ
سنجیدگی۔ ہیزل آنکھوں میں کوئی سخت یا اجنبیت بھرا تاثر نہ تھا۔

اس نے کافی مگ انہیں پیش کر دیا اور اپنا مگ ہاتھ میں لیے کاؤنٹر ٹیبل سے ٹیک لگائے کھڑا ہو گیا۔

"شروع کریں۔"

ان کی نرم نگاہیں اس کے چہرے پر جمی رہ گئیں۔ پہلی نظر میں وہ انہیں سنجیدہ اور کھڑوس سا لگا تھ
مگر......وہ اتنا بھی سخت نہیں تھا جتنا انہیں نظر آیا تھا۔

"اللہ کا شکر ہے، وہ محفوظ ہاتھوں میں رہی۔ ورنہ ہم نے اسے برباد کرنے میں کسر نہیں چھوڑی تھی۔"
نچلا لب کاٹتے، ضبط پکڑتے انہوں نے فارس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔ "اس کی شادی
اگر کسی غلط انسان سے ہو جاتی۔ اگر وہ......"

ان سے بات پوری نہیں کی گئی۔ جنت کمال اپنے پورے خاندان سے کٹ گئی تھی۔ شادی کہاں
کس سے ہوئی، کوئی خبر کسی نے نہ لی۔ کوئی پلٹ کر پیچھے نہ گیا۔ کسی نے اسے ڈھونڈنے کی کوشش بھی نہ
کی۔ وہ اتنی بے رحم سخت دل کیسے ہو گئیں؟ کیسے انہوں نے یہ سب کر لیا؟ کیوں دلوں پر مہر لگ گئی؟ او
قلبوں پر تالے پڑ گئے؟ کیوں احساس ختم ہو گیا؟

"وہ میرے نصیب میں تھی۔ اسے مجھ تک ہی آنا تھا۔"

فارس کا جواب سنتے ہی ان کی دھڑکن رک گئی تھی۔

"سب دروازے بند نہ ہوتے تو اس کے حصے میں میرا دروازہ کیسے آتا؟"

وہ اسے دیکھ رہی تھیں۔ اپنی جگہ تھم کر اور سانس روک کر...... گہرائیوں میں اتر کر۔ انہیں لگا تھا و
زندگی کی فکروں سے پرے شہزادوں کی سی آن بان رکھنے والا ایک امیر نوجوان ہے جس نے صرف
آسائشیں ہی دیکھی ہیں۔ اور جو زندگی کی تلخیوں کو نہ سمجھتا ہوگا۔ نہ جانتا ہوگا۔ مگر وہ غلط تھیں۔ صرف محبت

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya ZT

ہی نہیں تھی اسے جنت کمال سے۔ وہ اس کے ہر درد، ہر غم، ہر کرب سے واقف تھا۔

''کافی پی لیں، ٹھنڈی ہو جائے گی۔''

اس نے توجہ دلائی تو انہوں نے مگ اٹھا لیا۔

''میں جانتی ہوں، میرے یہاں آنے سے جنت کافی اپ سیٹ ہو گئی ہے۔''

وہ خاموش رہا۔

''میں بات کروں تو چپ ہو جاتی ہے۔ رونے لگ جاتی ہے۔ میں اسے بہت کمزور کر رہی ہوں۔''

''نہیں، وہ ٹھیک ہے اب۔ پہلے سے کافی بہتر۔'' اس کی بھاری گمبھیر آواز میں ایک سکون تھا۔

''ابھی دوپہر میں بحث ہوئی تو اس نے مجھ سے کہا اس کی آپی اس وقت گھر میں ہیں۔ سو یہ ایک خوش آئند بات ہے۔''

جس لہجے اور انداز میں اس نے بات کی وہ رنجیدگی کے عالم میں بھی کرب سے مسکرا کر رہ گئیں۔

''سو ڈونٹ وری!'' وہ کہہ رہا تھا۔

''موبائل پر کال آنے لگی تو معذرت کرتے ہوئے اسٹڈی روم کی طرف چلا گیا اور حفصہ کمال آنکھوں میں نمی لیے اسے جاتا ہوا دیکھتی رہیں۔

☆......☆......☆

وہ شال اوڑھے بالکنی میں کھڑی تھی۔ دور تا حد نگاہ دھند ہی دھند تھی۔ سردی کا ٹھٹھرتا ہوا احساس رگوں میں خون منجمد کر رہا تھا۔ اس نے ہتھیلیاں رگڑ کر دونوں ہاتھ جوڑ کر ہونٹوں پر لگا لیے۔

حفصہ کمال کچھ دیر پہلے ہی لاہور کے لیے روانہ ہوئی تھیں۔ جانے سے پہلے کافی دیر تک اس کے پاس بیٹھی رہی تھیں۔ ان کے پاس نفیسہ کا ایک لاکٹ تھا، ان کی نماز کی چادر، ان کا قرآن اور جائے نماز بھی۔ وہ سونے کی چین جو ان کے گلے میں پڑی رہتی تھی۔ اور چاندی کی ایک انگوٹھی جو انگلی میں پہنے

رکھتی تھیں۔کمال منزل کی چابی بھی تھی۔وہ نم آنکھوں سے بس دیکھتی رہ گئی۔

باقیوں کے حصے میں ماں کی خوب صورت یادیں تھیں۔محبت بھرے الفاظ تھے۔زندگی سے بھرپور آواز تھی۔مگراس کے حصے میں ماں کی وہ بے جان چیزیں آئی تھیں جنہیں وہ چھو تو سکتی تھی مگر ممتا کو محسوس نہیں کرسکتی تھی۔

''میں نہیں جانتی ایسا کیا ہوا کہ ان کا دل بدل گیا۔شاید تمہاری دعاؤں سے،یا شاید انہیں اپنی غلطیوں کا احساس ہوا ہوگا۔ورنہ اس سے پہلے انہوں نے کبھی بھی تمہارے بارے میں نہیں پوچھا تھا۔''

پلکوں کی باڑھ پھلانگ کر آنسوان کی چادر پر آ گرے تھے۔

''لیکن سکینہ سے وہ مسلسل پوچھتی رہیں۔فیصلہ بھی کرلیا۔تمہیں گھر بلالیں گی۔شاید وہ جان گئی تھیں کہ درست سمت پر وہ بھی نہیں ہیں۔شاید انہیں بھی اندازہ ہو گیا تھا کہ اوروں سے مختلف وہ بھی نہیں ہیں۔دوسروں کے ظلم سہہ سہہ کر وہ بھی اندر سے بے حس ہو گئی تھیں۔وہ بس چاہتی تھیں کوئی ایسا مل جائے جس کے سر وہ اپنی ساری بدقسمتیوں کے الزام ڈال سکیں۔وہ بس...... کسی طرح فرار چاہتی تھیں۔ہم انسان...... ہم یہی تو کرتے ہیں جنہ!اور شاید اسی لیے شیطان کا مکالمہ بتادیا گیا ہے۔تاکہ ہر انسان جان لے کہ اپنی غلطیوں کا بوجھ اسے خود ہی اٹھانا ہے۔''

شیرازی مینشن کی بالکنی میں کھڑے ان کے الفاظ یاد کرتے،ان کا دکھ محسوس کرتے اس کی آنکھیں ایک بار پھر نم ہونے لگی تھیں۔

''انہیں بھی معاف کردو۔بابا کو بھی معاف کردو۔''

عقب میں کمرے کا دروازہ کھول کر فارس اندر آیا تھا۔کوٹ اتارتے ہوئے اس کی نگاہ بالکنی میں کھڑی جنت کمال کی طرف گئی تھی۔

''میں تمہیں دوبارہ کھونا نہیں چاہتی۔اور یہ بھی نہیں چاہتی کہ تم ان ہی لوگوں میں واپس پلٹ

آؤ۔ بس اتنی سی خواہش ہے کہ اور کسی کو نہ سہی، اپنی بہنوں کو اپنا لو۔ نانا کہا کرتے تھے ہم سات پریاں ہیں۔ اور پریاں جب کسی کٹھن سفر پر نکلتی ہیں تو اکٹھے نکلتی ہیں۔ بس اب یہ ہوا کہ ہم نے سب سے چھوٹی پری کو خود سے الگ کر دیا اور جو کٹھن سفر ہمارا تھا۔ وہ پھر کبھی آسان نہیں ہو سکا۔"

اس کی نگاہیں جھک گئی تھیں۔

"میں تمہیں اپنا نمبر دے کر جا رہی ہوں۔ میں تمہارے پلٹنے کا انتظار کروں گی۔ میں چاہتی ہوں جو امی کا گھر ہے وہ ہم سب سے پھر سے آباد ہو جائے اور جب کبھی ہم سب بہنیں وہاں اکٹھی ہوں تو ہمیں یہی لگے جیسے ہمارا میکہ آباد ہو گیا ہے۔"

سلائیڈ کھول کر فارس نے باہر قدم اٹھائے۔ وہ اپنے خیالات اور سوچ میں اتنی غرق تھی کہ اس کی موجودگی کا احساس تک نہ ہوا۔

"اتنی ٹھنڈ میں باہر کیا کر رہی ہو؟"

چونک کر رخ موڑا تو نگاہیں اس سے ٹکرا گئیں۔ آنسوؤں سے تر آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں۔

"وہ......بس ویسے ہی۔" اپنے تاثرات سنبھالتے ہوئے وہ مسکرائی۔ فارس نے ہاتھ تھاما تو وہ اس کے ساتھ اندر آ گئی۔

"حفصہ آپی چلی گئیں؟" وہ پوچھ رہا تھا۔ صبح جانے سے پہلے وہ الوداعی ملاقات کر کے گیا تھا۔ ضروری کال آ گئی تھی جسے اٹینڈ کرتے ہی وہ حیدر کے ساتھ کہیں چلا گیا تھا۔

اثبات میں سر ہلاتے اس کا کوٹ اتارا۔

"کھانا لگاؤں؟"

"نہیں، کھانا کھا کر آیا ہوں۔" اسے اپنے ساتھ ہی بیڈ پر بٹھا لیا۔ "کیا ہوا؟ پریشان لگ رہی ہو۔"

"نہیں تو......" وہ مسکرائی تو چمک آنکھوں میں بھی نظر آنے لگی۔ فارس کی موجودگی میں وہ

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

پرسکون ہوجاتی تھی۔

''تو پھر چپ چاپ گم صم کیا سوچ رہی تھیں؟'' وہ اس کی آنکھوں میں دیکھ رہی تھی۔ ایک دم سے

خیال آیا وہ صبح سے غائب تھا۔

''یہی کہ میں نے ایک ورک الحولک بندے سے شادی کیوں کرلی؟''

''یعنی کوئی نکما، نالائق ہونا چاہیے تھا۔''

اس نے آنکھوں میں خفگی بھرکراسے دیکھا۔

''اب میں نے یہ بھی نہیں کہا۔''

''مطلب تو یہی بنتا ہے۔''

''تم گھر سے سات بجے نکلے اور اب واپس آئے ہو۔ میری کالز بھی اٹینڈ نہیں کیں۔''

''لیکن میسج تو کردیا تھا کہ آنے میں دیر ہوجائے گی۔'' جواب دیتا اٹھ کھڑا ہوا۔

''اسلام آباد میں تو کبھی اس طرح گم نہیں ہوتے تھے۔ یہاں کیا خاص بات ہے؟'' اب کے ذرا

مشکوک ہوکر بولی۔

''مصروفیت ہے۔ اور کیا؟''

''اس مصروفیت کا نام کیا ہے؟'' تفتیشی انداز میں پوچھا تو فارس کے لبوں پر مسکراہٹ آگئی۔

''یہ تو کنفرم ہے کہ میری کوئی دوسری یا تیسری بیوی نہیں ہے جس کے پاس میں جاؤں؟''

''ہو بھی سکتی ہے۔'' جنت کمال بے حد سنجیدہ تھی۔

''کتنا شک کرتی ہو تم۔''

''جس طرح کی حرکتیں تم کررہے ہو، اس پر شک نہیں بہت سارے شک بنتے ہیں۔''

وہ ڈریسنگ روم کا دروازہ سلائیڈ کرتا دائیں جانب مڑ گیا۔ وہ کپڑے بدلنا چاہتا تھا۔ خیال

نہیں تھا ناراضیاں لیے جنت پیچھے ہی اندر آ جائے گی۔ جس شرٹ کے بٹن کھول رہا تھا اس شرٹ کے کفس پر خون لگا تھا۔ جنت دھک سے رہ گئی۔

''تم زخمی ہو۔''

''نہیں، نہیں کچھ نہیں ہوا مجھے۔'' وہ ہڑبڑا کر تیزی سے بولا۔

''تم نے جنید لاشاری کو جیل بھیج کر بہت سے دشمن اکٹھے کر لیے ہیں۔ شاید ہمیں کوئٹہ آنا ہی نہیں چاہیے تھا۔''

https://novelskidunya.com/

''جنت! میں ٹھیک ہوں۔''

''کیا تم نے کوئی بندہ مار دیا؟'' جنت کا داہنا ہاتھ سینے پر آ ٹھہرا۔ وہ اس کی سن نہیں رہی تھی۔

''نہیں! فارگاڈ سیک!''

''یہاں کیا ہوا ہے۔ تم...... تم سچ میں زخمی ہو۔'' ہاتھ پکڑ کر ٹٹولنا چاہا۔ وہ تسلی کرنا چاہتی تھی اس کا شوہر ٹھیک ہے۔

ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya

''میرا ایک آدمی زخمی ہو گیا تھا۔ یہ اس کی وجہ سے......'' کفس ہٹا کر اسے دکھایا کوئی زخم، چوٹ کچھ نہیں۔

''تمہارا آدمی زخمی ہو گیا تھا؟'' صدمہ...... ''کسی نے تم پر حملہ کیا؟''

''جنت!''

''کیا فائرنگ ہوئی تھی؟ کون تھے وہ لوگ؟ کیا مسئلہ ہوا؟''

''کچھ نہیں ہوا۔ ریلیکس!''

''تم مجھ سے اب کچھ نہیں چھپا سکتے۔ سچ سچ بتاؤ کیا ہوا؟''

وہ کچھ سن نہیں رہی تھی تا فارس نے کندھوں سے پکڑ کر آہستگی سے کھینچتے ہوئے ڈریسنگ روم سے

باہر نکال دیا۔ دروازہ بند ہوا تو جنت ہکا بکا کھڑی رہ گئی۔ ریان کمرے میں سو رہا تھا ورنہ اس نے اتنا چیخ
تھا کہ آواز باہر تک جاتی۔ غصہ ایسا شدید کہ سلگ کر منہ بنائے سونے کے لیے لیٹ گئی۔ تکیے وغیرہ پھیلا
کر بیڈ کے وسط میں۔ تاکہ موصوف کو سونے کی جگہ بھی نہ ملے۔

کچھ ہی دیر بعد دروازہ کھول کر وہ باہر آ گیا۔ لحاف میں دبک کر لیٹے اس نے قدموں کی آہٹ
سے اندازہ لگایا وہ دائیں جانب آ کھڑا ہوا ہے۔ اور دوسرے ہی پل اس نے دروازہ کھلنے اور بند ہونے
کی آواز سنی۔

https://novelskidunya.com/

''کیا ہے!'' جھنجھلا کر اٹھ گئی۔ دروازہ کھول کر باہر آئی تو وہ اسے جمیلہ داؤد کے کمرے کا دروازہ
کھولتا نظر آیا۔

''اندر آ جاؤں ممی؟''

''آ جاؤ!''

''اور آپ کے پاس ہی سو جاؤں، اگر اجازت ہو......''

''کیا بیوی نے کمرے سے نکال دیا ہے؟''

''یہی سمجھ لیں۔''

ناولز کی دنیا Novels Ki Duniya

دروازے کے پاس کھڑی جنت نے آنکھیں میچ کر چیخ دبائی۔

''اب کیا سوچیں گی آنٹی؟'' ضبط پکڑ کر تن فن کرتی دروازہ کھول کر اندر آئی۔

''آنٹی! یہ جھوٹ بول رہے ہیں۔ میں نے انہیں کمرے سے نہیں نکالا ہے۔''

وہ بیڈ پر تکیہ سر کے نیچے رکھے آرام دہ حالت میں نیم دراز ہو چکا تھا۔ چہرے پر اطمینان تھا او
سکون تھا۔ وہ اور تپ گئی۔

''اصل میں......''

''کیا مجھے یہاں سکون کی چند گھڑیاں میسر ہو سکتی ہیں؟'' فارس نے اس کی بات کاٹی۔

''اونہوں...... فارس!'' مسز شیرازی نے خفگی سے سرزنش کی تو اس نے لحاف سر تک تان لیا۔

جنت تذبذب کا شکار چند لمحوں تک کھڑی رہی۔ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا آنٹی کی موجودگی میں کیا کہے، کیا نہ کہے۔ گال پر پھسلتی لٹ کو پیچھے کرتے بیڈ کے قریب ہوئی۔

''اب اٹھو، چلو!'' دانت پیس کر لحاف کھینچتے ہوئے بڑبڑائی۔ اب پوری بات جانے بنا اسے کیسے نیند آ سکتی تھی؟ پتا نہیں کون زخمی ہوا تھا اور کیسے زخمی ہوا تھا۔

''ڈونٹ ڈسٹرب!'' اس کی آواز آئی۔

''آنٹی کو بتا دوں، حملہ ہوا ہے۔ کوئی زخمی ہوا ہے۔'' سرگوشی میں بڑی دھمکی دی۔

فارس نے لحاف ہٹا کر جنت کو سخت نظروں سے دیکھا۔ آنکھوں ہی آنکھوں میں جنت نے چند اور دھمکیوں کا بھی اضافہ کیا۔ وہ لب بھینچ کر رہ گیا۔

''اب تم معافی مانگ ہی رہی ہو تو ٹھیک ہے۔'' دانت پیس کر آواز بلند کی۔ تاکہ جمیلہ داؤدھی سن لیں۔

جنت کا دل چاہا اس پر چیخ پڑے۔

''آنٹی! یہ فضول میں بولے جا رہے ہیں۔ میں نے کوئی معافی نہیں مانگی ہے۔''

''فارس!'' جمیلہ داؤد نے اب کے کتاب سے نظریں ہٹا کر بیٹے کو دیکھا۔ ''میری بہو کو تنگ مت کرو!''

''بہو بے شک مجھے تنگ کر لے؟''

انہوں نے گھوری دی۔

''بے چاری لینے آئی ہے۔ اب جاؤ اپنے کمرے میں۔''

اس نے سر پر کھڑی بے چاری کو دیکھا جس کی آنکھوں میں قہر اترا ہوا تھا۔

وہ اٹھ کر ایک تپا دینے والی مسکراہٹ اسے دکھاتا کمرے سے چلا گیا۔

''اب جاؤ!'' انہوں نے مسکراتے ہوئے اسے اجازت دی تو وہ متشکر نگاہوں سے انہیں دیکھتی سر ہلا کر چلی گئی۔

کمرے میں آئی تو وہ سر کے نیچے تکیہ رکھے لیٹا ہوا تھا۔

''اگر تم نے مجھے سچ سچ نہیں بتایا کہ کیا ہوا تھا تو میں ابھی اور اسی وقت آنٹی کو سب کچھ بتا دوں گی۔ وہ تم سے ساری بات اگلوا لیں گی۔''

بظاہر لب بھینچ کر غصے سے کھڑی تھی مگر آنکھوں میں فکر اور پریشانی بھی نظر آ رہی تھی۔ فارس کو ایک دم سے احساس ہوا بات اگر اس کے لیے معمولی ہے بھی تو اس کی بیوی کے لیے نہیں ہو سکتی۔ وہ اٹھ کر بیٹھ گیا۔ ہاتھ بڑھایا تو وہ ذرا دیر تک کچھ خفگی سے گھورتی رہی پھر ہاتھ تھام کر پاس ہی بیٹھ گئی۔

''میں زمینوں کے معاملات دیکھنے گیا تھا۔ ظاہر ہے جو میرے دادا کے دشمن تھے، وہ اب میرے دشمن ہیں..... سو ذرا سی بدمزگی ہوئی لیکن سب کنٹرول میں رہا۔ میں بھی محفوظ ہوں۔ اکرم خان کو گولی لگ گئی، بازو میں، اور کچھ نہیں ہوا۔''

''اور کچھ نہیں ہوا؟'' وہ ساکت نگاہوں سے اسے دیکھ کر رہ گئی۔ اس کا دل شدت سے دھڑکنے لگا تھا۔ جب تک اس کے ماضی سے ناواقف تھی تو معاملات کی نزاکت کو سمجھنے سے قاصر رہی تھی مگر اب وہ جانتی تھی اعظم شیرازی کے دشمنوں کے ساتھ اس کے معاملات بھی جنگ کی طرح تھے۔

''پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے۔'' وہ نرمی سے کہہ رہا تھا۔

''پریشانی کی بات ہے تبھی تم نے کہا میں آنٹی کے سامنے ذکر نہیں کروں۔''

فارس نے گہری سانس لے کر اسے دیکھا۔ کاش وہ خون کے دھبے نہ دیکھتی تو اتنی ٹینشن میں نہ آتی۔ وضاحت سے بھی اس کی پریشانی اور بڑھ گئی تھی۔

''سب ٹھیک ہے! میں گھر پر ہوں۔ تمہارے سامنے ہوں اور اللہ ہے حفاظت کرنے والا۔''

خشک لبوں کو تر کرتے جنت نے سنبھل کر بالوں کی لٹ کو پیچھے کیا۔

"تم نے مجھے ڈریسنگ روم سے نکالا۔"

"گاڈ!" وہ ہنس پڑا۔ "کبھی کبھی تم بالکل بچوں کی طرح بی ہیو کرتی ہو۔"

"اگر میں یہ حرکت کروں تو تمہیں کیسا لگے گا۔ ہاں؟" تنک کر پوچھا۔

"کچھ بھی نہیں۔ بیوی ہو۔ نکال دیا تو کیا ہوا؟" جواب دے کر اسے مزید تپا دیا۔

"ابھی تم یہ کہہ رہے ہو، لیکن اگر میں تمہیں نکالتی تو تم......" اس کی بات ادھوری ہی رہ گئی کہ فارس کا موبائل بجنے لگا تھا۔ اس نے سائیڈ ٹیبل سے اٹھا کر کال ریسیو کر لی۔ جنت کچھ فکر سے دیکھنے لگی۔ کچھ دیر تک وہ سنتا رہا۔ چہرے کے تاثرات میں سختی اترتی آئی۔

"میں ابھی آتا ہوں! حیدر سے کہو میرا انتظار کرے۔" بات ختم ہوئی تو جنت نے پریشانی سے اسے دیکھا۔

"کہیں جا رہے ہو؟"

"باہر حیدر آیا ہے۔ بات کر کے آتا ہوں، تم سو جاؤ۔" اس کے تاثرات اب کچھ اور تھے۔

"فارس! سچ میں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔" بازو پکڑ کر روک لیا۔

"بالکل نہیں ہے، آرام کرو، میں دس منٹ تک آ جاؤں گا۔"

"پلیز زیادہ دیر مت لگانا۔ مجھے بہت پریشانی ہو رہی ہے۔"

اس نے رک کر اس کا ہاتھ تھپتھپایا۔ "ابھی آ جاؤں گا، تم سو جاؤ۔"

کمرے کا دروازہ بند ہوا تو اس نے کچھ فکرمندی سے کھڑکیوں کی طرف دیکھا۔ رات بہت سرد اور تاریک ہو رہی تھی۔ بیڈ پر نیم دراز وہ اس کی واپسی کا انتظار کرنے لگی۔ تاریکی میں ایک ہی نقطے پر نظر جمائے اس کی آنکھ لگ گئی۔ جانے کون سا پہر تھا جب یونہی بے چینی کے عالم میں آنکھ کھل گئی۔ کہنی کے

بل اوپر ہو کر تکیہ درست کرنا چاہا تو ایک دم سے فارس کا خیال آ گیا۔ ذرا سا متوحش ہو کر اس نے اپنے پہلو میں نگاہ دوڑائی۔ ریان کی دوسری طرف وہ موجود تھا۔ اس کی اٹکی ہوئی سانسیں ایک دم سے بحال ہوئیں۔۔ بے اختیار پیشانی پر ہاتھ رکھا۔

ایک عجیب سا خوف تھا جو اس کے اندر ٹھہر سا گیا تھا۔

☆......☆......☆

''اکرم خان کیسا ہے؟''

اگلی صبح ناشتے کی میز پر جمیلہ داؤد نے فارس سے پوچھا تو جنت کو اچھو لگ گیا۔ کھانستے ہوئے گلاس میز پر رکھ کر فارس کو دیکھا۔ وہ بڑے اطمینان سے بریڈ پر جیم لگا رہا تھا۔

''ٹھیک ہے ممی! پہلے سے بہتر ہے وہ۔''

وہ سکتے کے عالم میں اپنے شوہر کو دیکھ رہی تھی۔ ناشتے کے بعد اس نے فارس کو اسٹڈی روم میں جا لیا۔

''تم نے آنٹی کو بتا دیا؟'' صدمے سے پوچھا۔

''بتانا پڑا......ورنہ تم پتا نہیں کتنے عرصے تک دھمکاتی رہتیں۔ یہ کرو ورنہ میں آنٹی کو بتا دوں گی۔ وہ کرو، ورنہ میں پوری دنیا کو بتا دوں گی!''

جنت نے لب بھینچ کر اسے دیکھا۔ بہت ہی خفگی سے۔ اتنی مشکل سے کوئی کمزوری ہاتھ لگی تھی۔

''میں اب تم سے کوئی بات نہیں کروں گی۔''

''کبھی تم اپنی اس بات پر قائم بھی رہی ہو مائی ڈیئر وائف؟'' آنکھوں میں شرارت سنبھال کر پوچھا۔

''اب ضرور رہوں گی۔'' سلگ کر ایک غصیلی نگاہ اس پر ڈالتی چلی گئی۔ وہ جیبوں میں ہاتھ ڈالے مسکرا کر رہ گیا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

ریان کو ہائی چیئر پر بٹھائے وہ اسے سیریلیک کھلا رہی تھی۔ اپنی جگہ پر وہ بہت چپ سا بیٹھا ہو
تھا۔ بھوک لگی ہوئی تھی۔ خوب سیر ہو کر کھا لیا تو ٹشو سے ہونٹ صاف کرتے وہ مسکرائی۔ پھر اسے کرس
سے اتار دیا۔ وہ اس کے پاس ہی کھڑا ہوا تھا۔

اس کا پیالہ سنک میں دھوتے وہ اس سے باتیں کر رہی تھی۔ موبائل بجنے لگا تو کال ریسیو کرتے
وہ اس کا ہاتھ تھامے کچن سے باہر آ گئی۔ سائرہ خالہ کی کال تھی۔ وہ خیریت سے لاہور پہنچ گئی تھیں۔ ریان
اپنا ہاتھ چھڑا کر پیچھے کو بھاگا تو ان کی بات سنتے اسے بھی مڑنا پڑا اور اگلے ہی پل وہ رک سی گئی۔

لاؤنج کے سامنے ہی وہ ریان کو فارس کی ٹانگوں سے لپٹا ہوا دیکھ سکتی تھی۔ اپنی جگہ فارس وجدان
بھی لمحے بھر کے لیے تھما تھا۔ پھر اس نے جھک کر ریان کو اٹھا لیا تھا۔ گردن میں بازو ڈالے اس نے
بڑے سکون سے فارس کے کندھے پر اپنا سر رکھ دیا۔

سائرہ خالہ کی بات سنتے اس کی نگاہیں فارس وجدان پر جمی رہ گئیں۔

اس نے فارس کو ریان سے بات کرتے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اب دیکھ رہی تھی۔ وہ کچھ کہہ رہا تھا
اسے لگا ریان سمجھ رہا ہے۔ اونی کیپ درست کرتے اس نے صوفی سے اس کا کوٹ منگوا لیا۔ کچھ ہی دیر
بعد وہ اسے ساتھ لیے باہر چلا گیا تھا۔

ایسا پہلی بار نہیں ہوا تھا کہ ریان اس کے پاس گیا ہو۔ یہ روز کا معمول تھا۔ مگر یہ پہلی بار ہی ہوا تھا
کہ فارس نے اس سے کوئی بات کی تھی اور اسے ساتھ لے کر گیا تھا۔

خالہ سے بات کرنے کے بعد وہ گلاس والز کے پاس آ کھڑی ہوئی تھی۔ وہ چچا بھتیجے کو حیدر کے
ہمراہ اصطبل کی طرف جاتا ہوا دیکھ سکتی تھی۔ دل میں ٹھہرا ہوا، نرمی کا، محبت کا احساس اس کی شہد رنگ
آنکھوں میں ابھرنے لگا تھا۔

جانے کیا بات تھی جو ریان شیرازی کو اس طرح فارس کی طرف متوجہ کرتی تھی۔ شاید خون کی

کشش تھی یا پھر باپ کی خوشبو......اسے بار بار احساس ہوتا۔ دونوں کا تعلق عام سا نہیں تھا۔ جیسے کوئی راز تھا جو دونوں میں ہی چھپا رہ گیا تھا۔

وہ اپنے لیے چائے بنانے کچن سے نکل کر راہداری کی طرف جا رہی تھی کہ آفس روم سے باہر نکلتے ہی فارس اس کا راستہ روک کر کھڑا ہو گیا۔ چائے لینا چاہی تو ہاتھ پیچھے ہٹا لیا۔

''مجھے لگا یہ چائے میرے لیے ہے۔''

اس نے سخت نظروں سے گھورتے ہوئے اپنے کاٹن سویٹر کی جیب سے نوٹ پیڈ نکال کر سامنے کیا۔

''مجھ سے بات مت کرو۔'' واضح لکھا ہوا تھا۔

اوہ تو جنت صبح والی بات پر قائم تھی۔ وہ تو سب بھول بھال بھی گیا تھا۔ مسکراہٹ دبائے آگے کو جھکا۔

''اب لکھ کر باتیں کیا کرو گی؟''

جنت کا چہرہ غصے سے سرخ پڑا۔ رائٹنگ پیڈ کو واپس جیب میں ٹھونس کر ایک ادا سے جانے کو مڑی مگر فارس نے بازو سے پکڑ کر روک لیا۔

''میں نے تو وہ بات مذاق میں کہی تھی۔''

وہ گردن سیدھی کیے سنی ان سنی کیے کھڑی رہی۔ لب بھینچے ہوئے تھے۔ خاموشی برقرار رکھنا تھی۔ اس کی یہ نخریلی ادا اسے بھلی لگی۔ وہ مسکرا دیا۔

''ویل اف یو ایکسکیوز می......'' رائٹنگ پیڈ کا دوسرا صفحہ کھول کر اسے دوبارہ دکھایا۔ گویا کچھ جواب پہلے سے لکھ رکھے تھے کہ ضرورت پڑی تو وہ دکھا دے گی۔

''اسے بھی بات کرنا ہی کہتے ہیں محترمہ......!'' متبسم لہجے میں قدرے سنجیدگی سے گویا ہوا۔

وہ لب بھینچ کر دائیں طرف اسٹور روم کا دروازہ کھول کر اندر چلی گئی۔

مسز شیرازی وہاں موجود تھیں۔ مدحت باکس میں رکھی کچھ قیمتی نفیس پینٹنگز اور ڈیکوریشن پیس

نکال کر دکھا رہی تھی۔ انہیں چیریٹی کے لیے کچھ سامان الگ کرنا تھا۔

کپ ہاتھ میں لیے وہ کھڑکی کے پاس ہی بیٹھ گئی۔ چند گھونٹ بھرے تو دل میں بے سکونی اتر آئی۔

''شوہر صاحب کو چائے چاہیے۔'' دل نے کہا۔

اس نے سر جھٹکا، بیٹھی رہی۔

''نوکر ہیں اس کے۔ بنوا سکتا ہے وہ اپنی چائے۔''

''تمہارے ہاتھ کی چاہیے اسے۔'' دل پھر سے پگھلا۔

''کیا کہہ رہا تھا کل مجھے۔ میں اپنی بات پر قائم کیوں نہیں رہتی؟'' نرم پڑتے پڑتے پھر سے غصے کی زد میں آ گئی۔

غصہ وقتی تھا۔ عادت سے مجبور جھنجھلا کر اٹھ گئی۔ کچھ ہی دیر میں چائے بنا کر اس کے آفس روم کا دروازہ کھٹکھٹا کر اندر آئی تو خاموشی اور سناٹے نے استقبال کیا۔ آفس ٹیبل کے اس پار کھڑکیوں کے دبیز پردے سمٹے ہوئے تھے۔ لیپ ٹاپ، موبائل، کچھ کاغذات اور فائلز وہیں رکھی ہوئی تھیں۔

اعظم شیرازی کے زیر استعمال رہنے والے اس شاندار آفس میں طائرانہ نگاہ دوڑاتے اس نے چائے کا کپ میز پر رکھ دیا۔

گولڈن نیم پلیٹ وسط میں تھی۔ اس پر عربی خطاطی میں لکھے نام پر نظر پڑتے ہی وہ اپنی جگہ لمحے بھر کے لیے منجمد ہوئی تھی۔

''اعظم وجدان شیرازی!''

نام پڑھتے اس کی آنکھیں تحیر سے پھیل گئیں۔ فارس کے دادا کا مکمل نام۔

اسے جیسے اب سمجھ میں آیا تھا فارس نے اپنا نام کیوں نہیں بدلا تھا۔ وہ نام دادا کی طرف سے تھا اور دادا کا ہی تھا۔

''تو کیا پہچان چھپا کر انہوں نے جان بوجھ کر اپنا نام جوڑا تھا یا پھر یہ لفظ محض ایک اتفاق ہی تھا؟''

''بڑے صاحب کو بہت محبت تھی فارس سے...... بس وہ کبھی پہچان نہیں پائے۔'' مدحت کی آواز ذہن میں گونجی تو نیم پلیٹ پر ہاتھ پھیرا۔ دل میں عجیب درد سا ٹھہر گیا۔ آفس روم میں ان کی ہر ایک شے جوں کی توں رکھی تھی۔ فارس نے کوئی تبدیلی کی تھی نہ سیٹنگ بدلی تھی، نہ ان کا نام ہٹایا تھا۔

دروازہ کھلنے کی آواز پر وہ آہستگی سے مڑی۔ فارس ہاتھ میں کوئی فائل اٹھائے اندر داخل ہو رہا تھا۔ اس پر نظر پڑتے ہی خوش گوار سی حیرت نے گھیر لیا۔

''بات کرنے آئی ہو؟''

اس نے کپ ذرا سا آگے کھسکا کر اشارہ دیا کہ وہ اس کے لیے آئی ہے۔

''لیکن مجھے تو تمہاری چائے چاہیے تھی۔'' مسکراہٹ دبائے اس کے پاس آ کھڑا ہوا۔ وہ چپ کا روزہ رکھے کسی اور طرف دیکھنے لگی۔ مکمل نظرانداز کرنے کی کوشش کرتے ہوئے۔

''مسز فارس؟''

لیکن مسز فارس نے تہیہ کر لیا تھا۔ وہ اپنی بات پر ہر صورت قائم ہی رہے گی۔

ہاتھ جھٹک کر بڑی نزاکت سے قدم اٹھاتی آفس روم سے چلی گئی۔ فارس کی نظر قدموں میں گرے رائٹنگ پیڈ پر پڑی۔ جھک کر اٹھا لیا۔ غالباً سویٹر کی جیب سے غلطی سے گر گیا تھا۔

کھول کر دیکھا۔ حسبِ ضرورت جملے لکھے تھے۔

''مجھ سے بات نہیں کرو۔''

''میں مصروف ہوں۔''

''میرے راستے سے ہٹ جاؤ!''

''آنٹی بلا رہی ہیں۔''

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا Novels Ki Dunya

''الارم لگالو، میں تمہیں صبح نہیں جگاؤں گی۔''

''میری طرف دیکھنا بند کرو۔''

فارس کے لبوں پر مسکراہٹ آگئی۔ دوسرے ہی لمحے دروازہ کھول کر وہ عجلت میں اندر آئی اور
وٹ پیڈ ہاتھوں سے چھین لیا۔

''یہ جو لکھ کر ہوتی ہیں، یہ بھی باتیں ہی ہوتی ہیں۔''

جنت تپ کر رہ گئی۔

چند ایک صفحات پلٹ کر اس کے سامنے کیا۔

''مائنڈ یور بزنس!'' گویا اپنی بات پر قائم تھی۔ چپ ہی رہے گی۔

پہلے وہ مسکراہٹ دبا رہا تھا۔ اب کے ہنس دیا۔ وہ اسے گھورتی باہر چلی گئی۔

☆......☆......☆

دوپہر میں نیند لے کر اٹھی تو صوفی نے بتایا فارس صاحب کہیں باہر گئے ہیں۔ اس نے موبائل
نکال کر دیکھا کہ ممکن ہے اس نے میسج کر کے بتایا ہو، وہ کہاں جا رہا ہے مگر کوئی پیغام نہیں تھا۔ جمیلہ داؤد
سے پوچھا تو انہیں بھی علم نہ تھا۔ وہ شاید کچھ دیر پہلے ہی عجلت میں حیدر کے ساتھ کہیں گیا تھا۔

کچھ پریشانی سے کھڑکیوں کی طرف دیکھتے اسے اپنی دھڑکنیں تیز محسوس ہوئیں۔ ہر طرح کے
منفی خیالات کو جھٹک کر اس نے خود کو ریان کے ساتھ مصروف کر لیا۔ نہلا دھلا کر کپڑے بدلے، اس کا
فیڈر تیار کیا۔ پھر جمیلہ داؤد کے کمرے میں چلی گئی۔ شام کا کھانا دونوں نے وہیں کھایا۔ وہ بار بار وقت
دیکھ رہی تھی۔ اس کے اضطراب میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔ جمیلہ داؤد البتہ پرسکون تھیں۔ اس نے فارس
کے بارے میں پوچھنا چاہا، پھر رک گئی۔ کہیں ایسا نہ ہو انہیں پریشان کر دے۔ سوچا خود پوچھ لے گی۔
ریان کو ساتھ لیے کمرے میں واپس آگئی۔ اسے سلا کر موبائل اٹھا لیا۔ دس بج رہے تھے۔ اس کی دھڑکن

بے حد تیز تھی۔ فکر آنکھوں سے عیاں ہو رہی تھی۔

''آنٹی پوچھ رہی ہیں گھر کب آؤ گے؟'' اس نے پھر میسج کیا۔

''ممی سے ابھی بات ہوئی ہے میری! میں نے انہیں بتا دیا ہے۔'' حیرت انگیز طور پر جواب فوراً آیا تھا۔ جنت جھنجھلا کر رہ گئی۔

''کب آؤ گے؟''

''کال کرو، پھر بتاؤں گا!''

لب بھینچ کر اسکرین کو گھورا۔ آدھا گھنٹہ مزید انتظار کر کے اسے کال کی۔ گھڑی اب رات کے گیارہ بجا رہی تھی۔

''ہیلو!''

''کہاں ہو تم؟''

''شکر ہے تمہاری آواز سننے کو ملی۔''

وہ تپی ہوئی تھی، مزید تپ گئی۔

''ٹائم دیکھا ہے کیا ہو رہا ہے۔''

''کیا ہو رہا ہے؟''

''بارہ بجنے والے ہیں۔''

''تو بجنے دو بارہ کو، تمہیں کیا پریشانی ہے؟''

بہت ہی ضبط کر کے جنت نے خود کو کچھ سخت کہنے سے باز رکھا اور اسی وقت قدموں کی آہٹ کے ساتھ ہی دروازہ کھل گیا تھا۔ جنت نے بے اختیار سر اٹھایا۔ بھورے رنگ کے ٹراؤزرز پر سیاہ ٹی شرٹ میں ملبوس اس کا شوہر عام سے گھریلو حلیے میں کمرے میں داخل ہو رہا تھا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

''تم گھر پر تھے؟'' آواز چیخ سے مشابہ......صدمے سے دبی ہوئی۔

''ہاں!''

''مگر صوفی نے کہا......''

''باہر تو میں گیا تھا، یہیں اصطبل تک۔'' لہجہ متبسم تھا۔ گویا اصطبل کا چکر لگا کر وہ واپس آ گیا تھا۔

اسے تو پتا ہی نہ تھا حیدر اور آغا علی کے ساتھ اس کی آفس روم میں میٹنگ چل رہی تھی۔

''تو یہ سب تم نے اس لیے کیا کہ میں خود سے بات کروں۔'' اس کی پوری چال سمجھ کر اس کا پارہ مزید چڑھا تھا۔

https://novelskidunya.com/

''میں نہیں جانتا تھا تمہیں اس بات کا علم نہیں ہے کہ میں گھر پر ہوں۔ یہ تو جب تم نے میسج کیا تو پتا چلا......''

اس کی مسکراہٹ جنت کو اندر تک سلگا گئی۔ اس نے خود کو بہت کوسا، چپ کر کے بیٹھی رہتی تو ایسا مذاق تو نہ بنتا اس کا۔

ناولز کی دنیا
Novels Ki Dunya

''پریشان ہو رہی تھیں تم؟''

اس کے پاس آ کر اس نے معمول کی طرح کشن درست کیے۔

''میں بھلا کیوں پریشان ہونے لگی؟'' بڑبڑا کر احتیاط سے سونے کے لیے لیٹ گئی۔ آئندہ اسے کال یا میسج سے پہلے وہ اس کا آفس روم دیکھے گی۔ اس نے طے کر لیا۔

''تمہارا وہ نوٹ پیڈ کہاں ہے؟'' بائیں طرف لحاف ہٹا کر بیڈ پر بیٹھتے ہوئے فارس نے یاد دلایا تو اس نے لب بھینچ کر آنکھیں بند کر لیں۔

''جنت!''

''مجھے نیند آ رہی ہے۔ سونے دو اب!''

''لکھ کر بتاؤ، مجھے سنائی نہیں دے رہا۔''

کروٹ کے بل لیٹی تھی۔ جل کر کشن کان پر رکھ لیا۔ اب پتا نہیں کتنے دنوں تک وہ اس کے رائٹنگ پیڈ کا مذاق اڑائے گا۔ روہانسا ہو کر آنکھیں بند کر لیں۔

''تم اپنی بات پر قائم کیوں نہیں رہتیں جنت! ہاں؟'' اس نے دل ہی دل میں خود کو بہت ڈانٹا۔

فارس نے مسکرا کر اسے دیکھا پھر اپنی سائیڈ ٹیبل کا لیمپ آف کر دیا۔

موبائل ہاتھ میں تھا۔ وہ چند لمحے پہلے موصول ہونے والے میسج کو دیکھ رہا تھا۔ تاریکی میں روشن ہوتی اسکرین پر آرائے کا نام جگمگا رہا تھا۔

☆......☆......☆

رات کا جانے کون سا پہر تھا جب اس کی اچانک آنکھ کھل گئی تھی۔ نچلا لب دباتے کسی قدر کوشش سے اٹھ کر بیٹھ گئی۔ تکلیف کا احساس شدت سے ہو رہا تھا۔ گہری سانس لیتی کچھ دیر تک بیٹھی رہی۔ خیال تھا طبیعت بہتر ہو جائے گی۔ مگر......

''فارس!'' درد کی شدت سے اس نے بمشکل پکارا۔ اس کی آواز سنتے ہی وہ فوراً بیدار ہو گیا تھا۔

''تم ٹھیک ہو؟'' اس کا ہاتھ تھام کر سہارا دیتے پریشانی سے پوچھا تھا۔

نفی میں سر ہلاتے اس نے بمشکل سانس لینے کی کوشش کی تھی۔ اس کا چہرہ عرق آلود ہو رہا تھا۔

''میں ممی کو جگاتا ہوں۔''

شیرازی مینشن کی بتیاں یکے بعد دیگرے روشن ہوتی گئیں۔ کچھ ہی دیر میں سرونٹ کوارٹرز کا دروازہ کھل گیا تھا۔ مدحت بانو چادر لپیٹے تیزی سے سیڑھیاں چڑھتی اوپر جا رہی تھی۔ ڈرائیور حکم ملتے ہی گاڑی نکالنے کو بھاگا تھا۔

اسی ہڑبونگ میں ضوفشاں کی بھی آنکھ کھل گئی۔

خالہ کہیں جانے کی تیاری پکڑ رہی تھیں۔

''کیا ہوا؟'' آنکھیں مسلتے پوچھا۔

''چھوٹی بی بی کی طبیعت خراب ہوگئی ہے۔ اسپتال لے جا رہے ہیں، میں ذرا بڑی بیگم کے پاس ہو آؤں، تو سو جا!''

ضوفی سر ہلا کر واپس اپنے بستر پر دراز ہوئی۔ وہ جانتی تھی گھر میں ایک نیا مہمان آنے والا تھا۔ پتا نہیں بیٹا ہوگا یا بیٹی؟ ذرا سا سوچ کر مسکرائی۔ جو بھی ہو، خالہ بچے کا خیال رکھنے کے لیے اسے ضرور اپنے ساتھ لے جائیں گی۔ وہ انہی سوچوں میں گھری ہوئی تھی کہ دروازہ ایک بار پھر کھل گیا تھا۔ خالہ اسے بلا رہی تھیں۔ وہ اٹھ کر ان کے ساتھ ہی اوپر آ گئی۔ ریان کو ملازمہ اٹھائے ہوئے تھی۔ وہ رو رہا تھا۔ بڑی بیگم صاحبہ کمرے میں تھیں۔ ان کے چہرے سے پریشانی جھلک رہی تھی۔

''تو ریان کو سنبھال، اسے اپنے پاس سلا لے۔''

سر ہلا کر وہ ریان کو اٹھائے دوسرے کمرے میں چلی گئی۔ وہ اکثر ریان کے ساتھ کھیلتی تھی سو وہ اس کی گود میں پرسکون ہو کر سو گیا۔ اب اسے بھی نیند آ رہی تھی۔ مگر وہ آنکھیں مسلتی بار بار دروازے کی طرف دیکھ رہی تھی۔ راہداری سے آوازیں آ رہی تھیں۔

''اللہ خیر کرے گا بیگم صاحبہ! آپ پریشان نہ ہوں۔''

باہر رات بہت سرد تھی۔ ضوفشاں نے لحاف ذرا اچھے سے اوڑھ لیا تھا۔

☆......☆......☆

اس نے اوپری منزل پر اپنے کمرے کا دروازہ آہستگی سے کھول دیا تھا۔ وہ کمرہ جواب اس کا یا جنت کا بیڈ روم نہیں رہا تھا۔ فرنیچر بدل چکا تھا۔ پردے ہٹا دیے گئے تھے۔

مگر وہ دیکھ سکتا تھا۔ وہ ابھی بھی اس کمرے کو سابقہ حالت میں دیکھ سکتا تھا۔ باتیں کرتی، ہنستی،

اپنی پڑھائی کرتی نظر آ رہی تھی۔ وہ گلدان میں تازہ پھول سجا رہی تھی۔ وہ اس کے کپڑے استری کر رہی تھی۔ اس کا ہاتھ تھامے مسکرا رہی تھی۔

''یہ میری نواسی ہے برہان! میرے جگر کا ٹکڑا ہے یہ۔ میں اس کی آنکھوں میں ایک آنسو بھی برداشت نہیں کر سکتا!''

''میں وعدہ کرتا ہوں آپ سے۔ میں جنت کو کبھی بھی اکیلا نہیں چھوڑوں گا۔ مرتے دم تک اس کا ساتھ دوں گا۔''

https://novelskidunya.com/

اس کی آواز آس پاس ہر طرف گونج رہی تھی۔ اس کا ادھورا وعدہ دل پر ثقیل ہو رہا تھا۔ وہ اب اپنے تاثرات کو سختی میں، محبت کو نفرت میں اور یقین کو شبہات میں بدلتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔

دل پر ایک بھاری بوجھ لیے وہ گرنے کے سے انداز میں بیٹھ گیا تھا۔ اپنا سر ہتھیلیوں میں گرائے وہ زندگی میں پہلی بار اپنے کسی نقصان پر رو رہا تھا۔ وہ نقصان جو سترہ ماہ پہلے اس سے ہو گیا تھا۔ ایسا نقصان جس کا ادراک اب جا کر ہو رہا تھا۔

ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya

''میرے سر پر کیا کھڑی ہو، جاؤ یہاں سے۔''

''خدا کے لیے جان چھوڑ دو میری!''

''اماں نے کچھ کہہ دیا تو کیا قیامت آ گئی؟''

''ماہین سے کیا کہہ رہی تھیں تم؟''

''چاہتی کیا ہو تم؟ کیوں میری زندگی جہنم بنا رہی ہو؟''

''ماہین میری بیوی ہے۔ میرے بچے کی ماں ہے وہ۔''

وہ چیخ رہا تھا۔ وہ اسے بازو سے سختی سے پکڑے انتہائی حقارت و کراہیت سے دیکھ رہا تھا۔

''تم اتنا گر جاؤ گی مجھے اندازہ نہیں تھا۔''

''برہان! مجھے تکلیف ہو رہی ہے۔''

''آج اگر تمہارے نانا زندہ ہوتے تو تمہارا یہ گھٹیا کردار دیکھ کر وہیں مر جاتے۔'' اسے اپنا جملہ یاد تھا اور اس کی آنکھوں کا وہ زخمی تاثر بھی۔ جیسے لفظوں کی کاٹ نے اسے وہیں مار دیا ہو۔

''میں ایسی نہیں ہوں۔'' سخت گرفت میں وہ سسک کر رہ گئی تھی۔

''ایک نہیں، دو نہیں..... چار؟ کون ہیں یہ؟''

جو خط اسے ڈریسنگ ٹیبل سے ملے تھے انہیں پھاڑ کر اس کے منہ پر دے مارے تھے۔ غصے اور اشتعال میں اس کا موبائل تک توڑ دیا تھا۔ وہ ڈری سہمی اور متوحش سی کھڑی تھی۔

وہ دیکھ رہا تھا۔ وہ غم سے نڈھال، خوف زدہ اور پریشان حال جنت کمال کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا۔

جس سے کبھی اس نے اونچی آواز میں بات تک نہ کی تھی، اب وہ اسے جھڑکنے لگا تھا، ڈانٹنے لگا تھا، نفرت دکھانے لگا تھا۔ وہ اسے ایک بوجھ، ایک مصیبت کی طرح نظر آنے لگی تھی۔ ماہین کے ساتھ زندگی مکمل تھی۔ اب اسے اور کوئی وجود نہیں چاہیے تھا۔ منظر ابھر کر اب مٹ نہیں رہے تھے۔ جنت کمال سے جڑی تمام کی تمام یادیں..... سختیاں، نفرتیں اسے یاد آنے لگی تھیں۔ اپنا ہر رویہ، فیصلہ اور الفاظ بھی......

''میں نے اپنی بیوی کے کردار میں آج تک کوئی جھول نہیں دیکھا۔''

اپنا سر ہتھیلیوں پر گراتے اس نے بال نوچ لیے تھے۔

اس کی اماں دروازے میں کھڑی تھیں۔ اپنی جوان اولاد کو یوں روتے دیکھنا بڑا تکلیف دہ منظر تھا ان کے لیے۔ بیٹے کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر پکارنا چاہا تو غصے سے جھٹک دیا۔

''برہان!''

''چلی جائیں یہاں سے۔ اکیلا چھوڑ دیں مجھے۔'' وہ بپھرے ہوئے انداز میں کہتے ہوئے بے

قابو ہوا تو مجبوراً انہیں اٹھ کر باہر جانا پڑا۔ لاک لگائے وہ دروازے سے لگ کر نیچے بیٹھ گیا تھا۔

جو غلطی کر بیٹھا تھا وہ چھوٹی نہ تھی۔ خسارہ ایسا جو کسی صورت پورا نہیں ہو سکتا تھا۔ اب سانسیں بھاری لگ رہی تھیں۔ اب زندگی مشکل لگ رہی تھی۔ اسے جنت کمال اپنی زندگی میں واپس چاہیے تھی۔

وہ اسی رشتے کو، محبت کو دوبارہ حاصل کر لینا چاہتا تھا۔ وہ جنت کمال کی پہلی محبت تھا۔ وہ اس کے بغیر جینے کا تصور نہیں کر سکتی تھی۔ وہ اسے چھوڑ کر کبھی جا بھی نہیں سکتی تھی۔ اس گھر میں ہر طرح کی سختی اس نے صرف اس کی ذات کے لیے برداشت کی تھی۔ اس کے ساتھ جڑے رہنے کے لیے اس نے سب خاموشی سے سہا تھا۔

طلاق اس نے دی تھی۔ راستہ اس نے خود بند کیا تھا۔ اب اگر وہ پلٹ آئے تو؟ راستہ کھول کر دوبارہ اپنا لے تو؟

وہ برہان واصف ہے۔ نانا کی طرف سے جوڑا گیا وہ رشتہ ہے جسے وہ کبھی بھی فراموش نہیں کر پائے گی۔ وہ خود کو بتا رہا تھا۔ سمجھا رہا تھا۔ وہ اس کے پاس جائے گا۔ معافی مانگے گا۔ وہ اسے منا لے گا۔ جنت کمال اس کی زندگی میں واپس آجائے گی۔ مگر گال میں پڑنے والا تھپڑ اسے حقیقت کی دنیا میں واپس لے آیا تھا۔ وہ اپنے آپ میں تھم گیا تھا۔ اس نے زندگی میں پہلی بار ان شہد آنکھوں میں اپنے لیے نفرت دیکھی تھی۔ اس نے پہلی بار ان میں درد کے ساتھ ایک عجیب سا تاثر دیکھا تھا۔

"آئندہ تم مجھے اپنی بیوی کے آس پاس بھی نظر آئے تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہوگا۔"

اپنے شوہر کا ہاتھ مضبوطی سے تھام کر نظروں سے اوجھل ہوتی جنت کمال اس کے حواسوں پر سوار ہو چکی تھی۔ وہ ساکن وجود کے ساتھ سر گرائے چپ بیٹھا رہا تھا۔ اور باہر فضیلہ تائی اپنے بیٹے کے غم میں نڈھال روتی رہی تھیں۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

گہری دبیز دھند میں لپٹا ہوا وہ ایک عجیب سا ماحول تھا۔ سرد پڑتا..... پرسکون کرتا ہوا۔ اس نے اپنی ماں کو دیکھا۔ اور باپ کو بھی۔ وہ دھندلی شبیہ کی طرح تھے۔ اس نے اپنے پرانے گھر کی سیڑھیوں کا وہ منظر ایک بار پھر دیکھا۔ وہ حسنین تھا جو اوپر کھڑا ہوا تھا۔ اور جنت وہاں کہیں نہیں تھی۔ کچی اینٹوں پر خون تھا، نہ چیخ و پکار اور کہرام تھا۔

اس نے نفیسہ کو دیکھا۔ وہ نماز پڑھ رہی تھیں۔

''امی!''

وہ ان کے پاس رک گئی تھی۔ وہ پنجوں کے بل جھک گئی تھی۔ اس نے کندھے پر ہاتھ رکھ دیا تھا۔ انہوں نے اسے تر آنکھوں سے دیکھا۔ پھر ہاتھ پکڑا۔ پھر گلے لگا لیا۔ ان کا لمس اسے پہلی بار محسوس ہوا۔ کچھ تھا جو انہوں نے ہتھیلی پر رکھ دیا۔

''مجھے معاف کر دیں امی!''

مسکرا کر اسے دیکھا۔ پھر ہاتھ چھڑا لیا۔ حسنین ساتھ ہی تھا۔ وہ اسے سینے سے لگائے اٹھ گئی تھیں۔ فرش پر اب خون نہیں تھا اور سیڑھیوں پر اب کوئی حسنین نہیں تھا۔ وہ پرانا گھر ایک دم سے خالی ہو گیا تھا۔

''امی!'' ہاسپٹل میں آمد و رفت کے ساتھ ابھرتی وہ مدھم سی آواز ایک دم سے سناٹے میں بدلی تھی کہ لاشعور سے شعور کی منزلیں طے کرتے اس کے حواس ایک دم سے بیدار ہو گئے تھے۔ کمرے میں نیلگوں روشنی میں ایک تاریکی سی نظر آ رہی تھی۔ اس نے اپنے آس پاس ہر طرف نگاہ دوڑائی تھی۔ اسے اپنا بچہ کہیں نظر نہیں آیا تھا۔ گھبرا کر، متوحش ہو کر..... پھر اس نے اٹھنے کی کوشش کی تھی۔ اس نے آواز دینی چاہی تھی اور آواز نہیں نکل رہی تھی۔ اس کا چہرہ تر ہو رہا تھا۔ اس کی حالت غیر ہو رہی تھی۔ دروازہ کھول کر نرس اندر آئی تھی۔

''لیٹی رہیں پلیز!''

https://novelskidunya.com/

"میرے شوہر کہاں ہیں؟" اس کا دل خوف اور اندیشوں میں گھرا شدت سے دھڑک رہا تھا۔
کچھ برا ہو گیا ہے۔ اسے اپنی جان نکلتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔ نرس کیا کہہ رہی تھی وہ سن نہیں رہی تھی۔

"میرے شوہر کہاں ہیں۔ پلیز میرے شوہر کو بلا دیں۔"

اسی وقت مدحت اندر آئی تھی۔ اس کے پیچھے ہی فارس تھا۔ حال سے بے حال ہوتے اس کا ہاتھ
پکڑے وہ رونے لگی تھی۔ وہ شاک اور صدمے کی زد میں تھی۔ وہ خود کو تنہا اور بے بس محسوس کر رہی تھی۔
اسے اپنا وجود اندر سے خالی اور کھوکھلا لگ رہا تھا۔

"فارس!"

"وہ ٹھیک ہے۔ بالکل ٹھیک ہے۔" چہرے کے اطراف میں بکھرے بالوں کو پیچھے ہٹاتے اس
نے جنت سے کہا تھا۔ "نرسری میں ہے۔ ابھی لے آتے ہیں اسے۔ ریلیکس!"

جنت کی رکی ہوئی سانسیں ایک لمحے میں بحال ہوئی تھیں مگر دل شدت سے دھڑکتا رہا تھا۔

"تمہاری حالت ٹھیک نہیں تھی۔ تمہیں یہاں رکھنا ضروری تھا۔" گرفت میں لیے نرمی سے گو
ہوا۔ وہ گزشتہ چوبیس گھنٹوں سے آئی سی یو میں تھی۔

"سب ٹھیک ہے اب۔"

ماں کو ایسے قرار نہیں آ سکتا تھا۔ جب تک وہ اپنے بچے کو خود نہ دیکھ لیتی، سنبھل نہیں سکتی تھی۔

کچھ ہی دیر میں بے بی کرائب کو دھکیلتے ہوئے نرس اندر آئی تو جنت سے الگ ہو کر فارس اٹھ گیا۔

وہ اب دیکھ سکتی تھی۔ وہ فارس وجدان کو بے بی کرائب پر جھکتا ہوا دیکھ سکتی تھی۔

بیڈ کو سٹنگ پوزیشن میں ایڈجسٹ کرتے ہوئے مدحت نے اسے تکیوں کا سہارا دیا تھا۔

فارس نے بے بی کاٹ سے سفید مخملیں کپڑے میں لپٹے ہوئے بچے کو اٹھایا تو جنت کی دھڑکنیں
تھم سی گئیں۔

''تم بانجھ ہو جنت کمال!'' ماہین عبدالکریم کا سراپا آنکھوں میں عیاں ہوا تھا۔ اسے اپنے گالوں پر نمی محسوس ہوئی۔

''دوسری شادی کا سوچو برہان، اس لڑکی سے تمہیں کوئی خوشی نہیں ملے گی۔''

اس کے اطراف میں ہر ایک شے پر جیسے ایک سکتہ طاری ہو چکا تھا۔ اس کی سانسیں رک گئی تھیں۔ بچے کو اٹھائے وہ اس کی طرف جھکا تو اسے سفید مخملیں سے کمبل سے جھانکتی ننھی منی سی مٹھیاں بھینچی ہوئی نظر آئیں۔ پھر روئی سا چہرہ نمایاں ہوا۔

آنکھیں بند تھیں جنہیں کھولنے کی کوشش کرتے ہوئے وہ ایک بار پھر رونے کی تیاری پکڑ رہا تھا۔ وہ اتنا چھوٹا تھا کہ فارس کے ہاتھوں سے لیتے ہوئے اسے ڈر لگا۔

''زکریا علیہ السلام نے تو کبھی دعا نہیں چھوڑی تھی جنت!''

اس نے سسکتے ہوئے ہمت پکڑ کر اپنے کپکپاتے ہاتھ پھیلائے۔ فارس نے بہت احتیاط سے بچہ اس کے حوالے کر دیا تھا۔

''معجزات تو انبیا کے لیے بھی ہوا کرتے ہیں۔ مگر وہ معجزے بغیر دعا، صبر اور عاجزی کے نہیں ہوئے۔ یہ پوائنٹ میں مس کر رہی تھی۔''

وہ اپنے ہاتھ پیر، ٹانگوں کو محسوس کرتا، جنبش دیتا رونے لگا۔ جنت بھی رونے لگی۔ اس نے اپنے بیٹے کو بھینچ کر خود سے لگا لیا۔ اپنے آپ میں چھپاتے اس کا منہ چوما۔ پھر اس کے گال کو چھوا، ناک کو، ہونٹوں کو، پھر اس کی پیشانی پر اپنے لب رکھ دیے۔

ہر دکھ جو اسے ملا، ہر تکلیف جو اس نے سہی، ہر اذیت جو اس کے حصے میں آئی..... سب بھلا دیا۔ وہ لمحہ..... وہ بس ایک لمحہ تھا۔ جس نے سارے زخموں کو مٹا دیا۔

''اللہ ہمیشہ بڑھ کر عطا کرتا ہے جنت! وہ آپ کو حیران کر دیتا ہے۔''

بچے کی آنکھیں کھلی ہوئی تھیں۔رنگ نمایاں ہو رہا تھا۔وہ آنکھیں فارس وجدان کی تھیں۔رنگ بھی اس کا تھا۔خدوخال بھی اس کے۔وہ فارس وجدان کا ایک منی ورژن تھا۔

اس نے پھر سر اٹھا کر اسے دیکھا۔اس کا بے ترتیب سا حلیہ بتا رہا تھا گزشتہ چوبیس گھنٹے اس پر کتنے بھاری گزرے تھے۔بچہ ٹھیک تھا لیکن بیوی کی وجہ سے جو پریشانی اسے ہوئی تھی اس کی جھلک ابھی بھی اس کے چہرے پر نظر آ رہی تھی۔

"کتنا پیارا ہے یہ ماشاءاللہ!"

وہ جھک کر اپنے بیٹے کو دیکھنے لگا تھا۔پھر جنت کو......وہ روتے ہوئے ہنس پڑی تھی۔وہ بچے کو بار بار چوم رہی تھی۔

اپنی آنکھوں میں تشکر کی نمی لیے اپنی جگہ ٹھہر سا گیا تھا۔

وہ جنت کمال کی آنکھوں میں وہی محبت دیکھ سکتا تھا جو اولاد کے لیے ایک ماں کی آنکھوں میں ہو سکتی تھی۔وہی تڑپ، وہی رحم، وہی دل جو ایک ماں کا ہونا چاہیے۔وہی احساس جو ایک ماں میں ہونا چاہیے۔

اس کی اولاد کے حصے میں اب اس کے غم نہیں آ سکتے تھے۔محرومیاں، نفرتیں اور تنہائیاں نہیں آ سکتی تھیں۔اسے ماں چھوڑ کر کہیں جا سکتی تھی، نہ باپ زندگی کی بھیڑ میں گم ہو کر اسے بھلا سکتا تھا۔

بچہ پھر سے رونے لگا تھا۔جنت اسے فیڈ کروانے لگی۔مدحت تکیہ درست کرتے اس کے پاس بیٹھ گئی۔کچھ ہی دیر میں جمیلہ داؤد اس سے ملنے آ گئی تھیں۔ریان بھی ساتھ ہی تھا۔انہوں نے نئے فیملی ممبر کو اپنی گود میں اٹھا لیا۔

"یہ تو بالکل فارس ہے۔"انہوں نے محبت سے اپنے پوتے کا ماتھا چوما۔جنت مسکرائی۔"بہت بہت مبارک ہو بیٹا!"وہ دعائیں پڑھ کر اس پر پھونک رہی تھیں۔

ریان جنت کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔چھوٹے سے بے بی کو ذرا حیرت سے بغور دیکھتا ہوا۔اس کے

https://novelskidunya.com/

تاثرات سب کو مزادے رہے تھے۔ ذرا دیر کے لیے اس کی گود میں دیا۔ بچہ رونے لگا تو ریان نے بھی گھبرا کر رونا شروع کر دیا۔ اسے لگا بچے کو درد ہوا ہے یا کسی نے اسے مارا ہے۔ وہ نہیں چاہتا تھا بچہ روئے۔

''بھائی کو بھوک لگی ہے اس لیے رو رہا ہے۔'' جنت نے سمجھانا چاہا۔ اس نے بچے سے اپنے دونوں ہاتھ پیچھے کر لیے۔ پھر کسی طرح سے ضد کر کے بیڈ سے اتر کر دور ہو گیا۔

معصوم آنکھوں میں ابھی بھی کوئی فکر ٹھہری ہوئی نظر آ رہی تھی۔ بار بار بچے کو دیکھ رہا تھا۔ جواب اس کی مما کے پاس تھا۔ اور اب رو بھی نہیں رہا تھا۔

''اس کا نام کیا رکھیں؟'' جمیلہ داؤد کے جانے کے بعد اب صرف وہ دو ہی تھے جو اس ننھی سی جان پر جھکے ہوئے تھے۔

''تم بتاؤ؟'' وہ اس سے کہہ رہا تھا۔

''ہمیں آنٹی سے پوچھنا چاہیے!''

''ممی نے کہا ہے اس کا نام تم رکھو گی۔''

وہ چند لمحوں تک اسے محبت پاش نظروں سے دیکھتی رہی۔ کئی نام سوچ رکھے تھے۔ اب بس ایک ہی ذہن میں آ رہا تھا۔

''زین کیسا رہے گا؟''

فارس نے اس کی طرف دیکھا۔ تاثرات سے واضح تھا اسے اچھا لگا ہے۔

''زین فارس شیرازی!'' جنت نے مکمل نام لیا تو وہ مسکرایا۔

''پرفیکٹ ہے۔''

جنت نے پھر ننھے زین کو دیکھا۔ جو آنکھیں موندے، مٹھیاں بھینچے نیند کی وادیوں میں اترا ہوا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

تیسرے دن اسے ہاسپٹل سے ڈسچارج کر دیا گیا تھا۔ وہ شیرازی مینشن پہنچی تو اس نے عالی
شان قصر نما حویلی کو روشنیوں میں نہایا ہوا دیکھا۔ ملازم اپنا کام کر رہے تھے۔ وسیع سبزہ زار پر دعوت
خصوصی کا انتظام ابھی سے ہو رہا تھا۔ اور یہ سب جمیلہ داؤد کی خواہش پر ہو رہا تھا۔ اس گھر میں وہ حماد کے
لیے ایسے کئی فنکشنز اور گیدرنگز آرگنائز کر چکی تھیں۔ اب پوتے کی خوشی تھی۔ اور اس خوشی کو وہ جنت اور
فارس کے ساتھ سلیبریٹ کرنا چاہتی تھیں۔

ہفتے کے دن دعوت رکھی گئی تھی۔ اس دن ان کا گھر مہمانوں سے بھر گیا تھا۔ جنت کی بہنوں کو
خصوصاً بلایا گیا تھا۔ وہ دعوت عقیقہ تھی جس میں ان کے بہت سے قریبی دوستوں نے بھی شرکت کی تھی۔
آئمہ خاص طور پر اپنی بھابھی کے ساتھ آئی تھی۔ جنید بھائی بچوں کے ساتھ کینیڈا گئے تھے سو وہ نہ آسکے
تھے۔ اقصیٰ بہت ضد کر کے دو ہفتوں کے لیے آگئی تھی۔ جنت اپنے کمرے میں تھی جس وقت نیچے ڈائننگ
ہال میں مہمان خواتین کے لیے کھانا لگایا جا رہا تھا تو وہ بڑی فرصت سے بچے کو دیکھنے اوپر آئی تھی۔

''اللہ آپی! یہ تو اتنا پیارا ہے دل چاہتا ہے کھا جاؤں۔''

جنت کمال نے سر اٹھایا۔ دوسری طرف وہ کلائی پر رسٹ واچ چڑھاتے فارس وجدان کی عقابی
نظروں کی زد میں آئی تھی۔

زین کو گود میں لیے اقصیٰ ایک دم بوکھلائی۔

''وہ میں...... پیار سے کھانے کی بات کر رہی ہوں۔'' فوراً سے وضاحت دی۔ جملہ اور زیادہ
خطرناک ہو گیا۔

''اقصیٰ! ادھر لاؤ۔'' جنت نے قمیص کی سلوٹیں درست کرتے اپنے ہاتھ بڑھائے۔ اس نے
عافیت اسی میں جانی کہ بچے کو خاموشی سے ان کے حوالے کر کے چلی جائے اور وہ چلی گئی۔

''اب فارس صاحب سمجھیں گے میں کوئی سچ مچ کی آدم خور ہوں۔'' اسٹیر کیس کی دائیں طرف

دیوار سے لگ کر بڑبڑائی۔ اپنی پیشانی پر ہاتھ مار کر خود کو سزا دی۔ ''ماں باپ کے سامنے کہہ رہی ہوں بچ
کھا جاؤں۔ تف ہے تجھ پر اقصیٰ!'' دوبارہ ہاتھ مارا۔

''کون آدم خور ہے؟'' عدیل سامنے ہی اخبار ہاتھ میں لیے کھڑا تھا۔ اس پر نظر پڑتے ہی و
بدمزا ہوئی۔ کتنے تیز کان تھے اس کے۔ مجال ہے جو کوئی لفظ بھی چوک جائے۔

''میں ہوں آدم خور! میں!'' اپنی طرف اشارہ کر کے کہا۔

اخبار پھیلائے اس نے چند لمحوں تک اقصیٰ کو دیکھا۔ حیرت ہوئی، نہ صدمہ پہنچا۔ یوں جیسے و
اس خود ساختہ حقیقت سے بہت پہلے سے واقف ہو۔

یقین کر کے سر ہلا کر دوبارہ سے پڑھنے لگا۔

اقصیٰ جل کر کوئلہ ہو گئی۔ پتا نہیں یہ یہاں کیوں کھڑا ہے۔ سیڑھیاں اتر کر فارس نیچے آیا تو گڑبڑ
کر سیدھی ہوئی۔

''تمہاری آپی بلا رہی ہیں۔''

فارس نے کہا تو ادب سے سر جھکا گئی۔

''اقصیٰ!''

''جی صاحب!''

''میرے بیٹے کے علاوہ کچھ اور کھا لو۔'' تھری پیس سوٹ میں ملبوس مسکراہٹ دبا کر وہ جیبوں
میں ہاتھ ڈالے سنجیدگی سے بولا تو سر جھکائے اقصیٰ نے آنکھیں میچ لیں۔

پھر اوپر گئی تو جنت زین کو بے بی کاٹ میں سلا رہی تھی۔ بچوں کا خیال رکھنے کے لیے ضوفی وہیں
بیٹھی تھی۔

''آپی! میں نے سچ مچ کھانے کی بات تھوڑی نہ کی تھی۔''

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

جنت مسکرائی۔ سفید میکسی میں وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔ شہد رنگ بال کھلے چھوڑ رکھے تھے۔

''کھانا کھالیا تم نے؟''

''ابھی نہیں۔''

مردوں کے کھانے کا انتظام باہر تھا جبکہ خواتین کا نیچے ڈائننگ ہال میں انتظام کیا گیا تھا۔ ضوفی کے لیے کھانا کمرے میں بھجوا کر وہ اقصیٰ کے ساتھ نیچے آ گئی تھی۔ وہ مبارک باد وصول کرتے کچھ نئی مہمان خواتین سے مل رہی تھی۔ پھر وہ اپنی بہنوں کے پاس جا بیٹھی تھی۔ وہ اپنے بھانجوں سے ایک بار پھر مل رہی تھی۔ اس نے نہیں سوچا تھا اس کی اولاد کی خوشی پر اس کی تمام بہنیں بھی شریک ہوں گی۔ وہ سب کو اچھا اخلاق اور بہترین رویہ دے رہی تھی۔ وہ خوش اور مطمئن نظر آ رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/

جمیلہ داؤد بے حد خوش تھیں۔ ان کی صحت پہلے سے کافی بہتر تھی۔ اور ان کا چہرہ بھی کھلا ہوا تھا۔ وہ موقع کی مناسبت سے کافی عرصے بعد بہت اچھے سے تیار ہوئی تھیں۔

''لکنگ سو پریٹی!'' فارس وجدان وہیل چیئر پر ان کی طرف جھکا تو انہوں نے بے اختیار اس کا چہرہ ہاتھوں میں لیتے اس کی پیشانی کا بوسہ لیا۔

''اس سب کے لیے، تھینک یو سو مچ ممی!'' ان کے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے وہ پنجوں کے بل جھک گیا تھا۔

''میرے پوتے کی خوشی ہے۔''

''بس اب میں چاہتا ہوں آپ اپنے پیروں پر دوبارہ کھڑی ہوں۔''

انہوں نے ارادہ باندھ کر اثبات میں سر کو جنبش دی تھی۔ وہ اس کے لیے یہ بھی کریں گی۔ کچھ ہی دیر بعد وہ ان سے اجازت لے کر باہر چلا گیا۔

ضوفی ریان کو جنت کے پاس چھوڑ کر گئی تو اقصیٰ نے اسے اٹھا لیا۔

''اس کا خیال میں رکھ لوں گی آپی!''

جنت جمیلہ داؤد کے ساتھ ہی ان کی دوست سے بات کر رہی تھی۔ سر ہلا دیا۔ وہ ریان سے باتیں
کرتی، اسے اپنے ساتھ ہی باہر لے آئی۔ سیڑھیوں پر رک کر وہ دور اشارہ کرتی اسے بہت کچھ دکھا رہی تھی۔
لان روشن تھا۔ اقصیٰ نے اسے ذرا دیر کو نیچے اتار دیا۔ اس کی ماں کی کال آ گئی تھی۔

اور سامنے وہاں جہاں مردوں کے بیٹھنے کا انتظام کیا گیا تھا وہیں فارس وجدان کھڑا تھا۔ رخ
بدلتے اس کی نظر ریان شیرازی پر پڑی اور وہ اپنی جگہ رک گیا۔

شیرازی مینشن کے سرسبز لان پر اپنے چھوٹے چھوٹے قدم دھرتے وہ کچھ بے تابی سے، بے
قراری سے اس کی طرف آ رہا تھا۔

فارس کے تاثرات لمحے بھر کے لیے متغیر ہوئی۔ وہ مسکراہٹ جو لبوں پر تھی ایک دم سے ختم ہو گئی۔
دوست ساتھ ہی تھا۔ وہ اتنے پیارے سے بچے کو دیکھ کر مسکرایا۔

''کون ہے یہ؟'' منجمد وجود پر وہ ایک سوال کاری ضرب بن کر لگا۔

شیرازی مینشن کا وسیع لان، ملازموں کے ساتھ تمکنت سے قدم اٹھاتا۔ بالوں میں ہاتھ پھیر کر
اسے خود سے الگ کرتا ہارون!

وہی سوال، وہی لان، وہی گھر، وہی منظر......

''ہمارے ملازم کا بیٹا ہے۔'' وہ آواز، باپ کی آواز۔ وہ اسے اندر تک منجمد اور فنا سی کر گئی۔ ریان
شیرازی نے اپنے دونوں ہاتھ اوپر کر لیے۔

اپنے حصار سے نکلتے اس نے جھک کر اسے زمی سے اٹھا لیا۔ دوست متوجہ تھا۔ جواب کا منتظر۔
کہ اس نے کبھی فارس کا یہ روپ نہیں دیکھا تھا۔

''میرا بیٹا ہے یہ!'' جواب دے کر ریان کی طرف متوجہ ہوا جو اس سے لپٹ گیا تھا۔ فارس کا داہنا

ہاتھ پشت پر آ گیا۔

ریان پر نظر پڑتے ہی اقصیٰ نے بے قراری سے ہتھیلیوں کو مسلا۔ ابھی تو یہیں کھڑا تھا۔ وہاں کیسے چلا گیا؟ فارس صاحب ضرور ڈانٹیں گے۔ بچے کو ٹھنڈ میں باہر کیوں لے آئی؟ لیکن فارس صاحب کے چہرے پر کوئی غصہ نہیں تھا۔ وہ ریان کے ساتھ ہی اس شیڈ کے نیچے بھڑکتی ہوئی آگ کے پاس بیٹھ گیا تھا۔ وہ اب ریان کو کچھ کھلا بھی رہا تھا۔

''خیر ہے! کہہ دوں گی خود ہی چلا گیا۔'' وہ اندر آ گئی۔

''ریان کہاں ہے اقصیٰ؟''

''وہ فارس صاحب کے پاس باہر ہے۔'' جنت نے پوچھا تو فوراً جواب دیا۔

''باہر تو کافی ٹھنڈ نہیں ہے۔'' وہ ذرا پریشان ہوئی۔ موبائل نکال لیا تاکہ فارس کو کال کرے وہ ریان کو اندر لے آئے۔

''وہاں ٹھنڈ نہیں ہے جہاں سارے مرد بیٹھے ہیں۔ آگ جلائی ہوئی ہے۔ آپی! باہر مرد زیادہ انجوائے کر رہے ہیں۔''

وہ کال کرتے کرتے رک گئی۔ اگر ایسی بات ہوتی تو فارس اسے فوراً اندر لے آتا۔ سر ہلا کر وہ ملازمہ کے ذمے چند کام لگاتی ڈرائنگ روم میں چلی گئی۔ اقصیٰ نے خوشی خوشی اسٹیر کیس کے ساتھ اپنی چند تصویریں بنائیں پھر خواتین میں جا بیٹھی تھی۔

☆......☆......☆

''مبارک ہو، آپ دادی بن گئیں۔ بیٹا ہوا ہے۔'' یہ خبر ٹھنڈی پھوار کی طرح آرزو جہانگیر کو اپنے وجود پر پڑتی محسوس ہوئی۔

''اس کی کوئی تصویر؟'' فوراً سے پوچھا تھا۔ وہ اس تصویر کو اپنے لاکھوں فالوورز میں شیئر کر

https://novelskidunya.com/

چاہتی تھی۔ وہ اپنے دادی بن جانے کی خبر پوری دنیا کو سنا دینا چاہتی تھی۔ وہ ایک ماں ہے۔ ایک ساس۔ اور اب دادی بھی۔ وہ فارس سے جڑے تمام رشتوں سے جڑ جانا چاہتی تھی۔ مگر بچے کی کوئی تصویر نہ تھی۔ شام تک دوبارہ کال کی۔ تصویر کا پوچھا۔ فارس وجدان کے قریبی ساتھیوں میں بہت سے لوگ ایسے تھے جن تک اس کی رسائی ممکن تھی لیکن تصویر کسی کے پاس نہ تھی۔ جو بچے کے عقیقے پر گئے ان کے پاس بھی نہیں۔

''تصویر لینے کی اجازت نہیں تھی۔''

آرزو لب کاٹ کر رہ گئی تھی۔ وہ جان گئی تھی اس طرح کی سختی وہ کیوں کر رہا تھا۔ وہ ہرگز نہیں چاہتا تھا اس کے بچے کی تصویریں آرزو جہانگیر کے ساتھ جوڑ کر پھیلا دی جائیں۔ ضبط پکڑ کر دوبارہ میسج لکھا۔

''کوشش تو کرو، گھر ملنے چلی جاؤ۔ مجھے بس اس کی ایک جھلک دیکھنی ہے۔''

اسے بارہ بجے شوٹ پر جانا تھا۔ تین بجے اس کا انٹرویو تھا۔ چھ بجے میٹنگ تھی۔ اور وہ اپنے سبھی ضروری کام چھوڑے بے قرار سی بیٹھی ہوئی تھی۔ دل چاہ رہا تھا پاکستان پہنچ جائے اور اپنے پوتے سے مل لے۔

''نام کیا رکھا ہے؟''

''زین!''

''زین فارس شیرازی!'' زیرِ لب دہرایا۔

نیلگوں جوتوں کی ایک رینڈم تصویر اپنے انسٹاگرام پر شیئر کر کے اس نے اپنے دادی بن جانے کی خبر پوری دنیا کو سنا دی۔ اس کا پوتا زین شیرازی۔ مبارک باد کے محبت بھرے پیغام موصول ہونے لگے۔ ایسی نوجوان دادی پر سب کو رشک آنے لگا۔ کچھ ہی منٹوں میں تصویر پر کئی ملین لائکس ہو گئے مگر وہ خوش نہ ہو سکی۔ وجود اندر سے کھوکھلا سا......

مبارک باد کے میسج مذاق اڑاتے محسوس ہوئے۔ کچھ بھی اس کے حساب سے نہیں ہو رہا تھا۔ زندگی میں پہلی بار وہ اپنی بڑھتی ہوئی کامیابی پر خوش نہیں ہو پا رہی تھی۔ لائکس کا گراف اس کے لبوں پر

مسکراہٹ نہیں لا رہا تھا۔ جو وہ حاصل کرنا چاہتی تھی اسے حاصل کرنے میں بری طرح ناکام ہو رہی تھی۔

"میں بچوں کے کپڑوں کے لیے ایک برانڈ لانچ کروں گی۔ ZF کے نام سے۔"

جویریہ حبیب نے گہری سانس لے کر اپنی میم کو دیکھا تھا۔ ان کا فوکس اپنے کام سے ہٹ رہا تھا۔ اس کے خیال میں وہ غیر ضروری معاملات پر زیادہ توجہ دینے لگی تھیں۔ وہ اپنے بیٹے فارس وجدان کا ذکر اب زیادہ کرنے لگی تھیں۔ وہ اپنی میم کو سمجھا نہیں سکتی تھی۔ مگر وہ دیکھ سکتی تھی۔ وہ اپنے مقصد سے بھٹک رہی تھیں۔ اپنے ارادوں کو بدل رہی تھیں۔ اچانک سے بدلتا ان کا یہ رویہ اس کی سمجھ سے باہر ہو رہا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

زین کی پیدائش کے دوسرے ماہ وہ اسلام آباد واپس آ گئے تھے۔ جو دوست پہلے نہیں مل سکے تھے وہ اب آ رہے تھے۔ جنید بھائی کی فیملی کینیڈا سے واپسی کے بعد پہلی فرصت میں ملنے آئی تھی۔ بچوں کو انہوں نے اگلے دن دوپہر میں بھیجا تھا۔

زید، اس کی ننھی بہن زویا اور ان کے چشما ٹو کزن نئے مہمان پر جھکے اسے بغور دیکھ رہے تھے۔ ریان بھی پاس ہی بیٹھا ہوا تھا۔ وہ بھی بے بی کو دیکھنا چاہ رہا تھا۔

Novels Ki Duniya

"اس کی آنکھیں کیوں بند ہیں؟" سر اٹھائے زید نے جنت سے پوچھا۔

"سو رہا ہے اس لیے۔"

"اتنی دیر سے کیوں سو رہا ہے۔ آپ اس کو جگائیں۔ آئی وانٹ ٹو سی ہز آئیز!" (مجھے اس کی آنکھیں دیکھنی ہیں)

"فارس کی دیکھ لو!"

"ان کی نہیں دیکھنی مجھے۔" بگڑ کر جواب دیا۔

کاؤچ پر نیم دراز موبائل پر کچھ دیکھتا فارس تپ کر رہ گیا۔ اپنے بیڈ پر بچوں کے گھیرے میں بیٹھی

جنت کمال نے بمشکل مسکراہٹ ضبط کی۔

"یہ ان کا بے بی ہے۔تو ان کی جیسی آنکھیں ہیں۔"

"یہ آپ کا بھی تو بے بی ہے۔آپ کی جیسی آنکھیں کیوں نہیں ہیں؟" زید جیلس ہو گیا۔ بے بی سچ میں پیارا تھا۔ بہت پیارا تھا۔

"اس کے بال گولڈن شیڈ کیوں ہیں؟" زید کا سوال.....

"کیونکہ اس کے پاپا کے بھی ایسے ہی بال تھے جب وہ چھوٹے تھے۔"

"یہ آپ کا بے بی ہے نا جنہ جانی؟"

"بالکل میرا بے بی ہے۔"

"پھر یہ ان کے جیسا کیوں ہے؟" جھنجلائی ہوئی آواز۔

"کیونکہ وہ اس کے پاپا ہیں۔جیسے آپ کے بھی پاپا ہیں۔"

زید نے بھنویں سکیڑ کر فارس کو دیکھا۔فارس کی نگاہیں بھی کاٹ دار تھیں۔دونوں کی دشمنی آج بھی ٹاپ پر تھی۔

"بابی! بے بی روئے گا؟" سوال زویا نے کیا تھا۔وہ اتنے چھوٹے سے بے بی کو بھرپور اسٹڈی کر رہی تھی۔وہ اس کے لیے گڈے جیسا تھا۔گڈے سے رونے کی آواز آتی تھی مگر یہ والا گڈا تو بالکل چپ تھا۔

"ہاں جب بھوک لگتی ہے تب روتا بھی ہے۔"

انہوں نے زین کی چھوٹی چھوٹی بند انگلیوں کو کھولنے کی کوشش کی۔پھر اس کی ننھی سی ٹھوڑی کو چھوا۔

"کین آئی شی ہز فیٹ؟" (کیا میں اس کے پاؤں دیکھ سکتی ہوں؟")

جنت نے کمبل کا فولڈ کھولتے ہوئے اس کے پاؤں دکھائے۔چھوٹے چھوٹے سے۔زویا نے

آنکھوں میں اشتیاق لیے پیروں کو چھوا۔ ''شو کیوٹ!'' پھر کھلکھلائی۔ زید کی آنکھیں چمک اٹھیں۔ ''اس کے پاؤں آپ کے پاؤں جیسے ہیں۔ ہاتھ بھی۔''

فارس کی مخالفت جو کرنی تھی۔

فارس جھنجھلاہٹ کے عالم میں اٹھ کر بیٹھ گیا۔

''چلو تم اپنے گھر جاؤ اب۔''

''کیوں؟'' غصے سے بپھر کر ڈٹ گیا۔ لڑنے مرنے کو تیار۔

ضبط پکڑ کر جنت کو دیکھا جس کے لیے ہنسی دبانا مشکل ہو گیا تھا۔

''کیا ہے فارس! بچہ ہی تو ہے۔''

''یہ میری فیانسے ہیں۔ ہے نا جنہ جانی؟''

جنہ جانی نے ہنستے ہوئے اثبات میں سر ہلایا تو اس کا شوہر بڑبڑاتا ہوا اٹھ گیا۔ بچے زین کے کپڑے، اس کے چھوٹے چھوٹے کھلونے اور بے بی کاٹ پر لٹکتے کھلونوں کو دیکھ رہے تھے۔ ریان کو زویا سنبھال رہی تھی۔ وہ اسے پیار کر رہی تھی۔ اسے چاکلیٹ کھلا رہی تھی۔

اللہ اللہ کر کے زین بیدار ہوا تو بچے ایک بار پھر اس پر جھک گئے۔ گھنیری پلکوں کے نیچے، ہیزل آنکھیں نمایاں ہو رہی تھیں۔ اس کی رنگت گلابی سی تھی۔ چھوٹے چھوٹے سے باریک ہونٹ کھلے ہوئے تھے۔ جماہی لیتے اس نے انگڑائی لی تو زید کو اس سے پیار ہو گیا۔

''میں اس سے دوستی کروں گا۔ میں اس کا بیسٹ بڈی بنوں گا جنہ جانی!'' اس نے مصمم ارادہ کر لیا۔ جنت مسکراتے ہوئے اسے سن رہی تھی۔ ان کے معصومانہ سوالات کا جواب دے رہی تھی۔ بچوں کے ساتھ اس کا وہ دن بہت خوش گوار گزرا تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

ریان شیرازی اپنے چھوٹے بھائی کا بہت زیادہ خیال رکھنے والا، اور بہت زیادہ پیار کرنے والا "بڑا بھائی" تھا۔ اسے بہت فکر ہوتی تھی جب وہ رونے لگتا تھا، یا جب وہ شور کرتے ہوئے بے قابو ہو جاتا تھا۔

اسے پتا ہوتا کہ بے بی جب روتا ہے تو اسے فیڈر دینا ہے۔ گال پر ہونٹ رکھتے ہیں، ہگ کرتے ہیں۔ وہ اتنا ہی حساس، اور اتنا ہی کیئرنگ تھا۔ جنت اسے دیکھتی، ٹوٹ کر پیار آ جاتا۔

"گڈ بوائے! بھائی کے پاس بیٹھو۔ میں فیڈر لے کر ابھی آئی۔"

اس رات اس نے کہا اور وہ بھائی کے پاس بیٹھا رہا۔ کھلونے اٹھا اٹھا کر دکھاتا رہا۔ ہاتھ پر پیار کیا، پھر ماتھے پر......

فارس سامنے ہی صوفے پر لیپ ٹاپ اٹھائے بیٹھا تھا۔ اپنا کام کر رہا تھا۔ مگر نظر ریان پر پڑی اور ٹھہر گئی۔

وہ اسے چھوٹے چھوٹے غیر مفہوم سے لفظوں میں جانے کیا کہہ رہا تھا۔ مگر انداز سے واضح تھا وہ جنت کو کاپی کر رہا تھا۔ وہ جنت کی طرح زین کو پیار کرنا چاہ رہا تھا۔ معاً زین نے رونا شروع کر دیا۔ وہ ایک دم سے بہت پریشان ہو گیا۔

"پاپا!" فوراً سے اسے متوجہ کیا کہ بے بی رو رہا ہے۔

لیپ ٹاپ رکھ کر اس نے زین کو اٹھا لیا۔ زین رو رہا ہو اور ریان کی رونی صورت نہ بنے، یہ ناممکن تھا۔ آنکھیں بھر آئیں، چہرہ سرخ ہونے لگا۔

"اٹس او کے۔ اسے بھوک لگی ہے، اس لیے رو رہا ہے۔ ابھی چپ ہو جائے گا۔" مگر وہ لب بھینچے سسکنے لگا۔

"جاؤ مما سے کہو، جلدی آئیں۔"

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

بڑی پریشانی سے وہ باہر بھاگ گیا۔ جب تک وہ جنت کی بانہوں میں پرسکون ہو کر سو نہیں گیا
تب تک وہ بڑی فکرمندی سے بیٹھا رہا تھا۔ اس کے حیران کن، پریشان کن معصومیت بھرے تاثرات
فارس وجدان کو عجیب کیفیت میں مبتلا کر گئے۔

''ریان آپ پر گیا ہے۔'' اس رات فارس نے بلاتردد مسز شیرازی سے کہہ دیا۔ وہ نم آنکھوں کے
ساتھ ہنس دیں۔

''مجھے تو تمہارے جیسا لگتا ہے۔''

تاریخ گواہ ہے میں بہت روڈ تھا۔''

''یہ مدحت کا نام تاریخ کب سے ہو گیا؟''

وہ مسکرا کر رہ گیا۔

''وہ آپ کی طرح بہت کیئرنگ اور حساس ہے ممی!''

''تم بھی ایسے ہو۔'' انہوں نے کہا۔

وہ آنکھوں میں نرمی لیے انہیں دیکھ کر رہ گیا۔

☆......☆......☆

آفس سے واپسی کے بعد وہ کپڑے بدل کر جمیلہ داؤد کے کمرے میں آیا۔ ریان اپنی دادی کی
گود سے نکل کر فارس کی طرف بھاگا تھا۔ زین کو فیڈ کرواتے ہوئے جنت یہ منظر دیکھ کر مسکرائی تھی۔

''دیکھ رہی ہیں...... جب پاپا سامنے ہوں تو پھر کوئی نظر نہیں آتا۔''

مسز شیرازی ہنس دیں۔

فارس اسے اٹھائے بیڈ پر آ بیٹھا تھا۔ اب غور سے اس کی بات سن رہا تھا۔ چھوٹے چھوٹے سے
لفظ تھے۔ ٹوٹے پھوٹے، پیارے پیارے سے...... ہاتھ سے اشارہ بھی کر رہا تھا۔ بات زین کی تھی۔ و

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

بتا رہا تھا اس کا بھائی کتنا رویا تھا۔

''اتنی مشکل سے چپ کروایا ہے۔ دودھ بھی نہیں لے رہا تھا۔'' جنت نے بتایا تو وہ جھک کر زین کی طرف متوجہ ہوا...... خوب سیر ہو کر وہ اب سو گیا تھا۔ بھرے بھرے گلابی گال...... بھینچے ہوئے ہاتھ اوپر اٹھے ہوئے...... بہت پرسکون تھا اب وہ......

''بہت چالاک اور ایکٹو ہے ماشاء اللہ سے...... بے چاری جنت ہلکان ہوئی رہتی ہے۔''

فارس کے لبوں پر مسکراہٹ آ گئی۔ ''تو گیا کس پر ہے؟''

''تم پر...... اور کس پر؟'' جنت نے فوراً جواب دیا۔

''میں ایسا نہیں تھا۔''

''اب چار ماہ کی عمر میں تم کیسے تھے، یہ یاد ہے تمہیں؟'' جنت تپ گئی۔

''لیکن مجھے یہ تو یاد ہے تم کیسی تھیں۔ ڈاکٹر مصطفیٰ کہتے تھے میری نواسی بہت ایکٹو ہے، بہت شرارتی ہے...... چالاک ہے...... تیز ہے۔''

ایک تو اس کی یادداشت......

''تمہیں کچھ بھولتا بھی ہے یا نہیں؟'' جنت سرخ ہوئی۔

''تم سے متعلق کچھ نہیں بھولتا۔''

وہ گھور کر رہ گئی۔

☆......☆......☆

رات کا کھانا کھانے کے بعد وہ زین کو سلا رہی تھی جن ریان اپنے قد جتنا بلینکٹ کھینچتا بیڈ سے اتر کر باہر بھاگا۔

''ریان!'' بے اختیار آواز دی مگر وہ نہیں رکا۔ کھلکھلاتے ہوئے راہداری میں تیز تیز قدم اٹھاتا

بلینکٹ سے الجھ کر گرا۔ پھر اٹھ کر بلینکٹ کا کونا پکڑا، مضبوطی سے ...... اور فارس کی اسٹڈی روم کے ادھ کھلے دروازے کو اندر دھکیلا۔

"پاپا!"

وہ سامنے ہی کاؤچ پر بیٹھا تھا۔ سر اٹھایا۔ فوراً بھاگا بھاگا آیا۔ چہرہ کھلا ہوا تھا۔ فارس کے چہرے پر مسکراہٹ آ گئی۔ ہاتھ بڑھا کر اسے بازو سے پکڑ کر اٹھا لیا۔ اس کی گود میں بیٹھے اس نے اپنا بلینکٹ سر پر ڈال لیا۔ چھپنے کی کوشش۔

"ریان!" وہ آواز دیتی ہوئی اسٹڈی میں آئی تھی۔

وہ اس کی گود میں بلینکٹ میں چھپ کر بیٹھا ہوا الرٹ ہو کر بالکل چپ ہو گیا تھا۔

"فارس! کیا تم نے ریان کو دیکھا ہے؟"

اس نے بھی یوں ظاہر کر دیا جیسے وہ اسے نظر نہیں آیا۔

"نہیں، میں نے نہیں دیکھا۔"

آنکھوں میں چمک بھری شرارت لیے وہ اپنا گال اپنے پاپا کے سینے پر رکھے خوش ہوا کہ مما کو نظر نہیں آیا۔ (یعنی اچھے سے چھپا ہوا ہوں!)

"تو یہ چھوٹے چھوٹے پیر کس کے ہیں؟" وہ ان کے سامنے ہی جھک گئی۔

"بلی کے ہیں۔" جواب فارس نے دیا تھا۔ ایک بازو میں ریان کو لیا ہوا تھا۔ دوسرے ہاتھ سے ٹائپنگ جاری تھی۔

"بلی کے پیر...... اتنے پیارے پیارے......" اس نے بے اختیار اس کے تلوؤں کو چھوا تو اس نے فوراً ہی کھلکھلاتے ہوئے اپنے پاؤں اوپر کو کھینچے۔ جس سے حرکت پیدا ہوئی اور مما کو شک ہو گیا۔

"یہ تم نے کسے اٹھایا ہوا ہے فارس؟"

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Dunya

"بلی کو!"

"بلی کو؟"

"جی بالکل!"

"مجھے نہیں لگتا، یہ بلی ہے۔" اس نے بلینکٹ کو کھینچ کر ہٹایا اور وہ ایک دم سے مچل کر چیخا۔

"پاپا!" احتجاجاً کہ پکڑا گیا، مدد کرو۔

"تم ہمیں ڈسٹرب نہیں کرو پلیز!" فارس نے اسے بازوؤں میں چھپالیا۔

"تمہاری بلی کا سونے کا وقت ہے۔"

"اچھا، تم جاؤ۔ ہم آجائیں گے۔" فارس نے لیپ ٹاپ رکھ دیا۔ اس نے مسکرا کر دونوں کو دیکھا، اسٹڈی روم سے چلی گئی۔ ریان نے گردن موڑ کر دیکھا، مما ہیں یا چلی گئیں؟ پھر چمکتی روشن شرارتی آنکھوں کے ساتھ کھلکھلایا۔ ادھ کھلے دروازے سے جنت نے یہ منظر مسکراتے ہوئے دیکھا پھر سر جھٹک کر چلی گئی تھی۔

☆......☆......☆

وہ اپنے کاروبار کے سلسلے میں امریکا گیا تو مین ہیٹن بیچ پر اپنے گھر میں گزاری جانے والی وہ پہلی رات سے بہت بھاری محسوس ہوئی۔ رہ رہ کر جنت کا، بچوں کا خیال آتا رہا۔ ٹائمنگ کا مسئلہ تھا، جتنی بار کال کی، ریان سے بات نہ ہو سکی۔ تیسرے دن اس نے وقت طے کر کے ویڈیو کال کی تو پہلا چہرہ ریان کا ہی نظر آیا۔

"ریان! دیکھو پاپا!"

وہ آنکھوں میں نمی لیے، نچلے لب تلے اوپر والا لب دبائے بہت ایموشنل سا کھڑا تھا۔ اس نے پاپا کی آواز اتنی دیر بعد سنی۔ وہ اپنے پاپا کے پاس جا بھی نہیں سکتا۔ پاپا موبائل سے باہر بھی نہیں آسکتے۔ اس کا دکھ بہت بڑا تھا۔

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا Novels Ki Dunya

"کیا تم ریان کو کینڈی دے سکتی ہو؟" فارس نے اب کے جنت کو مخاطب کیا۔ اسے گود میں لیے
موبائل سامنے رکھے مسکراہٹ دبائی۔

"اس وقت؟"

"ہاں، اس وقت!"

"ابھی تو ریان کے سونے کا وقت ہے۔"

"ریان برش بھی تو کرتا ہے۔" فارس نے سائیڈ لی۔ وہ دو سال کا چوزہ ذرا اور حساس ہوا۔
ساری باتیں سمجھ میں آتی تھیں۔ تاثرات بھی۔ پاپا کو اس سے کتنا پیار تھا۔

"اچھا ٹھیک ہے۔"

"ابھی دو اسے میرے سامنے۔ اور جو اس کا فیورٹ کلر ہے، اسی میں دینا ہوگا۔"

"تو کون سا فیورٹ کلر ہے ریان کا؟"

"شح!" (سرخ) فوراً سے جواب دیا۔

"او شح کلر!" جنت نے بھینچ کر اس کا گال چوما۔

فارس کے سامنے ہی کینڈیز سے بھرا باکس کھول کر ریان کے سامنے رکھا۔ اس نے سرخ ریپر والی
ایک کینڈی خود نکال لی۔ دوسری نکال کر موبائل کی طرف بڑھائی۔ پاپا کو دینے کے لیے۔

اس کی محبت، اس کا انداز، اس کا کھلتا ہوا چہرہ...... ہر بار فارس کا دل نئے سرے سے جیت لیتا تھا۔

"یہ بھی ریان کی ہے۔"

"دوووو......" جنت معترض ہوئی۔

"ایک ریان ابھی کھائے گا، ایک صبح کھا لے گا۔ ہے نا ریان؟" اس نے اثبات میں سر کو جنبش دی۔
معاملہ طے ہو گیا۔ کچھ دیر تک اس نے اپنے پاپا کو دیکھا۔ آواز بھی سنی۔ سر بھی ہلایا۔ پھر باتیں

https://novelskidunya.com/

بھی کیں۔ کچھ فارس کی سمجھ میں آئیں، کچھ نہیں آئیں۔ جنت ٹرانسلیٹر تھی۔ بتا رہی تھی، وہ کیا کہنا چاہ رہی ہے۔ زیادہ تر روزمرہ کی روٹین میں پیش آنے والے واقعات تھے۔ ایک عدد شکایت جنت کی بھی تھی جس نے باہر جانے نہیں دیا۔ کچن میں ''گاش'' (گلاس) ٹوٹا تھا۔ اور ''اشکا'' (اقصیٰ) اس کے ساتھ کھیلتے ہوئے لان میں گر گئی تھی۔ اور اس نے ''ایش کیم'' (آئس کریم) بھی کھائی تھی۔

وہ اس کی سنتا رہا۔ مسکراتا رہا۔ پھر جنت سے بات ہوئی۔ جمیلہ داؤد سے بھی۔ مصروفیت زیادہ تھی، سو جلد از جلد اپنا کام مکمل کر کے واپس پاکستان آنا تھا۔ بچوں کے بغیر اب اس کا گزارا ناممکن سا تھا۔ اسی دوران اپنے ضروری معاملات کو دیکھتے اسے اپنی کمپنی کے لیے ایک پروگرام کا حصہ بننا پڑا۔

جس کرسی پر وہ بیٹھا تھا اس کرسی پر بیٹھ کر اعظم شیرازی کئی بار انٹرویو دے چکے تھے۔ اس کا یہ پہلا تجربہ تھا۔ ذاتی زندگی سے متعلق کوئی سوال نہ تھا، تمام کی تمام گفتگو کاروباری نوعیت کی تھی۔ وہ پورے اعتماد اور کانفیڈنس کے ساتھ شیرازی انٹرپرائزز کو ریپریزنٹ کرتا جواب دے رہا تھا۔

اختتام سے پہلے خاتون اینکر نے اعظم شیرازی کی تعریف کرتے اچانک ہی گفتگو کا رخ اس کی نجی زندگی کی جانب موڑ دیا تھا۔ اس کی کامیابیوں کا تمام سہرا کس کے سر جاتا ہے؟ وہ پوچھ رہی تھی۔

''میری ماں!''

اس کا جواب خاتون اینکر کے لبوں پر مسکراہٹ بکھیر گیا۔ اسے جیسے یہی الفاظ چاہیے تھے۔ پروگرام کو ریٹنگ چاہیے ہو اور لیڈی اسپرانزا کا نام نہ لیا جائے، ایسا کیسے ممکن تھا؟

بڑی اسکرین پر آرزو جہانگیر کا چہرہ نمایاں کر دیا گیا اور فارس وجدان کے تاثرات ایک دم سے بدل گئے۔

کیا یہ اسکرپٹڈ شو تھا؟ کیا یہ سوال، اور اس کے ممکنہ جواب پر ریایکشن پہلے سے طے تھا؟

شوز کے پروڈیوسر، ڈائریکٹرز اور چینل مالکان جس کے اشاروں پر چلتے ہوں، وہ عورت اپنی

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

مداخلت سے کیسے باز آ سکتی تھی۔

''بلاشبہ آرزو جہانگیر ایک بہت ہی کامیاب بزنس وومن ہیں۔حال ہی میں جو انہوں نے
نوجوان نسل کے لیے اسٹارٹ اپ پروگرام لانچ کیا ہے وہ بہت ہی کمال کا ہے۔ایسی عورت کی اولاد
کامیابی کی بلندیوں......''

''معذرت کے ساتھ لیکن آپ کس کی بات کر رہی ہیں؟''اس نے کچھ سختی سے بات کاٹ دی تھی۔
اینکر نے چونک کر اسے دیکھا۔اسکرین کی طرف اشارہ کیا۔''میں آپ کی ماں آرزو جہانگیر
لیڈی اسپرانزا کی بات کر رہی ہوں۔''

''لیکن میں اس نام کی کسی خاتون کو نہیں جانتا۔''

اپنے شان دار لگژری فلیٹ میں اسکرین کے سامنے کھڑی آرزو جہانگیر کو اس ایک جواب سے
بے پناہ وجود دھماکے سے فنا ہوتا محسوس ہوا تھا۔اسے نہیں پتا تھا اس کا بیٹا بھری دنیا کے سامنے ایسے سخت الفاظ
استعمال کر کے اس کے ساتھ اپنے ہر رشتے کی نفی کرتا بے وقعت کر دے گا۔

''میں اپنی ماں کی بات کر رہا ہوں۔ان کا نام جمیلہ داؤد ہے۔وہ ایک آرٹسٹ ہیں۔آج میں
جس مقام پر ہوں،اللہ کے بعد ان کی وجہ سے ہوں۔کامیاب ہوں تو اس لیے کہ انہوں نے میرا ہمیشہ
ساتھ دیا۔''

آرزو جہانگیر اپنے اپارٹمنٹ میں تھی۔اور جمیلہ داؤد وجدان ہاؤس میں۔اسکرین ان کی بھی روشن
تھی۔پروگرام وہ بھی دیکھ رہی تھیں۔چار ماہ کے زین کو اٹھائے جنت کچن سے باہر آ رہی تھی۔ریان اس
کے ساتھ ہی تھا۔فیڈر ہاتھ میں پکڑے،وہ ذرا چڑچڑا سا رو ئے جا رہا تھا۔اسے نیند آ رہی تھی۔وہ بچوں کو
سلانے کے لیے دوسرے کمرے میں جا رہی تھی۔ارادہ تھا،فرصت میں بعد میں پروگرام دیکھ لے گی۔

جمیلہ داؤد کا چہرہ تر ہونے لگا۔

''مگر آرزو جہانگیر آپ کی بائیولوجیکل مدر......''

''سوری...... میں انہیں نہیں جانتا۔'' جواب دے کر مائیک اتارتا وہ بریک یا اختتام کا انتظار کیے بغیر ہی اپنی جگہ سے اٹھ گیا تھا۔ گویا مزید اس پروگرام کا حصہ بننے کی اب کوئی خواہش نہ رہی ہو۔

اسکرین تاریک ہوئی تو آرزو گرنے کے سے انداز میں صوفے پر بیٹھتی چلی گئی تھی۔ دماغ سن تھا۔ کان سائیں سائیں کر رہے تھے۔ آرزو جہانگیر کا بیٹا، اپنی ماں کو نہیں جانتا؟ جسے پوری دنیا جانتی تھی وہ اپنی اولاد کے لیے گم نام تھی۔ اس کے جواب کے کتنے ہی کلپس تھے جو اگلے ایک گھنٹے میں شیئر کر دیے گئے تھے اور کتنے ہی آرٹیکلز تھے جو لکھ دیے گئے تھے۔ ایک طرف وہ تھی بات بے بات اپنے بیٹے کا ذکر کرتی ہوئی، دوسری طرف بیٹا تھا جو اسے اپنی ماں تسلیم کرتا ہی نہیں تھا۔

اس رات آرزو جہانگیر کو لگا، وہ اب کبھی بھی فارس کا ذکر میڈیا پر نہیں کر سکے گی۔ وہ اس کے متعلق کسی بھی سوال کا جواب اب کبھی نہیں دے سکے گی۔ اس رات اسے اپنی شکست تسلیم کرنا پڑی تھی۔ اس رات اسے خاموش ہونا پڑا تھا۔

☆......☆......☆

واش بیسن پر جھک کر فارس نے ٹھنڈے پانی کے کئی چھینٹے مارے تھے۔ لیڈی اسپرانزا کا نام تصویر، اینکر کا سوال اور اب سوشل میڈیا پر چھڑنے والی بحث اس کے حواسوں پر چھا رہی تھی۔ اضطراری کیفیت میں مبتلا وہ بیسن پر گرفت جمائے کتنی ہی دیر تک جھکا رہا تھا۔ صبح اس کی فلائٹ تھی۔ وہ آرام کرنا چاہتا تھا مگر نیند آنکھوں سے کوسوں دور ہو رہی تھی۔ جمیلہ داؤد نے کال کی تو اس نے اٹھا لیا۔

''تم ٹھیک ہو؟'' انہوں نے کچھ فکر مندی سے پوچھا تھا۔

اس نے کہا، وہ ٹھیک ہے۔ تفصیل سے بات بھی کی، مگر وہ ٹھیک نہیں تھا۔ سکون جیسے اب گھر پہنچ کر ہی مل سکتا تھا۔ سفر کے دوران بھی وہ بے سکون رہا۔

https://novelskidunya.com/

گھر پہنچتے ہی وہ گاڑی سے اترا تو پہلی نظر اپنی بیوی پر ہی پڑی۔ وہ زین کو اٹھائے سیڑھیوں پر اس کے انتظار میں ہی کھڑی تھی۔ ریان ہاتھ چھڑا کر اس کی جانب بھاگا تھا۔ اس کی حرکت بے اختیاری سی تھی۔ پورے پندرہ دن کے بعد وہ اب اسے دیکھ رہا تھا۔ اس نے ریان کو اٹھالیا۔ اب وہ اپنی بیوی سے مل رہا تھا۔ اپنے چھوٹے بیٹے زین سے بھی۔ وہ ریان کو نیچے اتارے اس چار ماہ کے چوزے کو اٹھا چکا تھا۔ جو دھوپ میں آنکھیں جھپکاتا اسے دیکھنے کی کوشش کر رہا تھا۔ ذرا سا حیران، پریشان کہ چہرہ نیا تھا۔

''زین! دیکھو پاپا!'' جنت نے پچکارتے ہوئے کہا۔

''زین!'' اس نے بے اختیار اس کا گال چوما۔

پندرہ دنوں میں وہ بھول بھال بھی گیا کہ کون پاپا..... کون فارس! رونا شروع۔

''کیا ہو گیا؟''

اور ہمیشہ کی طرح اس کے رونے پر ریان فوراً الرٹ ہو گیا۔ (بڑا بھائی جو تھا)

وہ اندر گئے تو جنت نے اسے لاؤنج میں کاٹ پر لٹا دیا۔

''ریان یہاں بیٹھو!''

اور وہ بیٹھ گیا۔ یوں جیسے یہ روز کا معمول ہو۔ جھک کر بھائی کو پیار کرتا ہوا۔ اس کی بند انگلیوں کو کھول کر کوئی چیز پکڑاتا ہوا۔ اس کے گال پر پیار کرتا ہوا۔ بڑی ذمہ داری سے۔

وہ کپڑے بدل کر باہر آیا تو یہ منظر دیکھ کر رک گیا۔ ریان کے تاثرات بہت ہی پیارے تھے۔ سمجھ داری کا، ذمہ داری کا تاثر دیتے ہوئے۔

اس کا چہرہ کھلا ہوا تھا۔ معصوم آنکھوں میں پیار نظر آ رہا تھا۔

وہ اتنا خوش تھا کہ ہنسے جا رہا تھا۔ گال بھرے بھرے سے گلابی ہو رہے تھے۔ آنکھیں روشن.....

اس کے پاپا گھر آ گئے تھے۔

سارا وقت وہ اس کی گود میں چڑھا رہا۔ کاریں، کھلونے اٹھا اٹھا کر دکھاتا رہا۔ اس کی پیاری پیاری باتیں تھیں، سوال تھے۔

جنت انہیں دیکھتی مسکراتی رہی۔

''تمہارے جانے کے بعد اسے بہت تیز بخار ہو گیا تھا۔''

شام میں وہ اسے سینے پر سلائے ہوئے تھا جب جنت نے کہا۔ وہ زین کو بے بی کاٹ میں لٹا کر ابھی اس کے پاس آئی تھی۔ ''یقیناً تمہیں مس کر رہا تھا۔''

''بتایا کیوں نہیں؟''

''آنٹی نے منع کر دیا تھا۔ کام کی ٹینشن کم تھی، اس کی بھی فکر میں ڈال دیتے!''

وہ ریان کی پشت پر ہاتھ رکھے ہوئے تھا۔ بے اختیار گرفت مضبوط کر لی۔

''تم نے تو مس نہیں کیا!'' اب اس نے جنت سے پوچھا تھا۔

''بالکل بھی نہیں!'' بازو موڑ کر سر کے نیچے رکھے آہستگی سے بولی تو وہ مسکراہٹ دبا گیا۔

''بار بار کال اور میسج تو بھوت کرتے رہتے تھے!''

''مجھ سے زیادہ کالز اور میسجز اس بار تم نے کیے ہیں۔'' اس نے جتا دیا۔

''مجھے تو ریان سے بات کرنا تھی۔'' بہانا تیار تھا۔

''عجیب بات ہے کہ ہر بار بات صرف مجھ سے ہی ہوئی۔'' اس کی آنکھوں میں شرارت آ گئی۔

وہ مسکرا کر رہ گیا۔

☆......☆......☆

ڈائننگ ہال میں ملازم نے فارس کی طرف جھک کر عدینہ زبیر کی آمد کی اطلاع پہنچائی تو ہر طرف ایک سناٹا چھا گیا۔ چھریوں، کانٹوں کی حرکت تھم گئی۔ فارس نے نظر اٹھا کر جمیلہ داؤد کو دیکھا۔ ان کی

https://novelskidunya.com/ NovelsKiDunya

آنکھوں سے پریشانی جھلکنے لگی تھی۔ جنت نے بے اختیار فارس کو دیکھا۔ ریان اس کی برابر والی کرسی پر بیٹھا ہوا تھا۔ وہ اسے اپنے ہاتھ سے کھانا کھلا رہی تھی۔

"اسے اندر آنے دو!"

فارس کا جواب جنت کمال کی دھڑکن تیز کر گیا۔

جمیلہ داؤد نے بھی کچھ متوحش نگاہوں سے فارس کو دیکھا۔

ملازم کو حکم دیتا وہ نیپکن سے ہاتھ صاف کرتا ڈائننگ ٹیبل چھوڑ کر اٹھ گیا تھا۔

"آپ کھانا کھایئے ممی! میں ابھی آتا ہوں۔"

جمیلہ داؤد کے تاثرات بدل گئے تھے۔ وہ ایک دم سے بہت پریشان اور فکر مند نظر آنے لگی تھیں۔

جنت ان کے پہلو میں بیٹھی گلاس میں پانی ڈال کر دیا۔ پھر اٹھ کر راہداری میں آ کھڑی ہوئی۔

جمیلہ داؤد نے اپنے پوتے کو خود سے لگا لیا تھا۔

عدینہ ریان کی ماں تھی۔ وہ بچے کو یہاں سے لے جانے کا پورا حق رکھتی تھی۔ وہ حماد کی نشانی کو ایسے نہیں کھو سکتی تھیں۔ جانے کیا ہونے والا تھا۔

"کہاں ہے میرا بیٹا...... مجھے اپنا بیٹا چاہیے۔" حیدر کے ہمراہ اندر داخل ہوتے ہی وہ شدید غصے کے عالم میں چلائی تھی۔

ناول عُسرِ یُسرا کی اگلی اقساط آپ ہر ماہ کی 15 تاریخ کو پڑھ سکیں گے۔

https://novelskidunya.com/

آخری قسط نمبر 23

اپنی سفید ہوڈی کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے وہ بے حد سنجیدگی سے عدینہ زبیر کے سامنے کھڑا ہو گیا تھا۔ سرد نگاہیں اس کے غصے سے سرخ پڑتے چہرے پر جم گئی تھیں۔ فارس کی اجازت سے ہی وہ اندر آ سکی تھی اور اتنی جرأت بھی دکھا سکی تھی۔

"مجھے میرا بیٹا چاہیے۔" فارس کی آنکھوں میں آنکھیں گاڑ کر اس نے اپنا مطالبہ واضح کر دیا۔ آج وہ ہر صورت ریان کو ساتھ لے جانے کے لیے آئی تھی۔

"مجھے بھی میری بیٹی چاہیے۔ دے سکتی ہو؟"

عدینہ زبیر کے اندر ایک دم سے سناٹا پھیلا تھا۔

آنکھوں میں اضطراب لیے جنت کمال نے فارس وجدان کو دیکھا۔

"تو بدلہ لے رہے ہو تم مجھ سے۔" عدینہ کا لہجہ پتھریلا ہوا۔

"تمہارے ساتھ تمہاری طرح پیش آ رہا ہوں۔" اس کے لہجے کی برودت، عدینہ زبیر کو اندر تک سلگا گئی تھی۔

"میں یہاں صرف اپنے بیٹے کے لیے آئی ہوں۔" اس کی آواز بلند ہوئی۔

"اور میں ریان کو تمہارے گھر سے نہیں لایا۔" فارس کی کرخت آواز سناٹے میں گونج کر رہ گئی تھی۔

عدینہ زبیر ایک دم سے لاجواب ہوئی۔ بیٹے کو ماں کے حوالے کر کے اس نے ایک بار بھی پلٹ

کر خبر نہیں لی تھی۔اپنے منتشر خیالات کو یکجا کر کے اس نے سر اٹھایا۔

''میں اپنے بیٹے کو اب اپنے ساتھ رکھنا چاہتی ہوں۔'' سنبھل کر تیزی سے بولی۔

''پچھلے پندرہ ماہ سے ریان تمہارے بھائیوں کے ساتھ رہ رہا تھا۔یہ مدت کافی نہیں تھی اسے اپنے ساتھ رکھنے کے لیے؟''

وہ جانتی تھی بات کس طرف جا رہی تھی۔وہ پہلے بھی ریان کے لیے نہ آئی،اب کیسے آسکتی تھی۔وہ بھی تب جب وہ اپنی دادی کے پاس آ گیا تھا۔

''میں کبھی نہیں چاہوں گی،میرا بیٹا اپنے باپ کے قاتل کے پاس رہے۔''

فارس کی استہزائیہ مسکراہٹ داہنے گال کی جانب اٹھ گئی۔

''قاتل خرچا اٹھا سکتا ہے،اپنے ساتھ نہیں رکھ سکتا؟'' اس کا لہجہ طنزیہ ہوا۔

عدینہ کی نگاہیں سلگ اٹھیں۔

''میں تمہارے ساتھ کوئی بحث کرنے نہیں آئی۔مجھے میرا بیٹا چاہیے۔ابھی اور اسی وقت۔''

''اور میرا جواب بھی واضح ہے،تم ریان شیرازی کو اس گھر سے کہیں نہیں لے جا سکتیں۔''

عدینہ زبیر کو لگا سننے میں غلطی ہوئی ہے۔وہ ریان شیرازی کے لیے ایسی بات نہیں کہہ سکتا۔ایسا اسٹینڈ نہیں لے سکتا۔

''میں ماں ہوں اس کی،جب چاہوں،جس وقت چاہوں،اسے اپنے ساتھ لے جا سکتی ہوں۔تم کون ہوتے ہو میرے راستے میں آنے والے؟'' وہ مشتعل ہو کر چیخ پڑی۔

وہ جیبوں میں ہاتھ ڈالے اسے دیکھتا رہا۔

''چچا ہوں اس کا،حق رکھتا ہوں۔''

ڈائننگ ہال میں مسز شیرازی تھیں۔وہ اس کی آواز با آسانی سن سکتی تھیں۔ریان ان کی گود میں

تھا۔ ان کا دل لرز رہا تھا۔

عدینہ کی مٹھیاں سختی سے بھنچ گئیں۔

''تو تم ایسے نہیں مانو گے۔ میں اپنے بیٹے کے لیے عدالت میں جاؤں گی۔ میں تم پر کیس کروں گی۔ تمہیں میڈیا پر بدنام کر دوں گی۔ تمہیں کیا لگتا ہے، صرف تم ہی سب کچھ ہو۔ میں تمہارا وہ حشر کروں گی تم کسی کو منہ دکھانے کے لائق نہیں رہو گے۔'' اس کا لہجہ زہریلا ہو رہا تھا۔

''تمہیں نہیں لگتا، اب چال چلنے کی باری میری ہے؟''

اپنی جیبوں سے ہاتھ نکالتے ہوئے وہ سیدھا ہوا۔ عدینہ زبیر کی گرفت بیگ اسٹریپس پر سخت ہو گئی۔

''تمہارا کیا خیال ہے، پچھلے دو سالوں سے جو تم کر رہی ہو، میرے پاس اس کا ریکارڈ نہیں ہو گا؟''

اس نے ناسمجھی کے عالم میں فارس کو دیکھا۔

اگلے ہی پل اس کے چہرے پر سایہ سا لہرا گیا۔

''اور وہ کون ہے جس کے ساتھ تمہاری خفیہ شادی چل رہی ہے؟ سینیٹر کامران جاوید!''

اس کے پیروں تلے سے زمین نکل گئی تھی۔ آس پاس دھماکوں کا گمان ہونے لگا تھا۔

''تمہارے دبئی کے کافی چکر لگتے رہے ہیں۔ کیا اس کی ڈیٹیلز سے بھی آگاہ کر دوں؟''

آنکھوں میں ہراس لیے وہ سناٹوں میں گھری رہ گئی تھی۔

''اگر میڈیا کو بیچ میں لا رہی ہو تو آئی گیس..... تمہاری خبروں کو ریٹنگ زیادہ ملے گی۔ ہائپ بھی زیادہ کری ایٹ ہو گی۔ اور سینیٹر کامران کم از کم یہ نہیں چاہیں گے کہ ان کا سیاسی کیریر اس طرح سے تباہ ہو جائے۔''

وہ صدمے سے گنگ کھڑی تھی۔ توڑ پھوڑ کا شکار ہوتی ایک دم سے فنا۔

جو شخص اس کا نام نہیں سننا چاہتا تھا، شکل نہیں دیکھنا چاہتا تھا، وہ اس پر یوں نظر رکھے ہوئے تھا، اس کے تو ذہن میں کبھی خیال ہی نہیں آیا تھا۔

https://novelskidunya.com/

"ریان کی کسٹڈی کے لیے عدالت جانا چاہتی ہو، شوق سے جاؤ۔ تمہیں چیلنج کرتا ہوں، میرے جیتے جی اسے مجھ سے لے کر دکھاؤ تم۔"

وہ بھاری سانسوں کے ساتھ متوحش سی کھڑی رہ گئی تھی۔ اس نے سوچا تھا، وہ اسے عدالتوں میں گھسیٹے گی، اسے میڈیا پر بدنام کرے گی۔ اس پر پریشر بڑھائے گی۔ اس کی زندگی تباہ کر دے گی۔

اس نے کیا سوچا تھا اور کیا ہو گیا تھا۔ اعصاب پر ایسی ضرب پڑی تھی کہ وہ کچھ بھی کرنے کے قابل نہیں رہی تھی۔

"تو اب بتاؤ، بیٹا چاہیے یا اپنی زندگی؟" اس نے ایک لمحے کا توقف کیے بغیر جملہ ادھورا چھوڑ دیا۔

"فیصلہ ابھی ہو گا، میں نہیں چاہتا۔ روز روز کوئی تماشا کھڑا ہو۔"

پتھر وجود پر دراڑ سی پڑی۔ آنکھوں میں قہر اتر آیا۔ اس کا وجود خود ساختہ آگ میں جلنے لگا تھا۔

اس کے لیے زندگی اہم تھی۔ اپنا گھر اہم تھا۔ جس شخص کے ساتھ وہ رشتے میں منسلک تھی، وہ شخص بھی اہم تھا۔

"میں تمہیں دیکھ لوں گی۔" مٹھیاں بھینچ کر ہاتھوں کی کپکپاہٹ پر قابو پاتے ہوئے سخت لہجے میں دھمکا کر وہ اسی وقت گھر سے نکل گئی تھی۔

دروازہ بند ہوا تو گہری سانس لیتے ہوئے جنت کمال نے فارس کو دیکھا۔

"عدالتی نوٹس آ بھی سکتا ہے۔" حیدر مؤدب سا فارس کے برابر میں کھڑا کہہ رہا تھا۔

"دیکھتے ہیں۔ کیا کرتی ہے۔" وہ عام سے لہجے میں بولا۔ گویا اس کے لیے یہ مسئلہ سرے سے مسئلہ تھا ہی نہیں۔ وہ ریان کے معاملے میں عدینہ زبیر جیسی عورت سے نمٹنے کے لیے مکمل تیار تھا۔

گہری سانس لے کر مڑا تو جنت پر نظر پڑتے ہی رک گیا۔ اس نے قریب آ کر فارس کا ہاتھ بہت مضبوطی سے پکڑ لیا۔

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دُنیا
Novels Ki Duniya

"آئم سو پراؤڈ آف یو۔"

فارس وجدان نے سانس بھر کر بیوی کو دیکھا۔ جس کی کچھ دیر پہلے تک اچھی خاصی ہوائیاں اڑی ہوئی تھیں۔

"میں کے ٹو سر کر کے نہیں آیا۔"

"لیکن میرے لیے یہ مسئلہ کے ٹو جیسا ہی تھا۔ قسم سے بہت ڈری ہوئی تھی کہ پتا نہیں کیا ہوگا۔" بازو سے پکڑ لیا۔ "تھینک یو فارس! تھینک یو سو مچ۔"

"کس لیے؟" وہ ذرا سا حیران ہوا۔

"تم نے ریان کے لیے جو اسٹینڈ لیا۔ اس کے لیے۔"

"وہ تو مجھے لینا ہی تھا۔"

"ہاں لیکن...... جو تم نے کیا......"

"کیا کیا؟"

کہنا چاہتی تھی جو عدینہ زبیر کے ساتھ کیا اس کے لیے بھی شکریہ...... مگر مسکراہٹ لبوں پر سجائے چپ رہی۔ یوں لگا جیسے عدینہ زبیر کی تمام حرکتوں کا بدلہ لے لیا گیا ہو۔

ڈائننگ ہال میں داخل ہوتے ہی مسز شیرازی کے برابر میں بیٹھتے فارس نے پانی کا گلاس اٹھا لیا۔ مسز شیرازی آنکھوں میں نمی لیے اسے دیکھ رہی تھیں۔ ریان گود میں تھا۔ میز پر ہاتھ رکھے پلیٹ کو چھیڑنے کی کوشش کرتا ہوا۔

"آپ کھانا نہیں کھا رہیں۔" سر اٹھا کر پوچھا۔ ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔ فوراً ہی صاف کیے۔ جنت فارس کے برابر میں بیٹھ گئی تھی۔

"ممی!" وہ ان کی طرف متوجہ ہوا۔

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا Novels Ki Dunia

''اگر وہ ریان کو لینے پھر آ گئی تو؟'' جو خدشہ تھا وہ لبوں پر آ گیا۔ آج وہ خالی ہاتھ چلی گئی تھی۔ کون جانے کب وہ واپس آ جائے۔

''اللہ پر بھروسا رکھیں۔ میرے ہوتے ہوئے وہ ریان کو آپ سے نہیں چھین سکتی۔'' ان کے ہاتھوں پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے یقین دہانی کرائی۔

''ماں ہے، کچھ بھی کر سکتی ہے۔'' ان کی آواز کانپی۔

''ممی! اگر اسے ریان کی فکر ہوتی تو وہ اسے اپنے پاس رکھتی۔ یہاں وہ صرف ہمارا ری ایکشن دیکھنے آئی تھی۔'' اس نے مختصر جواب دے کر انہیں اندر تک پرسکون کر دیا۔ وہ فارس کو دیکھ کر رہ گئی تھیں۔ وہ پرسکون اور مطمئن نظر آ رہا تھا۔ وہ اس عورت کو بہت اندر تک سمجھ کر، پرکھ کر بات کر رہا تھا۔

ان کا دل بھر آیا۔

''آپ کھانا شروع کریں۔'' وہ ان سے کہہ رہا تھا۔

جمیلہ داؤد کے دل پر جو خوف کے بادل تھے، چھٹ گئے۔ آنکھوں میں نمی لیے اپنے پوتے کا گال چوما۔ جنت نے ریان کو ان سے لے کر کرسی پر بٹھا لیا۔ کھانا ایک بار پھر شروع کر دیا گیا تھا۔

اور باہر اپنی گاڑی کی طرف بڑھتے ہوئے عدینہ زبیر نے شدید غصے کے عالم میں اپنی مٹھیاں بھینچ لی تھیں۔

☆......☆......☆

شام میں وہ ان کے کمرے میں آیا تو وہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے جاگ رہی تھیں۔ اسے دیکھتے ہوئے مسکرائیں مگر آنکھوں میں غم ٹھہرا ہوا نظر آ رہا تھا۔ ان کے ہاتھوں میں موبائل تھا اور موبائل پر حماد کی تصویر تھی۔ ریان کی وجہ سے آج انہیں وہ بہت شدت سے یاد آیا تھا۔ فارس ان کے پاس بیٹھ گیا۔

''بچے سو گئے؟'' انہوں نے پوچھا۔ اس نے اثبات میں سر کو جنبش دی۔

https://novelskidunya.com/

انہوں نے موبائل رکھ دیا۔

''آپ پریشان لگ رہی ہیں؟''

انہوں نے سر اٹھا کر فارس کو دیکھا۔ چند لمحوں تک چپ رہیں، جیسے اپنے خوف کے اظہار کے لیے مناسب لفظ نہ مل رہے ہوں۔

''ریان تمہارا بھتیجا ہے، تم اس کے باپ کی جگہ پر ہو۔ ہوسکتا ہے، اس کی ماں کی وجہ سے کبھی تمہارے دل میں کوئی نفرت آ جائے، یا کبھی تمہارے لیے یہ سب مشکل ہو جائے۔''

''ممی!'' اس نے ان کا ہاتھ پکڑ کر نفی میں سر ہلاتے انہیں روکنا چاہا۔

''میں صرف اتنا کہہ رہی ہوں، عدینہ کی وجہ سے ریان کو کبھی اکیلا مت کر دینا فارس! اس کا پوری دنیا میں تمہارے سوا اور کوئی نہیں ہے۔'' ان کی آواز بھیگی ہوئی تھی۔ چہرہ تر تھا، وہ بہت حساس ہو رہی تھیں۔

اس نے ان کی کیفیت سمجھ کر ان کی آنکھوں میں نرمی سے دیکھا۔ شاید انہیں ڈر تھا عدینہ ان دونوں کے درمیان کوئی دوری نہ پیدا کر دے۔ کہیں وہ بار بار کی مداخلت سے فارس کو ریان شیرازی سے متنفر نہ کر دے۔

''اس عورت کا مقابلہ مجھ سے ہے ممی! آپ بے فکر رہیں، میں ریان کو اس جنگ میں کبھی استعمال نہیں ہونے دوں گا۔'' اس کا مؤقف واضح تھا۔ ارادہ واضح تھا۔ نیت واضح تھی۔ ریان شیرازی اس گھر کا ایک فرد تھا۔ اس کی فیملی کا ایک حصہ، اس کا بھتیجا...... وہ صحیح معنوں میں اب اس کا گارجین ہی تھا۔ انہیں احساس ہوا وہ بلاوجہ کی فکر پال رہی ہیں۔ کچھ دیر تک ان کے پاس بیٹھے رہنے کے بعد وہ جا چکا تو انہوں نے گہری سانس لے کر نم آنکھوں کو صاف کیا۔ پھر دعائیں پڑھتے ہوئے سونے کے لیے لیٹ گئیں۔

☆......☆......☆

گھر پہنچتے ہی عدینہ زبیر نے بیڈ روم کا دروازہ زور سے بند کیا تھا۔ بیگ نیچے پھینک کر غصے میں ٹہلتے ہوئے اپنے بال نوچ لیے تھے۔

"بیٹا چاہیے یا اپنی زندگی؟ فیصلہ ابھی ہوگا۔ میں نہیں چاہتا، روز روز کوئی تماشا ہو۔" فارس وجدان کی آواز بازگشت بن کر ایک بار پھر گونجی تھی۔ اس نے اپنا فیصلہ سنا دیا تھا۔ وہ ہر طرح کی قانونی جنگ کے لیے تیار تھا۔ اس کے پاس بہت سے راز اور کمزوریاں تھیں۔ وہ اسے برباد کر سکتا تھا۔

وہ جلد بازی میں کوئی اسٹیپ نہیں اٹھا سکتی تھی۔ سینیٹر کامران جاوید کے ساتھ اپنے اس رشتے کو اسے بچا کر رکھنا تھا۔ وہ اس طرح نظروں میں آسکتی تھی۔

اس کا ذہن مفلوج ہو رہا تھا۔ نہ اندر کی آگ کم ہو رہی تھی۔ اور نہ ہی غصہ ختم ہو رہا تھا۔ دل چاہ رہا تھا وہ ہر ایک شے توڑ پھوڑ کر رکھ دے۔

آخر وہ ریان کو اپنے ساتھ کیسے لے جائے؟

کچھ بے بسی سے اس تمام معاملے کو سوچتے ہوئے وہ کسی خیال کے تحت ایک جھٹکے سے رک گئی تھی۔ اس کے تاثرات لمحے بھر میں بدل گئے تھے۔ اس کی بجھی ہوئی آنکھوں میں چمک اتر آئی تھی۔ اترے ہوئے چہرے پر مسکراہٹ سج گئی تھی۔

"یہ میرے ذہن میں کیوں نہ آیا۔" ہنستے ہوئے بے اختیار اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرا۔ اور بیڈ پر بیٹھ گئی۔

شیطان نے ایک چال چل دی تھی۔ اسے ایک راستہ دکھا دیا تھا۔

"حل تو یہی ہے کہ ریان اس کے پاس ہی رہے۔" اس کے اندر کا شور تھم گیا تھا۔ آگ بجھ گئی تھی۔

وہ اب فارس وجدان کا مقابلہ نہیں کر سکتی تھی لیکن بعد میں تو کر سکتی تھی۔ اور پورے حق سے اپنا بیٹا بھی لے سکتی تھی۔

اس کے لیے وقت اور پلاننگ درکار تھی۔ فارس وجدان کو شکست سے دوچار کرنے کے لیے اس کی مضبوطی کو کمزوری میں بدلنا ضروری تھا۔ اس کی آنکھوں سے شیطانیت جھلکنے لگی تھی۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

فارس وجدان کا محفوظ دیواروں کا وہ قلعہ اندر سے ہی آگ پکڑ سکتا تھا۔ تباہی کسی قریبی سے ہی شروع ہوسکتی تھی۔ وہ قریبی کوئی اور نہیں اس کا بیٹا ریان شیرازی ہی ہوسکتا تھا۔

خاندان کا نام، جائیداد میں حصہ...... کاروبار میں شیئرز۔ اگر وہ پیچھے ہٹ جائے تو ریان کو یہ سب مل سکتا ہے۔ اور پھر وہ کھیل سکتی تھی۔ سودا خسارے کا نہیں تھا۔

''ریان کو فارس کے پاس ہی رہنا چاہیے۔'' اس نے تہیہ کرلیا۔

اس کی آنکھیں اپنی ممکنہ کامیابی کو سوچ کر چمکنے لگیں۔ تصور میں ایک ہی نام...... اور آنکھوں میں ایک ہی چہرہ تھا۔ ریان شیرازی کا چہرہ جو اس کا بیٹا تھا اور جس کے بڑے ہونے کا اب اسے انتظار کرنا تھا۔

منصوبہ بن گیا۔ ارادے بندھ گئے۔ پہلا قدم اس نے اٹھالیا۔ مطمئن ہوکر اس نے اپنی ٹکٹ بک کروائی اور اگلے دن کی فلائٹ سے لندن روانہ ہوگئی۔ آنکھوں میں چمک تھی اور لبوں پر فاتحانہ مسکراہٹ۔ وہ عدینہ زبیر تھی۔ نفرت اور انتقام کی آڑ میں اپنے ہی بیٹے کی بربادی کا سوچ کر مسکرا رہی تھی۔

☆......☆......☆

لان چیئر پر مسز شیرازی کے ہمراہ بیٹھے اس نے دھوپ میں دور پھولوں کے پاس ریان، زین اور فارس کو دیکھا۔ وہ ریان کی بات توجہ سے سنتا سر ہلا رہا تھا۔ اور زین کو اس کی واکر میں بٹھا رہا تھا۔ ریان ہنستے ہوئے اپنی کھلونا کار، زرافہ، اور پلاسٹک کا بھالو سب ترتیب سے زین کے آس پاس رکھتا جا رہا تھا۔ وہ بلاکس جوڑنے کی کوشش میں اپنے پاپا کی بات بہت توجہ سے سن رہا تھا۔ وہ گھٹنے پر بیٹھ کر فارس کی گردن میں بازو ڈالے اپنے چھوٹے بھائی کو غبارے سے بہلا رہا تھا۔

زین نے اپنے ہاتھ اوپر اٹھا رکھے تھے۔ اس کے بھرے بھرے گال اور ہونٹ گلابی ہو رہے تھے۔ پھول سے لبوں سے نیچے کے دو دانت جھلک رہے تھے۔ وہ بہت ایکٹو اور شرارتی سا بچہ واکر کو حرکت دے رہا تھا۔ اس کی قلقاریاں سنائی دے رہی تھیں۔

جمیلہ داؤد کے ہمراہ بیٹھ کر چائے پیتے وہ مسلسل انہیں دیکھ رہی تھی۔ وہ منظر بہت مکمل سا لگ رہا تھا۔ بچوں کی ذمہ داری صرف اس کے کندھوں پر نہیں تھی۔ فارس روزانہ کی بنیاد پر بچوں کو ٹائم دیتا تھا۔ اور چھٹی کا دن تو تھا ہی صرف ان کے لیے۔

پھر وہ خود بھی اٹھ کر ان کے پاس چلی گئی۔ جمیلہ داؤد نے مسکراتے ہوئے انہیں دیکھا۔ ان کے گھر کی رونقیں اللہ نے لوٹا دی تھیں۔ اس پر وہ اپنے رب کا جتنا شکرادا کرتیں کم تھا۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

وہ عید کی شاپنگ پر گئے تو جمیلہ داؤد کو اپنے ساتھ ہی مال لے کر گئے تھے۔ زین کی وہ پہلی عید تھی۔ وجدان ہاؤس میں ریان کی بھی۔

دونوں کی خواہش تھی، بچوں کے کپڑے جمیلہ داؤد ہی خریدیں۔ وہ آنکھوں میں محبت کی نرمی لیے انہیں دیکھ کر رہ گئی تھیں۔

"پہلے دن آپ کی پسند کے ہو جائیں۔ دوسرے دن میری پسند کے، اور تیسرے دن فارس کی پسند۔"

"مجھے تیسرا دن ملے گا۔" ذرا سا شکوہ کیا۔

"بالکل! تم تیسرے نمبر پر رہو۔"

Novels Ki Duniya

جمیلہ داؤد مسکرا کر رہ گئیں۔ ریان اور زین کے کپڑے بہت چاہت سے خود پسند کیے۔ ان کی ہمیشہ سے خواہش رہتی تھی، وہ فارس اور حماد کو بھی ایسے ہی ایک جیسے کپڑوں میں دیکھیں۔ تو اب کافی عرصے بعد یہ خواہش بھی پوری ہو رہی تھی۔ عید کے روز ان کے ہی پسند کیے گئے شارٹس اور شرٹس میں ملبوس زین اور ریان انہیں فارس اور حماد ہی لگے۔ وہ چند لمحوں تک بالکل ساکت ہو کر نم آنکھوں سے انہیں دیکھتی رہی تھیں۔ پھر انہوں نے پہلے ریان کا بوسہ لیا تھا، پھر زین کا۔ وہ زین کو گود میں لیے آنسو پونچھتی رہیں۔

بچوں کے ساتھ گزاری جانے والی وہ عیدان کے لیے بہت خاص ہو گئی۔ دوپہر میں زویا اپنے بھائی کے ساتھ آ گئی۔ پھر ان کے چشما ٹو کزن بھی آ گئے۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے گھر بچوں سے بھر گیا۔

وہ لان میں بیٹھی ہنستے ہوئے بچوں کے ساتھ ریان کو کھیلتا دیکھتی رہیں۔

عید کے تیسرے دن لاہور کا پروگرام بن گیا۔ جنت کی بہنوں کی طرف سے دعوت تھی۔ وہ جمیلہ داد کو اپنے ساتھ ہی لے جانا چاہتے تھے مگر انہوں نے انکار کر دیا۔ ان کی چند دوستیں پاکستان آنے والی تھیں۔

لاہور کا سفر شروع ہوا تو جنت نے کچھ یاد آ جانے پر ایک دم سے اس کی طرف دیکھا۔

''تمہیں وہ جگہ یاد تو ہو گی جہاں ہم رکے تھے۔''

''کون سی جگہ؟'' اسٹیرنگ وہیل پر گرفت جمائے وہ سیاہ گاگلز کی زد میں سڑک پر نظریں جمائے ہوا تھا۔

''جہاں ایکسیڈنٹ ہوا تھا۔''

''کب ہوا تھا؟''

''فارس!'' ذرا جھنجلا کر اس کی طرف رخ موڑا۔

''اوہ ہاں! یاد آیا۔''

''ہم وہاں رکیں گے۔ میں اس لڑکے سے ملنا چاہوں گی۔'' اس نے کہہ دیا۔

عقبی نشست پر بے بی چیئر پر ریان بیٹھا تھا اور برابر میں زین تھا۔ وہ چھ ماہ کا چوزہ گہری پرسکون نیند سو رہا تھا۔

''مما!'' ریان کے ہاتھ میں ایک جہاز تھا۔ نیلے رنگ کا۔

''جی مما کی جان!'' گردن موڑ کر اس کی طرف متوجہ ہوئی۔ ریان کو پانی چاہیے تھا۔ اس کی مخصوص بوتل نکال کر اسے دی جس میں اسٹرا لگا ہوا تھا۔ چند گھونٹ لے کر اس کی ''بس'' ہو گئی۔

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

دو گھنٹوں کا سفر طے ہوا۔ اور اب کے فارس نے جس اسٹیشن پر گاڑی روکی تو جنت نے کھڑکی سے باہر دیکھتے ہوئے اندازہ لگانا چاہا وہ کہاں پر تھے۔

پٹرول پمپ اور سامنے کچھ اسٹور۔ اور دکانیں اور پھر اس کی نظر سامنے ہی پکوڑوں کے اسٹال پر پڑ گئی۔ وہاں پندرہ سولہ برس کا لڑکا کھڑا تھا۔ ہاتھوں پر دستانے تھے، سر پہ کیپ تھا۔ وہ وہی لڑکا تھا، جنت فوراً پہچان گئی۔

بچے سو رہے تھے۔ وہ گاڑی سے نکل کر باہر کے اسٹال کی طرف گئی۔

''السلام علیکم خان!''

پٹھان لڑکے نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔ آنکھیں چھوٹی کر کے، عقب میں دروازہ کھول کر اس کا شوہر باہر آیا تو خان کا پہلے منہ کھلا، پھر آنکھیں پھیلیں۔

''ارے بارش والا باجی!'' اس کا تخاطب جنت کمال کے سارے جوش پر پانی پھیر گیا۔ فارس نے بمشکل مسکراہٹ ضبط کی۔ خوش باش سا گل خان فوراً اس کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ''باجی! تم وہی ہو نا، وہاں رکا تھا تم...... جب بارش ہو رہا تھا۔''

وہ پہچان کر تصدیق چاہ رہا تھا کہ آیا وہ وہی تھی یا نہیں۔ ''اور تم پھسل کر گرا تھا۔ ہمیں تم یاد ہے۔'' وہ خوش تھا۔ فارس کی ہنسی بے ساختہ تھی۔ جنت نے گردن موڑ کر قہربار نظروں سے اسے دیکھا تو ضبط پکڑ کر اس نے معذرت خواہانہ انداز میں اپنے ہاتھ کھڑے کیے۔

''ہاں میں وہی ہوں جو اس رات اسٹور میں رکی تھی۔'' (یعنی جو گری تھی، وہ کوئی اور ہوگی)

اس نے فوراً سے کرسی کھینچ کر سامنے رکھی۔

''باجی! بہت خوشی ہوا ام کو...... !تم پکوڑے کھائے گا امارے؟''

جنت کا موڈ ذرا سا خوش گوار ہوا۔

''ہاں! بالکل۔ میں اسی لیے تو آئی ہوں۔'' فارس کا بازو پکڑ کر اسے بھی اپنے ساتھ گھسیٹ لائی۔

''جنت! میں یہ نہیں کھاتا۔''

''تم دیکھ نہیں رہے، گل خان کتنا صفائی پسند ہے؟''

''میں صفائی کی بات نہیں کر رہا۔ میں نے کبھی اس طرح کچھ کھایا نہیں۔''

''تو آج کھا لو!'' اسے اپنے ساتھ ہی کرسی پر بٹھا لیا۔ توجہ گاڑی کی طرف بھی رہی کہ بچے سو رہے تھے۔

گل خان نے پلیٹ میں پکوڑے تل کر گرم گرم پیش کیے تو اس نے فوراً ایک اٹھا لیا اور دوسرا فارس کو دیا۔

''یہ تو بہت ٹیسٹی ہیں خان!'' اسے سچ میں بہت مزے کا ذائقہ لگا۔ تھوڑا سا ٹکڑا توڑ کر کھاتے ہوئے فارس نے بھی ذائقہ چکھا۔ پسند آیا تو اس نے دوسرا بھی اٹھا لیا۔ پھر تیسرا بھی۔

''ہمارے ہاتھ میں اللہ نے ذائقہ رکھا ہے۔ اور اماں بولتا ہے، تم اچھی نیت سے پکوڑے بنائے گا تو اس میں اللہ اور ذائقہ ڈال دے گا۔ اس لیے سب کو ہمارا پکوڑا بہت پسند آتا ہے۔''

خان سے باتیں کر کے اس کے گھر کا حال احوال پوچھا۔ وہ عید کی چھٹیوں پر تھا لیکن سکول بھی جاتا تھا۔ پکوڑوں کی قیمت ادا کر کے، اس کی اور اس کے اسٹال کی تصویریں کھینچ کر اس نے جمیلہ دادو، آئمہ اور اپنے پڑوس کی خواتین کے گروپ میں ارسال کر دیں۔

''تم ہماری مشوری (مشہوری) کر رہا ہے؟'' گل خان بڑا خوش ہوا۔

''ہاں بالکل! دیکھنا یہاں سے جتنے لوگ گزریں گے، تمہارے پکوڑے ضرور کھائیں گے۔''

جنت بہت ایکسائیٹڈ تھی۔

''تم ہمیں پکوڑے والا بنائے گا۔''

جنت کو ہنسی آ گئی۔

''نہیں بھائی! ہم بس یہ کوشش کر رہا ہے کہ تمہارے بہت سارے کسٹمرز ہوں۔'' وہ اس کا لہجہ اور انداز اپنا کر بولی۔

''اچھا ایک منٹ!'' گل خان اب کے بڑی سنجیدگی سے اپنے اسٹال کے آگے حلیہ بہتر کر کے کھڑا ہو گیا۔ سینے پر بازو باندھے، گردن اونچی کی۔

''تم اب امارا تصویر کھینچو!''

اور جنت کمال پروفیشنل فوٹوگرافر بن گئی۔ ایک تاسف بھری نگاہ اپنی بیوی پر ڈالتے ہوئے وہ گاڑی کا دروازہ کھول کر زین پر جھکا جو ابھی ابھی نیند سے بیدار ہوا تھا۔ بلٹ کھول کر اسے اٹھا لیا۔ سیدھا ہوا تو گل خان پکوڑے کی پلیٹ ہاتھ میں لیے مسکراہٹ دکھا رہا تھا۔ ''باجی! تم ہمارا ایک ویڈیو بناؤ۔ ہم اپنے بارے میں بتائے گا۔''

''ہاں! ٹھیک ہے، آئمہ کو سینڈ کر دوں گی۔ وہ اپنی کسی دوست کے ذریعے کسی چینل پر چلوا دے گی۔''

اب ویڈیو شوٹنگ شروع ہو گئی۔

''سلام علیکم! ہمارا نام گل خان اے..... اور ام پکوڑے بناتا اے..... ہم بوت محنت کرتا اے۔ امارا پکوڑا جو کھاتا اے، بولتا ہے بہت ذائقے دار اے۔ تم امارا پکوڑا کھانے یہاں ضرور آؤ۔'' ساتھ ہی جگہ کا پتا، پٹرول اسٹیشن کا نام اور جس جگہ کا رہائشی تھا اس علاقے کا بھی تفصیل سے بتا دیا۔

''اپنی مما کو دیکھ رہے ہو۔'' زین کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے اس نے اپنے بیٹے کو مخاطب کیا۔ وہ دھوپ میں مندی مندی آنکھوں سے یہاں وہاں دیکھنے کی کوشش کر رہا تھا۔ پھر اسے چھینک آ گئی۔

''جنت!''

''بس فارس ابھی آئی۔''

https://novelskiduniya.com/ Novels Ki Duniya

پھر جب زین رونے لگا تو گل خان کو بہت سی شاباشی اور محنت کی تلقین کر کے وہ واپس آئی، زین فارس کی گرفت سے نکلنے کی کوشش کرتے ہوئے اس کی طرف ہمکنے لگا۔

''باقی سب کا بھی انٹرویو کرلو۔'' فارس نے طنز کیا۔

''وہ بعد میں پھر کبھی کرلوں گی۔'' موڈ اچھا تھا سو مائنڈ نہ کیا۔ ہنستے ہوئے بڑے پیار سے زین کو لے لیا۔

''اس تاریخی جگہ کی بھی تصویر لینی تھی جہاں تمہاری ہنگامی لینڈنگ ہوئی تھی۔''

زین کو فیڈر دیتے ہوئے لب بھینچ کر اس نے فارس کو دیکھا۔

''بات تو ایسے کر رہے ہو جیسے تم خود تو کبھی پھسل کر گرے ہی نہیں!''

''اتنی بری طرح سے کبھی نہیں گرا۔ بالکل!'' اس کا پرسکون لہجہ جنت کمال کو تپا گیا۔

''وہ سب تمہاری وجہ سے ہوا تھا۔ تم نے مجھے نظر لگائی تھی۔''

فارس کا صدمے سے منہ کھلا۔ ڈرائیونگ کرتے ہوئے اسے دیکھا۔ ''میری نظر لگ گئی تھی تمہیں؟''

''اتنے آرام سے اور اطمینان سے چل رہی تھی میں...... اور تم سے برداشت نہیں ہوا۔ اور تم نے ماشاءاللہ نہیں کہا۔''

''کس بات پر ماشاءاللہ کہنا چاہیے تھا مجھے؟ کہ تیز بارش میں چھتری پکڑ کر ڈولتی ہوئی جارہی ہو؟''

اور بغیر کسی وارننگ کے اس کے بازو پر گھونسا پڑا تھا۔

''مجھے پتا تھا! تم میرا موڈ ضرور خراب کرو گے۔ تم ہو ہی ایسے...... تم مجھے کبھی خوش دیکھ ہی نہیں سکتے۔'' اس کا چہرہ غصے سے لال ہو رہا تھا۔

لبوں پر مسکراہٹ لیے اس نے بیک ویو مرر کی پوزیشن درست کی۔

اچھا ہے گھنٹہ آدھا گھنٹہ اس طرح لڑتے ہوئے اچھا گزر جائے گا۔ وہ محظوظ ہوا۔

''مجھے تمہارے ساتھ لاہور آنا ہی نہیں چاہیے تھا۔ میں ہی بے وقوف ہوں جو ہر بار یہ سوچ لیتی

ہوں کہ نہیں...... میرا تمہارے ساتھ بہت اچھا وقت گزرے گا۔ تم مجھے خوشی دو گے۔ لیکن تم نے مجھے صرف غصہ دلانا ہوتا ہے۔ یہ نہیں کہ بیوی کی تھوڑی سی تعریف کر دو۔"

"یہ گرنے والی بات میں تعریف کہاں سے آ گئی؟" متحیر ہو کر پوچھا۔

"میں تو تمہاری فوراً تعریف کرتی ہوں۔ میں تو کہہ دیتی ہوں، اب تم اچھے لگ رہے ہو۔ لیکن تم کیا کہتے ہو؟ کپڑے اچھے لگ رہے ہیں۔ بال اچھے لگ رہے ہیں۔"

"تو یہ کپڑے اور بال ہوتے کس کے ہیں؟" اب کے وہ جھنجھلا اٹھا۔

"تو تمہیں کہنا چاہیے نا کہ تم پر یہ کپڑے اچھے لگ رہے ہیں۔ تمہارے بال پیارے لگ رہے ہیں۔"

"دونوں میں فرق کیا ہے؟"

"زمین آسمان کا فرق ہے۔"

"لاحول ولاقوۃ الا باللہ!"

"اور تمہیں کیا لگتا ہے؟"

"اوکے فائن...... ٹھیک ہے، سوری۔ معاف کر دو۔ غلطی ہو گئی مجھ سے۔ آئندہ تم بارش میں چھتری لے کر نکلو گی تو ماشاءاللہ ضرور بولوں گا۔"

اور وہ زین کو سینے سے لگائے بگڑے تیوروں کے ساتھ کھڑکی کی طرف رخ موڑ گئی۔ بات یہاں تک رہتی تو ٹھیک تھا، لیکن لاہور پہنچ کر نفیسہ کے گھر میں اپنے بھانجے، بھانجیوں کے ساتھ بارش انجوائے کرتے ہوئے وہ فارس کے عین سامنے پھسل کر گری تو دن میں تارے نظر آ گئے۔ اوپر سے فارس کی ہنسی نے خفت بڑھا دی۔ اس نے دونوں ہاتھ چہرے پر رکھ لیے۔

"خالہ گر گئیں۔"

"خالہ! آپ کو چوٹ لگ گئی۔"

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا Novels Ki Duniya

"خالہ! آپ رو رہی ہیں؟"

وہ شیڈ تلے کھڑا تھا۔ کافی کا مگ رکھ کر اس کے پاس آ گیا۔

"کیا تم ٹھیک ہو؟" پنجوں کے بل جھکتے ہوئے مسکراہٹ ضبط کر کے پوچھا۔

"بات مت کرو مجھ سے......" ہاتھ ہٹا کر غصے سے چیخ پڑی۔ آنکھیں نم اور لال ہو رہی تھیں۔

(اسے ہنستے ہوئے جو دیکھ لیا تھا)

"یقین کرو، میں نے نظر نہیں لگائی۔"

لیکن جنت نے سر نہیں اٹھایا۔ چہرے سے ہاتھ نہیں ہٹائے۔

"اب خود اٹھ جاؤ گی یا اٹھا لوں؟" جھک کر سرگوشی کی۔

اس کے عزائم سے باخبر ہوتے ہی جھٹکے سے سر اٹھایا۔ گھبرا کر یہاں وہاں دیکھا۔ پھر اس کا ہاتھ پکڑ کر فوراً سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

برآمدے کی کھڑکی سے باہر کا منظر دیکھتے ہوئے حفصہ کے لبوں پر مسکراہٹ آ گئی۔ ان کی نرم نگاہیں فارس وجدان پر جمی رہ گئی تھیں۔ وہ اسے واپس شیڈ کے نیچے لے گیا تھا۔ وہ اس کی پیشانی پر چپکے ہوئے بالوں کو داہنے ہاتھ سے ہٹا رہا تھا۔ وہ کچھ غصے اور خفگی سے گردن موڑے ہوئے تھی۔ اور پھر اس کی کسی بات پر نہ چاہتے ہوئے بھی مسکرانے لگی تھی۔

ہانیہ زین کو اٹھائے بیٹھی تھی۔ ریان ان کے بیٹے کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ وہ مگ ہاتھ میں لیے اس کے پاس آئی تھیں۔ جھک کر زین کو دیکھا۔

"ماشاءاللہ! کتنا پیارا ہے یہ" ہانیہ نے زین کے کئی بار چومے جانے والے گال کو ایک بار پھر چوما۔

"کیا آپ دونوں میں سے کوئی باہر نہیں آنا چاہے گا۔" کھڑکی میں ہی جنت کا چہرہ نمودار ہوا۔ وہ مسکرائیں۔

ان کے بچے جنت کا ہاتھ کھینچ رہے تھے۔

''بس کر دو اب۔ بیمار ہو جاؤ گی۔'' ان کے لہجے میں شفقت بھری تھی۔

''بس ابھی آئی آپی! وہ فارس کا موبائل دے دیں۔ وہ باہر جا رہا ہے۔'' انہوں نے اٹھا کر دے دیا۔ کچھ ہی دیر میں وہ چلا گیا تو جنت کپڑے بدل کر ان کے پاس آ بیٹھی۔ بارش رک چکی تھی۔ موسم کافی خوش گوار سا ہو گیا تھا۔ زین کو ہانیہ کمرے میں سلا آئی تھی۔ ریان کو کھانا کھلا کر فارغ ہوئی تو بیرونی گیٹ پر دستک ہونے لگی۔ گیٹ پر حفصہ آپی گئی تھیں۔ وہ اس کے کمرے میں پھر کافی دیر بعد آئیں۔ غائب بیٹھک میں کسی کے ساتھ موجود رہی تھیں۔

https://novelskidunya.com/

''تائی امی آئی تھیں۔'' اس نے نہیں پوچھا تھا، مگر انہوں نے خود سے بتا دیا۔

وہ زین کے کپڑے بیگ میں رکھ رہی تھی۔ سنی ان سنی کیے خاموشی سے رکھتی گئی۔

''تم سے ملنے کا کہہ رہی تھیں۔''

ناولز کی دنیا
NovelsKiDunya

جنت کا سر جھکا رہا۔

حفصہ نے جنت کی طرف دیکھا۔ وہ خاندان کے کسی فرد کے بارے میں سوال کرتی تھی، نہ کسی سے ملنا چاہتی تھی۔ دروازہ اس نے صرف بہنوں کے لیے کھولا تھا۔ معافی بھی صرف انہیں دی تھی۔

''آپی! میں یہاں صرف آپ کے کہنے پر صرف آپ سے ملنے آئی ہوں۔'' سر اٹھا کر بولی تو لہجے میں ایک غم پوشیدہ تھا۔

''جانتی ہوں۔ اس لیے منع کر دیا۔''

''مما!'' ریان دروازہ دھکیل کر اندر آیا تھا۔ حفصہ آپی کے چھوٹے بیٹے سے اس کی کافی دوستی ہو چکی تھی۔ وہ اس کے ساتھ کھیلتا رہا تھا۔ اب بھوک لگی تھی۔ نیند بھی آ رہی تھی۔ جنت نے بے اختیار اسے اٹھا لیا۔ انہوں نے محبت پاش نظروں سے اس بچے کو دیکھا۔ پھر جنت کو۔

"فارس کو سچ میں کوئی فرق نہیں پڑتا؟" اس کے لیے سیریلیک بنا کر آئی تو حفصہ نے پوچھا۔
"کس بات سے؟"
"ریان اس کی پہلی بیوی کا بیٹا ہے۔"
جنت نے بے اختیار سر اٹھایا۔ مسکرائی پھر نفی میں سر ہلایا۔ "نہیں...... ہم دونوں اس طرح اسے نہیں دیکھتے۔"
جنت کی آنکھوں میں نرمی تھی۔ وہ ریان کو بہت پیار سے کھلا رہی تھی۔ حفصہ آپی کبھی سمجھ نہیں سکتی تھیں۔ ریان تو جیسے ایک آئینہ تھا۔ جس میں فارس کو اپنا عکس نظر آتا تھا۔ اور جنت کمال کو اپنا۔
"بچے تو محبت اور صرف محبت کے حق دار ہوتے ہیں آپی! ان کے حصے میں نفرتیں کیوں آئیں؟"
حفصہ کمال نے تائید میں سر ہلاتے نرمی سے ریان کے سر پر ہاتھ پھیرا۔ اس یتیم بچے کی مسکراہٹ بہت پیاری تھی۔ وہ ٹوٹے پھوٹے لفظوں میں جنت سے باتیں کیے جا رہا تھا۔ وہ بار بار اپنے پاپا کا پوچھ رہا تھا۔ جنت اسے سلانے لگی تو وہ اٹھ کر باہر آ گئیں۔ سکون بھری سانس لیتے ہوئے انہوں نے نفیسہ کے روشنیوں میں نہائے ہوئے اس گھر کو دیکھا جس میں ہر طرف زندگی کے آثار نظر آ رہے تھے۔ ہانیہ کچن میں کھانے کا انتظام دیکھ رہی تھی۔ سہیل بچوں کے ساتھ لاؤنج میں بیٹھے تھے، ایمان ابھی پہنچی تھی۔ اس کے شوہر نے دس بجے تک آ جانا تھا۔
وہ دوپٹہ ٹھیک کرتی عشاء کی نماز پڑھنے چلی گئیں۔ جنت نے گہری سانس لے کر کھڑکیوں کی طرف دیکھا۔
رات کی تاریکی میں رم جھم بارش برس رہی تھی۔

☆......☆......☆

https://novelskidunya.com/

اس کا بزنس ٹرپ پر لندن جانے کا ارادہ ہوا تو اپنے ساتھ جنت اور بچوں کو بھی لے کر گیا۔ پروگرام اچانک بنا تھا۔ وہ تو چاہتا تھا جمیلہ داؤد بھی ساتھ ہی چلیں، مگر انہوں نے منع کر دیا۔ دو ماہ بعد ویسے بھی انہیں اپنے علاج کے لیے امریکا جانا تھا، سو طے پایا گیا وہ بچوں کے ساتھ گھوم پھر آئے۔

فون پر حیدر کو احکامات جاری کرتے فارس نے بگونیا ہاؤس کی صفائی اور اس کے انتظامات کی دیکھ بھال کا حکم جاری کیا۔ وہ اس گھر کو بیچنے کا مصمم ارادہ کر کے بھی ابھی تک بیچ نہیں سکا تھا۔ لندن پہنچے تو یرف باری نے استقبال کیا۔ کچھ یاد کر کے وہ مسکرا دی۔ گاڑی تیار کھڑی تھی۔ آدھے گھنٹے کی ڈرائیو کے بعد ایک رہائشی کالونی میں روک دی گئی تھی۔

''یہ گھر تو بہت خوب صورت ہے۔'' بگونیا ہاؤس کو باہر سے دیکھتے ہی جنت کے منہ سے بے اختیار نکلا تھا۔

''ہاں! خوب صورت تو ہے۔'' فارس نے ریان کو اٹھا رکھا تھا۔ زین جنت کی بانہوں میں تھا۔

''اتنا تو پیارا گھر ہے۔ اسے بیچ کیوں رہے تھے؟'' پورے گھر کا جائزہ لینے کے بعد اس نے فارس سے پوچھا تھا۔ وہ کھڑکیوں کے پاس کھڑا برابر والے گھر کو دیکھ رہا تھا۔

''تمہیں پسند آیا؟''

''بہت!''

بازو کے گھیرے میں لیے اسے قریب کر لیا۔ سامنے والے گھر کی اس طرف کی کھڑکیاں روشن تھیں۔ ''یہ مسز گرانٹ کا گھر ہے۔''

''جن کے پاس فلورا نام کی طوطی ہے۔''

''بالکل وہی......''

''ان کی نواسیوں کو دیکھ کر تمہیں میں یاد آیا کرتی تھی۔''

https://novelskidunya.com/
Novels Ki Duniya

"ہاں!"

جنت مسکرائی۔

اگلے دن وہ ریان اور زین کے ساتھ ہی برابر والے گھر میں فارس کے ہمراہ مسز گرانٹ سے ملنے گئی تھی۔ گو کہ وہ کافی بیمار تھیں۔ اور ان کی یادداشت بھی ٹھیک سے کام نہیں کرتی تھی مگر فارس کو دیکھتے ہی وہ اسے پہچان گئی تھیں۔ انہوں نے زین اور ریان کو بہت پیار کیا۔ بہت خوش تھیں۔

بات کرتے کرتے ان کا ذہن بھٹک جاتا تھا۔ وہ باتیں بھول جاتی تھیں۔ ہر تھوڑی دیر بعد متفکر سی اسے دیکھتیں۔ کسی وقت کے دائرے میں قید ہو جاتیں۔ ایسے سوال کرتیں جن کا جواب دیتے فارس کے تاثرات میں کہیں کہیں کرب اتر آتا۔ پھر وہ بھول جاتیں، وہ کس سے بات کر رہی ہیں۔ وہ گھر واپس آئے تو فارس بہت خاموش سا تھا۔

اگلے دن فارس آفس کے لیے روانہ ہوا تو وہ خود ان سے ملنے آ گئی تھی۔ فوراً پہچان گئیں فارس کی بیوی ہے۔ ہنستی باتیں کرتی رہیں۔ ایک بلی پالی تھی، مر گئی۔ کتا پالا تھا، وہ بھی مر گیا۔ بس فلورا زندہ تھی۔ اور ہیری نہیں رہا تھا۔ وہ بس اچانک ایک رات مر گیا تھا۔ اپنے مالک کے بغیر...... وہ بس چند ہفتے ہی گزار سکا۔

فارس کی بہت سی باتیں تھیں جو وہ بتاتی رہیں۔ رک رک کر لفظ ادا کرتے ہوئے...... برٹش ایکسنٹ کی سمجھ اسے بس اس لیے آنے لگی تھی کہ فارس کی بیوی تھی۔ (اس سے جو سنتی تھی)

ان سے مل کر باہر آئی تو ہال میں لگی تصاویر نے متوجہ کر لیا۔ وہ دیکھتے ہی رک گئی۔ چند ایک میں فارس بھی تھا۔ کیفے کے سامنے۔ اور کلائمبنگ سنٹر میں اپنے کسی ساتھی کے ہمراہ۔ اس کے برابر میں کھڑا دراز قد، سرخی مائل شیڈ دیتے سیاہ بالوں والا نوجوان جنت کی نگاہوں کا مرکز بن گیا۔ سیاہ فریم والے چوکور گلاسز تھے۔ بال ہلکا سا کرل اور خم لیے تھے۔ آنکھیں گہری اور تاریک نظر آتی تھیں۔ اس کی

مسکراہٹ ہر تصویر میں ہی داہنے گال کی جانب اٹھی ہوئی تھی۔ گڈ لکنگ تھا، فارس سے غالباً وہ دو چار سال ہی بڑا ہوگا۔ اس نے خود سے اندازہ لگایا۔ لیکن دیکھنے میں ہم عمر ہی لگتے تھے۔ پھر تصویر اٹھالی۔ جس میں وہ ہیری کے ساتھ تھا۔

"یہ جادوگر ہے۔" عقب میں آواز گونجی تو چونک کر مڑی۔ صوفی کی بیٹی ایما کھڑی تھی۔

"جادوگر؟"

"ہاں! بہت خطرناک والا جادوگر.....!" سنسنی خیز لہجہ اپناتے ہوئے وہ آٹھ سال کی لڑکی قریب آگئی۔

"اس نے ہمارے سارے سکے غائب کر دیے تھے اور جیمز کی ٹوپی سے اتنا بڑا پھول نکالا۔" وہ اس کی فین تھی۔ بڑے متاثر کن انداز میں کارنامے بتا رہی تھی۔ "وہ گرینی سے ملنے آتا ہے تو گھر میں کسی کو بھی پتا نہیں چلتا، وہ کیسے آیا۔ مام کہتی ہیں، وہ کھڑکی سے اندر آتا ہے۔ لیکن میں جانتی ہوں کہ وہ کھڑکی سے بھی نہیں آتا کیونکہ میں اور جین ویک اینڈ پر ساری کھڑکیاں اندر سے لاک کر دیتی ہیں اور وہ پھر بھی مل کر چلا جاتا ہے۔"

"وہ اب کہاں ہے؟"

"پتا نہیں.....!" ایما نے کندھے اچکائے۔ "وہ بتا کر آتا ہے، نہ بتا کر جاتا ہے۔ لیکن وہ ہماری ساری چاکلیٹس اٹھا کر لے جاتا ہے۔" جین نے شکوہ کیا تھا۔

وہ بغور اس کی تصاویر کو دیکھ رہی تھی۔

ایک میں اس کے بال قدرے چھوٹے تھے۔ دوسرے میں گردن تک لمبے تھے اور آگے سے خم کھاتے پیشانی پر گرے ہوئے تھے۔ تیسرے میں زیادہ گھنگھریالے لگ رہے تھے۔ وہ ہیئر ڈائے کرتا تھا۔ کچھ اس طرح سے کہ سیاہی مائل بالوں میں سرخ شیڈ نظر آتا تھا۔ ہر تصویر میں ایک سی مسکراہٹ، آنکھوں کا ایک ہی تاثر..... کھڑے ہونے کا ایک ہی انداز..... یوں جیسے جان بوجھ کر ہی وہ مخصوص س

https://novelskidunya.com/ ناولز کی دنیا NovelsKiDunya

پوز دیتا ہو۔ اور چند ایک میں وہ فارس کے پہلو میں کھڑا تھا۔ ان میں بس ایک ہی تصویر تھی جس میں ستر
سالہ فارس کے لبوں پر مسکراہٹ نظر آ رہی تھی۔ اسے وہ تصویر بہت اچھی لگی۔ وہ کچھ دیر تک ایما کے ساتھ
باتیں کر کے بگونیا ہاؤس واپس آ گئی۔

"غالباً وہ تمہارا بہت اچھا دوست ہے۔"

"کون؟"

"راحم!"

اس نے سر اٹھا کر جنت کو دیکھا۔

"تم اسے جانتی ہو؟"

"تھوڑا بہت جان ہی گئی ہوں۔" ذرا سا مسکرائی۔

(جنت کیا جانے کون تھا راحم)

"تم اسے نہیں جان سکتیں۔"

"تم ہی بتا دو۔"

"وہ ایک مصیبت ہے۔" اس نے انتہائی سنجیدگی سے اپنی بیوی کو آگاہ کیا۔ جنت اسے دیکھ کر رہ گئی۔
اور بالکل یہی بات اگلے دن لمبے چوڑے جیمز اینڈرسن نے ان کے لاؤنج میں بیٹھ کر دہرائی۔
وہ ان کے گھر دعوت پر آئے تھے۔ اس کے چھوٹے بھائی ولیم کو اس کی بات پر فوراً اعتراض ہوا تھا۔

"اس کے بارے میں ایسا کچھ مت کہو جیمز۔" آواز بھاری سی تھی۔ جنت نے دونوں کی بچپن کی
تصویریں دیکھ رکھی تھیں۔ اب تو اتنے بڑے ہو گئے تھے کہ وہ پہچان ہی نہ سکی۔ سیاہ رنگ کے تھری پیس
سوٹ میں ملبوس وہ فارس کے دوست کم مشکوک سے گارڈز زیادہ لگ رہے تھے۔ ہیئر اسٹائل سے لے کر
کپڑے جوتوں تک ان کی ہر ایک شے نفیس اور اسٹائلش تھی۔

ایک بزنس اور دوسرا انجینئرنگ اسٹوڈنٹ تھا۔ جو بزنس اسٹوڈنٹ تھا وہ ایک عدد رائٹر بھی تھا اور جو انجینئرنگ کر رہا تھا اسے ہانٹڈ ہاؤس ڈاکومینٹریز کا بہت شوق تھا۔ جنت ان کے اسٹڈیز کیریئر کو لے کر بہت کنفیوژ ہوئی۔ (ایسے مشغلوں کے لیے وقت مل جاتا ہوگا انہیں؟)

''پڑھائی میں صفر ہیں یہ۔ دماغ ان کا ان ہی چیزوں میں چلتا ہے جو یہ بتا رہے ہیں۔'' فارس نے اردو میں سرگوشی کی۔

''یہ جھوٹ بول رہا ہے۔'' جیمز نے اردو میں ایک ایک لفظ دہرا کر جنت پر اپنی دھاک بٹھا دی۔

''ہم پڑھائی میں بوہت اچھے ہیں۔''

''انہیں اردو بھی آتی ہے۔'' اس کی آنکھیں پھیلیں۔

''ہم نے راحم سے سیکھی ہے۔''

وہ مرعوب ہوگئی۔

''اب جبکہ راحم یہاں نہیں ہے تو میں اس کی کوئی بھی برائی برداشت نہیں کروں گا۔'' ولیم نے آگاہ کر دیا۔ وہ اسے اپنا استاد مانتا تھا۔

''ہم تینوں میں یہ اس کا واحد جاسوس ہے جو ہماری باتیں اس تک پہنچا دیتا ہے۔'' جیمز نے دوسری معلومات پہنچائی۔

''میں یہ بھی ضرور بتاؤں گا۔'' ولیم نے آگاہ کر دیا۔

''کیا تمہیں اس نے بتایا ہے راحم کے بارے میں؟'' جیمز نے کریدا۔ جنت نے نفی میں سر ہلا دیا۔

''وہ دو کشتیوں پر پاؤں رکھ کر، عجیب سی سچویشن میں پھنس کر ہمیں یہ بتاتا ہے، اب یہ ہو رہا ہے اور میں یہ کرنے لگا ہوں۔ اور ہمیں لگتا ہے اب اس کی کہانی ختم...... اور وہ پھر اگلے دن رابطہ کر کے بتاتا ہے میں تو زندہ ہوں۔'' وہ جنت سے مخاطب تھا۔

https://novelskidunya.com/

"تم کتنے احسان فراموش ہو جیمز! تمہیں اس نے تمہارے ناول کے لیے کتنے اچھوتے آئیڈیاز دیے ہیں۔"

اب کے جیمز انتہائی سنجیدگی سے جنت کی طرف متوجہ ہوا۔ "میری وہی تحریر اس وقت آٹھ پبلشرز ریجیکٹ کر چکے ہیں۔"

جنت نے تاسف سے سر ہلایا۔

"ری جیکشن کا مطلب یہ نہیں ہے کہ تم ناکام ہو چکے ہو۔" ولیم نے سمجھانا چاہا۔

جیمز نے گہری سانس لے کر کافی کا مگ پکڑا اور کھڑکی کے سامنے جا کھڑا ہوا۔ چہرے پر فکرمندی کے آثار تھے۔

"اصل میں اس کی راحم سے لڑائی چل رہی ہے، اس لیے برائیاں کر رہا ہے۔ کل تک گن گا رہا ہوگا۔"

جنت نے سمجھ کر سر ہلایا۔ اس دوران خاموشی سے ان کی بات سنتا فارس اپنے بیٹے کی طرف متوجہ رہا۔ جنت کو کھانے کا انتظام دیکھنا تھا۔ معذرت چاہتے ہوئے اٹھ گئی۔

"تمہاری یہ والی بیوی زیادہ اچھی ہے۔"

"کمپیریزن کا کون کہہ رہا ہے؟" فارس نے سلگ کر پوچھا تو ولیم اس کے غصے سے خائف ہوتا پیچھے ہو گیا۔

"ویسے ہی کہہ رہا تھا۔"

"سنو گائیز!" جیمز اپنے مراقبے سے نکل کر واپس آ گیا۔ "بہت ہو گئی آنکھ مچولی! اب وقت آ گیا ہے ہم راحم کو بلاک کر دیں۔"

ولیم نے زین کو فارس سے لے لیا۔ بچہ رویا نہیں تھا تو اسے اپنی بہت بڑی کامیابی محسوس ہوئی۔

"ہے لٹل بڈی...... میں ہوں انکل ولیم۔"

''کچھ کہہ رہا ہوں میں یہاں۔'' جیمز کو غصہ چڑھا۔

''سن رہے ہیں۔'' فارس کی بےزاری آواز آئی۔

''پہلے طے ہوا تھا ہر تین ماہ بعد۔ پھر طے ہوا چھ ماہ۔ اور اب پورا ایک سال ہونے والا ہے اور اس نے ہمیں اپنی شکل نہیں دکھائی۔ ویڈیو کالز کرتا تھا، وہ بھی بند کردیا ہے اس نے۔ کیا صرف آئم فائن تھینک یو لکھ دینے سے دوستی کا حق ادا ہو جاتا ہے؟ جب وہ مسز گرانٹ سے مل سکتا ہے تو ہم سے کیوں نہیں؟''

''کیا سچ میں وہ یہاں آتا ہے؟'' ولیم نے بھونچکا ہو کر اسے دیکھا۔ فارس کا ننھا بیٹا اس کے منہ پہ ہاتھ رکھنا چاہ رہا تھا۔

''ایما سے پوچھو! ہر ویک اینڈ میں اس کی چاکلیٹس چوری ہو جاتی ہیں۔ کل بے چاری نے مجھے بتایا یہ راحم کا کام ہے۔''

''میرا نہیں خیال وہ یہاں آتا ہے۔'' سینے پہ بازو باندھے فارس سنجیدگی سے گویا ہوا۔

''لیکن ایما نے جو بات کہی، اسے بھی تو نہیں جھٹلا سکتے۔ اس نے تو اپنے کانوں سے راحم اور مسز گرانٹ کی باتیں سنی ہیں۔''

''آٹھ سال کی بچی کی کہانی زیادہ کریڈیبل ہے تم دونوں کے لیے؟'' فارس نے گھورا۔

''تم شاید ایما کو جانتے نہیں ہو۔ ہمارے پڑوس میں سب سے ہوشیار اور ذہین بچی ہے وہ۔''

''اس بچی کو صرف یہ غم ہے کہ اس کے کمرے سے چاکلیٹس غائب ہو جاتی ہیں۔'' فارس نے جواب دیا۔

ولیم نے سمجھ کر تائید کی۔ ساتھ ہی زین کو اوپر اٹھایا تو اس کی کھلکھلاہٹ راہداری تک گئی۔ وہاں جہاں ریان کھڑا انہیں دیکھ رہا تھا۔

''بہت فرینڈلی ہے تمہارا بیٹا! اس کا مطلب ہے تم پر تو بالکل نہیں گیا۔''

جیمز کی نظر ریان پر پڑ گئی۔

''اوہ ہیلو!'' اس نے دور سے ہاتھ ہلایا تو ریان کچھ فکرمندی سے کھڑا رہا۔ فارس نے گردن موڑ کر اسے دیکھا پھر اسے بلایا تو وہ اس کے پاس آ گیا۔ اب وہ اجنبی نگاہوں سے دونوں کو دیکھ رہا تھا۔ اپنے بھائی کو بھی...... جوان کے پاس تھا۔ اس کی فکر ایک دم سے بڑھ گئی۔

(کہیں اس کے بھائی کو لے نہ جائیں)

''اس کو بتاؤ ہم زین کو ساتھ لے جانے والے ہیں۔''

فارس نے آہستگی سے بتایا تو اس کے لب بھنچ گئے۔

''جانے دیں انہیں؟'' اب وہ پوچھ رہا تھا۔

''نہ!'' نفی میں سر ہلایا۔ آنکھیں بھرنے لگی تھیں۔

ولیم کو شرارت سوجھی تو اٹھ کھڑا ہوا۔

''بائے بائے!'' وہ اس کے بھائی کو لے کر جا رہا تھا۔

اور اس نے ایک دم سے رونا شروع کر دیا۔ کچھ بے قراری اور خوف سے۔

''بس کرو ولیم! کافی ہے اتنا۔''

مگر ولیم نے دروازہ کھول دیا۔

''ولیم!'' فارس اب کے اپنی جگہ سے اٹھ گیا تھا۔

اور اس لمحے جیمز اینڈ رسن پر انکشاف ہوا فارس وجدان کو اس بچے کا رونا برداشت نہیں ہوا تھا۔

''کہیں لے کر نہیں جا رہا۔ یہ دیکھو...... واپس آ گیا ہے۔'' اس نے جب تک زین کو ولیم سے لے نہیں لیا، تب تک ریان کا رونا بند نہیں ہوا تھا۔ سسکیاں بھرتے، ہچکیاں لیتے وہ فارس کے پاس سہم کر بیٹھا تھا۔ اس کا بھائی اب پاپا کے پاس ہے بس اتنی ہی تسلی تھی۔

ولیم نے معذرت خواہانہ انداز میں ہاتھ اٹھائے۔ پھر اس کے سامنے جھک کر ہاتھ بڑھایا۔ دوستی کے لیے۔ ریان نے فارس کے سینے میں منہ چھپا لیا۔ دوستی نہیں کرنی تھی اسے۔

اوپن کچن سے یہ منظر دیکھتی جنت کمال مسکرا کر رہ گئی تھی۔

موبائل پر نوٹیفکیشن موصول ہوا تو فارس نے جیب سے نکال کر دیکھا۔ آرائے کا میسج تھا۔

''جلد ملتے ہیں برو!''

اس نے پڑھ کر موبائل جیب میں ڈال لیا۔ وہ اب ولیم کی طرف متوجہ تھا جو اپنی یونیورسٹی کا کوئی قصہ سنا رہا تھا۔

☆......☆......☆

شان دار اسٹوڈیو میں کامیاب اور پرسکون زندگی کے متعلق انٹرویو دیتی پراعتماد آرزو جہانگیر مسکرا کر ہاتھ ہلاتی، آڈیئنس کے ساتھ تصویریں کھنچواتی، سائن کرتی اپنی سیکرٹری اور منیجر کے ہمراہ قدم اٹھاتی جا رہی تھی۔ سنہری رنگ کے میکسی نما لباس میں اس کا متناسب سراپا نمایاں ہو رہا تھا۔ لمبی پنسل ہیلز نے جیسے شان بڑھا دی تھی۔ اس کے براؤن بال ہلکا سا کرل لیے ہوئے اس کے داہنے کندھے پر گرے ہوئے تھے۔ گھنیری پلکیں اوپر کو اٹھی ہوئیں، خوب صورت کٹاؤ لیے لبوں پر دل فریب سی مسکراہٹ ٹھہری ہوئی تھی۔ اس کی ایک ایک چیز نفیس، قیمتی اور مہنگی تھی۔ ہاتھ ہلا کر مدھم سا مسکراتے وہ کئی دھڑکنوں کو تھم رہی تھی۔ وہ ایک کامیاب عورت تھی۔ کامیاب ماڈل...... جس کی چال میں ایک خاص وقار سا جھلکتا نظر آ رہا تھا۔ وہ کیمرہ فلیشز کی زد میں ہاتھ ہلاتی اپنی سیاہ عالی شان گاڑی میں سوار ہو چکی تھی۔ وہ کچھ ہی دیر میں مین ہٹن کی ایک طویل عمارت میں اپنے ایک لگژری فلیٹ میں داخل ہو رہی تھی۔ اور تنہا داخل ہو رہی تھی۔ اس کی چال کا وہ وقار جو گاڑی سے لفٹ اور لفٹ سے راہداری تک تھا، وہ اب ختم ہو رہا تھا۔ اس کی سیدھی کمر اوپر کو اٹھی ہوئی گردن اب جھک رہی تھی۔ اس نے اپنا مہنگا قیمتی بیگ چھوڑ دیا۔ اس کے

برانڈڈ نفیس جوتے، جس کے پوری دنیا میں بس تین ہی جوڑے تھے، انہیں کھینچ کر اتارتے کچھ بے دردی سے پھینکا، جیسے وہ اس کے تلووں کو جلاتے رہے ہوں۔ اب وہ کریم ٹائلز پر قدم اٹھاتی اپنے عالی شان بیڈروم کا دروازہ کھول رہی تھی۔ وہ کمرہ ایسا تھا جیسا کسی ملکہ کا حجرہ......

وارڈ روب نے پوری دیوار کو گھیر رکھا تھا۔ اس کے مہنگے ترین کپڑوں کا، جوتوں کا، بیگز کا کلکشن نظر آ رہا تھا۔ اس کے جیتے گئے ایوارڈ شیشے کے اس پار سجے ہوئے دکھائی دے رہے تھے۔ وہ اپنے جہازی سائز بیڈ پر ڈھے سی گئی تھی۔

اتنی روشنیاں تھیں اس کے اپارٹمنٹ میں اور ایسی سہولیات اور آسائش کہ تنگی کا تو گمان بھی نہیں ہوسکتا تھا۔

مگر اسے ہو رہا تھا۔

وہ کامیاب عورت......

وہ آرزو جہانگیر......

وہ لیڈی اسپرانزا......اس کا دم گھٹ رہا تھا۔

وہ ایک کامیاب عورت جو کامیابی، خوشی اور سکون کا ہر گر جانتی تھی۔ جسے دیکھ کر لوگ رشک کرتے تھے، جسے خوش قسمت اور خوش نصیب گردانتے تھے۔ وہ عورت اب سائیڈ ٹیبل کی دراز کھینچ رہی تھی۔ ان گنت ادویات کا ڈھیر تھا جو رکھا ہوا تھا۔ وہ ہر ایک پیک سے اپنی گولیاں نکالتی جا رہی تھی۔ اس کی ہیزل آنکھوں میں سرخی تیر رہی تھی۔ پانی کے ساتھ اس نے کئی گولیاں ایک ساتھ نگل لی تھیں۔

اب وہ قیمتی نرم ریشوں والے سفید قالین پر بیٹھی تھی۔ اس نے حال میں جو انسٹاگرام پر پوسٹ ڈالی تھی وہ لائکس کا پچھلا ریکارڈ بھی توڑ رہی تھی۔ محبت بھرے کامنٹس اور میسجز سے ڈی ایم بھر چکا تھا۔ اس کے فین اسے کتنا چاہتے تھے۔ اس کی محبت میں وہ کتنے پاگل تھے، نظر آ رہا تھا۔ ان کی تعداد کروڑوں

https://novelskidunya.com/

میں تھی۔ وہ اسے آئیڈیالائز کرتے تھے، اس کی مثالیں دیتے تھے۔

مگر اس کے لاکھوں مداحوں پر اب ایک انسان کی نفرت بھاری تھی۔ وہ ایک انسان اس کی دولت، کامیابی اور شہرت کی ہر ایک چمک کو ماند کر رہا تھا۔

اس نے جس چیز کی بھی خواہش کی، ہمیشہ اسے حاصل کر کے ہی رہی تھی۔ اب جو خواہش تھی، وہ لا حاصل ہو رہی تھی۔ جو نہ دولت سے پوری ہو رہی تھی، نہ پیسوں سے خریدی جا رہی تھی۔

دنیا کی مہنگی ترین برانڈز کی اونر..... جس کا شمار اب دنیا کے کامیاب ترین لوگوں میں ہونے لگا تھا۔ وہ عورت اپنے بالوں میں انگلیاں پھنسائے متوحش ہو رہی تھی۔ اس کے بیڈروم کا منظر ایک بار پھر بدل رہا تھا۔

"وہ میرا بیٹا ہے۔ اس کی ماں صرف میں ہوں۔ اسے میں نے جنم دیا، نو مہینے میں نے اپنے پیٹ میں رکھا۔ وہ اس طرح..... وہ اس طرح مجھے کیسے فراموش کر سکتا ہے؟"

وہ چیختے ہوئے کہہ رہی تھی۔ چار سال پہلے وہ فارس وجدان سے ملنے شیرازی ہاؤس گئی تھی اور اس نے ملنے سے انکار کر دیا تھا۔ ملاقات جمیلہ داؤد سے ہوئی تو اس نے اپنا سارا غصہ ان پر نکالا تھا۔

"تم نے اسے بھڑکایا ہے، تم نے فارس کو میرے خلاف کیا ہے۔ بھلا کوئی ایسے بھی کرتا ہے اپنی ماں کے ساتھ؟ میری مجبوری وہ کسی طور سمجھ نہیں پا رہا! اس کے باپ نے مجھ سے اسے چھین لیا تھا۔"

وہ شدید غصے اور اضطراری کیفیت میں جمیلہ داؤد کے سامنے کھڑی زہر اگل رہی تھی۔ وہ اپنی باتوں سے، انداز، رویے اور لہجے سے کسی طور نارمل نہیں لگ رہی تھی۔ جو بات اس نے اس وقت کہی تھی، وہی بات وہ اس لمحے پھر دہرا رہی تھی۔

"میں تم سے ملنے آئی تھی۔" جمیلہ داؤد کی آواز سماعت سے ٹکرانے لگی۔ پلٹ پلٹ کر اور بار بار......

"میں نے تم سے کہا تھا، اپنے بیٹے کو ساتھ لے جاؤ۔"

بے تحاشا سرخ آنکھوں میں نمی لیے وہ اپنی جگہ تھم گئی۔

"تم نے کچھ کہا تھا مجھ سے...... بھول گئی ہو تو یاد دلا دوں؟"

اب وہ کمرے کے وسط میں کھڑی تھی۔یوں جیسے فضا میں معلق ہو۔

"تو یوں کہو نا کہ تم نے میرے بیٹے کو میرے خلاف کیا ہے۔تم نے اس کے دل میں میرے لیے نفرت بھری ہے۔تم نے اسے ورغلایا ہے۔" چیخ پڑی۔

"آرزو جہانگیر......!" جمیلہ داؤد نے اسے ٹوک دیا تھا۔"صرف بچہ پیدا کر دینے سے کوئی ماں نہیں ہو جاتی۔"

اس کے آس پاس عجیب سا شور اور آوازیں ابھرنے لگیں۔کیمرے کے فلیشز، مائیک، سوالات کی بوچھاڑ...... تالیوں کی گونج...... ریمپ پر اس کے جلوے...... میگزین کوور پر اس کی تصاویر...... اس کی برانڈز کی پروموشن...... کسی شاہی خاندان سے ملاقات...... دنیا کی کامیاب ترین کاروباری شخصیات کی لسٹ میں شامل ہوتا اس کا نام......

"بائیس سالوں کے بعد تمہیں یاد آیا کہ ایک بیٹا بھی ہے؟" جمیلہ داؤد اسے دیکھ رہی تھیں۔جس استحقاق سے وہ عورت اس کے بیٹے کی بات کر رہی تھی، اس کا پورا وجود آگ ہونے لگا تھا۔

"وہ میرا بیٹا ہے میرا...... میں اسے حاصل کر کے رہوں گی۔"

جمیلہ داؤد سے ملاقات کے بعد اسے ایک ضد سی ہو گئی تھی اب اسے اپنا بیٹا چاہیے۔اس کی زندگی میں اپنا وجود چاہیے۔اس کی محبت میں اپنا حصہ چاہیے۔

"وہ کوئی چیز یا ایوارڈ نہیں ہے جسے تم جیت سکو۔" آواز کمرے میں گونج کر رہ گئی۔اس کا وجود ساکت ہوا۔

"کامیابی کی سیڑھی بھی نہیں، جس پر قدم رکھ سکو۔"

اس کی پلکیں لرز اٹھیں۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

"کھوئی ہوئی ایسی شے بھی نہیں جسے سالوں بعد اون کرسکو۔"

وہ بے جان ٹانگوں کے ساتھ نیچے بیٹھ گئی تھی۔

آوازیں سماعتوں پر ہتھوڑے کی طرح برس رہی تھیں۔

وہ ضد......ایک ضد......اور خواہش......محض خواہش ہی رہ گئی تھی کہ جس کے پیچھے ایک دنیا مرتی تھی، اس کے وجود سے اس کی اولاد کو نفرت تھی۔اور یہ نفرت اسے پاگل کر رہی تھی۔

اس وقت اسے بیٹے کو خود سے جوڑنے کا بس ایک ہی راستہ نظر آیا تھا اور اس نے وہ راستہ اپنا لیا تھا۔وہ انٹرویوز میں اپنے بیٹے کا نام لینے لگی تھی۔اس کی تصاویر دکھانے لگی تھی۔اسے اپنی ذات سے جوڑنے لگی تھی۔

جانے کون سی کمی تھی جو وہ پوری کرنا چاہتی تھی۔دنیا کی ساری محبتیں ایک طرف اور سگی اولاد کی نفرت دوسری طرف......اس کی ترجیحات میں ایک دم سے بیٹا آ گیا تھا۔ایک کامیاب، خوب صورت اور ہونہار بیٹا......جس کی وجاہت کی لوگ تعریف کرتے تو اسے کمال اپنا لگتا۔وہ اس کی اولاد ہے، وہ بتانا چاہتی۔وہ اس کا خون ہے، وہ اترانا چاہتی۔

اس کی تمام کی تمام دنیا اسی دائرے کے گرد گھومنے لگی تھی۔

جو وہ چاہتی تھی، وہ ہو گیا تھا۔گوگل سرچ اس کی اولاد کے طور پر فارس شیرازی کا نام دکھانے لگا تھا۔وہ صرف ایک نام تھا۔جو نظر آتا تھا۔بیٹا کہیں نہ تھا۔رشتے ایسے نہیں جوڑے جا سکتے تھے۔ایسے نہیں بنائے جا سکتے تھے۔نام کے ساتھ نام لکھ دینے سے کچھ نہیں ہوتا تھا، کچھ نہیں ہو سکتا تھا۔

جویریہ حبیب اس کی آواز سن کر دروازے پر دستک دیتی اندر آئی تھی۔اس نے ترتیب اور نفاست سے سجے اپنے اس کمرے کا ایک بار پھر حشر بگاڑ دیا تھا۔وہ ایک بار پھر اس حالت میں تھی کہ ہر ایک چیز کو تہس نہس کر دینا چاہتی تھی۔

https://novelskidunya.com/

''اس نے کہا، وہ مجھے نہیں جانتا۔ میرے بیٹے نے کہا۔'' فارس کا چہرہ آنکھوں میں آ گیا تھا۔ اس کی آواز گونج کر رہ گئی تھی۔

''میم! سنبھالیں خود کو۔'' پریشانی اور فکرمندی کے عالم میں جویریہ اس کے سامنے بیٹھ گئی تھی۔

''جویریہ! وہ میری اولاد ہے۔'' سینے پر ہاتھ رکھے تاکیدی انداز اپنایا۔ جیسے یقین دلانا چاہ رہی ہو۔ ''میرا بیٹا، میرا خون ہے وہ۔ اس کے انکار کرنے سے یہ حقیقت تو نہیں بدلے گی، کبھی نہیں بدلے گی، بالکل بھی نہیں۔''

نفی میں سر ہلانے لگی۔ جویریہ اسے سہارا دیتے اٹھا رہی تھی۔ کبھی کبھی اس کی میڈم کی حالت ایسی ہو جاتی تھی۔ وہ ڈپریشن کی مریضہ تھیں۔ وہ سائیکاٹرسٹ کے پاس ہر ہفتے جاتی تھیں۔ ادویات پر زندگی گزر رہی تھی۔ ادویات سے ہی نیند لے رہی تھیں۔ جانے اس طرح اچانک...... انہیں کیا ہو جاتا تھا۔ وہ بھری دنیا کے سامنے کچھ اور ہوتی تھیں۔ تنہائی میں کچھ اور...... جویریہ تاسف سے اسے دیکھ کر رہ گئی تھی۔

''وہ آپ سے نہیں ملنا چاہتا...... آپ اس بات کو چھوڑ کیوں نہیں دیتیں۔''

''مجھے تنہائی کا احساس ہوتا ہے۔ میرے خیال سے مجھے...... مجھے حبیب سے بات کرنی چاہیے۔ میں عیسیٰ کو اپنے پاس بلا لیتی ہوں۔ ہاں...... یہ ٹھیک رہے گا۔ فارس نہیں...... عیسیٰ تو ہے۔'' اٹھ کر عجلت میں اپنا موبائل اٹھا لیا۔

''میم!'' جویریہ کے لب ہلے۔

''منصور سے کہتی ہوں، وہی سب مینج کرے گا۔''

''میم! عیسیٰ مر چکا ہے۔''

موبائل فون کان سے لگائے اپنے تمام تر جوش کے ساتھ وہ ایک دم سے ساکت ہوئی۔ موبائل کان سے لگائے چند لمحوں تک کھڑی رہی۔ آنکھوں میں تفکرات کی پرچھائیاں لہرائیں۔ پیشانی پر ہاتھ

https://novelskidunya.com/

رکھ کر خود پر حیران ہوئی کہ وہ کیسے بھول گئی۔ عیسیٰ کی وفات کو پورے نو سال ہو چکے تھے۔ یہ بات اس کے ذہن سے کیسے نکل گئی؟ کیا ہوتا جا رہا ہے اسے؟

جویریہ حبیب کو اب کے بہت زیادہ تشویش ہونے لگی تھی۔ اس مختصر عرصے میں یہ تیسری بار ہو رہا تھا کہ وہ عیسیٰ کو اس طرح سے یاد کر رہی تھیں۔

''عیسیٰ تو مر چکا ہے۔'' زیر لب دہراتی نیچے بیٹھ گئی۔ پانچ سال کا فارس...... تین سال کا عیسیٰ...... جب وہ انہیں چھوڑ کر گئی تھی۔ اسے پتا نہیں کیوں خیال آیا اس کے بچے ابھی بہت چھوٹے ہیں۔

پیشانی مسل کر سر اٹھایا۔ کمرے کا منظر پھر سے بدل چکا تھا۔ اسے آس پاس بہت سے کھلونے بکھرے ہوئے دکھائی دیے۔ فارس کی چھوٹی سی کاریں...... عیسیٰ کے جہاز اور ٹیڈی بیئرز، اس کی چھوٹی سی سائیکل۔ ٹی وی پر چلتے کارٹونز کا شور...... خالی صفحے پر قلم گھسیٹ کر رنگ بھرتا...... اپنی پیشانی پر بکھرے بالوں کو ہٹاتا فارس......

''ماما!''

اس نے گردن موڑ کر پیچھے دیکھا۔ آواز کی سمت...... وہ سفید شارٹس پر سیاہ شرٹ پہنے میڑھیوں کی طرف بھاگا تھا۔ پھر وہ اس کی ٹانگوں سے لپٹ گیا تھا۔

''اسے یہ سب کیوں یاد آ رہا ہے؟'' آرزو کی آنکھوں میں عجیب وحشت سی اتر آئی۔

حبیب عیسیٰ کو اٹھائے کھڑے تھے، عیسیٰ شدت سے رو رہا تھا۔ اور وہ اپنا بیگ گھسیٹتی، گلاسز آنکھوں میں ٹھہراتی بیرونی گیٹ عبور کر رہی تھی۔

طلاق ہو گئی...... رشتہ ختم...... تعلق ختم...... سب ختم۔

''آپ کو آرام کی ضرورت ہے آپ سو جائیں۔'' جویریہ حبیب کہہ رہی تھی۔ مگر وہ اپنے بچوں کو دیکھ رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/

عیسیٰ کاٹ میں تھا۔ فارس اس کی گود میں بیٹھا باتیں کر رہا تھا۔ اس کی چھوٹی چھوٹی باتیں..... عجیب سا سکون رگ و پے میں سرایت کرتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔

اس نے بے بی کاٹ کی طرف ہاتھ بڑھایا تو عیسیٰ وہاں نہیں تھا۔ فارس کی آواز ایک دم سے ختم ہوگئی۔

''فارس!''

آواز کے تعاقب میں وہ قدم اٹھاتی دوسرے کمرے تک گئی اور پتھرا کر رک گئی۔ اس نے تین سالہ عیسیٰ کو دیکھا۔ اس کا پورا وجود بھیگا ہوا تھا۔ وہ نیچے بیٹھا تھا اور اپنے جھولے کو خود ہی ہلا رہا تھا۔ آہستہ آہستہ..... اس کے کپڑوں سے ابھی بھی پانی ٹپک رہا تھا۔

اس کے رگ و پے میں خوف کی لہر سرایت کر گئی۔ اس نے روتے ہوئے منہ پر ہاتھ رکھ لیے۔

''میم!'' جویریہ حبیب نے کندھوں سے پکڑ کر ہلایا تھا۔ آرزو جہانگیر کی آنکھوں سے وحشت جھلکتی ہوئی نظر آ رہی تھی۔

''مجھے یہ سب کیوں نظر آ رہا ہے؟'' اس کا وجود کپکپا رہا تھا۔

جویریہ حبیب ترحم بھری نگاہوں سے اسے دیکھتی پیچھے ہٹ گئی تھی۔

اسے گمان ہوا۔

وہ فکرمندی کے عالم میں تیزی سے باہر نکل گئی تھی۔

''ڈاکٹر کو کال کرو۔'' وہ کسی سے کہہ رہی تھی۔

آرزو جہانگیر کارپٹ پر لیٹ گئی۔ اپنے آپ میں سمٹ کر اس نے اپنے گرد بازو باندھ لیے۔

کمرے میں اس کی مدھم سی آواز ابھی بھی گونج رہی تھی۔

وہ لوری تھی جو وہ بچوں کو سنا رہی تھی۔

☆......☆......☆

"فارس! ذرا زین کو پکڑو..... جلدی سے پکڑو۔" بیٹھے بیٹھے چیخی۔ وہ کپڑے بدل کر ڈریسنگ روم سے نکلا تھا، تاسف سے اسے دیکھ کر رہ گیا۔ باہر جا کر اپنے ولی عہد کو پکڑ کر لے آیا۔ وہ اس کے بھی قابو میں نہیں آ رہا تھا۔ جب سے اس نے چلنا شروع کیا تھا تو تب سے یہی حالات تھے۔

جنت ریان کے کپڑے بدل کر مڑی تو فارس نے اسے اس کے حوالے کیا۔ وہ ایک دم سے چیخنے لگا۔ چاہتا تھا کہ اسے فرش پر چھوڑ دیا جائے اور وہ جس طرح مرضی چاہے، چیزوں کو چھیڑے..... چیخے، چلائے، بھاگے..... رات بھر سو کر صبح تک فل بیٹری چارج تھی اس کی۔

"میں تو بہت ڈیسنٹ بچی تھی۔ بالکل شور نہیں کرتی تھی۔" فارس نے آئینہ کے سامنے اپنے اور پھر ریان کے بال بناتے ہوئے اس کی نقل اتاری۔

"تو یہ کیسے طے ہوا کہ تم بچپن میں ایسے نہیں تھے۔" چڑ کر کہا۔

"میں قطعاً ایسا نہیں تھا۔"

وہ ہڑبڑا کر رہ گئی۔

جلدی سے اپنی تیاری مکمل کر کے ریان کو ساتھ لیے باہر آیا تو مسز شیرازی ڈائننگ ٹیبل پر اس کا انتظار کر رہی تھیں۔

"گڈ مارننگ ممی!" مسز شیرازی کو جا کر کہا۔ جنت زین کے کپڑے بدل کر کچھ ہی دیر میں آ گئی تھی۔ اسے کرسی پر بیلٹ میں جکڑ کر بٹھایا۔ اب وہ ہاتھ اٹھا اٹھا کر "پاپا" کیے جا رہا تھا۔ جنت نے گہری سانس لے کر اسے دیکھا مگر فارس اسے اپنی گود میں اٹھا چکا تھا۔ ہاتھوں میں بریڈ کا چھوٹا سا ٹکڑا پکڑا دیا۔ لیکن اسے اب وہ چیزیں بھی کھانی تھیں جو باقی سب کھا رہے تھے۔

"زین! یہ لو!" ایسے موقعوں پر ریان اپنے ہاتھوں سے اسے کھلانے کی کوشش کرتا تھا۔ اب وہ یہی کر رہا تھا۔

"تم آفس کے لیے لیٹ ہو جاؤ گے۔" جنت نے زین کو فارس سے لے لیا۔ اسے سیریلیک کھلانے لگی۔ ناشتے کی میز پر کافی رونق لگی ہوتی تھی۔ جمیلہ داؤد مسکراتے ہوئے ریان کی باتیں سنتی رہیں۔ ناشتے کے بعد وہ اسے باہر سی آف کرنے کے لیے گئے۔ اور واپسی پر وہ اسے دروازے پر منتظر نظر آئے۔ کپڑے بدل کر اس نے کچھ وقت بچوں کے ساتھ گزارا پھر جمیلہ داؤد کے اسٹوڈیو میں چلا گیا۔ جنت بھی وہیں تھی۔

برابر والا کمرہ ان کا پلے روم تھا۔ ریان زین کو ساتھ لیے اندر کھیل رہا تھا۔ ان کے کھلونوں کی الماری کا دروازہ کھلا ہوا تھا۔ زین نے ایک ایک کر کے سارے کھلونے نکال دیے۔ خود اندر گھس گیا۔ پھر دروازے کو آگے پیچھے کرتے ہوئے ریان سے چھپتا ہوا کھلکھلانے لگا۔ ریان کو بھی مزا آنے لگا۔ وہ الماری کا دروازہ کھول لیتا، پھر بند کر دیتا۔ زین کو لگتا وہ غائب ہو گیا ہے۔ پھر اسے لگتا وہ نظر آ رہا ہے۔ اسے خوشی ہوئی۔ وہ ہنسنے لگتا۔ انہی شرارتوں میں دروازہ اتنی زور سے بند ہوا کہ پھر کھلا ہی نہیں..... اب زین صاحب اندر تھے......اور ریان باہر......

"ایا (ریان)!" زین نے اٹھ کر اپنے دونوں ہاتھ الماری کے پٹ پر رکھ کر بجائے۔ ریان نے باہر سے کھولنے کی کوشش کی، نہیں کھلا..... پھر ہینڈل پر گرفت جما کر کھینچا۔

زین بڑے آرام سے بیٹھ گیا۔ (بڑا بھائی ہے نا باہر!)

اور باہر ریان شیرازی کا چہرہ سرخ پڑنے لگا۔ آنکھیں بھرنے لگیں۔ دھیمی سسکیوں کے ساتھ زین کو آواز دی کہ دروازہ تو کھل ہی نہیں رہا تھا۔ اور سامنے اسٹوڈیو روم میں جمیلہ داؤد کے پاس بیٹھی جنت کمال ان سے بات کرتے ہوئے ایک دم سے چپ ہوئی تھی۔

"یہ صرف مجھے عجیب لگ رہا ہے یا تمہیں بھی؟" اس نے فارس سے پوچھا تو اس نے موبائل سے سر اٹھایا۔

https://novelskidunya.com/

زین اور ریان اپنے پلے روم میں اور اتنی خاموشی؟

دونوں ہی ایک دم سے بوکھلا کر اٹھے تھے۔ پلے روم میں داخل ہوئے تو ریان سسکیاں بھرتے ہوئے نظر آیا۔

''زین کہاں ہے ریان؟''

''زین...... اندر......'' اس کی آنکھوں میں ایک دم سے خوف اور دہشت اتر آئی تھی۔ اور وہ پتا نہیں کیوں چیخ کر رونے لگا تھا۔ جنت نے گھبرا کر فوراً سے الماری کھولی تو بند آنکھوں کے ساتھ زین ساکت نظر آیا۔ کہیں اسے کچھ ہو نہ گیا ہو۔ پریشانی کے عالم میں اٹھا کر سینے سے لگایا تو معلوم ہوا نیند میں تھا۔

''اللہ!'' اس نے سکھ بھری سانس لیتے ریان کی طرف دیکھا۔ جو ہچکیوں کے ساتھ روتے ہوئے پیچھے ہٹ گیا تھا۔ فارس اسے اٹھانے کی کوشش کر رہا تھا اور وہ اس کی گرفت میں آنا نہیں چاہ رہا تھا۔

https://novelskidunya.com/

''کیا ہوا؟''

جمیلہ داؤد بھی پریشانی کے عالم میں وہیں آ گئی تھیں۔

ناول کی دنیا NovelsKiDunya

جنت نے بیڈ پر زین کو لٹا کر موبائل نکالا۔ ان کے کمرے میں گزشتہ بیس منٹ کی ویڈیو نکالی۔ اتنے آرام سے کھیلتے کودتے شرارتی زین نے الماری کا رخ کر لیا تھا۔ اور بے چارہ ریان کتنی دیر تک اپنی طرف سے الماری کا دروازہ کھولنے میں لگا رہا تھا اور پھر وہ رونے لگا تھا اور ابھی تک بھی رو رہا تھا۔ وہ تین سال کا تھا، اتنی سمجھ اس میں بھی تھی، کچھ غلط ہوا ہے۔

''ریان......!'' جمیلہ داؤد نے متفکر سا اسے پکارا۔

فارس نے اسے بیڈ پر سامنے بٹھا لیا تھا۔

''کیا ہوا...... بتاؤ کیا ہوا؟ کیوں رو رہے ہو؟''

اس کی ہچکیاں بندھی ہوئی تھیں۔ وہ اب جنت اور فارس دونوں کو دیکھ رہا تھا۔ جنت نے پھر اسے

سینے سے لگا لیا۔

"پاپا! آپ ماتے (مارتے)۔ آپ مجے (مجھے) ماتے؟" اس کا سسکیوں کی زد میں پوچھا جانے والا سوال فارس کے اندر سناٹا پھیلا گیا۔ "میں کیوں ماروں گا؟"

اس کا چہرہ ہاتھوں میں لے کر آنسو صاف کیے۔

"مونا پاپا نے..... مونا کو مارا..... زور شے..... مارا.....!"

مونا ان کے پڑوسی اکرام صاحب کی نواسی تھی۔ بہت شرارتی تھی۔ دو روز قبل ہی زید کے ساتھ ریان بھی ان کے گھر گیا تھا۔ ذرا سے سوال جواب کیے تو معلوم ہوا مونا نے اپنے چھوٹے بھائی کو سیڑھیوں سے دھکا دے کر گرا دیا تھا۔ اور اس کی حرکتوں سے عاجز اس کے پاپا نے ریان کے سامنے ہی اسے تھپڑ مار دیا تھا۔ یہ بات اس کے ذہن میں بیٹھ گئی۔ زین الماری میں بند ہوا تو اسے لگا پاپا اسے بھی منہ پر ماریں گے۔

فارس نے بے اختیار سانس بھر کر اپنے بھتیجے کو دیکھا۔ جنت نے کرسی کھینچ کر بیٹھتے ہوئے جوس میں اسٹرا ڈال کر دیا تو وہ سنبھل کر گھونٹ لینے لگا۔ پھر اسے بہت پیار سے سمجھایا گیا کہ مما پاپا اسے کبھی بھی نہیں ماریں گے..... اور یہ کہ مونا کے پاپا الگ ہیں، اس کے پاپا الگ ہیں۔ اور ریان تو مونا جیسا شرارتی بھی نہیں ہے۔ وہ تو اتنا پیارا ہے۔ شور کرتا ہے نہ شرارتیں کرتا ہے۔ اور اپنے بھائی کا بہت خیال رکھتا ہے۔

اس طرح پیار اور نرمی سے چھوٹے چھوٹے لفظوں میں سمجھانے پر وہ کچھ حد تک سنبھل گیا اور سو گیا۔

☆......☆......☆

ریان کا کنڈرگارٹن میں داخلہ ہوا تو ابتدائی کچھ دنوں تک اس نے بہت تنگ کیا۔ وہ ایک لمحے کے لیے بھی اپنے مما پاپا سے دور نہیں رہ سکتا تھا، لیکن جب فارس نے کنڈرگارٹن سے پک کر کے اپنے آفس لے جانا شروع کیا تو وہ سنبھل گیا۔ اب وہ کنڈرگارٹن اس لیے جاتا تھا کیونکہ اسے پھر پاپا کے ساتھ آفس جانا ہوتا تھا۔

https://novelskidunya.com/

اس دن اپنے پلے روم میں ریان اپنا ننھا سا بیگ اٹھا لایا۔ سمجھداری سے زپ کھول کر اپنی کلرنگ بک نکالی۔ پھر رنگ بھی سامنے رکھ لیا۔ زین اس کے پاس آ گیا۔

وہ چاہتا تھا ریان اس کے ساتھ کھیلے۔ مگر ریان اب اسکول گوئنگ بچہ تھا۔ اسے زرافہ میں رنگ بھرنے کا پہلا ہوم ورک ملا تھا۔ یہ کام بہت ضروری تھا۔ وہ کیسے کھیل سکتا تھا۔

زین اس کی نوٹ بک پر لیٹ گیا۔

وہ ایک دم سے سر اٹھا کر چیخا، پھر اپنی نوٹ بک کھینچنا چاہی تو صفحہ پھٹ گیا۔ اور پھر......

''پاپا......!'' وہ زار و قطار روتے ہوئے فارس کی اسٹڈی میں گیا۔ نوٹ بک ہاتھ میں تھی۔ صفحہ پھٹا ہوا تھا۔ غم سے نڈھال......

فارس اپنی لیگل ٹیم سے معذرت کرتے ہوئے اسے اٹھائے باہر آ گیا۔

اس نے روتے سسکتے زین کی پوری کارستانی سنائی۔ اپنی نوٹ بک دکھائی۔ اس کے آنسو صاف کرتے، دلاسا دیتے وہ واپس ان کے کمرے میں آیا تو زین صاحب ندارد تھے۔

فارس نے اس کو نیچے اتار کر کھلونوں کی الماری کھولی، پھر بیڈ کے پاس آ کھڑا ہوا، جھک کر، فرش کے ساتھ لگ کر دیکھا تو وہ بگڑے تیوروں کے ساتھ خفا خفا سا دیوار کی طرف رخ کیے لیٹا تھا۔ اب اس نے تو نوٹ بک نہیں پھاڑی تھی۔ وہ تو نوٹ بک پر صرف لیٹا تھا۔

''زین! باہر آؤ۔''

خاموشی......

''زین!'' لہجہ ذرا سا سخت......

مگر خاموشی......

''میں تین تک گنوں گا۔ اگر تم باہر نہ آئے تو پنشمنٹ ملے گی۔''

https://novelskidunya.com/

آنکھیں رگڑتے، سسکتے ریان نے ذرا سا گھبرا کر فارس کو دیکھا۔

''ایک......!''

اس کا ننھا سا دل دھڑکا کہ زین کو پنیشمنٹ ملے گی۔ اپنا غصہ اور ناراضی بھول گیا۔

بیڈ کے پاس گھٹنے ٹکا کر، فرش سے گال مس کر کے، ہاتھ پھیلا کر اسے پکارا۔

''زین...... بائی (بھائی)! آؤ، باہر آؤ!'' اسے پیار سے، اور بڑوں کے سے انداز میں پکارا۔

پھر خود بھی فرش کے ساتھ لگ کر بیڈ کے نیچے چلا گیا۔

https://novelskidunya.com/

فارس نے گہری سانس لے کر پیشانی مسلی۔

ہر دوسرے دن اسے ان کی ناراضی اور محبت کا عملی مظاہرہ دیکھنے کو ملتا تھا۔

''زین!''

فارس نے اپنا ہاتھ بڑھا کر، اس کا پیر پکڑ کر کھینچا تو وہ شور کرنے لگا۔ وہ رونا چاہتا تھا، لیکن جس طرح فارس نے اسے کھینچ کر باہر نکالا تو اسے بہت مزا آیا۔

ناول کی دُنیا Novels Ki Dunya

فارس نے بازوؤں سے پکڑ کر مصنوعی خفگی سے جھنجھوڑا تو کھلکھلا اٹھا۔ لیکن سزا اسے بہرحال جھیلنی پڑی۔ پھر اس نے جنت کو جا کر شکایت لگائی، اپنی دادو کو، ضوفشاں کے ساتھ ساتھ اپنی دل عزیز ''اشکا'' کو بھی۔

''پاپا!'' نام لے کے پھر کچھ اشارے کرتا...... اور غیر مفہوم سی آوازیں اور لفظوں میں بتاتا...... وہ ٹھیک سے بول نہیں سکتا تھا لیکن سب کو سمجھ آ رہا تھا وہ کہنا کیا چاہ رہا ہے۔

''آئندہ میرے بیٹے کو کچھ کہا تو اچھا نہیں ہوگا۔''

جمیلہ دادو نے اسے سینے سے لگا کر فارس کو خفگی بھرے انداز میں ڈانٹا تو وہ مسکراتے ہوئے سر جھکا گیا۔

☆......☆......☆

دبیز تاریکی میں فلیش لائٹ کی تیز روشنی آدھی کھلتی بند ہوتی آنکھوں پر پڑی تو کچھ اذیت سے میچ کر اس نے اپنا سر جھکا لیا تھا۔ وہ جس کرسی پر بیٹھا تھا اس کے پیچھے ہاتھ سختی سے بندھے ہوئے تھے۔

فرینک فرٹ کی طویل القامت زیر تعمیر عمارت کی کوئی چھٹی یا ساتویں منزل ہوگی۔ دائیں طرف ولز سے آگے تاریک شہر کے دامن میں فلک بوس عمارتوں پر جلتی بجھتی اور ٹھہری ہوئی کئی روشنیاں اور رنگ تھے۔ نقطوں کی صورت......

پیشانی سے گال تک بہتی ہوئی خون کی دھار اب کالر پر رنگ چھوڑ رہی تھی۔

سیاہ فام نے دو تین بار فلیش لائٹ چمکا کر بند کر دی۔ اکلوتا بلب جو سر پر تھا، روشن ہو گیا۔ وہ تین لوگ تھے، ان میں ایک سیاہ فام تھا۔ ہٹا کٹا سا، اور باقی دو لٹ کے تھے۔ اس نے باری باری تینوں کی شکل دیکھی۔ دو کا چہرہ تو بالکل سوجا ہوا تھا، تیسرے والے کی کچھ بچت ہو گئی تھی۔ وہ بس لنگڑا کر چل رہا تھا۔ تینوں بالکل الرٹ اور محتاط ہو کر اسے گھیرے کھڑے تھے۔ ایک نے تو باقاعدہ گن بھی تان رکھی تھی۔

”کیا ہے یار! مل بیٹھ کر آرام سے مسئلہ حل کر لیتے ہیں۔“ لہجہ دوستانہ تھا۔ موجودہ صورت حال کا اثر تاثرات پر تھا، نہ ہی چہرے پر۔

یکا یک فون بج اٹھا۔ کال ریسیو کر کے کسی کو ”راحم آفاق“ کی خبر پہنچائی گئی۔ دوسری طرف سے انہیں ایک حکم دیا گیا۔ سیاہ فام نے ایک نظر اسے دیکھا، پھر باقی دو ساتھیوں کو۔

بات ختم کر کے اس نے اپنے دو ساتھیوں کو سرگوشی میں کچھ کہا۔ ایک کو وہاں رکنا تھا اور بقیہ دو باہر پہرے کا سوچ رہے تھے۔

”تو کس کے حکم پر کام کر رہے ہو تم لوگ...... ہنری کے؟ فیصل؟ یا پھر سلمان نے بھیجا ہے؟“

تینوں نے سوال سنا۔ جواب نہ دیا۔ وہ سمجھ گیا، اس کے ساتھ بات چیت سے انہیں روکا گیا ہے۔ وہ اب ان کے چہروں کے تاثرات پڑھ رہا تھا۔

"فیصل کا کام لگتا ہے مجھے۔یقیناً اس نے ہائر کیا ہوگا تم لوگوں کو۔" اپنی طرف سے اندازہ لگا کر مطمئن انداز میں سرکو دائیں بائیں جنبش دی۔

"کیا فیصل نے تم تینوں کو بتایا ہے وہ کس کے لیے کام کرتا ہے؟ یا اس نے مجھے پکڑنے کا کیوں کہا ہے؟"

"اپنا منہ بند رکھو، ورنہ گولی سے تمہارا بھیجا اڑا دوں گا۔" کرخت لہجے میں دھمکی دے کر سیاہ فام نے چلر کے پاس رک کر نیچے ویران سی سڑک پر دور تک کسی گاڑی کے نشان ڈھونڈنا چاہے۔

"اڑا دینا..... گولی بھی چلا لینا۔لیکن پہلے اپنی فکر کرو۔یہاں سے آج تم تین بھی زندہ بچ کر نکلنے والے نہیں ہو۔"

بے پرواسے لہجے میں کہہ کر اس نے اپنا سر جھٹکا۔

"تم ہماری گرفت سے بچ کر نہیں نکل سکتے۔" سیاہ فام کی غراہٹ اس کے قریب سے گونجی تھی۔

"کس نے کہا، میں نکلنا چاہتا ہوں؟ مجھے ویسے بھی پروا نہیں تم لوگ مجھے ہنری کے حوالے کرتے ہو یا فیصل کے۔"

تینوں نے ناسمجھی کے عالم میں ایک دوسرے کی شکل دیکھی تھی۔"یہ تو طے ہے کہ وہ میری جان نہیں لیں گے لیکن تمہارے ساتھ جو سلوک کریں گے، اس کی فکر ہو رہی ہے مجھے۔" اس کی مسکراہٹ ایک دم سے گہری ہوگئی تھی۔آنکھوں کا تاثر عجیب سی پراسراریت میں ڈھل گیا۔

"کہنا کیا چاہ رہے ہو تم؟" جس نے پستول تانی تھی، سوال بھی اسی نے کیا۔وہ بھول گیا تھا کچھ دیر پہلے تک فون پر اسے راحم آفاق سے کوئی بھی بات نہ کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔

"یہی کہ مجھے پکڑ کر تم تینوں نے اپنی زندگی خطرے میں ڈال دی ہے۔"

بات واضح نہ تھی، سمجھ سے باہر ہوگئی۔

"تمہیں ہم بے وقوف لگتے ہیں؟"

اس نے پورے یقین کے ساتھ اثبات میں سر کو جنبش دی۔ اس سے پہلے کہ سیاہ فام غصے میں اسے ایک اور مکا رسید کرتا کہ وہ ایک دم سے چیخ اٹھا۔

"رکو...... رکو...... ایک سیکنڈ...... بات تو سن لو میری۔"

سیاہ فام نے رک کر اسے گریبان سے دبوچ لیا تھا۔

اس نے بھی سسپنس کی انتہا کرتے ہوئے فر فر بولنا شروع کر دیا۔ وہ راحم آفاق تھا۔ ایک ہیکر تھا۔ اسے فیصل کے باس نے چھ ماہ پہلے گھر کا سیکورٹی سسٹم ڈیزائن کرنے کے لیے ہائر کیا تھا۔ لائبریری میں ایک خفیہ دروازہ کسی کتاب کو حرکت دینے پر کھلتا تھا اور وہ کتاب باس کے بیڈ روم میں رکھی گئی تھی۔ اس کے عالی شان گھر کے وسط میں ایک باغ تھا۔ اس باغ میں بیری کے درخت کے نیچے چار لاشیں دفن تھیں۔

ایک تو اس کی معشوقہ تھی، دوسرا اس کا کوئی قریبی دوست تھا۔ اور بقیہ دو لاشوں کا اسے علم نہ تھا۔ پھر اس نے بتایا کہ وہ کتنا مجبور اور غریب تھا اور اس کی ماں بیمار تھی اور علاج کے لیے پیسے چاہیے تھے اور اسے نہ چاہتے ہوئے یہ کام کرنا پڑا۔

اس نے تفصیل سے بتایا، کیسے وہ اس گھر میں گیا، اور کیسے ان کی ڈیل ہوئی، اور کیسے وہ حقیقت منکشف ہو جانے پر اسے جان سے مارنا چاہتے تھے۔ کہانی سنانے کا انداز اتنا متاثر کن تھا کہ وہ دم سادھے اسے سنتے گئے۔

اس نے پاس ورڈ سے لے کر، سیف، خفیہ دروازے اور چھپے ہوئے کسی تہ خانے تک کی معلومات انہیں بتا دی تھیں۔ کچھ ایسے رازوں سے پردہ ہٹا دیا جس سے آنکھوں میں دہشت آ گئی۔ اور کچھ ایسے کارناموں سے بھی آگاہ کر دیا جو خطرے سے خالی نہیں تھے۔

اور وہ تینوں اپنے کلائنٹ کی ہر معلومات سے بے خبر اسے صدمے سے تکے جا رہے تھے۔ کیا وہ

اتنے خطرناک آدمی کے لیے کام کر رہے ہیں؟ سماعت پر یقین نہ آیا کہ جس نے ہائر کیا تھا خاصا معقول آدمی لگا تھا۔

''ان سب باتوں کا ہم سے کیا لینا دینا؟'' اکھڑ پن سے، کر ختگی سے سوال اچھالا گیا۔ کہ انہیں بس ایک نوجوان کو پکڑ کر کسی کے حوالے کرنا تھا۔ اور اپنی مطلوبہ رقم حاصل کرنی تھی۔ بات ختم!

''کیونکہ یہ راز مجھ تک ہے تو وہ میرے پیچھے ہیں۔ جب انہیں پتا چلے گا، تم لوگوں کو بھی میں نے سب کچھ بتا دیا ہے تو وہ زندہ تو تمہیں بھی نہیں چھوڑیں گے۔'' وہ ہنسا تھا۔ اور ان تینوں کے پیروں سے زمین نکل گئی تھی۔ اتنی توجہ سے ساری باتیں سننے پر انہوں نے خود کو لعنت ملامت کی۔

''کیا بکواس ہے یہ؟''

''کوئی بکواس نہیں، بس آنے دو انہیں۔ یہاں ایک نہیں، چار چار لاشیں گریں گی۔'' ان کے سر پر بم پھوڑ کر مسکرایا۔ کوئی ٹینشن، فکر سرے سے نہ تھی۔

اچانک کہیں گاڑی کے ٹائر چرچرائے۔ سیاہ فام نے جھک کر نیچے دیکھا تو دین سے کچھ سوٹڈ بوٹڈ لوگ نکلتے نظر آئے۔ تعداد میں وہ چھ تھے۔ اسے زندگی میں پہلی بار سچ مچ میں خطرے کا احساس ہوا۔ کام بس چھوٹا سا تھا۔ اسے راحم آفاق کو زندہ سلامت ان کے حوالے کر کے اپنا معاوضہ لینا تھا اور پھر اپنے دو ساتھیوں کے ساتھ یہاں سے چلتے بننا تھا لیکن جو خوف ناک نقشہ راحم آفاق نے کھینچا تھا، اسے مد نظر رکھتے ہوئے اب اسے ایک دم سے یہ سب بہت مشکل لگنے لگا تھا۔ نہ اس نے کبھی اپنے ہاتھ خون سے رنگے تھے، نہ وہ یہاں کسی اور کو رنگنے دے سکتا تھا۔

''برو! میں نے بولا بھی تھا یہ کام ہمارے بس کا نہیں ہے۔'' سرخ جیکٹ والا لڑکا گھبرا گیا۔ چار ماہ پہلے تک وہ کسی باکسنگ کلب کے ساتھ جڑے رہے تھے۔ پھر کسی چھوٹی سی بدمزگی پر کلب انتظامیہ نے انہیں نکالا تو انہوں نے انتقاماً تہیہ کر لیا، وہ پیسہ کما کر اپنا باکسنگ کلب تعمیر کریں گے۔ اب

https://novelskidunya.com/

پیسہ ایک ہی دن میں نہیں کمایا جا سکتا تھا سو پارٹ ٹائم جابز کرتے کرتے وہ فیصل کے ہتھے چڑھ گئے جنہیں کچھ باکسرز کی تلاش تھی۔کام آسان تھا کہ کسی لڑکے کو پکڑ کر ان کے حوالے کرنا تھا اور بدلے میں وہ انہیں معقول رقم آفر کر رہے تھے۔اور اب جب سارا کام ہو چکا تھا تو انہیں اپنی زندگی خطرے میں پڑتی ہوئی نظر آنے لگی۔

''آنے دو انہیں، بالکل آنے دو انہیں......'' راحم آفاق گنگنا رہا تھا۔

''تم نے ہمیں کچھ نہیں بتایا ہے۔'' بیس ہزار ڈالر کی رقم آنکھوں میں لہرائی تو وہ غرایا۔

''سب بتا دیا ہے، اور ان کے سامنے بھی بتاؤں گا۔بار بار دہراؤں گا۔''

''وہ اوپر آ رہے ہیں۔'' تیسرے لڑکے نے متوحش ہو کر اطلاع پہنچائی۔اس سے پہلے کہ کوئی کچھ کہتا، سیاہ فام نے اشتعال میں پستول کا بٹ اس کے سر پر دے مارا تھا۔شدید ضرب سے راحم کا سر گھوم کر رہ گیا۔

''کھول دو اسے۔''

نیچے سیڑھیوں پر عجلت میں قدم اٹھاتے بھاری جوتوں کی آواز واضح ہونے لگی تھی۔

وہ جو بڑی مشکل سے پکڑ کر اسے باندھ کر لائے تھے، اس کے ہاتھ کھولتے، کالر سے پکڑ کر دوسرے دروازے کی جانب دھکیلتے ہوئے باہر کو بھاگے۔

عجلت میں ایمرجنسی آہنی سیڑھیاں اترتے ہوئے وہ بیرونی دیوار کے ساتھ لگ کر آہنی راڈز پر گرفت جمائے مہارت سے نچلی منزل کا رخ کرتا نظروں سے کچھ دیر کے لیے اوجھل ہوا۔اس کا سراپا پھر دوسری منزل پر نمودار ہوا۔دیوار پھلانگ کر وہ کچھ ہی دیر میں کھڑکی سے باہر تھا۔

سامنے عمارت کی منزل سے دوربین سے اس کی تمام کارروائیوں کو ملاحظہ کرتے، سختی سے بھینچے ہوئے لبوں میں جنبش ہوئی تھی۔

''ان گدھوں کو کہا بھی تھا، اس سے بات مت کرنا۔''

ان تین لوگوں کو پچھلی سڑک سے جاتے ہوئے دیکھا جا سکتا تھا۔

اوپن مال کی طرف لوگوں کے ہجوم میں گم ہوتے ہوئے راحم آفاق دائیں جانب ایک دکان کا دروازہ کھول کر اندر چلا گیا۔

کچھ ہی دیر میں وہ سامنے کے دروازے سے باہر تھا۔ اب نہ جیکٹ وہ تھی، نہ حلیہ، اور نہ ہی چال......

وہ اب ایک ادھیڑ عمر بیمار اور نحیف سا بوڑھا تھا جو کپکپاتے ہوئے، بری طرح سے کھانستا ہوا سست روی سے قدم اٹھا رہا تھا۔

''کہاں گیا؟''

''تم اس طرف دیکھو۔ میں اس طرف جاتا ہوں۔ اور تم...... وہاں سامنے۔'' حکم ملتے ہی وہ اس کی دائیں بائیں سے لوگوں سے راستہ بناتے نکل گئے تھے۔ ہیٹ کے نیچے سر جھکا ہوا تھا۔ راحم آفاق کے لبوں پر مسکراہٹ سج گئی تھی۔

اور آنکھوں کی چمک خطرناک حد تک بڑھ چکی تھی۔

وہ بوڑھا......

نحیف سا......

بیمار اور کھانستا ہوا......

اسی راہداری سے نکل کر جا چکا تھا۔

☆......☆......☆

ہاتھ میں موبائل لیے وہ ہاسپٹل کے ویٹنگ روم میں بیٹھی تھی۔ میسج ٹائپ کرتے ہوئے اس نے اپنے برابر میں ہی خالی جگہ پر ایک نوجوان خاتون کو بیٹھنے کی جگہ دی تو اس نے مسکراتے ہوئے شکریہ ادا

کیا۔ وہ کافی دیر سے بیگ کندھے سے لگائے کسی کے انتظار میں وہاں کھڑی تھی۔
"پہلا بے بی ہے آپ کا؟" اس نے پوچھا تو جنت مسکرائی۔
"نہیں، دوسرا ہے۔"
"ماشاءاللہ!" اس کا جواب اس کی آنکھوں میں عجیب طرح کا حزن اور نمی لے آیا تھا۔
"اور آپ کے کتنے بچے ہیں؟" اب بات شروع ہو ہی گئی تھی تو اس نے خوش گوار لہجے میں پوچھا۔
وہ لمحے بھر کے لیے کسی درد کی اذیت میں آئی تھی۔
"میری اولاد نہیں ہے، میں یہاں چھوٹی بہن کے ساتھ آئی ہوں۔"
جنت نے اس ایک ہی لمحے میں اس کے اعتماد کو بکھرتے، مسکراہٹ کو سمٹتے اور حزن کی دلدل میں اترتے ہوئے دیکھا۔ یوں لگا جیسے وہ اس کا ہی حزن ہو۔ کسی اور کی آنکھوں میں ٹھہرا ہوا نظر آ گیا ہو۔ جیسے وہ کسی اور جنت کے سامنے بٹھا دی گئی ہو۔
"شادی کو کتنے سال ہوئے ہیں؟" اس نے پوچھا۔
"بارہ سال......" آنکھوں کی نمی بڑھ گئی تھی۔
"دعا کیجیے گا میرے لیے، اللہ مجھے بھی دے۔"
جنت نے آہستگی سے اس کا ہاتھ پکڑا۔ ضبط پکڑتی اس کی مٹھی سختی سے بند ہو چکی تھی۔ پتا نہیں وہ کن حالات سے گزر رہی تھی کہ چہرہ سرخ پڑنے لگا تھا اور آنکھیں تر ہو رہی تھیں۔
"میں پانچ سالوں تک بے اولاد رہی۔" جنت نے کہا تو اس نے بے ساختہ اس کی طرف دیکھا۔
"پانچ سالوں تک جو ذہنی ٹارچر میں نے سہا ہے، شاید میں اسے لفظوں میں بیان نہ کر سکوں۔ پھر میری طلاق ہو گئی۔"
سیاہی مائل گہری آنکھیں جنت کمال کے چہرے پر جمی رہ گئی تھیں۔

''پھر میری دوسری شادی ہو گئی۔ میں اپنی زندگی کو لے کر اتنی مایوس تھی کہ مجھے لگتا تھا، کبھی کچھ ٹھیک ہوگا ہی نہیں۔ میں بے اولاد رہوں گی اور سب ایسے ہی ختم ہو جائے گا۔ میں نے دعائیں کرنا بھی چھوڑ دی تھیں۔

پھر میری ساس نے مجھے دعاؤں کی طرف متوجہ کیا۔ اور ان ہی دعاؤں کے ذریعے میں نے اپنے اندر امید جگائی اور اللہ کی تقدیر کے آگے سر جھکایا۔ اور شکر ادا کیا کہ وہ جس حال میں بھی رکھے الحمدللہ!'' اس کی آواز مضبوط تھی۔ لہجے میں ٹھہراؤ سا تھا۔ ''میں نے کبھی توجہ ہی نہیں دی کہ جن بانجھ عورتوں کا ذکر قرآن میں کیا گیا، وہ دونوں ہی انبیاء کی بیویاں تھیں۔ اور دونوں کو ہی صاحب اولاد کر دیا گیا تھا۔ دونوں کے بطن سے نبیوں نے جنم لیا۔ میں نے کبھی اس بارے میں نہیں سوچا کہ مریم علیہ السلام کے حجرے میں جو بے موسمی پھلوں کا ذکر ہوا تو کیوں ہوا؟ پھلوں کو دیکھ کر زکریا علیہ السلام نے امید پکڑی، آیات کو پڑھ کر، میں بھی کیوں نہ پکڑ سکی؟

زکریا علیہ السلام کو لگا تھا کہ وہ اب بڑی عمر کے ہیں اور ان کی زوجہ بانجھ ہے۔ انہوں نے یہ بات اللہ سے کہی، اور اللہ کا جواب...... وہ صرف ان کے لیے نہیں تھا۔ وہ ہر اس عورت اور مرد کے لیے ہے جو اولاد کی نعمت سے محروم ہے۔'' اس نے رک کر اس کی آنکھوں میں دیکھا۔ ضبط پکڑتے لب کپکپا اٹھے تھے۔

''دعائیں رد نہیں ہوتیں۔ کبھی نہیں ہوتیں...... اللہ پلان کرتا ہے اس نے ہمیں کب کس وقت کیا دینا ہے، اور کس طرح دینا ہے۔

اس لیے میں آپ سے بھی یہی کہوں گی، ناامید مت ہوں۔ صبر کریں اور دعا اور آزمائش سے گزرنے کی ہمت مانگیں۔ اس دنیا نے تو پھر بھی ختم ہو جانا ہے۔ لیکن یہ جو آزمائش کے دوران ہمارے اعمال ہوں گے، ہماری عبادات، ہمارا یقین، ہمارا ایمان اور اللہ پر اعتبار...... اور دعائیں...... یہ آخرت تک جائے گی۔ یہی آخرت میں کام آئیں گی۔''

https://novelskidunya.com/

رک کر اس کی آنکھوں میں دیکھا۔

''ہر انسان کے ٹیسٹ کا دورانیہ مختلف ہے۔ میرا امتحان پانچ سالوں تک رہا۔ اور اللہ نے پھر مجھے دیا۔ وہ آپ کو بھی دے گا۔'' اس نے پھر اس کی مٹھی آہستگی سے کھولی۔ ''اسے کھلا رکھیں، بند نہ ہونے دیں۔ جو آپ اپنی اولاد پر خرچ کرتیں، اسے یتیموں، مسکینوں پر خرچ کریں۔ جیسے زکریا علیہ السلام نے مریم علیہ السلام کی کفالت کی تھی، اسی طرح آپ بھی کسی کی کفالت کر لیں۔ اللہ کی راہ میں جتنا ہو سکے دیں۔ اور دعائیں جاری رکھیں۔ دعائیں تقدیر سے لڑتی ہیں اور صدقہ مصیبت پریشانیوں کو ٹالتا ہے۔''

وہ سانس روک کر اسے سن رہی تھی۔

''میری دعا ہے اللہ آپ کو بہت نیک، صالح اولاد سے نوازے..... آمین!'' گرفت بڑھا کر بولی تو اس نے تشکر بھری نگاہوں سے دیکھتے اپنے آنسو صاف کر لیے۔

اس کا موبائل بجنے لگا تو اٹھا کر دیکھا، فارس کی کال آ رہی تھی۔

''میں چلتی ہوں۔'' کہہ کر مسکراتے ہوئے اٹھنے لگی تو اس نے ہاتھ پکڑ کر روک لیا۔

''تمہارا نام کیا ہے؟''

''جنت کمال!'' جواب دے کر وہ مسکراتے ہوئے جانے کے لیے مڑ گئی تھی۔ ویٹنگ روم میں بیٹھی خاتون نے آنکھوں میں نمی لیے اسے دور تک جاتے ہوئے دیکھا تھا۔

☆......☆......☆

وہ بزنس ٹرپ سے واپس لوٹا تو احساسات بے حد مختلف تھے۔ گزشتہ رات فون پر ملنے والی خبر نے اسے مزید وہاں ٹھہرنے نہیں دیا تھا۔ وہ جلد ہی واپس آ گیا تھا۔ گھر میں داخل ہوا تو خاموشی کا راج تھا۔ کسی کو اس کی آمد کی خبر نہیں تھی۔

سیڑھیاں چڑھ کر اپنے بیڈ روم کا رخ کیا۔ دروازہ آہستگی سے کھول دیا۔

نیم تاریکی میں جنت اسے بیڈ پر دراز دکھائی دی۔ بے آواز قدموں کے ساتھ اس نے بے بی کاٹ کا رخ کیا۔ گلابی مخلیں کمبل میں لپٹا ہوا ننھا وجود گہری نیند میں تھا۔

وہ اپنی جگہ منجمد سا کھڑا رہ گیا تھا۔ اس نے ایک بار پھر محسوس کیا جیسے اس کا وجود ٹکڑوں میں بٹ گیا ہو۔ آواز دھڑکنوں کی تھی جو سماعت میں ٹھہر گئی تھی۔ احساسات عجیب ہونے لگے تھے۔

اس نے ہمت پکڑتے ہوئے جھک کر بے حد احتیاط سے اسے اٹھا لیا تھا۔ نگاہیں اس کے پیارے سے چہرے پر جمی رہ گئیں۔

اسے یوں لگا جیسے وہ وہی ہو۔ وہ اسے عطا کر دی گئی ہو۔

آہٹ پر جنت کی آنکھ کھل گئی۔ کہنی کے بل اوپر ہوئی اور فارس پر نظر پڑتے ہی ٹھہر گئی۔

نیم تاریکی میں وہ اسے دیکھ سکتی تھی۔ وہ اپنی بیٹی کو سینے سے لگائے کھڑا تھا۔ وہ اس کا ماتھا، اس کے گال چوم رہا تھا۔ اس کی آنکھیں تر تھیں۔ وہ بے حد احتیاط سے اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔ لحاف ہٹا کر اس کے پاس آ گئی۔

اس نے فارس کے بازو پر ہاتھ رکھا۔ تو اس نے گردن موڑ کر جنت کو دیکھا۔ وہ موت کی سرحدوں کو چھو کر پلٹی تھی۔ اس کی رنگت زرد اور آنکھوں کے حلقے گہرے لگ رہے تھے لیکن مومی چہرے پر الوہی سی خوشی نظر آ رہی تھی۔ وہ اپنی بیٹی کی پیدائش پر یہاں نہیں تھا، اسے سوچ کر دکھ ہوا۔ اسے یہاں ہونا چاہیے تھا۔

''ہم تمہارا انتظار کر رہے تھے۔'' وہ بولی تو مسکراہٹ لبوں پر آ گئی۔ وہ اپنی بیٹی کو بانہوں میں لیے اس کے پاس ہی بیٹھ گیا تھا۔

جنت کا داہنا ہاتھ اس کے ہاتھ میں تھا۔ وہ دونوں ہی اب اسے دیکھ رہے تھے۔ وہ مندی مندی آنکھیں کھولے ہوئے تھی۔ لبوں کو جنبش دیتے دیکھنے کی کوشش کر رہی تھی۔ مٹھیاں بھنچی ہوئی تھیں۔ گلابی

لباس اس کی اپنی رنگت سے میچ کر رہا تھا۔

وہ انگوٹھے سے اس کے گال کو چھوتے ہوئے اب اس سے بات کر رہا تھا۔

''زین کا نام میں نے رکھا تھا، اس کا نام تم رکھو گے۔'' وہ کندھے سے گال مس کیے بہت نرمی سے بولی۔

''کیا رکھنا چاہیے؟''

''جو تم اپنی پہلی بیٹی کا رکھنا چاہتے تھے۔'' آہستگی سے کہتے ہوئے اس نے فارس کے بازو پر اپنی گرفت مضبوط کر لی تھی۔

''میں اس کا نام جنہ رکھنا چاہتا تھا۔''

لمحے بھر کے لیے جنت کمال کی دھڑکنیں تھم گئی تھیں۔ آنکھوں میں محبت کی نرمی لیے اس نے فارس کو دیکھا۔ وہ اس کا نام تھا۔ چھوٹا سا ایک لفظ...... جو اس کی پہچان بنا تھا۔ اور وہ اسے کبھی بھی بھلا نہیں سکا تھا۔

''ماں اور بیٹی کا ایک سا نام۔''

''بالکل! کیا خیال ہے؟'' فارس نے پوچھا تو وہ مسکرائی۔

''مجھے زین کا نام پھر فارس رکھنا چاہیے تھا۔''

وہ ہنس دیا۔

''تو اب...... طے کرو۔'' اس نے کپڑا ذرا سا نیچے کرتے ہوئے اپنی بیٹی کی ناک کو چھوا۔

جنت...... جنہ...... اور اس سے جڑا ہوا ایک اور نام...... جنان (Jinaan)

وہ نام جنت کمال کو بہت پیارا لگا۔ ''جنان اقلد''

''ہاں!''

اور اسی پیاری سی پری کا نام اس رات طے ہو گیا۔ سفر کی تھکان کے باوجود اس رات فارس وجدان رات گئے تک اپنی بیٹی کو گود میں لیے بیٹھا رہا تھا۔ وہ اس کے وجود سے لگی تھی تو زندگی کا احساس ہو رہا تھا۔ اور وہ درد جو دل میں تھا، اس کی چبھن ہلکی ہو رہی تھی۔

☆......☆......☆

وجدان ہاؤس کے لان میں دھوپ اتری ہوئی تھی۔ خالی کینوس کے سامنے برش ہاتھ میں لیے جمیلہ داؤد وہیں بیٹھی تھیں۔ ریان اپنی گیند سے کھیل رہا تھا۔ دوڑتے بھاگتے، چیختے ہوئے زین اس کا بھرپور ساتھ دے رہا تھا۔ اوپری منزل کی دیوار گیر کھڑکیوں سے باہر کا منظر دیکھتے ہوئے جنت نے کاغذات سے بھرا ہوا ''عسر یسرا'' کا فولڈر دراز میں رکھ دیا تھا۔ صرف ایک صفحہ تھا جو اس کے ہاتھ میں دھرا رہ گیا تھا۔

تلاش کا سفر مکمل ہو گیا تھا۔ جس جواب کی تلاش تھی وہ اسے مل چکا تھا۔ اس نے بے بی کاٹ پر جھک کر اپنی ننھی سی گڑیا کو بانہوں میں اٹھا لیا۔ سفید فراک میں ملبوس جنان اپنے ہاتھ پیر چلا رہی تھی۔ احتیاط سے سیڑھیاں اتر کر وہ باہر آ گئی تھی۔

جمیلہ داؤد نے اسے اپنی جانب آتے ہوئے دیکھا تو برش رکھ دیا۔ لان چیئر پر ان کے پاس بیٹھتے ہوئے انہوں نے جنان کو پکارا تو وہ مسکرائی۔ ریان بھاگا چلا آیا تھا۔ ان کی بہنا ابھی جاگی تھی۔ تو جنت کے گھٹنوں پر ہاتھ رکھے، اوپر ہو کر اس کے گال پر پیار کیا۔ زین کو فی الحال بوسہ لینا نہیں آتا تھا سو اس نے بھی اپنے بھائی کی دیکھا دیکھی اپنے لب جنان کے گلابی گالوں پر رکھ کر ہٹا لیے۔ مسز شیرازی ہنس پڑیں۔

جنت نے عسر یسرا کے کاغذات ان کے سامنے میز پر رکھ دیے۔ ''مجھے لگتا ہے شاید...... میں کسی حد تک جواب تک پہنچ گئی ہوں۔''

https://novelskidunya.com/

اس نے کہا تو مسز شیرازی کی آنکھوں میں اشتیاق کی ایک لہر ابھری۔ مسکراتے ہوئے انہوں نے ایک نظر صفحات پر ڈالی۔ ''میں تم سے سننا چاہتی ہوں۔''

ایک بار پہلے انہوں نے اس کا ریسرچ ورک پڑھا تھا۔ اس کی غیر موجودگی میں پڑھا تھا۔ اب وہ اس کا ہر جواب اس سے ہی سننا چاہتی تھیں۔

اس نے گہری سانس لے کر گال پر پھسلتی لٹ کو کان کے پیچھے کر دیا تھا۔ دھوپ میں اس کی اجلی رنگت چمک رہی تھی۔

اس نے پہلا صفحہ کھول دیا۔

''آیت ہے ان مع العسر یسرا۔ ان مع العسر یسرا۔'' اس نے ایک لمحے کا توقف کیا۔ ''العسر اسم معرفہ ہے۔ یسرا اسم نکرہ۔ العسر کے آغاز میں الف لام ہے جس نے اسے ''محدود'' کر دیا ہے۔ محدود یعنی ایک حد میں مقید کر دینا۔ اور یسرا بغیر الف لام کے ''مطلق'' ہے۔ مطلق وہ الفاظ ہیں جو ہر لحاظ سے غیر مقید، غیر مشروط، غیر معین یا غیر محدود ہوتے ہیں۔ آسان لفظوں میں یوں کہنا مناسب رہے گا، جو مکمل یا آزاد ہوں۔''

جمیلہ داؤد نے اثبات میں سر کو جنبش دی تو اس نے بات جاری رکھی۔

''العسر (معرفہ) ''مقید'' ہے۔ مقید یعنی باندھا ہوا۔ ایک حد میں رکھا ہوا۔ اور یسرا مطلق ہے یعنی مکمل اور آزاد......''

لان کی سرسبز گھاس پر سے لہرا کر اٹھتی ہوائیں درختوں کی شاخوں سے گزر گئی تھیں۔ نیلے آسمان کی بلندیوں پر کہیں کہیں سفیدی پھیلنے لگی تھی۔

''آیت نے العسر کو ''الف لام'' سے خاص (معرفہ) کر دیا اور یسر کو بغیر ''الف لام'' کے عام (نکرہ) کر دیا۔''

https://novelskidunya.com/

اس نے آہستگی سے صفحہ پلٹ دیا تھا۔

''لیکن یہاں العسر کے مقابلے میں ''یسر'' نہیں یسرا ہے۔ الف کے ساتھ۔ الف یسر کی تعظیم کے لیے ہے۔ یسرا ''اسم تکبیر'' ہے۔ اسم تکبیر نشاندہی کرتی ہے ہر اس شے کی جو عظیم ہے۔''

اس کی آواز مضبوط اور لہجہ ٹھہرا ہوا تھا۔ وہ آنکھوں میں چمک لیے، بہت شوق اور ایکسائٹمنٹ کے ساتھ انہیں بتا رہی تھی۔

''تو اس حساب سے آیت کا مطلب ہوا بے شک ہر مشکل کے ساتھ ''عظیم آسانی'' ہے۔''

جمیلہ داؤد رشک بھری نگاہوں سے اسے دیکھ رہی تھیں۔ جنت کمال اپنے سوال کی تہ تک پہنچ گئی تھی۔ اس نے اپنے حالات کو سمجھ کر جواب اخذ کر لیا تھا۔ ابتلاء کو سمجھ لیا تھا۔ یسرا کو پا لیا تھا۔

''ہر وہ تکلیف، اذیت، آزمائش یا ابتلاء جسے ہم فیس کر رہے ہیں یا جس میں ہم روتے تڑپتے گزر رہے ہیں، اس کے ساتھ ہمارے لیے ایک بہت بڑی آسانی ہے، جو انعام ہمیں ملے گا وہ ہماری سوچ سے بڑھ کر ہوگا۔ جو ''عسر'' کی طرح صرف ''یسر'' نہیں ہوگا۔ وہ یسرا ہوگا۔ یعنی وہ عظیم ہوگا۔''

ریان کی گیند بہت دور جا گری تھی۔ زین نے بھاگتے ہوئے پہلے پہنچنے کی کوشش کی تھی۔ کیاری میں چند ایک پھولوں کی پنکھڑیاں ٹوٹ کر نیچے آ گریں۔

ہوا نے رخ بدل لیا۔

''آیات یا تو تاکید کے لیے دہرائی جاتی ہیں یا تہدید یعنی خوف کے لیے یا پھر تعظیم کے لیے۔ یعنی اللہ کے اس کلام کی گہرائی یا عظمت بیان کرنے کے لیے، اور کیا آپ یقین کریں گی کہ اس ایک جیسی دہرائی جانے والی آیت میں مجھے ایک مکمل طور پر مختلف مطلب نظر آیا ہے۔'' اس نے ایک لمحے کو توقف کر کے ان کی آنکھوں میں بہت امید اور یقین سے دیکھا تھا۔ جنان اب اس کی چوڑیوں پر ہاتھ رکھ رہی تھی۔

"میں نے سیکھا ہے۔
عسر کبھی بھی تنہا نہیں آتا۔ وہ آپ کی زندگی میں جب بھی، جس صورت میں بھی آتا ہے، یسرا کو ساتھ لے کر آتا ہے۔ یسرا یعنی ایک بہت بڑی آسانی۔
میں نے یہ بھی سیکھا ہے کہ چونکہ آپ "عسر" سے گزر رہے ہوتے ہیں، اس لیے آپ اس سے واقف ہوتے ہیں لیکن "یسرا" ایک ایسی چیز ہے جو نگاہوں سے اوجھل رہتی ہے۔ بعض اوقات ہم اسے سمجھ نہیں سکتے۔ پہچان نہیں پاتے، تبھی تو کہا گیا ہے "ساتھ" ہے تاکہ ہم یقین قائم رکھیں کہ "وہ" ہے۔
میں نے اس آیت سے یہ بھی سیکھا ہے کہ یسرا دو طرح کے ہوتے ہیں۔ ایک یسرا تو وہ ہے جو آپ کو صبر کے بدلے، محنت کے بدلے مستقبل میں مل جاتا ہے۔ (وہ محنت جس کا ذکر سورہ کی اگلی آیات میں بھی ہے)
دوسرا یسرا وہ ہے جسے سخت مشکل حالات سے گزرتے آپ اسے پا چکے ہوتے ہیں اور اسے جی بھی رہے ہوتے ہیں پر آپ کو اس کا علم نہیں ہوتا۔"
وہ بہت گہرائی میں بات کر رہی تھی۔ جو انہوں نے بھی نہ سوچا تھا۔ جنت کمال وہ بھی سوچ رہی تھی۔
"مثال کے طور پر ایک نوجوان ایک شہر سے دوسرے شہر جا رہا ہے۔ راستے میں گاڑی خراب ہو جاتی ہے۔ اب چونکہ آمدورفت بھی کم ہے تو اسے کوئی سواری نہیں ملتی۔ وہ پریشان ہو جاتا ہے کیونکہ اسے جاب انٹرویو کے لیے مقررہ وقت پر پہنچنا تھا۔
وہ اداس ہو کر رونے لگتا ہے، اس لیے کہ بیمار ماں کو اکیلا گھر چھوڑ کر آیا ہے۔ اسے غم ہے کہ وہ اس نوکری کو بھی حاصل نہیں کر سکے گا۔ وہ رکا رہا، پھنسا رہا، روتا رہا۔ اس بات سے قطعی بے خبر کہ اگر وہ اسی سڑک پر گاڑی چلاتا رہتا تو آگے کسی ٹرک سے ٹکرا کر اس کی گاڑی تباہ ہو جاتی اور وہ عین موقع پر دم توڑ دیتا۔
گاڑی کا خراب ہونا عسر ہے۔
جاب انٹرویو کا چھوٹ جانا بھی عسر ہے۔

مگر اس عسر کے بدلے جو یسرا اسے ملا ہے، کیا وہ عظیم نہیں؟ اور جس کا اسے علم بھی نہیں۔"

جمیلہ داؤد کی نگاہیں اس کے چہرے پر جمی رہ گئی تھیں۔

"ہر غم، ہر دکھ، ہر درد، ہر پریشانی اور مشکل کا تناسب یسرا کے ساتھ اسی طرح ہوتا ہے۔ یسر ہمیشہ العسر سے بڑا ہوتا ہے۔"

اس نے رک کر چند لمحوں کا توقف کیا تھا۔

جمیلہ داؤد بے حد خاموشی اور سکون سے اسے سن رہی تھیں۔ ان کے چہرے پر اطمینان نظر آ رہا تھا۔ ان کے زخموں پر پھر سے مرہم لگ رہا تھا۔

"میں نے دو یسرا پر غور اس لیے بھی کیا۔ کیونکہ آپ نے مجھے سورہ الطلاق کا حوالہ دیا تھا۔ عسر یسرا ایک جگہ "مع" اور دوسری جگہ پر "بعد" کے ساتھ ہے۔ ایک عسر ایسا ہے جس کا یسرا اس کے ساتھ ہی ہوتا ہے، جڑا ہوا۔ اور دوسرا یسرا عسر کی گھاٹی سے گزرنے کے بعد عطا کر دیا جاتا ہے۔"

خالی کینوس پر کئی منظر ابھرنے لگے تھے۔ ان کی نگاہیں اس کے چہرے پر جمی رہ گئی تھیں۔

"اور بے شک تمام علم اللہ کا ہی ہے۔ اللہ ہی ہے جو بہتر جانتا ہے۔"

اپنی بات ختم کر کے اب وہ اصلاح کے لیے منتظر سی انہیں دیکھنے لگی تھی۔ اپنا نقطۂ نظر اس نے واضح کر دیا، اپنی تحقیق و محنت دکھا دی تھی۔

"ماشاءاللہ!" ان کی آنکھیں نم تھیں۔ محبت سے اس کی محنت اور لگن کو سراہا۔ دعا بھی دی۔

پھر انہوں نے صفحات اٹھا لیے۔ پلٹ کر دیکھنے لگی تھیں۔ پڑھنے لگی تھیں۔ اس نے لائنر پین سے کئی نشان لگا رکھے تھے۔ کئی لفظوں کے ان گنت معانی کی لسٹ بنا رکھی تھی۔ صرف عسر یسرا کو سمجھنے کے لیے اسے قرآن کی ان تمام آیات کو ڈھونڈنا پڑا تھا جن میں یہ لفظ استعمال ہوئے تھے۔ اسے آیات کی بنت کو دیکھنا پڑا تھا۔ نکرہ اور معرفہ کی پہچان دینی پڑی تھی۔ سیاق و سباق پر غور کرنا پڑا تھا۔ کئی جگہوں پر عسر

الف کے ساتھ ''عسرا'' استعمال ہوا تھا اور کئی جگہوں پر یسرا صرف یسر......

''کیا تلاش کا یہ سفر یہیں ختم ہوا؟''

''نہیں......'' جنان نے اس کے بالوں میں ہاتھ الجھا لیا تھا۔ چھڑاتے ہوئے انہیں دیکھا۔ ''ختم نہیں ہوا۔ ابھی اس پر مزید ریسرچ کروں گی۔ میں اپنی زندگی کے واقعات حالات کے تناظر میں اسے مزید دیکھنے اور سمجھنے کی کوشش کروں گی۔'' رک کر مسکرائی۔ ''اور میں تو اب یہ بھی سوچ رہی ہوں سورۃ انشراح کا آغاز، ایک سوال سے ہی کیوں کیا گیا۔''

جمیلہ داؤد مسکرا کر رہ گئیں۔

''اب میں اس کا جواب ڈھونڈوں گی۔''

''مما!'' ریان بھاگا ہوا اس کے پاس آیا تھا۔

جمیلہ داؤد کی نگاہیں خالی کینوس پر ٹھہر گئی تھیں۔

ذہن میں اب ایک نیا منظر تھا۔ ایک نیا مفہوم لیے ہوئے۔ نئے رنگوں میں گھرا ہوا۔ نئی امیدوں سے سجا ہوا۔

''بے شک! ہر مشکل کے ساتھ عظیم آسانی ہے۔''

انہوں نے برش اٹھالیا۔

بیرونی دروازے کھل گئے تھے۔ فارس کی گاڑی اندر داخل ہو رہی تھی۔ اپنی گیند کو چھوڑ چھاڑ ریان اور زین اپنے پاپا کی طرف بھاگے تھے۔ جنان کو سینے سے لگائے جنت بھی اپنی جگہ سے اٹھ گئی تھی۔

انہوں نے اپنے بیٹے کو دیکھا جس کے لبوں پر زندگی سے بھرپور مسکراہٹ تھی۔ سفید مخملیں لباس میں ملبوس جنت کمال ہنستے ہوئے کچھ کہہ رہی تھی۔

فارس نے جنان کو اٹھالیا تھا جو باپ کو دیکھتے ہی جنت کی گرفت سے نکلنے کی کوشش کر رہی تھی۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Dunya

''پاپا!'' وہ پیاری سی آواز ریان شیرازی کی تھی۔اس کے سیاہ بال پیشانی پر بکھرے جا رہے تھے۔وہ ایک ہی لمحے میں اپنے پاپا کو صبح سے اب تک کی تمام باتیں بتا دینا چاہتا تھا۔اس کا چہرہ کھلا ہوا تھا۔اس کی آنکھیں روشن ہو رہی تھیں۔

انہوں نے نم آنکھوں سے زندگی سے بھرپور اس منظر کو دیکھا۔ان کڑی آزمائشوں کو سوچا، مشکلات سے گھرے وقتوں کو کھوجا۔ وہ آنسوؤں سے بھرے لمحے، وہ دعاؤں سے گھرے ہوئے سجدے......اور تڑپ لیے ہوئے ندائیں......

''اور یسرا تو ایسے ہے جیسے ایک تنگ و تاریک سرنگ کے آخر پر پھیلا ہوا وسیع سبزہ زار۔'' سورج آسمان پر تھا اور کرنیں زمین پر......''

''یسرا ایسے ہے جیسے ایک چھوٹے سے سوتے سے پھوٹتا پانی کا چشمہ۔''

انہوں نے کلر پیلٹ ہاتھ میں لیے، برش اٹھا لیا۔

عسر مرض ہے تو یسرا ایک عظیم شفا!

عسر زخم ہے تو یسرا ایک عظیم مرہم۔

عسر صبر ہے تو یسرا ایک عظیم اجر۔

عسر آنسو ہے تو یسرا عظیم فرح۔

عسر محرومی ہے تو یسرا اللہ کی عظیم عطا!

سفید کینوس پر رنگ بکھرنے لگے تھے۔ایک نیا منظر تخلیق کے مراحل سے گزرنے لگا تھا۔

وہ ''آغاز'' تھا جسے وہ دیکھ رہی تھی۔وہ ابتداء تھی جسے وہ سن رہی تھی۔

نام اللہ کا تھا۔

صرف اس کا ہی تھا۔

https://novelskidunya.com/ Novels Ki Duniya

وہی مجیب......وہی خالق......وہی رازق اور وہی مالک ہے۔
جس نے احاطہ کر رکھا اپنی مخلوق کا۔ان کی دعاؤں اور اعمال کا۔ان کے یقین اور ایمان کا۔
"بے شک ہر مشکل کے ساتھ عظیم آسانی ہے۔"
ہوائیں تیز چلنے لگی تھیں۔آسمان پر بادل پھیل رہے تھے۔دھرتی پر املتاس کے درختوں سے
سنہری بارش ہونے لگی تھی۔
صفحے پلٹ دیے گئے تھے۔اور قلم اٹھالیا گیا تھا۔ایک نئی حکایت کے لیے جو وقت کے کسی اور
دائرے پر ابھرنے والی تھی۔

❋ ❋

ختم شد

https://novelskidunya.com/
ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya

گل ارباب کا بہت خوبصورت نیا ناول
عشق جاودانی
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جارہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

سحر ساجد کا بہت خوبصورت نیا ناول
میرا بخت
ہر ماہ باقاعدگی سے کتاب گھر پر پیش کیا جارہا ہے
نئی اقساط پڑھنے کیلئے وزٹ کریں
kitaabghar.com

اَلسَلامُ عَلَیکُم وَرَحمَةُ اَللّٰہِ وَبَرَکاتُہُ

ہماری ویب سائیٹ پر ناول پبلش کروانے کے لیے ہمیں انسٹا یا ای میل کریں۔۔

https://novelskidunya.com/

Instagram Id : Novelskiduniya77

user name: NKD ZT

Email Id: Novelskiduniya77@gmail.com

ناولز کی دنیا
Novels Ki Duniya